الجمعیۃ

Al-Jamiat

01 Jan 1935
To
28 Dec 1935

عرضِ مرتّب

راقم مشہود مفتی کا تعلق مفتی محمد نعیم لدھیانوی رحمۃ اللہ علیہ کے خانوادے سے ہے۔ راقم کے دادا مولانا مفتی محمد نعیم لدھیانویؒ قدیم نامور علمائے لدھیانہ کے خاندان کے فرد تھے۔ آپ کے والد مولانا عبداللہ لدھیانویؒ نے قادیانیوں کے خلاف کفر کا اولین فتویٰ دیا تھا، آپ کے دادا مولانا عبدالقادر لدھیانویؒ اور تایا مولانا سیف الرحمٰن لدھیانویؒ 1857ء کی جنگِ آزادی میں فتویٰ دینے والے 34 علماء میں سرِفہرست تھے۔ یہ فتویٰ آزادی "صادق" اخبار 1857ء میں شائع ہوچکا ہے۔

مولانا مفتی محمد نعیم لدھیانویؒ تقسیم ہند سے پہلے جمعیت علمائے ہند کے نائب صدر اور ناظم بھی رہے۔ آپ ہندوستان میں متحدہ پنجاب کے مفتی اعظم بھی تھے۔ آپ شیخ الہند مولانا محمود حسن رحمۃ اللہ علیہ کے شاگرد اور جمعیت علمائے ہند کے سابق نائب صدر تھے۔

راقم کو اپنے دادا مرحوم سے متعلق تاریخی ریکارڈ درکار تھا، اسی سلسلہ میں "الجمعیۃ" کے پرانے شمارے تلاش کیے لیکن ہندوستان میں وہ شمارے نہ مل سکے۔ تحقیق سے معلوم ہوا کہ مفتی اعظم ہندوستان مفتی کفایت اللہ دہلویؒ کے صاحبزادے مولانا مفتی حفیظ الرحمٰن دہلویؒ نے انتہائی محنت سے "الجمعیۃ" کے تمام اخبار اس نیت سے اکٹھے کیے تھے کہ وہ اپنے والد مفتی کفایت اللہ دہلویؒ کے فتاویٰ کو مرتب کرسکیں۔ چنانچہ انہوں نے اپنی زندگی میں وہ فتاویٰ مرتب بھی کیے جو "کفایت المفتی" کے نام سے شائع ہوچکے ہیں۔ اپنے کام کی تکمیل کے بعد انہوں نے "الجمعیۃ" اخبار کو جمعیۃ علمائے ہند کے دفتر اور دہلی ہندوستان کے ایک اسلامی ادارہ میں محفوظ کرنے کے لیے بھیج دیا۔
جمعیت علمائے ہند کے موجودہ صدر مولانا سید ارشد مدنی صاحب انگلینڈ تشریف لائے تو ان سے ملاقات کے دوران یہ افسوس ناک انکشاف ہوا کہ ان کے پاس موجود "الجمعیۃ" کے اخبارات کو دیمک لگ گئی ہے۔ اس انتہاء درجہ کی لاپرواہی سے الجمعیۃ کے اس اہم ترین ریکارڈ کے ضائع ہونے پر انتہائی افسوس ہوا۔

دوسرا ریکارڈ جو دہلی کے کسی اسلامی ادارے میں موجود تھا اس کے حصول کے لیے اس ادارے سے رابطے کی کوشش کی گئی لیکن کوشش کے باوجود رابطہ نہ ہوسکا۔

اس تمہید کا ایک مقصد مولانا مفتی حفیظ الرحمٰن دہلویؒ (صاحبزادہ مفتی اعظم ہندوستان مفتی کفایت اللہ دہلویؒ صدر جمعیت علمائے ہند) کی کتاب "جمعیت علمائے ہند پر تاریخی تبصرہ" کے مطالعہ کی تاکید کرنا بھی ہے جس میں انہوں نے اپنے دور میں جمعیت علمائے ہند کی زبوں حالی کی طرف توجہ دلائی ہے۔ تاریخی حوالہ کے طور پر درج کر

رہا ہوں کہ آج جمعیت علماء ہند دو حصوں میں تقسیم ہوگئی ہے، ایک کے صدر مولانا سید حسین احمد مدنی کے بیٹے مولانا سید ارشد مدنی ہیں اور دوسرے حصہ کے صدر شیخ الاسلام مولانا سید حسین احمد مدنی کے پوتے مولانا محمود مدنی ہیں۔ مولانا مفتی حفیظ الرحمٰن واصف دہلویؒ نے اپنی اس کتاب میں اس اہم بات کی طرف توجہ دلائی ہے کہ دینی جماعتوں میں موروثیت ان جماعتوں کے دینی مقاصد کے لیے انتہائی نقصان دہ ہے۔

اسی اثنا میں کیمبرج یونیورسٹی برطانیہ کی لائبریری کے شعبہ Centre of South Asian Studies کے Archivist جناب پروفیسر ڈاکٹر Kevin Greenbank سے رابطہ ہوا جو Wolfson یونیورسٹی کے وائس پریذیڈنٹ بھی ہیں۔ ان سے معلوم ہوا کہ ''الجمعیۃ'' کے کچھ سالوں کا ریکارڈ یہاں دستیاب ہے جو نہرو یونیورسٹی انڈیا سے یہاں لایا گیا تھا۔ یہ ریکارڈ پرانی Reels میں موجود تھا جس سے لائبریری میں موجود خصوصی ڈیوائس کے ذریعے ہی استفادہ کیا جاسکتا تھا۔ چونکہ میں اپنی علالت کے باعث لائبریری جانے سے قاصر تھا اس لیے میں نے ان سے ان فائلوں کا عکس فراہم کرنے کی درخواست کی جو انہوں نے خندہ پیشانی سے قبول کرلی اور اپنی بیٹی کی ذمہ داری لگائی کہ وہ ان Reels کی فائلوں کو یکجا کرکے مرتب کریں۔ چنانچہ ان کے تعاون سے مئی 1926ء سے اپریل 1950ء تک کا ڈیٹا حاصل ہوسکا جن میں چند درمیانی سالوں/مہینوں کا ریکارڈ موجود نہیں ہے۔ اگرچہ یہ مکمل ریکارڈ نہیں ہے لیکن نہایت مفید اور مستند تاریخی ریکارڈ ہے۔

مجھے اس میں سے جو تاریخی معلومات درکار تھیں وہ تو میں اپنی کتاب ''مولانا مفتی محمد نعیم لدھیانویؒ اور اکابرین جمعیت علمائے ہند'' میں جمع کرچکا ہوں لیکن چونکہ یہ ایک تاریخی دستاویز ہے جس سے بہت سی چیزوں کے متعلق درست ریکارڈ حاصل کیا جاسکتا ہے اس لیے مناسب معلوم ہوا کہ سال کی ترتیب سے ان Reels کو مرتب کرکے شائع کردیا جائے تاکہ ہر شخص ان سے استفادہ کرسکے۔ اس کی ترتیب اور انٹرنیٹ پر محفوظ کرنے میں محترم جناب مولوی عبید الرحمٰن صاحب فاضل جامعہ دار العلوم کراچی نے تعاون کیا ہے۔ اللہ تعالیٰ انہیں جزائے خیر عطا فرمائے۔

قارئین کرام سے درخواست ہے کہ راقم کے لیے اور راقم کے والدین، تمام اعزہ واقرباء بالخصوص راقم کے اکابرین علمائے لدھیانہ کے لیے دعائے مغفرت فرمادیں۔ جزاکم اللہ خیرا

مشہود مفتی

ابن نعیم بن مولانا محمد نعیم لدھیانویؒ

مطلوبہ صفحہ پر پہنچنے کے لیے کلک کریں

جنوری 1935	فروری 1935
مارچ 1935	اپریل 1935
مئی 1935	جون 1935
جولائی 1935	اگست 1935
ستمبر 1935	اکتوبر 1935
نومبر 1935	دسمبر 1935

ید اللہ علی الجماعۃ

رجسٹرڈ نمبر ایل ۱۶۹۳

تار کا پتہ الجمعیۃ دہلی
ٹیلیفون نمبر ۲۳

سہ روزہ الجمعیۃ دہلی

مدیر مسئول ہلال احمد زبیری (بی اے) — معاون محمد عثمان فارقلیط

جلد ۲۱ — دہلی یوم سہ شنبہ ۲۴ رمضان المبارک ۱۳۵۳ ہجری مطابق یکم جنوری ۱۹۳۵ء — نمبر ۱

قطب شمالی سے قطب جنوبی تک زندگی کی ایک لہر

تنظیم ملت اور انقلاب جہالت کا خدائی پروگرام

عیدین کے مقابلہ میں دنیاوی کانفرنسیں ہیچ ہیں

[illegible]

معاصرین کے افکار و آراء

کانگریس کا ہوّا

[illegible]

اخوت اسلامی کو بھلانے کا نتیجہ

[illegible]

بے سود کوشش

[illegible]

مسلم کانفرنس کا مسلک

[illegible]

پادری کی لڑکی کا قبول اسلام

[illegible]

منیجر الجمعیۃ دہلی

اسلامیات

اسلامی تاریخ کے جواہر پارے

اندلس پر عیسائی بادشاہ افونش کا حملہ

یوسف بن تاشفین سے امراء عرب کی درخواست

افریقہ کا ایک مرد خدا جس سے عیسائی لرزہ براندام رہتے تھے

اب ہم اپنی عنان قلم کو طلیطلہ کی طرف موڑتے ہیں جس وقت عیسائی بادشاہ افونش نے اندلس جیسے زرخیز خطہ میں موجود پایا تو اس کی کوتاہ اندیش عقل نے سارے خطہ اندلس پر حکومت کرنے کی ہوس پیدا کی اور اس کو یہ خواب دکھائی دینے لگا کہ وہ تمام اندلس کا حکمران ہے اور جملہ مسلمان مریم پرست بن گئے ہیں۔ اس نیت اور ارادہ سے اس نے ابن افطس بادشاہ بطلیوس اور المعتمد بن عباد بادشاہ اشبیلیہ کی ...

الملک عقیم والسیفان لا یجتمعان فی غمد واحد
ملک بغیر وارث کے اور دو تلواریں ایک کاٹھی میں نہیں سما سکتیں۔
سؤروں کی نگہبانی سے ...

جب المعتمد کو اس افواہ کا علم ہوا تو وہ درحقیقت یوسف بن تاشفین کو افریقہ سے بلانے پر آمادہ ہو گیا اور اعتراض کرنے والوں کو یہ کہہ دیا کہ سؤروں کے گلہ کی نگہبانی سے اونٹوں کی پاسبانی بہتر ہے۔ اس جواب میں کنایہ یہ تھا کہ افونش کا قیدی بن کر سؤروں کی پاسبانی سے یوسف بن تاشفین کا قیدی بن کر افریقہ کے اونٹوں کی نگہبانی میرے لئے بہتر ہے!

المعتمد نے یہ بھی کہا کہ اگر میں کسی مسلمان کو اپنا معاون و مددگار قرار دونگا تو خدائے تعالیٰ بھی خوش ہو گا لیکن اگر میں نے کسی عیسائی کی اطاعت ...

جواب نے امراء عرب کو بڑی حد تک مطمئن کر دیا۔

افریقہ کا مرد خدا

اس کے بعد المعتمد نے یوسف بن تاشفین کے پاس بھیجنے کے لئے چند سفراء مقرر کئے جن میں قرطبہ کے قاضی القضاۃ بھی تھے۔ اس فیصلہ کو سن کر رعایا نے خوشیاں منائیں اور ان کو ایک گونہ اطمینان نصیب ہوا۔ عام مسلمان یہی کہتے تھے کہ اگر یوسف نے افریقہ سے آکر افونش کو شکست دے کر ہمارے ملک پر قبضہ بھی کر لیا تو کوئی حرج نہیں کیونکہ بہر حال وہ بھی ایک اسلامی حکومت ہوگی اور عیسائیوں کی حکومت سے بدرجہا بہتر اور باعث برکت!

اس زمانہ میں یوسف ابن تاشفین افریقہ میں اپنی حدود سلطنت وسیع کر رہا تھا اور اس نے حال ہی میں دو مشہور شہر مراکش اور تلمسان الجدید کی بنا ڈالی تھی۔ یوسف کی فتوحات اور شجاعت و بسالت کا سکہ قرب و جوار اور دور دراز کے بادشاہوں کے دلوں پر بیٹھا ہوا تھا۔ اندلس کے مسلمانوں سے زیادہ عیسائی حکومتیں اس کے نام سے لرزتی تھیں اور ان کا یقین تھا کہ یوسف کا مقابلہ کرنے کی کسی عیسائی بادشاہ کو ہمت نہیں ہے ...

یوسف کا جواب

یوسف بن تاشفین نہایت زیرک اور دانشمند تھا اس نے خط کا مضمون سن کر اپنے معتمد سے رائے طلب کی معتمد نے کہا:۔

”اے بادشاہ آپ کی عظمت اور بزرگی اس چیز سے ہے ...

عربی اور فرانسیسی ڈاک

مشرق و مغرب کی تازہ خبریں

یمن کے اخبار کا بروقت انتباہ

حجاز اور یمن میں کامل دوستی ہے

معلوم ہوتا ہے کہ بعض اجنبیت اور شریر افراد حکومت یمن اور حکومت حجاز کی دائمی صلح سے بے حد پریشان ہیں اس لئے وہ پھر از سر نو ایسی خبریں اڑانے میں لگ گئے ہیں جو قطعاً بے بنیاد اور سراپا دروغ ہیں۔ یمن کے دار الحکومت کا سرکاری اخبار "ایمان" ان خبروں کے متعلق لکھتا ہے کہ "بعض خبیث الطبیعت اور شریر لوگوں کی طرف سے اس قسم کی خبریں شائع ہوتی رہتی ہیں ...

اس اطلاع کو نقل کرنے کے بعد حجاز کا اخبار "ام القریٰ" اپنی اشاعت مورخہ ۱۶ رمضان میں لکھتا ہے کہ اجنبی سلطنتوں کو ہمارا یہ اتحاد ایک آنکھ نہیں بھاتا ان خبروں کے پھیلانے والے یا تو اجنبی لوگ ہیں جن کے قلوب بغض و دشمنی سے لبریز ہیں یا دشمنان ملت ہیں جو دل سے اسلام اور مسلمانوں کے بدخواہ ہیں۔

زور آباد ایران کا قضیہ نامرضیہ

حکومتین کے وزراء معاملہ کی تحقیقات کرینگے

رائٹر نے جو یہ اطلاع دی تھی کہ سرحد ایران "زور آباد" کے قبائل ہجرت کر گئے ہیں اور افغانیوں نے بہت سے گاؤں کو لوٹ لیا ہے اس کے متعلق جریدۂ "اصلاح" کابل رقمطراز ہے کہ دولت ایران نے اپنے سفیر مقیم کابل کی معرفت قبائل زور آباد کے سلسلہ میں وزارت خارجہ کابل سے احتجاج کیا ہے، قبائل زور آباد کا مسئلہ وہی ہے جس کے متعلق رائٹر نے خبر شائع کی ہے اور ہم نے اس کی تردید "اصلاح" نمبر ۱۰۵ میں کر دی تھی۔

معلوم ہوا ہے کہ کابل کی وزارت خارجہ نے رائٹر کی خبر شائع ہونے سے پہلے ہی ان کو جواب دیا تھا۔ اس ضمن میں تحقیقات کیلئے آقائے محمد یونس خان کو مقرر کیا گیا تھا اور اس کی اطلاع بھی ایران کو دیدی گئی تھی ...

اب جبکہ دونوں حکومتین کے وزرائے امور خارجہ اس معاملہ کی تحقیقات خود فرمائینگے تو دنیا کو بہت جلد زور آباد کے قضیہ کی حقیقت معلوم ہو جائے گی۔

ہر بچہ فوجی سپاہی ہو گا

۸ سال کی عمر میں فوجی لباس

اطالوی بچوں کے لئے مستقبل میں فوجی بھرتی کا کوئی سوال باقی نہیں رہا ... جدید اطالوی اسکیم کے ماتحت ہر وہ بچہ گھٹنوں کے بل کھڑا ہو سکے فوجی سپاہی تصور کیا جائے گا۔ اٹلی کا ہر بچہ جو لڑکا ہو حکومت کی طرف سے ۸ سال کی عمر میں ایک خاص فوجی وردی حاصل کرے گا اور اس عمر سے اس کا نام فوجی رجسٹر میں چڑھا دیا جائے گا ...

سگنور مسولینی کی اسکیم کے مطابق کسی شخص کو شہری حقوق حاصل نہ ہونگے تاوقتیکہ وہ فوجی اداروں میں اپنا نام درج نہ کرا دے ... اٹلی ایک کروڑ سپاہی فوری جنگ کے لئے میدان میں اتار سکے گا۔

کاشتکاروں کے لئے احکام عشرہ

جرمنی حکومت کی جدت

حکومت جرمنی نے کاشتکاروں کی تنظیم اور غلہ کی پیداوار کیلئے احکام عشرہ (دس احکام) شائع کئے ہیں جن میں سے چند یہ ہیں:۔

(۱) اچھا زمین میں خوب محنت اور کام کرو، جرمنی میں زمین کی کمی ہے اس لئے زمین کو بیکار نہیں چھوڑنا چاہئے۔
(۲) ہمیشہ بہتر تخم استعمال کرو۔
(۳) زمین کو ترقی دو، بیکار اور افتادہ زمین کو کار آمد بناؤ۔
(۴) اتنے جانور پاس رکھو جن کو آسانی سے خوراک دے سکو اور تم کو تکلیف نہ ہو۔
(۵) اچھے جانور رکھو تاکہ وہ اچھا کام کر سکیں، بیکار اور لاغر جانوروں کو پاس رکھ کر چارہ کو خراب نہ کرو۔
(۶) بھیڑوں کو حفاظت سے رکھو، وغیرہ۔

کرسمس کا تہوار اصنام پرستوں کی یادگار ہے

ایک یوروپین اہل قلم کا اعتراف حق

اخبار "اسٹیٹسمین" مورخہ ۲۲ دسمبر ۱۹۳۴ء میں الفریڈ بیرا کر کے قلم سے کرسمس کے تہوار پر ایک طویل مضمون شائع ہوا ہے جس میں اس تہوار کو اصنام پرستوں کا تہوار بتایا گیا ہے۔

الفریڈ بیرا کر لکھتے ہیں کہ اگرچہ ۲۵ دسمبر کو حضرت مسیح کا یوم پیدائش سمجھا جاتا ہے اور اسی تاریخ میں عالمگیر تہوار منایا جاتا ہے۔ لیکن ۲۵ دسمبر حضرت مسیح کا پیدائش کا دن نہیں ہے ... چوتھی صدی عیسوی میں عیسائیوں نے فیصلہ کیا تھا کہ ۲۵ دسمبر کو حضرت مسیح کا یوم پیدائش مقرر کیا جائے۔

۲۵ دسمبر کو اصنام پرست تہوار منایا کرتے تھے جن کی نقل عیسائیوں نے شروع ... پرستوں کا تہوار بھی ۲۵ دسمبر ہی کو منعقد ہوتا تھا۔ فورس قوم کے لوگ یول کا تہوار بھی اسی تاریخ کو مناتے تھے۔

(باقی)

ہمالیہ پہاڑ جہاں سونے چاندی اور لوہے کی کانیں ہیں وہاں ان کا ست لیکر عنایت پرزدگار سے یہ سلاجیت پیدا ہوتا ہے۔ ہم اپنے دشوار گزار مقامات سے عرصہ چوالیس سال سے منگا کر طبی ویدک طریقہ سے صاف کرتے ہیں جو کہ ہر موسم میں استعمال کیا جا سکتا ہے اور جسکے ہزار ہا سرٹیفکٹ ہمارے پاس موجود ہیں۔

طاقت وقوت بڑھانے اور قوت مردمی کا بے تحاشا اضافہ کرنیوالی تمام اقسام کے جریان و سلسل البول کو دور کرنے والی سیّ ... علماء و حکماء کا تعریف کردہ

اکسیر اعظم

اصلی سلاجیت اصلی

... پانچ تولہ کی قیمت سوا دو روپے ... دس تولہ کی قیمت سوا چار روپے ... محصول ڈاک

پتہ:۔ مالک فرم ہمالیہ ڈپو۔ ہردوار ضلع سہارنپور

HIMALAYA DEPO HARDOWAR (SAHARANPUR)

تصدیق ...

سرمہ نور افزا

اگر آنکھوں کی صحت تو انائی دوسرے ہوتا ہیں تو کوئی سرمہ اپنے ... انتخاب کر کے استعمال کیجئے ...

... دہلی

انتقادات

بلاغ مبین

مصنفہ مولانا ابو القاسم حافظ الرحمٰن صاحب سیوہاروی سابق پروفیسر جامعہ اسلامیہ ڈابھیل، تقطیع ۲۰x۲۲ صفحات ... مع فہرست مضامین ۲۹۲ کاغذ چکنا سفید، کتابت و طباعت نفیس، قیمت ...

یہ کتاب ان فرامین اور مکاتیب عالیہ کا مجموعہ ہے جو حضور صلے اللہ علیہ وسلم نے تبلیغ اسلام، قیام امن اور بعض دیگر اغراض سے مختلف بادشاہوں کے نام لکھے اور ان پر دعوت الی الحق کا تاج پہنایا ... سیرۃ نبوی کے موضوع میں ...

"بلاغ مبین" تین حصوں پر مشتمل ہے۔ پہلے حصہ کا نام "اصول تبلیغ" ہے اس میں آپ نے قرآن کریم کی روشنی میں دین حق کی اشاعت کے طریقے بیان فرمائے ہیں ...

کتاب کا دوسرا حصہ "فرامین سید المرسلین" کے نام سے موسوم ہے ...

تیسرے حصہ کا نام "نتائج و عبر" ہے ...

اردو زبان سیاسی و تمدنی اتحاد کی بنیاد ہے

سر تیج بہادر سپرو کے تازہ خیالات

رائٹ آنریبل ڈاکٹر سر تیج بہادر سپرو نے حال ہی میں پنجاب یونیورسٹی ... کے ایک جلسہ میں تقریر کی۔ ... صدارت کی ...

ڈاکٹر سر تیج بہادر سپرو نے اپنی فاضلانہ تقریر میں بیان کیا کہ ...

بعض اوقات ہندوستانیوں کے باہمی اختلافات کے خیال سے ہمارے دل اس قدر افسردہ ہوتے ہیں کہ مایوسی کی تاریکی ہمیں گھیر لیتی ہے، اور ہم اپنے وطن کی تقدیر سے مایوس سے ہو جاتے ہیں مگر جب اقبال کے پیغام حیات پر ہم غور کرتے ہیں تو ہمارے دل امیدوں سے زندہ اور شگفتہ ہو جاتے ہیں۔ اور ہم پکار اٹھتے ہیں کہ جو ملک اقبال ایسا یگانۂ عصر حکیم اور شہرہ آفاق شاعر پیدا کر سکتا ہے اُس کا مستقبل ہرگز تاریک نہیں ہو سکتا۔

اقبال کے بعض سیاسی خیالات سے اختلاف کیا جا سکتا ہے مگر اس کے علم و فضل اور فکر و فلسفہ کے اعلیٰ مرتبہ سے انکار نا ممکن ہے۔

اقبال ہندوستان کیلئے سرمایہ فخر و ناز ہے اُس نے ہماری شاعری و لٹریچر کو ایک نئی زندگی اور توانائی بخشی ہے اور ہمیں خودشناسی اور خودداری کا وہ سبق دیا ہے جو ہمیں ایک زندہ ... اور خود مختار قوم بنانے کیلئے کافی ہے۔

سرحدی خان عبد الغفار خان کی گرفتاری پر جلسہ

حکومت کے رویہ پر اظہار افسوس

پشاور مورخہ ۲۲ دسمبر بروز جمعہ بعد از نماز جمعہ جمعیۃ العلماء صوبہ سرحد کا ایک عام اجلاس زیر صدارت جناب مولانا مولوی عبد القیوم صاحب منعقد ہوا۔ ... خان عبد الغفار خاں کی گرفتاری کے متعلق ... نے تقریر فرمائی ... عبد الغفار خاں کی سابقہ قربانیوں پر روشنی ڈالی ...

جمعیۃ العلماء صوبہ سرحد کا یہ عام اجلاس فخر سرحد خان عبد الغفار خاں کی گرفتاری پر نہایت افسوس کرتا ہے ...

استانبول کی مساجد میں حج کی تلقین

ایک ترکی اخبار سے معلوم ہوتا ہے کہ ... استانبول کی ... مسائل اور فضائل بیان کئے ...

دنیا کی ایک مضحکہ خیز درسگاہ!

بچوں کو ہنسنے کی تعلیم دی جاتی ہے

... میں ایک اسکول ہے جس میں بچوں کو ہنسنا سکھایا جاتا ہے! ایک استاد باقاعدہ تعلیم سے پہلے سب لڑکوں کے سامنے بیٹھ جاتا ہے اور پھر ہنسنا شروع کرتا ہے ...

آل انڈیا ایجوکیشنل کانفرنس کا اجلاس

ڈاکٹر ذاکر حسین صاحب کا خطبۂ صدارت

موجودہ نظام تعلیم پر بصیرت افروز تبصرہ

دہلی ۲۶ دسمبر آج آل انڈیا ایجوکیشنل کانفرنس کا اجلاس ...

ڈاکٹر صاحب نے حاضرین کو خطاب کر کے فرمایا:۔

دہلی مرحوم کا ذکر

... کیا آپ یہاں اپنے گرد و پیش لوگوں کو ایک ایسی زبان بولتے ہوئے سنتے ہیں ...

ایک ہزار کالجوں والی دہلی

مندرجہ ذیل آپ مفت حاصل کر سکتے ہیں

رسالہ امراض مخصوص مردان ...
لیکچر ہندوستانیوں کی جسمانی کمزوری ...
رسالہ ملیریا خورد ...
رسالہ امرت ...
فہرست ادویات ...
قواعد علاج ...
سو رسالہ عجیب کیلنڈر مفت!
... امرت دھارا ... لاہور

سچا ہمدم و رہبر بے دام

پاک صاف خیالات پیدا کر کے جسمانی و روحانی صحت حاصل کرنے کیلئے دنیا میں سچی خوشی و عیش اب کرنے کیلئے آپ آج ہی ایک کارڈ تحریر کر کے کتاب کام شاستر بالکل مفت منگالیں۔

ویدشاستری جام نگر، کاٹھیاواڑ

ہمارے ایجنٹ:۔ میسرز نہاری لال کماسی رام کھاری باؤلی اسٹریٹ، دہلی

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم

الجمعیۃ دہلی

یوم سہ شنبہ ۲۴ رمضان المبارک ۱۳۵۳ھ ہجری

"اتحاد" کا اعلان جنگ"

جمعیۃ علماء، مسلم کانفرنس، اور امارت شرعیہ

(۲)

جمعیۃ علمائے ہند اور مسلم کانفرنس و مسلم لیگ کے متعلق اتحاد کے مقالہ نگار نے اپنے ذیل الذیل مقالہ افتتاحیہ میں جو کچھ لکھا ہے اس پر ان کالموں میں بحث کی جا چکی ہے لیکن یہ سب کچھ اس مضمون کی تمہید تھی جو آگے آرہا ہے۔ مولانا شفیع داؤدی کے اخبار کا اصل منشا و مقصد اس مضمون سے امارت شرعیہ صوبہ بہار کے خلاف "اعلان جنگ" ہے جیسا کہ اس نے مضمون کے اختتام پر صاف و صریح الفاظ میں کہہ بھی...

و برقرار رکھنے کی غرض سے امارت شرعیہ کے قیام و نظام کا سوال یوں تو ایک عرصہ سے صحیح الخیال علماء و مفکرین امت کے پیش نظر تھا مگر ۱۹۱۹ء کی ہنگامہ خیز تحریکات کے دوران میں جبکہ ہندوستان کے اندر مسلمانوں میں عام بیداری پیدا ہوگئی تھی اس خیال کو گرد و پیش کے حالات نے کافی تقویت پہنچائی اور امارت شرعیہ کے قیام پر عملی حیثیت سے بحث ہونے لگی۔ لیکن جیسے ہی کہ اس زمانہ کی ہنگامہ خیز...

(باقی آئندہ)

ہندوستان کا تعلیمی تنزل

ڈاکٹر ذاکر حسین صاحب پرنسپل جامعہ ملیہ نے آل انڈیا ایجوکیشنل کانفرنس کی مجلس استقبالیہ کے صدر کی حیثیت سے جو خطبہ صدارت مندوبین کانفرنس کے سامنے پڑھ کر سنایا وہ موصوف کی اعلیٰ قابلیت، تاریخی معلومات، اور ہندوستان کے تعلیمی مسئلہ کو صحیح روشنی میں سمجھنے اور پیش کرنے کی غیر معمولی صلاحیت کا ایک قابل قدر مظاہرہ تھا۔ جو حضرات کسی سیاسی تحریک میں طلباء کے حصہ لینے یا وقتی ہنگامی اثرات سے متاثر ہو کر اپنے روزانہ کے اسباق سے توجہ ہٹا لینے ہی کو سیاست سمجھتے ہیں اور اس بنا پر یہ کہتے رہتے ہیں کہ تعلیم کو سیاست سے الگ رکھنا چاہئے ان کے لئے ڈاکٹر صاحب کا خطبہ صدارت ایک موثر جواب ہے۔

جیسا کہ ڈاکٹر صاحب نے اپنے خطبہ صدارت میں فرمایا ہے حقیقت یہ ہے کہ ہندوستان کی موجودہ تعلیمی تنظیم میں سیاست کو سب سے زیادہ دخل ہے۔ وہ لوگ دے رہے ہیں جن پر اس نظام کو چلانے کی ذمہ داری عائد ہوتی ہے۔ ہماری موجودہ تعلیم جو اسکولوں اور کالجوں میں دی جاتی ہے انتہائی تنگ نظری و خود غرضی پر مبنی ہے اور اس نے ہمارے نوجوانوں کی تمام ذہنی و عملی قوتوں کو سلب کر کے انہیں صرف اس قابل بنانے کا بیڑا اٹھا لیا ہے کہ وہ ایک اجنبی نظام حکومت کو چلانے کے لئے کل پرزوں کا کام انجام دے سکیں اور ایک اجنبی قوم کی تمدنی و معاشرتی خصوصیات کو قبول کر کے اس کوے کی مثال پیش کر دیں جو ہنس کی چال سیکھنے کی کوشش میں اپنی چال بھی بھول گیا تھا۔

ہندوستان میں موجودہ دور سے قبل جب ہندوستانیوں ہی کی حکومت...

اور اس میں ملک کی حکومت اور دولتمند طبقہ کی مالی امداد و اعانت کے علاوہ معلمین کا ذاتی خلوص و ایثار بھی بہت کچھ دخیل ہوتا تھا۔

آج لوگوں نے جو گذشتہ عمارت کو منہدم کر کے جدید عمارت تعمیر کرانے کے ذمہ دار ہیں اس نظام تعلیمی کو نہ صرف درہم برہم کر دیا ہے بلکہ اس کی جگہ ایک ایسے نظام کو رواج دے رہے ہیں جس نے تعلیم کو محدود اور تنگ کر دیا ہے پرانے مدرسے جو تمام دیہات و قصبات میں قائم تھے اور جنہوں نے ابتدائی تعلیم اور حرف شناسی کو بالکل عام کر دیا تھا اور جن کی بدولت ہر جگہ پڑھے لکھے آدمیوں کی کافی تعداد موجود ہوتی تھی نا ہو چکے ہیں۔ اور ان کی جگہ شہروں اور قصبوں میں جو اسکول اور کالج قائم ہوئے ہیں۔ انہوں نے تعلیم کو نہایت گراں بنا دیا ہے اور خواندہ باشندوں کی فی صدی آبادی کو اس درجہ گرا دیا ہے کہ آج ہندوستان سے زیادہ جاہل اور کوئی ملک نظر ہی نہیں آتا۔ پھر جو تعلیم دی جا رہی ہے وہ ایسی ہے کہ ہندوستان کے احوال کو اس سے کوئی تعلق ہی نہیں ہے۔ ایک ایسا نوجوان جسے "تعلیم یافتہ" کہا جاتا ہے اپنے ملک میں رہنے، اپنی قوم کے اندر پرورش پانے، اور اپنے مذہب کا پیرو کہلانے کے باوجود سب کچھ ہوتا ہے مگر ہندوستانی نہیں ہوتا ہے اور مذہب کو اس کا وجود باعث ننگ و عار ہوتا ہے۔

اس انقلاب کی ذمہ داری اگر کسی پر ہے تو وہ حکومت متسلط ہی پر ہے جس نے ہماری تعلیم کو ایک مخصوص حد و غرض کے لئے آلہ کار بنا لیا ہے اور اس ذمہ داری میں یقیناً وہ باخبر ہندوستانی بھی شریک ہیں جو...

اور ان کی ذاتی صلاحیتوں کو چمکانے اور ابھارنے والا تھا اس کی بنیادیں گہری تھیں اور اس کے اثرات دیرپا ہوتے تھے کیونکہ وہ معلمین و طلباء کے درمیان ایک ایسا رابطہ و تعلق قائم کر دیتا تھا جو مرتے دم تک ختم نہ ہوتا تھا

...متوجہ ہوجائیں اور اپنے تعلیمی نظام کو مخصوص سیاسی اغراض کے لئے استعمال نہ ہونے دیں۔

شذرات

حضرت ناظم جمعیۃ کی اپیل

جمعیۃ علمائے ہند کی گذشتہ مذہبی و قومی خدمات اور اس کی موجودہ کاموں کے متعلق الجمعیۃ کے قارئین کرام اچھی طرح واقف ہیں اور انہیں جمعیۃ کی تمام سرگرمیوں اور مشاغل کا بخوبی علم ہے۔ اس لئے حضرت مولانا احمد سعید صاحب ناظم جمعیۃ علمائے ہند کی اس اپیل کا جو ممدوح نے ابھی حال میں جمعیۃ کی مالی امداد و اعانت کے متعلق شائع کی ہے قدرتاً قارئین الجمعیۃ پر سب سے زیادہ اثر ہونا چاہئے اور ان میں سے ہر فرد کو حسب استطاعت اپنا یہ اہم ترین مذہبی و ملی فرض ادا کرنا چاہئے۔ اگر ہندوستان کے مسلمان یہ سمجھتے ہیں کہ علماء امت کے ایک مرکزی ادارے کو جو ہر قسم کے سیاسی و مذہبی معاملات میں ان کی صحیح رہنمائی کرتا ہو۔ اور ان کے قومی وقار اور ان کی مذہبی شعائر کی حفاظت و حمایت کے لئے زیادہ سے زیادہ قربانیاں پیش کرنے سے دریغ نہ کرتا ہو کوئی ضرورت ہو۔ اور وہ ضرورت ایسی ہے کہ اسے تسلیم کیا جائے۔ ورنہ... سے امداد و اعانت کرنی چاہئے تو ان کا فرض اولین ہو جاتا ہے کہ وہ جمعیۃ کو نہ صرف اس کی موجودہ مالی مشکلات سے نجات دلائیں بلکہ اس کے سرمایہ کو...

...اس قدر مستحکم کر دیں کہ آئندہ کے لئے بھی اس قسم کی مشکلات کا خاتمہ ہو جائے جو شخص اس کام کے لئے جو کچھ بھی دے سکتا ہے اس سے ہرگز دریغ نہ کرے کیونکہ قطرہ قطرہ کر کے سمندر بھر جاتا ہے۔ جملہ رقوم حسب ذیل پتہ پر آنی چاہئے۔ ناظم جمعیۃ علمائے ہند گلی قاسم جان دہلی

مسٹر جناح کا بیان

مسٹر جناح نے انگلستان سے واپسی پر نمائندہ پریس کو جو بیان دیا ہے وہ موجودہ حالات کے پیش نظر بالکل مناسب ہے۔ اس وقت ملکی سیاسیات کا تقاضا یہی تھا کہ مسٹر جناح کوئی عاجلانہ اظہار خیال نہ کرتے اور اسمبلی میں کسی متعین تحریک کی حمایت و مخالفت کو اپنی جماعت کے فیصلہ اور اپنے رفقاء کار سے مشورہ پر ملتوی کر دیتے...

...وہ اپنے ان خیالات سے اپنے رفقاء کو بھی متاثر کر سکیں گے اور مشترکہ کمیٹی کی رپورٹ کو مسترد کرنے کے مسئلہ پر ان کی جماعت اور کانگریس کے درمیان ایک مشترک محاذ قائم کرنے کی کوششیں ضرور کامیاب ہوں گی۔

حوادث و احکام

استفتاء گزشتہ

کیا فرماتے ہیں علمائے دین و مفتیان شرع متین اس مسئلہ میں کہ سنا جاتا ہے کہ زندگی کے بیمہ کے موجد یہودی تھے...

الجواب

ہر دو طریق سے زندگی کا بیمہ کرانا مسلمانوں کے لئے ناجائز ہے۔ فقط واللہ اعلم

حبیب المرسلین عفی عنہ

نائب مفتی مدرسہ امینیہ دہلی

طریق ناجائز ہیں۔ فقط واللہ اعلم

بندہ محمد یوسف عفی عنہ

مدرسہ امینیہ دہلی

استفتاء گزشتہ

کیا فرماتے ہیں علمائے دین و مفتیان شرع متین مسئلہ ذیل کے بارے میں کہ مردہ کو قبر میں اتارنے کے بعد اس کا منہ یعنی چہرہ کفن سے نکال کر لوگوں کو دکھانا جائز ہے یا نہیں؟

الجواب

تیل یا پٹاؤڈر ڈالنے کے بعد کفن کا منہ کھول کر دکھانا جائز ہے۔ فقط واللہ اعلم

حبیب المرسلین عفی عنہ

نائب مفتی مدرسہ امینیہ دہلی

ضروری گزارش

خریداران اخبار الجمعیۃ کو چاہئے کہ جواب طلب امور کے لئے جوابی کارڈ یا ٹکٹ روانہ فرمایا کریں۔ (منیجر)

پارلیمنٹری رپورٹ کو تائید حاصل نہیں ہوسکتی

ہندوستان کی کمزوری سے پوری طرح فائدہ اٹھایا جا رہا ہے

یورپ سے واپسی پر مسٹر جناح کا تازہ بیان

مسٹر جناح نے حسب ذیل بیان اخبارات کو برائے اشاعت دیا ہے:...

جائنٹ پارلیمنٹری کمیٹی کی رپورٹ کے متعلق مسٹر جناح نے حسب ذیل بیان دیا...

مبادلے کے اصول پر ترکی اور جاپان میں تجارتی معاہدہ

جاپان، ترکی سے ۷۰ لاکھ روپے سالانہ کی روئی خرید لیگا

ٹوکیو ۵ دسمبر۔ جاپان اور ترکی کے درمیان مبادلہ کے اصول پر ایک معاہدہ کی تشکیل کے سلسلہ میں جو گفت و شنید ہو رہی تھی وہ پایۂ تکمیل کو پہنچ گئی اور معاہدہ پر جانبین نے دستخط کر دئے۔ اس معاہدہ کی رو سے جاپان ترکی سے خام روئی اور دیگر پیداوار ہر سال ایک کروڑ ین (۷۰ لاکھ روپیہ) کی خرید لیگا جس کے بدلے میں اسی تعداد میں جاپانی سوت اور متفرق سامان ترکی میں ہر سال درآمد کیا جائے گا...

دارالحکومت

دہلی میں گاندھی جی کی تشریف آوری

دورۂ سرحد کے متعلق اظہار خیال

دہلی میں آل انڈیا تعلیمی کانفرنس

اجلاس کی کارروائی

انسپکٹر پر کوکین فروشوں کا حملہ

افسران آبکاری اور پولیس کا چھاپہ

حکیم اجمل خاں مرحوم کا یادگاری جلسہ

ڈاکٹر خان کی تقریر گاندھی جی کا پیغام

کلکتہ میں بم پھٹ گیا

تین اشخاص مجروح۔ ایک گرفتار

عیسائی طالبات کی لاری الٹ گئی

موٹر اور انجن کی ٹکر

ایک مسلمان لاری سے کچلا گیا

لاش کی برآمد۔ ڈرائیور کی گرفتاری

ایک والی ریاست کی "سخاوت"

پولیس سپرنٹنڈنٹ کو گولی سے ہلاک کر دیا گیا

ملازم گرفتار کر لیا گیا

ثالثی بورڈ کے تقرر سے انکار

مزدوروں اور کارخانہ داروں میں جنگ

روزہ خور کو ملامت کرنے پر جان دی بیٹھی

ڈاکٹر خان کو داخلہ پنجاب کی اجازت مل گئی

پولیٹیکل کانفرنس اور سلیکٹ کمیٹی

دو طیارے ٹوٹ گئے

اٹلی کی فوج حبش کی سرحد میں

اطالوی ہوائی جہازوں کی پرواز

جہاز کے آدمی آسمانی بجلی کی نذر

یوگوسلاویہ کا نیا کابینہ

وزراء میں دو مسلمان بھی ہیں

انجن کا بائلر پھٹ گیا

۱۳ مسافر ہلاک

جاپان بحر الکاہل پر قابض رہے گا

جرمنی میں مذہبی مناظروں کا امتناع

حکومت نے سنہری موقعہ کھو دیا ہے
وائسرائے کی تقریر اور ڈاکٹر انصاری کا تبصرہ

مدراس ۲۹ دسمبر۔ ڈاکٹر انصاری چند گھنٹے کے لئے یہاں اترے تھے۔ اخبار کے نمائندے سے ملاقات کے دوران میں آپ نے فرمایا کہ وائسرائے نے یوروپین ایسوسی ایشن کے دعوتی جلسہ میں جو تقریر کی ہے اس کا جو حصہ مجالس قانون ساز میں کانگریس کی شرکت سے تعلق رکھتا ہے وہ بالکل درست ہے۔ لیکن ہمیں اس بات کا خیال رکھنا چاہئے کہ کانگریس کے پروگرام میں تبدیلی کو ہی خیر مقدم کرنا ہے خواہ وہ وائسرائے ہو یا گورنر پنجاب یا حکومت ہند کے ہوم ممبر۔

ڈاکٹر انصاری نے ڈاکٹر سیف الدین کچلو اور خان عبدالغفار خاں کی سزایابیوں اور گاندھی جی کو صوبہ سرحد جانے کی ممانعت کا حوالہ دیتے ہوئے کہا کہ ہندوستان ... حکومت نے ایک نادر موقعہ کھو دیا ہے۔

مدرسہ عربیہ محمودیہ کا سالانہ اجلاس

مسلمانان بھاگل پور کا شاندار اجتماع
مرزائے قادیان کی زہر آلود تصنیف کے خلاف احتجاج

جمعہ ۱۷ رمضان المبارک ۱۳۵۳ھ ۲۱ دسمبر ۱۹۳۴ء کو جامع مسجد ناتھ نگر میں بعد نماز جمعہ مسلمانان بھاگل پور کا شاندار جلسہ منعقد ہوا جس میں جناب مولانا محمد انوار الحسن صاحب مدظلہ نے مختصر مگر پُر مغز تقریر فرمائی۔

مدرسہ انوریہ کا سالانہ جلسہ

ڈیوک آف سدرلینڈ کا نیک مشورہ
مجوزہ اصلاحات کو قبول کر لینا چاہئے

بمبئی ۲۹ دسمبر۔ کل ساحل بمبئی پر جو لوگ جہازوں سے اترے ان میں یونان کے سابق بادشاہ جارج اور ڈیوک آف سدرلینڈ اور ان کی بیوی شامل تھیں۔

پارلیمنٹ کے دو ممبران کو سزا

عیسائی اقوام کے نام پاپائے روم کا پیغام
مردم کشی کی حمایت کرنے والوں پر لعنت

روم ۲۹ دسمبر۔ تقدس مآب پاپائے روم نے اپنے صدر مقام ویٹیکن میں کرسمس کے موقع پر عیسائی اقوام کے نام پیغام دیتے ہوئے فرمایا کہ جنگ اور اسلحہ بندی کی جو عام افواہیں وسیع طور پر پھیل رہی ہیں انہوں نے امن زمانہ کی مصیبتوں میں اور اضافہ کر دیا ہے۔

ہندوستان جاپان اور امریکہ کا تجارتی مقابلہ

حضرت مولانا الحاج حافظ احمد سعید صاحب کی تقریر سیرت

حضرت سحبان الہند مولانا الحاج حافظ احمد سعید صاحب ناظم جمعیۃ علمائے ہند کی وہ بصیرت افروز شریعت آموز تقریر جو حضرت نے ... جلسہ سیرت میں ارشاد فرمائی تھی اور جس کو بعد میں مزید تفصیل و تشریح کے ساتھ مرتب و مدون کر کے الجمعیۃ میں جزو جزو شائع کیا گیا تھا ... طباعت شروع ہو گئی ہے اور امید کی جاتی ہے کہ رمضان المبارک ہی میں کتاب چھپ جائے گی اور ہم شائقین سیرت کی خدمت میں حسب فرمائش ارسال کر سکیں گے۔

بے شمار خصوصیات

جن حضرات نے اس تقریر کا شائع شدہ حصہ شروع سے آخر تک ملاحظہ فرمایا ہے ان کو ضرور یہ اندازہ ہو گیا ہو گا کہ رموز و معارف شریعت کا علم حاصل کرنے اور نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم کی سیرت مقدسہ کے متعلق ایک بے نظیر و بے عدیل مجموعہ معلومات سے بہرہ اندوز ہونے کے لئے اس کتاب کی قدر و منزلت کیا ہو سکتی ہے۔ ... امید ہے کہ یہ مجموعہ یقیناً جانفزا ہو گا کہ یہ "تقریر سیرت" ...

مختصر فہرست مضامین

[illegible]

رعایتی اعلان

[illegible]

بلقان سے تین لاکھ ترکوں کی ہجرت
جنگی جہازوں کیلئے ترکی میں ایک نئی بندرگاہ کی تعمیر
مستقبل کی جنگ کیلئے حفاظتی تدابیر

علاقہ سارکی نازک حالت کی وجہ سے جنگ عظیم کا خطرہ بہت بڑھ گیا ہے۔ جن حکومتوں کو اس مسئلہ سے دور کا بھی وابستہ نہیں ہے وہ بھی اپنے زور و طاقت کے ساتھ جنگ کے انتظام و انصرام میں مشغول ہیں۔ کمال پاشا نے سال بھر کے بجٹ کا حصہ جنگی تیاریوں پر خرچ کرنے کا اعلان کیا ہے۔ ... استانبول کی اطلاع ہے کہ بلغاریہ اور رومانیہ سے تین لاکھ ترک ہجرت کر کے ترکی آئے ہیں کیونکہ بلقان کی حالت خراب ہے اور جنگ کی حالت میں ان کے برباد ہونے کا اندیشہ ہے۔

ہندوستانی لبرلوں نے بھی سلیکٹ کمیٹی کی رپورٹ کو ٹھکرا دیا
درجہ نوآبادیات اور برطانوی وعدوں کی خلاف ورزی
مجوزہ اصلاحات کا استرداد

پونہ ۲۹ دسمبر۔ آج نیشنل لبرل فیڈریشن آف انڈیا کا ۱۶ واں سالانہ اجلاس پنڈت ہردے ناتھ کنزرو کی زیر صدارت منعقد ہوا۔ پنڈت ہردے ناتھ کنزرو نے اپنے خطبہ صدارت میں ہندوستان کی سیاسیات پر مفصل تبصرہ کرنے کے بعد جائنٹ سلیکٹ کمیٹی کے مختلف پہلوؤں پر تفصیلی بحث کی ہے ... پنڈت کنزرو نے فرمایا کہ سلیکٹ کمیٹی کی رپورٹ میں جو سب سے بڑا نقص ہے وہ یہ ہے کہ درجہ نوآبادیات کے ذکر کو عمداً چھوڑ دیا گیا ہے حالانکہ اس وعدہ کی صریح خلاف ورزی ہے جو انگریزوں نے ہندوستانیوں کے ساتھ کیا تھا۔

"زمیندار" کی تازہ مشکلات
ادخال ضمانت میں مزید تاخیر

زمیندار ۲۸ دسمبر کو تین ہزار روپیہ کی ادخال کی پریس سے جس میں زمیندار چھپتا ہے ایک ہزار روپیہ کی ضمانت طلب کی گئی تھی۔ یہ ضمانت ۲۰ دسمبر تک داخل ہو جانی چاہئے تھی۔ ادخال ضمانت کے لئے دس روز کی مہلت دی گئی تھی ... مولانا ظفر علی خاں ...

بنگال کے بیکار نوجوانوں کی کانفرنس
ملازمت سے نفرت اور صنعت سے رغبت

کلکتہ ۲۹ دسمبر۔ آج ہمیں جس تاریک صورت حالات کا مقابلہ کرنا پڑ رہا ہے اس میں ایک امید کی شعاع یہ نظر آتی ہے کہ اوسط درجہ کے نوجوان ملازمت کی طرف سے رجحان ہٹا کر تجارت اور صنعت کی طرف توجہ مبذول کر رہے ہیں ... بنگال کے بیکار نوجوانوں کی کانفرنس کا افتتاح کیا۔

گاندھی جی کو فلم ایکٹر بننے کی دعوت
امریکہ سے چھ لاکھ روپے کی پیشکش

واردھا ۲۹ دسمبر۔ اطلاع موصول ہوئی ہے کہ گاندھی جی کو ایک امریکن فلم کمپنی کی جانب سے چھ لاکھ روپیہ اس غرض سے پیش کیا گیا ہے کہ ایک فلم میں جو گی کا پارٹ ادا کرنے پر رضامندی ظاہر کریں۔ ابھی تک گاندھی جی نے اس کے متعلق آخری فیصلہ نہیں کیا۔

شاہ سیام کو اپنے قتل کا خطرہ

بڑے دن کی تقریب پر حادثات
جہاز میں آگ لگا دی گئی

لندن ۲۹ دسمبر۔ امسال کرسمس کے دن بہت سے مقامات میں حادثات پیش آئے۔ امریکہ کی اطلاع مظہر ہے کہ وہاں مختلف قسم کے حادثات ۲۵ دسمبر کو ہوئے جن میں ڈیڑھ سو سے زائد آدمی مر گئے۔

جیل سے تین قیدی فرار

ہندوستان میں مسٹر جناح کی آمد
آئندہ پروگرام پر گفتگو کرنے سے انکار

بمبئی ۲۹ دسمبر۔ سات مہینہ یورپ میں رہنے کے بعد مسٹر جناح تیروسوس جہاز سے ہندوستان واپس آئے۔ آپ نے نمائندگان اخبار سے اپنے آئندہ پروگرام کے متعلق گفتگو کرنے سے انکار کر دیا ... لیکن میں ہندوستانی حالات کا برابر مطالعہ کرتا رہا۔

دو کروڑ روپے سالانہ صابن کی آمد

۱۹۲۹ء تک ہندوستان میں ہر سال ۵۰ لاکھ روپے کا صابن غیر ممالک سے درآمد کیا جاتا تھا ...

کتب خانہ وحیدیہ کا خاص رعایتی اعلان

قرآن مجید مترجم ... وقل انی انا النذیر المبین ... انّ کلّ نفس لمّا علیہا حافظ ... اس معری قرآن مجید کے ...

معجون مقوی معدہ

قرص جریان

ہمدرد دواخانہ یونانی دہلی

رجسٹرڈ نمبر ایل ۱۶۹۳

یدُ اللہ علی الجماعۃ

تار کا پتہ: "الجمعیۃ دہلی"
ٹیلیفون نمبر ۵۷۱۳۸

سہ روزہ الجمعیۃ دہلی

مدیر مسئول: ہلال احمد زبیری (بی-اے) معاون: محمد عثمان فارقلیط

جلد ۲۱ | دہلی - یوم شنبہ ۲۸ رمضان المبارک ۱۳۵۳ ہجری - مطابق ۵ جنوری ۱۹۳۵ء | نمبر ۲

عید الفطر میں ایمان والوں کے شرعی فرائض

نماز کی ترکیب ۔ صدقہ فطر اور چند ضروری مسائل

پڑھے اسی طرح وہ شخص جو نماز میں شریک ہوا ہو اور کسی وجہ سے اس کی نماز فاسد ہو گئی ہو تو وہ بھی اس کی قضا نہیں پڑھ سکتا اور نہ اس پر اس کی قضا واجب ہے۔ ہاں اگر کچھ لوگ اس کے ساتھ شریک ہو جائیں تو پڑھ سکتا ہے۔

(باقی صفحہ ۲ پر ملاحظہ فرمایئے)

معاصرین کے افکار و آراء

مفلس بنانے کی تعلیم

وائسرائے اور گاندھی جی

بیکاری اور خودکشی

پارلیمنٹری رپورٹ

قرضہ بل ٹرک پاس ہو گیا

اکبر اللہ اکبر و للہ الحمد آہستہ آواز سے پڑھتے ہوئے جانا۔

(اجل)

پادری کی لڑکی کا قبول اسلام

اسپین کے ایک جلیل القدر پادری کی لڑکی نے جب اسلامی تعلیمات کا مقابلہ کیا اور مسلمانوں کے مذہب اور ان کے اعمال کو بغور دیکھا تو اس کے دل میں اسلام کی صداقت و حقانیت جاگزیں ہو گئی اور اس نے یہ فیصلہ کر لیا کہ حقیقۃً اسلام ہی وہ مذہب ہے جو دنیا و آخرت میں نجات کا راستہ بتاتا ہے اور اس کے علاوہ جتنے مذاہب ہیں وہ سب باطل اور صراط مستقیم سے بھٹکا دینے والے ہیں۔ جب عیسائیوں کو اس کی خبر ہوئی تو تمام پادریوں نے مل کر اس لڑکی پر بے شمار مظالم ڈھائے اور استقلال و صبر آزما مصائب میں مبتلا کیا کہ دیکھنے والوں کے رونگٹے کھڑے ہوتے تھے مگر وہ لڑکی اسلام پر ثابت قدم رہی اور اس نے بالآخر تمام پادریوں کی ایک شاندار مجلس میں اسلام کی حقانیت پر ایک بصیرت افروز مناظرہ کیا۔ فضیلت اسلام اور رد عیسائیت کے جس قدر دلائل ممکن تھے وہ تمام بیان کیے اس لڑکی نے پادریوں کے مقابلہ میں اس خوش اسلوبی کے ساتھ پیش کیے کہ سامعین حیرت و استعجاب کے سمندر میں غرق ہو گئے۔ اور پادریوں سے کوئی جواب بن نہ پڑا۔ اور وہ لڑکی ہمیشہ کے لیے اسلام ہی سے وابستہ ہو گئی اس کا نام ازبلا تھا اور اس کی زندگی کے واقعات ایک کتاب میں جمع کر دیئے گئے ہیں۔ اگر آپ کو گزشتہ عظمت و سطوت کا مطالعہ کرنا ہے اور عیسائیت کے مقابلہ میں اسلام کی حقانیت کے بے شمار دلائل سے واقفیت حاصل کرنے کا شوق ہے۔ اور آپ اس کتاب کے ذریعہ تبلیغ اسلام کا فریضہ ادا کرنا چاہتے ہیں تو فوراً طلب کیجئے۔ پہلا ایڈیشن قریب الختم ہے اگر دیر ہوئی تو دوسرے ایڈیشن کا انتظار کرنا پڑے گا۔ قیمت فی جلد ۱۲؎ علاوہ محصولڈاک۔ تبلیغی مقاصد کے لیے بیس بائیس سے زائد جلدوں کے خریدار کو پچیس فی صدی کمیشن دیا جائے گا۔

ملنے کا پتہ: منیجر الجمعیۃ دہلی

Regd No L 1793.

The Aljamiat

Vol. XXI No. 1 DELHI TUESDAY 1st JANUARY 1935. + PRICE ONE ANNA

نورانی قرآن مجید

نہایت صاف جلی اور نہایت صحیح قرآن شریف اگر درکار ہو تو نورانی مجید الجمعیۃ بک ایجنسی گلی قاسم جان دہلی سے طلب فرمایئے قیمت مجلد پارچہ عہ

پادری کی لڑکی کا قبول اسلام

اور اس کے حیرت انگیز کارنامے معلوم کرنے ہوں تو ازبلا سنگار دیکھیے جس کو پڑھ کر آپ اسلام کی حقانیت کے قائل ہو جائیں گے قیمت فی جلد ۱۲؎ علاوہ محصولڈاک۔

منیجر الجمعیۃ دہلی

صوبہ سرحد میں ایک شاندار مدرسہ

حضرت ناظم جمعیۃ علماء ہند کا معائنہ

میں سب سے پہلے ستمبر ۱۹۲۰ء میں پشاور حاضر ہوا تھا۔ اور حضرت شاہ فضل صمدانی صاحب کے فرمانے سے مدرسہ رفیع الاسلام کے جلسہ میں بھی حاضری کا شرف حاصل کیا تھا اس وقت اگرچہ مدرسہ کی ابتدائی حالت تھی۔ لیکن شاہ صاحب موصوف کی مساعی جمیلہ اور تعلیمی انہماک اور تربیت اطفال پر تقریر اس وقت بھی اظہار خیال کیا تھا۔ آج تقریباً آٹھ سال کے بعد جبکہ شریعت کانفرنس کے سلسلہ میں جیب پشاور حاضری کا اتفاق ہوا تو میں نے شاہ صاحب موصوف سے اپنی حاضری کی خواہش ظاہر کی کہ مدرسہ رفیع الاسلام کو پھر ایک دفعہ دیکھوں

مدرسہ احیاء العلوم

مبارکپور میں چار سال سے قائم ہے اور قلیل عرصہ میں خالص مذہبی تعلیمات اسلامی خدمات کو دلکش پیرایہ میں نہایت سرگرمی سے باحسن وجوہ انجام دیا

طلبہ علوم عربیہ کو خوشخبری

جامعہ محمودیہ عربیہ کی اپیل

یہ مدرسہ تقریباً چھیالیس سال سے مسلمانوں کی دینی خدمات سرانجام دینے کے ساتھ ساتھ قوم کے نادار اور یتیم بچوں کی خبرگیری کر رہا ہے۔ نہ صرف یہی بلکہ ان کی تعلیم و تربیت و دیگر جملہ اخراجات کا کفیل ہے۔ اس لئے ایسے باعظمت و بابرکت ادارہ کی (جس میں ہر عمل صالح کا اجر مضاعف تر مضاعف ہو جاتا ہے) جملہ مسلمانان ہند کا فریضہ ہے کہ وہ اپنے اموال سے ایک قلیل مقدار اس قومی فنڈ میں عنایت فرما کر دولت کونین حاصل کریں۔

منیاء الحسن ابن حضرت العلامہ مولانا مفتی محمد نعیم صاحب مہتمم مدرسہ محمودیہ عربیہ

ٹیگ بلوچستان کے مطالعہ کنندگان

ہم آپ کو یہ اطلاع دینا چاہتے ہیں کہ ٹیگ بلوچستان کے تنخواہ دار ملازم

یتیموں کی ضرورت

انجمن مصباح الآخرت نصبہ گردار ضلع بلیا (یو-پی) کو ایسے غیر سرپرست مسلم یتیم بچے اور بچیوں کی ضرورت ہے جنہیں اپنے ماتحت کے مدرسہ اور یتیم خانہ

(محمد شفیق اطہر سکریٹری)

اخبار الجمعیۃ میں اشتہار دیکر اپنی تجارت کو فروغ دیجیے۔

مشہور و معروف دو ترجمہ والا معجز نما متوسط قرآن مجید معہ کامل تفسیر

حیرت انگیز رعایتی اعلان

اس قرآن پاک کی ضخامت ایک ہزار صفحات ہیں۔ کاغذ ... نادر ... ارغوانی ہے دو ترجمے ہیں پہلا ترجمہ حضرت مولانا شاہ رفیع الدین صاحب کا تحت اللفظ ہے دوسرا ترجمہ حکیم الامت مولانا اشرف علی صاحب تھانوی کا بامحاورہ ہے حاشیہ پر کامل تفسیر ہے جو عطر ہے نادر تفسیر کا مثل ابن جریر در منثور، خازن، ابن کثیر، مدارک، موضح القرآن، معالم، مستدرک حاکم، ابن مردویہ، ابن ابی حاتم، مسند بزار، مسند امام احمد، اسباب شان نزول از جلال الدین سیوطی اور تمام کتب احادیث اور جس میں تمام احکام قرآن و مسائل قصص و تاریخ حکایات ظاہری و باطنی اشارات غرضیکہ آفرینش کی جملہ امتیازی خصوصیات ہو سکتی ہیں وہ سب اس کے حاشیہ پر موجود ہیں نیز اس کے شروع میں ایک طویل مقدمہ ہے جس کے پانچ حصہ ہیں اول حضرت آدم علیہ السلام سے کر تمام پیغمبروں کی سوانح عمریاں اور ان کی تمام خصوصیات کی تفصیل جو کفار نے آپ کے خلاف انجام دی تھیں اور آپ کے وہ تمام خطوط مع ترجمہ درج ہیں جو آپ نے اس زمانے کے فرمانرواؤں کو لکھے تمام زمانے دعوت اسلام پیدا ہوئے تھے بعد میں خلفاء راشدین کے کامل حالات ہیں حصہ دوم میں فضائل القرآن و اسرار حصہ سوم میں خاندان نقشبندیہ، قادریہ اور چشتیہ کے بزرگوں کے نقشی اعمال قرآن و خواص جملہ سورتوں اور آیتوں اور پورے قرآن کے تعویذ ہیں اور تعبیر خواب اور ترکیب فالنامہ کے ساتھ درج ہیں پانچویں حصہ میں قرات کا بیان اور قاعدے۔ سائز ۲۰×۲۶/۸ صفحات ۹۲۸ رعایتی ہدیہ مجلد چرمی تین روپے (۳) محصولڈاک عم فیس منی آرڈر ۲؎

حمائل شریف مترجم معہ خلاصۃ التفاسیر

اس کے حرفوں کی خوشنمائی موتی کی آب سے دوبالا ہے گویا ایک ایک ہے کہ تراشے ہوئے نگینے ہیں جو آفتاب کی طرح روشن ہیں ہر ایک بوڑھا مرد عورت بچہ آسانی سے پڑھ سکتا ہے ... حضرت مولانا شاہ رفیع الدین صاحب محدث دہلوی کا ترجمہ ہے ... ہندوستان کے تمام علماء کے

ملنے کا پتہ: منیجر اخبار الجمعیۃ گلی قاسم جان دہلی

ہر قسم کے فرانس وغیرہ
ممالک یورپ کے ڈاکٹر

GHAUS Co. Market Bangalore

عید کا موقع ہے۔ کٹ پیس کے نمونے

محبوب عاشق کے قدموں پر

جنت و دوزخ

مشہور علماء و حضرات کے مضامین

صداقت کا عید نمبر

ہزاروں کی تعداد میں شائع ہو رہا ہے ... مشتہرین کے لیے نادر موقع

قیمت ۲؎

منیجر صداقت

اسلامیات

اسلامی تاریخ کے جواہر پارے

اہل افریقہ اور افونش کے درمیان معرکہ

یوسف ابن تاشفین کے نام افونش کا خط

عیسائیوں کی طرف سے رذائتی مکاری کا مظاہرہ

گزشتہ الجمعیۃ میں لکھا جاچکا ہے کہ افریقہ کے والی اور مراکش کے بانی یوسف بن تاشفین کی خدمت میں امرائے ... کے خطوط پہونچے اور انہوں نے تسلی اور تشفی کے ساتھ جواب لکھوایا۔ آج آگے ملاحظہ فرمایئے۔

افونش کی تدبیر

اس کے بعد افونش نے امراء دربار کو جمع کیا اور ان سے کہا کہ میرا منشا یہ ہے کہ مسلمانوں کو درہ بائے کوہ سے نہ گزرنے دیا جائے بلکہ ان کی سرحد میں داخل ہوکر ان سے مقابلہ کیا جائے۔ اگر عرب درہ بائے کوہ کو عبور کرکے آگئے اور ہم کو شکست ہوگئی تو مسلمان ہمارے ملک کو تاراج کر ڈالیں گے اور ہم میں سے ایک متنفس کو بھی زندہ نہ چھوڑیں گے۔ اگر ہم نے ان کو درہ بائے کوہ سے گزرنے نہ دیا اور ان کی حدود میں جاکر لڑے تو اگر ہم کو ناکامی بھی ہوگی تو مسلمانوں میں اتنی سکت باقی نہ رہے گی کہ وہ ہمارا تعاقب کرکے ہمارے ملک کو تاراج کردیں ...

... کی پشت پر یہ عبارت "الذی یکون ستراہ" (جو ہونے والا ہے وہ خود دیکھ لیگا) لکھ کر ... (باقی)

... اس کو آرام نہ لینے دوں گا۔ ظاہر ہے کہ اس کو تمہاری محبت نے ایسا پریشان کیا کہ اس نے تمہارے افریقہ پہونچنے کا بھی انتظار نہیں کیا اور محبت جتانے کیلئے خود اندلس چلا آیا۔"

عیدالفطر میں ایمان والوں کے شرعی فرائض

(سلسلہ صفحہ اول)

چند ضروری باتیں

اگر عید کی نماز میں ایسے وقت شریک ہوا کہ امام تکبیروں سے فراغت کرچکا اگر قیام میں شریک ہو تو فوراً نیت باندھنے کے بعد تکبیریں کہہ لے چاہے امام قراءت شروع کرچکا ہو۔ اگر رکوع میں شریک ہوا ہو تو اگر گمان غالب ہے کہ تکبیروں کے فراغت کے بعد رکوع مل جائیگا تو نیت باندھ کر تکبیریں کہہ لے اور بعد ...

عیدالفطر کے دن صبح صادق کے طلوع ہوجانے کے بعد صدقۂ فطر واجب ہوتا ہے۔ جو بچہ قبل طلوع فجر کے پیدا ہوا اس پر صدقۂ فطر واجب ہے۔ صدقۂ فطر کے واجب ہونے میں روزہ دار ہونا شرط نہیں۔

صدقۂ فطر کا اپنی طرف سے بھی اور اپنی نابالغ اولاد کی طرف سے بھی جبکہ وہ فقیر ہوں ادا کرنا واجب ہے۔ اور اگر وہ مالدار ہوں مگر مجنون ہوں تب بھی ان کی طرف سے صدقہ ادا کرنا واجب ہے مگر ان ہی کے مال میں سے۔ باپ مرگیا ہو تو دادا پر واجب ہے کہ پوتوں کی طرف سے صدقۂ فطر ادا کرے اگر مالدار ہوں تو ان کے مال سے ورنہ اپنے مال سے۔ شوہر کو بیوی کی طرف سے صدقۂ فطر ادا کرنا ...

عیسائیوں کا مذہبی تہوار کرسمس ڈے

مہذب ممالک کی مہذب اقوام کی اوہام پرستیاں

مشرق سے زیادہ مغرب کے لوگ خرافات کا شکار ہیں

سائنس اور خرافات کا اجتماع - اسلامی تہوار کی ایک جھلک

مذہبی تقریبات اور دینی تہواروں کا وجود دنیا کے ہر فرقہ اور ہر ملت میں پایا جاتا ہے۔ کسی کا تہوار سال نو کی خوشی میں جو آفتاب پرستی کا شاخسانہ ہے، منایا جاتا ہے۔ کوئی اپنے بزرگوں یا مذہبی روایات کی یادگار میں اجتماعی خوشی اور مسرت کا مظاہرہ کرتا ہے۔ اور کسی فرقہ میں مذہبی تغیرات ... قسم کے مظاہرہ ...

بڑے بڑے ... کی خدمت شراب اور روٹی سے کی جاتی ہے اور آپس میں خوش بختی اور ... کے تمحات کا تبادلہ ہوتا ہے۔ یہ رسم انگلستان کے بعض حصوں ... صرف یہ ہوتا ہے کہ نمک اور روٹی یا لکڑی اور کوئلے کے بجائے ... خوبصورت چیزیں رکھدی جاتی ہیں اور مکان میں داخل ہونے والے ... داخل ہوتے ہیں۔

نہایت شرمناک!

بڑا عجوبہ ہے اب تک سال کے آخری لمحات میں درختوں پر گولیوں کی بوچھاڑ کی جاتی ہے۔ اس طریقہ سے سحر اور جادو کے اثرات کو زائل کیا جاتا ہے ...

... اور خدا پرستی اور روحانی کمالات کے حصول کے لئے پوری زندگی وقف کردی جاتی ہے۔ اے یورپ کے مہذب انسانو! تم باوجود ادعائے تہذیب کے کوئی پاکیزہ تہوار قائم نہ کرسکے!

... رہنے والوں کو بھلا دیتے ہیں اور ان کو کھال سے ... کرتے جاتے ہیں تاکہ گھر بھر کے لوگ سال بھر تک سحر اور جادو کے اثرات سے محفوظ رہیں! اس کے بعد خاص قسم کی روٹیاں کھائی جاتی ہیں اور جو کی شراب ناکوں ناک پلائی جاتی ہے!!!

مہذب دنیا کی وہم پرستیاں

کرسمس کے تہوار پر ایک اور رسم منائی جاتی ہے جس کو "قدم اول" سے موسوم کیا جاتا ہے۔ اسکاٹ لینڈ میں یہ رسم بڑے اہتمام کے ساتھ تاحال منائی جاتی ہے۔ یہ اس طرح منائی جاتی ہے کہ ایک طویل القامت اور سیاہ فام شخص یہ کوشش کرتا ہے کہ ہر گھر میں اس کا قدم اس کے ساتھیوں سے پہلے پڑے۔ لوگوں کا خیال ہے کہ خاص ساعت میں اس قسم کے آدمی کا داخلہ خوش بختی اور خوشحالی کا پیش خیمہ ہے۔ یہ شخص کسی کے گھر پر جاکر دروازہ کھٹکھٹاتا ہے اور دروازہ کھلنے پر وہ ایک لفظ کہے بغیر مکان میں داخل ہوجاتا ہے اور جہاں آگ جلتی رہتی ہے وہاں جاکر بیٹھا ایندھن جلانا شروع کردیتا ہے۔ یہ ایندھن بھی وہ اپنے ہمراہ ہی لاتا ہے۔ بعض جگہ آگ جلانے کے بجائے دہلیز پر لکڑی اور کوئلے رکھدئے جاتے ہیں اور بعض جگہ نمک اور روٹی رکھی جاتی ہے۔ جب یہ رسم پوری ہوجاتی ہے تو شخص ...

سرمہ نور افزا

اگر آنکھوں کی تندرستی منظور ہے تو ان دو سرموں میں سے کوئی سرمہ اپنے حسب حال انتخاب کرکے استعمال کیجئے۔

سرمہ نمبر ۱ - آنکھوں کی خارش، سرخی، دھند، جالا، پھولا، ناخونہ اور پلکوں کا گرنا یا پرانے سے پرانے روہے کیلئے خصوصاً بے حد مفید ہے۔ اسکے استعمال سے بفضلہ تعالیٰ جملہ امراض کا ازالہ ہوجاتا ہے۔ جن لوگوں کو کسی قسم کا مرض نہیں ہے وہ بھی اس کا استعمال کرکے اپنی آنکھوں کی حفاظت کرسکتے ہیں۔ انشاء اللہ تعالیٰ ان کی آنکھوں کو کسی قسم کا مرض لاحق نہ ہوگا۔ قیمت فی تولہ ... ماشہ کی شیشی ...

سرمہ نمبر ۲ - یہ سرمہ نمبر ۱ کی طرح تمام امراض چشم سوائے روہا اور پلکوں کے گرنے کیلئے مفید ہے۔ خصوصاً موتیابند کے ابتدائی پانی کو نکالدیتا ہے۔ اگر پانی جم گیا ہو تو اس کا استعمال مفید نہ ہوگا۔ طلبا اور دوسرے حضرات جو نوشت و خواند کا کام زیادہ کرتے ہیں ان کیلئے خاص کر اس سرمہ کا استعمال بہت مفید ہے عینک لگانے سے پہلے اگر اس سرمہ کا استعمال شروع کردیں تو انشاء اللہ عینک کی ضرورت نہ پڑے گی ...

سچا ہمدم و رہبر عوام

پاک صاف خیالات پیدا کرکے جسمانی و روحانی صحت حاصل کرنے کیلئے دنیا میں ہر طرح خوشی دستیاب کرنے کیلئے ... کارڈ تحریر کرکے کتاب ... بالکل مفت منگالیں۔

ویدشاستری ...

آل انڈیا تعلیمی کانفرنس کا خطبۂ صدارت

وہ شہر جہاں البیرونی اور امیر خسرو نے تعلیم پائی

نقالی اور تخلیقی غور و فکر کے نتائج

طریقۂ تعلیم میں اصلاح کی ضرورت پر بحث

(گزشتہ سے پیوستہ)

دہلی میں البیرونی اور امیر خسرو

"علاوہ ازیں ہم آپ کا خیر مقدم اس شہر میں کرتے ہیں جہاں ہندو اور مسلمان دونوں تمدن اور اقتدار کی تخلیق میں پہلو بہ پہلو کام کرتے رہے ہیں۔ جہاں سلطنت کے ...

... دماغ کے طالب علم پر ہمیشہ بند رہیگا۔ اگر آپ اس کی مرضی کے خلاف اس کے دماغ پر فکری یا جمالی قسم کی اشیاء کا بار ڈالیں گے۔

"تمدنی زندگی کا دروازہ اسی وقت کھل سکتا ہے جبکہ اس کی تعلیم میں فنی کام اور صنعتی اشیاء سے واقفیت پیدا کرانے کا خاص خیال رکھا جائے۔ جب اس کا دماغ پوری طرح نشو و نما پالیگا تو وہ دوسری تمدنی اشیاء سے بھی فائدہ حاصل کرسکیگا۔ تمام شاہراہیں تمدنی زندگی کی ہی منزل مقصود کی طرف رہنمائی کرتی ہیں۔ لیکن ہر فرد کو اس منزل تک رسائی حاصل کرنے کے لئے اپنا راستہ کو اختیار کرنا چاہیئے۔ ...

... کرنی پڑے گی جس کے بار کا ہمارا نصاب تعلیم متحمل نہیں ہوسکتا۔ جو اہمیت ہم ایسی معلومات کو دے رہے ہیں جس کو دماغ جذب نہیں کرسکتا۔ ہم کو اس میں تخفیف یہ کمی کرنی پڑے گی۔ ہم کو اس بات کا لحاظ رکھنا پڑے گا کہ تعلیمی مضامین کی ترتیب اور انتخاب میں اور ان کی ترتیبی ترجیح قائم کرنے میں اسکول کا یہ فرض قرار ...

ہندوستان کی لبرل جماعت کا زبردست اعلان

تعاونیوں نے تعاون سے انکار کردیا

پارلیمنٹری رپورٹ کی مذمت

آنریبل مسٹر سری نواس شاستری کی تقریر

پونا ۲۸ دسمبر - لبرل فیڈریشن کا سالانہ اجلاس کل شروع ہوا۔ سب سے پہلے سر ... کی وفات پر تعزیت کی تجویز منظور کی گئی۔ اس کے بعد ... زنجبار کے ہندوستانیوں کے متعلق یہ تجویز پیش کی ...

... رپورٹ پیش کردی ہے جس کو حکومت ہند نے ابھی تک شائع نہیں کیا ہے۔ اس سے یہ معنی ہیں کہ رپورٹ میں زنجبار کے حکام کی توانین کی مذمت کی گئی ہے۔

مسٹر ... نے تجویز کی تائید کی اور تجویز اتفاق رائے سے منظور ہوئی۔

کمیٹی کی رپورٹ کے بارے میں کوئی علم تھا اس وقت میں نے کہا تھا کہ اگر میرے اختیار میں ہو تو میں قرطاس ابیض کی مجوزہ ... بہتر پسند کروں۔ جب مشترکہ پارلیمنٹری کمیٹی نے اپنی رپورٹ شائع کردی ہے اس سے میری رائے میں کوئی تبدیلی نہیں ہوسکتی ...

ہندوستان کے واحد اسلامی ادارے جمعیۃ علماء ہند کی امداد کرو

دردمندان ملت اور اکابر اسلام سے ناظم جمعیۃ علماء ہند کی اپیل

مسلمانوں کی ترقی ان کا عروج اور ان کی بقا کا دارومدار تمام تر مذہبی زندگی پر ہے۔ مقدس اسلام اور سید المرسلین صلی اللہ علیہ وسلم کی پاکیزہ اور مقدس زندگی ہی مسلمانوں کے لئے مشعل ہدایت اور نجات کی راہ مستقیم ہے۔ مسلمانوں کی زندگی کے ہر شعبہ کے لئے خواہ وہ سیاسی ہو یا مذہبی ایک مکمل نظام اور ایک روشن شریعت موجود ہے۔ یہی وجہ ہے کہ ملت اسلامیہ کی صحیح رہنمائی کا فریضہ سب سے زیادہ حضرات اہل علم پر عائد ہوتا ہے۔

اس اہم ذمہ داری اور ادائیگی فریضہ کو مدنظر رکھتے ہوئے ہندوستان کے اکابر علماء اور اہل الرائے حضرات نے جمعیۃ علماء ہند کی بنیاد قائم کی تھی۔ جمعیۃ ...

... کی مجہول شکلیں یعنی محنت، صبر، استقلال اور مستقل مزاجی اس طرح پیدا کی جائے کہ ہر کام میں تکمیل پیش نظر رہے۔ ان میں اخلاقی جرأت اور سچ پیدا کی جائے۔ (باقی آئندہ)

ترکی خواتین کو حق رائے دہی مل گیا

ترکی پارلیمنٹ کا انقلاب انگیز کارنامہ

انگورہ ... دستور اساسی ... ترمیم کردی گئی ہے اور اس طرح تمام ترکی مردوں اور عورتوں کو مجالس قانون ساز کے انتخابات میں ۲۲ و ۳۰ سال کی عمر ... اور ... سال کی عمر میں ممبر منتخب ہونے کا حق دیدیا ہے۔

"آزادی و مساوی شرکت کیلئے جد و جہد ..."

بسم اللہ الرحمن الرحیم

الجمعیۃ دہلی

یوم شنبہ ۲۸ رمضان المبارک ۱۳۵۲ھ

"اتحاد" کا "اعلان جنگ"

جمعیۃ علماء، مسلم کانفرنس اور امارت شرعیہ

الجمعیۃ کی گزشتہ اشاعت میں ہم نے جو تصریحات امارت شرعیہ کے متعلق کی ہیں اور اس کی صحیح نوعیت و حیثیت کو سمجھنے میں اتحاد نے اپنی ناواقفیت اور بے علمی کی وجہ سے جو ٹھوکریں کھائی ہیں ان کو ظاہر کرنے کے لئے جو کچھ لکھا ہے اس سے یہ امر تو بخوبی واضح ہوگیا ہوگا کہ اپنے نزدیک اتحاد نے امارت شرعیہ کو جو کچھ سمجھا تھا وہ حقیقۃً اس سے کوسوں دور ہے۔ نہ وہ عام مفہوم کے مطابق کوئی انجمن ہے اور نہ انسانوں کی کسی جماعت کے سامنے ذمہ دار ہے۔ امیر شریعت کا انتخاب ...

کیونکہ امارت کی ذمہ داری اور مسئولیت دنیا کی تمام ذمہ داریوں اور مسئولیت سے بڑھکر ہے۔ وہ خدا اور اس کے رسول کے سامنے ذمہ دار ہے اور ایک منضبط قانون کی پابند ہے۔ اس کے برخلاف خالص سیاسی ادارے صرف اپنی رائے کے پابند ہیں اور اس لئے انتہا درجہ کے "غیر ذمہ دار" اور "غیر مسئول" ہیں۔ اگر اتحاد امارت کی اس مسئولیت اور ذمہ داری کو تسلیم نہیں کرتا تو اس کے معنی یہ ہیں کہ وہ اسلام کی روح سے انکار کر رہا ہے اور خدائی قانون کے مقابلہ میں دنیاوی قانون کو ترجیح دے رہا ہے۔ بہر حال ...

(باقی آئندہ)

شذرات

نئے سال کے خطابات

امسال نوروز کے خطابات کی فہرست نہایت پھیکی رہی۔ اول تو ہر خطاب کے مستحقین کی تعداد بہت کم تھی پھر اس کے علاوہ بہت سے امیدواروں کی توقعات کا خون اس طرح کیا گیا کہ اگر ان کی سرشت میں تاج برطانیہ کے ساتھ وفاداری و اطاعت کا مادہ ازل سے تفویض نہ ہو چکا ہوتا تو شاید وہ سب کے سب اس فہرست کے شائع ہوتے ہی علم بغاوت بلند کر دیتے اور ان مایوسیوں کے بعد جو گذشتہ کئی سال سے انہیں ہو رہی ہیں سب کے لئے سرکار عالی وقار کا دامن چھوڑ کر گاندھی جی کی فوج میں شریک ہونا ... عام طور پر یہ کہا جا رہا ہے کہ اس مرتبہ حکومت کو اپنے خطابات تقسیم کرنے ...

ڈاکٹر خان صاحب کی واپسی سرحد

ڈاکٹر خان صاحب کا داخلہ صوبہ پنجاب میں تو پہلے ہی کھل گیا تھا اور وہاں کی حکومت نے اپنی پابندی کو ختم کر دیا تھا۔ اب معلوم ہوا ہے کہ صوبہ سرحد کی حکومت نے بھی گذشتہ اعلان کی مدت ختم ہونے پر اس کی تجدید نہیں کی ہے اور ڈاکٹر خان صاحب اپنے وطن کو تشریف لے جانے کے لئے بالکل آزاد ہیں۔ چنانچہ وہ عنقریب پشاور جانے والے ہیں اور اپنا مطب وہیں شروع کر دیں گے۔ صوبہ پنجاب اور صوبہ سرحد کی حکومتوں کا یہ طرز عمل یقیناً ایک معقول طرز عمل ہے اور اگر اس کے خلاف ...

انتقادات

قرآن کریم مترجم وحشی

نئی اسمبلی میں پیش ہونے والے سوالات اور تجاویز

۱۶ جنوری کو اجلاس کا آغاز۔ ۲۴ جنوری کو وائسرائے کی تقریر

نامزد شدہ ممبروں کی فہرست جلد شائع ہونے کا امکان

نئی دہلی ۱۳ جنوری۔ اسمبلی کے مرتب ہونے کے بعد بہت سے ممبروں نے سوالات اور تجاویز کے نوٹس بھیجنے شروع کر دیئے ہیں۔ ابھی تک سوالات کی بھرمار ڈاکٹر ضیاءالدین اور دیوان لال چند کی طرف سے ہوئی ہے۔ ابھی تک کل پچاس سوالات اور تین قرار دادیں موصول ہوئی ہیں توقع ہے کہ اسمبلی کے افتتاح کا سرکاری اعلان ہوتے ہی مزید نوٹس آنے شروع ہو جائیں گے۔ معلوم ہوا ہے کہ سرکاری اور غیر سرکاری ممبران کی نامزدگی کا اعلان جلد ہی ہونے والا ہے یہ بھی معلوم ہوا ہے کہ ابھی غیر سرکاری ممبران کی نامزدگی کے بارے میں انفصالی فیصلہ نہیں ہوا ہے۔ وائسرائے کی ایگزیکٹو کونسل کے اجلاس میں جو اسی ہفتہ منعقد ہوگا اس کا انفصالی فیصلہ ہو جائے گا۔

نئی اسمبلی کا اجلاس ۱۶ جنوری کو منعقد ہوگا۔ ۲۴ جنوری کو وائسرائے ہند تقریر کریں گے۔ توقع ہے کہ وائسرائے اپنی تقریر میں ہندوستان کی سیاسیات حاضرہ کے علاوہ اسمبلی میں کانگریس کی شرکت کے نتائج پر بھی اظہار خیال کریں گے۔

زنجیروں سے جکڑ کر ڈاکوؤں نے ساہوکار کو زندہ جلادیا

ریاست پٹیالہ کے ایک موضع میں مسلح ڈاکوؤں کی چیرہ دستیاں

عورتوں کو خوفزدہ کر کے چالیس ہزار روپے کا مال لے گئے

لاہور ۲ جنوری۔ ریاست پٹیالہ کے ایک موضع سے دلیرانہ اور سنگدلانہ ڈاکہ کی اطلاع ملی ہے جس میں ایک ساہوکار ہلاک کر دیا گیا اور ڈاکو چالیس ہزار روپیہ کا مال لے کر فرار ہو گئے۔ بیان کیا جاتا ہے کہ بندوقوں سے مسلح پانچ نقاب پوش ڈاکوؤں کے ایک گروہ نے ساہوکار کے مکان پر ڈاکہ ڈالا اور چابیاں حاصل کرنے کے لئے اس کو سخت تکلیف پہونچائی۔ جب ساہوکار نے کنجیاں نہ دیں تو اس کو زنجیروں سے جکڑ دیا اور کپڑوں پر مٹی کا تیل چھڑک کر آگ لگادی جس سے ساہوکار وہیں جلکر خاک ہو گیا اس کے بعد ڈاکوؤں نے مستورات کو خوفزدہ کر کے چابیاں حاصل کریں اور چالیس ہزار روپیہ لے کر فرار ہو گئے۔ ابھی تک کوئی گرفتاری عمل میں نہیں آئی ہے۔

حوادث و احکام

استفتاء

الجواب

دار الحکومت کے

مولانا محمد علی مرحوم کا یوم وفات

عربک کالج میں عظیم الشان جلسہ

دہلی میں سال نو کی پریڈ

خالدہ ادیب خانم کے لیکچروں کا سلسلہ

شرابی نے اپنے سینہ میں چاقو گھونپ لیا

وزیر ہند کے خلاف ہیں ہزار کا دعوی

بڑے دن کی تقریب میں جرائم کا ریکارڈ

مزدوروں کے جھگڑے اور گاندھی جی کی تبلیغ

خواتین کانفرنس میں پارلیمنٹری کمیٹی کی مذمت

وحدت ازدواج اور ضبط تولید کی حمایت

سرحد گلگت پر حکومت ہند کا قبضہ

ریاستی افسروں کی واپسی

رجعت پسندوں کو کھلا چیلنج

وزیر ہند کی براڈکاسٹ تقریر

شاہ جارج کی جوبلی پر ایک شاہی ٹیلیفون

بمبئی کے کارخانہ میں آتش زدگی

ترکستان کے غاروں میں پرانی تلاش

جرمن باشندوں پر گولیوں کی بارش

ملاقہ سار میں ہنگامے

پانچ ہزار مرد اور تین سو عورتیں گرفتار

روس میں دارو گیر کا سلسلہ

ہٹلر معافی مانگے گا؟

اسمبلی کی صدارت کیلئے سر عبدالرحیم کا انتخاب

اٹلی اور فرانس کے معاہدہ کی شکست

امریکہ میں مخرب اخلاق فلموں کا بائیکاٹ

اخبار الجمعیۃ میں اشتہار دیکر اپنی تجارت کو فروغ دیجئے

روس کے نظام حکومت کا تختہ الٹنے کی کوشش
تیرہ روسیوں کو گولی مار دی گئی

ماسکو ۱۳ دسمبر- سوویٹ روس کی ایگزیکٹو پارٹی کے ایک سرکردہ افسر کرو کو پچھلے دنوں قتل کر دیا گیا تھا۔ اس ضمن میں ایک تازہ اطلاع مظہر ہے کہ نکولیف اور اس کے علاوہ تیرہ دیگر اشخاص کو سپریم ملٹری کورٹ کے سپرد کر دیا گیا تھا ان سب کو گولیوں سے اڑا دیا گیا ہے اور اب سب کی جائدادیں بحق گورنمنٹ منضبط کر لی گئی ہیں دوران سماعت میں یہ معلوم ہوا ہے کہ متذکرہ اصحاب زنوویف گروپ کے ممبر تھے جو کہ سٹیلن کی مخالفت میں قائم کیا گیا اور اس گروپ نے بیفن گریڈ کو اپنی خفیہ انقلاب اور دہشت انگیز سرگرمیوں کا مرکز بنا رکھا تھا۔ مزید معلوم ہوا ہے کہ متذکرہ گروپ موجودہ سوویٹ گورنمنٹ کی رہنمائی اور اس کے تمام انتظامات کو درہم برہم کر دینا چاہتا تھا۔ اس کے علاوہ یکم دسمبر کو کروو کے قتل کا الزام بھی متذکرہ گروپ پر عائد کیا گیا۔

ریاستی باشندوں نے بھی سفارشات کو ٹھکرا دیا

احمد آباد ۳۰ دسمبر- گجرات سٹیٹس پیپلز کانفرنس کا جو اجلاس یہاں منعقد ہوا۔ اس میں قرار پایا ہے کہ جائنٹ پارلیمنٹری کمیٹی کی سفارشات کسی صورت قابل قبول نہیں ہیں۔ مزید ریزولیوشن پاس کیا گیا ہے کہ متذکرہ سفارشات میں ریاستی باشندوں کے حقوق کو قطعاً نظر انداز کر دیا گیا۔

فہرست امداد کنندگان بیوہ عبدالمجید مرحوم

۱۔ نمازیان سنہری مسجد متصل لال قلعہ دہلی معرفت مولانا عبدالحلیم صاحب صدیقی　عـه

۲۔ جناب خان بہادر حبیب الرحمن صاحب ضلع یا ممبر مبلغ ماہوار مستقل

۳۔ محمد نصیر الحق صاحب سب جج ریاست بھوپال　صـه

۴۔ محمد حیات خاں صاحب لشکر گوالیار　عـه

خان بہادر جناب حبیب الرحمن صاحب نے مرحوم کے یتیموں کے لئے مبلغ پانچ روپیہ ماہوار مستقل امداد فرما کر اپنی اسلامی ہمدردی اور وقت شناسی کا جو ثبوت بہم پہنچایا ہے۔ اللہ تعالےٰ موصوف کو اس کی جزائے خیر عطا فرمائے۔

(محمد عبدالاول- دفتر جمعیۃ علماء ہند)

صدر جمعیت العلماء صوبہ سرحد کی اپیل

چونکہ شریعت بل برائے عامہ کے لئے مشتہر کر دیا گیا ہے اس لئے میں مسلمانان سرحد سے بالعموم اور خوانین و رؤسا صاحبان سے بالخصوص پرزور الفاظ میں اپیل کرتا ہوں کہ اپنی غیرت و حمیت اسلامی سے کام لیتے ہوئے شریعت بل کی پرزور تائید فرمائیں اور رواج کی تحریری لعنت کا قلادہ جو ایک مدت سے مسلمانوں کی گردن میں پڑا ہوا ہے ہمیشہ کے لئے نکال کر پھینک دیں۔

(مولانا شاکر اللہ عفاء اللہ)

ڈاکٹر خان صاحب کو سرحد میں داخلہ کی اجازت دیدی گئی
سرحد کے سیاسی کارکنوں کے نام جدید احکام
ڈاکٹر صاحب سرحد میں پریکٹس شروع کریں گے

یوسف بن تاشفین کی واپسی افریقہ کے بعد عیسائیوں نے پھر افونش کو مسلمانوں کے مقابلہ کے لئے آمادہ کیا۔ مورخ المقری کا بیان ہے کہ جنگ زلاقہ کے بعد افونش اپنی شکست اور رفقاء کار کے مارے جانے سے دیوانہ ہو گیا تھا۔ اس بنا پر عیسائیوں کے سمجھانے بجھانے سے بدقت تمام مسلمانوں کے مقابلہ کے لئے آمادہ ہوا۔ شکست کی علامت کے طور پر افونش نے جو سیاہ ماتمی لباس پہن رکھا تھا اس کو اس نے اتار اور زرہ فولادی پہنی۔ اور فوج کو دوبارہ ترتیب دے کر عبدالعزیز بادشاہ مرسیہ پر حملہ آور ہوا اور معمولی سی جنگ کے بعد اس نے قلعہ الیت (جس کو انگریزی میں الیڈو کہتے ہیں) کو فتح کر لیا اور قلعہ میں اپنی فوج چھوڑ کر خود طلیطلہ واپس چلا گیا۔

یوسف بن تاشفین کی دوبارہ آمد

اس چھوٹی سی کامیابی پر قلعہ الیت کی عیسائی فوج اس قدر مغرور ہوئی کہ اس نے اشبیلیہ کی سرحد کو تاخت و تاراج کرنا شروع کر دیا۔ المعتمد اپنی عیش پرستیوں کی بدولت اس قدر کمزور ہو گیا تھا کہ عیسائیوں کی اس معمولی شورش کا بھی انسداد نہ کر سکا اور مجبوراً یوسف بن تاشفین کے پاس افریقہ آیا اور اس سے درخواست کی کہ اندلس چل کر عیسائیوں کی سرکوبی کرے۔ یوسف نے خفیہ طور پر ... اندلس چلنے پر آمادگی ظاہر کی چنانچہ ۵ ماہ ربیع الاول ۴۸۱ھ مطابق ۱۰۸۸ء براہ الجزائر اندلس آیا اور آتے ہی قلعہ الیت پر یلغار کر کے ...

ترکی میں فولاد کے کارخانوں کا اجراء

جرمنی کی ایک کمپنی سے معاہدہ ہو گیا

جریدہ "اقدام" کی اطلاع ہے کہ صنعت آہن سازی کی ایجاد و تشکیلات کے لئے حکومت ترکیہ اور ایک جرمنی کمپنی کے مابین جو گفت و شنید ہو رہی تھی اس کا اتمام ہو گیا ہے۔ وزارت مال ترکی اور کمپنی کے نمائندوں کے درمیان معاہدہ پر دستخط ہو گئے ہیں۔ حکومت ترکیہ جرمنی کے انجینیروں کی مشارکت و معاونت سے اپنے حدود میں لوہے اور فولاد کی صنعت جاری کرنا چاہتی ہے اور ایسے کارخانے قائم کرنا چاہتی ہے جہاں سامان حرب کی تیاری کے ساتھ ملکی ضرورت کیلئے لوہے کا سامان بھی تیار ہو سکے۔

نئے شادی شدہ جوڑوں کی قدر

ریل کے کرایہ میں ستر فیصدی کمی

اٹلی کے ڈکٹیٹر مسولینی نے نیم مون (ماہ عسل) کے لئے ایک خاص پالیسی اختیار کر رکھی ہے۔ نئی شادی شدہ جوڑے کو ترغیب دیکر ۱۵ دن اٹلی میں اگر رفاقت کے ایام گزاریں مسولینی نے ایسے جوڑوں کے لئے ریلوے کے کرایہ میں ستر فیصدی کی تخفیف کر دی ہے جو ہنی مون کا سفر کرنا چاہتے ہیں ... ظاہر ہوتا ہے کہ دو سال کے اندر ۲۴۶۸ ... شادی شدہ جوڑوں نے ... چلنے کے ذریعہ سفر کیا۔

شمالی افریقہ کے مسلمانوں پر فرانس کے روح فرسا مظالم

یہودیوں کی حمایت میں مسلمانوں پر آگ کی بارش

پیرس میں مسلم سوسائٹی کے ارکان کی گرفتاری

اسی لاکھ مسلمانوں کو عیسائی بنانے کا عزم

(نو مسلم انگریز خالد شیلڈرک کے قلم سے)

جناب خالد شیلڈرک (نو مسلم انگریز) نے جو آج کل ہندوستان تشریف لائے ہوئے ہیں انگریزی میں ایک بیان بغرض اشاعت اخبارات و رسائل فرمایا ہے جس کا ترجمہ درج ذیل ہے:۔

قسطنطین (شمالی افریقہ) کے واقعات نے فرانسیسی حدود میں بسنے والے مسلمانوں ... قسطنطین کے مسلمانوں پر بلا استثناء جور و ستم ... تیونس، الجزائر اور مراکو کے مسلمانوں نے سخت نفرت ...

قبیلہ کی سرزمین کی ... پچاس ہزار ... کا جبراً تبدیل کر دیا گیا۔ مسلمانان فرانس کی یہ موجودہ حالت ہے۔ بورڈوکس، مارسیلز، لیونز، کلرمنٹ اور فرانس کے دیگر شہروں کے مسلمان سخت احتجاج کر رہے ہیں مگر کوئی شنوائی نہیں ہوتی۔

مسلمانوں پر اشتراکیت اور انارکی کا الزام

عام طور پر فرانسیسی اخبارات مسلمانوں کو کمیونسٹ اور انارکسٹ قرار دے رہے ہیں اور شمالی افریقہ کے مسلمانوں پر (جو فرانس میں مقیم ہیں) سخت جارحانہ حملے کر رہے ہیں۔ ...

... ان کو عمدا یا سہواً مسلمانوں کا سا لباس نہیں پہننا چاہئے۔ بربری مسلمانوں کو مساجد میں جانے کی اجازت نہیں ہے۔ اور مدرسوں کے بچوں کو سوائے ... کے عربی زبان میں تعلیم حاصل کرنے کی اجازت ہے۔ فرانسیسی زبان کی تعلیم جبری ہے۔ اور ہر امکانی کوشش عمل میں لائی جا رہی ہے کہ عربی زبان اور اسلامی تہذیب کو فنا کر دیا جائے۔ بربری مسلمانوں کے دیہات میں پادری منتشر ہیں جن کے ذریعہ مسلمانوں کو مجبور کیا جاتا ہے کہ وہ اپنے بچوں کو مسیحی تعلیم کیلئے عیسائی درسگاہوں میں بھیجیں اور اتوار کو گرجا گھروں میں!

بربری مسلمانوں کو اپنے مقدمات کے انفصال کیلئے موروثی عدالتوں کی بجائے فرانسیسی عدالتوں کیلئے مجبور کیا جاتا ہے۔ ... بربری مسلمانوں ... کو دائرہ اسلام سے خارج کر کے عیسائی بنا لیا جائے۔

مسلمانوں کی آراضی پر قبضہ

یہ صرف مذہب کا سوال نہیں ہے بلکہ اس ملک اور زمین کا بھی سوال ہے ... کوان کی آراضی سے بے دخل کیا جاتا ہے اور ان کی جگہ فرانسیسی نوآبادی بسائی جا رہی ہے۔

... اور مسلمانوں کے خلاف فرانس کی یہ مسلسل جنگ ہے ...

پیرس کے ایک وکیل کی تحقیقات

پیرس کے ایک وکیل رابرٹ لونگٹ اس مقصد کیلئے شمالی افریقہ گئے کہ وہ گرفتار شدہ مسلمانوں کے مقدمات کی پیروی کریں۔ اب یہ وکیل پیرس میں آ گئے ہیں جہاں انہوں نے واقعات کے متعلق ایک مفصل رپورٹ شائع کی ہے۔ ان کا بیان ہے کہ یہودیوں نے منظم سازش کے ماتحت مسلمانوں کو نہ صرف کوچہ و بازار میں مشتعل کیا بلکہ مساجد میں بھی سخت اشتعال انگیزیاں کیں۔

یہ بات قابل غور ہے کہ حکومت فرانس کی جانب سے یہودیوں کو شہری حقوق پورے طور پر حاصل ہیں لیکن مسلمان ان حقوق سے محروم ہیں اور ان کو صرف "رعایا" تصور کیا جاتا ہے۔

فرانس کی "مسلم سوسائٹی" کا اقدام

فرانس میں مسلمانوں کی ایک سوسائٹی "ستارہ اسلام" کے نام سے قائم ہے جس کا ہیڈ کوارٹر پیرس ہے۔ اس نے قسطنطین کے واقعات کے سلسلہ میں ...

"ستارہ اسلام" مسلمانوں کی ایک زبردست انجمن ہے جس کی شاخیں تمام فرانس اور شمالی افریقہ میں پھیلی ہوئی ہیں۔ یہ سوسائٹی اتحاد اسلام کیلئے قائم ہوئی ہے۔ اس کا مقصد یہ ہے کہ شمالی افریقہ کے مسلمانوں کو آزادی دلائی جائے۔ فرانس کے تمام علاقوں میں مسلم حقوق کا تحفظ کیا جائے۔ مسلم پریس کو آزادی دلائی جائے۔ عربی زبان کی ترویج کی جائے اور مسلمانوں کو قعر مذلت سے نکال کر رفعت و بلندی پر پہونچایا جائے۔

فرانس نے ہمیشہ اپنے آپ کو "مسلمانوں کا دوست" ظاہر کیا ہے۔ پیرس میں ایک مسجد تعمیر کرائی۔ ہزاروں مسلمانوں نے جنگ عظیم کے زمانہ میں فرانس کی مدافعت و حفاظت کیلئے اپنی جانیں لڑا دیں۔ پیرس کے شہر میں مسجد کیلئے ایک نہایت عمدہ قطعہ دیا گیا۔ حکومت فرانس نے مسجد کے لئے چندہ دیا اور مسلمان آرٹسٹ قیض اور دیگر بلاد سے مسجد کو بقعہ نور بنانے اور اس میں حسن و جمال پیدا کرنے کیلئے چلے آئے۔

پیرس میں مسلمانوں کی گرفتاریاں

لیکن افسوس! آج معلوم ہو گیا کہ تمام دوستیاں محض عارضی تھیں جو ختم ہو گئیں۔ مسلم سوسائٹی نے پیرس کے ... فرانس کے مسلمانوں کی تکالیف اور شکایات حکومت فرانس اور خدا کی مخلوق کے کانوں تک پہونچا دی جائیں۔ لیکن اجلاس کے سلسلہ میں پیرس کے اندر کیا ہوا؟ فرانسیسی پولیس ... جلسہ گاہ پر دھاوا بول دیا۔ ... دستارہ اسلام" سوسائٹی کے صدر الحاج مصالح ... اور اخبار التقدم کے ایڈیٹر کو گرفتار کر کے ان کو جیل ...

اب جنگ بالکل رک جائے گی

عورتوں نے بچے پیدا کرنے سے انکار کر دیا

لندن کی رپورٹ ہے کہ وہاں ہزار ہا بلکہ سینکڑوں برطانوی عورتیں ... ایسے بچے پیدا کرنے سے باز آ گئے جو آئندہ جنگ میں گولیوں کا نشانہ بنائے جائیں۔ ...

قائد ملت ترکیہ کا جدید قانون

پادریوں کے مذہبی لباس پر پابندی

انگورہ کی ایک اطلاع مظہر ہے کہ غازی مصطفیٰ کمال پاشا نے مجلس ملی ترکیہ میں پیش کرنے کیلئے ایک جدید مسودہ قانون ... کوئی پادری اپنا مذہبی لباس ... گرجا کی چار دیواری کے اندر ... استعمال نہیں کر سکتا۔

دھوکہ سے بچیں!

کوی فوود ویدبھوشن پنڈت ٹھاکر دت شرما وید کی ایجاد کردہ

امرت دھارا (رجسٹرڈ)

(نہایت مفید گھریلو حکیم)

کی شہرت دیکھ کر نقالوں نے اسکی نقلیں بنانا شروع کر دیں۔ اور کئیوں نے پبلک کو دھوکہ دینے کے لئے ملتے جلتے نام رکھے ہیں۔ ایسی سب ادنیٰ معمولی نقلیں ہیں جو وقت پر نقص کو دھوکہ دیتی ہیں۔ امرت دھارا کا نسخہ پنڈت جی کے سوا اور کوئی نہیں جانتا ہے۔ رجان کھانے اسلئے ہوشیار رہئے اور اصلی سچی امرت دھارا کے سوائے نقل نہ خریدئے

قیمت فی شیشی ... نمونہ صرف آٹھ آنے

خط و کتابت کے لئے پتہ۔ امرت دھارا (رجسٹرڈ) لاہور

المشتہر منیجر امرت دھارا اوشدھالیہ امرت دھارا بھون۔ امرت دھارا روڈ۔ امرت دھارا ڈاکخانہ لاہور

ہمارے ایجنٹ دہلی میسرز بہاری لال گھاسی رام کھاری باؤلی اسٹریٹ دہلی

بہترین اور عمدہ سوّیاں

اگر آپکو ہر قسم کی بہترین اور بکفایت سوّیاں خریدنی ہیں تو آپ بہار شاہ حسین صاحب کی دوکان سے خریدیئے۔ یہ دوکان دہلی میں بازار لال چاہ لال مسجد کے نیچے واقع ہے۔

سچا ہمدم و رہبر بے دام

پاک صاف خیالات پیدا کر کے جسمانی و روحانی صحت حاصل کرنے کیلئے دنیا میں سچی خوشی ستیاب کرنے کیلئے آپ اچھی ایک کارڈ تحریر کر کے کتاب کام شاستر بالکل مفت منگالیں۔

وید شاستری۔ جام نگر۔ کاٹھیاواڑ

غیر ملکی اور ملکی ڈاک

مشرق و مغرب کی تازہ خبریں

... کو ہدایت کر دی ہے کہ وہ فوراً سرحد کی طرف روانہ ہو جائیں۔

معاصر "اصلاح" کابل سے معلوم ہوا کہ حکومت افغانستان نے ابھی اپنی طرف سے ... فضل احمد خاں کو ... وزیر عدلیہ کو مقرر فرمایا ہے اور سردار شیر احمد خاں سفیر افغانستان مقیم طہران کو ہدایت کر دی ہے کہ وہ سرحد کیلئے روانہ ہو جائیں اور زور آباد کے واقعہ کی تحقیقات کریں تاکہ شاہ ایران اور دنیا کو معلوم ہو جائے کہ واقعہ کی اصلیت کیا ہے اور یہ کس کی اطلاع کہاں تک صحیح ہے۔

معاصر "اصلاح" سے یہ بھی معلوم ہوا کہ وزیر عدلیہ افغانستان اور سفیر ایران مقیم کابل عنقریب ہرات کی طرف روانہ ہو گئے۔

شاہ افغانستان کی ہمشیرگان کا عقد مسنونہ

مسلمانان ہند کیلئے نمونہ عمل

اعلیٰ حضرت غازی محمد نادر شاہ غازی مرحوم کی دختر "زینب بیگم" کی نسبت سردار محمد داؤد خاں اور دوسری دختر نیک اختر "زہرہ بیگم" کی نسبت سردار محمد نعیم خاں (پسران سردار محمد عزیز خاں شہید مرحوم) کے ساتھ ہوئی تھی اور چند ماہ پیشتر عقد نکاح عمل میں آیا تھا اور یہ فیصلہ ہوا تھا کہ نصف رمضان المبارک میں مراسم عروسی ادا کر دیئے جائیں گے۔ چنانچہ اس فیصلہ کے مطابق پہلے شاہ دخت "زینب بیگم" اور دوسرے روز شاہ دخت "زہرہ بیگم" کے مراسم عروسی کی تعمیل کی گئی۔ پہلے عقد نکاح کی تقریب نہایت سادہ، مختصر اور موافق شرع شریف عمل میں آئی تھی اسی طرح مراسم عروسی بھی نہایت مختصر اور سادہ طریقہ پر عمل میں لائے گئے۔ یہ پہلا موقعہ تھا کہ شاہی خاندان میں تقریب شادی شرع شریف کے بالکل موافق اور نہایت سادہ اور باوقار طریقہ سے منائی گئی اور فضول مراسم اور بدعت کا قلع قمع کیا گیا۔ (کیا مسلمانان ہند کیلئے اس میں کوئی درس عبرت ہے؟)

مجاہدین مراکش کا مستقبل

کوہ اطلس کے دامن میں فرانسیسی افواج کی چھاؤنی

اطلاع ملی ہے کہ حکومت فرانس مجاہدین مراکش کے جہاد آزادی کو روکنے کیلئے کوہ اطلس کے قریب دجار میں ایک زبردست فوجی چھاؤنی قائم کرنے والی ہے۔ اس چھاؤنی میں جو فوج متعین کی جائے گی اس میں ان لوگوں کی تعداد زیادہ ہوگی جن کا زاد بوم مراکش ہے تاکہ نائرہ بغاوت کے مشتعل ہوتے ہی گھر کے بھیدی مجاہدین ٹوٹ پڑیں اور ان کو مستاصل کر دیں۔

فرانس کے فیلڈ مارشل نے فوجی مستقر کیلئے کوہ اطلس کا معائنہ کر کے یہ فیصلہ کیا ہے کہ ایک سال کے اندر اندر یہ جدید معسکر قائم کر دیا جائے۔

اناطولیہ کے زلزلہ زدگان سے ہمدردی

غازی کمال پاشا کا دورہ مسعود

گزشتہ ماہ اناطولیہ کے بعض مقامات میں جو زلزلہ آیا تھا اور جس نے ۲۵ دیہات کو بالکل تباہ کر دیا تھا اس کے سلسلہ میں آفت رسیدہ مقامات کا دورہ خود غازی مصطفیٰ کمال پاشا اور عصمت پاشا وزیر اعظم ترکیہ نے کیا وہاں کے مصیبت زدہ لوگوں کو امداد و اعانت کا یقین دلایا۔ غازی کمال پاشا نے مصیبت زدوں کیلئے خیموں اور گرم کپڑوں کا فوری انتظام کر دیا ہے۔ غازی موصوف نے ملت ترکیہ سے مصیبت زدوں کی امداد کے لئے اپیل کی ہے۔

ترکی اور روسی معاہدہ کی میعاد میں توسیع

انگورہ کی اطلاع مظہر ہے کہ مجلس کبیر ملی (ترکی پارلیمنٹ) کے اجلاس میں اس معاہدہ کے متعلق مذاکرہ شروع ہوا جو ترکی اور روسی سرحدوں کے متعلق تھا۔ بحث و تمحیص کے بعد قرار پایا کہ معاہدہ مذکور کی میعاد میں مزید ۶ ماہ کی توسیع کر دی جائے۔

فرانس اور ترکی میں ایک نئے میثاق کی تشکیل

توفیق رشدی بیگ اور وزارت فرانس میں مذاکرات

انگورہ کی اطلاع ہے کہ توفیق رشدی بیگ وزیر خارجہ ترکیہ اور سٹر بنڈولسکو فرانس وارد ہوئے۔ اور انہوں نے وزارت خارجہ فرانس سے بعض سیاسی اور ملکی امور پر گفت و شنید کا آغاز کر دیا ہے۔ آئندہ چند روز میں میونڈالڈ سے جنیوا کے نتیجہ پر معاملات پر مذاکرات کا طویل سلسلہ جاری ہو جائے گا۔ توفیق رشدی بیگ ... سے گفتگو کریں گے جس کا مطلب یہ ہوگا کہ ترکی کے فرانس سے سیاسی معاملات اور داخلی امور میں نیز بالسنہائے بلقان کی آئندہ تشکیل میں کوئی اور حکومت مداخلت کا اقدام نہ کرے۔

ترکی جرائد سے یہ بھی معلوم ہوا ہے کہ توفیق رشدی بیگ مسئلہ درہ دانیال پر کسی خارجی حکومت سے گفت و شنید کرنے پر تیار نہیں ہیں کیونکہ ان کے خیال میں اس مسئلہ کو صرف ترکی ہی حل کر سکتے ہیں۔ عام طور پر خیال کیا جا رہا ہے کہ درہ دانیال اور آبنائے باسفورس کے معاملات کا ملاً ترکی کے اختیار میں رہیں گے۔

چونکہ معاہدات ملی کے سلسلہ میں فرانس اور ترکی سے روابط مستحکم ہو رہے ہیں اس لئے اٹلی اور فرانس کے تعلقات کی شکست کے امکانات پیدا ہو گئے ہیں۔

قصر دلکشا میں اٹلی اور فرانس کے سفراء

شاہ افغانستان کی جوابی تقریر

اعلیٰ حضرت نادر شاہ والی افغانستان نے اپنے قصر دلکشا میں سفیر اٹلی ... اور سفیر فرانس ... کو شرف باریابی بخشا۔ دونوں سفیروں نے علیٰحدہ علیٰحدہ اپنی سند نمائندگی اعلیٰ حضرت کی خدمت میں پیش کیں اور اپنی حکومتوں کی جانب سے شاہ موصوف کے سامنے تقریریں فرمائیں جن میں حکومت افغانستان کے ساتھ دوستانہ تعلقات و مراسم کے استحکام پر زور دیا اور استقلال افغانستان پر خوشنودی کا اظہار فرمایا۔

سفیر اٹلی نے اپنی تقریر میں ان تعلقات کی طرف اشارہ کیا جو غازی امان اللہ خاں کے زمانہ سے اب تک اٹلی اور افغانستان میں قائم ہیں۔ سفیر فرانس نے بھی حکومت کا شکریہ ادا کرتے ہوئے سیاسی و ملکی روابط کے استحکام کیلئے دعا کی۔

اعلیٰ حضرت نادر شاہ نے ہر دو سفیروں کی سند نمائندگی قبول فرماتے ہوئے تقریر فرمائی اور ان احساسات کا شکریہ ادا کیا جو اٹلی اور فرانس کی جانب سے ظاہر کئے گئے۔ اس کے بعد مجلس برخاست ہوئی۔

دولت ایران و افغانستان کا تحقیقاتی کمیشن

جانبین کے نمائندے زور آباد روانہ ہو گئے

زور آباد کے متعلق ریوٹر نے جو اطلاع دی تھی کہ افغانی سرداروں نے ایرانی سرحد میں بغاوت کی اور دیہات کو لوٹا اس کے متعلق حکومت افغانستان نے دولت ایران سے واقعہ کی تحقیقات کیلئے ایک کمیشن کے تقرر کا مطالبہ کیا تھا اور یہ بھی درخواست کی تھی کہ وزیر خارجہ ایران بنفس نفیس افغانی وزیر کے ہمراہ زور آباد جا کر تحقیقات کریں۔ حکومت ایران نے اس مطالبہ کو تسلیم کر لیا تھا مگر بجائے وزیر خارجہ کے والی خراسان کو تحقیقات کیلئے مامور کر دیا تھا۔ لیکن حکومت افغانستان نے والی خراسان کے تقرر پر ... اعتراض کیا ...

ہندوستان کی صنعتی و زراعتی زندگی کا ایک پہلو

ممالک غیر سے صنعتی تقابل

فیکٹریوں اور ان میں کام کرنے والوں کی تعداد

۱۹۳۱ء کی مردم شماری کے مطابق ہندوستان میں پونے دو کروڑ آدمی یعنی کل کام کرنے والوں کی تعداد کا تقریباً دس فیصدی حصہ صنعت و حرفت کے کاموں میں لگا ہوا تھا۔ صنعت پیشہ گروہ میں جو لوگ شامل کئے گئے تھے ان میں تعداد کی کثرت کے لحاظ سے خاص طور پر قابل ذکر جلاہے، معمولی بڑھئی، نائی، کمہار، موچی، کنجڑے، بھڑبھونجے، درزی، راج، معمار، سنار، لوہار، دھان کوٹنے اور آٹا پیسنے والے، تیلی، رسی بٹنے والے، چاول بیچنے والے وغیرہ ہیں۔ ذیل میں تعداد کی ترتیب کے لحاظ سے مختلف صنعت پیشہ جماعتوں کا ایک نقشہ درج کیا جاتا ہے جس سے ان کی نسبتی اہمیت کا اندازہ کیا جا سکتا ہے۔

فیکٹریوں کی تعداد

بڑے پیمانے کی صنعت اور فیکٹریوں کی تعداد ہندوستان میں بہت محدود ہے۔ کل فیکٹریوں کی تعداد ۹ ہزار ۳ سو ۲۲ ہے اور ان میں کام کرنے والے ۱۷ لاکھ ۲۳ ہزار ہیں۔ جو کل صنعت پیشہ آبادی کا صرف دسواں حصہ ہوتے ہیں۔ ذیل میں مختلف قسم کی فیکٹریوں کا نقشہ درج کرتے ہیں:۔

کام کرنے والوں کی تعداد	نوعیت فیکٹری معہ تعداد
[illegible]	سرکاری، ریاستی اور میونسپلٹی کی فیکٹریاں (اسلحہ، پانی، بجلی ...)
[illegible]	...

کام کرنے والوں کی تعداد	نام صنعت پیشہ جماعتوں کا
[illegible]	روئی کا کاتنے، بننے اور کپڑا رنگنے والے
[illegible]	...

دوسرے ممالک سے مقابلہ

...

ملک اور سال مردم شماری	...	...	تناسب ...
بلجیم	[illegible]	[illegible]	[illegible]
سوئٹزر لینڈ	[illegible]	[illegible]	[illegible]
جرمنی	[illegible]	[illegible]	[illegible]
فرانس	[illegible]	[illegible]	[illegible]
امریکہ	[illegible]	[illegible]	[illegible]
آسٹریا	[illegible]	[illegible]	[illegible]
ڈنمارک	[illegible]	[illegible]	[illegible]
ہندوستان	[illegible]	[illegible]	[illegible]

(جامعہ)

حکومت بلجیم کا مسلمان سفیر

جدہ میں ورود

...



قرص جریان

جریان جیسے تباہ کن مرض کیلئے قرص جریان ایک نعمت ہیں ...

قیمت فی ڈبیہ (بیس یوم کی دوا) دو روپے (عدی)

ہمدرد دواخانہ یونانی دہلی



معجون مقوی معدہ (رجسٹرڈ)

یہ دوا ان اشخاص کے لئے تجویز کی گئی ہے جن کا نظام ہضم جوانی کی غلط کاریوں کی وجہ سے خراب ہو چکا ہے ... قیمت فی ڈبیہ (بیس یوم کی دوا) دو روپے (عدی)

ہمدرد دواخانہ یونانی دہلی

شمالی افریقہ کے مسلمانوں پر …

یہودیوں کی حمایت میں مسلمانوں پر آگ کی بارش

پیرس میں مسلم سوسائٹی کے ارکان کی گرفتاری

اسی لاکھ مسلمانوں کو عیسائی بنانے کا عزم

(نو مسلم انگریز خالد شیلڈریک کے قلم سے)

جناب خالد شیلڈریک (نو مسلم انگریز) نے جو آج کل ہندوستان تشریف لائے ہوئے ہیں انگریزی میں ایک بیان بغرض اشاعت ارسال فرمایا ہے جس کا ترجمہ درج ذیل ہے۔

قسطنطین (شمالی افریقہ) کے حالات نے فرانسیسی حدود میں بسنے والے مسلمانوں ساکنت غم و غصہ کی لہر دوڑا دی ہے قسطنطین کے مسلمانوں پر بلا استثنا بہت زبردست ستم کیا گیا ہے اس کے خلاف ٹیونس، الجزائر اور مراکش کے مسلمانوں نے سخت نفرت و درشت کا اظہار کیا ہے۔ حال میں قسطنطین کے یہودیوں نے نصف ایک مسجد کی بے حرمتی کی بلکہ نہایت ہونہاری سے اپنے مکانوں کی چھتوں اور کھڑکیوں سے مسلمانوں پر سنگ باری کی۔ اس کے بعد جنگ چھڑ گیا اور یہودیوں اور مسلمانوں میں جنگ شروع ہو گئی۔

مسلمانوں پر فرانسیسی پولیس کا حملہ

جنگ برپا ہونے کے بعد فرانسیسی پولیس نے لوگوں پر فائر کئے لیکن بیان کیا جاتا ہے کہ اس نے اس امر کی انتہائی احتیاط کی کہ ان کی گولیوں سے کسی یہودی کو نقصان نہ پہنچے …

پیرس کے ایک وکیل کی تحقیقات

فرانس کی مسلم سوسائٹی کا اقدام

پیرس میں مسلمانوں کی گرفتاریاں

سچا ہمدم و رہبر بے دام

مشرق و مغرب کی تازہ خبریں

فرانس اور ترکی میں ایک نئے میثاق کی تشکیل

توفیق رشدی بیگ اور وزارت فرانس میں مذاکرات

انگورہ کی اطلاع ہے کہ توفیق رشدی بیگ وزیر خارجہ ترکیہ اور مسٹر بنلو ٹسکو فرانس وارد ہوئے۔ اور انہوں نے وزارت خارجہ فرانس سے بعض سیاسی اور ملکی امور پر گفت و شنید کا آغاز کر دیا ہے۔ آئندہ چند روز میں مسیو ولاڈ سے جنیوا کے پیچیدہ معاملات پر مذاکرات کا طویل سلسلہ جاری ہو جائے گا۔ توفیق رشدی بیگ مسیو لاوال سے ایک قرارداد پر معاہدہ کریں گے جو مشرقی یورپ کی جنوبی ریاستوں کے سلسلے میں فرانس اور ترکی کے عدم تعرض کی بنیاد پر منعقد ہوگا۔ اس معاملہ میں مسٹر … توفیق رشدی بیگ کی بہت کچھ امداد کی ہے کیونکہ ان کا خیال ہے کہ اس قسم کا معاہدہ، میثاق لوکارنو کے انعقاد میں سہولت پیدا کرے گا۔

معلوم ہوا ہے کہ توفیق رشدی بیگ ترکی کے اتحاد و اختلاف پر بھی بنلو ٹسکو سے گفتگو کریں گے جس کا مطلب یہ ہوگا کہ ترکی کے فرانس سے سیاسی معاملات اور داخلی امور میں نیز ریاستہائے بلقان کی آئندہ تشکیل میں کوئی اور حکومت …

کو ہدایت کر دی ہے کہ وہ فوراً سرحد کی طرف روانہ ہو جائیں۔

معاصر "اصلاح" کابل سے معلوم ہوا کہ حکومت افغانستان نے بھی اپنی طرف سے … اعلیٰ حضرت فضل احمد خاں مجددی وزیر عدلیہ کو مقرر فرما دیا ہے اور سردار شیر احمد خاں سفیر افغانستان مقیم طہران کو ہدایت کر دی ہے کہ وہ سرحد کیلئے روانہ ہو جائیں اور زور آباد کے واقعہ کی تحقیقات کریں تاکہ شاہ ایران اور دنیا کو معلوم ہو جائے کہ واقعہ کی اصلیت کیا ہے اور رپورٹ کی اطلاع کہاں تک صحیح ہے۔

معاصر "اصلاح" سے یہ بھی معلوم ہوا کہ وزیر عدلیہ افغانستان اور سفیر ایران مقیم کابل عید کے بعد ہرات کی طرف روانہ ہو گئے۔

شاہ افغانستان کی ہمشیرگان کا عقد مسنونہ

مسلمانان ہند کیلئے نمونہ عمل

معاصر "اصلاح" کابل میں شاہی خاندان کی شادی کے متعلق مندرجہ ذیل اطلاع شائع ہوئی ہے۔

اعلیٰ حضرت غازی محمد نادر شاہ غازی مرحوم کی دختر "زیب بیگم" کی نسبت سردار محمد داؤد خاں اور دوسری دختر نیک اختر "زہرہ بیگم" کی نسبت سردار محمد نعیم خاں …

مجاہدین مراکش کا استقلال

کوہ اطلس کے دامن میں فرانسیسی افواج کی چھاؤنی

قصر دلکشا میں اٹلی اور فرانس کے سفراء

شاہ افغانستان کی جوابی تقریر

اناطولیہ کے زلزلہ زدگان سے ہمدردی

غازی کمال پاشا کا … معود

دولت ایران و افغانستان کا تحقیقاتی کمیشن

جانبین کے نمائندے زور آباد روانہ ہوگئے

ترکی اور روسی معاہدہ کی میعاد میں توسیع

قرص جریان

معجون مقوی معدہ

ہمدرد دواخانہ یونانی دہلی

ہندوستان کی صنعتی و زراعتی زندگی کا ایک پہلو

ممالک غیر سے صنعتی تقابل

فیکٹریوں اور انہیں کام کرنیوالوں کی تعداد

۱۹۲۱ء کی مردم شماری کے مطابق ہندوستان میں پونے دو کروڑ آدمی یعنی کل کام کرنیوالوں کی تعداد کا تقریباً دس فی صدی حصہ صنعت و حرفت کے کاموں میں لگا ہوا تھا صنعت پیشہ گروہ میں جو لوگ شامل کئے گئے تھے ان میں تعداد کی کثرت کے لحاظ سے خاص طور پر لائق ذکر جلاہے، دھوبی، بڑھئی، نائی، کمہار، موچی، کنجڑے، منہیار، درزی، راج، معمار، سنار، لوہار، دھان کوٹنے، آٹا پیسنے والے، تیلی، رسی بٹنے والے، چمار، بھڑبھونجے وغیرہ ہیں۔ ذیل میں تعداد کی ترتیب کے لحاظ سے مختلف صنعت پیشہ جماعتوں کا ایک نقشہ درج کیا جاتا ہے جس سے ان کی نسبتی اہمیت کا اندازہ کیا جا سکتا ہے۔

نام صنعت پیشہ جماعتوں کا	کام کرنیوالوں کی تعداد
روئی کے کاتنے، بننے اور کلف دینے والے	۳۲ لاکھ
کپڑا دھونے اور صاف کرنے والے	۱۲ لاکھ
بڑھئی، خراطی وغیرہ	۱۱ لاکھ
نائی، حجام وغیرہ	۱۰ لاکھ
مٹی کے برتن بنانے والے	۱۰ لاکھ

فیکٹریوں کی تعداد

بڑے پیمانے کی صنعت اور فیکٹریوں کی تعداد ہندوستان میں بہت محدود ہے۔ کل فیکٹریوں کی تعداد ۹ ہزار ۴ سو ۲۲ ہے اور ان میں کام کرنے والے ۱۷ لاکھ ۴۳ ہزار ہیں جو تمام صنعت پیشہ آبادی کا صرف دسواں حصہ ہوتے ہیں ہم مختلف قسم کی فیکٹریوں کا نقشہ درج کرتے ہیں:—

نوعیت فیکٹری معہ تعداد	کام کرنیوالوں کی تعداد
شکاریوں (؟) کا کام کرنے اور ٹھیریا بنانے والے وغیرہ	۱ ہزار
افیون بنانے والے	۴۴
گانجا بنانے والے	۲۵
…	۶ ہزار
روئی اور گرنیل بنانے کے کارخانے ۔ (اسمیں کپاس صاف وغیرہ کے کارخانے شامل ہیں) ۲۹۰۶	۱۱ لاکھ ۲۲ ہزار
متفرق ۔ (اسمیں رسی اور دیگر متفرق کارخانے شامل ہیں) ۱۲۰	۱۷ ہزار
کل تعداد فیکٹری ۹ ہزار ۴ سو ۲۲ — کل تعداد مزدور	۱۷ لاکھ ۴۳ ہزار

دوسرے ممالک سے مقابلہ

ہندوستان میں پونے دو کروڑ آدمی یعنی کل کام کرنے والوں کی تعداد کا تقریباً دس فی صدی حصہ صنعت و حرفت کے کاموں میں لگا ہوا ہے۔ دوسرے ممالک کے مقابلہ میں یہ تناسب بہت حقیر معلوم ہوتا ہے۔ جیسا کہ ذیل میں درج کئے ہوئے نقشہ سے ظاہر ہوگا:—

ملک اور سال مردم شماری		تناسب کان کنی اور صنعت	تناسب زراعت
برطانیہ	۱۹۱۱ء	۵۷ فی صدی	۱۲ فی صدی
سکاٹستان	۱۹۱۱ء	۴۳ "	۲۸ "
جرمنی	۱۹۰۷ء	۴۳ "	۲۹ "
فرانس	۱۹۱۱ء	۳۹ "	۴۱ "
امریکہ	۱۹۲۰ء	۳۲ "	۲۶ "
آسٹریا	۱۹۱۱ء	۲۷ "	۴۸ "
ڈنمارک	۱۹۱۱ء	۲۷ "	۳۶ "
ہندوستان	۱۹۲۱ء	۱۰ "	۷۳ "

(جامعہ)

حکومت بلجیم کا مسلمان سفیر

جدہ میں ورود

دہلی میں مسلم یونٹی بورڈ کا اجلاس

ایجنڈہ کی اشاعت

مسلم یونٹی بورڈ کی ورکنگ کمیٹی کے گذشتہ جلسہ کے فیصلہ کے بموجب یونٹی بورڈ کا آئندہ جلسہ ۲۱ جنوری یوم دوشنبہ بوقت دس بجے دن دہلی میں بر مکان مولانا شوکت علی صاحب واقع تیلیوں کا بازار متصل دہلی دروازہ منعقد ہوگا۔ ایجنڈا حسب ذیل ہے۔

(۱) بورڈ کے دستور اساسی میں ایسی ترمیمات کی منظوری جن کی رو سے بورڈ کی ضلع وار اور صوبہ وار شاخوں کی نمائندگی مرکزی جماعت میں ممکن ہو۔

(۲) مسلمانوں کی سنی اور شیعہ جماعتوں میں زیادہ بہتر اور خوشگوار تعلقات کو ترقی دینے کی غرض سے اور ملک کے انتخابی اداروں اور مجالس قانون ساز میں شیعہ جماعت کو کافی نمائندگی دینے کے لئے ایسی اسکیم پر غور و بحث جس کی رو سے لازمی طور پر جماعت مذکورہ کو اپنا پورا اور جائز حق ملتا رہے۔

(۳) مسلم یونٹی بورڈ کے سالانہ اجلاس کے لئے صدر کا انتخاب اور تاریخ و دیگر تفصیلات کا تصفیہ۔

(۴) سیاسیات حاضرہ پر غور و بحث اور مسلمانان ہند کے لئے ایک سیاسی پالیسی و پروگرام کی ترتیب جو سالانہ اجلاس میں منظوری کے لئے پیش کیا جائے گا۔

(۵) بورڈ کی مزید صوبہ وار و ضلع وار شاخوں کے قیام اور صوبہ متحدہ و دیگر صوبجات میں دورے کے پروگرام کی ترتیب۔

(۶) دیگر مسائل با اجازت جناب صدر۔

(نوٹ) ایجنڈے کی پہلی مد میں جن ترمیمات کا ذکر ہے ان کی ترتیب کے لئے ایک سب کمیٹی مقرر کی گئی تھی کہ وہ بورڈ کے جلسہ سے قبل لکھنؤ میں اپنا جلسہ منعقد کر کے ان کو مرتب کرلے۔ اس سب کمیٹی کا جلسہ چند موانع کی وجہ سے لکھنؤ میں نہ ہو سکا۔ لہٰذا اس سب کمیٹی کے معززارکان سے جن کے اسمائے گرامی درج ذیل ہیں۔ استدعا ہے کہ وہ بورڈ کے جلسہ سے ایک روز قبل …

ارکان کے اسمائے گرامی

غازی آباد کے قریب مسلح ڈاکہ

بندوقوں کے فائر میں مکان لوٹ لئے

اسمبلی میں وائسرائے کی تقریر

ممبروں سے درباری پوشاک پہننے کی درخواست

کارخانہ داروں اور مزدوروں میں مصالحت

دہلی میں مسلم یونٹی بورڈ کا اجلاس
ایجنڈہ کی اشاعت

مسلم یونٹی بورڈ ورکنگ کمیٹی کے گزشتہ جلسے کے فیصلے کے بموجب یونٹی بورڈ کا آئندہ جلسہ ۱۳ جنوری یوم دوشنبہ بوقت دس بجے دن دہلی میں بر مکان مولانا شوکت علی صاحب واقع متصل بازار ترکمان دروازہ منعقد ہوگا۔ ایجنڈا حسب ذیل ہے۔

(۱) بورڈ کے دستور اساسی میں ایسی ترمیمات کی منظوری جن کی رو سے بورڈ کی ضلع وار اور صوبہ وار شاخوں کی نمائندگی مرکزی جماعت میں ممکن ہو۔

(۲) مسلمانوں کی سنی اور شیعہ جماعتوں میں زیادہ بہتر اور خوشگوار تعلقات کو ترقی دینے کی غرض سے اور ملک کے انتخابی اداروں اور مجالس قانون ساز میں شیعہ جماعت کو کافی نمائندگی دینے کے لئے ایسی اسکیم پر غور و بحث جس کی رو سے مندرجہ بالا طور پر جماعت مذکور کو اپنا پورا اور جائز حق ملتا رہے۔

(۳) مسلم یونٹی بورڈ کے سالانہ اجلاس کے لئے صدر کا انتخاب اور تاریخ و دیگر تفصیلات کا تصفیہ۔

(۴) سیاسیات حاضرہ پر غور و بحث اور مسلمانان ہند کے لئے ایک سیاسی پالیسی و پروگرام کی ترتیب جو سالانہ اجلاس میں منظوری کے لئے پیش کیا جائے گا۔

(۵) بورڈ کی مزید صوبہ وار و ضلع وار شاخوں کے قیام اور صوبہ وار و دیگر صوبہ جات میں ... پروگرام کی ترتیب۔

(۶) دیگر مسائل بہ اجازت جناب صدر۔

(نوٹ) ایجنڈے کی پہلی مد میں جن ترمیمات کا ذکر ہے ان کی ترتیب کے لئے ایک سب کمیٹی مقرر کی گئی تھی کہ وہ بورڈ کے جلسہ سے قبل لکھنؤ میں اپنا جلسہ منعقد کرکے ان کو مرتب کرے۔ اس سب کمیٹی کا جلسہ چند موانع کی وجہ سے لکھنؤ میں نہ ہو سکا لہٰذا اس سب کمیٹی کے ... اراکین ... سے جن کے اسمائے گرامی ...

جناب نواب محمد اسمٰعیل خان صاحب۔ جناب راجہ صاحب سلیم پور۔ جناب راجہ نواب علی خان صاحب۔ جناب مولانا مفتی کفایت اللہ صاحب۔ جناب مولانا احمد سعید صاحب۔ جناب مولانا عبدالماجد صاحب۔ جناب مولانا مفتی عنایت اللہ صاحب۔ جناب مرزا عابد حسین صاحب۔ جناب مولوی تصدق احمد خاں شیروانی صاحب۔ جناب مولانا شوکت علی صاحب۔ جناب چودھری خلیق الزماں صاحب ... ثنی صاحب۔

(سید ذاکر علی)
(سکریٹری آل انڈیا مسلم یونٹی بورڈ)

غازی آباد کے قریب مسلح ڈاکہ
بندوقوں کے فائر میں مکان لوٹ لئے

غازی آباد ۱۲ جنوری۔ غازی آباد کے قریب واقع موضع ... سے ایک مسلح ڈکیتی کی اطلاع ملی ہے۔ بیان کیا جاتا ہے کہ ڈاکوؤں نے تین مکانوں کو لوٹ لیا۔ ڈاکوؤں نے ... تجوریاں بھی توڑ ڈالیں۔

گاؤں والوں کو خوف زدہ کرنے کے لئے ڈاکوؤں نے فائر بھی کئے مگر کوئی شخص مجروح نہیں ہوا۔ مزید تفصیلات کا انتظار ہے۔ پولیس ڈاکوؤں کی تلاش میں سرگرداں ہے۔

اس سلسلہ میں یہ امر قابل ذکر ہے کہ ۸ جنوری کو غازی آباد ریلوے اسٹیشن پر شہر میں چار اشخاص گرفتار کئے گئے تھے جن کے پاس سے ایک پستول اور دیگر اوزار برآمد ہوئے تھے اس کے بعد ہی ڈاکہ پڑا ہے۔

رام سنگھ نامی ایک شخص جو ڈاکوؤں کا سرغنہ بتلایا جاتا ہے گرفتار شدگان کے ساتھ حرکت پور اسٹیشن پر اتر گیا تھا۔ اس کے پاس بہت سے ہتھیار تھے اور حرکت پور ایک چھوٹا اسٹیشن ہے اس لئے وہاں اس کو گرفتار نہیں کیا جا سکا یہ موجودہ ڈاکہ رام سنگھ کا کام بتایا جاتا ہے یو۔ پی گورنمنٹ نے رام سنگھ کی گرفتاری کے لئے تین ہزار روپیہ کے انعام کا اعلان کیا ہوا ہے۔

اسمبلی میں وائسرائے کی تقریر
ممبروں سے درباری پوشاک پہننے کی درخواست

نئی دہلی ۱۲ جنوری۔ وائسرائے اسمبلی چیمبر میں ... بجے شام کو تقریر کریں گے ممبروں سے درخواست کی جاتی ہے کہ پندرہ منٹ پہلے اپنی نشستوں پر آجائیں۔ ممبروں سے درخواست کی گئی ہے کہ وہ وائسرائے کی تقریر کے روز درباری لباس پہنیں پریذیڈنٹ کا انتخاب ۱۷ جنوری کو ہوگا مسٹر ... نے والیان ریاست کے تحفظ کے قانون میں ترمیم کے لئے ایک بل پیش کرنے کا نوٹس دیا ہے۔

کارخانہ داروں اور مزدوروں میں مصالحت

دہلی ۱۳ جنوری۔ ایسوسی ایٹیڈ پریس کو معتبر ذرائع سے معلوم ہوا ہے کہ احمد آباد کے کارخانہ داروں اور مزدوروں کے نمائندوں کے درمیان اجرت کے مسئلہ کے بارے میں سمجھوتہ ہو گیا ہے۔

اس سلسلہ میں یہ امر قابل ذکر ہے کہ کارخانہ داروں اور مزدور یونین کے نمائندے گذشتہ چند روز سے گاندھی جی کے ساتھ مشورہ کر رہے ہیں۔

انبالہ اور روہیلکھنڈ ڈویژنوں کے ساتھ دہلی کو علیحدہ صوبہ بنایا جائے
تیس ہزاری کے میدان کو پرانی دہلی کی میونسپلٹی کے حوالہ کیا جائے
اسمبلی میں مسٹر آصف علی کے سوالات

دہلی ۱۲ جنوری۔ دہلی حلقہ سے منتخب ہوتے ہی مسٹر آصف علی صاحب نے حکومت کو دہلی کے مسائل سے باخبر کرنا شروع کر دیا ہے۔ مسٹر آصف علی نے آئندہ اسمبلی کے لئے سوالات دریافت کرنے کا جو نوٹس دیا ہے اس کی فہرست طویل ہے۔ اس میں کا ایک سوال یہ ہے کہ دہلی کو ایک الگ اور مستقل صوبہ بنایا جائے ایک دوسرے سوال کے ذریعہ حکومت کی توجہ پنجاب یوپی اور دہلی صوبہ کی از سر نو تقسیم کی جانب مبذول کرائی جائے گی۔ تاکہ پنجاب سے انبالہ ڈویژن کے اضلاع میرٹھ، آگرہ اور روہیلکھنڈ کے ڈویژن کو سوائے ضلع ... کے صوبہ دہلی میں ملحق کرکے ایک الگ صوبہ بنا دیا جائے۔ مسٹر آصف علی سوالات میں یہ بھی واضح کریں گے کہ ان اضلاع میں تمدنی اور لسانی اتحاد قائم ہے۔ مسٹر آصف علی نے حکومت کی توجہ قرول باغ کے ان علاقوں کی طرف بھی مبذول کرائی ہے جہاں سخت غلاظت رہتی ہے۔ یہ بھی تجویز کی ہے کہ پرانی دہلی کے علاقہ میں تکیہ نزد دلی کی جو ۲۵ لاکھ مربع گز زمین بیکار پڑی ہے اس میں سکونتی مکانات تعمیر کرائے جائیں تاکہ شہر کی موجودہ گنجان آبادی کو کچھ آرام ملے۔ مسٹر آصف علی نے حکومت سے یہ بھی مطالبہ کیا ہے کہ تیس ہزاری کا میدان جو پچاس سال سے بیکار پڑا ہے پرانی دہلی کی میونسپلٹی کے حوالہ کیا جائے۔

مسٹر آصف علی کانگریس سے مستعفی ہو گئے

دہلی ۱۲ جنوری۔ لالہ دیش بندھو کے کانگریس سے مستعفی ہونے کی خبر دی جا چکی ہے۔ مزید تحقیقات پر معلوم ہوا ہے کہ آپ کے بھائی مسٹر دھرم پال گپتا نے بھی مقامی کانگریس کمیٹی سے استعفیٰ دے دیا ہے ان کا استعفیٰ منظور ہو گیا ہے اور مسٹر دھرم پال کی جگہ مسٹر رگھونندن سرن ایم اے کو منتخب کیا گیا تھا۔ معلوم ہوا ہے کہ جب ان انتخاب کی مسٹر رگھونندن سرن کو خبر ملی تو انہوں نے اسے نامنظور کر دیا۔ مسٹر آصف علی بیرسٹر اور مولانا عارف ہسوی کبھی مقامی کانگریس کمیٹی کو اپنا استعفیٰ بھیج چکے ہیں۔ معلوم ہوا ہے کہ ہنوز یہ استعفے منظور نہیں ہوئے ہیں۔

واضح رہے کہ مسٹر آصف علی صوبہ کانگریس کمیٹی کے صدر منتخب ہو چکے ہیں۔

مہاراجہ کوہاپور کے نام ناظم جمعیۃ علماء ہند کا تار
گولی چلنے کے واقعہ کی تحقیقات کا مطالبہ

دہلی ۱۲ جنوری۔ حضرت مولانا حافظ احمد سعید صاحب ناظم جمعیۃ علماء ہند نے مہاراجہ کوہاپور کے نام حسب ذیل برقیہ ارسال فرمایا ہے:۔

اجرا کے افسوسناک واقعہ نے مسلمانان ہندوستان کو بے چین کر دیا ہے مہربانی فرماکر فوراً تحقیقات کے لئے ایک ایسے آزاد کمیشن کا تقرر کیجئے جو مسلمانوں کی کافی تعداد پر مشتمل ہو۔

(مولانا) احمد سعید ناظم جمعیۃ علماء ہند

ریاست کوہاپور میں مسلمانوں کا قتل
پولیس کی گولیوں سے نو مسلمان شہید

کوہاپور ۹ جنوری۔ کل ایک ماتحت ریاست اجرا کی میں شدید ہنگامہ ہو گیا۔ اجرا نامی ایک چھوٹے سے گاؤں میں پولیس نے فیر کئے جس میں نو مسلمان شہید اور بیس شدید طور پر زخمی ہوئے۔

الزام لگایا گیا ہے کہ مسلمانوں نے کلہاڑیوں لاٹھیوں اور پتھروں سے مسلح ہو کر ریاست کے بعض ملازمین پر حملہ کر دیا یہ ملازمین ایک ملزم کو گرفتار کرنے گئے تھے ریاست کے آدمیوں نے مجمع کو منتشر کرنے کے لئے فیر کئے۔

مسلمان آج صبح سویرے آکر مہاراجہ کے محل کے ارد گرد جمع ہو گئے کہ وہ فریاد سنیں اور درخواست کریں۔ برطانوی ریذیڈنٹ کے دفتر کے پھاٹک پر بھی لوگ جمع ہو گئے۔ کرنل ... گورنر جنرل کو ... اطلاعات مل رہی ہیں۔

اجرا ایک بہت ہی چھوٹا سا گاؤں ہے جس کی آبادی دو ہزار نفوس سے زیادہ نہیں مسلمان وہاں تین سو کے قریب ہیں بقیہ سب ہندو ہیں۔

مسلمان تعزیرات ہند کو نہیں مانتے
مسٹر اسلم بیرسٹر پر مقدمہ چلایا جائے گا

کراچی ۱۱ جنوری۔ "اسلام رسول کی توہین کرنے والے کے قتل کی اجازت دیتا ہے۔ اور مسلمانوں کا تعزیرات ہند پر کوئی اعتقاد نہیں ہے۔ اور نہ مسلمان اس کی دفعات کے پابند ہیں"۔ یہی وہ الفاظ ہیں جو ناتھو رام کے قاتل عبدالقیوم کے وکیل مسٹر محمد اسلم نے عدالت کے روبرو بحث کے دوران میں استعمال کئے تھے۔

آیا اس قسم کے الفاظ قابل اجازت ہیں۔ اس کا فیصلہ عدالت کی کُل بنچ میں کیا جائے گا۔ جو جوڈیشل کمشنر مسٹر روپ چند بلہ مادر مسٹر ... پر مشتمل ہوگی۔

اس سلسلہ میں یہ امر قابل ذکر ہے کہ مقامی بار کونسل نے اس قسم کے الفاظ پر اعتراض کیا تھا۔ اور مسٹر اسلم کے خلاف ضابطہ کی کارروائی کرنے کی اپیل کی تھی۔

سرحد کے سیاسی کارکنوں پر پابندیاں

پشاور ۱۲ جنوری۔ ضلع پشاور میں قانون امن عامہ کی چند دفعات کی تجدید کے نتیجہ کے طور پر پشاور سب ڈویژن کے تقریباً دس سیاسی کارکنوں پر حکم امتناعی کے نوٹسوں کی تعمیل کی گئی ہے۔

دار الحکومت

عیدگاہ میں ایک لاکھ مسلمانوں کا اجتماع
پولیس کا بہترین انتظام

۷ جنوری۔ عید کی نماز عیدگاہ میں آج صبح نہایت شاندار طریقہ کے ساتھ دس بجے ادا کی گئی۔ کم و بیش ایک لاکھ سے زائد مسلمانوں کی شرکت کا اندازہ کیا جاتا ہے مسلمانوں کے علاوہ بعض غیر مسلم حضرات بھی بطور تماشائی جمع تھے جو مسلمانوں کے اس طرز عبادت کو نہایت حیرت و استعجاب کے ساتھ دیکھ رہے تھے حسن اتفاق سے مسز نائیڈو جو آج کل دہلی میں آئی ہوئی ہیں وہ بھی مسٹر آصف علی کے ہمراہ عیدگاہ میں تشریف لائی تھیں مسٹر آصف علی ایم۔ ایل۔ اے جب تک نماز میں مشغول رہے مسز نائیڈو مسلمانوں کی نماز کو نہایت مسرت کے ساتھ دیکھتی رہیں مسز نائیڈو کے علاوہ کانگریس کے اور بھی غیر مسلم لیڈر عید کی نماز اور مسلمانوں کے اس عظیم الشان اجتماع کو دیکھنے کے لئے تشریف لائے تھے ...

... گنجائش نہیں رہی اور سچ تو یہ ہے کہ موجودہ دہلی کے مسلمانوں کے لئے یہ عیدگاہ بالکل ناکافی ہے۔ عیدگاہ کے باہر کی زمین چونکہ ہموار نہیں ہے بلکہ عیدگاہ کے چاروں طرف پہاڑ ہے اس لئے نماز ادا کرنے اور صفوں کو ترتیب دینے میں بہت دشواری ہوتی ہے امید ہے کہ اس معاملہ پر عیدگاہ کمیٹی اور لوکل گورنمنٹ خاص طور پر توجہ کرے گی۔

وفد ڈپٹی کمشنر سے کل ملاقات کرے گا مجمع کے منتشر ہو جانے کے بعد حوض قاضی اور لاہوری دروازہ کی پولیس کے سب انسپکٹر بھی موقعہ پر پہونچ گئے۔ ابھی تک لوگ کھلی ہوئی قبر کو دیکھنے کے لئے برابر جا رہے ہیں۔ حاجی اشفاق الدین میونسپل کمشنر نے ٹھیکہ دار کو مزید ہدایات جاری ہونے تک کام کرنے سے روک دیا ہے۔ قبر کو اس پتھر سے ڈھک دیا گیا ہے جو اس پر سے اتارا گیا تھا۔

امام منزل میں تقریب سعید

یہ امر تمام مسلمانوں کے لئے عموماً اور مسلمانان دہلی کے لئے خصوصاً موجب مسرت ہے کہ امسال شمس العلماء مولانا سید احمد صاحب امام جامع مسجد کے پوتے سید عبداللہ صاحب جن کی عمر تقریباً بارہ سال ہے قرآن شریف کے حفظ سے فارغ ہو گئے۔ حافظ سید عبداللہ کے والد مولانا حافظ سید حمید صاحب خلف شمس العلماء مولانا سید احمد صاحب نے اس موقع پر معززین و عمائدین کا ایک عام اجتماع ۲۵ رمضان المبارک کو امام منزل میں منعقد کیا۔ جس میں افطاری اور نماز مغرب کے بعد سب سے پہلے ہندوستان کے ممتاز شاعر نواب سراج الدین صاحب سائل جانشین داغ نے ایک نظم اپنے خاص انداز میں پڑھ کر سنائی۔ اس کے بعد حاضرین کو ایک پُرتکلف دعوت دی گئی۔ دعوت میں ہر طبقہ کے تقریباً آٹھ سو مسلمان موجود تھے۔

بعد فراغ طعام ایک معتدبہ جماعت ختم قرآن کی شرکت کی غرض سے امام منزل میں ٹھہری رہی جو امام صاحب کے ہمراہ جامع مسجد تک ایک جلوس کی شکل میں گئی جامع مسجد میں پہونچ کر حافظ سید عبداللہ صاحب نے نوافل میں قرآن شریف ختم کیا۔ شمس العلماء مولانا سید احمد صاحب امام جامع مسجد نے جامع مسجد کمیٹی کی جانب سے اپنے پوتے کے سر پر دستار باندھی اور خلعت پہنایا۔ اور حاضرین کو مخاطب کرتے ہوئے امام صاحب موصوف نے ایک تقریر کی۔ تقریر کے دوران میں فرمایا۔ ہماری نسل اور خاندان میں یہ گیارہواں امام ہوگا۔ خدا کا شکر ہے کہ ... سب حاضرین نے آمین کہی۔ اور اظہار مسرت کیا۔ پھر دعا مانگی کے بعد مٹھائی کے خوان لائے گئے۔ اور بلا امتیاز سیکڑوں آدمیوں کو نہایت کشادہ پیشانی اور فراخ دلی کے ساتھ اس کو تقسیم کیا گیا۔ بچوں نے کئی کئی دفعہ مٹھائیاں مانگیں اور ان کو بلا پس و پیش دی گئی۔ جامع مسجد میں اس رات کو روشنی کا بھی خاص انتظام کر دیا گیا تھا۔ ننھا حافظ شرعی لباس میں ملبوس تھا۔ ایک سہرا جو مزید زیب تن تھا۔ قرآن کریم نہایت عمدہ قرأت کے ساتھ بلاجھجک با آواز بلند سنایا۔ خدا اس بچہ کی عمر دراز فرمائے اور علم دین سے اسکو مالا مال کر دے اور اس کے والد حضرت امام صاحب قبلہ کو جزائے خیر دے اور بڑے امام صاحب قبلہ کو بھی ایسا سعادتمند پوتا مبارک ہو۔

(منظور حسن رضوی)

جمعیۃ علماء ہند کی امداد

جمعیۃ علماء ہند کی امداد کے سلسلے میں رمضان المبارک میں یہ اعلان کیا گیا تھا کہ جو اہل خیر حضرات جمعیۃ علماء کی امداد کے لئے رقوم روانہ کریں وہ زکوٰۃ یا فطرہ وغیرہ کی تفصیل کر دیا کریں تاکہ ان کی رقم کو احتیاط کے ساتھ اسی میں صرف کیا جا سکے۔

چونکہ بعض حضرات نے روپیہ روانہ کرتے وقت اس قسم کی تفصیل کا اظہار نہیں کیا اس لئے مکرر یہ اعلان کیا جاتا ہے کہ جو صاحب امدادی رقوم روانہ کریں وہ مہربانی فرماکر روپیہ کی تفصیل ضرور دیا کریں تاکہ خط و کتابت کے مصارف کا بار دفتر پر نہ پڑے۔

دہلی عیدگاہ کی توسیع کا مسئلہ
حکومت زمین دینے کو تیار ہے

دہلی ۱۱ جنوری۔ معتبر ذرائع سے معلوم ہوا ہے کہ حکومت عیدگاہ کی توسیع کے لئے ملحقہ آراضی نزول مسلمانوں کو دینے کے لئے تیار ہے اور آنریبل چیف کمشنر نے اسی سلسلہ میں ڈپٹی کمشنر کے پاس ہدایات بھیج بھی دی ہیں۔ لیکن یہ آراضی غیر ہموار ہے۔ اور اسے ہموار کرانے کے لئے ایک معقول رقم کی ضرورت ہے۔ سات مسلمان لیڈروں کی ایک سب کمیٹی بنی جو اس کو ہموار کرانے کے لئے عملی تدابیر اختیار کرے گی۔ کمیٹی کے سکریٹری حافظ عبدالعزیز ... ایڈووکیٹ جونیئر وائس چیرمین دہلی میونسپل کمیٹی ہیں۔

خالدہ ادیب خانم کا دہلی میں ورود
سلسلۂ تقاریر کا پروگرام

دہلی۔ ترکی کی مشہور مصنفہ اور انقلاب ترکی کی ... خالدہ ادیب خانم ۸ جنوری کی شب کو فرنٹیر میل سے دہلی تشریف لے آئیں۔ آپ جامعہ ملیہ اسلامیہ میں انقلاب ترکی کے مختلف پہلوؤں پر لیکچروں کا سلسلہ شروع کریں گی۔ آپ کا قیام ڈاکٹر انصاری صاحب کے بنگلہ پر ہے۔ گیارہ جنوری کو خالدہ ادیب خانم نے ایک پارٹی میں جو بیگم انصاری نے ان کے اعزاز میں دی تھی ایک تقریر کی۔ جس کے دوران میں آپ نے فرمایا کہ اگرچہ میں قدرتاً اپنی طبیعت پر قابو رکھتی ہوں اور جذبات سے بالاتر۔ لیکن میں کچھ تنگی محسوس کرتی ہوں۔ اور مجھے اپنے ملک کی وہ ضرب المثل یاد آتی ہے جس کا مطلب یہ ہے خدائے تعالیٰ نے انسانوں کی مختلف نسلیں بنائی ہیں لیکن جنس لطیف کی صرف ایک ہی قوم اور نسل ہے۔

جامعہ ملیہ میں آپ کی تقریروں کا سلسلہ ۱۵ جنوری سے شروع ہوگا جس کا پروگرام حسب ذیل ہے۔

لیکچر ۱۔ ۱۵ جنوری ۷ بجے شام (مقامی ٹائم) صدر ڈاکٹر انصاری صاحب
لیکچر ۲۔ صدر گاندھی جی۔ ۱۹ جنوری ۷ بجے شام
لیکچر ۳۔ صدر مولانا ابوالکلام آزاد۔ ۲۲ جنوری ۷ بجے شام
لیکچر ۴۔ صدر مسز دھنی نیڈو ۲۶ جنوری
لیکچر ۵۔ صدر کا اعلان بعد میں کیا جائیگا ۲۹ جنوری
لیکچر ۶۔ " ۲ فروری
لیکچر ۷۔ " ۵ فروری
لیکچر ۸۔ " ۹ فروری۔

کھڑکی فراشخانہ میں ایک پرانی قبر کا انکشاف
مسلمانوں کا ہجوم۔ زعماء کی آمد

(دہلی ۱۲ جنوری) کل صبح کھڑکی فراشخانہ میں ایک میونسپل ٹھیکہ دار کی نگرانی میں ایک مکان کی نیو کھودی جا رہی تھی کہ وہاں یکایک ایک قبر نمودار ہوئی جس سے مسلمانوں میں سنسنی پھیل گئی مسلمانوں کے اجتماع پر مزدوروں نے کام بند کر دیا۔ اس موقعہ پر حکیم محمد علی خاں ماہر حکیم سراج الدین خاں صاحب۔ حاجی اشفاق الدین میونسپل کمشنر مولوی ممتاز احمد خوندجی۔ اور نواب ... الدین بی اے وکیل بھی پہونچ گئے۔ ان حضرات نے مسلمانوں کو یہ اطمینان دلاکر کہ یہ مقام حکام کو دکھایا جائیگا منتشر کر دیا۔ پبلک کو یہ بھی اطمینان دلایا گیا کہ پانچ آدمیوں کا ایک

الجمعیۃ دہلی
یوم چہارشنبہ ۱۰ شوال المکرم ۱۳۵۳ھ ہجری

بسم اللہ الرحمن الرحیم

"اتحاد" کا "اعلان جنگ"
جمعیۃ علماء، مسلم کانفرنس اور امارت شرعیہ
(۶)

تیسرا مطالبہ

اتحاد کا تیسرا مطالبہ یہی یعنی

انجمن امارت کا باضابطہ انتخاب کیا جائے اور بہار کی ایک نمائندہ اسلامی کانفرنس کے اندر اس کے دستور اساسی کو منظور کیا جائے۔

دوسرے بے سروپا مطالبات کی طرح چند در چند غلط فہمیوں اور مغالطوں پر مبنی ہے۔ جہاں تک امارت شرعیہ کا تعلق ہے سب کو معلوم ہے کہ حضرت امیر شریعت صوبہ بہار ...

اغراض کے لئے قوم کی اسلامی زندگی کو تباہ و برباد کرنے اور امارت کے خلاف اعلان جنگ کرکے مذہب کے خلاف جنگ کرنے کی کوشش نہ کرتا۔ اس کے گزرے زمانہ میں صوبہ بہار کی امارت شرعیہ کا نظام سب سے زیادہ صحیح مذہبی و قومی نظام ہے اور جس کی تنظیم پہلے ہی پوری طرح غور و خوض کے بعد کی گئی ہے۔

پانچواں اور چھٹا مطالبہ

... اعلان" کی طرح کتنے ہی جنگی اعلانات کیوں نہ شائع ہوں۔ (باقی آئندہ)

شذرات

ہندوستان اور انگلستان کا معاہدہ

ایسی حالت میں جب کہ ہندوستان پر حکومت کرنے کا مقصد ہی یہ ہے کہ اس زرخیز ملک سے تجارتی فوائد حاصل کئے جائیں اور انگلستان کی دولت کو بڑھایا جائے تو پھر ظاہر ہے کہ موجودہ حکومت کے ماتحت جو کچھ تجارتی معاہدے ہوں گے وہ ہندوستان ہی کے مفاد کو نقصان پہنچانے والے ہوں گے۔ اگر ہندوستان کی اپنی حکومت ہوتی اور ہندوستان کی طرف سے گفت و شنید کرنے والے اور معاہدہ پر دستخط کرنے والے وہ لوگ ہوتے جن پر باشندگان ملک کو اعتماد ہوتا اور جو ان کی نمائندگی و نیابت کا حق ادا کر سکتے تو بلاشبہ اس معاہدہ پر جو تجارتی معاملات کے متعلق ابھی حال میں انگلستان و ہندوستان کے مابین ہوا ہے۔ مختلف پہلوؤں سے بحث کی جا سکتی تھی اور اس کے اندر ہندوستانی مفاد کے خلاف جو دفعات موجود ہیں ان کی بنا پر ان لوگوں سے مطالبہ کیا جا سکتا تھا جو ہندوستان کے نمائندے ہو کر جاتے۔ مگر ایسی حالت میں کہ ہندوستان اور انگلستان دونوں کی جانب سے خود حکومت برطانیہ ہی کے بالواسطہ و بلاواسطہ مقرر کئے ہوئے نمائندوں نے معاہدہ پر دستخط کئے ...

فرقہ وارانہ مظاہرے

پنڈت مالویہ جی اور ان کی نیشلسٹ پارٹی نے کمیونل ایوارڈ کے مسئلہ پر جو کشمکش پیدا کر دی ہے اس کے نتائج بد ہمیں پہلے ہی سے نظر آ رہے تھے مالوی جی کی نیشلسٹ پارٹی نے "اینٹی کمیونل ایوارڈ" مہم کا جو آغاز کیا ہے اس کا پروگرام ۷ جنوری کو عام مظاہروں سے شروع ہوتا ہے اور اس کی تائید ہندو مہاسبھا بھی کر رہی ہے۔ اب معلوم ہوا ہے کہ مسلم کانفرنس کے سکریٹری حاجی رحیم بخش صاحب نے بھی ۹ جنوری ۱۹۳۵ء کے لئے اعلان کر دیا ہے کہ اس روز کمیونل ایوارڈ کی موافقت میں مظاہرے کئے جائیں۔ اور اس طرح ہندوؤں اور مسلمانوں کا ایک سرگرم محاذ قائم کیا جا رہا ہے۔ ہم اس کی تمام تر ذمہ داری مالوی جی اور ان کی جماعت پر سمجھتے ہیں اور ان کے اس طریق کار کو ملک و قوم ...

انجام دی تھیں ہم ان کے اعزا و احباب کے ساتھ دلی ہمدردی کا اظہار کرتے ہیں۔

دو مشہور و قابل ہستیوں کی وفات

حوادث واحکام
(استفتاء گرجا ...)

الجواب

الجمعیۃ ... مفتی ... محمد کفایت اللہ ...

اسمبلی میں مسٹر فضل الحق کی تجاویز

وائسرائے کی ایگزیکٹو کونسل کو توڑ دیا جائے

نئی دہلی ۱۰ جنوری: مسٹر اے کے فضل الحق ممبر اسمبلی نے اسمبلی کے اجلاس میں ایک ریزولیوشن پیش کرنے کا نوٹس دیا ہے جس سے وزیر گورنر جنرل کی ایگزیکٹو کونسل کو توڑنے کا مطالبہ کیا ہے۔

اب تک اسمبلی ڈیپارٹمنٹ میں تقریباً ۲۰۰ ریزولیوشن اور ان سے زائد سوالات کے متعلق نوٹس موصول ہو چکے ہیں۔ جو سیاسی، اقتصادی اور سوشل معاملات کے متعلق ہیں۔

مسٹر فضل حق نے گورنر جنرل بہ اجلاس کونسل سے سفارش کی کہ بجٹ کی ڈیفیشنسی جو آمدنی ہو وہ تمام صوبہ بنگال کو دیدی جائے تاکہ وہاں ابتدائی تعلیم مفت اور کسانوں کی بہبودی کی اسکیم پر عمل کیا جا سکے۔

سردار سردول سنگھ نے ایک ریزولیوشن کے ذریعہ پنجاب شملہ اور مقدمہ سازش لاہور بابت ۱۹۱۵ء کے قیدیوں کی رہائی کا مطالبہ کیا ہے۔

مسٹر فضل الحق نے ایک ریزولیوشن کا نوٹس دیا ہے کہ ممبران اسمبلی پر مشتمل ایک کمیٹی مقرر کی جائے جو حکومت ہند کے اخراجات کے بارے میں تحقیقات کرے۔ اور تجاویز پیش کرے۔ آپ نے تجویز کیا کہ ۲۰۰ روپیہ ماہانہ سے کم تنخواہ پانے والے ملازمین کی پانچ فیصدی تخفیف کو بحال کر دیا جائے۔ اور کمی کو پورا کرنے کے لئے بھاری مشاہرہ پانے والے ملازمین کی تنخواہ میں کمی کر دی جائے۔

علیحدگی سندھ کے بارے میں اسمبلی میں بحث کی جائے گی جبکہ حکومت کو مسٹر اپیٹی کی طرف سے متعدد سوالات کا جواب دینا ہو گا۔ [illegible]

مرزائے قادیان کی تعلیمات کی پردہ دری کرنا ہر مسلمان کا فرض ہے

حکومت سواد اعظم کے جذبات کو چیلنج نہ دے

مہتمم دار العلوم دیوبند کا اعلان

تبلیغ کانفرنس قادیان کے سلسلہ میں حکومت کی طرف سے زعیم ملت مولانا سید عطاء اللہ شاہ بخاری پر جو مقدمہ چلایا گیا ہے اس نے کروڑ ہا مسلمانوں کے قلوب میں اضطراب و ہیجان کی لہر پیدا کر دی ہے۔ مرزا غلام احمد قادیانی جس نے سب و شتم کے تیروں سے عامۃ المسلمین کے قلب و جگر کو چھلنی کر ڈالا اور جن کی مشق ناوک افگنی سے شاید ہی کوئی مذہبی جماعت مستثنیٰ نہیں رہی حتیٰ کہ انبیاء علیہم الصلوٰۃ والسلام اور رب انبیاء کے سردار حضرت محمد رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کی بارگاہ رفیع بھی اس کی زبان درازیوں سے محفوظ و مامون نہیں رہ سکی اگر اس کی تعلیمات و مکائد کا پردہ فاش کرنا اور اس کی مرتدانہ گستاخیوں کا جائزہ لینا ہی شاہ صاحب ممدوح کا بڑا بھاری جرم تصور کیا گیا ہے تو میں پوری قوت کے ساتھ اعلان کرتا ہوں کہ اس جرم کے مجرم ہم سب ہیں اور کوئی کلمہ گو خواہ کسی فرقہ سے تعلق رکھتا ہو اس جرم کی حمایت سے بری نہیں۔ حکومت وقت نے اس سلسلہ میں شاہ صاحب ممدوح پر مقدمہ چلا کر اسلامی سواد اعظم کے جذبات کو چیلنج کرنا یقیناً ایک غیر دانشمندانہ اقدام ہے۔ [illegible]

میں تمام فرزندان دار العلوم سے خصوصی طور پر اپیل کرتا ہوں کہ وہ ان دو واسطوں میں اسلام کے وفادار خدام کی حیثیت سے کمربستہ ہو جائیں اور اسلام و مرزائیت کے مقابلہ میں ایک لمحہ کے لئے بھی غفلت و سستی اور جبن سے کام نہ لیں۔ واللہ الموفق

(محمد طیب غفرلہ مہتمم دار العلوم دیوبند)

ٹاؤن کانگریس کمیٹی اور صوبہ کمیٹی سے

مولانا عبد الحلیم صاحب صدیقی کا استعفا

حلیمیہ ٹاؤن کانگریس کمیٹی لکھنؤ ہو سابق پریسیڈنٹ ٹاؤن کانگریس کمیٹی لکھنؤ۔

لکھنؤ ٹاؤن اور ضلع کانگریس کمیٹی کے جدید انتخابات کے نتائج میں کارکنوں کے باہمی اختلافات کی ناقابل تعریف اسپرٹ محسوس کر کے مجھکو دلی قلق ہوا۔ اسی وقت میں نے ارادہ کیا تھا کہ نیابت صدر کی ذمہ داری اور صوبہ کمیٹی کی ممبری سے علیحدہ ہو جاؤں لیکن بعض دوستوں کے امید دلانے سے کہ جلد حالات رو بہ اصلاح ہو کر عارضی تلخی کو ختم کر دیں گے۔ میں نے ... تامل کیا۔ اب جبکہ کافی عرصہ گزر چکا ہے اور اختلافات کا خلیج بجائے کم ہونے کے وسعت اختیار کرتا جا رہا ہے یہاں تک کہ مسٹر موہن لال سکسینہ جیسے مخلص اور باہمت رکن مایوس ہو کر اپنی علیحدگی کے اعلان پر مجبور ہوئے۔ میرے لئے لازمی ہے ... ناممکن ہے کہ بحالت موجودہ لکھنؤ کی کانگریس کمیٹیوں کی کسی ذمہ داری یا صوبہ کی ممبری پر قائم رہوں۔ لہٰذا اس ٹاؤن کانگریس کمیٹی کی وائس پریسیڈنسی اور صوبہ کمیٹی کی ممبری سے مستعفی ہوتا ہوں۔ اگر ان دو ذمہ داریوں کے علاوہ بھی کسی کمیٹی یا سب کمیٹی میں مجھکو چنا گیا ہو تو اس سے بھی میرا استعفا سمجھا جائے۔

آج کی تاریخ سے مندرجہ بالا ذمہ داریوں سے خود کو سبکدوش سمجھتا ہوا پریس کو اپنی علیحدگی اور استعفا کی اطلاع روانہ کر رہا ہوں۔ فقط

عبد الحلیم الصدیقی
سابق وائس پریسیڈنٹ ٹاؤن کانگریس کمیٹی
ورکن صوبہ کانگریس کمیٹی لکھنؤ

وائسریگل ہاؤس کے پاس گولی چل گئی

دہلی ۹ جنوری۔ نئی دہلی سے اطلاع موصول ہوئی ہے کہ وائسریگل ہاؤس پر پہرہ دینے والے ایک گورے کی ایک ہندوستانی سپاہی سے کسی بات پر تکرار ہو گئی بہا جاتا ہے کہ گورے نے غصہ میں آکر سپاہی پر ... [illegible]

علاقہ سار کی ملکیت کا اعلان

مختلف طاقتوں کے مظاہرے

سار برکن ۱۱ جنوری۔ جرمن فورس نے اپنے تمام ہم خیالوں کو ہدایت کی ہے کہ ۱۲ جنوری کی شام کو تمام جرمن مکانات آراستہ کئے جائیں تاکہ ان کی شناخت ہو سکے کہ یہ جرمن مکانات ہیں۔ مکانوں میں روشنی کرنے کی بھی ہدایت کی گئی ہے۔ مخالفین نے بھی اسی قسم کی ہدایتیں جاری کی ہیں۔ کمیشن نے انتظام کیا ہے کہ سار کے باشندوں کو بذریعہ براڈ کاسٹ نتیجہ بتایا جا سکے۔ نتیجہ ۱۴ جنوری کو دس اور بارہ بجے کے درمیان نکل جائے گا نتیجہ ٹھیک ہوتے ہی جالک کو براڈ کاسٹ کیا جائیگا اس کے بعد اخباروں کے نمائندوں کو تار دینے اور ٹیلیفون کرنے کی اجازت دی جائے گی۔ براڈ کاسٹ اسلئے کیا جائے گا کہ لوگوں کا ہجوم نہ ہو۔ سب لوگ اپنے گھروں میں بیٹھے ہوئے نتیجہ معلوم کر سکیں۔ اور سار کی گلیوں میں بھی کسی قسم کا ہنگامہ نہ ہوگا۔

طے ہوا ہے جس پر کل نوجنوری کو لندن میں طرفین کے نمائندوں نے دستخط کر دیئے ہیں۔ یہ معاہدہ دراصل اسی معاہدہ کا ضمیمہ ہے جو ۱۹۳۳ء میں اوٹاوہ میں طے ہوا تھا۔ اس معاہدہ کے ساتھ دستخط بھی شائع کئے گئے ہیں جو مسٹر ڈالٹر انسی مین اور سر بی این متر نے مذکورہ معاہدہ پر دستخط ہونے کے بعد ایک دوسرے کو لکھے ہیں۔

ریلوے تصادم سے ۲۲ اشخاص ہلاک

ماسکو۔ ماسکو اکیسپریس کے حادثہ کے متعلق تازہ اعداد و شمار سے ظاہر ہوتا ہے کہ ہلاک شدگان کی تعداد ۲۲ تک پہنچ گئی ہے۔ مجروحین کی تعداد ۵۶ ہے۔ جن کی حالت خطرناک بیان کی جاتی ہے۔ بیان کیا جاتا ہے کہ بعض ریلوے ملازمین کی بے احتیاطی سے یہ حادثہ پیش آیا جس اسٹیشن پر حادثہ ہوا تھا اس کا اسٹیشن ماسٹر حادثہ کے بعد ہی روپوش ہو گیا تھا۔ اسے پولیس نے گرفتار کر لیا ہے۔

سے مسٹر گوند ناتھ ... رائے بہادر وینکٹا رمن آئر کو مدراس سے اسمبلی کے لئے نامزد کیا گیا ہے۔ ان کو ملا کر اب نامزد شدہ اور منتخب شدہ ممبران کی فہرست مکمل ہو گئی ہے۔ صرف دو ضمنی انتخاب باقی رہ گئے ہیں۔ ان میں سے ایک ناگپور سے اور دوسرا بردوان ڈویژن سے ہوگا جو نشست سر ... اسپیکر اسمبلی کی وفات سے خالی ہو گئی ہیں۔

برطانیہ اور ہندوستان کو جدید معاہدہ

نئی دہلی ۱۰ جنوری۔ حکومت ہند اور حکومت سلطنت متحدہ دیعنی حکومت برطانیہ وہ دیگر مقبوضات) کے درمیان ایک تجارتی معاہدہ

آتشگیر مادہ پھٹ گیا

کلکتہ ۱۱ جنوری۔ یہاں کے نواحی مقام بلی گھوریا میں جو کلکتہ سے سات میل کے فاصلہ پر ہے ایک مکان میں آتشگیر مادہ پھٹنے سے بہت زور کا دھماکا ہوا۔ اسلئے پولیس فوراً موقعہ پر پہونچ گئی اور مکان کا محاصرہ کر لیا۔ اور تین بنگالی نوجوانوں کو گرفتار کر لیا۔ جب تلاشی لی گئی تو وہاں سے بہت سے کاغذات نقشے اور کتابیں برآمد ہوئیں۔

اسمبلی کے ممبران کی فہرست مکمل ہو گئی

نئی دہلی ۱۰ جنوری۔ مسٹر ایم چٹرجی اور مسٹر این آر کمرجی کو بنگال ...

محبوب عاشق کے قدمو نپر

ہدیہ عمل تین روپیہ کے بجائے سوا روپیہ۔ اس عظیم رعایت سے فائدہ اٹھائیے ... [illegible]

ملنے کا پتہ۔ فضل شاہ عامل گلی راجان دہلی

[illegible]

اربج طبیب حاذق (ایڈیٹر) سنگیان سہارنپور

نمبر ۱۲

اشتہار مشعر حکم حاضری مدعا علیہ

(زیر آرڈر ۵۔ قاعدہ ۲۰ مجموعہ ضابطہ دیوانی)

بعدالت جناب مولوی الٰہی بخش خاں صاحب منصف و جج مطالبہ خفیفہ کوئٹہ

نمبر مقدمہ ۱۳۰۸ بابتہ ۱۹۳۴ء

ہری چند لال چند بذریعہ ہری چند سکنہ بیک چند ... کوئٹہ مدعی بنام سردار خاں ولد نادر خاں سکنہ کوئٹہ حال عدم پتہ مدعا علیہ

دعویٰ للعہ ۸

بنام سردار خاں سکنہ کوئٹہ حال عدم پتہ

مقدمہ مندرجہ عنوان بالا میں مدعا علیہ مسمی سردار خاں مذکور تعمیل سمن سے دیدہ و دانستہ گریز کرتا ہے اور روپوش ہے اسلئے اشتہار ہذا بنام مدعا علیہ سردار خاں مذکور جاری کیا جاتا ہے کہ اگر مذکور بتاریخ ۱۷ جنوری ۱۹۳۵ء کو بمقام کوئٹہ حاضر عدالت ہذا نہیں ہوگا تو اس کی نسبت کارروائی یکطرفہ عمل میں آوے گی۔

آج بتاریخ ۷ دسمبر ۱۹۳۴ء کو بہ دستخط میرے اور مہر عدالت کے جاری ہوا۔

(دستخط جج بخط انگریزی) (مہر عدالت)

میونسپل کمیٹی۔ دہلی

ٹرمنل ٹیکس ڈپارٹمنٹ

نوٹس

کمیٹی نے بروئے اسپیشل میٹنگ قرارداد ۵ مورخہ ۵ دسمبر ۱۹۳۴ء مندرجہ ذیل اشیاء پر ٹرمنل ٹیکس بشرح جو ہر ایک کے بالمقابل درج ہے لگانے کا فیصلہ کیا ہے۔

اگر کوئی تحریری اعتراض یا مشورہ مورخہ ۱۰ فروری ۱۹۳۵ء یا اس سے پیشتر صاحب سکرٹری بہادر کے پاس پہنچے گا تو اس پر غور کیا جاویگا۔

نام اشیاء	موجودہ شرح فی من	مجوزہ شرح فی من
(۱) میتھیلیٹڈ اسپرٹ	-/-/6	-/2/-
(۲) اسٹو پر ساختہ دھات	-/5/-	-/8/-
(۳ الف) سوڈا بائی کارب (اگر بوری یا ڈرام میں ہو)	-/-/6	-/1/-
(۳ ب) سوڈا بائی کارب (اگر پیکٹ یا بکس میں ہو)	-/6/-	-/6/-
(۴ الف) کاسٹک سوڈا (اگر بوری یا ڈرام میں ہو)	-/-/6	-/1/-
(۴ ب) کاسٹک سوڈا (اگر پیکٹ یا بکس میں ہو)	-/-/6	-/6/-

دستخط سوہن لال
آر۔ بی۔ ایم۔ بی۔ ای۔ بی۔ سی۔ ایس
سکرٹری میونسپل کمیٹی دہلی

بعد سرسوں کی تعزیت لی ... دوران جلوس اور اجلاس مساجد میں انجمن فدائے سنت و انجمن تبلیغ الاسلام نے نمایاں حصہ لیا۔

(قائم مقام سکرٹری انجمن فدائے سنت مراد آباد)

یتیم خانہ اسلامیہ مراد آباد

یتیم خانہ اسلامیہ مراد آباد ایک عرصہ سے قومی خدمت انجام دے رہا ہے اس میں بچوں کو دینی تعلیم اور حفظ قرآن کے علاوہ کفش دوزی اور خیاطی کا کام بھی سکھایا جاتا ہے۔ اس کی مالی امداد کے لئے ایک سفیر یعقوب علی صاحب کو روانہ کیا جا رہا ہے۔ برادران اسلام ان کے ذریعہ اس مدرسہ کی امداد فرمائیں۔

(محمد عاشق علی مہتمم مدرسہ۔ مراد آباد محلہ مغل پورہ)

سات اشخاص کو ہلاک کر کے خودکشی کر لی

کرنٹی ۱۰ جنوری۔ ایک شخص نے گھر کے جھگڑے کی حالت میں مغلوب الغضب ہو کر اپنی بندوق سے گولیاں چلانی شروع کر دیں۔ جس سے سات اشخاص ہلاک ہوئے۔ ان میں سے ایک خاندان کے تین بچے اور ان کے والدین تھے اور ایک میاں بیوی تھے۔ اول الذکر خاندان کے دو دیگر اشخاص زخمی ہوئے۔ پولیس نے اس شخص کو قابو میں کرنا چاہا لیکن اس نے گرفتاری سے قبل ہی خودکشی کر لی۔

ایک ہفتہ میں ڈیڑھ کروڑ کا سونا یورپ کو

بمبئی ۱۲ جنوری۔ ۱۲ جنوری کو ختم ہونے والے ہفتہ میں بمبئی سے یورپ اور امریکہ کو ۱۴۷۵۹۹۰۹ روپیہ کا سونا بھیجا گیا۔ جس وقت سے برطانیہ نے طلائی معیار کو ترک کیا ہے اس وقت سے اب تک تقریباً دو ارب اور پندرہ کروڑ کا سونا ہندوستان سے باہر جا چکا ہے۔

شدید فساد سے سترہ اشخاص مجروح

بنگلور ۱۱ جنوری۔ ایک ہندو بیوہ کے ساتھ ایک مسلم نوجوان کے ناز یبا سلوک سے سلور اور دقع کی گلی کے دو فریقوں میں زبردست لڑائی کرا دی۔ جس میں ۱۷ اشخاص مجروح ہو گئے۔ ان میں سے ایک شدید مجروح ہوا۔

پولیس نے اس سلسلہ میں ۳۰ اشخاص کو گرفتار کیا ہے۔

روس میں پھر ریل گاڑیوں کا تصادم

ماسکو ۱۰ جنوری۔ کل صبح یاسستوان ڈم واقع روس میں مجروق گاڑیاں لڑ گئیں۔ جس سے چھ اشخاص ہلاک اور ۲۴ زخمی ہوئے۔ اس سے پہلے گاڑیوں کے تصادم میں ۱۳ اشخاص ہلاک ہوئے تھے۔

صوبہ سرحد میں یوم شریعت کے شاندار مظاہرے

ارکان کونسل سے شریعت بل پاس کرانے کا مطالبہ

سرحد کے گوشہ گوشہ میں زندگی کی لہر

۱۳ جنوری کو جمعیۃ العلماء کے زیر اہتمام مسجد مہابت خاں میں مسلمانان پشاور و مضافات پشاور نے حسب اعلان مرکزی شریعت کانفرنس یوم شریعت بڑے اعلیٰ پیمانہ پر منایا۔ شہر کے علاوہ بیرونجات سے ہزاروں کی تعداد میں لوگوں نے شرکت فرمائی۔

تقریباً ۱۲۰۰۰ ہزار کا عظیم الشان مجمع تھا۔ جلسہ مرکزی جمعیت علمائے صوبہ سرحد کے ماتحت سوا گیارہ بجے شروع ہوا۔ جلسہ کی صدارت جناب حکیم فضل حق صاحب فاضل دیوبند نے قبول فرمائی۔ صدر موصوف نے شریعت حقہ اسلامیہ پر ... رسم و رواج کے نقصانات پر بالتفصیل روشنی ڈالی اور کہا کہ مسلمانوں کی دینی و دنیوی فلاح و بہبودی کا واحد ذریعہ قرآن کریم پر عمل کرنا ہے۔ اگر مسلمان چاہتے ہیں کہ وہ پستی سے بلندی، ذلت سے عزت حاصل کریں تو شریعت اسلامیہ کے نہایت سختی سے پابند ہو جائیں۔ صحابہ کرام اور قرون اولیٰ کے مسلمانوں کے عروج کا راز صرف یہی تھا کہ انہوں نے دین متین کے اٹل اور ناقابل تنسیخ قوانین کو اپنا شاہراہ عمل تجویز کیا۔ یہی وجہ تھی کہ انہوں نے قلیل عرصہ میں اقوام عالم کے سامنے اپنی زندگی کا ایسا زبردست ثبوت دیا کہ تمام غیر میں حیرت و استعجاب سے انگشت بدنداں رہ گئیں۔

ازاں بعد مولانا عبد الودود صاحب نے مختصر سی تقریر کی اور ذیل کی تجویز پیش کی۔ مسلمانان پشاور کا یہ جلسہ عام مسودہ قانون شریعت بل کی پرزور تائید کرتا ہے جو کہ مسلم آزاد جماعت نے مجلس قانون ساز سرحد میں پیش کیا ہے۔ اور تمام ارکان کونسل سے بالعموم اور مسلم ارکان کونسل سے بالخصوص استدعا کرتا ہے کہ وہ اس بل کو جلد از جلد قانونی شکل میں منظور کرا کر ... مسلمانان سرحد کے متفقہ مذہبی مطالبہ کو پورا کریں۔ اور یہ اجلاس حکومت سرحد سے بھی پر زور مطالبہ کرتا ہے کہ وہ بھی اس مسودہ قانون کی منظوری میں کسی قسم کی رکاوٹ پیدا نہ کرے۔

(اعزازی ایسکرٹری جمعیت علمائے صوبہ سرحد پشاور)

دیگر مقامات پر جلسے

(۱) اسی طرح ۱۳ جنوری کو تہنگی میں جلسہ ہوا اور مذکورہ بالا تجویز منظور کی گئی۔
(۲) ... تحصیل مردان میں زیر صدارت جناب بہرام خاں جلسہ ہوا اور تجویز منظور کی گئی۔
(۳) ... زیر صدارت مولوی عبد الواحد صاحب جلسہ ہوا اور تجویز منظور ہوئی۔
(۴) ... تحصیل مردان میں زیر صدارت فقیر محمد صاحب جلسہ ہوا۔
(۵) ... تحصیل مردان میں زیر صدارت ملک زین خاں جلسہ ہوا اور تجویز منظور کی گئی۔
(۶) ... تحصیل مردان میں ... کی صدارت میں جلسہ ہوا اور تجویز منظور کی گئی۔
(۷) بمقام کاٹلنگ تحصیل ... زیر صدارت میاں غلام احمد جلسہ ہوا اور تجویز منظور ہوئی۔
(۸) ... زیر صدارت مولانا عبد الودود جلسہ ہوا۔
(۹) بمقام ... زیر صدارت مولوی ... جلسہ منعقد ہوا اور تجویز منظور ہوئی۔
(۱۰) بمقام شاہ ڈھنڈ محمد ابراہیم صاحب کی صدارت میں جلسہ ہوا۔

مسٹر جناح کا بیان

دہلی ۲۳ جنوری۔ انڈی پنڈنٹ پارٹی کے ممبروں نے ...

دہلی میں براڈکاسٹنگ اسٹیشن کی تعمیر

انقلابی پروپیگنڈہ کے انسداد کی تدبیر

... ریڈیو اسٹیشن ہیں وہ روس کے انقلابی لیکچر نہ سنے جائیں گے۔

دہلی کا براڈکاسٹنگ اسٹیشن اکتوبر ۱۹۳۵ء تک بالکل تیار ہو جائے گا۔

شکست کے بعد ترکوں کا فوجی وقار تمام تر بر باد ہو چکا تھا۔ دوسرے روس ایسی زبردست قوت محض اس امید پر حلفاء کے ساتھ شریک ہوئی تھی کہ اسے آبنائے باسفورس مال غنیمت میں ملیگا۔

نوجوانوں کی ایک مختصر سی جماعت جو زیادہ تر فوجی افسران پر مشتمل تھی جرمن کا ساتھ دینے کے حق میں تھی۔ ان کے نزدیک ایسی جماعت کے ساتھ شرکت جس میں ترکی کے قدیم اور روایتی دشمن شریک ہوں ناممکن تھی۔ چنانچہ ۲ اگست ۱۹۱۴ء میں جرمن سے ایک خفیہ معاہدہ ہوا۔

اس خفیہ معاہدہ کے ایک ہفتہ بعد انور پاشا روسی سفیر سے ملا اور اس کے سامنے بعض شرائط پر روس کا ساتھ دینے کی تجویز پیش کی لیکن وہاں سے کوئی جواب نہ ملا ...

جنگ عظیم میں ترکی کا حصہ

مشرق اور مغرب کی آویزش

انجمن اتحاد و ترقی کا فلسفہ

اور تعلیم یافتہ ترکوں کے لئے تجارت میں جگہ نکالی گئی۔ تجارتی کالج کھولے گئے۔ صنعت و حرفت کے مدرسے قائم ہوئے اور طلبہ کو صنعت و دستکاری سیکھنے کے لئے باہر بھیجا گیا۔ ...

اسی زمانہ میں پہلی دفعہ ترکی آبادی کی روز افزوں قلت کا احساس ہوا چنانچہ حکومت نے صحت عامہ اور حفظان صحت کے خیال سے طبی اور جسمانی سرگرمیوں کا افتتاح کیا۔

تعلیمی اصلاحات

انجمن اتحاد و ترقی کا سب سے زیادہ شاندار کارنامہ تعلیمی اصلاح ہے۔ واقعہ یہ ہے کہ ترکی کی موجودہ تعلیمی حکمت عملی کی بنیاد انہوں نے رکھی تھی۔ ...

خارجی حکمت عملی

ترکی جنگ میں کیوں شریک ہوا

انجمن اتحاد و ترقی کی اقتصادی اصلاحات

نئی حکومت نے ملک کی اقتصادی حالت کو درست کیا۔ اجنبی امتیازات ۱۹۱۴ء میں منسوخ کر دی گئیں۔ اور نیا ٹیرف نافذ کیا گیا۔ یورپینوں پر ٹیکس لگائے گئے۔

اس موقع پر بلقانی ریاستوں نے جنگ کا اعلان کیا تو ترکوں کو یورپی حکومتوں سے بیچ میں پڑنے کی پرزور درخواست کی لیکن ان کی کسی نے نہ سنی۔ بلقانی تو بعض زمانہ تک ترکی کی حاصل کرتی قسطنطنیہ تک پہنچ گئیں ...

مختلف سیاسی تحریکات کا ظہور

انجمن اتحاد ترقی کے رہنماؤں کی غلط اندیشی

تاجدار مدینہ علیہ الصلوٰۃ والسلام کے مقدس فرامین

دنیا کے بادشاہوں کے نام

جو آج تک تاریخ اور سیرت کی کتابوں میں گوہر نایاب کی طرح بکھرے پڑے تھے اور دنیا ان کی برکات سے محروم تھی حضرت مولانا حفظ الرحمٰن صاحب سیوہاروی نے ان کو سالہا سال کی کوشش اور وسیع مطالعہ کے بعد بیش بہا علمی مباحث تاریخی اور حدیثی تحقیقات اس مقدس مراسلت پر مرتب ہونے والے سیاسی اور مذہبی اہم ترین نتائج کے ساتھ یکجا جمع کر کے

بلاغ مبین

کے نام سے شائع کیا ہے در حقیقت مولانا نے بلاغ مبین مرتب کر کے علمی اور مذہبی دنیا پر ایک بے نظیر احسان عظیم کیا ہے جس کے لئے اردو لٹریچر ہمیشہ مولانا کا شکر گزار رہے گا۔ سلاست زبان، دلکش طرز بیان اور قوت استدلال کے لحاظ سے بلاغ مبین عہد حاضر کا علمی و ادبی شاہکار ہے ... صفحات، کاغذ سفید چکنا ... کتابت و طباعت اعلیٰ ... اصلی نامہ مبارک کا عکسی فوٹو۔ ان تمام خوبیوں کے باوجود قیمت صرف دو روپے (عہ) ۳۰ شوال المکرم تک محصول و پیکنگ معاف۔

ملنے کا پتہ:۔ (مولوی) محمد ادریس مینیجر دفتر بلاغ مبین دہلی یا مینیجر مکتبہ اسلامیہ سیوہارہ ضلع بجنور

عراق ریلوے

(۱) نجف، کربلا، کاظمین، سامرہ اسلامی مقامات مقدسہ کی زیارت کا انتظام عراق ریلوے نے کیا ہے یہ سفر نہایت قلیل کرایہ اور کم وقت میں طے ہوگا دوران سفر میں ہر ممکن آسائش بہم پہنچائی جائیں گی۔

مکہ معظمہ کو جاتے ہوئے عراق کے مقامات مقدسہ کی زیارت کرو

حجاج کے لئے کوپن ٹکٹ جاری کر دیے گئے ہیں۔ جو ایک سو پچاس دن تک کارآمد ہوں گے۔

۵۰ کلو وزن اسباب پر کوئی زائد کرایہ نہیں لگایا جائے گا۔

شرح کرایہ درج ذیل ہے:۔

بک "اے"

	تھرڈ کلاس	سکنڈ کلاس
معقل (بصرہ) سے کربلا تک اور کربلا سے بغداد یا کاظمین (بجواد بن اسٹیشن) تک اور کاظمین سے سامرہ تک اور واپس براستہ کاظمین معقل تک	۱۲/-/-	۴۲/-/-

بک "بی"

معقل بصرہ سے کربلا تک اور وہاں سے بغداد یا کاظمین تک اور واپس معقل تک۔

ہندوستان میں حجاج کو صرف تیسرے درجے کے ٹکٹ مل سکتے ہیں، سکنڈ کلاس کی ٹکٹیں معقل کے مقام پر خریدی جا سکتی ہیں۔ تمام حجاج معقل (بصرہ) میں ہمارے ایجنٹ کو ملیں۔ تین سال سے کم عمر کے بچے کا کرایہ معاف ہوگا اور دس سال سے کم عمر کے بچے کیلئے نصف ٹکٹ خریدنا ہوگا۔

بغداد سے دمشق تک بذریعہ موٹر ... دن کا راستہ ہے ...

(پنپال بغداد کو کیبل کا پتہ) عراق ریلوے بغداد ...

شائقین مرغ کیلئے نادر موقعہ

(المشتہر:۔ مینیجر پالٹری فارم ... ضلع کرنال (پنجاب))

ہمالیہ

پہاڑ جہاں سونے چاندی اور لوہے کی کانیں ہوتی ہیں وہاں ان کا ست لیکر عنایت پروردگار سے یہ سلاجیت پیدا ہوتا ہے ہم ایسے دشوار گزار مقامات سے عرصہ پچاس سال سے منگا کر طب وید کے طریقہ سے صاف کرتے ہیں جو کہ ہر موسم میں استعمال کیا جا سکتا ہے اور جسکے ہزارہا سرٹیفکیٹ ہمارے پاس موجود ہیں۔

طاقت و قوت بڑھانے اور قوت مردمی کا بے تحاشا اضافہ کرنیوالی تمام اقسام کے جریان و سلسل البول کو دور کرنے والی رشی و منی علماء و حکماء کا تعریف کردہ

اکسیر اعظم

اصلی سلاجیت اصلی

حکیم وید ڈاکٹروں نے متفق ہو کر تجربہ کر کے یہ ظاہر کر دیا ہے کہ دنیا بھر کی ادویات میں خالص سلاجیت کی برابر ہر قسم کے جریان کو دور کر کے طاقت دینے والی کوئی دوا نہیں جس کے استعمال سے بوڑھے جوان اور جوان نوجوان بن جاتے ہیں ...

پانچ تولہ کی قیمت سوا دو روپے (عہ) دس تولہ کی قیمت سوا چار روپے بیس تولہ کی آٹھ روپے محصولڈاک ۵ چالیس تولہ آدھ سیر ساڑھے پندرہ روپے اسی تولہ یا ایک سیر تیس روپے علاوہ محصولڈاک

پتہ:۔ مالک فرم ہمالیہ ڈپو۔ ہردوار۔ ضلع سہارنپور

HIMALIYA DEPO HARDOWAR (SAHARANPUR)

تصدیق

ہماری سلاجیت کی صداقت میں کیمبرج یونیورسٹی ... ذاتی طور پر بہت تعریف کی ہے ...

سچا ہمدم و رہبر بے دام

پاک صاف خیالات پیدا کر کے جسمانی و روحانی صحت حاصل کرنے کیلئے دنیا میں سچی خوشی دستیاب کرنے کیلئے آپ بھی ایک کارڈ تحریر کر کے کتاب کام شاستر بالکل مفت منگوالیں۔

وید شاستری جام نگر کاٹھیاواڑ

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم
الجمعیۃ دہلی
یوم دوشنبہ ۲۲ شوال المکرم ۱۳۵۳ ہجری

ہندوستان کا دستور اساسی
گورنمنٹ آف انڈیا بل

ہندوستان کا دستور اساسی برطانیہ کی پارلیمنٹ میں پیش ہوگیا اور کہا جاتا ہے کہ پارلیمنٹ کی زندگی میں بھی آج تک اتنا طویل مسودہ قانون پیش نہیں کیا گیا ہے ...

وہائٹ پیپر منظر عام پر آیا اس میں کچھ نہیں تجاویز تھیں۔ اس لئے وہ گول میز کانفرنسوں کے مباحث اور ان کی سفارشات سے بھی کمتر تھا۔ تمام ہندوستان ...

شذرات

چین اور جاپان کی جنگ

چین اور جاپان کی جنگ پھر شروع ہوگئی اور تازہ اطلاعات یہ ظاہر کرتی ہیں کہ جاپان نے چین کے ایک شہر پر جو کو یواں کے نام سے مشہور ہے قبضہ بھی کرلیا۔ چینی افواج کو شکست ہوئی اور وہ پسپا کردی گئیں۔ چین اور جاپان کے درمیان یہ تازہ جنگ حقیقتہً اسی جنگ کا ایک تتمہ ہے جو اب سے کچھ عرصہ قبل ان دونوں ممالک کے درمیان ہو چکی ہے۔ جاپان نے محض اپنی عسکری قوت کے زعم میں چین کے ایک ساحلی صوبہ پر قبضہ کرلیا ہے اور جمعیۃ اقوام نے جو مداخلت کی تھی اس کے جواب میں وہ جمعیۃ مذکور کی رکنیت سے بھی استعفا دے چکا ہے۔ اب وہ چاہتا ہے کہ اپنے اس قبضہ کو اور بڑھائے اور دیوار عظیم اور منچوکو کی سیاسی حد کے درمیان جو علاقہ باقی ہے اسے مستقلاً اپنے قبضہ میں کرے۔ چنانچہ معلوم ہوا ہے کہ یہ علاقہ جو مبیں میل مربع ہے پہلے ہی حملہ میں ختم ہوگیا ہے اور اب جاپان نے اسے منچوکو میں شامل کرکے اپنی حدود کو دیوار عظیم تک بڑھا دیا ہے۔ جاپان کی یہ جوع الارض اسی تہذیب و تمدن کی پیروی کا ایک لازمی نتیجہ ہے جو آج کل یورپ میں عام ہو رہا ہے۔ اور اس کے لئے ہرگز یہ ضروری نہیں ہے کہ کوئی دلیل جواز بھی پیش کی جائے۔ جس طرح یورپ کی استعماری طاقتیں ...

مرکزی مجلس مقننہ میں ایک رکن اور ایک قائد کی حیثیت سے گزرا ہے۔ گزشتہ اسمبلی میں مخالف پارٹی کے لیڈر رہی تھے اور انہوں نے اپنی جماعت کو پوری قابلیت اور آزادروی کے ساتھ چلایا تھا کئی مواقع پر انہوں نے گورنمنٹ کو ایسی شکست دی تھی جو گزشتہ اسمبلی میں ایک تعجب خیز کارنامہ معلوم ہوتی تھی۔ بہرحال مختلف حیثیتوں سے سر عبدالرحیم کی ذات بھی گوناگوں خوبیوں کا مجموعہ ہے اور ہم کرسی صدارت کے لئے انہیں بھی کسی طرح غیر موزوں نہیں پاتے۔ حکومت ابتداءً ان کی امیدواری کے سخت مخالف تھی اور ہمیں معلوم ہے کہ سرکاری حلقوں میں ان کے خلاف سخت کوششیں کی جا رہی تھیں مگر کانگریسی امیدوار کا سامنے آنا تھا کہ حکومت ان کی حمایت پر مجبور ہوگئی اور اس طرح خود حکومت ہی کے ووٹوں سے ایک قابل اور آزاد خیال صدر منتخب ہوگیا۔ ہم امید کرتے ہیں کہ سر عبدالرحیم کا دور صدارت خود داری، آزادروی اور انصاف پروری کی ایک اعلیٰ مثال پیش کرے گا۔

وائسرائے کی تقریر

ہز ایکسیلنسی وائسرائے نے ۲۴ جنوری کو ایوان اسمبلی میں حسب معمول افتتاحی تقریر ارشاد فرمائی ...

سر عبدالرحیم کا انتخاب

...

حوادث واحکام

استفتاء

...

استفتاء

...

الجواب

...

دار الحکومت

دہلی کے اردگرد برطانوی افواج میں شدید جنگ
نقلی معرکہ آرائی میں مشین گنوں کی گولہ باری

دہلی ۲۵ جنوری۔ روہیل کھنڈ کی فوجیں نے زیر سرکردگی میجر جنرل کالسن (مشرقی کمانڈ) گزشتہ ۲۴ گھنٹوں میں ویسٹ لینڈ کی افواج کو زیر سرکردگی بریگیڈیئر ساتھ ... نقل و حرکت کرائی ہے۔ کئی بار شکستیں دیں۔ شکست خوردہ افواج دہلی اور رہتک کے قریب کے رقبوں میں چلی گئی ہیں جو گوڑگانوہ سے ۸ میل کے فاصلہ پر ہے۔ اس طرح پر روہیل کھنڈ کو اپنے سرحد کی ۸ میل کی اراضی پر قبضہ کرنے کا موقعہ دیا ہے۔

روہیل کھنڈ کی فوجیں کل رات کو پالی اور تغلق آباد کے قریب پہنچ گئیں اور اب دہلی کی طرف بڑھتی جا رہی ہیں۔ ان کا مقابلہ ویسٹ لینڈ فوجوں سے ہے ...

چینی اور جاپانی افواج میں گھمسان کی لڑائی
جاپانی جہازوں کی بم باری اور جنگی کاروں کا استعمال
مانچوکو کی گشتی فوج کا قتل

... چینی اور جاپان کی دو ہزار فوج کے درمیان گھمسان کی لڑائی ہوئی۔ جاپانی جہاز کئی گھنٹے تک بم باری کرتے رہے اور متعدد جنگی کاریں استعمال کی گئیں۔ معلوم ہوا ہے کہ جاپانیوں کی پیشقدمی کی وجہ سے مانچوکو کے صوبہ کے علاوہ جاپان کے مقبوضات میں مزید ۲۳۰ مربع میل کا اضافہ ہوگیا ہے۔ جاپان کے اس ناگہانی حملہ کے خلاف چینی حلقوں میں سخت غم و غصہ کا اظہار کیا جا رہا ہے۔ سر پرسوں ہیروتا نے جو تقریر کی تھی وہ جاپان کی صلح پسندی کا مظہر تھی لیکن اس نے پیشقدمی کر کے امن پسندی کا ثبوت نہیں دیا۔ معلوم ہوا ہے کہ چین کی دیوار اعظم پر بھی شدید جنگ جاری رہے گی۔

ٹوکیو ۲۵ جنوری۔ مانچوکو کی سرحد سے کافی فاصلہ پر مزید جنگ جاری ہے۔ باہر کی منگولیا فوج نے اچانک مانچوکو کی گشتی فوج پر حملہ کر دیا اور بہت سے آدمی کو ہلاک کر دیا۔ مانچوکو کے باشندوں نے جوابی حملہ کیا۔ جنگ شام تک جاری رہی۔

نمائندہ اسمبلی اور کانگریس کی مخالفت
انڈیا بل کی تعریف میں وزیر ہند کی تقریر

...

بیس مکانات پر پولیس کے چھاپے
دو درجن نوجوان گرفتار

...

دہلی میں مہاراجہ نیپال کا ورود

...

سانحہ ارتحال
حضرت ناظم الجمعیۃ کے محترم کی وفات

...

محترمہ خالدہ ادیب خانم کو صدمہ عظیم
دہلی میں کمال عاطف بے کا ناگہانی انتقال

...

سرحد میں قانون قرضہ کا بل
وائسرائے سے اجازت کی درخواست

...

انڈیا بل کی نقول دہلی میں
۲ فروری کو خریدی جا سکیں گی

...

اچھوتوں کے حقوق کے تحفظ کی تجویز
اسمبلی میں پست اقوام کی آواز

...

جمعیۃ اقوام کی لیگ کونسل کا اجلاس
عراق و ایران کا مسئلہ ملتوی

...

۱۷ دوکانیں اور ۷ کاریں نذر آتش

...

کلکتہ میں پچاس گرفتاریاں

...

اسمبلی میں کانگریس کی فتح
تحریک التوائے اجلاس منظور
صوبجاتی حکومت نے مرکزی حکومت کی نافرمانی کی ہے

نئی دہلی ۲۴ جنوری کل جب اسمبلی کا اجلاس شروع ہوا تو اکثر یہ باں خلال قبیں۔ مسٹر مودی نے جب حلف وفاداری لیا تو خوب تالیاں بجائی گئیں۔ مسٹر دین سی ساریو ولی نے ایک تحریک التوائے اجلاس پیش کی جس میں حکومت کے اس فعل کی مذمت کی گئی تھی کہ اس نے مسٹر سرت چندر بوس ممبر کو ایوان کے رکن کی حیثیت سے اپنے فرائض ادا کرنے سے باز رکھا اس طرح ایوان کے حقوق میں دست اندازی کی اور اس حلقہ انتخاب کو نمائندگی سے محروم کیا گیا ہے جس سے مسٹر سرت چندر بوس منتخب ہوئے تھے۔ ہوم ممبر نے تحریک پر اعتراض کیا لیکن صدر سے درخواست کی گئی کہ وہ اس بات کا خیال رکھیں کہ بحث صرف استحقاق تک محدود رہے صدر نے بحث کے لئے چار بجے کا وقت مقرر کیا۔

سر فرانک نوائس نے ہندوستانی معادن کے قانون میں ترمیم کے لئے ایک مسودہ پیش کیا جس کی رو سے کانوں میں کام کرنے والوں کے اوقات کارگذاری میں کمی کی گئی ہے۔

حکومت پر بداعتمادی کا الزام

چار بجے جب اجلاس دوبارہ شروع ہوا تو مسٹر بارڈولی نے تحریک التوا پیش کرتے ہوئے کہا کہ حکومت نے مسٹر بوس کو منتخب ہونے اور ان ...

خان عبدالغفار خاں ...

سید عطاء اللہ شاہ بخاری کا جرم

مسلمانان سیوہارہ کا دلیرانہ اعلان

سیوہارہ ۱۸ جنوری ۱۹۳۶ء یوم جمعہ کو بعد نماز جمعہ مسلمانان سیوہارہ کا عظیم الشان جلسہ زیر صدارت حضرت مولانا بشیر احمد صاحب رکن جمعیۃ العلماء ہند منعقد ہوا جس میں حضرت مولانا محمد حفظ الرحمن صاحب رکن جمعیۃ العلماء ہند وجناب مولانا جمیل الرحمن صاحب نے تقریریں فرمائیں مجمع سے حسب ذیل تجویز منظور کرائی۔

مسلمانان سیوہارہ کا یہ نمائندہ جلسہ اس امر کا اعلان ضروری سمجھتا ہے کہ کروڑ مسلمانان ہند بلکہ چالیس کروڑ مسلمانان عالم کے نزدیک وہ ہستی جو نبی اکرم سرور عالم صلی اللہ علیہ وسلم کی ختم نبوت کا انکار کرکے خود مدعی نبوت بنی ہو وہ محبوب رب العلمین صلی اللہ علیہ وسلم کی توہین کرنے والی اور آپ کی شان اقدس میں سخت گستاخ ہے اس لئے مرزا غلام احمد قادیانی مرتد اور نبی اکرم سرور عالم صلی اللہ علیہ وسلم کے دین کا برباد کرنے والا ہے اور چالیس کروڑ مسلمانوں کے قلوب کو مجروح کرتا ہے پس مجاہد ملت مولانا عطاء اللہ شاہ بخاری کی وہ تقریر جو انہوں نے قادیان کی تبلیغ کانفرنس میں کی ہے اسلام اور مسلمانوں کی صحیح ترجمانی ہے اور اگر ان کی تقریر قابل مواخذہ اور لائق جرم ہے تو ہم سب اس جرم کے مرتکب ہیں اور ہم ہمیشہ اسی کو اپنا اعتقاد سمجھتے ہیں اور سمجھتے رہیں گے۔ یہ جلسہ جناب مولانا محمد طیب صاحب مہتمم دارالعلوم دیوبند کے مطبوعہ بیان کی پرزور تائید کرتا ہے اور توقع کرتا ہے کہ مجاہد ملت مولانا عطاء اللہ شاہ بخاری کے مقدمہ کی پیروی میں مسلمان ہر قسم کی امداد کریں گے۔

(محمد حبیب الرحمن سیوہارہ ضلع بجنور)

وہشت انگیزی کے اعداد وشمار

چار سال میں ۷۷ اشخاص کا قتل

دہلی ۲۲ جنوری ۱۹۳۰ء سے لیکر ۱۹۳۴ء تک ہندوستان کے مختلف صوبوں میں دہشت انگیزی کے جو حادثات وواقعات ہوئے ہیں ان کی مفصل داستان حکومت نے ایک مختصر پمفلٹ شائع کیا ہے جس سے ظاہر ہوتا ہے کہ اس عرصہ میں کل ۷۷ اشخاص جن میں سرکاری [illegible]

مثلاً کا ساتھی پھانسی سے بچ گیا

[illegible]

انڈیا بل ۱۲ جنوری کو شائع ہوجائیگا

[illegible]

بلقانی حکومتوں کی کانفرنس

[illegible]

اسمبلی میں وائسرائے ہند کی تقریر

سیاسی۔ اقتصادی اور تعلیمی حالات پر تبصرہ

مفروضہ برطانی برکات کا متکبرانہ اظہار

دہلی ۲۲ جنوری۔ آج جب ہز ایکسلنسی وائسرائے اسمبلی میں تقریر کرنے کے لئے تشریف لائے تو وزیٹروں کی گیلریاں کھچا کھچ بھری ہوئی تھیں کونسل ہاؤس کے اندر اور باہر وسیع انتظامات تھے۔ ہز ایکسلنسی کے لئے سنہری کرسی رکھی گئی تھی۔ کرسی کے آگے پاؤں رکھنے کے لئے مخمل کا گدا رکھا ہوا تھا۔ سرکاری نامزد ممبر اور مسٹر جناح اور ان کی پارٹی کے چند ممبران درباری لباس میں آئے تھے۔ کانگریسی ممبر اپنے معمولی لباس میں تقریر کے دوران میں بے حس وحرکت بیٹھے رہے اور انہوں نے کسی قسم کا جوش وخروش ظاہر نہیں کیا۔ تقریر ختم ہونے کے بعد بھی وہ اس طرح بیٹھے رہے۔ اور سرکاری ممبروں کے چیئرز میں شریک نہیں ہوئے۔ ہز ایکسلنسی اپنے سٹاف کے ہمراہ جلوس کی شکل میں ٹھیک ۱۱ بجے تشریف لائے اور انہوں نے ۵۵ منٹ میں اپنی تقریر ختم کی۔ انہوں نے اپنی تقریر کے آخری حصہ میں سیاسی صورت حالات اور آئینی اصلاحات کا ذکر کیا اور ان کی تقریر کا یہی حصہ غور سے سنا گیا لیکن اس کا مخالف پارٹی کے اراکین پر کچھ بھی اثر نہیں ہوا۔ اپنی تقریر کے اس حصے کو انہوں نے ذرا زیادہ زور اور صفائی کے ساتھ پڑھا۔ ہز ایکسلنسی نے اس کے دوران میں ہاؤس کو اپنا ایک ذاتی پیغام دیا جن کے متعلق کانگریس پارٹی کے اراکین کا خیال ہے کہ یہ محض سیاسی پروپیگنڈا ہے۔

وائسرائے ہند نے اپنی تقریر میں آئینی اور انتظامی معاملات پر تبصرہ کیا اور یہ بتایا کہ فیڈریشن کا راستہ ہندوستان کی حقیقی ترقی کا راستہ ہے اور یہ خواہش ظاہر کی کہ ہندوستان اس موقعہ کو ہاتھ سے نہ جانے دے۔

اپنے ایڈریس کے شروع میں وائسرائے نے نئے ممبروں کو خوش آمدید کہا اور فرمایا کہ اگرچہ ہمارے آپ کے طریق کار میں اختلاف ہوسکتا ہے لیکن نظر غائر ڈالنے سے یہ بات صاف طور پر نظر آتی ہے کہ ہم سب کا منشا یہ ہے کہ ہندوستان کی بہبودی اور ترقی ہو۔

صنعتی معاملات

اس کے بعد وائسرائے ہند نے اقتصادی معاملات کا ذکر کیا اور فرمایا کہ فرقہ وارانہ ضابطہ کے متعلق ۱۱ افسروں کا تقرر کردیا گیا ہے اور بنگلور میں ایک ڈیری کا صنعتی انسٹیٹیوٹ بھی قائم کیا جانے والا ہے۔ اسی طرح کانپور میں ایک شکر انسٹیٹیوٹ قائم ہوگا۔

ذرائع وراسلت کے متعلق آپ نے کہا کہ ٹیلیفون کے سسٹم کو وسعت دی جارہی ہے جس سے تجارتی طبقوں کو بہت فائدہ پہنچے گا اور ڈاکخانہ کے محکمہ کی جانب سے یہ کوشش ہورہی ہے کہ سلور جوبلی کے موقعہ کے لئے شرح کم کردی جائے۔

ہوائی محکمہ کو بھی کافی ترقی دی گئی ہے جس سے تمام ہندوستان کو فائدہ پہنچا ہے۔ ہوائی ڈاک ہفتہ میں دو بار بنتی ہے جس سے ہندوستانی تجارت کو لازمی فائدہ پہنچیگا۔ حکومت ہند حکومت برطانیہ کی ہوائی ڈاک کی سروس پر بہت غور کررہی ہے۔

ریل اور لاریوں کے مقابلہ کا ذکر کرتے ہوئے آپ نے کہا کہ اس بارے میں ٹرانسپورٹ کی مشاورتی کونسل کی سفارشات صوبجاتی حکومتوں کے پاس بھیج دی گئی ہیں اور جب ان پر عملدرآمد شروع ہوجائیگا تو اس سے ملک کو بہت فائدہ پہنچے گا۔

مزدوروں کے متعلق قوانین آپ نے کہا کہ مزدوروں کے متعلق انہیں بخش قوانین پاس ہوئے ہیں۔ نیز آپ نے کہا کہ لیجسلیٹو اسمبلی کی تعمیری تنا فوقتاً فرق پڑتا رہا ہے لیکن وہ سب اس بات پر متفق رہے ہیں کہ مزدور کے حقوق کے تحفظ کے لئے قانون ہونا چاہئے۔

اقتصادی اور آئینی مسئلہ

اس کے بعد وائسرائے نے اقتصادی حالت پر تبصرہ کیا اور بتایا کہ [illegible]

جہانتک تحفظات کا تعلق ہے یہ بھی دراصل ترقی کی راہ میں امداد کے لئے ہیں۔

وائسرائے نے اپنی تقریر کو جاری رکھتے ہوئے فرمایا کہ میں خود اور میری گورنمنٹ فیڈرل لیجسلیچر کے لئے براہ راست انتخاب کے حامی تھے لیکن دوسری جانب اپنی زبردست دلائل موجود تھے اور اس واقعہ سے کہ اگر ہندوستانی رائے ترمیم کے حق میں ہوئی تو لیجسلیچر اپنی تجاویز پارلیمنٹ کے روبرو پیش کرسکے گی۔ ہندوستانیوں کے لئے شکایت کا کوئی موقعہ نہیں رہ جاتا۔

ایوان والیان ریاست کا اجلاس

نئی دہلی ۲۲ جنوری۔ آج ایوان والیان ریاست کا ہنگامہ خیز اجلاس شروع ہوا۔ مجوزہ فیڈریشن میں ریاستوں کی شرکت کے مسئلہ نے اس اجلاس کی اہمیت میں اور بھی اضافہ کردیا ہے۔

مہاراجہ بیکانیر نے وائسرائے کو اس بات کا سرٹیفکیٹ دیا کہ انہوں نے والیان ریاست پر کسی قسم کا دباؤ نہیں ڈالا ہے۔

اس کے بعد ایوان میں وائسرائے نے تقریر کی۔

وزیر اعظم کپورتھلہ کی جائداد ضبط

کپورتھلہ ۲۲ جنوری۔ معلوم ہوا ہے کہ مہاراجہ بہادر والئے کپورتھلہ نے ایک حکم جاری کیا ہے کہ مزید احکام تک سر عبدالحمید سابق چیف منسٹر ریاست کپورتھلہ اپنی جائداد کو نہ بیچ سکتے ہیں اور نہ ہی رہن رکھ سکتے ہیں۔ یہ بھی بیان کیا جاتا ہے کہ جب تک ان کے ذمے سے ریاست کا قرضہ وصول نہ ہوگا جو "جاگیر" انہیں عطا کی گئی تھی وہ سرکاری خزانہ میں داخل رہے گی۔

ٹیلہ گرنے سے تین اشخاص ہلاک

لکھنؤ ۲۲ جنوری۔ بھٹرائچ سے اطلاع ملی ہے کہ مٹی کا ٹیلہ گرنے سے تین آدمی دب کر ہلاک ہوگئے۔ جب نعشوں کو نکالا گیا تو وہ ٹھنڈی ہوچکی تھیں ہلاک شدگان میں ایک عورت بھی شامل ہے۔

فرانسیسی افریقہ میں صد اشخاص کا قتل

[illegible]

مفت! مفت!! مفت!!!

[illegible]

پرنسپل اورئنٹل میڈیکل کالج انبالہ شہر

مصفا خون کی شربتیہ گولیاں

[illegible]

گورمکھی اینڈ کو جالندھر شہر (پنجاب)

خضاب چھوڑ دو

[illegible]

محبوب عاشق کے قدموں پر

[illegible]

بچون و الو ہوشیار

بالی جیون کمپنی

[illegible]



معجون شباب آور

ہمدرد دواخانہ یونانی دہلی



ہمدرد دواخانہ یونانی دہلی

ملک معظم کا سلور جوبلی فنڈ

ہندوستان میں ایمبولنس کا کام

(از محکمہ اطلاعات حکومت ہند)

ملک معظم سے اس امر کی منظوری حاصل کرنے میں کہ سلور جوبلی فنڈ سے فیضیاب ہونے والی چار رضاکار جماعتوں میں سینٹ جان ایمبولنس کو بھی شامل کرلیا جائے ہز ایکسلنسی وائسرائے نے ایسوسی ایشن کی انڈین کائونسل کی اس ٹھوس اور بے نمود خدمت پر اظہار خوشنودی فرمایا ہے جو کونسل پچیس برس سے کررہی ہے۔ آجکل کے زمانے میں جبکہ موٹر کے حادثات روز بروز بڑھتے جاتے ہیں، بہت کم لوگ ایسے ہوں گے جو فسٹ ایڈ کی اہمیت سے منکر ہوں۔ اس وقت کیفیت یہ ہے کہ ہزاروں وبائی اپنے جینے اور مرنے کی گھڑیوں میں فسٹ ایڈ کے وجہ سے بے خبر رہتے ہیں اور ہزاروں شہری عمدہ نرسنگ کے اخراجات برداشت نہیں کرسکتے۔ ایسوسی ایشن اس تکلیف وہ صورت حال کو دور کرنے کے لئے لڑکوں اور لڑکیوں اور عورتوں اور مردوں کو فسٹ ایڈ کے ابتدائی علم سے آراستہ کرتی ہے اور انہیں بتاتی ہے کہ وہ خود اپنے گھروں میں بیماروں کی تیمارداری کیسے کرسکتے ہیں۔ ایسوسی ایشن اپنا کام ایمبولنس کے مرکزوں کے ذریعے سے منتظم کرتی ہے جو سکولوں، کالجوں، ریل کے ملازموں، کان کنوں، فوجی دستوں، فیکٹریوں، کارخانوں اور کلبوں وغیرہ میں مقرر اور متعین کیا کرتے ہیں۔ فسٹ ایڈ ہوم نرسنگ، تیمارداری، حفظان صحت اور تربیت اطفال (جو لڑکیوں کے لئے سلیبس) ایک نئے مضمون کے شامل کیا گیا ہے)۔ ان سب پر ایمبولنس کے مرکزوں میں لیکچروں کا انتظام کیا جاتا ہے۔ ۱۹۳۲ء میں ۹۰۰،۱۳ اسناد دی گئیں۔ اس تعداد سے اس ٹھوس کام کا بخوبی اندازہ ہوجاتا ہے جو اس ایک سال میں ہوا۔ [illegible]

جانشین حضرت شیخ الہند مرحوم کیخلاف

بعض ملت فروش اخبارات کا رویہ

مسلمانان بہار کا احتجاج

[illegible]

میرٹھ میں علمائے کرام کا اجتماع عظیم

انجمن اصلاح المسلمین میرٹھ کے زیر اہتمام علمائے کرام کا ایک عظیم اجتماع یکم فروری ۱۹۳۶ء لغایت ۵ فروری (جمعہ تا منگل) منعقد ہوگا جس میں ہندوستان کے جیدہ علماء حسب ذیل پروگرام کے مطابق تقاریر ومواعظ سے مسلمانان میرٹھ کو مستفید فرمائیں گے۔

[illegible]

دوسرا آل انڈیا اردو مضمون کا مقابلہ

والی ایم۔ ایم۔ ایسوسی ایشن کے اردو مضمون مقابلہ سب کمیٹی مندرجہ ذیل مضامین آل انڈیا اردو مضمون مقابلہ کے لئے انتخاب کیا ہے۔

[illegible]

شرائط

[illegible]

بہترین اور عمدہ سویاں

اگر آپ قسم کی بہترین اور کفایت سویاں خریدنی ہیں تو آپ سید وارث حسین صاحب کی دوکان سے خریدیئے یہ دوکان دہلی میں بازار لال چاہ لال مسجد کے نیچے واقع ہے۔

حضرت مولانا الحاج حافظ احمد سعید صاحب کی

تقریر سیرت

[illegible]

مختصر فہرست مضامین

[illegible]

منیجر الجمعیۃ گلی قاسم جان۔ دہلی

Regd No L 1793.

The Aljamiat

Vol. XXI No 7 DELHI MONDAY 28th JANUARY 1935. PRICE ONE ANNA

نورانی
قرآن مجید
نہایت صاف جلی اور نہایت صحیح قرآن شریف اگر درکار ہو
تو نورانی قرآن مجید الجمعیۃ بک ایجنسی دہلی سے
طلب فرمائیے۔ قیمت مجلد بارہ عہر

پادری کی لڑکی
کا
قبول اسلام
اور اس کے حیرت انگیز کارنامے معلوم کرنے ہوں تو از بلا منگا کر
دیکھیے جس کو پڑھ کر آپ اسلام کی حقانیت کے قائل ہو جائینگے
قیمت فی جلد ۱۲ علاوہ محصول ڈاک۔
منیجر الجمعیۃ دہلی

اکابر ملت سے ضروری گذارش
عربی مدارس کے نظام کی ضرورت

ایک غلط اطلاع کی تردید
مسلمان دھوکہ نہ کھائیں

رعایتی اعلان
نصف قیمت صرف ایک دن کیلئے

یداللہ علی الجماعۃ

سہ روزہ الجمعیۃ دہلی

رجسٹرڈ نمبر ایل ۱۷۹۳

تار کا پتہ "الجمعیۃ دہلی"
ٹیلیفون نمبر ۵۷۳۸

مدیر مسئول ہلال احمد زبیری (بی-اے)
معاون محمد عثمان فارقلیط

جلد ۲۱ | دہلی یوم جمعہ ۲۶ شوال المکرم ۱۳۵۳ ہجری مطابق یکم فروری ۱۹۳۵ء | نمبر ۸

رواج عام اور شرعی قانون میں تصادم
"مسلمان رواج کو چھوڑ کر اسلامی قانون اختیار نہیں کرسکتے"
لاہور ہائی کورٹ کا ایک تازہ فیصلہ

(گذشتہ سے پیوستہ)

جسٹس ٹیک چند کا فیصلہ

معاصرین کے افکار و آراء

قانون انتقال اراضی

قانون انتقال اراضی کا مقصد یہ تھا کہ ساہوکارا اور بنیئے جو پہلے ہی پنجاب کی تجارت اور صنعت و حرفت پر قابض ہیں، زمین اور زراعت پر قبضہ کرکے، زمینداران کو نیست و نابود نہ کردیں۔

"چند سلطنتوں کے درمیان اس قدر مستحکم اتحاد قائم ہوچکا ہے کہ ان کے متعلق کسی کو یہ وہم و گمان بھی نہیں ہوسکتا کہ وہ ایک دوسرے کے خلاف صف آرا ہو جائیں گی۔"

مسلمانان اوجین کی فریاد

ہندوستان کی فوجی مصارف

پادری کی لڑکی کا قبول اسلام

اسپین کے ایک جلیل القدر پادری کی لڑکی نے جب اسلامی تعلیمات کا مقابلہ کیا اور مسلمانوں کے مذہب اور ان کے اعمال کو بغور دیکھا تو اس کے دل پر اسلام کی صداقت و حقانیت جاگزیں ہوگئی اور اس نے یہ فیصلہ کرلیا کہ حقیقتاً اسلام ہی وہ مذہب ہے جو دنیا اور آخرت میں نجات کا راستہ بتاتا ہے۔

ملنے کا پتہ — منیجر الجمعیۃ دہلی

مسودۂ قانون حکومت ہند کا محضرنامہ شائع ہوگیا

گورنر جنرل اور گورنروں کے بے پناہ اختیارات

وزراء کو صرف مشورہ دینے کا حق حاصل ہوگا

درجۂ نوآبادیات کا نام تک نہیں آنے دیا

مسودۂ قانون حکومت ہند (انڈیا بل) کے ساتھ ایک میمورنڈم شائع کیا گیا ہے جو مندرجہ ذیل ہے ۲۴ جنوری کو یہ مسودہ پارلیمنٹ میں پیش کر دیا گیا ہے لیکن ہندوستان میں ۲ فروری کو شائع ہوگا۔

یہ بل جو ظاہراً طویل ہے مگر حقیقتاً نہیں، مندرجہ ذیل تین علیحدہ علیحدہ چیزوں کے متعلق ہے:-

(۱) ہندوستانی فیڈریشن۔

اپنی نگرانی یا اختیارات کو ہٹا سکتا ہے یا ہلکا کر سکتا ہے۔

۲- اس بل کا مدعا یہ ہے کہ ہندوستان سے متعلق یا ہندوستان کے وہ تمام اختیارات جو پہلے کسی قوت کے زیر استعمال تھے دوبارہ ملک معظم کے اختیار میں دیدیئے جائیں (دفعہ ۲) اور پھر اس کے بعد ان اختیارات کا استعمال (جس حد تک ایکٹ کی رو سے تقسیم ہو سکتا ہے) ان قوتوں میں بانٹ دیا جائے جو اس سے قائم ہوں۔ اور ہر مجلس کو اس کے لئے آزاد چھوڑ دیا جائے کہ ان اختیارات میں سے وہ اختیارات جو مخفی کے ساتھ ایکٹ کے دائرے کے اندر نہیں آتے، اگر جنرل یا گورنروں کو اپنا نمائندہ بنا کر انہیں دیدیں۔ چنانچہ اس بل کا نتیجہ یہ ہوگا کہ فیڈرل ایگزیکٹو اور ہر صوبجاتی ایگزیکٹو تاج کے براہ راست نمائندے بن کر بادشاہ کی طرف سے ان اختیارات کا استعمال کر سکیں گے مگر بعض سمتوں میں جو قبل ازیں بتادی گئی ہیں وہ وزیر ہند یا گورنر جنرل یا گورنر کی نگرانی میں ہوں گے۔

ریاستوں کا داخلہ

وفاق میں ریاستوں کا داخلہ

وزراء کے فرائض

استعمال کرسکے گا وہ وزیر ہند کی نگرانی کا پابند ہوگا۔ (دفعہ ۴۸ تا ۵۴)

خریداران الجمعیۃ کو چاہیئے کہ جواب طلب امور کے لئے جوابی کارڈ یا پانچ پیسے کے ٹکٹ ضرور ارسال فرمایا کریں ورنہ عدم تعمیل ارشاد معاف۔

(منیجر الجمعیۃ دہلی)

بصائر و نظائر

آئندہ اس مستقل عنوان کے تحت میں خالص اسلامی نقطۂ نظر سے حالات حاضرہ اور مسائل متفرقہ پر اظہار خیال کرنے اور مسلمانوں کے اندر روح عمل پیدا کرنے کی کوشش کی جائے گی۔ کسی خاص عذر کے بغیر اس سلسلہ کو ملتوی نہیں کیا جائے گا۔ انشاء اللہ تعالیٰ وما توفیقی الا باللہ۔

انسان کے تمدنی اور اجتماعی نظام پر غور کرنے سے معلوم ہوتا ہے کہ گو وہ مدنی الطبع واقع ہوا ہے مگر اس کی شیرازہ بندی قیادت و امامت کے بغیر ناممکن ہے۔ انسان چاہتا ہے کہ دنیا میں امن و امان، صلح و سلامتی اور محبت و الفت کا دور دورہ ہو مگر وہ خود فساد و بغاوت کا مرتکب ہوتا ہے۔ اپنے ہاتھوں سے اپنے ابنائے جنس کی گردنیں کاٹتا ہے اور اپنے تشنۂ ہوس سے شجرۃ الخلد کی جڑوں کو کاٹنے پر آمادہ ہو جاتا ہے۔ انسان کی بالطبع یہی خواہش ہے کہ اس کو سکون دماغ اور برودت قلب حاصل ہو اور جمعیت خاطر کو پریشان کرنے والے اسباب اس کی کوشش سے دفع ہوتے رہیں۔

کرتا ہے۔ دوسرے مرتبہ میں نماز کا قیام ہے، جو امام سے جسمانی قربانی کا مطالبہ کرتا ہے۔ تیسرا مرتبہ ایتائے زکوٰۃ یعنی مالی قربانیوں پر ختم ہوجاتا ہے اور آخر میں ایسے ائمہ ہداۃ کو "لنا عابدین" کی سند عطا کر دی گئی ہے۔

یہ وہ صفات ہیں جن کے بغیر امامت کی تمیں اور قیادت کی تشکیل نہیں ہو سکتی اور جن کے فقدان سے قیادت کی جوہریت اور افادیت فنا ہوجاتی ہے۔ ان کمالات کے بغیر جو امامت قائم ہوگی وہ "لوگا عضوضا" (پھاڑ کھانے والے بادشاہوں) کے ذیل میں آجائے گی اور افراد کی خلقت کو امن و سلامتی کے بجائے فساد و فتنہ، بغض و عداوت، اتلاف حقوق، سفاکی اور ظلم و عدوان سے دوچار ہونا پڑے گا۔

آج مسلمانوں کے کتنے سیاسی اور مذہبی امام ہیں؟ غور کرکے دیکھو کہ یہ قیادت کس طرح مسلمانوں کے گروہ پیش منڈلا رہی ہے۔

ضرورت سفیر

ذیل پر آنی چاہئیں:-

میر شیرستانی مارواڑ راجپوتانہ۔ پیرجی اکبر حسن شاہ صاحب کو ملے

خضاب چھوڑ دو

پتہ:- بال کالا اسٹورس پوسٹ کمنی سمری (دربھنگہ)

ذیابطیس

یہ بیماری ایک کیڑا ہے۔ جو گھن کی طرح جسم کو کھا جاتا ہے۔ اور آخر کار بے وقت موت کا موجب ہوتا ہے۔ غریب سے امیر زیادہ اس کے شکار ہوتے ہیں۔ ہمارے ملک میں انواع و اقسام کی جڑی بوٹیاں پیدا ہوتی ہیں جو کہ ایسی لاعلاج امراض کے لئے تریاق کا حکم رکھتی ہیں چنانچہ ان بوٹیوں کے ست نکال کر اور زمانہ حال کی میڈیکل سائنس سے بھی مدد لے کر اس مرض کے علاج کے لئے "امرت دھارا" کے موجد جناب پنڈت ٹھاکر دت شرما وید نے ایک دوائی ایجاد کی ہے۔

اشوگری

اس کا بہترین اور مجرب علاج ہے۔ یہ دوائی ہر حالت کی ذیابطیس کو یقینی مفید ہے۔ زیادتی پیشاب دور ہوکر پیشاب باقاعدہ آنے لگتا ہے۔ اس کے علاوہ یہ ایک ٹانک ہے بھوک بڑھاتی اور خون پیدا کرتی ہے۔ نیز قوت مردانگی کی کمزوری کو رفع کرتی اور جریان منی کو نافع ہے۔ آئیے اور ایک مرتبہ تجربہ کیجئے صرف ایک ہفتہ کا استعمال قائل کرے گا!

قیمت ۳۲ گولی چار روپے (للعہ) ۸ گولی ایک روپیہ (مہ)

خط و کتابت و تار کے لئے پتہ:- "امرت دھارا" ۴۰ لاہور

المشتہر

منیجر امرت دھارا اوشدھالیہ۔ امرت دھارا بھون۔ امرت دھارا روڈ۔ امرت دھارا ڈاک خانہ۔ لاہور

ہمارے ایجنٹ:- میسرز بہاری لال گھاسی رام کھاری باؤلی اسٹریٹ دہلی

تاجدار مدینہ علیہ الصلوٰۃ والسلام کے مقدس فرامین

دنیا کے بادشاہوں کے نام

جو آج تک تاریخ اور سیرت کی کتابوں میں گوہر نایاب کی طرح بکھرے پڑے تھے اور دنیا ان کی برکات سے محروم تھی حضرت مولانا حفظ الرحمٰن صاحب سیوہاروی نے ان کو سالہا سال کی کوشش اور وسیع مطالعہ کے بعد بیش بہا تاریخی اور حدیثی تحقیقات، اس مقدس سلسلہ پر مرتب ہونے والے سیاسی اور مذہبی اہم ترین نتائج کے ساتھ یکجا جمع کرکے

بلاغ مبین

کے نام سے شائع کیا ہے۔ درحقیقت مولانا نے بلاغ مبین مرتب کرکے علمی اور مذہبی دنیا پر ایک بے نظیر احسان عظیم کیا ہے۔ سلاست زبان، دلکش طرز بیان اور قوت استدلال کے لحاظ سے بلاغ مبین عہد حاضر کا علمی و ادبی شاہکار ہے۔

ملنے کا پتہ:- (مولوی) محمد ادریس منیجر دفتر بلاغ مبین دہلی یا منیجر مکتبہ اسلامیہ سیوہارہ ضلع بجنور

عربی اور ولایتی ڈاک

مشرق و مغرب کی تازہ خبریں

دین فطرت میں داخلہ

افغانستان، عراق اور انگلستان کی سعید روحیں

معاصر "اصلاح" کابل مظہر ہے کہ ولایت قطغن و بدخشاں کے امام صاحب کے دست حق پرست پر دو ہندوؤں نے ہندو دھرم سے توبہ کرکے دین اسلام قبول کیا۔ دیوان سنگھ کا نام عبداللہ اور عجب سنگھ کا نام عبدالسلام رکھا گیا۔

معاصر "الہدایۃ" بغداد مظہر ہے کہ ہندوستانی نژاد دو پارسیوں نے تحقیق و تلاش کے بعد اسلام قبول کیا۔ ایک کا نام فریدون تنکن اور دوسری خاتون کا نام (جو اس کی بیوی ہے) خورشید بانی بنت بہرام جی ہے۔ ان دونوں نے بہت عرصہ پہلے عیسائی مذہب اختیار کر لیا تھا۔ ان کو محکمۂ شرعیہ عراق میں پیش کیا گیا اور انہوں نے استاذ محمد نافع آفندی کے دست مبارک پر اسلام قبول کیا۔

سے اس کے روابط مستحکم اور پائیدار رہیں۔ حکومت ملی دفاع کے لئے ہر وقت تیار ہے اور میں یقین دلاتا ہوں کہ تمام ملت ترکیہ اس کے لئے آمادہ ہے۔ اور وقت پر اس کا ثبوت پیش کر دیا جائے گا۔

ترکی افواج کی نقل و حرکت

اٹلی کے بری و بحری قوی کارد عمل

انگورہ کی اطلاع ہے کہ ترکی فوج کا ایک حصہ انگورہ کے قرب و جوار میں روانہ کردیا گیا ہے اس نقل و حرکت سے صرف تجربہ اور دفاعی امتحان مقصود ہے۔

اناطولیہ کا ایک اخبار مظہر ہے کہ ترکی فوج کی روانگی کا تعلق بین الملی حالات سے نہیں ہے لیکن انگورہ کی مؤثق ترین خبر مظہر ہے کہ چونکہ اٹلی نے جزیرہ رودس میں اپنی افواج اتار دی ہیں اس لئے ترکی حکومت نے اٹلی کی اس بری اور بحری نقل و حرکت ...

۵۸ بیویاں اور ۱۰۲ بچے!

روسی عدالت نے مجرم کو سزا دی

انگلستان میں عید میلاد مسیح کی تقریب

کتنا گوشت اور کتنے انڈے کھائے گئے

ترکی حکومت اور ترکی خواتین کو مبارکباد

انجمن خواتین مصر کا پیغام

بالشویک روس میں افغانی سفارتخانہ

اب بغیر ٹکٹ کے روٹی ملا کرے گی

ترکی حکومت ملی دفاع کیلئے ہر وقت تیار ہے

وزیراعظم ترکی کا زبردست اعلان

وزیراعظم ترکی عصمت پاشا نے ایک مجمع کثیر کے سامنے ترکی کی اقتصادی حالت پر ایک پر ہمہ گیر تبصرہ کیا جس میں آپ نے فرمایا کہ ترکی کی پنج سالہ اسکیم کی کامیابی سے حالات بہت ترقی کر گئے ہیں جس کو ترکی باشندے خود محسوس کر رہے ہیں۔ ترکی خواتین کو حق رائے دہی عطا کیا گیا ہے اس کے متعلق وزیراعظم نے فرمایا کہ تمام ترکی کی ترقی کیلئے ضروری ہے کہ جملہ باشندوں کو ترقی پذیر حالات سے استفادہ کا موقعہ دیا جائے۔ اسی لئے ترکی خواتین کو حق رائے دہی سے سرفراز کیا گیا ہے۔ ترکی کی سیاسیات خارجہ پر تبصرہ کرتے ہوئے وزیر موصوف نے کہا کہ ترکیہ صلح و امن کی ہمیشہ سے خواہشمند رہی ہے اور وہ چاہتی ہے کہ ممالک خارجہ

بہترین اور عمدہ سویاں

اگر آپ کو ہر قسم کی بہترین اور کفایت سویاں خریدنی ہیں تو آپ سید ارشاد حسین صاحب کی دوکان سے خریدیئے۔ یہ دوکان دہلی میں بازار لال چاہ لال مسجد کے پیچھے واقع ہے۔

اسلامی تاریخ کے جواہر پارے

برشلونہ کے عیسائی بادشاہ کی پسپائی

غرناطہ پر کفر کی متفقہ یورش

افریقہ کی طرف باغی عیسائیوں کا اخراج

گزشتہ الجمعیۃ میں یوسف بن تاشفین کے انتقال تک کے حالات درج کئے جاچکے ہیں اور یہ بھی درج کیا جاچکا ہے کہ یوسف کے فرزند علی نے اپنے والد کے نقش قدم پر چلتے ہوئے عیسائیوں سے جنگ کی اور وادی الکبارہ وغیرہ شہروں کو فتح کر لیا۔ آج آگے کا ملاحظہ فرمایئے۔

ادھر تو علی اور اس کے افسر سعید بن ابی بکر کفار کے استیصال میں مشغول اور عیسائیوں کے مظالم سے لوگوں کو نجات دلانے میں مصروف تھے تو دوسری طرف

کو اپنے خیمے اکھاڑنے کا حکم دیا تاکہ ان کو کسی اونچے مقام میں نصب کردیا جائے۔ اس حرکت سے عیسائیوں نے یہ سمجھا کہ عرب میدان جنگ سے بھاگ رہے ہیں اس لئے انہوں نے ان پر حملہ کر دیا اور عربوں کے خیمہ و خرگاہ پر قابض ہوگئے اور عرب شکست کھا کر پیچھے ہٹے۔

آخر ڈمیر کی پسپائی

اس کامیابی نے افونش ابن رڈمیر اور اس کی فوج کے اس قدر حوصلے بڑھائے کہ وہ شلونہ یاپنہ اور بلیبتش دریا کے کنارے کنارے غرناطہ کی طرف متوجہ ہوئے اور اس سے تین میل کے فاصلہ پر مقام ولرس میں افونش نے فوج کو آرام لینے کا حکم دیا۔ دور روز بعد وہ یہاں سے ہمدان آیا جہاں عربوں کی ہر اول کے مختصر دستے سے مڈبھیڑ ہوگئی مگر یہاں افونش نے لڑنا پسند نہیں کیا۔

عراق کی تازہ مردم شماری

موصل ۸۵۳۱۲۸ - عراق کی مسافت ۱۴۱ ہزار کیلو میٹر مربع ہے۔

آئس لینڈ میں قانون امتناع خمر کی منسوخی

حکومت آئس لینڈ نے امریکہ کی طرح اپنے حدود میں قانون امتناع خمر کو منسوخ کر دیا ہے۔ اور تجار کو اوائل ماہ فروری سے شراب کی تجارت کی اجازت دیدی ہے۔ آئس لینڈ میں قانون امتناع خمر کثرت آراء سے منسوخ کیا گیا ہے۔

سخت جنگ

امر ذی الحجہ کو عین عید الاضحیٰ کے روز اہل غرناطہ کو افونش ابن رڈمیر کے حملہ کی اطلاع ملی۔ یہ بھی خبر ہوئی کہ یہ دفعہ یہ اطلاع مل گئی۔ اگر افونش بے خبری کے عالم میں حملہ کرتا تو غرناطہ پر قبضہ کر لینا بہت آسان ہو جاتا۔ الغرض مسلمانوں کی عید شام غم میں بدل گئی تاہم حاکم شہر نے نہایت مستعدی سے فوج کو فراہم کیا اور جنگ کا اعلان عام کر دیا۔

افونش دجہ سے غرناطہ کے عیسائی باغیوں کو ملی راہ قرار دیکر غرناطہ کی طرف روانہ ہوا جب وہ مرسینہ اور بیش سے گزر کر لوسینہ آیا تو اس کو اطلاع پہنچی کہ تمیم کثیر فوج لیکر مقابلہ کے لئے آرہا ہے یہ سن کر افونش فوراً بیلی کی طرف بھاگا مگر عربوں نے اس کا تعاقب کیا اور ایک زبردست جنگ برپا ہوئی۔ قریب تھا کہ عیسائی فوج کو فاش شکست ہوتی اور اس کے پرجوش نوجوان عربوں کی تلواروں سے بغلگیر ہوتے مگر عربی فوج کے سپہ سالار نے فوج

سچا ہمدم و رہبر - بے دام

پاک صاف خیالات پیدا کرکے جسمانی و روحانی صحت حاصل کرنے کیلئے دنیا میں سچی خوشی دستیاب کرنے کیلئے آپ آج ہی ایک کارڈ تحریر کرکے کتاب کام شاستر بالکل مفت منگالیں۔

وید شاستری۔ جام نگر۔ کاٹھیاواڑ

شائقین مرغ کے لئے نادر موقعہ

ہمارا مرغی خانہ عرصہ پانچ سال سے جاری ہے ...

المشتہر منیجر ... پانی پت ضلع کرنال (پنجاب)



بسم اللہ الرحمٰن الرحیم

الجمعیۃ دہلی

یوم جمعہ ۲۶ر شوال المکرم ۱۳۵۳ھ ہجری

معلمین حجاج کا مسودۂ قانون

متفقہ مخالفت کی ضرورت

تین مسودات حج میں سے دو مسودات تو حکومت ۱۹۳۲ء ہی میں منظور کرا چکی تھی صرف ایک مسودۂ قانون جو معلمین حجاج کے متعلق تھا وہ باقی رہ گیا تھا جو کہ اس مسودہ کی مخالفت میں تمام اسلامی پریس متفق تھا اور ملک کی بہت سی ذمہ دار اسلامی ...

قومی رہنما اور عوام الناس یہ قانون بنوانا نہیں چاہتے تو اسے زبردستی ان کے حلق سے کیوں اتارا جاتا ہے۔

گورنر جنرل کے اختیارات

...

"لوکل گورنمنٹ اس غرض کے لئے جس شخص یا جماعت کو مناسب سمجھے مقرر کر سکتی ہے۔ کہ وہ قانون ہذا کے ماتحت لائسنس دینے کے فرائض انجام دے۔"

ہو سکتا ہے کہ لوکل گورنمنٹ کسی ایسے آفیسر کو اس غرض کے لئے مقرر کرے جس کے ذریعہ معلمین پر براہ راست سیاسی اثرات ڈالے جا سکیں۔ قانونی حیثیت سے اس پر کبھی اعتراض نہ ہو سکے گا۔ بالخصوص ایسی حالت میں جب کہ لائسنس ...

... کے متعلق شرائط بھی گورنر جنرل با اجلاس کونسل اور لوکل گورنمنٹ نے بنائے ہوں۔ ایک گورنمنٹ ہی کے مقرر کردہ آفیسر کا جو مصلحت وقت کے مطابق حکومت کے مختلف شعبوں میں سے کسی شعبے سے دبایا جا سکتا ہے۔ ان شرائط کو ملا کر کیا کچھ نتائج پیدا کر سکتا ہے وہ ظاہر ہیں۔ نیز اس آفیسر کے جو اختیارات تجویز کئے گئے ہیں وہ اس کی قوت کو اور بھی زیادہ کر دیتے ہیں۔

(باقی آئندہ)

شذرات

مسلم لیگ کی قرارداد

مسلم لیگ نے مشترکہ پارلیمنٹری کمیٹی کی رپورٹ کے متعلق جو قرارداد اپنے تازہ اجلاس میں منظور کی ہے وہ اس قدر ناکافی اور غیر مؤثر ہے کہ اس سے کسی طبقہ کے خیالات کی بھی پوری طرح نمائندگی نہیں ہوتی، پارلیمنٹری کمیٹی کی رپورٹ کو "وائٹ پیپر سے زیادہ رجعت پسندانہ" کہدینے سے اس عام مخالفت کی ترجمانی کس طرح ہو سکتی ہے جو اس رپورٹ پر ملک میں ہر طرف کی جا رہی ہے۔ اس کا تو کوئی نتیجہ نہیں کہ مذکورہ رپورٹ وائٹ پیپر سے ضرور رجعت پسندانہ ہے مگر معاملہ یہیں ختم نہیں ہو جاتا بلکہ اس سے آگے بڑھ کر مسلم لیگ کو یہ کہنا چاہئے تھا کہ رپورٹ میں جو دستور اساسی تجویز کیا گیا ہے اسے مسلمان کسی حال میں بھی قبول ...

اس کے لئے کچھ عملی صورتیں پیدا ہو سکیں گی اور مسٹر جناح اپنے رویہ سے کوئی ایسی بات پیدا نہ ہونے دیں گے جو اتحاد کے مواقع کو ضائع کرنے والی ہو۔

اسمبلی میں تجارتی معاہدہ پر بحث

ہندوستان اور برطانیہ کے درمیان جو تجارتی معاہدہ ہوا ہے اس کو اسمبلی میں پیش کرتے ہوئے سرکاری رکن سر جوزف بھور نے حکومت ہند کی جانب سے جو تقریر کی وہ ہندوستانی رائے عامہ کو مطمئن کرنے کے لئے کسی طرح بھی کافی نہیں تھی بلکہ اس تقریر سے اس معاہدہ کی غیر اطمینان بخش حیثیت اور بھی زیادہ نمایاں ہو گئی، اور ...

حوادث و احکام

استفتاء

الجواب

استفتاء

الجواب

استفتاء

الجواب

آئندہ جمعہ کو مسلمانان دہلی کا جلسہ عام

جاپانی افواج کی پیشقدمی رک گئی

دار الحکومت

حضرت مولانا احمد سعید صاحب کی شدید علالت

کھانسی کے ساتھ سینہ سے خون آرہا ہے

نقل و حرکت اور گفتگو کی ممانعت

حضرت مولانا الحاج حافظ احمد سعید صاحب ناظم جمعیۃ علمائے ہند ۲۸ر جنوری یوم دوشنبہ کو شام کے وقت دفعۃً نہایت شدید و خطرناک مرض میں مبتلا ہو گئے۔ ممدوح کو تقریباً دو ماہ سے سخت نزلہ اور زکام کی شکایت تھی اور اسی دوران میں سورت کا طویل سفر بھی اختیار کرنا پڑا تھا، سردی کے موسم اور بیماری کی حالت میں یہ طویل سفر اور مسلسل تقریریں حضرت مولانا کی صحت پر بہت زیادہ اثر انداز ہوئی تھیں۔ اس کے بعد جب تک رمضان کا مہینہ رہا نزلہ اور زکام میں زیادتی نہیں ہوئی لیکن رمضان المبارک کے ختم ہوتے ہی نزلہ بڑھ گیا اور کھانسی بھی ہو گئی۔ ابتداءً یونانی اور اس کے بعد ڈاکٹری علاج ہوتا رہا مگر کوئی افاقہ نہ ہوا اور کھانسی کی شکایت برابر جاری ہی رہی۔

دوشنبہ کے روز شام کے وقت تقریباً ۷ بجے حضرت مولانا کو یہ محسوس ہوا کہ بلغم کے ساتھ خون بھی آ رہا ہے۔ اور اس کے بعد کئی مرتبہ سینہ سے کھانسی کے ...

طبیہ کالج میں اجمل ڈے

سید سلیمان ندوی اور مسٹر نیڈ کی تقریریں

حضرت مولانا عبدالعلیم صاحب صدیقی کی روانگی

گندے شہری سیر کیلئے وائسرائے کو دعوت

برطانوی پارلیمنٹ میں ہنگامہ اور وزیر اعظم کو گالیاں

مسٹر میکڈانلڈ کو کتے اور سور کا خطاب

قومی حکومت برباد کے نعرے

لندن ۲۹ر جنوری۔ دار العوام میں آج تک اس قدر ہنگامہ نہیں ہوا تھا جس قدر کل رات کو ہوا۔ تمام پبلک گیلری بلوائیوں کا مرکز بن گئی۔ سادہ لباس لوگوں نے اتنا شور و غوغا کیا کہ پولیس کو پہلے سات آدمی اور پھر "اسپیکر" (صدر) کے حکم سے تمام گیلریوں کے آدمیوں کو باہر نکالنا پڑا۔

بات یہ تھی کہ حکومت نے بے روزگاروں کی اعانت کے لئے ایک بورڈ قائم کرنے کی تجویز پیش کی ہے۔ اس بورڈ کے لئے پچاس لاکھ سٹرلنگ کی ضرورت تھی جس کی منظوری حکومت نے دار العوام سے حاصل کرنی چاہی، لیکن حکومت کی اس تجویز پر سخت نکتہ چینی کی گئی، مسٹر بیوکنن نے مسٹر ریمزے میکڈانلڈ پر جو کہ ایوان میں موجود نہ تھے نہایت مذموم حملہ کیا، اور انہیں "جنگلی سور" "غلیظ" "کمین" "کتے" کے ناموں سے پکارا۔ اور کہا کہ اس شخص کو کوڑے مار کر اس پبلک لائف میں سے باہر نکال کر پھینک دو۔ مسٹر بیوکنن کی اس بیہودہ تقریر کو سنتے ہی تمام پبلک گیلریوں میں ایک حشر برپا ہو گیا۔ عورتیں تک کھڑے ہو کر "قومی حکومت برباد" "مدبچیں کو بھوکا مارنے والے برباد" کے فلک شگاف نعرے لگانے لگے۔ بہت دیر تک ہنگامہ رہا، پولیس نے صدر کے حکم پر سب کو پکڑ کر باہر نکال دیا۔

لندن ۲۹ر جنوری۔ پارلیمنٹ کا کل شام سے ایک ہنگامہ خیز اجلاس شروع ہوا ہے۔ آئندہ ہفتہ سے انڈیا بل پر بحث شروع ہو گی۔ توقع کی جاتی ہے کہ چھ سات ماہ تک ہندوستانی مسئلہ برطانوی رائے عامہ کی دلچسپی کا موجب بنا رہے گا۔

صدر کانگریس کی اپیل

۶ر فروری کو رپورٹ کیخلاف احتجاج کیا جائے

... نے خوب گرما گرم تقریریں کیں۔ آخر میں طے پایا کہ وائسرائے کے پاس اس سلسلہ میں جو وفد بھیجنے اور میموریل پیش کرنے کی تجویز ہے اس کو عملی جامہ پہنایا جائے اور وفد سے ملاقات کرنے کے لئے وائسرائے سے درخواست کی جائے نیز لیڈی ولنگڈن کو مدعو کیا جائے اور ان کو شہر کی حالت دکھلائی جائے کہ وہ کس قدر کثیف، گندہ اور گنجان ہے ...

مکمل آزادی ہمارا پیدائشی حق ہے

دہلی میں یوم آزادی کا جلوس

فساد محرم کے مقدمہ کی اپیل کا فیصلہ

یورپ اور شمالی امریکہ میں شدید سردی

اسٹیلیسن کے خلاف دو ہزار روپے کی ڈگری

بم کا سامان برآمد پچاس گرفتار

پارلیمنٹری رپورٹ رجعت پسندانہ ہے

کونسل مسلم لیگ کا فیصلہ

مجلس احرار کے دفتر پر پولیس کا چھاپہ

امرتسر میں نو مقامات پر پولیس کا حملہ

مہاراجہ کولہاپور کی موٹر پرائیوٹ پٹھان کی زد میں

مسٹر ایم کے آنچاریہ چل بسے

مسٹر رضا علی کی جگہ مسٹر یامین خاں

کشتیاں ڈوب گئیں مسافر غائب

برطانی اور ہندوستانی معاہدہ کی تنسیخ کا مطالبہ

گورہ فوج میں تخفیف معلمین کے بل کی پیشی

اسمبلی کے اجلاس کی کارروائی

دہلی ۲۹ر جنوری۔ آج اسمبلی کے اجلاس میں ہندوستان اور برطانیہ کے ضمنی تجارتی معاہدہ پر بحث ہوئی اور ممبران نے اسکو ہندوستان کے لئے سخت مضر قرار دیا۔

مسٹر گڈ بگلا نے اسمبلی کے آئندہ اجلاس میں مندرجہ ذیل سوالات کا نوٹس دیا ہے کیا واقعہ ہے کہ حکومت بمبئی نے ایک سرکلر کے ذریعہ سرکاری افسروں کو ایسے جلسوں کی شمولیت سے روک دیا ہے جن میں بندے ماترم گایا جائے؟ کیا حکومت بمبئی نے حکومت ہند کے مشورہ سے ایسا کیا ہے اگر جواب نفی میں ہے تو کیا حکومت ہند اس بارے میں کوئی کارروائی کریگی؟

پارلیمنٹری رپورٹ پر بحث

اسمبلی کی مختلف پارٹیوں میں یہ طے پایا ہے کہ پارلیمنٹری رپورٹ پر ۴ر اور ۷ر فروری کو بحث کی جائے۔ حکومت کے لا ممبر نے آج اسمبلی میں اس کا اعلان بھی کر دیا ہے۔ ۵ر فروری کو غیر سرکاری تجاویز پر بحث ہوگی۔ صدر اسمبلی سر عبدالرحیم نے اعلان کیا کہ ۵ر فروری کو ڈپٹی پریزیڈنٹ کا انتخاب عمل میں آئے گا۔ لالہ متھرا پرشاد ممبر کونسل آف اسٹیٹ برطانیہ اور ہندوستان کے تجارتی معاہدہ کے متعلق سوالات کریں گے اور حکومت سے دریافت کریں گے کہ آیا معاہدہ کے وقت ایوان والیان تجارت سے بھی مشورہ ...

شاہ البانیہ کو قتل کرنے کی سازش

متعدد افراد گرفتار

ٹرین کو بم سے اڑانے کی کوشش

سی پی کونسل میں حکومت کو شکست

پرشیا کے بجائے ایران

اپنے سفراء کو حکومت ایران کی ہدایت

پیراگوے نے بولیویا کے قلعہ پر قبضہ کر لیا

افغانستان میں ریشے سونا

سنگاپور کے بحری مستقر پر جنگی استحکامات
چین اور جاپان کی جنگ سے خطرہ

لندن ۱۲ جنوری۔ بندرگاہ سنگاپور کی اہمیت بحر الکاہل میں نیز مشرق بعید میں جنگ کے خطرات کا اسی سے اندازہ کیا جاتا ہے کہ وزارت نوآبادیات برطانیہ سنگاپور کے بحری مستقر کو روز بروز مستحکم کرنے کے انتظامات کر رہی ہے رائٹر کا بیان ہے کہ جزیرہ سنگاپور کے مغرب کے چند میل پر حکومت نے قطعات آراضی حاصل کرلئے ہیں تاکہ مزید فوجی استحکامات عمل میں آئیں۔

حکومت کی اس کارروائی سے یہ ظاہر ہوتا ہے کہ کوہ خیبر پر فوجی استحکامات کے باوجود حکومت جزیرہ کے مغربی حصہ پر بھی فوجی مدافعتی انتظامات کی ضرورت محسوس کرتی ہے کہ وہ خیبر کے استحکامات سے صرف جزیرہ کے مغربی دامنوں کی حفاظت ہوتی ہے۔

چین اور جاپان کی جنگ کی وجہ سے سنگاپور کے بحری مستقر پر اہتمام کے انتظامات کافی اہمیت رکھتے ہیں اور گو ابھی تک سنگاپور میں کسی قسم کا خطرہ نہیں ہے۔ لیکن جاپان کی نقل و حرکت کو دیکھتے ہوئے اس قسم کے انتظامات ضروری تھے۔

سرت بوس حکومت پر مقدمہ چلائینگے
اسمبلی کی حاضری سے کیوں روکا گیا

کلکتہ ۱۹ جنوری۔ معلوم ہوا ہے کہ بابو سرت چندر بوس نے جو حکومت بنگال کی حکم نظربندی کی وجہ سے اسمبلی میں شرکت سے معذور ہیں اپنے قانونی مشیروں کو ہدایت کی ہے کہ بنظر امتحان وہ حکومت کے اس اختیار کے خلاف مقدمہ دائر کردیں کہ انہیں گورنر جنرل یا اجلاس کونسل کی طلبی ...

اسلام کی توہین کو روکا جائے
اسمبلی میں ایک اہم قرارداد

نافذ کرکے تمام صوبائی حکومتوں کو یہ اختیار دیا جائے کہ وہ تمام کتابوں کے طبع و نشر کو ممنوع قرار دیں جو اسلام پر الزام تراشی کرتی ہیں اور اسلامی اصول کی توہین کرتی ہیں اور جس سے مسلمانوں کے احساسات مجروح ہوتے ہیں۔ نیز صوبائی حکومتوں کو مطلع کردے کہ ایسی کتابوں کے طبع و نشر کو بانی اسلام کی ہجو کی تصویر دار مجلسیں اور یہ آرڈیننس اس وقت تک نافذ رہے جب تک کہ کوئی قانون منظور نہ ہو جائے۔

ہندوستان کے ایک محدث کا انتقال

نہایت افسوس کے ساتھ ناظرین کرام کو اطلاع دی جاتی ہے کہ ہندوستان کے مشہور محدث، نمونہ سلف اور عالم باعمل حضرت مولانا مولوی عبدالرحمن صاحب مبارکپوری شارح ترمذی شریف و مصنف کتب متعددہ ۲۲ شوال ۱۳۵۳ھ بروز شنبہ اپنے وطن مبارکپور ضلع اعظم گڈھ میں اس دار فانی سے کوچ فرما گئے انا للہ وانا الیہ راجعون۔ مرحوم کی تمام زندگی خدمت حدیث میں گذری اور اوقات کا بیشتر حصہ تصنیف و تالیف میں خرچ ہوا۔ آپ نے متعدد عربی کتب اور بہت سی اردو کتابیں تصنیف فرمائیں۔ ترمذی شریف کی شرح تحفۃ الاحوذی نہایت جامعیت کے ساتھ آپ ہی نے ترتیب دی اس کی تین جلدیں طبع ہو چکی ہیں۔ صرف ایک جلد طبع نہ ہو سکی جس کا انتظام ہو رہا ہے البتہ مرحوم اس شرح کا مقدمہ نہ لکھ سکے۔ اللہ تعالیٰ مرحوم کو جوار رحمت میں جگہ دے اور پسماندگان کو صبر جمیل کی توفیق دے آمین۔

"رہبر حجاج" مفت طلب کرو

"رہبر حجاج" کے بہت سے نسخے دفتر میں برائے اشاعت موجود تھے جو بہت جلد ختم ہوگئے جس کی اطلاع بھی الجمعیۃ میں شائع کردی گئی تھی اب ناظرین کرام کو اطلاع دی جاتی ہے کہ "رہبر حجاج" کی بہت سی کاپیاں برائے تقسیم دفتر الجمعیۃ میں آگئی ہیں۔ ...

حیدرآباد میں پکٹنگ شروع ہوگیا
مسلمانوں میں تاڑی کے استعمال کا انسداد

حیدرآباد۔ شہر میں چونکہ مسلمانوں میں تاڑی کا استعمال بہت بڑھ رہا ہے۔ اس لئے ایک جماعت نے اس کے انسداد میں نہایت سرگرمی کے انسداد میں نہایت سرگرمی کے ساتھ کام شروع کردیا ہے۔

اس مقصد کے پیش نظر تاڑی کی دکانوں کا پرامن پکٹنگ شروع کردیا گیا ہے اور نتائج حوصلہ افزا بتائے جاتے ہیں اس ہفتہ کے آغاز میں علاقہ یاقوت پورہ میں پکٹنگ شروع ہوا تھا کیونکہ وہاں تاڑی کی فروخت بہت زیادہ ہو رہی تھی۔ وہاں پر دو مختلف مقامات میں تقریباً ایک سو دوکانیں اس کی فروخت میں مصروف ہیں۔

ان دوکانوں کے باہر دو دو سے پچاس مسلم رضاکار پکٹنگ کر رہے تھے اور ان کے معقول اور پرامن استدلال نے تقریباً پچاس فی صدی مسلمانوں کو تاڑی کے استعمال سے روک دیا ہے اس جگہ پکٹنگ کی کامیابی سے متاثر ہوکر بانچ اور مقامات پر بھی اسی عمل کا تجربہ شروع ہوگیا ہے ...

قادیان کے حالات کی تحقیقات کیلئے
اکابر ملت سے مطالبہ

والیان ریاست اور حکومت کی ٹھٹھی باتیں
لارڈ ریڈنگ اور سر میر کا تار

میاں عبدالعزیز بیرسٹر صدر بلدیہ لاہور، آغا مرتضیٰ احمد خاں، مولانا مظہر علی صاحب اظہر ایم ایل اے، راجہ رشید مرتضیٰ بہادر ایم ایل اے، مولانا احمد سعید صاحب ناظم جمعیۃ علماء ہند، شیخ صادق حسن صاحب سابق ایم ایل اے، رئیس امرتسر و دیگر سرکردہ حضرات کا وفد لیکر قادیان تشریف لاکر مرزائیوں کے بڑھتے ہوئے درندہ صفت جور و استبداد کی تحقیقات کرکے ان کے وحشیانہ اخلاق اور مسلمانوں کی امن پسندگی کو مہذب دنیا کے سامنے پیش کریں۔

(برکت اللہ معتمد جلسہ احرار اسلام قادیان)

دو جہازوں کی ٹکر۔ ۴۷ افراد غرق

نیویارک ۲۵ جنوری۔ ایک امریکی جہاز دوسرے جہاز سے ٹکرانے کے بعد غرق ہوگیا جس میں ۴۷ مسافر اور ملازم ڈوب گئے اور ۸۰ بچائے گئے۔ جو مسافر مفقود الخبر بیان کئے جاتے ہیں برطانی قونصل بھی ہے۔ گم شدہ افراد کا سراغ ملنے کی امید منقطع ہو گئی ہیں۔

دوسری اطلاع ہے کہ دریائے کولوراڈو اور سن فلاور میں طغیانی کے باعث ۱۰ ہزار افراد بے خانماں ہوگئے شہر ہارکس میں سیلاب آگیا ہے۔

جوانان پر سوء احتلام کمزوری سستی نامردی کا

شرطیہ علاج

حکیم قیصر پیشاور اگرادل موجب جوئی کی وہ مجرب اور آزمودہ ادویات ... (بقیہ ناخواندہ)

پانی پت میں ایک منہدم شدہ مسجد کا قضیہ
ملبہ کے نیچے سے مسجد صاف طور پر نمایاں ہوگئی

پانی پت میں مسجد نوشہ شاہ شہید کا مقدمہ ۱۰ ستمبر ۱۹۳۴ء سے ہندو مسلمانوں کے درمیان مابہ النزاع بنا ہوا تھا ہندو پریس خصوصاً اخبار تیج دہلی پانی پت کے ہندوؤں کی پشت و پناہ بنکر اس کے متعلق طرح طرح کی حاشیہ آرائیاں کر رہا تھا خدا کا شکر ہے کہ ۵ جنوری ۳۵ء کو عدالت کے ایک درمیانی حکم کے ماتحت جب اس جگہ سے ملبہ اٹھا کر دیکھا گیا تو روز روشن کی طرح صاف طور پر مسجد نمایاں ہوگئی اور مسجد کا پختہ فرش۔ دالان، چبوترہ۔ وضو کی نالیاں وغیرہ وغیرہ تمام علامتیں نکل آئیں اور ہر موافق اور مخالف نے اپنی آنکھوں سے دیکھ لیا کہ یہ جگہ مسجد ہے پھر بھی بعض ہٹ دھرم ہندو اپنی ہٹ دھرمی سے باز نہیں آئے اور مسلمانوں کو اس کے قبضہ دینے میں رکاوٹیں ڈال رہے ہیں چونکہ اس قضیہ کی وجہ سے آنریری سکریٹری انجمن اسلامیہ پانی پت اور بعض ہندو مسلم معززین کی ضمانتیں ہورہی ہیں باوجودیکہ اس معاملہ میں مسلمان بالکل بےقصور تھے کیونکہ انہوں نے میونسپل کمیٹی پانی پت سے مسجد کی تعمیر کی اجازت حاصل کرکے ایک ایسے افتادہ قطعہ زمین سے ملبہ اٹھایا تھا جو عرصہ دراز سے ایک ٹیلہ کی صورت میں پڑا ہوا تھا مسلمان اس جگہ کو اپنی ملکیت ایک مسجد کا ڈھیر بتاتے تھے بخلاف اس کے ہندو خود وہاں ایک مکان کی تعمیر کی اجازت کے خواستگار تھے اس کو اپنی ملکیت ظاہر کرتے تھے انہوں نے عدالت کی امداد سے مسلمانوں کو وہاں سے ملبہ اٹھانے اور مسجد تعمیر کرنے سے اس دعوے کے ساتھ روک دیا کہ یہ زمین ہندوؤں کی ملکیت ہے اور مسلمان زبردستی قبضہ کرکے وہاں مسجد بنانا چاہتے ہیں ...

تعزیر میں مسلمانوں کو صبر و سکون کی ہدایت فرمائی اور حسب ذیل تجویز قاضی اظہار الاسلام عثمانی آنریری سکریٹری انجمن اسلامیہ پانی پت کی تحریک پر بالاتفاق منظور ہوئی۔

تجویز ۱۔ مسلمانان پانی پت کا یہ جلسہ عام اعلیٰ حکام ضلع کرنال کی توجہ مقدمہ مسجد نوشہ شاہ شہید کی طرف مبذول کراتے ہوئے مودبانہ ملتمس ہے کہ اب چونکہ مسجد صاف طور پر آشکار ہو چکی ہے اب مسجد کو معطل پڑے ہوئے دیکھ کر مسلمانوں کو بہت ملال ہوتا ہے۔ اس لئے اب اس پر جلد از جلد مسلمانوں کو قبضہ دلاکر مطمئن فرمایا جاوے تاکہ مسلمان مسجد سے مسجد کا فائدہ اٹھا سکیں اور حکومت انگلشیہ کی دی ہوئی مذہبی آزادی اور انصاف سے مستفید ہوں۔

تجویز ۲۔ مسلمانان پانی پت کا یہ جلسہ عام مالویہ جی کی جماعت اور ہندو پریس کے اس مفسدانہ پروپیگنڈہ کو ہندوستان کے امن عامہ کے لئے موجب فتنہ و فساد قرار دیتا ہے جس کا مقصد کمیونل ایوارڈ کی مخالفت ہے مسلمانان پانی پت کا یہ جلسہ عام حکومت ہند سے پرزور استدعا کرتا ہے کہ ہندوستان کے امن قوم کو بحال رکھنے کے لئے حکومت پوری طاقت سے قبل از وقت ایسے جلسوں کی روک تھام کرے جن کا مقصد کمیونل ایوارڈ جیسے مستحسن فیصلے کی مخالفت اور ہندو مسلم کشیدگی کے اسباب میں اضافہ کرنا ہے

(اظہار الاسلام عثمانی آنریری سکریٹری انجمن اسلامیہ پانی پت)

سندھ ہندو ایسوسی ایشن کی شرارت
مسلمانان کراچی کا احتجاج

مسلمانان کراچی کا ایک عام جلسہ ۲۰ جنوری ۳۵ء کو خالق ڈنہ ہال میں ...

آل انڈیا تنظیم کمیٹی کا اجلاس

کی دیگر اقوام کے معرفت اور وصولی کے متعلق غور کرنے کے لئے آل انڈیا تنظیم کمیٹی کا ملتوی شدہ اجلاس بتاریخ ۱۰ فروری ۳۵ء بروز یکشنبہ بوقت ۹ بجے دوپہر میرے مکان واقعہ ۱۵ امرتنگ روڈ لاہور منعقد ہوگا جس میں حسابات جمعیت کا آخری تصفیہ کیا جائیگا لہٰذا براہ مہربانی وقت مقررہ پر تشریف لاکر ممنون فرمائیں چونکہ معاملہ نہایت ہی اہم ہے اس لئے ضروری ہے کہ ہر رکن آل انڈیا تنظیم کمیٹی بذات خود اجلاس ہذا میں شریک ہو اور دیگر ارکان کو اجلاس میں شامل ہونے کی دعوت دے مورخہ ۲۲ جنوری ۳۵ء

(سیف الدین کچلو۔ سکریٹری آل انڈیا تنظیم کمیٹی)

کمال عاطف بے کی وفات پر
طبیہ کالج دہلی میں جلسہ

طبیہ کالج دہلی میں بتاریخ ۱۵ جنوری ۱۹۳۵ء کو مجلس مذاکرہ یونانی کا ایک عام جلسہ زیر صدارت جناب حکیم خواجہ رضوان احمد صاحب منعقد ہوا جلسہ میں باتفاق حسب ذیل ریزولیوشن پیش ہوکر پاس کیا گیا کہ یہ جلسہ مسٹر کمال عاطف بے مشیر قانونی سلطنت خداداد افغانستان برادر زادہ ادیبہ خالدہ خانم کی اچانک اور بےوقت وفات پر دلی رنج و غم کا اظہار کرتا ہے اور خدا سے دعا کرتا ہے کہ مرحوم کو جنت الفردوس میں جگہ دے اور پسماندگان کو صبر جمیل عطا فرمائے آمین ثم آمین

(غلام احمد خاں۔ جوائنٹ ایڈیٹر اجمل میگزین)

مولانا عطاء اللہ شاہ بخاری کا مقدمہ
عدالت عالیہ میں مسل طلب کرنے کا حکم دیدیا

ایک ایرانی جہاز غرق ہوگیا

نقصان کا اندازہ ۵۰ ہزار سے زیادہ لگایا جاتا ہے۔

ایک قیدی ہتھکڑی سمیت بھاگ گیا

لاہور ۱۲ جنوری۔ ایک نوعمر قیدی، جو بورسٹل انسٹی ٹیوٹ میں تین سال کے لئے قید تھا اور کان میں تکلیف کی وجہ سے شفاخانہ بھیجا گیا تھا وہاں ہتھکڑی سمیت چارپائی سے مقید کردیا گیا تھا اور تین وارڈن اس کی نگرانی کر رہے تھے لیکن باوجود اس انتظام کے وہ کل صبح کو یکایک غائب تھا۔

قوم پرور مسلمانوں کی اپیل
اسمبلی میں کانگریس پارٹی کی امداد

لاہور ۲۳ جنوری۔ آزاد خیال کے قوم پرور مسلمانوں کی کل ایک میٹنگ منعقد ہوئی جس میں آزاد مسلم کانفرنس کے نام سے ایک پارٹی قائم کی گئی مسٹر علی حسین شاہ بخاری پریذیڈنٹ مقرر ہوئے۔ میٹنگ نے ایک ریزولیوشن پاس کیا جس کے ذریعہ مسٹر جناح کے اہل گو بار اور مولانا شوکت علی سے اپیل کی گئی کہ وہ اسمبلی میں کانگریس پارٹی کے ساتھ تعاون کریں اور مشترکہ پارلیمنٹری رپورٹ کو نامنظور کرنے خدائی خدمتگاروں پر سے پابندی ہٹانے اور سیاسی اسیروں کو رہا کرانے میں ان کو خاص طور پر تعاون کرنا چاہئے۔

مسٹر بوس کی کتاب ضبط

مصفا خون کی شرطیہ گولیاں

... (بقیہ ناخواندہ)

گڈری اینڈ کو جالندھر شہر (پنجاب)

حضرت مولانا الحاج حافظ احمد سعید صاحب
کی تقریر سیرت

حضرت سحبان الہند مولانا الحاج حافظ احمد سعید صاحب ناظم جمعیۃ علمائے ہند کی وہ بصیرت افروز شریعت آموز تقریر جو ممدوح نے اٹاوہ کے جلسہ سیرت میں ارشاد فرمائی تھی اور جس کو بعد میں مزید تفصیل و تشریح کے ساتھ مرتب و مدون کرکے الجمعیۃ میں جزو جزو شائع کیا گیا تھا اب قارئین الجمعیۃ کے مسلسل پیہم اصرار پر کتابی شکل میں ادارہ الجمعیۃ کی جانب سے شائع کی جارہی ہے اور اس کے ساتھ وہ آخری حصہ بھی شامل کرلیا ہے جو الجمعیۃ میں شائع نہ کیا جاسکا تھا جن حضرات نے اس تقریر کا شائع شدہ حصہ شروع سے آخر تک ملاحظہ فرمایا ہے ان کو تو معلوم ہوگیا ہوگا کہ معارف و حقائق شریعت کا علم حاصل کرنے اور نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم کی سیرت مقدسہ کے متعلق ایک بےنظیر و مدلل مجموعہ معلومات سے بہرہ اندوز ہونے کے لئے اس کتاب کی قدر و منزلت کیا ہوسکتی ہے لیکن ان حضرات کے لئے جو اس پورے سلسلہ کا مطالعہ نہیں کرسکے ہیں یا جنہوں نے یہ اعلان پہلی مرتبہ دیکھا ہے اتنا عرض کردینا ضروری ہے کہ حضرت مولانا کی یہ تقریر اپنی بے شمار خصوصیات کے اعتبار سے ایک عجیب و نادر مجموعہ ہے جو نہ صرف موجودہ دور میں بلکہ آئندہ نسلوں کیلئے بھی یادگار رہیگا۔ شریعت مقدسہ کے نہایت ادق مسائل و دشوار نکات اس طرح پیش کئے گئے ہیں کہ ہر عالم و عامی ان کو سمجھ سکتا ہے اور ان سے افادہ کرسکتا ہے۔ اس پر حضرت مولانا کی سلاست زبان اور روانی بیان نے وہ کام کیا ہے کہ مضامین کی دقت اور مسائل کی دشواری کے باوجود شروع سے لیکر آخر تک دلچسپی برابر قائم رہتی ہے۔ ہندوستان کے مختلف شہروں اور قصبوں میں ہزاروں لاکھوں مسلمان ایسے ہوں گے جو حضرت مولانا کے مواعظ حسنہ سے مستفید ہوچکے ہیں اور ایک مرتبہ نہیں صدہا مرتبہ حضرت مولانا کی تقریریں سننے کے باوجود ہمیشہ اس کے مشتاق رہتے ہیں کہ ایک مرتبہ پھر کہیں حضرت مولانا کی تقریر سننے کا اتفاق ہو ان تمام مسلمانوں کے لئے یہ مژدہ یقیناً جانفزا ہوگا کہ یہ تقریر سیرت جو آج شائع کی جارہی ہے حضرت مولانا کی اکثر تقریروں کا لب لباب ہے اور اس میں سیرت کے متعلق بہت سے وہ مضامین جو حضرت مولانا اپنی مختلف تقریروں میں ارشاد فرمایا کرتے ہیں انداز بیان اور طرز زبان کی تمام خصوصیتوں کے ساتھ جمع کردئے گئے ہیں اور اس لئے اس کتاب کو اپنے پاس رکھنا اور اس کا مطالعہ کرنا حضرت مولانا کے مواعظ حسنہ سے ہر وقت بہرہ اندوز ہونے کے مترادف ہے تقریر سیرت میں جو مضامین زیر بحث آئے ہیں ان کے بعض عنوانات بطور نمونہ درج ذیل کئے جاتے ہیں تاکہ کتاب کی ہمہ گیری و وسعت کا کچھ اندازہ کیا جاسکے۔

مختصر فہرست مضامین

روحانی اور جسمانی تربیت۔ عالم بالا کی خدمات۔ مسلمانوں کے تہوار ...
سب سے پہلی یونٹی کانفرنس۔ فضل حق کا معاملہ۔ ہندو ذہنی اور مسلمانوں کا فرق ...
حضرت رابعہ بصریہ کا واقعہ۔ حضرت ابراہیم بن ادہم۔ انبیاء اور حکماء کا فرق ...
یوم میثاق کے دو اقرارنامے۔ الست بربکم قالوا بلیٰ۔ لفظ رب کی عمومیت ...
پنجاب کا نوری فرقہ۔ رفاعہ کی بیوی کا قصہ۔ حلالہ کا حکم ...
بیسویں صدی کے نوجوان۔ ترغیب قوانین۔ بیوی کے ساتھ ظلم ...
سندھ کے پیر۔ پست اقوام پر اسلام کا احسان۔ رسم و رواج کی پابندی ...
سلب اختیار۔ توبہ کی مسرت کا تصور۔ اہل دل کا نقصان ...
توہین انبیاء کے مجرم۔ انبیاء میں تفاوت۔ حضرت امام الحرمین کا واقعہ ...
حضرت لوط اور ابراہیم علیہما السلام۔ قوم لوط اور فرشتے۔ حضرت لوط اور فرشتے ...

پوری کتاب ... صفحات پر مشتمل ہے ... قیمت ... علاوہ محصول ڈاک ...
منیجر الجمعیۃ گلی قاسم جان دہلی

۱۹۳۵ء ۱۹۳۵ء

تار کا پتہ۔ میڈیسن دہلی ٹیلیفون ۵۵۶۶/

گُن نِی

کا

طاقت کی بے مثل سنہری گولیاں

مسیح الملک حکیم محمد احمد خان صاحب کا عطیہ (سفر یورپ کے بعد)

کا خاص خاص

چالیس گولیاں سات روپیہ

ہندوستانی دواخانہ (جس کو حکیم اجمل خاں نے ۱۹۰۳ء میں بنایا) دہلی (پوسٹ بکس ۱۲۲)

تحفہ تحفہ

رجسٹرڈ نمبر ایل ۱۶۹۳

یَدُ اللّٰہِ عَلَی الجَمَاعَۃ

تار کا پتہ "الجمعیۃ دہلی"
ٹیلیفون نمبر ۵۷۳۸

سہ روزہ الجمعیۃ دہلی

مدیر مسئول: ہلال احمد زبیری (بی-اے) معاون: محمد عثمان فارقلیط

جلد ۲۱ | دہلی یوم سہ شنبہ ۳۰ شوال المکرم ۱۳۵۳ ہجری مطابق ۵ فروری ۱۹۳۵ء | نمبر ۹

رواج عام اور شرعی قانون میں تصادم

"مسلمان رواج کو چھوڑ کر اسلامی قانون اختیار نہیں کر سکتے"

لاہور ہائی کورٹ کا ایک تازہ فیصلہ

(گزشتہ سے پیوستہ)

اندریں حالات ہم قرار دیتے ہیں کہ بوجہ شمول یہ بات پایۂ ثبوت کو پہنچی کہ عام پر تحصیل کے گنگوری بلوچوں نے بحیثہ غور و خوض کے بعد اس حقیقی ... کے حالات ... ہو ... آباد ... ان ... علاقہ ... فی الواقعہ ... کیا تھا کہ انہوں نے سابقہ قائم شدہ رواج کو ترک کر دیا ہے اور آئندہ ... معاملہ میں شرع اسلام کا اتباع کریں گے۔ اس لئے ... فیصلہ ... کے خلاف ... جاتا ہے۔

اب ہم نظائر پیش کردہ پر بحث کرتے ہیں ... پہلی نظیر گنگوری بلوچوں میں سے ... متوفی کی ہے اس کی وفات کے بعد اس کی تمام جائداد اس کے بیٹے کے نام منتقل ہو گئی۔ اس واقعہ کی توجیہ یہ کی گئی ہے کہ لڑکیوں نے ... حصص بھائی کو بخش دیئے تھے ... اس لئے ... نہیں ہے۔

... اور کہ گنگوری بلوچوں کے سردار نے ... اور دوسرے بلوچوں کو یہ اخلاقی جرأت نہ تھی کہ وہ شریعت کے آگے سر تسلیم خم نہیں کریں گے۔ اور کہ وہ یہ بات بھی ظاہر کرنا چاہتے تھے کہ وہ بھی ایسے ہی پکے اور سچے مسلمان ہیں جیسے کہ جاٹ ہیں۔

ٹیک چند
دلیپ سنگھ } ہم اتفاق کرتے ہیں
عبد القادر

معاصرین کے افکار و آراء

مولانا ابو الکلام آزاد کا مشورہ

حضرت مولانا ابو الکلام نے جو مشورہ مسلمانان کلکتہ کو دیا ہے وہ ایسا اہم اور ضروری مشورہ ہے کہ تمام مسلمانان ہند کا فرض ہے کہ سنجیدگی کے ساتھ اس پر غور کریں اور اس اہم اور قیمتی مشورے پر عمل کرنے کی راہیں نکالیں کہ ہم مولوی کے صفحات پر ایک سے زائد مرتبہ اس خیال کو ظاہر کر چکے ہیں اور لکھ چکے ہیں کہ اگر فی الحال یہ ممکن ہو کہ تمام ہندوستان کی ایک مرکزی جماعت تقسیم و وصول زکوٰۃ کے لئے قائم ہو سکے تو صوبہ وار قائم کرنا چاہیئے۔ اگر یہ بھی امکان میں نہ ہو تو علی الحدہ شہروں، قصبوں اور دیہات میں اس قسم کی وصول و تقسیم زکوٰۃ کے لئے انجمنیں بن جانی چاہئیں۔ خصوصاً اگر کلکتہ، بمبئی، دہلی، کراچی، لاہور اور دیگر بڑے بڑے شہروں میں اس قسم کا نظام عام ہو جاوے تو بہت جلد یہ عام مقبولیت حاصل کر لے گا اور سارے ہندوستان میں اس کو وسعت اور ہمہ گیری حاصل ہو جاوے گی۔ اس لئے ضرورت ہے کہ ...

نگرانی کے لئے ایک قانون کا ہونا ضروری ہے۔ نیز حکومت نے اس قانون کی ضرورت کے لئے ... کی تحقیقاتی کمیٹی کی سفارشات کا حوالہ دیا ہے۔

لیکن ہم ان دونوں دلیلوں سے مطمئن نہیں ہیں۔ جہاں تک بے ایمان اور بد دیانت معلمین کا تعلق ہے ہمیں افسوس ہے کہ اب تک حکومت کی طرف سے اس قسم کی ایک مثال بھی پیش نہیں کی گئی ہے جس سے یہ ثابت ہو کہ وہ معلمین جو حجاج سے عازمین حج کو لیکے ہندوستان آتے ہیں اپنے فرائض دیانتداری سے ادا نہیں کرتے۔

گزشتہ اسمبلی کے اراکین سے تو ہمیں مایوسی تھی اور اگر وہ بیکار اور ان کی بڑی تعداد حکومت کی آلۂ کار نہ ہوتی تو غالباً اس قسم کا مسودہ اسمبلی میں پیش نہ ہو سکتا تھا۔ لیکن جدید اسمبلی کے اراکین سے ہمیں توقع ہے کہ وہ اس بارے میں عام مسلمانوں کے جذبات کو محسوس کریں گے ...

مسلمان اور بیکاری

لباس اور قابلیت

معلمین حج کا قانون پھر اسمبلی میں

پادری کی لڑکی کا قبول اسلام

اسپین کے ایک جلیل القدر پادری کی لڑکی نے جب اسلامی تعلیمات کا مقابلہ کیا اور مسلمانوں کے مذہب اور ان کے اعمال کو بغور دیکھا تو اس کے دل میں اسلام کی صداقت و حقانیت جاگزیں ہو گئی اور اس نے یہ فیصلہ کر لیا کہ حقیقتاً اسلام ہی وہ مذہب ہے جو دنیا و آخرت میں نجات کا راستہ بتاتا ہے۔ اور اس کے علاوہ جتنے مذاہب ہیں وہ سب باطل اور صراط مستقیم سے بھٹکا دینے والے ہیں۔ جب عیسائیوں کو اس کی خبر ہوئی تو تمام پادریوں نے مل کر اس لڑکی پر بے شمار مظالم ڈھائے اور اس قدر جاں گداز اور صبر آزما مصائب میں مبتلا کیا کہ دیکھنے والوں کے رونگٹے کھڑے ہوتے تھے۔ مگر وہ لڑکی اسلام پر ثابت قدم رہی۔ اور اس نے بالآخر تمام پادریوں کی ایک شاندار مجلس میں اسلام کی حقانیت پر ایک بصیرت افروز مناظرہ کیا۔ فضیلت اسلام اور رد عیسائیت کے جس قدر دلائل ممکن تھے وہ تائید الٰہی سے اس لڑکی نے پادریوں کے مقابلہ میں اس خوش اسلوبی کے ساتھ پیش کئے کہ سامعین حیرت و استعجاب کے سمندر میں غرق ہو گئے۔ اور پادریوں سے کوئی جواب بن نہ پڑا۔ اور وہ لڑکی ہمیشہ کے لئے اسلام ہی سے وابستہ ہو گئی۔ اس کا نام از بلا تھا اور اس کی زندگی کے واقعات ایک کتاب میں قلمبند کر دیئے گئے ہیں۔ اگر آپ کو گزشتہ عظمت و سطوت کا مطالعہ کرنا ہے اور عیسائیت کے مقابلہ میں اسلام کی حقانیت کے بیشمار دلائل سے واقفیت حاصل کرنے کا شوق ہے۔ اور آپ اس کتاب کے ذریعہ تبلیغ اسلام کا فریضہ ادا کرنا چاہتے ہیں تو فوراً طلب کیجئے۔ پہلا ایڈیشن قریب الختم ہے اگر دیر ہوئی تو دوسرے ایڈیشن کا انتظار کرنا پڑے گا۔ قیمت فی جلد ۱۲ علاوہ محصولڈاک تبلیغی مقاصد کے لئے بیس بائیس سے زائد جلدوں کے خریدار کو پچیس فی صدی کمیشن دیا جائے گا۔

ملنے کا پتہ:- منیجر الجمعیۃ دہلی

Regd Nº L 1793.

The Aljamiat

Vol. XXI Nº 8 DELHI FRIDAY 1st FEBRUARY 1935. PRICE ONE ANNA

نورانی قرآن مجید

نہایت صاف جلی اور نہایت صحیح قرآن شریف اگر درکار ہو تو نورانی قرآن مجید الجمعیۃ بک ایجنسی دہلی سے طلب فرمائیے۔ قیمت مجلد پارچہ عہ

پادری کی لڑکی کا قبول اسلام

اور اس کے حیرت انگیز کارنامے معلوم کرنے ہوں تو ازبلا منگا کر دیکھئے جس کو پڑھ کر آپ اسلام کی حقانیت کے قائل ہو جائیں گے۔ قیمت فی جلد ۱۲ علاوہ محصولڈاک

منیجر الجمعیۃ دہلی

سرحد میں شریعت کانفرنس کی تیاریاں

ماتحت شریعت کمیٹیوں کو اطلاع

چونکہ شریعت کانفرنس کی تیاریاں مجلس استقبالیہ شریعت کانفرنس پشاور نے نہایت زور شور سے شروع کر دی ہیں اور اس کے لئے کافی سرمایہ کی اشد ضرورت ہے اس لئے فخر قوم ارباب عبد الرحمن خان صاحب ایم-ایل-سی، رئیس اعظم گلی کڑی و حاجی الحرمین الشریفین جناب عبد المالک خان صاحب رئیس اعظم کا فورڈیری فراہمی چندہ کے لئے ۲۴ جنوری ۱۹۳۵ء کو ضلع پشاور میں دورہ کرنے والے ہیں اس لئے مقامی حضرات سے میں اپیل کرتا ہوں کہ وفد مذکور کو سہولت بہم پہنچانے کے لئے ہر ممکن طریق سے سعی فرما کر عند اللہ ماجور و عند الناس مشکور ہوں۔

چونکہ شریعت کانفرنس کی تیاریاں زبردست پیمانہ پر مجلس استقبالیہ شریعت کانفرنس نے شروع کر دی ہیں اب وقت بہت تھوڑا رہ گیا ہے اس لئے وقت کی نزاکت کو اور تنگی کو مد نظر رکھتے ہوئے میں تمام اسلامی انجمنوں اداروں سے بالعموم اور ماتحت شریعت کمیٹیوں اور جمعیت العلماء صوبہ سرحد اور ان کی تمام ماتحت جمعیتوں سے بالخصوص اپیل کرتا ہوں کہ جلد از جلد چندہ کی فراہمی کا کام اپنے اپنے حلقہ میں شروع کر دیں جن حضرات کے پاس جو سرمایہ بوکس بھر چکیں ہوں مہربانی فرما کر تمام جمع شدہ سرمایہ معہ رسید بوکس دفتر شریعت کانفرنس میں بھیجکر مشکور فرماویں۔

(عبد القیوم سکرٹری شریعت کانفرنس پشاور)

آگرہ میں مسلم ایجوکیشنل کانفرنس کا اجلاس

آل انڈیا مسلم ایجوکیشنل کانفرنس کا سالانہ اجلاس ۱۹۱۳ء کے بعد دوبارہ شہر اکبر آباد میں بتاریخ ۱۹، ۲۰، ۲۱ مارچ ۱۹۳۵ء زیر صدارت عالیجناب ڈاکٹر ضیاء الدین احمد صاحب، بی-ایچ-ڈی-سی-آئی-ای-ایم-ایل-اے سابق پرو وائس چانسلر مسلم یونیورسٹی علی گڈھ منعقد ہوگا امید ہے کہ اجلاس آگرہ میں برادران اسلام کافی تعداد میں شریک ہو کر اپنی قوم کی تعلیمی مشکلات و موانع حل کرنے کی کوشش فرمائیں گے۔ اجلاس کے زمانہ میں کوشش کی جاوے گی کہ تاج محل، سکندرہ، فتحپور سیکری اور دوسری تاریخی مقامات کی سیر کے لئے سہولتیں بہم پہونچائی جاویں۔ اجلاس کو کامیاب بنانے کے لئے جماعت انتظامیہ قائم ہو گئی ہے اور نیز صدر دفتر علی گڈھ سے جناب مصطفیٰ احسن صاحب زبیری، سفیر آل انڈیا مسلم ایجوکیشنل کانفرنس تشریف لے آئے ہیں جو ضروری انتظامات و سرمایہ کی فراہمی میں مصروف ہیں۔ دفتر کانفرنس مذکور آفس سیٹھ الہ دین بھائی سیونگل کمشنر آبکاری روڈ آگرہ میں جاری ہو گیا ہے۔ جملہ خط و کتابت بنام سکرٹری پتہ مذکور پر ہونی چاہیئے۔

(سید مظہر الاسلام آنریری جائنٹ سکرٹری)

نامہ نگار حضرات توجہ فرمائیں

نامہ نگار حضرات سے باادب التماس ہے کہ وہ الجمعیۃ کی ان مشکلات کو پیش نظر رکھتے ہوئے جو سہ روزہ ہونے کے باعث اس کے راستہ میں حائل ہیں مراسلات بھیجا کریں اور الجمعیۃ کو روزانہ اخبار تصور فرما کر طویل مضامین لکھنے کی زحمت گوارا نہ فرمائیں۔

(۱) مضمون مختصر ہو (۲) کاغذ کی ایک جانب لکھا جائے (۳) مضمون خوشخط ہو کہ آسانی سے پڑھا جا سکے (۴) مضمون نگار کا نام پورے پتہ کے ساتھ درج ہو۔ اگر نام شائع کرانا منظور نہ ہو تو لکھ دیا جائے۔ مگر دفتر کیلئے نام اور پتہ ضرور لکھا جائے آئندہ کوئی ایسا مراسلہ شائع نہ ہوگا جو مراسلہ نگار کے نام اور پتہ سے خالی ہوگا۔ مراسلہ جتنا مختصر، جامع اور صاف لکھا ہوا ہوگا اسی قدر جلد اسکو شائع کر دیا جائیگا امید ہے کہ مراسلہ نگار حضرات مندرجہ بالا قیود کی پابندی فرما کر ہماری مشکلات کو دور کرنے کی کوشش کریں گے۔ (منیجر)

مرزائیوں کی شکست فاش

موضع پرجیاں جو کہ علاقہ بیٹ تحصیل نکودر ضلع جالندھر میں ایک اہم اور مرکزی جگہ ہے۔ یہاں چند سالوں سے فرقہ ضالہ مرزائیہ اپنے الحاد و زندیقیت کی زور شور سے نشر و اشاعت کر رہا تھا قریب تھا کہ اکثر افراد اپنی مذہبی ناواقفیت اور علمی بے بضاعتی کی بنا پر ان کے ابلیسی مکائد و وساوس کے دام تزویر میں گرفتار ہو جائیں۔ مگر خدا کا شکر ہے کہ حالات کی نزاکت کا احساس کرتے ہوئے بعض ارباب ہمت عین موقع پر اس فتنہ کے استیصال پر متوجہ ہو گئے۔ اور ان کی اولو العزمانہ جد و جہد سے مرزائیوں سے ایک ایسے عظیم الشان مناظرہ کا اہتمام کیا گیا جس میں علاقہ کے علمائے کرام اور مسلمانوں نے بہ تعداد کثیر شرکت کی اس مناظرہ میں اہل اسلام کو نہایت شاندار کامیابی نصیب ہوئی اور شکست خوردہ ... خائب و خاسر مرزائیوں اور ان کے مشہور علماء کی سخت ذلت و رسوائی ہوئی۔

(ایک بہی خواہ ملت)

آجرے کے مسلمانوں کی مصیبتوں میں اضافہ

زبردستی دستخط لئے جا رہے ہیں

آجرے کے مسلمانوں کو پولیس گھروں میں بند کر کے زبردستی سفید کاغذ پر دستخط لے رہی ہے جو شخص دستخط دینے سے انکار کرتا ہے اس کو زد و کوب کیا جاتا ہے۔

گرفتاریاں برابر جاری ہیں بہت سے لوگ ظلم کی تاب نہ لا کر اپنے قدیمی گھر بار کو چھوڑ کر ہجرت کر رہے ہیں باہر سے لوگ وہاں کے حالات دیکھنے کے لئے جب جاتے ہیں تو وہاں کی پولیس پہلے تو روک دیتی ہے اور پھر نام وغیرہ لکھوانے کے بعد پابندی کے ساتھ اندر داخل ہونے کی اجازت ملتی ہے اور پولیس کے ایک دو آدمی ساتھ رہتے ہیں مسلمانوں کے محلہ میں آہ و بکا کی آواز سنائی دیتی ہے لوگ پریشان حال ہیں خدا رحم کرے۔

(نامہ نگار)

اخبار الجمعیۃ میں اشتہار دیکر اپنی تجارت کو فروغ دیجئے

محبوب عاشق کے قدموں پر

ہدیہ عمل تین روپے کے بجائے سوا روپیہ۔ اس عظیم رعایت سے فائدہ اٹھایئے ...

ملنے کا پتہ:- مفضل شاہ عامل گلی راجان دہلی

ہمالیہ پہاڑ جہاں سونے چاندی اور لوہے کی کانیں ہوتی ہیں وہاں ان کا ست لیکر غیرات ہیرو دگار سے یہ سلاجیت پیدا ہوتا ہے ہم ایسے دشوار گذار مقامات سے ۶۷ء سے چالیس سال سے منگا کر طب یونانی طریقہ سے صاف کرتے ہیں جو کہ ہر موسم میں استعمال کیا جا سکتا ہے اور جس کے ہزار ہا سرٹیفکٹ ہمارے پاس موجود ہیں۔

طاقت و قوت بڑھانے اور قوت مردمی کا بے تحاشہ اضافہ کرنیوالی تمام اقسام جریان و سلسل البول کو دور کرنے والی رشی منی علماء و حکماء کا تعریف کردہ

اکسیر اعظم

اصلی سلاجیت اصلی

...

پتہ:- مالک فرم ہمالیہ ڈپو - ہردوار ضلع سہارنپور

HIMALIYA DEPO HARDOWAR (SAHARANPUR)

تصدیق ...

حمائل شریف مترجم مع خلاصۃ التفاسیر

اس کے حرفوں کی خوشنمائی موتی کی آب سے دوبالا ہے ...

ملنے کا پتہ:- منیجر اخبار الجمعیۃ گلی قاسم جان دہلی

مشہور و معروف دو ترجمہ والا معجز نما متوسط قرآن مجید معہ کامل تفسیر

حیرت انگیز رعایتی اعلان

اس قرآن پاک کی ضخامت ایک ہزار صفحات ہیں۔ کاغذ سفید ولایتی نادر ہے ...

ملنے کا پتہ:- منیجر اخبار الجمعیۃ گلی قاسم جان دہلی

(جید برقی پریس دہلی میں باہتمام ہلال احمد زبیری پرنٹر و پبلشر چھپ کر دفتر الجمعیۃ دہلی سے شائع ہوا)

عربی اور ولایتی ڈاک

مشرق و مغرب کی تازہ خبریں

ترکی دہقانوں کیلئے نیا اخبار

۴۱ ہزار دیہات میں مطالعہ کا انتظام

ملت ترکیہ کے حزب جمہوری نے نشر معارف - جدید مدنی تربیت - اجتماعی اصلاحات اور تنویر افکار کی غرض سے ترکی دہقانوں اور کسانوں کیلئے ایک نیا اخبار جاری کیا ہے جس کے ذریعہ دہقانوں کو حکومت کے مساعی اور واقعات بین الملی سے آگاہ کیا جائے گا اس اخبار کا نام "بورت" ہے جو مہینہ میں دو مرتبہ شائع ہوتا ہے اس کی پہلی اشاعت جشن استقلال ترکی کے روز عمل میں لائی گئی اور ۸۵ ہزار کاپیاں شائع کی گئیں ان کاپیوں کو ترکی کے ۴۱ ہزار دیہات و قریات میں تقسیم کیا گیا اور ہر قریہ میں دو دو کاپیاں ارسال کردی گئیں۔

اس اخبار میں دی خبریں اور مضامین درج کئے جاتے ہیں جو کسانوں اور دہقانوں ...

اٹلی نے حملہ نہ کیا تو ترکی حکومت ہرگز اقدام نہیں کرے گی کیونکہ وہ جنگ و جدال سے خود علیحدہ رہنا چاہتی ہے لیکن اگر اس پر کسی طرف سے حملہ ہوا تو وہ اس کی مدافعت پوری قوت کے ساتھ کرے گی۔

ترکی سفیر بالشویک روس میں

صنعتی اور زراعتی مراکز کا معائنہ

واصف بے سفیر ترکی بالشویک روس کے ان مراکز کا معائنہ کر رہے ہیں جو زراعت اور صنعت کے لئے مخصوص ہیں - موصوف نے بالشویک روس کے دہقانوں کی طرز زندگی اور معاشرت کا بغور معائنہ کیا اور مختلف میکانک کارخانوں اور پارچہ بافی کے مرکزوں کو دیکھا۔ آپ کے ہمراہ روسی حکومت کے نمائندے ...

ترکی حکومت کا جدید تجارتی قانون

تجارت برآمد کے خوشگوار نتائج

سرزمین حجاز میں سونے کی کان

ایک امریکن کمپنی کو ٹھیکہ دیدیا گیا

کھجور کے پتوں سے کاغذ سازی

عراق کی وزارت مال کا مستحسن اقدام

امیر فیصل ریاض میں

عصمت فروشی کے خلاف جینی حکومت کا اقدام

سزا دینے کے خلاف عام خواتین میں ہیجان

کنفیوشس کے خاندانی القاب

قدیم القاب کا استعمال منسوخ کردیا جائیگا

(۳) فنگ چھوکوان (یعنے معلم اعظم)

مصلح کنفیوشس کی موجودہ نسل کے افراد کی تعداد بیس ہزار ہے جو اس اقدام کے خلاف سخت احتجاج کر رہے ہیں - ان خاندان کی تمام درسگاہیں "چوفو" میں ہیں جہاں کنفیوشس کی پیدائش ہوئی اور وہیں اس کا انتقال ہوا اور اسی جگہ دفن ہوا۔

ترکی فوج کی نقل و حرکت سے اضطراب

بنکوں سے روپیہ نکلوانے میں تعجیل

انگورہ کی اطلاع مظہر ہے کہ ترکی فوج کی حالیہ نقل و حرکت اور فوج کے ایک حصہ کی اسلحہ برداری سے لوگوں میں سخت ہیجان پیدا ہوگیا اور یہ خیال کرلیا گیا کہ اب ترکی حکومت کی کسی دوسری حکومت سے جنگ ناگزیر ہے چنانچہ اس خیال پر لوگوں نے ترکی بنکوں کی طرف دوڑنا شروع کردیا اور صرف ایک روز میں تین لاکھ پونڈ ترکی بنکوں سے نکلوالئے۔ افواہ گرم ہے کہ ترکی فوج کی اسلحہ بندی اور حربی نقل و حرکت کچھ نہ کچھ گل کھلائے گی۔

ترکی کے سرکاری حلقوں میں اس امر پر وثوق کا اظہار کیا جا رہا ہے کہ اگر ...

استقلال ادرنہ کا شاندار جشن

ترکی حکومت میں ادرنہ کو ایک تاریخی اور سیاسی اہمیت حاصل ہے آج سے بہت پہلے یونان نے اس پر قبضہ کرلیا تھا لیکن ۱۹۲۲ء میں ترکوں نے پھر اس پر قبضہ کرلیا اور تا حال یہ مقام ترکوں ہی کے تصرف میں ہے۔

امسال ادرنہ کے باشندوں نے اپنے ملک کی آزادی کی یادگار میں شاندار جشن منایا اور تمام ادرنہ میں چراغاں کیا گیا ترکی نمائندوں نے بھی اس جشن میں شرکت کی اور زبردست فوجی مظاہرے ہوئے۔

مفت! مفت!! مفت!!!

گھر بیٹھے با قاعدہ تعلیم حاصل کرکے آیورویدک یونانی حکمت ہومیوپیتھک یا بائیوکیمک کی سندات حاصل کرنے کا قاعدہ (قواعد) کارڈ ڈال کر مفت طلب کرو۔

پرنسپل اولڈ انڈین میڈیکل کالج انبالہ شہر

خضاب چھوڑ دو

اس تیل سے ال بکنا رک کر پکا بال کالا پیدا ہے کر اگر ساٹھ برس تک کالا نہ رہے تو دو ناداموں واپس کا تحریری اقرار لکھا لیں۔ ایک آدھ بال پکا ہو تو تین روپیہ اس سے زیادہ پکا ہو تو ..... نصف سے زیادہ یا کل پکا ہو تو ۹ روپیہ (نو روپیہ) کا تیل منگالیں۔

پتہ :- بال کالا اسٹورس پوسٹ کنسی سمری (دربھنگہ)

سچا ہمدم و رہبر بے دام

پاک صاف خیالات پیدا کرکے جسمانی و روحانی صحت حاصل کرنے کیلئے دنیا میں سچی خوشی دستیاب کرنے کیلئے آپ آج ہی ایک کارڈ تحریر کرکے کتاب کام شاستر بالکل مفت منگوالیں۔

وید شاستری جام نگر کاٹھیاواڑ

سرزمین ترکی میں مشرق و مغرب کی آویزش

صلح کے موقعہ پر ترکوں کے ساتھ فاتحین کا سلوک

سمرنا میں یونانی درندوں کے مظالم

جامعہ ملیہ میں خالدہ ادیب خانم کا چوتھا لیکچر

دہلی ۲۹ جنوری - آج جامعہ ملیہ میں خالدہ ادیب خانم کا چوتھا لیکچر علامہ سید سلیمان صاحب ندوی کی زیر صدارت شروع ہوا - آج کے لیکچر کا موضوع موجودہ ترکی کی کشمکش ... کی داستان تھی جس میں خود مقررہ محترمہ کی شخصیت ایک اہم اور مؤثر عنصر رہ چکی تھی - محترمہ خالدہ ادیب خانم کے اسلوب بیان سے ترشح ہوتا تھا کہ آپ واقعات کے بیان میں اپنے جذبات اور شخصی حیثیت کو غیر معمولی عزم ... سے علیحدہ رکھنے کی کوشش کر رہی ہیں لیکن اس کے باوجود سامعین ...

وطن پرور رہنا قسطنطنیہ سے یا بجولان اغیار کے ہاتھوں مالٹا پہونچائے گئے۔ اور تو اور ان لوگوں کے خلاف جو اناطولیہ میں اپنے گھروں خاندانوں اور عزت و ناموس کو یونانی درندوں سے بچانے میں سرگرم جنگ وجدل تھے باغی اور غدار قرار دیا - اور ان کے خلاف جہاد کا اعلان کرنے سے احتراز نہ کیا - سلطان کو اپنے وطن اور اپنی قوم کے خلاف اس غداری کا بدلہ ملا اور پورا ملا - ترک قوم پرور اور ان کے رہنما اور سربلند ہوئے اور سلطان کی اس وطن فروشی نے ترکی سے ہمیشہ کے لئے شاہیت کی بساط کو الٹ دیا۔

یونانیوں کی فیصلہ کن شکست

اناطولیہ میں وطن پرور فوجوں کو خطرناک مصائب کا سامنا تھا اس کے علاوہ سلطان کی اس روش نے خود اناطولیہ میں باہمی خانہ جنگی کا فتنہ برپا کردیا لیکن انگورہ کی مختصر مگر مستعد فوجوں نے اس فتنہ کو خوش اسلوبی سے دبا دیا - انہوں نے یونانیوں کی بڑھی ہوئی فوجی رد کو روکا اور سفاریہ کے میدان جنگ میں ان کو ایک فیصلہ کن شکست دی - ترکی کی فوجیں کم - سامان جنگ برائے نام - رسد ناکافی ...

اسلام کی روحانی شان

اور صرف اس وقت ترکی میں اسلام کی صحیح روحانی شان پیدا ہو سکتی ہے - الغرض ترکی ان سات صدیوں کی کشمکش اور جد وجہد کے بعد آخرکار اپنی بعض بہترین اور بعض بدترین مظاہرے کے ساتھ سربلند ہوکر رہا۔

علی فواد اور رؤف بے وغیرہ نے انگورہ کو مرکز بنایا - جو آگے چل کر نئی ترکی کا محور ثابت ہوا - قوم پرور ترک اس جد وجہد میں لگے تھے لیکن ان کے سلطان نے ترکی کے دشمنوں کے سامنے ...

شاہان عرب میں تبریکی پیغامات کا تبادلہ

عید الفطر کی تقریب سعید کے موقعہ پر جلالۃ الملک سلطان ابن سعود - جلالۃ الامام یحییٰ والی یمن - شاہ غازی فرمانروائے عراق امیر عبد اللہ والی شرق اردن کے درمیان تبریک و تہنیت کے پیغامات کا تبادلہ ہوا - اسی طرح مختلف تاجدار عرب سے والی حجاز کی خدمت میں پیغامات تبریک موصول ہوئے - جلالۃ الملک سلطان ابن سعود کی تخت نشینی کے جشن کے موقعہ پر بھی دول عالم کے بادشاہوں نے تہنیتی برقیات ارسال کئے۔

لاطینی حروف میں جدید ترکی سکے

استانبول کی اطلاع ہے کہ ترکی گورنمنٹ نے پچاس اور دس قروش کے جدید طلائی سکوں کے لئے ایک سوئس سونا نکلوں سے حاصل کرلیا ہے - یہ جدید سکے عنقریب جلد از جلد مضروب ہوکر تمام قلمرو ترکیہ میں پھیلا دیئے جائیں گے - سابق کی طرح ان سکوں پر عربی حروف نہیں ہونگے بلکہ ان کو لاطینی حروف سے تبدیل کردیا جائے گا۔

جرمنی میں ایک شخص بھی بیکار نہیں رہیگا

ڈاکٹر رابرٹ لے نے اپنی ایک تقریر میں اعلان کیا ہے کہ ۱۹۳۵ء کے ختم ہونے تک جرمنی میں ایک شخص بھی بیکار نہیں رہیگا جس مزدور جماعت کی طرف سے ڈاکٹر رابرٹ نے یہ اعلان کیا ہے اس کی رکنیت میں ...... ۲۳ مزدور شامل ہیں۔

سائنس دانوں کی نئی گپ!

ہرورڈ یونیورسٹی کے سائنس دانوں نے کسی مقام سے تین انچ طویل ایک انڈا برآمد کیا ہے جو مرور زمانہ سے متحجر ہوگیا ہے - تجربہ کرنے کے بعد اعلان کیا گیا ہے کہ یہ انڈا ان تمام انڈوں میں سب سے زیادہ قدیم ہے جو اب تک زمین سے کھود کر یا قدیم تعمیرات سے برآمد کئے گئے ہیں - اس انڈہ کی عمر ۲۲۵,۰۰۰,۰۰۰ سال بتائی جاتی ہے!!



ہمدرد دواخانہ یونانی دہلی

معجون شباب آور

ہمدرد دواخانہ یونانی دہلی

گورنر جنرل کو نفاذ قانون کے مکمل اختیارات

پارلیمنٹری رپورٹ میں ایک خاص تبدیلی

برطانیہ کے ہاتھ میں ہندستان کی کلید

انڈیا بل شائع ہوگیا

نئی دہلی یکم فروری - آج وہ بل شائع ہوگیا ہے جو ہندوستان کی سیاسی قسمت کا فیصلہ کرے گا - اس بل کا خلاصہ پہلے میمورنڈم کی صورت میں شائع ہو چکا ہے - انڈیا بل پندرہ حصص پر منقسم ہے - وہ ۴۹۳ صفحات کی ایک ضخیم کتاب ہے جس میں کل ۴۵۱ دفعات اور ۱۵ جدولیں (شیڈول) ہیں۔

ہندوستان کی فیڈرل اور پروانشل گورنمنٹوں کے متعلق صرف ۷، ۹ دفعات ہیں باقی برما سے متعلق ہیں - ہم ذیل میں صرف دفعات کا خلاصہ درج کرتے ہیں اور بعض اہم دفعات کا لفظی ترجمہ بھی دیں گے۔

حقوق اور ذرائع شامل ہوں گے جو ملک معظم معاہدہ عطیہ - دستور رسمی یا کسی دوسرے طریقے سے قبائلی علاقوں میں اور قبائلی علاقوں کے متعلق بروئے کار لاسکتے ہیں۔

وفاقی امور کا نظم و نسق

فیڈرل (وفاقی) امور کے نظم و نسق ایک مجلس وزراء کے سپرد ہوگا جن کی تعداد دس سے زائد نہ ہوگی - جو مخصوص امور میں گورنر جنرل کو مشورہ و اعانت دیں گے۔

گورنر جنرل کو وزراء کی مجلس کے جلسوں کی صدارت کرنے کا اختیار حاصل ہوگا۔

اگر یہ سوال پیدا ہو جائے کہ آیا کوئی معاملہ ایسا ہے یا نہیں جن میں گورنر جنرل اپنی ذاتی مرضی سے یا اپنے انفرادی فیصلہ کے مطابق کام کرسکے تو گورنر جنرل کا اس کی مرضی کے مطابق فیصلہ ناطق فیصلہ ہوگا اور کسی قسم کی بازپرس گورنر جنرل سے اس بارے میں نہیں کی جا سکے گی۔

وزراء کی حیثیت

فیڈرل ایگزیکٹو کی وسعت ان معاملات تک ہوگی جن کے بارے میں مرکزی اسمبلی قانون ساز کو قانون بنانے کا اختیار حاصل ہے نیز ملک معظم ایگزیکٹو کی وسعت برطانی بحری فوجی اور ہوائی طاقتوں کی بھرتی اور ان کے انتظام تک ہوگی اور اس کے حلقہ وسعت میں وہ تمام اختیارات

بصائر و نظائر

عراق ریلوے

بغداد سے ... ہندوستان ... (۱) مولوی محمد ... (۲) مسٹر ... (۳) دی آنریبل ... (۴) جلیب ... (۵) مسٹر عبد ... (۶) آنریبل ... (نوٹ) ...

محمد رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کا طریق تبلیغ کیا تھا؟

اس کا جواب ایک جامع کتاب "بلاغ مبین" میں حضرت مولانا مولوی محمد حفظ الرحمن صاحب سیوہاروی نے قلمبند فرمایا ہے جو بڑی تقطیع کے دوسو پچانوے صفحہ کی کتاب ہے کتابت، طباعت اور کاغذ اعلیٰ درجہ کا - واقعات سب معتبر و مستند - طرز تحریر صاف اور عام فہم، نتائج مؤثر و دلنشین، تبلیغی کام کرنے والوں کے لئے اس سے بہتر آج تک اردو میں کوئی کتاب نہیں لکھی گئی تھی غیر مسلم اقوام کو سیرت رسول کے مکمل نتائج اور اثرات اس کتاب کے سوا اور کسی جگہ ایک مقام پر نہیں ملیں گے۔

ہر مسلم و غیر مسلم لائبریری میں رکھنے کے قابل ہے - با این ہمہ محاسن کے قیمت بہت کم ہے یعنی صرف دو روپیہ (عہ)

ملنے کا پتہ :- (مولوی) محمد ادریس منیجر دفتر بلاغ مبین - دہلی

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم

الجمعیۃ دہلی

یوم سہ شنبہ ۳۰ شوال المکرم ۱۳۵۳ھ ہجری

معلمین حجاج کا مسودۂ قانون

متفقہ مخالفت کی ضرورت

(۲)

لائسنس دینے والے آفیسر کے اختیارات

لائسنس دینے والے آفیسر کے اختیارات کی تفصیل حسب ذیل ہے:-
"دفعہ ۹۔ لائسنس دینے والے آفیسر کو اختیار ہوگا کہ وہ کسی رہنمائے حجاج کو جس پر ایسا الزام لگایا گیا ہو جو ثابت ہو جانے کی صورت میں دفعہ ۷ کے ماتحت سزا کے قابل ہو، اس وقت تک کے لئے معطل کر دے جب تک کہ الزام کی تفتیش مکمل ہو۔"

یہ جرم تو ایسا ہے جس کا اثر نہ صرف معلمین بلکہ تمام مسلمانوں پر پڑتا ہے۔ اب رہا دوسرا جرم اس کے دائرہ میں وہ معلمین آتے ہیں جو لائسنس حاصل کریں گے، انکو حکومت کی مقرر کردہ شرائط کی (جن کا ابھی تک کوئی علم نہیں ہے کہ وہ کیا ہوں گی) خلاف ورزی میں دو سو روپیہ جرمانہ کی سزا دی جا سکے گی۔ اور یہ سزا حاجی نہیں دلائیں گے، بلکہ حکومت کی طرف سے لائسنس دینے والا آفیسر دلائے گا۔ کیونکہ مذکورہ بالا شرائط حاجیوں کے مفاد کی نگہداشت کے بجائے حکومت کی ...

جرائم اور ان کی سزائیں

اس کے بعد اس مجوزہ قانون کے جرائم اور ان کی سزائیں ذیل میں درج کی جاتی ہیں:-
"دفعہ ۷۔ اگر کوئی ایسا شخص جس کے پاس رہنمائے حجاج کا لائسنس نہیں ہے کسی معاوضہ یا کسی انعام کی امید میں اپنے دوست یا رشتہ دار کے علاوہ کسی زائر کو زیارت سے متعلق کسی ایسے معاملہ میں جو مذہبی اعمال کی ادائیگی اور اس کے متعلق رسومات سے علاوہ ہو ہدایات دیتا ہے یا اس کی امداد کرتا ہے ...

ارکین اسمبلی کا فرض

تمام منتخب شدہ ارکین اسمبلی سے عموماً اور مسلم ارکین سے خصوصاً اس مسودہ قانون کے متعلق ہماری اپیل یہی ہے کہ اگر وہ مسلمانوں کی صحیح نمائندگی کرنا چاہتے ہیں اور ان کے مفاد کے مطابق اور ان کے مذہبی جذبات کا احترام رکھتے ہوئے رائے دینا چاہتے ہیں تو وہ اس مسودہ کو پہلی ہی خواندگی میں مسترد کر دیں ...

(بسلسلہ صفحہ ہٰذا کالم ۴)

شذرات

لکھنؤ کے شیعہ اخبارات کا غصہ

مسلم یونٹی بورڈ کا جو گزشتہ اجلاس دہلی میں منعقد ہوا تھا اس کی کارروائی الجمعیۃ میں شائع ہو چکی ہے اور شیعوں کی جدا گانہ نیابت کے متعلق اس اجلاس میں جو قرارداد منظور کی گئی تھی اس پر ہم ان کالموں میں ایک مختصر شذرہ بھی سپرد قلم کر چکے ہیں۔ الجمعیۃ کی اس کارروائی اور اس شذرہ کو پڑھنے کے بعد لکھنؤ کے شیعہ اخبارات سرفراز، اسد اور تقیہ نے اپنی تازہ اشاعتوں میں نوٹ لکھے ہیں اور اول الذکر دو اخبارات نے بغیر کسی معقول وجہ کے نہایت تند و سخت لہجہ اختیار کیا ہے جو کسی طرح موقع اور محل کے مطابق نہیں کہا جا سکتا۔ ہم نہیں چاہتے کہ ایک ایسی بحث کے متعلق جو مسلمانوں کے دو طبقوں میں مزید کشیدگی پیدا کرنے کا موجب ہو سکتی ہے زیادہ تفصیل سے کام لیں ...

بمبئی کے بندرگاہ پر حاجیوں کے مصائب

آج کی اشاعت میں کسی دوسری جگہ ہم حضرت مولانا مہدی حسن صاحب کے اس مکتوب گرامی کا خلاصہ درج کر رہے ہیں جو ممدوح نے سفر حج کے لئے جاتے ہوئے بمبئی کے بندرگاہ سے حضرت علامہ مفتی محمد کفایت اللہ صاحب صدر جمعیۃ علمائے ہند کی خدمت میں ارسال فرمایا ہے۔ بمبئی جیسے بندرگاہ پر حاجیوں کے لئے پاسپورٹ کی منظوری حاصل کرنے میں ان مصائب و مشکلات کا مقابلہ کرنا جو اس خط میں مذکور ہیں اس امر کی ایک بین دلیل ہے کہ حکومت کی جانب سے نہ صرف حاجیوں کی آرام و آسائش کے متعلق کوئی معقول انتظام موجود نہیں ہے بلکہ متعلقہ حکام کی غفلت اور مجرمانہ لاپروائی اور بے تاعدگی ... [redacted] ...

حوادث و احکام

استفتاء

کیا فرماتے ہیں علمائے دین و مفتیان شرع متین اس مسئلہ میں کہ ...

الجواب

الجواب صحیح: محمد کفایت اللہ کان اللہ لہ، دہلی

استفتاء

کیا فرماتے ہیں علمائے دین و مفتیان شرع متین اس مسئلہ کے بارے میں کہ عرصہ قریباً چار سال کا ہوا کہ میں نے ایک ہرن مادہ اپنے گھر میں پالا ہوا ہے۔ قد تقریباً ۲ فٹ ہے کیا اس کی قربانی ہو سکتی ہے یا کہ نہ؟

الجواب

ہرن کی قربانی جائز نہیں۔ قربانی کے لئے اہلی جانور ضروری ہے۔ وحشی جانور کی قربانی جائز نہیں ہوتی۔ اگرچہ وہ پالا ہوا اور مانوس ہو گیا ہو۔
محمد کفایت اللہ کان اللہ لہ، دہلی

استفتاء

کیا فرماتے ہیں علمائے دین و مفتیان شرع متین اس مسئلہ میں کہ زید و بکر دو شخص ہیں ...

الجواب

بندہ احمد سعید عفی عنہ
الجواب صحیح: بندہ محمد یوسف عفی عنہ، مدرسہ امینیہ دہلی

استفتاء — سجدۂ تلاوت

الجواب

استفتاء

الجواب

حبیب المرسلین عفی عنہ، نائب مفتی مدرسہ امینیہ دہلی

(باقی صفحہ ہٰذا کالم ۲ کے نیچے ملاحظہ فرمائیے)

معلمین حجاج کا بل مسلمانوں کیلئے ناقابل برداشت ہے

حجاز میں بیرونی مداخلت کو روکنے کیلئے ارکان اسمبلی سے درخواست

مسلمانان دہلی کے عظیم الشان جلسہ میں بل کے خلاف شدید ہیجان

دہلی یکم فروری ۱۹۳۵ء کو بعد نماز جمعہ جامع مسجد دہلی میں زیر صدارت حضرت العلامہ مولانا مفتی محمد کفایت اللہ صاحب صدر جمعیۃ علمائے ہند معلمین حجاج کے مسودہ قانون کے خلاف احتجاج کے لئے مسلمانوں کا ایک عظیم الشان جلسہ منعقد ہوا۔

حضرت علامہ مفتی محمد کفایت اللہ صاحب کی تقریر

تلاوت قرآن مجید کے بعد حضرت علامہ مفتی محمد کفایت اللہ صاحب صدر جمعیۃ علمائے ہند نے اپنی افتتاحی تقریر میں اس کی غرض و غایت پر روشنی ڈالتے ہوئے فریضہ حج کی اہمیت ظاہر فرمائی اور مسلمانان عالم کے قلوب میں اس فریضہ کی ادائیگی کے لئے جس انتہائی شوق و وارفتگی کے جذبات موجزن ہوتے ہیں ان کا ذکر مؤثر الفاظ میں فرمایا۔ اس کے بعد حضرت علامہ نے حج کے متعلق موجودہ قانون سازی کی ایک مختصر تاریخ بیان فرمائی۔ آپ نے فرمایا کہ حج کے متعلق حکومت نے ۱۹۳۲ء میں دہلی کے اجلاس میں تین مسودات قانون پیش کئے تھے۔ پورٹ حج کمیٹیوں کا مسودہ قانون، حاجیوں کے جہازوں اور سفر کے متعلق انتظامات وغیرہ کا مسودہ قانون جو مسودہ ترمیم قانون جہاز رانی کے نام سے موسوم ہے اور معلمین حجاج کا مسودہ قانون۔ ان تینوں مسودات کے منظر عام پر آتے ہی جمعیۃ علمائے ہند نے جو ہمیشہ مسلمانوں کی مذہبی و سیاسی رہنمائی کرتی رہتی ہے اپنی دوربین نگاہوں سے ان کے حقیقی مقاصد و عواقب کا اندازہ کر لیا تھا ...

اس کے بعد حضرت مفتی صاحب نے قانون کی مختلف دفعات پر بحث کی اور فرمایا کہ اس قانون کی قطعاً کوئی ضرورت نہیں ہے اور معلمین کے لئے لائسنس کی پابندی سے حکومت کو حجاز کی رعایا پر ایسا اقتدار حاصل ہو جاتا ہے جو آئندہ مہلک ثابت ہو سکتا ہے ... صدر محترم کی تقریر تقریباً ایک گھنٹے جاری رہی۔ دوران تقریر میں سامعین کے اندر بہت زیادہ جوش و خروش پھیلا ہوا تھا اور مجمع باواز بلند اس قانون کے خلاف اظہار نفرت و ملامت کر رہا تھا۔

حضرت مولانا عبدالحلیم صاحب کی تقریر

صدر محترم کی تقریر کے بعد حضرت مولانا عبدالحلیم صاحب صدیقی رکن مجلس عاملہ جمعیۃ علمائے ہند نے ایک مفصل و مؤثر تقریر کے ساتھ مندرجہ ذیل قرارداد پیش فرمائی ...
حضرت مولانا مبارک حسین صاحب میرٹھی رکن مجلس عاملہ جمعیۃ علمائے ہند اور حضرت مولانا عبدالماجد صاحب ناظم جمعیۃ علمائے صوبہ دہلی نے قرارداد کی تائید میں تقریریں فرمائیں جو باتفاق رائے منظور ہوئی۔

قرارداد

(۱) "مسلمانان دہلی کا یہ عظیم الشان جلسہ اس حقیقت کا ایک مرتبہ اور اعلان و اظہار کرتا ہے کہ فریضۂ حج مسلمانوں کے ان مذہبی فرائض میں سے ہے جن کی اہمیت ہر طبقہ اور ہر فرقہ کے مسلمانوں کے نزدیک مسلم ہے ...

خالدہ ادیب خانم کا پانچواں لیکچر

ترکی کے علم و ادب پر تبصرہ

دہلی یکم فروری۔ کل جامعہ ملیہ اسلامیہ میں خالدہ ادیب خانم کا پانچواں لیکچر ہوا۔ ہال حسب سابق حاضرین سے بھرا ہوا تھا۔ ڈاکٹر انصاری اور مسز نائیڈو بھی موجود تھیں۔ صدارت کے فرائض ڈاکٹر سر محمد اقبال صاحب نے انجام دیئے۔ اس لیکچر میں محترمہ خالدہ ادیب خانم نے ترکی کے مشہور افسانہ نویسوں اور شاعروں کے چیدہ کلمات پیش کئے۔ اور ترکی کے علم و ادب پر تبصرہ فرمایا ...

حضرت مولانا احمد سعید صاحب کی علالت

چترقند کے دو قبائل میں جنگ

سرغنہ گولیوں سے اڑا دیا گیا

لندن سے ایک یہودی اخبار کا اجرا

لندن ۴ فروری۔ کل یہودی "ڈیلی پوسٹ" جاری ہو گیا ہے یہ اخبار یہودیوں کے مفاد کی حفاظت کے علاوہ حکومت وقت کی پالیسی کی تائید کرے گا۔

حکومت مدراس نے کونسل کے فیصلہ کو ٹھکرا دیا

جون میں سندھ اور اڑیسہ کی علیحدگی؟

نئی دہلی ۴ فروری۔ باخبر حلقوں میں یہ افواہ گرم ہے کہ سندھ، اڑیسہ کو ماہ جون میں علیحدہ صوبہ بنا دیا جائے گا۔

آگرہ کے فرقہ وارانہ فساد کے مقدمہ کا فیصلہ

تین کو پھانسی، چار کو کالا پانی

وائسرائے نے تجویز پیش کرنے کی اجازت نہیں دی

پولیس اور ڈاکوؤں کا مقابلہ

جاپان نے روس پر حملہ کر دیا

دو گھنٹہ میں روسی شہر پر قبضہ

معاہدہ اوٹاوہ کو منسوخ کرانے کی تجویز

اسمبلی میں نئی قرارداد دیں

کسی آئین کیلئے سلیکٹ کمیٹی کو بنیاد بنایا جائے

اسمبلی میں کانگریس پارٹی کی ترمیم

اسمبلی کا ڈپٹی پریذیڈنٹ کون ہوگا؟

کاغذات نامزدگی داخل کر دیئے گئے

دو بچے آگ کی نذر

کاشتکاروں کی اراضی قرق نہ کی جائیں

جرمنی ہوائی جہاز تباہ ہو گیا

گیارہ اشخاص ہلاک

کانگریس ورکنگ کمیٹی کا اجلاس

قادیان میں ۱۴۴ کا نفاذ

اسمبلی میں حکومت کو دوسری شکست
تجارتی معاہدہ مسترد کر دیا گیا

دہلی ۳۰ جنوری۔ آج لیجسلیٹو اسمبلی میں حکومت کو ایک اور زبردست شکست ہوئی جب کہ ایوان نے ۵۰ آراء کی مخالفت اور ۶۶ آراء کی حمایت سے جدید ہندی برطانی تجارتی معاہدہ کو مسترد کر دیا۔ اور سر جا سیف بھور کی تحریک کی جگہ مسٹر خالد لطیف گابا کی ترمیم منظور کر دی۔ کانگریسی نمائندوں کے علاوہ مسٹر محمد علی جناح نے بھی اس معاہدہ کی زبردست مخالفت کی۔ آج حکومت کو بہت سے حملوں کا مقابلہ کرنا پڑا جس کا نتیجہ یہ ہوا کہ اسے شکست ہو گئی۔

آج صدر نے اسمبلی میں اعلان کیا کہ ریلوے بجٹ ۸ فروری کو پیش کیا جائے گا اور ۲۰ فروری کو اس پر عام بحث ہوگی ۲۲-۲۳-۲۶ فروری کو مطالبات زر پر ووٹنگ ہوگا جنرل بجٹ (عام میزانیہ) ۲۸ فروری کو شام کے ۵ بجے پیش کیا جائے گا اور ۵ و ۷ مارچ کو اس پر بحث ہوگی۔

کتنے دہشت زدوں کو پھانسی دیگئی؟
اسمبلی میں سوالات

نئی دہلی ۳۰ جنوری۔ ڈاکٹر راجن، بھاگلپور ممبر نے اسمبلی میں کئی اہم سوالات دریافت کرنے کا نوٹس دیا ہے جو اگر منظور ہو گئے تو ... میں ہندوستانی ڈاکٹروں کی تعداد اور ان کی بھرتی کے متعلق دریافت کریں گے۔ اس کے علاوہ آپ دریافت کریں گے کہ بنگال باہر شاہی نظربندوں کو ان کی مرضی کے مطابق کتابیں مہیا کرنے کا کیا انتظام ہے اور اس غرض کے لئے ایک سپیشل افسر مقرر کیا ہے۔

آپ یہ بھی دریافت کریں گے کہ تحریک دہشت زدگی کے انسداد کے سلسلہ میں کتنے لوگوں کو پھانسی دی گئی ہے۔ کتنے لوگ اپریل ۱۹۳۰ء سے لیکر آج تک نظربند کئے گئے۔

بنگال میں اس تحریک کے انسداد کے لئے کتنے فوجیوں کی خدمات حاصل کی گئی ہیں انہیں کیا فرائض سرانجام دینے پڑتے تھے۔ اور کیا بنگال کے طول و عرض میں مارچ کیا۔

آپ یہ بھی دریافت کریں گے کہ آرڈی نینس یا دوسرے قوانین کے ماتحت بنگالی جیلوں میں کتنے بنگالی قید تھے۔

اخبارات کی ضمانتیں واپس کیجائیں
اسمبلی میں ایک تجویز

دہلی ۳۰ جنوری۔ مسٹر سری کرشن سنہا نے ایک تجویز اس مضمون کی اسمبلی میں پیش کی ہے کہ حکومت نے کانگریسی انجمنوں اور دیگر مجلس جماعتوں پر جو پابندیاں عائد کر رکھی ہیں وہ ہٹالی جائیں۔ مسٹر [illegible] نے اس تجویز میں حسب ذیل فقرہ اضافہ کرنے کا نوٹس دیا ہے۔ یہ کہ جن اخبارات نے پریس آرڈی نینس یا قانون کے ماتحت ضمانتیں داخل کی ہیں۔ انہیں خواہ وہ ضبط کی گئی ہوں۔ یا نہیں۔ واپس کر دیا جائے۔

غازی عبد القیوم اور محمد صدیق
اسمبلی میں مسٹر گابا کے سوالات

نئی دہلی ۲۸ جنوری۔ مسٹر خالد لطیف گابا ایم۔ ایل۔ اے۔ نے این۔ ڈبلیو۔ آر کے ہیڈ کوارٹر سیکرٹریٹ میں مسلمانوں کی نمائندگی کے متعلق سوالات کے علاوہ اسمبلی میں حسب ذیل سوالات کرنے کا نوٹس دیا ہے:۔

(الف) کیا آنریبل ہوم ممبر براہ کرم بیان کریں گے کہ کیا حکومت کو مسلم حلقوں کی طرف سے اس باب میں متعدد درخواستیں موصول ہوئی ہیں کہ غازی عبد القیوم کی سزائے موت کو جنہیں عدالت کراچی سے سزائے موت ہوئی ہے ملتوی کر دیا جائے؟

(ب) کیا یہ امر واقعہ نہیں ہے کہ محمد صدیق نامی ایک شخص کو حال ہی میں ایسے ہی جرم میں لاہور کی ایک عدالت سے سزا ہوئی تھی؟

(ج) کیا یہ امر واقعہ نہیں ہے کہ مذکورہ بالا دونوں مقدموں میں ملزموں نے جو کچھ کیا اسے مقامی حالات کو مدنظر رکھتے ہوئے کیا اور اس ملک کے لاکھوں مسلمان دونوں غازی عبد القیوم اور (غازی) محمد صدیق کی ہمت جرأت پر ان کے ساتھ انتہائی ہمدردی رکھتے اور توصیف و تحسین کرتے ہیں۔

حیدرآباد میں پکٹنگ
خوشگوار اثر

حیدرآباد دکن ۲۸ جنوری۔ تاڑی فروشوں کا ایک وفد محکمہ آبکاری کے افسروں کی خدمت میں حاضر ہوا اور فریاد کی کہ مسلم رضا کاروں کے پکٹنگ کے باعث ہمارا کاروبار تقریباً بالکل بند ہو گیا ہے۔ اس معاملہ میں نہ صرف ہمارا ہی مفاد ہے بلکہ حکومت کا بھی فائدہ ہے اس لئے مداخلت کیجئے۔ پولیس کمشنر کی خدمت میں بھی ایک وفد حاضر ہوا اور پکٹنگ کی شکایت کی۔ معلوم ہوا ہے کہ پولیس کمشنر نے وفد کے معروضات کو ہمدردی سے سنا اور پکٹنگ کرنے والوں کو ہدایت کی کہ تاڑی کی دوکانوں سے ایک سو فٹ ہٹ کر کھڑے ہوں۔ مساجد اور دیگر مقامات میں تاڑی کے خلاف تقریریں کی جا رہی ہیں۔ تاڑی کی دوکانوں میں اضافہ کے باعث پکٹنگ کرنے والوں کا کام بہت [illegible]

ایرانی و افغانی سرحد کی تحقیقات کی تکمیل

کابل ۳۰ جنوری۔ ایران و افغانستان کے سرحدی تنازعہ کے متعلق جنرل فخر الدین کی زیر قیادت جو ترکی کمیشن مامور ہوا تھا وہ کچھ عرصہ سے اس تنازعہ کے متعلق تحقیقات میں مصروف رہا ہے۔ افغانی و ایرانی نمائندے و وفد کورٹ کے ارکان کی امداد و اعانت کے لئے سرحد پر موجود ہے۔ معلوم ہوا ہے کہ کمیشن نے تحقیقاتی کام اب مکمل کر لیا ہے جرنیل فخر الدین پاشا ۹ جنوری کو انگورہ واپس تشریف لے گئے ترکی جرنیل نزاع مذکورہ کے متعلق اپنے فیصلہ کا عنقریب انگورہ سے اعلان کریں گے۔

حج کیلئے جدی جائداد رہن نہیں رکھی جا سکتی
لاہور ہائی کورٹ کا اہم فیصلہ

لاہور ۳۰ جنوری۔ لاہور ہائی کورٹ نے ایک مقدمہ کا فیصلہ سناتے ہوئے رولنگ دیا ہے کہ حج کرنا کسی مسلمان کے لئے اتنا ضروری نہیں ہے کہ وہ اس مقصد کے لئے قرضہ لے اور اپنی جائداد رہن رکھ دے۔ مقدمہ کے واقعات یوں بیان کئے جاتے ہیں کہ ایک مسلمان نے حج کو جانے کے لئے روپیہ قرض لیا۔ اور اپنی جائداد بالرہن رکھ دی۔ اس کے کوئی اولاد نہیں تھی اس کی وفات کے بعد اس کے وارث نے جائداد پر قبضہ کر لیا اور قرضہ دینے سے اس بنا پر انکار کر دیا کہ حج کرنا لازمی نہیں۔ اور اس مقصد کے لئے وہ اپنی جدی جائداد رہن نہیں رکھ سکتا تھا۔ ہائی کورٹ نے اس کے حق میں فیصلہ دیا۔ اور رہن نامہ کو ناجائز قرار دے دیا ہے۔

سلور جوبلی اور بہاولپور
تین لاکھ روپیہ خرچ کیا جائیگا

بہاولپور ۳۰ جنوری۔ معلوم ہوا ہے۔ بادشاہ جارج پنجم کی جوبلی پر ریاست بہاولپور نے تین لاکھ روپیہ خرچ کرنے کا فیصلہ کیا ہے حالانکہ ریاست ۳۱ کروڑ روپیہ کی گورنمنٹ ہند کی مقروض ہے جس کی ادائیگی کا تا حال کوئی بندوبست نہیں ہوا۔ بیان کیا جاتا ہے کہ ریاست کی ہندو و مسلم رعایا اس کثیر رقم کے منظور کئے جانے کے خلاف بطور احتجاج ایک جلسہ منعقد کرنے والی ہے جس میں نواب صاحب سے درخواست کی جائے گی کہ وہ کم سے کم رقم جوبلی پر خرچ کریں۔

ہائی کورٹ نے سزائے موت بحال رکھی
غازی محمد صدیق کی اپیل مسترد کر دی گئی

لاہور ۳۰ جنوری۔ [illegible] غازی محمد صدیق کی اپیل کی سماعت ہوئی ان کی طرف سے میاں عبد العزیز بیرسٹر اور ملک محمد اسلم بیرسٹر پیروکار تھے۔

استغاثہ کا بیان ہے کہ محمد صدیق ولد کرم الٰہی نے ۱۰ ستمبر ۱۹۳۴ء کو رات کے آٹھ بجے خانقاہ بیلے شاہ قصور میں ایک آدمی "رتی" سے پالا شاہ کو جب سے رسول اکرم کی شان میں گستاخی کی تھی قتل کر دیا۔ ملزم فیروز پور کا باشندہ ہے اور اس کا ماموں قصور میں رہتا ہے جس سے ملنے کے لئے وہ قصور گیا تھا جب اس نے سنا کہ پالا شاہ نے رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم کی توہین کی ہے تو اس نے اسے قتل کر دیا۔ اس وقت موقع پر کوئی آدمی موجود نہ تھا اس کے بعد اس نے اپنے آپ کو پولیس کے حوالہ کر دیا اور مجسٹریٹ کے روبرو اقرار جرم کرتے ہوئے کہا کہ مسلمان آنحضرت کی توہین برداشت نہیں کر سکتے۔

وکیل صفائی کی بحث سننے کے بعد ججوں نے اپیل خارج کر دی اور غازی محمد صدیق کی سزائے موت کو بحال رکھا۔

اجودھیا کے شہید مسلمانوں کی قسمت
تیسرے مقدمہ کے ہندو ملزم بھی بری

فیض آباد ۳۰ جنوری۔ سیشن جج نے فسادات اجودھیا کے تیسرے مقدمہ کا فیصلہ سنا دیا اور تمام ملزمین کو بری کر دیا ان لوگوں پر قتل، بلوہ اور ڈکیتی کے الزامات تھے اس سلسلہ کا دوسرا [illegible]

بچوں والو ہوشیار

بچوں کی بخار، کھانسی، سردی، بادی، دودھ ڈالنا، دست ہونا، دست میں کیڑے نکلنا، سوکھی، ہچکی، قبض، مروڑ وغیرہ ہر قسم کی بیماری کو دور کرنے اور لاغر بچوں کو موٹا تازہ طاقتور بنانے کیلئے حکیم تلسی پرشاد اگروال کی گورنمنٹ ہند سے رجسٹری کرائی ہوئی

بال جیون گھٹی
قیمت ۸؍ شیشی

سارے ہندوستان میں مشہور ہو چکی ہے بچے اسکو خوش ہو کر پی لیتے ہیں۔ سب جگہ سوداگروں کے یہاں فروخت ہوتی ہے۔ لیکن نقلی سے بچئے حکیم تلسی پرشاد کی اصلی بال جیون گھٹی دیکھ کر لو۔ [illegible] سوداگروں اور ایجنٹوں کو نہایت ہی معقول کمیشن [illegible] ایجنٹ نمونہ مفت طلب کریں۔

[illegible] صحت مفت بھیجا جاویگا۔

پتہ: منیجر بال جیون کاریالیہ علیگڑھ شہر (یو۔ پی)

۱۹۳۵ء کا خاص تحفہ

تار کا پتہ: میڈیسنز دہلی — ٹیلیفون ۵۵۶۶

گُنی

طاقت کی بے مثل سنہری گولیاں

مسیح الملک حکیم محمد احمد خاں صاحب کا عطیہ (سفر یورپ کے بعد)

چالیس گولیاں سات روپیہ

ہندوستانی دواخانہ (جس کو حکیم اجمل خاں نے ۱۹۰۵ء میں بنایا) دہلی (پوسٹ بکس ۲۲)

سلاطین اسلام پر بیجا الزامات کی تردید
غازی اورنگ زیب کی خدا پرستی اور نیک نفسی
رہتک میں چودھری چھوٹو رام صاحب کی تقریر

مورخہ ۷ جنوری ۱۹۳۵ء کو عید بڑی شان سے منائی گئی گلی کوچوں میں بڑی چہل پہل تھی عید گاہ نماز کے وقت تقریباً دس ہزار آدمیوں کا اجتماع تھا بعد نماز عید منشی نور محمد صاحب نے ممبر پر کھڑے ہو کر باواز بلند مسلمانان رہتک کو مخاطب کر کے کہا کہ مظلومین جنید کے لئے دعائے خیر کریں چونکہ ریاست کی طرف سے ان پر سخت مظالم ہو رہے ہیں جملہ حاضرین نے لبیک کہکر دعا کی بعد نماز مجلس احرار رہتک کی طرف سے ایک اشتہار شائع ہوا جس کا عنوان یہ تھا۔ "آج مورخہ ۷ جنوری ۱۹۳۵ء کو رائے بہادر چودھری چھوٹو رام صاحب بی اے۔ ایل ایل بی ایڈوکیٹ ایم۔ ایل سی ہندو مسلم اتحاد پر زیر صدارت چودھری جان محمد صاحب میونسپل کمشنر رہتک ایک زبردست تقریر فرمائیں گے"۔ شام کو ۸ بجے عبد الغنی قریشی سکریٹری مجلس احرار اسلام رہتک نے چودھری جان محمد صاحب کی صدارت کی تجویز کی اور مولوی نور محمد صاحب نے تائید کی ازاں بعد جلسہ شروع ہوا منشی ضمیر الدین صاحب نے ہندو مسلم اتحاد پر ایک اردو نظم پڑھی پھر جناب چودھری چھوٹو رام صاحب کی تقریر شروع ہوئی تقریر بہت لمبی اور مؤثر و مدلل تھی آپ نے فرمایا کہ اکثر کم تعلیم یافتہ ہندو مسلمانوں کو برا کہتے ہیں اور جو مسلمان کم تعلیم یافتہ ہیں وہ ہندوؤں کو برا بھلا کہتے ہیں آپ نے فرمایا بعض مسلمان بادشاہوں کی نسبت ہندوؤں میں مشہور ہے کہ وہ سوا من جنیو اتروا کر کھانا کھاتے تھے۔ مندروں کو توڑ کر مساجد بنوا دیتے تھے یہ واقعات بالکل غلط ہیں جو تاریخ مدارس میں پڑھائی جاتی ہے اس کا مطلب ہندو مسلمان کشیدگی کو بڑھانا ہے بالخصوص شہنشاہ عالمگیر کی نسبت بہت کچھ برے الفاظ استعمال کئے جاتے ہیں چودھری صاحب موصوف نے غلط الزامات کی مدلل طور سے تردید کی اور بتایا اگر شاہ عالمگیر روزانہ سوا من جنیو اترواتا تھا تو اس کے امیر وزیر جرنیل کرنیل اور سپاہی زیادہ اتروانے کی کوشش کرتے ہوں گے اگر واقعی سوا من جنیو روزانہ ٹوٹتے تھے تو کم از کم پچاس ہزار ہندو ہر روز مسلمان ہوتے ہوں گے۔ شہنشاہ عالمگیر کی پچاس سالہ حکومت میں نوے کروڑ نو مسلم ہوتے حالانکہ اس وقت کی تمام مردم شماری چھ سات کروڑ بتلائی جاتی ہے دوسری بات شہنشاہ عالمگیر نے پچیس سال دہلی میں گذارے اور پچیس سال دکن میں صرف کئے دہلی کے ارد گرد اور دکن میں آج کل ہندو ہی ہندو نظر آتے ہیں مسلمانوں کی آبادی بہت ہی کم ہے پھر وہ نو مسلم کہاں گئے دوسرا الزام یہ ہے کہ بنارس کے مندر توڑ کر مسجدیں بنوا دیں یہ بھی بالکل لغو اور بے بنیاد ہے ہم دیکھتے ہیں کہ بنارس و اجودھیا میں مندروں اور مسجدوں کی لیسنیں ملی ہوئی ہیں سلطان ٹیپو کی نسبت اکثر برے الفاظ استعمال کئے جاتے ہیں حالانکہ اس نے مندروں کو ہزار ہا روپے کی جاگیریں دیدی تھیں شہنشاہ عالمگیر نے بیت المال یعنی سرکاری خزانہ سے ذاتی مصارف کے لئے ایک پیسہ بھی نہیں لیا بلکہ ٹوپیاں بنا بنا کر اور قرآن پاک لکھ لکھ کر اپنے اخراجات نکالتا تھا اس قسم کے لغو اور بیہودہ الزامات ہمارے ہندو ہوتوں کی مہربانی کا نتیجہ ہیں شیرشاہ سوری کے واقعہ کی طرف توجہ دلائی جب کہ وہ ملتان کے علاقہ میں برسر پیکار تھا چتوڑ کی رانی نے ایک بہنی روانہ کی جس کا مطلب یہ تھا کہ میں تمہاری بہن ہوں چتوڑ کا اس وقت محاصرہ ہو رہا تھا شیرشاہ ایک مسلمان بادشاہ کے خلاف اور ایک ہندو رانی کی حمایت میں فوراً فوج لیکر پہنچا۔

باوجود ان تمام باتوں کے اگر کسی بادشاہ نے بے جا حرکت کی جو آپ کے نزدیک ناقابل معافی ہے تب بھی ایک حکمران کا فعل تمام حکمرانوں کا فعل اور تمام مسلمانوں کا فعل قرار نہیں دیا جا سکتا۔

کیونکہ جب تک ہم آپس میں لڑتے رہیں گے ملک نہ تو ترقی کر سکتا ہے اور نہ ہی آزادی مل سکتی ہے انگریز ہمیں تب ہی کچھ دیں گے جب ان کو یہ معلوم ہوگا کہ ہم ایک ہیں اگر یہ نہیں تو حصول آزادی کے متعلق یہ کہنا پڑیگا۔ این خیال است و محال است و جنون۔

اس کے بعد جناب چوہدری صاحب نے تقریر ختم کی اور سید محمود شاہ صاحب وکیل ایڈوکیٹ نے ایک مختصر تقریر میں آپ کی تائید کی بعد ازاں جلسہ ختم ہوا۔

(سکریٹری مجلس احرار اسلام رہتک)

قادیان میں مجلس احرار کا جلسہ
مرزائی جماعت کو کھلا چیلنج

رات کے ۸ بجے کے قریب مجلس احرار کا جلسہ مسجد اہل السنت والجماعت میں شروع ہوا جس میں مولانا عنایت اللہ صاحب نے اپنی بصیرت افروز تقریر میں مرزائیوں کی عیاریوں کو اچھی طرح سے ظاہر کیا اور ان کی ورغلائی پر اچھی طرح سے روشنی ڈالی اور ان کی صداقت کے پول کو کھول کر رکھ دیا اور آپ نے مرزا بشیر الدین محمود اور ان کی جماعت کو کھلا چیلنج دیا کہ وہ میدان میں آئیں اور اس بات پر جس سے وہ منکر ہیں کہ ہم نے حکام کو اور مجلس احرار کے لیڈروں کو گالیاں نہیں دیں اور مجبہ کو قتل اور دفتر کو "مسمار" اور جھنڈے کو اکھیڑنے اور مسلمانوں کے گھروں کو لوٹنے اور نذر آتش کرنے اور اپنے جھنڈے کو گاڑنے کے عہد و مواعید نہیں کئے، مباہلہ کریں اور خدائے قدوس سے دعا مانگیں کہ جو ہم سے جھوٹا ہو اس کو سچے کے سامنے اس دنیا سے اٹھالے۔ آپ نے اس پر بہت زور دیا کہ وہ ضرور میدان میں آئیں اور مباہلہ کریں۔ اگر مباہلہ نہیں کرتے تو تحقیقاتی کمیشن بٹھائیں۔ تاکہ دنیا کو پتہ لگ جائے کہ کون جھوٹا ہے اور کون سچا ہے۔ آپ نے فرمایا مجھے امید ہے کہ مرزائی ضرور اپنی صداقت ظاہر کرنے کے لئے میدان مباہلہ میں آئیں گے ورنہ دنیا خود سمجھ لے گی کون سچا ہے۔

اور آپ نے حکومت اور مسلمانان ہند خصوصاً اہل پنجاب سے اپیل کی کہ مرزائیوں نے ایک خطرناک ہنگامہ برپا کر رکھا ہے جس کی وجہ سے ہم مسلمانان قادیان کی جانیں سخت خطرہ میں ہیں۔ ہماری امداد کرو اگر اس وقت امداد نہ کی جائے گی تو اس دن کو رو گے جب کہ ہماری لاشیں قادیان کی سرزمین کو لالہ زار بنا دیں گی۔ اس کے بعد تقریباً ۱۱ بجے ختم ہوا۔

(برکت اللہ معتمد مجلس احرار اسلام قادیان)

چارسدہ میں شریعت کانفرنس کیلئے تیاریاں
اہم مقامات پر مجالس کی تشکیل

جامع مسجد چارسدہ میں زیر صدارت میاں صاحب گرٹی حبیب گل شریعت کانفرنس کو کامیاب بنانے کے لئے ایک عظیم الشان جلسہ ہوا جس میں تقریباً ۵ ہزار لوگ موجود تھے مولانا سید عبد اللہ صاحب سکنہ مازارہ نے ایک پر زور اور ولولہ انگیز تقریر کی جس میں چندہ کی اپیل کی گئی سب لوگوں نے باتفاق چندہ دینے کا وعدہ کیا اور پر زور الفاظ میں کہا کہ ہم شریعت اسلامیہ کے لئے ہر قسم کی جانی اور مالی قربانی کرنے کے لئے تیار ہیں اور وہ بل یعنی مسودہ قانون جو آزاد پارٹی نے کونسل میں پیش کیا ہے ہمکو منظور ہے اس کے بعد مندرجہ ذیل تجاویز منظور کی گئیں۔

(تجویز) ہم اہالیان جلسہ ہذا شریعت کانفرنس کو کامیاب بنانے کے لئے جانی و مالی امداد پر تیار ہیں۔ اگرچہ ہم غریب ہیں لیکن شریعت کی سربلندی کے لئے ہم اپنے جسم کے ٹکڑوں کو بھی کاٹ کر وقف کر دیں گے۔

ذیل کے مقامات میں کمیٹیاں بھی بنائی گئیں۔

موضع چارسدہ۔ سید مطیع اللہ المعروف ملی بادشاہ صدر۔ مولوی عزیز الدین سکرٹری۔ سابق جنرل انڈر گل خزانچی۔ حافظ عبد اللہ مولوی عبد الغفور صاحب فضل رحمان مولوی محمد گل صاحب سید فضل رحمان خاں صاحب ہر دل خان وخانصاحب عندل خاں۔ مولوی غلام قادر ممبران کمیٹی۔

موضع زرجر۔ قاضی انوار الحق صدر۔ خان صاحب محمد انور سکرٹری رخاں صاحب رحمدل خاں خزانچی۔

موضع گرٹی حبیب گل۔ مولوی محمد فرید الدین صدر۔ میاں برکت شاہ سکرٹری سمیع اللہ خزانچی۔ گل محمد وغیرہ ممبران کمیٹی۔

موضع ترنگزئی۔ مولانا مولوی سمیع الدین صدر۔ مولوی رحمان الدین سکرٹری۔ خان شیر علی خاں سابق صدر کانگریس خزانچی۔ مولوی عبد الحق صاحب۔ مولوی زین العابدین صاحب۔ جناب قطب شاہ صاحب میاں اشرف الدین صاحب وخانصاحب محمد سرفراز خاں و مولوی اسلام الدین ممبران کمیٹی۔

(الٰہی بخش نائب سکرٹری شریعت کانفرنس)

ڈاکٹروں کے نام حکومت ہند کا سرکلر

پٹنہ ۳۰ جنوری۔ بیان کیا جاتا ہے کہ حکومت ہند نے تمام سول سرجنوں کے نام ایک سرکلر جاری کیا ہے کہ وہ پرائیوٹ میڈیکل اصحاب سے دریافت کریں کہ آیا جنگ کی صورت میں اپنی خدمات کو پیش کرنے کے لئے تیار ہیں یا نہیں۔ گورنمنٹ کس مقصد سے اس قسم کی تحقیقات کر رہی ہے اس کے متعلق وثوق سے کچھ نہیں کہا جا سکتا۔

ہندوؤں کو غیر مسلم نہ کہا جائے!

نئی دہلی ۳۰ جنوری۔ بھائی پرمانند ممبر اسمبلی نے اسمبلی کے اجلاس کے لئے مندرجہ ذیل ریزولیوشن کا نوٹس دیا ہے۔

یہ اسمبلی گورنر جنرل باجلاس کونسل سے سفارش کرتی ہے کہ چونکہ نیا آئین فرقہ وارانہ بنا پر مرتب کیا جا رہا ہے۔ اس لئے اس آئین میں ہندوؤں کو "ہندو" کہا جائے نہ کہ "غیر مسلم"۔ نیز "یہ اسمبلی گورنر جنرل باجلاس کونسل سے سفارش کرتی ہے کہ وہ لوگوں کو ملاوٹی گھی کے دھوکے سے بچانے کے لئے کوئی تدابیر اختیار کرے اور سارے ہندوستان میں ایک ہی قاعدہ کے ماتحت ان لوگوں کو سزا دی جائے جو بناسپتی یا ملاوٹی گھی کو اصلی گھی ظاہر کر کے بیچتے ہیں"۔

کاشغر کے مسلم حاکم اعلیٰ کو پھانسی

دہلی ۳۰ جنوری۔ کاشغر سے اطلاع موصول ہوئی ہے کہ اندی جانی قبیلے کے سردار [illegible] جس نے چینی حکومت کے خلاف علم بغاوت بلند کیا تھا گرفتار کر کے تختہ دار پر لٹکا دیا گیا ہے۔ یہ سردار غنیمت کا مال لے کر گلگت پہونچ گیا تھا لیکن چینی حاکم نے اسے گرفتار کیا تھا۔

ہندو دھرم کی کتابوں میں ملاوٹ ہو گئی ہے
سناتن دھرم کے جلسہ میں پرانوں کی اصلاح پر زور

دہلی ۲۸ جنوری۔ آج سناتن دھرم سبھا نئی دہلی کا سالانہ جلسہ منعقد ہوا جس میں پنڈت نیکی رام شرما کی تقریر بہت اہم رہی آپ نے تقریر میں فرمایا کہ میں شاستر کے حکم کو مانتا ہوں یہ ٹھیک ہے کہ رشیوں نے بڑے غور و فکر کے بعد شاستر لکھے ہیں لیکن گذشتہ زمانہ میں ہندو دھرم کو سخت مصائب کا سامنا کرنا پڑا ہے اور ہندوؤں کی کتابوں میں کچھ ملاوٹ ہو گئی ہے اور ایسے لوگوں نے جن کا ہمارے ساتھ کوئی واسطہ نہیں ہے اپنے مطلب کی چیزیں ہمارے گرنتھوں میں ملا دی ہیں میں چاہتا ہوں کہ سناتن دھرم سبھائیں ان گرنتھوں کو درست کرائیں کم از کم پرانوں کی اصلاح ضرور ہونی چاہیئے۔

(تیج مورخہ ۳۰ جنوری ۱۹۳۵ء)

کونسلوں میں پاس شدہ تجاویز کی وقعت

مدراس ۲۸ جنوری۔ آج مسٹر [illegible] نے مدراس کونسل میں اس مضمون کی تحریک التواء پیش کرنے کا نوٹس دیا ہے کہ ہوم ممبر نے سرکاری بجٹ کے چند سوالات کے جو جواب دئے تھے وہ غیر تسلی بخش تھے۔

بیان کیا جاتا ہے کہ مسٹر [illegible] نے پوچھا کہ کونسل نے جو تحریک التواء پاس کی تھی۔ اس کے متعلق گورنمنٹ کیا کرنے کا ارادہ رکھتی ہے۔ ہوم ممبر نے جواب دیا کچھ نہیں۔ اس پر مسٹر [illegible] نے پوچھا کہ کیا گورنمنٹ کونسل کے ریزولیوشنوں کو ردی کاغذات سمجھتی ہے۔ ہوم ممبر نے جواب دیا کہ وہ کئی دفعہ ایسا ہی سمجھتی ہے۔

حضرت مولانا الحاج حافظ احمد سعید صاحب
تقریر سیرت

حضرت سحبان الہند مولانا الحاج حافظ احمد سعید صاحب ناظم جمعیۃ علمائے ہند کی وہ بصیرت افروز شریعت آموز تقریر جو ممدوح نے اٹاوہ کے جلسۂ سیرت میں ارشاد فرمائی تھی اور جس کو بعد میں مزید تفصیل و تشریح کے ساتھ مرتب و مدون کر کے الجمعیۃ میں جزو جزو شائع کیا گیا تھا اب قارئین الجمعیۃ کے مسلسل اصرار پر کتابی شکل میں ادارہ الجمعیۃ کی جانب سے شائع کی جا رہی ہے اور اس کے ساتھ وہ آخری حصہ بھی شامل کر دیا گیا ہے جو الجمعیۃ میں درج نہ کیا جا سکا تھا جن حضرات نے اس تقریر کا شائع شدہ حصہ شروع سے آخر تک ملاحظہ فرمایا ہے ان کو تو یہ ضرور اندازہ ہو گیا ہوگا کہ رموز و معارف شریعت کا علم حاصل کرنے اور نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم کی سیرت مقدسہ کے متعلق ایک بے نظیر و عدیل مجموعۂ معلومات سے بہرہ اندوز ہونے کے لئے اس کتاب کی قدر و منزلت کیا ہو سکتی ہے لیکن ان حضرات کیلئے جو اس پورے سلسلہ کا مطالعہ نہیں کر سکے ہیں یا جنہوں نے یہ اعلان پہلی مرتبہ دیکھا ہے اتنا عرض کر دینا ضروری ہے کہ حضرت مولانا کی یہ تقریر اپنی بے شمار خصوصیات کے اعتبار سے ایک عجیب و غریب مجموعہ ہے جو نہ صرف موجودہ دور میں بلکہ آئندہ نسلوں کے لئے بھی یادگار رہے گا۔ شریعت مقدسہ کے نہایت ادق مسائل و دشوار نکات اس طرح پیش کئے گئے ہیں کہ ہر عالم و عامی ان کو سمجھ سکتا ہے اور ان سے افادہ کر سکتا ہے۔ اس پر حضرت مولانا کی سلاست زبان و روانی بیان نے وہ کام کیا ہے کہ مضامین کی دقت اور مسائل کی دشواری کے باوجود شروع سے آخر تک دلچسپی برابر قائم رہتی ہے۔ ہندوستان کے مختلف شہروں اور قصبوں میں ہزاروں لاکھوں مسلمان ایسے ہوں گے جو حضرت مولانا کے مواعظ حسنہ سے مستفید ہو چکے ہیں اور ایک مرتبہ نہیں صدہا مرتبہ حضرت مولانا کی تقریریں سننے کے باوجود ہمیشہ اس کے مشتاق رہتے ہیں کہ ایک مرتبہ پھر کہیں حضرت مولانا کی تقریر سننے کا اتفاق ہو۔ ان تمام مسلمانوں کے لئے یہ مژدہ یقیناً جانفزا ہوگا کہ یہ "تقریر سیرت" جو آج شائع کی جا رہی ہے حضرت مولانا کی اکثر تقریروں کا لب لباب ہے اور اس میں سیرت کے متعلق بحث سے وہ مضامین جو حضرت مولانا اپنی مختلف تقریروں میں ارشاد فرمایا کرتے ہیں۔ انداز بیان اور خوبی زبان کی تمام خصوصیتوں کے ساتھ مجتمع کر دئے گئے ہیں اور اس لئے اس کتاب کو اپنے پاس رکھنا اور اس کا مطالعہ کرنا حضرت مولانا کے مواعظ حسنہ سے ہر وقت بہرہ اندوز ہونے کے مترادف ہے "تقریر سیرت" میں جو مضامین زیر بحث آئے ہیں ان کے بعض عنوانات بطور نمونہ درج ذیل کئے جاتے ہیں تاکہ کتاب کی ہمہ گیری و وسعت کا کچھ اندازہ کیا جا سکے۔

مختصر فہرست مضامین

روحانی اور جسمانی تربیت	سب سے پہلی یونٹی کانفرنس	حضرت رابعہ بصریہ کا واقعہ	یوم میثاق کے دو اقرار نامے	پنجاب کا نوری فرقہ	بیسویں صدی کے نوجوان	سندھ کے پیر	سلب اختیار	توہین انبیاء کے مجرم	حضرت لوط اور ابراہیم علیہما السلام
عالم بالا کی خدمات	فضل حق کا معاملہ	حضرت ابراہیم بن ادہم	الست بربکم قالوا بلی	رفاعہ کی بیوی کا قصہ	تہذیب نوابین	پست اقوام پر اسلام کا احسان	توبہ کی سمت کا تصور	انبیاء میں تفاوت	قوم لوط اور فرشتے
مسلمانوں کے تیوہار	ہندوؤں اور مسلمانوں کا فرق	انبیاء اور حکماء کا فرق	لفظ رب کی عمومیت	حلالہ کا حکم	بیوہ کے ساتھ ظلم	رسم و رواج کی پابندی	اہل دل کا فقدان	حضرت امام الحرمین کا واقعہ	حضرت لوط اور فرشتے
عید الضحیٰ اور عید الفطر	صلح حدیبیہ	اندھوں کا ہاتھی	حضرت یوسف علیہ السلام کا جیل	جاہل پیروں سے سوال	قوانین اسلام کی ہمہ گیری	معجزات کی بحث	مخلوق کی اقسام	حدیث سے استدلال	حضرت لوط کی لغزش
عالم سفلی کے مسخرات	عالم برزخ کے واقعات	نبی کریم کے مشاہدات	معافی و دستور	مستقبل کی تاریخ	رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کا قانون	مسلمان کے کوسنے کا آخری جوہر	گناہ کی صلاحیت و عدم صلاحیت	ذکر الٰہی موجب نجات ہے	حضرت لوط اور یوسف کی شرکت
دفن میں تعجیل	عالم برزخ کی ایک اطلاع	دنیا کی تاریخ	حضرت یوسف علیہ السلام کے ہمراہی	قبروں سے اٹھنا	سیدنا عیسیٰ علیہ السلام کا واقعہ	ملت ابراہیمی کا اتباع	شیاطین اور جنات	حضرت ذوالنون مصری کا واقعہ	اوی الی رکن شدید
کفارہ کا شبہ	برزخ کا دوسرا واقعہ	انبیاء علیہم السلام کی تاریخ	مشرکین اور اہل کتاب کا فرق	مسلمانوں سے حضرت حق کا پہلا خطاب	اسلامی قانون	نماز کی مثال۔ حج کی مثال	حضرت امیر معاویہ کا واقعہ	حضرت یونس کی معراج	حدیث شریف کا تیسرا ٹکڑا
اردو زبان کی تبدیلی	جاہل میلاد خواں	مادیات و روحانیات کا فرق	اہل کتاب اور اقرار ربوبیت	موت ایک معیار ہے	نوجوانوں سے سوال	حسد و حرص کی مثال	ختم نبوت کی تمثیل	نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم کا طریقہ تعلیم	والشمس کی سات قسمیں
روحانی اطباء	میلاد کا مقصد	اولاد آدم کی فرمائش	خواص کا اقرار نامہ	مسلمانوں کی موت یا لوری	ستی کی رسم	اچھی بری صحبت کی مثال	اہل عرب کی اصلاح	شیطان کی اتباع	صاحب اسرار الفاتحہ کا ایک واقعہ
رسوم کا مفہوم	حضرت عمر فاروق کا مطالبہ	قرآن کا قرض ایکٹ	اہل کتاب سے شکایات	موت کے وقت کی لوری	دوسرا معجزہ	حضرت بایزید بسطامیؒ کا واقعہ	انبیاء سابقین کا تذکرہ	شیطان کا فریب	سائل اور صاحب کی تلافی
[illegible] و رسول کا فرق	صابی کا واقعہ	حضرت داؤد و آدمؑ کی مناسبت	حضرت عمرؓ کا واقعہ	حضرت ابراہیمؑ کا واقعہ	جادو اور معجزہ کا فرق	مسرت حق کی مثال	حضرت عیسیٰ کی تمثیل	شیطان کا کورا جواب	روزنامچے سے آخری نجات پانے والا
حکماء کا متفقہ مسئلہ	[illegible] کا صورت اختیار کرنا	حضرت داؤدؑ کی لغزش	حضرت عیسیٰؑ کی تشریف آوری	حضرت عمر بن الخطاب کا واقعہ	نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم کا اعجاز	الدنیا سجن المومن وجنۃ الکافر	حضرت علی اور ایک یہودی کی گفتگو	ملائکہ اور شیاطین	سائل اور سخی میں گفتگو
نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم کا [illegible]	کافر کی قبر میں ننانوے سانپ	حضرت آدم کو ملائکہ کا سجدہ کرنا	متبعین غلام احمد قادیانی	حضرت امیر خسرو رحمۃ اللہ علیہ	سراجاً منیرا کی تفسیر	حدیث شریف کے دوسرے معنی	حیا اور ایمان کا تعلق	قرآن کی تسبیح	قسموں کی مناسبت
ہجرت کا ایک واقعہ	نکیرین کا پہلا سوال	سجدہ یا حلف وفاداری	مرزا کا کچا چٹھا	حضرت بو علی قلندر رحمۃ اللہ علیہ	سیاست اور مذہب	نیند خانے کی زندگی	اماطۃ الاذیٰ کے معنی	حضور کی زندگی	مومن اور منافق کی مثال

پوری کتاب دو سو صفحات پر مشتمل ہے اور نہایت بہتر کتابت و طباعت کے ساتھ شائع کی جا رہی ہے اس کے باوجود قیمت علاوہ محصول ڈاک صرف ایک روپیہ (عہ) رکھی گئی ہے تاکہ امیر و غریب سب حضرات مساوی فائدہ اٹھا سکیں

منیجر الجمعیۃ گلی قاسم جان دہلی

تارکا پتہ:- الجمعیۃ دہلی
ٹیلیفون نمبر ۵۷۳

یدُ اللہِ علی الجماعۃ

رجسٹرڈ نمبر ایل ۱۶۹۳

الجمعیۃ سہ روزہ دہلی

مدیر مسئول: ہلال احمد زبیری (بی۔ اے) معاون:- محمد عثمان فارقلیط

جلد ۲۱ | دہلی یوم شنبہ ۴ ذیقعدہ ۱۳۵۳ ہجری مطابق ۹ فروری ۱۹۳۵ء | نمبر ۱۰

صوبہ متحدہ میں ثانوی تعلیم کی ازسرِنو تنظیم کی تجویز

حکومت کے جواب میں مسلم ایجوکیشنل کانفرنس کا محضرنامہ

طلباء کیلئے زراعت اور صنعت و حرفت کی ضرورت

صنعتی و حرفتی تعلیم کو ترقی دینے کے خیال سے صوبہ متحدہ کے ہائی اسکولوں کی تعلیم کی ایک جدید اسکیم رائے عامہ حاصل کرنے کی غرض سے حکومت صوبہ متحدہ نے اپنے ریزولیوشن مورخہ ۷ اگست ۱۹۳۴ء کے ذریعہ شائع کی تھی ...

(باقی آئندہ)

معاصرین کے افکار و آراء

حج کی قانونی حیثیت

جس طرح زکوٰۃ میں مستطیع کی استطاعت کا ایک اندازہ مقرر کر دیا گیا ہے اس طرح حج کے لئے مستطیع ہونے کی حد بیان نہیں کی گئی ...

ہندوستان کا فیصلہ

علامہ سید سلیمان ندوی کی شہادت

(زمیندار)

(منیجر الجمعیۃ۔ دہلی)

پادری کی لڑکی کا قبولِ اسلام

اسپین کے ایک جلیل القدر پادری کی لڑکی نے جب اسلامی تعلیمات کا مقابلہ کیا اور مسلمانوں کے مذہب اور ان کے اعمال کو بغور دیکھا تو اس کے دل میں اسلام کی صداقت و حقانیت جاگزیں ہوگئی ...

ملنے کا پتہ:- منیجر الجمعیۃ دہلی

Regd. No. L 1793.

The Jamiat

Vol. XXI No. 9 DELHI TUESDAY 5th FEBRUARY 1935. PRICE ONE ANNA

نورانی قرآن مجید
نہایت صاف جلی اور نہایت صحیح قرآن شریف اگر درکار ہو تو نورانی قرآن مجید الجمعیۃ بک ایجنسی دہلی سے طلب فرمائیے۔ قیمت مجلد ایک روپیہ چار آنے

پادری کی لڑکی کا قبول اسلام
اور اس کے حیرت انگیز کارنامے معلوم کرنے کے لئے ضرور ملاحظہ کیجئے جس کو پڑھ کر آپ اسلام کی حقانیت کے قائل ہو جائیں گے۔ قیمت فی جلد ۱۲ علاوہ محصول ڈاک
منیجر الجمعیۃ دہلی

بمبئی میں عازمین بیت اللہ پر مصائب

حضرت سید مہدی حسن صاحب ...

(سید مہدی حسن غفرلہ از بمبئی مسافر خانہ رانڈیریہ)

قوم پنجابیاں کی طرف سے شکریہ

(راقم خادم قوم پنجابیان دہلی)

دین و دولت

کول فیلڈ مسلم اصلاح کانفرنس دھنباد

(داراکین مجلس منتظمہ کول فیلڈ مسلم اصلاح کانفرنس دھنباد)

ورکنگ کمیٹی آل انڈیا جمعیۃ المومنین

دہلی میونسپلٹی سے اپیل

مسلمانانِ باڑہ ہندو راؤ کی شکایت

دہلی میونسپل کمیٹی کی بے توجہی کی وجہ سے شہر کے بازار گلیاں اور عام راستے اس قدر خراب ہو رہے ہیں جن کا احساس انہی لوگوں کو ہو سکتا ہے جو پیدل ان راستوں سے گذرتے ہیں ...

زائرین دیار حرم کی خدمت میں التماس

اخبار الجمعیۃ میں اشتہار دیکر اپنی تجارت کو فروغ دیجئے

محبوب عاشق کے قدموں پر

خاص رعایت
حیات حافظ رحمت خاں
غیر مجلد دو روپے چار آنے میں خریدیئے
ملنے کا پتہ منیجر اخبار الجمعیۃ گلی قاسم جان دہلی

اصلی کوک شاستر رجسٹرڈ

مصفا خون کی شرطیہ گولیاں
گدڑی اینڈ کو جالندھر شہر (پنجاب)

جوب اِمساک

وی نیو میٹو فارمیسی (دہلی برانچ) بالمقابل مرکنٹائل بنک نزد فتحپوری۔ دہلی DELHI

صرف تین روپیہ میں چار گھڑیاں
ایک عدد اصلی جرمن ٹائم پیس۔ ایک عدد ڈمی پاکٹ واچ۔ دو عدد ڈمی رسٹ واچ
منیجر جرمن کمرشل ایجنسی ۲۱۸ پٹھان کوٹ ضلع گورداسپور

جو چاہو گے ہو جائے گا
پتہ:- لنڈن ناولٹی سٹورز ۲۱ پٹھان کوٹ ضلع گورداسپور (پنجاب)

گورنر جنرل کو نفاذ قانون کے مکمل اختیارات

پارلیمنٹری رپورٹ میں ایک خاص تبدیلی

برطانیہ کے ہاتھ میں ہندوستان کی کلید

انڈیا بل شائع ہوگیا

(گزشتہ سے پیوستہ)

گورنر جنرل فیڈرل گورنمنٹ کے لئے ایک ایڈووکیٹ جنرل مقرر کرے گا جس کی تقرری علیٰحدگی اور مشاہرہ کا فیصلہ گورنر جنرل اپنی انفرادی مرضی کے مطابق کرے گا۔

فیڈرل گورنمنٹ کے تمام انتظامی کام گورنر جنرل کے نام سے کئے جائیں گے۔ گورنر جنرل وزراء کے کاموں کی مناسب تقسیم کے لئے قواعد مرتب کریگا۔

گورنر جنرل اپنے وزراء کے ساتھ مشورہ کرنے کے بعد اپنی مرضی کے مطابق کام ...

... کے قواعد کے ماتحت ان لوگوں کو دوسری زبان استعمال کرنے کی اجازت ہوگی جو انگریزی زبان سے بالکل ناواقف ہوں یا تھوڑی واقفیت رکھتے ہوں۔

فیڈرل لیجسلیچر میں ہائی کورٹ یا فیڈرل کورٹ کے کسی جج کے اسپیشل فنڈ کی ادائیگی میں اس کے رویہ کی نسبت بحث نہیں ہو سکے گی۔

آرڈی ننس جاری کرنے اور قانون بنانے کے جو اختیارات گورنر جنرل کو انفرادی طور پر حاصل ہوں گے وہ وہی ہیں جو سلیکٹ کمیٹی کی رپورٹ میں تجویز کئے گئے تھے۔

گورنر جنرل کے "ایکٹ" کے متعلق دفعہ ۴۴ میں بحث کی گئی ہے۔ اس دفعہ کے مطابق اگر گورنر جنرل ... فوجداری قانون کی ضرورت سمجھے گا تو وہ فیڈرل لیجسلیچر کے ہر دو ایوانوں کو ایک پیغام بھیجے گا جس میں ان حالات کی تشریح ہوگی جن کی وجہ سے ... ضروری ہے۔ گورنر جنرل اس پیغام کے ساتھ بل کا مسودہ بھی بھیجے گا۔ ایک ماہ ...

...

اس ایکٹ کے نفاذ کے بعد ہی برما و عدن ہندوستان سے علیٰحدہ کر دئے جائیںگے ملک عدن ملک معظم کی حکومت کے ماتحت ہوگا۔ اور برما ایک آزاد صوبہ کی حیثیت سے ایک گورنر کے ماتحت ہوگا۔ اس صوبہ کی حکومت کے نظم و نسق بھی فیڈرل انڈیا کے ایک صوبہ کی مانند ہوگا۔

دوسرے سوال کے متعلق گورنر جنرل کو یہ خاص اختیار ہوگا کہ وہ برطانوی مال کی درآمد کے متعلق کسی امتیازی قدم یا قانون کو روک سکیں یہ بھی خاص اختیار ہوگا کہ وہ برطانوی مال کی برآمد کے متعلق کسی امتیازی قانون کو روک سکیں یہ خاص اختیارات صرف اسی صورت میں استعمال ہونگے جبکہ گورنر جنرل کی رائے ...

بصائر ونظائر

ہمارے زمانہ میں فرنگی تہذیب اور فرنگی درسگاہوں کی برکت سے ایک عجیب قسم کی مخلوق پیدا ہوگئی ہے جو ضابطۂ اخلاق اور اصول زندگی سے بیگانگی کے باوجود اپنے آپکو با اصول اور مقررہ معیار کی پابند سمجھتی ہے۔ یہ مخلوق وہ ہے جو فرنگی تربیت ... "انا ولاغیری" لے کر باہر نکلتی ہے اور جس تیشہ سے اپنے ضمیر و شرافت کے درخت کو کاٹنے میں کوئی شرم محسوس نہیں کرتی اس کا سب سے بڑا کمال یہ ہے کہ وہ اپنے جاہلانہ شکوک کو علم و یقین کا درجہ دیکر اسلامی معتقدات کا خاکہ اڑاتی اور مذہب حقہ کے مسلمات کو عہد جاہلیت کی یادگار قرار دیتی ہے۔ اس کے مذہب میں ہر فرنگی مآب اور مغرب زدہ "روشن خیال" ہے اور ہر دین حق کا پیرو اور احکام الٰہیہ سے استحکام کرنے والا مسلمان تاریک نظر، تنگ خیال اور قدامت پسند ہے۔ مزید براں اپنی تہذیب و معاشرت سے وابستہ رہنے والوں کو ان کی بارگاہ سے کٹھ ملا کا خطاب عطا کیا جاتا ہے۔

دوسرے لفظوں میں اس مخلوق سے مراد انگریزی اسکولوں، کالجوں اور یونیورسٹیوں سے نکلے ہوئے مسلم نوجوانوں کو سمجھیے جن کے خیالات کی ابتداء "اجتہاد" سے اور انتہا علماء کو گالیاں دینے سے ہوتی ہے۔ یہ لوگ ان دشمنان اسلام سے زیادہ خطرناک ہیں جو کھلم کھلا حصار اسلام پر حملہ آور ہوتے ہیں اور مسلمانوں کو ...

...

مشرق و مغرب کی تازہ خبریں

اور جو شخص اس قانون کے خلاف ورزی کا ارتکاب کرے گا اس کو چھ ماہ قید سخت یا جرمانہ یا دونوں سزائیں دی جائیں گی۔ اس قانون کی رو سے تمام طوائفیں اپنے محلوں سے نکال دی جائیں گی اور ان کو علاج کی غرض سے شفاخانوں میں داخل کر دیا جائے گا۔

ایک حیرت انگیز آلہ ایجاد ہوگیا

تین روز پہلے چٹان کے گرنیکی اطلاع

حال میں کوئلہ کی کانوں میں حادثات سے باخبر کرنے کیلئے ایک نیا آلہ ایجاد ہوا ہے جو تین روز پہلے کسی چٹان کے گرنے کا سال بتا دیتا ہے۔ یہ آلہ اسی طرح کام کریگا جس طرح آلہ سیسموگراف زلزلہ کا حال بتانے میں کام کرتا ہے۔ اس آلہ کا تجربہ کرکے دیکھا گیا جو اپنے مقصد میں پورا اترا، چنانچہ اس آلہ نے ایک ہفتہ پیشتر کوئلہ کی ایک چٹان کے گرنے کا حال بتا دیا! (اب ایک ...آلہ کی ضرورت ہے جو کہ ... پہلے انسان کو اس کی موت کی تاریخ سے باخبر کر دیا کرے) ...

رمادی میں عرب کانفرنس

حجاز اور عراق کے مسائل کا تصفیہ

...

عراقی پولیس پہلوانوں کے اکھاڑہ میں

...

نجف اور کوفہ کے درمیان ٹیلیفون

...

ترکی کو عراقی پٹرول کا منافعہ

...

لیسٹرگ پر ایک یہودی شیخ کی شیطنت

مرتے وقت ہر ہٹلر کو چکمہ

لندن کی ایک اطلاع ہے کہ جرمنی کے ... کے ایک ہسپتال کا معائنہ کیا۔ مریضوں میں ایک بوڑھا یہودی بھی تھا جو مرض الموت میں مبتلا تھا۔ ہر ہٹلر نے اس کی عیادت کرتے ہوئے کہا ... دینا۔ اس بات پر یقین کرتے ہوئے ... یہ میری نسبت سراسر بہتان ہے۔ ... آرزو ... ایک ... کہ آپ ... میری دائیں جانب اور ... بائیں جانب کھڑے ہوجائیں۔ چنانچہ ہر ہٹلر ... کے دائیں اور بائیں کھڑے ہوگئے۔ ...

"جس طرح حضرت مسیحؑ دو چوروں کے درمیان صلیب دئے گئے تھے اسی ..."

روس میں علم و ادب کی اشاعت

ایک ایک کروڑ کی تعداد میں کتب کی فروخت

...

بس کمپنی کی ایک نئی جدت

مسافروں کو ہنسانے اور خوش کرنیکا انتظام

...

بغداد میں عصمت فروشی اور قحبہ خانوں کا انسداد

عراقی پارلیمنٹ میں ایک مفید مسودہ قانون

... اور یقین کیا جاتا ہے کہ یہ مسودہ قانون پاس ہو کر جلد نافذ ہو جائے گا۔ اگر یہ مسودہ منظور ہوگیا تو وہ تمام لائسنس منسوخ کر دئے جائیں گے جو عصمت فروش طوائفوں کو دئے گئے ہیں۔ یہ طوائف اس قانون کی خلاف ورزی کریں اس کو ایک سال قید سخت یا جرمانہ یا دونوں سزائیں دی جائیں گی۔

مفت !! مفت !!!

... کارڈ ڈال کر مفت طلب کرو۔

پرنسپل اولڈ انڈین میڈیکل کالج انبالہ شہر

مکتوب جرمنی

جرمنی کو علاقہ سار کی واپسی

فرانس کا خوف، ہراس اور اتحادیوں کے منصوبے

ہر ہٹلر نے ریڈیو تقریر میں صلح کا اعلان کر دیا

(... خصوصی مقیم برلن کے قلم سے)

... ہے اور گو جنگ عظیم کو ختم ہوئے پندرہ سال ہوگئے ہیں لیکن اس کے ... آثار نمایاں ہوتے رہتے ہیں جن سے یہ یقین ہو جاتا ہے کہ ... ہونے والی ہے۔ یہ ہونے والی جنگ اپنے اعتبار سے ... بہ نسبت پہلی جنگ کے۔ چنانچہ اسی ضمن میں سار کا معاملہ ... جرمنی ملک کا ایک حصہ ہے۔ ... ہرگز نہیں ... گوارا کرے کہ اس کے ملک کا ایک حصہ اس سے ... مصر سے سوڈان علیٰحدہ کر دیا جائے گا یا ہندوستان ... ہندوستان کی قسمت ...

سار کا دلچسپ انتخاب

اب سوال یہ کیا جاتا ہے کہ آخر سار کی رعایا کیا کہتی ہے۔ ...

...

فرانس کا مقصد

...

اتحادیوں کے منصوبے

...

فرانس خوفزدہ ہے

... ہٹلر ہزار دفعہ کہہ چکا ہے کہ ہم صرف صلح چاہتے ہیں۔ ہر ہس ہٹلر کا مقرر کردہ نمائندہ خود ہزار بار فرانس کی طرف دوستی کا ہاتھ بڑھا تا رہا ہے۔ ہر ہس Hess کے والدین اب تک مصر میں موجود ہیں اور وہ چاہتا ہے کہ جرمنی دنیا میں ایک دوسرے سے مل کر رہے لیکن آج تک یہ نہیں ہوا کہ کسی دوسری قوت نے دوستی کا منشا ظاہر کیا ہو۔

امراض مخصوصہ مرداں کے متعلق چند اکسیریں

جن کے استعمال سے آپ پھر تندرست جوان پھرتیلے جوشیلے ہو سکتے ہیں!

اکسیر ۱	اکسیر ۳۴ الف	اکسیر ۴۰	دت سکر دوج بٹی ۳
یہ مقوی باہ دستی کمزوری کو دور کرتی ہے ... بوڑھوں کو جوان اور جوانوں کو پہلوان ...	جوانان کی لاثانی دوائی ہے جبکہ روح زندگی ضائع ہوتے رہتے سے انسان دل دماغ ...	کثرت احتلام سے جب قیامت تنگ آ جائے خاص کر طالب علم زیادہ اخراج ...	سرعت ... مرد کیوں سطے نہایت رنجیدہ رہتے ہیں ... قیمت ۱۶ گولی عہ ۔ ۸ گولی للعہ

طلاء عا۔ اگر بیرونی نقائص بھی ساتھ ہوں تو مالش کیواسطے اس طلاء کو بھی ساتھ منگوا کر رگوں پٹھوں کو طاقت پہنچائیں قیمت فیشیشی ... مفصل حالات جاننے کیلئے رسالہ امراض مخصوصہ مرداں مفت منگوا لیں!

خط و کتابت و تار کیلئے پتہ امرت دھارا آفس لاہور ... امرت دھارا ڈاکخانہ لاہور

ہمارے ایجنٹ:- میسرز بہاری لال گھاسی رام کھاری باؤلی اسٹریٹ دہلی

خضاب چھوڑ دو

اس تیل سے بال کا پکنا رک کر پکا بال کالا پیدا ہونے کی ... اگر ساٹھ برس تک کالا نہ رہے تو دو نا دام واپس کا شرط نامہ لے لیں۔ ایک آدھ بال پکا ہو تو تین روپیہ اس سے زیادہ پکا ہو تو ... نصف سے زیادہ بالکل پکا ہو تو ... کا تیل منگالیں۔

پتہ:- بال کالا اسٹورس پوسٹ کنسی سمری (دربھنگہ)

سچا ہمدم و رہبر بے دام

پاک صاف خیالات پیدا کر کے جسمانی و روحانی صحت حاصل کرنے کیلئے دنیا میں سچی خوشی دستیاب کرنے کیلئے آپ آج ہی ایک کارڈ تحریر کر کے کتاب کام شاستر بالکل مفت منگالیں۔

ویدشاستری جام نگر، کاٹھیاواڑ



محمد رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کا طریق تبلیغ کیا تھا؟

اس کا جواب ایک جامع کتاب "بلاغ مبین" میں حضرت مولانا مولوی محمد حفظ الرحمٰن صاحب سیوہاروی نے تصنیف فرمایا ہے جو بڑی تقطیع کے دو سو پچانوے صفحہ کی کتاب ہے کتابت، طباعت اور کاغذ اعلیٰ درجہ کا۔ واقعات سب معتبر و مستند، طرز تحریر صاف اور عام فہم، نتائج مؤثر و دلنشیں، تبلیغی کام کرنے والوں کے لئے اس سے بہتر آج تک اردو میں کوئی کتاب نہیں لکھی گئی تھی۔ غیر مسلم اقوام کو سیرت رسول کے کمل نتائج اور اثرات اس کتاب کے سوا اور کسی جگہ ایک مقام پر نہیں ملیں گے۔

ہر مسلم و غیر مسلم لائبریری میں رکھنے کے قابل ہے۔ باوجود ان محاسن کے قیمت بہت کم ہے یعنی صرف دو روپیہ (عہ)

ملنے کا پتہ:- (مولوی) محمد ادریس منیجر دفتر بلاغ مبین - دہلی

ترکی پارلیمنٹ میں خواتین کی شرکت

مجلس کبیر کیلئے ، اخواتین کی امیدواری

یہودیوں اور یونانیوں کو بھی حق نمائندگی دیدیا گیا

قسطنطنیہ ۸ فروری۔ تاریخ میں یہ پہلا واقعہ ہے کہ ترکی پارلیمنٹ کے انتخاب میں خواتین کو شرکت کی اجازت دیدی گئی صدر جمہوریہ ترکیہ نے جدید ترکی پارلیمنٹ کے انتخاب کے لئے ، اخواتین کو بحیثیت امیدوار منتخب کیا ہے مجلس کبیر کا انتخاب ۸ فروری کو ہوگا۔ اور اس دفعہ خواتین تعداد کے ساتھ اپنے ووٹوں کا استعمال کرسکیں گی۔ کمال پارٹی کے حالیہ فیصلہ کے مطابق نئی پارلیمنٹ کے انتخاب میں یہودی یونانی اور ارمنی بھی حصہ لیں گے اس طرح جدید انتخاب میں ترکی اقلیتوں کو نمائندگی کی اجازت ہوگی جب سے جمہوریہ ترکی کا نظام قائم ہوا ہے یہ پہلا موقعہ ہے کہ ترکی اقلیتوں کو بھی مجلس کبیر میں داخلہ کی اجازت دی گئی ہے۔

چونکہ ترکی آبادی میں ایک کروڑ ، لاکھ نفوس کا اضافہ ہوگیا ہے۔ اس لئے ترکی پارلیمنٹ نے فیصلہ کیا ہے کہ اس کے ارکان کی تعداد ...

"پارلیمنٹری رپورٹ برطانی تدبر کا جنازہ ہے"

اسمبلی میں رپورٹ کی متفقہ اور ہمہ گیر مخالفت

برطانی پارلیمنٹ میں انڈیا بل کی دوسری خواندگی

دہلی ۸ فروری کل اسمبلی میں پارلیمنٹری رپورٹ پر نہایت پرجوش اور گرما گرم بحث ہوئی۔ یہ عجیب تماشہ ہے کہ برطانی پارلیمنٹ میں انڈیا بل کی دوسری خواندگی پیش ہو چکی اور ہندوستان کی پارلیمنٹ میں ابھی رپورٹ پر ہی بحث ہو رہی ہے۔ مسٹر آصف علی نے یہ کہہ کر بحث کو ہی ختم کر دیا کہ جب انڈیا بل میں تبدیلی کا ہی امکان نہیں ہے تو اس ایوان کی تمام بحث بے سود ہے، آپ نے مزید فرمایا کہ پارلیمنٹری رپورٹ برطانی تدبر کے جنازہ کی علامت ہے اور کیا تعجب ہے کہ وہ برطانی قبر کا پیش خیمہ ہو سردار ولبھ بھائی پٹیل، ڈاکٹر انصاری، مسٹر نیڈو اور راجگوپال آچاریہ نے بحث کو غور سے سنا۔ غیر سرکاری ممبروں میں سے ایک نے بھی رپورٹ کی تائید نہیں کی۔

آج پارلیمنٹری رپورٹ پر بحث کا تیسرا اور آخری دن ہے مسٹر جناح، رستیہ مورتی آج تقریریں کریں گے۔ سر ایور نے اپنی رائے کا اظہار کرتے ہوئے کہا کہ آپ لوگ تجویز آئینی کو مسترد کرنے سے پہلے اس کے نشیب و فراز پر بھی طرح غور کریں۔ اگر ہم رپورٹ کو مسترد کرنے میں متفق ہوگئے تو ملک معظم کی حکومت ہمیں کچھ زیادہ دینے کے لئے آمادہ نہ ہوگی۔ ...

حکومت کو تیسری شکست

سرحدی پٹھانوں سے پابندی اٹھانے کا مطالبہ

اسمبلی میں ڈاکٹر خان اور شیروانی کی تقریریں

سر آغاخان اور برطانیہ کی مدح سرائی

دیہاتوں میں اقتصادی ترقی کا پروگرام

ہندوستان میں پانچ بادشاہ بنائے جائینگے

وزیر اعظم برطانیہ کی طرف سے تردید

برمائی علیحدگی اور رپورٹ کی مخالفت

سرسکندر حیات کی جگہ نواب مظفرخاں

ایک فوجی افسر دو بچوں سمیت آگ میں زندہ جل گیا

ایک متمول مسلمان کو قتل کر کے آگ میں جلا دیا

کشتی کے ساتھ دو شخص غرق

ڈیڑھ سو مکانات جلکر خاک

دو مال گاڑیوں کا تصادم

چاٹگام کے ایک موضع میں کرفیو آرڈر

"دہریوں کا خدا" ضبط

عدن پر قبضہ کرنے کیلئے گورہ فوج کا تقرر

شراب کے ٹھیکہ پر ایک شخص کی بیٹی ہیوی

اسمبلی میں ڈپٹی پریزیڈنٹ کا انتخاب ہوگیا

احمد آباد کی ہڑتال کا خاتمہ

خالدہ ادیب خانم کا سلسلۂ لیکچر

دہلی میں چوروں کا گروہ گرفتار

مسلمانوں کے ہاتھ کا لکھا ہوا پڑھنا بیکار

ہندوؤں کو گاندھی جی کی ہدایت

دہلی لاہور اور پشاور میں زلزلہ

لاری پر فیر مال و اسباب لوٹ لیا

جاپان کا روس سے تعلق قائم کرنا نہیں چاہتا

ریل کے کرایہ اور محاصل میں اضافی تجویز

ایک صد و الو گرفتار کر لئے گئے

ڈاکو جنہوں کے ساتھ دلہن کو بھی لے اڑے

دار الحکومت

حضرت ناظم الجمعیۃ کی علالت

مذہبی الکھاڑہ بندی کے خطرناک نتائج

گلال چند ایڈوکیٹ کے قتل کے مقدمہ کی سماعت

دہلی مارکیٹ کا تازہ نرخ

دہلی میں سر آغاخاں کی آمد

بسم اللہ الرحمن الرحیم

الجمعیۃ دہلی

یوم شنبہ ۴ ذیقعدہ ۱۳۵۳ ہجری

صوبہ سرحد کے مظلوم "خدائی خدمتگار"

اسمبلی میں حکومت کو شکست فاش

اسمبلی میں ۵ فروری ۱۹۳۵ء کو صوبہ سرحد کے خدائی خدمتگاروں کی تنظیم پر سے پابندیاں ہٹا لینے کے متعلق مسٹر لی داس نے جو تجویز پیش کی تھی اور اس تجویز کی موافقت میں جو تقریریں کی گئیں ان کا کوئی معقول جواب حکومت کی جانب سے ...

شذرات

سر آغاخاں کا مقصد سفر

سر آغاخاں جب کبھی ہندوستان تشریف لاتے ہیں تو ان کا آنا یقیناً خالی از علت نہیں ہوتا۔ وہ کوئی نہ کوئی کام کر کے ضرور جاتے ہیں اور اسی لئے انہیں بعض خاص موقعوں پر تکلیف دی جاتی ہے۔ اس مرتبہ اسمبلی کے شروع ہوتے ہی معلوم ہوا کہ سر آغاخاں تشریف لا رہے ہیں۔ چنانچہ وہ بعجلت تمام بمبئی آئے اور اس کے بعد عین ان تاریخوں میں جبکہ پارلیمنٹری رپورٹ پر بحث ہو رہی ہے ہندوستان کے آئندہ دستور اساسی کے متعلق برطانیہ جو کچھ فیصلہ کر رہا ہے اس میں ...

یہی ہے کہ ان تمام گفتگوؤں کا نتیجہ خاطر خواہ برآمد ہو اور جو حضرات تبادلۂ خیالات کر رہے ہیں وہ کسی تصفیہ تک پہنچ جانے میں کامیاب ہو جائیں مگر ہمارے گذشتہ تجربات ہمیں بتاتے ہیں کہ معاملات اس قدر امید افزا نہیں ہو سکتے جتنا کہ خیال کیا جا رہا ہے۔ ضرورت تو اس امر کی تھی کہ اس وقت اسمبلی میں پارلیمنٹری کمیٹی کی رپورٹ کے متعلق جو مباحثہ ہو رہا ہے اور بے شمار ترمیمات مختلف نقطہ ہائے نگاہ کے مطابق پیش کر دی گئی ہیں اس مباحثہ کے آغاز اور ان ترمیموں کے پیش کرنے سے قبل ہی کوئی سمجھوتہ ہو جاتا ...

خدائی خدمتگاروں کے مسلم مخالفین

فرقہ وارانہ گفتگوئیں

حوادث و احکام

استفتاء

الجواب

استفتاء

الجواب

استفتاء

الجواب

مجوزہ اصلاحات محض فریب ہیں

اسمبلی میں پارلیمنٹری رپورٹ پر مباحثہ

ہندوستان میں سوداگروں کی حکومت ہے

نئی دہلی ۵ فروری۔ آج اسمبلی کی گیلریاں بھری ہوئی تھیں۔ سروجنی نائیڈو، خالدہ ادیب خانم اور بہت سے دیگر سرکردہ قومی کارکن موجود تھے۔

جب سر این این سرکار جائنٹ پارلیمنٹری کمیٹی کی رپورٹ کے متعلق تجویز پیش کرنے کھڑے ہوئے تو مسٹر فضل الحق نے اعتراض کیا کہ رپورٹ مرکی ہے اور اس کی جگہ بل نے لی ہے۔ اس لئے سر این این سرکار کی تجویز خلاف قاعدہ ہے۔ صاحب صدر نے اس اعتراض کو رد کر دیا اور ہدایت کی کہ ممبران بحث کے دوران میں انڈیا بل کے حوالہ سے تقریریں کر سکتے ہیں۔

سر این این سرکار نے تجویز پیش کی کہ جائنٹ سلیکٹ کمیٹی کی رپورٹ پر غور کیا جائے۔ آپ نے فرمایا کہ اس تجویز کا مقصد صرف یہ ہے کہ اس مضمون پر بحث کی جا سکے۔

سر سرکار نے مختلف ترمیموں کا تجزیہ کرتے ہوئے کہا کہ مسٹر بھولا بھائی ڈیسائی کی ترمیم بالکل ناقابل فہم ہے کیونکہ اس میں یہ ظاہر کیا گیا ہے کہ مجوزہ سکیم موجودہ دستور سے بھی بدتر ہے۔ دوسری ترمیمیں ایسی ہیں اگر ایک کمیونل ایوارڈ کو قبول کرتی ہے تو دوسری اسے رد کرتی ہے تیسری ترمیم یہ کہتی ہے کہ قومی مفاد کے پیش نظر اس معاملہ کو بالکل نہ چھیڑا جائے لیکن سب سے عجیب ترمیم مسٹر محمد علی جناح کی ہے۔ جو تین حصوں پر منقسم ہے۔

وہ کمیونل ایوارڈ کو تسلیم کرتی ہے اور آئینی عمارت کے متعلق کہتی ہے کہ نچلی منزل کو گرا دیا جائے اور دوسری منزل کو باقی رکھا جائے اور اس کی چھت اس کے فرش اور دیواروں میں تبدیلیاں کر دی جائیں اور کھڑکیوں کو بڑھا دیا جائے۔

لیکن اس کے باوجود مسٹر جناح یہ کہتے ہیں کہ میں عمارت کو تباہ کرنا نہیں چاہتا ہوں۔ حقیقتاً آپنے کہا کہ اس خیال کے پیش نظر کہ تمام آئینی عمارت فیڈریشن پر قائم ہے مسٹر جناح کی ترمیم کچھ معنی نہیں رکھتی۔

مسٹر بھولا بھائی ڈیسائی نے ایک سرکلہ ڈالرانہ تقریر میں برطانیہ کے ان دعدوں کا ذکر کیا جو اس نے جنگ عظیم کے زمانہ میں کئے تھے۔

مسٹر ڈیسائی نے نہایت مدلل طریقہ پر ثابت کیا کہ مجوزہ اصلاحات محض ایک فریب ہیں جن سے ہندوستان کو کوئی فائدہ پہنچنے کی بجائے زبردست نقصان پہنچے گا۔ مسٹر ڈیسائی نے مزید کہا کہ جائنٹ پارلیمنٹری سکیم کے ماتحت گورنر جنرل اور گورنروں کو مختار کل بنا دیا گیا ہے۔ اور صوبائی خود اختیاری ایک لفظ بے معنی ہو کر رہ گئی ہے۔

مولانا شوکت علی نے اسمبلی میں اپنی پہلی تقریر کرتے ہوئے کہا کہ میں اسمبلی میں صلح کا ہی پیغام لے کر آیا ہوں جو میرے مرحوم بھائی محمد علی انگلستان لیکر گیا تھا۔ مجھے صلح پیدا کرنے کے لئے حکومت کے ساتھ تعاون کرنا ہوگا

میں اس قوم سے تعلق رکھتا ہوں جو سو سال تک ہندوستان پر حکومت کر چکی ہے۔ یہاں تک کہ اس کی جگہ بکس والے اور سوداگر آ گئے (تالیاں) آپ نے انگریزوں سے اپیل کی کہ وہ دس سال کے لئے عارضی صلح قائم کر دیں۔ ہندو، سکھ، مسلمان، ایک پارسی اور ایک ہندوستانی عیسائی کو دو انگریزوں کے ساتھ دو گھنٹے تک غور و فکر کر کے ایک ایسا متحدہ فارمولا مرتب کرنے کا موقع دیں جو ہندوستان میں امن قائم کر دے۔ اگر انہوں نے ایسا نہ کیا تو انہیں آرڈیننسوں کے ذریعہ حکومت کرنی ہوگی اور اگر ہندوستان کو ایسی حالت پر مجبور رکھا گیا تو یہاں خونریز انقلاب برپا ہو جائے گا اور میں پھر غیر متشدد نہیں رہ سکوں گا۔

ہندوستانی دستور نمائندہ اسمبلی مرتب کرے

کونسل آف اسٹیٹ میں ایک تجویز

دہلی ۸ فروری۔ آنریبل مسٹر پی سی ڈی چاری نے کونسل آف اسٹیٹ میں ایک تجویز مجوزہ اصلاحات کے متعلق پیش کی ہے جس میں سفارش کی گئی ہے کہ جائنٹ سلیکٹ کمیٹی نے ہندوستان کے لئے جو سکیم تجویز کی ہے وہ بالکل ناقابل قبول ہے اس لئے ملک معظم کی حکومت کو ایک نمائندہ اسمبلی مدعو کرنی چاہئے جو ان نمائندوں پر مشتمل ہو جنہیں ہندوستان کے باشندوں نے وسیع حقوق رائے دہی پر منتخب کیا ہو۔ یہی اسمبلی ہندوستان کے لئے قابل قبول دستور مرتب کر سکے گی۔

آنریبل سر فیروز سیٹھنا نے بھی ایک تجویز پیش کی ہے جس میں یہ ظاہر کیا گیا ہے کہ یہ سکیم غیر اطمینان بخش ناکافی اور مایوس کن ہے اور یہ کہ جائنٹ سلیکٹ کمیٹی کی سفارشات وائٹ پیپر سے بھی بدتر ہیں اور یہ کہ مجوزہ تحفظات مرکزی و صوبائی آزادی کے حصول میں مزاحم ہونگے۔

ایک برطانوی جہاز گرفتار

چینی ڈاکوؤں نے گھیر لیا

ہانگ کانگ ۸ فروری۔ شنگھائی اور جنوبی چین میں دخانی جہاز "اڑنگ چاؤ" کی مفقود الخبری کی وجہ سے سخت تشویش پھیلی ہوئی ہے اس جہاز پر ستر طلباء سوار تھے اور اکثریت انگریز لڑکوں کی تھی۔ طلباء تعطیل کے بعد چیفو مشن سکول کو واپس آ رہے تھے۔

جہاز "تنگچو" معتدل موسم میں شنگھائی سے روانہ ہوا تھا۔ وائرلیس کے ذریعہ اسکو پیغامات بھیجے گئے ہیں ان میں سے ایک کا جواب بھی موصول نہیں ہوا۔ اندیشہ ہے کہ اس جہاز پر بحری قزاقوں نے قبضہ کر لیا ہے۔ ... اور ... کی تلاش ... ہیں ... کے قریب تلاش کر رہا ہے ... تنزانگ ... کی طرف لے جائیں گے۔

بعد کی اطلاع

سرکاری طور سے اعلان کیا گیا ہے کہ "تنگچو" پر بحری قزاقوں نے حملہ کر دیا۔ ایک ردی کارڈ ہلاک اور دوسرا مجروح ہوا۔ جنگی جہاز مدد کے لئے سرعت سے روانہ ہو گئے ہیں۔ مزید اطلاع مظہر ہے کہ قزاق جہاز کو چھوڑ کر چلے گئے۔

جرمنی کو فوجی طاقت سے خوف

فرانس اور برطانیہ میں معاہدہ

پیرس ۸ فروری۔ ایک اطلاع مظہر ہے کہ فرانس اور برطانیہ کے درمیان فضائی فوت کے بارے میں سمجھوتہ ہو گیا ہے۔ یقین کیا جاتا ہے کہ معاہدہ ورسیلز کے فوجی دفعات منسوخ کر دی جائیں گی۔ لیکن دریائے رائن کے بائیں کنارے کے متعلق یہ دفعات قائم رہیں گی۔ جرمنی پر زور دیا جائے گا کہ وہ جمعیۃ اقوام میں واپس آ جائے اور جرمنی سے مطالبہ کیا جائے گا کہ وہ فرانس اور برطانیہ کے معاہدہ پر کاربند ہوں۔

موسیو لاوال نے جرمنی کی خفیہ فوجی قوت کے متعلق لرزہ خیز انکشافات کرتے ہوئے کہا کہ اگر ہم اپنی فوجی سروس کو دو سال نہ کریں تب بھی ہم جرمنی جیسی طاقتور فوج مہیا نہیں کر سکتے۔

مجلس ادب کے زیر اہتمام غالبؔ مرحوم کی برسی

مجلس ادب دہلی کے زیر انصرام بتاریخ ۱۵ و ۱۶ فروری ۱۹۳۵ء کو پنجابی پبلک لائبریری ہال باڑہ ہندو راؤ دہلی میں حضرت غالبؔ مرحوم کی برسی منائی جائے گی ۱۵ فروری بروز جمعہ بوقت ساڑھے سات بجے شب مشہور ادیب اور مقالہ نگار حضرات جناب غالب مرحوم کی شاعری اور ادب و اخلاق پر مقالات پڑھیں گے اور تقاریر فرمائیں گے ۱۶ فروری بروز ہفتہ بوقت آٹھ بجے شب بیادگار غالب مشاعرہ و مناظرہ منعقد ہوگا۔ مشاعرہ و مناظرہ کی طرح حسب ذیل ہے۔

(۱) طرح مشاعرہ:۔ نقش فریادی ہے کس کی شوخی تحریر کا"

(۲) " مناظرہ:۔ رفت آسوز تخیل ہے بیان غالب

امید ہے کہ شعرائے عظام و ادباء طبع آزمائی فرمائیں گے اور وقت مقررہ پر شریک جلسہ ہو کر حضرت غالب مرحوم کی یاد کو تازہ کریں گے۔

(سکریٹری مجلس ادب دہلی)

سرحد میں قتلوں کی بھرمار

پشاور ۸ فروری۔ ... گزشتہ برس ... ۱۹۳۴ء ... قتل کی ... ۹۸ ... گذشتہ برس ایک ماہ میں ۴۴ وارداتیں ہوئی ہیں۔

سرکاری ملازمین کی تنخواہوں میں تخفیف کی تنسیخ

دہلی ۸ فروری۔ حکومت ہند کا ایک سرکاری اعلان مظہر ہے کہ حکومت ہند نے فیصلہ کیا ہے کہ سرکاری ملازموں کی تنخواہوں میں جو تخفیف اسرار یکم ۱۹۳۵ء کو ختم ہوگی وہ دوبارہ جاری نہ کیا جائے۔ اس فیصلہ کا اطلاق تمام آل انڈیا سروسوں پر بالعموم ہوگا اور حکومت ہند کے تمام سرکاری ملازمین اس سے مستفیض ہو سکیں گے۔

ہندوستان کو درجہ نو آبادیات دیا جائے

لندن ۸ فروری۔ مشہور لیبر لیڈر مسٹر جارج لینسبری پارلیمنٹ کے اجلاس میں یہ تحریک پیش کرنے کا ارادہ رکھتے ہیں کہ انڈیا بل پاس کئے جانے سے پیشتر گورنمنٹ اس امر کا اعلان کرے کہ اس کا نصب العین ہندوستان کو درجہ نو آبادیات دینا ہے۔ ہندوستان و انگلستان کے تعلقات کو خوشگوار بنانے کے لئے سیاسی قیدیوں کو رہا کیا جائے۔ اور سخت گیر قوانین واپس لئے جائیں۔

سلور جوبلی میں مہاراجہ جے پور کا عطیہ

دہلی ۸ فروری۔ معلوم ہوا ہے کہ مہاراجہ جے پور نے ملک معظم کی سلور جوبلی فنڈ میں پچاس ہزار روپیہ دیا ہے۔ مہاراجہ کیسل نے بھی بیس ہزار دیا ہے۔

وئید حکیم بنجاؤ

اگر آپ حکیم تلسی پرشاد اگروال موجد بال جیون گھٹی کی بنائی ہوئی نادر و نایاب کتاب مجربات تلسی کا غور سے مطالعہ کریں گے تو آپ بلاشک و شبہ ویدک حکمت اور طبی علاج دونوں کی ترکیب ادویات کے اچھے خاصے ماہر ہو کر اپنی اور دوسروں کی ہر ایک بیماری کا علاج نہایت ہی عمدگی کے ساتھ کرنے کے قابل بن جائیں گے اور اگر آپ چاہیں گے تو اس کے ذریعہ دوا علاج میں وئیدوں، حکیموں، ڈاکٹروں کے مانند گھر بیٹھے بڑی آسانی کے ساتھ سینکڑوں روپیہ کمانے لگیں گے اس میں قواعد علاج و دواسازی کے اصلی اصول بڑی وضاحت کے ساتھ بتلائے گئے ہیں اور مرد، عورتوں، بوڑھوں، بچوں، جوانوں و نوجوانوں کی سر سے پاؤں تک کی ہر ایک ظاہر و پوشیدہ بیماری کے لئے نایاب چٹکلے نسخے لکھے گئے ہیں جو کوڑیوں میں تیار ہو کر اکسیر کے فائدے دکھلاتے ہیں قیمت فی کتاب مجلد عمہ ۱ محصول وغیرہ ... ہر ایک اردو خواں اصحاب کو ... الا مال ... قیمت ۸ علاوہ محصول

المشتہر منیجر بال جیون کارخانہ علی گڑھ شہر یوپی

مسٹر جناح اور صدر کانگریس کی گفتگو

مصالحت کے لئے مساعی

نئی دہلی ۸ فروری۔ مسٹر جناح اور بابو راجندر پرشاد میں فرقہ وارانہ مسئلہ پر جو گفتگو ہو رہی تھی اگرچہ اس کا کوئی نتیجہ نہیں نکلا ہے لیکن اس کا سلسلہ برابر جاری ہے بابو راجندر پرشاد کو ایک ضروری کام کی وجہ سے پٹنہ چلے جانے سے گفتگو عارضی طور پر منقطع ہو گئی لیکن وہ ۱۰ فروری کو دہلی پھر واپس آ جائیں گے۔ اس کے بعد گفتگو کا سلسلہ جاری ہو جائے گا۔

اس کامیابی کی سب سے بڑی توقع اس وجہ سے کی جا رہی ہے کہ اسمبلی کے ارکین کا وہ حلقہ بھی جو انتہائی فرقہ پرست شمار کیا جاتا ہے جو کسی ایک فرقہ کے لئے مخصوص نہیں ہے اس گفتگو کی کامیابی کا آرزومند ہے۔ علاوہ بریں مسٹر جناح اور راجندر بابو دونوں جہاں تک معلوم ہوا ہے اس حیثیت سے غور کر رہے ہیں کہ صحیح حل کیا ممکن ہے۔ امید کی جاتی ہے کہ ان دونوں لیڈروں کی سعی اور ان کے ساتھ ڈاکٹر انصاری صاحب مسز نائیڈو، مسٹر بھولا بھائی ڈیسائی معدن احمد خان صاحب شیروانی وغیرہ حضرات کی کوشش کامیاب ہونگی

ہندوستان کی بڑھتی ہوئی آبادی کو روکا جائے

نئی دہلی ۸ فروری۔ آنریبل سید حسین امام نے کونسل آف اسٹیٹ میں حسب ذیل تجویز پیش کی ہے۔

یہ کونسل گورنر جنرل باجلاس کونسل سے سفارش کرتی ہے کہ وہ ہندوستان میں بڑھتی ہوئی آبادی کو روکنے کے لئے ضروری تدابیر اختیار کرے۔

عدالت میں کورٹ انسپکٹر کی موت

بنگال ۷ فروری۔ بابو جیند ناتھ بوس کورٹ انسپکٹر نے استغاثہ کی طرف سے ایک اسپیشل مجسٹریٹ کی عدالت میں ایک مقدمہ قتل میں بحث ختم ہی کی تھی کہ انہیں غش آ گیا اور چند منٹوں میں ہی آپ کا دم نکل گیا۔

دیناج پور میں سیاسی ڈاکہ

۸ نوجوان گرفتار

دیناج پور یہاں ایک سنار کی دکان پر جو شہر کے وسط میں واقع ہے ایک سیاسی ڈاکہ کے نتیجہ کے طور پر بھاری سنسنی پھیل گئی ہے۔ بیان کیا جاتا ہے کہ ۵ نوجوان جو ریوالوروں اور دیگر ہتھیاروں سے مسلح تھے ٹوپیاں پہنے ہوئے کل شام کو اندھیرا ہونے کے بعد دکان میں داخل ہو گئے اور بہت سے باہر کھڑے رہے۔ دکان میں جو لوگ تھے انہیں ریوالور اور خنجر دکھا کر خاموش کر دیا گیا اور سونے کے زیور اور بہت سا دیگر قیمتی مال لیکر بھاگ گئے۔ پولیس نے اس سلسلہ میں بہت سی خانہ تلاشیاں لی ہیں اور نفر ... ۸ نوجوانوں اور ایک زمیندار کو گرفتار کر لیا اور بہت سا بلا لائسنس خنجروں پر قبضہ کر لیا۔

سرحد میں قتلوں کی تعداد

حکومت سرحد نیا قانون بنائیگی

پشاور انسپکٹر جنرل پولیس سرحد کی ۱۹۳۳ء کی رپورٹ میں اس سوال کو خاص اہمیت دی گئی ہے کہ قتلوں کی بڑھتی ہوئی تعداد کا انسداد کس طرح کیا جائے۔ گذشتہ سال قتلوں کی تعداد (۵۱۵) ۱۹۲۹ء کی تعداد سے کم ہے پھر بھی یہ ایک افسوسناک حقیقت ہے کہ سرحد میں قتلوں کی تعداد نہ صرف ہندوستان کے دوسرے صوبہ جات کے مقابلہ میں ہی بلکہ تمام مہذب دنیا کے مقابلہ میں بہت زیادہ ہے۔ برطانیہ میں قتلوں کی تعداد ۱ فی ملین اور برطانیہ میں ۶ سو فی ملین ہے۔ لیکن سرحد میں قتلوں کی تعداد ۲۰۰ فی ملین ہے۔ انسپکٹر جنرل پولیس نے اپنی رپورٹ میں لکھا ہے کہ ان قتلوں کو روکنے کے لئے خاص قوانین کی ضرورت ہے۔

گورکھوں اور سنتھالیوں میں جنگ

چار گورکھے ہلاک۔ عورتوں سے مذاق کا نتیجہ

پٹنہ موضع سونا گڈھ سے گورکھوں اور سنتھالیوں کے شدید فساد کی اطلاع موصول ہوئی ہے۔ بیان کیا جاتا ہے کہ تہوار کے قریب سنتھال اپنے کسی تہوار کے سلسلہ میں ناچ رہے تھے کہ تقریباً ایک درجن گورکھے بھی اتفاقاً ادھر آ نکلے۔ گورکھے جو شراب کے نشہ میں مدہوش تھے سنتھال عورتوں کو چھیڑنے لگے۔ اس پر دونوں پارٹیوں میں تنازعہ ہو گیا۔ ۴ گورکھے ہلاک اور پانچ زخمی ہوئے۔

آسٹریا کے چانسلر پر گولیوں کی بارش

وائنا اس واقعہ نے یہاں سنسنی پھیلا دی ہے کہ آسٹریا کے وائس چانسلر شہزادہ سٹارہمبرگ کو قتل کرنے کی دلیرانہ کوشش کی گئی۔ تفصیلی حالات مظہر ہیں کہ شہزادے کی ایک موٹر کار ریلوے کراسنگ پر ... پر گولیوں کی بوچھاڑ کی گئی۔ خوش قسمتی سے شہزادہ سٹارہمبرگ کار میں نہیں تھا اور ... ہوائی اڈے پر ... آپ بچ گئے اور حملہ آوروں نے ... گولیاں برسانا شروع کر دیں۔

جامعہ عثمانیہ حیدرآباد دکن

پروفیسر الیاس برنی صاحب سابق صدر شعبہ معاشیات حال میں سررشتہ تالیفات و ترجمہ جامعہ عثمانیہ کے ناظم مقرر ہوئے ہیں۔

(کمال احمد فاروقی)

حکومت مرزا محمود پر مقدمہ کیوں نہیں چلاتی؟

قادیان میں پر امن مسلمانوں پر زمین تنگ کر دی گئی

مولانا حبیب الرحمن صاحب صدر مجلس احرار کا بیان

مولانا مولوی حبیب الرحمن صاحب صدر مجلس احرار اسلام نے مندرجہ ذیل بیان بغرض اشاعت ارسال فرمایا ہے:۔

تین آج ۱۵ دن کے بعد کراچی کے سفر سے واپس لاہور پہنچا تو قادیان میں مرزائیوں نے جو ہیجان پھیلا رکھا ہے ان تمام حالات پر غور کرنے کے بعد اس نتیجہ پر پہنچا ہوں کہ اس کا ذمہ دار مرزا محمود ہے ... احرار کانفرنس کے بعد مرزا محمود نے سخت اشتعال انگیز خطبے ... موت کی دھمکیاں دیں ... حکومت ... قادیان ... کی بعیت کی موجودگی میں مرزا محمود پر مقدمہ نہیں چلاتی۔ اور حکومت گرفتار نہیں کرتی۔

کتابوں کی ضبطی

گورنمنٹ نے مرزائیوں کی حمایت میں پمفلٹ "قادیان میں پنجتن پاک" "مرزا قادیانی خود نبی" ... ضبط کر لئے۔ اور اس سلسلہ میں مجلس احرار کے متعدد دفتروں کی تلاشی بھی لی۔ ... مرزا غلام احمد قادیانی کی کتب پر ... حکومت بہ جائز اور ناجائز طریقہ سے مرزائیوں کی حمایت کر رہی ہے۔

مسلمانان ہند کا فرض ہے۔ ... مرزائیت کے خلاف کام جاری رکھیں ... شعبہ تبلیغ ... مالی امداد ...

احرار کے مظلومین سے ہمدردی

مسلمانان بدایوں کا جلسہ عام

حضرت مولانا شاہ عبد الحامد صاحب قادری بدایونی تین ہفتے کے بعد اجمیر شریف، بیاور وغیرہ کے تبلیغی و مذہبی جلسوں میں شرکت فرما کر بدایوں تشریف لائے یکم فروری کو جامع مسجد شمسی بدایوں میں جمعیۃ علمائے صوبہ متحدہ کی طرف سے جلسہ عام منعقد ہوا۔ حضرت مولانا نے احرار کے حادثہ اور اجودھیا کے فیصلہ پر مدلل و دلپذیر تقریر فرمائی ذیل کی تجاویز باتفاق آراء منظور ہوئیں۔

(۱) یہ جلسہ عام مسلمانان احرار سے دلی ہمدردی رکھتا ہے وہاں کے مسلمانوں کو جو بے دردی سے گولیوں کا نشانہ بنایا گیا اور شہید کیا گیا ان وحشیانہ مظالم پر نفرت و ملامت کرتا ہے اور کہا ہے کہ حکام سے اپیل کرتا ہے کہ وہ ان مظالم کا سبب ... ملازمین نے مسلمانوں پر ... کیں ان کو معقول سزائیں دیکر مسلمانان ہند کو مطمئن کرے۔

(۲) یہ جلسہ عام صوبہ متحدہ کی حکومت کو توجہ دلاتا ہے کہ اجودھیا کے المناک واقعات پہلے ہی صوبہ کے اندر اضطراب پیدا کر دیا تھا ... مسلمانوں ... حکومت کا فرض ہے کہ مکمل تحقیقات کرے ... ورنہ مسلمانوں کے جذبات بہت زیادہ برانگیختہ ہو جائیں گے۔

(شرفت حسین قادری۔ بدایوں)

معمہ — اعلان — معمہ

دی جرمن ٹریڈنگ کمپنی بٹالہ نے انعام تقسیم کر دیا ہے۔ مندرجہ ذیل صحیح حل تھے۔ جن اصحاب کے یہ صحیح حل تھے۔ انعام تقسیم کر دیا گیا ہے۔ درست حل کا معمہ ہم نے منیجر گپتا میڈیکل سٹور کے پاس رکھا ہوا تھا۔ ناظرین نوٹ کر لیویں۔

(۱) بنارس	(۴) رام دس
(۲) سلوچنا	(۵) فلیکس
(۳) مہاتما گاندھی	(۶) انبالہ

منیجر گپتا میڈیکل سٹور کی زیر نگرانی انعام تقسیم کئے گئے

منیجر جرمن ٹریڈنگ کمپنی بٹالہ

حضرت مولانا الحاج حافظ احمد سعید صاحب

کی

تقریر سیر

حضرت سحبان الہند مولانا الحاج حافظ احمد سعید صاحب ناظم جمعیۃ علمائے ہند کی وہ لطیف اور پر از معلومات تقریر جو ... کے جلسہ میں ... ارشاد فرمائی ... کتابی صورت میں ... شائع ... تقریر سیر ... مضامین ...

مختصر فہرست مضامین

حضرت ابراہیم علیہ السلام ...	قرآن میں انبیاء کے ...	سلب اختیار ...	سیرت ...	...	...	...	حضرت ابو ہریرہ ...	مسلمان ...	روحانی و جسمانی تربیت ...
[illegible]	[illegible]	[illegible]	[illegible]	[illegible]	[illegible]	[illegible]	[illegible]	[illegible]	[illegible]

پوری کتاب ... صفحات پر مشتمل ... نہایت بہتر کتابت و طباعت کے ساتھ شائع کی جا رہی ہے ... قیمت ...

منیجر الجمعیۃ گلی قاسم جان دہلی

تارکا پتہ — میڈیسنز دہلی ٹیلیفون ۵۵۶۶

۱۹۳۵ء ۱۹۳۵ء

گن نی

کا

طاقت کی بے مثل سنہری گولیاں

مسیح الملک حکیم محمد احمد خاں صاحب کا عطیہ

(سو برس کے بعد)

خاص

چالیس گولیاں سات روپیہ

ہندوستانی دواخانہ (جس کو حکیم اجمل خاں نے ۱۹۰۷ء میں بنایا) دہلی ڈاک بکس ۲۲

تحفہ

رجسٹرڈ نمبر ایل ۱۷۹۳

یدُ اللّٰہِ عَلَی الجماعۃ

تار کا پتہ ” الجمعیۃ دہلی “
ٹیلیفون نمبر ۵۶۳

الجمعیۃ سہ روزہ دہلی

مدیر مسئول ۔ ہلال احمد زبیری دہلوی
معاون ۔ محمد عثمان فارقلیط

جلد ۲۱	دہلی یوم چہارشنبہ ۹ ذیقعدہ ۱۳۵۲ ہجری مطابق ۱۳ فروری ۱۹۳۵ء	نمبر ۱۱

صوبہ متحدہ میں ثانوی تعلیم کی ازسرِ نو تنظیم کی تجویز

حکومت کے جواب میں مسلم ایجوکیشنل کانفرنس کا محضر نامہ

طلباء کیلئے زراعت اور صنعت و حرفت کی ضرورت

(گزشتہ سے پیوستہ)

(باقی صفحہ پر ملاحظہ فرمایئے)

معاصرین کے افکار و آراء

انگریزی تمدن کے مسلمان عہدیدار

مسلمانوں کی سب سے بڑی جدوجہد یہ ہے کہ مسلمانوں کو زیادہ سے زیادہ تعداد میں اعلیٰ عہدے دئے جائیں ۔ بیشک ہم تسلیم کرتے ہیں کہ اس زمانہ میں اعلیٰ عہدوں کا حصول اس لئے ضروری ہے کہ اعلیٰ عہدیدار مسلمانوں کی قومی اور سیاسی حقوق کی حفاظت کرسکیں ...

(الجمعیۃ)

(ملت)

سودی قرض سے شادی

اسمبلی میں کانگریس کی فتح

ضروری گزارش

(منیجر الجمعیۃ دہلی)

خدائی خدمتگار اور مسلمان

توحید و سنت کا علمبردار

الفرقان (بریلی)

خط و کتابت اور ترسیل زر کا پتہ :- منیجر الفرقان دفتر الفرقان (یوپی)

بیحد سستا گویا بالکل مفت

نیا بہشتی زیور مدلل مبرہن بحواشی جدیدہ

Regd No. L 1793.

The Nejat

Vol. XXI No. 10 DELHI SATURDAY 9th FEBRUARY 1935 PRICE ONE ANNA

4612
Moulvi Mehdi Hassan Sb Mufti
P.O Rander
Dt Surat

نورانی قرآن مجید

پادری کی لڑکی کا قبول اسلام

نیجر الجمعیۃ دہلی

حجاج کی جائز شکایات

قابل توجہ سپرنٹنڈنٹ محکمہ محافظ حجاج

زراعت کی کیمیاوی تحقیقات

اخبار الجمعیۃ میں اشتہار دیکر اپنی تجارت کو فروغ دیجئے

محبوب عاشق کے قدموں پر

ملنے کا پتہ :- فیصل شاہ عالم گلی راجان دہلی

خاص رعایت

حیات حافظ رحمت خاں

غیر مجلد دو روپے چار آنے میں خریدیئے

منیجر اخبار الجمعیۃ گلی قاسم جان دہلی

جنت و دوزخ

منیجر مکتبہ علمیہ گلی قاسم جان دہلی

آپ کی تقدیر

امریکن ایجنسی پٹھانکوٹ ضلع گورداسپور

صرف تین روپیہ میں چار گھڑیاں

ایک عدد اصلی جرمن ٹائم پیس ۔ ایک عدد ڈمی پاکٹ واچ ۔ دو عدد ڈمی رسٹ واچ

ملنے کا پتہ :- کارخانہ جاپان ناولٹی سٹور ۹۲ پٹھانکوٹ ضلع گورداسپور

حمائل شریف مترجم مع خلاصۃ التفاسیر

ملنے کا پتہ منیجر اخبار الجمعیۃ گلی قاسم جان دہلی

مشہور و معروف دو ترجمہ والا معجز نما متوسط قرآن مجید مع کامل تفسیر

حیرت انگیز رعایتی اعلان

منیجر اخبار الجمعیۃ گلی قاسم جان دہلی

عربی اور ولایتی ڈاک

مشرق و مغرب کی تازہ خبریں

ترکی میں عہدوں اور اخبارات کے نام تبدیل کردیے گئے

انجمن لسان ترکی کا کارنامہ

حکومت جمہوریہ ترکیہ نے ترکی زبان کی اصلاح کے لیے جو اہم قدم اٹھایا تھا اب اس کی تکمیل کردی گئی ہے۔ انجمن لسان ترک نے اس خصوص میں بڑی سرگرمی سے کام کیا ہے، اس نے اپنی نگرانی میں عربی۔ فارسی۔ یونانی۔ انگریزی اور جملہ اجنبی الفاظ کو خارج کرکے ان کی جگہ خالص ترکی الفاظ رائج کیے اور مصطلحات جدیدہ کے لیے جدید الفاظ وضع کرکے ترکی زبان کو سرمایہ دار

حجاز میں افغانی سفیر کا تقرر

دو لتین میں روابط کا مزید استحکام

عراق کے دیہات میں تعلیم کی اشاعت

روس سے تعلق توفیق رشدی بے کا بیان

بصائر و نظائر

انتقادات

"بچہ"

وطن کا "سالنامہ"

دہلی کے مشہور روزانہ اخبار وطن نے امسال اپنا سالنامہ بڑی تقطیع اور ۱۰۴ صفحات پر شائع کیا ہے۔

احمد کہ خورشید کا سامان سفر تازہ کریں نفس سوختۂ شام و سحر تازہ کریں

بیس سال کے بعد

دنیائے اسلام کے شاعر اعظم کا اردو کلام شائع ہوگیا

ترجمان حقیقت

علامہ ڈاکٹر سر محمد اقبال مدظلہ

کے

تازہ اردو کلام کا مجموعہ

بال جبریل

جس کے لئے دنیا بے تابی کے ساتھ گھڑیاں گن رہی تھی

بہترین کاغذ پر اعلیٰ طباعت اور مطلا جلد بندی کے زیور سے آراستہ و پیراستہ ہوکر

مسدس حالی

تاج کمپنی لمیٹڈ برانڈرتھ روڈ۔ لاہور

سچا ہمدم و رہبر بے دام

پاک صاف خیالات پیدا کرکے جسمانی و روحانی صحت حاصل کرنے کیلئے دنیا میں سچی خوشی دستیاب کرنے کیلئے آپ آج ہی ایک کارڈ تحریر کرکے کتاب کام شاستر بالکل مفت منگالیں

وید شاستری جام نگر۔ کاٹھیاواڑ

ترکوں کی اجتماعی زندگی میں عورت کی حیثیت

یونانی اور رومانی تہذیب میں عورت کا درجہ

ترک خواتین شاہراہ ترقی پر

خالدہ ادیب خانم کا ساتواں لیکچر

یونانی اور رومانی تہذیب میں عورت کا درجہ

تحریک نسواں کے تین اصول

ترکی عورت شاہراہ ترقی پر

عہد آخر میں عورتوں کے کارنامے

برطانیہ درجہ نو آبادیات کے وعدہ پر قائم ہے

حکومت لارڈ ارون کی تصریحات کی پابند رہیگی

پارلیمنٹ میں وزیر ہند کا اعلان

حکومت کے مواعید

درجہ نو آبادیات مشروط ہے

صوبہ متحدہ میں ثانوی تعلیم کی از سر نو تنظیم کی تجویز

(بسلسلہ صفحہ اول)

عراق ریلوے

مکہ معظمہ کو جاتے ہوئے عراق کے مقامات مقدسہ کی زیارت کرو

بلاغ مبین

یعنی مکاتیب سید المرسلین

کے وہ خاص مضامین جن کے لحاظ سے وہ اپنے طرز کی بالکل نئی تصنیف ہے

پہلا حصہ ۱۔ تبلیغ اسلام کے سادہ اور مؤثر طریقے قرآن و حدیث کی تصریحات کی روشنی میں۔

۲۔ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کا تیئیس سالہ تبلیغی اسوۂ حسنہ یعنے حضور نے کس طرح اسلام کی تبلیغ کی۔

۳۔ موجودہ طریق تبلیغ یعنے مناظرہ وغیرہ بالکل غیر اسلامی اور خود ساختہ بلکہ مضر ہے۔

بسم اللہ الرحمن الرحیم

الجمعیۃ دہلی

یوم چہارشنبہ ۹ ذیقعدہ ۱۳۵۳ھ ہجری

"غیر اطمینان بخش، مایوس کن اور ناقابل قبول"

مجوزہ دستور کے متعلق اسمبلی کا فیصلہ

ہندوستان میں انگریزوں کی حکومت کا دارومدار اب صرف اس پر رہ گیا ہے کہ مختلف جماعتوں اور مختلف فرقوں کے درمیان افتراق و انشقاق پیدا کیا جائے اور اس سے فائدہ اٹھا کر کوئی متحدہ محاذ قائم نہ ہونے دیا جائے۔ چنانچہ اب تمام سیاست اسی نقطہ پر سمٹ کر آ گئی ہے کہ کسی نہ کسی طرح اختلافات کو بڑھایا جائے اور اپنا کام نکالا جائے۔ [illegible]

لئے جب تک کہ باہمی سمجھوتہ نہ ہو جائے قابل قبول ہے باقی تمام اسکیم دوبارہ غور و فکر کی محتاج ہے اور اس میں جب تک اہم تبدیلیاں نہ ہوں اور از سرنو ہندوستان کی رائے عامہ کو مطمئن کرنے کی کوشش نہ کی جائے اس وقت تک وہ ہندوستان قبول نہیں کر سکتا۔ اس طرح کمیونل ایوارڈ کے علاوہ تمام رپورٹ کی صریح مذمت کی گئی ہے۔ [illegible]

کانگریس جماعت کی معاملہ فہمی

[illegible]

تمام طبقوں کی متفقہ رائے

[illegible]

آئینی طریقوں کی انتہا

[illegible]

حضرت مولانا حبیب الرحمان صاحب کی آمد

حضرت مولانا حبیب الرحمان صاحب لدھیانوی صدر مجلس احرار ہند حضرت مولانا احمد سعید صاحب ناظم جمعیۃ علمائے ہند کی عیادت کے لئے کل دہلی تشریف لائے ہیں اور دفتر جمعیۃ علماء ہند میں قیام فرمایا ہے۔ آپ کا قیام ایک ہفتہ تک دہلی میں رہے گا۔ [illegible]

رائے شماری کا تجزیہ

گزشتہ چہارشنبہ کو اسمبلی میں دستور اساسی کے متعلق مختلف تجاویز پر جو رائے شماری ہوئی اس کا تجزیہ کئی اعتبارات سے دلچسپ اور نتیجہ خیز ہے۔ اور اس سے موجودہ اسمبلی میں مختلف جماعتوں کی حیثیت اور مختلف اراکین کے عواطف و امیال کا پتہ بھی چل جاتا ہے اور یہ بھی معلوم ہو جاتا ہے کہ اس اسمبلی کا طرز عمل بحیثیت مجموعی کیا رہے گا۔ اس سے قبل کہ ہم رفتار مسٹر جناح کی رائے شماری کے نتائج ظاہر کریں بہتر معلوم ہوتا ہے کہ اسمبلی کی آئینی ترکیب کو پہلے واضح کر دیں۔ اسمبلی کے کل اراکین کی ترکیب بلحاظ انتخاب و نامزدگی حسب ذیل ہے:۔

منتخب شدہ ہندوستانی اراکین	۹۷
" یورپین	۹
سرکاری ملازمین	۲۶
سرکاری نامزدہ	۱۳
	۱۴۵

اس طرح ہندوستان کے کل نمائندے صرف ۹۷ ہیں اور باقی ۹ یورپین ۲۶ سرکاری ملازمین اور ۱۳ سرکاری نامزدہ اراکین ملا کر ۴۸ اراکین کا گورنمنٹ بلاک بنتا ہے جو ہر معاملہ میں جو حکومت کیلئے اہمیت رکھتا ہو حکومت ہی کے ساتھ ووٹ دیتا ہے۔ اسلئے مختلف پارٹیوں کی جو کچھ تقسیم ہے وہ ۱۴۵ اراکین میں سے نہیں ہے بلکہ ۹۷ اراکین میں سے ہے۔

منتخب شدہ ۹۷ اراکین میں سے دو اراکین کی نشستیں اس وقت خالی پڑی ہوئی ہیں۔ ایک نشست مسٹر سرت بوس کی ہے جو بنگال میں قید ہیں اور دوسری سر عبداللہ سہروردی مرحوم کی ہے جن کی جگہ سے ابھی تک کوئی ضمنی انتخاب نہیں ہوا ہے اس لئے ۹۷ کی جگہ اسمبلی میں اس وقت منتخب شدہ اراکین ۹۵ ہی ہیں اور ان کی تقسیم مختلف تجاویز کی رائے شماری میں حسب ذیل طریق پر ہوئی تھی۔

مسٹر ڈیسائی نے کانگریس پارٹی کی طرف سے جو قرارداد پیش کی اس کے دو حصوں پر علیحدہ علیحدہ ووٹ لئے گئے۔ [illegible]

کیا جائے تو ۷۰ موافق اور ۲۷ مخالف آراء تھیں۔

مسٹر جناح کی تجویز کے اسی حصہ پر جو رائے شماری ہوئی اس میں منتخب شدہ اراکین کا تناسب اس سے بھی زیادہ نمایاں تھا۔ موافق ۷۴ آراء میں سے ۷۲ آراء منتخب شدہ اراکین کی تھیں اور مخالف ۵۸ آراء میں سے صرف ۱۲ آراء ۔۔۔ گورنمنٹ بلاک نکال کر منتخب شدہ اراکین کی تھیں۔ اس طرح منتخب اراکین میں سے سوائے مقابلہ میں ۷۲ آراء سے مسٹر جناح کی تجویز کامیاب ہوئی اور سارا گورنمنٹ بلاک مل جانے کے بعد بھی ۱۶ کی اکثریت باقی رہی۔

اس رائے شماری میں جناح کی طرف ۴۴ آراء کانگریس کی اور ۱۴ کانگریس پارٹی سے باہر کے ہندوؤں کی اور ۲۳ جناح کی پارٹی کی [illegible]

مسٹر جناح کی قرارداد کے خلاف رائے دینے والوں میں سیٹھ عبداللہ ہارون، سر محمد یعقوب، [illegible]

[illegible]

شذرات

ایک دلآزار تصویر

بمبئی کرانیکل کے سنڈے ایڈیشن کی تازہ اشاعت مورخہ ۱۰ فروری میں صفحہ اول پر ایک تصویر شائع کی گئی ہے جسے دیکھ کر ہمیں انتہائی افسوس ہوا اور ہم یقین کرتے ہیں کہ اس تصویر کی اشاعت سے ہندوستان کے مسلمانوں میں ہر جگہ سخت نفرت و حقارت کے جذبات مشتعل ہو جائیں گے۔ [illegible]

مولانا شوکت علی صاحب کا طرز عمل

مسلم یونٹی بورڈ نے اپنے مینی فیسٹو میں نہایت واضح طور پر یہ رائے ظاہر کر دی تھی کہ بورڈ کے جو نمائندے اسمبلی میں جائیں گے وہ کمیونل ایوارڈ کو اس وقت تک کے لئے منظور رکھیں گے جب تک کہ کوئی سمجھوتہ نہ ہو جائے۔ [illegible]

حوادث و احکام

استفتاء

کیا فرماتے ہیں علمائے دین و مفتیان شرع متین اس مسئلہ کے بارے میں کہ کسی شخص کا بہ نیت فساد و فتنہ ۔۔۔ [illegible]

اس کا جواب نصوص قرآن کریم و احادیث مصطفوی و فقہ ائمہ مجتہدین اہل سنت والجماعت کی رو سے عنایت فرمایا جائے۔

الجواب

اس شخص مرقوم کا یہ فعل بوجوہ کثیرہ کے خلاف شرع و ناجائز ہے۔ [illegible] اذا خرج الامام فلا صلوٰۃ ولا کلام [illegible] واللہ اعلم

حبیب المرسلین عفی عنہ
نائب مفتی مدرسہ امینیہ دہلی

دارالحکومت

محترمہ خالدہ خانم کا آخری لیکچر
بعض اعتراضات کے جوابات

دہلی ۱۰ فروری۔ کل رات ترکی کی مشہور افسانہ نویس محترمہ خالدہ خانم نے جامعہ ملیہ میں اپنا آخری لیکچر دیا۔ ڈاکٹر انصاری ۔۔۔ صدر تھے۔ محترمہ خالدہ خانم نے اپنے سابقہ لیکچروں پر اعتراضات کا جواب دیتے ہوئے اس آرٹیکل کا حوالہ دیا جو سر محمد اقبال نے سول اینڈ ملٹری گزٹ میں لکھا ہے۔ حاضرین میں ڈاکٹر انصاری، مسز سروجنی نائیڈو، ۔۔۔ اور بیگم محمد علی کے نام قابل ذکر ہیں۔ [illegible]

مسجد شاہ گل میں علماء کا اجتماع

[illegible]

موٹر ڈرائیور جل کر ہلاک ہو گیا

[illegible]

دہلی میں ہفتہ کے اندر ۲۱۵ اموات

[illegible]

استفادات

شرح غزلیات نظیری

[illegible]

حضرت مولانا احمد سعید صاحب کی صحت

[illegible]

دفتر پیشوا کی تبدیلی

دہلی اور بیرون دہلی کے احباب کو اطلاع دی جاتی ہے کہ پیشوا کا دفتر کوچہ چیلان سے منتقل ہو گیا ہے۔ اب نیا دفتر زیر جامع مسجد (شمالی دروازہ) قائم کیا گیا ہے۔
عزیز حسن بقائی مالک و ایڈیٹر پیشوا جامع مسجد دہلی

ریلوے اسٹیشن پر مقتول آدمی کا سر

[illegible]

بہاولپور کے تاریخی مقدمہ کا فیصلہ
مرزائی اسلام کی رو سے کافر ہیں

[illegible]

صدر کانگریس اور مسٹر جناح میں اہم گفتگو

[illegible]

بندوق کی لڑائی سے دو ہلاک

[illegible]

جرمنی کا دوبارہ مسلح ہونا بحالی امن کیلئے ضروری ہے
تلوار کو ہاتھ سے چھوڑ کر امن قائم نہیں کیا جا سکتا
جنرل گوئرنگ کا دیگر حکومتوں کو انتباہ

ڈرسڈن ۱۰ فروری۔ کل جنرل گوئرنگ نے سرکاری طور پر تقریر کرتے ہوئے اپنے اس عقیدہ اور نظریہ کا اعلان کیا کہ جرمنی کی دوبارہ اسلحہ بندی امن و امان کی ضامن ہے۔ [illegible] اگر تلوار کو ہاتھ سے چھوڑ دیا جائے تو امن و امان کو بھی خیرباد کہنا پڑے گا۔ [illegible]

برلن ۱۰ فروری۔ گزشتہ سال دو اشخاص کو عدالت سے اس الزام میں سزائے موت دی گئی تھی کہ انہوں نے فوج کی خفیہ باتوں کا افشاء کر دیا تھا۔ [illegible]

اسمبلی میں بیکاروں کی امداد کی تجویز
کام کرنے کے اوقات کا تعین

[illegible]

حکومت سے مسٹر شاستری کی اپیل
درجہ نوآبادیات کا لفظ شامل کیا جائے

[illegible]

ایک دولتمند مسلمان کا بیدردانہ قتل

[illegible]

تین ماہ میں ۵۰ ہزار انسانوں کی موت

[illegible]

خطاب پانے والوں کو زبردست بشارت

[illegible]

کراچی کے ایک سیٹھ کو قتل کی دھمکی

[illegible]

سارے خارج شدہ بالشویکوں کا نیا گھر

[illegible]

دیہاتی صنعتی سکیم کو کچلنے کے منصوبے
دارالعوام میں وزیر ہند کا جواب

لندن ۹ فروری۔ دارالعوام میں ۔۔۔ نے سر سیموئیل ہور کی توجہ موم ممبر کی اس تقریر کی جانب مبذول کرائی جو آپ نے اسمبلی میں دیہاتی صنعتی سکیم کے متعلق کی تھی اور کہا تھا کہ دیہاتی صنعتی ایسوسی ایشن کا مقصد عوام میں تنظیم قائم کرنا ہے تاکہ بعد ازاں انہیں سیاسی مقاصد کے لئے استعمال کیا جا سکے۔ آپ نے سر ہور سے پوچھا کہ حکومت ہند اس انجمن کے خلاف جو اقتصادی پردے کے پیچھے کام کرنا چاہتی ہے کیا کارروائی کر رہی ہے۔ سر ہور نے جواب دیا کہ حکومت ہند نے ایک سرکلر جاری کرنا ضروری سمجھا جس میں ایسوسی ایشن کے امکانی سیاسی خطرات ظاہر کئے گئے۔ اس سے معلوم ہوتا ہے کہ حکومت ہند ان امکانات کے متعلق کافی چوکنی ہے اور جانتی ہے کہ یہ تحریک تخریبی کاموں کے لئے استعمال کی جائے گی۔ اس لئے جب کبھی ضرورت پڑے گی تو اس کے خلاف ضروری کارروائی کی جائے گی۔

وزیر اعظم برطانیہ کی "بلیغ" تقریر
جبر کی نسبت ہندوستان کو آزادی دینا آسان ہے

لندن ۹ فروری۔ "اگر تم ہندوستانی باشندوں کی وفاداری اور ان کے اعتماد کو قائم رکھنا چاہتے ہو تو تمہیں ان کے ساتھ آئینی اور ہمدردی آمیز سلوک کرنا چاہئے۔" ان الفاظ میں مسٹر ریمزے میکڈانلڈ نے ۔۔۔ میں تقریر کرتے ہوئے برطانوی سیاست دانوں سے اپیل کی۔

آپ نے کہا یہ ہماری بیوقوفی اور نادانی ہوگا کہ ہم انہیں تعلیم دینے کے بعد اپنی پشت موڑ لیں۔ اور انہیں زبردستی انگریزی اقتدار کے ماتحت رکھیں۔

وزیر اعظم نے کہا کہ ہم ایسا نہیں کر سکتے۔ یہ ممکن ہے کہ آگے چلنے میں خطرہ ہو۔ لیکن جبر و تشدد اور قبضہ و غلبہ کی نسبت زیادہ آزادی دینے کا خطرہ کم ہے میں تو غلبہ کے خطرہ کی نسبت آزادی کے خطرہ کو ترجیح دوں گا۔

آرچ بشپ کی دعا
ہند و برطانیہ کے تعلقات مضبوط ہو جائیں

لندن ۹ فروری۔ آرچ بشپ آف کنٹربری نے ٹائمز کو ایک خط لکھا ہے جس میں انہوں نے ہندوستانی مسائل کی تفہیم کے لئے دعا کی ہے۔ [illegible] اس وقت ہندوستان اور برطانیہ کے تعلقات میں بھی خدا کا کوئی خاص راز مخفی ہے۔ [illegible] اور ان دونوں ممالک کے درمیان محبت اور ایک دوسرے کو سمجھنے کا سلسلہ استوار ہو جائے۔

روس میں ریل گاڑیوں کا تصادم
۱۸ اشخاص ہلاک اور متعدد زخمی

ماسکو ۹ فروری۔ ۔۔۔ ماسکو سے ۵۰ میل پرے ۔۔۔ کے نزدیک ریلوں کے تصادم کے ہولناک حادثہ کی اطلاع دی ہے۔ [illegible] اس حادثہ کے باعث ۱۸ اشخاص ہلاک ہو گئے اور ۔۔۔ زخمی ہوئے ہیں۔ [illegible]

برطانیہ کے خلاف تحریک ملامت

[illegible]

روس میں سیاسی اصلاحات

[illegible]

آسٹریا میں بغاوت کا امکان

[illegible]

لندن کے ہوٹل میں ہندوستانیوں کی توہین

[illegible]

معلم بل کے خلاف شدید احتجاج
مسلمانان نجیب آباد کا نمائندہ فیصلہ

مسئلہ کی اہمیت کو مدنظر رکھکر جامع مسجد نجیب آباد میں آج خطبۂ جمعہ سے پیشتر مندرجہ ذیل ریزولیوشن کئی ہزار مسلمانوں نے جو نماز جمعہ کی ادائیگی کے لئے شہر و مضافات سے جمع ہوئے تھے انتہائی جوش و خروش کے ساتھ متفقہ طور پر پاس کیا۔ اس کے پاس ہونے کے بعد معاً خطبۂ جمعہ شروع ہوا۔

مسلمانان نجیب آباد کا یہ اجتماع عظیم گورنمنٹ ہند اور ممبران اسمبلی پر اس حقیقت کو بخوبی واضح کر دینا چاہتا ہے جیسا کہ پہلے بھی کئی سال ہوئے مسلمانان نجیب آباد اعلان کر چکے ہیں کہ فریضۂ حج کے متعلق حکومت ہند کی طرف سے کسی قسم کی مداخلت کو جو اس فریضہ کی ادائیگی میں ذرا بھی رکاوٹ کا موجب ہو سکے ہم سخت ناپسند کرتے ہیں اور اس کو مداخلت فی الدین کا مترادف سمجھتے ہیں۔ اب سنا جاتا ہے کہ معلمین حجاج کے متعلق مسودہ قانون جو معلم بل کے نام سے مشہور ہے اور جو کئی سال سے اسمبلی میں پیش ہو ہو کر ملتوی ہوتا چلا آ رہا ہے۔ پھر پیش ہونے والا ہے۔ اس کی مخالفت علمائے اسلام اور مسلم اخبارات مسلسل اور متفقہ طور پر کرتے رہے ہیں اور اس کو جزیرۃ العرب فریضۂ حج۔ خانہ کعبہ اور مذہب اسلام کی عظمت و حرمت کے خلاف اور مداخلت فی الدین ثابت کر چکے ہیں۔ مسلمانوں کے اس متفقہ احتجاج کے باوجود اس معلم بل کے پھر اسمبلی میں پیش ہونے کو مسلمان ایک خطرۂ عظیم تصور کرتے ہیں۔ لہذا ہم مسلمانوں کا متفقہ مطالبہ یہ ہے کہ اس معلم بل کو نیست و نابود اور اس کے اسمبلی میں پیش کرنے اور قانون بنانے کے خیال کو قطعاً ترک کر دیا جائے۔ ایک سرکاری کمیونک کے ذریعہ مسلمانوں کو اطمینان دلایا جائے کہ کسی معلم بل کے قانون بننے کا کوئی امکان نہیں رہا۔ اور اگر خدانخواستہ یہ مسودہ قانون اسمبلی میں پیش ہی ہو تو خصوصیت سے تمام مسلم ممبروں کا فرض ہے کہ وہ متفقہ طور پر سب کے سب اس کی سخت سے سخت مخالفت کریں اور اس مسودہ کے اسمبلی میں پیش ہونے کے وقت نہ اسمبلی سے غیر حاضر ہوں اور نہ خاموشی و غیر جانبداری اختیار کریں ورنہ قوم و ملت کے مجرم اور عند اللہ گنہگار ہوں گے۔"

(نامہ نگار)

چرچل کے صاحبزادے کو شکست

لندن ۸ فروری کل پارلیمنٹ کے ویورٹری کے ضمنی انتخاب کا نتیجہ شائع ہو گیا بڑے چرچل کے بیٹے چھوٹے چرچل یعنی مسٹر رنڈولف چرچل نے ہندوستان کو جدید اصلاحات دینے کی مخالفت کرکے رائے دہندگان سے انہیں منتخب کرنے کی اپیل کی تھی لیکن چھوٹے چرچل کو تقریباً پانچ ہزار ووٹوں سے زبردست شکست کھانی پڑی۔ اور ان کے مقابلہ پر مسٹر کلیری (مزدور پارٹی کا نمائندہ) ۱۱۶۹۵ ووٹوں سے کامیاب ہو گیا۔

اسمبلی میں کمیونل ایوارڈ منظور
مسٹر جناح کی تینوں ترمیمیں پاس ہوگئیں
پارلیمنٹری رپورٹ پر بحث کا نتیجہ

جائنٹ پارلیمنٹری کمیٹی کی رپورٹ پر اسمبلی میں ۴، ۶، اور ۷ فروری کو مباحثہ ہوا پرسوں آخری دن رائے شماری ہوئی۔ مباحثہ کا نتیجہ یہ ہوا کہ کانگرس پارٹی کی تجویز جس میں کمیونل ایوارڈ پر غیر جانبداری کا اور اصلاحات ہند کو ناپسندیدگی کے ساتھ اسے قبول کرنے سے انکار کا اظہار کیا تھا نامنظور ہوگئی اور اس کے مقابلہ میں مسٹر جناح کی تجویز کے تین حصے تھے پہلا حصہ کمیونل ایوارڈ کے متعلق تھا دوسرا صوبوں کی خود مختاری اور تیسرا فیڈریشن مسٹر جناح کی تحریک پر پہلے حصہ پر الگ رائے شماری کی گئی اور دوسرے تیسرے پر الگ۔

کیمونل ایوارڈ کے متعلق مسٹر جناح کی تجویز یہ تھی کہ جب تک باہم آپس میں کوئی فیصلہ نہ کریں کیمونل ایوارڈ قائم رہے گا اور اسے اسمبلی قبول کرتی ہے اس تجویز پر کانگریس غیر جانبدار رہی اور اس نے اسے منظور ہو جانے دیا اس تجویز کے حق میں ۶۸ ووٹ آئے اور مخالفت میں ۱۵ اس میں صرف ڈاکٹر خلیفہ کانگریسی شامل تھے۔

اس کے بعد مسٹر جناح کے دوسرے اور تیسرے حصوں پر رائے شماری لی گئی دوسرے حصہ کا مطلب یہ ہے کہ صوبجات میں خود مختاری کی جو اسکیم ہے وہ "بعید بالوس کن اور حد درجہ غیر اطمینان بخش ہے" اور اس میں گورنروں کے مخصوص اختیارات کو واضح کرکے یہ دکھایا گیا ہے کہ وہ محض فریب ہے تیسرے حصہ میں فیڈرل اسکیم کو برطانوی ہند کے باشندوں کے لئے ناقابل قبول قرار دیا گیا ہے۔ ان دونوں پر بیک وقت رائے لی گئی کانگریس پارٹی نے مسٹر جناح کی تائید میں ووٹ دئے ووٹوں کی تعداد مسٹر جناح کی موافقت میں ۷۴۔ اور مخالفت میں ۵۸ تھی۔

مسٹر بھولا بھائی ڈیسائی (کانگریس) کی ترمیم کا پہلا حصہ آئینی اصلاحات کے متعلق تھا جس میں گورنر جنرل باجلاس کونسل سے سفارش کی گئی تھی کہ مجوزہ اسکیم ملک کے لئے ناقابل قبول ہے اس لئے اس کی بنیاد پر کوئی دستور نہ بنایا جائے۔ اس کے حق میں ۷۰۔ اور مخالفت میں ۶۲ ووٹ آئے۔

دوسرا حصہ جو کمیونل ایوارڈ کے متعلق تھا اس کے حق میں صرف کانگریس نے رائے دی۔ چنانچہ وہ ۴۴ کے مقابلہ میں ۸۴ سے مسترد ہو گئی۔

اسمبلی میں کانگریس کی اخلاقی فتح
دہلی میں رپورٹ کے خلاف مظاہرہ

دہلی ۸ فروری۔ مقامی کانگریس کمیٹی کے زیر اہتمام آج ایک عام جلسہ زیر صدارت مسٹر عارف ہسوی منعقد ہوا۔ ممبران اسمبلی میں سے کئی اصحاب جلسہ میں موجود تھے۔ ۶ بجے کے بعد جلسہ شروع ہوا۔ ڈاکٹر پٹابھی سیتا رامیہ نے بتایا کہ

اسمبلی کا اجلاس ۶ بجے ختم ہوا اس وجہ سے ممبران اسمبلی بہت کم تعداد میں آئے۔

سیٹھ گوبند داس ایم۔ ایل۔ اے نے کہا کہ آپ اسمبلی کے فیصلہ کے لئے بیقراری سے منتظر ہوں گے۔ جوائنٹ پارلیمنٹری کمیٹی کی رپورٹ پر مسٹر جناح کی ترمیم پاس ہوئی جو کچھ اسمبلی میں ہوا اس سے ہمیں واسطہ نہیں ہمارا مقصد یہ تھا کہ سرکار کی تجویز پاس نہ ہو۔

مسٹر فرید الحق انصاری نے کہا کہ مہربانی فرما کر اس تجویز کو سنا دیا جائے جس پر کانگریس نے رائے دی ہے۔ تجویز اور ترجمہ سنایا گیا۔

سلسلہ تقریر جاری رکھتے ہوئے آپ نے کہا کہ آپ کے ملک پر جو دستور عمل آنے والا ہے وہ اس سے بھی کہیں بدتر ہے۔ آج بھی ہم کو کسی قسم کی آزادی نہیں مگر آنے والا دستور عمل ہم کو اور بھی زیادہ جکڑ دیگا۔ وزراء کی رائے کے خلاف وائسرائے سب کچھ کر سکے گا۔ فوجی معاملوں اور خارجی معاملوں میں نیز ریاست کے معاملوں میں وزراء کا ہاتھ نہ ہو گا۔ مالیات پر وائسرائے کو پورا اختیار ہو گا۔ جلسہ میں لالہ شیام لال اور مسٹر ستیہ مورتی نے بھی تقریریں کیں۔

پارلیمنٹ نے اسمبلی کے فیصلہ کو ٹھکرا دیا
وزیر ہند کا اعلان۔ اسمبلی میں اظہار ناراضگی

لندن ۸ فروری۔ پارلیمنٹ کے ایک قدامت پسند ممبر نے دریافت کیا کہ ہندوستان کی اسمبلی نے ہندوستان و برطانوی تجارتی معاہدہ کے سلسلہ میں جو فیصلہ کیا ہے کیا اس پر وزیر ہند سر ہور نے غور کیا ہے اور کیا اس فیصلہ کے باعث پالیسی میں تبدیلی کرنے کا ارادہ ہے؟ سر ہور وزیر ہند نے جواباً کہا کہ حکومت نے فیصلہ کیا ہے کہ معاہدہ کو مسترد کرنے کی جو تجویز اسمبلی نے منظور کی ہے اسکو منظور نہ کیا جائے اسمبلی کے فیصلہ سے معاہدہ کے جواز پر کوئی اثر نہیں پڑا ہے اور نہ پالیسی میں کوئی تبدیلی کرنے کا ارادہ ہے۔

دہلی ۸ فروری۔ برطانوی ہندوستانی تجارتی معاہدہ کی فوری تنسیخ کے متعلق اسمبلی میں جو قرارداد منظور ہوئی تھی اس کے سلسلے میں مسٹر عبد اللطیف کا بانے حکومت کے خلاف اظہار ناراضگی کے لئے التواء اجلاس کی ایک قرارداد پیش کی ہے کہ حکومت نے اس تجویز کا احترام کیوں نہیں کیا خیال کیا جاتا ہے کہ تجویز پیش ہونے پر منظور ہو جائے گی۔

ہٹلر کی مطلق العنانی

برلن ۸ فروری۔ برلن کا ایک اخبار لکھتا ہے کہ ہر ہٹلر جرمنی میں بہت طاقت حاصل کر رہا ہے۔ جرمنی میں جملہ مخالفوں کا خاتمہ کر دیا ہے۔ اور اب اس کی پارٹی اس قدر مضبوط ہو گئی ہے کہ جسے نیچا دکھانا آسان کام نہیں۔ پریذیڈنٹ بننے کے بعد اس نے بہت سے اختیارات حاصل کر لئے ہیں اسے یہ اختیار بھی حاصل ہو گیا ہے کہ وہ اس آدمی کو معاف کر سکتا ہے جسے پھانسی کی سزا ہوئی ہو۔ وہ اپنے خاص اختیارات سے سیاسی قیدیوں کو بھی رہا کر سکتا ہے۔

فرانس کے اخبارات یہ لکھ رہے ہیں کہ ہٹلر جرمنی کا مطلق العنان بادشاہ بننا چاہتا ہے قیصر جرمنی کے خاندان کے اقتدار حاصل کرنے کی اب کوئی امید نہیں رہی۔

یوگوسلیویا کی پارلیمنٹ توڑ دی گئی

بلغراد ۸ فروری۔ مدبیو بادشاہ کی سفارش پر شہزادہ پال نے یوگوسلافیہ کی پارلیمنٹ توڑ دی ہے جس کی وجہ یہ بیان کی جاتی ہے کہ پارلیمنٹ عوام کی نمائندہ نہیں تھی۔

یوگوسلافیہ آئینی پارلیمنٹری بادشاہت ہے۔ تمام اختیارات قانون سازی بادشاہ کو تفویض ہیں بادشاہ کو پارلیمنٹ کے توڑنے ملتوی کرنے یا مدعو کرنے کا اختیار حاصل ہے۔

سر سکندر حیات خاں کے جانشین

نئی دہلی ۸ فروری۔ وائسرائے کے مکان سے آج حسب ذیل سرکاری اعلان شائع ہوا ہے:۔

"ملک معظم نے آنریبل کپتان خان بہادر سردار سکندر حیات خاں کے بی۔ ای کا گورنر پنجاب کی ایگزیکٹیو کونسل کی رکنیت سے استعفیٰ ۱۳ فروری ۱۹۳۵ء کی شام سے منظور فرمایا ہے اور ان کی جگہ خان بہادر نواب مظفر خاں سی۔ آئی۔ ای کی تقرری منظور فرمائی ہے۔

حب زرین

زرین اصولوں پر تیار کی ہوئی حب زرین۔ زرین خواص کی حامل ہیں چنانچہ مستقل طور پر قوت باہ کو حیرت انگیز اور قابل رشک بنانا بدن کی تمام طاقتوں کو اصلی معیار پر لانا اور ان کی محافظت کرنا جس سے جملہ اعضائے رئیسہ پوری طاقت حاصل کرکے بہت سے امراض کی مدافعت کرنے کے قابل ہو جاتے ہیں ان گولیوں کا مخصوص فعل ہے نیز گولیوں کے استعمال سے زیادہ عرصہ تک دماغی اور محنت کا کام کرنے کے بعد بھی تکان محسوس نہیں ہوتی ہر وزن میں بہت زیادہ بڑھ جاتی ہے ضعیف العمر شوہر نوجوان بیوی کے ساتھ پر کیف زندگی بسر کر سکتے ہیں۔ قبض کی شکایت رفع ہو جاتی ہے دودھ گھی اور مرغن غذائیں اچھی طرح ہضم ہونے لگتی ہیں۔ بھوک بڑھ جاتی ہے۔ عورتوں کے سیلان الرحم اور بانجھپن کے رفع کرنے میں بھی واحد چیز ہے۔

آپ ان گولیوں کو استعمال کرکے ضرور خوش ہونگے

"طبیب کامل" حکیم سید قاسم حسین صاحب سند و تمغہ یافتہ طبیہ کالج دہلی کی سو فی صدی کامیاب گولیاں ہیں جن کا اعلان اشتہاری غرض سے نہیں بلکہ صرف رفاہ عام کے لئے کیا گیا ہے۔

۴۰ گولیوں کی قیمت علاوہ محصولڈاک صرف چار روپیہ ایک شخص کیلئے بالکل کافی ہیں

منیجر دواخانہ کنز المجربات کوچہ چیلان گلی اجان دہلی سے طلب فرمائیں

۱۹۳۵ء ۱۹۳۵ء

تار کا پتہ "میڈیسنز دہلی" ٹیلیفون نمبر ۵۵۶۶

گن منی

کا خاص تحفہ

طاقت کی بے مثل سنہری گولیاں

مسیح الملک حکیم محمد احمد خاں صاحب کا عطیہ سفر یورپ کے بعد

چالیس گولیاں سات روپیہ

ہندوستانی دواخانہ (جس کو حکیم اجمل خاں نے ۱۹۰۵ء میں بنایا) دہلی پوسٹ بکس ۲۲

روس کے انسانیت سوز مظالم
پردہ ڈالنے کی ناکام سعی

میرے بعض احباب نے سیرت نبی لاہور کے واحد ارگن "ایمان" مؤرخہ ۹ دسمبر ۱۹۳۴ء کے ایک مضمون کی جانب توجہ دلائی ہے جو روسی مسلمانوں کے صحیح حالات کے عنوان سے شائع ہوا ہے اور حالات مذکورہ کو امیر شکیب ارسلان کے مشاہدات سے تعبیر کیا گیا ہے مجھے یا میرے کسی ہاجر بھائی کو امیر صاحب مذکور سے کوئی پرخاش نہیں ہے اور نہ ایسی بزرگ ہستی سے اس قسم کے کذب و افترا کی تصدیق کی امید ہے بلکہ یہ محض روسی ایجنٹوں کا کذب و افتراء اور غلط پروپیگنڈا ہے اور مسلمانوں کو امیر صاحب کے نام سے مغالطہ میں ڈالنے کی ناکام سعی کی گئی ہے ورنہ آج دنیا میں کوئی فرد ایسا نہیں جو روس کے ظلم و عداوت سے ناواقف ہو شب کی گھٹا ٹوپ اندھیری میں کوئی شخص چراغ دکھلا کر رات کو دن ثابت کرنے میں کیونکر کامیاب ہو سکتا ہے۔

(امیر شکیب ارسلان نے اپنی کتاب حاضر عالم الاسلامی میں یہ مشاہدات لکھے ہیں اور ممدوح خود لینن سے ملاقی ہوئے تھے مگر یہ حالات ۱۹۲۳ء کے ہیں اور بالشویکی مظالم کا دور ۱۹۲۵ء سے شروع ہوتا ہے۔ الجمعیۃ)

کیا روس نے توحید کے علمبرداروں اور دین کے مقتدر ذمہ داروں کا صرف اس جرم میں کہ وہ لا الہ الا اللہ کے معلم اور مبلغ تھے قتل عام نہیں کیا اور اب نہیں کیا جا رہا ہے کیا قرآن پاک اور حدیث نبوی کی تعلیم و تعلم کو سرزمین بخارا و ترکستان وغیرہ در روس سے نیست و نابود نہیں کیا گیا کیا مدارس دینیہ مساجد اللہیہ کو سینما، مزدور خانوں اور گھوڑوں کے اصطبلوں میں تبدیل نہیں کیا گیا اور بعض کو مسمار کرکے باغات و سیرگاہیں نہیں بنایا گیا۔ کیا لاکھوں فرزندان اسلام آج دیگر ممالک میں روسی خونخوار درندوں ایمان و مال کے لٹیروں کے خوف سے ہجرت کرکے بے خان و مان نہیں پھر رہے ہیں سرزمین ہند، ایران، ترکستان، افغانستان۔ جرمن جاپان، کونسا ملک ہے جہاں یہ مصیبت زدہ مہاجر کثیر تعداد میں موجود نہیں یہ یاد رہے کہ مظلوم مسلمانوں کا خون بغیر رنگ لائے نہ رہے گا خدا نے مظلوم کی آہ میں بڑا اثر رکھا ہے۔

بترس از آہ مظلوماں کہ ہنگام دعا کردن
اجابت از در حق بہر استقبال می آید

تواریخ عالم کے صفحات سے مظلوم مسلمانوں کا خون قیامت تک زائل نہیں ہو سکتا۔ بالشویکی حکومت اپنی لامذہبیت اور دہریت سے مجبور ہے وہ کیونکر کسی دین یا ملت پر کسی کو قائم رہنے دے گی جس نے تمام دین کے مٹانے کا کر لیا ہے اور جو مساوات کا ڈھول پیٹ کر لوگوں کی جاگیروں اور ان کے خون پسینے کی کمائی کو ہڑپ کرنے میں بدرجہ کمال مشاق ہے مسلمان ہی نہیں بلکہ عیسائیوں یہودیوں کا بھی وہی حشر ہوا آج روسی سرزمین پر کوئی گرجا نہیں جسے حکومت نے مخالف ہو کر عبادت سے جبراً محروم نہ کر دیا ہو جس قدر مسلمان بخارا و ترکستان میں موجود ہیں وہ اپنے سینہ میں اسلام کو گدڑی کے لال کی طرح چھپائے ہوئے ہیں اسلام کا اظہار کرنا ان کے لئے

پیغام اجل کے مترادف ہے یہ وہ حقائق ہیں جو مجبوراً میرے رفتار پر کندہ ہیں اس دردکو ہم سے پوچھا جائے یا ان یتیم بچوں اور بیکس بیواؤں سے معلوم کیا جائے جن کے باپ اور شوہر محض مسلمان ہونے اور کلمۃ اللہ کی ترویج کے جرم میں موت کے گھاٹ اتار دئے گئے روسی ایجنٹوں اور کارکنوں نے سیاحوں کے دھوکہ دینے کا ایک نیا ڈھونگ رچایا ہے اسلامی شعائر کی خوشنما تصویر دکھلا کر ظاہری خاطر و مدارات کی ملمع سازی سے سیاحوں کی دلچسپی کرکے اپنی سفاکی پر پردہ ڈالتے ہیں اب ان چند مدارس مشہور کی جو شہر بخارا و سمرقند میں حکومت روس کے ہاتھوں برباد ہو چکے ہیں حالت ذیل میں درج کرتا ہوں۔

مدرسہ	شہر بخاری	طلبا	کیفیت موجودہ
مدرسہ	امیر	۲۷۰	اسکوٹ بنالیا گیا
″	ریگی	۲۰۰	اخبار خانہ بنا دیا گیا
″	مغات	۴۰۰	ضبط کر لیا گیا
″	جہار منار	۱۲۰	معطل کیا گیا
جامع مسجد و دیگر مساجد	″		کو بالکل بند کر دیا اور بعض کو مسمار کر دیا گیا

مدرسہ	شہر	طلبا سمرقند	کیفیت موجودہ
″	ناوکار	۳۰۰	مزدوروں کو اجرت پر دیدیا گیا
″	شیرداد	۲۰۰	″
″	مرزا الوغ بیگ	۲۰۰	″
″	شیبان خوان	۱۵۰	دہریت کا اسکول بنایا گیا
″	کمال خواجہ	۹۰	کلب
″	خارزم مخدوم	۵۰ قاری	حکام کی جائے اقامت بنا دیا گیا
مسجد خوش موش	عورتوں کے لئے دہریت کی تعلیم کا اسکول بنا دیا گیا		
″ خواجہ احرار	چھوٹے بچوں کے لئے		″
″ خضر	عورتوں کے لئے		″

یہ صرف دو شہروں کے مشہور مدارس و مساجد کے احوال ہیں دوسرے شہروں کے بھی انہیں پر قیاس کیجئے۔ شہر خوقند کے چھ عمدہ مدرسہ بالکل مسمار کر دئے گئے۔ شہر کولاب میں پانچ مدرسہ اور پانچ مسجدیں بالکل مسمار کر دی گئیں۔ تن ہمہ داغ داغ شد پنبہ کجا کجا نہم۔

(محمد یوسف بخاری رکن انجمن اتحاد بخارا و ترکستان مہاجرین دہلی)

مفت! مفت!!

گھر بیٹھے یا باقاعدہ تعلیم حاصل کرکے آیورویدک یونانی حکمت ہومیوپیتھک بایوکیمک کی سندات حاصل کرنے کا قاعدہ داخلہ کارڈ ڈال کر مفت طلب کرو۔

پرنسپل ورلڈ انڈین میڈیکل کالج انبالہ شہر

روسی حکام کے مظالم پر احتجاج کیا جائے

ڈاکٹر خالد شیلڈریک مسلم انجمنوں اور سوسائٹیوں کی خدمت میں گذارش کرتے ہیں کہ ہر جگہ میں مجالس عزا منعقد کی جائیں جن میں ان مجاہدین مقتولین کی یاد کو تازہ کیا جائے جو حال ہی میں سوویٹ کے حکام کے ہاتھوں شہید ہوئے، ریزولیوشن پاس کئے جائیں جن سوویٹ حکومت کے اس بیجا رویہ پر اظہار نفرت کیا جائے اور مسلمانان روس کے خیالات کی مکمل آزادی کا مطالبہ کیا جائے۔

فلپائن کا مسلمان مغرب میں

ہمارا نیا مسلمان بھائی مسٹر حمید جوان سینتیا ایگی خوش قسمت انسانوں میں سے ہے جو برقی تار کے ذریعہ سے ڈاکٹر شیلڈریک کا وعظ سنکر جو ڈاکٹر محمد صوفی نے منیلا کے اسٹیشن پر دیا تھا مشرف ہوئے تھے اور کیہ کے راستے انگلستان کو جا رہا ہے، مسلمانان امریکہ مسٹر حمید کا پرجوش استقبال کریں بعدہ مسٹر موصوف نیویارک سے لیورپول تک جہاز کی سفر کرکے سیدھے ویسٹرن اسلامک ایسوسی ایشن کے ہیڈکوارٹرز میں تشریف لے جائیں گے۔

دو یورپین آغوش اسلام میں

مسٹر الیفرڈ ڈبلیو سٹین سیوپ ویسٹرن اسلامک ایسوسی ایشن میں اپنے مسلمان ہونے کا اعلان کیا۔ مسٹر غازی شیلڈریک۔ مسٹر محمود مسٹر گرب اور مسٹر لپیر مسلمانان کارڈف اور ریاض کے جلسے میں تقریر کی اس موقعہ پر ایک پاکستانی عورت نے مسلمان ہونے کا اعلان کیا۔

آج تک نہ کسی کو ملا نہ کسی نے سنا
آٹو کے ہمراہ خاص انعامات صرف ۵ روپیہ میں



آٹو وزبا ہنا کا قطرہ ۴۸ گھنٹہ تک دل کو فرحت دیتا ہے اور دماغ کو ٹھنڈا رکھتا ہے اس کو شہرت دینے کے لئے ۱۲ شیشی کمیشن صرف ۵ روپیہ میں خریدنے والے کو ایک ٹی سٹ چاندی سونے کا ایک خوبصورت الفنٹ پاکٹ واچ معہ چین ایک ڈائمنڈ قائم جیس درست وقت دینے کی گارنٹی دس سال اور ایک اعلیٰ جنتیبیع مومیوں کی مالا انعام میں دیجاتی ہے پیکنگ و پوسٹیج علاوہ ناپسند ہونے پر قیمت واپس۔

انٹرنیشنل ٹریڈنگ کمپنی پوسٹ بکس نمبر ۲۰۲ کلکتہ سیکشن ۸۰.D

طبیہ کالج دہلی کا یوم تقسیم اسناد

آیورویدک اینڈ یونانی طبیہ کالج دہلی نے فیصلہ کیا ہے کہ وہ اپنا یوم تقسیم اسناد ۱۷ فروری کو ۳ بجے سہ پہر ڈاکٹر ڈاکٹر انصاری کے وسیع میدان میں منائے متعلقہ حضرات کو شرکت کی دعوت ہے۔

سرحد کے وہابیوں میں اختلاف

سرحدی علاقہ کے وہابیوں کے درمیان مولوی محمد بشیر صاحب کی شہادت کی وجہ سے اختلاف ہو گیا ہے ان میں ایک جماعت وہ ہے جس نے حضرت مجاہد فی سبیل اللہ مولانا اسمٰعیل شہید کا زیر سرکردگی سکھوں کی طاقت کو توڑا تھا۔ دوسری جماعت چمرقند کی ہے جو جنگ عظیم کے دوران میں منظم ہوئی تھی۔

ایک ہندو سیٹھ کی سخاوت

کلکتہ ۵ فروری سیٹھ جگل کشور برلا نے بنگال بدھ ایسوسی ایشن کو ۵۰۰۰ روپیہ کا عطیہ دیا ہے۔

بچوں والو ہوشیار

بچوں کی بخار کھانسی، سردی، بادی، دودھ ڈالنا، دست ہرا دست میں کیڑے نکلنا، مرگی ہچکی، قبض مروڑ وغیرہ ہر ایک بیماری کو دور کرنے اور لاغر و کمزور بچوں کو موٹا تازہ طاقتور بنانے کے لئے حکیم تلسی پرشاد اگروال کی گورنمنٹ ہند سے رجسٹری کی گئی

بال جیون گھٹی (رجسٹرڈ)

سارے ہندوستان میں مشہور ہے میٹھا ہونے سے بچے اسکو خوشی خوشی پی لیتے ہیں۔ سب جگہ سوداگروں کے یہاں فروخت ہوتی ہے لیکن نقلی سے بچو حکیم تلسی پرشاد کی اصلی بال جیون گھٹی دیکھ کر لو، قیمت فی شیشی ۵ فیصد جن کا محصول ایک سے چار شیشی تک ۸ در جن ۱۲ سوداگروں اور ایجنٹوں کو نہایت ہی معقول کمیشن نئے سوداگر و ایجنٹ نمونہ مفت طلب کریں

مفت نمونہ کے لئے ۱ آنہ کا ٹکٹ بھیجیں۔ ہر بیماری کا مجرب علاج بتانیوالا رسالہ چراغ صحت مفت بھیجا جاویگا۔

پتہ منیجر بال جیون کاریالیہ علی گڑھ شہر (یوپی)

حضرت مولانا الحاج حافظ احمد سعید صاحب کی
تقریر سیرت

حضرت سحبان الہند مولانا الحاج حافظ احمد سعید صاحب ناظم جمعیۃ علمائے ہند کی وہ بصیرت افروز شریعت آموز تقریر جو ممدوح نے سنہ ۱۹۳۴ء کے جلسہ سیرت میں ارشاد فرمائی تھی اور جس کو بعد میں مزید تفصیل و تشریح کے ساتھ مرتب و مدون کرکے الجمعیۃ میں جزو جزو شائع کیا گیا تھا جس کی الجمعیۃ کے مسلسل پیہم اصرار پر کتابی شکل میں ادارۃ الجمعیۃ کی جانب سے شائع کی جا رہی ہے اور اس کے ساتھ وہ آخری حصہ بھی شامل کر دیا ہے۔ جو الجمعیۃ میں درج نہ کیا جا سکا تھا جن حضرات نے اس تقریر کا شائع شدہ حصہ شروع سے آخر تک ملاحظہ فرمایا ہے۔ ان کو تو ضرور یہ اندازہ ہو گیا ہو گا کہ رموز و معارف شریعت کا علم حاصل کرنے اور نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم کی سیرت مقدسہ کے متعلق ایک بے نظیر و بے عدیل مجموعۂ معلومات سے بہرہ اندوز ہونے کے لئے اس کتاب کی قدر و منزلت کیا ہو سکتی ہے لیکن ان حضرات کے لئے جو اس پورے سلسلہ کا مطالعہ نہیں کر سکے ہیں یا جنہوں نے یہ اعلان پہلی مرتبہ دیکھا ہے اتنا عرض کر دینا ضروری ہے کہ حضرت مولانا کی یہ تقریر اپنی بے شمار خصوصیات کے اعتبار سے ایک عجیب و نادر مجموعہ ہے جو نہ صرف موجودہ دور میں بلکہ آئندہ نسلوں کے لئے بھی یادگار رہے گا۔ شریعت مقدسہ کے نہایت ادق مسائل و دشوار نکات اس طرح پیش کئے گئے ہیں کہ ہر عالم و عامی ان کو سمجھ سکتا ہے اور ان سے افادہ حاصل کر سکتا ہے۔ اس پر حضرت مولانا کی سلاست زبان اور روانی بیان نے وہ کام کیا ہے کہ مضامین کی دقت اور مسائل کی دشواری کے باوجود شروع سے لے کر آخر تک دلچسپی برابر قائم رہتی ہے ہندوستان کے مختلف شہروں اور قصبوں میں ہزاروں لاکھوں مسلمان ایسے ہوں گے جو حضرت مولانا کے مواعظ حسنہ سے مستفید ہو چکے ہیں اور ایک مرتبہ نہیں صدہا مرتبہ حضرت مولانا کی تقریریں سننے کے باوجود ہمیشہ اس کے مشتاق رہتے ہیں اور ایک مرتبہ پھر کہیں حضرت مولانا کی تقریر سننے کا اتفاق ہو ان تمام مسلمانوں کے لئے یہ مژدہ یقیناً جانفزا ہو گا کہ یہ "تقریر سیرت" جو اب شائع کی جا رہی ہے حضرت مولانا کی اکثر تقریروں کا لب لباب ہے اور اس میں سیرت کے متعلق بہت سے وہ مضامین جو حضرت مولانا اپنی مختلف تقریروں میں ارشاد فرمایا کرتے ہیں انداز بیان اور خوبی زبان کی تمام خصوصیتوں کے ساتھ جمع کر دئے گئے ہیں اور اس لئے اس کتاب کو اپنے پاس رکھنا یا اس کا مطالعہ کرنا حضرت مولانا کے مواعظ حسنہ سے ہر وقت بہرہ اندوز ہونے کے مترادف ہے "تقریر سیرت" میں جو مضامین زیر بحث آئے ہیں ان کے بعض عنوانات بطور نمونہ درج ذیل کئے جاتے ہیں تاکہ کتاب کی ہمہ گیری و وسعت کا کچھ اندازہ کیا جا سکے۔

مختصر فہرست مضامین

روحانی اور جسمانی تربیت	سب سے پہلی یونٹی کانفرنس	حضرت رابعہ بصریہ کا واقعہ	یوم میثاق کے دو اقرار نامے	پنجاب کا نوری فرقہ	بیسویں صدی کے نوجوان	سندھ کے پیر	سلب اختیار	توہین انبیاء کے مجرم	حضرت لوط اور ابراہیم علیہما السلام
عالم بالا کی خدمات	فضل حق کا معاملہ	حضرت ابراہیم بن ادہم	الست بربکم قالوا بلیٰ	رفاعہ کی بیوی کا قصہ	ترتیب قوانین	پست اقوام پر اسلام کا احسان	توبہ کی مسرت کا تصور	انبیاء میں تفاوت	قوم لوط اور فرشتے
مسلمانوں کے تیوہار	ہندوؤں اور مسلمانوں کا فرق	انبیاء اور حکماء کا فرق	لفظ رب کی عمومیت	حلالہ کا حکم	بیوہ کے ساتھ ظلم	رسم و رواج کی پابندی	اہل دل کا فقدان	حضرت امام الحرمین کا واقعہ	حضرت لوط کی لغزش
عید الاضحیٰ اور عید الفطر	صلح حدیبیہ	اندھوں کا ہاتھی	حضرت یوسف علیہ السلام کا جیل	جاہل پیروں سے سوال	قوانین اسلام کی ہمہ گیری	معجزات کی بحث	مخلوق کی اقسام	حدیث سے استدلال	حضرت لوط اور یوسف کی شرکت
عالم سفلی کے سحرات	عالم برزخ کے واقعات	نبی کریم کے مشاہدات	معافی دستور	مستقبل کی تاریخ	رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کا قانون	مکان کے کونے کا آخری پتھر	گناہ کی صلاحیت و عدم صلاحیت	ذکر الٰہی موجب نجات ہے	اویٰ الی رکن شدید
دفن میں تعجیل	عالم برزخ کی ایک اطلاع	دنیا کی تاریخ	حضرت یوسف علیہ السلام کے ہمراہی	قبروں سے اٹھنا	سیدنا عیسیٰ علیہ السلام کا واقعہ	ملت ابراہیمی کا اتباع	شیاطین اور جنات	حضرت ذوالنون مصری کا واقعہ	حدیث شریف کا تیسرا ٹکڑا
کفار کا شبہ	برزخ کا دوسرا واقعہ	انبیاء علیہم السلام کی تاریخ	مشرکین اور اہل کتاب کا فرق	مسلمانوں سے حضرت حق کا پہلا خطاب	اسلامی قانون	نماز کی مثال۔ حج کی مثال	حضرت امیر معاویہ کا واقعہ	حضرت یونس کی معراج	والشمس کی سات قسمیں
اردو زبان کی تبدیلی	جاہل میلاد خواں	مادیات و روحانیات کا فرق	اہل کتاب اور اقرار ربوبیت	رب ایک معیار ہے	نوجوانوں سے سوال	حسد و حرص کی مثال	ختم نبوت کی تمثیل	نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم کا طریقہ تعلیم	صاحب اسرار الفاتحہ کا ایک واقعہ
روحانی اطبار	میلاد کا مقصد	اولاد آدم کی فرمائش	خواص کا اقرار نامہ	مسلمانوں کی موت یا لوری	ستی کی رسم	اچھی بری صحبت کی مثال	اہل عرب کی اصلاح	شیطان کی اتباع	سائل اور تائب کی تلاش
رسوم کا مفہوم	حضرت عمر فاروق کا مطالبہ	قرآن کا قرض ایکٹ	اہل کتاب سے شکایت	موت کے وقت کی لوری	دوسرا معجزہ	حضرت بایزید بسطامی رح کا واقعہ	انبیاء سابقین کا تذکرہ	شیطان کا فریب	روز حشر آخری نجات پانے والا
رفتار مراد رسول کا فرق	صائب کا واقعہ	حضرت داؤد و آدم ع کی سیاست	حضرت عمر رض کا واقعہ	حضرت ابراہیم ع کا واقعہ	جادو اور معجزہ کا فرق	مسرت حق کی مثال	حضرت عیسیٰ کی تمثیل	شیطان کا کورا جواب	حضرت لوط اور فرشتے
حکما کا متفقہ مسئلہ	الفاظ و اعمال کا صورت اختیار کرنا	حضرت داؤد ع کی لغزش	حضرت عیسیٰ ع کی تشریف آوری	حضرت عمر بن الخطاب کا واقعہ	نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم کا اعجاز	الدنیا سجن المؤمن وجنۃ الکافر	حضرت علی اور ایک یہودی کی گفتگو	ملائکہ اور شیاطین	سائل از رکنے میں کشمکش
نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم کا واقعہ	کافر کی قبر میں ننانوے سانپ	حضرت آدم کو ملائکہ کا سجدہ کرنا	متبعین غلام احمد قادیانی	حضرت امیر خسرو رحمۃ اللہ علیہ	سراجاً منیرا کی تفسیر	حدیث شریف کے دوسرے معنی	حیاء اور ایمان کا تعلق	قرآن کی قسمیں	قسموں کی مناسبت
ہجرت کا ایک واقعہ	نکیرین کا پہلا سوال	سجدہ یا حلف وفاداری	مرزا کا کچا چٹھا	حضرت بو علی قلندر رحمۃ اللہ علیہ	سیاست اور مذہب	قید خانے کی زندگی	اماطۃ الاذی کے معنی	حضور کی زندگی	مومن اور منافق کی مثال

پوری کتاب دو سو صفحات پر مشتمل ہے اور نہایت بہتر کتابت و طباعت کے ساتھ شائع کی جا رہی ہے اس کے باوجود قیمت علاوہ محصولڈاک صرف ایک روپیہ (عہ) رکھی گئی ہے تاکہ امیر و غریب سب حضرات مساوی فائدہ اٹھا سکیں۔

منیجر "الجمعیۃ" گلی قاسم جان۔ دہلی

رجسٹرڈ نمبر ایل ۱۷۹۳

يَدُ اللّٰهِ عَلَى الْجَمَاعَةِ

تار کا پتہ: "الجمعیۃ دہلی"
ٹیلیفون نمبر ۵۷۳۸

سہ روزہ الجمعیۃ دہلی

مدیر مسئول: ہلال احمد زبیری (بی اے) — معاون: محمد عثمان فارقلیط

جلد ۲۱ | دہلی یوم شنبہ ۱۲ ذیقعدہ ۱۳۵۳ ہجری مطابق ۱۶ فروری ۱۹۳۵ء | نمبر ۱۲

امریکہ کے تعلیم یافتہ سائنسداں اور مذہب

خدا اور حیات ابدی کا عقیدہ۔ دہریت اور لا مذہبی

کلیسائے عیسوی پر عقیدہ رکھنے والوں کی تعداد

اگرچہ کبھی کبھی بعض سائنسدانوں نے مذہب کے موافق یا مخالف اپنے خیالات کا اظہار صاف الفاظ میں کیا ہے، لیکن حال تک ان میں سے اکثر اشخاص کی رائے مذہبی عقائد سے متعلق معلوم نہ تھی۔ چونکہ آج کل ہر چیز سائنس کے معیار سے دیکھی جاتی ہے، اس لئے مذہبی عقائد کی صحت یا عدم صحت پر بھی سائنس ہی کے دور افتادہ سے فتویٰ طلب کیا گیا۔ چنانچہ امریکہ کے ایک پروفیسر جیمس لیوبا نے اپنے ملک کے سائنسدانوں کے مذہبی خیالات معلوم کرنا چاہے۔ ...

(۱) میں مرنے کے بعد دوسری دنیا میں ذات کے تسلسل کا معتقد ہوں۔
(۲) میں مذکورہ بالا تسلسل ذات کا قائل نہیں۔
(۳) میں اس مسئلہ کی نسبت کوئی خاص عقیدہ نہیں رکھتا۔

صرف (۳۰) فی صدی سائنسداں اس خدا کے قائل ہیں جس کی پرستش کلیسائے عیسوی میں ہوتی ہے۔ (۵۶) فیصدی منکر ہیں، اور (۱۴) فی صدی شبہ کرنے والے ہیں ... رکھنے والوں میں ان کا تناسب فی صدی سب سے زیادہ ہے اور جن کا تعلق ہو ...

معاصرین کے افکار و آراء

ہمارا ایمان اور ہمارا عمل

ہمارا دعویٰ ہے کہ ہم مسلمان ہیں۔ کتاب اللہ اور سنت رسول اللہ پر ہمارا ایمان ہے اور احکام شریعت ہماری رہنمائی کرتے ہیں، لیکن اس دعویٰ کی دلیل یہ ہے کہ ہمارا عمل نہ کتاب پر ہے نہ سنت پر ...

ماضی کی طرف

اگر آپ ترقی یافتہ ذہنیت کا بہ نظر غور ملاحظہ کر رہے ہیں تو آپ کو معلوم ہو گیا ہو گا کہ دنیا تہذیب جدید سے بیزار ہو کر پھر تہذیب قدیم کی طرف مائل ہے۔ ...

مسلمانوں کا سیاسی مطمح نظر

مولانا شفیع داؤدی کی خاموشی

اخبار الجمعیۃ کی توسیع اشاعت کے لئے سعی فرما کر اپنی علم نوازی اور مذہبیت کا ثبوت دیجئے۔ (منیجر الجمعیۃ دہلی)

پادری کی لڑکی کا قبول اسلام

اسپین کے ایک جلیل القدر پادری کی لڑکی نے جب اسلامی تعلیمات کا مقابلہ کیا اور مسلمانوں کے مذہب اور ان کے اعمال کو بغور دیکھا تو اس کے دل میں اسلام کی صداقت و حقانیت جاگزیں ہو گئی اور اس نے یہ فیصلہ کر لیا کہ حقیقتاً اسلام ہی وہ مذہب ہے جو دنیا اور آخرت میں نجات کا راستہ بتاتا ہے۔ ... اگر آپ کو گزشتہ عظمت و سطوت کا مطالعہ کرنا ہے اور عیسائیت کے مقابلہ میں اسلام کی حقانیت کے بے شمار دلائل سے واقفیت حاصل کرنے کا شوق ہے، اور آپ اس کتاب کے ذریعہ تبلیغ اسلام کا فریضہ ادا کرنا چاہتے ہیں تو فوراً طلب کیجئے۔ پہلا ایڈیشن قریب الختم ہے۔ اگر دیر ہوئی تو دوسرے ایڈیشن کا انتظار کرنا پڑے گا۔ قیمت فی جلد ۱۲/ علاوہ محصولڈاک۔ ... زائد جلدوں کے خریدار کو کمیشن فی صدی دیا جائے گا۔

ملنے کا پتہ: منیجر الجمعیۃ دہلی

Regd № L 1793.

The Jamiat

Vol. XXI № 11 — DELHI WEDNESDAY 13 FEBRUARY 1935. — PRICE ONE ANNA

نورانی قرآن مجید

نہایت صاف جلی اور نہایت صحیح قرآن شریف اگر درکار ہو تو نورانی قرآن مجید الجمعیۃ بک ایجنسی دہلی سے طلب فرمائیے۔ قیمت مجلد پارچہ عہ

پادری کی لڑکی کا قبول اسلام

اور اس کے حیرت انگیز کارنامے معلوم کرنے ہوں تو ملاحظہ کیجئے ... قیمت فی جلد ۱۲ علاوہ محصولڈاک

منیجر الجمعیۃ دہلی

میسور میں مساجد پر مہر غلامی

مسجدوں پر باجہ نہ بجانے کی شرط کا کتبہ

خدا کی وہ وسیع سرزمین جس کا نام میسور ہے اور جس میں چار لاکھ فرزندان توحید بستے ہیں، باوجود اپنی وسعتوں کے ان بندگان خدا پر تنگ ہو رہی ہے۔ اسلام اگر ہندوستان میں زندہ ہے تو صرف اس لئے کہ ابھی اس کے فرزندوں میں حرارت دینی و جذبۂ توحید موجود ہے۔ ...

ریاست میسور میں مسلمانوں کو مسجدیں تعمیر کرنے کی عام اجازت نہیں ہے۔ ...

مشن ہسپتال کے ایک ملازم کی فرعونیت

مسلم ظفر لیگ کا سالانہ جلسہ

مسلم ظفر لیگ کی مجلس عاملہ نے متفقہ طور پر اس بات کا فیصلہ کیا ہے کہ لیگ کا پہلا سالانہ اجلاس زیر صدارت حضرت ظفر الملت والدین مولانا ظفر علی خاں منعقد کیا جائے۔ ...

(محمد شفیع سکریٹری مسلم ظفر لیگ، گوجرانوالہ)

ڈاکٹر محمد مشتاق حسین صاحب کی براءۃ

محبوب عاشق کے قدموں پر

ہدیہ عمل تین روپے کے بجائے سوا روپیہ۔ اس عظیم رعایت سے فائدہ اٹھایئے۔ ...

ملنے کا پتہ: فضل شاہ عامل گلی راجان دہلی

حیرت انگیز و بے ضرر ایجاد — امساک کی گولیاں

ریشان سرعت خلوت سے ایک گھنٹہ پہلے ایک گولی استعمال کرنے سے جس قدر عرصہ تک مزاج چاہے لطف زندگی اٹھا سکتے ہیں۔ ... قیمت فی درجن صرف ڈیڑھ روپیہ۔

طلاء نشاط: امساک کی گولی کے ساتھ اس کا بیرونی استعمال ... کے لئے بے حد کیف آور ہے۔ قیمت فی شیشی کلاں ڈیڑھ روپیہ ...

منیجر نرو ٹیو فارمیسی (اے برانچ) بالمقابل مرکنٹائل بنک نزد فتحپوری دہلی DELHI

خضاب چھوڑ دو

اس تیل سے بال پکنا رک کر پکا بال کالا پیدا ہو۔ اگر ساٹھ برس تک کالا نہ رہے تو دو نا دام واپس کا شرط لکھا لیں۔ ... بکا تو للعہ (زنور روپیہ) کا تیل منگائیں۔

پتہ: بال کالا اسٹورس پوسٹ کنسی سمری (دربھنگہ)

اخبار الجمعیۃ میں اشتہار دیکر اپنی تجارت کو فروغ دیجئے!

صرف تین روپیہ میں چار گھڑیاں!!

ایک عدد اصلی جرمن ٹائم پیس۔ ایک عدد ڈبی پاکٹ واچ۔ دو عدد ڈبی رسٹ واچ

یہ گھڑیاں ہم نے خاص طور پر ولایت سے بڑی بھاری تعداد میں منگوائی ہیں۔ مضبوطی اور پائیداری کے لحاظ سے یہ گھڑیاں اپنی نظیر آپ ہیں۔ اپنی فرم کی سالگرہ کی خوشی میں ہم نے صرف دس ہزار گھڑیاں اس رعایتی قیمت پر فروخت کرنے کا فیصلہ کیا ہے۔ مقررہ مقدار کے ختم ہو جانے پر یہی گھڑیاں اپنی اصلی قیمت پر فروخت کی جاویں گی۔ اس لئے جلدی کریں ورنہ ایسے نادر موقع بار بار ہاتھ نہیں آیا کرتے۔ محصولڈاک ۸؍ علاوہ ہو گا۔

ملنے کا پتہ: منیجر جرمن کمرشل ایجنسی ۲۱۸ پٹھان کوٹ ضلع گورداسپور

ایک صد روپیہ نقد انعام

جو ہر طرف سے مایوس ہو چکے ہوں آخری مرتبہ ہمارا جنتر گوہر مراد منگا کر اپنے دل کی مراد کو حاصل کریں۔ اس کو اپنے پاس رکھ کر آپ اپنے دل میں جس کسی کا نام لیں گے، خواہ وہ کیسا ہی سنگدل مغرور اور سخت کلام کیوں نہ ہو، جہاں کہیں بھی ہو گا آپ سے ملنے کے لئے تڑپنے لگیگا ... سورج مشرق کی بجائے مغرب کی طرف سے نکل سکتا ہے مگر اس جنتر کا اثر خالی نہیں جا سکتا۔ معاوضہ صرف ایک روپیہ چار آنہ محصولڈاک علاوہ۔

دقوشٹ غلط ثابت کرنے والے کو ایک صد روپیہ نقد انعام دیا جاوے گا۔

ملنے کا پتہ: منیجر جرمن کمرشل ایجنسی ۱۰۵ پٹھان کوٹ ضلع گورداسپور (پنجاب)

حمائل شریف مترجم مع خلاصۃ التفاسیر

اس کے حرفوں کی خوشنمائی موتی کی آب سے دوبالا ہے، گویا ایک ماہر کے تراشے ہوئے نگینے ہیں جو موتی کی طرح روشن ہیں۔ ہر ایک بوڑھا، ہر ایک بچہ بآسانی پڑھ سکتا ہے۔ زیر متن ہندوستان کے سابق ماہر علم تفسیر حضرت مولانا شاہ رفیع الدین صاحب محدث دہلوی کا ترجمہ ہے ... بلا جلد دو روپے (عہ) محصول بذمہ خریدار۔

ملنے کا پتہ: منیجر اخبار الجمعیۃ گلی قاسم جان دہلی

مشہور و معروف دو ترجمہ والا معجز نما متوسط قرآن مجید مع کامل تفسیر

حیرت انگیز رعایتی اعلان

اس قرآن پاک کی ضخامت ایک ہزار صفحات ہیں۔ کاغذ سفید ولایتی نادرہ ہے ... پہلا ترجمہ حضرت مولانا شاہ رفیع الدین صاحب کا تحت اللفظ ہے، دوسرا ترجمہ حکیم الامت مولانا اشرف علی صاحب تھانوی کا بامحاورہ ہے ... سائز ۲۰×۲۶ صفحات ۹۲۸ رعایتی ہدیہ مجلد چرمی تین روپے، محصولڈاک عہ ...

منیجر اخبار الجمعیۃ گلی قاسم جان دہلی

جاپان میں اسلام کی ابتدا اور اُس کے نتائج

بعض وجوہ جو اسلام کی فوری ترقی میں حائل ہیں
بے بنیاد خبروں نے جاپانیوں کو آگ بگولہ کر دیا ہے

(نو مسلم انگریز ڈاکٹر خالد شیلڈرک کے قلم سے)

دوران سیاحت میں جاپان کے شہروں میں مختلف مذہب و ملت کے لوگوں نے ہماری مہمان نوازی کا پورا پورا حق ادا کیا جس سے مجھے بے انتہا فرحت حاصل ہوئی۔ اسی دوران میں مذہبی عنوان پر کافی گفتگو کرنے کا موقع ملا۔ آپ کو یہ ذہن نشین کر لینا چاہئے کہ شنٹو مذہب جاپان کا نیشنل مذہب ہے۔ جاپانی لوگ اپنے شہنشاہ کی پرستش مثل دیوتا کے کرتے ہیں اور اُس کو خدا کا بیٹا گردانتے ہیں ...

کہ مسلمانوں کے دلوں میں شہنشاہ کی ذات کی کوئی خاص قدر و منزلت نہیں ہے، اور وہ اُس کے بارے میں ان الفاظ کا استعمال اور جاپانی قوم کی حقارت جائز جانتے تھے یا یہ کہ اُن کے دلوں میں اس خیال کو جگہ دلا سکیں کہ وہ خود اپنی قوم کے عقائد کے خلاف دوسرے کے نظریہ کو نظر قبول سے دیکھتے ہیں۔ اپنے مذہب کو چھوڑ کر دوسرا مذہب اختیار کرنا پسند کرتے ہیں۔ میں ذاتی تجربہ سے اس بات کو یقینی طور سے کہہ سکتا ہوں کہ ان بے بنیاد باتوں کو ہر جگہ پھیلانے کے یہ معنی ہیں کہ ہر جاپانی کی طبیعت اسلام (ورنہ لبان اسلام) سے منحرف ہو جائے۔ میں سچے دل سے امید کرتا ہوں کہ مسلم مضمون نگار آئندہ ان خرافات کو نقل کرنے سے احتراز کریں گے۔

جاپان کے مسلمان اسلامی ادبیات کو انتہائی شوق سے انگریزی میں پڑھتے ہیں ...

... میں اپنے جاپانی بھائیوں سے توقع کرتا ہوں کہ وہ غیر مسلموں کے دلوں پر اسلام کی دلچسپیاں نقش کریں گے۔ اور اسلام کے نئے دور کے لئے شاہراہ طیار کریں گے لیکن میں نے اس کو ضروری خیال کیا کہ میں اپنے بھائیوں پر صحیح واقعات کا اظہار کر دوں تاکہ دوسرے ملکوں کے مسلمان غلط اور جھوٹی مضمون نگاروں کی باتوں سے گمراہ نہ ہو جائیں۔

کیا وہ چین کے مسلمانوں کے ربط و ضبط سے دائرہ اسلام میں آئے۔ آج کل ٹوکیو میں امام کر بنگلی کی زیر سرپرستی ایک بہترین اسکول ہے۔ امام موصوف پر مسلمانوں اور جاپانی حکام کو ہر طریقہ سے کامل بھروسہ اور کلی اطمینان ہے۔ میں نے ان طلبا کے سامنے انگریزی میں تقریر بھی کی کیونکہ انگریزی تعلیم تو ہر بچوں کو بھی دی جاتی ہے، جمعہ کے روز تمام پردے بند سے ہر جاپانی مکان مختلف کمروں میں منقسم ہوتا ہے ہٹا دئے جاتے ہیں اور امام کر بنگلی صاحب جمعہ کی نماز پڑھاتے ہیں، اُن کے مقتدیوں میں جاپانی، ترکی، تاتاری، مرد، عورت اور بچے سب شامل ہوتے ہیں۔ اسی اسکول سے وہ جاپانی اور ترکی زبان میں کافی اسلامی ادبی تصانیف نکالتے ہیں جو بالکل موجودہ اور نئے طرز کا ہے۔ اور کافی دور و دراز تک بھیجا جاتا ہے۔ شہر کوب میں جہاں پر بہت سے ہندوستانی اور تاتاری مسلمان بستے ہیں میاں رشمونی صاحب سب سے بڑے امام ہیں۔

جاپان میں اسلام کے مستقبل کی بابت میں نے اہل اسلام اور غیر مسلموں سے متعدد مرتبہ بحث کی جس سے معلوم ہوا کہ کچھ وجوہات ایسے ہیں جو بلا شبہ اسلام کی فوری ترقی میں حائل ہیں۔ اور میں انہیں صاف طور سے بیان کروں گا کسی نے جاپانیوں کو یہ خیال دلایا ہے کہ ان کو اسلام سیکھنے کے لئے پہلے عربی سیکھنے کی ضرورت ہے، اس پر بحث و مباحثہ شروع ہوا اور غیر مسلموں نے یہ طے کیا کہ اگر مذہب کو سیکھنے کے لئے غیر ملکی زبان کا سیکھنا اتنا ضروری ہے تو یہ بلا شبہ اظہر من الشمس ہے کہ ایسا مذہب لاکھوں جاپانیوں کے لئے جو اپنی زبان کے ماہر اور انگریزی بین الاقوام زبان میں بھی کافی مہارت رکھتے ہیں اُن کے لئے بیکار محض ہے۔ میں نے حتی الامکان اس خیال کو دور کرنے کی کوشش کی اور ذہن نشین کرایا کہ اس کا صرف یہ مطلب ہے کہ اسلامی لٹریچر عربی زبان میں بہت زیادہ ہے اور چونکہ یہ زبان مسلمانوں کی اشتراکی زبان ہے اس واسطے اُس کے پڑھنے سے زیادہ فائدہ ہوگا۔ اس کا یہ ہرگز مطلب نہیں کہ ابتدا میں جاپانیوں کو اسلام سیکھنے سے پیشتر غیر ملکی زبان کا سیکھنا ضروری ہے ...

دوسری چیز جو سو فی صدی جاپان میں اسلام کے لئے ضرر رساں ہوئی وہ کچھ مضامین ہیں جو ایسے شخصوں نے قلمبند کئے جو کبھی جاپان نہیں گئے، اور جاپانیوں کی ذہنیت سے قطعی نابلد رہے۔ یہ ظاہر کیا گیا تھا کہ جاپانی مذہب اسلام کو نظر انتظار سے دیکھ رہے ہیں اور وہ اپنے نیشنل مذہب کی بجائے اسلام کو اپنا مذہب بنانا چاہتے ہیں، اور یہ کہ اُن کا شہنشاہ جو دیوتا تصور کیا جاتا ہے مذہب اسلام قبول کر لیگا اور مسلمانوں کا خلیفہ بھی غالباً ہو جائے گا۔ ان تمام باتوں نے جاپانیوں کو آگ بگولہ کر دیا کیونکہ انہوں نے اس میں اپنے شہنشاہ اور قومی جذبات ...

عیسائیوں کی کتب مقدسہ پر جرمنی اخبار کا حملہ
بائبل کو مان کر کوئی جرمنی فاد ازاری نہیں ہو سکتا

جرمنی کے ایک نازی اخبار "ڈی چیز" دا کس کچھ پ فنگ" نے عیسائیوں کے مقدس صحیفہ بائبل (توریت، زبور، انجیل) پر سخت حملہ کیا ہے۔ وہ لکھتا ہے کہ اگر کوئی جرمنی اپنے تک یہ ایمان رکھتا ہے کہ نجات یہودیوں سے آتی ہے وہ اپنے اس عقیدہ پر قائم رہ سکتا ہے مگر وہ اس پر فخر نہیں کر سکتا کہ اس ایمان کے ساتھ وہ وفادار نازی بھی ہے۔

جو لوگ یہ سمجھتے ہیں کہ بائبل خدائے تعالے کا لاتبدیل اور غیر متغیر کلام ہے تو وہ ایسا خیال کرتے رہیں۔ لیکن ہمارا خیال ہے کہ بائبل صرف یہودیوں کے منافرانہ جذبات اور زنا بیت و خود پرستی کے لئے وقف ہے۔ ہم اس خیال اور ایمان کی سرکاری طور پر حمایت نہیں کر سکتے۔ (فری پریس کا مکتوب بذریعہ ڈاک مندرجہ انڈین ایکسپریس مورخہ ۹ فروری ۱۹۳۵ء)

۱۳۷ چینی مسلمانوں کا سفر حج

معلوم ہوا ہے کہ زیارت بیت اللہ اور فریضہ حج کی ادائیگی کیلئے امسال چینی مسلمان خاصی تعداد میں حجاز آئیں گے۔ چنانچہ چینی حاجیوں کا ایک دستہ جو ۱۳۷ افراد پر مشتمل ہے حجاز کے لئے کولمبو سے گزر ان حجاج میں ۱۸ چینی عورتیں بھی ہیں۔

سچا ہمدم و رہبر بے دام
پاک صاف خیالات پیدا کرکے جسمانی و روحانی صحت حاصل کرنے کے لئے و نیز دنیا میں بھی خوشی و سنتاب کے لئے کٹ آپ یہ کتاب ایک کارڈ بھیج کر ہم سے مفت طلب کریں ...
ویدشاستری۔ جام نگر کاٹھیاواڑ

عربی اور ترکی ڈاک

مشرق و مغرب کی تازہ خبریں

نجد اور دیگر مقامات میں کامل امن و سکون
حجاز کے دشمنوں کی ایک اور شرارت

بغداد کے جرائد بلاد۔ العالم العربی۔ اور استقلال نے فلسطین کے ایک مراسلہ نگار کا مقالہ شائع کیا ہے جس میں لکھا ہے کہ نجد۔ حائل اور جوف میں سخت انتشار و اضطراب پھیل گیا ہے۔ نجد کے ایک عالم نے "العالم العربی" میں اس افواہ کی پرزور دید کی ہے۔

موصوف نے لکھا ہے کہ میں حال ہی میں نجد سے آیا ہوں۔ اس لئے یقین کے ساتھ کہہ سکتا ہوں کہ نجدی مقامات میں بالکل سکون و اطمینان ہے اور اضطراب و پریشانی کا کوئی شمہ بھی وہاں پیدا نہیں ہوا ہے۔ تمام لوگ اپنے محبوب امام کے ظل عاطفت میں زندگی بسر کر رہے ہیں۔ اس قسم کی افواہیں ہر سال موسم حج پر اڑائی جاتی ہیں تاکہ زائرین بیت اللہ الحرام اپنے مبارک مقصد کو پورا نہ کر سکیں اور حجاج فریضہ حج سے محروم رہیں۔ رہا یہ امر کہ نجد میں اجتماع تو یہ حیرت کی کوئی بات نہیں ہے کیونکہ جب جلالۃ الملک سلطان ابن سعود حجاز سے واپس ہوتے ہیں تو ان کی خدمت میں اطراف و جوانب کے وفود آنے شروع ہو جاتے ہیں۔ یہ ہر سال کا معمول ہے جس پر تعجب کرنا جہالت ہے۔

معترضین کو معلوم ہونا چاہئے کہ حجاز و نجد میں شریعت کی حکومت ہے۔ اور ہر طرف کامل امن و امان کا دور دورہ ہے۔

فلسطین میں آباد ہونے کیلئے دنیا کے یہودیوں کو دعوت
یہودی اخبار کے نمائندوں کا جلسہ

بیت المقدس میں یہودی اخبار کے نمائندوں کی ایک مجلس منعقد ہوئی۔ جس میں مہاجرین یہود کے صدر نے تقریر کرتے ہوئے کہا۔ مہاجرین یہود کے جم غفیر کی آمد اور تمام اکناف عالم کے یہودیوں کی اس درخواست کی بنا پر کہ وہ فلسطین میں آنا چاہتے ہیں یہاں کی آبادی کی توسیع کی ضرورت ہے۔ نیز یہ کہ یہود کی یہ جماعت تمام یہودی اخبارات سے درخواست کرتی ہے کہ وہ سب اس موضوع پر قلم اٹھائیں اور حکومت فلسطین سے زیادہ سے زیادہ تعداد میں یہود کے داخلہ کی اجازت حاصل کی جائے۔

اس اجتماع کے دوسرے ہی روز تمام یہودی اخبارات نے اس خبر کو شائع کر دیا۔

مسجد ایا صوفیہ کی مرمت
آثار نبوی خاص محل میں منتقل کر دئے گئے

آج کل ترکی میں آثار قدیم کی مرمت اور تنظیم ہو رہی ہے جس کے باعث استنبول عنقریب آثار و اعمال کے اعتبار سے مشرقی شہروں میں ایک خاص درجہ حاصل کر لیگا۔ ترکی میں مسجد ایا صوفیہ عزالی آثار کا نمونہ ہے۔ اور جس کے بعض حصوں کی مرمت عنقریب ہونے والی ہے۔

مسجد ایا صوفیہ میں جو آثار نبوی محفوظ ہیں مثلاً سجادہ نبوی اور بال وہ طوپ قاپو کے محل میں منتقل کر دئے گئے ہیں۔

فلسطین کے یہودی مزدوروں کا فیصلہ
عرب مزدوروں کے پیٹ پر لات

فلسطین میں یہودی مزدوروں کی ایک انجمن ہے جس کا ایک اخبار "دفار" بھی نکلتا ہے۔ اس انجمن نے اپنے ایک جلسہ میں متعدد تجاویز منظور کی ہیں جن میں ایک یہ ہے کہ عرب مزدوروں کا بالکل بائیکاٹ کر دیا جائے۔ اور جن یہودیوں کے پاس عرب مزدور کام کرتے ہیں ان پر زور ڈالا جائے کہ وہ عربوں کو نکال کر ان کی جگہ یہودیوں کو بھرتی کریں۔

ایک یہودی مدرسہ کو حکومت کی امداد

حکومت فلسطین نے حیفا کے زراعتی مدرسہ کو دس ہزار گنی ... کا فیصلہ کیا ہے۔ یہ مدرسہ کوئی خاص امتیاز نہیں رکھتا۔ الا یہ کہ اس کے اساتذہ اور طلبا یہودیوں کے سوا ایک عرب بھی نہیں ہے۔

حیفا اور دیگر مقامات میں اور بھی مدرسے ہیں مگر حکومت ان کے متعلق کبھی فیاضی کا اظہار نہیں کرتی۔

فرانسیسی زبان میں رباعیات عمر خیام کا ترجمہ

کاؤنٹ دوکیلی سفیر آئرلینڈ مقیم برلن نے رباعیات عمر خیام کا فرانسیسی ترجمہ مکمل کر لیا ہے۔ یہ ترجمہ بھی منظوم ہے اور نہایت خوشنما اور رنگین تصاویر سے اس کو مزین کیا گیا ہے۔

فرانس کے ایک مشہور مصور نے تصاویر کے بنانے میں اپنے کمال کو ختم کر دیا ہے۔ تمام یورپ میں اس ترجمہ کی دھوم مچ گئی ہے۔

جاپان اور ترکی کا تجارتی معاہدہ

ترکی اور جاپان کا تجارتی معاہدہ پر جانبین نے دستخط کر دئے ہیں۔ اور یہ طے پایا ہے کہ جاپان ایک کروڑ ین کا ترکی تمباکو، روئی اور دیگر اشیا ہر سال خریدے گا اور اسی طرح ترکی بھی اسی مقدار میں جاپانی کپڑا معاوضہ میں لے گا۔

اس معاہدہ کی میعاد پانچ سال مقرر کی گئی ہے۔

ترک اور یونانیوں کی جبری ہجرت
تین لاکھ ترک اور پندرہ لاکھ یونانی منتقل کر دئے گئے

جو یونانی ترکی میں اور جو ترکی یونان میں آباد ہیں ان کے تبادلہ کے لئے ترکی اور یونانی کمیٹی نے جو لائحہ عمل تیار کیا تھا وہ ایک حد تک ناکام رہا۔ اب آخر میں جبری ہجرت کا ایک معاہدہ طے ہوا ہے جس کے مطابق ترکی اور یونانی کمیٹی نے تین لاکھ ۲۵ ہزار ترک یونان سے اور ۱۵ لاکھ یونانی ترکی سے روانہ کئے ہیں۔ گویا سوا تین لاکھ ترکوں نے یونان سے ہجرت کی اور ۱۵ لاکھ یونانیوں نے ترکی کو خیر باد کہا۔ یہ بات قابل ذکر ہے کہ جو یونانی اور ترکی اپنی اپنی جگہ آباد تھے وہ کئی نسلوں سے اسی حالت میں آباد چلے آتے تھے۔ مگر ان دونوں قوموں میں ... نتیجہ یہ نکلا کہ ترکوں کو ترکستان اور یونانیوں کو یونان میں بلا لیا گیا۔

غیر ملکی بیویوں کو ایک ماہ میں علیحدہ کر دو
چینی حکومت کا سرکاری ملازمین کو نوٹس

چینی حکومت نے ایک نیا قانون جاری کیا ہے جس کی رو سے بحری و عسکری اور وزارت خارجہ کے عہدیداروں کو غیر ملکی عورتوں سے شادی کرنے کی ممانعت کر دی گئی ہے۔ جن اشخاص کے پاس غیر ملکی خواتین ہیں ان کو حکم دیا گیا ہے کہ وہ ایک ماہ کے اندر ان کو علیحدہ کر دیں اور ان کی جگہ چینی عورتوں سے شادی کر لیں۔ اس قانون میں اسی امر کی بھی وضاحت کر دی گئی ہے کہ جن اشخاص کے پاس غیر ملکی عورتیں ہیں اور وہ سرکاری ملازم نہیں ہیں ان کو آئندہ بحری اور عسکری خدمات سے سرفراز نہیں کیا جائے گا اور غیر ملکی تجارت میں ان کو مراعات حاصل نہ ہو سکیں گی۔

پیرس کے ایک اخبار کی بے بنیاد افواہ
حکومت ترکیہ کی طرف سے تردید

پیرس کے اخبار جونال نے اپنے نامہ نگار مقیم استانبول کی ایک اطلاع شائع کی ہے کہ ترکی حکومت نے آل عثمان کے نفیس اور قیمتی جواہرات کو بعض کمپنیوں کے ہاتھ فروخت کرنے کا فیصلہ کر لیا ہے۔

یہ بھی لکھا ہے کہ یہ جواہرات تین کروڑ بیس لاکھ پونڈ میں فروخت کئے جائیں گے۔ حکومت ترکیہ نے اس خبر کو بے بنیاد قرار دیا ہے۔ اور سرکاری بیان میں لکھا ہے کہ حکومت کا کوئی ارادہ آل عثمان کے جواہرات کو فروخت کرنے کا نہیں ہے۔

کوی نودوید بھوشن پنڈت ٹھاکر دت شرما وید موجد "امرت دھارا" لاہور کی تیار کردہ دوائی
برہمی ارشٹ
حافظہ کے واسطے اتنی مفید کوئی دوائی نہ ہوگی ضعف دماغ۔ نسیان۔ سر درد دائمی۔ امراض منی مردمان حیض عورات۔ جریان وغیرہ کو نافع ہے۔ قبض کشا ہے چند دنوں میں دماغ روشن ہوتا ہے۔ اور آواز صاف ہوتی ہے۔ راگ و دیا شاعری اس سے بہت جلد آتی ہے۔ قیمت فی شیشی ... اونس ... روپیہ ...
ایک تازہ رائے
پنڈت جی نمستے۔ بندہ نے ماہ ... میں آپکے کارخانہ سے چھ شیشی برہمی ارشٹ کی منگوائی تھیں۔ بندہ کا دماغ بوجہ کثرت مطالعہ کمزور ہو گیا تھا۔ اب اس دوائی کے استعمال سے بہت اچھا ہو گیا ہے بندہ نے آئندہ کے لئے ہر سال منگوانے کا تہیہ کر لیا ہے۔ آپ نے اپنا دوائی خانہ کھول کر ہندوستانیوں پر بڑا بھاری احسان کیا ہے۔ خدا آپ کا سایہ ہندوستانیوں کے سر پر ہمیشہ قائم رکھے۔
ماسٹر گوربچن سنگھ منشی فاضل ... (لدھیانہ)
نوٹ۔ کارخانہ کی دیگر ادویات کی فہرست ... مفت منگوائیں
خط و کتابت و تار کا پتہ:۔ امرت دھارا ... لاہور
المشتہر
مینیجر امرت دھارا اوشدھالیہ۔ امرت دھارا بھون۔ امرت دھارا روڈ۔ امرت دھارا پوسٹ آفس۔ لاہور۔
ہمارے ایجنٹ:۔ میسرز بہاری لال گھاسی رام کھاری باؤلی اسٹریٹ دہلی

کونسل آف اسٹیٹ میں پارلیمنٹری رپورٹ کو مسترد کرنیکی تحریک
لبرل لیڈر بھی رپورٹ سے ناراض ہیں

نئی دہلی ۱۱ فروری۔ کل کونسل آف سٹیٹ کے اجلاس میں مشترکہ پارلیمنٹری رپورٹ کی سخت مذمت کی گئی اس کا موقعہ اس وقت پیش آیا جب رپورٹ مذکور کے متعلق رائے بہادر لالہ رام سرن داس کے پیش کردہ ریزولیوشن پر بحث ہوئی دوران بحث میں مسٹر محمود سہروردی نے کے مختلف قابل اعتراض پہلوؤں کو نکالدینے کی اپیل کی تاکہ ہندوستان کے لئے قابل قبول ہو جائے۔

چودھری محمد دین نے کہا کہ سب سے زیادہ عقلمندی کا تقاضہ ہے کہ جو کچھ ہمیں دیا جا رہا ہے اس پر عملدرآمد کر کے اپنی قابلیت کا ثبوت دیں مسٹر طیب نے امید ظاہر کی کہ فریقین تحفظات کے متعلق دفعات کو بھول جائیں گے کیونکہ باہمی اتحاد اور نیک اعتقادی ہوگی اور لیڈر لیبلوں روز افزوں یکجہتی ہوگی۔ جالو رہبو شادنے فرمایا کہ یہ اسکیم ہندوستان کے مفاد میں نہیں ہے۔ اور نہ انگلستان کے مفاد میں ہے لیکن آپ نے یہ امید ظاہر کی کہ سرمونٹیگو ہور نے حال میں جو اعلان کیا ہے وہ ہندوستان کی آزادی کی دستاویز اور دیباچہ ثابت ہوگا جو آزادی دیگر مستعمرات کے پایہ کی ہوگی۔ مسٹر جے سی بنرجی نے کہا کہ اسکیم بنائی اسلئے گئی ہے کہ ہمارا ملک برطانوی افسروں کے پنجے میں رہے اور برطانوی سرمایہ داروں کے پاس رہن رہے۔ مسٹر جگدیش پرشاد نے کہا کہ مشترکہ پارلیمنٹری رپورٹ ہندوستان کے اقتصادی یا سیاسی مطالبات کو پورا نہیں کرتا۔ مجوزہ آئین جمہوریت کے پردہ میں شخصی حکومت ہے۔ مسٹر پی این سپرو نے پرزور سفارش کی کہ رپورٹ کو نامنظور کر دیا جائے اور فرمایا کہ لبرل متفق ہیں اگر ڈومینین اسٹیٹس کو (انہی معنوں میں جس میں انہیں کامن ویلتھ میں سمجھا جاتا ہے) مجوزہ بل کے دیباچہ میں شامل کیا جاتا تو برطانیہ کو ہندوستانی نوجوانوں پر اس بارے میں کوئی الزام نہ لگانا چاہئے کہ وہ آزادی کامل کے لئے کام کرتے ہیں۔

دار العلوم دیوبند

از مہتمم دار العلوم دیوبند: مجلس شوریٰ کا شوال کے پہلے (ہفتہ) و دوسرے عشرہ میں جلسہ ہوا تھا اس جلسہ کے سلسلہ میں اخبارات میں کئی مضمون شائع ہوئے اور دار العلوم کے خیر سگالوں کے کئی مراسلے اخبارات میں نظر سے گزرے۔ ان مضامین اور مراسلوں سے ہمیں یہ اندیشہ پیدا ہوا کہ ہندوستان کے مسلمان دار العلوم کے صیغہ انتظام کی طرف سے کسی خلجان میں مبتلا نہ ہو جائیں اور دار العلوم کو جو ہندوستان کے مسلمانوں کی پون صدی کی نہایت بیش بہا کمائی ہے اور بلا شبہ عالم اسلامی کے لئے مایہ ناز اور سرمایہ افتخار ہے، نقصان نہ پہنچ جائے۔

اس لئے ہم چاہتے ہیں کہ ان مجلس شوریٰ جنہوں نے استعفے دیکر واپس لے لئے ہیں تمام مسلمانوں کے اطمینان خاطر کے لئے یہ چند سطریں شائع کر رہے ہیں۔

یہ واقعہ ہے کہ دار العلوم کے حقیقی مفاد اور اس کی عزت و عظمت اور وقار و ذات علیہ کو قائم رکھنے بلکہ ترقی دینے کے مخلصانہ عزائم کی بنا پر ارکان دار العلوم کی ایک جماعت انتہائی جدوجہد کر رہی ہے اور اسی سلسلہ میں بعض مخلصین نے رکنیت سے استعفے بھی دیدئے تھے جو فوراً واپس لے لئے گئے۔

ہمارا خیال ہے کہ مخلص خیر خواہان دار العلوم کے لئے مایوسی کی کوئی وجہ نہیں ہے ہم حضرت حکیم الامت مولانا اشرف علی صاحب کے احترام کو پورے طور پر ملحوظ رکھتے ہوئے اور ان کی ایسی سرپرستی کو جیسی کہ حضرت مولانا محمد قاسم صاحب بانی دار العلوم اور حضرت مولانا رشید احمد صاحب محدث گنگوہی قدس سرہما کی بابرکت سرپرستی تھی دار العلوم کیلئے موجب برکات سمجھتے ہوئے اس امر کے خواہشمند ہیں کہ مسلمانوں کا یہ مایہ ناز ادارہ اہل حل و عقد کے باہمی مشوروں اور تعاون سے چلتا ہے کسی ایک ذات پر خواہ وہ کیسی ہی مقدس ہو اس کا نظام و قیام و بقا موقوف نہ ہو (چنانچہ یہی وصیت ہے بانی دار العلوم موصوف الصدر کی جو دفتر دار العلوم میں اب تک محفوظ ہے جس پر ان کے بعد ہر زمانہ میں عمل کرتے ہوئے دار العلوم بام ترقی پر پہنچا) اور اسی کو صراحتہً لکھا گیا ہے اور دستور العمل منظورہ دولت دکن میں جس کا مسودہ بمشورہ مولانا حبیب الرحمٰن صاحب شروانی و مولانا حبیب الرحمٰن صاحب مرحوم مہتمم دار العلوم لکھا گیا ہے اور جو دنیا کے تمام اداروں میں بلا استثناء معمول و منقول ہے) اور اہل شوریٰ میں سے ہر فرد اپنے کو پورا ذمہ دار سمجھے اور نہایت شوق اور مستعدی سے اپنی فرائض ادا کرے۔

ہم یہ بھی ظاہر کر دینا ضروری سمجھتے ہیں کہ ہمارا مقصد و کفیٰ باللہ شہیدا دار العلوم کی خیر خواہی اور اس کی ترقی اور استحکام ہے اسلئے ہم ایسی کارروائی مثلاً اخبارات میں ہیجان پیدا کرنے والے مضامین کی اشاعت کو ناپسند کرتے ہیں، دیوبند کیلئے دامے درمے قلمے قدمے غرض ہر قسم کی امداد و اعانت کر کے اپنا مذہبی دلی فریضہ ادا کرے۔

اسلامی جرائد و اخبارات سے ہماری یا ادب استدعا ہے کہ ہمارے اس مضمون کو اپنے جریدہ یا اخبار میں کم سے کم ایک دفعہ جگہ دے کر ہم نیاز مندان کو ضرور ممنون و مشکور فرمائیں اور از راہ عنایت ہماری اس خواہش کے متعلق جو اوپر مذکور ہوئی اپنی رائے بھی تحریر فرمائیں کہ وہ عقلاً و شرعاً و عرفاً صحیح ہے یا غلط۔

(مولانا حکیم) محمد اسحاق ممبر دار العلوم دیوبند۔ (مولانا حکیم) مشیت اللہ ممبر دار العلوم۔ (مولانا حکیم حافظ) محمد اشفاق ممبر دار العلوم۔ مولانا حافظ محمد یوسف ممبر دار العلوم نبیرہ حضرت مولانا گنگوہی قدس سرہ (مولانا حکیم) جمیل الدین ممبر دار العلوم دیوبند۔

(بسلسلہ صفحہ ھذا کالم ۴)

بینکم کدعاء بعضکم بعضاً قد یعلم اللہ الذین یتسللون منکم لواذاً فلیحذر الذین یخالفون عن امرہ ان تصیبہم فتنۃ او یصیبہم عذاب الیم (پ ۱۵)

جس طرح تم آپس میں ایک دوسرے کو بلایا کرتے ہو بیشک اللہ تعالے تم میں سے ان لوگوں کو خوب جانتا ہے جو آنکھیں بچا کر کھسک جاتے ہیں۔ جو لوگ اس کے حکم کی خلاف ورزی کرتے ہیں انکو اس بات سے ڈرنا چاہئے کہ کہیں وہ بتلائے کلام نہ ہو جائیں یا انکو دردناک عذاب نہ پہنچ جائے۔

دوسری جگہ ارشاد ہے۔

ومن یشاقق الرسول من بعد ما تبین لہ الہدیٰ ویتبع غیر سبیل المؤمنین نولہ ما تولیٰ ونصلہ جہنم وساءت مصیرا۔ (پ ۱۴)

جو شخص ہدایت واضح ہو جانے کے بعد رسول کی مخالفت کریگا اور مومنوں کے راستہ سے بچنے کی کوشش کریگا تو ہم بھی اس کو ٹیڑھے راستہ کی طرف موڑ دینگے اور اس کو جہنم میں جھونک دیں گے جو بہت ہی بری جگہ ہے۔

ایک اور جگہ فرمایا۔

فلا وربک لا یؤمنون حتی یحکموک فیما شجر بینہم ثم لا یجدوا فی انفسہم حرجاً مما قضیت ویسلموا تسلیما۔ (پ ۶)

تیرے رب کی قسم ہے کہ وہ لوگ کبھی مومن نہ ہوں گے جب تک کہ وہ تجھکو اپنے جھگڑوں میں حکم قرار نہ دیں اور پھر جو کچھ آپ فیصلہ کریں اس کو دل سے قبول نہ کر لیں اور انکے سینوں میں تنگی پیدا نہ ہو۔

راقم الحروف نے شہر کے ایک پیر سے ایسی حالت میں ملاقات کی کہ وہ شراب کے نشہ میں چور تھے ان کے دولت کدہ پر (جو اچھا خاصہ قلعہ ہے) ایک نہیں ... کرتا ہے وہاں وہ اس اعتراف پر بھی مجبور ہے کہ ننگ اسلام پیروں، وہم پرست اور سریع الاعتقاد مریدوں اور عالم نما جاہل واعظوں نے بھی اپنے اعمال و افکار سے ملحدین کی تعداد بڑھانے میں کوئی کسر اٹھا نہیں رکھی کیا سیلاب الحاد کو روکنے کے لئے ضروری نہیں ہے کہ اس گروہ کی بھی مزاج پرسی کی جائے؟

معجون شباب آور
قوت مردمی اور دل۔ دماغ کی کمزوری کے لئے مشہور دوا ہے
زہریلی اور نشہ کی چیزوں سے بالکل پاک ہے مشک عنبر مروارید وغیرہ سے بنائی جاتی ہے
تمام ہندوستان میں اس کے بے نظیر فوائد کا اعتراف کیا گیا ہے
قیمت فی شیشی (پانچ تولہ) پانچ روپیہ نمونہ کی شیشی (ایک تولہ) ایک روپیہ
ہمدرد دواخانہ یونانی دہلی

بصائر و نظائر

شیخ عبد الحق محدث دہلوی اپنی کتاب "اخبار الاخیار" میں شیخ نصیر الدین محمود (چراغ دہلی) کے تذکرہ میں ایک واقعہ درج کرتے ہیں کہ

روزے بعض از مریدان شیخ نظام الدین اولیاء مجلسی داشتند و از دف و نای سرودی می شنیدند۔ شیخ نصیر الدین محمود در مجلس بود۔ برخاست تا برآید۔ یاران تکلیف نشستن کردند گفت خلاف سنت است گفتند از سماع منکر شدی و از مشرب پیر برگشتی؟ گفت حجت نمی شود دلیل از کتاب و حدیث می باید۔ بعضی از وے گویاں این سخن ...

"ایک روز حضرت شیخ نظام الدین اولیاء کے بعض مرید مجلس کر رہے تھے اور دف کے ساتھ عورتوں کے گانے میں مشغول تھے اس مجلس میں شیخ نصیر الدین محمود بھی تھے لیکن وہ کھڑے ہو گئے۔ دوستوں نے ان سے بیٹھنے کیلئے کہا آپ نے فرمایا کہ یہاں ٹھہرنا سنت کے خلاف ہے۔ یہ سنکر انہوں نے کہا کہ تم سماع سے منکر ہو گئے اور اپنے پیر ..."

... کی جو ان کے نزدیک کتاب و سنت سے موید و مصدق نہ تھا۔ حضرت نظام الدین اولیاء کو اپنے مرید کی اس "بغاوت" سے اطلاع دی جاتی ہے مگر وہ نہ اپنے صادق مرید کو اخراج کی دھمکی دیتے ہیں۔ نہ ان پر توہین کا الزام لگاتے ہیں اور نہ کسی قسم کی ناخوشی اور برہمی کا اظہار کرتے ہیں بلکہ اگر کچھ کہتے بھی ہیں ...

تو یہ کہ "حق آنست کہ او می گوید"

شیخ نصیر الدین محمود چراغ دہلی کے اس واقعہ سے جب آج کل کے پیروں اور مریدوں کا مقابلہ کیا جاتا ہے تو ایسا محسوس ہوتا ہے کہ نعوذ باللہ اسلام کے اصول تبدیل ہو گئے اب تو قرآن کی ان تمام آیات کا مطلب معکوس ہو گیا ہے جن میں اللہ اور اسکے رسول کی علی الاطلاق اطاعت کا حکم دیا گیا ہے اور دوسروں کی اطاعت کی مشروط و مقید اجازت دی گئی ہے چند باخدا پیروں اور انکے مریدوں کو چھوڑ کر اس فانی جماعت کے ایمان کا جائزہ لو اور انکے عقائد و افکار کا تجزیہ کرکے دیکھو تو ان کی رگ رگ میں شیطنت اور طاغوتیت کا خون دوڑتا ہوا نظر آئے گا۔ اگر پیر کو پیر کی جگہ رکھا جائے تو اس کا کون انکار کر سکتا ہے مگر اس ابلیسانہ حرکت کو کس طرح برداشت کیا جا سکتا ہے کہ پیر کو خدا اور اس کے رسول کا منصب عطا کر دیا جائے اور شریعت الٰہیہ سے کٹ کر ان انسان نما شیطانوں کی اطاعت کو عین صواب تصور کر لیا جائے۔ غور کرو اور بتاؤ کہ ایسے مریدوں پر کیا فتویٰ لگایا جائے جو دانستہ اللہ کے رسول کے صاف و صریح حکم کو پیچھے ...

... کس طرح محفوظ رہ سکتا ہے۔ باری تعالے سے سچا کون ہے اور قرآن حکیم سے بڑھ کر سچی کتاب کونسی ہے؟ اسنے کیا حکم ہوتا ہے۔

لا تجعلوا دعاء الرسول ... تم رسول (صلعم) کو اس طرح نہ بلایا کرو (باقی صفحہ ہذا کالم ۲ کے نیچے ملاحظہ فرمایئے)

اٹھ کہ خورشید کا سامان سفر تازہ کریں — نفس سوختۂ شام و سحر تازہ کریں
بیس سال کے بعد
دنیائے اسلام کے شاعر اعظم کا اُردو کلام شائع ہو گیا
ترجمان حقیقت
علامہ ڈاکٹر سر محمد اقبال مدظلہ
کے
تازہ اُردو کلام کا مجموعہ
بال جبریل
جس کے لئے دنیا بے تابی کے ساتھ گھڑیاں گن رہی تھی
بہترین کاغذ پر اعلیٰ طباعت اور مطلا جلد بندی کے زیور سے آراستہ و پیراستہ ہو کر مکمل ہو گیا ہے
اس مجموعہ کی ہر غزل اور ہر نظم میں ایک نئے جذبے اور نئے ولولۂ حیات کا زندہ پیغام ہے۔ قیمت تین روپے۔ علاوہ محصول ڈاک۔ فوراً منگوایئے۔ ورنہ دوسرے ایڈیشن کی انتظار کرنی ہوگی۔
مسدس حالی — عکسی رنگین و سنہری بلاکوں کے ساتھ بڑھیا قسم کے ولایتی آرٹ پیپر پر سات خوشنما رنگوں میں تاج کمپنی نے ہزارہا روپیہ بلاکوں پر صرف کر کے مسدس حالی کو اس کی شان و عظمت کے مطابق طبع کیا ہے۔ جو صرف دیکھنے ہی سے تعلق رکھتی ہے۔ قیمت صرف تین روپے۔
ملنے کا پتہ۔ تاج کمپنی لمیٹڈ بیرون اکبری دروازہ لاہور
(تاجران قرآن مجید و اسلامی مطبوعات)

دارالحکومت

عربک کالج ہال میں مسلم نوجوانوں کا جلسہ
جلسہ میں بے قاعدگی اور ابتری

دہلی ۱۱ فروری کل شب عربک کالج ہال میں مسلم نوجوانوں کا ایک عام جلسہ زیر صدارت جناب سیٹھ عبدالعزیز صاحب منعقد ہوا۔ ...

فوج سے بھری ہوئی ریل گاڑیاں جنگ کے لئے روانہ کردی گئیں
جبش اور اٹلی میں زبردست معرکہ آرائی کا امکان
رضاکاروں کی بھرتی اور ٹینکوں کی روانگی

لندن ۱۲ فروری ... خبر کی تردید کی کہ حکومت اٹلی کی یہ تجویز ہے کہ سرحد کے مسئلہ کا فیصلہ کرنے کے لئے ایک مشترکہ کمیشن مقرر کیا جائے ...

مزدوروں کے اوقات کا مسئلہ
مسٹر بی داس کی تحریک منظور

دہلی ۱۲ فروری۔ مزدوروں کے مسئلہ پر آج اسمبلی میں دلچسپ بحث ہوئی۔

مسٹر جوشی نے اس میں یہ ترمیم پیش کی کہ اگر معاہدہ کو منظور نہ کیا جائے تو کارخانوں میں کام کے گھنٹوں میں کمی کرکے ۴۸ گھنٹہ کا ہفتہ کردیا جائے۔ ...

دہلی میں چوروں کے گروہ کی گرفتاری
قرولباغ میں سرنگ لگائی گئی تھی

بنگال میں ڈھائی ہزار افراد نظربند ہیں

مصنوعی امام مہدی کی برأت
مجسٹریٹ کا فیصلہ

خالدہ ادیب خانم اور جامعہ ملیہ اسلامیہ

جامعہ کا سنگ بنیاد

کابل کے جاپانی سفارتخانہ میں آتشزدگی

دو لڑکوں کو قتل کرکے خودکشی کرلی

خان عبدالغفار خان کی علالت
اسمبلی میں سوالات

خان عبدالغفار خاں کا وزن کم ہوگیا

بعد نماز جمعہ جامع مسجد میں جلسہ

جبش سے اٹلی کے نامعقول مطالبات
جبشی حکومت بھی جنگ کیلئے تیار ہے

دارالعوام میں انڈیا بل
دوسری خواندگی منظور

حاجیوں کے تین جہاز اور روانہ ہونگے

ہندوستان اور ترکی کا تجارتی معاہدہ

مولانا سید عطاء اللہ شاہ بخاری کا مقدمہ

غالب مرحوم کی یادگار میں ... جلسے

مہاراجہ کپورتھلہ ... کی ملاقات

آفریدیوں کے جرگہ کو گورنمنٹ کا انتباہ
حکومت سخت کارروائی کرے گی

بم، تلوار اور برچھے برآمد ہوئے

تین لاریوں کی دوڑ میں مسافر ہلاک

امریکن بحری بیڑہ میں بہت اضافہ

وانا میں فوج اور پولیس تیار ہے

ہوائی جہاز سمندر میں گرپڑا

مسٹر آغا خاں اور اصلاح دیہات

سیاسی بحران پر سر جان سائمن کا تبصرہ

ایک انگریز خاتون کا قبول اسلام

سرحد میں ہندوستانی ڈاکٹر ...

بسم اللہ الرحمن الرحیم

الجمعیۃ دہلی

یوم شنبہ ۱۲ ذیقعدہ ۱۳۵۳ ہجری

حکومت کی شکست کے بعد
نیم سرکاری اخبارات کا پروپگنڈا

اسمبلی میں جب سے کہ مسٹر جناح کی قرارداد منظور ہوئی ہے اور دستور ساز اسی کے مسئلہ پر حکومت کو شکست کا منہ دیکھنا پڑا ہے سرکاری حلقوں میں ایک پژمردگی اور گھبراہٹ کے آثار پیدا ہوگئے ہیں۔ خود مباحثہ کے دوران میں جبکہ آخری دن حکومت نے یہ اندازہ لگالیا تھا کہ وہ جو کچھ سوچ رہی ہے وہ بالکل غلط ثابت ہوگا ...

کا جواب تو خود اپنے الفاظ میں دیدیا تھا۔

"اس لئے اگر ہوم ممبر نے یہ کہا کہ میں مسٹر جرچل کے ہاتھوں میں کھیل رہا ہوں تو میرا جواب یہ ہوگا کہ اگر تم ہمارا مطلب غلط سمجھنا چاہتے ہو تو سمجھو ..."

پروپگنڈا کا اثر

شذرات

مسلمین کا مسودۂ قانون

دارالعلوم دیوبند کی مجلس شوریٰ

کوہلاپور میں تحقیقاتی کمیٹی کا تقرر

حوادث واحکام

استفتاء

الجواب

استفتاء

الجواب

(بسلسلہ صفحہ ہذا کالم ۴)

الجواب

اسمبلی میں حکومت کو ایک اور شکست

مذمت کی تجویز پیش کرنے کی اجازت نہیں دی گئی

دہلی ۱۱ فروری۔ آج اسمبلی نے بالید و ارکا پر شاد کے متعلق تحریک التوا کثرت رائے سے منظور کر دی۔ آپ کو جبلپور میونسپلٹی کی صدارت سے حکومت نے علیحدہ کر دیا تھا۔ آج آپ کی علیحدگی کے خلاف یہ تحریک پیش کی گئی۔

حال ہی میں اسمبلی نے مسٹر خالد لطیف گابا کی یہ ترمیم پاس کی تھی کہ جلد از جلد اینگلو انڈین تجارتی معاہدہ کو فوراً منسوخ کر دیا جائے۔ حکومت ہند نے اسمبلی کے اس فیصلہ کو قبول کرنے سے انکار کر دیا۔ مسٹر گابا نے آج حکومت کے اس فیصلہ کے خلاف صدائے احتجاج بلند کرنے کے لئے تحریک التوا سے اجلاس پیش کرنی چاہی لیکن صاحب صدر نے اجازت نہیں دی۔ اسی طرح سر محمد یعقوب کی اس تحریک کو بھی پیش کرنے کی اجازت نہیں دی گئی۔ صدر اسمبلی نے سلیکٹ کمیٹی کی رپورٹ پر مباحثہ کے دوران میں بعض ممبران کو تقریر کرنے کا موقع نہیں دیا۔

قربانی کی گایوں پر ٹیکس لگا دیا گیا

بمبئی کے میونسپل کمشنر کی حرکت

بمبئی ۱۱ فروری۔ بمبئی کے میونسپل کمشنر نے فیصلہ کیا ہے کہ بقرعید کے موقعہ پر تمام ان گایوں پر جو شہر بمبئی میں قربانی یا فروخت کے لئے لائی جائیں دو روپیہ فی گائے ٹیکس لگا دیا جائے گا۔ دوسرے موقعوں پر تین روپے فی راس جو ٹیکس ذبح کی جانے والی گایوں پر لیا جاتا ہے وہ اس موقعہ پر لائی ہوئی گایوں پر لیا جائے گا یعنی دو روپے لئے جائیں گے۔

مذکورہ بالا ٹیکس آئندہ بقرعید سے شروع ہو جائے گا جو لوگ گائیں لانا چاہیں گے ان کو پیشگی رقم ادا کر کے درخواست دینی پڑے گی۔

کتنا سونا ہندوستان سے باہر گیا؟

سرت چندر بوس کو ابھی رہا نہیں کیا جائیگا

کشتی الٹ گئی۔ ۱۲ ماہی گیر غرق

رنگون ۱۱ فروری۔ ۱۲ ماہی گیر جو ایک کشتی پر سوار تھے ساحل سے پچاس میل کے فاصلہ پر سخت طوفان سے مقابلہ کرتا اور بالآخر کشتی الٹ گئی اور ۱۲ ماہی گیر غرق ہو گئے۔

یونیورسٹی کے گریجویٹوں کی شرمناک حرکت

کلکتہ ۱۲ فروری۔ ریلوے مجسٹریٹ ہوڑہ نے یونیورسٹی کے گریجویٹوں، گروہ تاجروں اور متعدد دیگر افراد کو جن کی تعداد ۲۲ ہے اور متعدد دیگر کے موقعہ پر خواتین سے چھیڑ خانی کرنے پر سو روپیہ جرمانہ کیا ہے۔

لاری اور درخت کی ٹکر میں ۲ مسافر ہلاک

ناگپور ۱۲ فروری۔ ایک موٹر لاری ایک جیپ سے بچنے کی کوشش میں درخت سے ٹکرا گئی جس کے باعث ۲ مسافر ہلاک ہو گئے۔

شمالی انگلستان میں اسلام کی ترقی

حب زرین

وائسرائے کے گیراج کا سپرنٹنڈنٹ غرقاب

بیوی سمیت دریائے جمنا کی نذر

دہلی ۱۱ فروری۔ گذشتہ شب تقریباً رات بھر اوکھلے میں پولیس کا پہرہ رہا معلوم ہوا ہے کہ وائسرائے کے گیراج کے سپرنٹنڈنٹ مسٹر نیل کل صبح کو کشتی پر مرغابیوں کے شکار کے لئے گئے اروین اسٹیڈیم کے پاس انہوں نے اپنی موٹر چھوڑی اور ایک چھوٹی سی کشتی پر خود اپنی اہلیہ کو لیکر اوکھلے کی طرف روانہ ہوئے اور موٹر ڈرائیور کو ہدایت کی کہ وہ موٹر لے کر اوکھلے پہنچے۔ موٹر ڈرائیور اوکھلے فوراً پہنچ گیا لیکن شام ہو گئی اور مسٹر نیل اوکھلے نہیں پہنچے۔ موٹر ڈرائیور کو تشویش ہوئی اور اس نے فوراً وائسرائے کے اے ڈی کانگ کو مطلع کیا کہ مسٹر نیل اب تک لاپتہ ہیں اس خبر کے بعد اے ڈی کانگ نے مقامی سپرنٹنڈنٹ پولیس مسٹر ڈیس کو مطلع کیا اور پولیس نے سرگرم تلاش شروع کر دی۔ نعش کا ابھی تک پتہ نہیں ملا۔ لیکن کشتی مل گئی ہے جس سے یہ اندازہ کیا جاتا ہے کہ وہ

شرطیہ علاج

کیا آپ کو کمزوری محسوس ہوتی ہے؟

SANATOGEN

مجلس احرار اسلام ہند کی اپیل

مسلمانوں کو قادیانی فتنہ سے بچانے کا پروگرام

آپ نے گذشتہ تحریک حریت کشمیر کے سلسلہ میں مجلس احرار کی مالی مدد فرمائی تھی جس کا نتیجہ یہ تھا کہ آپ کی امداد خدا تعالیٰ کی مہربانی سے مسلمانان ہند نے مجلس احرار کی رہنمائی میں قربانی اور ایثار کا وہ عدیم النظیر مظاہرہ کیا جس کے باعث مسلمانان ہندوستان کی زندہ قوم شمار ہونے لگے۔ ان دنوں انگلستان میں راؤنڈ ٹیبل کانفرنس ہو رہی تھی۔ سر محمد شفیع مرحوم نے گورنمنٹ کو متنبہ کیا تھا کہ اگر گورنمنٹ کانگریس کی سول نافرمانی سے ڈرتی ہے تو ہماری پشت پر مجلس احرار ہے جس کی قربانیاں کسی سے کم نہیں۔ اس تحریک میں پنجاب کے جیل خانے تمام حوالات میں تمام کیمپ بھر چکے تھے۔ قیدیوں کو پکڑ پکڑ کر چھوڑ دیا جاتا تھا۔ اس بے مثال قربانی میں آپ کا بھی مالی حصہ تھا۔

اب مجلس احرار نے ضروری سمجھا ہے کہ علاوہ سیاسی کام کے مخصوص بہت تبلیغی کام کرے۔ اس غرض کے لئے یہ ضروری سمجھا گیا ہے کہ اسلام کو اندرونی دشمنوں کے حملہ سے محفوظ کیا جائے۔ اور ممالک غیر میں تبلیغی مشن کھولے جائیں۔ آپ جانتے ہیں کہ قادیانی جماعت تمام روئے زمین کے مسلمانوں ...

جمعیۃ تبلیغ اہلحدیث کلکتہ کا تیسرا اجلاس

امید ہے برادران اسلام و شیدایان توحید شرکت فرما کر ثواب دارین حاصل کریں گے (دوٹ) داخلہ مفت ہوگا۔

محمد صدیق۔ سکریٹری استقبالیہ کمیٹی

۲۲ بلائی دت اسٹریٹ کلکتہ

حضرت ناظم جمعیۃ علماء ہند کیلئے دعائے صحت

جمعیۃ اسلامیہ گوالیار کا سالانہ جلسہ

انگلستان میں نو مسلم انگریزوں کی عید

یہ ہے کہ اس میں انگریز مسلمان معہ بیوی بچوں کے تشریف فرما تھے، حاضرین جلسہ کو بعد ازاں نہایت عمدہ کھانا جو کہ ہندوستانی طریقہ سے تیار کیا گیا تھا کھلایا گیا۔

ایک عجیب و غریب نایاب نسخہ

خاص ہدایت

نوٹس

مینیجر آفتاب زندگی ... بہاولپور

حضرت مولانا الحاج حافظ احمد سعید صاحب

کی

تقریر سیرت

حضرت سحبان الہند مولانا الحاج حافظ احمد سعید صاحب ناظم جمعیۃ علماء ہند کی وہ بصیرت افروز شریعت آموز تقریر جو ممدوح کے اٹاوہ کے جلسہ سیرت میں ارشاد فرمائی تھی اور جس کو بعد میں مزید تفصیل و تشریح کے ساتھ مرتب و مدون کر کے الجمعیۃ میں جزوا جزوا شائع کیا گیا تھا اب ناظرین الجمعیۃ کے مسلسل پیہم اصرار پر کتابی شکل میں ادارہ الجمعیۃ کی جانب سے شائع کی جا رہی ہے اور اس کے ساتھ وہ آخری حصہ بھی شامل کر دیا ہے جو الجمعیۃ میں درج نہ کیا جا سکا تھا ...

مختصر فہرست مضامین

پوری کتاب دو سو صفحات پر مشتمل ہے اور نہایت عمدہ کتابت و طباعت کے ساتھ شائع کی جا رہی ہے ...

منیجر الجمعیۃ گلی قاسم جان دہلی

۱۹۳۵ء

تار کا پتہ: ہمدرد دہلی — ٹیلیفون ۵۵۶۶

گن نی

کا

طاقت کی بے مثل سنہری گولیاں

مسیح الملک حکیم محمد احمد خان صاحب کا عطیہ (سفر یورپ کے بعد)

خاص

چالیس گولیاں سات روپیہ

ہندوستانی دواخانہ (جس کو حکیم اجمل خان نے ۱۹۱۰ء میں بنایا) دہلی (پوسٹ بکس ۲۲)

تحفہ

رجسٹرڈ نمبر ایل ۱۶۹۳

يَدُ اللهِ عَلَى الْجَمَاعَةِ

تار کا پتہ: "الجمعیۃ دہلی" ٹیلیفون نمبر ۵۷۳۸

الجمعیۃ دہلی سہ روزہ

مدیر مسئول: ہلال احمد زبیری (بی۔اے) معاون: محمد عثمان فارقلیط

جلد ۲۱ | دہلی۔ یوم چہارشنبہ ۱۶ ذیقعدہ ۱۳۵۳ہجری مطابق ۲۰ فروری ۱۹۳۵ء | نمبر ۱۳

امریکہ کے تعلیم یافتہ سائنسداں اور مذہب

خدا اور حیات ابدی کا عقیدہ۔ دہریت اور لامذہبی

کلیسائے عیسوی پر عقیدہ رکھنے والوں کی تعداد

(گذشتہ سے پیوستہ)

(ب) کے بھی تقریباً اتنے ہی طلبہ نے عقیدہ باری تعالےٰ کی نسبت اپنی رائے لکھ کر بھیجی تھیں۔ کالج (الف) میں خدا پر عقیدہ رکھنے والوں کا تناسب (۳۱) فی صدی، اور مذبذبین کا (۱۰) فی صدی تھا۔ کالج (ب) میں یہ تناسب (۱۱) فی صدی، (۶۷) فی صدی اور (۱۵) فی صدی تھا، دونوں کالجوں میں ...

حیات ابدی کا عقیدہ

	تسلیم کرنیوالے	انکار کرنیوالے	اظہار شبہ کرنیوالے
علم طبیعات	۴۱	۳۲	۲۰
حیاتیات	۲۹	۴۴	۲۱
اجتماعیات	۲۵	۴۵	[illegible]

...

امن کیسلئے اسلحہ بندی

...

معاصرین کے افکار و آراء

مسودۂ قانون معلمین حجاج

تحقیقاتی حج کمیٹی کی سفارشوں کی بنا پر اسمبلی میں حج پر پابندی عائد ہونے والے تین مسودے پیش ہوئے تھے جن میں سے دو منظور ہو چکے (ذبیحہ اسمودۂ قانون معلمین حجاج دو دفعہ سلیکٹ کمیٹی میں جانے کے بعد ملتوی ہوا۔ اور اب پھر حکومت ہند نے اس کو پیش کیا ہے۔

سب سے زیادہ خطرناک معلمین حجاج کا مسودۂ قانون ہے جس کا منشا یہ ہے کہ معلمین ہندستان میں آتے ہیں اور حجاج کی رہنمائی کرتے ہیں وہ اس وقت تک بغیر حکومت ہند سے لائسنس لئے ہوئے انجام نہیں دے سکتے اور اس لائسنس کے لئے فیس بھی لازمی ہوگی۔

اگر یہ خطرناک مسودۂ قانون بن گیا تو اس سے حکومت حجاز کی رعایا ہے ...

...

اور اسراف سے اجتناب کا نام بھی بخل ہوگیا اور کفایت شعاری کو مذموم و معیوب قرار دید یا گیا حالانکہ کفایت شعاری مستحسن امر ہے (اور اسراف (فضول خرچی) سے بچنا فرض ہے۔

اس ذہنیت کا نتیجہ یہ ہوا کہ تقریباً تمام لوگ اسراف میں مبتلا ہوگئے اور انہوں نے اپنی اس مذموم حرکت سے صرف اپنے ہی کو نقصان نہیں پہنچایا بلکہ پوری قوم کو اپنے اسراف کے سبب افلاس کی مصیبت میں مبتلا کردیا۔

افلاس و ناداری کے باوجود ہم مسلمانوں سے اسراف کا مرض دور نہیں ہوتا اور اس کے سبب سے وہ ہمیشہ مصائب میں مبتلا رہتے ہیں۔

اسراف کرنے والے ہمیشہ مقروض رہتے اور قرض کی تلاش میں رہتے ہیں اور اس قرض کے سبب دینی اور دنیوی مصائب میں مبتلا رہتے ہیں۔

...

مزدور پیشہ جماعت کی آہ

...

بمبئی میں قربانی کی گایوں پر ٹیکس

...

ڈاکہ اور کاشتکار

... کے پاس کھانے کو نہیں رہا اور خرابی فصل کی وجہ سے ان میں مزید پریشانی پیدا ہوگئی ہے اور اسی مجبوری کی حالت میں وہ ڈاکہ زنی کی وارداتیں زیادہ کرنے لگے ہیں۔ (البشیر)

(سلسلہ کیلئے صفحہ ہذا کالم ۴ ملاحظہ فرمایئے)

بخل و اسراف

اللہ تعالےٰ کے نزدیک بخل و اسراف دونوں معیوب و مذموم اور ممنوع و حرام ہیں لیکن ہم مسلمانوں کے نزدیک بخل ہی مذموم نہیں رہا بلکہ نظم و کفایت شعاری ...

پادری کی لڑکی کا قبول اسلام

اسپین کے ایک جلیل القدر پادری کی لڑکی نے جب اسلامی تعلیمات کا مقابلہ کیا اور مسلمانوں کے مذہب اور انکے اعمال کو بغور دیکھا تو اس کے دل میں اسلام کی صداقت و حقانیت جاگزیں ہوگئی اور اس نے یہ فیصلہ کرلیا کہ حقیقتاً اسلام ہی وہ مذہب ہے جو دنیا اور آخرت میں نجات کا راستہ بتاتا ہے، اور اس کے علاوہ جتنے مذاہب ہیں وہ سب باطل اور صراط مستقیم سے بھٹکا دینے والے ہیں۔ جب عیسائیوں کو اس کی خبر ہوئی تو تمام پادریوں نے مل کر اس لڑکی پر بے شمار مظالم ڈھائے اور اسقدر جاں گداز اور صبر آزما مصائب میں مبتلا کیا کہ دیکھنے والوں کے رونگٹے کھڑے ہوتے لگے، مگر وہ لڑکی اسلام پر ثابت قدم رہی۔ اور اس نے بالآخر تمام پادریوں کی ایک شاندار مجلس میں اسلام کی حقانیت پر ایک بصیرت افروز مناظرہ کیا۔ فضیلت اسلام اور رد عیسائیت کے جسقدر دلائل ممکن تھے وہ تائید الٰہی سے اس لڑکی نے پادریوں کے مقابلہ میں اس خوش اسلوبی کے ساتھ پیش کئے کہ سامعین حیرت و استعجاب کے سمندر میں غرق ہوگئے۔ اور پادریوں سے کوئی جواب بن نہ پڑا۔ اور وہ لڑکی ہمیشہ کے لئے اسلام ہی سے وابستہ ہوگئی۔ اس کا نام ازیلا تھا اور اسکی زندگی کے واقعات ایک کتاب میں قلمبند کر دیے گئے ہیں۔ اگر آپ کو گزشتہ عظمت و سطوت کا مطالعہ کرنا ہے اور عیسائیت کے مقابلہ میں اسلام کی حقانیت کے بیشمار دلائل سے واقفیت حاصل کرنے کا شوق ہے۔ اور آپ اس کتاب کے ذریعہ تبلیغ اسلام کا فریضہ ادا کرنا چاہتے ہیں تو فوراً طلب کیجئے۔ پہلا ایڈیشن قریب الختم ہے۔ اگر دیر ہوئی تو دوسرے ایڈیشن کا انتظار کرنا پڑیگا قیمت فی جلد ۸ر علاوہ محصولڈاک۔ تبلیغی مقاصد کیلئے بیس یا بیس سے زائد جلدوں کے خریدار کو پچیس فی صدی کمیشن دیا جائے گا۔

ملنے کا پتہ: منیجر الجمعیۃ دہلی

Regd No L 1793

The Jamiat

Vol. XXI No 12 DELHI SATURDAY 16th FEBRUARY 1935 PRICE ONE ANNA

4612
Moulvi Mehdi Hassan S/o Mufti
P.O. Rander
Dt Surat

نورانی قرآن مجید

نہایت صاف اور خوشخط ... نورانی قرآن مجید الجمعیۃ بک ایجنسی دہلی سے طلب فرمایئے قیمت مجلد پارچہ ۱۲ر

پادری کی لڑکی

قبول اسلام

... منیجر الجمعیۃ دہلی

خانۂ افغانستان پر ایک عالم دین کی توہین

فرعون صفت سپاہیوں کی وحشیانہ حرکت

...

... سپاہیوں کو کہا کہ تم شریف اور معزز آدمی کو کیوں ... کو رد کرو۔

...

دھول کا نشانہ بنے کے دو بارہ مشرف باسلام ہونے کے متعلق ہدیہ مبارکباد پیش کرتا ہے۔ اور نیز ان کی استقامت کی بارگاہ رب العزت میں دعا کرتا ہے۔

۳۔ یہ اجلاس مجلس احرار اسلام ہند پر اپنے اعتماد کا اظہار کرتا ہے اور حکومت پنجاب کی اس مذہبی مداخلت کو نفرت کی نگاہ سے دیکھتے ہوئے گورنمنٹ کے اس رویہ کے خلاف صدائے احتجاج بلند کرتا ہے، جو اس نے امیر شریعت سید عطاء اللہ شاہ صاحب بخاری کے خلاف مقدمہ چلاکر اپنی قادیان نواز پالیسی کا ثبوت دیا ہے۔ نیز یہ اجلاس سید عطاء اللہ شاہ صاحب بخاری اور دیگر رہنمایان احرار کو یقین دلاتا ہے کہ وہ ان کے نقش قدم پر چلنے کے لئے تیار ہے۔ نیز یہ اجلاس فرقہ قادیانی کو خارج از اسلام سمجھتا ہے۔ (محمد حسین پالوا سکریٹری انجمن ترقی اسلام تبنگہ)

حکومت عالیہ افغانستان کی ملت پروری

حکومت افغانستان کی طرف سے جناب آقائی سید کریم صاحب منیجر افغان نیشنل بنک کراچی نے افغان مسجد و انفع رد دارد ڈ کراچی کو ایک گرانقدر سالانہ عطیہ عطا فرمایا ہے۔ جو کہ مسجد کے اخراجات اور اہم ضروریات پر صرف ہوگا۔

میں تمام افاغنہ کراچی کی طرف سے اپنے محسن جناب منیجر صاحب افغان نیشنل بنک کی اور ان کی وساطت سے دولت خداداد افغانستان کے اس مستحسن اقدام پر صدق دل سے شکریہ ادا کرتا ہوں۔ (امام مسجد افغانان ریورروڈ کراچی)

بدست ہونے اور ہر شریف کی عزت پر حملہ کرنے کے باعث ان کو گاڑی سے نیچے اتارنے کا حکم دیا۔ اور فرمایا کہ دونوں ڈیوٹی پر جانے کے ہرگز اہل نہیں۔ چنانچہ دونوں سپاہیوں کو اتار دیا گیا۔ ممکن تھا کہ اگر وہ سپاہی اپنا اپنا نمبر ۸۰۷ و ۵۶۰ ابتلا دیتے تو ان کو سفر سے روک کر گاڑی سے نہ اتارا جاتا اور پردہ پوشی کا موقع مل جاتا۔ اگر گورنمنٹ کے یہ ملازم جو لوگوں کی جان و مال کی حفاظت کے نام سے متعین کئے جاتے ہیں گورنمنٹ ہی اس کا جواب دے سکتی ہے کہ وہ خود جرموں میں اس قدر بیہودہ بے دھڑک اور بے باک ہیں؟ اب ہمیں یہ دیکھنا ہے کہ گورنمنٹ اس معاملہ میں کیا انصاف کرتی ہے اور مولانا موصوف کی عزت و آبرو کے سوال کو کس کل بٹھاتی ہے۔ اور مولانا موصوف کی وہ کیا قیمت ادا کرتی ہے؟ معاملہ کے نتائج کا اب انتظار ہے جس میں ہر عزت والے کے لئے سبق موجود ہوگا۔ (نامہ نگار)

مجلس احرار اسلام پر اظہار اعتماد

تبنگہ یکم فروری ۱۹۳۵ء بعد نماز عشاء زیر صدارت حضرت مولانا ہدایت اللہ صاحب توسلم ڈھلوالوی ناظم انجمن انصار المسلمین علاقہ زالہ شہر و دو آبہ ایک جلسہ منعقد ہوا جس میں ذیل کی قرار دادیں باتفاق پاس ہوئیں:۔

۱۔ یہ اجلاس حضرت مولانا جلال الدین صاحب سرحدی سابق سیلغ جماعت مرزائیہ اور مولانا فضل الرحمن صاحب سابق امیر جماعت مرزائیہ ...

...

محبوب عاشق کے قدموں پر

ہدیہ عمل نہن ۔ ٹکے بجائے سوا روپیہ۔ اس عظیم رعایت سے فائدہ اٹھایئے ...

ملنے کا پتہ: فضل شاہ عامل گلی راجان دہلی

خاص رعایت

حیات حافظ رحمت خاں

غیر مجلد دو روپے چار آنے خریدیئے ...

ملنے کا پتہ: منیجر اخبار الجمعیۃ گلی قاسم جان دہلی

مفت! مفت!! مفت!!!

... پرنسپل ولایتی یونانی میڈیکل کالج انبالہ شہر

خضاب چھوڑ دو

... پتہ: بال کالا اسٹورس پوسٹ کنسی سمری دوربھنگہ

جنت و دوزخ

...

ملنے کا پتہ: منیجر مکتبہ علمیہ گلی قاسم جان دہلی

حمائل شریف مترجم مع خلاصۃ التفاسیر

اس کے حرفوں کی خوشنمائی موتی کی آب سے دوبالا ہے گویا ایک ماہر کے تراشے ہوئے نگینے ہیں جو موتی کی طرح روشن ہیں ہر ایک بوڑھا مرد و عورت بچہ بآسانی پڑھ سکتا ہے زیر متن ہندوستان کے سابق ماہر علم تفسیر حضرت مولانا شاہ رفیع الدین صاحب محدث دہلوی کا ترجمہ ہے جو ہندوستان کے تمام عقائد کے مسلمانوں میں بلا اختلاف مقبول ہے اس ترجمہ میں خاص خوبی یہ ہے کہ قرآن شریف کے ایک ایک لفظ کے معنی بتاتا ہے۔ حاشیہ پر خلاصۃ التفاسیر چڑھائی گئی ہے ...

ملنے کا پتہ: منیجر اخبار الجمعیۃ گلی قاسم جان دہلی

مشہور و معروف دو ترجمہ والا معجز نما متوسط قرآن مجید مع کامل تفسیر

حیرت انگیز رعایتی اعلان

اس قرآن پاک کی ضخامت ایک ہزار صفحات ہیں۔ کاغذ سفید ولایتی نادر ہے۔ ... پہلا ترجمہ حضرت مولانا شاہ رفیع الدین صاحب کا تحت اللفظ ہے دوسرا ترجمہ حکیم الامت مولانا اشرف علی صاحب تھانوی کا محاورہ ہے حاشیہ پر کامل تفسیر ہے ...

منیجر اخبار الجمعیۃ گلی قاسم جان دہلی

بہاولپور کے معرکۃ الآرا مقدمہ کا فیصلہ

کوئی مسلم خاتون مرزائی کے نکاح میں نہیں رہ سکتی

آنحضرت کو آخری نبی نہ ماننے والا کافر اور مرتد ہے

(از مولانا عبداللہ صاحب ...)

بصائر و نظائر

کسی نظام کو تسلیم کرنے کے معنی یہ ہیں کہ اس کے مطابق عمل بھی کیا جائے اور اس کے اصول پر پورے اعتقاد اور کامل ایمان کے ساتھ کاربند ہونے اور خلاف ورزی نہ کرنے کا عہد کیا جائے ...

انحکم الجاہلیۃ یبغون ومن احسن من اللہ حکما لقوم یوقنون (پ ۱۲)

کیا لوگ اب بھی جاہلیت کے احکام و رسوم کی تلاش میں ہیں حالانکہ ایسی قوم کیلئے جو عزم و یقین کی مالک ہو اللہ کے حکم سے بہتر اور کس کا حکم ہو سکتا ہے۔

"مسلم خاتون" فرماتی ہیں کہ "اگر ہم اس مہذب دور میں عربوں کے زمانہ جاہلیت کے رسوم و رواج کی پابندی کریں تو ہم پر یقیناً ہنسی اڑے" ...

(باقی صفحہ ہذا کالم ۲ کے نیچے ملاحظہ فرمائیے)

بہت سستا، بہت اچھا مولانا مولوی اشرف علی صاحب محدث تھانوی کے ترجمہ کا

بیشمار خوبیوں والا مترجم قرآن مجید

قرآن شریف کی اندرونی خوبیوں کو نواحاطۂ تحریر میں لانا ناممکن ہے ... بلاشبہ یہ مترجم قرآن مجید بے شمار خوبیوں کا حامل ہے۔ اس کی کتابت اعلیٰ درجہ کے خوشنویس سے کرائی گئی ہے۔ اس کی طباعت دہلی کے ایک مخصوص مطبع میں ہوئی ہے۔ اعراب بالکل صحیح جگہ پر لگے ہوئے ہیں، ترجمہ ٹھیک حروف کے نیچے لکھا ہوا ہے۔ حاشیہ پر شان نزول دیگر فوائد اور مختلف سورتوں اور آیتوں کے اعمال درج ہیں۔ مقدمہ میں فضائل و آداب تلاوت، قواعد تجوید، رموز اوقاف اور ایک مکمل فہرست قرآن شریف کے مضامین کی ایسی درج ہے کہ جس مضمون کی آیت چاہو فوراً نکال لو ...

ملنے کا پتہ: دہلی بک ایجنسی ۳۲۵ تاراچند اسٹریٹ دہلی

عراق ریلوے

(۱) نجف، کربلا، کاظمین اور سامرہ اسلامی مقامات مقدسہ کی زیارت کا انتظام عراق ریلوے نے کیا ہے یہ سفر نہایت قلیل کرایہ اور کم وقت میں طے ہوگا۔ دوران سفر میں ہر ممکن آسائش بہم پہنچائی جائیں گی۔

مکہ معظمہ کو جاتے ہوئے عراق کے مقامات مقدسہ کی زیارت کرو

حجاج کے لئے کوپن ٹکٹ جاری کردئے گئے ہیں جو ایک سو پچاس دن تک کارآمد رہیں گے۔

۵۰ کلو وزن اسباب پر کوئی زائد کرایہ نہیں لگایا جائے گا۔

شرح کرایہ درج ذیل ہے:۔

... اپنا مال بغداد کو بک کرائیے۔ بالراست عراق ریلویز روانہ کریں۔

سوویٹ روس میں ۶۵ مسلمان گولی کا نشانہ بنا دیئے گئے

مسلم کمیٹی قائم کرنے کے جرم میں جبر شہادت

عورتوں اور بچوں کو سائبیریا میں جلاوطن کر دیا گیا

(نومسلم انگریز خالد شیلڈریک کے قلم سے)

باوجودیکہ روسی گورنمنٹ اخبارات اور خطوط کا کافی تحفظ کرتی ہے لیکن اکثر اوقات کافی خبروں کا انکشاف ہو جاتا ہے۔ یعنی مندرجہ ذیل واقعات ناظرین کے لئے باعث ملال ہوں گے۔

روس جرمنی اور جاپان سے محفوظ رہنے کیلئے لیگ آف نیشنز کا دست نگر بنا کر اس نے اپنی ریڈ آرمی ترکستان کے مسلمانوں سے ان کی عزیز ترین چیز چھیننے کے لئے بھیجدی ...

مرزا محمود قادیانی کی مہم اور تازہ تدبیریں

مجلس احرار ہند کیا کرنا چاہتی ہے

امام قادیان کے الزامات کی مؤثر تردید

(از جنرل سکرٹری مجلس احرار اسلام ہند)

مولانا مظہر علی صاحب اظہر ایم ایل سی جنرل سکرٹری مجلس احرار اسلام ہند نے حسب ذیل بیان بغرض اشاعت اخبارات کو دیا۔

مرزا صاحب کیوں ہراساں ہیں؟

مرزا محمود کی تقریر

اٹھو کہ خورشید کا سامان سفر تازہ کریں نفس سوختۂ شام و سحر تازہ کریں

بیس سال کے بعد

دنیائے اسلام کے شاعر اعظم کا اردو کلام شائع ہو گیا

ترجمان حقیقت

علامہ ڈاکٹر سر محمد اقبال مدظلہ

کے

تازہ اردو کلام کا مجموعہ

بال جبریل

جس کے لئے دنیا بے تابی کے ساتھ گھڑیاں گن رہی تھی

بہترین کاغذ پر اعلیٰ طباعت اور مطلا جلد بندی کے زیور سے آراستہ و پیراستہ ہو کر مکمل ہو گیا ہے

اس مجموعہ کی ہر غزل اور ہر نظم میں ایک نئے جذبے اور نئے ولولۂ حیات کا زندہ پیغام ہے قیمت تین روپے۔ علاوہ محصولڈاک۔ فوراً منگوائیے۔ ورنہ دوسرے ایڈیشن کی انتظار کرنی ہوگی۔

مسدس حالی عکسی، رنگین و سنہری بلاکوں کے ساتھ بڑھیا قسم کے ولایتی آرٹ پیپر پر سات خوشنما رنگوں میں تاج کمپنی نے ہزارہا روپیہ بلاکوں پر صرف کر کے مسدس حالی کو اس کی شان و عظمت کے مطابق طبع کیا ہے ...

ملنے کا پتہ: تاج کمپنی لمیٹڈ برانڈرتھ روڈ لاہور

(ناشران قرآن مجید و اسلامی مطبوعات)

سچا ہمدم و رہبر بے دام

... ایک کارڈ تحریر کر کے کتاب کام شاستر بالکل مفت منگوالیں

وید شاستری - جام نگر - کاٹھیاواڑ

الخیر الکثیر! حضرت شاہ ولی اللہ رحمۃ اللہ علیہ کی جلیل القدر تصنیف

جس کیلئے دنیائے اسلام کی آنکھیں ترستی تھیں، شاذ و نادر کسی پرانے کتب خانہ میں اگر کوئی قلمی نسخہ تھا بھی تو وہ کثرت نقل کی وجہ سے مسخ اور ناقابل استفادہ تھا الحمد للہ کہ آج مجلس علمی ڈابھیل کی مساعی خیر کثیر کو زیور طبع سے آراستہ کر کے اہل علم کیلئے ایک بے مثل تحفہ پیش کر رہی ہے۔ نسخہ کی تصحیح میں جو مجلس نے اہتمام کیا ہے اس کا اندازہ اس سے ہو سکتا ہے کہ آخری نسخہ جس سے تصحیح شدہ نسخہ کا مقابلہ کیا گیا ہے وہ حضرت مولانا عبید اللہ سندھی مقیم حرم محترم کا ہے جو انہوں نے ماسکو (روس) کے کتب خانہ سے بڑے اہتمام سے نقل کیا تھا۔ سائز ۲۰×۲۶ بہترین طباعت و کتابت کاغذ سفید چکنا ٹائیٹل رنگین۔ قیمت ایک روپیہ (عہ)

ملنے کا پتہ:۔ (مولوی) محمد ادریس مالک مکتبہ شرقیہ، سوداگران دہلی

بسم اللہ الرحمن الرحیم

الجمعیۃ دہلی

یوم چہارشنبہ ۱۶ ذیقعدہ ۱۳۵۳ ہجری

ہندوستان کا سب سے زیادہ مجبور و مظلوم علاقہ

بدنصیب بلوچستان

جس وقت سے کہ ہندوستان کو مزید اصلاحات دینے کا مسئلہ چھڑا ہے اخبارات اور پلیٹ فارم سے برابر یہ مطالبہ کیا جاتا رہا ہے کہ بلوچستان کو جو اپنی آبادی کی یکسانیت اور آب و ہوا اور زبان کی یک رنگی کے باعث ایک علیحدہ اور مستقل حیثیت ...

کا تعلق ہے ہم وثوق کے ساتھ یہ کہتے ہیں کہ موجودہ مرحلہ پر اس کے اندر کسی قسم کی تبدیلی کے متعلق سفارش کرنے کی کوئی وجہ نہیں ہے۔ گویا صوبہ بلوچستان کو اس فرسودہ نظام پر قائم رکھا جائے جو آج سے ...

بلوچستان کی محرومی کے بنیادی وجوہ

موجودہ حالت

گول میز کانفرنس

سائمن کمیشن کی تحقیقات

نظام میں ذرہ برابر تبدیلی نہیں کی گئی۔

قرطاس ابیض کا دستور

مگر اس کے بعد بھی یہ امید کی جا سکتی تھی کہ گول میز کانفرنس میں جو کچھ کہا گیا ہے اور ہندوستان کے اندر اخبارات میں اور مختلف یادداشتوں اور قراردادوں میں جو مطالبہ کیا گیا ہے اس کا لحاظ رکھتے ہوئے کم سے کم آئندہ دستور اساسی ہی میں کچھ بلوچستان کو مل جائے گا اور ملک معظم کی حکومت اتنا تو کبھی بھی نہ کرے گی کہ اس کا جو قرطاس ابیض شائع ہو اس میں بلوچستان کو بالکل ہی نظرانداز کر دیا جائے مگر سائمن کمیشن کی سفارشات اور اس کے لئے ہوئے وجوہ غالباً ملک معظم کی حکومت کے سامنے بھی تھے جس نے وائٹ پیپر کا خاکہ تیار کرتے ہوئے بلوچستان کے متعلق صرف یہ فیصلہ کیا کہ

(۵۶) برٹش بلوچستان، دہلی، اجمیر مارواڑ، کرگ، اور جزائر انڈیمان و نکوبار کا نظم و نسق ایک چیف کمشنر انجام دیگا جسے گورنر جنرل اپنے اختیار تمیزی کے ماتحت مقرر کریگا اور جو گورنر جنرل کی مرضی سے اپنے عہدہ پر رہے گا۔

(۵۷) برٹش بلوچستان کے لئے مخصوص بندوبست کیا جائے گا جس کے ماتحت گورنر جنرل خود براہ راست اس صوبہ کا انتظام کرے گا اور چیف کمشنر اس کا صرف ایجنٹ ہوگا۔

(۵۸) وفاقی مجلس مقننہ کا کوئی قانون برٹش بلوچستان پر نافذ نہ ہوگا بجز اس صورت کے کہ گورنر جنرل اس کو بالکلیہ یا کسی ترمیم و اصلاح و استثناء کے ساتھ نافذ العمل قرار دے۔

گورنر جنرل کو یہ بھی اختیار حاصل ہوگا کہ وہ اپنی مرضی سے جو قوانین مناسب سمجھے ان کو وضع کر کے بلوچستان پر نافذ کرے اور اس لحاظ سے گورنر جنرل کے ان قوانین کی وہی حیثیت ہوگی جو فیڈرل مجلس مقننہ کے وضع کئے ہوئے قوانین کی ہوتی ہے۔

(۵۹) برٹش بلوچستان کے علاوہ اور تمام صوبوں میں چیف کمشنر اپنے اختیارات حکومت کے استعمال میں فیڈرل حکومت کا ماتحت ہوگا مگر برٹش بلوچستان میں چیف کمشنر فیڈرل حکومت کا ماتحت نہ ہوگا بلکہ صرف گورنر جنرل کا ماتحت ہوگا۔

مرکزی مجلس مقننہ میں صوبہ بلوچستان کو صرف ایک نشست دی گئی اور اس کے ساتھ بھی یہ فٹ نوٹ لکھ دیا گیا کہ یہ نشست نامزدگی کے ذریعہ بھی پر کی جا سکتی ہے جس کا مطلب یہ ہے کہ تمام ہندوستان میں بلوچستان ہی کی صرف ایک نشست ایسی ہوگی جو نامزدگی کے ذریعہ پر کی جائے گی۔

(باقی آئندہ)

شذرات

مسٹر جناح کی تقریر

ادائیگی حج کی ممانعت

ان کا فرض اولین یہ ہے کہ وہ حکومت پر تکیہ کرنے کے بجائے اپنے اندر قوت پیدا کریں ...

حوادث و احکام

استفتاء

الجواب

مسٹر جناح اور صدر کانگریس میں مصالحانہ گفتگو

فرقہ وارانہ مسائل کو حل کرنے کیلئے مشترکہ مساعی

دہلی ۱۷ فروری۔ بابو راجندر پرشاد صدر کانگریس اور مسٹر جناح میں فرقہ وارانہ مسائل کے حل کیلئے جو گفتگو ہو رہی ہے۔ آج اس میں کوئی نئی بات پیدا نہیں ہوئی گو ملک کے اکثر لیڈروں کا خیال ہے کہ اس گفت و شنید سے کوئی مفید نتیجہ برآمد ہوگا اور فرقہ وارانہ مسائل بدستور باقی رہیں گے لیکن پھر بھی کانگریسی لیڈر سمجھ رہے ہیں کہ ان کی مساعی ضرور بار آور ہونگی۔ اس بارے میں مزید گفتگو مسٹر بھولا بھائی ڈیسائی سردار پٹیل اور پنڈت مالویہ کی آمد کے بعد شروع ہوگی۔

کانگریس کے صدر بابو راجندر پرشاد سے سوال کیا گیا کہ اخبار اسٹیٹسمین میں جو یہ خبر شائع ہوئی ہے کہ آپ نے مسٹر جناح کو مسلمانوں کیلئے مجالس قانون ساز میں اس شرط پر مزید نشستیں دینے کی پیشکش کی ہے کہ مشترکہ انتخاب کے اصول کو منظور کر لیا جائے تو آپ نے اس خبر کی تردید یا تصدیق سے انکار کر دیا۔ صلح و مفاہمت کی کوششیں بدستور جاری ہیں اور قوم پرور ہندو مسلمان صلح کی حمایت کر رہے ہیں۔

اطالوی افواج کو مشرقی افریقہ کی روانگی کا حکم

میدان جنگ میں ایک لاکھ سپاہی خیمہ زن ہیں

اٹلی اور حبش میں سخت معرکہ کا اندیشہ

روما ۱۶ فروری۔ نوجوانوں سے بھری ہوئی ایک اور ٹرین سیراکوز روانہ ہوگئی۔ ان لوگوں کو حکم دیا گیا ہے کہ انہیں مشرقی افریقہ جانا ہے۔ آج شام کو اس کے بعد بھی ایک ٹرین جانے والی ہے ہر شخص کے پاس جسے افریقہ جانے کا حکم دیا گیا ہے، ایک کارڈ بھیجا گیا ہے جس پر لکھا تھا۔ بحکم ملک معظم نمبر ۱۹ اپنے آپ کو فلاں رجمنٹ اور فلاں بندرگاہ پر پیش کرو تاکہ مشرقی افریقہ میں لڑائی کے لئے روانہ کئے جا سکو۔

جن لوگوں کو یہ کارڈ ملا، انہوں نے ۸ گھنٹے کے اندر اندر روانگی کا انتظام کیا اور اپنے کاروبار کو فوراً چھوڑ کر اسٹیشن روانہ ہوگئے۔ بعضوں نے بغیر ٹکٹ ریل کا سفر اختیار کیا۔

بظاہر جب صحیح حالات کی خبر ہو، اس کے لئے یہ سمجھنا مشکل ہے کہ یہ سپاہی ہیں اور میدان جنگ پر جا رہے ہیں بلکہ ایسا معلوم ہوتا تھا کہ وہ چھٹیاں منانے جا رہے ہیں۔ اسٹیشن پر خفیہ پولیس بھی موجود تھی اور وہ آنے جانے والوں کے افراد اور احباب کو دیکھ رہی تھی۔

میدان میں ان سب کا اجتماع ہے اور وہاں بالکل میدان جنگ کا منظر ہے ہر طرف فوجی خیمے لگے ہوئے ہیں اندازہ کیا جاتا ہے کہ اس وقت یہاں ایک لاکھ آدمی خیمہ زن ہیں۔

پالرمو اور سیراکوز سے بھی سیکڑوں آدمی روانہ ہو رہے ہیں۔

جب یہ لوگ بارکوں میں حاضری دے لیتے ہیں تو انہیں اسلحہ اور یونیفارم مل جاتے ہیں، معلوم ہوا ہے کہ فوج ۲۲ فروری کو افریقہ کے لئے روانہ ہو جائے گی۔

دار الحکومت

جامع مسجد میں عظیم الشان جلسہ

مولانا حبیب الرحمن صاحب کی تقریر

دہلی ۱۶ فروری۔ کل بعد نماز جمعہ جامع مسجد میں انجمن سیف الاسلام کی جانب سے مسلمانوں کا ایک عظیم الشان جلسہ ...

عربک کالج میں مسٹر جناح کی زبردست تقریر

اسمبلی کی کاغذی فتح مسلم لیڈروں پر سخت نکتہ چینی

دہلی ۱۸ فروری۔ کل سات بجے شام عربک کالج ہال میں کالج یونین کے زیر اہتمام نوجوان مسلمانوں کا ایک عظیم الشان جلسہ منعقد ہوا جس میں مسلمانوں کے سیاسی مستقبل اور آئندہ پروگرام پر غور کیا گیا۔ مسٹر جناح کی تقریر سے پہلے چند نوجوان مقررین نے موجودہ مسلم رہنماؤں کی روش پر سخت نکتہ چینی ...

ملزمان سیشن سپرد کر دیئے گئے

بلوچستان میں حقوق کا مطالبہ

مسلم لیگ کی کونسل کا اجلاس

حضرت مولانا احمد سعید صاحب کی صحت

دہلی میں ایک برہمن کا قتل

شاردا ایکٹ کو سخت بنانے کے لئے جدید بل

ایک مسلم خاتون گولی سے ہلاک کر دی گئی

غالب مرحوم کی یادگار میں جلسہ

کنواری ملازموں کو ترقی نہ دی جائے

سندھ میں زبردست ڈاکہ

گولی سے ایک شخص کی ہلاکت

زمینداروں کا وفد لندن جائیگا

برما کونسل میں حکومت کو دو شکستیں

اسمبلی کے ممبر کھڑے کیوں کئے جاتے ہیں

صدر اسمبلی کے نام خط

ہندوستان کی خلاف قانون انجمنیں

اسمبلی میں ہوم ممبر کا بیان

سرحد اور سندھ کی علیحدگی کا مطالبہ

اٹلانٹا میں اہم ترمیمات

پارلیمنٹری رپورٹ غور کرنے کے قابل نہیں ہے

ٹیکس لگانے کی موجودہ پالیسی پر نظر ثانی

ڈچ پولیس نے ۲۰ اشتراکیوں کو گرفتار کر لیا

مولانا آزاد سبحانی کی رہائی

برطانیہ کی دھمکی سے آئرلینڈ مرعوب نہیں ہوگا

گورنر جنرل اور گورنروں کو ہدایات

زلزلہ بہار کی سرکاری رپورٹ
سات ہزار اموات

پٹنہ ۱۵ فروری۔ زلزلہ بہار کے متعلق گورنمنٹ کی رپورٹ شائع ہوگئی جو کہ دو سو صفحات پر مشتمل ہے اس رپورٹ سے پایا جاتا ہے کہ بہار کا زلزلہ کیا بلحاظ شدت، کیا بلحاظ رقبہ تاریخ میں سب سے زبردست زلزلہ تھا۔ اس کا اثر کم سے کم چھ ہزار مربع میل رقبہ میں محسوس کیا گیا لیکن ان ہر دو امور کے باوجود نقصان جان مقابلتہً کم تھا یعنی صرف سات ہزار دو سو ترپن۔ اس سال بار گورنمنٹ نے وائسرائے فنڈ سے ۳۲ لاکھ روپیہ مکانات کی از سر نو تعمیر کے لئے تقسیم کیا۔ ۱۸ لاکھ روپیہ مقامی گورنمنٹ اسی مطلب کے لئے قرض دیا۔ اس کے علاوہ ۲۵ لاکھ روپیہ کسانوں کو اپنے کھیتوں کو قابل کاشت بنانے کے لئے پیشگی دیا گیا ہے۔ وائسرائے فنڈ کے علاوہ میئر کلکتہ کے فنڈ نے بھی ساڑھے ۱۹ لاکھ روپیہ خرچ کیا۔ کانگرس فنڈ کا ذکر تک نہیں کیا گیا دیگر پرائیویٹ امداد جماعتوں نے بھی امداد کی۔

پارلیمنٹری رپورٹ منظور ہوگئی
کونسل آف اسٹیٹ کی کارروائی

دہلی ۱۵ فروری کل کونسل آف اسٹیٹ میں مسٹر یامین خاں (نامزدہ ممبر) کی تحریک منظور کرلی گئی کہ جائنٹ پارلیمنٹری کمیٹی کی مجوزہ اصلاحات پر جلد عمل کیا جائے۔

راجہ غضنفر علی خاں نے مسٹر محمد علی جناح کی ترمیم کی وضع پر ایک ترمیم پیش کی تھی۔ اس ترمیم کا دوسرا حصہ منظور کرلیا گیا ...

پارلیمنٹ میں لیبر پارٹی کو شکست

لندن ۱۵ فروری مسٹر جارج لینسبری نے حکومت کے خلاف عدم اعتماد کی جو تحریک پیش کی تھی وہ ایک ہنگامہ خیز مباحثہ کے بعد ۸۸ آراء کے مقابلہ پر ۴۷۲ آراء سے مسترد ہوگئی۔ مسٹر لینسبری نے حکومت کی اس پالیسی پر نکتہ چینی کی کہ بیروزگاروں کو کار سرلگانے کے لئے حکومت نے کوئی ٹھوس امداد نہیں کی ہے۔ بلکہ اس نے بیروزگاروں کی امداد کے لئے ... کرکے پارلیمنٹ کو ان کے عالی نتائج کے متعلق ... اس نے ملک کا اعتماد کھو دیا ہے۔

امیر علی والیٔ شرق اردن کا انتقال

بغداد ۱۵ فروری۔ حجاز کے سابق بادشاہ علی کا انتقال ہوگیا ہے۔ آپ امیر فیصل مرحوم شاہ عراق کے بھائی اور موجودہ شاہ عراق (شاہ غازی) کے خسر تھے۔ جنگ عظیم کے زمانہ اور اس کے بعد ابن سعود کی مخالفت جنگ میں حصہ لینے کے باعث زبردست نقصان برداشت ... حکومت ان کے ہاتھ سے نکل گئی۔

دو سرخ پوش اور ایک سپاہی ہلاک

نئی دہلی ۱۳ فروری۔ اتمان زئی سے اطلاع موصول ہوئی ہے کہ ...

ہوائی جہاز تباہ۔ آٹھ مسافر ہلاک

لندن ۱۵ فروری۔ ہوائی وزارت کو اطلاع دی گئی ہے کہ ایک انگریزی جہاز ... کے پاس گر گیا ہے۔ معلوم ہوا ہے کہ جہاز میں آگ لگ گئی اور وہ پاش پاش ہوکر زمین پر گر گیا۔ اور جہاز کے اندر جتنے مسافر تھے ہلاک ہوگئے۔ جہاز میں دو ہوائی اور نصف درجن مسافر تھے۔

آواز کے بغیر اڑنے والا طیارہ

ٹورنٹو (کناڈا) (امریکہ) ٹورنٹو کے رہنے والے ایک ۲۸ سالہ شخص مسمی ... نے یہ اعلان کیا ہے کہ اس نے ایک طیارہ ایجاد کیا ہے جو ... ہوا میں پرواز کرے گا اور اس کی پرواز کے وقت ہوا میں کسی قسم کا ... پیدا نہیں ہوگی۔ اس میں ایک عجیب و غریب بڑی لگی ہوئی ہوگی جو موجد کے دعوی کے مطابق ۸۰ سینٹ (تقریباً ... روپیہ) کے خرچ پر ... گھنٹہ تک کام کرسکے گی۔

حکومت حبش کا احتجاج

روم ۱۵ فروری۔ حکومت حبش نے حبش کی حدود پر فوجوں کے اجتماع کے خلاف حکومت اٹلی کو ایک احتجاجی تار بھیجا ہے۔

... سرحدی ... کی شرکت

...



حب زرین

...

۱۹۳۵ء

کا — خاص — تحفہ

تار کا پتہ: میڈیسن دہلی — ٹیلیفون ۵۵۶

گن نائن

طاقت کی بے مثل سنہری گولیاں

مسیح الملک حکیم محمد احمد خاں صاحب کا عطیہ (سفر یورپ کے بعد)

چالیس گولیاں سات روپیہ

ہندوستانی دواخانہ (جس کو حکیم اجمل خاں نے ۱۹۰۳ء میں بنایا) دہلی (پوسٹ بکس ۲۲)

مقدمہ مسجد جنگل والی کے تمام اشخاص بری

دہلی کے بارہ معززین اشخاص کے خلاف (جن میں اراکین انتظامیہ کمیٹی مسجد جنگل والی کے ممبران بھی شامل ہیں) جو حکم سید اعجاز حسین شاہ صاحب مجسٹریٹ درجہ اول دہلی نے صادر فرمایا تھا اس حکم کو سشن جج صاحب بہادر صوبہ دہلی نے منسوخ کردیا نقل فیصلہ حسب ذیل ہے:-

مقدمہ ۱۷ الف بابت ۱۹۳۲ء ضلع دہلی۔ تاریخ اپیل ۵ اکتوبر ۱۹۳۲ء بذریعہ میاں عبدالعزیز صاحب بیرسٹر ایٹ لا، لاہور۔ وحافظ عبدالعزیز صاحب بی۔ اے۔ ایل ایل۔ بی ایڈوکیٹ دہلی۔

نام اپیلانٹ ۱۔ حافظ محمد عثمان ولد حافظ محمد ابراہیم ۲۔ محمد امین ولد مولا بخش ۳۔ عبدالغنی و حاجی حفیظ اللہ ۴۔ حافظ محمد یوسف ولد حاجی محمد ابراہیم ۵۔ حاجی محمد ابراہیم ولد حاجی بخش الٰہی ۶۔ حاجی محمد صالحین ولد حاجی بخش الٰہی ۷۔ عبدالخالق ولد حاجی عبدالغنی ۸۔ حافظ محمد الیاس ولد حاجی محمد اسمٰعیل ۹۔ حاجی عبدالرشید ولد حاجی عبدالعزیز ۱۰۔ محمد یسٰین ولد حاجی بخش الٰہی ۱۱۔ حافظ محمد احمد ولد حافظ فضل الرحمٰن ۱۲۔ حاجی عبدالستار ولد حاجی محمد اسمٰعیل ساکنان دہلی۔

بنام سرکار دولت مدار

اپیل بنا راضی حکم سید اعجاز حسین شاہ صاحب مجسٹریٹ درجہ اول صوبہ دہلی محررہ ۱۹ ستمبر ۱۹۳۲ء

جرم زیر دفعہ ۱۴۷ تعزیرات ہند

خلاصہ حکم (سید اعجاز حسین شاہ صاحب مجسٹریٹ درجہ اول دہلی) جملہ ملزمان ضمانت تعدادی ۵۰۰۔۵۰۰ ہزار روپیہ و مچلکہ برائے ایک سال داخل کریں۔

فیصلہ سشن جج صاحب بہادر صوبہ دہلی

بیان کیا جاتا ہے کہ مستغیث (دولی اللہ) نے ایک منہدم شدہ مسجد کو باداد ...

دیوانی حقوق میں مداخلت کی۔ لیکن یہ جرم ان کے خلاف عائد نہیں کیا گیا اور جب قبضہ ایک شخص کے ہاتھ سے نکل کر دوسرے کے پاس چلا جائے تو قانون بھی اس شخص کی طرفداری کرتا ہے جو قابض ہو۔ خواہ وہ قبضہ کسی طریقے پر حاصل کیا گیا ہو۔

اگر نقص امن کا کوئی اندیشہ تھا تو مستغیث (دولی اللہ) بذات خود وہ شخص تھا جس نے یہ اشتعال دلایا جب کہ اس نے ان اشخاص (محمد عثمان پارٹی) کی موجودگی میں جنہوں نے کمروں میں تالے ڈالے تھے۔ جبراً قبضہ کرنا چاہا۔ مستغیث (دولی اللہ) کے اس دخل کی رکاوٹ صرف ایک یا دو اشخاص نے کی اور کوئی بڑی قوت استعمال نہیں کی گئی۔

یہ واقعہ ایسا نہیں تھا کہ جس سے دوسرے اشخاص کو (محمد عثمان پارٹی کے) جو اس وقت مسجد میں موجود تھے مجمع خلاف قانون قرار دیا گیا۔

میں اپیل منظور کرتا ہوں اور تمام ملزمان کو بری کرتا ہوں اور ان کے ضمانت نامے منسوخ کرتا ہوں۔

دستخط۔ آر۔ بی۔ بیکٹ صاحب بہادر سشن جج بہادر صوبہ دہلی مورخہ ۳۰ جنوری ۱۹۳۵ء (نامہ نگار)

جمعیت رعایائے نظام
اغراض و مقاصد اور مسلک

چونکہ اعلیٰ حضرت بندگان عالی مدظلہ العالی کی رعایا کی معاشرتی، اخلاقی، اقتصادی اور سیاسی ترقی کے لئے یہ لازمی ہے کہ پرامن اور آئینی طریقہ سے متحدہ اور منظم کوششیں کی جائیں اور چونکہ متحدہ کوششیں اس وقت تک ممکن نہیں جب تک کہ عوام الناس کے مختلف طبقات باہمی بے اعتمادی اور فرقہ وارانہ و جماعتی تعصبات سے پرہیز نہ کریں تاکہ وہ ایک مشترکہ مقصد کے ...

...

مسلک

...

ان کا تحفظ کرنا۔

...

میں PARAMOUNTCY کے نام سے موسوم کی جاسکتی ہے۔

بچوں والو ہوشیار

بچوں کی بخار، کھانسی، مسوڑی، بادی، دودھ ڈالنا، دست ہونا، دست میں کیڑے نکلنا، مروڑ وغیرہ ہر ایک بیماری کو دور کرنے لئے اور کمزور بچوں کو موٹا تازہ طاقتور بنانے کے لئے حکیم تلسی پرشاد اگروال کی گورنمنٹ ہند سے رجسٹری کی ہوئی

بال جیون گھٹی رجسٹرڈ

سارے ہندوستان میں مشہور ہوچکا ہے بچے خوشی سے پی لیتے ہیں۔ سب جگہ سوداگروں کے یہاں فروخت ہوتی ہے لیکن نقلی سے بچو۔ حکیم تلسی پرشاد کی اصلی بال جیون گھٹی دیکھ کر لو۔ قیمت فی شیشی ۸ پیسہ، جن کا محصول ایک سے چار شیشی تک ۸ درجن ۱۲ سوداگروں اور ایجنٹوں کو نہایت معقول کمیشن۔ نئے سوداگر و ایجنٹ نمونہ مفت طلب کریں۔

مفت لو۔ جو صاحب ہمارے نام سے مکمل پتے کے بھیجیں گے ہر بیماری کا مجرب علاج بتانے والا رسالہ چراغ صحت مفت بھیجا جاوے گا۔

پتہ: مینیجر بال جیون کاریالیہ علی گڑھ شہر (یو۔پی)

حضرت مولانا الحاج حافظ احمد سعید صاحب
کی
تقریر سیرت

حضرت سحبان الہند مولانا الحاج حافظ احمد سعید صاحب ناظم جمعیۃ علمائے ہند کی وہ بصیرت افروز شریعت آموز تقریر جو حضرت موصوف نے ... کے جلسہ سیرت میں ارشاد فرمائی تھی اور جس کو بعد میں مزید تفصیل و تشریح کے ساتھ مرتب و مدون کرکے الجمعیۃ میں جزو جزو شائع کیا گیا تھا اب قارئین الجمعیۃ کے مسلسل و پیہم اصرار پر کتابی شکل میں ادارہ الجمعیۃ کی جانب سے شائع کی جارہی ہے اور اس کے ساتھ وہ آخری حصہ بھی شامل کردیا ہے جو الجمعیۃ میں درج نہ کیا جاسکا۔ ... حضرات نے اس تقریر کا شائع شدہ حصہ شروع سے آخر تک ملاحظہ فرمایا ہے ان کو تو ضرور یہ اندازہ ہوگیا ہوگا کہ رموز و معارف شریعت کا علم حاصل کرنے اور نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم کی سیرت مقدسہ کے متعلق ایک بے نظیر و بے عدیل مجموعۂ معلومات سے بہرہ اندوز ہونے کے لئے اس کتاب کی قدر و منزلت کیا ہوسکتی ہے لیکن ان حضرات کے لئے جو اس پورے سلسلہ کا مطالعہ نہیں کرسکے ہیں یا جنہوں نے یہ اعلان پہلی مرتبہ دیکھا ہے اتنا عرض کردینا ضروری ہے کہ حضرت مولانا کی یہ تقریر اپنی بے شمار خصوصیات کے اعتبار سے ایک عجیب و نادر مجموعہ ہے جو نہ صرف موجودہ دور میں بلکہ آئندہ نسلوں کے لئے بھی یادگار رہے گا۔ شریعت مقدسہ کے نہایت ادق مسائل و دشوار نکات اس طرح پیش کئے گئے ہیں کہ ہر عالم و عامی ان کو سمجھ سکتا ہے اور ان سے افادہ کرسکتا ہے اس پر حضرت مولانا کی سلاست زبان اور روانیٔ بیان نے وہ کام کیا ہے کہ مضامین کی وقعت اور مسائل کی دشواری کے باوجود شروع سے آخر تک دلچسپی برابر قائم رہتی ہے۔ ہندوستان کے مختلف شہروں اور قصبوں میں ہزاروں لاکھوں مسلمان ایسے ہوں گے جو حضرت مولانا کے مواعظ حسنہ سے مستفید ہوچکے ہیں اور ایک مرتبہ نہیں صدہا مرتبہ حضرت مولانا کی تقریریں سننے کے باوجود ہمیشہ اس کے مشتاق رہتے ہیں کہ ایک مرتبہ پھر کہیں حضرت مولانا کی تقریر سننے کا اتفاق ہو ان تمام مسلمانوں کے لئے یہ مژدہ یقیناً جانفزا ہوگا کہ یہ تقریر سیرت جو شائع کی جارہی ہے۔ حضرت مولانا کی اکثر تقریروں کا لب لباب ہے اور اس میں سیرت کے متعلق بہت سے وہ مضامین جو حضرت مولانا اپنی مختلف تقریروں میں ارشاد فرمایا کرتے ہیں انداز بیان اور خوبیٔ زبان کی تمام خصوصیتوں کے ساتھ جمع کردئے گئے ہیں اور اسی لئے اس کتاب کو اپنے پاس رکھنا یا اس کا مطالعہ کرنا حضرت مولانا کے مواعظ حسنہ سے ہر وقت بہرہ اندوز ہونے کے مترادف ہے "تقریر سیرت" میں جو مضامین زیر بحث آئے ہیں ان کے بعض عنوانات بطور نمونہ درج ذیل کئے جاتے ہیں تاکہ کتاب کی ہمہ گیری و وسعت کا کچھ اندازہ کیا جاسکے۔

مختصر فہرست مضامین

روحانی اور جسمانی تربیت — عالم بالا کی خدمات — مسلمانوں کے تہوار — عید الضحیٰ اور عید الفطر — ... — رسول اور پیغمبر کا فرق — حکما کا متفقہ مسئلہ — نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم کا دعوت فہم — ہجرت کا ایک واقعہ

سب سے پہلی یونٹی کانفرنس — فضل حق کا معاملہ — ہندوؤں اور مسلمانوں کا فرق — صلح حدیبیہ — ... — صائب کا واقعہ — الفاظ و اعمال کا صورت اختیار کرنا — کافر کی قبر میں ننانوے سانپ — نکیرین کا پہلا سوال

حضرت رابعہ بصریہ کا واقعہ — حضرت ابراہیم بن ادہم — انبیاء اور حکما کا فرق — ہندوؤں کا عقیدہ — ... — حضرت داؤد و آدم کی مناسبت — حضرت داؤد کی لغزش — حضرت آدم کو ملائکہ کا سجدہ کرنا — سجدہ یا حلف وفاداری

یوم میثاق کے دو اقرارنامے — الست بربکم قالوا بلیٰ — نقطۂ ربیت کی عمومیت — حضرت یوسف علیہ السلام کا حسن — ... — حضرت عمرؓ کا واقعہ — حضرت عیسیٰ کی تشریف آوری — متبعین غلام احمد قادیانی — مرزا کا کچا چٹھا

پنجاب کا نوری فرقہ — رفاعہ کی بیوی کا قصہ — حلالہ کا حکم — ... — حضرت ابراہیم کا واقعہ — حضرت عمر بن الخطاب کا واقعہ — حضرت امیر خسرو رحمۃ اللہ علیہ — حضرت بو علی قلندر رحمۃ اللہ علیہ

بیسویں صدی کے نوجوان — ترتیب خواتین — بیوہ کے ساتھ ظلم — ... — جادو اور معجزہ کا فرق — نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم کا اعجاز — سراجاً منیرا کی تفسیر — سیاست اور مذہب

سندھ کے پیر — پست اقوام پر اسلام کا احسان — رسم و رواج کی پابندی — ... — مسرت حق کی مثال — الدنیا سجن المومن وجنۃ الکافر — حدیث شریف کے دوسرے معنی — قید خانے کی زندگی

سلب اختیار — توبہ کی مسرت کا تصور — اہل دل کا نقصان — ... — حضرت عیسیٰ کی تمثیل — حضرت علی اور ایک یہودی کی گفتگو — حیا اور ایمان کا تعلق — اماطۃ الاذیٰ کے معنی

توہین انبیاء کے مجرم — انبیاء میں تفاوت — حضرت امام الحرمین کا واقعہ — ... — شیطان کا فریب — شیطان کا کورا جواب — ملائکہ اور شیاطین — قرآن کی زندگی — حضور کی زندگی

حضرت لوط اور ابراہیم علیہما السلام — قوم لوط اور فرشتے — حضرت لوط کی لغزش — ... — سائل اور تائب کی تلاش — دوزخ سے آخری نجات پانے والا — سائل اور سخی میں کشمکش — قسموں کی مناسبت — مومن اور منافق کی مثال

پوری کتاب دو سو صفحات پر مشتمل ہے اور نہایت بہتر کتابت و طباعت کے ساتھ شائع کی جارہی ہے اس کے باوجود قیمت علاوہ محصولڈاک صرف ایک روپیہ (عہ) رکھی گئی ہے تاکہ امیر و غریب سب حضرات مساوی فائدہ اٹھاسکیں۔

منیجر "الجمعیۃ" گلی قاسم جان دہلی

رجسٹرڈ نمبر ایل ۱۶۹۳

یَدُ اللّٰہِ عَلَی الْجَمَاعَۃ

تار کا پتہ:۔ "الجمعیۃ دہلی"
ٹیلیفون نمبر ۵۷۴

سہ روزہ الجمعیۃ دہلی

مدیر مسئول:۔ ہلال احمد زبیری (بی۔اے)   معاون:۔ محمد عثمان فارقلیط

جلد ۲۱ | دہلی یوم یکشنبہ ۲۰ ذیقعدہ سنہ ۱۳۵۳ ہجری مطابق ۲۴ فروری سنہ ۱۹۳۵ء | نمبر ۱۲

معاصرین کے افکار و آراء

سوراج کی تشریحیں

انگلستان میں بے روزگاری کا انسداد

نظر بندوں کی رہائی

ہندوستان کے یورپین مسلمان

ہندوستان کے بہترین مفاد

(بندے ماترم)

(البشیر)

یورپ کی صنف نازک اور جاسوس

سربستہ راز فروخت کرنے کا پیشہ

حب الوطنی۔ انتقام اور سیر و سیاحت

ایک نوجوان لڑکی کی گرفتاری

خواتین کی رغبت

تحقیقات کا نتیجہ

(ریاست)

پادری کی لڑکی کا قبول اسلام

اسپین کے ایک جلیل القدر پادری کی لڑکی نے جب اسلامی تعلیمات کا مقابلہ کیا اور مسلمانوں کے مذہب اور ان کے اعمال کو بغور دیکھا تو اس کے دل میں اسلام کی صداقت و حقانیت جاگزیں ہوگئی اور اس نے فیصلہ کیا کہ حقیقتاً اسلام ہی وہ مذہب ہے جو دنیا اور آخرت میں نجات کا راستہ بتاتا ہے۔ ...

ملنے کا پتہ:۔ منیجر الجمعیۃ دہلی

نورانی قرآن مجید

The [Jamiat] — Regd No L.1793.

4612 Moulvi Mehdi Hassan s/o Mufti P.O Rander Dt Surat

پادری کی لڑکی کا قبول اسلام ... منیجر الجمعیۃ دہلی

Vol. XXI No 13 DELHI 20th FEBRUARY 1935 WEDNESDAY PRICE ONE ANNA

آجرہ کے مسلمانوں کی ہمدردی میں جلسہ

مسلمانان احمد آباد کی عالم نوازی

بھوپال میں کالج کی ضرورت

شریعت بل کی تائید میں جلسہ

آوارہ عورت کے عشاق میں جنگ

تین ہلاک عورت کی خودکشی

محبوب عاشق کے قدموں پر

پتہ:۔ منیجر ... شاہ عالم گلی راجان دہلی

خاص رعایت — حیات حافظ رحمت خاں

غیر مجلد دو روپے چار آنے میں خریدیے

ملنے کا پتہ:۔ منیجر اخبار الجمعیۃ گلی قاسم جان دہلی

آج تک کسی کو یاد کسی نے سنا — انوکھے ہار کا خاص انعام صرف ۱۲ میں

انٹرنیشنل ٹریڈنگ کمپنی پوسٹ بکس نمبر ۲۵۷ کلکتہ (A-D)

حیرت انگیز ضروری ایجاد — امساک کی گولیاں

منیجر نروٹیو فارمیسی (اے برانچ) بالمقابل مرکنٹائل بنک روڈ فتحپوری دہلی DELHI

مفت! مفت!! مفت!!!

پرنسپل ولڈ انڈین میڈیکل کالج انبالہ شہر

خضاب چھوڑ دو

پتہ:۔ بال کالا اسٹورس پوسٹ کسی سری (دربھنگہ)

حمائل شریف مترجم مع خلاصۃ التفاسیر

ملنے کا پتہ:۔ منیجر اخبار الجمعیۃ گلی قاسم جان دہلی

مشہور و معروف دو ترجمہ والا معجزنما متوسط قرآن مجید مع کامل تفسیر

حیرت انگیز رعایتی اعلان

منیجر اخبار الجمعیۃ گلی قاسم جان دہلی

خطبۂ صدارت شریعت کانفرنس

منعقدہ ۲۲-۲۳-۲۴ فروری ۱۹۳۵ء بمقام پشاور (صوبہ سرحد)

از

علامۃ العصر فہامۃ الدہر مفتی ہند شیخ الحدیث والفقہ حضرت مولانا مولوی مفتی محمد کفایت اللہ صاحب

صدر جمعیۃ علماء ہند و صدر کانفرنس

بسم اللہ الرحمن الرحیم

الحمد للہ العلی الکبیر المتعال المتوحد فی ذاتہ المتفرد بصفات الکمال اشہد ان لا الہ الا ہو وحدہ لا شریک لہ لم یزل ولا یزال والصلوٰۃ والسلام علی رسولہ النبی الامی الہادی الی الرشد والفلاح المنقذ من ہاویۃ الغوایۃ والضلال صلی اللہ علیہ وسلم مادامت الایام واللیال وعلی الہ واصحابہ المتادبین

[illegible]

واٰخر دعوانا ان الحمد للہ رب العلمین والصلوٰۃ والسلام علی رسولہ محمد والہ واصحابہ اجمعین۔

فقیر محمد کفایت اللہ کان اللہ لہ

ذی القعدہ ۱۳۵۳ھ - فروری ۱۹۳۵ء

اٹھ کہ خورشید کا سامان سفر تازہ کریں — نفس سوختۂ شام و سحر تازہ کریں

بیس سال کے بعد

دنیائے اسلام کے شاعر اعظم کا اردو کلام شائع ہو گیا

ترجمان حقیقت

علامہ ڈاکٹر سر محمد اقبال مدظلہ

کے

تازہ اردو کلام کا مجموعہ

بالِ جبریل

جس کے لئے دنیا بے تابی کے ساتھ گھڑیاں گن رہی تھی

بہترین کاغذ پر اعلیٰ طباعت اور مطلا جلد بندی کے زیور سے آراستہ و پیراستہ ہو کر مکمل ہو گیا ہے

اس مجموعہ کی ہر غزل اور ہر نظم میں ایک نئے جذبے اور نئے ولولۂ حیات کا زندہ پیغام ہے قیمت تین روپے علاوہ محصول ڈاک۔ فوراً منگوائیے۔ ورنہ دوسرے ایڈیشن کی انتظار کرنی ہوگی۔

مسدس حالی — عکسی، رنگین و سنہری بلاکوں کے ساتھ بڑھیا قسم کے ولایتی آرٹ پیپر پر سات خوشنما رنگوں میں تاج کمپنی نے ہزار ہا روپیہ بلاکوں پر صرف کر کے مسدس حالی کو اس کی شان و عظمت کے مطابق طبع کیا ہے۔ جو صرف دیکھنے ہی سے تعلق رکھتی ہے قیمت صرف تین روپے۔

ملنے کا پتہ:- تاج کمپنی لمیٹڈ۔ برانڈرتھ روڈ۔ لاہور

(ناشران قرآن مجید و اسلامی مطبوعات)

الخیر الکثیر! حضرت شاہ ولی اللہ رحمۃ اللہ علیہ کی جلیل القدر تصنیف

جس کیلئے دنیائے اسلام کی آنکھیں ترستی تھیں، شاذ و نادر کسی پرانے کتب خانہ میں اگر کوئی قلمی نسخہ تھا بھی تو وہ کثرت نقل کی وجہ سے مسخ اور ناقابل استفادہ تھا الحمد للہ کہ آج مجلس علمی ڈابھیل کی مساعی خیر کثیر کو زیور طبع سے آراستہ کر کے اہل علم کیلئے ایک بیش بہا تحفہ پیش کر رہی ہے۔ نسخہ کی تصحیح میں جو مجلس نے اہتمام کیا ہے اس کا اندازہ اس سے ہو سکتا ہے کہ آخری نسخہ جس سے مطبوعہ نسخہ کا مقابلہ کیا گیا ہے وہ حضرت مولانا عبید اللہ سندھی مقیم حرم محترم کا ہے جو انہوں نے ماسکو (روس) کے کتب خانہ سے بڑے اہتمام سے نقل کیا تھا۔ سائز ۲۰×۲۶ بہترین طباعت و کتابت کاغذ سفید چکنا ٹائٹل رنگین قیمت ایک روپیہ (عہ)

ملنے کا پتہ:- (مولوی) محمد ادریس مالک مکتبہ شرقیہ، سوئیوالان دہلی

سچا ہمدم و رہبر بے دام

پاک صاف خیالات پیدا کر کے جسمانی و روحانی صحت حاصل کرنے کیلئے دنیا میں سچی خوشی و سنیاب کرنے کیلئے آپ آج ہی ایک کارڈ تحریر کر کے کتاب کام شاستر بالکل مفت منگوا لیں۔

ویدشاستری رہام نگر۔ کاٹھیاواڑ

معجون شباب آور

قوت مردمی اور دل، دماغ کی کمزوری کے لئے

زہریلی اور نشہ کی چیزوں سے بالکل پاک ہے

قیمت فی شیشی

ہمدرد دواخانہ یونانی دہلی

مانو لسم نسخۂ خاص دواؤں



مینیجر ہمدرد دواخانہ یونانی دہلی ٹیلیفون نمبر 5778

کوی نورودید بھوشن پنڈت ٹھاکر دت شرما وید موجد امرت دھارا کی مفید و دلچسپ تصنیف

کام ورتی شاستر حصہ اول

اس میں ۲۴۵ دستی تصاویر اور پچاس فوٹو بلاک کی تصاویر دی گئی ہیں!

ساتویں بار چھپکر تقریباً نصف بک چکی ہے جلدی منگوا لیں۔ ورنہ آٹھویں ایڈیشن کا انتظار کریں۔ قیمت اردو پانچ روپے ہندی پانچ روپیہ

طالب علم درخواست نہ کریں!

کام و کوک شاستروں کے نام لوٹ مچ رہی ہے اس ضروری مضمون کو غلط پیش کیا جاتا ہے۔ پنڈت صاحب نے سینکڑوں کتب کے مطالعہ کے بعد صحیح طور پر اس علم سے پبلک کو واقف کرنے کے واسطے قلم اٹھایا ہے حصہ اول نکلکر سات بار چھپ چکا ہے حصہ دوم لکھا جا رہا ہے حصہ اول میں مرد و عورت کی جوانی اور خوبصورتی کا کل بیان ہے۔ ان کی اقسام پر کل بحث ہے اور انسانی جسم کے عروج پر مکمل روشنی ڈالی گئی ہے کتاب دیکھنے سے تعلق رکھتی ہے۔ زیادہ تعریف یہاں لکھنے کی ضرورت نہیں جبکہ

ناپسند ہونے پر واپسی کی شرط ہے!

یعنی کتاب پہنچنے پر اگر ناپسند ہو تو دس دن کے اندر رجسٹری کر کے واپس کر دیں تصاویر وغیرہ دیکھ کر ہم اسکی قیمت آپکو منی آرڈر کر دینگے

خط و کتابت و تار کے لئے پتہ:- امرت دھارا ۴۵ لاہور

المشتہر:- مینیجر امرت دھارا اوشدھالیہ۔ امرت دھارا بھون۔ امرت دھارا اسٹریٹ۔ امرت دھارا ڈاکخانہ لاہور

ہمارے ایجنٹ:- میسرز بہاری لال گھاسی رام کھاری باؤلی اسٹریٹ دہلی

خطبۂ صدارت شریعت کانفرنس

منعقدہ ۲۲-۲۳-۲۴ فروری ۱۹۳۵ء بمقام پشاور (صوبہ سرحد)

از

علامۃ العصر فہامۃ الدہر مفتی ہند شیخ الحدیث والفقہ حضرت مولانا مولوی مفتی محمد کفایت اللہ صاحب

صدر جمعیۃ علماء ہند وصدر کانفرنس

بسم اللہ الرحمن الرحیم

الحمد للہ العلی الکبیر المتعال المتوحد فی ذاتہ المنفرد بصفات الکمال اشہد ان لا الہ الا ھو وحدہ لا شریک لہ لم یزل ولا یزال والصلوٰۃ والسلام علی رسولہ النبی الامی الہادی الی الرشد والفلاح المنقذ من ھاویۃ الغوایۃ والضلال صلی اللہ علیہ وسلم ما دامت الایام واللیال وعلی آلہ واصحابہ المتادبین بآدابہ والمتمسکین باھدابہ۔

امابعد - فقیر بے بضاعت خاکسار محمد کفایت اللہ آپ حضرات کا تہ دل سے شکر گزار ہے کہ آپ نے اس عظیم الشان جلسہ کی صدارت سے اس فقیر کو معزز وممتاز فرمایا۔ حق تعالےٰ آپ کو جزائے خیر عطا فرمائے۔ آمین۔

یہ مبارک ومقدس اجتماع ایک ایسا اجتماع ہے جس کی عظمت واہمیت اسکے نام (شریعت کانفرنس) سے ہی ظاہر ہے۔

اس مجلس کا انعقاد جس صوبہ میں ہو رہا ہے وہ صوبہ بھی خاص اسلامی روایات کا حامل ہے یہاں کے نیک دل اور سیدھے مسلمان شریعت غرائے محمدیہ علی صاحبہا الصلوٰۃ والسلام والتحیہ کے ساتھ جو عشق وشغف رکھتے ہیں وہ تمام ہندوستان میں مشہور ومعروف ہے۔ اگر ہندوستان کے دوسرے صوبوں سے یہ صوبہ اس اسلامی ضرورت کو پورا کرنے کی مساعی میں پیش پیش رہا تو یہ کوئی تعجب کی بات نہیں یہی ہونا چاہئے تھا اور الحمد للہ کہ یہی ہوا۔

شریعت کانفرنس کا مقصد

شریعت کانفرنس کا مقصد انعقاد کیا ہے - یہ ایک سوال ہے جو بعض مسلمانوں ...

کردیا ہے اور بجائے اسکے کہ وہ نسبت ... کے فرمان کنتم خیر امۃ اخرجت للناس کے مطابق وہ نزول رحمت الٰہیہ کے مستحق ہوتے غیر اسلامی رسوم ورواج اختیار کر لینے کے باعث فلیحذر الذین یخالفون عن امرہ ان تصیبہم فتنۃ او یصیبہم عذاب الیم کے مورد بن چکے ہیں۔

جہاں تک تعلیم وتبلیغ کا تعلق ہے، علماء اسلام ہمیشہ سے ان کو اتباع اسوۂ حسنہ کی دعوت دیتے آئے ہیں اور اپنا فرض تبلیغ ادا کرتے رہے ہیں، مگر یہ بھی ایک روشن حقیقت ہے کہ ہزارہا انسانی طبائع اس قسم کی ہوتی ہیں کہ وہ صرف زبانی تعلیم وتبلیغ سے اثر پذیر نہیں ہوتیں۔ ان کے لئے قانون حکومت کے شکنجے کی ضرورت پیش آتی ہے اور حکومت اسلامیہ کی گرفت اور قانونی نظام ہی ان کو جادۂ شریعت پر قائم رکھ سکتا ہے۔

بدقسمتی سے ہندوستان تقریباً ڈیڑھ صدی سے حکومت الٰہیہ کی سرپرستی سے محروم ہو کر ایک حکومت غیر مسلمہ کے ماتحت زندگی کے دن گزار رہا ہے، حکومت متسلطہ چونکہ غیر اسلامی حکومت ہے اس کو اسلامی احکام پر مسلمانوں کو مجبور کر کے عمل کرانے سے کیا غرض ... ایک طرف سے تو حکومت اسلامیہ کا شکنجہ ڈھیلا ہو گیا، دوسری طرف یورپ سے الحاد وزندقہ کے طوفان اُٹھے اور ہندوستان کی فضا ... مسلمانوں سے ان غیر اسلامی رسوم ورواجات کو ... زیر تجویز مسودۂ قانون کا صرف یہ مطلب ہے کہ مسلمانوں میں جو افراد اسلام پر یقین واعتقاد رکھتے ہیں، وہ اپنے آپ کو مسلمان کہتے اسلامی قانون کے قائل ہونے کا زبان سے اعتراف کرتے ہیں ...

[illegible]

... بچوں کو قتل کرنا بھی اسی آیت کے ضمن میں سخت ترین جریمہ اور آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کے صریح حکم ولا تقتلوا ولیدا کی کھلی خلاف ورزی ہے نابالغ بچوں کے قتل کی ممانعت تو میدان جنگ میں کافر دشمنوں کے بچوں کو بھی شامل ہے چہ جائیکہ مسلم بچوں کو قتل کر کے خدائے قہار کا غضب خرید لیا جائے۔

واخر دعوانا ان الحمد للہ رب العٰلمین والصلوٰۃ والسلام علی رسولہ محمد وآلہ واصحابہ اجمعین۔

فقیر محمد کفایت اللہ کان اللہ لہ

ذی القعدہ ۱۳۵۳ھ - فروری ۱۹۳۵ء

اٹھ کہ خورشید کا سامان سفر تازہ کریں — نفس سوختہ شام وسحر تازہ کریں

بیس سال کے بعد

دنیائے اسلام کے شاعر اعظم کا اردو کلام شایع ہو گیا

ترجمان حقیقت

علامہ ڈاکٹر سر محمد اقبال مدظلہ

کے

تازہ اردو کلام کا مجموعہ

بال جبریل

جس کے لئے دنیا بے تابی کے ساتھ گھڑیاں گن رہی تھی

بہترین کاغذ پر اعلیٰ طباعت اور مطلا جلد بندی کے زیور سے آراستہ وپیراستہ ہو کر مکمل ہو گیا ہے

اس مجموعہ کی ہر غزل اور ہر نظم میں ایک نئے جذبے اور نئے ولولہ حیات کا زندہ پیغام ہے قیمت تین روپے علاوہ محصولڈاک - فوراً منگوائیے - ورنہ دوسرے ایڈیشن کی انتظار کرنی ہوگی۔

مسدس حالی — عکسی، رنگین وسنہری بلاکوں کے ساتھ بڑھیا قسم کے ولایتی آرٹ پیپر پر سات خوشنما رنگوں میں تاج کمپنی نے ہزارہا روپیہ بلاکوں پر صرف کر کے مسدس حالی کو اس کی شان وعظمت کے مطابق طبع کیا ہے۔ جو صرف دیکھنے ہی سے تعلق رکھتی ہے قیمت صرف تین روپے۔

ملنے کا پتہ:- تاج کمپنی لمیٹڈ برانڈرتھ روڈ - لاہور

(ناشران قرآن مجید واسلامی مطبوعات)

الخیر الکثیر! حضرت شاہ ولی اللہ رحمۃ اللہ علیہ

کی جلیل القدر تصنیف

جس کیلئے دنیائے اسلام کی آنکھیں ترستی تھیں، شاذونادر کسی پرانے کتب خانہ میں اگر کوئی قلمی نسخہ تھا بھی تو وہ کثرت نقل کی وجہ سے مسخ اور ناقابل استفادہ تھا الحمد للہ کہ آج مجلس علمی ڈابھیل کی مساعی خیر کثیر کو زیور طبع سے آراستہ کر کے اہل علم کیلئے ایک بیمثل تحفہ پیش کر رہی ہے۔ نسخہ کی تصحیح میں جو مجلس نے اہتمام کیا ہے اس کا اندازہ اس سے ہو سکتا ہے کہ آخری نسخہ جس سے تصحیح شدہ نسخہ کا مقابلہ کیا گیا ہے وہ حضرت مولانا عبید اللہ سندھی مقیم حرم محترم کا ہے جو انہوں نے ماسکو (روس) کے کتب خانہ سے بڑے اہتمام سے نقل کیا تھا۔ سائز ۲۰×۲۶ بہترین طباعت وکتابت کاغذ سفید چکنا ٹائیٹل رنگین قیمت ایک روپیہ (عہ)

ملنے کا پتہ:- (مولوی) محمد ادریس مالک مکتبہ شرقیہ سوئیگران دہلی

سچا ہمدم ورہبر بے دام

پاک صاف خیالات پیدا کر کے جسمانی وروحانی صحت حاصل کرنے کیلئے دنیا بھر سچی خوشی ودستیاب کرنے کیلئے آپ آج ہی ایک کارڈ تحریر کر کے کتاب کام شاستر بالکل مفت منگوالیں۔

وید شاستری جام نگر - کاٹھیاواڑ

معجون شباب آور

قوت مردمی اور دل - دماغ کی کمزوری کے لئے مشہور

زہریلی اور نشہ کی چیزوں سے بالکل پاک ہے

تمام ہندوستان میں اس کے بے نظیر فوائد کا اعتراف

قیمت فی شیشی (پانچ تولہ) پانچ روپیہ نمونہ کی شیشی (ایک تولہ) ایک روپیہ

ہمدرد دواخانہ یونانی دہلی



ہمدرد دواخانہ یونانی دہلی ٹیلیفون نمبر 5778

کوی نوود وید بھوشن پنڈت ٹھاکر دت شرما وید موجد امرت دھارا کی مفید ودلچسپ تصنیف

کام ورتی شاستر حصہ اول

اس میں ۲۴۵ دستی تصاویر اور پچاس فوٹو بلاک کی تصاویر دی گئی ہیں!

ساتویں بار چھپکر تقریباً نصف بک چکی ہے جلدی منگوالیں - ورنہ آٹھویں ایڈیشن کا انتظار کرنا پڑے گا قیمت اردو پانچ روپے ہندی پانچ روپے

طالب علم درخواست نہ کریں!

کام وکوک شاستر کے نام سے لوٹ مچ رہی ہے اس ضروری مضمون کو غلط پیش کیا جاتا ہے۔ پنڈت صاحب نے سینکڑوں کتب کے مطالعہ کے بعد صحیح طور پر اس علم سے پبلک کو واقف کرنے کے واسطے قلم اٹھایا ہے حصہ اول نکلکر سات بار چھپ چکا ہے حصہ دوم لکھا جا رہا ہے۔ حصہ اول میں مرد وعورت کی جوانی اور خوبصورتی کا مکمل بیان ہے۔ انکی اقسام پر مکمل بحث ہے اور انسانی جسم کے سروج پر مکمل روشنی ڈالی گئی ہے کتاب دیکھنے سے تعلق رکھتی ہے۔ زیادہ تعریف یہاں لکھنے کی ضرورت نہیں جبکہ

ناپسند ہونے پر واپسی کی شرط ہے!

یعنی کتاب پہنچنے پر اگر ناپسند ہو تو دس دن کے اندر رجسٹری کر کے واپس کردیں تصاویر وغیرہ دیکھ کر رقم اسکی قیمت آپکو منی آرڈر کر دیجائیگی

خط وکتابت وتار کے لئے پتہ:- امرت دھارا ۷۵ لاہور

المشتہر:- مینیجر امرت دھارا اوشدھالیہ - امرت دھارا بھون - امرت دھارا اسٹریٹ - امرت دھارا ڈاکخانہ لاہور

ہمارے ایجنٹ:- میسرز بہاری لال گھاسی رام کھاری باؤلی اسٹریٹ دہلی

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم

الجمعیۃ دہلی

یوم یکشنبہ ۲۰ ذیقعدہ ۱۳۵۳ھ ہجری

ہندوستان کا سب سے زیادہ مجبور و مظلوم علاقہ

بدنصیب بلوچستان

(۲)

وائٹ پیپر کی اشاعت کے بعد جب یہ معلوم ہوا کہ بلوچستان کو بالکل ہی نظرانداز کر دیا گیا اور ان تمام مطالبات کو جو ہندوستان کے طول و عرض میں مختلف طبقات کی جانب سے بلوچستان کی نظلومانہ حالت کو بدلنے اور وہاں کی حکومت کو مہذب کرنے کے متعلق پیش کئے گئے تھے ٹھکرا دیا گیا اور تمام ہندوستان میں سب سے زیادہ بدتر اور ناقابل برداشت نظام حکومت بلوچستان ہی کو دیا گیا تو ایک مرتبہ پھر تمام ملک کے اخبارات میں اس طرز عمل کے خلاف احتجاج کیا گیا اور خود ...

ایک لیجسلیٹو اسمبلی ہیں۔

(۸) سرحدی قانون اور ایسے ہی دیگر قوانین منسوخ کر دیے جائیں گے۔ رسمی قانون کا ایک رسالہ شریعت اور جدید مساوات کی روشنی میں مرتب کیا جائیگا جو کہ سارے بلوچستان پر حاوی ہوگا۔ مقدمات کی مکمل کاروائی تحریری صورت میں محفوظ رکھی جائیگی اور مقدمہ کرنے والوں کو دوسرے صوبوں کی طرح تمام تر سہولتیں بہم پہنچائی جائیں گی۔

...

اسباب وعلل میں کوئی سبب وعلت ایسی نظر آتی ہے جو معقولیت کے ساتھ بلوچستان کو ترقی یافتہ اصلاحات سے محروم کر سکے اور نہ حکومت ہند کے ڈسپیچ یا گول میز کانفرنسوں کی کارروائیوں یا پارلیمنٹری کمیٹی کی رپورٹ میں کوئی دلیل ایسی ملتی ہے جو اس قسم کے انتہائی قابل اعتراض نظام حکومت کو بلوچستان کے اندر جاری رکھنے کو ایک صحیح طریق کار ثابت کر سکتی ہو۔ سائمن کمیشن نے اس صوبہ کو اصلاحات سے محروم کر دینے کے جو دلائل دئے تھے اور جنہیں اس وقت سے لے کر اب تک پیش کیا جاتا رہا ہے اور جن پر اس تمام ظلم اور بے انصافی کی بنیاد ہے ان کے متعلق ہم آئندہ اشاعت میں تفصیل کے ساتھ اظہار خیال کریں گے تاکہ ان کی نامعقولیت پوری طرح واضح ہو جائے اور اسی سلسلہ میں یہ بھی بتائیں گے کہ بلوچستان کی جانب سے حکومت ہند اور حکومت برطانیہ کا یہ تغافل حقیقتہً کس بنا پر ہے اور خود سائمن کمیشن کی رپورٹ میں اس حقیقت کی طرف کس طرح اشارہ کیا گیا ہے اور بلوچستان کے مذکورہ بالا اقل قلیل مطالبات کی ضرورت واہمیت پر بھی اس ضمن میں روشنی ڈالی جائے گی۔

(باقی آئندہ)

شریعت کانفرنس پشاور

۲۲، ۲۳، ۲۴ فروری ۱۹۳۵ء کو پشاور میں مسلمانان صوبہ سرحد کا جو عظیم الشان اجتماع "شریعت کانفرنس" کے نام سے منعقد ہو رہا ہے وہ ہندوستان کی موجودہ تاریخ میں زبردست اہمیت رکھتا ہے اور ہمیں یقین ہے کہ اس مبارک اجتماع کے نتائج نہ صرف صوبہ سرحد کے لئے بلکہ تمام ہندوستان کے مسلمانوں کے لئے موجب فلاح و صلاح ثابت ہوں گے۔ یہ اس عظیم الشان اجتماع کی غیر معمولی اہمیت ہی ہے جس نے حضرت العلامہ مفتی محمد کفایت اللہ صاحب صدر جمعیۃ علماء ہند کو باوجود علالت طبع اور انحلال وضعف کے اس پر آمادہ کر دیا ہے کہ دہلی سے پشاور تک کا دور و دراز سفر اختیار کر کے کانفرنس کی صدارت فرمائیں اور ان مسائل کے متعلق جو اس کانفرنس کے سامنے پیش ہونے والے ہیں صدر منتخب کی حیثیت سے حاضر کی صحیح رہنمائی کر کے انہیں نتیجہ خیز فیصلوں تک پہنچنے میں امداد دیں۔

اس کانفرنس کا خطبۂ صدارت جو ۲۳ فروری کو پشاور میں پڑھا گیا ہے ہم آج ہی کی اشاعت میں کسی دوسری جگہ درج کر رہے ہیں۔ حضرت مفتی صاحب نے اس خطبۂ صدارت میں شریعت کانفرنس کی غرض وغایت اور مسئلہ زیر بحث کے متعلق مسلمانان صوبہ سرحد کے دینی و ملی فریضہ کی اہمیت پر جو فاضلانہ ...

میں بھی اسلامی غیرت وحمیت کے آثار پائے جاتے ہیں اور جہاں کی مسلم آبادی سے بجا طور پر یہ توقع کی جاتی ہے کہ وہ اسلام کی شاندار روایات کے احیاء اور شریعت مقدسہ کے نفاذ واجراء میں مسلمانان ہند کی قیادت کرے گا۔ اگر اس صوبہ کے مسلمانوں کی قلیل سے قلیل تعداد نے بھی اس سلسلہ میں کوئی قبیح مثال قائم کی تو اس کا یہ طرز عمل ہندوستان کے بسنے والے دوسرے مسلمانوں کے لئے بالکل خلاف توقع اور سخت مایوس کن ہوگا۔ اگر صوبہ سرحد کے مسلمان حقیقتہً مسلمان ہیں اور ان کو ناموس شریعت کے اجلال واحترام کا سب سے زیادہ خیال ہے اور ان کے اندر مذہب کی حقیقی روح فنا نہیں ہو گئی ہے تو ان کا فرض اولین یہ ہے کہ وہ "شریعت کانفرنس" میں اپنے لئے ایک متفقہ فیصلہ کریں اور حکومت کو مطلع کر دیں کہ وہ شریعت بل کی حمایت میں متفق ومتحد ہیں اور ان کے اندر کوئی اختلاف موجود نہیں ہے۔

اگر حکومت نے "شریعت کانفرنس" جیسے مہتم بالشان اجتماع کے متفقہ فیصلہ کو بھی ٹھکرانے کی کوشش کی اور صوبہ سرحد کی کونسل میں جو شریعت بل اس وقت پیش ہے اسے اس کانفرنس کی آخری وحتمی رائے کے بعد بھی اپنی پوری حمایت سے ...

شذرات

سعی مصالحت اور مہاسبھائی لیڈر

حکومت کو ایک اور شکست

حوادث و احکام

استفتاء

الجواب

دار الحکومت

پشاور میں اکابر علماء کا تاریخی اجتماع

شریعت کانفرنس کا شاندار اجلاس

دہلی ۲۲ فروری۔ شریعت کانفرنس پشاور کے تاریخی اجلاس کی صدارت کے لئے حضرت علامہ مفتی محمد کفایت اللہ صاحب صدر جمعیۃ علماء ہند کا انتخاب عمل میں آیا تھا چنانچہ موصوف کل دہلی سے روانہ ہو گئے۔ آپ کے ہمراہ مولانا سمیع اللہ صاحب و مولانا محمد عظمت اللہ صاحب نائب ناظم جمعیۃ علماء صوبہ دہلی بھی تشریف لے گئے ہیں۔ شریعت کانفرنس میں اکابر علماء نے شرکت فرمائی ہے حضرت شیخ الہند مولانا حسین احمد صاحب مدنی، حضرت مولانا احمد علی صاحب صدر جمعیۃ علماء پنجاب، مولانا حبیب الرحمٰن صاحب لدھیانوی صدر مجلس احرار اسلام ہند، مولانا سید عطاء اللہ شاہ بخاری و دیگر علماء ہند کانفرنس کی شرکت کے لئے پشاور تشریف لے گئے ہیں۔ حضرت مولانا احمد سعید صاحب علالت کے ...

شہر سے بھینسوں کے اخراج کی تجویز

دہلی میونسپلٹی میں شہر کی غلاظت کا ذکر

عورتوں کے متعلق مجرموں کو نامرد بنا دیا جائے

بنگال کونسل میں ہوم ممبر کا اعلان

سپیشل پولیس افسر کے خلاف وارنٹ

مسلم عورت کی عصمت پر حملہ کرنے کا الزام

ڈاکوؤں نے عورت اور چوکیدار کو ہلاک کر دیا

ڈسٹرکٹ جیل سیالکوٹ کا نول ڈسپنسری بند کی جائے

دہلی میں آل انڈیا صنعتی نمائش کا افتتاح

برما کو نوآبادیات دیا جائے

دہلی میں اموات کی کثرت

ہندوستانی عیسائیوں کا مطالبہ

درجہ نوآبادیات کا لفظ شامل کیا جائے

پرتگال کا نیا صدر

اسمبلی میں حکومت کو زبردست شکست

ریلوے کے مطالبہ میں تخفیف کی تحریک منظور ہو گئی

شاہان دہلی کے ۳۸ اشخاص کو وظیفہ

دہلی ۲۲ فروری۔ آج اسمبلی نے ۷۰ آراء کی مخالفت اور ۵۰ آراء کی موافقت سے مسٹر بھولا بھائی دیسائی کی جزوی تخفیف کی تجویز جس کے ذریعہ ریلوے بورڈ کے مطالبہ زر کو کم کر کے ایک روپیہ کیا گیا ہے منظور کر لی۔

مسٹر دیسائی نے اپنی تجویز کی تائید میں ایک نہایت مدلل اور معرکتہ الآراء تقریر کی اور عوام کے مطالبات سے حکومت کی لاپرواہی پر سخت نکتہ چینی کی۔

مسٹر مٹیکاف فارن سکریٹری نے مسٹر آصف علی کو بتایا کہ اپریل ۱۹۲۲ء میں شاہان دہلی کے اولاد میں سے ۳۸ آدمیوں کو لکھنؤ کے سرکاری خزانہ سے وظیفہ مل رہا ہے۔

نئی دہلی ۲۱ فروری۔ آج اسمبلی میں بڈیٹ کا سٹنگ ووٹ سے مسٹر جوشی کی وہ ترمیم منظور ہو گئی جو بے روزگاروں کے بیمہ سے تعلق رکھتی ہے۔ ہر طرف ۵۲ ووٹ آئے۔ صدر نے اپنا ووٹ مخالف پارٹی کے حق میں دیا لیکن اس کے بعد ترمیم شدہ تجویز کو ایوان کے سامنے پیش کیا اتنی دیر میں سر جا سیف بھور (بھوپال) کونسل آف سٹیٹ سے یہاں پہونچ گئے ... اس طرح دونوں پارٹیوں کو شکست ہوئی۔ ...

ریلوں کا اچھا انتظام کرو ورنہ جگہ خالی کرو

اسمبلی میں خان عبد الغفار خاں کے متعلق سوالات

بنگلور او ر چھاؤنی کی دربار کو واپسی

ڈھائی ہزار روسیوں کی نظربندی

جدید دستور کے نفاذ کی تیاریاں

اندور میں ڈیڑھ سو بم برآمد ہوئے

اٹلی اور حبش کے جھگڑے کا تصفیہ

سکھوں میں فساد ایک ہلاک

جہاز علوی خیریت سے جدہ پہنچ گیا

کپورتھلہ کے نظم ونسق میں اہم تبدیلیاں

انڈیا بل کے سلسلہ میں وثیقہ ہدایات

گورے اور کالے کا فرق

جاسوس عورتوں نے سر جلا کر دئے گئے

تحریک التولیۃ اجلاس نامنظور

ریلوے میں مسلمانوں کو ۲۵ فیصدی ملازمتیں

سر بھور کا وعدہ

یورپ میں امن و امان قائم کرنے کی کوشش

سر جان سائمن برلن جائیں گے

برما کونسل کے صدر کو برطرف کرنے کا فیصلہ

ریلوے حادثات کی فہرست

یمن سے عربی فوج کی روانگی

انتقادات

ترجمہ سیاحت نامہ ابراہیم بیگ

جاپان اور منگولیا میں جنگ شروع ہوگئی

متعدد اشخاص ہلاک و مجروح

ڈیرن (دانچکو) ۱۸ فروری۔ ہیلاچینی مشرقی ریلوے لائن پر واقع ہے اور ہاربن جانے وقت راستہ میں آتا ہے۔ تازہ اطلاعات مظہر ہیں کہ جاپانی افواج دستہ ڈاوسٹر ہیلا پہنچ رہی ہیں اور یہ مقام چونکہ منگولیا کی سرحد سے ۵۰ میل کے فاصلے پر واقع ہے اس لئے منگولیا کی افواج بھی جاپان کی پیشقدمی کو روکنے کے لئے تیار ہو رہی ہیں۔

اس ضمن میں معلوم ہوا ہے کہ سرحد کی دوسری طرف روسی اور منگولیا کی افواج صف آرا ہو رہی ہیں اور نازک ترین صورت حالات پیدا ہوگئی ہے۔ جاپانیوں کا منشاء یہ ہے کہ جھیل بائر نور کے علاقہ میں روس کے جو اشتراکی قیام پذیر ہیں انہیں وہاں سے باہر نکال باہر کیا جائے۔ پچھلے دنوں مانچوکو کی افواج پر حملہ بھی کیا گیا اور جاپانیوں نے مانچوکو کی امداد کی ہے ادھر منگولیا کی افواج روسی سپاہیوں سے مل کر لڑ رہی ہیں۔ گذشتہ ہفتہ بائر نور کے قریب منگولیا اور مانچوکو کی افواج میں شدید جنگ ہوئی جس کے نتیجہ کے طور پر درجنوں اشخاص ہلاک اور مجروح ہوگئے اب منگولیا کی افواج پیچھے ہٹ گئی ہیں۔

شاہ سویڈن کے خاص درباری گرفتار

شاک ہالم ۱۸ فروری۔ سویڈن کے شاہی دربار کے افسر اعلیٰ یعنی لارڈ چیمبرلین کی گرفتاری سے یورپ میں بہت سنسنی پھیل گئی ہے یہ صاحب بادشاہ کے معتمد خاص اور دربار کے افسر اعلیٰ تھے انہوں نے شاہی خزانہ کا لاکھوں روپیہ غبن کیا۔ اور دسیعد کا گھر بھی لوٹا لیکن آخرکار رفتہ لگ گیا۔ اور پکڑے گئے۔

اسمبلی میں ریلوے بجٹ

دو کروڑ کا خسارہ

نئی دہلی ۱۸ فروری۔ آج سر جاسیف بھور نے اسمبلی میں اور سر گتھری رسل نے کونسل آف اسٹیٹ میں ریلوے بجٹ برائے ۳۶-۱۹۳۵ء پیش کر دیا ۳۵-۱۹۳۴ء کے لئے جو تخمینہ لگایا گیا تھا اس میں جو خسارہ ظاہر کیا گیا تھا وہ ٹریفک کے ذریعہ آمدنی بڑھ جانے سے ایک کروڑ روپیہ کم ہوگیا ۳۷-۱۹۳۶ء کے بجٹ میں دو کروڑ روپیہ کا خسارہ دکھایا گیا ہے۔ نئے سال کے لئے تعمیرات کے واسطے پندرہ کروڑ کی رقم منظور کی گئی ہے اس پروگرام میں پانچ ہزار نئی گاڑیاں خریدنے کی تجویز شامل ہے تاکہ ترقی پذیر ٹریفک کی مانگ پوری ہوسکے۔

سر جاسیف بھور کا یہ آخری بجٹ تھا۔ آپ نے اپنی بجٹ تقریر میں ہندوستانی ریلوں کی کساد بازاری، ٹریفک اور مسافروں کم [illegible]

آمدنی میں اضافہ وغیرہ کا ذکر کیا اور امید ظاہر کی کہ اس سال میں حالات اور بھی زیادہ خوشگوار ہو جائیں گے۔

قادیانی صحیفہ کا افترا

مولانا حبیب الرحمٰن صاحب کی تردید

میرے متعلق۔ اخبار الفضل قادیان مورخہ ۱۰ فروری ۱۹۳۵ء میں یہ شائع کیا گیا ہے کہ مجھے شاہی مسجد بہاولپور میں تقریر کرنے نہیں دیا گیا اور دوسرے دن مجھے شہر سے نکال دیا یہ خبر اتنی ہی جھوٹی ہے جتنا کہ مرزا غلام احمد کی نبوت۔

کیونکہ جس جماعت کا وجود اور جس کا مذہب ہی جھوٹ پر تعمیر کیا گیا ہو تو الفضل جیسے اخبار کی ایسی خبریں شائع کرنے سے مجھکو کوئی حیرت نہیں۔ اس جماعت کا اخبار اور اس کا نامہ نگار اپنے مذہبی عقیدے کے موافق اس قسم کی بے بنیاد اور لغو خبریں شائع کرنے پر مجبور ہیں۔

حقیقت یہ ہے کہ ریاست بہاولپور میں علماء جامع عباسیہ کی کوششوں سے ریاست کے اندر مرزائیت دفن ہوچکی ہے۔

۷ فروری کا دن مرزائیت کے لئے نزع کا دن تھا۔ کیونکہ تاریخ کو بہاولپور کے مشہور مقدمہ کا فیصلہ سنایا گیا تھا۔ جس کی رو سے مرزائی مرتد قرار دئے گئے اور ہر مسلمان عورت جس کا مرد مرزائی ہو جاوے وہ بغیر طلاق بھی دوسری جگہ نکاح کر سکتی ہے۔

دیہاتی انجمنوں کے متعلق حکومت کا رویہ

دہلی ۱۸ فروری۔ آج اسمبلی میں گاندھی جی کی دیہاتی انجمن کے متعلق مزید سوالات کئے گئے۔ ہوم ممبر نے بتایا کہ جب تک یہ انجمن ٹھوس کام نہ کرے گی اور اس کے نتائج ظاہر نہیں ہوں اس وقت تک یہ نہیں کہا جا سکتا کہ حکومت اس انجمن کی نسبت کیا تدابیر اختیار کرے۔

ایک دوسرے ضمنی سوال کے جواب میں کہا کہ ہمارا رویہ غیر جانبدارانہ ہوگا۔

دو ٹرینیں لڑ گئیں

ڈھکاؤں ۱۸ فروری۔ کل آسام بنگال ریلوے پر ملالنگ روڈ پر ریلوے اسٹیشنوں کے درمیان دو ٹرینوں کا تصادم ہوگیا سات ڈبے پٹری سے اتر گئے انجن میں کام کرنے والے تین آدمی مجروح ہوگئے۔ کوئی مسافر مجروح نہیں ہوا۔ [illegible] گاڑیوں کی آمد و رفت بند رہی۔

انگلستان میں خوفناک سیلاب

لندن ۱۸ فروری۔ ہفتہ کے آخری ایام میں ملک میں زبردست طوفان برپا ہوا۔ انگلستان کے بہت سے حصوں میں طوفان کی رفتار ۷۰ فی گھنٹہ سے زیادہ بڑھ گئی۔ لورپول میں طوفان کی رفتار ۷۹ میل فی گھنٹہ تک پہنچ گئی

لیک ڈسٹرکٹ میں طوفان کے ساتھ شدید بارش بھی ہوئی۔ طوفان اور سیلاب سے زبردست نقصان ہوا۔

ہوم ممبر کے پیچھے خفیہ پولیس

اسمبلی میں ایک نیا انکشاف

دہلی ۱۹ فروری کل سب سے اچھا مذاق اس وقت ہوا جب کہ ایک کانگریسی ممبر نے نہایت سنجیدگی سے یہ سوال دریافت کیا کہ آیا یہ سچ ہے کہ ایک ممبر اسمبلی کے پیچھے خفیہ پولیس اور ایک کانسٹیبل لگے ہوئے ہیں ہوم ممبر نے کہا کہ ہاں یہ بات درست ہے اس پر سب کے کان کھڑے ہوگئے کہ دیکھئے اس اقرار کے بعد اس کی کیا صفائی پیش کی جاتی ہے۔ لیکن سر ہنری کریک نے فوراً ہی کہا۔ وہ ممبر میں ہوں جس کے پیچھے اس طرح خفیہ پولیس لگی ہوئی ہے اس پر ایک ممبر نے فوراً ہی پوچھا۔ کہ کیا ہوم ممبر بھی انقلاب پسند ہے۔ اس پر ایک فرمائشی قہقہہ لگا۔ آج ایک اور واقعہ کی اطلاع بھی دینی چاہتا ہوں۔ کیونکہ اس سے بہت سے دلچسپ حالات کے رونما ہونے کا امکان ہے مسٹر گیدنگل نے کھڑے ہونے سے انکار کر دیا۔ لیکن جب بحیثیت میں مسٹر سری پرکاش کو کہا گیا تو وہ کر باؤس سے باہر چلے گئے اس وقت کانگریس لیڈر اپنی نشست پر موجود نہ تھے۔ تاہم اب کانگریس پارٹی کو ایک نہ ایک طرف فیصلہ کرنا ہوگا سرکاری ممبران بڑی سرگرمی سے مسٹر سری پرکاش کے سوال کا جواب تیار کر رہے ہیں۔ کہ گورنر جنرل کے پیغام کو سنتے وقت ممبران کو لازم ہے کہ کھڑے ہو جائیں۔

آج جو قانون میں ترامیم زیر بحث ہیں وہ بھی بہت اہم اور موجودہ قانون میں انقلاب انگیز تبدیلی کرنے والی ہونگی۔

انڈیا بل کی ۷۰ دفعات میں ترامیم

رگبی ۱۸ فروری۔ انڈیا بل کی دوسری خواندگی ہو چکنے پر اس کو کمیٹی کے سپرد کر دیا گیا تھا اور کمیٹی میں اس پر غور کرنے کے لئے بالاتفاق رائے تمام پارٹیوں نے ۳ پارلیمنٹری دن مخصوص کئے ہیں۔ آج کمیٹی کا اجلاس شروع ہوگیا ہے۔ کمیٹی کے غور کے وقت میں بل وزیر ہند سر سیموئل ہور کے چارج میں رہے گا اس مجوزہ انڈیا بل کے باب اول و دوئم میں ۵۴ کلاز ہیں ان میں سے ۷۰ کے متعلق ترامیم پیش کئے جانے کے نوٹس موصول ہوچکے ہیں۔

بنگال میں ایک نوجوان گرفتار

کلکتہ ۱۸ فروری۔ [illegible] میں ہاوڑہ آتشگیر اور اسلحہ جات کی برآمد کے سلسلہ میں تمام بنگال سے ایک سو بنگالی نوجوان گرفتار کئے جاچکے ہیں۔

ان میں سے چیف پریزیڈنسی مجسٹریٹ نے صرف دس نوجوانوں کو بری کیا لیکن ان کو پھر قانون ترمیم ضابطہ فوجداری بنگال کے ماتحت گرفتار کر لیا گیا

مکان گرنے سے دو شخص ہلاک

کراچی ۱۸ فروری۔ موضع تھلر سے اطلاع موصول ہوئی ہے کہ ایک شکستہ مکان کے گرنے سے ایک خاندان کے چار آدمی دب گئے۔

بیان کیا جاتا ہے کہ رات کے وقت جب یہ لوگ سو رہے تھے ایک مہمان آیا اور اس نے دروازہ کھٹکھٹایا اس نے دروازہ اس زور سے کھٹکھٹایا کہ دروازہ کی چوکھٹ نکل پڑی جس کی وجہ سے دیوار گر گئی۔ ملبہ کے نیچے سے ان کو نکالا گیا جن میں سے دو افراد جان بحق ہوگئے باقی دو کی حالت نازک بیان کی جاتی ہے۔

یورپین قمار بازوں پر جرمانے

کلکتہ ۱۵ فروری۔ آج چیف پریزیڈنسی مجسٹریٹ نے قمار بازی کے قانون کے ماتحت ۱۶ ملزمان کو سزا دی جو ۵ جنوری کو ہار بیکوٹن کلب سے گرفتار کئے گئے تھے۔ ملزم مختلف فرقوں سے تعلق رکھتے ہیں ان میں یوروپین اور اینگلو انڈین بھی شامل ہیں۔

دیولی کیمپ میں سیاسی نظربندوں کی تعداد

دہلی ۱۷ فروری۔ آج کونسل آف سٹیٹ میں مسٹر پی۔ این۔ سپرو کے سوال کے جواب میں گورنمنٹ ممبر نے بتلایا کہ دیولی کیمپ میں نظربند اسیران سیاسی کی تعداد ۴۹۰ ہے۔ ان کو ہفتہ میں تین خطوط لکھنے کی اجازت ہے اور اس پر کوئی پابندی نہیں ہے کہ وہ ایک دن میں کتنے خطوط موصول کرتے ہیں۔

حب زرین

زرین اصولوں پر تیار کی ہوئی حب زرین۔ زرین خواص کی حامل ہیں چنانچہ مستقل طور پر قوت باہ کو حیرت انگیز اور قابل رشک بنا بدن کی تمام طاقتوں کو اصلی معیار پر لانا اور ان کی محافظت کرنا جس سے جملہ اعضائے رئیسہ پوری طاقت حاصل کر کے بہت سے امراض کی مدافعت کرنے کے قابل ہو جاتے ہیں ان گولیوں کا مخصوص فعل ہے۔ ان گولیوں کے استعمال سے زیادہ عرصہ تک دماغی اور محنت کا کام کرنے کے بعد تکان محسوس نہیں ہوتی مرد و زن میں محبت زیادہ بڑھ جاتی ہے ضعیف العمر شوہر نوجوان بیویوں کے ساتھ پرکیف زندگی بسر کر سکتے ہیں قبض کی شکایت رفع ہو جاتی ہے وجع گٹھی اور مرض غذا اچھی طرح ہضم ہونے لگتی ہیں بھوک بڑھ جاتی ہے عورتوں کے سیلان الرحم اور بانجھپن کے رفع کرنے میں لاثانی چیز ہے۔

آپ ان گولیوں کو استعمال کر کے ضرور خوش ہوں گے "طبیب کامل" حکیم سید قاسم حسین صاحب سند و تمغہ یافتہ طبیہ کالج دہلی کی تشخیص صدی کامیاب گولیاں ہیں جن کا اعلان اشتہاری غرض سے نہیں بلکہ صرف رفاہ عام کے لئے کیا گیا ہے۔

بیس گولیوں کی قیمت علاوہ محصول ڈاک فی شخص کیلئے بالکل کافی ہیں

نیر دواخانہ کنز المجربات کوچہ چیلان گلی اجان دہلی سے طلب فرمائیں

۱۹۳۵ء — کا — خاص — تحفہ

تار کا پتہ۔ میڈیسنز دہلی — ٹیلیفون ۵۵۶۶

گُن نِی

طاقت کی بے مثل سنہری گولیاں

مسیح الملک حکیم محمد اجمل خان صاحب کا عطیہ (سفر یورپ کے بعد)

چالیس گولیاں سات روپیہ

ہندوستانی دواخانہ (جس کو حکیم اجمل خاں نے ۱۹۰۳ء میں بنایا) دہلی دپوسٹ بکس ۲۲)

جامعہ ملیہ اسلامیہ کی عمارت کا سنگ بنیاد

ملت اسلامیہ سے ڈاکٹر انصاری صاحب کی اپیل

جامعہ ملیہ اسلامیہ بیسویں صدی میں ہندوستان کے مسلمانوں کا سب سے بڑا تعمیری کارنامہ ہے۔ اس صدی کے ربع اول میں ہم نے اپنے داخلی سیاسی اور معاشی انقلاب کے لئے طیاری شروع کی اور اپنی قوتوں کا جائزہ لیا تو معلوم ہوا کہ سب سے بڑی قوت یعنی تعلیم کی حالت نہایت ناقابل اطمینان ہے۔ ہم نے دیکھا کہ اس قوت کی کنجی یعنی تعلیمی پالیسی ہمارے ہاتھ میں نہیں ہے اور ہماری نئی نسلیں دوسروں کی بنائے ہوئے سانچوں میں ڈھل رہی ہیں تعلیم یافتہ طبقہ بڑی حد تک اپنے مذہب اور اپنی معاشرت سے بیگانہ، جمہور ملت سے بے تعلق اور قومی اور ملی زندگی کی مصلحتوں سے بے خبر ہے۔ غرض ایسے وقت میں جب اجتماع کی ضرورت نہایت شدید ہے ہماری تعلیم انتشار کا بیج بو رہی ہے جس کا پھل ہلاکت کے سوا اور کچھ نہیں۔ ایسے نازک وقت میں چند باہمت لوگوں نے خدا کا نام لیکر ایک نئی تعلیمی تحریک شروع کی اور حضرت شیخ الہند کے مبارک اور مقدس ہاتھوں سے ایک نئی تعلیم گاہ کی بنیاد پڑی جو جامعہ ملیہ اسلامیہ کہلاتی ہے۔ جامعہ کی تاسیس کے بعد اس کی راہ میں بڑی بڑی رکاوٹیں پڑیں اور ڈالی گئیں مگر خدا کے فضل و کرم سے اپنے بانیوں کی نیک نیتی کے فیض سے اور اپنے اساتذہ کی ہمت اور ایثار کی برکت سے وہ روز بروز ترقی کرتی رہی، کیونکہ اس کی بنیاد قوم کے ارادے اور حوصلے اور زمانہ کی ضرورت اور مصلحت پر قائم تھی۔ جو لوگ بعض عارضی وجوہ سے جامعہ کے مخالف تھے انہوں نے بھی رفتہ رفتہ اس کی اہمیت اور ضرورت کو تسلیم کر لیا اور آج اگر کوئی مرکز ایسا ہے جس پر ہر طبقہ اور ہر خیال کے مسلمان جمع ہوسکتے ہیں اور ہونے ہیں تو وہ یہی جامعہ ملیہ اسلامیہ ہے۔

جامعہ نے اب تک جتنا کام کیا ہے اس کی مختصر روداد یہ ہے:۔

(۱) تقریباً ڈھائی ہزار طلبہ مختلف مدارج تک تعلیم پا کر اس تعلیم گاہ سے نکل چکے ہیں اور اس کے مقاصد سے کم و بیش متاثر ہو کر اپنا اثر قومی زندگی پر آہستہ آہستہ ڈال رہے ہیں۔ ان میں عربی مدارس کے طلبہ بھی ہیں جنہوں نے جامعہ میں آکر انگریزی زبان اور علوم جدیدہ کی تحصیل کی۔

(۲) جامعہ کا ادارہ تالیف و تصنیف جو اردو اکادمی کہلاتا ہے اس کا مطبع اور مکتبہ اردو زبان و ادب کی خدمت اور عام مسلمانوں کی ذہنی تہذیب و تربیت میں مصروف ہے۔

(۳) جامعہ نے توسیعی خطبات کا سلسلہ شروع کر کے جس میں اسلامی ممالک کے مشاہیر لیکچر دینے کے لئے بلائے جاتے ہیں عالم اسلام کے ذہنی اتحاد کی بنیاد ڈالی ہے جو انشاءاللہ ایک روز تکمیل کو پہنچ کر نہایت اہم اور مفید نتائج پیدا کریگا۔

ان میں سے ہر ایک خدمت بجائے خود قابل قدر ہے، مگر میرے نزدیک سب سے بڑا کام جامعہ کا یہ ہے کہ اس نے ایک تعمیری تحریک کو بلا استدعا غیرے حضرت اپنی کوشش اور ملت کی مدد سے چلا کر دکھا دیا اور یہ ثابت کر دیا کہ اب بھی مسلمانوں میں ہمت، استقلال اور قوت عمل کی کمی نہیں ہے۔ جامعہ کے جوش عمل اور اس کے اصول و مقاصد کا اثر مسلمانوں کی عام تعلیمی زندگی میں صاف نظر آنے لگا ہے۔

جامعہ کے قیام کو پندرہ سال ہوگئے ہیں، اس نے ملک کی زمین میں جڑ پکڑ لی ہے اور ملت کے دل میں گھر کر لیا ہے مگر افسوس ہے کہ ابھی تک اس کی اپنی عمارت موجود نہیں ہے اور اسے ایک کثیر رقم مکان کے کرایہ پر خرچ کرنی پڑتی ہے۔ چند سال ہوئے جامعہ نے دہلی کے مضافات میں اوکھلے کی نہر کے قریب ایک پرفضا مقام پر ڈھائی سو بیگہ زمین خریدی تھی اس عرصہ میں کئی قابل انجینیروں کے مشورہ سے ایک جرمن ماہر تعمیر نے جامعہ کی عمارت کے نقشے طیار کرائے ہیں، اور اب کارکنان جامعہ نے توفیق الٰہی اور تائید ملی کے بھروسہ پر یہ فیصلہ کر لیا ہے کہ یکم مارچ کو جامعہ کا سنگ بنیاد نصب کر دیا جائے۔

جتنی عمارت کی فی الحال ضرورت ہے اس کے مصارف کا اندازہ ساڑھے چار لاکھ روپیہ کیا گیا ہے۔ اس میں پچاس ہزار کا ایک عطیہ اور ڈیڑھ لاکھ کے وعدے پہلے سے موجود ہیں اب ڈھائی لاکھ کی رقم اور فراہم کرنی ہے۔

جامعہ کے اساتذہ نے کئی سال سے جامعہ کا سالانہ خرچ جو اب چھپن ہزار کے قریب ہے دیا کرنا خود اپنے ذمے لیا ہے اور اپنی کوشش سے حلقہ ہمدردان جامعہ قائم کیا ہے اس کے ڈھائی ہزار ممبر ہو چکے ہیں اور ان کے چندے کی مجموعی مقدار اس وقت پندرہ ہزار روپیہ ہے، بقیہ رقم اسلامی ریاستوں کے چندے سے پوری ہوتی ہے اور جو کمی پڑتی ہے اسے یہ باہمت اساتذہ انتہا سے زیادہ تکلیفیں اٹھا کر برداشت کرتے ہیں۔

میرے اور دوسرے قومی کارکنوں کے ذمہ یہ فرض عائد کیا گیا ہے کہ جامعہ کی عمارت کے لئے ڈھائی لاکھ کی رقم ایک سال کے اندر یعنی آخر فروری ۱۹۳۶ء تک جمع کریں۔

اس لئے میں ساری ملت اسلامی سے اور کل بہی خواہان ملک و قوم اور حامیان تعلیم سے پرزور اپیل کرتا ہوں کہ اس مبارک کام میں حسب استطاعت مدد کریں اور یہ رقم معینہ مدت کے اندر جمع کر دیں، میری تجویز یہ ہے کہ اس میں سے پچاس ہزار روپیہ دہلی، پنجاب اور صوبہ سرحدی، پچاس ہزار صوبہ متحدہ اور بہار، پچاس ہزار بنگال، آسام، برما، پچاس ہزار بمبئی اور صوبجات متوسط اور پچاس ہزار ریاست حیدرآباد اور جنوبی ہند سے حاصل کیا جائے۔ اس کام کے لئے جامعہ کے وفود وسط مارچ سے ہندوستان کا دورہ کریں گے اور ان کا پروگرام وقتاً فوقتاً اخبار دوں میں شائع ہوتا رہے گا۔ مگر مجھے امید ہے کہ جو لوگ ملک و ملت کا سچا درد رکھتے ہیں وہ اس کا انتظار نہیں کریں گے بلکہ اس اپیل کو پڑھتے ہی چندے کی رقم میرے نام یا شیخ الجامعہ ڈاکٹر ذاکر حسین صاحب کے نام بھیجنا شروع کر دیں گے تاکہ سنگ بنیاد نصب کرنے کے وقت جلسہ عام میں اس کا اعلان کیا جا سکے۔ میں تمام ہمدردان دہلی و خواہان جامعہ کو اس تقریب میں دہلی تشریف لانے کی دعوت دیتا ہوں۔

ڈاکٹر مختار احمد انصاری — امیر جامعہ

مشاعرہ

ادب پرور حضرات کے لئے یہ باعث مسرت ہوگا کہ پورویدک اینڈ یونانی طبیہ کالج سہارنپور کے جلسہ تقسیم اسناد پر نہایت آب و تاب کے ساتھ بزم مشاعرہ کیمپ طبیہ کالج نمائش گاہ میں مورخہ ۱۰ مارچ ۱۹۳۵ء بروز یکشنبہ (اتوار) بوقت ۲ بجے دن منعقد ہوگا اپنا مقامی و بیرونی نازک خیال شعرا باکمال سے پرزور التجا ہے کہ حسب ذیل مصرعہ پر خیال آرائی فرما کر عنداللہ ماجور و مشکور فرمائیں گے بیرونی حضرات اپنا کلام ۸ مارچ تک ارسال فرماویں۔

مصرعہ۔ سایہ افگن طبیہ کالج پہ ظل اللہ ہے

قافیہ۔ اللہ۔ دیگاہ۔ وغیرہ وغیرہ ردیف ہے۔

(سکریٹری طبیہ کالج سہارنپور)

فریضہ حج کی ادائیگی میں مشکلات

انگریزی حکومت فی زمانہ سب سے بڑی اسلامی سلطنت سمجھی جاتی ہے۔ لیکن بدقسمتی سے اسکو بہت ہی کم اپنے مسلمان رعایا کی بہبودی و مفاد کا خیال ہے عرصہ سے مسیحی و دول یورپ اسلامزم کے خبط میں مبتلا ہیں۔ اس مرض کی وجہ سے فریضہ حج کے ادا کرنے والے حاجیوں کے راستہ میں۔ کوئی گورنمنٹ کھلم کھلا۔ کوئی حکومت ڈپلو ماسی طریقہ سے مشکلات پیدا کرنے کو صلیبی بھاری خدمت تصور کرتی ہے۔ دنیا بھر کے میلوں ٹھیلوں۔ جلسوں۔ مباحثوں کے لئے سہولتیں ہیں۔ لیکن حاجیوں کے متعلق انتظام بہبودی۔ ہمدردی کے نام سے مصائب و مشکلات عارض کئے جاتے ہیں۔

گورنمنٹ عثمانیہ کے خاتمہ کے بعد سے کامران میں کوئی قرنطینہ باقی نہیں رہا لیکن قرنطینہ اور حفظان صحت کے نام سے مفلس غریب حاجیوں سے چونتیس روپیہ وصول کئے جاتے ہیں۔ اس سال پاسپورٹ حجاز کے لئے تین روپیہ وصول کئے جانے لگے ہیں۔ خدا برٹش راج کی جوع البقر سے غریب حاجیوں کو بچائے۔ حیدرآباد دکن کے حاجیوں کو جن کی تعداد اس سال تقریباً سات سو ہے ان کے دو ہزار ایک سو روپیہ پاسپورٹ میں صرف ہوئے۔

برٹش گورنمنٹ فیاضی، غربا پروری، مذہبی رواداری کا ثبوت دینے کے عوض اپنی رعایا کو اور مفلس اور کنگال بنا رہی ہے۔

واقعی گورنمنٹ، مصری گورنمنٹ کے پاسپورٹ دنیا کی ہر سلطنت میں منظور مقبول ہوتے ہیں۔ کیا گورنمنٹ آصفیہ حجاز کے خالص دینی سفر کے پاسپورٹ منظور کرانے کی جد و جہد نہیں کر سکتی؟

(عبدالحفیظ۔ بمبئی کرافورڈ مارکیٹ)

نہایت ضروری اطلاع

آج ہی کی اشاعت میں ایک اشتہار بعنوان "ایمان اور قرآن پاک" نکلا ہے۔ ناظرین یہ اشتہار اکسیری دواخانہ قلعہ بجنور کی جانب سے ہے عام دواخانہ کی طرح یہ دواخانہ غیر معتبر نہیں ہے اس کی ایک وجہ ہے یعنی اس کی مالک ایک ایسی ہستی ہے جن کی ذات پر عالم طب کو ناز ہے اور ان کا ترتیب دیا ہوا مطب اور اصول علاج آج سینکڑوں حکما کے لئے شمع ہدایت ہے۔ اکسیری دواخانہ کی سب سے بڑی خصوصیت یہی ہے کہ اس کی مالک خود ایسی مشہور و معروف و صاحب کمال ہستی ہے۔ عالی جناب قاضی محمد ادریس عمدۃ الحکما۔ مدظلہ العالی نے طبابت کو خلق خدا کا فرض سمجھ کر انجام دیا نہ کہ پیشہ اور حصول دولت کا ذریعہ چونکہ آج کل اشتہاری موذیوں نہایت ہی مایوس کن ہوچکی ہیں۔ لہٰذا میں نے ضرورت محسوس کی کہ پبلک کو حکیم صاحب سے روشناس کرا دوں۔ میرا خیال یہ ہے کہ جو لوگ دردو چار روپیہ کر کے اپنی دولت اور صحت برباد کر رہے ہیں وہ اکسیری دواخانہ سے ادویات طلب کریں۔

اکسیری دواخانہ قلعہ بجنور (انڈیا)

اخبار الجمعیۃ کیلئے ہر شہر و قصبہ میں ایجنٹوں کی ضرورت ہے

بچوں والو ہوشیار

بچوں کی بخار کھانسی، سوکھی، بادی، دودھ ڈالنا، علامت ہضم، دست میں کیڑے نکلنا۔ مرگی ہچکی۔ قبض۔ مروڑ وغیرہ ہر ایک بیماری کو دور کرنے اور لاغر کمزور بچوں کو موٹا تازہ طاقتور بنانے کیلئے حکیم تلسی پرشاد اگروال کی گورنمنٹ سے رجسٹری کی ہوئی

بال جیون گھٹی

سارے ہندوستان میں مشہور، بہت میٹھی ہونے سے بچے اسکو خوش ہو کر پی لیتے ہیں۔ سب جگہ سوداگروں کے یہاں فروخت ہوتی ہے۔ لیکن نقلی سے بچو حکیم تلسی پرشاد کی اصلی بال جیون گھٹی دیکھ کر لو۔ قیمت فی شیشی ۵ رفید درجن ایک سو چار شیشی [illegible] درجن ۱۲ سوداگروں اور ایجنٹوں کو نہایت ہی معقول کمیشن۔ نئے سوداگر و ایجنٹ [illegible] طلب کریں۔

مفت لو۔ [illegible]

پتہ:۔ مینیجر بال جیون کاریالیہ علیگڑھ شہر

حضرت مولانا الحاج حافظ احمد سعید صاحب کی

تقریر سیرت

حضرت سحبان الہند مولانا الحاج حافظ احمد سعید صاحب ناظم جمعیۃ علمائے ہند کی وہ بصیرت افروز شریعت آموز تقریر جو ممدوح نے اُدہ کے جلسہ سیرت میں ارشاد فرمائی تھی اور جس کو بعد میں مزید تفصیل و تشریح کے ساتھ قریب و مدون کر کے الجمعیۃ میں جزواً جزواً شائع کیا گیا تھا قارئین الجمعیۃ کے مسلسل و پیہم اصرار پر کتابی شکل میں ادارۃ الجمعیۃ کی جانب سے شائع کی جا رہی ہے اور اس کے ساتھ وہ آخری حصہ بھی شامل کر دیا ہے جو الجمعیۃ میں [illegible] حضرات نے اس تقریر کا شائع شدہ حصہ [illegible] ملاحظہ فرمایا ہے۔ [illegible] ہوگیا ہوگا کہ رموز و معارف شریعت کا علم حاصل کرنے اور نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم کی سیرت مقدسہ کے متعلق ایک بے نظیر و بے عدیل مجموعہ معلومات ہے [illegible] لیکن ان حضرات کیلئے جو اس پورے سلسلہ کا مطالعہ نہیں کر سکے میں یا جنہیں [illegible] پہلی مرتبہ دیکھا ہے اتنا عرض کر دینا ضروری ہے کہ حضرت مولانا کی یہ تقریر اپنی بے شمار خصوصیات کے اعتبار سے ایک عجیب و نادر مجموعہ ہے جو نہ صرف موجودہ دور میں بلکہ آئندہ نسلوں کے لئے بھی یادگار رہے گا۔ شریعت مقدسہ کے نہایت اوق مسائل و دقیق نکات اس طرح پیش کئے گئے ہیں کہ ہر عالم و عامی ان کو سمجھ سکتا ہے اور ان سے افادہ کر سکتا ہے، اس پر حضرت مولانا کی سلاست اور روانی بیان نے وہ کام کیا ہے کہ مضامین کی دقت اور مسائل کی دشواری کے باوجود شروع سے آخر تک دلچسپی برابر قائم رہتی ہے۔ ہندوستان کے مختلف شہروں اور قصبوں میں ہزاروں لاکھوں مسلمان ایسے ہوں گے جو حضرت مولانا کے مواعظ حسنہ سے مستفید ہو چکے ہیں اور ایک مرتبہ نہیں صدہا مرتبہ حضرت مولانا کی تقریریں سننے کے باوجود ہمیشہ اس کے مشتاق رہتے ہیں کہ ایک مرتبہ پھر کسی حضرت مولانا کی تقریر سننے کا اتفاق ہو ان تمام مسلمانوں کے لئے یہ تحفہ وہ یقیناً جانفزا ہوگا کہ یہ "تقریر سیرت" جو آج شائع کی جا رہی ہے حضرت مولانا کی اکثر تقریروں کا لب لباب ہے اور اس میں سیرت کے متعلق بہت سے وہ مضامین جو حضرت مولانا اپنی مختلف تقریروں میں ارشاد فرمایا کرتے ہیں اپنے انداز بیان اور خوبی زبان کی تمام خصوصیتوں کے ساتھ مجتمع کر دئے گئے ہیں اور اس لئے اس کتاب کو اپنے پاس رکھنا یا اس کا مطالعہ کرنا حضرت مولانا کے مواعظ حسنہ سے ہر وقت بہرہ اندوز ہونے کے مترادف ہے "تقریر سیرت" میں جو مضامین زیر بحث آئے ہیں ان کے بعض عنوانات بطور نمونہ درج ذیل کئے جاتے ہیں تاکہ کتاب کی ہمہ گیری و وسعت کا کچھ اندازہ کیا جا سکے۔

مختصر فہرست مضامین

- روحانی اور جسمانی تربیت، عالم بالا کی خدمات، مسلمانوں کے تیوہار، عید اضحیٰ اور عید الفطر، عالم سفلی کے سحرات، دفن میں تعجیل، کفار کا شبہ، اردو زبان کی تبدیلی، روحانی اطبار، رسوم کا مفہوم، ریفارمر اور رسول کا فرق، حکما کا متفقہ مسئلہ، نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم کا واقعہ ہجرت کا ایک واقعہ
- سب سے پہلی یونٹی کانفرنس، فضل حق کا معاملہ، ہندوؤں اور مسلمانوں کا فرق، صلح حدیبیہ، عالم برزخ کے واقعات، عالم برزخ کی ایک اطلاع، برزخ کا دوسرا واقعہ، جاہل میلاد خوان، میلاد کا مقصد، حضرت عمر فاروق کا عطیہ، صائب کا واقعہ، الفاظ و اعمال کا متوازی اختیار کرنا، کافر کی قبر میں ننانوے سانپ، نکیرین کا پہلا سوال
- حضرت رابعہ بصریہ کا واقعہ، حضرت ابراہیم بن ادہم، انبیار اور حکمار کا فرق، اندھوں کا ہاتھی، نبی کریم کے مشاہدات، دنیا کی تاریخ، انبیا علیہم السلام کی تاریخ، مادیات و روحانیات کا فرق، اولاد آدم کی فرمائش، قرآن کا ترمیمی ایکٹ، حضرت داؤد و آدم کی مناسبت، حضرت داؤد کی لغزش، حضرت آدم کو ملائکہ کا سجدہ کرنا، سجدہ یا علت وفاداری
- یوم میثاق کے دو اقرار نامے، الست بربکم قالوا بلیٰ، لفظ رب کی عمومیت، حضرت یوسف علیہ السلام کا جیل، معافی و دستور، حضرت یوسف علیہ السلام کے ہمراہی، مشرکین اور اہل کتاب کا فرق، اہل کتاب اور اقرار ربوبیت، خواص کا اقرار نامہ، اہل کتاب سے شکایت، حضرت عمرؓ کا واقعہ، حضرت عیسیٰ کی تشریف آوری، متبعین غلام احمد قادیانی، مرزا کا کچا چٹھا
- پنجاب کا نوری فرقہ، رفاعہ کی بیوی کا قصہ، حلالہ کا حکم، جاہل پیروں سے سوال، مستقبل کی تاریخ، قبروں سے اٹھنا، مسلمانوں سے حضرت حق کا پہلا خطاب، موت ایک معیار ہے، مسلمانوں کی موت بادوری، موت کے وقت کی لوری، حضرت ابراہیمؑ کا واقعہ، حضرت عمر بن الخطاب کا واقعہ، حضرت امیر خسرو رحمۃ اللہ علیہ، حضرت بوعلی قلندر رحمۃ اللہ علیہ
- بیسویں صدی کے نوجوان، ترتیب قوانین، پیدا کے ساتھ ظلم، آئین اسلام کی ہمہ گیری، رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کا قانون، سیدنا عیسیٰ علیہ السلام کا واقعہ، اسلامی قانون، وجدانوں سے سوال، ستی کی رسم، دوسرا معجزہ، جادو اور معجزہ کا فرق، نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم کا اعجاز، سراج منیر کی تفسیر، سیاست اور مذہب
- ہندو مذہب کے پیر، پست اقوام پر اسلام کا احسان، رسم و رواج کی پابندی، معجزات کی بحث، مکان کے کونے کا آخری پتھر، ملت ابراہیمی کا اتباع، نماز کی مثال۔ حج کی مثال، سارہ وحرص کی مثال، اچھی بری صحبت کی مثال، حضرت بایزید بسطامی کا واقعہ، مسرت حق کی مثال، الدنیا سجن المومن وجنت الکافر، حدیث شریف کے دوسرے معنی، قید خانے کی زندگی
- سلب اختیار، توبہ کی مسرت کا مقصد، اہل دل کا فقدان، مخلوق کی اقسام، گناہ کی صلاحیت و عدم صلاحیت، شیاطین اور جنات، حضرت امیر معاویہ کا واقعہ، ختم نبوت کی تمثیل، اہل عرب کی اصلاح، انبیار سابقین کا تذکرہ، حضرت عیسیٰ کی تمثیل، حضرت علی اور ایک یہودی کی گفتگو، حیار اور ایمان کا تعلق، اماطۃ الاذی کے معنی
- توہین انبیار کے مجرم، انبیار میں تفاوت، حضرت امام الحرمین کا واقعہ، حدیث سے استدلال، ذکر الٰہی موجب نجات ہے، حضرت ذوالنون مصری کا واقعہ، حضرت یونس کی معراج، نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم کا طریقہ تعلیم، شیطان کی اتباع، شیطان کا فریب، شیطان کا کورا جواب، ملائکہ اور شیاطین، قرآن کی قسمیں، حضور کی زندگی
- حضرت ہود اور ابراہیم علیہما السلام، قوم ہود اور فرشتے، حضرت ادم کی لغزش، حضرت لوط اور داؤد ساحری کی شریعت، حضرت لوط اور فرشتے، دوائی رکن شدید، حدیث شریف کا تیسرا ٹکڑا، والشمس کی سات قسمیں، صاحب مزار الفاتحہ کا ایک واقعہ، سائل در تائب کی تلاش، دوزخ سے آخری نجات پانے والا، سائل اور سخی میں کشمکش، قسموں کی مناسبت، مومن اور منافق کی مثال

پوری کتاب دو سو صفحات پر مشتمل ہے اور نہایت بہتر کتابت و طباعت کے ساتھ شائع کی جا رہی ہے اس کے باوجود قیمت علاوہ محصول ڈاک صرف ایک روپیہ (عہ) رکھی گئی ہے تاکہ امیر و غریب سب حضرات ساوی فائدہ اٹھا سکیں۔

منیجر "الجمعیۃ" گلی قاسم جان۔ دہلی

يد الله على الجماعة

تار کا پتہ: "الجمعیۃ" دہلی
ٹیلیفون نمبر ۵۷۳۸

رجسٹرڈ نمبر ایل ۱۷۹۳

الجمعیۃ دہلی
سہ روزہ

مدیر مسئول: ہلال احمد زبیری (بی اے) — معاون: محمد عثمان فارقلیط

جلد ۲۱ | دہلی۔ یوم پنجشنبہ و جمعہ ۲۴ و ۲۵ ذیقعدہ ۱۳۵۳ ہجری مطابق ۲۸ فروری و یکم مارچ ۱۹۳۵ء | نمبر ۱۵ و ۱۶

معاصرین کے افکار و آرا

بلبل ہند کا مشورہ

بلبل ہند مسز سروجنی نائیڈو نے طلبائے پنجاب کی کانفرنس میں طلبہ کو جو مشورہ دیا وہ حقیقت میں اس قابل ہے کہ اسے ہر طالب علم گوش ہوش سے سنے۔ آپ نے طلبہ سے کہا کہ وہ رہنمائے جلس اور رہنمائے قوم کی خدمت کریں، کیونکہ اس سلسلہ میں اُن سے زیادہ سرگرمی کا مظاہرہ اور کوئی نہیں کرسکتا۔ موصوفہ کا یہ خیال نہایت صحیح ہے۔ آج کے طلبہ کے لئے جو ملک کے رہنما بننے والے ہیں۔ خدمت ملت ہی ایک سے مصروف ہوجانا از بس ضروری ہے، کیونکہ اگر آج ان میں یہ خاصہ پیدا نہ ہوگا تو اُن سے اس سلسلہ میں کسی قابل ذکر اقدام کی توقع نہیں کی جاسکتی۔

سامنے آچکا ہے۔ دہلی کے جلسہ میں علامہ مفتی محمد کفایت اللہ کی تصریحات نے یہ بات پایۂ ثبوت کو پہنچادی ہے کہ یہ مسودہ قانون اس امر کا مستحق نہیں ہے کہ اس کو ایک ایسے ایوان کی منظوری حاصل ہو جو رائے عامہ کے ترجمانی کا حق رکھتا ہے۔ …

مصالحت کی گفتگو

گھر یلو صنعت اور آغا خان

معلمین حجاج کا مسودہ قانون

معلمین حجاج کے مسودہ قوانین کے خلاف مسلمانان ہند کا احتجاج حکومت کے …

پریوی کونسل میں اپیل دائر کرنے والوں کو انتباہ

عدالت ہائے عالیہ کے فیصلوں کو پریوی کونسل منسوخ نہیں کرسکتی

دس سال کے عرصہ میں قتل کی ایک اپیل بھی منظور نہیں کیگئی

نقل چٹھی نمبری ۱۰۷۶۴ جنرل ۲۲-۱۰۵۰ مورخہ ۱۹ دسمبر ۱۹۳۴ء منجانب رجسٹرار ہائی کورٹ لاہور۔ بنام جملہ ڈسٹرکٹ و سشن ججان پنجاب و دہلی۔

حسب الہدایت آنریبل ججان ہائی کورٹ لاہور میں آپ کی توجہ ان فوجداری اپیلوں کی طرف مبذول کرانی چاہتا ہوں جو کہ پھانسی کی سزا پانے والے قیدیوں کی طرف سے پریوی کونسل میں کی جاتی ہیں۔ …

ہندو رسنگر بنام قیصر ہند میں لارڈ ہیربیان کرتے ہیں کہ "ججان پریوی کونسل بار بار کہہ چکے ہیں کہ یہ کونسل فوجداری عدالت اپیل نہیں ہے …"

پادری کی لڑکی کا قبول اسلام

اسپین کے ایک جلیل القدر پادری کی لڑکی نے جب اسلامی تعلیمات کا مقابلہ کیا اور مسلمانوں کے مذہب اور انکے اعمال کو بغور دیکھا تو اس کے دل میں اسلام کی صداقت و حقانیت جاگزیں ہوگئی اور اس نے یہ فیصلہ کرلیا کہ حقیقتاً اسلام ہی وہ مذہب ہے، جو دنیا اور آخرت میں نجات کا راستہ بتاتا ہے۔ اور اس کے علاوہ جتنے مذاہب ہیں وہ سب باطل اور صراط مستقیم سے بھٹکا دینے والے ہیں۔ جب عیسائیوں کو اس کی خبر ہوئی تو تمام پادریوں نے مل کر اس لڑکی پر بیشمار مظالم ڈھائے اور اسقدر جان گداز اور صبر آزما مصائب میں مبتلا کیا کہ دیکھنے والوں کے رونگٹے کھڑے ہونے لگے۔ مگر وہ لڑکی اسلام پر ثابت قدم رہی۔ اور اس نے بالآخر تمام پادریوں کی ایک شاندار مجلس میں اسلام کی حقانیت پر ایک بصیرت افروز مناظرہ کیا۔ فضیلت اسلام اور رد عیسائیت کے جس قدر دلائل ممکن تھے وہ تائید الٰہی سے اس لڑکی نے پادریوں کے مقابلے میں اس خوش اسلوبی کے ساتھ پیش کئے کہ سامعین حیرت و استعجاب کے سمندر میں غرق ہوگئے۔ اور پادریوں سے کوئی جواب بن نہ پڑا۔ اور وہ لڑکی ہمیشہ کیلئے اسلام ہی سے وابستہ ہوگئی۔ اس کا نام ازبلا تھا اور اس کی زندگی کے واقعات ایک کتاب میں قلمبند کردیئے گئے ہیں۔ اگر آپ کو گزشتہ عظمت و سطوت کا مطالعہ کرنا ہے اور عیسائیت کے مقابلہ میں اسلام کی حقانیت کے بے شمار دلائل سے واقفیت حاصل کرنے کا شوق ہے۔ اور آپ اس کتاب کے ذریعہ تبلیغ اسلام کا فریضہ ادا کرنا چاہتے ہیں تو فوراً طلب کیجئے۔ پہلا ایڈیشن قریب الختم ہے۔ اگر دیر ہوئی تو دوسرے ایڈیشن کا انتظار کرنا پڑے گا۔ قیمت فی جلد ۱۲؍ علاوہ محصول ڈاک تبلیغی مقاصد کیلئے بیس ایئیس سے زائد جلدوں کے خریدار کو پچیس فی صدی کمیشن دیا جائے گا۔

ملنے کا پتہ:۔ منیجر الجمعیۃ دہلی

Regd No. L 1793.

The Al-Jamiat

Vol. XXI No. 14 DELHI SUNDA[Y] 24th F[EBRUA]RY 1935 PRICE ONE ANNA

نورانی — قرآن مجید

نہایت صاف جلی اور نہایت صحیح قرآن شریف اگر درکار ہو تو نورانی قرآن مجید الجمعیۃ ایجنسی دہلی سے طلب فرمائیے قیمت مجلد پارچہ ۱۲؎

پادری کی لڑکی کا قبول اسلام

منیجر الجمعیۃ دہلی

Moulvi … Hassan … P.O. Ramdev … Dr. Surat

ہندوستانی انجمن فلسطین کی فریاد

بعالی خدمت جناب آنریبل سیٹھ عبداللہ ہارون۔ وجناب آنریبل شیخ علی محمد … وجناب ایڈیٹر صاحب اخبار الوحید سندھی وجناب سیٹھ غلام علی … وجناب سر شاہنواز صاحب۔ …

بلند شہر میں مسلم یونٹی بورڈ کا قیام

ایک غریب کی اپیل

مدرسہ اسلامیہ عربیہ میرٹھ کا سالانہ جلسہ

طبیہ کالج دہلی کا جلسہ تقسیم اسناد

طبیہ کالج دہلی کا جلسہ تقسیم اسناد بجائے ۱۷ فروری کے ۲۴ فروری کو دو بجے دوپہر کالج کے میدان میں منعقد ہوگا۔

اخبار الجمعیۃ میں اشتہار دیکر اپنی تجارت کو فروغ دیجئے

مفت! مفت!! مفت!!!

پرنسپل اولڈ انڈین میڈیکل کالج انبالہ شہر

محبوب عاشق کے قدموں پر

ملنے کا پتہ: فضل شاہ عامل گلی راجان دہلی

آپ کی بیوی تندرست اور خوبصورت ہونی چاہئیے

SANATOGEN

ایک سچی اور لاثانی طاقت کی غذا ہے جو بہت احتیاط سے تیار کی گئی ہے

خضاب چھوڑ دو

ملک کشمیر کی قابل بھروسہ

فلسفۂ قربانی

نانک چند گپتا جنرل سپلائی … شہد … جموں کشمیر

قرآن پاک اور ایمان

ہم حلفیہ اعلان کرتے ہیں

معجون اکسیر شباب

طلائے اکسیر شباب

منیجر اکسیری دواخانہ قلعہ بجنور (یو۔پی۔ انڈیا)

مشہور و معروف و ترجمۃ الاعجاز تا منوسط قرآن مجید مع کامل تفسیر

حیرت انگیز رعایتی اعلان

منیجر اخبار الجمعیۃ گلی قاسم جان دہلی

سرزمین حجاز میں نظام حکومت کی استواری

وہ خطہ جس کا قانون اللہ کی شریعت ہی

حجاز کی تخت نشینی پر ام القریٰ کا مقالہ

مکہ مکرمہ کے اخبار "ام القریٰ" نے والی حجاز کی تخت نشینی کی تقریب پر حسب ذیل مقالہ افتتاحیہ سپرد قلم کیا ہے :-

کل وہ دن ہوگا جبکہ بحری اطلاعات شیر عرب، جلالۃ الملک سلطان ابن سعود کی تخت نشینی حجاز کی نویں سالگرہ کی ملک کو خبر دینگی، ہر چند کہ سلطان نے علمائے نجد کے حکم کے مطابق سالگرہ کی موقع پر زینت و مسرت کے مظاہرے سے اجتناب کا حکم دیا ہے۔ اور اس لئے ملک میں یہ رسمی مظاہرات نہ ہوں گے لیکن سلطان کا تذکرہ تو سینوں میں منقوش اور تاریخ کے صفحات میں محفوظ ہے اور رہیگا۔

کی تھی۔ ساتھ ہی یہ بھی یاد ہوگا کہ ۱۳۴۷ھ میں سلطان بذات خود بیاض سے کچھ تھوڑی سی قوت لیکر روانہ ہوئے تاکہ باغیوں کی سرکوبی کی جائے۔ راہ میں اتفاقاً قبیلہ عجمان کا ایک گروہ مل گیا۔ سلطان غضبناک حالت میں تھے۔ اور اپنی قوت کو حکم دیا کہ وہ ان باغیوں کو گھیر لے۔ جنہوں نے نہ صرف کفران نعمت کیا بلکہ معاہدہ کی بھی خلاف ورزی کی۔ اس معرکہ میں باغی قتل کئے گئے۔ اور ان کا مال و اسباب لے لیا گیا۔ ...

[باقی متن ناخواندہ]

رحم دل و عدل گستر

خدا نے سلطان کے دل میں رحم و کرم کے وہ جذبات پیدا کئے ہیں جو اپنے مخالفوں میں آپکو شاید ہی کسی میں نظر آئیں۔ ابھی لوگوں کو تفصیل روایتی کی فتنہ پردازیوں کے سلسلہ میں یاد ہوگا کہ مطیر اور عجمان کے بعض قبائل نے سرکشی ...

مرزا محمود قادیانی کی مہم اور تازہ تدبیریں

مجلس احرار ہند کیا کرنا چاہتی ہے

امام قادیان کے الزامات کی مؤثر تردید

(از جنرل سکرٹری مجلس احرار اسلام ہند)

(گذشتہ سے پیوستہ)

تازہ ترین تدبیر

جب مرزا صاحب کا حصہ کسی کے قتل اور کسی کے جنازہ قتل کی ذمہ داری میں ہے جن میں سے کوئی بھی احرار نہیں تھا تو انسان آسانی سے سمجھ سکتا ہے کہ مرزا صاحب کیوں پتوں کی سرسراہٹ پر گھبرا اٹھتے ہیں۔ اور سوتے جاگتے یہی دیکھتے ہیں کہ کوئی نہ کوئی شخص ان کو قتل کرنے کے لئے آرہا ہے۔ اور اگر وہ احرار کا ہاتھ ہر اس شخص کی پشت پر دیکھتے ہیں جس سے انہیں خوف آتا ہے تو اس کا سبب یہ نہیں کہ احرار ان کے خلاف کوئی تجویز سوچ رہے ہیں ...

اپنی ملاقات میں غلط دعویٰ کیا ہے مرزا صاحب کے پیروؤں کے ہاتھوں جلایا گیا اور اس کا سامان لوٹا گیا۔ ایک جماعت کثیر نے علی الاعلان اس کارروائی میں حصہ لیا۔ لیکن پولیس کسی شخص کا چالان نہ کر سکی، کیونکہ قصبہ پر ایسی دہشت طاری تھی کہ کوئی ہندو مسلمان یا سکھ قادیانیوں کے خلاف شہادت دینے کی جرأت نہ کر سکتا تھا۔ پولیس نے بعض اشخاص کو اپنی حفاظت میں قصبہ سے اس لئے باہر پہنچایا کہ ان کی جانیں خطرہ میں تھیں۔ مرزا صاحب نے کئی سال تک ایک مطلق العنان بادشاہ کی طرح حکومت کی ہے اور حالات نے لوگوں کو یہ باور کرنے پر مجبور کیا کہ وہ ایک بادشاہ کی طرح ہے جو کوئی خطا نہیں کر سکتا۔ عام لوگ ہی نہیں بلکہ پولیس والوں نے بھی سزا کا اپنا حصہ پایا۔ الفضل مورخہ ۱۱ اپریل ۱۹۳۰ء میں ہم مرزا صاحب کو یہ کہتے ہوئے پاتے ہیں۔

"ایک مرتبہ چند جوشیلے احمدیوں نے ایک کانسٹیبل کا مقابلہ کیا۔ میں نے اس وقت کہا کہ بہت ٹھیک کیا۔ بلکہ اس کو اتنا مارنا چاہئے تھا کہ وہ معافی مانگتا"

اگر پولیس کے سپاہیوں کو بلا خوف گرفت اس طرح زد و کوب کیا جا سکتی ہو ...

[باقی متن ناخواندہ]

مرزا محمود کا مقصد

احرار کے خلاف مرزا صاحب کا شور

مولوی عبدالکریم مباہلہ

الجمعیۃ کی توسیع اشاعت کے لئے سعی فرما کر اپنی علم نوازی و مذہبیت کا ثبوت بہم پہنچایئے۔ (منیجر الجمعیۃ دہلی)

انکشاف حقیقت

دارالعلوم دیوبند کے متعلق بے بنیاد افواہوں کی تردید

نظام تعلیم اور اساتذہ کرام کا لائحہ عمل

حضرت مولانا سید حسین احمد صاحب مدنی کا اہم بیان

"میرے" اور "دارالعلوم" دیوبند کے متعلق بعض بے بنیاد "افواہوں" اور غیر تحقیقی "خبروں" کی وجہ سے ایسے مضامین شائع ہو رہے ہیں جن کی وجہ سے بہی خواہان دارالعلوم اور بالخصوص احباب اضطراب اور بے چینی میں پڑ گئے ہیں خطوط کے ذریعہ سے بکثرت استفسارات آرہے ہیں۔ بعض احباب کو سفر کرنے کی بھی مشقت اٹھانی پڑی۔ اسلئے ضروری معلوم ہوا کہ انتشار و اضطراب کا استیصال کر دیا جائے۔ بنابریں مندرجہ ذیل بیان شائع کیا جاتا ہے۔

(۱) دارالعلوم کی مفوضہ خدمات میں انجام دے رہا ہوں ...

کا ہجوم اطراف و جوانب سے بہت زیادہ ہے۔ اس وقت تک تعداد طلباء گیارہ سو تک پہنچ چکی ہے۔ جس کی تفصیل:-

بیرون ہند	صوبہ سرحد	پنجاب	یوپی	بنگال	برما و آسام	بہار
۵۹	(۱۹۲)		(۲۰۴)	(۲۴۰)	(۶۱)	(۶۸)

سندھ، بمبئی، مدراس	ریاستہائے ہند
(۴۳)	(۲۵)

ظاہر ہے کہ تعلیمی خوبیوں اور اس کی تکمیل کو طلبہ بھی خوب سمجھ سکتے ہیں۔ دور دراز اوطان سے تکالیف شاقہ کو برداشت کرتے ہوئے ہجوم کرنا اور دارالعلوم کی ان غیر معمولی قیود اور شدائد کو برداشت کرنا جو کہ امور تعلیمیہ اور اخلاقیات وغیرہ کے متعلق بہ نسبت دیگر مدارس عربیہ شدید تر یہاں جاری ہیں کھلی ہوئی شہادتیں ہیں کہ یہاں کا "نظام تعلیم" تمام مدارس عربیہ دینیہ میں بالاتر ہے ...

[باقی متن ناخواندہ]

(۶) تعلیمی نظام بحمداللہ اطمینان بخش ہے علیٰ رغم الحاسدین والمفترین ...

(باقی صفحہ ۵ پر ملاحظہ فرمایئے)

بصائر و نظائر

اگر کوئی بادشاہ اپنے پایہ تخت اور مرکز حکومت میں امن و امان قائم نہ کر سکے۔ بغاوت اور نظم کی ابتری کو خاموشی کے ساتھ دیکھتا رہے اور قانون شکنی کی ہوتی ہوئی وبا کو روکنے میں قاصر رہے تو کیا اس سے یہ توقع کی جا سکتی ہے کہ وہ اپنی قلمرو کے باقی حصص میں نظم و قانون کا احترام باقی رکھ سکے گا۔ اور بغاوت و امن شکنی کی آگ کو بجھانے میں کامیاب ہوگا؟ یہ خیال کرنا ہی حماقت ہے کہ جو شخص ایک چھوٹے حلقہ میں اپنا اقتدار قائم نہیں کر سکتا اور اپنے حکم کے نفاذ میں بے بس اور لاچار ہے وہ گھر سے باہر سب کچھ کر سکتا ہے اور پورے ملک کو مٹھی میں لیکر اپنی فرمانروائی کا سکہ چلا سکتا ہے! جو بادشاہ اپنے وزراء، اپنے شاہزادوں، اپنی بیگمات اور درباری مصاحبوں سے اپنی مرضی کے مطابق کام نہیں لے سکتا وہ یقیناً رعایا کے حق میں ایک بے جان لاشہ اور کھلونا ثابت ہوگا اور ایک شخص بھی اس کے سامنے اپنی گردن خمیدہ کرنے پر آمادہ نظر نہ آئے گا۔ غرض امامت و قیادت کا ابتدائی دور گھر کی چہار دیواری اور خاندانی طریق فرمانروائی سے ہی شروع ہوتا ہے اور یہیں سے اس کی آئندہ ...

کھدر پوشی اور ملکی صنعت و حرفت کی ترقی کے لئے کانگریس بہار کر قوم سے اپیل کرینگے مگر کبھی یہ خیال کہ اپنے بچوں اور گھر کے افراد کو کھدر پوشی پر آمادہ کر سکیں۔ دوسروں کے لئے مانچسٹر کا کپڑا استعمال کرنا حرام اور ملکی مفاد کے خلاف ہے مگر بیوی اور بچوں کیلئے حلال اور گھر کی سیاست کے عین مطابق ہے!

امامت کا سرچشمہ گھر ہے اسی سرچشمہ سے قیادت کے ذہنی اور دماغی گلشن کی آبیاری ہوتی ہے اور اسی پر قبضہ کرنے سے امامت کبریٰ کی زمام ہاتھ میں آتی ہے۔ جو شخص قوم کی اصلاح کا بیڑا اٹھاتا ہے اور قوم و ملک کا لیڈر بنتا ہے لیکن اپنے گھر کے فاسد و مفسد عناصر کی طرف کوئی توجہ نہیں کرتا وہ اپنی قیادت میں جھوٹا ہے۔ ایسا شخص اپنے ضمیر کو دھوکا دیتا ہے۔ اور اپنی ذمہ داری و مسئولیت کا کوئی احساس نہیں رکھتا۔ پس گھر کی اصلاح منصب قیادت کی کسوٹی اور معیار ہے۔ کلام الٰہی میں بھی سب سے پہلی امامت بیوی اور بچوں سے ہی شروع کی گئی ہے۔

ربنا ھب لنا من ازواجنا و ذریاتنا قرۃ اعین واجعلنا للمتقین اماما (۲۵ ×۷۴)
اے ہمارے مربی! ہماری اولاد اور ہماری بیویوں کو آنکھوں کی ٹھنڈک بنا اور اپنے نیک متقی بندوں کی امامت سے ہم کو سرفراز کر۔

رب العالمین فرماتا ہے کہ سامان پہلے اپنے نفس کی اصلاح کرے اور اپنے اہل و عیال ...

[باقی متن ناخواندہ]

نہیں کرتے اور جانتے ہیں کہ گھر بے نمازی ہے مگر "وسعت قلبی" کے باعث چشم پوشی کر جاتے ہیں۔ حقوق نسواں کے بعض حامی اس مقصد کیلئے وقف ہو چکے ہیں مگر وہ ضروری نہیں سمجھتے کہ اپنی بیوی کے ساتھ حسن سلوک سے پیش آئیں۔ ذرا آگے بڑھ کر سیاسی لیڈروں پر نظر کرو اور دیکھو ان کی لیڈری کا خود ان کے گھر میں کہاں تک اثر ہے۔ وہ نمونہ خود اپنے گھر میں بھی دکھاتے ہوں! جو امامت باہر ہر کام کرتی ہے اور گھر سے اسکو دھکے ملتے ہیں اس کی مثال اس دوکاندار کی سی ہے جو اپنا دیوالہ نکال کر ملک کا تاجر بننے کا دعویٰ کرے یا اس بندر کی سی جو اپنے گروہ کے بندروں سے زخمی ہو کر علاقہ کے بندروں پر فرمانروائی کیلئے نکل کھڑا ہو۔

بہت سستا، بہت اچھا مولانا مولوی اشرف علی صاحب محدث تھانوی کے ترجمہ کا

بیشمار خوبیوں والا مترجم قرآن مجید

قرآن شریف کی اندرونی خوبیوں کو تو احاطہ تحریر میں لانا ہی ناممکن امر ہے لیکن ظاہری خوبیوں کے لحاظ سے بلاشبہ یہ مترجم قرآن مجید بیشمار خوبیوں کا حامل ہے۔ اس کی کتابت اعلیٰ درجہ کے خوشنویس سے کرائی گئی ہے۔ اس کی طباعت دہلی کے ایک مخصوص مطبع میں ہوئی ہے۔ اعراب بالکل صحیح جگہ پر لگے ہوئے ہیں۔ ترجمہ ٹھیک حروف کے نیچے لکھا ہوا ہے۔ حاشیہ پر شان نزول دیگر فوائد اور مختلف سورتوں اور آیتوں کے اعمال درج ہیں۔ مقدمہ میں فضائل و آداب تلاوت، قواعد تجوید، رموز و اوقاف۔ ایک مکمل فہرست قرآن شریف کے مضامین کی ایسی درج ہے کہ جس مضمون کی آیت چاہو فوراً نکال لو۔ سب سے پہلی اور سب سے آخری وحی۔ چہل احادیث۔ دیگر چہل احادیث تلاوت کلام مجید میں کوتاہیاں ...

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم
الحمد للہ رب العٰلمین ۝ الرحمٰن
الرحیم ۝ مٰلک یوم الدین ۝ ایاک
نعبد و ایاک نستعین ۝ اھدنا
الصراط المستقیم ۝ صراط الذین
انعمت علیھم غیر المغضوب
علیھم ولا الضالین ۝

ملنے کا پتہ:- دہلی بک ایجنسی ۲۲۵ تاراچند اسٹریٹ دہلی

عراق ریلوے

(۱) نجف، کربلا، کاظمین اور سامرہ اسلامی مقامات مقدسہ کی زیارت کا انتظام عراق ریلوے نے کیا ہے۔ یہ سفر نہایت قلیل کرایہ اور کم وقت میں طے ہوگا دوران سفر میں ہر ممکن آسائش بہم پہنچائی جائیگی۔

مکہ معظمہ کو جاتے ہوئے عراق کے مقامات مقدسہ کی زیارت کرو

حجاج کے لئے کوپن ٹکٹ جاری کر دیئے گئے ہیں جو ایک سو پچاس دن تک کارآمد ہوں گے۔
۵۰ کلو وزن اسباب پر کوئی زائد کرایہ نہیں لگایا جائے گا۔
شرح کرایہ درج ذیل ہے:-

	تھرڈ کلاس	سکنڈ کلاس
معقل (بصرہ) سے کربلا تک اور کربلا سے بغداد یا کاظمین	۱۴/-/-	۴۱/-/-

ہندوستان میں حجاج کو صرف تیسرے درجے کے ٹکٹ مل سکتے ہیں سکنڈ کلاس کی ٹکٹیں معقل کے مقام پر خریدی جا سکتی ہیں۔

اپنا مال بغداد کو بک کرایئے براستہ عراق ریلوے بذریعہ معقل

معجون شباب آور
قوت مردمی اور دل۔ دماغ کی کمزوری کے لئے مشہور دوا ہے
زہریلی اور نشہ کی چیزوں سے بالکل پاک ہے۔ مشک عنبر مروارید وغیرہ سے بنائی جاتی ہے
تمام ہندوستان میں اس کے بے نظیر فوائد کا اعتراف کیا گیا ہے۔
قیمت فی شیشی (پانچ تولہ) پانچ روپیہ نمونہ کی شیشی (ایک تولہ) ایک روپیہ
ہمدرد دواخانہ یونانی دہلی

اپنے طرز کی بالکل نئی تصنیف!

بلاغ مبین

مصنفہ مولانا حفظ الرحمٰن سیوہاروی

رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے ان تمام خطوط اور فرامین کا مجموعہ جو آپ نے مختلف اوقات میں بادشاہوں اور حکمرانوں کے نام دعوت اسلام کے سلسلہ میں بھیجے اور ان کے متعلق مفصل تاریخی مباحث، بیش بہا تاریخی اور حدیثی تحقیقات، بہت سے لاینحل اشکالات کے شافی جوابات، اس مراسلت پر مرتب ہونیوالے اہم مذہبی و سیاسی نتائج، رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کا تیئیس سالہ تبلیغی اسوہ حسنہ، قرآن و حدیث کی روشنی میں تبلیغ اسلام کے سادہ اور خالص اسلامی اصول، موجودہ طریق تبلیغ مناظرہ وغیرہ کی مضرت پر تبصرہ۔ اعلیٰ کتابت و طباعت، خوشنما جدید طرز کا ٹائٹل، دو اصلی نامہ مبارک کا عکس قیمت دو روپے

ملنے کا پتہ:- (مولوی) محمد ادریس منیجر دفتر بلاغ مبین دہلی یا منیجر مکتبہ اسلامیہ سیوہارہ ضلع بجنور

سچا ہمدم و رہبر بے دام

پاک صاف خیالات پیدا کر کے جسمانی و روحانی صحت حاصل کرنے کے لئے دنیا میں سچی خوشی دستیاب کرنے کیلئے آپ آج ہی ایک کارڈ تحریر کر کے کتاب کام شاستر بالکل مفت منگالیں۔

وید شاستری، جام نگر، کاٹھیاواڑ

شیخ الحدیث حضرت مولانا حسین احمد مدنی مدظلہ العالی کے سیاسی نوٹس کا مجموعہ

تعلیمی ہند

مرتبہ مجلس تعلیم المعارف دیوبند
اعلیٰ کتابت و طباعت خوشنما ٹائٹل قیمت ۱۲؍
ملنے کا پتہ:- مولوی محمد ادریس منیجر مکتبہ شرقیہ محلہ ترکمان گیٹ دہلی

بسم اللہ الرحمن الرحیم

الجمعیۃ دہلی

یوم پنجشنبہ وجمعہ ۲۴ و ۲۵ ذیقعدہ ۱۳۵۳ھ ہجری

ہندوستان کا سب سے زیادہ مجبور و مظلوم علاقہ
بدنصیب بلوچستان

(۲)

صوبہ بلوچستان کی اس افسوسناک محرومی کے اسباب میں سب سے پہلا سبب یہ بتایا جاتا ہے کہ اس صوبہ میں بہت بڑا حصہ ریاستوں کا ہے اور برطانوی علاقہ نہایت مختصر ہے اس لئے اس صوبہ کو مستقل حیثیت دینا اور وہاں آئینی اصلاحات رائج کرنا غیر ممکن ہے لیکن یہ بات بالکل ظاہر ہے کہ یہ وجہ ایک اتنی بڑی آبادی کو جتنی کہ صوبہ بلوچستان کی ہے ہمیشہ کے لئے ہر قسم کی سیاسی و معاشرتی ترقی سے روک دینے کے لئے کافی نہیں ہو سکتی ہے۔ کسی خطہ زمین کی آبادی خواہ کتنی ہی مختصر کیوں نہ ہو اور وہاں کے باشندوں کی تعداد خواہ کتنی ہی کم کیوں نہ ہو اس آبادی کو صرف اس نامعقول بنیاد پر آزادی سے محروم نہیں کیا جا سکتا۔ زیادہ سے زیادہ جو کچھ کہا جا سکتا ہے وہ یہ ہے کہ بلوچستان کو ایک علیحدہ صوبہ بنانے کی وجہ سے نظم و نسق حکومت کے جو مصارف بڑھ جائیں گے ان کو برداشت کرنے کی قوت بلوچستان میں موجود نہیں ہے لیکن اس کے متعلق بھی ہمیں یہی کہنا پڑے گا کہ یہ سراسر ایک عذر لنگ ہے۔ جب کبھی بلوچستان کیلئے جدید اصلاحات کا مطالبہ کیا گیا ہے اور وہاں کی حکومت کو مہذب بنانے پر زور دیا گیا ہے تو اس کے ساتھ ساتھ یہ بھی کہا گیا ہے کہ ہم صوبہ بلوچستان میں اس قسم کا گراں طرز حکومت نہیں چاہتے جیسا کہ دوسرے صوبوں میں ہے۔ ہم یہ نہیں کہتے کہ صوبہ بلوچستان کو ایک فل ممبر کا گورنری صوبہ بنا دیا جائے اور وہاں سول ملازمین کی وہی کثرت پیدا کر دی جائے جیسی کہ دوسرے گورنروں کے صوبوں میں ہے۔ ہم صرف یہ چاہتے ہیں کہ بلوچستان میں حکومت کے بنیادی اصولوں کو ترقی دے کر وہاں کی آبادی کو ایک بدترین قسم کے جبریہ نظام سے باہر نکالا جائے اور تمام انتظامات کی تبدیلی ...

ان کی ترقی کے لئے کوئی قدم نہیں اٹھایا ہے۔ اور اس کی سب سے بڑی وجہ یہ ہے کہ اس خطہ کو ہمیشہ آزادی سے محروم رکھنے کا فیصلہ کر لیا گیا ہے۔ اگر یہی طرز حکومت جو اس وقت بلوچستان میں روا رکھا گیا ہے ہمیشہ قائم رہا تو بلوچی ہمیشہ خانہ بدوش ہی رہیں گے وہ دن کبھی نہیں آئے گا کہ ان میں تعلیم ہو، صنعت و حرفت ہو، تعمیری کاموں کے ساتھ دلچسپی ہو۔ یہی خانہ ویرانی جو آج ان کو اصلاحی ترقی نہ دینے کا عذر بنائی جا رہی ہے علی الدوام قائم رہے گی۔ برطانوی ہندوستان میں ابتداء سے حکومت نے جو نظام قائم کیا تھا اس کی تدریجی ترقی کے ساتھ ساتھ انہیں اپنا کام چلانے کے لئے ملازموں کی ضرورت زیادہ ہوتی گئی چنانچہ انہوں نے اپنے لئے کلرک پیدا کرنے کی غرض سے مدارس قائم کئے اور تعلیم کا سلسلہ بڑھایا۔ اور اسی جگہ سے ہندوستان میں سیاسی بیداری ظاہر ہوئی اور انہیں اسکولوں اور کالجوں سے جو کلرک بنانے کی مشینیں تھی بیدار مغز مشاہیر بھی پیدا ہوئے اور پچھلے نظام کو پامال کرنے کے بعد جو صورت نمودار ہوگئی تھی اس میں فرق آیا۔ اگر ہندوستان کے کسی دوسرے صوبہ کے ساتھ یہ سلوک کیا جاتا کہ وہاں کے پچھلے نظام کو تباہ کر کے اور وہاں کی آبادی کو تعلیم و تہذیب سے ناآشنا کر کے چھوڑ دیا جاتا اور اس کی تعلیمی و اقتصادی و سیاسی ترقی کی طرف کوئی توجہ نہ کی جاتی اور وہاں بدترین قسم کی مستبدانہ حکومت قائم کر دی جاتی تو اس کا بھی وہی حشر ہوتا جو اس وقت بلوچستان کا ہے۔ بلوچستان چونکہ قدرتی طور پر اپنے محل وقوع اور اپنی ریگستانی و کوہستانی سرزمین اور گزشتہ زمانہ میں وسائل رسل و رسائل کی کمی کی وجہ سے ہندوستان کے پسماندہ علاقوں میں ...

...

کے نمائندوں نے بار بار حکومت کو یہ بتایا ہے کہ بلوچی کیا چاہتے ہیں مگر ہاں البتہ ابھی تک کوئی ایسا ایجی ٹیشن وہاں نہیں ہوا ہے جس میں بکثرت قید و بند اور قتل و جراحت کی نوبت پیش آئی ہو اور شاید حکومت کے نزدیک استحقاق قائم کرنے کا صرف یہی ایک طریقہ ہے۔ جب خود حکومت کا طریق کار یہ ہے تو ظاہر ہے کہ ان لوگوں کے لئے دنیا کو منہ دکھانے کی کیا گنجائش باقی رہ سکتی ہے جو صرف آئینی طریقوں کے حامی ہیں اور یہ چاہتے ہیں کہ کسی غیر آئینی ایجی ٹیشن میں حصہ لئے بغیر اپنے حقوق کی معقولیت کو ثابت کر کے حکومت برطانیہ سے اپنی آزادی حاصل کریں۔ صوبہ سرحد کے معاملہ میں بھی یہی ہوا کہ جب تک وہ خاموشی کے ساتھ مطالبات کرتے رہے کوئی شنوائی نہیں ہوئی بلکہ یہی جواب جو اس وقت بلوچستان کو دیا جا رہا ہے انہیں دیا گیا۔ مگر جہاں ایک عالمگیر شورش برپا ہوئی اور دیکھا کہ اب حالات قابو سے باہر ہو رہے ہیں صوبہ سرحد کے لئے فوراً اصلاحات منظور کر لیں۔ اب شاید حکومت یہی معاملہ بلوچستان کے ساتھ کرنا چاہتی ہے مگر ہم کہیں گے کہ یہ کس قدر ظلم ہے تم زبان سے کچھ کہتے ہو اور تمہارا عمل کچھ ہے۔ اس سے قبل کہ بلوچستان میں حالات قابو سے باہر ہو جائیں کیوں اپنے ظلم سے باز نہیں آتے کیوں اس کے ساتھ انصاف نہیں کرتے اس کے جذبہ آزادی کو امتحان لینے کے لئے کیوں درپے ہوئے ہو اور اس سے قبل کہ پیالہ لبریز ہو کر چھلک جائے اپنا ہاتھ کیوں نہیں روکتے۔ بلوچستان کے باشندے کمزور ہیں، مظلوم ہیں، مجبور ہیں، ایک بھاری بوجھ کے نیچے دبے ہوئے ہیں وہ اپنا سر نہیں اٹھا سکتے وہ اپنی آواز بلند نہیں کر سکتے۔ جلسوں کی انہیں اجازت نہیں ہے، کانفرنسیں وہ منعقد نہیں کر سکتے ان پر سخت ترین حرفت قائم ہے۔ ایسی حالت میں انہیں کیوں مجبور کرتے ہو کہ وہ آزادی کے لئے وہ طریقے اختیار کریں جو یقیناً تمہارے اور ہمارے دونوں کیلئے ناخوشگوار ہیں اور جو لازماً امن و امان کی تباہی اور جان و مال کے اتلاف پر منتج ہوتے ہیں۔ بلوچی، مظلوم بلوچی، تم سے کس طرح کہیں کہ وہ آزادی کے خواہاں ہیں۔ ان کے نمائندوں نے تمہارے ہی چوکھٹے کی خاک چھانی، ان کے رہنماؤں نے تمہیں تمام ترغیب و فراز سمجھا دئے اخبارات نے لکھا، مجالس نے قراردادیں منظور کیں مگر تم اب بھی پائے استحقار سے ان کے مطالبات کو ٹھکرا رہے ہو اور تمہارا جو کوئی کمیشن آتا ہے وہ یہی کہتا ہے کہ بلوچستان خود تو کچھ مانگتا ہی نہیں پھر اسے کچھ کیوں دیا جائے۔ اگر مانگنے کا یہی طریقہ ہے جس کا ہم نے اوپر ذکر کیا تو پھر بلوچستان تو کبھی نہ کبھی تمہارے طرز عمل سے اس پر بھی آمادہ ہو جائے گا کہ وہ اسی طریقہ سے مانگے جو تمہارے یہاں مقبول و محمود طریقہ ہے مگر ہم کہتے ہیں کہ یہ صورت بہتر نہ ہوگی اور اس کی تمامتر ذمہ داری تم پر ہوگی۔

شذرات

صوبہ سرحد کا متفقہ فیصلہ

مسلمانان صوبہ سرحد کی ایک عظیم الشان کانفرنس جو ہر ضلع کے ذی اثر و مقتدر نمائندوں پر مشتمل تھی اور جس میں ہر خیال اور ہر طبقہ کے افراد شریک تھے اور جسے شریعت کانفرنس کے نام سے موسوم کیا گیا تھا حضرت العلامہ مفتی محمد کفایت اللہ صاحب صدر جمعیۃ علمائے ہند کی صدارت میں اپنا کام ختم کر چکی۔ اور اس نے "شریعت بل" کے متعلق متفقہ فیصلہ صادر کر دیا۔ کانفرنس کی تجویز میں نہایت صاف اور واضح طور پر یہ بتا دیا گیا ہے کہ ان معاملات میں جو مسلمانوں کے پرسنل لا سے تعلق رکھتے ہیں رواج پر عمل کرنے کا موجودہ طریقہ مسلمانان سرحد کے نزدیک تباہ کن اور ہلاکت آفرین ہے اور وہ آئندہ کے لئے اپنے شخصی قانون کو صرف شریعت اسلامیہ کے ماتحت رکھنا چاہتے ہیں اور اس شریعت بل کی جو کونسل میں پیش ہے پوری طرح تائید کرتے ہیں نیز اس قرارداد میں یہ مطالبہ بھی کیا گیا ہے کہ کونسل کے تمام اراکین نمائندگی کا حق ادا کرتے ہوئے اس مسودۂ قانون کی حمایت میں رائے دیں اور حکومت پر بھی واضح کر دیں کہ باشندگان صوبہ سرحد کا اس مسئلہ میں متفقہ فیصلہ کیا ہے۔ جیسا کہ ہم نے گزشتہ اشاعت میں لکھا تھا ہمیں شریعت کانفرنس کے اس فیصلہ کا بے چینی کے ساتھ انتظار تھا اور اب اس صریح فیصلہ کے بعد ہم سمجھتے ہیں کہ ان نمائندوں نے جو مختلف اضلاع سے آکر پشاور میں جمع ہوئے تھے اور جنہوں نے تین روز کے غور و خوض کے بعد ایک قرارداد منظور کی اپنا ...

... کی منظوری پر اصرار کیا جا رہا ہے تو ہمیں اس کی کوئی وجہ نہیں معلوم ہوتی کہ حکومت اس کی طرف سے ایک لمحہ کے لئے بھی بے توجہی برتے حکومت کو چاہئے کہ وہ خود بھی اس کی حمایت کرے اور اسے متفقہ طریقہ پر منظور کیا جائے۔

ایک خطرناک غلطی کا ازالہ

مولانا اسمٰعیل غزنوی اور مولانا عبدالرحیم صاحب پوپلزئی کو ادائیگی فریضہ حج سے روکنے کے لئے حکومت نے جو طریقہ اختیار کیا تھا اس پر ان کالموں میں نہایت سختی کے ساتھ نکتہ چینی کی گئی تھی اور ہم نے یہ بتایا تھا کہ حج جیسے اہم اور عالی شان مذہبی عبادت کے معاملہ میں حکومت کی یہ روز افزوں مداخلت یقیناً مسلمانان ہند کے جذبات غیظ و غضب کو مشتعل کر دیگی اور اراکین جمعیۃ مقننہ کو توجہ دلائی تھی کہ وہ فوراً اسمبلی میں اس مسئلہ پر تحریک التوا پیش کر کے اس معاملہ کو ہمیشہ کے لئے طے کرا دیں کہ حکومت مذہب میں اس قسم کی براہ راست دخل اندازی کے سلسلہ کو جاری رکھنا چاہتی ہے یا اس طریقہ پر نظر ثانی کر کے اسے ہمیشہ کے لئے ترک کرنے کو آمادہ ہے۔ بارے خدا کا شکر ہے کہ حکومت کو بہت جلد صورت حالات کا صحیح اندازہ ہو گیا اور اس نے اپنی گذشتہ غلطی کا احساس کر کے ان پابندیوں کو اٹھا لیا جو مذکورہ بالا حضرات پر حج کے سلسلہ میں عائد کی گئی تھیں۔ مولانا اسمٰعیل غزنوی پر تو تقریباً دو سال سے پابندی عائد تھی اور انہیں حکومت تو حج کی اجازت دینے سے انکار کر دیتی تھی مگر مولانا عبدالرحیم صاحب پوپلزئی پر اسی سال یہ قید عائد کی گئی تھی۔ مؤخر الذکر کو پشاور میں جب اس پابندی کے ختم ہونے کا حکم ملا تو اس کے ساتھ بعض شرائط بھی ...

... شروع کی تھی اور جس کا سلسلہ روز بروز بڑھ رہا تھا اب ہم توقع کرتے ہیں کہ آئندہ کبھی اس قسم کا اقدام نہ کیا جائے گا۔

حوادث و احکام

استفتاء

کیا فرماتے ہیں علمائے دین و مفتیان شرع متین مندرجہ ذیل مسائل کے بارے میں کہ

(۱) علاقہ کٹکو۔ محلہ سنگی گنڈ میں ایک مسجد نئی تعمیر کی جاتی ہے۔ اور پانچ سو روپیہ ایک ہندو کی امداد بھی ہے جو اپنے ممبری کونسل کی کامیابی پر دیا ہے۔ کیا اس رقم کو مسجد کی تعمیر کے لئے ملا سکتے ہیں۔ اگر رقم مذکور مسجد تیار ہو گئی ہو تو اس مسجد میں عبادت کرنے سے کسی نماز کا خلل ہوگا؟

(۲) کیا میت کے ساتھ قبرستان کو اناج وغیرہ لیجا کر غرباء کو تقسیم کرنا لازمات سے ہے۔ مکان ہی پر تقسیم کرنے سے مضر ہے؟

(۳) کیا مرے ہوئے کے نام سے دہم، بستم و چہلم کے فاتحہ کرنا ضروری ہے اگر مذکورہ فاتحہ نہ کئے تو صورت پر میت کو عذاب ہوگا؟

(۴) ماہ رمضان میں تراویح کی نماز میں تسبیحات آواز سے پڑھتے ہیں۔ کیا آہستہ نہیں پڑھ سکتے۔

(۵) نماز عشاء میں تین رکعت واجب الوتر جو پڑھتے ہیں اس میں دوسری رکعت کے بعد پھر تکبیر لی جاتی ہے وہ کب سے اور کس کے وقت سے لکھا ہے۔ اور کیا اس کے معنے مطلب ہے؟ ...

الجواب

(۱) اگر مسلمانوں نے اس ہندو سے مسجد کے لئے روپیہ طلب نہیں کیا تھا اور نہ اس کو ووٹ دینے کا یہ معاوضہ ٹھیرایا تھا کہ وہ مسجد کے لئے روپیہ دے تو مسلمان اس کو ووٹ دیں گے اور نہ اس ہندو کی کوئی ایسی غرض ہو جس سے مسجد پر اس کا کوئی اثر و اقتدار قائم ہوتا ہو۔ بلکہ اس کی نیت محض یہ ہو کہ تعمیر مسجد ایک اچھا کام ہے اس میں کچھ امداد کر دوں تو یہ روپیہ مسجد میں لگانا جائز ہے۔

(۲) قبرستان میں غلہ لیجانا لازم نہیں، بلکہ لیجانا اچھا نہیں۔ گھر پر ہی فقراء و مساکین کو تقسیم کر دینا بہتر ہے کہ یہ صورت ریا و نمائش سے دور ہے۔

(۳) ایصال ثواب تو مستحسن ہے لیکن دہم، بستم، چہلم وغیرہ لازمی نہیں جب وسعت جب ہو سکے صدقہ کر کے میت کو ثواب بخش دیا جائے۔

(۴) تسبیحات آہستہ پڑھنا بہتر ہے۔ معمولی آواز سے پڑھیں مضائقہ تو نہیں لیکن آہستہ پڑھنا افضل ہے۔

(۵) اس سوال کا مطلب سمجھ میں نہیں آیا۔ دوسری رکعت کے بعد تکبیر کہی جاتی ہے اس سے کیا مراد ہے۔

(۶) جس جگہ سنت نماز پڑھی جائے فرض کے لئے اس جگہ سے ہٹنا ضروری نہیں ...

محمد کفایت اللہ کان اللہ لہ، دہلی

شریعت کانفرنس صوبہ سرحد کی مفصل کارروائی
علماء و زعماء ملت کا عظیم الشان اجتماع
اہم قراردادوں کی متفقہ منظوری

شریعت کانفرنس کی شرکت کے لئے صدر منتخب حضرت علامہ مفتی محمد کفایت اللہ صاحب صدر جمعیۃ علماء ہند ۲ فروری کو دہلی سے بمبئی ایکسپریس سے روانہ ہوئے اور ۳ فروری کو پشاور پہنچے۔ اسٹیشن پر ہزارہا مسلمانوں نے حضرت مفتی صاحب کا پرتپاک خیر مقدم اور استقبال کیا۔ سرحدی کونسل کے ارکان اور شریعت کانفرنس کے ارباب انصرام و اہتمام خاص طور پر استقبال کے لئے موجود تھے۔ اسٹیشن سے ...

اور صحیح نتیجہ اخذ کرنے پر مبارکباد پیش کرتا ہے۔

منجانب صدر کانفرنس۔

حکومت کی فارورڈ پالیسی کے خلاف احتجاج

(۵) شریعت کانفرنس کا یہ اجلاس گورنمنٹ کی فارورڈ پالیسی کے خلاف زبردست صدائے احتجاج بلند کرتا ہے جس کے اقدام کی سرگرم خبریں ...

...

موجودہ فضاء اور آئینی پالیسی کے ماتحت نہ صرف غیر ضروری بلکہ مضر تصور کرتا ہے اور حکومت سے مطالبہ کرتا ہے کہ ملکی فضاء کو بہتر بنانے کے لئے ان غیر ضروری پابندیوں کو واپس لے نیز ملک میں زیادہ خوشگواری پیدا کرنے کے لئے تمام سیاسی قیدیوں کو غیر مشروط طور پر رہا کر دے۔

محرک:- مسٹر پیر بخش صاحب ایم۔ ایل۔ سی۔

مؤید:- مولانا حبیب الرحمن صاحب۔

مقدمہ بہاولپور کا فیصلہ

(۸) شریعت کانفرنس کا یہ اجلاس ڈسٹرکٹ جج بہاولپور کے اس فیصلہ کو کہ قادیانی اور دیگر مسلمانوں میں رشتہ مناکحت اسلامی احکام کے ماتحت قائم نہیں رہ سکتا کیونکہ قادیانی مرزائی اور احمدی اسلام کی رو سے کافر ہیں شرعی نقطۂ نظر سے صحیح فیصلہ سمجھتا ہے اور ڈسٹرکٹ جج کی خدمت میں بے لوث تحقیقات ...

بارہ ہزار میل سے ٹیلیفون پر گفتگو

جانس برگ ۵ فروری۔ کل پہلی مرتبہ ہندوستان اور جنوبی افریقہ کے درمیان ٹیلیفون پر گفتگو ہوئی اس طرح ٹیلیفون پر بارہ ہزار میل سے بات چیت ہوئی۔

حکومت کا خفیہ سرکلر اور قومی جھنڈے کی سلامی

دہلی ۵ فروری۔ کل کمپنی باغ میں قومی جھنڈا لہرانے کی رسم ادا کی گئی۔ بابو راجندر پرشاد صدر کانگریس نے اس موقعہ پر فرمایا کہ اگرچہ حکومت کی جانب سے سرکاری حکام کے نام اس قسم کے خفیہ سرکلر جاری کئے گئے ہیں کہ وہ قومی جھنڈے کی عزت نہ کریں اور یونین جیک کو ترجیح دیں لیکن ہندوستانیوں نے عزم کر لیا ہے کہ ہم جان دیکر بھی قومی عزت قائم رکھیں گے۔

انڈیا بل سے والیان ریاست بھی خفا ہوگئے

بمبئی ۴ فروری۔ والیان ریاست اور وزراء کی مشترکہ کانفرنس میں انڈیا بل کی دفعات پر سخت نکتہ چینی کی گئی۔ والیان ریاست اور وزراء کی اکثریت نے یہ خیال ظاہر کیا کہ بل کی دفعات سخت مایوس کن ہیں اور وہ فیڈریشن میں اس شرط کے ساتھ داخل ہوں گے کہ بل میں ضروری تبدیلیاں کر دی جائیں۔

کمیونل ایوارڈ کو مسترد کرانے کیلئے لندن کا عزم

کانپور ۴ فروری۔ معلوم ہوا ہے کہ ... فیصلہ کو مسترد کرانے کے ... ارکان ...

حضرت العلامہ مفتی محمد کفایت اللہ صاحب کی موٹر کو حادثۂ عظیم
حضرت مولانا ظفر علی خاں اور حضرت مولانا حفظ الرحمان مجروح ہوگئے
حضرت مفتی صاحب کی تشریف آوری اور حادثہ کی تفصیلات

۲۵ فروری کی شب کو ایک ایسوسی ایٹڈ پریس کے ذریعہ خبر آئی ... صدر محترم کی کار کو سخت حادثہ پیش آگیا جس کے باعث حضرت علامہ مفتی محمد کفایت اللہ صاحب، مولانا ظفر علی خاں اور مولانا حبیب الرحمن صاحب کو ضربات آئیں ... شب میں موصول نہیں ہوا۔ دوسرے دن صبح کو پھر ایک تار دیا گیا ...

۲۶ فروری کو شب کے ۸ بجے حضرت العلامہ مفتی محمد کفایت اللہ صاحب صدر جمعیۃ علمائے ہند بمبئی ایکسپریس سے دہلی تشریف لے آئے۔ اسٹیشن پر ...

... مولانا ظفر علی خاں صاحب ہنوز پشاور میں زیر علاج ہیں۔ حضرت مفتی صاحب قبلہ کی طبیعت بحمد اللہ اچھی ہے کوئی خاص شکایت نہیں ہے۔

ایک غلطی کی تصحیح

بعض اخبارات میں حضرت مولانا حبیب الرحمن صاحب کے متعلق جو خبر شائع ہوئی ہے وہ صحیح نہیں ہے۔ حضرت مولانا موصوف اس موٹر کار میں نہیں تھے جس کو حادثہ پیش آیا۔ وہ دوسری موٹر کار میں تھے جو بعد میں پہنچی ان کے بجائے مولانا حفظ الرحمن صاحب کے چوٹ آئی ہے۔

اینٹی کمیونل ایوارڈ کانفرنس کا اجلاس

دہلی ۵ فروری۔ کل آل انڈیا اینٹی کمیونل ایوارڈ کانفرنس کا دوسرا اجلاس شروع ہوا جس میں ہندوؤں اور سکھوں کے علاوہ راجہ غضنفر علی خاں، آنریبل سید حسن امام، مولوی عبدالصمد اور پروفیسر عبدالمجید نے بھی شرکت کی شام کو مجلس مضامین کی میٹنگ ہوئی جس میں یہ تجویز منظور کی گئی کہ یہ کانفرنس غیر مشروط طور پر نام نہاد کمیونل ایوارڈ کی مذمت کرتا ہے کیونکہ یہ ہندوؤں اور سکھوں کے لئے سخت غیر منصفانہ ہے اور یہ قومیت اور جمہوریت کے اصولوں کے خلاف ہے اس لئے اس کو واپس لے لینا چاہئے۔ مولوی عبدالصمد صاحب نے ایک ترمیم کے ذریعہ "ہندوؤں اور سکھوں کے لئے غیر منصفانہ" الفاظ کو حذف کرنے کا مطالبہ کیا مگر آپ کی ترمیم گر گئی۔

مالویہ جی کی کانفرنس پر صدر کانگریس کا افسوس

... صدر کانگریس اور مسٹر جناح مصروف عمل ہیں۔ صدر کانگریس نے لکھنؤ میں دوران ملاقات میں ہندوؤں کی اس روش پر اظہار افسوس کیا جو انہوں نے اس نازک وقت میں اینٹی کمیونل ایوارڈ کانفرنس کر کے ظاہر کی ہے۔ اس سے باہمی کشیدگی کا پیدا ہونا قدرتی امر ہے۔

دوکان پر بم پھٹ گیا

کراچی ۵ فروری۔ سہوان میں ایک دوکان پر بم پھٹ گیا جس کے باعث چند آدمی زخمی ہوئے پولیس مصروف تحقیقات ہے۔

الہ آباد میں آٹھ جگہ خانہ تلاشیاں

الہ آباد ۵ فروری۔ پولیس نے یہاں آٹھ مقامات کی تلاشی لی اور بعض مقامات سے باغیانہ لٹریچر، کارتوس اور برچھیاں برآمد کیں۔ ایک شخص کو گرفتار ...

حضرت مولانا حسین احمد صاحب مدنی کا اہم بیان

(بسلسلہ صفحہ ۳)

(۸) علم حدیث، تفسیر، فقہ، ادب و منطق کی کتابیں بہت کم پڑ گئی ہیں سخت ضرورت ہے کہ کتب وقف کر کے صدقہ جاریہ کا ثواب عظیم حاصل کیا جائے۔

(۹) طلباء کیلئے موجودہ مکانات اور کمرے قطعاً ناکافی ہیں۔ وہ سخت تکالیف اٹھاتے ہیں۔ بہت سے بیرونی معاملہ دارالعلوم مختلف مکانوں میں بسر کرتے ہیں۔ اسلئے ملک کو فوری توجہ کر کے شدید ضرورت ہے۔ ...

عراق کا کابینۂ وزارت مستعفی ہوگیا

بغداد ۲۵ فروری۔ کابینۂ عراق اور پارلیمنٹ کے درمیان زبردست اختلافات پیدا ہو جانے کے باعث کابینۂ وزارت نے اپنا استعفیٰ داخل کر دیا ہے۔ سینٹ کے سات ممبران نے سینٹ کے جلسوں میں شرکت نہ کرنے کا فیصلہ کر لیا ہے۔

طبیہ کالج کا سالانہ جلسہ تقسیم اسناد
سر عبدالرحیم صدر اسمبلی کے زریں خیالات

دہلی ۴ فروری۔ کل شام کو وسیع شامیانہ کے نیچے آیورویدک اینڈ طبی کالج کے احاطہ میں کالج کا سالانہ جلسہ تقسیم اسناد منعقد ہوا جس کی صدارت سر عبدالرحیم صدر اسمبلی نے فرمائی۔ صدر جلسہ کے گلے میں پھولوں کا ہار ڈالا گیا اور ڈاکٹر ایف۔ ڈی۔ محمود صاحب ... نے کالج کی تاریخ پر روشنی ڈالی۔ سر عبدالرحیم نے کالج کی اہمیت و ضرورت اور خدمات اور اس کے ایک آزاد قومی ادارہ ہونے کا اعتراف کیا اور اس کے کاموں کی بڑی تعریف کی آپ نے کالج کے منتظمین کو مبارکباد دی کہ وہ ایسی عظیم الشان درسگاہ کو نہایت کامیابی سے چلا رہے ہیں۔ ... دواخانہ کی زبردست کامیابی اور کارکنان کی حسن انتظامی ظاہر ہوتی ہے۔ ... اس مجمع میں اسمبلی کے ارکان، کالج کے ٹرسٹی، شہر کے معززین و رؤساء اطباء، ڈاکٹر، اعلیٰ حکام، اخبار نویس اور عام حضرات کی کافی تعداد شریک تھی۔ تقسیم انعام و اسناد کے بعد ایک پرتکلف ایٹ ہوم بھی دیا گیا۔ زنانہ کالج کی طالبات کو بھی انعامات اور اسناد تقسیم کئے گئے۔ زنانہ جلسہ میں پردہ کا معقول انتظام تھا اور صدارت کے فرائض بیگم محمد شفیع نے انجام دئے۔

حضرت ملا رموزی صاحب کا ورود دہلی
ایک اہم مقصد کیلئے سفر

دہلی ۴ فروری۔ کل صبح ہندوستان کے مشہور ظرافت نگار اور انشاء پرداز حضرت ملا رموزی اپنے وطن ... تشریف لائے ...

مولانا اسمعیل غزنوی کو حجاز جانے کی اجازت مل گئی
مفتی عبدالرحیم پشاوری سے بھی پابندیاں اٹھالی گئیں

نئی دہلی ۵ ۲ فروری۔ معلوم ہوا ہے کہ حکومت ہند نے مولانا سید محمد اسمعیل غزنوی کو حج کے لئے حجاز جانے کی اجازت دیدی ہے اور انہیں بذریعہ تار اس امر سے مطلع کر دیا گیا ہے۔ مولانا موصوف نے دہلی میں اس امر کی اطلاع پاتے ہی حجاز مقدس کے سفر کا عزم کر لیا اور آپ براہ امرتسر کراچی کے لئے روانہ ہو گئے۔

اسی طرح مولانا عبدالرحیم صاحب پشاوری کو بھی گذشتہ سال حکومت نے حج کے لئے حجاز جانے سے روک دیا تھا جو صریحاً مذہبی مداخلت ہے مگر اب ان کو بھی حجاز جانے کی اجازت دیدی گئی ہے۔ نامہ نگار الجمعیۃ مقیم پشاور کی اطلاع ہے کہ ۱۵ فروری کو ایک سب انسپکٹر نے مولانا عبدالرحیم صاحب کو پاسپورٹ دیا اور ایک نوٹس بھی تعمیل کرانا چاہا جس میں مذکور تھا کہ تم پر جو پابندیاں عائد ہیں ان کو صرف حج کے لئے اٹھایا جاتا ہے ... مگر مولانا موصوف نے نوٹس کی تعمیل سے انکار کر دیا اور ڈپٹی کمشنر پشاور کو چٹھی لکھی کہ میں یہ شرائط تسلیم کرنے کے لئے تیار نہیں ہوں ... پانچ گھنٹے کے بعد جواب موصول ہوا کہ تم بغیر کسی شرط کے حج کے لئے جا سکتے ہو۔ چنانچہ مفتی عبدالرحیم صاحب عازم حجاز ہو گئے۔

میرٹھ میں دن دہاڑے ڈاکہ

۱۷ فروری کو میرٹھ میں لالہ تو من پرشاد کی دوکان پر دن دہاڑے ڈاکہ پڑ گیا۔ ڈاکو تالا توڑ کر اور نوکروں کے ہاتھ پاؤں باندھ کر لے گئے اور باقی مال کو نذر آتش کر دیا۔ لالہ صاحب کی دوکان ایک پُر رونق اور وسیع بازار (خیر نگر بازار) میں واقع ہے اس لئے یہ ڈاکہ پولیس کی لاپرواہی کا روشن ثبوت ہے۔ (نامہ نگار)

محمد علی رننگ کپ

دہلی ۲۰ فروری۔ محمد علی رننگ کپ کے تیسرے سالانہ مقابلے میں جو ۳ مارچ ۱۹۳۵ء کو ہو رہا ہے مندرجہ ذیل مدارس حصہ لے رہے ہیں جلسہ میں شرکت کی عام اجازت ہے۔

۱۔ پنجابی اسلامیہ ہائی سکول دہلی
۲۔ اینگلو عربک ہائی سکول اجمیری گیٹ دہلی
۳۔ ایم بی مڈل سکول کابلی گیٹ دہلی
۴۔ ...
۵۔ ...
۶۔ تعلیمی مرکز جامعہ دہلی
۷۔ اینگلو عربک ہائی سکول دریا گنج دہلی
۸۔ سینٹ سٹیفن ہائی سکول دہلی
۹۔ فیض عام ہائی سکول میرٹھ

(نور شاہ جامعہ ملیہ دہلی)

حکومت کو پھر دو شکستیں
اسمبلی میں تیسرے درجہ کے مسافروں کی شکایات

دہلی ۲۰ فروری۔ لوگوں کا خیال تھا کہ اپوزیشن پارٹی اب ریلوے بجٹ پر حملہ نہ کرے گی اور حکومت آسانی کے ساتھ اسے منظور کرا لے گی۔ مگر مسٹر جیمز کی کٹوتی تجویز میں ایجنڈا میں نہیں، مگر یہ خیال غلط ثابت ہوا اور آج کے اجلاس میں حکومت کو دو دفعہ شکست اٹھانی پڑی لطف یہ کہ آج کی شکست ایسی تھی کہ اس سے قبل حکومت کو کبھی نصیب نہ ہوئی تھی پہلی دفعہ اسے صرف ۴۷ اراکین ملے اور مخالف ۹۰ تھے یورپین اراکین نے بھی بڑی فیاضی کے ساتھ کانگرس کا ساتھ دیا۔

حکومت نے ہر شکست کو بہت ہی فلسفیانہ انداز میں لیا ... نصیب سے ہوا کرتی ہے اس لئے وہ کچھ زیادہ شرمندہ نہ تھے لیکن یہ سوچنا ہے کہ ان شکستوں کے بعد حکومت کی روش کیا ہوگی اور آیا وہ محکمہ ریلوے ہندوستانی کی شکایات کو دور کرنے کی طرف متوجہ بھی ہوگی یا نہیں؟

ریلوے بجٹ پر مباحثہ کے دوران میں سر جارج ... کی منظوری کے لئے پیش کی ان کی تقریر کے بعد مسٹر ... نے محکمہ کے ملازمین کی بد اخلاقیوں کی شکایت کی، اور ایجنٹ کے متعلق کہا کہ وہ نہایت ہی مطلق العنان عہدیدار ہے۔ انہوں نے اس قسم کے واقعات بیان کئے انہوں نے بچشم خود دیکھے تھے اور جن سے ان ملازمین کی انسانیت سوزی ظاہر ہوتی تھی انہوں نے غذا کی نگرانی کے متعلق انسپکٹروں کے تقرر کی تجویز پیش کی۔

مسٹر ایم۔ اے جوشی نے، جو مزدوروں کے سرکاری نمائندے ہیں تیسرے درجہ کے مسافروں کی تکالیف کی آواز بلند کی اور ایک مدلل اور موثر تقریر میں یہ بتایا کہ تیسرے درجہ کے مسافروں کے ساتھ کس قدر ناانصافی کی جاتی ہے انہوں نے یہ بھی بتایا کہ گذشتہ سال تیسرے درجہ کے مسافروں کی تعداد ۶۱ کروڑ تھی برخلاف اس کے اول درجہ کی صرف ۸ لاکھ۔

اس کے بعد سیٹھ گوبند داس نے تقریر کی انہوں نے بھی تیسرے درجہ کے مسافروں کی شکایات ...

برما کونسل کے صدر کا اخراج

رنگون ۲۰ فروری۔ برما کی مجلس مقننہ کا اجلاس آج صبح پھر منعقد ہوا کہ سرکار ہی کام کو پورا کرے۔ ڈپٹی پریسیڈنٹ صدر تھے۔

سوالات کے بعد ڈپٹی پریسیڈنٹ نے گورنر کا پیام پڑھکر سنایا جو صدر سر آسکر دہ گلین ویل کو الگ کرنے کی تجویز کے متعلق کل کے اجلاس میں منظور کیا گیا تھا ہز اکسلنسی نے اپنے بیان کے دوران میں لکھا ہے کہ اس وہ کونسل کی تجویز کو کسی طرح نظر انداز نہیں کر سکتے لیکن اس کا مطلب یہ نہیں ہے کہ اس طرح سے وہ مجلس کی پیش کردہ دلیلوں کو جو ان کے خلاف تھیں قبول کرتے ہیں۔

جس وقت یہ پیام پڑھکر سنایا گیا مخالف جماعت نے اظہار مسرت کیا۔ نئے صدر کے انتخاب کے لئے ۲۰ فروری کی تاریخ مقرر کی گئی ہے۔

جبش پر اٹلی کی دراز دستیاں
دو ہزار اور سپاہی روانہ ہو گئے

روما ۲۰ فروری۔ مشرقی افریقہ (حبش) کے لئے فوجوں کی روانگی کے بعد ادھر ایک طرح سے خاموشی سی ہو گئی تھی۔ لیکن اب اخبارات نے یہ اطلاع شائع کرنی شروع کر دی ہیں جوان افواج کے افریقہ پہنچنے کے متعلق ہیں ان کے علاوہ فوجوں کی مزید روانگی کا سلسلہ بھی جاری ہے اور ان کی تفصیلات بھی اخبارات میں نظر آنے لگی ہے۔ کل شام کو نیپلز سے دو ہزار سپاہی روانہ ہوئے جن میں ڈاکٹر، مزدور اور خاص خاص ماہرین بھی شامل ہیں۔ ان لوگوں کے ساتھ سسلی سے دو ہزار مزید فوج سوار ہو جائے گی۔

جنرل گراں زیانی جو اس مہم کے سپہ سالار ہیں سسلی سے آج روانہ ہو جائیں گے جنیوا کے بندرگاہ سے بھی بیس ہزار آدمی سوار ہوئے ہیں جن کو الوداع کہنے کے لئے خود سینور مسولینی بھی گئے تھے۔

کمال پاشا نے تمام یورپ میں تہلکہ ڈالدیا

استنبول کی اطلاع ہے کہ غازی کمال پاشا ایک بلقان لیگ بنا رہے ہیں جس کے بعد وہ وسط یورپ کی طاقتوں سے مقابلہ کریں گے۔ اٹلی اور آسٹریا کی سلطنتوں سے خاص طور پر مقابلہ رہے گا۔ اس اقدام سے تمام یورپ میں تہلکہ پڑ گیا۔

لاری کے حادثہ میں پانچ مسافر ہلاک

بمبئی ۱۹ فروری۔ کھاری گودام میں ایک موٹر لاری سڑک پر الٹ گئی جس سے پانچ مسافر ہلاک اور تیرہ زخمی ہوئے۔

سر آغا خاں اور مریدوں کی رقم
ایک اصلاح پسند خوجہ کا تار

کراچی سے مسٹر کریم غلام علی نے نواب صاحب چھتاری اور دوسرے مسلم لیڈروں کے نام مندرجہ ذیل تار دیا ہے۔

"آپ اپنے اثر سے کام لیکر مذہب کے نام سے اپنے مریدوں سے روپیہ اینٹھنے سے سر آغا خاں کو روک سکتے ہیں؟"

یہ بات روشن ہے کہ سر آغا خاں کے مرید قرآن کریم کو نہیں مانتے اور نہ اسلامی طریقہ پر عبادت کرتے ہیں بلکہ ان کا اعتقاد یہ ہے کہ آغا خاں وشنو کے دسویں اوتار ہیں کامل وثوق کے ساتھ کہا جا سکتا ہے کہ سر آغا خاں اپنے مریدوں سے ہر سال ڈیڑھ کروڑ روپیہ وصول کرتے ہیں۔

سلور جوبلی اور پنڈت جواہر لال کی رہائی

الہ آباد کے سیاسی حلقوں میں یہ افواہ گرم ہے کہ ملک معظم کی آئندہ سلور جوبلی کے موقعہ پر ہندوستان میں جو جشن منایا جائے گا اس میں اخلاقی قیدیوں کی رہائی کے ساتھ سیاسی قیدیوں کی بھی شامل ہوں گے یقین کیا جاتا ہے کہ پنڈت جواہر لال نہرو بھی اس سلسلہ میں رہا کر دئے جائیں گے۔

حب زرین

زرین اصولوں پر تیار کی ہوئی حب زرین۔ زرین بجواہر کی حامل ہیں جو ایک مستقل طور پر قوت باہ کو حیرت انگیز اور قابل رشک بنا نا بدن کی تمام طاقتوں کو اصلی معیار پر لانا اور ان کی موافقت کرنا جس سے جملہ اعضائے رئیسہ پوری طاقت حاصل کر کے بہت سے امراض کی مدافعت کرنے کے قابل ہو جاتے ہیں ان گولیوں کا مخصوص فعل ہے ان گولیوں کے استعمال سے زیادہ عرصہ تک دماغی اور محنت کا کام کرنے کے بعد تکان محسوس نہیں ہوتی ... آپ ان گولیوں کو استعمال کر کے ضرور خوش ہوں گے ...

منیجر دواخانہ الجبر کوچہ چیلان گلی راجان دہلی سے طلب فرمائیں

ایک ہزار روپیہ کے نقد انعامات

منیجر گاڈلی کمپنی کراچی

گن نی

تار کا پتہ میڈیسنز دہلی — ٹیلیفون ۵۵۶۶

۱۹۳۵ء — ۱۹۳۵ء

کا — خاص — تحفہ

طاقت کی بے مثل سنہری گولیاں

مسیح الملک حکیم محمد احمد خاں صاحب کا عطیہ (سفر یورپ کے بعد)

چالیس گولیاں سات روپیہ

ہندوستانی دواخانہ (جس کو حکیم اجمل خاں نے ۱۹۰۴ء میں بنایا) دہلی (پوسٹ بکس ۲۲)

اجرا ریاست کو لہا پور کی خونی داستان
گولیاں عورتوں کے سینے اور مونہہ توڑ کر نکل گئیں
نام نہاد تحقیقاتی کمیشن کی حقیقت

... کرا دیا جا ان کے ارادوں کی خبر ہی مسلمانان اجرا کو پہنچا سکتے تھے جس کا تبادلہ کرا دیا بعض کو معطل کر دیا۔ اور بعض تاجروں کے ہاں سے بھی ایسے مسلمانوں کو برخاست کرا دیا جن پر خبر پہنچانے کا شک ہو سکتا تھا مندر میں بیٹھ کر یہ اسکیم تیار ہوئی جہاں سے مسلمانوں کو خبر ملنا غیر ممکن تھا۔ حافظ صاحب کئی ایسے مسلمانوں کو ملے جن کو ان کی خدمات سے اس اسکیم کے ماتحت علیحدہ کر دیا گیا تھا اور اب وہ بیکار ہیں۔

... کے مظالم کے ثبوت مٹ جائیں گے مگر شہداء کے وارثوں نے کہا کہ ہم اسی طرح پڑا رہنے دیں گے شاید کسی طرف سے کوئی انصاف کرنے والا آجائے تو ہم ان سے حقیقت کا اندازہ کرا سکیں۔ مگر افسوس کہ ان کی یہ حسرت بھی پوری نہ ہوئی کیونکہ بعض لاشوں میں تعفن پیدا ہو گیا تھا اور یہ دھمکی دی گئی کہ اب انہیں اٹھاؤ گے نہیں تو ہم ڈھیڑوں اور بھنگیوں کے سپرد یہ کام کر دیں گے چار و ناچار ورثا نے لاشیں اٹھائے اور بغیر کفن (کیونکہ وہ سب شہید تھے) دو گڑھوں میں دفن کئے گئے حکام نے خون کے نشانات مٹانے کے لئے تو زور لگا دئے اور اس سڑک کی مٹی خون سے کافی تر ہو گئی اور بعض جگہ تو ایسی ہو گئی کہ جیسے گندھا ہوا آٹا ہوتا ہے۔

زخمیوں کی حالت

حافظ صاحب نے زخمیوں کی جو حالت دیکھی وہ ایسی دردناک تھی کہ بے اختیار آنسو نکل پڑتے تھے، حالانکہ اب کافی عرصہ اس واقعہ کو گذر چکا تھا ...

کولہاپور کے حکم سے یہ تحقیقات شروع ہوئی ہے کیونکہ اجرا کرنجی جاگیر کولہاپور کے ماتحت ہے۔ حافظ صاحب نے جو رائے کولہاپور میں قائم کی ہے وہ یہ ہے کہ اس تحقیقات پر زیادہ اعتماد نہیں کیا جا سکتا۔ حقیقت یہ ہے کہ جو واقعہ مسلمانان اجرا کو اس کے بنیادی وجوہ بہت سے پردوں کے راز میں پوشیدہ ہیں اور یہ ... غیر سرکاری تحقیقات میں قابل عالی مرتبہ مسلم بیرسٹر ہی روشنی میں لا سکتے تھے۔ حافظ صاحب کا خیال ہے کہ مسٹر ادیسید کا انتخاب بہت بڑی غلطی تھی اور اگرچہ تحقیقات کے بعض اہم مرحلے ہو چکے ہیں پھر بھی کسی مسلم اعلیٰ بیرسٹر کے تقرر کی ضرورت تھی مگر بمبئی کے مسلمانوں میں بلکہ ان کے لیڈروں میں ایسی پیچیدگیاں موجود ہیں جن کی وجہ سے غالباً عملی حیثیت سے حافظ صاحب کا یہ مسئلہ بیکار ثابت ہوگا۔ یہ ایک علیحدہ داستان ہے جو اپنی جگہ ایک ٹریجڈی ہے اور مسلمانان بمبئی کی پبلک زندگی کا ایک بدترین نمونہ پیش کرتی ہے۔

حافظ صاحب کا یقین ہے کہ مسلمانان اجرا دور ریاستوں کی بساط سیاست ...

ایک سو روپیہ نقد انعام

Rs 100 — Rs 100

منیجر ... کمپنی کراچی

حضرت مولانا الحاج حافظ احمد سعید صاحب
کی
تقریر سیر

حضرت سحبان الہند مولانا الحاج حافظ احمد سعید صاحب ناظم جمعیۃ علمائے ہند کی وہ بصیرت افروز شریعت آموز تقریر جو مرحوم نے آباد کے جلسہ سیرت میں ارشاد فرمائی تھی اور جس کو بعد میں مزید تفصیل و تشریح کے ساتھ مرتب و مدون کر کے الجمعیۃ میں جزواً جزواً شائع کیا گیا تھا اب قارئین الجمعیۃ کے مسلسل پیہم اصرار پر کتابی شکل میں ادارۂ الجمعیۃ کی جانب سے شائع کر دی گئی ہے اور اس کے ساتھ وہ آخری حصہ بھی شامل کر دیا گیا ہے ...

حضرت مولانا کی یہ تقریر ... ہمیشہ یادگار رہے گی شریعت مقدسہ کے نہایت ادق مسائل و دشوار نکات اس طرح پیش کئے گئے ہیں کہ ہر عالم و عامی ان کو سمجھ سکتا ہے اور ان سے افادہ کر سکتا ہے، اس پر حضرت مولانا کی سلاست زبان اور روانی بیان نے وہ کام کیا ہے کہ مضامین کی دقت اور مسائل کی دشواری کے باوجود شروع سے آخر تک دلچسپی برابر قائم رہتی ہے۔ ہندوستان کے مختلف شہروں اور قصبوں میں ہزار لاکھوں مسلمان ایسے ہونگے جو حضرت مولانا کے مواعظ حسنہ سے مستفید ہو چکے ہیں اور ایک مرتبہ نہیں صدہا مرتبہ حضرت مولانا کی تقریریں سننے کے باوجود ہمیشہ اس کے مشتاق رہتے ہیں کہ ایک مرتبہ پھر کہیں حضرت مولانا کی تقریر سننے کا اتفاق ہو، ان تمام مسلمانوں کے لئے یہ مژدہ یقیناً جانفزا ہوگا کہ یہ "تقریر سیرت" جو آج شائع کی جا رہی ہے۔ حضرت مولانا کی اکثر تقریروں کا لب لباب ہے اور اس میں سیرت کے متعلق بہت سے وہ مضامین ہیں جو حضرت مولانا اپنی مختلف تقریروں میں ارشاد فرمایا کرتے ہیں ...

مختصر فہرست مضامین

منیجر الجمعیۃ گلی قاسم جان دہلی

تندرستی

عام ناطاقتی — اعصابی کمزوری — بے خوابی — اضمحلال طبع اور کمی خون کے لئے سناٹوجن استعمال کیجئے

SANATOGEN

گولی امساک

فلسفۂ عید قربان

رجسٹرڈ نمبر ایل ۱۷۹۳

یَدُ اللہِ عَلَی الْجَمَاعَۃ

تار کا پتہ: "الجمعیۃ دہلی"
ٹیلیفون نمبر ۵۷۳۸

سہ روزہ الجمعیۃ دہلی

مدیر مسئول: ہلال احمد زبیری (بی اے) معاون: محمد عثمان فارقلیط

جلد ۱۱ | دہلی یوم سہ شنبہ ۲۹ ذیقعدہ ۱۳۵۳ھ ہجری مطابق ۵ مارچ ۱۹۳۵ء | نمبر ۱۷

نوامیس فطرت اور حقوق کی تقسیم

اسلام میں عورت کا مرتبہ اور اسکے حقوق

حوا کی بیٹیوں پر کس نے احسان کیا؟

معاصرین کے افکار و آراء

شریعت بل سے اختلاف!

معلمین حج بل

حج کیلئے سہولتیں

فرقہ وارانہ سمجھوتہ

ضروری گزارش

خریداران الجمعیۃ کو چاہیئے کہ خط و کتابت کے وقت اپنے نمبر خریداری کا حوالہ ضرور دیا کریں ورنہ عدم تعمیل ارشاد معاف۔ (مینیجر)

پادری کی لڑکی کا قبول اسلام

اسپین کے ایک جلیل القدر پادری کی لڑکی نے جب اسلامی تعلیمات کا مقابلہ کیا اور مسلمانوں کے مذہب اور انکے اعمال کو بغور دیکھا تو اس کے دل میں اسلام کی صداقت و حقانیت جاگزیں ہو گئی اور اس نے یہ فیصلہ کر لیا کہ حقیقتاً اسلام ہی وہ مذہب ہے جو دنیا اور آخرت میں نجات کا راستہ بتاتا ہے اور اس کے علاوہ جتنے مذہب ہیں وہ سب باطل اور صراط مستقیم سے بھٹکا دینے والے ہیں۔ جب عیسائیوں کو اس کی خبر ہوئی تو تمام پادریوں نے مل کر اس لڑکی پر بیشمار مظالم ڈھائے اور اسقدر جاں گداز اور صبر آزما مصائب میں مبتلا کیا کہ دیکھنے والوں کے رونگٹے کھڑے ہونے لگے۔ مگر وہ لڑکی اسلام پر ثابت قدم رہی اور اس نے بالآخر تمام پادریوں کی شاندار مجلس میں اسلام کی حقانیت پر ایک بصیرت افروز مناظرہ کیا۔ فضیلت اسلام اور رد عیسائیت کے جس قدر دلائل ممکن تھے وہ تائید الٰہی سے اس لڑکی نے پادریوں کے مقابلہ میں اس خوش اسلوبی کے ساتھ پیش کئے کہ سامعین حیرت و استعجاب کے سمندر میں غرق ہو گئے اور پادریوں سے کوئی جواب بن نہ پڑا اور وہ لڑکی ہمیشہ کے لئے اسلام ہی سے وابستہ ہو گئی۔ اس کا نام ازبلا تھا اور اس کی زندگی کے واقعات ایک کتاب میں قلمبند کر دئیے گئے ہیں۔ اگر آپ کو گزشتہ عظمت و سطوت کا مطالعہ کرنا ہے اور عیسائیت کے مقابلہ میں اسلام کی حقانیت کے بے شمار دلائل سے واقفیت حاصل کرنے کا شوق ہے اور آپ اس کتاب کے ذریعہ تبلیغ اسلام کا فریضہ ادا کرنا چاہتے ہیں تو فوراً طلب کیجئے۔ پہلا ایڈیشن قریب الختم ہے۔ اگر دیر ہوئی تو دوسرے ایڈیشن کا انتظار کرنا پڑے گا۔ قیمت فی جلد ۱۲ علاوہ محصول ڈاک۔ تبلیغی مقاصد کے لئے بیس بائیس سے زائد جلدوں کے خریدار کو پچیس فی صدی کمیشن دیا جائے گا۔

ملنے کا پتہ: مینیجر الجمعیۃ دہلی

Regd. No. L 1793.

نورانی قرآن مجید

The Al-Jamiat

Vol. XXI No. 15, 16, DELHI THURSDAY / FRIDAY 1st March 1935 PRICE ONE ANNA

پادری کی لڑکی کا قبول اسلام

مینیجر الجمعیۃ دہلی

قرآن حکیم اور سیرت نبوی کے جاپانی تراجم

سرحدی مواضعات میں شرعی پنچایتوں کا تقرر

خلافت گو اور غیر مہذب اخبارات کے خلاف احتجاج

انجمن تہذیب الکلام کا جلسہ

الہ آباد یونیورسٹی کے طلباء کی ہندی نوازی

آج تک نہ کسی کو ملا نہ کسی نے سنا
آٹو کے ہمراہ خاص انعامات صرف ۵ میں



انٹرنیشنل ٹریڈنگ کمپنی پوسٹ بکس ۲۱۱ کلکتہ

خاص رعایت
حیات حافظ رحمت خاں
غیر مجلد دو روپے چار آنے میں خریدئے
ملنے کا پتہ: مینیجر اخبار الجمعیۃ گلی قاسم جان دہلی

اخبار الجمعیۃ میں اشتہار دیکر اپنی تجارت کو فروغ دیجئے

ملک کشمیر کی قابل بھروسہ
نانک چند گپتا جنرل سپلائی سٹور شدھ کیسر شلاجیت
شہد برہمی وغیرہ ادہم پور گورنمنٹ جموں کشمیر

وئید حکیم بنجاؤ
المشتہر: مینیجر بال جیون کاریالیہ علیگڑھ شہر

محبوب عاشق کے قدموں پر

خضاب چھوڑ دو

مفت! مفت!!

مشہور و معروف دو ترجمہ والا معجز نما متوسط قرآن مجید مع کامل تفسیر
حیرت انگیز رعایتی اعلان
مینیجر اخبار الجمعیۃ گلی قاسم جان دہلی

اسلام کے خلاف ایک نئی صلیبی جنگ

فرانس نے مسلمانوں کے مدارس و مساجد بند کر دیئے

عربی زبان، عربی تہذیب اور اسلام کے خلاف جہاد

ڈاکٹر خالد شیلڈریک (نومسلم انگریز) نے ذیل کا بیان شائع کیا ہے:۔

آج حالات تاریخ ہیں کہ فرانسیسی مدبران و سیاست دانوں نے پنولین اعظم کی پالیسی کو کس طرح پس پشت ڈال دیا ہے، پنولین مسلمانوں کی دلجوئی کرتا تھا۔ اور اپنے افسران اور سپاہیوں کو اسلام قبول کرنے کی ترغیب دلاتا تھا۔ ہمیں علم ہے کہ جنرل مینو اور بہت سی ذی وقار ہستیوں نے ایسا کیا اور ملت فرانسیسیہ نے مسلمانوں کی ہمدردی حاصل کی۔

لیکن آج تصویر کا رُخ دوسرا ہے۔ فرانس کی طرف سے بحر روم کے جنوبی ساحل کو شمالی ساحل کی طرح لاطینی بنانے کی بڑی تندہی کے ساتھ کوشش کی جا رہی ہے۔ برادران اسلام کو یہ سن کر رنج ہوگا کہ تمام شمالی افریقہ کے فرانسیسی مقبوضات میں بجائے عربی زبان کے فرانسیسی زبان داخل نصاب کر دی گئی ہے، اور عربی بالکل مردہ زبان ہوگئی ہے۔

الجیریا وغیرہ کے باشندگان کی آبائی زبان عربی اور صرف عربی ہے لیکن یہ امر قابل تاسف ہے کہ ان بیچاروں کی زبان بجائے عربی کے فرانسیسی ہوگئی ہے۔ دنیز عدالتی زبان بھی فرانسیسی قرار دیدی گئی ہے۔ الغرض نہایت افسوس کی بات ہے کہ عربی تعمر ذلت میں ڈال دی گئی ہے۔ فرانس کا ایک تازہ ترین تعلیمی بجٹ شائع ہوا ہے۔ آئیے ذرا اس کا مطالعہ کریں۔ ...

صدائے احتجاج بلند کر رہے ہیں اور چیخ رہے ہیں کہ فرانس کی اس پالیسی کا مطلب یہ ہے کہ شمالی افریقہ کے مسلمانوں کی قومیت مٹ جائے اور مسلمانوں کو رفتہ رفتہ عیسائی بنا لیا جائے۔ خواہ تبدیل مذہب کے لئے قوت کا استعمال ہی کیوں نہ کرنا پڑے۔ فرانسیسی قوم معدوم ہو رہی ہے اس لئے فرانسیسی بربریو اور دیگر شمالی افریقہ کے مسلمانوں کو عیسائیت میں شامل کر کے اپنی قوت کو نئے سرے سے مضبوط بنانے میں سرگرداں ہیں۔

گلور شیس اسٹار آف اسلام، سوسائٹی کے ارکان کی جدوجہد قابل فخر اور قابل ستائش ہے اور ان بھائیوں کے سر سہرا ہے جو مردانہ وار اس صلیبی جنگ کے خلاف جہاد کر رہے ہیں اور تمام مسلمانوں کو ایک رشتہ اتحاد میں منسلک کر کے انکے اندر شمالی افریقہ کی قومیت کی روح پھونک رہے ہیں۔ آج شمالی افریقہ میں اسلام بڑے معرض خطر میں ہے۔ فرانسیسی عمداً اسلامی اداروں و مدارس اور مساجد کو بند کر رہے ہیں تاکہ اسلام کو اور اسلامی تمدن و معاشرت کو اور عربی زبان کو فنا کر دیا جائے اور صفحۂ ہستی سے مٹا دیا جائے۔

شام میں بھی اسی پالیسی پر عمل پیرا ہیں مگر کھلم کھلا اس کا نفاذ نہیں۔ ناظرین کو یاد ہوگا کہ فرانسیسی توپ خانہ نے دمشق پر تباہ کن گولہ باری کی جس سے صد ہا پرستاران توحید نے جام شہادت پیا۔ اور یہ بھی یاد ہوگا کہ اس جابر قوم نے شہدا کی نعشوں کو اونٹوں پر لادا اور ان نعشوں سے مرے ہوئے کتے باندھ کر شہر کے گلی کوچوں میں پھرایا تاکہ عوام الناس اس جانکاہ اور روح فرسا منظر کا تماشہ کریں۔

تاریخ شام میں یہ خونی واقعات قلمبند رہیں گے اور مسلمانوں کے دلوں سے کبھی فراموش نہ ہونگے۔ ...

فرانس بہرحال اس وقت اسلام اور شمالی افریقہ کے مٹانے پر تلا ہوا ہے، اور دنیائے اسلام کو اس کا علم ہونا چاہئے۔

عربی اور ولایتی ڈاک

مشرق و مغرب کی تازہ خبریں

حجاز کے سیاسی مخرجین کے لئے عفو عام

جلالۃ الملک والی حجاز کا ترحم خسروانہ

معاصر ام القریٰ نے مندرجہ ذیل سرکاری اعلان شائع کیا ہے:۔

میں عبدالعزیز بن عبدالرحمن آل سعود اللہ تعالیٰ پر توکل کرنے کے بعد حسب ذیل اعلان کرتا ہوں کہ حجاز میں قیام امن کے لئے سابق میں جن غیر ممالک میں رہنے والے حجازیوں پر قیود عائد کی گئی تھیں اور ان کو وطن میں واپس آنے کی ممانعت کر دی گئی تھی اب ان کو بعض شروط کے ماتحت حجاز میں واپس آنے کی اجازت دی جاتی ہے۔

جو حجازی اپنے وطن میں واپس آنے کے خواہشمند ہونگے ان کو اجازت دیدی جائے گی۔

جو شخص اس عفو عام سے استفادہ کرنا چاہے اس کے لئے ضروری ہے کہ وہ معاودت وطن کے لئے حکومت سے براہ راست یا حکومت حجاز کے سفراء کے ذریعہ درخواست کرے تاکہ اس کے لئے ضروری تدابیر اختیار کی جائیں۔ ہمارے داخلی اور خارجی وزراء پر لازم ہے کہ وہ ہمارے اس حکم کی عام اطلاع لوگوں کو دیدیں۔

فلسطین اور شرق اردن کے بعد

شام اور عراق پر یہود کا دھاوا

جریدۃ "الہدایۃ" لکھتا ہے کہ یہودیوں نے پختہ ارادہ کر لیا ہے کہ فلسطین اور ...

... اور بحری راستہ کے بجائے خشکی کے راستہ سے سفر کرنے کی اجازت دی جائے۔ معلوم ہوا ہے کہ حکومت حجاز نے اس درخواست کو منظور کر لیا ہے اور توقع ہے کہ کویت سے کثرت کے ساتھ حجاج زیارت بیت اللہ الحرام کے لئے آئیں گے۔

یہودی کانفرنس کا اعلان

انگریز کے برتے پر فرعونی ارادے

تل ابیب میں یہودیوں کی کانفرنس کا اجلاس منعقد ہوا جس میں یہ اعلان کیا گیا کہ یہودی فلسطین اور شرق اردن کو اپنا ملک بنانا چاہتے ہیں۔ چونکہ فلسطین کی سرزمین یہودیوں کیلئے کافی نہیں ہے اسلئے شرق اردن پر قبضہ کرنا یہود کا اولین فرض ہے۔ اس پر جریدہ الہدایہ لکھتا ہے کہ جب تک انگریز فلسطین پر مسلط ہیں اس وقت تک یہود اسی قسم کی بکواس کرتے رہیں گے لیکن ایک دن یہود کی گوشمالی کیلئے کوئی بخت نصر پیدا ہوگا اور خدا اس قوم پر پھر ایک دفعہ اپنا غضب نازل کریگا۔

شاہان عالم کے پیامات تبریک

حجاز میں تخت نشینی کی سالگرہ

حجاز مقدس میں امسال سلطان ابن سعود کا جشن تخت نشینی نہایت جوش و خروش سے منایا گیا اور ساتھ ہی اسراف اور فرنگی آداب سے بھی احتراز کیا ...

نجف اور مدینہ منورہ کے درمیان سڑک

جرمنی سے نکالے ہوئے یہود فلسطین میں

پاسپورٹ کے بغیر ہزاروں یہودیوں کی آمد

ملازمین کے نام ترکی حکومت کا ایک حکم

جرمنی کے ہر ۱۳ ہزار انسانوں کا اپنا اخبار

ٹیونس میں ہزاروں کے احتجاجی مظاہرے

گرفتار شدہ رہنماؤں کی رہائی کا مطالبہ

ترکی پارلیمنٹ کیلئے خواتین کا انتخاب

کویت سے موٹر کے ذریعہ سفر حج

ہٹلر کی "دشمن اول" کا خطاب

انڈیا بل میں ترمیم پر آمادگی کا اظہار

والیان ریاست کے فیصلہ پر مسٹر بینڈ کا بیان

لندن ۲۷ فروری۔ مسٹر چرچل نے کل انڈیا بل پر بحث شروع ہوتے ہی یہ تحریک پیش کی کہ چونکہ والیان ریاست نے فیڈریشن میں شمولیت کے متعلق اپنا ارادہ بدل دیا ہے اس لئے بل پر غور و خوض ملتوی کر دیا جائے۔ مسٹر چرچل نے زور دیا کہ ... فیصلہ میں وہ والیان ریاست بھی شامل ہیں جو فیڈریشن کی تجویز کے بانی سمجھے جاتے ہیں ...

سچا ہمدم و رہبر بے دام

پاک صاف خیالات پیدا کر کے جسمانی و روحانی صحت حاصل کرنے کیلئے دنیا میں سچی خوشی دستیاب کرنے کیلئے آپ آج ہی ایک کارڈ تحریر کر کے کتاب کام شاستر بالکل مفت منگالیں۔

ویدشاستری رجام نگر کاٹھیاواڑ

دارالمصنفین کی مطبوعات کی قیمتوں میں تخفیف

سیرۃ النبی اور سیر الصحابہ کی قیمتوں میں غیر معمولی رعایت

دارالمصنفین کی تصنیفات نے اگرچہ عام علمی حلقوں میں کافی مقبولیت حاصل کر لی ہے اور لوگوں میں ایک خاص علمی ذوق پیدا کر رہا ہے، تاہم ملک کا ایک بہت بڑا حصہ اب تک ان کے مطالعہ سے محروم ہے، اسلئے ضرورت ہے کہ اس کا حلقہ اشاعت اور زیادہ وسیع کیا جائے۔ اسی خیال سے ہم نے ... اس کی تمام مطبوعات کی قیمتوں میں عموماً اور سیرۃ النبی اور سیر الصحابہ کی قیمتوں میں خصوصاً غیر معمولی کمی کر دی ہے، امید ہے جو لوگ اب تک دارالمصنفین کی تصنیفات کے مطالعہ سے محروم تھے، وہ اس موقع سے فائدہ اٹھائیں گے۔

... جدید فہرست طلب کرنے پر مفت ارسال کی جائے گی۔

منیجر دارالمصنفین اعظم گڈھ

مفرح

مشک، عنبر اور جواہرات کا ایک نفیس مرکب

ہمدرد دواخانہ یونانی دہلی

قرص جریان

ہمدرد دواخانہ یونانی دہلی

مولانا سید عطاء اللہ شاہ بخاری کے مقدمہ کی سماعت

گواہان استغاثہ پر پرزور جرح

متنبی قادیان کے الہامات و مغلظات

گورداسپور، ۲ فروری۔ آج حضرت شاہ صاحب کے مقدمہ کی تاریخ پیشی تھی استغاثہ کی طرف سے سرکاری وکیل اور حضرت مولانا کی طرف سے بابو شریف حسین خاں وکیل و لالہ ... وکیل گورداسپور و دیگر وکلاء صاحبان بھی پیروی مقدمہ کے لئے موجود تھے۔ کارروائی مقدمہ سننے کے لئے حضرت مولانا محمد مظہر قیوم صاحب سجادہ نشین درگاہ مکان شریف، سید مظفر علی شاہ صاحب شمسی، پٹھان کوٹ، دینا نگر، قادیان، تحصیل شکر گڑھ، امرتسر، لاہور، جالندھر، لدھیانہ، سیالکوٹ وغیرہ سے احباب بکثرت تشریف فرما تھے۔ مولوی فضل دین پر مزید جرح کی گئی۔

سوال:۔ کیا مرزا صاحب پر وحی نازل نہیں ہوتی تھی اور مسلمانوں کا بھی یہی عقیدہ ہے؟

جواب:۔ غیر احمدی کہتے ہیں کہ مرزا غلام احمد پر وحی نازل نہیں ہوتی تھی اور ہم احمدی تسلیم کرتے ہیں کہ ان پر وحی نازل ہوتی تھی۔ اور بہت سی کتابیں طرفین سے ایک دوسرے کی مخالفت میں لکھی گئی ہیں۔

س:۔ کیا موجودہ مرزا صاحب کی بابت بھی کوئی الہام ہے؟

ج:۔ مجھے معلوم نہیں۔

س:۔ اس الہام میں درج ہے کہ وہ نفس ناطقہ سے آسمان کی طرف اٹھایا جائے گا؟

ج:۔ مرزا غلام احمد کی طرف سے ایسا کوئی الہام نہیں ہے۔

س:۔ کیا یہ الہام ہے کہ وہ فصیح البیان اور ذکی ہوں گے؟ ...

س:۔ کیا یہ ٹھیک ہے جو مرزا غلام احمد نے کہا ہے کہ جو میری نبوت کا قائل نہیں وہ ولد الحرام ہے؟

ج:۔ نہیں بالکل نہیں ہے۔ یہ مرزا صاحب پر تہمت لگائی ہے۔

س:۔ "دشمن ہمارے بیابانوں کے خنزیر ہوگئے"۔ ایسا مرزا غلام احمد نے لکھا ہے؟

ج:۔ یہ فقرہ نا تمام پیش کیا گیا ہے۔ اور منافرت پھیلانے کے لئے بیان کیا ہے۔ مرزا صاحب نے ایسا کسی کتاب میں نہیں کہا۔

نوٹ:۔ بعد میں گواہ کو کتاب نجم الہدیٰ دی گئی۔ اور عبارت پڑھنے کیلئے کہا گیا۔ مگر وہ ادھر ادھر کی باتیں کرتا رہا۔ بعد ازاں کتاب نور الحق دی گئی۔ گواہ نے کہا اس میں عیسائیوں کی بابت لکھا ہے۔

س:۔ کیا آئینہ کمالات میں تمام عالم کو مخاطب نہیں کیا گیا ہے۔ اور ذریتہ البغایا کا کیا مطلب ہے؟

ج:۔ بغایا کے مختلف معنی ہیں۔ اس جگہ پر کچھ اور ہوں گے۔

س:۔ قالوا آمنا کے کیا معنی ہیں؟

ج:۔ وہ کہتے ہیں ہم ایمان لائے۔

س:۔ انا معکم کے کیا معنی ہیں؟ (ج) ہم تمہارے ساتھ ہیں۔

س:۔ احرار کیا چیز ہے؟

ج:۔ دراصل یہ کانگریسی ہیں۔ انہوں نے کشمیر بغاوت میں حصہ لیا اور کانگریس سے نکل گئے۔ پھر احرار ہو گئے۔ احرار عربی لفظ ہے جس کے معنے آزاد کے ہیں۔

(باقی آئندہ)

(بسلسلہ صفحہ ہذا کالم ۴)

سالسبری کے بشپ کے ان الفاظ کو غور سے پڑھو اور سوچو کہ تہذیب جدید کی آزادی ...

بصائر و نظائر

قرآن کریم نے میں ...

شیخ الحدیث حضرت مولانا حسین احمد مدنی

کے سیاسی نوٹس

تعلیمی ہند

خوشخبری

امرت دھارا کے سالانہ جلسہ کی خوشی میں

یکم سے ۳۱ مارچ تک

امرت دھارا، امرت دھارا کے سلسلے کی مرکبات ہر قیمت پر اور دیگر ادویات و کتب

نصف قیمت پر ملیں گی

فہرست ادویات و فہرست کتب ابھی منگوا کر ضروریات نوٹ کر لیں

امرت دھارا ... لاہور

بلاغ مبین

مصنفہ مولانا حافظ الحسن سہوانوی

ملنے کا پتہ ...

تین سال کے بعد نہایت ہی حیرت خیز رعایت

حضور نظام کا پسندیدہ پانچ ترجمہ والا شاہانہ قرآن مجید

جرمنی کے بہترین سفید کاغذ پر بہت اعلیٰ چھپا ہے

تہائی ہدیہ

دس روپے مجلد چرمی

بسم اللہ الرحمن الرحیم

الجمعیۃ دہلی

یوم سہ شنبہ ۲۹ ذیقعدہ ۱۳۵۳ ہجری

حکومت ہند کا سالانہ بجٹ

حکومت ہند کے نئے وزیر مال سر جیمس گرگ نے اپنا پہلا بجٹ اسمبلی میں پیش کر دیا۔ اور آئندہ ہفتہ جب اس بجٹ پر بحث ہوگی معلوم ہوتا ہے کہ ابھی تک مختلف اراکین اسمبلی کی جانب سے وہ تحریکیں مخالفت میں موصول ہو چکی ہیں جو حکومت کی پالیسی اور مختلف شعبوں کے نظم و نسق سے تعلق رکھتی ہیں اور جن میں کسی نہ کسی حیثیت سے حکومت کی مذمت کی گئی ہے۔ اس لحاظ سے یہ پورا ہفتہ اسمبلی میں نہایت سرگرم بحث و مباحثہ اور دعوؤں کا ہفتہ ہوگا اور حکومت کے تمام نظام پر سخت سے سخت نکتہ چینی کی جائے گی۔

ہم نے سر جیمس گرگ کی تحریر کو جو انہوں نے اپنا بجٹ پیش کرتے ہوئے اسمبلی میں ارشاد فرمائی ہے شروع سے آخر تک پڑھا اور ان کے اعداد و شمار کو بغور دیکھا اور ان تمام محاسن پر بھی نظر ڈالی جن کی تفصیلات وزیر مالیات نے نہایت فخر و مباہات کے ساتھ پیش کی ہیں مگر اس تمام کد و کاوش کے بعد ہم اسی نتیجہ پر پہنچے کہ جو کچھ کہا گیا ہے اور جو کہا جا سکتا ہے اس سب کے باوجود حکومت ہند کا بجٹ نہایت غیر اطمینان بخش اور مایوس کن ہے۔

سانحہ میدان میں آگئی اور اب ایک کروڑ کی منظوری اسی سلسلہ کی ایک کڑی ہے۔ اگر حکومت اور گاندھی جی کے درمیان یہ مسابقت دیہاتیوں کی بہتری کے لئے ہوتی تو ہمیں کوئی مضائقہ نہیں تھا بلکہ یہ مقابلہ نہایت مستحسن و مبارک ہوتا مگر موجودہ حکومت سے ہمیں اس کی ہرگز توقع نہیں ہے بلکہ ہم یہ سمجھتے ہیں ...

شذرات

دہلی یونیورسٹی کی افسوسناک کوتاہی

گذشتہ ہفتہ میں مسٹر احمد علی نے اسمبلی کے اندر چند سوالات دہلی کے متعلق کئے تھے ان ہی میں سے چند سوالات دہلی یونیورسٹی کے متعلق بھی تھے۔ ان سوالات میں یونیورسٹی کے نظم و نسق کی خرابیوں اور بعض افسوسناک کوتاہیوں کی طرف اشارہ کیا گیا تھا جس کا کوئی معقول و اطمینان بخش جواب حکومت کی جانب سے نہیں دیا جا سکا ...

فارورڈ پالیسی

صوبہ سرحد کی عظیم الشان نمائندہ کانفرنس نے جو گذشتہ ہفتہ پشاور میں منعقد ہوئی تھی اور جس کی کارروائی الجمعیۃ کے کالموں میں شائع کی جا چکی ہے منجملہ دیگر اہم قراردادوں کے ایک قرارداد حکومت ہند کی فارورڈ پالیسی کے متعلق بھی منظور کی ہے جس کے الفاظ حسب ذیل ہیں:-

شریعت کانفرنس کا یہ اجلاس گورنمنٹ کی فارورڈ پالیسی کے خلاف زبردست صدائے احتجاج بلند کرتا ہے جس کے اقدام کی سرگرم خبروں نے مسلمانان ہندوستان کو مضطرب کر دیا ہے اور حکومت کو توجہ دلاتا ہے کہ وہ اس کے خطرناک نتائج سے غفلت و بے پروائی نہ برتے۔

ہندوستان کی شمالی مغربی سرحد پر حکومت کی جارحانہ پالیسی کے متعلق گذشتہ زمانہ میں ارباب حکومت کے درمیان خواہ کتنا ہی اختلاف کیوں نہ رہا ہو اور اس پالیسی کو مختلف وجوہ کی بنا پر ترک یا اختیار کرنے کے لئے خواہ کتنے ہی دلائل کیوں نہ پیش کئے گئے ہوں ...

حوادث و احکام

استفتاء

کیا فرماتے ہیں علمائے دین و مفتیان شرع متین اس مسئلہ کے بارے میں ...

الجواب

... محمد کفایت اللہ کان اللہ لہ

استفتاء

کیا فرماتے ہیں علمائے دین و مفتیان شرع متین اس مسئلہ کے بارے میں ...

الجواب

... فقیر احمد سعید کان اللہ لہ

گفتگوئے مصالحت کی ناکامی

بابو راجندر پرشاد صدر کانگریس اور مسٹر جناح صدر مسلم لیگ کے درمیان فرقہ وارانہ تصفیہ کے متعلق جو گفتگو ہو رہی تھی ...

اسمبلی میں ۳۶-۱۹۳۵ء کا بجٹ پیش کر دیا گیا

کسانوں کی اصلاح پر ایک کروڑ روپیہ صرف کیا جائیگا

صوبہ سرحد میں سیاسی سڑکوں کی تعمیر

دہلی یکم مارچ۔ کل سر جیمس گرگ رکن مالیات حکومت ہند نے اپنا پہلا بجٹ بابت ۳۶-۱۹۳۵ء اسمبلی میں پیش کیا۔ اس بجٹ سے معلوم ہوتا ہے کہ چاندی کے محصول میں تین آنہ فی اونس کی کمی، انکم ٹیکس اور سپر ٹیکس میں تخفیف ...

۳۶-۱۹۳۵ء کا بجٹ

فقیر علی نگر پر سرکاری افواج کی یورش

دریائے سوات کے قریب انگریزی فوج کا محاصرہ

علاقہ باجوڑ پر قبضہ کرنیکی افواہ

پشاور ۲ مارچ ...

دار الحکومت

جامعہ ملیہ کی عمارت کا سنگ بنیاد

ہندو و مسلم رہنماؤں کا عظیم اجتماع

دہلی ۲ مارچ۔ کل دہلی سے آٹھ میل کے فاصلہ پر جس کا نام اوکھلا ہے جامعہ ملیہ اسلامیہ کی درسگاہ کا سنگ بنیاد رکھدیا گیا۔ اس اجتماع میں صدر کانگریس، صدر و ناظم جمعیۃ علماء ہند، مسلم یونیورسٹی کے وائس چانسلر اور دیگر ہندو و مسلم زعماء شریک تھے ...

شیخ الجامعہ ڈاکٹر ذاکر حسین صاحب نے جامعہ کی تاریخ پر روشنی ڈالی ...

سیٹھ جمنالال بجاج	سولہ ہزار	دہلی کے ایک تاجر	پانچ ہزار
ڈاکٹر خواجہ عبد الحمید	تین ہزار	شیخ محمد ابراہیم	دو ہزار
مسٹر بھولا بھائی ڈیسائی	ایک ہزار	جامعہ کے طلباء	ایک ہزار
جامعہ کے اساتذہ	دو ہزار	ڈپٹی نیاز احمد خاں	پندرہ سو
خالدہ ادیب خانم	ایک ہزار		ایک ہزار
حاجی محمد شفیع	ایک ہزار		ایک ہزار

راجندر بابو اور مسٹر جناح کی گفتگو ختم

مفاہمت کی ناکامی پر مشترکہ بیان

اسمبلی اور پارلیمنٹ کی خبریں

وزیر ہند کا بیان۔ حکومت ہند کو شکست۔ عدم اعتماد کی تحریک

چلتی ٹرین میں ڈاکہ ایک ڈاکو ہلاک

تھانیدار اور پروفیسر کو قتل کرنے کی کوشش

پولیس کی گولی سے ایک مفرور ہلاک

پریوی کونسل سے غازی عبد القیوم کی اپیل خارج

"ہلال" بمبئی سے تین ہزار روپے کی ضمانت

والیان ریاست کے فیصلے سے ہلچل

فیڈریشن کی پوری اسکیم ٹوٹ گئی

پنجاب میں ۸ ہزار اشخاص قتل

دس سال کا خونی ریکارڈ

جہاز کا بائلر پھٹ گیا۔ ۹ افراد ہلاک

فقیر علی نگر کا سرکاری فوج پر حملہ

برطانوی فوج کی گولہ باری

جہاز اسلامی جدہ پہونچ گیا

سب انسپکٹر کے لڑکے نے دو نوکروں کو قتل کر دیا

مولانا محمد حفظ الرحمن صاحب کی تشریف آوری

حوض قاضی کی مارکیٹ کو منہدم کرنیکا فیصلہ

دہلی میونسپلٹی کی سلور جوبلی کیلئے سخاوت

خان عبد الغفار خاں کا تبادلہ زیر غور ہے

مولانا عبد العلیم صاحب صدیقی کا دورہ

پارلیمنٹ میں قومی حکومت برباد کے نعرے

قومی حکومت کو برباد کردینا چاہیئے

لندن ۲۶ فروری - گذشتہ شب دارالعوام میں مسٹر ڈبلیو ایلیٹ وزیر زراعت زراعتی امور پر ایک مباحثہ کا جواب دے رہے تھے کہ پبلک گیلری میں دو آدمی کھڑے ہو کر چلانے لگے "بے کا قانون برباد" "قومی حکومت برباد" اور انہوں نے ایوان میں نیلے کاغذوں کے گڈے پھینک دئے پہرہ داروں اور سادہ لباس والی پولیس نے فوراً ان لوگوں کو پکڑ کے گیلری سے باہر نکال دیا۔ اشتہارات میں انڈی پنڈنٹ لیبر پارٹی اور کمیونسٹ پارٹی کی جانب سے دعوت دی گئی تھی کہ مزدور طبقات متحد ہو کر بے روزگاروں کے قانون اور نیشنل گورنمنٹ کو برباد کردینا چاہیئے۔

ایک ہفتہ میں حکومت کو چھ شکستیں

کل سہ شنبہ کو ریلوے بجٹ پر مباحثہ ختم ہوگیا۔ ایک ہفتہ کے عرصہ میں حکومت کو چھ شکستیں پے در پے ہوئیں اور وہ ایسی شرمناک تھیں کہ اگر برطانوی پارلیمنٹ میں ہوتیں تو وزارت مستعفی ہو چکی ہوتی۔

یہ چھ شکستیں حسب ذیل ہیں:-

۱- مسٹر بھولا بھائی کی تحریک پر ریلوے بورڈ کی مد کر ایک روپیہ کردیا گیا
۲- مسٹر آنے کی تحریک پر محکمہ ریل میں ملازمین میں ہندوستانی عنصر کو بڑھانا کے خرچ کی مد کو سو روپیہ کردیا گیا۔

پارلیمنٹ میں مسٹر چرچل کو شکست

غیر ملکی چاول پر محصول لگانیکا فیصلہ

مزید بحث ہوئی۔

سر ڈیوڈ دیوی داس نے ترمیم پیش کی کہ غیر ملکی سلطنتی چاول پر معقول محصول لگایا جائے۔ مسٹر حسین امام نے ایک اور ترمیم پیش کی غیر ملکی چاول پر جو محصول لگایا جائے وہ حفاظتی امتناعی ہونا چاہیئے حسین امام کی ترمیم گیارہ آراء کے مقابلہ ۶۰ آراء سے مسترد ہوگئی لیکن دوسری ترمیم کثرت رائے سے منظور ہوگئی۔

جامعہ ملیہ کا قیام اور اس کا استحکام

اعانت کیلئے سر اقبال اور ارکان اسمبلی کی اپیل

مجھے یہ سن کر نہایت خوشی ہوئی کہ جامعہ ملیہ کی عمارت کا سنگ بنیاد نصب ہونے والا ہے۔ میں ان تعلیمی مجاہدوں سے جنہوں نے مسلمانوں کی تعلیم کی اصلاح و ترقی کا علم بلند کیا ہے ابتداء سے دلی ہمدردی رکھتا ہوں۔ چنانچہ ۱۹۲۶ء میں جو اپیلیں جامعہ کی امداد کے لئے شائع ہوئی تھیں ان پر میں نے بھی دستخط کئے تھے۔ پچھلے چند سال کے عرصہ میں مجھے اکثر دہلی جانے کا اتفاق ہوا اور میرے تعلقات اس درسگاہ سے اور بھی مستحکم ہوگئے۔ اس کے کارکنوں کے ایثار اور خلوص اور جوش عمل نے میرے دل پر بہت گہرا اثر ڈالا۔ مالی پریشانی اور بے سروسامانی کے باوجود ان لوگوں نے جو علمی اور تعلیمی خدمت انجام دی ہے اس سے امید ہوتی ہے کہ اگر انہیں معمولی مصارف کی طرف سے اطمینان ہو اور رہنے کے لئے مستقل مکان بنجائے تو یہ حقیقت میں ہندوستان کی تعلیمی دنیا میں ایک انقلاب برپا کردیں گے اور مسلمانوں کی زندگی میں ایک ہی روح پھونک دیں گے میں اپنے دوست ڈاکٹر مختار احمد صاحب انصاری کی اپیل کی پرزور تائید کرتا ہوں اور ہر مسلمان سے درخواست کرتا ہوں کہ جامعہ کی عمارت کے فنڈ میں حسب حیثیت مدد دے۔

اس اپیل کے علاوہ نواب محمد اسمٰعیل خاں اور ارکان اسمبلی کی طرف سے علیحدہ علیحدہ اپیلیں شائع کی گئی ہیں جن میں قوم کو جامعہ ملیہ اسلامیہ کی اعانت کی طرف توجہ دلائی گئی ہے۔ اسمبلی کے ارکان کے نام حسب ذیل ہیں:-

سر عبدالرحیم صدر اسمبلی - مسٹر جناح - نواب احمد خان شیروانی - مولانا شوکت علی - مسٹر آصف علی - صدیق علی خاں - محمد احمد کاظمی - محمد اظہر علی - سر محمد یعقوب - مسٹر فضل الحق - عبدالمتین چودھری - غلام بھیک نیرنگ - خالد لطیف گابا - شفیع داؤدی

ڈاکٹر عزیز احمد خاں ڈی - ڈی - ایس - پی - ڈی
آنرز - بی - ڈی - آئی (امریکہ) طلائی تمغہ یافتہ
ماہر معالج امراض دندان و دندان ساز
مقابل میڈیسنل دیوان قاضی فیض بازار دہلی دروازہ دہلی
دانت بناتے ہیں - علاج کرتے ہیں - مشورہ دیتے ہیں

سوداگر صاحب - بہادر - ڈاکٹر خان - محمد غیاث الدین - مسٹر ستار - شیر محمد خاں - مسٹر نعمان - احمد جعفر - غضنفر علی شاہ - محمد باقی - مسٹر بدیع الزمان خاں

کارخانہ امرت دھارا لاہور

ہم اپنے ناظرین کی توجہ شمالی ہندوستان کے سب سے بڑے دوائی خانہ یعنی امرت دھارا فارمیسی کے اعلان کی طرف دلانا چاہتے ہیں۔ جو کہ ۳۲ سال سے لاہور میں قائم ہے حسب معمول اس سال بھی ماہ مارچ کے واسطے اس مشہور کارخانہ نے اپنی شہرہ آفاق دوائی "امرت دھارا" اور اس کے مرکبات میں کتب وادویات میں کافی رعایت کردی ہے۔ (دوسری جگہ اشتہار سے مفصل معلوم ہوگا) ہم امید کرتے ہیں کہ ناظرین اس رعایت سے پورا فائدہ اٹھاویں گے۔

شیخ نذیر احمد صاحب دہلی میں

دہلی ۲ مارچ شیخ نذیر احمد نمائندہ تاج کمپنی لمیٹڈ لاہور جو کمپنی مذکور کی اسلامی مطبوعات کی اشاعت کے لئے ہندوستان بھر کا سفر بذریعہ موٹر کار کر رہے ہیں کل وہ بہر دہلی پہونچ گئے ہیں اور نور جہاں محل ہوٹل فتحپوری میں مقیم ہیں۔

بچوں والو ہوشیار
بچوں کی بخار کھانسی، سردی، بادی، دودھ ڈالنا، دست ہونا، دست میں کیڑے، نکلنا، مرگی، ہچکی، قبض، مروڑ وغیرہ ہر ایک بیماری کو دور کرنے اور لاغر و کمزور بچوں کو موٹا تازہ طاقتور بنانے کے لئے حکیم تلسی پرشاد اگروال کی گورنمنٹ ہندسے رجسٹری کی ہوئی
بال جیون گھٹی (رجسٹرڈ)
سارے ہندوستان میں مشہور ہے میٹھا ہونے سے بچے اسکو خوشی سے پی لیتے ہیں۔ سب جگہ سوداگروں کے یہاں فروخت ہوتی ہے لیکن نقلی سے بچو۔ حکیم تلسی پرشاد کی اصلی بال جیون گھٹی دیکھ کر لو۔
قیمت فی شیشی ۵ فی درجن ۳ محصول ایک سے چار شیشی تک ۸ در جن ۱۲ سوداگروں اور ایجنٹوں کو نہایت ہی معقول کمیشن۔
نئے سوداگر دایجنٹ نمونہ مفت طلب کریں
مفت لو۔ ہر بیماری کا مجرب علاج بتانیوالا رسالہ چراغ صحت مفت بھیجا جاویگا۔
پتہ:- مینیجر بال جیون کاریالیہ علی گڑھ شہر (یوپی)

سہارنپور کے قریب ریل گاڑیاں لڑگئیں

سہارنپور ۲ مارچ سردی سہارنپور اور رڑکی کے درمیان پٹریوں کے بن کے نزدیک ۱۲ بجکر ۲۰ منٹ پر ۱۸ اپ ڈاون ایکسپریس مال گاڑی کے درمیان جو مین لائن سے خان عالم پورہ کے تال گودام کی طرف گذر رہی تھی۔ تصادم ہوگیا اور جس کے باعث مین لائن ٹوٹ گئی اور ایکسپریس کے ۱۱ مسافر زخمی ہوگئے جنہیں سہارنپور میں طبی امداد دی گئی براہ راست آمد و رفت کا کام نصف شب سے پہلے شروع ہوگیا۔ اس وقت تک تبادلہ مسافروں کے طریقہ پر عمل درآمد کیا گیا۔

غیر ملکی چاولوں پر پابندیاں

نئی دہلی ۲۰ مارچ مسٹر نارائن کراچی چیٹی نے کونسل آف اسٹیٹ میں غیر ملکی چاولوں کی درآمد پر پابندی لگانے اور ان کی درآمد بند کرنے کی تحریک پیش کی اور ہندوستان کے کسانوں کی امداد کا مطالبہ کیا بلکہ وتحمیص کے بعد بغیر رائے شماری کے اصل تجویز پاس ہوگئی۔

علاقہ سار کے قیدیوں کی رہائی

لندن یکم مارچ - آج علاقہ سار باضابطہ طور پر حکومت جرمنی کے حوالہ کردیا گیا حکومت نے قبضہ حاصل کرتے ہی ایک سال کے قیدیوں کو رہا کردیا ہے۔

حب زرین
زرین اصولوں پر تیار کی ہوئی حب زرین نوجوانوں کی حالت میں چنانچہ مستقل طور پر ثابت
بادہ حیرت انگیز اور قابل رشک بنا ہے بدن کی تمام طاقتوں کو اصلی معیار پر لانا اور ان کی محافظت کرنا جس سے جملہ اعضائے رئیسہ پوری طاقت حاصل کرکے بہت سے امراض کی مدافعت کرنے کے قابل ہوجاتے ہیں ان گولیوں کا مخصوص عمل ہے۔ ان گولیوں کے استعمال سے زیادہ عرصہ تک دماغی اور محنت کا کام کرنے کے بعد بھی تکان محسوس نہیں ہوتی مردوزن میں محبت زیادہ بڑھ جاتی ہے ضعیف العمر شوہر نوجوان بیویوں کے ساتھ پرکیف زندگی بسر کرسکتے ہیں۔ قبض کی شکایت رفع ہوجاتی ہے دودھ گھی اور مرغن غذائیں اچھی طرح ہضم ہونے لگتی ہیں بھوک بڑھ جاتی ہے عورتوں کے سیلان الرحم اور بانجھپن کے رفع کرنے کیلئے واحد چیز ہے۔
آپ ان گولیوں کو استعمال کرکے ضرور خوش ہوں گے
"طبیب کامل" حکیم سید قائم حسین صاحب سند یافتہ طبیہ کالج دہلی کی تسلی صدی کامیاب گولیاں ہیں جن کا اعلان اشتہاری غرض سے نہیں بلکہ صرف رفاہ عام کیلئے کیا گیا ہے۔
قیمت گولیوں کی قیمت علاوہ محصول ڈاک فی شیشی جو ایک شخص کیلئے بالکل کافی ہیں
منیجر دواخانہ اکسیر المجربات کوچہ چیلان گلی اجان دہلی سے طلب فرمائیں

گن دانی
۱۹۳۵ء | کا | خاص | تحفہ
تار کا پتہ:- میڈیسنز دہلی — ٹیلیفون نمبر ۵۵۶۶
طاقت کی بے مثل سنہری گولیاں
مسیح الملک حکیم محمد احمد خاں صاحب کا عطیہ (سفر یورپ کے بعد)
چالیس گولیاں سات روپیہ
ہندوستانی دواخانہ (جس کو حکیم اجمل خاں نے ۱۹۰۳ء میں بنایا) دہلی (پوسٹ بکس ۲۲)

مسٹر میکڈانلڈ کو وزیر خارجہ بنایا جائیگا

اخبار مانچسٹر گارجین کا سیاسی نامہ نگار لکھتا ہے کہ انگلستان کی قومی حکومت اپنے آخری دموں پر ہے اور وسط اکتوبر میں جدید انتخاب کا ہونا یقینی ہے وزارت میں تبدیلیاں کرنے کی کوشش ہو رہی ہے مسٹر لائڈ جارج سے درخواست کی گئی تھی کہ وزارت میں شامل ہوجائیں لیکن انہوں نے انکار کردیا۔ ٹوری پارٹی اس بات پر برابر زور دے رہی ہے کہ میکڈانلڈ کو وزیر اعظم کے عہدہ سے ہٹا دیا جائے اور ان کی جگہ مسٹر بالڈون کو وزیر اعظم مقرر کیا جائے مسٹر میکڈانلڈ کو سر جان سائمن کی جگہ وزیر خارجہ بنادیا جائیگا۔

فرانس اور برطانیہ کے نام روس کا نوٹ

دول فرنگ سے قیام امن کی ضمانت

پیرس - روس سفیر متعینہ پیرس نے اپنی حکومت کی طرف سے مسٹر لاوال کو ایک یادداشت ارسال کی ہے جس میں روسی حکومت نے لکھا ہے کہ یورپ میں صرف اسی طریقہ سے امن قائم ہوسکتا ہے کہ تمام دول فرنگ سے باقاعدہ ضمانت امن حاصل کی جائے یادداشت میں لکھا ہے۔ اس قسم کے معاہدات کی تائید روس، فرانس، برطانیہ، اٹلی اور ریاستہائے بلقان بھی کررہی ہیں اس قسم کی یادداشت برطانوی حکومت کے نام بھی ارسال کی گئی ہے۔

امریکن قونصل اور تین دیگر اشخاص ہلاک

موٹر ایک درخت سے ٹکرا گئی تھی۔

تھانہ فیض بازار میں انسداد جرائم

جب سے سردار کشن سنگھ صاحب تھانہ فیض بازار کے انچارج مقرر ہوکر آئے ہیں اس علاقہ کے مشہور جرائم پیشہ ہو گئے ہے سردار صاحب نے اپنے اخلاق، فرض شناسی اور دیانت داری سے اس مسلم اکثریت کے علاقہ میں ہر دلعزیزی حاصل کرلی ہے۔ جرائم اور پولیس کی رشوت کا قطعی خاتمہ ہوگیا ہے اس علاقہ کے امن پسند اور شریف شہری سردار صاحب کے شکر گذار ہیں جنہوں نے ایسا بندوبست کیا ہے۔

اگر سارے دہلی کے تھانہ دار اسی مستعدی اور دیانت داری سے جرائم کا انسداد کریں تو جرائم کا قطعی خاتمہ ہوجائے۔

حکومت پیراگوے جمعیۃ اقوام سے علیحدہ ہوگئی

وزیر سیام کو قتل کرنیکی کوشش

بنکاک ۲۵ فروری - کل وزیر محکمہ فوج کو قتل کرنے کی ناکام سعی کی گئی جبکہ وہ فٹ بال کے ایک میچ سے روانہ ہونے لگے تھے ایک آدمی نے ان کی موٹر پر دو فائر کئے۔ وزیر بہادر کی گردن اور بازو پر دو زخم لگے۔

پچاس سے زائد آدمیوں کی دعوت ممنوع

احمد آباد ۲۸ فروری - ریاست بڑودہ کے ڈسٹرکٹ مجسٹریٹ نے ایک عام حکم کے ذریعہ پچاس سے زائد آدمیوں کی دعوت کو ممنوع قرار دیدیا ہے۔ یہ حکم اقتصادی حالت خراب ہونے کے باعث جاری کیا گیا ہے۔

شیر اسلام سہارنپور

سہارنپور ۲ فروری آج شام کو ۷ بجے پنجاب سے واپسی پر حضرت مجاہد ملت سید عطاء اللہ شاہ صاحب بخاری تشریف لائے سہارنپور کے اسٹیشن پر کارکنان مجلس احرار اسلام سہارنپور پہنچے جہاں بہت سے مخلص احباب موجود تھے۔ تمام شہر میں بجلی کی طرح مولانا کی آمد کی خبر دوڑ گئی اور فوراً ہی جامع مسجد میں جلسہ کا اعلان کیا گیا۔ حضرت شاہ صاحب نے مسلسل دو گھنٹہ تقریر فرمائی۔

دعا ہے کہ خداوند کریم اپنے فضل و کرم سے شاہ صاحب کو تمام آفات ارضی و سماوی سے محفوظ رکھے۔

(نامہ نگار)

شاہی کونسل تحقیق زراعت کا ششماہی جلسہ

انجمن سیف الاسلام دہلی کا دوسرا سالانہ جلسہ

(سکرٹری انجمن سیف الاسلام دہلی)

قادیان میں احرار کی زندگی

(احرار پر حکومت کی نظر عنایات)

مولانا عنایت اللہ صاحب امیر جماعت احرار قادیان نے مندرجہ ذیل بیان بغرض اشاعت بھیجا ہے:-

قادیان میں حکام کی پابندیوں کے متعلق پہلے کئی دفعہ ذکر کیا جاچکا ہے مجلس احرار نے قادیان میں دفتر کیا کھولا کہ گورنمنٹ اور مرزائیوں نے ہمارے کام کو گویا اپنے ہی کام کا حرج سمجھ لیا۔ ہمارا کوئی مبلغ قادیان کے اردگرد دیہات میں جائے تو سی۔ آئی۔ ڈی۔ اس کے پیچھے جاتی ہے۔ غرض احرار کی زندگی قادیان میں محال ہو رہی ہے ہر وقت جان کا خطرہ ہے لیکن ہم اللہ کے بھروسہ پر اسلام کی خدمت کے لئے بیٹھے ہیں۔

کو فروغ دین ہمارے راستے میں روڑے کیوں اٹکائے جاتے ہیں۔ قید و بند کی دھمکیاں کیوں دی جاتی ہیں۔

(مولانا) عنایت اللہ
امیر جماعت احرار قادیان

صرف تین روپیہ میں چار گھڑیاں
ایک عدد اصلی جرمن ٹائم پیس - ایک عدد ڈمی پاکٹ واچ - دو عدد ڈمی رسٹ واچ
یہ گھڑیاں ہم نے خاص طور پر ولایت سے بڑی بھاری تعداد میں منگوائی ہیں۔ مضبوطی اور پائیداری کے لحاظ سے یہ گھڑیاں اپنی نظیر آپ ہیں اپنی فرم کی سالگرہ کی خوشی میں ہم نے صرف دس ہزار گھڑیاں اس رعایتی قیمت پر فروخت کرنے کا فیصلہ کیا ہے مقررہ مقدار کے ختم ہوجانے پر یہی گھڑیاں اپنی اصلی قیمت پر فروخت کی جاوینگی اس لئے جلدی کریں ورنہ ایسے نادر موقع بار بار ہاتھ نہیں آیا کرتے۔ محصول ڈاک ہر علاحدہ ہوگا۔
ملنے کا پتہ:- کارخانہ جاپان ناولٹی سلور ۳ مقام پٹھانکوٹ ضلع گورداسپور

تقریر سیرت چھپ کر تیار ہوگئی

تحفہ فہرست مضامین

پوری کتاب جو صفحات پر مشتمل ہے۔ صرف ایک روپیہ۔
منیجر الجمعیۃ گلی قاسم جان دہلی

پارلیمنٹ میں قومی حکومت برباد کے نعرے
قومی حکومت کو برباد کر دینا چاہئے

لندن ۲۶ فروری۔ گذشتہ شب دارالعوام میں مسٹر ڈبلیو ایلیٹ وزیر زراعت زراعتی امور پر ایک مباحثہ کا جواب دے رہے تھے کہ پبلک گیلری میں دو آدمی کھڑے ہو کر چلانے لگے "یے کا قانون برباد" "قومی حکومت برباد" اور انہوں نے ایوان میں نیلے کاغذوں کے گڈے پھینک دئے پہرہ داروں اور سادہ لباس والی پولیس نے فوراً ان لوگوں کو پکڑ کے گیلری سے باہر نکال دیا۔ اشتہارات میں انڈی پنڈنٹ لیبر پارٹی اور کمیونسٹ پارٹی کی جانب سے دعوت دی گئی تھی کہ مزدور طبقات متحد ہو کر بے روزگاروں کے قانون اور نیشنل گورنمنٹ کو برباد کر دینا چاہئے۔

ایک ہفتہ میں حکومت کو چھ شکستیں

کل شب کو ریلوے بجٹ پر مباحثہ ختم ہو گیا۔ ایک ہفتہ کے عرصہ میں حکومت کو چھ شکستیں پے در پے ہوئیں اور وہ ایسی شرمناک تھیں کہ اگر برطانوی پارلیمنٹ میں ہوتیں تو وزارت مستعفی ہو چکی ہوتی۔ یہ چھ شکستیں حسب ذیل ہیں:-

(۱) مسٹر فضل اللہ بھائی کی تحریک پر ریلوے بورڈ کی مد کا ایک روپیہ کر دیا گیا۔
(۲) مسٹر آئنگر کی تحریک پر محکمہ ریل میں ملازمین میں ہندوستانی عنصر کو ترجیح نہ دینے کی مد کو سو روپیہ کر دیا گیا۔
(۳) تیسرے درجہ کے مسافروں کے آسائش کی فراہمی پر مولانا شفیع داؤدی کی تجویز کہ مد کو سو روپیہ کر دیا جائے۔
(۴) مسٹر گوبند بلبھ پنت کی تخفیف دس روپیہ متعلق ریلوے پالیسی۔
(۵) ڈیلی کمیشن کی سفارشات پر عملدرآمد کے لئے مسٹر جوشی کی تجویز تخفیف سو روپیہ اور ...
(۶) ... میں کمی کی تجویز کے لئے ... سو روپیہ کی۔

پارلیمنٹ میں مسٹر چرچل کو شکست

لندن ۲۶ فروری۔ مسٹر چرچل نے انڈیا بل پر بحث ملتوی کرنے اور ... ریاست کے اہم فیصلہ پر غور کرنے کے لئے جو تحریک التوائے مباحثہ پیش کی تھی وہ مسٹر چرچل کی جو شیلی اور سر سموئیل ہور وزیر ہند کی مدافعانہ تقریر ...

غیر ملکی چاول پر محصول لگانے کا فیصلہ

مزید بحث ہوئی۔
سر ڈیوڈ دیوی داس نے ترمیم پیش کی کہ غیر ملکی سلطنتی چاول پر معقول محصول لگایا جائے۔ مسٹر حسین امام نے ایک اور ترمیم پیش کی کہ غیر ملکی چاول پر جو محصول لگایا جائے وہ حفاظتی انتفاعی ہونا چاہئے۔ حسین امام کی ترمیم گیارہ آراء کے مقابلہ ۴۰ آراء سے مسترد ہو گئی لیکن دوسری ترمیم کثرت رائے سے منظور ہو گئی۔

جامعہ ملیہ کا قیام اور اس کا استحکام
اعانت کیلئے سر اقبال اور ارکان اسمبلی کی اپیل

مجھے یہ سن کر نہایت خوشی ہوئی کہ جامعہ ملیہ کی عمارت کا سنگ بنیاد نصب ہونے والا ہے۔ میں ان تعلیمی مجاہدوں سے جنہوں نے مسلمانوں کی تعلیم کی اصلاح و ترقی کا علم بلند کیا ہے ابتدا سے دلی ہمدردی رکھتا ہوں۔ چنانچہ ۱۹۲۶ء میں جو اپیلیں جامعہ کی امداد کے لئے شائع ہوئی تھیں ان پر میں نے بھی دستخط کئے تھے۔ پچھلے چند سال کے عرصہ میں مجھے اکثر دہلی جانے کا اتفاق ہوا اور میرے تعلقات اس درسگاہ سے اور بھی مستحکم ہو گئے۔ اس کے کارکنوں کے ایثار اور خلوص اور جوش عمل نے میرے دل پر بہت گہرا اثر ڈالا۔ مالی پریشانی اور بے سروسامانی کے باوجود ان لوگوں نے جو علمی اور تعلیمی خدمت انجام دی ہے اس سے امید ہوتی ہے کہ اگر انہیں معمولی مصارف کی طرف سے اطمینان ہو اور رہنے کے لئے مستقل مکان بنجائے تو یہ حقیقت میں ہندوستان کی تعلیمی دنیا میں ایک انقلاب برپا کر دیں گے اور مسلمانوں کی زندگی میں ایک نئی روح پھونک دیں گے۔ میں اپنے دوست ڈاکٹر مختار احمد صاحب انصاری کی اپیل کی پرزور تائید کرتا ہوں اور ہر مسلمان سے درخواست کرتا ہوں کہ جامعہ کی عمارت کے فنڈ میں حسب حیثیت مدد دے۔

اس اپیل کے علاوہ نواب محمد اسمٰعیل خاں اور ارکان اسمبلی کی طرف سے علیحدہ علیحدہ اپیلیں شائع کی گئی ہیں جن میں قوم کو جامعہ ملیہ اسلامیہ کی اعانت کی طرف توجہ دلائی گئی ہے۔ اسمبلی کے ارکان کے نام حسب ذیل ہیں:-

سر عبدالرحیم صدر اسمبلی، مسٹر جناح، نصیرالدین احمد خاں شیروانی، مولانا شوکت علی، سر آصف علی، صدیق علی خاں، محمد احمد کاظمی، محمد اظہر علی، سر محمد یعقوب، مسٹر فضل الحق، عبدالمتین چودھری، سر غلام بھیک نیرنگ، خالد لطیف گابا، شفیع داؤدی۔

ڈاکٹر عزیز احمد خاں ڈی۔ ٹی۔ ایس۔ پی۔ ڈی
آنرز بی۔ ڈی۔ ٹی (امریکہ) طلائی تمغہ یافتہ
ماہر معالج امراض دندان و دندان ساز
مقابل میڈیسنل بریانہ دفتر بینس، بازار ترکمان دروازہ دہلی
دانت بناتے ہیں۔ علاج کرتے ہیں۔ مشورہ دیتے ہیں

مولانا ظفر علی خاں ... بہادر، ڈاکٹر خاں، محمد غیاث الدین، مسٹر ستار، شیر محمد خاں، مسٹر نعمان، احمد جعفر، عمر علی شاہ، محمد باقی، مسٹر بدیع الزمان خاں

کارخانہ امرت دھارا لاہور

ہم اپنے ناظرین کی توجہ شمالی ہندوستان کے سب سے بڑے دوائی خانہ یعنی امرت دھارا فارمیسی کے اعلان کی طرف دلانا چاہتے ہیں۔ جو کہ ۳۰ سال سے لاہور میں قائم ہے حسب معمول اس سال بھی ماہ مارچ کے واسطے اس مشہور کارخانہ نے اپنی شہرہ آفاق دوائی "امرت دھارا" اور اس کے مرکبات میں کتب و ادویات میں کافی رعایت کر دی ہے۔ (دوسری جگہ اشتہار سے مفصل معلوم ہوگا) ہم امید کرتے ہیں کہ ناظرین اس رعایت سے پورا فائدہ اٹھاویں گے۔

شیخ نذیر احمد صاحب دہلی میں

دہلی ۴ مارچ شیخ نذیر احمد نمائندہ تاج کمپنی لمیٹڈ لاہور جو کمپنی مذکورہ کی اسلامی مطبوعات کی اشاعت کے لئے ہندوستان بھر کا سفر بذریعہ موٹر کار کر رہے ہیں کل وہ بہر دہلی پہنچ گئے ہیں اور نور جہاں محل ہوٹل فتحپوری میں مقیم ہیں۔

بچوں والو ہوشیار

بچوں کی بخار، کھانسی، سردی، بادی، دودھ ڈالنا، دست ہونا، دست میں کیڑے نکلنا، مرگی، ہچکی، قبض، مروڑ وغیرہ ہر ایک بیماری کو دور کرنے اور لاغر و کمزور بچوں کو موٹا تازہ طاقتور بنانے کے لئے حکیم تلسی پرشاد اگروال کی گورنمنٹ ہند سے رجسٹری کی ہوئی

بال جیون گھٹی (رجسٹرڈ)

سارے ہندوستان میں مشہور ہو چکی ہے ... بی لیتے ہیں۔ سب جگہ سوداگروں کے یہاں فروخت ہوتی ہے لیکن نقلی سے بچو۔ حکیم تلسی پرشاد کی اصلی بال جیون گھٹی دیکھ کر لو۔ قیمت فی شیشی ۸ ... محصول ایک سے چار شیشی تک ... ۸ ...

منیجر بال جیون کارپالیہ علیگڑھ شہر (یو پی)

حب زرین

زرین اصولوں پر تیار کی ہوئی حب زرین۔ زرین خواص کی حامل ہیں چنانچہ مستقل طور پر ثابت

باہ کو حیرت انگیز اور قابل رشک بنانا اور بدن کی تمام طاقتوں کو اصلی معیار پر لانا اور ان کی محافظت کرنا جس سے جملہ اعضائے رئیسہ پوری طاقت حاصل کر کے بہت سے امراض کی مدافعت کرنے کے قابل ہو جاتے ہیں ان گولیوں کا مخصوص فعل ہے۔ ان گولیوں کے استعمال سے زیادہ عرصہ تک دماغی اور محنت کا کام کرنے کے بعد بھی تکان محسوس نہیں ہوتی مرد و زن میں محبت زیادہ بڑھ جاتی ہے ضعیف العمر شوہر نوجوان بیویوں کے ساتھ پرکیف زندگی بسر کر سکتے ہیں۔ قبض کی شکایت رفع ہو جاتی ہے دودھ گھی اور مرغن غذائیں اچھی طرح ہضم ہونے لگتی ہیں بھوک بڑھ جاتی ہے عورتوں کے سیلان الرحم اور بانجھپن کے رفع کرنے کی بے نظیر واحد چیز ہے۔ آپ ان گولیوں کو استعمال کر کے ضرور خوش ہوں گے ...

حکیم محمد عبدالحمید ... دواخانہ ... دہلی

سہارنپور کے قریب ریل گاڑیاں لڑ گئیں

سہارنپور ۲۶ فروری۔ سہارنپور اور رڑکی کے درمیان ٹپاروں کے بن کے نزدیک ۸ بجکر ۵ منٹ پر ۸ ڈاؤن ایکسپریس مال گاڑی کے درمیان جو مین لائن سے خان عالم پورہ کے مال گودام کی طرف گذر رہی تھی۔ تصادم ہو گیا اور جس کے باعث مین لائن ٹوٹ گئی اور ایکسپریس کے ۸ مسافر زخمی ہو گئے جنہیں سہارنپور میں طبی امداد دی گئی براہ راست آمد و رفت کا کام نصف شب سے پہلے شروع ہو گیا۔ اس وقت تک تبادلہ مسافروں کے طریقہ پر عمل درآمد کیا گیا۔

غیر ملکی چاولوں پر پابندیاں

نئی دہلی ۲۶ مارچ۔ مسٹر نارائن کراچی چیمبر نے کونسل آف اسٹیٹ میں غیر ملکی چاولوں کی درآمد پر پابندیاں لگانے اور ان کی درآمد بند کرنے کی تجویز پیش کی اور ہندوستان کے کسانوں کی امداد کا مطالبہ کیا۔ بحث و تمحیص کے بعد بغیر رائے شماری کے اصل تجویز پاس ہو گئی۔

علاقہ سار کے قیدیوں کی رہائی

لندن یکم مارچ۔ آج علاقہ سار باضابطہ طور پر حکومت جرمنی کے حوالہ کر دیا گیا۔ حکومت نے قبضہ حاصل کرنے ہی ایک سال کے قیدیوں کو رہا کر دیا ہے۔

۱۹۳۵ء — ۱۹۳۵ء

ٹیلیفون ۵۵۶۶ — تار کا پتہ۔ میڈیسنز دہلی

گُنانی

کا — کا

طاقت کی بے مثل سنہری گولیاں

مسیح الملک حکیم محمد اجمل خاں صاحب کا عطیہ (سفر یورپ کے بعد)

خاص — خاص

چالیس گولیاں سات روپیہ

ہندوستانی دواخانہ (جس کو حکیم اجمل خاں نے ۱۹۰۵ء میں بنایا) دہلی (پوسٹ بکس ۶۲)

تحفہ — تحفہ

قادیان میں احرار کی زندگی
احرار پر حکومت کی نظر عنایات

مولانا عنایت اللہ صاحب امیر جماعت احرار قادیان نے مندرجہ ذیل بیان بغرض اشاعت بھیجا ہے:-

قادیان میں حکام کی جانبداریوں کے متعلق پہلے کئی دفعہ ذکر کیا جا چکا ہے مجلس احرار نے قادیان میں دفتر کیا کھولا گورنمنٹ اور مرزائیوں نے اپنی خاص توجہات کا مرکز اسی کو بنا لیا۔ بے سروپا اور اشتعال انگیز خطبے مرزا بشیر محمود آئے دن دیتے ہیں لیکن حکومت بات تک نہیں کرتی۔ برخلاف اس کے ہمارے آئے دن تلاشیاں ہوتی ہیں۔ ہمارا کوئی مبلغ قادیان کے ارد گرد دیہات میں جائے تو سی۔ آئی۔ ڈی اس کے پیچھے جاتی ہے۔ غرض احرار کی زندگی قادیان میں محال ہو رہی ہے ہر وقت جان کا خطرہ ہے لیکن ہم اللہ کے بھروسے پر اسلام کی خدمت کئے بیٹھے ہیں۔ اب دفعہ ۱۴۴ کے نفاذ نے ہمارے کام کو اور بھی مشکل کر دیا ہے۔ ہماری نقل و حرکت کی کڑی نگرانی کی جا رہی ہے۔ اور قرب و جوار کے دیہات میں ہمارا تبلیغی کام اس دفعہ کے نفاذ سے بالکل رک گیا ہے۔ ہمیں باہر جانے اور لوگوں کو ہمیں بلانے میں بہت دقتیں ہیں۔ تقریر ہو نہیں سکتی۔ مرکزی جماعت احتیاط کا تقاضا کرتی ہے۔ اور بار بار یہ ہدایت ہوتی ہے کہ اشتعال انگیز حالات میں بھی کوئی نامناسب جملہ زبان سے نہ نکلے اور قانون کے منشا کے خلاف کچھ نہ ہو۔ ان احتیاطوں کے باوجود یہ حالت ہے کہ قادیان کے دفتر احرار کی آئے دن تلاشی ہوتی ہے پمفلٹ کوئی لکھے پولیس ہمارے دفتر پر چڑھ دوڑتی ہے تصویر کا دوسرا رخ یہ ہے کہ مرزائے قادیان نے بدترین اشتعال انگیز خطبے دئے۔ مرزائیوں نے جلسے کرکے گورنمنٹ کے ہر ذمہ دار ملازم کو گالیاں دیں اشتعال انگیز جلوس نکالے لیکن کسی نے کسی سے باز پرس نہ کی۔ انصاف کا تقاضا یہ ہے کہ دفعہ ۱۴۴ احتیاطی جلسے اور مرزا بشیر محمود کو ان خطبات کی بنا پر جن میں اس نے علی الاعلان اپنی جماعت کو احرار کے قتل پر ابھارا ہے سزا دی جائے یہ نہ ہو کہ تمام تبلیغ اسلام کو یہ کہنے کا موقعہ ملے کہ گورنمنٹ مرزا بشیر محمود سے خاص رعایت کرنا چاہتی ہے۔ مذہب کے معاملے میں حکام کی جانبداری سلطنتوں کو فنا کر دیتی ہے۔ تمام ہندوستان میں کہیں بھی کسی مسلمان سے جا کر دریافت کرو تو یہی خیال پاؤ گے کہ حکومت قادیانیوں کے ساتھ مراعات برتتی ہے۔ میں حیران ہوں کہ گورنمنٹ اس خطرہ عظیم سے غافل کیوں ہے۔ وہ لوگوں کو یہ موقعہ کیوں دے رہی ہے ...

(مولانا) عنایت اللہ
امیر جماعت احرار قادیان

شیر اسلام سہارنپور

سہارنپور ۱۲ فروری آج شام کے ۷ بجے تھانہ بھون سے واپسی پر حضرت مجاہد ملت سید عطاء اللہ شاہ صاحب بخاری تشریف فرمائے سہارنپور ہوئے اسٹیشن پر کارکنان مجلس احرار اسلام سہارنپور لینے بہت سے مخلص احباب کے ہمراہ موصوف کے استقبال کے لئے موجود تھے آپ کا عزم اگرچہ پنجاب تشریف لے جانے کا تھا مگر کارکنان کے اصرار پر حضرت شاہ صاحب نے استدعا کو قبول فرما لیا۔ اور دفتر مجلس احرار اسلام ہی میں قیام فرمایا تمام شہر میں بجلی کی طرح مولانا کی آمد کی خبر دوڑ گئی اور فوراً ہی جامع مسجد میں جلسہ کا اعلان کیا گیا حضرت شاہ صاحب نے رد مرزائیت پر مسلسل ۴ گھنٹہ تقریر فرمائی باوجودیکہ اڑھائی گھنٹہ تک سلسلہ تقریر جاری رہا لیکن پھر بھی تشنہ دہنی ہی رہی۔

دعا ہے خداوند کریم اپنے فضل و کرم سے شاہ صاحب جیسے اہل اسلام کو تمام آفات ارضی و سماوی سے محفوظ رکھے اور آپ کے واعظ حسنہ سے بار بار استفسار حاصل کرنے کا موقعہ دے اور آپ کو دشمنان اسلام پر کامل فتح عنایت فرمائے بعد اختتام جلسہ صبح کو ۹ بجے کے قریب مجلس احرار اسلام سہارنپور کی جانب سے مبلغ ایک سو روپے تبلیغ فنڈ کے لئے پیش کئے گئے۔

(نامہ نگار)

شاہی کونسل تحقیق زراعت کا ششماہی جلسہ

دہلی شاہی کونسل تحقیق زراعت کے مشاورتی بورڈ کا جلسہ دیوان بہادر سر ٹی وجے راگھو اچاریہ کے۔ بی۔ ای کی صدارت میں منعقد ہوا۔ مسٹر برٹ نے ناریل کمیٹی کی رپورٹ پیش کرتے ہوئے کمیٹی کی سفارشات کی توضیح کی اور اس کے بعد رپورٹ کے منظور کئے جانے کی تجویز پیش کی جو اتفاق رائے سے منظور ہو گئی۔ اس کے بعد مسٹر برٹ نے بتایا کہ حال ہی میں ہندوستان کے تین انسٹیٹیوٹ ڈیری کے ماہر نارن ہام ہاؤس کے متعلق تعلیم حاصل کر کے ہندوستان واپس آئے ہیں۔ ڈاکٹر بی۔ این۔ اپل نے پودوں کے کیڑوں پر رپورٹ پیش کی اور جلسہ میں یہ طے پایا کہ رپورٹ کی سفارشات کو بلانٹ وظائف سب کمیٹی (اردو کے امراض کی سب کمیٹی) کے پاس بھیج دیا جائے۔ جس کی رپورٹ پر اجلاس رواں ہی میں غور کیا جائے گا۔

اس کے علاوہ کھاد، نیل نکالنے اور پودوں کی جڑوں کے امراض پر جو رپورٹیں آئیں ان پر غور کیا گیا۔

انجمن سیف الاسلام دہلی کا دوسرا سالانہ جلسہ

تھانہ فیض بازار میں انسداد جرائم

جب سے سردار کرشن سنگھ صاحب تھانہ فیض بازار کے انچارج مقرر ہو کر آئے ہیں اس علاقہ کے مشہور جرائم پیشہ پر ہیبت طاری ہو گئی ہے۔ سردار صاحب نے اپنے اخلاق، فرض شناسی اور دیانت داری سے اس مسلم اکثریت کے علاقہ میں بے حد ہر دل عزیزی حاصل کر لی ہے۔ جرائم اور پولیس کی رشوت کا قطعی خاتمہ ہو گیا ہے۔ اس علاقہ کے امن پسند اور شریف شہری سٹر یلیس سپرنٹنڈنٹ کے شکر گذار ہیں جنہوں نے ایسا بیدار مغز افسر اس علاقہ میں تعینات کیا جس کی انسدادی سرگرمیوں نے مشہور کوکین فروشوں کو توبہ کرنے پر مجبور کر دیا۔

اگر ساری دہلی کے تھانہ دار اسی مستعدی اور دیانت داری سے جرائم کا انسداد کریں تو جرائم کا قطعی خاتمہ ہو جائے۔

(راقم محمد اسمٰعیل غوری ساکن ٹیا محل دہلی)

حکومت پراگوے جمعیۃ اقوام سے علیحدہ ہو گئی

ایلکنشن ۲۵ فروری۔ جنوبی امریکہ کی ریاست پراگوے نے جمعیۃ اقوام کو مطلع کیا ہے کہ اس نے جمعیۃ سے علیحدہ ہو جانے کا فیصلہ کر لیا ہے۔

وزیر سیام کو قتل کرنے کی کوشش

بنکاک ۲۵ فروری۔ کل وزیر محکمہ فوج کو قتل کرنے کی ناکام سعی کی گئی جبکہ وہ فٹ بال کے ایک میچ سے روانہ ہونے لگے حملہ آور نے ان کی موٹر پر دو فائر کئے جس سے وزیر مذکور کی گردن اور بازو میں دو زخم لگے۔

پچاس سے زائد آدمیوں کی دعوت ممنوع

احمد آباد ۲۵ فروری۔ نیسنار ریاست ٹرودہ کے ڈسٹرکٹ مجسٹریٹ نے ایک عام حکم کے ذریعہ پچاس سے زائد آدمیوں کی دعوت کو ممنوع قرار دیدیا ہے۔ یہ حکم انتصادی حالت خراب ہونے کے باعث جاری کیا گیا ہے۔

مسٹر میکڈانلڈ کو وزیر خارجہ بنایا جائیگا

اخبار مانچسٹر گارجین کا سیاسی نامہ نگار لکھتا ہے کہ انگلستان کی قومی حکومت اپنے آخری دموں پر ہے اور وسط اکتوبر میں جدید انتخاب کا ہونا یقینی ہے وزارت میں تبدیلیاں کرنے کی کوشش ہو رہی ہے مسٹر لائڈ جارج سے درخواست کی گئی ہے کہ وزارت میں شامل ہو جائیں لیکن انہوں نے انکار کر دیا۔ ٹوری پارٹی اس بات پر بڑا زور دے رہی ہے کہ میکڈانلڈ کو وزیر اعظم کے عہدے سے ہٹا دیا جائے اور ان کی جگہ مسٹر بالڈون کو وزیر اعظم مقرر کیا جائے مسٹر میکڈانلڈ کو سر جان سائمن کی جگہ وزیر خارجہ بنا دیا جائیگا۔

فرانس اور برطانیہ کے نام روس کا نوٹ
دول فرنگ سے قیام امن کی ضمانت

پیرس۔ روسی سفیر متعینہ پیرس نے اپنی حکومت کی طرف سے مسٹر لاوال کو ایک یادداشت ارسال کی ہے جس میں روسی حکومت نے لکھا ہے کہ یورپ میں صرف اسی طریقہ سے امن قائم ہو سکتا ہے کہ تمام دول فرنگ سے بلا تفریق ضمانت امن حاصل کی جائے یادداشت میں لکھا ہے۔ اس قسم کے معاہدات کی تائید روس، فرانس، برطانیہ، اٹلی اور ریاستہائے بلقان بھی کر رہی ہیں اس قسم کی یادداشت برطانوی حکومت کے نام بھی ارسال کی گئی ہے۔

امریکن قونصل اور تین دیگر اشخاص ہلاک

مدراس ۲۵ فروری۔ کل شام مدراس سے ۴۲ میل کے فاصلہ پر موٹر کا ایک مہلک حادثہ پیش آیا جس سے امریکن قونصل متعینہ مدراس، مسٹر ... ان کی بیوی، اور مسلمان ڈرائیور ہلاک ہو گئے۔ موٹر ایک درخت سے ٹکرا گئی تھی۔

صرف تین روپیہ میں چار گھڑیاں

ایک عدد اصلی جرمن ٹائم پیس۔ ایک عدد ڈومی پاکٹ واچ۔ دو عدد ڈومی رسٹ واچ

یہ گھڑیاں ہم نے خاص طور پر ولایت سے بڑی بھاری تعداد میں منگوائی ہیں مضبوطی اور پائیداری کے لحاظ سے یہ گھڑیاں اپنی نظیر آپ ہیں اپنی فرم کی ساکھ کی خاطر یہ تمام گھڑیاں جو کہ ... کی ہیں صرف تین روپیہ میں فروخت کرنے کا فیصلہ کیا ہے بعد مقدار کے ختم ہو جانے پر یہی گھڑیاں اپنی اصلی قیمت پر فروخت کی جائیں گی اس لئے جلدی کریں ... محصولڈاک ... علاوہ ہوگا۔

ملنے کا پتہ کارخانہ جاپانی ناواہی سٹور مقام پٹھانکوٹ ضلع گورداسپور

تقریر سیرت چھپ کر تیار ہو گئی

حضرت سحبان الہند مولانا احمد سعید صاحب ناظم جمعیۃ علمائے ہند کی ... تقریر سیرت ... "تقریر سیرت" ...

مختصر فہرست مضامین

نجیبۃ الرسول کے متعلق قرآن ... — حیا اور ایمان کا تعلق — حضرت ابراہیم علیہ السلام ... — حضرت یونس کی معذرت — ... حضرت موسیٰ — حضرت یعقوب — قرآن کی تعلیم — حضرت آدم — ...

پوری کتاب ... صفحات ... قیمت ... علاوہ محصول ڈاک ...

منیجر الجمعیۃ گلی قاسم جان دہلی



کلزانہ

تمہارے جسم کو مضبوط اور تندرست کر دے گی

مشہور و معروف ڈاکٹروں کی رائے ملاحظہ ہو آپ کو بتائیں گے کہ آپ کے اکثر امراض کی بنیادی وجہ یہ ہوتی ہے کہ آپ کے جسم میں ضروری عناصر کم ہو جاتے ہیں۔ صرف کلزانہ کے استعمال سے آپ کے جسم کو از سر نو کھوئی ہوئی طاقت اور تندرستی حاصل ہو سکتی ہے ...

اس تجربہ کار ڈاکٹروں کی رائے پر بھروسہ کیجئے آج ہی سے اس کا استعمال شروع کر دیجئے۔

کلزانہ کی خوراکوں کے ایک ایک کر کے آپ کو ان تمام تکلیفات سے نجات دلائے گا جو تندرستی پر اثر انداز ہوتی ہیں مثلاً عام کمزوری، تھکن، کمر درد، انیمیا، دانتوں کی کمزوری اور جلدی امراض وغیرہ

ایک تندرست انسان بنو اور آج ہی سے کلزانہ کا استعمال شروع کر دو
تمام دوا فروشوں اور دوکانداروں کے یہاں ملتی ہے

Kalzana

تندرستی کے لئے ایک عجیب غذا ہے۔ جو کہ ہاضمے نہیں بگڑنے دیتی

رجسٹرڈ نمبر ایل ۱۸۹۳

یَدُ اللّٰہِ عَلَی الْجَمَاعَۃِ

تار کا پتہ:- "الجمعیۃ دہلی" ٹیلیفون نمبر ۵۷۳

سہ روزہ الجمعیۃ دہلی

مدیر مسئول:- ہلال احمد زبیری (بی-اے) معاون:- محمد عثمان فارقلیط

جلد ۲۱ | دہلی یوم سہ شنبہ ۳ ذی الحجہ ۱۳۵۳ھ ہجری مطابق ۹ مارچ ۱۹۳۵ء | نمبر ۱۸

نوامیس فطرت اور حقوق کی تقسیم

اسلام میں عورت کا مرتبہ اور اسکے حقوق

حوا کی بیٹیوں پر کس نے احسان کیا؟

(از علامہ سید محمد رشید رضا مصری)

(گزشتہ سے پیوستہ)

عورت، مرد ہی کا جزو ہے

محمد صلی اللہ علیہ وسلم نے دنیا کے سامنے اللہ عزوجل کی اُتاری ہوئی آیتیں تلاوت کیں اور بتایا کہ عورتیں اور مرد ایک ہی نسل و جنس ہیں، اور انسانیت کا قیام انہی دونوں سے ہے۔ فرمایا:-

یا ایہا الناس انا خلقناکم من ذکر و انثیٰ وجعلناکم شعوبا ... اے لوگو، ہم نے تمہیں ایک ہی نر و مادہ سے پیدا کیا اور قوموں، قبیلوں کی شکل میں ...

والمؤمنات بغیر ما اکتسبوا فقد احتملوا بہتانا و اثما مبینا۔ (۵۸×۳۳) ... ناحق تکلیف دیتے ہیں تو اپنے آپ پر بہتان لگانے کا اور کھلے گناہ کا بوجھ لیتے ہیں۔

اور فرمایا:-

ان الذین فتنوا المؤمنین والمؤمنات ثم لم یتوبوا ... جن لوگوں نے مومن مردوں اور مومن عورتوں کو ...

[illegible]

اور فرمایا:-

من عمل سیئۃ فلا یجزیٰ ... جو برائی کریگا، اُسے برائی ہی بدلے گا، اور جو کوئی ...

والذین یؤذون المؤمنین ... جو لوگ مومن مردوں اور مومن عورتوں کو ...

معاصرین کے افکار و آراء

پنڈت مالویہ کا عزم انگلستان

پنڈت مالویہ جنہوں نے کمیونل ایوارڈ کی مخالفت کا علم بلند کر رکھا ہے ہندو لیڈروں کا ایک وفد لیکر انگلستان جارہے ہیں، اُن کے اس سفر کا مقصد یہ ہے کہ انگلستان میں کمیونل ایوارڈ کے خلاف پروپیگنڈا کیا جائے اور وہاں کے مشہور سیاستدانوں اور مؤثر جرائد و صحائف کو اپنا ہم خیال بنایا جائے۔ ہمارے نزدیک تو پنڈت مالویہ کا وجود ایک عجیب و غریب معمّہ ہے جس کے معنی کسی کی سمجھ میں نہیں آسکتے۔ انہوں نے خود کمیونل ایوارڈ کے لئے وزیر اعظم انگلستان سے درخواست کی۔ اور ایوارڈ کے اعلان کے بعد بہت دنوں تک اس کی مخالفت میں ایک لفظ نہیں کہا۔ اور پھر کہا تو یہ کہا کہ یہ فیصلہ قوم پرستی کے اصولوں کی نفی کرتا ہے اور آج یہ کیفیت ہے کہ وہ اس کی تنسیخ کے لئے انگلستان تشریف لے جارہے ہیں ...

بڑی حد تک مشرق بعید کی طرف سے مطمئن ہو گئی ہے اسی طرح اب بقول مصری اخبارات کے عقبہ میں ریلوے بھی بنانا چاہتی ہے اور بندرگاہ عقبہ کو بہت زیادہ وسعت دے کر جنگی جہازوں کا مستقر بنانے کی تدبیریں کر رہی ہے۔ عقبہ کی جغرافیائی اور جنگی اہمیت سے جو حضرات واقف ہیں وہ خوب سمجھتے ہوں گے کہ آئندہ کیا ہونے والا ہے اور کیا ہو سکتا ہے؟ ہمیں تو اس وقت صرف یہ دیکھنا ہے کہ عقبہ اور معان کو جو عہد قدیم سے حجاز کا ایک جزو رہا ہے اور ہم جزو مملکت چلے آرہے ہیں ان پر اس زبردستی کے قبضہ کے خلاف مسلمانانِ عالم کونسا مؤثر قدم اُٹھاتے ہیں؟ (حقیقت)

والیانِ ریاست کو دھمکی

ہم یہ سمجھتے ہیں کہ ... [illegible]

مسودۂ شریعت

[illegible]

(بسلسلہ صفحہ ۲ کالم ۴)

حجاز میں "سنگاپور"

برطانوی گورنمنٹ سنگاپور کی وسیع اور مضبوط ترین بندرگاہ کی تعمیر کے بعد جس طرح ...

پادری کی لڑکی کا قبول اسلام

اسپین کے ایک جلیل القدر پادری کی لڑکی نے جب اسلامی تعلیمات کا مقابلہ کیا اور مسلمانوں کے مذہب اور انکے اعمال کو بغور دیکھا تو اس کے دل میں اسلام کی صداقت و حقانیت جاگزیں ہو گئی اور اس نے یہ فیصلہ کرلیا کہ حقیقتاً اسلام ہی وہ مذہب ہے جو دنیا اور آخرت میں نجات کا راستہ بتاتا ہے، اور اس کے علاوہ جتنے مذاہب ہیں وہ سب باطل اور صراط مستقیم سے بھٹکا دینے والے ہیں۔ جب عیسائیوں کو اس کی خبر ہوئی تو تمام پادریوں نے مل کر اس لڑکی پر بے شمار مظالم ڈھائے اور اسقدر جاں گداز اور صبر آزما مصائب میں مبتلا کیا کہ دیکھنے والوں کے رونگٹے کھڑے ہونے لگے مگر وہ لڑکی اسلام پر ثابت قدم رہی، اور اس نے بالآخر تمام پادریوں کی ایک شاندار مجلس میں اسلام کی حقانیت پر ایک بصیرت افروز مناظرہ کیا۔ فضیلت اسلام اور رد عیسائیت کے جن قدر دلائل ممکن تھے وہ تائید الٰہی سے اس لڑکی نے پادریوں کے مقابلے میں اس خوش اسلوبی کے ساتھ پیش کئے کہ سامعین حیرت و استعجاب کے سمندر میں غرق ہو گئے۔ اور پادریوں سے کوئی جواب بن نہ پڑا، اور وہ لڑکی ہمیشہ کے لئے اسلام ہی سے وابستہ ہو گئی۔ اس کا نام زہرا تھا اور اس کی زندگی کے واقعات ایک کتاب میں قلمبند کردئے گئے ہیں۔ اگر آپ کو گزشتہ عظمت و سطوت کا مطالعہ کرنا ہے اور عیسائیت کے مقابلہ میں اسلام کی حقانیت کے بے شمار دلائل سے واقفیت حاصل کرنے کا شوق ہے۔ اور آپ اس کتاب کے ذریعہ تبلیغ اسلام کا فریضہ ادا کرنا چاہتے ہیں تو فوراً طلب کیجئے۔ پہلا ایڈیشن قریب الختم ہے۔ اگر دیر ہوئی تو دوسرے ایڈیشن کا انتظار کرنا پڑے گا۔ قیمت فی جلد ۱۲ علاوہ محصول ڈاک۔ تبلیغی مقاصد کے لئے بیس یا ئیس سے زائد جلدوں کے خریدار کو پچیس فی صدی کمیشن دیا جائے گا۔

ملنے کا پتہ:- منیجر "الجمعیۃ" دہلی

Regd No. L 1793.

The Jamiat

Vol. XXI No. 17. DELHI. TUES[DAY] ... [MA]RCH 1935 PRICE ONE ANNA

نورانی قرآن مجید

نہایت صاف جلی اور نہایت صحیح قرآن شریف اگر درکار ہو تو نورانی قرآن مجید الجمعیۃ بک ایجنسی دہلی سے طلب فرمائیے قیمت مجلد پارچہ عہ

پادری کی لڑکی کا قبول اسلام

اور اس کے حیرت انگیز کارنامے معلوم کرنے ہوں تو از بلا تاخیر منگا کر دیکھئے جس کو پڑھ کر آپ اسلام کی حقانیت کے قائل ہو جائینگے قیمت فی جلد ۱۲ علاوہ محصولڈاک۔ منیجر الجمعیۃ دہلی

Maulvi Hasham ... P.O. Rander Dt. Surat

RANDER 6 MAR 35

انجمن انصار المسلمین بنگہ کا اہم اجلاس

آج مورخہ ۱۷ فروری ۳۵ء زیر صدارت جناب بابو فضل الدین صاحب صدر انجمن ترقی اسلام بنگہ کا ایک اہم اجلاس منعقد ہوا جس میں مولوی ہدایت اللہ صاحب نومسلم ڈھلوانوی مبلغ انجمن انصار المسلمین سنٹر بنگہ ضلع جالندھر نے ایک مختصر مگر جامع تقریر فرمائی بعدہ حسب ذیل قرارداد پیش ہو کر بالاتفاق پاس ہوئیں۔

(۱) یہ اہم اجلاس حکومت ہند سے پرزور مطالبہ کرتا ہے کہ مرزائیوں ...

[illegible]

مدرسہ فلاح دین و دنیا کی اجتماعی تشکیل

ناظرین! آپ کو یاد ہوگا کہ گزشتہ سال ۱۳ فروری ۳۴ء کو قصبہ چیچی شاہ ...

میں مدرسہ فلاح دین و دنیا کا افتتاح مولانا غلام فرید صاحب کے مقدس ہاتھوں ہوا تھا۔ الحمد للہ سال اول اس نے بخیر و خوبی تمام کرکے سال دوم میں قدم رکھا ہے۔

بانی مدرسہ کی مالی و ماحولی مشکلات اور بعض معززین شہر کے اصرار کی وجہ سے مدرسہ کو شہر میں منتقل کر دیا گیا ہے اور مدرسہ کو شہر میں منتقل کر دیا گیا ہے اور مدرسہ کے استحکام کے لئے جماعت تو یل کی تشکیل عمل میں لائی گئی ہے ...

[illegible]

... محمد حسن سکرٹری مدرسہ فلاح دین و دنیا شہر سیالکوٹ

وزیر تعلیم بہار کا معائنہ

آنریبل مسٹر سید عبدالعزیز منسٹر آف ایجوکیشن گورنمنٹ بہار کی صدارت میں ۱۴ فروری ۱۹۳۵ء کو درسگاہ طبیہ و شفاخانہ ... کا سالانہ جلسہ تقسیم اسناد منعقد قرار پایا ...

[illegible]

گمشدہ کی تلاش

[illegible]

عطاء اللہ خاں ناظم جمعیۃ اصلاح المسلمین اٹاوہ پوسٹی خانہ

انجمن ضیاء الادب میں مباحثہ

بتاریخ ... ۳۵ء بروز جمعرات بوقت شب آٹھ بجے ایک عظیم الشان مباحثہ باہتمام انجمن ضیاء الادب نیشنل لائبریری ہال میں حسب ذیل موضوع پر منعقد ہوگا۔ موجودہ مدارس میں تعلیم نسواں غیر مفید ہے۔

نوٹ:- خیال رہے کہ نیشنل بینک، لائبریری تیلیواڑہ سے اٹھکر کشن گنج کے سامنے اب سڑک کرہ الیاس بلڈنگ میں آگئی ہے۔

ناظم جمعیۃ علماء افغان کا اعلان

[illegible]

(مولوی) خلیل الرحمٰن ناظم جمعیۃ علمائے افغان (دتمان زئی)

اخبار الجمعیۃ میں اشتہار دیکر اپنی تجارت کو فروغ دیجئے

محبوب عاشق کے قدموں پر

یہ عمل بیٹھے کے بجائے سوا روپیہ میں خرید ... اس عظیم سعادت سے فائدہ اٹھائیے ...

[illegible]

ملنے کا پتہ:- فضل شاہ عامل گلی راجان دہلی

خاص رعایت حیات حافظ رحمت خاں

غیر مجلد دو روپے چار آنے میں خریدیئے

روہیلکھنڈ کے حافظ بادشاہ حافظ الملک حافظ رحمت خاں کی مشہور و معروف سوانحعمری کا پہلا ایڈیشن عنقریب ختم ہونے والا ہے صرف تھوڑی سی جلدیں باقی ہیں جلد منگوا لیجئے ورنہ دوسرے ایڈیشن کا انتظار کرنا پڑیگا۔

[illegible]

ملنے کا پتہ:- منیجر اخبار الجمعیۃ گلی قاسم جان دہلی

مفت! مفت! مفت!!!

[illegible]

پرنسپل ولایت انڈین میڈیکل کالج انبالہ شہر

ملک کشمیر کی قابل بھروسہ

[illegible]

نانک چند گپتا جنرل سپلائی سٹور شدہ کیسر شلاجیت شہد برائی نمبر ۱۵ اودہم پور گورنمنٹ جموں کشمیر

خضاب چھوڑ دو

[illegible]

پتہ:- بال کالا اسٹورس پوسٹ کسنی سمری (دربھنگہ)

آج تک کسی کو ملا نہ کسی نے سنا

آٹو کے ہمراہ خاص انعامات صرف ۲۵ میں



[illegible]

انٹرنیشنل ٹریڈنگ کمپنی پوسٹ بکس ... کلکتہ سیکشن (۸۰۵)

حمائل شریف مترجم مع خلاصۃ التفاسیر

اس کے حرفوں کی خوشنمائی موتی کی آب سے دوبالا ہے ... ایک ماہر کے تراشے ہوئے نگینے ہیں جو موتی کی طرح روشن ہیں ہر ایک بوڑھا مرد و عورت بچہ بآسانی پڑھ سکتا ہے ...

[illegible]

ملنے کا پتہ:- منیجر اخبار الجمعیۃ گلی قاسم جان دہلی

مشہور و معروف دو ترجمہ والا معجز نما متوسط قرآن مجید مع کامل تفسیر

حیرت انگیز رعایتی اعلان

اس قرآن پاک کی ضخامت ایک ہزار صفحات ہے ... پہلا ترجمہ حضرت مولانا شاہ رفیع الدین صاحب کا تحت اللفظ ہے دوسرا ترجمہ حکیم الامت مولانا اشرف علی صاحب تھانوی کا با محاورہ ہے ...

[illegible]

منیجر اخبار الجمعیۃ گلی قاسم جان دہلی

(مطبوعہ ... باہتمام ... چھپ کر دفتر الجمعیۃ ... سے شائع ہوا)

مولانا سید عطاء اللہ شاہ بخاری کے مقدمہ کی سماعت

گواہان استغاثہ پر پُر زور جرح

متنبی قادیان کے الہامات اور مغالطات

(گزشتہ سے پیوستہ)

سوال :- آپ کسی احرار کو جانتے ہیں ۔

جواب :- میں احراریوں میں سے ملزم سید عطاء اللہ شاہ ، مولانا مظہر علی ملزم کا وکیل ، چودھری افضل حق اور مولانا داؤد غزنوی کو جانتا ہوں ۔ یہ احرار کے لیڈر ہیں ۔ ان میں سے اول الذکر تین کو ذاتی طور پر جانتا ہوں ۔ میں نے ۳۰۰ ۔ ۲۰۰ احرار قادیان میں احرار کانفرنس کے اختتام پر جبکہ وہ واپس جا رہے تھے دیکھے تھے ۔

س :- آپکے جذبات کے جوش میں آنے کے بعد آپ کے قادیان میں کوئی پروٹسٹ میٹنگ ہوئی جس میں ان تقاریر کے خلاف کوئی ریزولیوشن پاس کیا گیا ہو ۔

ج :- مجھے علم نہیں کہ قادیان میں کوئی ایسی میٹنگ ہوئی ہو ۔

سرکاری وکیل

س :- احرار کی تعداد تمام ہندوستان میں کتنی ہے ۔ اپنے ذاتی علم کے طور پر

ج :- میرے خیال میں چار پانچ ہزار کی تعداد ہوگی ۔ اس سوال پر وکیل ملزم ...

س :- سمادھوں کے گرائے جانے کے بعد کوئی رپورٹ وغیرہ ہوئی تھی ۔

ج :- ہاں مقدمہ بازی ہوئی تھی ۔

س :- قادیان میں مرزائیوں کا بڑا زور ہے ۔

ج :- ہاں دیگر مذاہب کی کوئی پیش نہیں جاتی ۔

س :- کیا قادیان میں سب قومیں اس تختی کو محسوس کرتی ہیں ۔ (ج) ہاں

س :- کیا مولوی صاحب نے کہا تھا کہ مرزا صاحب کے الہام کو اس جگہ ڈیرا لگا کر دیکھیں گے کہ وہ کیا ہوتا ہے کہ تھا ۔ (ج) ہاں

س :- مرزا صاحب فقیرانہ یا امیرانہ ٹھاٹھ سے رہتے ہیں ۔

ج :- ہاں ان کی بودو باش امیرانہ ہے ۔

س :- ملزم نے اپنی تقریر میں کہا تھا کہ نبی کا خلیفہ ہو کر امیرانہ ٹھاٹھ نہیں چاہئے ۔

ج :- ہاں

س :- ملزم نے کہا تھا کہ ہمارے نبی بالکل سادہ تھے ۔ (ج) ہاں

س :- یہ بھی کہا تھا کہ گاؤں کے سیدھے سادھے لوگ ہوتے ہیں وہ کبھی ... لوگوں کی اندھا دھند پیروی کرتے ہیں ۔ (ج) ہاں

س :- غیر احمدیوں کی دوکانوں سے مرزائی خرید و فروخت کرتے ہیں ۔

ج :- نہیں بلکہ مرزائیوں نے غیر احمدیوں کا بائیکاٹ کر رکھا ہے ۔

س :- اگر کوئی مرزائی کسی غیر احمدی سے سودا خرید لے تو احمدی کیا کرتے ہیں ۔

ج :- احمدی اس کا بائیکاٹ کر دیتے ہیں ۔

...

گواہ استغاثہ نمبر ۵

س :- آپ سکول ماسٹر ہیں ۔ (ج) ہاں

...

گلابی اُردُو

آنا میر اینچ دہلی کے

حضور ملا رموزی نے خود لکھا

خبرداری اور آگاہی ہے واسطے اُن کے کہ تحقیق عطا فرمائی ہے اللہ مہربان حکمت والے نے نقل اور نظر اُن کو مہین اسے باریک کہ تحقیق نہیں ہے آنا میر اگر متحمل او پیاس بات کے کہ ساتھ تمام اللہ بخشش کرنے والے مہربان کے شروع کروں میں کام پنشن دلانے کا دیسی اخبار نویسوں بھی کا نہوں اُن کے کہ وقت پیری اور بیکاری اون کی کے مثل ملازموں سرکاری کے کہ وقت ختم ہونے ملازمت کے پنشن پاتے ہیں وہ طرف سے سرکار کے ...

...

بیاسی اپنی کے ناکام بہ سبب نہ ہونے سیاست داں اپنے کے بھی بہ سبب نہ ہونے مجلس ملیہ اسلامیہ کے اگرچہ کامیاب ہو رہے ہیں ہندو بھائی بیچ تنظیم اپنی کے اور بے خبر ہیں مسلمان تنظیم اپنی سے بہ سبب مصروفیت مجلس قانون ساز کے بے خبر اس سے کہ کیا فائدہ دیگی اُن کو مجلس قانون ساز اور مجلس مسلم لیگ ...

...

(باقی اسی صفحہ کے کالم ۲ میں ملاحظہ فرمائیں)

امرت دھارا اوشدھالیہ کی کچھ ادویات متعلقہ امراض مخصوص مرداں نصف قیمت پر

جن کو صرف مارچ کے اندر خط ڈالکر نصف قیمت پر حاصل کیا جا سکتا ہے

...

المشتہر منیجر امرت دھارا اوشدھالیہ ۔ امرت دھارا بھون ۔ امرت دھارا روڈ ۔ لاہور

انتقادات

نگارستان کشمیر

مصنفہ قاضی ظہیر الحسن صاحب ... رنگین کتابت و طباعت نفیس ، کاغذ متوسط قیمت ... ملنے کا پتہ مولوی محمد ادریس صاحب مہتمم مکتبہ برقیہ دہلی

یہ کتاب کشمیر جنت نظیر کی مفصل اور مبسوط تاریخ ہے اور ان سلاطین اور راجاؤں کے سیاسی اور انتظامی حالات کا مرقع ہے ...

...

الخیر الکثیر (عربی)

مصنفہ حجۃ اللہ حضرت شاہ ولی اللہ محدث دہلوی ...

...

اربعین

مصنفہ مولانا ... صاحب شیخ الحدیث جامعہ قاسمیہ مدرسہ شاہی مراد آباد ...

...

بھگوت گیتا یا نغمۂ خداوندی

مترجمہ محمد اجمل خاں ...

...

فضائل حرفت

...

روس کی فوجی طاقت چار گنی ہو گئی

دس لاکھ منظم فوج اور حربی سامان

ماسکو ... گزشتہ چار سال میں روسی فوج کی تعداد چھ لاکھ کے بجائے دس لاکھ ہو گئی ہے ...

...

بصائر و نظائر

اگر کسی مکان کی بنیادیں کمزور ہو جائیں یا کسی حادثہ سے اس کی اساس کو ایسا صدمہ پہنچ جائے جو مکان کے گرنے کا یقین دلا دے تو اس وقت آپ کا فرض کیا ہوگا ، اگر آپ کو مکان کی سلامتی اور اس میں رہنے والے انسانوں کی جانیں عزیز ہیں تو سب سے پہلے آپ کیا کرینگے ! ...

...

دیکھو کتاب الٰہی کا فیصلہ ہے ۔

ومن یعمل من الصالحات وھو مومن فلا یخاف ظلما و لا ھضما (۱۵×۱۶)

جو شخص ایمان اور حسن عمل کی دولت سے مالا مال ہوگا اس کو نہ تو ظلم و عدوان کا خوف ہوگا اور نہ مغلوب و پامال ہونے کا ۔

...

یو۔ پی میں تعلیم نسواں کی ترقی

طالبات میں ۱۳ ہزار کا اضافہ

لکھنؤ ۹ مارچ ۔ سال مختتمہ ۳۱ مارچ ۱۹۳۴ء کے متعلق یو ۔ پی کے سررشتہ تعلیم کی رپورٹ مظہر ہے کہ لڑکیوں کے دائرہ تعلیم میں بہ نسبت دیگر تعلیمی دائروں کے زیادہ ترقی کی گئی ...

...

بلاغ مبین

اپنے طرز کی بالکل نئی تصنیف !

رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے ان تمام خطوط اور فرامین کا مجموعہ جو آپ نے مختلف اوقات میں بادشاہوں اور حکمرانوں کے نام دعوت اسلام کے سلسلہ میں بھیجے اور ان کے متعلق مفصل تاریخی مباحث ، بیش بہا تاریخی اور حدیثی تحقیقات ، بہت سے لاینحل اشکالات کے شافی جوابات اس مراسلت پر مرتب ہونیوالے اہم مذہبی و سیاسی نتائج ، رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کا تیئیس سالہ تبلیغی اسوۂ حسنہ ، قرآن و حدیث کی روشنی میں تبلیغ اسلام کے سادہ اور خالص اسلامی اصول ، موجودہ طریق تبلیغ مناظرہ وغیرہ کی مضرت پر تبصرہ ۔ اعلیٰ کتابت و طباعت خوشنما جدید طرز کا ٹائیٹل ، دو اصلی نامہ مبارک کا عکسی فوٹو قیمت دو روپے ۔

مصنفہ مولانا حفظ الرحمن سیوہاروی !

ملنے کا پتہ :- (مولوی) محمد ادریس منیجر دفتر بلاغ مبین دہلی یا منیجر مکتبہ اسلامیہ سیوہارہ ضلع بجنور

سچا ہمدم و ہمدرد بے دام

پاک صاف خیالات پیدا کر کے جسمانی و روحانی صحت حاصل کرنے کیلئے دنیا میں سچی خوشی دستیاب کرنے کیلئے آپ آج ہی ایک کارڈ تحریر کر کے کتاب کام شاستر بالکل مفت منگا لیں ۔

وید شاستری ۔ جام نگر کاٹھیاواڑ

شیخ الحدیث حضرت مولانا حسین احمد مدنی مدظلہ العالی

کے سیاسی نوٹس کا مجموعہ

تعلیمی ہند

مرتبہ مجلس قاسم المعارف دیوبند

قیمت ۱۲ اعلیٰ کتابت طباعت خوشنما ٹائیٹل

ملنے کا پتہ :- (مولوی) محمد ادریس منیجر مکتبہ شرقیہ محلہ سوئیوالان دہلی

معجون شباب آور

قوت مردمی اور دل ۔ دماغ کی کمزوری کے لئے مشہور دوا ہے

زہریلی اور نشہ کی چیزوں سے بالکل پاک ہے مشک عنبر مروارید وغیرہ سے بنائی جاتی ہے

تمام ہندوستان میں اس کے بے نظیر فوائد کا اعتراف کیا گیا ہے !

قیمت فی شیشی (پانچ تولہ) پانچ روپیہ نمونہ کی شیشی (ایک تولہ) ایک روپیہ

ہمدرد دواخانہ یونانی دہلی

نونہال

اگر آپ اپنے بچوں کو تندرست اور قوی دیکھنا چاہتے ہیں تو نونہال استعمال کرائیے

پیارے بچوں کو نونہال استعمال کرا کے نہال کر دیجئے !

ہمدرد دواخانہ یونانی دہلی

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم

الجمعیۃ دہلی

یوم شنبہ ۳ ر ذی الحجہ ۱۳۵۲ ہجری

"ساردا ایکٹ کو اور زیادہ سخت بنایا جائے"

اسمبلی میں ایک جدید مسودۂ قانون

مسٹر بی داس ایم ۔ ایل ۔ اے نے ساردا ایکٹ میں ترمیم کی غرض سے ایک مسودۂ قانون پیش کرنے کا نوٹس دیا ہے جس پر گورنر جنرل کی اجازت طلب کی گئی ہے اور جو غالباً اسی سیشن کے آخر میں اسمبلی کے سامنے آسکے گا ۔ اس مسودۂ قانون کے اغراض و مقاصد کی تشریح و تفصیل کر دی گئی ہے جن میں سے خاص

کسی ذاتی دشمنی کی بنا پر کسی معزز اور شریف سے شریف انسان کو ستانا یا ذلیل کرنا چاہے گا کر سکے گا ۔ اور محض اس کا ایک جھوٹی اطلاع دینا ہی اس کے لئے کافی ہوگا کہ قانونی کارروائی شروع ہو جائے خواہ اس کے نتیجہ میں جرم ثابت ہو یا نہ ہو ۔ نکاح جیسے نازک مذہبی معاملہ میں اول تو حکومت کی مداخلت

شذرات

برطانیہ کی فوجی تیاریاں

برطانوی حکومت نے آئندہ سال کے لئے اپنا فوجی بجٹ پارلیمنٹ کے سامنے پیش کر دیا ہے ۔ اس بجٹ میں چار کروڑ چھتیس لاکھ پچاس ہزار پونڈ (جو تقریباً ساٹھ کروڑ روپیہ ہوتا ہے) کی رقم فوجی مصارف کے لئے مقرر کی گئی ہے ۔ اور پیل سال کے بجٹ سے بقدر سینتیس لاکھ پچاس ہزار پونڈ کے زائد ہے جن میں سے چھتیس ہزار پونڈ صرف ہوائی بیڑے کی ترقی کے لئے مخصوص کئے گئے ہیں ۔ چونکہ سال رواں کا فوجی بجٹ بھی گزشتہ سال ساڑھے سولہ لاکھ پونڈ زیادہ تھا اس لئے یہ سمجھنا چاہئے کہ گزشتہ ۱۹۳۲ء کے بجٹ پر باون لاکھ روپیہ زائد آئندہ خرچ کئے جائیں گے ۔ اس غیر معمولی اضافہ کی اسباب و وجوہ پر بحث کرتے ہوئے حکومت نے اس امر کو واضح کیا ہے کہ فوجی بجٹ میں اس قدر زیادتی محض اسلئے کی جا رہی ہے کہ یورپ کے دوسرے ممالک مثلاً جرمنی، اٹلی وغیرہ اپنی فوجی تیاریوں میں لگے ہوئے ہیں اور بہت کافی روپیہ خرچ کر رہے ہیں ۔ اگر برطانیہ اس وقت فوجی تعمیر کی طرف متوجہ نہیں ہوئی تو اس کا نتیجہ یہ ہوگا کہ دوسرے ممالک بہت آگے نکل جائیں گے اور برطانیہ پیچھے رہ جائے گا ۔ اس حقیقت کا اعتراف برطانوی حکومت نے اس قدر صاف و صریح الفاظ میں کیا ہے کہ ہم اس کو پڑھ کر حیرت میں ہیں ۔ کسی قسم کی دورخی حکمت عملی کے بغیر اب یہ امر چھپایا جا رہا ہے کہ یورپ کے تمام ممالک تخفیف اسلحہ کے بجائے تصنیف اسلحہ پر تلے ہوئے ہیں اور اس لئے ہم بھی ان ہی کے قدم بقدم چلنے کے لئے آمادہ ہیں اور آئندہ سال ہماری فوج پر لاکھوں روپیہ زیادہ صرف کیا جائے گا ۔ اور ہم اپنے ہوائی بیڑے کو اور زیادہ ہولناک اور تباہ کن بنا دیں گے ۔ حکومت برطانیہ کی یہ تیاریاں اور ان کی یہ توجیہ صاف طور پر یہ ظاہر کرتی ہے کہ عنقریب کوئی ایسی زبردست جنگ چھڑنے والی ہے جس میں یورپ کی تمام قوتیں ملوث ہو جائیں گی ۔ اور یہ سب کچھ تیاریاں اسی آنے والی جنگ کے لئے کی جا رہی ہیں ۔ تخفیف اسلحہ کا خیال اب محض ایک افسانہ ہو کر رہ گیا ہے ۔ اب یورپ کی قوتیں اپنی افواج اور اپنے سامان ہلاکت کو زیادہ ترقی دینے میں لگی ہوئی ہیں ۔ اور اس پر شرم کرنے کے بجائے اسے فخر و مباہات کے ساتھ پیش کرتی ہیں ۔ سقوموں اور حکومتوں کی یہی مزاجی کیفیت ہر جنگ کا پیش خیمہ ہوا کرتی ہے ۔ اور چونکہ یہ کیفیت موجود ہے اسلئے ہمیں یہ خطرہ محسوس کرنا چاہئے کہ جنگ عظیم سے قریب آ رہی ہے ۔

شمالی ہند میں زلزلہ

گزشتہ چہارشنبہ کو صبح کے چار بجے شمالی ہند میں مختلف مقامات پر زلزلہ کے سخت جھٹکے محسوس کئے گئے جن کی تفصیلات آہستہ آہستہ موصول ہو رہی ہیں ۔ دہلی میں تقریباً سوا چار بجکر ۲ منٹ پر زلزلہ آیا اور کافی دیر تک رہا جس سے سوئے ہوئے آدمی بیدار ہو گئے ۔ اونچی جگہ رکھی ہوئی چیزیں نیچے گر گئیں اور ایک منٹ تک سنسنی پھیلی رہی ۔ یہاں کے علاوہ دہرہ دون، نینی تال، انبالہ، میرٹھ، لاہور، لکھنؤ، بریلی، مراد آباد اور کلکتہ سے بھی اطلاعات آئیں کہ وہاں مختلف درجوں میں زلزلہ کا اثر محسوس کیا گیا ۔ بعض مقامات پر کچے اور پکے مکانات گر گئے اور مالی نقصان کے علاوہ لوگ زخمی بھی ہوئے ۔ لاہور میں ایک بچہ مر گیا ۔ بمبئی اور کلکتہ کے سیسموگراف سے معلوم ہوا ہے کہ زلزلہ کا مرکز ہمالیہ میں کسی جگہ کمایوں کے قریب تھا اور دہرہ دون

کی اطلاع سے بھی معلوم ہوتا ہے کہ وہاں کہیں قریب ہی زلزلہ کا جھٹکا زیادہ محسوس کیا گیا ۔ غرض تمام شمالی ہند میں پنجاب سے لے کر بنگال تک اس زلزلہ کا اثر عموماً محسوس کیا گیا اور اس سے قبل بھی اس علاقہ میں پے در پے جھٹکے محسوس ہوتے رہے ہیں جس سے صاف ظاہر ہوتا ہے کہ ہمالیہ کے دامن میں شمالی ہند کا یہ تمام حصہ زلزلہ کے لئے وقف ہو گیا ہے اگرچہ اس قسم کے جھٹکوں کے متعلق ماہرین زلزلہ یہی کہیں گے کہ صوبہ بہار کا جو قیامت خیز زلزلہ اپنی تمام تباہ کاریوں اور ہلاکت آفرینیوں کے ساتھ وجود میں آچکا ہے یہ جھٹکے اسی کے اثرات ما بعد ہیں لیکن ہم جانتے ہیں کہ قدرت کے ان تمام کاموں میں ماہرین کے اندازوں اور تخمینوں کو بہت کم دخل ہوتا ہے ۔ یہ زلزلے جو آئے دن محسوس ہوتے رہتے ہیں ان کا ہر جھٹکا ہر وقت ممتد ہو سکتا ہے اور اس کا یہ امتداد وہی قیامت برپا کر سکتا ہے جو صوبہ بہار میں برپا ہوئی تھی سوائے اللہ رب العزت کی مشیت کے اور کوئی چیز ایسی نہیں ہے جو زمین کو ذرا سی دیر کے لئے متحرک کرکے پھر روک لیتی ہے اور اس حرکت کو بڑھنے نہیں دیتی ۔ بندوں کو ہر وقت خدا کے قہر سے ڈرنا اور اس کی بارگاہ میں عفو و معافی کے لئے دعا کرتے رہنا چاہئے ۔

مسلمانوں کی ناکافی نمایندگی

دہلی یونیورسٹی کے متعلق ہم نے اشاعت گزشتہ میں جو کچھ لکھا تھا اس کے بعد ہمیں معلوم ہوا ہے کہ ان حضرات کے اندر جو یونیورسٹی کے کاموں سے دلچسپی رکھتے ہیں ایک خاص احساس پیدا ہو گیا اور ہمارے پاس متعدد مراسلات ایسے موصول ہوئے ہیں جن میں یونیورسٹی کی مختلف کوتاہیوں اور ضرورتوں کی طرف توجہ دلائی گئی ہے ۔ مثال کے طور پر ہمیں بتایا گیا ہے کہ مشرقی علوم سے یونیورسٹی کی یہ لاپروائی حقیقتاً ان لوگوں کی بے نیازی کا نتیجہ ہے جو اب تک یونیورسٹی کے کام کے ذمہ دار رہے ہیں ۔ ہماری مراد یونیورسٹی کورٹ کے اراکین اور ذمہ دار عہدہ داروں سے ہے نیز ہمیں اس طرف بھی توجہ دلائی گئی ہے کہ جہاں تک مسلمانوں کا تعلق ہے یونیورسٹی کورٹ میں ان کی نمائندگی ہر سال بہت کم ہوتی ہے اور آبادی کے اعتبار سے مساوی درجہ رکھنے کے باوجود انہیں کورٹ کی رکنیت میں نہایت قلیل حصہ ملتا ہے ۔ نامزدگیوں کے علاوہ جن کیلئے حکومت ذمہ دار ہے انتخاب کے ذریعہ جو چلیس اراکین کورٹ میں بھیجے جاتے ہیں ان کے اندر بھی امسال صرف تین مسلم اراکین منتخب ہو کر جا سکے ہیں اور بغیر نشستوں کی تعیین کے مشترک انتخاب سے جو صورت حال پیدا ہو گئی ہے اس کے ماتحت آئندہ بھی اس کی توقع نہیں ہے کہ تین امیدواروں سے زیادہ انتخاب میں کھڑے بھی ہو سکیں ۔ دہلی کی یونیورسٹی میں مسلمانوں کی اس قدر کم نمائندگی بلاشبہ سخت حیرت انگیز ہے اور اس کا کچھ نہ کچھ حل ضرور ہونا چاہئے ۔ ہم مخلوط انتخاب کے ہمیشہ سے مؤید رہے ہیں اور آج بھی نہ صرف یونیورسٹیوں بلکہ تمام سیاسی اداروں میں ہم صحیح اصول پر مخلوط انتخاب کی حمایت و تائید کرتے ہیں لیکن اس کے ساتھ تعیین نشست کو بحالات موجودہ نہایت اہم اور ضروری خیال کرتے ہیں ۔ اگر دہلی یونیورسٹی میں بھی واقعی مخلوط انتخاب نے یہ صورت حال پیدا کر دی ہے کہ مسلمانوں کا اکثریت کے ووٹ پر جانا محال ہو گیا ہے تو یقیناً جلد سے جلد اس کا تدارک ہونا چاہئے کہ گو انتخاب مشترک ہی رہے مگر نشستوں کی تعیین ضرور کر دی جائے ۔

حوادث و احکام

استفتاء

ایک اشتہار نکلا ہے اس میں یہ تحریر ہے کہ ایک شخص چار ٹکٹ منگوائے وہ چار آدمیوں کو فروخت کر دے ۔ فی ٹکٹ ۸ روپے ۔ اب زید نے چار ٹکٹ منگوا کر ۴ آدمیوں کو فروخت کر دئے ۔ اول چار آدمیوں سے وہ ٹکٹ فروخت نہ ہو سکے

استفتاء

کیا فرماتے ہیں علمائے دین و مفتیان شرع متین اس مسئلہ میں کہ ڈیرہ اسمٰعیل خاں میں چھاؤنی میں مسلمانوں کے پیسہ سے جو وہاں ملازم تھے ساٹھ ستر برس سے مسجد تعمیر کرائی گئی ہیں ۔ باقاعدہ وہاں جمعہ و عید کی نمازیں پڑھائی جاتی ہیں

دار الحکومت

کامل سوراج اور اقتصادی ترقی

مسلم نوجوانوں کے جلسہ میں بھولا بھائی ڈیسائی کی تقریر

کل دوشنبہ کی شام کو بیڈن کلب میں سنٹرل مسلم یوتھ لیگ کے زیر اہتمام مولانا شوکت علی کی صدارت میں ایک عام جلسہ ہوا جس میں طے پایا کہ بغیر کامل سوراج ملک کی حقیقی اقتصادی ترقی ناممکن ہے ۔

مسٹر بھولا بھائی ڈیسائی نے تحریک کو پیش کیا اور اس کی وضاحت میں ایک مدلل اور پر جوش تقریر کی ۔ مسٹر ڈیسائی نے تقریباً پون گھنٹہ تقریر کی جس کے دوران میں سارے حاضرین مسحور تھے ۔ آپ نے اپنی تقریر میں دنیا کے موجودہ اقتصادی نظام

مسٹر گڈبا نے تجویز کی مخالفت میں تقریر کی ۔ سیٹھ حاجی عبداللہ ہارون اور مسٹر قدیر الدین احمد نے بھی مخالفانہ تقریریں کیں ۔ لالہ شام لال، مسٹر ایوا اور مسٹر محمد احمد کاظمی نے موافقت میں اپنے خیالات ظاہر کئے ۔ مسٹر راسے کے نصاب الحق نے حکومت کی موجودہ فضول خرچیوں پر سخت نکتہ چینی کی اور کہا کہ اقتصادی طور پر مغلیہ حکومت کا دور موجودہ حکومت سے کہیں بہتر تھا ۔ آخر میں تحریک بالاتفاق منظور ہو گئی ۔

قبائلی علاقوں میں سڑکیں بنانیکی درخواستیں روپیہ دیکر حاصل کیجا رہی ہیں

سرکاری ملازمین کے خلاف ڈاکٹر خان صاحب کے سنگین الزامات

اسمبلی میں لامبر کو کانگریس کے خلاف بولنے کی اجازت نہیں دیگئی

نئی دہلی، ۷ مارچ ۔ کل اسمبلی میں بجٹ پر بحث شروع ہوئی ۔ ڈاکٹر خان صاحب نے فرمایا کہ ہم مخالف پارٹی کے ممبران یہاں اسلئے آئے ہیں کہ اس طرز حکومت کو جس کے نمائندے سرکاری ممبران ہیں تبدیل کرائیں ۔ سرکاری ممبران میں اخلاق پیدا کریں اور ان کو ایمانداری اور سچائی کا سبق دیں ۔ بے ایمانی ، چوری ، رشوت ستانی اور دیگر بدعنوانیوں کی جو نظم و نسق میں داخل ہو گئی ہیں پُر اثر علاج کی ضرورت ہے ۔ خان صاحب نے اس سلسلہ میں سرحد کے پروپیگنڈہ افسر کے رویہ کا ذکر کیا اور اس کا نام بھی لیا ۔ مسٹر مشتاق نے اس پر اعتراض کیا کہ یہ مناسب نہیں ہے کہ کسی سرکاری افسر کا نام لیا جائے اور اس کے خلاف الزامات لگائے جائیں ۔ صدر اسمبلی نے کہا کہ میں حکم دیتا ہوں کہ کسی شخص کا نام نہ لیا جائے اور نہ اس قسم کے الزامات لگائے جائیں ۔

ڈاکٹر خان صاحب نے قبائلی علاقوں میں سڑکوں کی تعمیر کا ذکر کرتے ہوئے کہا کہ وہاں روپیہ دے کر درخواستیں حاصل کی جا رہی ہیں کہ یہاں سڑکوں کی ضرورت ہے آپ نے فرمایا کہ مجھے دس لاکھ افراد کے دستخطوں سے ایک درخواست ملی ہے جس میں لکھا ہے کہ سڑکوں کی ضرورت کے متعلق درخواست پر فوجی سپاہیوں اور برطانوی ملازمین کے دستخط ہیں ۔ قبائل کے افراد نے دستخط نہیں کئے میرے پاس جو درخواست آئی ہے اس میں یہ بھی لکھا ہے کہ وہ سڑکوں کی تعمیر کی اپنی زندگی کو خطرات میں ڈال کر بھی مخالفت کریں گے ۔

لیکن آپ کانگریس کے متعلق کیا کہتے ہیں کیا گاندھی جی نے کانگریس کی بدعنوانیوں کا متعدد بار ذکر نہیں کیا؟ کانگریسی ممبر نے کہا اگر کانگریس کی بدعنوانیوں کو ظاہر کر دیا جائے تو گاندھی جی کو کوئی خطرہ نہیں آخر صدر اسمبلی نے یہ رولنگ دی کہ کانگریس پر الزام نہ لگایا جائے ۔

دہلی میں زلزلہ کے شدید جھٹکے

۳۵ سکنڈ تک سارا شہر حرکت میں

دہلی، ۷ مارچ ۔ کل صبح ۴ بجکر ۷ منٹ پر جبکہ سارا شہر سو رہا تھا ایک سخت زلزلہ آیا اور تمام شہر کشتی کی طرح ڈگمگانے لگا ۔ یہ زلزلہ ۳۵ سکنڈ تک رہا جس کے بعد سکون ہو گیا ۔ شہر میں کسی قسم کا نقصان نہیں ہوا ۔ اندیشہ کیا جا رہا ہے کہ کہیں دوسرے مقامات پر زلزلہ نے تباہی نہ ڈالی ہو ۔

حوض قاضی کا مارکیٹ ہٹا دیا جائیگا

دہلی ۷ مارچ ۔ فیصلہ ہو گیا ہے کہ حوض قاضی کی مارکیٹ کو ہٹا دیا جائے گا چونکہ اس جگہ ٹریفک کی آمد و رفت بہت رہتی ہے اس لئے مارکیٹ کی جگہ چبوترہ بنا دیا جائیگا اور مارکیٹ کو پشت پر جہاں لکڑی کی ٹالیں ہیں منتقل کر دیا جائے گا ۔

سینما گھر سے فوجی افسر کی موٹر غائب

دہلی ۷ مارچ ۔ کل رات کو ریگل تھیٹر کے سامنے ایک فوجی افسر کی موٹر غائب ہو گئی یہ فوجی افسر اپنی موٹر ایک شخص کے حوالہ کرکے تماشہ دیکھنے چلا گیا جب وہ واپس آیا تو موٹر غائب تھی ۔ پولیس تحقیقات کر رہی ہے اور اب تک اس کا کوئی سراغ نہیں ملا ہے ۔

بمبئی ۔ کلکتہ اور یوپی کے اضلاع میں زلزلہ

مکانات کے گرنے کی اطلاع

لکھنؤ، ۷ مارچ ۔ کل رات کے زلزلہ کے متعلق جو اطلاعات اس وقت تک موصول ہوئی ہیں ان سے معلوم ہوتا ہے کہ یوپی کے اضلاع میں اس زلزلہ کا اثر زیادہ ہوا ہے اور نقصان بھی زیادہ ہوا ہے ۔ مراد آباد میں مکانات کے گرنے کی اطلاع بھی ملی ہے ۔

میرٹھ، دہرہ دون ، بریلی ، بمبئی اور کلکتہ میں بھی ٹھیک اسی وقت زلزلہ کے شدید جھٹکے محسوس کئے گئے ۔ بریلی میں ایک پکا مکان گر گیا جس میں دو بکر چار اشخاص مجروح ہو گئے ۔ نینی تال ، لینس ڈاؤن ، گلیئیر وغیرہ سے بھی زلزلہ کی اطلاعات ملی ہیں لیکن کسی جگہ زیادہ نقصان نہیں ہوا ۔

لاہور کی ایک اطلاع ہے کہ زلزلہ کے جھٹکے سے ایک مکان کی کچی دیوار گر پڑی اور پٹھان کی ایک نوجوان لڑکی اس میں دب کر ہلاک ہو گئی ۔

انبالہ کی اطلاع ہے کہ وہاں زلزلہ سے دھرم سالہ کی پوری عمارت گر گئی جس میں ایک آدمی دب گیا جس کو دو گھنٹہ کی کوششوں سے زندہ نکال لیا گیا ۔

غازی عبدالقیوم کا معاملہ اسمبلی میں

گورنر جنرل نے تحریک پیش کرنے کی اجازت نہیں دی

نئی دہلی ۷ مارچ ۔ آج صدر اسمبلی نے اعلان کیا کہ گورنر جنرل نے مسٹر

کریٹ میں باغیوں کا ہنگامہ

موجودہ و سابق گورنر جنرل قتل کر دیئے گئے

ایتھنز ۵ مارچ ۔ صدر جمہوریہ نے باغیوں سے اپیل کی ہے کہ وہ ہادر وطن کے سچے فرزند ہوتے ہوئے اپنی خون آشام سرگرمیوں سے باز آئیں اور قتل و غارتگری کا بازار بند کر دیں تاکہ قوم کی بیش قیمت جانوں کا خون ضائع نہ ہو ۔

معلوم ہوا ہے کہ آج باغیوں کے سرغنہ وینزیلاس کے تمام گرفتار شدہ حامیوں کو کورٹ مارشل کیا جائے گا ۔

کریٹ کے باغیوں نے آج سرکاری فوجوں کو ایک جگہ پسپا کر دیا اور موجودہ گورنر جنرل اور سابق گورنر جنرل کو پکڑ کے گولی مار دی ۔ بیان کیا جاتا ہے کہ باغیوں کو سرکاری سپاہیوں سے دست بدست جنگ کرنی پڑی ہے جس میں طرفین کا زبردست نقصان ہوا ہے ۔ کل ۲۲ سرکاری طیارے کریٹ روانہ کئے گئے تھے انہوں نے آج باغی جنگی بحری جہازوں پر زبردست گولہ باری کی ۔ باغی ابھی تک پسپا نہیں ہوئے ہیں ۔ بلکہ گورنر جنرلوں کو ہلاک کرنے میں اپنی فتح تصور کرتے ہیں ۔

ایتھنز ۵ مارچ صدر جمہوریہ کے حکم پر ۲۲ طیارے باغی جنگی بحری جہازوں پر گولہ باری کرنے کے لئے روانہ ہو گئے ہیں ۔ حکومت نے تمام ریڈیو اسٹیشنوں پر قبضہ کر لیا ہے اور گھر والوں کو حکم دیدیا ہے کہ وہ ریڈیو کے کھمبے گرا دیں ۔

نجف اور مدینہ منورہ کے درمیان جدید سڑک کا افتتاح

موٹروں اور بسوں کے ذریعہ حجاج کی روانگی

کراچی، ۷ مارچ ۔ گذشتہ ماہ نجف اور مدینہ منورہ کے درمیان جدید سڑک کا افتتاح ہو گیا ہے گذشتہ ہفتہ پولیس کی حفاظت میں ایک قافلہ جو دس موٹر کاروں ، آٹھ بسوں اور تین لاریوں پر مشتمل تھا اور جن میں ۱۷۰ حاجی سوار تھے نجف سے مدینہ منورہ کے لئے روانہ ہو گیا ہے ۔

تحریک عریانی اور پاپائے اعظم

ڈیکن ٹی (روم) کل پاپائے اعظم نے پادریوں اور مسٹریوں کی ایک جماعت کو شرف ملاقات بخشا اور ان کے سامنے یوپ نے موجودہ زمانہ کی شرمناک عریانی اور برہنگی پر اظہار نفرت و ملامت کیا ۔ پاپائے اعظم نے موجودہ زمانہ کے الحاد و دہریت پر تشویش کا اظہار کیا اور کہا کہ یہ بیماری آج تمام دنیا میں پھیل گئی ہے ۔

سرحد میں ۲۶۸ اشخاص کو پھانسی

پشاور، ۷ فروری ۔ کل سرحدی کونسل کا مختصر اجلاس منعقد ہوا ۔ ایک سوال کے جواب میں ممبر مالیات نے بتایا کہ صوبہ سرحد میں گذشتہ پانچ سال کے اندر ۲۶۸ مجرموں کو پھانسی دیگئی ہے ۔

غازی عبدالقیوم کو سرحد بھیجا جائے گا

ہزارہ کی جیل میں پھانسی کا انتظام

کراچی ۶ مارچ ۔ معلوم ہوا ہے کہ غازی عبدالقیوم کی پھانسی اسلئے ملتوی

خان عبدالغفار خاں کی علالت

جیل میں سردار پٹیل کی ملاقات

احمد آباد ۶ مارچ ۔ کل سردار ولبھ بھائی پٹیل نے اپنی صاحبزادی منی بین پٹیل اور خان عبدالغفار خاں کے بھتیجے مسٹر سعد اللہ خاں کے ہمراہ خان عبدالغفار خاں سے سابرمتی جیل میں ملاقات کی ۔

سردار موصوف نے مندرجہ ذیل بیان برائے اشاعت پریس کو دیا ہے ۔ خان عبدالغفار کی صحت اطمینان بخش نہیں ہے ۔ ان کو بھوک نہیں لگتی ہے اس کی خاص وجہ یہ ہے کہ ان کو اس جگہ کی آب و ہوا اور وہاں کا کھانا موافق نہیں آتا ۔

علاوہ بریں چونکہ وہاں ان کا کوئی ساتھی نہیں ہے اسلئے وہ تنہائی بھی محسوس کرتے ہیں ۔

توقع کی جاتی ہے کہ وہ جلد ہی پنجاب کے گجرات جیل میں منتقل کر دئے جائیں گے ۔ اغلب ہے کہ وہاں ان کو بہتر سہولتیں حاصل ہوں ۔ وہاں کی آب و ہوا یقیناً ان کو موافق آئے گی

صحت ٹھیک نہ رہنے کے باوجود وہ خوش و خرم نظر آتے ہیں ۔

سوبھاش بابو اور غازی امان اللہ خاں

روم میں ایک اہم ملاقات

کلکتہ ۔ بذریعہ ڈاک ۔ گذشتہ جنوری کے آخری ہفتہ میں سوبھاش چندر بوس وائنا کو جاتے ہوئے روم پایہ تخت اٹلی میں قیام پذیر ہوئے تھے آپ نے اپنے مختصر قیام کے مشاہدات و تاثرات کی طلبہ ۔ فرمایا ہے آپ نے اٹلی کی فاسسٹ تحریک کی بڑی تعریف کی ہے اور کہا ہے کہ ہندوستانی پارٹی ایک نئی قوم پیدا کرنے کی کوشش کر رہی ہے اس پارٹی کا نظام انتہائی ہے ۔

روم میں سوبھاش بابو نے سابق شاہ امان اللہ خاں سے بھی ملاقات کی غازی موصوف ان سے بڑے تپاک طریقے سے ملے ۔ آپ نے بابو صاحب سے گاندھی جی ، کانگریس اور ملک کے حالات دریافت کئے ۔ غازی موصوف نے فرقہ دارانہ ذہنیت کی مذمت کی ۔ اس ملاقات سے سوبھاش بابو کو محسوس ہوا کہ غازی امان اللہ خاں کے دل میں اب بھی اپنی قوم کا درد موجود ہے ۔ اور وہ افغانستان کے مستقبل کے متعلق بہت پر امید ہیں ۔ آپ ہندوستانیوں کی فلاح کے خواہاں ہیں ۔

غازی امان اللہ خاں روم سے

حج کیلئے روانہ ہو گئے

روم ۶ مارچ ۔ روم پایہ تخت اٹلی کی ایک اطلاع مظہر ہے کہ غازی امان اللہ خاں سابق شاہ افغانستان فریضہ حج کی ادائیگی کے لئے پہلے روم سے مکہ مکرمہ کے لئے روانہ ہو گئے آپ کے ہمراہ چند معزز مسلمان بھی ہیں ۔ جن کے نام معلوم نہیں ہو سکے ۔

جوبلی فنڈ میں نواب مزمل اللہ خاں کا چندہ

اطلاع ہے کہ نواب سر مزمل اللہ خاں آف بھیکم پور نے ملک معظم کے سلور جوبلی فنڈ میں ۱۲ ہزار روپیہ بطور چندہ عطا فرمایا ہے ۔

محمد صدیق کی پھانسی ملتوی

جیل پر مسلمانوں کا ہجوم

فیروزپور ۶ مارچ ۔ ڈسٹرکٹ جیل فیروزپور کے باہر سینکڑوں مسلمان موجود تھے ۔ بیان کیا جاتا ہے کہ مسلمانوں کو معلوم ہوا کہ آج محمد صدیق قاتل بالا شاہ کو پھانسی دی جائے گی اس لئے وہ جوق در جوق وہاں جمع ہونے شروع ہوئے ۔ لیکن چونکہ وائسرائے کو رحم کی درخواست دی گئی تھی اس لئے پھانسی ملتوی کر دی گئی ۔ قصور سے آمدہ اطلاع ہے کہ وہاں حالات نازک صورت اختیار کر رہے ہیں اور پولیس کو نقض امن کا خطرہ ہے چنانچہ حالات پر قابو پانے کے لئے شہر میں پولیس تعینات کر دی گئی ہے لاہور سے بہت سی پولیس قصور بھیجی گئی ہے ۔ تاکہ کسی قسم کا کوئی خدشہ باقی نہ رہے ۔

مہاراجہ پٹیالہ اور وائسرائے میں خط و کتابت

انڈیا بل کی ترمیمات پر غور

نئی دہلی ۶ مارچ ۔ معلوم ہوا ہے کہ وائسرائے اور نریندر منڈل کے چانسلر کے درمیان ان ترمیمات کے متعلق جو کہ والیان ریاست بل میں کرانا چاہتے ہیں خط و کتابت ہو رہی ہے یہ بھی معلوم ہوا ہے کہ دہلی میں وزراء کی میٹنگ میں سر سموئیل ہور اور سر ڈونلڈ کی ترامیم پر جن کی نقول انہیں پہلے ہی موصول ہو گئیں تھیں غور کیا گیا تھا ۔ اور انہیں غیر تسلی بخش قرار دیا گیا ۔

معلوم ہوا ہے کہ مہاراجہ پٹیالہ انگلستان روانہ ہونے سے پہلے مہاراجہ بیکانیر ، نواب بھوپال اور وزراء کی کمیٹی سے جس میں سر اکبر حیدری ، سر سوامی ہنت سری ، سی ۔ پی ۔ راما آئر ، دیوان بہادر نواب سر لیاقت حسین خاں تبادلہ خیالات کریں گے اور ریاستوں پر اثر انداز ہونے والی بل کی دیگر دفعات پر غور کریں گے ۔

انڈین آرمی کور میں دو مسلمانوں کا انتخاب

نئی دہلی ۶ مارچ ۔ ہوم ڈیپارٹمنٹ کا ایک اعلان مظہر ہے کہ انڈین آرمی ویٹرنری کور میں کمیشن کے لئے پہلے دو ہندوستانیوں کو منتخب کیا گیا یہ انتخاب اس امتحان کا نتیجہ ہے جو گذشتہ جنوری میں بمقام لاہور منعقد ہوا تھا ان دونوں ہندوستانیوں کے نام مسٹر محمد یوسف خاں اور مسٹر محمد مسعود ہیں یہ دونوں اریل کالج آف ویٹرنری سرجنز کے ممبر ہیں

گورنر سی پی کھڑے ہو گئے

"بندے ماترم" گیت کا اعزاز

ناگپور ۵ مارچ ۔ کیا ہندوستانی گیت "بندے ماترم" واقعی قابل اعتراض ہے؟ اس کا جواب سر ہائڈ گاڈن گورنر سی ۔ پی نے اپنے عمل سے نفی میں دیا جبکہ انہوں نے لوکل نیو انگلش ہائی اسکولوں کو گولڈن جوبلی کے جلسہ کی صدارت فرمائی ۔ گورنر اور لیڈی گاڈن اور دیگر یورپین افسران جو جلسہ میں موجود تھے کھڑے ہوئے جب کہ جلسہ کی کارروائی شروع ہونے سے پہلے تین منٹ تک "بندے ماترم" کا گیت گایا گیا ۔

جلسہ کا چھپا ہوا پروگرام جس میں بندے ماترم کا گیت بھی شامل تھا گورنر کو پہلے ہی بھیجا گیا تھا لیکن گورنر یا کسی دیگر افسر نے گیت پر اعتراض نہیں کیا ۔

پولیس گارد پر زیر سماعت ملزموں کا حملہ

لکھنؤ ۶ مارچ ۔ آج صبح ڈسٹرکٹ کورٹ کے احاطہ میں نصف درجن زیر سماعت ملزموں اور پولیس گارڈ کے درمیان جھگڑا ہو گیا ۔

کہا جاتا ہے کہ ملزموں نے اپنی ہتکڑی سے گارد پر حملہ کر دیا جس کی وجہ سے وہ اپنے ڈنڈے استعمال کرنے پر مجبور ہو گئے ۔ واقعہ یوں بیان کیا جاتا ہے کہ پہلے ملزموں کو جیل کی لاری کے ذریعہ ڈپٹی کمشنر کی عدالت میں بھیجا گیا اور پھر وہاں سے ان کو آنریری مجسٹریٹ کی عدالت تک پیدل جانے کو کہا گیا ملزموں نے پیدل جانے سے انکار کر دیا ۔ اس پر ان میں اور پولیس میں گرما گرم سخت کلامی شروع ہو گئی جس نے جلد ہی ایک جھگڑے کی صورت اختیار کر لی ۔

حضرت مولانا احمد سعید صاحب ناظم جمعیۃ علمائے ہند کا تار

مہاراجہ جیند کے نام

حضرت مولانا احمد سعید صاحب ناظم جمعیۃ علمائے ہند نے حسب ذیل تار مہاراجہ صاحب جیند کے نام ارسال کیا ہے :۔

"موضع موڑاں علاقہ سنگرور کے بعض سکھوں نے مولوی حبیب الرحمٰن صاحب نو مسلم کے صاحبزادے حافظ عزیز الرحمٰن کو زبردستی چھین لیا ہے ۔ مجھے معلوم ہوا ہے کہ تھانہ سنگرور کا انچارج اپنے فرائض میں کوتاہی کر رہا ہے پولیس کی

والیان ریاست کا وفد انگلستان کو

امن کے نام پر بحری، بری اور ہوائی قوت میں زبردست اضافہ

روس، جاپان اور امریکہ کی اسلحہ بندی سے خوف و ہراس

برطانیہ کے فوجی اخراجات میں اضافہ۔ وائٹ پیپر شائع ہو گیا

لندن ۵ مارچ۔ مسٹر ریمزے میکڈانلڈ کے دستخط سے برطانیہ نے اپنے بری و بحری اسلحہ کے اضافہ کی اسکیم سفید کاغذ کی صورت میں شائع کر دی ہے جس میں بتایا گیا ہے کہ چونکہ دیگر حکومتوں نے اپنے اسلحہ میں کافی اضافہ کر لیا ہے اس لئے ... برطانیہ بھی اضافہ پر مجبور ہو گئی ہے۔ وائٹ پیپر میں ذکور ہے کہ گذشتہ چند سالوں میں برطانیہ کی بحری و بری و ہوائی قوتوں میں نمایاں تخفیف ہوئی ہے ...

سب سے پہلے بحری قوت کو مضبوط کرنے کی ضرورت ہے۔ اس کے بعد ہوائی بیڑہ میں زبردست توسیع کرنی پڑے گی ... حکومت ہوائی بم باری سے عوام کی حفاظت کے لئے ضروری تدابیر اختیار کرے گی۔

لندن ۵ مارچ۔ ۱۹۳۶ء کے لئے فوجی اخراجات کا تخمینہ کل شائع ہو گیا۔ ... ۱۹۳۶ء کے لئے اخراجات کا اندازہ ۴ کروڑ ۳ لاکھ پونڈ ہے۔

اگر ہندو و مسلمانوں میں کوئی معاہدہ نہ ہوا تو انقلاب برپا ہو جائیگا

فرقہ وارانہ مفاہمت کی تجاویز پر استفسار عام کیا جائے

مولانا شوکت علی اور راجگوپال آچاریہ کے بیانات

مدراس ۵ مارچ۔ راجگوپال آچاریہ نے مسٹر جناح اور صدر کانگریس بابو راجندر پرشاد کی گفت و شنید کے بارے میں نمائندہ اخبار کو بیان دیتے ہوئے کہا کہ ان دونوں بزرگوں کے درمیان فرقہ وارانہ مسائل کے بارے میں جو تجاویز منظور ہوئی ہیں انہیں تمام جماعتوں کو منظور کر لینا چاہئے کیونکہ ان کو منظور کر لینے سے قومی مفاد کو بہت زیادہ ترقی ہوگی۔ ...

دہلی ۵ مارچ۔ مولانا شوکت علی صاحب نے مسٹر جناح اور راجندر بابو کی گفت و شنید پر فرمایا کہ یہ نہایت تکلیف دہ حقیقت ہے کہ گفتگو بغیر کسی نتیجہ کے ختم ہو گئی۔ اگر ہندوؤں مسلمانوں اور یورپینوں میں دس سال کے لئے کوئی معاہدہ نہ ہوا تو ملک میں انقلاب برپا ہو جائے گا ... خدانخواستہ اگر ہم دس سال کے اندر ناکام رہے تو انقلاب برپا ہو جائیگا جو عدم تشدد کے مقابلہ میں زیادہ جارحانہ اور خونیں ہوگا۔

غازی عبد القیوم کی پھانسی ملتوی کر دی گئی

مسلح فوج کا پہرہ جیل پر ہجوم

کراچی ۴ مارچ۔ اگرچہ عام طور پر یہ معلوم تھا کہ غازی عبد القیوم کو آج صبح پھانسی دی جائے گی لیکن حسب ہدایت حکومت بمبئی یہ تاحکم ثانی ملتوی کر دی گئی ہے۔ آج اکثر مسلمانوں کی دوکانیں بند رہیں اور مسلمانوں کا ایک ہجوم جیل پہنچ گیا۔ اور جیل خانہ کے دروازہ کے سامنے جمع ہو گیا۔ اس ہجوم نے غازی عبد القیوم کو دیکھنے کا مطالبہ کیا۔ پولیس نے جیل کے گرد حلقہ بندی کر رکھی تھی اور تقریباً تمام بڑے بڑے افسران موقع پر موجود تھے اور حالات کا مطالعہ کر رہے تھے جوں جوں دن چڑھتا گیا ہجوم کی تعداد بھی بڑھتی گئی ...

ہندو مسلم مفاہمت کی کوشش ختم نہیں کی گئی ہے

مسٹر بھولا بھائی ڈیسائی کا بیان

دہلی ۴ مارچ۔ یہ ان معنوں میں ناکامی نہیں ہے کیونکہ ہم نے ہمیشہ کے لئے ہندو مسلمانوں کے درمیان مفاہمت کی کوشش کو خیرباد نہیں کہا ہے یہ وہ رائے ہے جو آج مسٹر بھولا بھائی ڈیسائی لیڈر مخالف پارٹی نے اخباری نمائندہ کے ساتھ انٹرویو کے دوران میں مسٹر جناح اور بابو راجندر پرشاد کے درمیان گفتگو کی ناکامی پر ظاہر کی۔ مسٹر ڈیسائی نے مزید فرمایا کہ اس ناکامی کے لئے کسی ایک شخص کو ذمہ دار نہیں ٹھہرایا جا سکتا۔ نمائندہ اخبار کے اس سوال کے جواب میں کہ وہ آئندہ کب مفاہمت کی کوشش کریں گے ...

یونان میں بغاوت ہو گئی

باغیوں کے جہازوں پر گولہ باری

ایتھنز ۴ مارچ۔ کریٹ میں باغیوں کے غلبہ کی خبر پہنچی ہے ... محاصرہ کی حالت ... باغیوں کے جہازوں پر گولہ باری ...

شاہ سیام تخت سے دستبردار ہو گئے

موصوف کے شرائط نامنظور کر دیئے گئے

لندن ۴ مارچ۔ شاید دنیا کی تاریخ میں اپنی کم نوعیت کے ساتھ کسی بادشاہ کی تاج و تخت سے دستبرداری کا اعلان نہ ہوا ہو گا۔ جیسا کہ شاہ سیام کے متعلق ہوا ہے ...

چار اشخاص پر برف کا تودہ گر پڑا

اٹلی اور حبش میں معاہدہ ہو گیا

حکومت ہند کے بجٹ پر نکتہ چینی

ہندوستان کے ترجمان برنگ پاشی

سرحد میں شراب نوشی کا انسداد

مہاسبھا کی صدارت سے پنڈت مالویہ کا انکار

بھوپال گڑھ جاسٹیں اگرووں میں تبدیل

جاپانی جزیرہ میں عام انسان کی تحریک

نوشہرہ میں مکانوں کو بموں سے اڑا دیا گیا

خوفناک آتش زدگی میں ایک ہلاک

... کے وقت کافی لوٹ بھی جس سے لاکھوں روپے کا نقصان ہو گیا۔ بیان کیا جاتا ہے کہ لالہ کچھی رلیہ کا نقصان سب سے زیادہ ہوا جس کا اندازہ ایک لاکھ روپے سے زائد ہے۔ بیان کیا جاتا ہے کہ لوٹ رات کو ہوئی ... فائر انجنوں سے بجھائی گئی۔ ایک نوجوان دو دار کا نافہ حفاظت کر رہا تھا کہ بم سے مکان گرنے سے ہلاک ہو گیا۔ متعدد شدید طور پر زخمی ہوئے۔

پارچہ بافوں کیلئے حکومت کی امداد

کانپور ۴ مارچ۔ یو۔پی گورنمنٹ نے دستکار پارچہ بافوں کی مالی حالت درست کرنے کے لئے ایک وسیع پنج سالہ اسکیم تیار کی ہے ... کانفرنس ... منعقد ہوئی تھی۔ معلوم ہوا ہے کہ حکومت ہند صوبائی حکومت کو اس مقصد کے لئے معقول امداد دے گی۔

حب زرین

منیجر دواخانہ ... کوچہ چیلان گلی سجان دہلی سے طلب فرمائیں۔

دار المصنفین کی مطبوعات کی قیمتوں میں تخفیف

سیرۃ النبی اور سیر الصحابہ کی قیمتوں میں غیر معمولی رعایت

دار المصنفین کی تصنیفات نے اگرچہ عام علمی حلقوں میں کافی مقبولیت حاصل کر لی ہے اور لوگوں میں ایک خاص علمی ذوق پیدا کر دیا ہے، تاہم ملک کا ایک بہت بڑا حصہ اب تک ان کے مطالعہ سے محروم ہے، اس لئے ضرورت ہے کہ اس کا حلقہ اشاعت زیادہ وسیع کیا جائے۔ اسی خیال سے ہم نے ... اس کی تمام مطبوعات کی قیمتوں میں عموماً اور سیرۃ النبی اور سیر الصحابہ کی قیمتوں میں خصوصاً غیر معمولی کمی کر دی ہے۔ امید ہے جو لوگ اب تک دار المصنفین کی تصنیفات کے مطالعہ سے محروم تھے وہ اس موقع سے فائدہ اٹھائیں گے۔

مبلغ ایک ہزار روپیہ نقد انعام حاصل کریں

		۱۱
	۱۲	

منیجر دی لبرل ... پنجاب

مسلمانان ہند سے اپیل

مولانا حبیب الرحمن صدر مجلس احرار کا بیان

مولانا حبیب الرحمن صاحب صدر مجلس احرار اسلام ہند نے مندرجہ ذیل بیان شائع کیا ہے:۔

تقریباً پچاس سال سے ہندوستان کے علماء اور مشائخ اور دوسرے مسلمانوں نے مختلف طریقوں سے قادیانی عقائد کے خلاف زبردست جد و جہد کی۔ لیکن وہ صورتیں غیر منظم تھیں جس کا خاطر خواہ اثر نہ ہوا۔ تقریباً ہونے دو سال ہوئے کہ قادیان میں مجلس احرار قائم کی گئی اور مرزا بشیر نے تسلیم کیا کہ اب جماعت کو جماعت تحفظ اور نظام کا نظام کے ساتھ مقابلہ ہے۔ مجلس احرار کے تھوڑے عرصہ کے کام نے مرزائیت کو موت کے دروازے تک پہنچا دیا ہے۔ مرزا محمود اور اس کی ساری جماعت بوکھلا گئی ہے اور حکومت سے امداد حاصل کرتی ہے ...

... ضرورت ہے کہ مسلمانوں کے علاج کے لئے وہاں پر کوئی انتظام نہیں۔ قصبہ قادیان کے اندر زمین کی ضرورت ہے جس میں مدرسہ، دفتر، مسجد دار التبلیغ اور ہسپتال کھول دیا جائے ...

... نے فوری توجہ نہ کی تو الفرقان کی زندگی خطرہ میں پڑ جائے گی اور ایک ایسا رسالہ جو دینی، علمی اور مذہبی ذرائع ہے مسلمانوں کی غفلت کے ہاتھوں ختم ہو جائیگا ... میں تمام مسلمانان ہندوستان سے عموماً اور مدارس عربیہ کے مہتمم صاحبان سے خصوصاً پرزور درخواست کرتا ہوں کہ وہ الفرقان کی توسیع اشاعت پر خاص توجہ فرمائیں اور الفرقان کو ہر شہر اور قصبات و دیہات میں پہنچانے کی کوشش کریں اور الفرقان کے زیادہ سے زیادہ خریدار بنائیں۔ مدارس اسلامیہ کے طلبہ کے علاوہ یہ رسالہ علماء کے لئے بھی بے حد مفید ہے۔

مولانا محمد منظور صاحب نعمانی سے بریلی دفتر الفرقان کے پتہ پر خط و کتابت کی جائے۔

فقیر احمد سعید کان اللہ لہ

مدرسہ معین الاسلام کرتپور

ایک معائنے کی نقل

ہم نے آج مدرسہ معین الاسلام کرتپور کا اتفاقی معائنہ کیا اس مدرسہ کو مولوی محسن الدین صاحب اپنی ہمت و کوشش اور خلوص کے ساتھ چلا رہے ہیں اور تین برس سے اس کی خدمت میں مصروف ہیں۔ جہاں تک مدرسہ کی مالی اور تعلیمی ضروریات کا تعلق ہے مدرسہ ابھی اس قدر وسیع ذرائع نہیں رکھتا کہ وہ مہتمم صاحب کے پیش نظر پروگرام کو پایہ تکمیل تک پہنچا سکے ...

ہندو مسلم مفاہمت کی ناکامی

صدر کانگریس کا دوسرا بیان

پٹنہ ۴ مارچ۔ راجندر بابو اور مسٹر جناح کی گفتگو کے خیالات پر دہلی کے سیاسی حلقوں میں بہت زیادہ اظہار افسوس کیا جا رہا ہے اور ہر شخص مایوس نظر آ رہا ہے کہ صدر کانگریس اور صدر مسلم لیگ اگر اس کوشش میں کامیاب نہیں ہو سکے ... لیکن اس کے ساتھ ہی ساتھ یہ بھی خیال ہے کہ اگر یہ دونوں جیسا کہ وہ راضی ہو گئے تھے ایک سمجھوتہ کر کے اپنی اپنی جماعتوں سے منظور کرا دیتے تو ملک اسے تسلیم کر لیتا اس لئے کہ وہ سب ملک کی مسلم جماعتیں ہیں۔

اسی سلسلہ میں بابو راجندر پرشاد نے پٹنہ پہنچ کر اخبارات کو ایک بیان دیا ہے ... بڑا افسوس ہے کہ گفتگو اس وجہ سے ناکام رہی کہ ہم متفقہ طور پر کمیونل ایوارڈ کا بدل تجویز نہ کر سکے ... امید ہے کہ جلد ہی وہ حالات پیدا ہو جائیں گے کہ جو ہمیں فرقہ وارانہ سمجھوتہ کے لئے مجبور کر دیں گے ...

محمد صدیق کی درخواست رحم مسترد

نماز کی توہین پر قتل

لاہور ۴ مارچ۔ فردو یور کے غازی محمد صدیق کو سیشن جج لاہور نے ایک ہندو ساہوکار لالہ پالا شاہ کو قتل کرنے کے الزام میں پھانسی کی سزا دی۔ مقتول نے قصور میں نماز کی توہین کی تھی جس سے ملزم مشتعل ہو گیا تھا ...

مولانا سید عطاء اللہ شاہ بخاری کا مقدمہ

۱۸ مارچ کے لئے ملتوی

گورداسپور ۴ مارچ۔ آج امیر شریعت حضرت مولانا سید عطاء اللہ شاہ بخاری کے خلاف دیوان سکھانند مجسٹریٹ کی عدالت میں مقدمہ کی سماعت ہوئی۔ سردار ربیر سنگھ اور خان صاحب حسین علی خاں صاحب مجسٹریٹ ... پر جرح کی گئی۔ مختصر جرح کے بعد حضرت مولانا عطاء اللہ شاہ بخاری سے سوالات کئے گئے۔ مولانا نے فرمایا کہ اگر ضرورت ہوئی تو تحریری بیان داخل کروں گا۔

اس کے بعد عدالت ۱۸ مارچ تک برخاست ہو گئی۔ اس تاریخ کو گواہان صفائی کی فہرست پیش کی جائے گی۔

سنگاپور کے بحری مستقر کی مزید توسیع

سنگاپور ۴ مارچ۔ نہایت ہی معتبر ذریعہ سے معلوم ہوا ہے کہ افسران ذرائع بحری و ہوائی مستقر کو مزید توسیع دیا جائے گا اور مستحکم کیا جائے ... تعمیرات کے ڈائرکٹر ... لاکھ ڈالر میں مکمل ہو گی۔ اور جس کے ماتحت ہوائی اسٹیشن اور اسی قسم کے دیگر سامان تیار کئے جائیں گے۔

چینیوں نے ایک مشنری کو قتل کر ڈالا

... قزاقوں نے قتل کر دیا ہے۔

چند روز قبل مسٹر فرینچ مع اپنی بیوی کوشنشی کے علاقہ سے اغوا کیا گیا تھا۔ مسٹر فرینچ کی بیوی ابھی تک لاپتہ ہیں۔

سرحد پٹیل اور خان عبد الغفار خاں

احمد آباد ۴ مارچ۔ سپرنٹنڈنٹ سابرمتی جیل نے سردار ولبھ بھائی پٹیل ...

افغانستان میں کوئلے کی نئی کان

اسمبلی میں مسئلہ بیکاری کے حل کا مطالبہ

خوفناک حادثات

روس اور چین میں انسانوں کی ہلاکت

الفرقان کیلئے

حضرت مولانا احمد سعید صاحب ناظم جمعیۃ علماء ہند کی اہم اپیل

مانچسٹر میں راجہ ہندو پرتاپ کا داخلہ بند

بڑھیاں اور ساتھیں کاٹ کر ایک قیدی فرار

بچوں والو ہوشیار

بال جیون گھٹی

پتہ:۔ منیجر بال جیون کاریالیہ علیگڑھ شہر

ایک ہزار روپیہ نقد انعامات

منیجر ... گاندی ... کراچی

گولی امساک

دی رنگ رسوتو فارمیسی ... بمقابل ... فتح پوری دہلی

سینا ٹوجن سے طاقت و تندرستی محسوس کیجئے

... مسرت اور شادمانی کا دور شروع ہو جائیگا۔

ایک سیناٹوجن کا استعمال کرنیوالا تمام دیگر ادویات کا بیکار استعمال کرنے کے بعد لکھتا ہے۔

"سیناٹوجن کے استعمال سے میرے جسم میں ایک نئی طاقت پیدا ہوتی جا رہی ہے"۔

درحقیقت یہی وہ بات ہے جسکو تم محسوس کرو گے اگر ایک مرتبہ سیناٹوجن کا استعمال متواتر چند ہفتوں کر لیا تو تم طاقت تندرستی اور مسرت کا ہر لحظہ احساس کرو گے اور ہر گھڑی عیش و عشرت میں گذارو گے۔

SANATOGEN

"طاقت کی ایک معتبر دوا ہے خریدنے میں توقف نہ کیجئے بلکہ آج ہی سیناٹوجن کی ایک بوتل کسی دوافروش سے خریدئے اور اس کا استعمال فوراً شروع کر دیجئے"۔

دو ترجمہ والا معجز نما قرآن مجید

اس قرآن پاک کی ضخامت ایک ہزار صفحات ہیں کاغذ سفید ولایتی نازک و خوشنما ... پہلا ترجمہ حضرت مولانا شاہ رفیع الدین صاحب کا تحت اللفظ ہے دوسرا ترجمہ حکیم الامت مولانا اشرف علی صاحب تھانوی کا با محاورہ ہے۔ حاشیہ پر کامل تفسیر ہے ...

صفحات ۹۲۸ رعایتی ہدیہ مجلد چرمی تین روپے محصولڈاک علاوہ۔

منیجر اخبار الجمعیۃ گلی قاسم جان دہلی

صرف تین روپیہ میں چار گھڑیاں

ایک عدد اصلی جرمن ٹائم پیس۔ ایک عدد ڈمی پاکٹ واچ۔ دو عدد ڈمی رسٹ واچ

یہ گھڑیاں ہم نے خاص طور پر ولایت سے بڑی بھاری تعداد میں منگوائی ہیں اور پائیداری کے لحاظ سے یہ گھڑیاں اپنی نظیر آپ ہیں اپنی فرم کی سالگرہ کی خوشی میں ہم نے صرف دس ہزار گھڑیاں اس رعایتی قیمت پر فروخت کرنے کا فیصلہ کیا ہے۔ مقررہ مقدار کے ختم ہو جانے پر یہی گھڑیاں اپنی اصلی قیمت پر فروخت کی جاویں گی اس لئے جلدی کریں ورنہ ایسے نادر موقع بار بار ہاتھ نہیں آیا کرتے۔ محصولڈاک ۸ر علاوہ ہوگا۔

ملنے کا پتہ:۔ کارخانہ جاپان ناولٹی سٹورز مقام پٹھانکوٹ ضلع گورداسپور

رجسٹرڈ نمبر ایل ۱۷۹۳

يد الله على الجماعة

تار کا پتہ "الجمعیۃ دہلی" ٹیلیفون نمبر ۵۷۲۸

سہ روزہ الجمعیۃ دہلی

مدیر مسئول:- بلال احمد زبیری (بی-اے) معاون:- محمد عثمان فارقلیط

جلد ۲۱ | دہلی یوم چہارشنبہ ۷ ذی الحجہ ۱۳۵۳ ہجری مطابق ۱۳ مارچ ۱۹۳۵ء | نمبر ۱۹

خاکِ آستان

(از جناب مولانا عقیل الرحمٰن صاحب عقیل ندوی)

محمد مصطفےٰ سے لو لگانی چاہیئے اے دل
جسے چھو جائے وہ کیسا بھی ہو اکسیر بنجائے
جسے پی کر گلو سے تا بپا گلرنگ ہو جاؤں
وہ کوئی اور ہونگے ہوگی جنکو جان عزیز اپنی
وہ محشر جیسے ہنگامہ میں بھی پہچان لیں تجکو
خدا کا گھر صنم خانہ بنا ڈالا معاذ اللہ
بچے کیا میکدوں سے تشنگی اپنی کہ ہم کو تو

انہی کے عشق میں دھونی رمانی چاہیئے اے دل
وہ خاک آستان پاک لانی چاہیئے اے دل
مجھے ایسی شراب ارغوانی چاہیئے اے دل
مسلماں کو تو سینے پہ ہی کھانی چاہیئے اے دل
کوئی ایسی اجاگر سی نشانی چاہیئے اے دل
بتوں کی بات اب ہر گز نہ مانی چاہیئے اے دل
اسی کوثر نظر کی مہربانی چاہیئے اے دل

عقیل اچھا نہیں لگتا ہمیں اب ہند میں رہنا
مدینہ چلکے بس کٹیا بنانی چاہیئے اے دل

معاصرین کے افکار و آراء

شریعت بل

مسلمانوں سے کیا مطلب ہے؟

بیکاری کا ذمہ دار کون ہے

شریعت کانفرنس پر ایک نظر

فرانس کا دعویٰ جمہوریت

سیف اللہ خالد بن ولید اور نپولین

پادری کی لڑکی کا قبولِ اسلام

اسپین کے ایک جلیل القدر پادری کی لڑکی نے جب اسلامی تعلیمات کا مقابلہ کیا اور مسلمانوں کے مذہب اور انکے اعمال کو بغور دیکھا تو اس کے دل میں اسلام کی صداقت و حقانیت جاگزیں ہو گئی اور اس نے یہ فیصلہ کر لیا کہ حقیقتاً اسلام ہی وہ مذہب ہے جو دنیا اور آخرت میں نجات کا راستہ بتاتا ہے اور اس کے علاوہ جتنے مذاہب ہیں وہ سب باطل اور صراط مستقیم سے بھٹکا دینے والے ہیں۔ جب عیسائیوں کو اس کی خبر ہوئی تو تمام پادریوں نے ملکر اس لڑکی پر بیشمار مظالم ڈھائے اور اسقدر جانگداز اور صبر آزما مصائب میں مبتلا کیا کہ دیکھنے والوں کے رونگٹے کھڑے ہونے لگے مگر وہ لڑکی اسلام پر ثابت قدم رہی۔ اور اس نے بالآخر تمام پادریوں کی ایک شاندار مجلس میں اسلام کی حقانیت پر ایک بصیرت افروز مناظرہ کیا۔ فضیلت اسلام اور ردِ عیسائیت کے جس قدر دلائل ممکن تھے وہ تائید الٰہی سے اس لڑکی نے پادریوں کے مقابلے میں اس خوش اسلوبی کے ساتھ پیش کئے کہ سامعین حیرت و استعجاب کے سمندر میں غرق ہو گئے۔ اور پادریوں سے کوئی جواب بن نہ پڑا۔ اور وہ لڑکی ہمیشہ کے لئے اسلام ہی سے وابستہ ہو گئی۔ یہ سب کا نام ازبیلا تھا اور اس کی زندگی کے واقعات ایک کتاب میں قلمبند کر دیئے گئے ہیں۔ اگر آپ کو گزشتہ عظمت و سطوت کا مطالعہ کرنا ہے اور عیسائیت کے مقابلہ میں اسلام کی حقانیت کے بیشمار دلائل سے واقفیت حاصل کرنے کا شوق ہے۔ اور آپ اس کتاب کے ذریعہ تبلیغ اسلام کا فریضہ ادا کرنا چاہتے ہیں تو فوراً طلب کیجئے۔ پہلا ایڈیشن قریب الختم ہے۔ اگر دیر ہوئی تو دوسرے ایڈیشن کا انتظار کرنا پڑے گا۔ قیمت فی جلد ۱۲ علاوہ محصولڈاک۔ تبلیغی مقاصد کے لئے بیس بائیس سے زائد جلدوں کے خریدار کو پچیس فی صدی کمیشن دیا جائے گا۔

ملنے کا پتہ:- منیجر "الجمعیۃ" دہلی

Regd. No. L 1793.

The Jamiat

Vol. XXI No. 18 DELHI SATURDAY 9th MARCH 1935. PRICE ONE ANNA

نورانی قرآن مجید

نہایت حیادار جلی اور نہایت صحیح قرآن شریف اگر درکار ہو تو نورانی قرآن مجید الجمعیۃ بک ایجنسی دہلی سے طلب فرمائیے

پادری کی لڑکی کا قبول اسلام

اور اس کے حیرت انگیز کارنامے معلوم کرنے ہوں تو ازبیلا منگا کر دیکھیئے جس کو پڑھکر آپ اسلام کی حقانیت کے قائل ہو جائینگے قیمت فی جلد ۱۲ علاوہ محصول ڈاک۔

منیجر الجمعیۃ دہلی

ایک معزز نو مسلم سکھ پر سکھوں کے مظالم

بچہ کا اغوا اور قتل کی دھمکی

مولانا ابوالکلام آزاد کا خطبہ عید اضحیٰ

عیدگاہوں اور جامع مساجد کے خطیب مفت منگوائیں

حامیان طب جدید کا اجتماع عظیم

ڈاک کا اسماعیل خیل میں براڈکاسٹنگ اسٹیشن

انجمن فلاح سدبّ آباد کا جلسہ

اخبار الجمعیۃ میں اشتہار دیکر اپنی تجارت کو فروغ دیجئے

مفت! مفت!! مفت!!!

پرنسپل ورلڈ انڈین میڈیکل کالج انبالہ شہر

خضاب چھوڑ دو

پتہ: بال کالا اسٹورس پوسٹ کسنی معرفت دور بھنگہ

تقریر سیرت چھپ کر تیار ہو گئی

مختصر فہرست مضامین

پوری کتاب دو سو صفحات پر مشتمل ہے اور نہایت بہتر کتابت و طباعت کے ساتھ شائع کی گئی ہے۔ اس کے باوجود قیمت علاوہ محصولڈاک صرف ایک روپیہ (عہ) رکھی گئی ہے تاکہ امیر وغریب سب حضرات مساوی فائدہ اٹھا سکیں۔

منیجر "الجمعیۃ" گلی قاسم جان دہلی

ایک سو روپیہ نقد انعام

Rs 100 | Rs 100

منیجر فرسٹ کوٹ کمپنی کراچی

محبوب عاشق کے قدموں پر

ملنے کا پتہ: فضل شاہ عالم گلی راجان دہلی

ڈاکٹر عزیز احمد خاں ڈی۔ڈی۔ایس۔پی۔ڈی

ماہر معالج امراض دندان و دندان ساز

مقابل حمید منزل و پرانا تھانہ نیفس بازار دہلی دروازہ دہلی

دانت بنانے میں علاج کرتے ہیں مشورہ دیتے ہیں

ملک کشمیر کی قابل بھروسہ

نانک چند گپتا جنرل سپلائی سٹور شدہ کیسر شلاجیت شہد برہمی وغیرہ اودھم پور گورنمنٹ جموں کشمیر

(محبوب برقی پریس دہلی میں باہتمام بلال احمد زبیری پرنٹر و پبلشر چھپ کر دفتر الجمعیۃ دہلی سے شائع ہوا)

زندگی کا پیام۔ بقا کی نوید اور ترقی کا نقطۂ ماسکہ

قربانی، اصلاحِ نفس اور زندہ رہنے کا سبق دیتی ہے

اسوۂ ابراہیمی اور تکمیل معرفت کے مبارک ایام

(از جناب مولانا احمد علی صاحب صدر علماء پنجاب)

دنیا میں ہر عقلمند کا یہ قاعدہ ہے کہ اپنے ذہن میں ہر کام کے نفع و نقصان کا موازنہ پہلے کرتا ہے جو چیز اس کے حق میں انفع ہو۔ یعنی جس کا نفع بجائے نقصان کے زیادہ ہو اُسے پسند کرتا ہے۔ جب یہ ایک ایسی ہستی کا معمول ہے جس کی عقل محدود و فہم نارسا انکشاف حالات مستقبلہ سے عاجز و بیکس ہے جس کے سارے فیصلے محض ظن و تخمین پر ہیں۔ تو کیا اس عالم الغیب والشہادہ

ابراہیمی قربانی

حضرت ابراہیم علیہ السلام نے خواب دیکھا کہ میں اپنے بیٹے حضرت اسمٰعیل کو ذبح کر رہا ہوں۔ انبیاء علیہم السلام کے خواب الہام الٰہی ہوتے ہیں۔ انہوں نے اس خواب کو حکم الٰہی سمجھ کر بیٹے سے اپنا خواب ذکر فرمایا۔ بیٹے نے عرض کیا اللہ تعالیٰ کے حکم کی تعمیل کیجئے۔ بیٹا خدا تعالیٰ کے فضل سے آپ صابر پائیں گے۔ اس گفتگو کے بعد حضرت ابراہیم علیہ السلام بیٹے کو ذبح کرنے کے لئے لے گئے۔ جب ذبح کرنے کی غرض سے بیٹے کو لٹایا۔ اُسوقت اللہ تعالیٰ سے آواز آئی۔ اے ابراہیم (علیہ السلام) تو نے اپنے خواب کو سچا کر دکھایا۔ اور اللہ تعالیٰ نے بیٹے کے عوض ایک بڑا دنبہ عطا فرمایا جسے حضرت ابراہیم علیہ السلام نے ذبح کیا۔

من الآخر ... کی قبول نہیں ہوئی۔ انتہی

(۱) ان تنصروا اللہ ینصرکم ویثبت اقدامکم (سورہ محمد پارہ ۲۶) — اگر تم اللہ کی مدد کرو گے وہ تمہاری مدد کرے گا۔ اور تمہارے قدم جمادے گا۔

(باقی صفحہ ۳ پر ملاحظہ فرمائیے)

ابراہیمی قربانی کی تازہ یادگار

۱۹۳۵ء — ۱۹۳۵ء

کا — خاص — تحفہ

گُن رِنی

تار کا پتہ: "میڈیسنز دہلی" — ٹیلیفون نمبر ۵۶۶

طاقت کی بے مثل سنہری گولیاں

مسیح الملک حکیم محمد احمد خاں صاحب کا عطیہ (سفر یورپ کے بعد)

چالیس گولیاں ستارہ روپیہ

ہندوستانی دواخانہ (جسکو حکیم اجمل خاں نے ۱۹۰۳ء میں بنایا) دہلی (پوسٹ بکس ۲۲)

عید اضحیٰ کے مسائل واحکام

قربانی کا طریقہ اور ضروری شرائط

اسلام کے فریضۂ عظمٰی کی تعمیل و تکمیل

(۱) بقرعید کی نماز بھی مثل نماز عید الفطر کے واجب ہے اور ترکیب اس نماز کی وہی ہے جو نماز عید الفطر کی۔ اور وقت اس کا آفتاب کے بلند ہونے سے زوال سے پہلے تک ہے اور جلد پڑھنا اس نماز کا مستحب ہے تاکہ اس کے بعد قربانی کرنے میں مصروف ہوں۔ نماز کے بعد امام خطبہ پڑھے جس میں قربانی اور تکبیراتِ تشریق وغیرہ کے احکام بتلاوے۔ اس نماز کے لئے بھی باہر عیدگاہ میں جانا مستحب ہے اور راستے میں پکار کر تکبیر پڑھتا رہے اور دوسرے راستے سے واپس ہو کہ دونوں راستے گواہی دیں۔

(۱۰) قربانی کے وقت کوئی نیت زبان سے پڑھنا ضروری نہیں۔ اگر صرف دل میں خیال کر لیا کہ میں قربانی کرتا ہوں اور زبان سے کچھ نہیں کہا صرف بسم اللہ اللہ اکبر کہہ کر ذبح کر دیا تب بھی قربانی درست ہے لیکن اگر دعائے ماثورہ جو آگے آتی ہے پڑھیگا تو بہتر ہے اور ثواب زیادہ ہے۔

(۱۱) جب قربانی کو قبلہ رُخ لٹادے تو یہ دعا پڑھے۔ انی وجہت وجہی للذی فطر السموٰت والارض حنیفا وما انا من المشرکین۔ ان صلوتی ونسکی ومحیای ومماتی للہ رب العالمین۔ لا شریک لہ وبذالک امرت وانا اول المسلمین ۔

(۱۲) ذبح کرنے کے بعد یہ دعا پڑھے۔ اللھم تقبلہ منی کما تقبلت من حبیبک محمد وخلیلک ابراہیم علیہما الصلوٰۃ والسلام۔

(۱۳) بہتر یہ ہے کہ قربانی کا گوشت ایک تہائی غربا و مساکین پر صدقہ کرے ایک تہائی اپنے دوستوں کو دے۔ اور ایک تہائی اپنے اور اپنے اہل و عیال کے لئے رکھ لے لیکن جس شخص کا کنبہ بہت ہو یا اور کوئی ضرورت ہو تو تمام گوشت خود خرچ کر سکتا ہے۔ البتہ فروخت کرنا منع ہے۔

(مہتمم دارالعلوم دیوبند)

بصائر و نظائر

انسان جب اپنے ضمیر کے خلاف کسی گناہ کے ارتکاب کا ارادہ کرتا ہے تو اس کی پہلی کوشش یہ ہوتی ہے کہ اس کو مخفی طریقہ سے انجام دے اور ایسے طریقے اختیار کرے کہ کوئی متنفس اس سے آگاہ نہ ہو۔ ایسا شخص گناہ کو قوت سے فعل میں لانے کے لئے ضروری احتیاطوں کو کام میں لاتا ہے اور ان سوراخوں کو بند کرنے کی پوری سعی کرتا ہے جن سے راز درون پردہ کے نکلنے کا ذرا سا بھی امکان ہو۔ اس کی تمام تدبیر و فکر ہر چہار طرف دوڑتی ہیں۔ اس کا دماغ افشائے راز کے تمام امکانات کو دور کرنے کیلئے مصروف عمل ہو جاتا ہے۔ اور اس کا علم و تجربہ صرف اس نقطہ تک پہنچ جاتا ہے کہ خواہ کچھ ہو مگر گناہ پر کسی کو اطلاع نہ ہو۔ آخر ایک مجرم اپنے جرم کے اخفا کیلئے اسقدر سعی کیوں کرتا ہے؟ بجائے اس کے کہ وہ علی الاعلان گناہ کرے وہ کیوں اس کے اظہار سے لرزتا ہے؟ اور وہ کیا چیز ہے جو اسکو عوام گناہ کے باوجود اظہار گناہ سے روکتی ہے؟ ان سوالات کا جواب ہر شخص دے سکتا ہے کیونکہ ضمیر کی آواز قدرت کی طرف سے ہر شخص

کان وغیرہ ہونگے اور وہ سب خدا کے حضور میں اور اولین و آخرین کے انسانوں کے گناہوں کی فہرست کھول کر رکھ دیں گے۔

یوم تشہد علیہم السنتہم وایدیہم وارجلہم بما کانوا یعملون (۱۸×۹) — جس دن مجرموں کے خلاف خود انکی زبانیں انکے ہاتھ اور انکے پیر گواہی دینگے۔

دوسری جگہ مزید وضاحت کے ساتھ فرمایا۔

ھذہ التی کنتم توعدون اصلوھا الیوم بما کنتم تکفرون الیوم نختم علی افواھہم وتکلمنا ایدیہم وتشہد ارجلہم بما کانوا یکسبون۔ (۳×۲۳) — اب دیکھو یہی دوزخ ہے جسکا تم سے دنیا میں وعدہ کیا گیا تھا تم اپنے کفر و طغیان کے باعث اسمیں پڑے رہو۔ آج ہم انکے منہ پر مہر لگا دینگے اور انکے گناہوں پر خود انکے ہاتھ اور پیر گواہی دینگے۔

جب انسان کے وہ اعضاء جو ارتکاب گناہ کا ذریعہ بنائے جاتے ہیں اصل اصل حالات بیان کردیں گے تو ایسے مجرم کی شقاوت و شناعت کا کوئی اندازہ لگا سکتا ہے؟ رہا یہ سوال کہ منہ پر مہر لگ جانے کے بعد زبان، ہاتھ، پیر، کان، آنکھ وغیرہ اعضاء کس طرح گواہی دیں گے اور ان کو بولنے کی طاقت کہاں

مسلمانوں کے لئے انتباہ

(بسلسلہ صفحہ ۲)

(۲) والذین جاھدوا فینا لنھدینھم سبلنا (سورہ عنکبوت رکوع ۷، پارہ ۲۱) — اور جو لوگ ہماری راہ میں مشقتیں برداشت کرتے ہیں ہم انکو اپنے (قرب و ثواب یعنی جنت) کے راستے ضرور دکھلائیں گے۔

(۳) ولقد ارسلنا من قبلک رسلا الی قومھم فجاءوھم بالبینٰت فانتقمنا من الذین اجرموا وکان حقا علینا نصر المؤمنین (سورہ روم رکوع ۵ پارہ ۲۱) — اور ہم نے آپ سے پہلے بہت سے پیغمبر اُن کی امتوں کے پاس بھیجے اور وہ انکے پاس دلائل لیکر آئے سو ہم نے ان لوگوں سے انتقام لیا جو مرتکب جرائم ہوئے تھے اور اہل ایمان کا غالب کرنا ہمارے ذمہ تھا۔

آل انڈیا شریعت کانفرنس پشاور کی شاندار کامیابی

جمعیۃ علماء ہند کیساتھ دولاکھ سرحدی خوش نصیبوں کی وابستگی

(ایک افغانی مبصر کے قلم سے)

یہ ایک کھلی ہوئی حقیقت ہے کہ جب کسی مجلس یا جماعت کو مخلص کارکن اور قربانی دینے والے نمایندے مل جاتے ہیں تو اس انجمن کا ستارہ بام عروج پر چمکنے لگتا ہے۔ افغان اپنی بہادرانہ کردار میں سادہ دل اور اس میں قابل قدر اسلامی جذبہ رکھتے ہیں وہ مسلم عنصر اور ملت مسلمہ کیلئے پیغام رحمت بن سکتے ہیں۔ لیکن ان کی سادگی انہیں سمجھانے سے قاصر رہتی ہے۔ اور وہ نہیں جان سکتے کہ ہم ملت اسلامیہ کے کام آئیں تو کیسے؟ یہی وجہ ہے کہ افغان قوم کو نظام اجتماعی میں منسلک دیکھنے کی عالم اسلام کے دور افتادہ مبصر بھی آرزو رکھتے ہیں۔ اور اس قوم میں کام

بسم اللہ الرحمن الرحیم

الجمعیۃ دہلی

یوم چہارشنبہ ۷ ذی الحجہ ۱۳۵۳ھ ہجری

اجودھیا کے گزشتہ ہولناک فسادات کا انجام
قربانی بند کردی گئی

گزشتہ سال اجودھیا میں عید الضحیٰ کے موقع پر جو ہولناک واقعات رونما ہوئے تھے انہوں نے ہندوستان کے ایک گوشے سے لیکر دوسرے گوشے تک سخت اضطراب و بے چینی کے جذبات پیدا کردئیے تھے۔ مسلمانوں کا بے دریغ قتل اور ان کی مساجد کا انہدام اور قرآن کریم کا جلایا جانا اور ان کے گھروں پر ڈاکے جس منظم اور باقاعدہ طور پر وجود میں آئے تھے اس کی تفصیلات کو سن کر رونگٹے کھڑے ہوتے تھے۔ ملک کے مختلف الخیال مسلم زعماء نے اجودھیا و فیض آباد میں تحقیقات کی تھی اور ان کے متعلق نہایت مفصل بیانات ...

... مثال یہاں ممنوع کہا جاتا ہے۔

(۲) جانوران مذکورہ بالا کا گوشت جو ان اغراض سے ذبح کئے گئے ہوں ایام مذکورہ بالا میں اندر حدود مذکورہ بالا اجودھیا کے بذریعہ سواری یا کسی دیگر طریق سے لے جانا ممنوع قرار دیا جاتا ہے۔

اس نوٹس کو دوسرے نوٹس کے ساتھ ملاکر پڑھنے سے صاف معلوم ہوجاتا ہے کہ مسلمانان شاہجہانپور نہ اپنے یہاں گائے کی قربانی کرسکتے ہیں اور نہ قربانی کا گوشت ...

میں ہر قسم کے گنگے اور بانوں کے مظاہرے کو جائز ٹھہرانا حقیقتاً حکومت کی انتہائی مرعوبیت اور جنبہ داری کو صاف طور پر نمایاں کردیتا ہے۔ اور مظلوم کی حمایت اور ظالم کے مقابلہ کا جو فرض قدرۃً حکومت پر عائد ہوتا ہے اس کی ادائیگی میں حکومت کی جانب سے سخت کوتاہی ظاہر کرتا ہے۔ حضرت علامہ مفتی محمد کفایت اللہ صاحب صدر جمعیۃ علماء ہند نے ہز اکسلنسی گورنر صوبہ متحدہ کو اپنے ایک برقی پیغام میں جو کسی دوسری جگہ درج کیا جارہا ہے اس طرف توجہ دلائی ہے کہ فیض آباد سے نہایت متوحش خبریں موصول ہورہی ہیں اور ڈسٹرکٹ مجسٹریٹ کے مندرجہ بالا اعلان کی پابندی اور اجازت کا ذکر کرتے ہوئے بتایا ہے کہ مسلمان اس کھلی ہوئی مذہبی مداخلت کے باعث سخت مضطرب اور پریشان ہیں اس لئے معاملہ کی اہمیت اس کی متقاضی ہے کہ فوراً اس کا تدارک کیا جائے۔ ہم امید کرتے ہیں کہ صوبہ متحدہ کی حکومت اس کی طرف جلد متوجہ ہوگی اور اس سے قبل کہ فیض آباد کے مجسٹریٹ کا حکم اپنے خطرناک نتائج منظر عام پر لائے اس کا خاتمہ کردیا جائے گا۔

شذرات

ریاست جیند کے سکھوں کی افسوسناک حرکت

ریاست جیند کے بعض شوریدہ سر اور عاقبت نااندیش سکھوں کے متعلق ایک نہایت افسوسناک اطلاع ملی ہے۔ اس اطلاع کے مطابق جو واقعات رونما ہوئے ہیں اگر ان کا فوری انسداد نہ کیا گیا اور معزز سکھوں نے اس شرارت کے خلاف کوئی عملی قدم نہ اٹھایا تو اس کے نتائج نہایت ہی خطرناک ظاہر ہوں گے اور مسلمانوں اور سکھوں کے درمیان ایک ایسی خلیج حائل ہوجائیگی جو دونوں کو متحارب فریق بناکر چھوڑیگی۔ واقعہ یہ ہے کہ ریاست پٹیالہ کے ایک معزز سکھ خاندان کے نومسلم فرد مولوی حبیب الرحمٰن صاحب اور آپ کی اہلیہ جو ریاست جیند کے مشہور اکالی خاندان کی ایک مقتدر سکھ برادری کی لڑکی ہیں بارہ سال سے مشرف باسلام ہوچکے ہیں۔ اتنے طویل عرصہ کے بعد ان کے رشتہ داروں نے یکم فروری ۱۹۳۵ء سے مولوی حبیب الرحمٰن صاحب کے لڑکے حافظ عزیز الرحمٰن صاحب کو جن کی عمر گیارہ سال ہے زبردستی پکڑ کر چھپا رکھا ہے اور مقصد یہ ہے کہ نومسلم ...

... کے جس کو تسلیم کرنے سے اس کا ضمیر علی الاعلان انکار کرچکا ہے۔ اس قسم کی حرکات سے نہ تو اسلام کی اشاعت بند ہوگی نہ سعید روحوں کو اسلام کی طرف آنے سے کوئی روک سکے گا ورنہ ظالموں کو اپنے مقصد میں کوئی کامیابی نصیب ہوگی۔ بس عمال ریاست اور سکھوں کے لئے یہی بہتر ہے کہ وہ واقعہ کی نزاکت کا احساس کرتے ہوئے حافظ عزیز الرحمٰن صاحب کو واپس کردیں اور مولوی حبیب الرحمٰن صاحب اور ان کی اہلیہ کو اپنے ایمان کا فیصلہ کرنے کے لئے آزاد چھوڑ دیں۔ ورنہ جو نتائج رونما ہوں گے اس کا اندازہ ہر شخص لگا سکتا ہے۔

ٹرکی اور بلغاریہ

جنگ عظیم کے بعد جو اقوام فتح کے نشے میں سرشار تھیں انہوں نے حسب دستور مفتوح اقوام کو خوب اچھی طرح دبایا اور ان کے ساتھ جو معاہدات کئے گئے ان میں ایسی دفعات رکھی گئیں کہ وہ سالہا سال تک اپنی اصلی حالت کی طرف عود نہ کرسکیں۔ لیکن ان معاہدات کو دیکھنے سے معلوم ہوتا ہے کہ وہ ملک جن کے ساتھ ...

... اگر کسی شخص نے اپنا سابق مسلک ترک کرکے اسلام قبول کرلیا ہے تو یہ معاملہ اس کے ضمیر کے لئے ہی چھوڑ دینا چاہئے۔ آخر یہ کونسا انصاف ہے کہ کسی کے ضمیر پر جبر کیا جائے اور اس کو مجبور کیا جائے کہ وہ بادل ناخواستہ پھر اس عقیدہ کو اختیار ...

... ادھر چند روز کی اطلاعات اضطراب انگیز ہیں مگر ہم امید کرتے ہیں کہ آئندہ کی جنگ عظیم جزائر بلقان سے شروع نہیں ہوگی۔

حوادث واحکام

استفتاء

کیا فرماتے ہیں علمائے دین ومفتیان شرع متین مندرجہ ذیل مسائل کے بارے میں:-

نمبر۱- ایک شخص نے زمین زراعتی وسکنی دوسرے شخص کی اس شرط پر خریدی کہ اگر میرا کل روپیہ رجسٹری شدہ پانچ سال کے اندر اندر دیدوگے تو میں تمہاری خریدکردہ زمین واپس کردوں گا۔ اس صورت میں بیع جائز ہے یا نہیں۔ اور اس زمین کی پیداوار اور کرایا وغیرہ لینا جائز ہے یا نہیں؟

نمبر۲- بیع الوفا کی کیا شرط ہے اور کیا حکم ہے بصورت مذکورہ بیع الوفا کے حکم میں ہے یا نہیں؟

نمبر۳- نزلہ کی وجہ سے سفید داڑھی ہوجائے تو مہندی وتیل وغیرہ لگا سکتا ہے یا نہیں؟

نمبر۴- ہندو خانہ جلنے کے واسطے لکڑی وغیرہ مزدوری پر مسلمان کو لیجانا کیسا ہے۔ اور اس کی مدت کرنا کیسا؟

نمبر۵- تکبیر دائیں طرف امام کے ہونی چاہئے یا پشت پر یا بائیں جانب۔ کونسی جگہ افضل اور جائز ہے۔

نمبر۶- حضور کا نام مبارک آجاوے تو امام اپنی پشت پھیرے یا نہیں خط بینوا وتوجروا۔

الجواب

(۱) یہ صورت وہی ہے جس کو عام طور پر بیع الوفاء کہا جاتا ہے اور بیع الوفاء اس شرط سے جو سوال میں مذکور ہے بیع فاسد اور حرام ہے نمبر۲ کا جواب بھی اسی میں آگیا۔

(۳) مہندی اور تیل ملاکر سفید بالوں میں لگانا جائز ہے۔

(۴) یہ مزدوری مسلمان کے لئے جائز تو ہے لیکن اس سے احتراز کرنا اولیٰ ہے۔

(۵) تکبیر کیلئے کوئی جہت اور کوئی صف متعین نہیں ہے۔

(۶) امام حضور کا نام سن کر اپنی پشت نہ پھیرے کیونکہ پشت پھیرنے کا کوئی ثبوت نہیں ہے۔

محمد کفایت اللہ کان اللہ لہ
مدرسہ امینیہ دہلی

استفتاء

کتاب الاضحیہ متفرق

کیا فرماتے ہیں علمائے دین ومفتیان شرع متین اس مسئلہ میں کہ عید اضحیٰ کے موقعہ پر قربانی کا گوشت کسی غیر مسلم کو دیا جاسکتا ہے یا نہیں؟

الجواب

قربانی کا گوشت چونکہ قربان کرنے والے کی ملک ہوتا ہے اس لئے وہ مسلم اور غیر مسلم سب کو دیا جاسکتا ہے۔ بلکہ خود قربانی کرنے والا بھی کھاسکتا ہے۔

فقیر احمد سعید کان اللہ لہ

اجودھیا اور فیض آباد میں گائے کی قربانی ممنوع قرار دیدی گئی
ہندوؤں کو ہتھیار رکھنے اور جلوس نکالنے کی عام اجازت
گورنر یو۔پی کے نام صدر جمعیۃ علماء ہند کا تار

لکھنؤ ۸ مارچ۔ جناب علی نقی صاحب سیاسی وکیل بذریعہ تار مطلع فرماتے ہیں کہ ڈسٹرکٹ مجسٹریٹ فیض آباد نے دفعہ ۱۴۴ کا نفاذ کرکے محلہ شاہجہانپور اور اجودھیا میں گائے کی قربانی ممنوع قرار دیدی ہے۔ فیض آباد کے مسلمانوں کو شاہجہانپور آنے کی بھی ممانعت کردی گئی ہے۔ نیز حکم دیا گیا ہے کہ عید کے روز مسلمان اجودھیا کے لئے کوئی مسلمان قربانی کا گوشت بھی نہ بھیجے۔ اجودھیا کے مسلمانوں کے لئے لکڑی کا رکھنا بھی ممنوع قرار دیا گیا ہے مگر ہندوؤں کو عید کے ایام میں جلوس نکالنے ... اور دیگر اسلحہ رکھنے کی عام اجازت دیدی گئی ہے۔ کل مسلمانان فیض آباد نے مکمل ہڑتال منائی اور جلسہ میں ایک تجویز منظور کی گئی جس میں ان ذلت آمیز احکام کے خلاف سخت احتجاج کیا گیا۔

مسلمانوں کے جذبات سخت برافروختہ ہوگئے ہیں۔ کونسل اور اسمبلی کے مسلم ارکان سے درخواست ہے کہ وہ اس صریح مذہبی مداخلت کے خلاف تحریک التواء پیش کریں۔

گورنر یو۔پی کے نام صدر جمعیۃ علماء ہند کا تار

حضرت مولانا مفتی محمد کفایت اللہ صاحب صدر جمعیۃ علماء ہند نے حسب ذیل تار گورنر یو۔پی کے نام ارسال کیا ہے:-

"فیض آباد سے نہایت متوحش خبریں موصول ہوئی ہیں ڈسٹرکٹ مجسٹریٹ نے فیض آباد کے ایک ایسے علاقہ میں قربانی بندکردی ہے جہاں قدیم زمانے سے قربانی ہوا کرتی تھی۔ اجودھیا میں خاص عید کے دن ہندوؤں کو بلاکسی قید کے ایک جلوس نکالنے کی اجازت دیدی گئی ہے۔ مسلمان اس کھلی ہوئی مذہبی مداخلت کے باعث سخت مضطرب اور پریشان ہیں معاملہ کی اہمیت کا لحاظ کرتے ہوئے مہربانی فرماکر فوری توجہ کیجئے۔"

کریٹ میں باغیوں پر طیاروں سے بمباری
باغی ایک لاکھ فوج کے ساتھ حکومت کا مقابلہ کرینگے
یونانی بغاوت میں توسیع۔ صوفیہ میں جنگی اسباب کی فراہمی

ایتھنز ۱۰ مارچ۔ کریٹ کے باغیوں کی بارکوں پر بمباری کرنے کے بعد تین ہوائی جہاز آج شام کو واپس آگئے۔ ہوائی جہازوں کے ذریعہ کریٹ میں اشتہار بھی پھینکے گئے جن میں کریٹ کے لئے حکومت کی طرف سے اعلان دیا گیا تھا۔ اطلاع ہے کہ مقدونیہ میں باغیوں کے ہاتھ مضبوط ہورہے ہیں چھ کشتیاں اور اسباب سے لدے ہوئے تین جہاز ان کے پاس پہنچ گئے۔ بغاوت اور یا تھیسلی میں بھی پھیل گئی ہے۔ باغیوں کو کافی امداد پہونچائی جارہی ہے ان کے پاس ایک لاکھ آدمی ہیں۔ مارشل لا کی میعاد میں توسیع کردی گئی ہے۔

ابھی نہیں کہا جاسکتا کہ حکومت اور باغیوں کی افواج کی کیا پوزیشن ہے۔ فیصلہ کن لڑائی ہونے کے بعد اندازہ لگایا جاسکے گا ... اطلاع ہے کہ ہوائی جہازوں سے زبردست بمباری کے بعد جنرل کونڈیلیس نے مقدونیا میں باغیوں کے خلاف کارروائی شروع کردی ہے۔ ... سرکاری جنگی جہازوں نے باغیوں پر گولی چلائی لیکن ابھی تک نتیجہ معلوم نہیں ہوا۔ کھلی کشتی میں سفر کرنے کے بعد گورنر اور یونان کے ڈپٹی ... اترے جن پر باغیوں نے گولیاں چلائیں۔

یونان کی بغاوت کا مقصد
ترکی سرحد پر افواج کا اجتماع

ایتھنز ۹ مارچ۔ باغی کروزر "اوراف" جزیرہ مجیلون پہنچ گیا ہے۔ فوج نے جزیرے کے صدر مقام پر قبضہ کرلیا ہے۔ باغیوں کا جزیرہ کیاس اور ساموس پر بھی پورا قبضہ ہے اور وہاں کی حالت نازک ہے۔

معلوم ہوا ہے کہ حکومت ترکیہ اور حکومت بلغاریہ نے اپنی اپنی سرحدوں کو یونانی بغاوت کی وجہ سے مستحکم کرلیا ہے تاکہ باغی ان کے ملک میں گھس نہ سکیں اگر کوئی شخص حدود کو عبور کرنے کی کوشش کرے گا تو اسے گرفتار کرلیا جائیگا اور اس کے ہتھیار چھین لئے جائیں گے یونان کو جو لوگ چھوڑنا چاہیں ان کے لئے ضروری قرار دیا گیا ہے کہ وہ دفتر خارجہ سے اجازت نامہ حاصل کریں۔

حکومت یونان نے ایک حکم کے ذریعہ ساحل یونان کے لائٹ ہوسوں کی روشنی گل کرنے کا حکم دیا ہے۔

برطانوی جنگی جہاز "سادرن" کل سہ پہر میں مالٹا سے خلیج فورن پہنچ گیا ہے اسی طرح فرانسیسی کروزر "ڈرینون" بیروز آگیا ہے "نوشن" اور "توویل" نامی کروزر آرہے ہیں۔

جہاز امپیریا کے کپتان نے بتایا کہ کریٹ کی ساری آبادی موسیو وینیزیلاس کے ساتھ ہے اور وہ باغی کی طرف سے بالکل مطمئن ہیں۔ اگر یونان میں باغیوں کو شکست ہوگی تو موسیو وینیزیلاس کا ارادہ ہے کہ وہ کریٹ کی آزادی کا اعلان کردیں گے اور جمعیۃ اقوام سے اسے تسلیم کئے جانے کی اپیل کرینگے۔

جہاں تک معلوم ہوا ہے اس وقت تک جو خونریزی ہوئی ہے وہ صرف "ادریان" کے دو ملاحوں پر ہے سیلیر حکومت کے بحری ہوائی جہاز نے بم گرایا تھا "اور ایف" نے دو سرکاری ہوائی جہازوں کو فیر کرکے گرادیا تھا جن میں آگ بھی لگ گئی۔

ایک مسلم کاشتکار کی غیرت وحمیت
روسی گورنمنٹ نے گولی سے اڑا دیا

ماسکو ۹ مارچ۔ روسی گورنمنٹ نے ایک قانون کے ذریعہ مشتبہ شہریوں کو غیر ملکی لوگوں سے گفتگو کرنے کی ممانعت کردی ہے۔ گفتگو کرنے کی صرف اس صورت میں اجازت ہوگی کہ اس کی ایک نقل پولیس میں بھیجدی جائے۔

ایک مسلمان کاشتکار نے اپنی بیوی کو اس بنا پر قتل کردیا تھا کہ وہ خاوند کی بلا اجازت بے پردہ ہوکر ایک کارخانہ میں کام کرنے چلی گئی تھی۔ پولیس نے قاتل کو گرفتار کرکے عدالت کے حوالہ کردیا۔ عدالت نے مجرم کو گولی سے اڑادینے کا حکم دیدیا۔ چنانچہ سرکاری جلاد نے اس کو گولی ماردی۔

آسام کونسل کا انڈیا بل پر غور کرنے سے انکار

شیلانگ ۱۰ مارچ۔ آج آسام کونسل میں مہاراجہ ... نے پارلیمنٹری کمیٹی اور انڈیا بل پر غور کرنے کا ریزولیوشن پیش کیا۔ مسٹر چودھری نے یہ ترمیم پیش کی کہ ان چیزوں پر بالکل غور نہ کیا جائے کیونکہ ان کا وقت گزر چکا ہے۔ یہ ترمیم تالیوں کی گونج میں پاس ہوگئی۔

بھوپال میں اخبارات پر پولیس کا چھاپہ

بھوپال ۱۰ مارچ۔ مقامی پولیس نے اخبار انجمن، مقدام وطن، صبح وطن اور علوی پریس پر چھاپہ مارا اور کاغذات اپنے قبضہ میں کرلئے۔ صبح وطن کے چار ملازمین بھی گرفتار کرلئے گئے ہیں۔ پولیس نے ہندو سبھا کے ایک لیکچرار کو بھی اشتعال انگیز تقریر کرنے کے الزام میں گرفتار کرلیا ہے۔

سوا کروڑ روپے کا سونا پھر ہندوستان سے باہر

بمبئی ۱۰ مارچ۔ کل بمبئی سے بذریعہ جہاز ۲۹۸۱۲۵۸ روپے کا سونا لندن روانہ کردیا گیا۔ اب تک ہندوستان سے دو ارب ۲۳ کروڑ ۵۸ لاکھ ۸۲ ہزار ایک سو اکاون روپے کا سونا باہر بھیجا جاچکا ہے۔

دریائے ہگلی میں جہاز خشکی پر چڑھ گیا

کلکتہ ۱۰ مارچ۔ ایک جہاز جو دریائے ہگلی سے سمندر کی طرف جارہا تھا خشکی پر چڑھ گیا اس جہاز پر ۱۲۵ لندن جانے والے مسافر سوار ہیں۔ امید کی جاتی ہے کہ سمندر کے چڑھاؤ کے وقت جہاز کو پھر رواں کرلیا جائے گا۔

شریعت بل سلیکٹ کمیٹی کے سپرد کردیا گیا
اسلامی شریعت ملک کی آزادی کی متقاضی ہے

پشاور ۸ مارچ۔ کل سرحدی کونسل میں مسٹر حبیب اللہ خاں کی اس تحریک پر بحث ہوئی کہ مسلمانوں پر شرعی قانون کا نفاذ ہونا چاہئے۔ اس کے بعد طے ہوا کہ یہ بل سلیکٹ کمیٹی کے سپرد کیا جائے جو اپنی رپورٹ اکتوبر تک پیش کرے۔ اس بل پر تین گھنٹہ میں صرف دو مقرروں نے تقریریں کیں۔ مسٹر حبیب اللہ خاں نے کہا کہ اس بل پر جو رائیں موصول ہوئی ہیں وہ حوصلہ افزا ہیں اور خاص بات یہ ہے کہ کسی انجمن کے نمائندہ نے اس بل کے خلاف رائے نہیں بھیجی صرف چند اشخاص نے انفرادی حیثیت سے نکتہ چینی کی ہے۔ نواب حمید اللہ خاں نے اکتوبر تک سلیکٹ کمیٹی کی رپورٹ حاصل کرنے کے متعلق ترمیم پیش کرتے ہوئے کہا کہ اس کا منشا یہ ہے کہ کمیٹی کو اس مسئلہ پر غور کرنے کا پورا موقعہ مل جائے۔

مسٹر خدا بخش نے کہا کہ ایوان نے بل کے اصول کو تو منظور ہی کرلیا ہے لیکن وہ صرف انسانی حقوق کے متعلق ہے لیکن حقوق اللہ کے متعلق کوئی قانونی شکل نہیں دیجاسکتی۔ خان عبدالرحیم خان نے ان لوگوں کو جو شریعت کا پورا نفاذ چاہتے ہیں جواب دیتے ہوئے کہا کہ اگر شریعت کا پورا پورا نفاذ کیا جائے تو وہ پشت دکھا جائیں گے کیونکہ شریعت ملک کی آزادی چاہتی ہے ... مزید کہا کہ ہر تحصیل میں رائے عامہ معلوم کرنے کے لئے دورہ کرنا غیر مفید ہوگا ... ایک تحصیل کے ۱۸۵ گاؤں اس بل کے حق میں رائے دے چکے ہیں۔

اسمبلی میں کانگریس کی ایک اور فتح
حکومت کی مذمت میں تحریک پاس ہوگئی

نئی دہلی ۹ مارچ۔ کل اسمبلی نے مسٹر اینے کی اس تحریک کو منظور کرلیا جس کے ذریعہ ہوم ڈیپارٹمنٹ کے مطالبہ زر میں سو روپے کی کمی تجویز کی گئی تھی۔ کہ حکومت نے جو سخت گیر پالیسی اختیار کررکھی ہے اس پر اس کی مذمت کی جاسکے۔ گرما گرم بحث کے بعد تحریک ۵۸ کی مخالفت ۶۲ آراء کی موافقت سے منظور ہوگئی۔ مسٹر اینے کی اس تحریک میں مولانا شوکت علی اور شفیع داؤدی غیر جانبدار رہے مسٹر عبدالمتین چودھری، سید مرتضیٰ بہادر، مسٹر اظہر علی وغیرہ نے تحریک کی موافقت میں رائیں دیں۔

دردانیال کی حفاظت کا مسئلہ
جمعیۃ اقوام سے حکومت بلغاریہ کی شکایت

جنیوا ۹ مارچ۔ حکومت بلغاریہ کے نمائندوں نے جمعیۃ اقوام کے سکریٹری سے شکایت کی ہے کہ حکومت ترکی بلغاریہ کی سرحد پر فوجیں جمع کررہی ہے ترکوں نے جواب دیا ہے کہ انہوں نے یہ کارروائی دردانیال کی حفاظت کے لئے کی ہے جس کا انہیں حق ہے۔ ترکی وزیر خارجہ نے جمعیۃ اقوام کے سکریٹری کو مطلع کیا ہے کہ حکومت بلغاریہ یونانی سرحد پر جنگی کارروائیوں میں مشغول ہے ... دوسروں کی شکایت کرتی ہے۔

بلغاریہ نے ترکوں کے خلاف الزام واپس لیلیا

لندن ۱۰ مارچ۔ حکومت بلغاریہ نے جمعیۃ اقوام سے شکایت کی تھی کہ ترکی حکومت اپنی افواج سرحد پر جمع کررہی ہے جس کی تفصیل کسی دوسری جگہ درج ہے۔ اب رائٹر کی اطلاع ہے کہ بلغاریہ کے نمائندہ نے وہ شکایتی مکتوب واپس لے لیا ہے جس میں ترکی حکومت کے خلاف یہ الزام لگایا گیا تھا۔

مسجد کی چھت گرنے سے آٹھ نمازی شہید

نماز جمعہ کے لئے ایک مسجد میں جمع تھے چھت پر بھی نمازیں سنتیں ادا کررہے تھے کہ مسجد کی دیوار اور چھت کا ایک حصہ بیٹھ گیا جس سے آٹھ نمازی شہید ہوگئے اور ۲۰ سخت ہوئے یہ واقعہ افغانستان کے مشرقی صوبہ میں ایک مقام پر مسجد ہڈا کا ہے جو ایک قدیم اور تاریخی مسجد تھی۔ چھت اور دیواریں پرانی تھیں اس لئے لوگوں کے بوجھ کو سنبھال نہ سکیں اور گرگئیں۔

تحریک التواء پیش کرنے کی اجازت نہیں ملی

نئی دہلی ۹ مارچ۔ آج صدر اسمبلی نے پروفیسر رنگا کی تحریک التوائے اجلاس کو جو کہ انہوں نے بنگال میں مختلف انجمنوں پر پولیس کے چھاپوں اور نوجوانوں کی گرفتاریوں کے سوال پر بحث کرنے کی غرض سے پیش کی تھی۔ خلاف قاعدہ قرار دیکر رد کردیا۔

سیاسی قیدیوں کی رہائی کا امکان
خان عبدالغفار خاں اور جواہرلال نہرو کا مستقبل

اخبار "امرت بازار پترکا" کے نامہ نگار خصوصی مقیم لندن نے حسب ذیل دلچسپ خبر بھیجی ہے:-

ملک معظم کی سلور جوبلی کے موقعہ پر عام طور پر قیدیوں کو رہا کیا جائے گا اس کے لئے فہرست مرتب ہورہی ہے اس سلسلہ میں نہایت سے سیاسی قیدیوں کے رہا ہونے کی امید ہے۔ تار دیتے وقت حکومت حسب ذیل ناموں کے متعلق خاص طور پر غور کررہی ہے۔ پنڈت جواہرلال نہرو، ڈاکٹر ستیہ پال، خان عبدالغفار خاں اور مسٹر سرت چندر بوس ایسا خیال نہیں کیا جاتا کہ ان میں سے کوئی بھی نام فہرست سے نکال دیا جائے۔ لیکن یہ نہیں معلوم کہ خود بنگالی حکومت اس معاملہ میں کیا کہتی ہے۔ یہ ایک کھلا ہوا راز ہے کہ مسٹر سرت چندر بوس کو نظر بند رکھنے کے معاملہ میں آل انڈیا آفس مضطرب ہے یہ ایک عجیب امر ہے کہ باوجود اس کے کہ وزیر ہند اور حکومت بنگال کے درمیان حکومت ہند کے ذریعہ اتنی خط وکتابت ہورہی ہے پھر بھی مسٹر بوس ہنوز ایک شاہی نظر بند ہیں ... یہ ہے کہ سر سموئیل ہور کو مقامی افسروں پر اعتبار کرنا پڑتا ہے لیکن ...

ایک بامروت وزیر ہند کے صبر کی بھی انتہا ہوتی ہے اگر سلور جوبلی کی فہرست سے مسٹر بوس کا نام نکال دیا گیا تو سیاسی حلقوں میں بڑا تعجب ہوگا اس معاملہ میں ہر جانب سے وزیر ہند پر اتنا زور پڑ رہا ہے کہ انہیں اسکا مقابلہ کرنا دشوار ہے۔ اصلاحات کے بل سے یہ امید کی جاتی ہے کہ اس سے ہندوستان کو حقیقی آزادی ملے گی اس کے لئے ایک لیجسلیٹو اسمبلی طلب کی گئی ہے اگر ایسی اسمبلی میں ہندوستان کے سب سے بڑے شہری کا نمائندہ نہیں تو پھر یہ ... کرر ہے ہیں۔

شاہ محمد کو پھانسی کی سزا

الہ آباد ۹ مارچ۔ شاہ محمد جن کے خلاف مسٹر کراؤ ڈسپرنٹنڈنٹ پولیس مرزاپور کو کرسمس ہفتہ کے دوران میں ایک جنگل کے اندر قتل کرنے کا الزام تھا مجرم قرار دیتے ہوئے سیشن جج نے پھانسی کی سزا کا حکم دیا۔

ہوائی جہاز میں آگ لگ گئی

بمبئی ۹ مارچ۔ بمبئی فلائینگ کلب کا ایک بائیس سالہ نوجوان یورپین شاگرد مسٹر ڈونلڈ بیٹریج جبکہ وہ ہوائی جہاز میں سفر کررہا تھا ہوائی جہاز میں آگ لگ گئی جس سے ہوائی جہاز سمندر میں گر گیا۔ نوجوان بری طرح زخمی ہوگیا اور ہسپتال جاتے ہوئے مرگیا۔

چلتی گاڑی پر مسلح ڈاکہ

قنبرپور ۹ مارچ۔ ... اور فرید پور کے اسٹیشنوں کے درمیان دو نوجوانوں نے جو ریوالوروں سے مسلح تھے۔ سرکاری ڈاک کو لوٹ لیا۔ بیان کیا جاتا ہے کہ ملزمان چلتی گاڑی پر چڑھ گئے۔ اور پوسٹل گارڈ کو ریوالور سے خوفزدہ کرکے ڈاک لوٹ لی۔ اور چلتی گاڑی سے ہی فرار ہوگئے۔ نقصان کا ابھی کوئی اندازہ نہیں لگایا گیا ہے۔ ملزمان کا ابھی تک سراغ نہیں لگ سکا ہے۔

گوالیار کا مشہور ڈاکو گولی سے اڑادیا گیا

جبلپور ۱۰ مارچ۔ ریاست گوالیار کا مشہور ڈاکو اندر بھان جو ... جیل سے فرار ہوگیا تھا۔ موضع موزینہ کے قریب گولی سے اڑادیا گیا۔ ڈاکو کے سینہ پر گولی لگی اور وہ فوراً ہلاک ہوگیا۔

اسمبلی میں ترکی کے تجارتی معاہدہ کا سوال

دہلی۔ مسٹر ستیہ مورتی کے سوال کا جواب دیتے ہوئے سرجارج شسٹر نے کہا کہ ترکی اس وقت اپنی غیر ملکی تجارت کو درست کررہا ہے اور چاہتا ہے کہ غیر ممالک سے وہاں چیزیں نہ جائیں چنانچہ اسی خیال کے ماتحت اس نے ہندوستانی تجارتی معاہدہ کو ترک کردیا ہے ترکی نے اپنی آسانی کے لئے یہ پالیسی اختیار کی ہے۔

مسٹر ستیہ مورتی:- حکومت نے ترکی سے اس کی وجہ دریافت کی ہے؟

سرجارج شسٹر:- ہم نے شاہ انگلستان کے پاس درخواست بھیجی ہے۔

دارالحکومت

دہلی میں دفعہ ۱۴۴ کا نفاذ
لاٹھی اور ہتھیار لیکر نکلنے کی ممانعت

دہلی ۹ مارچ۔ ڈسٹرکٹ مجسٹریٹ نے بقرعید اور محرم کے سلسلہ میں دہلی نئی دہلی اور سول لائن کی حدود میں دفعہ ۱۴۴ نافذ کردی ہے جس کی رو سے لاٹھی، ڈانگ، ٹوکا، پھاوڑا اور ہتھیار، آتشین اسلحہ بازاروں میں لیکر نکلنا ممنوع ہوگا۔ یہ حکم دو ماہ تک نافذ رہے گا۔

سابق جج کیخلاف دستاویز غائب کرنیکا الزام

دہلی ۹ مارچ۔ شیخ عبدالقادر سابق جج اور شیخ راؤ ہرے موہن کے خلاف عدالت سے ایک دستاویز غائب کرنے کے الزام میں سینئر سب جج کے حکم سے مقدمہ دائر ہوا تھا۔ کل مسٹر پول کی عدالت میں ہیڈ کانسٹیبل نے بتایا کہ شیخ عبدالقادر کو لاہور اور قصور میں اور راؤ ہرے موہن کو دہلی میں تلاش کیا گیا مگر دونوں کا کوئی پتہ نہیں چلا۔ عدالت نے اس بیان کے بعد دونوں ملزمان کو مفرور قرار دیدیا۔ ... کے خلاف ۱۶ مارچ کو شہادت پیش ہوگی۔

مولانا عبداللہ باعزت بری کردئے گئے

دہلی ۹ مارچ۔ آج چودھری بلدیو سنگھ صاحب کی عدالت سے مولانا عبداللہ مہتمم ہندوستانی دواخانہ کے خلاف وہ مقدمہ خارج ہوگیا جو دواخانہ کے ایک ملازم محمد جمیل احمد نے اس الزام پر مولانا کے خلاف دائر کیا تھا کہ مولانا نے اسے زدوکوب کیا تھا۔

دہلی مارکیٹ کا تازہ نرخ

دہلی ۱۱ مارچ۔ گندم شربتی ۱۴ سیر + گندم سرخ ۱۶ سیر + گندم سفید ۱۴ سیر + چنا ۲۳ سیر + جو ۲۵ سے ۲۶ سیر تک + باجرہ ۱۹ سیر + جوار ۱۹ سیر + مکئی ۲۰ سیر + (فی روپیہ)

آٹا نمبر ایک ۷/۱۲/۳ + نمبر ۲ ۳/۱۱/۰ + میدہ ۳/۹/۰ + سوجی ۳/۱۲/۰ + دال ماش سبز ۳/۸/۰ + دال ماش سیاہ ایضاً + دال مونگ ۳/۱۲/۰ + دال ارہر قسم اول ۵/۴/۰ + قسم دوم ۴/۱۲/۰ + چاول قسم اول ۱۲/۱/۰ + قسم معمولی ۵/۱۲/۰ + چاول موٹے ۳/۱۲/۰ + گھی قسم اول ۴۰/۱/۰ + قسم دوم ۴۰/۵/۰ + گڑ دیسی ۴/۲/۰ + قند دیسی ۱۰/۱۲/۰ + قند ولایتی ۱۲/۸/۰ فی من۔

سونا پاٹلا ۳۶/۵/۰ + نیشنل بنک ۳۶/۱۰/۰ + دیسی ۳۵/۱۵/۰ + (فی تولہ) اشرفی ۲۲/۱۲/۰ + (فی عدد)

چاندی نمبر اول ۶۶/۳/۰ + گدی ۶۳/۴/۰ + (فی سیکڑہ تولہ)

پنڈت جواہرلال نہرو کو ملک بدر کیا جائیگا؟

نئی دہلی ۹ مارچ۔ کل اسمبلی میں مندرجہ ذیل سوالات کا نوٹس دیا گیا ہے کیا یہ واقعہ ہے کہ پنڈت جواہرلال نہرو کی رہائی کے لئے حکومت نے یہ شرط پیش کی ہے کہ وہ اپنی اہلیہ کے ساتھ ہندوستان سے باہر چلے جائیں۔ اگر یہ ٹھیک ہے تو وہ کتنے عرصہ تک باہر رکھے جائیں گے۔ ان کی سفر خرچ کون برداشت کریگا پنڈت جی کی میعاد قید اب کتنی باقی ہے۔ کیا قانوناً پنڈت جی کو ملک بدر کرنے کا خیال ہے؟

جلاوطنی پر جیل میں رہنے کو ترجیح
پنڈت جواہرلال نہرو کا بیان

الہ آباد ۱۰ مارچ۔ اطلاع موصول ہوئی ہے کہ پنڈت جواہرلال نہرو سے جب ان کی مشروط رہائی کا ذکر جیل میں کیا گیا تو انہوں نے مسکرا کر کہا کہ یہ تو ایک قسم کی جلاوطنی ہے میں جلاوطنی کی نسبت ہندوستان کی کسی جیل میں رہنا زیادہ پسند کرتا ہوں۔ میں رہا ہونے کے بعد یہ فیصلہ کرسکوں گا کہ مجھے اپنی اہلیہ کے علاج کے لئے یورپ جانا چاہئے یا نہیں۔

صدر مجلس احرار ہند کے نام

حضرت مولانا اشرف علی صاحب کا مکتوب گرامی

شعبہ تبلیغ کی امداد ہر مسلمان پر واجب ہے

بخدمت مکرمی مولانا حبیب الرحمٰن صاحب دام فضلہم۔

السلام علیکم ورحمۃ اللہ۔

عنایت نامہ پہونچا۔ مجلس احرار کا شعبہ تبلیغ دفع مضرت قادیانیت کے لئے جو نصرت اسلام کر رہا ہے (۱) وہ سب اہل اسلام کا فریضہ ہے جس کو مجلس احرار نے اپنے ذمہ لیا ہے۔

(۲) خصوصاً اس کی یہ تجویز کہ قادیان کے اندر مسجد و مدرسہ و دفتر ہو اور قادیان کے قریب جلسہ کی جگہ ہو نہایت پر مصلحت ہے۔

(۳) مقصود بالا میں اس کی امداد تمام مسلمانوں پر بقدر استطاعت واجب ہے۔ یہ تینوں دعوے نصوص سے متاید ہیں۔ اما الاول فلقولہ تعالیٰ وَمَنْ أَظْلَمُ مِمَّنِ افْتَرَىٰ عَلَى اللَّهِ كَذِبًا أَوْ قَالَ أُوحِيَ إِلَيَّ وَلَمْ يُوحَ إِلَيْهِ شَيْءٌ الآیۃ بانضمام قولہ علیہ السلام من رأی منکم منکراً فلیغیرہ بیدہ فان لم یستطع فبلسانہ فان لم یستطع فبقلبہ الحدیث۔ آیت سے غیر نبی کے دعویٰ نبوت کا جو کہ افترا علی اللہ ہے ظلم عظیم ہونا اور اس ظلم کا منکر شدید ہونا اور حدیث سے اس منکر کے تغییر کا بقدر استطاعت واجب ہونا ظاہر ہے۔ اما الثانی فلقولہ تعالیٰ ولا یزال الذین کفروا تصیبھم بما صنعوا قارعۃ [illegible]

[illegible]

مختصرات

دہلی۔ سبزی منڈی میں ایک ہندو نوجوان نے بیکاری سے تنگ آکر گلے میں پھندا ڈال کر خودکشی کر لی۔

دہلی۔ اسمبلی میں [illegible]

[illegible]

احمد آباد۔ مقامی راجپوتوں کی دو پارٹیوں میں فساد ہو گیا جس میں ایک شخص ہلاک اور دو مجروح ہوئے۔ ۱۰ اشخاص گرفتار کر لئے گئے ہیں۔

امریکہ۔ فوج کے ایک افسر نے اپنی بیوی کو اس وجہ سے طلاق دیدی کہ اسکا ناجائز تعلق اسی عورت کے بطن سے پیدا شدہ لڑکی سے ہو گیا وہ اپنی بیٹی کو اڑا کر روپوش ہو گیا اور خوب مزے اڑاتا رہا آخر پولیس نے اس کو گرفتار کر کے عدالت میں پیش کیا اور مجرم نے اقبال جرم بھی کر لیا لیکن چونکہ باپ بیٹی اس تعلق پر رضامند تھے اس لئے گرجے میں باقاعدہ دونوں کی شادی کر دی گئی۔

علی گڈھ۔ شہر کے معزز شہری خان بہادر محمد یوسف کے قتل کے مقدمہ میں دو ہندوؤں کو سیشن جج کی عدالت سے کالے پانی کی سزا دی گئی ہے۔

واشنگٹن۔ ریلیف ڈپارٹمنٹ نے اعلان کیا ہے کہ حکومت کی طرف سے دو کروڑ ۲۰ لاکھ بیکاروں کو امداد مل رہی ہے جس کا اوسط پچاس لاکھ ڈالر یومیہ ہے۔

دہلی۔ اسمبلی کے اجلاس میں مسٹر ستیہ مورتی نے سرکاری دفاتر کو شملہ لے جانے کے متعلق سوال کیا۔ سر ہنری کریک نے کہا کہ حکومت تمام سکرٹریٹ کو یا اس کے کچھ حصہ کو مستقل طور پر دہلی میں رکھنا نہیں چاہتی۔

فرانس۔ حکومت فرانس نے ہر نوجوان کو دو سال کی جبریہ فوجی تعلیم دینے کا فیصلہ کیا ہے۔

لزبن۔ سیام کے تخت پر سابق بادشاہ کے نوسال کے بھتیجے کو بٹھا دیا گیا ہے۔

کلکتہ میں ۱۳ انجمنیں خلاف قانون قرار دیدی گئیں

اسمبلی میں سوالات کا نوٹس

کلکتہ ۸ مارچ۔ حکومت نے اشتراکیوں کے خلاف منظم کارروائی شروع کر دی ہے کل پولیس نے تمام شہر کو چھان مارا اور مختلف مزدوروں اور اشتراکیوں کے دفاتر پر دھاوا کیا۔ ایک درجن کے قریب کارکنوں کو گرفتار کر لیا گیا جو آل انڈیا ٹریڈ یونین کانگریس۔ فیڈریٹیڈ یونین کانگریس۔ پورٹ اینڈ ڈک ورکرز یونین اور بنگال یوتھ لیگ سے تعلق رکھتے تھے۔ کلکتہ گزٹ کی ایک غیر معمولی اشاعت کی رو سے ۱۳ مزدور اور اشتراکی انجمنوں کو ناجائز قرار دیدیا گیا۔

نئی دہلی ۹ مارچ۔ کل پنڈت نیل کنٹھ داس نے اسمبلی کے اجلاس کے لئے حسب ذیل سوالات کا نوٹس دیا ہے۔ کیا حکومت کو معلوم ہے کہ کلکتہ میں ۱۳ انجمنیں خلاف قانون قرار دیگئی ہیں جن میں آل انڈیا ٹریڈ یونین بھی ہے حکومت کے نزدیک اشتراکی کی کیا تعریف ہے۔ کیا مزدوروں اور کسانوں کی تمام انجمنیں اشتراکی ہیں یا بعض اور وہ کونسی ہیں۔ ۱۳ انجمنوں کو ایک ساتھ خلاف قانون قرار دینے کے وجوہ کیا ہیں کیا گرفتار شدہ اشخاص پر کھلی عدالت میں مقدمہ چلایا جائیگا۔

غازی محمد صدیق کو جام شہادت پلا دیا گیا

ایک لاکھ مسلمانوں نے جنازہ میں شرکت کی

قصور ۱۴ مارچ کو ۱۰ بجے صبح غازی محمد صدیق رحمۃ اللہ علیہ کا جنازہ عیدگاہ میں پہونچایا گیا۔ صبح ہی صبح ان کو جام شہادت پلا دیا گیا تھا۔ گرد و نواح کے ہزاروں مسلمان جمع تھے۔ پندرہ ہزار کے قریب تو صرف عورتوں کی تعداد ہوگی ۱۲ بجے کے بعد عیدگاہ سے جنازہ اٹھایا گیا اور پریڈ کے میدان میں نماز جنازہ پڑھائی گئی جو چار بجے ختم ہوئی پولیس کے سپاہیوں کے علاوہ انگریزی فوج کا دستہ بھی موجود تھا۔ اس اجتماع کی تصاویر بھی لی گئیں اور یورپین لیڈیوں نے بھی تصاویر اتاریں۔ ۵ بجے کے بعد غازی محمد صدیق کو سپرد زمین کر دیا گیا جن لوگوں نے جنازہ میں شرکت کی ان کی مجموعی تعداد کا اندازہ ایک لاکھ لگایا جاتا ہے۔ اس کے باوجود نظام میں کسی قسم کی ابتری پیدا نہیں ہوئی۔

مسلم ایجوکیشنل کانفرنس کا اجلاس

کے اجلاس ہولی کی تعطیل ۱۹ / ۲۰ / ۲۱ مارچ کو آگرہ میں بصدارت فخر قوم جناب ڈاکٹر ضیاء الدین احمد صاحب سی۔ آئی۔ ای۔ ایم۔ ایل۔ اے منعقد ہوں گے ممبر صاحبان کانفرنس جو باہر سے تشریف لائیں گے وہ اسٹیشن کمیٹی آگرہ کے مہمان ہوں گے جن کے قیام و طعام کا اہتمام من جانب کمیٹی ہوگا۔

(ابن حسن زبیری ایڈوکیٹ۔ سکریٹری)

اخبار الجمعیۃ کے لئے ہر شہر و قصبے میں ایجنٹوں کی ضرورت ہے

آخیر مارچ تک امرت دھارا اور اسکے مرکبات ۳/۲ قیمت پر باقی ادویات و کتب نصف قیمت پر ملیں گی!

ہر شخص کے پڑھنے کے لئے صحت کے قوانین کو بتلانے والی

مفید عام کتب

مارچ ۱۹۳۵ء میں خاص رعایت — مارچ ۱۹۳۵ء میں خاص رعایت

ہر کتاب اپنا ثانی آپ ہی ہوتی ہے۔ کیونکہ جس مضمون کو پنڈت صاحب لکھتے ہیں۔ اس کو ویدک۔ یونانی۔ ڈاکٹری کتب کے علاوہ ہومیوپیتھی وغیرہ کتب کے مطالعہ کے بعد پیش کرتے ہیں۔ [illegible] ناظرین کو چاہیئے کہ اپنی اپنی ضرورت اور شوق کے مطابق فہرست سے انتخاب کر کے اس ماہ میں یہ مفید عام کتب اپنے اور اپنی اولاد کے واسطے منگوا لیں۔ [illegible]

اس مارچ کے واسطے قیمت نصف سے بھی کم کر دی گئی ہے!

[illegible]

اس نادر موقع سے فیدہ اٹھاویں!

ہر ایک کتاب گھر میں رکھنے کے قابل ہے کیونکہ کتب صرف طبیبوں یا مریضوں کے واسطے ہی نہیں۔ فہرست کو پڑھ کر جو مناسب سمجھیں منگوا لیں۔ وہ خاص کتب جن کا ہر ہندوستانی کے واسطے مطالعہ ضروری ہے ان کو ہم نے نیچے درج کر دیا ہے۔ یہ تمام کتب کوی راج ودیا بھوشن پنڈت ٹھاکر دت جی شرما ویدموجد امرت دھارا کی تصنیف ترتیب یا ترجمہ کی ہوئی ہیں۔

کام ورتی شاستر حصہ اول — تصاویر صحت — رسالہ بواسیر — ہندوستانی زچہ — بہن بھائیوں کو قدرتی تربیت — نوجوان تندرست کیونکر رہے — ہدایت الاولاد — رسالہ صحت کے دس اصول — رسالہ نیند و فلسفہ خواب — نشانات موت — کیا ہم تندرستی سے دراز عمر پا سکتے ہیں — ضروریات زندگی — ڈاکٹری و ویدک کے بہترین نسخے — اہل ہند کی جسمانی کمزوری کے اسباب کا علاج — رسالہ خوراک — حفظ ماتقدم و علاج — بچوں کی تندرستی — رسالہ تجربات حکمائے ہند [illegible]

[illegible]

ملنے کا پتہ: منیجر امرت دھارا فارمیسی۔ امرت دھارا روڈ۔ لاہور

شام میں ہندوستانی حجاج پر ظلم عظیم

حاجیوں کے وقف شدہ مسافر خانہ اور مسجد کی فروخت

برادران اسلام! مجھ کو مہاجرین ہند مقیمین شام نے اپنی فریاد پہونچانے کے لئے اور جو ظلم ڈھا دی حکومت انگریزی کے قونصل نے ہم پر ڈھایا ہے اس کی تلافی کرنے کے لئے آپ کے پاس بھیجا ہے۔

ترک سلاطین نے اپنے دور حکومت میں ہندی مہاجرین و حجاج کرام کے لئے شام میں دو وقف [illegible] ایک زاویہ وقف ہیں جس کے نام [illegible] ہیں جس میں ایک مسجد بھی ہے و محراب کی اس میں ہندیوں کو مفت جگہ دی جاتی تھی۔ یہ وقف [illegible] کے قیام کی جگہ تھی جس میں دس کمرے اور ایک مسجد [illegible] کے نیچے ہے۔ انقلاب میں جب شام پر فرانس نے قبضہ جمایا تو قونصل خانہ انگریزی اور یہ دونوں اوقاف جس میں ہندی حجاج و مہاجرین رہتے تھے انگریزوں کے قبضہ میں آگئے [illegible] یہ وقف تھا قونصل خانہ انگریزی کا کارکن ایک یوسف لیبانی ہے اس نے خلیل عیسائی کے پاس چار سو گنی (اشرفی) میں چار سو اوقاف کو بھی گروی کر دیا اور باقی جو نصف بچا اس کو گرا دیا اور اسکا مصالحہ وغیرہ بھی فروخت کر دیا۔ اسی طرح عاشور بنیانو کے پاس مسجد کے ساتھ مختصر جو مین اوقاف کے اندر شراب خانہ قائم کر دیا۔ مہاجرین حجاج سب کو اس سے نکال دیا

احمد بادشاہ عبداللہ پشاوری

آپ لوگوں سے درخواست کرتا ہوں کہ آپ لوگ [illegible] حکومت انگریزی سے مطالبہ کریں کہ وہ فوراً ہمارے اوقاف ہمارے حوالے کرے اور حسب فیصلہ اسلام [illegible] پاس اسکو وقف کیا ہے اس سے واپس لائیں اور شراب خانہ کو فوراً بند کیا جائے۔

[illegible]

صبح وطن اخبار کی ضبطی

بھوپال ۔ ۱۰ فروری۔ اخبار صبح وطن جو دہلی سے زیر ادارت سید عبدالحمید صاحب برقی نکلا پریس سے چھپ کر شائع ہوتا تھا اور فروری کو تمام مضمون [illegible] اور [illegible] الوطن "صبح وطن" ضبط قرار دیا گیا۔ یہ پرچہ اصل میں [illegible] پولیس نے ضبط کر لیا۔

(ق۔ ع)

نیشنل پبلک لائبریری میں جلسہ مکالمہ

دہلی ۱۱ مارچ [illegible] کی شب کو انجمن ضیاء الادب نیشنل پبلک لائبریری کشن گنج میں زیر صدارت شیخ عبدالغنی صاحب رئیس ایک جلسہ مکالمہ "موجودہ مدارس میں تعلیم نسواں غیر مفید ہے" پر منعقد ہوا جس میں شہر کے مقررین نے تقاریر فرمائیں۔ [illegible] تقریر کا جواب دیتے ہوئے اپنی پر از معلومات اور مدلل تقریر سے موجودہ مدارس میں تعلیم نسواں کے غیر مفید نتائج کو بدلائل و براہین ثابت کیا [illegible] تقریر نے حاضرین پر خاص اثر کیا اور رائے شماری کے بعد آپ کے حق میں [illegible]

غازی امان اللہ خان کا حج

افغانستان میں واپسی کے امکانات پر غور؟

[illegible] سابق شاہ امان اللہ خان [illegible]

ٹرین کی رفتار نے ریکارڈ مات کر دیا

[illegible] ۵ مارچ [illegible] لندن [illegible] ۲۶۸ میل کا سفر تین گھنٹے ۵۰ منٹ میں طے کیا [illegible]

حکومت ہنگری مستعفی ہو گئی

بوڈاپسٹ ۴ مارچ۔ آج حکومت ہنگری نے اپنا استعفیٰ داخل کر دیا

ڈاکٹر عزیز احمد خاں۔ ڈی ڈی ایس۔ بی۔ ڈی
آنرز ڈی۔ ڈی۔ آئی (امریکہ) طلائی تمغہ یافتہ
ماہر معالج امراض دندان و دندان ساز
مقابل مسجد [illegible] بازار [illegible] دروازہ دہلی
دانت بنانے میں علاج کرنے میں مشورہ دیتے ہیں

حکومت کی اس کارروائی [illegible] کی ترتیب کا پیش خیمہ خیال کیا جاتا ہے۔
[illegible] سے درخواست کی گئی ہے کہ وہ نئی کابینہ مرتب کریں۔

پیرس میں برہنہ ناچ کی ممانعت

پیرس [illegible] نے [illegible] برہنہ ناچ کے خلاف امتناعی حکم نافذ کر دیا ہے [illegible] ایک رقاصہ موجود ہے جس نے اس حکم کی خلاف ورزی کرنے کا اعلان کر دیا ہے [illegible] برہنہ ناچ سے پیرس کے لوگوں کو مسرور کرے گی۔

شیخ الہند حضرت مولانا حسین احمد مدنی مدظلہ العالی
کے سیاسی نوٹس کا مجموعہ
تعلیمی ہند
مرتبہ مجلس قاسم المعارف دیوبند
قیمت [illegible]
اعلیٰ کتابت و طباعت خوشنما ٹائٹل
ملنے کا پتہ: مولوی محمد ادریس منیجر مکتبہ شرقیہ سوئیگران دہلی

سچا ہمدم و رہبر بے دام
پاک صاف خیالات پیدا کر کے جسمانی و روحانی صحت حاصل کرنے کیلئے دنیا میں سچی خوشی دستیاب کرنے کیلئے آپ آج ہی ایک کارڈ تحریر کر کے کتاب کام شاستر بالکل مفت منگالیں
وید شاستری۔ جام نگر کاٹھیاواڑ

ملک کشمیر کی قابل بھروسہ
[illegible]
نانک چند گیتا جنرل سپلائی سٹور سند کشمیر شالا بجت شہر بڑی وغیرہ [illegible] جموں کشمیر

محبوب عاشق کے قدموں پر
[illegible]

حب زرین
[illegible]

جوانی پر مہاعلم گرد کی بستی امامی کا
شرطیہ علاج
[illegible]

رجسٹرڈ نمبر ایل ۱۷۹۳

يَدُ اللّٰهِ عَلَى الْجَمَاعَة

تار کا پتہ:- الجمعیۃ دہلی
ٹیلیفون نمبر ۵۴۳۸

سہ روزہ الجمعیۃ دہلی

مدیر مسئول:- ہلال احمد زبیری (بی اے) — معاون:- محمد عثمان فارقلیط

جلد ۲۱ — دہلی - یوم شنبہ ۱۰ ذی الحجہ ۱۳۵۳ھ ہجری مطابق ۱۶ مارچ ۱۹۳۵ء — نمبر ۲۰

معاصرین کے افکار و آراء

معتمد افواج کی حق گوئی!

اسمبلی کے اجلاس ۵ مارچ میں مسٹر ابھیانکر چیٹی نے دریافت کیا کہ ہندوستان کی فوج کو ہندوستانی بنتے ہیں کتنا وقت لگے گا۔ ان کا خیال غالباً یہ ہوگا کہ ... لیکن اسمبلی میں کبھی اس کے متعلق کوئی اعلان نہیں ہوا کہ فوج کے ہندوستانی بننے میں کتنا وقت لگے گا ... حکومت کا نظریہ معلوم کر لیا جائے۔

اس سوال کا جو جواب معتمد افواج کرنل ٹوٹنہم نے دیا وہ اگرچہ تلخی میں ... اور ہم اسے ہندوستان کی سب سے بڑی نمائندہ مجلس کے ... ارکان کی شان میں انتہائی گستاخی خیال کرتے ہیں ...

سخت ترین قوانین نافذ کرے، سینکڑوں اور ہزاروں نوجوانوں کو نظر بند کرے اور ہندوستانیوں کے عام جذبات کا احترام نہ کرے، اگر حکومت اور اس کے عمال اپنی بلند سطح سے اتر کر عوام کے ساتھ مساوی حیثیت سے معاملات پر غور کریں اور پھر اس قسم کے طریقے اختیار کریں جو ملک کے مفاد کے لئے مشترک طور پر مفید سمجھے جائیں تو ہمیں پورا یقین ہے کہ نہ صرف یہ کہ ملک سے عام بے چینی دور ہو جائے گی بلکہ انقلابی تحریک کا بیج خود بخود قلع قمع ہو جائے گا۔ انقلابی تحریکات کی ترقی کی ذمہ داری بالواسطہ حکومت ہی پر عائد ہوتی ہے اور وہی فرض اپنے طریق کار میں تبدیلی کر کے اسے روک سکتی ہے۔ (ملت)

ہمارے تعلیمی مسائل

مسٹر سپکنزی نے جو اپنی تک بمبئی کے ڈائریکٹر تعلیم تھے ... تعلیم پر زور دیا جاتا ہے ... (الجمیل)

ہندوؤں کی وطن پرستی

انگلستان کا ہمیشہ کیسا تھ ہمدردی

(زمیندار)

نوامیس فطرت اور حقوق کی تقسیم

اسلام میں عورت کا مرتبہ اور اسکے حقوق

حوا کی بیٹیوں پر کس نے احسان کیا؟

(از علامہ سید محمد رشید رضا مصری)

اس مضمون کی دو قسطیں پہلے شائع ہو چکی ہیں آج اس کی تیسری قسط درج کی جاتی ہے۔

اجتماعی عبادتوں شلاً نماز جماعت، جمعہ، اور عیدین میں عورتیں مردوں کے ساتھ شریک ہیں۔ اسلام نے اس کی اجازت دی ہے، اگر عورتوں کی آسانی کے خیال سے یہ شرکت واجب قرار نہیں دی۔ احادیث صحیحہ سے ثابت ہے کہ نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے حیض والی عورتوں کو بھی اجازت دی کہ عیدگاہ میں جائیں، اگرچہ معلوم ہے وہ اس حالت میں نماز نہیں پڑھ سکتیں۔ حج کی اجتماعی عبادت بھی عورتوں پر مردوں ہی کی طرح فرض ہے۔ احرام باندھنے کی حالت میں عورتوں کے لئے حرام ہے کہ اپنے چہرے پر نقاب ڈالیں یا ہاتھوں پر دستانے پہنیں، یعنی ان کے چہرے اور ہاتھ مردوں ہی کی طرح کھلے رہنا چاہئیں۔

اسلام نے عورتوں کے لئے اجتماعی اور سیاسی معاملات میں اس سے بھی زیادہ باتیں تشریع کی ہیں۔ چنانچہ اللہ تعالیٰ فرماتا ہے:

رشتہ داروں کو پناہ دے دی ہے۔ آپ نے فرمایا "ہم نے بھی اُسے پناہ دیدی جسے تم نے پناہ دی ہے۔" یہ متفق علیہ صحیح حدیث ہے۔ بعض روایتوں میں ہے کہ انہوں نے ایک شخص کو پناہ دی تھی ... صلی اللہ علیہ وسلم کی خدمت میں حاضر ہوئیں۔ اور آپ نے اُن کی پناہ کو تسلیم کر لیا۔

ترمذی کی حدیث حسن ہے کہ نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا "عورت کو حق ہے کہ مسلمانوں کی طرف سے کسی کو پناہ دے دے، تو اُس کا یہ فعل جائز ہے۔ اور مسلمانوں کو اس کا پناہ دینا تسلیم کرنا چاہیے۔"

ابن المنذر نے لکھا ہے کہ مسلمانوں کا اس بات پر اتفاق ہو چکا ہے کہ عورت کا پناہ دینا صحیح ہے۔

عورت کی طرف سے نیکی کا حکم

مذکورہ بالا آیت میں مردوں کی طرح عورتوں پر بھی امر بالمعروف اور نہی عن المنکر فرض ہے۔ اس میں زبان سے نیکی کا حکم دینا اور برائی سے منع کرنا یا تحریر کے ذریعہ ایسا کرنا دونوں داخل ہیں۔ خلفاء پر، بادشاہوں پر، اور حکام پر نکتہ چینی بھی اس میں داخل ہے۔ صدر اول کی عورتیں اس حکم سے ...

والمؤمنون والمؤمنات بعضهم اولياء بعض يأمرون بالمعروف وينهون عن المنكر ويقيمون الصلاة ويؤتون الزكاة و ...

مومن مرد اور مومن عورتیں آپس میں مددگار ہیں، نیکی کا حکم دیتے ہیں، برائی سے منع کرتے ہیں، نماز قائم کرتے ہیں، زکوٰۃ ادا کرتے ہیں، اللہ اور اس کے ...

امیر المومنین نے یہ سنتے ہی کہا "خدایا! سب خطا وار ہوں، مجھے معاف کر دے۔ سب لوگ عمر سے زیادہ دین کو سمجھتے ہیں۔"

ایک اور روایت میں ہے کہ آپ نے فرمایا: "عورت نے سچ کہا اور عمر نے غلطی کی۔" یہ کہہ کر آپ پھر منبر پر تشریف لے گئے اور اعلان کر دیا کہ اپنے حکم کو واپس لیتے ہیں۔

حضرت فاطمہ نے آپ کو غسل دے کر ... باندھی تھی۔

دشمنوں کو عورت کا پناہ دینا

اسلام نے مسلم عورت کو حق دیا ہے کہ اگر وہ کسی لڑنے والے دشمن کو بھی پناہ دے دے تو اس کی یہ پناہ صحیح ہو جائے گی۔ چنانچہ فتح مکہ کے موقع پر آپ کی چچیری بہن اُم ہانی بنت ابی طالب نے آپ سے عرض کیا کہ میں نے اپنے دو

خریداران اخبار الجمعیۃ کو چاہیے کہ خط و کتابت کے وقت اپنے نمبر خریداری کا حوالہ ضرور دیا کریں ورنہ عدم تعمیل ارشاد کی شکایت معاف۔

(منیجر الجمعیۃ دہلی)

پادری کی لڑکی کا قبول اسلام

اسپین کے ایک جلیل القدر پادری کی لڑکی نے جب اسلامی تعلیمات کا مقابلہ کیا اور مسلمانوں کے مذہب اور انکے اعمال کو بغور دیکھا تو اس کے دل میں اسلام کی صداقت وحقانیت جاگزیں ہوگئی اور اس نے یہ فیصلہ کر لیا کہ حقیقتاً اسلام ہی وہ مذہب ہے جو دنیا اور آخرت ... وابستہ بتاتا ہے۔ اور اس کے علاوہ جتنے مذاہب ہیں وہ سب باطل اور صراط مستقیم سے بھٹکا دینے والے ہیں۔ جب عیسائیوں کو اس کی خبر ہوئی تو تمام پادریوں نے مل کر اس لڑکی پر ... لیکن وہ لڑکی اسلام پر ثابت قدم رہی۔ اور اس نے بالآخر تمام پادریوں کی ایک شاندار مجلس میں اسلام کی حقانیت پر ایک بصیرت افروز مناظرہ کیا ... جس میں اس خوش اسلوبی کے ساتھ پیش کئے کہ سامعین حیرت و استعجاب کے سمندر میں غرق ہوگئے۔ اور پادریوں سے کوئی جواب بن نہ پڑا۔ ... اگر آپ کو گزشتہ عظمت و سطوت کا مطالعہ کرنا ہے ... اور آپ اس کتاب کے ذریعہ تبلیغ اسلام کا فریضہ ادا کرنا چاہتے ہیں تو فوراً طلب کیجئے ... ہے۔ اگر دیر ہوئی تو دوسرے ایڈیشن کا انتظار کرنا پڑے گا۔ قیمت فی جلد ۱۲ر علاوہ محصولڈاک۔ تبلیغی مقاصد کے لئے بیس بائیس سے زائد جلدوں کے خریدار کو پچیس فی صدی کمیشن دیا جائے گا۔

ملنے کا پتہ:- منیجر "الجمعیۃ" دہلی

Regd No. L 1793.

Al-Jamiat

Vol. XXI No. 19 DELHI WEDNESDAY 13 MARCH 1935 PRICE ONE ANNA

نورانی
قرآن مجید
نہایت عمدہ جلی اور نہایت صحیح قرآن شریف اگر درکار ہو تو نورانی قرآن مجید الجمعیۃ بک ایجنسی دہلی سے طلب فرمائیے قیمت مجلد پارچہ ۸ر

پادری کی لڑکی کا قبول اسلام
... منیجر الجمعیۃ دہلی

Maulvi Hashmi ...
Hassan Sh ...
P.O. Randeer
Dt. Surat
196

مبلغ امارت شرعیہ کو صدمۂ جانکاہ

نہایت افسوس کے ساتھ اطلاع دی جاتی ہے کہ مولانا عبدالرزاق ... مبلغ امارت شرعیہ بہار کے دو سالہ فرزند دلبند کا انتقال ہوگیا۔ انا للہ وانا الیہ راجعون ... صبر جمیل عطا فرمائے آمین۔

محمد افضل خاں ایڈیٹر مسلم راجپوت امرتسر

جنجوعہ راجپوتوں کے حالات

ہفتہ وار مسلم راجپوت امرتسر میں تاریخ مسلم راجپوتان پنجاب ... (نامہ نگار)

۱۸ فروری ۱۹۳۵ء کو چار بجے صبح اس دار فانی سے رحلت فرما گئے۔ انا للہ وانا الیہ راجعون۔ خدا مرحوم کو غریق رحمت کرے۔ آپ بڑے بزرگ نیک صفت تھے۔

فلسفہ قربانی مفت

قربانی کا فلسفہ اس کی حقیقی مقصد، تاریخی حیثیت حضرت ابراہیم و حضرت اسمعیل علیہما السلام ... ہم اپنے پاس سے محصول ڈاک لگا کر آپ کو بھیج دیں گے۔

ملنے کا پتہ:- مولانا محمد سلیمان فاروقی بی اے، صدر اسلامک مشن چوک فرید امرتسر

ایک بزرگ ہستی کا انتقال

میاں محمد ... صاحب ... ضلع ... سورتھ

مسلمان ہائی یہ سمجھے کہ غلامی میرے مذہب کے خلاف ہے ... عبد الخالق صاحب امام جامع مسجد نے ... اور جلسہ بخیریت تمام ختم ہوا۔ (عبد الغفار خاں، ناظم دفتر مجلس احرار اسلام ضلع سہارنپور)

رد قادیانیت میں جلسہ

جامع مسجد سہارنپور میں جم غفیر

سہارنپور یکم مارچ آج بعد نماز جمعہ جامع مسجد میں مجلس احرار اسلام کی جانب سے ایک عظیم الشان جلسہ ... مسلمانوں کی خدمت کر رہے ہیں۔

اگر آپ ایک تندرست و توانا بچہ چاہتی ہیں تو کلزانہ کا استعمال شروع کر دیجیے

ایک تندرست عورت کی جو ... ہمیشہ ایک ... نشو و نما ... کلزانہ کا استعمال ... بعد اور قبل ہر حالت میں برابر استعمال کی ہے یہ ایک حیرت انگیز قابل قدر چیز ثابت ہوئی ہے۔

اگر آپ بھی چاہتی ہیں کہ آپ کا بچہ تندرست توانا پیدا ہو تو آج ہی سے صحیح اصول پر کلزانہ کا استعمال کرنا شروع کر دیجیے ...

ہر ایک دوا فروش کے ہاں ملتی ہے

Kalzana

تندرستی کے لئے ایک مجرب غذا ہے جو کہ ہاتھ سے نہیں چھوئی گئی

اپنے طرز کی بالکل نئی تصنیف

بلاغ مبین

رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے ان تمام خطوط اور فرامین کا مجموعہ جو آپ نے مختلف اوقات میں بادشاہوں اور حکمرانوں کے نام دعوت اسلام کے سلسلہ میں بھیجے اور ان کے متعلق مفصل تاریخی مباحث ... قیمت دو روپیہ

مصنفہ مولانا حفظ الرحمن سیوہاروی

ملنے کا پتہ:- مولوی محمد ادریس منیجر دفتر بلاغ مبین دہلی یا منیجر مکتبہ اسلامیہ سیوہارہ ضلع بجنور

مفت! مفت!! مفت!!!

گھر بیٹھے باقاعدہ تعلیم حاصل کر کے ... مفت طلب کرو۔

پرنسپل ... طبیہ کالج انبالہ شہر

خضاب چھوڑ دو

... سیالکوٹ ...

دارالمصنفین کی مطبوعات کی قیمتوں میں تخفیف

سیرۃ النبی اور سیر الصحابہ کی قیمتوں میں غیر معمولی رعایت

دارالمصنفین کی تصنیفات نے ... سیرۃ النبی کی چاروں جلدیں ... جدید فہرست طلب کرنے پر مفت ارسال کی جائے گی۔

منیجر دارالمصنفین اعظم گڈھ

NAUNEHAL The Best Tonic for Children

نونہال

اگر آپ اپنے بچوں کو تندرست اور توانا دیکھنا چاہتے ہیں تو "نونہال" استعمال کیجئے ... پیارے پیارے بچوں کو نونہال استعمال کرا کے نہال کر دیجیے!

ہمدرد دواخانہ یونانی دہلی

معجون شباب آور

قوت مردمی او دل دماغ کی کمزوری کے لئے مشہور دوا ہے ... قیمت فی شیشی (پانچ تولہ) ... ایک روپیہ

ہمدرد دواخانہ یونانی دہلی

صرف تین روپیہ میں چار گھڑیاں

ایک عدد اصلی جرمن ٹائم پیس۔ ایک عدد ڈمی پاکٹ واچ۔ دو عدد ڈمی رسٹ واچ

یہ گھڑیاں ہم نے خاص طور پر ولایت سے بڑی بھاری تعداد میں منگوائی ہیں۔ مضبوطی اور پائیداری کے لحاظ سے یہ گھڑیاں اپنی نظیر آپ ہیں۔ اپنی فرم کی سالگرہ کی خوشی میں ہم نے صرف ایک ہزار گھڑیاں اس رعایتی قیمت پر فروخت کرنے کا فیصلہ کیا ہے۔ مقررہ مقدار کے ختم ہو جانے پر یہی گھڑیاں اپنی اصلی قیمت پر فروخت کی جاوینگی اس لئے جلدی کریں ورنہ ایسے نادر موقع بار بار ہاتھ نہیں آیا کرتے۔ محصولڈاک ۸ر علاوہ ہوگا۔

ملنے کا پتہ:- کارخانہ جاپان ناولٹی سٹورز مقام ٹھپانکوٹ ضلع گورداسپور

(مطبوعہ ... دہلی ... سے شائع کیا)

عربی اور ولایتی ڈاک

مشرق و مغرب کی تازہ خبریں

فلسطین کی مؤتمر عام کا شاندار اجلاس

وہ تجاویز جو ہندی مسلمانوں کی آنکھیں کھول دینگی

علماء فلسطین کی ایک مؤتمر (کانفرنس) فلسطین میں منعقد ہوئی اس کانفرنس کے داعی قدس کے مفتی اکبر امین حسینی تھے۔ اس کانفرنس میں جو تجاویز منظور ہوئیں ان کا ملخص حسب ذیل ہے:-

(۱) یہودیوں کی ہجرت کے سلسلہ کو بند کیا جائے اور ان کے ہاتھ زمین کا کوئی ...

(۴) جو مسلمان خفیہ طور پر یہودیوں کے آلہ کار بنے ہوئے ہیں انکے ناموں کا اعلان کردیا جائے۔ اور ایک فتویٰ شائع کیا جائے جس میں یہ تصریح ہو کہ جو مسلمان یہودیوں کے ہاتھ اپنی زمین فروخت کرے گا یا فروخت کرانے میں دوسرے کی امداد کرے گا یا بالذات اور بالواسطہ کوئی تعلق رکھے گا اور یہودیوں کے لئے کسی قسم کی سہولت بہم پہنچائے گا اس کی نماز جنازہ نہیں پڑھی جائے گی اور نہ ایسے ملعون میت کو مسلمانوں کے قبرستان میں دفن ہونے دیا جائے گا۔ نیز ایسے لوگوں کا بائیکاٹ کر دیا جائے گا اور ان سے ملنا جلنا اور کسی قسم کا تعلق قائم رکھنا حرام و ممنوع ہوگا۔

(۵) غیر ملکی مصنوعات کا مقاطعہ ...

امریکہ میں عورتوں کی آزادی کا رد عمل

پھر سے سینے پرونے اور کھانے پکانے کی تعلیم

آج کل امریکہ میں عورتوں کی تمام ہاتھ کی آزادی کے خلاف ایک سخت مہم جاری کر دی گئی ہے ...

حکومت حجاز کا مفید اور بے نظیر اقدام

محتاجوں اور اپاہجوں کے قیام و طعام کا انتظام

حجاز مقدس کے مدیر امن عام نے حکومت کے پاس ایک تجویز روانہ کی تھی ...

الجزائر کے عربوں کا جہاد حریت

الجزائر میں حکومت فرانس کے خلاف عربوں میں سخت ہیجان و اضطراب ...

امسال حج میں حجاج کی کثرت

مصر، الجزائر، چین، المغرب سے قافلوں کی روانگی

مصری طلباء نے امسال کثرت کے ساتھ فریضہ حج کی ادائیگی کا ارادہ کیا ہے ...

عراق میں جبریہ شادی کا قانون

پیدائش کی قلت اور تجربہ خانوں کی کثرت

طلباء کیلئے حفظ قرآن کریم کا مطالبہ

عراق کی وزارت معارف کا پہلا قدم

عراق کی وزارت معارف نے سرکاری مدارس میں درجہ ثانیہ کے طلباء کے لئے قرآن کریم کے بعض حصوں کا حفظ کرنا ضروری قرار دیا ہے ...

پایہ تخت جاپان میں اسلامی لٹریچر

شیخ جامع ازہر کی دلچسپی

حبش کے مسلمانوں کیلئے مذہبی تعلیم کا انتظام

مصر کی اسلامی یونیورسٹی (جامع ازہر) نے حبش کے مسلمانوں کی مذہبی تعلیم کے لئے دو علماء کو مقرر کیا ہے جو بلاد حبشہ کے مسلمانوں کو ارکان اسلام اور قرآن ...

(باقی صفحہ ہذا کالم ۴ کے نیچے ملاحظہ فرمایئے)

اسلام کے مقابلہ میں مسیحیوں اور یہودیوں کی صف آرائی

پاپائے روم اور عیسائی پادری کہاں ہیں؟

افریقہ اور ایشیا کے مسلمان نرغہ یہود میں

نومسلم انگریز خالد شیلڈریک کا تازہ بیان درج ذیل ہے:-

عیسائیوں کی تبلیغ اور یہود کا سرمایہ

ہٹلر کا اقدام

(بسلسلہ صفحہ ہذا کالم ۲)

امریکہ میں یہودی مہاجرین کی سکونت

حکومت کی طرف سے شہری حقوق دینے کا اعلان

الجمعیۃ کا مکتوب جرمنی

(بذریعہ ہوائی ڈاک)

لائپزگ میں مصنوعات کی عالیشان نمائش

یورپ، مصر، ترکی اور جاپان کی شرکت

ہندوستانی دستکاری اور دنیا کی مصنوعات کے نمونے

(الجمعیۃ کے نامہ نگار خصوصی مقیم برلن کے قلم سے)

حال ہی میں ہمیشہ کی طرح اس دفعہ لائپزگ کی نمائش ہوئی ہے۔ اور لائپزگ اس وجہ سے بہت مشہور ہو گیا ہے ...

جاپانی صناعی کے اعلیٰ نمونے

ہندوستانی دستکاری کی نمائش

نئی ایجادوں کی نمائش گاہ

مصر اور ترکی کی شرکت

نامہ نگار الجمعیۃ کی نمائش میں شرکت

غیر ملکی دکانداروں کی تعداد

دو لاکھ خریداروں کا ہجوم

بصائر و نظائر

ہندوستان کے "تعلیم یافتہ" اور گریجویٹ مسلم نوجوان، فرنگی الو اور مغربی آداب کے ...

اگر ان "مصلحین" کی دوسری حیثیت ہے یعنے وہ مسلمان ہونے کی حیثیت سے یہ تجویز پیش فرماتے ہیں ...

(منقول از الجمعیۃ دہلی)

۱۵ مارچ میں امرت دھارا اور اس کے مرکبات ۳/۴ قیمت پر۔ باقی ادویات و کتب نصف قیمت پر منگوایئں!

۳۱ مارچ ۱۹۳۵ء تک چار روپے کی بجائے دو روپے آٹھ آنہ میں منگوایئں!

جناب کوی نور وید بھوشن پنڈت ٹھاکر دت جی شرما وید موجد "امرت دھارا" لاہور کا تیار کردہ

حکیم — ایک انوکھا میڈیسن بکس یعنے

۳۱ مارچ تک رعایت

دنیا میں کوئی ایسا میڈیسن بکس نہ ہوگا۔ یہ بکس جیب میں رکھا جا سکتا ہے جس میں صرف تین ادویات ہیں جنکی موجودگی میں کسی اور دوائی کی ضرورت نہیں ... اول امرت دھارا ... ایک امرت گولی ... اور ایک گندھارا رس ...

امرت دھارا آفس لاہور ... امرت دھارا ڈاک خانہ لاہور

شیخ الحدیث حضرت مولانا حسین احمد مدنی مدظلہ العالی کے سیاسی نوٹس کا مجموعہ

تعلیمی ہند

مرتبہ مجلس قاسم المعارف دیوبند۔ اعلیٰ کتابت و طباعت۔ قیمت ۱۲ / ملنے کا پتہ:- (مولوی) محمد ادریس مینیجر مکتبہ ... دہلی

سچا ہمدم و رہبر بے دام

پاک صاف خیالات پیدا کرکے جسمانی و روحانی صحت حاصل کرنے کیلئے دنیا میں سچی خوشی دستیاب کرنے کیلئے آپ بھی ایک کارڈ تحریر کرکے کتاب کام شاستر بالکل مفت منگالیں۔

وید شاستری، جام نگر، کاٹھیاواڑ

Majun-i-Moquwwi-i-Maida

معجون مقوی معدہ

ہمدرد دواخانہ یونانی دہلی

قرص جریان

ہمدرد دواخانہ یونانی دہلی

اپنے طرز کی بالکل نئی تصنیف!

بلاغ مبین

مصنفہ مولانا حفظ الرحمٰن سیوہاروی

رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے ان تمام خطوط اور فرامین کا مجموعہ جو آپنے مختلف اوقات میں بادشاہوں و حکمرانوں کے نام دعوت اسلام کے سلسلہ میں بھیجے اور ان کے متعلق مفصل تاریخی مباحث ... طباعت خوشنما ... قیمت دو روپے۔

ملنے کا پتہ:- (مولوی) محمد ادریس مینیجر بلاغ مبین دہلی یا مینیجر مکتبہ اسلامیہ سیوہارہ ضلع بجنور

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم

الجمعیۃ

دہلی

یوم شنبہ ۱۰ ذی الحجہ ۱۳۵۳ھ ہجری

عید اضحیٰ اور مسلمانوں سے حقیقی قربانی کا مطالبہ

سنت خلیل اللہ کا مقصد اور مسلمانوں کا فرض

الحمدللہ کہ عید اضحیٰ گزشتہ سالوں کی طرح پھر ہم پر سایہ فگن ہوئی اور اس باری تعالےٰ کا وہ ابدی عہد پھر تازہ ہوا جو ہر مسلمان سے اسلام کے نام پر لیا گیا تھا۔ عید اضحیٰ کی مبارک تقریب حضرت ابراہیم خلیل اللہ صلوٰۃ اللہ وسلامہ علیہ کی اس عملی سیرت کی یادگار ہے جس نے استقامت، صبر، توکل، ایثار…

حقیقی قربانیاں کرنے والے

اسلام کی حقیقی قربانیوں کی تکمیل صحابہ کرام نے کی۔ انہوں نے حق کی خاطر اور اللہ کی رضا کے لئے گھروں کو چھوڑا، عزیزوں، فرزندوں اور بیویوں سے علیحدہ ہوئے۔ اپنے مال کو دین الٰہی کی اشاعت و حفاظت کے لئے لٹایا…

اجتماعیت اور عید اضحیٰ

مسلمانوں سے گذارش

اسلام اور قربانی

شذرات

شریعت بل پر مباحثہ

صوبہ سرحد کی مجلس مقننہ میں خان حبیب اللہ خاں کی جانب سے جو شریعت بل پیش کیا گیا ہے اس کی متفقہ تائید و حمایت ایک بہت بڑی نمائندہ کانفرنس کے ذریعہ کی جا چکی ہے جس کی کارروائی ہم ان کالموں میں شائع کر چکے ہیں…

بلوچستان کے مسئلہ پر حکومت کو شکست

صوبہ بلوچستان کی آبادی پر جو زہرہ گداز مظالم ڈھائے جا رہے ہیں ان کی کیفیت انہی کالموں میں کسی قدر تفصیل کے ساتھ شائع ہو چکی ہے۔ سارے ہندوستان میں شاید کوئی علاقہ بھی موجودہ حکومت کے نزدیک اس قدر مورد عتاب نہیں ہے جتنا کہ بلوچستان ہے…

حوادث و احکام

استفتاء

الجواب

دار الحکومت

ہندوستانی دواخانہ پر ہجوم

پولیس کا پہرہ۔ تین اشخاص گرفتار

دہلی ۱۳ مارچ۔ آج صبح بلیماران میں ہندوستانی دواخانہ پر کچھ لوگوں کا ہجوم ہو گیا جس نے ناگوار صورت اختیار کر لی اور بالآخر پولیس نے آکر لوگوں کو منتشر کیا…

ایڈیٹر قومی گزٹ کیخلاف درخواست مسترد

کاٹھ بازار کی طوائفوں کو نوٹس

انٹی کمیونل ایوارڈ کانفرنس کا رد عمل

مسلمانوں کی طرف سے ایوارڈ کانفرنس کا اعلان

گندم کی درآمد کے محصول میں کمی

کانگریس اور سلور جوبلی

کوئی قوم پرور شرکت نہیں کریگا

پنڈت جواہر لال اور سیاسی اسیروں کو رہا نہیں کیا جائیگا

کونسل آف اسٹیٹ میں ہوم سکرٹری کا بیان

اعلان تعطیل

چونکہ عید اضحیٰ کی تقریب سعید میں دفتر الجمعیۃ اور جید برقی پریس میں جہاں اخبار چھپتا ہے بند رہے گا اور تعطیل منائی جائے گی…

فقیر علی نگر نے پھر حملے شروع کر دئے

برطانوی افواج کی زبردست گولہ باری

صوبہ سرحد پر جارحانہ حملوں کا سلسلہ

پشاور ۱۳ مارچ۔ تازہ ترین اطلاعات سے معلوم ہوتا ہے کہ فقیر علی نگر نے اپنے رفیق علی غفوری کے ساتھ پھر مخالفانہ اور جارحانہ کارروائیاں شروع کر دی ہیں…

حکومت پنڈت جواہر لال نہرو کو رہا نہیں کریگی

ہوم ممبر کا بیان

حکومت موجودہ شرح تبادلہ کو منظور نہیں کریگی

اسمبلی میں ممبر مالیات کا بیان

پندرہ سرخ پوش ابھی تک محبوس ہیں

مارشل لا کے قیدیوں کی تعداد

سندھ میں جہالت کو دور کرنیکی عملی تجویز

بلوہ آگرہ کے ہلاک شدگان کے اعزہ کو معاوضہ

زرعی پیداوار کا نصف حصہ قرق نہیں ہوگا

پنڈت مالویہ کا وفد انگلستان کو

حکومت کے خلاف ملامت کی تحریک

پارلیمنٹ میں اسلحہ بندی کی مذمت

جرمنی نے معاہدہ وارسیلز کو ختم کر دیا

ہوائی قوت کی موجودگی کا اعتراف

انڈیا بل کی مزید دفعات منظور

اشتراکیوں، طالب علموں اور فوج میں جنگ

جاپان کے ہاتھ چینی ریلوے فروخت کر دی گئی

لیبر پارٹی کی تحریک ملامت مسترد

وزیر اعظم انگلستان کے ریٹائر ہونے کا امکان

انڈیا بل کے متعلق وائٹ پیپر شائع ہوگا

رسالہ قرآنک ورلڈ کا اجراء

اسمبلی میں حکومت کو ایک دن میں دو مرتبہ شکست

فوج کو ہندوستانی بنانے کا مطالبہ۔ محکمہ فوج کا مطالبہ نامنظور

برطانی بلوچستان میں حکومت کی جابرانہ پالیسی کی مذمت

نئی دہلی ۱۲ مارچ۔ کل مسٹر عبدالمتین چودھری کی پیش کردہ تحریک تخفیف پر بحث کے دوران میں بہت سے مقررین نے اظہار خیال کیا اور فوج کو ہندوستانی بنانے پر زور دیا۔ ایک مقرر نے فوج میں سے وائسرائے کے کمیشن عہدوں کے بند کئے جانے پر سخت اعتراض کیا اور کہا کہ اس عمل سے فوج کو ہندوستانی بنانے میں دیر لگے گی۔ مسٹر ٹوٹنہم نے حکومت کی پالیسی کی وضاحت کرتے ہوئے کہا کہ حکومت کی پالیسی نہ کبھی یہ رہی اور نہ رہے گی کہ کل ہندوستانی فوج کو خالصاً ہندوستانی کر دیا جائے۔ حکومت کی یہ پالیسی ہے کہ صرف ایک ڈویژن کو افسران سے لیکر سپاہیوں تک ہندوستانی کر دیا جائے موجودہ رفتار سے توقع ہے کہ یہ کارروائی ۱۹۴۵ء تک مکمل ہو جائیگی۔ آپ نے اس امر کی تردید کی کہ برطانیہ کو ہندوستانیوں پر اعتماد نہیں۔ ایک مقرر نے کہا کہ ہندوستانی افواج میں برطانوی عنصر کی جگہ ہندوستانیوں کو دیدینا چاہئے۔ ہندوستانی فوج اس بات کا ناقابل تردید ثبوت پیش کر چکی ہے کہ وہ اپنے ملک کی حفاظت کرنے کی قابلیت رکھتی ہے۔ جب اس تخفیف کی تحریک پر رائے لی گئی تو ۴۶ کے مقابلہ میں ۵۹ ووٹوں کی اکثریت سے تحریک پاس ہو گئی۔ سیٹھ حاجی عبداللہ ہارون نے بھی تخفیف کی ایک تحریک کے ذریعہ حکومت کے تشدد کے رد پر سخت نکتہ چینی کی جو برطانوی بلوچستان میں روا رکھی جاتی ہے۔ یہ تحریک بھی ۔۔۔ کے مقابلہ میں ۔۔۔ کی اکثریت سے پاس ہو گئی۔

یونان میں باغیوں کی مکمل پسپائی

حکومت کی فتح۔ تین ہزار باغی گرفتار۔ باغی افسر کی خودکشی

ایتھنز ۱۲ مارچ۔ یونان کی بغاوت کے سلسلہ میں تازہ اطلاعات مظہر ہیں کہ خلیج سوڈا میں باغیوں کے جنگی جہاز حکومت کے حوالہ کر دیے گئے ہیں۔ کریٹ میں باقاعدہ حکومت قائم ہو گئی ہے اور وہاں سے باغی لیڈر اور اس کی بیوی جہاز ایورت پر سوار ہو کر چلے گئے ہیں۔ جو وفادار رعایا باغیوں کے قبضہ میں تھی (۳۱) کو رہا کرا دیا گیا ہے۔ مقدونیہ کی مہم میں حکومت کے گیارہ آدمی ہلاک ہو گئے اور ۸۰ مجروح ہوئے۔ مقامی بنکوں سے باغیوں نے ایک لاکھ ۷۰ ہزار ۔۔۔ بلا قاعدہ گرفتار شدہ باغیوں کے پاس سے مل گیا ہے۔ ایک عام جلسہ طلب کیا گیا ہے جس میں باغیوں پر فتح حاصل کرنے پر حکومت کو مبارکباد دی جائے گی۔

تھریس پر قبضہ ہونے کے بعد حکومت کی فتح مکمل ہو گئی ہے۔ باغیوں کے افسروں نے علاقہ تھریس کو چھوڑنے سے قبل بنک آف یونان کی مقامی شاخ پر دھاوا مارا اور روپیہ لے کر ۔۔۔ اپنے قبضہ میں کئے اور جنگی جہازوں میں سوار ہو کر بھاگ گئے۔ معلوم ہوا ہے کہ باغیوں کے چیف افسر نے خودکشی کر لی ہے۔ حکومت اعلان کرتی ہے کہ وہ ایک ہفتہ کے اندر خشکی اور تری سے باغیوں کا نام و نشان تک مٹا دیگی۔ تھریس میں تین ہزار باغیوں کو گرفتار کر لیا گیا ہے۔

چین میں گھمسان کی لڑائی

ہزاروں اشتراکی مارے گئے

لندن کے اخبارات ڈسپیچ کا نامہ نگار شنگھائی سے اطلاع دیتا ہے کہ نانکن کی قومی گورنمنٹ کمیونسٹوں اور دیگر باغیوں کا خاتمہ کرنے کے لئے سرگرم کار ہے۔ باغی جماعتوں کا حکومت کی فوجوں سے کئی مقامات پر مقابلہ ہو چکا ہے۔ ایک مقام پر خوب گھمسان کی جنگ ہوئی جس میں ہزاروں آدمی ہلاک و زخمی ہوئے ۔۔۔ اور ان کے ساتھی پہاڑیوں میں چھپ گئے ہیں۔ اور سوقع کی تلاش میں ہیں۔ حکومت کی طرف سے ان کی گرفتاری کے لئے لشکر بھیجا گیا ہے اور انتہائی کوشش کی جا رہی ہے کہ باغی عنصر کا بالکل خاتمہ کر دیا جائے تاکہ یہ لوگ لوگوں کو امن سے زندگی بسر کرنے دیں۔ امید کی جاتی ہے کہ حکومت کی لشکر کشی کے باوجود باغی ایک بار پھر حملہ کر کے حکومت کو بدل دینے کی کوشش کریں گے۔

جہاز رحمانی اور رضوانی جدہ پہونچ گئے

اٹلی میں ہندوستان کے خلاف فلمی پروپیگنڈا

ہندوستان میں ننگے اور بدصورت انسان ہیں؟

مولوی حبیب الرحمن نومسلم کے بچہ کا اغوا

انجمن سیف الاسلام دہلی کی تجویز

۱۰ مارچ ۱۹۳۵ء کو دہلی کی موقر جماعت انجمن سیف الاسلام دہلی کے سٹیج پر جامع مسجد دہلی کے سامنے ایک عظیم الشان پبلک جلسہ میں زیر نظر ریزولیشن ایسے وقت پیش کیا گیا اور اتفاق رائے سے پاس کیا گیا جب کہ نہ صرف اہل دہلی بلکہ ہندوستان کے مختلف صوبوں کے ہزاروں مسلمانوں سے پنڈال کھچا کھچ بھرا ہوا تھا۔ چونکہ برٹش انڈیا کے مسلمانوں میں مولوی حبیب الرحمن صاحب نومسلم حال مقیم سنگرور ریاست جیند کے صاحبزادے حافظ عزیز الرحمن ۔۔۔ سالہ کو سکھوں کی طرف سے اغوا اور روپوش کئے جانے اور پولیس جیند کی طرف سے اس معاملہ میں ۔۔۔ اور حکام کے فرض منصبی کی بنا پر کئی ہفتے سے سخت ہیجان برپا ہے۔

اسمبلی کے بعض مسلم ارکان کی مذمت

یونیورسٹی علی گڈھ کے انڈر گریجویٹوں کا بیان

علی گڈھ یونیورسٹی کے معاً انڈر گریجویٹوں نے مندرجہ ذیل بیان شائع کیا ہے۔

اسمبلی میں مسلم حلقوں کی نمائندگی کرنے والے مسلم ممبران نے اپنے رویہ کے بارہ میں جو بیان شائع کیا ہے اس کے متعلق ہم ایک صحیح الدماغ بغیر اس کے اور کوئی رائے قائم نہیں کر سکتا کہ ان کا بیان توم فروشانہ اور مہمل ہے۔

سونے کی ڈلیاں کوڑیوں کے مول

طاقت وہ طاقت جس سے بوڑھے جوان اور جوان قابل فخر نوجوان بنجاتے ہیں صرف حب زرین ہی کے ذریعہ حاصل ہو سکتی ہے جس کے استعمال سے قوت کا لازوال خزانہ حاصل ہو سکتا ہے۔

مکمل خوراک (۲۰ گولیاں) صرف دو روپیہ آٹھ آنہ (عہ) ہیں

دواخانہ کنز المجربات کوچہ چیلان گلی راجان دہلی سے طلب کریں

بہت سستا بہت اچھا مولانا مولوی اشرف علی صاحب محدث تھانوی کے ترجمہ کا

بشمار خوبیوں والا مترجم قرآن مجید

قرآن شریف کی اندرونی خوبیوں کو تو احاطہ تحریر میں لانا ہی ناممکن امر ہے لیکن ظاہری خوبیوں کے لحاظ سے بلاشبہ یہ مترجم قرآن مجید بے شمار خوبیوں کا حامل ہے۔ اس کی کتابت اعلیٰ درجے کے خوشنویس سے کرائی گئی ہے۔ اس کی طباعت دہلی کے ایک مخصوص مطبع میں ہوئی ہے ۔۔۔

بسم اللہ الرحمن الرحیم۔ الحمد للہ رب العلمین۔ الرحمن الرحیم۔ ملک یوم الدین۔ ایاک نعبد و ایاک نستعین۔ اھدنا الصراط المستقیم۔ صراط الذین انعمت علیھم غیر المغضوب علیھم ولا الضالین۔

ملنے کا پتہ: دہلی بک ایجنسی ۲۲۵ تارا چند اسٹریٹ دہلی

جوہر حسینی کے اہم فوائد

بڑی شیشی ۔۔۔ روپیہ / چھوٹی شیشی ڈیڑھ روپیہ

فائدہ (۱) ۔۔۔ فائدہ (۲) ۔۔۔ فائدہ (۳) ۔۔۔ فائدہ (۴) ۔۔۔ فائدہ (۵) ۔۔۔ فائدہ (۶) ۔۔۔

دواخانہ حکیم ڈاکٹر غلام نبی زبدۃ الحکماء شاہی سند یافتہ موچی دروازہ لاہور

آل انڈیا مسلم ایجوکیشنل کانفرنس کا سالانہ اجلاس

ہندوستان کے تاریخی شہر آگرہ میں

بتاریخ ۱۹، ۲۰، ۲۱ مارچ

آگرہ کو زمانہ گذشتہ کی اسلامی تاریخ میں جو عظمت و شہرت حاصل ہے وہ محتاج بیان نہیں۔ آگرہ کی خاک کا ایک ایک ذرہ مسلمانوں کی گذشتہ عظمت و شوکت کی شہادت دے رہا ہے۔ اور آج بھی آگرہ کو یہ اہمیت حاصل ہے کہ اس کی شاہی عمارات اور عبرت انگیز مناظر کو دیکھنے کے لئے یورپ اور امریکہ تک سے سیاح آتے ہیں۔ لیکن کس قدر حسرت و افسوس کا مقام ہے کہ جو شہر کسی زمانہ میں اسلامی جاہ و جلال کا مرکز تھا اور جہاں یگانہ روزگار علماء و ارباب کمال موجود تھے اس دور ترقی میں جب کہ ہر قوم حصول علم کے لئے بیتاب ہے مسلمانوں کا ایک معمولی درجہ کا کالج بھی آگرہ میں موجود نہیں ہے اور وہاں کے مسلمان بھی دوسرے غیر معروف مقامات و قصبات کی طرح تعلیم میں پسماندہ ہیں۔

زراعتی ترقی کی تدبیریں

زراعتی بورڈ کی ایک اہم میٹنگ

اپیل برائے مسلم ہائی سکول پٹیالہ

اس اسکول کی حالت خراب ہو گئی تھی اس کی وجہ سے مسلمانان پٹیالہ نے ہم خاکساران کو ایک بورڈ تجویز کرکے قطعی فیصلہ دینے اور انتظامات آئندہ تجویز کرنے کا کلی اختیار دیدیا تھا۔ ہم نے ایک بہت بڑے مجمع میں جامع مسجد پٹیالہ میں اپنا فیصلہ سنا دیا ہے جس کا خلاصہ اور مطلب حسب ذیل ہے۔

(۱) سکول کی حالت واقعی نازک ہے۔ اس اسکول کو قائم رکھنا ہے اور رکھنا چاہئے۔

(۲) لیکن نہ اس طرح کا جس طرح کے عام سرکاری اور پرائیویٹ سکول ہوتے ہیں بلکہ اس میں حسب ذیل خصوصیتیں ایزاد کرنی ہیں۔

(الف) دینی اور دنیوی تعلیم اور پابندی نماز روزہ کے علاوہ تربیت اور نگرانی طلباء کا ایسا مکمل انتظام کرنا ہے کہ آجکل جو سکولوں کالجوں میں طلباء کے خیالات اور چال چلن کے خراب ہونے کی عام شکایت ہے اس کی طرف سے ان کے والدین اور سرپرستان بالکل بے فکر ہو جاویں۔

اعلان

مدرسہ عربیہ امدادیہ مراد آباد

گوئی امساک

محبوب عاشق کے قدموں پر

ڈاکٹر عزیز احمد خاں ٹی ڈی۔ ایس ایل ٹی

دو تجربہ والا معجزنما قرآن مجید

منیجر اخبار الجمعیۃ گلی قاسم جان دہلی

بچوں والو ہوشیار

بال جیون گھٹی

پتہ: منیجر بال جیون کاریالیہ علیگڈھ شہر

ملک کشمیر کی قابل بھروسہ

نانک چند گپتا جنرل سپلائی سٹور شہد کشمیر شلاجیت شہد براہمی وغیرہ اودہم پور گورنمنٹ جموں کشمیر

ملنے کا پتہ: فضل شاہ عالم گلی راجان دہلی

صرف تین روپیہ میں چار گھڑیاں

ایک عدد اصلی جرمن ٹائم پیس۔ ایک عدد ڈبی پاکٹ واچ۔ دو عدد ڈمی رسٹ واچ

یہ گھڑیاں ہم نے خاص طور پر ولایت سے بڑی بھاری تعداد میں منگوائی ہیں اور پائیداری کے لحاظ سے یہ گھڑیاں اپنی نظیر آپ ہیں اپنی فرم کی سالگرہ کی خوشی میں ہم نے صرف دس گھڑیاں اس رعایتی قیمت پر فروخت کرنے کا فیصلہ کیا ہے بمقررہ مقدار کے ختم ہو جانے پر یہی گھڑیاں اپنی اصلی قیمت پر فروخت کی جاویں گی اس لئے جلدی کریں ورنہ ایسے نادر موقع بار بار ہاتھ نہیں آیا کرتے۔ محصولڈاک ۸/ علاوہ ہوگا۔

ملنے کا پتہ: کارخانہ جاپان ناولٹی سٹور ۲ مقام پٹھان کوٹ ضلع گورداسپور

دار المصنفین کی مطبوعات کی قیمتوں میں تخفیف

سیرۃ النبی اور سیر الصحابہ کی قیمتوں میں غیر معمولی رعایت

دار المصنفین کی تصنیفات نے اگرچہ تمام علمی حلقوں میں کافی مقبولیت حاصل کر لی ہے اور لوگوں میں ایک خاص علمی ذوق پیدا کر دیا ہے، تاہم ہم ملک کا ایک بہت بڑا حصہ اب تک ان کے مطالعہ سے محروم ہے، اس لئے ضرورت ہے کہ اس کا حلقہ اشاعت اور زیادہ وسیع کیا جائے۔ اسی خیال سے ہم نے اس کی تمام مطبوعات کی قیمتوں میں عموماً اور سیرۃ النبی اور سیر الصحابہ کی قیمتوں میں خصوصاً غیر معمولی کمی کر دی ہے، امید ہے جو لوگ اب تک دار المصنفین کی تصنیفات کے مطالعہ سے محروم تھے وہ اس موقع سے فائدہ اٹھائیں گے۔

سیرۃ النبی کی چاروں جلدیں چھوٹی تقطیع پر طبع ہو کر تیار ہیں، جن کے مکمل سٹ کی رعایتی قیمت ۔۔۔ ہے ان کے علاوہ بڑی تقطیع کی قیمتوں میں اور زیادہ رعایت کر دی گئی ہے۔ سیر الصحابہ مکمل دس جلدوں کی اصل قیمت اس اعلان سے قبل ۔۔۔ اور مکمل سٹ کی رعایتی قیمت ۔۔۔ رہتی لیکن اب مکمل سٹ کی رعایتی قیمت ۔۔۔ کر دی گئی ہے۔ اصل قیمت ۔۔۔ ہے۔ جدید فہرست طلب کرنے پر مفت ارسال کی جائے گی۔

منیجر دار المصنفین اعظم گڈھ

رجسٹرڈ نمبر ایل ۱۶۹۳

یَدُ اللّٰہِ عَلَی الْجَمَاعَۃِ

تار کا پتہ:۔ الجمعیۃ دہلی
ٹیلیفون نمبر ۵۷۳۸

سہ روزہ الجمعیۃ دہلی

مدیر مسئول۔ ہلال احمد زبیری (بی۔اے)
معاون۔ محمد عثمان فارقلیط

جلد ۲۱ | دہلی یوم یکشنبہ ۱۸ ذی الحجہ ۱۳۵۳ ہجری مطابق ۲۴ مارچ ۱۹۳۵ء | نمبر ۲۱

حسنِ خزاں

اب ضبطِ شوق کا متحمل نہیں رہا
وہ اضطرابِ بال و پرِ دل نہیں رہا
پاسِ ادب سے کر نہ سکا شرحِ آرزو
نکلے تو ہیں، جنوں میں مگر کیا کرینگے ہائے
حسنِ خزاں کی دیکھنے والی نظر کہاں
رقصاں سرِ شہید کہ پائی حیاتِ نو
اب تک ہوائے نجد جنوں خیز ہے مگر
اب بھی دلوں میں جوشِ جنوں بیقرار ہے
تقلیدِ وضعِ جامہ دری عام ہوگئی
چھایا ہوا ہے، دیدہ و دل پر جمالِ حق
خونِ شہید ہے، چمن آرائے صد حیات

دل جلوہ گاہِ حسن کے قابل نہیں رہا
مشکل یہ ہے کہ عقدۂ مشکل نہیں رہا
میں بیخودی میں بھی کبھی غافل نہیں رہا
کانٹا اگر کوئی سرِ منزل نہیں رہا
گزری بہار، شورِ عنادل نہیں رہا
تیغِ ستم کو ناز کہ بسمل نہیں رہا
مجنوں سا کوئی جوہرِ قابل نہیں رہا
زنداں میں گرچہ شورِ سلاسل نہیں رہا
اب تو جنوں بھی عشق کے قابل نہیں رہا
باطل بھی اب نگاہ میں باطل نہیں رہا
دھوکے میں ہیں جو کہتے ہیں بسمل نہیں رہا

کس کا کمال جلوہ نگن ہے کہ اے سہیل
خود تو بھی اب نگاہ میں کامل نہیں رہا

(اقبال احمد صاحب سہیل)

معاصرین کے افکار و آراء

اسمال کا موسم حج

مالابار میں جمعیۃ العلماء

تعلیم یافتہ نوجوانوں کا مستقبل

مولانا شوکت علی کا عذر گناہ

اختلافات

اخبار الجمعیۃ کی توسیع اشاعت کے لئے سعی فرماکر اپنی علم نوازی و مذہبیت کا ثبوت بہم پہنچائیے۔ (منیجر)

پادری کی لڑکی کا قبول اسلام

اسپین کے ایک جلیل القدر پادری کی لڑکی نے جب اسلامی تعلیمات کا مقابلہ کیا اور مسلمانوں کے مذہب اور انکے اعمال کو بغور دیکھا تو اس کے دل میں اسلام کی صداقت و حقانیت جاگزیں ہوگئی اور اس نے فیصلہ کرلیا کہ حقیقتاً اسلام ہی وہ مذہب ہے جو دنیا اور آخرت میں نجات کا راستہ بتاتا ہے۔ اور اس کے علاوہ جتنے مذاہب ہیں وہ سب باطل اور صراط مستقیم سے بھٹکا دینے والے ہیں۔ جب عیسائیوں کو اس کی خبر ہوئی تو تمام پادریوں نے مل کر اس لڑکی پر بے شمار مظالم ڈھائے اور ... لیکن وہ لڑکی اسلام پر ثابت قدم رہی۔ اور اس نے بالآخر تمام پادریوں کی ایک شاندار مجلس میں اسلام کی حقانیت پر ایک بصیرت افروز مناظرہ کیا ... اس کا نام ازبلا تھا اور اس کی زندگی کے واقعات ایک کتاب میں قلمبند کردیئے گئے ہیں ... پہلا ایڈیشن قریب الختم ہے۔ اگر دیر ہوئی تو دوسرے ایڈیشن کا انتظار کرنا پڑے گا۔ قیمت فی جلد ۱۲ علاوہ محصولڈاک۔ تبلیغی مقاصد کیلئے بیس بائیس سے زائد جلدوں کے خریدار کو پچیس فی صدی کمیشن دیا جائے گا۔

ملنے کا پتہ:۔ منیجر الجمعیۃ دہلی

نورانی
قرآن مجید
نہایت صاف جلی اور نہایت صحیح قرآن شریف اگر درکار ہو تو نورانی قرآن مجید الجمعیۃ بک ایجنسی دہلی سے طلب فرمائیے۔ قیمت مجلد پارچہ ...

The [...]niat

Regd. No. L 1793.

Vol. XXI No. 20 DELHI SATURDAY 16th MARCH 1935 PRICE ONE ANNA

پادری کی لڑکی
کا
قبول اسلام
اور اس کے حیرت انگیز کارنامے معلوم کرنے ہوں تو ازبلا کا نگار دیکھئے جس کو پڑھکر آپ اسلام کی حقانیت کے قائل ہوجائینگے۔ قیمت فی جلد ۱۲ علاوہ محصولڈاک
منیجر الجمعیۃ دہلی

مسلمانانِ بنارس میں شدید ہیجان
مسجد کے قریب شوالہ بنانے کی تجویز

مورخہ ۱۵ فروری ۱۹۳۵ء یوم جمعہ کو حسب ذیل تجاویز منظور ہوئیں:۔

نامہ نگار اتحاد کی دروغ گوئی

فرضی مولویوں کے نام سے شریعت بل کی مخالفت

اخبار الجمعیۃ
میں اشتہار دیکر اپنی تجارت کو فروغ دیجئے

مفت! مفت!!! مفت!!!
گھر بیٹھے یا باقاعدہ تعلیم حاصل کرکے آیوروید یک یونانی حکمت ہومیوپیتھک یا بایوکیمک کی سندات حاصل کرنے کا قاعدہ قواعد کارڈ ڈال کر مفت طلب کرو۔
پرنسپل ورلڈ انڈین میڈیکل کالج انبالہ شہر

خضاب چھوڑ دو
پتہ۔ بالی کالا اسٹورس پوسٹ کٹنی ...

تقریر سیرت چھپکر تیار ہوگئی
حضرت سحبان الہند مولانا الحاج حافظ احمد سعید صاحب ناظم جمعیۃ علمائے ہند کی وہ بصیرت افروز ...

مختصر فہرست مضامین

منیجر الجمعیۃ گلی قاسم جان دہلی

ایک مشہور ڈاکٹر لکھتا ہے کہ میں اس عورت کو "کلزانہ" کے استعمال کا مشورہ دیتا ہوں جو انیما کے مرض میں مبتلا ہو اور جو ایام ماہواری کی خرابی سے پیدا ہوتا ہے۔ اس سے عجیب و غریب نتیجہ ظاہر ہوگا"

کلزانہ
تمہاری بیوی کو تندرست و توانا بنادے گی

کیا تمہاری بیوی کو بھی درد وغیرہ زنانہ امراض کی شکایت ہے جو ایام کی بے قاعدگی کے باعث پیدا ہوجاتے ہیں؟ ان تمام شکایات پر غالب آنے کے لئے کلزانہ جو ایک عجیب غذا ہے اسکا ایک ڈبہ خرید کر بیوی کی مدد کرو۔ کلزانہ میں وہ تمام عناصر موجود ہیں جو خون کو تقویت پہنچاتے اور نبض کی طاقت کو آہستہ آہستہ بڑھاتے ہیں اور ان تمام چیزوں پر زبردست اثر رکھتے ہیں۔

ایک عورت جو کلزانہ کے استعمال سے پہلے تکالیف اٹھا چکی ہے لکھتی ہے کہ "کلزانہ کو آخر کار میں نے تمام امراض کے لئے تمام علاجوں کا سرتاج پایا ہے جو عورت کا ایک زبردست عطیہ ہے۔ کلزانہ عورتوں کی زندگی کے لئے ریڑھ کی ہڈی ہے"

بے عذر تندرستی کے بعد آپ کی بیوی اور ماں ہونے کی حیثیت سے اپنے فرائض انجام دینے کے قابل ہوسکتی ہے۔ آج ہی سے اپنی بیوی کو کلزانہ کا استعمال شروع کرا دیجئے۔ کلزانہ تمام شکایات کو دور کرکے عورت کو بہتر طاقت اور عمدہ صحت کا حقدار بنا دیتی ہے

ہر دوکاندار اور دوا فروش کی دوکان پر ملتی ہے

Kalzana

تندرستی کیلئے ایک مجرب غذا ہے
کلزانہ میں کوئی ایسا جز نہیں ہے جو کسی مذہب کے خلاف ہو

جرمنی نے معاہدہ وارسیلز کو چاک کر ڈالا

فرانس اور برطانیہ کے قصر سیاست میں زلزلہ
جرمنی نے پانچ گنا فوجی اضافہ کا اعلان کر دیا
دیگر اقوام پر معاہدہ کی خلاف ورزی کا الزام

جرمنی نے معاہدہ وارسیلز کی خلاف ورزی کا دلیرانہ اعلان کر دیا جس نے تمام یورپ میں عموماً اور فرانس اور برطانیہ میں خصوصاً تہلکہ مچا دیا ہے۔ جرمنی نے پہلے تو ہوائی قوت قائم کرنے کا اعلان کیا جو معاہدہ مذکورہ کی صریحاً خلاف ورزی ہے پھر اس نے بر سر عام جبری فوجی بھرتی اور فوج میں پانچ گنے کے اضافہ کا اعلان کر کے دنیا میں ہلچل مچا دی۔ برطانیہ اور فرانس میں سخت تشویش کا اظہار کیا جا رہا ہے۔

برطانوی وزراء کا جلسہ

برطانوی وزراء کی میٹنگ ۹۵ منٹ تک ہوئی۔ اور اس کے بعد میٹنگ ختم ہو گئی اگرچہ دن بھر وزراء آپس میں ملتے رہے یہ فیصلہ کیا گیا کہ کل صبح تک کیبنٹ کی میٹنگ ملتوی رکھی جائے۔ اس لئے غالباً کوئی بیان بھی اس وقت تک شائع نہ کیا جائے گا جب تک کہ کل سر جان سائمن یہاں پر بعد دوپہر دارالعلوم میں تقریر نہیں کر چکتے۔ وزیر اعظم مسٹر ریمزے میکڈانلڈ اس ہفتہ میں لندن میں ہی رہیں گے۔ اور معمول کے مطابق میکسی واپس نہ جائیں گے۔

مخالف پارٹی کے افسران کا خیال ہے کہ اگر آج یورپ بین طاقتوں میں اتحاد نہ ہوا تو سب کی طرف سے خطرہ کا الٹی میٹم دیا جانا لکن ہوتا۔ اور جرمنی پر قبضہ کر لیا جاتا کیونکہ ایک دفعہ پھر جرمنی نے ظاہر کر دیا کہ عہد نامہ ایک ردی کاغذ کے پرزے ...

[illegible]

الجمعیۃ کا مکتوب جرمنی

اپنرگ کی نمائش اور اسکی خصوصیات
حیرت انگیز ایجادیں اور ترقی کے ذرائع
عربی حروف کا ٹائپ رائٹر بھی تیار ہو گیا

(الجمعیۃ کے نامہ نگار مقیم برلن کے قلم سے)

(گزشتہ سے پیوستہ)

آج نمائش کو دیکھ کر معلوم ہوتا ہے کہ جرمنی میں ہر طرف ترقی ہو رہی ہے۔ ہر شخص ہشاش بشاش ہے اور اس کو یقین ہے کہ جرمنی کی حالت مستقبل قریب میں بہتر ہو جائے گی ...

اور جرمنی کی بہت زیادہ مشہور فیکٹری ہے اور انجن سے لگا کر چھوٹے سے چھوٹا بجلی کا سامان تیار کرتی ہے۔ دوسری فیکٹری Siemens ہے جو بجلی کے سامان کیلئے نہ صرف جرمنی بلکہ ہندستان میں بھی بہت کام لیتی ہے۔ اس نے نمائش گاہ میں بجلی کا سامان اور موٹر اور انجن لا کر رکھے ہیں۔ نمائش میں زراعت کی مشینیں بھی ہیں جن کو دیکھ کر حیرت ہوتی ہے اور جن کے ذریعہ ہندستان کو بہت فائدہ ہو سکتا ہے۔

جلد سازی کی کمپنی

ایک اور فیکٹری Kompressor fullhutter Dresden A.16 ...

Carl Bentzin gerlitz (germany)

Th. Ruter & Co Erlangen

عربی حروف کا ٹائپ رائٹر

Rheinmetall

فوٹو گرافی فیکٹریاں

Rheinmetall Sommerda

Plaubel frankfurt a/m

Kuchen maschinenfabrik gefilde

Leipzigermesseamt Leipzig C.I.G.

[illegible]

The HOLY QURAN

TRANSLATION & COMMENTARY

BY

ALLAMA ABDULLAH YUSUF 'ALI

C.B.E., M.A., LL.M., I.C.S. (Retd.)

Fellow of the Royal Society of Literature (England)

A MARVELLOUS TRANSLATION

OF

THE MOST MARVELLOUS BOOK IN THE WORLD

WITH COPIOUS NOTES

AN EPOCH-MAKING CONTRIBUTION

TO

ISLAMIC LITERATURE

A Mirror of the Beauty of Quranic Teaching and Literature

The Commentary is rich in useful information. Not a dull Sunday Sermon, but a piece of English Literature. No Sectarian views propagated through the Commentary

ARABIC TEXT PRINTED IN BEAUTIFUL PHOTO BLOCKS

On Glazed Paper of Superior Quality. Clear Print and Get-up pleasing to the eye

BEING ISSUED IN THIRTY PARTS

Price per Part Re. 1

Postage Extra

Those who will register their orders by depositing an advance of Rs. 2/- (being price of the last two Parts) with the Publisher will get all Parts (except Ist) post-free, and in addition a complete Index free of charge.

WRITE FOR FIRST PART TO

Sh. MUHAMMAD ASHRAF

BOOKSELLER & PUBLISHER

Kashmiri Bazar - - - - LAHORE

جرمنی کے خلاف برطانیہ کا مراسلہ شائع ہو گیا

پارلیمنٹ میں وزیر خارجہ کا اعلان
جرمنی کی طرف سے جواب حکومت امریکہ کا بیان

لندن ۱۹ مارچ۔ آج سر جان سائمن نے دارالعوام میں حکومت جرمنی کا وہ اعلان پڑھ کر سنایا جو حکومت برطانیہ کے مراسلہ کے جواب میں آیا ہے جرمنی نے جو اپنا خواہش ظاہر کی ہے کہ برطانوی وزیر خارجہ کی مجوزہ ملاقات ہونی چاہئے۔ اور اس امر سے اتفاق ظاہر کیا ہے کہ گفتگو اسی موضوع و تفصیل کی حد کے اندر کی جائے گی جس پر پہلے اتفاق ہو چکا ہے۔

سر جان سائمن نے بیرونی دارالعوام میں اعلان کیا کہ اس طرح جرمنی نے ...

جرمنی کی حقیقی خواہش

برلن سے ایک سرکاری اعلان منظر ہے کہ جرمنی تحدید و تخفیف اسلحہ کیلئے ایک بین الاقوامی ضابطہ کیلئے گفت و شنید کا بالکل اسی طرح خواہشمند ہے جیسا کہ وہ پہلے تھا اور وہ اس گفت و شنید کی کامیابی چاہتا ہے۔ برطانوی مراسلہ پر تبصرہ کرتے ہوئے لکھا ہے کہ جرمنی یقیناً جرمنی کے واسطے ایک خاص ضابطہ حکومت کے تعلق گفت و شنید کرنے سے انکاری ہے وہ بنیادی اصول جو گفت و شنید کے لئے بنیاد بن سکتے ہیں۔ انہیں جرمنی کی کارروائی نے پلٹ نہیں دیا ہے بلکہ انہیں اور زیادہ واضح بنا دیا ہے۔

[illegible]

معاہدہ وارسیلز کی شرائط کا خلاصہ

جرمنی نے کتنا تاوان جنگ ادا کیا ہے؟
سب سے زیادہ طویل لڑ گرب کا معاہدہ

ذیل میں معاہدہ وارسیلز کی ان شرائط کا خلاصہ درج کیا جاتا ہے جس کے جرمنی نے اعلان کرنے کے بعد سب پرزے پرزے کر دئے ہیں۔

ورسیلز ایک فرانسیسی شہر ہے جو پیرس کے جنوب مغرب میں گیارہ میل کے فاصلہ پر واقع ہے۔ اس کی آبادی ۶۸ ہزار کے قریب ہے یہ شہر دو مشہور معاہدوں کی جائے دستخط ہونے کے باعث عالمگیر شہرت حاصل کر چکا ہے ...

چھین کر کسی اور کو دیا جائے۔ استصواب عامہ کا نتیجہ اس علاقہ کی جرمنی کو واپسی کی صورت میں نکلا۔

(۶) سار کا علاقہ جرمنی سے چھین کر جمعیۃ اقوام کے ماتحت ۱۵ سال کیلئے دیا گیا۔ ۱۹۳۵ء میں اسے استصواب عامہ کے ذریعہ جرمنی کو واپس کرنے کی شرط رکھی گئی۔ یہ شرط جنوری ۱۹۳۵ء کو استصواب عامہ کے ذریعہ سار کی جرمنی کے پاس واپسی پر پوری ہو چکی ہے۔

(۷) آسٹریا کے ساتھ جرمنی کا اتحاد ممنوع قرار دیا گیا۔

(۸) لکزمبرگ کے ساتھ محصولی اتحاد توڑ دیا گیا۔

(۹) تمام جرمنی نوآبادیاں اتحادیوں کے حوالے کر دی گئیں۔

(۱۰) تمام جرمن نوآبادیوں اور دشمن ممالک میں جملہ جرمنی پرائیویٹ کاروبار ...

[illegible]

بلاغ مبین

مصنفہ مولانا حافظ عبدالرحمن سیوہاروی

[illegible]

امرت دھارا کا پیکنگ بدل گیا

خوبصورت رنگین

ایک خاص رعایت

[illegible]

امرت دھارا دواخانہ امرت دھارا روڈ لاہور

سیاسی نوٹس

تعلیمی ہند

[illegible]

حضرت شاہ ولی اللہ صاحب

الخیر الکثیر

[illegible]

اٹھتی جوانی بالکل مفت

[illegible]

بسم اللہ الرحمن الرحیم
الجمعیۃ دہلی
یوم یکشنبہ ۱۸ ذی الحجہ ۱۳۵۳ ہجری

جرمنی کا خوفناک اعلان

جب حکومت برطانیہ نے اپنے فوجی بجٹ میں غیر معمولی طور پر شدید اضافہ کیا ہے اور اپنے ہوائی بیڑے کی تعمیر کے لئے ایک کثیر رقم پارلیمنٹ سے منظور کرائی ہے تو ہم نے اسی وقت اس خطرہ کا اظہار کیا تھا کہ اب اس کے بعد جرمنی، فرانس اور اٹلی کی باری آئے گی اور ان کی طرف سے اسی قسم کے اعلانات کئے جائیں گے جو یورپ کی آئندہ ہونے والی جنگ کو قریب سے قریب تر کر دیں گے۔ چنانچہ گذشتہ ہفتہ میں یورپ کے اندر جرمنی کے جدید اعلان سے جو ہلچل پیدا ہوئی ہے وہ ہماری اس پیش گوئی ...

کی اور اس کے علیحدہ ہو جانے کے بعد جمعیۃ اقوام کو معاہدۂ وارسیلز کی ان دفعات میں جو فوجی تعداد وغیرہ سے تعلق رکھتی تھیں ترمیم بھی کرنی پڑی اور علاقہ سار کو جرمنی کے حوالے کرنا بھی پڑا۔ اب جبکہ معاہدۂ وارسیلز میں خود جمعیۃ اقوام ہی ترمیم کر چکی ہے اور اس کے دوسرے اہم ارکان مثلاً برطانیہ اور فرانس تخفیف اسلحہ کی تمام گفتگوؤں کو ختم کر چکے ہیں تو جرمنی کے لئے پھر یہ کوشش کرنا کہ وہ فوجی اعتبار سے اپنے کھوئے ہوئے وقار کو دوبارہ حاصل کرے کس طرح ...

جب ایسی تجاویز پیش کی ہیں اور دوسری دول یورپ نے جن میں فرانس اور برطانیہ بھی شامل تھے ان تجاویز کو مسترد کر کے جرمنی کو اس پر مجبور کیا ہے کہ وہ خود تو اپنی فوجی قوت کو نہ بڑھائے مگر دوسری حکومتوں کو ان کی خواہش کے مطابق فوجی تیاریاں کر لینے دے تو اسی وقت یہ خطرہ محسوس ہوتا تھا کہ اس طرز عمل کے نتائج ضرور ناخوشگوار ہوں گے۔ چنانچہ جرمنی نے جمعیۃ اقوام سے علیحدگی اختیار ...

اس کی ذمہ داری تمام دول یورپ پر یکساں عائد ہوتی ہے اور جو کچھ واقعات ہمارے سامنے آ چکے ہیں ان کو دیکھتے ہوئے ہم یہ کہنے پر مجبور ہیں کہ اگر جنگ ہوئی تو اس کے لئے تمام یورپ ذمہ دار ہوگا۔ اور اس کی ہلاکت و تباہی مغرب کی مادہ پرستی کا براہ راست نتیجہ ہوگی۔

کراچی کا حادثۂ فاجعہ

... کے روز کراچی میں ایک لاکھ مسلمانوں کے جم غفیر پر جس میں مرد اور عورتیں، جوان اور بوڑھے شامل تھے جس طرح فائر کئے گئے اور اس کے نتیجہ میں جس قدر مسلمان شہید اور مجروح ہوئے اس کی تفصیل نہایت اندوہناک اور دلدوز ہے۔ اور اس کے لئے کراچی کے ارباب حکومت کو جس قدر بھی ذمہ دار ٹھہرایا جائے کم ہے۔

جب یہ حقیقت ایک عرصہ دراز سے منکشف تھی کہ کراچی کے مسلمانوں میں شدید جوش پھیلا ہوا ہے اور ان کی جانب سے متواتر مظاہرے ہو چکے ہیں اور ان کا یہ مطالبہ کہ غازی عبدالقیوم مرحوم کی نعش ان کو تجہیز و تکفین کی غرض سے دی جائے، بہت گہرے مذہبی جذبات پر مبنی ہے اور قانون مروجہ کے بھی خلاف نہیں ہے تو کراچی کے حکام کا اس پر اصرار کرنا کہ وہ مرحوم کے اعزا کو نعش نہیں دیں گے اور اس کے لئے یہ بہانہ بنانا کہ اس سے شدید نقض امن کا اندیشہ ہے ہمارے نزدیک بالکل غلط اور سراسر لغو فعل تھا اور اس کے نتیجہ میں محض حکومت کے پرسٹیج کو بچانے کی خاطر جو کچھ کیا گیا وہ صد درجہ قابل مذمت ہے۔

ہمارے سامنے اس وقت صوبہ پنجاب کی ایک نہایت نمایاں مثال موجود ہے جبکہ حکومت کی جانب سے ایک ایسے ہی موقع پر بار بار یہ کہا جا رہا تھا کہ اگر علم الدین مرحوم کی نعش مسلمانوں کے حوالہ کر دی گئی اور انہوں نے اس کو کسی بڑے اجتماع کے ساتھ دفن کیا تو اس سے نہایت زبردست فساد ہو جائے گا مگر جس وقت عام احساسات کا لحاظ رکھتے ہوئے اور ایک بہت بڑی آبادی کے جذبات کا احترام کرتے ہوئے اس مطالبہ کو تسلیم کر لیا تو باوجود لاکھوں انسانوں کے مجمع کے کسی کا بال بیکا بھی نہیں ہوا اور پورے امن و امان کے ساتھ جنازہ لاہور میں ایک سرے سے دوسرے سرے تک گیا اور خاموشی کے ساتھ میت کو اسلامی احکام کے مطابق دفن کر دیا۔

اگر اس موقعہ پر بھی کراچی کی حکومت کسی قدر دور اندیشی اور تدبر سے کام لیتی اور وہاں کے ارباب اقتدار معاملات کو بالکل خراب نہ کر دیتے تو ہنگامہ و فساد تو در کنار ہمیں یقین ہے کہ کسی متنفس کی نکسیر بھی نہ پھوٹتی۔ مگر وہاں کی پولیس اور وہاں کے مقامی حکام نے صد درجہ تنگ نظری اور مجرمانہ تغافل سے کام لیکر ایسی صورت حال پیدا کر دی جس میں ایک بہت بڑے مجمع نے مظاہرہ کیا اور اس کے بعد غلطی پر غلطی یہ کی کہ تلافی مافات کے بجائے فوجی دستوں سے فائر کرا کر (آخری اطلاع کے بعد جب) پینتیس مسلمانوں کو شہید اور دو سو کو مجروح کرا دیا اور اس پر بھی مجمع قابو سے باہر ہی رہا۔ اس سے بڑھکر غفلت، ناعاقبت اندیشی، کوتاہ بینی اور غلط کاری کیا ہو سکتی ہے۔

ہمیں معلوم ہوا ہے کہ اس فائرنگ کے متعلق اسمبلی میں تحریک التوا پیش کی جا رہی ہے اور اس پر مباحثہ کرنے کے لئے بجٹ میں بھی تخفیف کی تجویز لائی گئی ہے۔ ہم امید کرتے ہیں اسمبلی کے اراکین فرقہ وارانہ خیالات سے قطع نظر کر کے فائرنگ کی عام نوعیت و حیثیت پر غور کریں گے۔ اور کراچی کی پولیس نے بغیر سوچے سمجھے ایک لاکھ نہتے شہریوں کے مجمع کے ساتھ ان کے ایک جائز مطالبہ کو رد کرتے ہوئے جو سلوک روا رکھا ہے اس پر ٹھنڈے دل سے غور کر کے اپنی رائے دیں گے۔ اسمبلی کی تحریک کا نتیجہ خواہ کچھ بھی ہو۔ ہمارے نزدیک تمام ہندوستان کے مسلمانوں کا یہ فرض اولین ہے کہ وہ حکومت سے ایک آزاد تحقیقات کا مطالبہ کریں اور جن لوگوں پر کراچی کے حادثۂ فاجعہ کی ذمہ داری عائد ہوتی ہو ان کو قرار واقعی سزا دلوائیں۔

شذرات

والیٔ حجاز پر حملہ

سلطان ابن سعود اور آپ کے فرزند پر حرم محترم میں جو قاتلانہ حملہ کیا گیا ہے اس کی تفصیلات اسی اخبار میں کسی دوسری جگہ درج ہیں۔ یہ حملہ ہر اعتبار سے اس قابل ہے کہ اس کی شدید مذمت کی جائے اور کوشش کر کے اصل محرکین کا پتہ چلایا جائے تاکہ دنیا کو معلوم ہو کہ حجاز مقدس کی موجودہ سیاست کو تباہ کرنے کے لئے جو پوشیدہ قوتیں مصروف عمل ہیں ان کی اصل غرض کیا ہے اور ان کے ذریعہ اسلام اور مسلمانوں کو کس قدر ناقابل تلافی نقصان پہونچ سکتا ہے۔ یہ حقیقت معلوم کر کے ہر مسلمان کو افسوس ہوگا کہ حملہ آور زیدی فرقہ سے تعلق رکھتے تھے جو اپنی شرمناک غرض کی تکمیل کے لئے یمن سے آئے تھے۔ گذشتہ سال یمن کے زیدی حکومت حجاز سے برسر پیکار رہے ہیں اور گو سلطان ابن سعود کی فوجی قوت اور حسن تدبیر سے یمن کی عسکری قوت توڑ دی گئی تھی اور اس کی مشہور بندرگاہ حدیدہ کو فتح کر لیا گیا تھا مگر اتحاد عرب اور کلمۂ اسلام کی سربلندی کی خاطر سلطان ابن سعود نے نہ صرف یمن سے سادیانہ شرائط پر صلح کر لی بلکہ وہ تمام مقبوضات بھی واپس کر دئے جو دوران جنگ میں فلمو و حجاز میں شامل کر لئے گئے تھے۔ لیکن اس جدید حملہ سے معلوم ہوتا ہے کہ یمن کے علاقوں میں انتقامی جذبہ ہنوز مشتعل ہے اور ایک زبردست سازش کے لئے بعض افراد ...

کچھ بھی کامیابی حاصل ہوئی ہے وہ سلطان موصوف ہی کے تدبر اور سرگرمیوں کا نتیجہ ہے اور آئندہ بھی وہی اس کام کو پایۂ تکمیل تک پہونچا سکتے ہیں لیکن افسوس ہے کہ دشمنوں کے لئے یہی چیز خطرہ کا الارم ثابت ہو رہی ہے جس کا ثبوت یہ حملہ ہے جو حرم مقدس میں کیا گیا۔ ہم سلطان ابن سعود کی خدمت میں مبارکباد پیش کرتے ہیں کہ اللہ تعالیٰ نے ان کو دشمنوں کے شر و کید سے محفوظ رکھا اور دعا کرتے ہیں کہ وہ آئندہ بھی ہر قسم کی آفتوں سے مامون رہیں۔

امسال کا حج اکبر

خدا کا شکر ہے کہ امسال کا حج سالہائے ماسبق سے زیادہ شان و شوکت اور خیر و خوبی کے ساتھ ختم ہوا اور خدا کے نیک اور صالح بندوں نے افتخار عالم سے پہونچکر اس فرض کو ادا کیا جو مسلمانوں کی اجتماعی زندگی کا سنگ بنیاد اور اسلام کا ایک شاندار رکن ہے۔ یہ امر باعث مسرت ہے کہ اس دفعہ بیت اللہ الحرام میں حجاج کی کثرت رہی اور خصوصیت سے ترکوں، چینیوں اور الجزائر کے مسلمانوں نے اپنی بیداری کا عملی ثبوت دیکر اسلام کے اس اجتماع میں شرکت کی۔ اسی کے ساتھ اس امر کا افسوس بھی ہے کہ بعض استعماری حکومتوں نے ابھی تک ان غیر منصفانہ اور ناجائز قیود و شرائط کی گرفت کو ڈھیلا نہیں کیا ہے جن کی ...

حوادث و احکام

استفتاء (کتاب الجنائز، قبر و دفن)

کیا فرماتے ہیں علمائے دین و مفتیان شرع متین مندرجہ ذیل مسائل کے بارہ میں کہ

۱۔ ایک قطعہ زمین ہندو ریاست کی طرف سے اسلئے وقف کی گئی تھی کہ اس کو مسلمان اپنے مذہبی مصرف میں لائیں۔ چنانچہ اس میں مسلمان اپنے میت کو دفن کرتے ہیں اور اسی میں ایک طرف عیدگاہ اور مسجد بھی ہے۔ نگرانی کے واسطے ایک تکیہ دار کو مقرر کیا گیا اور اس کی اجرت میں کچھ زمین اس کے لئے علیحدہ کر دی گئی جس کی آمدنی وہ اپنے ذاتی مصرف میں لاتا ہے۔ اب تکیہ دار مذکور کی یہ حالت ہے کہ جب کوئی مردہ دفن کیلئے جاتا ہے تو وارثوں سے کچھ فیس دفن کرنے کے لئے مانگتا ہے اور جو کچھ اس تکیہ کی آمدنی بذریعہ پھل وغیرہ یا تاڑی کی آمدنی کو اپنے ذاتی مصرف میں بھی لاتا ہے۔ پس ایسی صورت میں تاڑی کی آمدنی یعنی بذریعہ تاڑی کے کسی مسلمان کو لینا جائز ہے یا نہیں اور تکیہ دار مذکور کا مطالبہ فیس کس حد تک درست ہے اور اس کو فیس دینا جائز ہے یا نہیں؟

۲۔ کسی میت کے نام پر خیرات کا بہترین مصرف کیا ہے، کسی نشہ باز یا تاڑی نواز تکیہ دار کو دینا بہتر ہے یا کسی دینی تعلیم گاہ میں طلبہ کے مصرف میں دینا زیادہ ثواب رکھتا ہے؟

الجواب

۱۔ تاڑی نشہ لانے والی ہوتی ہے مثل شراب کے لہٰذا کسی مسلمان کیلئے جائز نہیں ہے کہ تاڑی کی آمدنی کو اپنی کسی حاجت و مصرف میں استعمال کر سکے اور تکیہ دار مذکور کا مطالبہ فیس کا اگر یہ معاوضہ کھود نے قبر و بنانے کا ہے تو جائز ہے اور اگر یہ مطالبہ بہ معاوضہ قبر کی زمین کے ہے تو ناجائز ہے فقط

۲۔ کسی میت کے واسطے بغرض ایصال ثواب جو خیرات کی جاتی ہے اس کا مصرف اعلیٰ درجہ کا یہ ہے کہ علم دین کے طلبہ پر اس خیرات کو صرف کیا جائے اور تاڑی خوار تکیہ دار وغیرہ کو دینا بہتر نہیں۔ فقط واللہ اعلم

حبیب المرسلین عفی عنہ
نائب مفتی مدرسہ امینیہ۔ دہلی

استفتاء (کتاب الصلوۃ، سجدۂ سہو)

کیا فرماتے ہیں علمائے دین و مفتیان شرع متین مندرجہ ذیل مسائل کے بارے میں:

۱۔ امام نے فرض نماز عشاء کی شروع کی اور تیسری رکعت میں سہواً بیٹھ گیا اس خیال سے کہ چار رکعت پوری ہو گئیں لیکن اس کو فوراً یقین ہو گیا کہ چار نہیں ہوئی بلکہ تین ہوئی ہیں اس نے التحیات کو پورا کر کے سجدہ سہو کیا اور یاد پر بھی کھڑا نہیں ہوا بلکہ اسی تین رکعت پر سجدہ سہو کر کے سلام پھیر دیا تو ایسی حالت میں نماز ہو گئی کہ نہیں؟

۲۔ اگر کسی نے تنہائی میں نماز دہرائی تو اچھا ہوا کہ نہیں؟ (کتاب الصلوۃ، اذان و اقامت)

۳۔ امام جائے نماز پر موجود ہے اور رومال یا عمامہ باندھ رہا ہے اس وقت تکبیر شروع کہنے والے نے تکبیر ختم کر دی امام نے کہا پھر تکبیر کو دوبارہ ضرورت تھی یا زیادہ ہوئی؟

الجواب

(۱) اگر تین رکعتوں کا ظن غالب حاصل ہو چکا تھا تو نماز نہیں ہوئی۔ سجدہ سہو ایک مستقل رکعت کی کمی کو پورا نہیں کر سکتا۔

(۲) جس نے تنہائی میں ادا کر لی اس نے اپنا فرض ادا کیا جن لوگوں نے ادا نہیں کی ان کے ذمہ عشاء کے فرض باقی رہ گئے۔

(۳) اگر امام اپنی جگہ پر موجود تھا اور کسی دوسرے کام کو نہیں چلا گیا تھا تو تکبیر کے اعادہ کی ضرورت نہیں ہے۔

بندہ محمد سعید عفی عنہ

الجواب صحیح: بندہ محمد یوسف عفی عنہ
مدرسہ امینیہ دہلی

استفتاء (کتاب الطہارۃ، حد بلوغ)

کیا فرماتے ہیں علمائے دین و مفتیان شرع متین اس مسئلہ کے بارے میں کہ از روئے شرع شریف زمانہ نابالغی لڑکا۔ لڑکی کا کتنے برس کی عمر میں ختم ہوتا ہے۔

الجواب

لڑکے لڑکی میں جب علامات بلوغ مثلاً احتلام اور حیض وغیرہ ظاہر ہو جائیں تو ان پر بالغ ہونے کے احکام جاری ہو جائیں گے۔ اگر علامات بلوغ ظاہر نہ ہوں تو پھر پندرہ سال کی عمر پر بلوغ کا حکم کیا جا سکتا ہے۔

فقیر احمد سعید کان اللہ لہٗ

استفتاء (مہر، ادائے مہر)

کیا فرماتے ہیں علمائے دین و مفتیان شرع متین اس مسئلہ کے بارے میں کہ از روئے شرع محمدی بیوہ اپنا مہر اپنے شوہر کی وفات پر عقد ثانی کرنے کی صورت میں اگر متوفی نے ادا نہ کیا ہو پانے کی حقدار ہے یا نہیں۔ اس کی نسبت شرعاً کیا حکم ہے؟

الجواب

بیوہ عورت خاوند کے مال سے اپنا مہر پانے کی ہر حالت میں حقدار ہے۔

فقیر احمد سعید کان اللہ لہٗ

استفتاء

کیا فرماتے ہیں علمائے دین و مفتیان شرع متین اس مسئلہ میں کہ تمباکو نوشی یا نسوار کشی پر وضو ٹوٹتا ہے یا نہیں ٹوٹتا؟

الجواب

تمباکو نوشی یا نسوار کشی سے وضو نہیں ٹوٹتا۔

محمد کفایت اللہ کان اللہ لہٗ
دہلی

خریداران اخبار الجمعیۃ کو چاہئے کہ خط و کتابت کے وقت چٹ نمبر کا حوالہ ضرور دیا کریں۔
(منیجر الجمعیۃ دہلی)

دار الحکومت

دہلی میں فساد ہوتے ہوتے رہ گیا

شیدی پورہ میں قبریں کھود ڈالی گئیں

دہلی، ۱۹ مارچ۔ منگل کی شام کو شیدی پورہ میں ایک ہندو نے قبر کھود ڈالی جس سے مسلمانوں میں سخت اشتعال پیدا ہو گیا۔ واقعہ یہ ہے کہ ایک ہندو برہمن نے دہلی نے میونسپل روڈ پر ایک پلاٹ خریدا جس کے قریب ہی مسلمانوں کا قبرستان واقع ہے اس نے عمارت کے سنگ بنیاد کے لئے زمین کھدوائی مگر عید الضحیٰ کے باعث کسی مسلمان کو خبر نہ ہوئی آخر منگل کے روز ایک مسلمان کو پتہ لگا اور اس نے پولیس اسٹیشن میں واقعہ کی اطلاع دی لیکن تھوڑی دیر کے بعد دو سو کے ...

... مسلمان پولیس کو وہ مقامات دکھا رہے ہیں جہاں ان کے بزرگوں کی قبریں ہیں۔

سارے شہر میں یہ خبر گشت لگا رہی ہے کہ ہندوؤں نے ایک درجن سے زائد قبروں کو اکھاڑ پھینکا ہے۔

دہلی میں عید اضحیٰ کی تقریب

ہر جگہ امن و امان رہا

دہلی، یہاں عید الضحیٰ کی مبارک تقریب خیریت سے منائی گئی اور کسی قسم کا ادنیٰ سا فساد بھی نہیں ہوا۔ پولیس کے افسر شہر کا گشت لگاتے رہے۔ جگہ جگہ پولیس کے گارد متعین تھے۔ دفعہ ۱۴۴ نافذ کر دی گئی تھی۔ عیدگاہ کے باہر جامع مسجد اور فتح پوری مسجد پر بھی پولیس کا پہرہ تھا۔ ایک لاکھ سے زائد مسلمانوں نے عیدگاہ میں نماز دوگانہ ادا کی۔ جامع مسجد اور فتح پوری میں بھی کافی مسلمانوں نے نماز ادا کی۔

اسی طرح معلوم ہوا ہے کہ ہندوستان کے جملہ مقامات میں عید بخیریت گذر گئی اور کسی جگہ بھی ناخوشگوار حادثہ پیش نہیں آیا۔

نوجوان لڑکی سکول سے واپس نہیں آئی

دہلی ۱۹ مارچ۔ سوبر جل سینی کتب فروش نئی سڑک دہلی نے تھانہ حوض قاضی میں رپورٹ کی ہے کہ اس کی لڑکی عمر ۱۴ سال جو ایم بی گرلز سکول بلیماران میں پانچویں کلاس میں پڑھتی تھی ۱۵ پندرہ تاریخ کو گھر سے سکول پڑھنے گئی اور واپس گھر نہیں پہنچی۔

لڑکی کی شادی ۲۵ فروری کو دریبہ کے ایک شخص کے ساتھ ہونی تھی لڑکی کا نام شانتی ہے۔

صدر و ناظم جمعیۃ علماء ہند کا تار

جلالۃ الملک سلطان ابن سعود کے نام

دہلی، ۲۰ مارچ۔ آج صدر و ناظم جمعیۃ علماء ہند کی جانب سے جلالۃ الملک سلطان ابن سعود والیٔ حجاز کی خدمت میں ذیل کا برقیہ ارسال کیا گیا ہے:

"ہم تمام اعضاء جمعیۃ علماء ہند دہلی آپ کی خدمت میں اس امر پر مبارکباد پیش کرتے ہیں کہ حق تعالیٰ نے آپ کو اور آپ کے صاحبزادے کو بزدلوں اور ظالموں کے سفیہانہ اور قاتلانہ حملہ سے محفوظ رکھا اور دعا کرتے ہیں کہ ذات گرامی کو حرمین محترمین کی خدمت کے لئے خصوصاً اور اتحاد بین العرب و مودت بین المسلمین کے لئے عموماً تا دیر زندہ و سلامت رکھے۔"

(حضرت مولانا) محمد کفایت اللہ پریسیڈنٹ
(مولانا) احمد سعید ناظم جمعیۃ علماء ہند دہلی

ناسک میں ہندو مسلم فساد

ایک بوڑھا مسلمان ہلاک

ناسک، ۲۰ مارچ۔ کل ہولی کے تہوار پر یہاں ہندو مسلم فساد ہو گیا جس میں ایک ستر سال کا بوڑھا مسلمان مارا گیا۔ معلوم ہوا ہے کہ ایک ہندو لڑکے نے ایک مسلمان کے مکان سے لکڑی لیجانے کی کوشش کی جس پر فساد بڑھ گیا اور ایک مسلمان جو بیچ بچاؤ کرا رہا تھا ہندوؤں کے ہاتھ سے مارا گیا۔

بارود کے ڈبے اور بندوقیں برآمد ہوئیں

پٹنہ ۱۹ مارچ۔ کل مسٹر گرد ھر پرشاد انسپکٹر محکمہ آبکاری نے موضع بہادر کلا میں جو کہ چھاپہ سے ۱۴ میل کے فاصلہ پر بنارس کے قریب پہاڑی علاقہ پر واقع ہے چھاپہ مارا اور ایک مکان سے دو بھری ہوئی اور تین بغیر بھری بندوقیں، دو ڈبے بارود کے اور بندوق کے سامان کا ایک بنڈل برآمد کیا۔ علاوہ ازیں کارتوس سے بھری ہوئی ایک ٹوکری بھی برآمد کی۔ ایک شخص مسمی سعد نامی کو گرفتار کر لیا گیا، دیگر تین مشتبہ بھاگ گئے۔

مرحوم عبدالقیوم کو پھانسی دئے جانے کے بعد کراچی میں ہنگامہ

۲۵ ہزار کے مجمع پر پولیس نے گولی چلا دی

۳۵ اشخاص ہلاک اور دو سو زخمی ہو گئے

فوج اور پولیس کا پہرہ۔ شہر میں خوف و ہراس

کراچی، ۲۰ جنوری۔ مرحوم عبدالقیوم کو جنہوں نے ایک ہندو نتھو رام کو توہین رسول کے جرم میں قتل کر دیا تھا اور جس کی پاداش میں ان کو جوڈیشنل کمشنر کی عدالت سے سزائے موت دی گئی تھی کل صبح ۷ بجے کراچی سنٹرل جیل میں پھانسی کے تختہ پر لٹکا کر سزائے موت دیدی گئی۔ اس کے بعد مسلمانوں کے ایک کثیر مجمع پر پولیس اور فوج نے گولیاں برسائیں جس سے ۳۵ مسلمان ہلاک اور ستر سے زائد زخمی ہوئے۔ بعد کی اطلاع ہے کہ زخمیوں کی تعداد بہت زیادہ ہے۔ تفصیلات منتظر ہیں کہ کل صبح پھانسی کے بعد عبدالقیوم کی لاش سٹی اور ڈسٹرکٹ مجسٹریٹ کے حوالہ کر دی گئی جنہوں نے پولیس پارٹی کے ہمراہ اسکو میوہ شاہ کے قبرستان میں پہونچا دیا اور لاش کو ورثاء کے حوالہ کر دیا۔ ...

... آخر فوج بلائی گئی لیکن جب مجمع اس سے بھی نہ رکا تو گولیاں چلائی گئیں جس میں ۲۲ مسلمان ہلاک اور درجنوں زخمی ہوئے اس پر بھی مجمع قابو میں نہ آیا تو مزید فوج موقعہ پر پہنچ گئی اور لوگوں کو مجبوراً پیچھے ہٹنا پڑا۔

کل ۵ بجے سہ پہر تک ۳۵ اشخاص ہلاک اور ۲۰۰ زخمی ہو چکے تھے۔ اندازہ لگایا گیا ہے کہ مجمع میں ۲۵ ہزار مسلمان شریک تھے آخر کار لاش میوہ شاہ کے قبرستان میں دفن کر دی گئی۔ فوج اور مسلح پولیس کا پہرہ تمام شہر میں لگا ہوا ہے۔ آخری اطلاع ہے کہ زخمیوں کی تعداد دو سو کے قریب ہے۔

کراچی میں امن و امان قائم ہو گیا

اسمبلی میں التواء اجلاس کی تحریکیں

کراچی، ۲۰ مارچ۔ اس وقت تک کراچی کے ہنگامہ میں ۴۵ مسلمان ہلاک ہو چکے ہیں بہت سے ڈاکٹروں نے رضاکارانہ خدمات پیش کی ہیں اور وہ زخمیوں کی دیکھ بھال کر رہے ہیں۔ کل فوج نے شہر کو پولیس کے حوالہ کر دیا اور اب وہاں بالکل امن و امان ہے۔

دہلی، ۲۰ مارچ۔ مسٹر گوبا اور مولانا شوکت علی نے کراچی کے واقعہ ہائلہ پر اسمبلی میں التواء کا نوٹس دیا ہے۔ سید مرتضیٰ بہادر نے بھی دہلی میں ایک مسجد کے انہدام کے سلسلہ میں التواء اجلاس کا نوٹس دیا ہے۔

کراچی کے واقعہ کی گونج پارلیمنٹ میں

وزیر ہند کا بیان

لندن، ۲۰ مارچ۔ کراچی میں گولی چلنے کے واقعہ پر بیان دیتے ہوئے سر سیموئیل ہور وزیر ہند نے کہا کہ مجھے اس واقعہ پر افسوس ہے جو عبدالقیوم کی پھانسی کے بعد ظہور میں آیا۔ وزیر ہند نے کہا کہ اگرچہ گولیاں احتیاط سے چلائی گئیں لیکن زیادہ بھیڑ ہونے کے باعث بہت زیادہ اشخاص مقتول و مجروح ہو گئے۔ اس کے بعد وزیر ہند نے واقعہ کی تفصیلات پر روشنی ڈالی۔

حکومت بنگال کو شکست

سرکاری مطالبہ میں تخفیف منظور کر لی گئی

کلکتہ ۱۹ مارچ۔ بنگال کونسل کے موجودہ سیشن میں آج پہلی بار حکومت کو شکست ہوئی جبکہ محکمہ آبکاری کا مطالبہ پیش کیا گیا۔

مسٹر ... کے پاس لیڈر مخالف پارٹی نے تخفیف کی تحریک پیش کرتے ہوئے حکومت کی پالیسی پر سخت نکتہ چینی کی اور جال ڈالنے والوں کے تقرر کو غیر ضروری بتایا اور یہ امر ظاہر کیا کہ ایک ... سے فضول ایک لاکھ سے زائد روپیہ صرف کیا جا رہا ہے۔

سلسلۂ تقریر جاری رکھتے ہوئے آپ نے کہا کہ ان جالوں کو سفید ہاتھی کی مانند سمجھنا چاہئے، اگر وہ فروخت نہ ہو سکیں تو ان کو خلیج بنگال میں غرق کر دینا چاہئے۔

... محکمہ آبپاشی نے بحث کا جواب دیتے ہوئے بیان کیا کہ حکومت ان کو فروخت کرنے کی حتی الامکان کوشش کر رہی ہے۔

بالآخر مسٹر ... کی تحریک ۴۴ کے مقابلہ میں ۴۶ ووٹوں سے منظور ہو گئی۔ ... مخالف پارٹی کا ساتھ دیا۔

دمشق کے برطانوی قونصل کے خلاف شکایت

اسمبلی میں مسٹر آصف علی صاحب کے سوالات

نئی دہلی، ۲۰ مارچ۔ مسٹر آصف علی نے مندرجہ ذیل سوالات کا اسمبلی میں نوٹس دیا ہے:

۱۔ سہ روزہ "الجمعیۃ" مورخہ ۱۲ مارچ اور "سند سینٹینل" مورخہ ... جنوری میں دمشق کے برطانوی قونصل کے خلاف شکایات کی گئی ہیں، کیا حکومت نے اس پر کوئی توجہ کی ہے؟

۲۔ کیا حکومت براہ کرم یہ بتانے کی تکلیف گوارا کرے گی کہ آیا بیان کردہ واقعات صحیح ہیں؟

۳۔ کیا حکومت برطانوی قونصل متعینہ دمشق کو اس قسم کی طرز عمل ... ہندوستانیوں کے واسطے ... محفوظ ...

مکہ معظمہ میں عالم اسلامی کا اجتماع

ترکی حجاج کی تعداد میں اضافہ

مکہ معظمہ، ۱۸ مارچ۔ امسال کا فریضہ حج بخیر و خوبی ادا ہو گیا۔ امسال حاجیوں کی تعداد سال گذشتہ کی نسبت زیادہ تھی، ترکی کے حجاج کی تعداد میں قابل قدر اضافہ تھا۔ ہندوستانی حاجیوں میں نواب بھوپال اور بیگم صاحبہ نظام حیدر آباد قابل ذکر ہیں۔ موٹر بسوں میں آنے والے حجاج وقت پر پہونچ گئے۔ حج کا نظارہ قابل دید تھا۔ بادشاہ و گدا ایک ہی لباس میں ملبوس اور ایک ہی خیال میں سرشار تھے۔ تمام دنیا کے انسان اس سرزمین پر موجود تھے۔ اس سال حاجیوں کی سہولت کے لئے نئی سڑکوں کی تعمیر، آب رسانی کا معقول انتظام، پولیس، حفظان صحت اور حاجیوں کے لئے مکانات وغیرہ تمام کام عمدہ طریقہ پر انجام دئے گئے تھے۔ ہر جگہ لاسلکی اسٹیشن تعمیر کر دئے گئے ہیں۔

حجاج کے سامنے والیٔ حجاز کی تقریر

حجاز کے حسن انتظام پر غازی امان اللہ خاں کی مسرت

مکہ معظمہ ۱۹ مارچ۔ ماہ ذی الحجہ کی چھ تاریخ کو سلطان ابن سعود نے سرکردہ حاجیوں کی ایک جماعت کو قصر شاہی میں مدعو کیا۔ اور ان کے سامنے اخوت اسلامی کے مسئلہ اور نجد و حجاز کے دوستانہ تعلقات کی تجدید کے متعلق ایک مختصر تقریر کی۔ سفارتی امیر امان اللہ شاہ سابق کنگ افغانستان نے مملکت حجاز کے اعلیٰ نظم و نسق کی بیحد تعریف کی اور نجد اور یمن کے درمیان دوستانہ معاہدات استوار ہونے اور معاملات حج کے متعلق حج کمیٹی کے قیام کیلئے سلطان ابن سعود کو ہدیۂ تبریک پیش کیا۔ تقریروں کے اختتام پر دونوں بادشاہ نعرہ ہائے مسرت کے درمیان بغلگیر ہوئے۔

برما کے سمندر میں تین جاپانی کشتیاں گرفتار

رنگون ۱۹ مارچ۔ تین جاپانی کشتیاں گذشتہ جمعہ کو برما کے سمندر میں مرگوئی کے ساحل کے قریب مشتبہ حالت میں گرفتار کی گئی ہیں۔ بحری پولیس نے ان کشتیوں کو اپنے قبضہ میں کر لینے کے بعد ان کے تمام ملاحوں کو گرفتار کر کے عدالت کے سامنے پیش کر دیا ہے، جہاں ان کے مقدمہ کی سماعت شروع ہو گئی ہے۔

ہندوستان کا آئندہ وائسرائے کون ہوگا؟

بمبئی ۱۹ مارچ۔ لندن سے رائٹر کی اطلاع موصول ہوئی ہے کہ لارڈ ولنگڈن کے عہدۂ وائسرائلٹی کی میعاد ۱۹۳۶ء کے آغاز میں ختم ہو جائیگی اس لئے ان کے جانشین کا سوال ابھی سے وزارت برطانیہ کے زیر غور ہے اس سلسلہ میں جنوبی افریقہ کے مدبر جنرل سمٹس اور سر جان اینڈرسن گورنر بنگال کا نام خاص طور پر لیا جا رہا ہے۔ عام خیال یہ ہے کہ قرعہ انتخاب جنرل سمٹس ہی پر پڑے گا کیونکہ گورنمنٹ اس مرتبہ ہندوستان میں ایک ایسے مدبر کو بھیجنا چاہتی ہے جس پر برطانیہ کی تمام پولیٹیکل پارٹیوں کو اعتماد ہو۔ کیونکہ آئندہ جنرل انتخاب کی وجہ سے انگلستان کی پولیٹیکل حالت غیر یقینی ہے۔

عراقی وزارت نے استعفیٰ دیدیا

بغداد ۱۸ مارچ۔ دریائے فرات کے وسطی علاقے کے درمیان وہاں کے فرقوں میں آپس میں فساد ہو جانے کی وجہ سے عراق کی دوسری وزارت نے استعفیٰ دیدیا۔

یسین پاشا کی صدارت میں نئی وزارت قائم ہو گئی ہے توقع کی جاتی ہے کہ نئی وزارت بغاوت کو فرو کرنے کی کارروائی جلد شروع کر دیگی۔

اجودھیا کے مسلمانوں نے قربانی کر ڈالی

فیض آباد میں عیدگاہ پر حملہ

۲۲ مسلمان اور ۴ ہندو گرفتار

لکھنؤ ۱۸ مارچ۔ مزید تحقیقات اور دریافت کے بعد سرکاری حلقوں سے پتہ چلا ہے کہ آج شام کو بھی جب کہ بقر عید کا آخری دن ہے، اجودھیا میں بالکل امن رہا۔

گو کسی قسم کا کوئی جھگڑا فساد نہیں ہوا تاہم معلوم ہوا ہے کہ پولیس نے بائیس آدمیوں کو گرفتار کر لیا ہے اور سب گرفتاریاں صرف گذشتہ تین ہی دن کے عرصہ میں ہوئی ہیں جب کہ مسلمانوں نے دفعہ ۱۴۴ کے ماتحت امتناعی احکام کی خلاف ورزی کی۔

ہر چند کہ احکام کی رو سے اجودھیا میونسپلٹی کے حدود کے اندر گائے کی قربانی ممنوع تھی لیکن مسلمان اس سے خوفزدہ نہیں ہوئے۔ ...

... نے اس سلسلہ میں بھی آٹھ آدمی گرفتار کئے ہیں۔

... فیض آباد سے سات میل کے فاصلہ پر ایک گاؤں میں گائے کی قربانی پر جھگڑا ہوا اور جس کا نتیجہ یہ ہوا کہ دیہات کی عیدگاہ پر بھی حملہ کر دیا گیا اور کوئی ہنگامہ یا فساد نہیں ہوا۔ عیدگاہ کو کسی قدر نقصان بھی پہنچا ہے اس کے علاوہ اور کوئی زخمی نہیں ہوا۔ اس سلسلہ میں پولیس نے چار آدمیوں کو گرفتار کر لیا ہے۔

اجودھیا اور شاہجہانپور کے درمیان جہاں فساد کا اندیشہ تھا، فوجی پہرہ تعینات کر دیا گیا ہے۔

صوبہ متحدہ کے سربرآوردہ مسلمانوں کا ایک وفد ہز ایکسلینسی گورنر کی خدمت میں ۲۲ مارچ کو حاضر ہوگا اور وہ ان تمام احکام کے خلاف جو حکام ضلع نے عید الضحیٰ کے ایام میں اجودھیا میں نافذ کئے ہیں۔ گورنر کے حضور گذارش کرے گا۔

دہلی میں ریاستی وزراء کی کانفرنس

نئی دہلی ۱۹ مارچ۔ ہندوستانی ریاستوں کے وزراء کی ایک کانفرنس سر اکبر حیدری کی زیر صدارت نظام پیلس نئی دہلی میں ۲۳، ۲۴، ۲۵ مارچ کو منعقد ہوگی۔ سر اکبر حیدری، ۲۰ مارچ کو حیدر آباد سے روانہ ہو کر ۲۲ مارچ کو نئی دہلی پہونچ جائیں گے۔

جرمنی کے تازہ اعلان

کے متعلق جو اس نے فوجی اضافہ اور تیاریوں کے سلسلہ میں کیا ہے اور اس پر فرانس اور برطانیہ کا خوف و ہراس اور روس کی جوابی تیاریوں کے مفصل حالات صفحہ ... پر ملاحظہ کیجئے۔

ہر ہٹلر بال بال بچ گئے

برلن ۱۸ مارچ۔ گمان کیا جاتا ہے کہ یکم اپریل سے جرمنی میں جبری فوجی بھرتی شروع ہو جائے گی۔ کل فوجی قواعد دیکھنے کے بعد ہر ہٹلر برلن سے میونخ بذریعہ ہوائی جہاز روانہ ہو گئے اور وہاں پہنچنے کے بعد موٹر میں بیٹھ کر کچھ بھری ہوئی سڑکوں سے گذرتے ہوئے بویریا کی فوج کے قواعد دیکھنے کے لئے گئے۔

قواعد کے اختتام پر ایک سخت سنسنی خیز واقعہ ظہور پذیر ہوا جس کی وجہ سے ہر ہٹلر کی جان خطرہ میں پڑ گئی۔ موصوف ایک چبوترے پر کھڑے تھے کہ یکایک ایک موٹر نہایت تیزی کے ساتھ بالکل ان کے قریب پہنچ گئی لوگوں کو گمان ہوا کہ موصوف موٹر سے کچل گئے اور اس اندیشہ کی وجہ سے سب لوگ نصف منٹ تک دم بخود رہ گئے۔ مگر بروقت تمام موٹر ڈرائیور موٹر کو روکنے میں کامیاب ہوا۔ اس کو فوراً دو کانے محافظوں کی حفاظت میں روانہ کر دیا۔ موٹر کی سواریوں کے متعلق کوئی اطلاع نہیں مل سکی۔

حبش اور اٹلی کی صلح ٹوٹ گئی

جنیوا ۱۸ مارچ۔ حکومت حبش نے مجلس اقوام سے بذریعہ تار درخواست کی ہے کہ چونکہ اطالوی حکومت اور اس کے درمیان مفاہمت نہ ہو سکی اس لئے دفعہ ... کے ماتحت جس قدر جلد ممکن ہو سکے وہ اس کے معاملے کے طے کرانے میں مدد کرے۔ مجلس اقوام کی آئندہ نشست مئی میں ہونے والی تھی مگر خیال کیا جاتا ہے کہ اب اس سے پہلے ہی ہوگی۔

برطانوی افواج میں تخفیف نہیں ہوگی

لندن ۱۹ مارچ۔ مخالف پارٹی نے فوجی مطالبات زر میں جزوی تخفیف کی جو تجویز برطانوی فوج کی تعداد میں تخفیف کرنے پر زور دینے کیلئے پیش کی تھی وہ ۲۴۴ آراء کی مخالفت اور ۶۰ آراء کی حمایت سے مسترد ہو گئی۔ مخالف پارٹی کی اس بھاری شکست کے بعد باقی مطالبات منظور ہو گئے۔

بلجیم کی حکومت مستعفی ہو گئی

بروسلس ۱۹ مارچ۔ ایک اطلاع مظہر ہے کہ حکومت بروسلس مستعفی ہو گئی ہے۔ اس کی وجہ ابھی تک معلوم نہیں ہو سکی ہے۔

حرم محترم میں والیٔ حجاز اور ولیعہد پر قاتلانہ حملہ

حملہ آوروں کو موقعہ پر ہی گولی سے اڑا دیا گیا

انگلستان اور ہندوستان میں حملہ کی پر زور مذمت

لندن ۱۸ مارچ ۔ جلالۃ الملک سلطان ابن سعود والیٔ حجاز اور آپ کے ولی عہد امیر سعود پر جمعہ کی صبح کو قاتلانہ حملہ کیا گیا اور اللہ تعالیٰ نے ان دونوں کو دشمنوں کے حملوں سے بال بال بچا لیا سلطان حجاز اور آپ کے شاہزادے امیر سعود کعبۃ اللہ میں حجر اسود کو بوسہ دینے کے بعد چوتھی بار طواف کر رہے تھے کہ چند آدمی جو خنجروں سے مسلح تھے ان پر ٹوٹ پڑے اور قاتلانہ حملہ کی کوشش کی لیکن ولی عہد نے بڑی جانبازی کے ساتھ حملہ کو روکا اور باڈی گارڈ نے حملہ آوروں کے سرغنہ کو قبل اس کے کہ وہ دوسری بار حملہ کرے گولی مار کر ختم کر دیا۔ اس طرح دوسرے حملہ آوروں نے ولی عہد پر حملہ کرنے کی کوشش کی لیکن قبل اس کے کہ وہ امیر سعود کو کسی قسم کا نقصان پہونچا سکیں گولی مار کر ہلاک کر دئے گئے۔ خدا کا شکر ہے کہ نہ تو سلطان ابن سعود کو کوئی چشم زخم پہونچا اور نہ امیر سعود ولیعہد کو کوئی زخم آیا۔ اس کے بعد والیٔ حجاز اور ولی عہد دونوں نے سات مرتبہ کعبہ کا طواف کر کے نہایت اطمینان اور سکون کے ساتھ اپنے فرض کی تکمیل کی معلوم ہوا ہے کہ حملہ آور یمن کے زیدی ہیں۔

ولی عہد کی جرأت

تفصیلات مظہر ہیں کہ شاہ ابن سعود جب حجر اسود کو بوسہ دینے کے لئے قریب پہونچے تو حملہ آوروں کے سرغنہ نے ان پر حملہ کرنے کی کوشش کی لیکن ولی عہد امیر سعود نے اس کو مضبوطی سے پکڑ لیا اور اس کو ... چت گرا دیا اور قبل اس کے کہ وہ دوبارہ حملہ آور ہو باڈی گارڈ (دوا فظ دستہ فوج) کے ایک سپاہی نے اسکو گولی مار کر ہلاک کر دیا دوسرے حملہ آور نے ...

لندن ۱۶ مارچ ۔ آج لندن کی مسجد میں مسلمانوں کا اجتماع ہوا اور شاہ ابن سعود پر قاتلانہ حملہ آوروں کے اس فعل پر نفرت کا اظہار کیا گیا اور توقع کی کہ عالم اسلامی کے تمام مسلمان آپس کے اختلافات کو ختم کر دیں گے۔

بمبئی میں ہیجان

بمبئی ... اسلامیہ ہال میں مسلمانان بمبئی کا ایک عالیشان جلسہ منعقد ہوا ... ایک تجویز منظور کی گئی جس میں جلالۃ الملک سلطان ابن سعود اور ولی عہد امیر سعود کی زندگی پر قاتلانہ حملہ ... کا اظہار کیا گیا اور ... کی خدمت میں ان کے صحیح و سلامت بچنے پر ہدیہ مبارکباد پیش کیا گیا اور بذریعہ تار ... اس کی اطلاع دیدی گئی۔

جلسہ نے اس تجویز کے مطابق حاجی بشیر الدین صاحب نائب سکریٹری آل انڈیا اہل حدیث کانفرنس نے ... تار جلالۃ الملک کی خدمت میں ارسال کیا ہے۔

البرتوا... نے دشمنوں کے ... اور آپ کو ... امیر سعود ... سلامت رکھے۔

... مذمت

اسی طرح جمعیۃ طلباء مدرسہ دار السلام کے فوری اجلاس میں دو تجویزیں منظور کی گئیں جن میں جلالۃ الملک کے دشمنوں کے ... بال بال بچ جانے پر ان کی خدمت میں ہدیہ تبریک پیش کیا گیا اور حملہ آوروں کی سخت مذمت کی گئی۔

دار الحدیث رحمانیہ میں ... طلباء و مدرسین کا ایک شاندار جلسہ زیر صدارت مولانا عبید اللہ صاحب رحمانی ... منعقد ہوا۔ ایک تجویز کے ذریعہ بزدل حملہ آوروں کے فعل کی مذمت کی گئی اور سلطان ابن سعود اور امیر سعود کو ان کے صحیح و سلامت بچ جانے پر مبارکباد دی گئی۔

دہلی کا شاندار جلسہ

دہلی ... مارچ کل شب پوری ال میں مسلمانان دہلی کا ایک عظیم الشان جلسہ ... صدارت حضرت مولانا نور الدین صاحب نائب ناظم جمعیۃ علماء ہند منعقد ہوا جلسہ کی اطلاع کے لئے پوسٹر شائع کئے گئے ... تلاوت کلام مجید ... حافظ محمد ... صاحب ... ایک تحریری بیان پڑھ کر سنایا ...

کی خدمت میں ... ہدیہ ... اور ان کی دینی و دنیاوی ترقی ...

تجویز کی منظوری کے بعد دعا پر جلسہ ختم ہوا۔

ترکی میں جمعہ کے بجائے اتوار کو تعطیل

لندن ۱۹ مارچ ترکی حکومت نے ایک قانون کا مسودہ تیار کیا ہے جس کا منشاء یہ ہے کہ تمام ترکی میں جمعہ کے بجائے اتوار کو یوم تعطیل قرار دیا جائے یہ مسودہ عنقریب ترکی پارلیمنٹ میں بغرض منظوری پیش کیا جائیگا۔

جرمنی مجلس اقوام میں شریک ہوجائیگا

پیرس ۱۸ مارچ برلن سے اطلاع موصول ہوئی کہ چونکہ جرمنی ... نئے مجلس اقوام میں وہ بھی شریک ہو جائے گی۔

بچوں والو ہوشیار

بچوں کی بخار، کھانسی، سردی، بادی، دودھ ڈالنا، دست ہونا ...

بال جیون گھٹی

... منیجر بال جیون کارخانہ ... علی گڑھ (یوپی)



قرص جریان

ہمدرد دواخانہ یونانی دہلی



نونہال

ہمدرد دواخانہ یونانی دہلی

سونے کی ڈلیاں کوڑیوں کے مول

طاقت وہ طاقت جس سے بوڑھے جوان اور جوان قابل فخر نوجوان بن جاتے ہیں صرف حب زرین ہی کے ذریعہ حاصل ہوسکتی ہے جس کے استعمال سے قوت کا لازوال خزانہ حاصل ہوسکتا ہے۔

مکمل خوراک (۴۰ گولیاں) صرف دو روپیہ آٹھ آنہ (عہ۲) میں

دواخانہ کنز المجربات کوچہ چیلان گلی راجان دہلی سے طلب کریں

محکمہ تعمیرات مسلم یونیورسٹی علی گڈھ

نوٹس

۱۔ طبیہ کالج ہسپتال اور طبیہ میڈیکل کالج مسلم یونیورسٹی کی عمارات کی تعمیر کے لئے منظور شدہ فارموں پر انگریزی میں سربمہر ٹنڈر کی ضرورت ہے جو ۲ اپریل ۱۹۳۵ء بروز منگل ساڑھے گیارہ بجے تک پہنچ جانے چاہئیں اس کے بعد کوئی ٹنڈر وصول نہیں کیا جائے گا۔

۲۔ منظور شدہ ٹنڈر فارم محکمہ تعمیرات کے دفتر سے ایک روپیہ فی فارم کے حساب سے حاصل کیا جاسکتا ہے۔

۳۔ ٹنڈر بھیجنے والوں کو پہلے ایک ہزار روپیہ بطور ضمانت چیف اکاؤنٹنٹ کے پاس جمع کرنا ہوگا۔ اور رسید ٹنڈر کے ساتھ نتھی کر کے بھیجی جائے گی۔ ٹنڈر کی نامنظوری کی صورت میں روپیہ واپس کر دیا جائے گا۔

۴۔ کامیاب درخواست دہندوں کو ضمانت کی وہ رقم جس کو بلڈنگ کمیٹی مقرر کرے ٹنڈر کی منظوری کے بعد پندرہ یوم کے اندر اندر مسلم یونیورسٹی کے حوالہ کرنی ہوگی۔ یہ زر ضمانت کامیاب درخواست کنندوں کو ادائیگی کے چھ ماہ بعد واپس کر دیا جائے گا۔

۵۔ اس کام پر تقریباً ایک لاکھ بیس ہزار روپیہ کی لاگت آئیگی۔

۶۔ درخواست اور آرڈر کو قبول کرنے کے چھ ماہ بعد تمام کام کی تکمیل ہو جانی چاہئے۔

۷۔ نقشہ جات اور قواعد و ضوابط اور دیگر امور کے متعلق دفتر کے اوقات میں ہر روز معائنہ کیا جاسکتا ہے سوائے اتوار اور ایام تعطیل کے۔

۸۔ تعمیرات کے کاموں کے متعلق سابقہ تجربات کی اسناد درخواستوں کے ہمراہ آنی چاہئیں۔

۹۔ یونیورسٹی انجنیئر کو یہ حق ہوگا کہ وہ بغیر کسی سبب کے بتائے ہوئے کسی درخواست کو نامنظور کردے

ذکاء اللہ خاں، یونیورسٹی انجنیئر ۱۳ مارچ ۱۹۳۵ء

... جوہر عشبہ ... کے اہم فوائد

بڑی شیشی تین روپیہ — چھوٹی شیشی ڈیڑھ روپیہ

فائدہ (۱) ...

فائدہ (۲) جس کی تصدیق ... مختلف ... لوگوں نے کی ہے ... خرابی جگر، چہرے پر بے رونقی، ہاتھ پاؤں کی جلن ... وغیرہ میں مفید ہے۔

فائدہ (۳) چہرہ پر چھائیاں ... پھوڑے اور پھنسی ... زخم ... ایسے حالات میں نہایت مفید ہے۔

فائدہ (۴) ... خون اور جلدی عوارضات میں نہایت مفید ہے ...

فائدہ (۵) ...

فائدہ (۶) ...

الغرض یہ مرکب ... جس سے تمام خونی اور جلدی بیماریاں دور ہو جاتی ہیں۔

پتہ: دواخانہ حکیم ڈاکٹر غلام نبی زبدۃ الحکماء سرکاری سند یافتہ موچی دروازہ لاہور

مختصرات

... دہلی ... مارچ ...

لندن مسٹر ہٹلر اور سر سائمن کی ملاقات کی تاریخ مقرر ہوگئی ہے۔ ۲۵ اور ۲۶ مارچ کو ہٹلر سے تبادلۂ خیالات ہوگا۔

دہلی۔ میڈن ہوٹل میں ایک ممبر پارلیمنٹ اپنی دو بیٹیوں کے ساتھ مقیم تھے اور نئی دہلی میں کسی کے ہاں دعوت میں چلے گئے تھے کہ ان کی غیبت میں کوئی شخص ان کا بکس اٹھا کر لے گیا۔ اس بکس میں پاسپورٹ، چیک، جرمنی ... ہار ... اور انگلستان کے نوٹ تھے پولیس نے تحقیقات کے لئے خاص افسران کو متعین کیا ہے۔

... کی اشخاص کو مجروح کر دیا۔ اور قیمتی اسباب لیکر فرار ہوگئے۔

لاہور۔ منٹگمری ... میں گائے کی قربانی پر فساد کا اندیشہ ہوگیا۔ موقعہ پر بہت سے ہندو اور سکھ جمع ہوگئے۔ لیکن بروقت پولیس کی مداخلت سے جھگڑا رفع دفع ہوگیا۔

پٹنہ۔ موضع ... میں ایک قبرستان کے سلسلہ میں ۱۳ مارچ کو ہندو اور مسلم فساد ہوگیا جس میں ۵ مسلمان اور تین ہندو زخمی ہوئے۔ ۱۹ آدمی گرفتار کر لئے گئے ہیں۔

ملک کشمیر کی قابل بھروسہ ...

خالص ... شہد ...

نانک چند گپتا جنرل سپلائی سٹور رجسٹرڈ کیسر شلاجیت شہد برہمی وغیرہ اودھم پور گورنمنٹ جموں کشمیر

سرمۂ معشوق

اس سرمہ کو آنکھوں میں ڈال کر معشوق کے سامنے جائیں معشوق کیسا ہی سنگدل کیوں نہ ہو فوراً اس کا دل موم ہو جائے گا اور آپ سے محبت کرے گا غلط ثابت ہونے پر دام واپس ہوگا۔ رعایتی قیمت فی شیشی صرف ایک روپیہ (عہ۱)

روشن فارسی نمبر ۳ پٹھان کوٹ ضلع گورداسپور

شمشیر برہنہ

علمی، ادبی، اخلاقی اور نتیجہ خیز ... ناول ... ایک ایک حرف بامعنی ایک ایک جملہ قابل عمل ... ۲ ... صفحات لکھائی چھپائی دیدہ زیب اصلی قیمت ... لیکن چند روز کے لئے پانچ آنے کر دیئے گئے ہیں ... قیمت کتاب ... کلکتہ ... منگائیں اور مطالعہ سے نفع اٹھائیں۔

تصویر کارڈ

اگر آپ عاشق و معشوق کے حسن و محبت کی دلچسپ تصویریں، اور .... کے صاف صاف کھلم کھلا خاص نظارے دیکھنا چاہیں تو ہمارے یہاں سے دل لگی کارڈوں کا ایک سیٹ منگا کر ملاحظہ کریں یہ وہی کارڈ ہیں جن کی شوقین مزاج اصحاب کو ہر وقت تلاش رہتی ہے۔ قیمت فی سٹ ایک سو کارڈ چھ روپے بطور نمونہ ۲۵ کارڈ دو روپے (عہ۲) محصول ڈاک معاف۔

پتہ: منیجر آنند ٹریڈنگ ایجنسی نمبر ۲۶ پٹھان کوٹ ضلع گورداسپور

نامردی کی مشہور دوا

نامردی خواہ کسی قسم کی کیوں نہ ہو طاقت مردمی نام کی نہ رہی ہو تو خدا کے فضل سے ... آپ کو طاقتور بنا دے گی ... ثابت ہونے پر دام واپس ہوگا قیمت صرف ایک روپیہ ... وی۔ پی طلب کریں۔

روشن فارسی نمبر ۳ پٹھان کوٹ ضلع گورداسپور



آپ کیلئے نئی طاقت

آپ تھکن کیوں محسوس کرتے ہیں اور بغیر طاقت کے اپنی پر مسرت زندگی سے کیوں محروم ہیں؟ جبکہ سیناٹوجن کی ایک غیر معمولی خوراک آپ کی طاقت اس طرح بڑھا دے گی جو اور کسی طرح سے نہیں بڑھ سکتی۔ کمزوری کی علامات مثلاً کم سنائی دینا قوت کی کمی، بے خوابی اور شکمی امراض معدہ کو جلد رفع کر دے گی اور پھر کبھی یہ امراض لاحق نہ ہوں گے کیونکہ سیناٹوجن دائمی طاقت بخشتی ہے۔

ایک مشہور یورپین ڈاکٹر لکھتا ہے

"سیناٹوجن بہت جلد اور بہترین اثر دکھاتی ہے اور جس سے اطمینان بخش طاقت بڑھتی ہے"

اپنے آپکو ایک طاقتور تندرست انسان بنائیے اور آج ہی سے سیناٹوجن کا استعمال شروع کر دیجئے۔

SANATOGEN

سیناٹوجن ایک مصدقہ غذا ہے ہر دوا فروش اور بازار میں ملتی ہے

محبوب عاشق کے قدموں پر

ہدیہ عمل تین روپے کے بجائے سوا روپیہ۔ اس عظیم رعایت سے فائدہ اٹھائیے ...

... ملنے کا پتہ: فضل شاہ عامل گلی راجان دہلی

گولی امساک

...

دی نرسنگھ فارمیسی ... بالمقابل مرکنٹائل بنک نزد فتحپوری دہلی

تقریر سیرت چھپ کر تیار ہوگئی

حضرت سحبان الہند مولانا الحاج حافظ احمد سعید صاحب ناظم جمعیۃ علمائے ہند کی وہ بصیرت افروز شریعت آموز تقریر جو ... کے جلسہ سیرت میں ارشاد فرمائی تھی اور جس کو بعد میں تفصیل و تشریح کے ساتھ مرتب و مدون کر کے الجمعیۃ میں جزواً جزواً شائع کیا گیا تھا ... اب ... کتابی شکل میں ... شائع کر دی گئی ہے ...

حضرت مولانا کی یہ تقریر اپنی بے شمار خصوصیات کے اعتبار سے ایک عجیب و نادر مجموعہ ہے جو نہ صرف موجودہ دور میں بلکہ آئندہ نسلوں کے لئے بھی یادگار رہے گا ...

مختصر فہرست مضامین

روحانی اور جسمانی تربیت	نبی کریم کے مشاہدات	جاہل پیروں سے سوال	ملت ابراہیمی کا اتباع	حیا اور ایمان کا تعلق
عالم بالا کی خدمات	انبیاء علیہم السلام کی تاریخ	مستقبل کی تاریخ	نماز کی مثال	انبیاء میں تفاوت
عالم سفلی کے سحرات	مادیات و روحانیات کا فرق	قبروں سے اٹھنا	حج کی مثال	ذکر آہی موجب نجات ہے
روحانی اطباء	حضرت داؤد و آدم کی مناسبت	مسلمانوں سے حضرت حق کا پہلا خطاب	حسد و حرص کی مثال	حضرت ذوالنون مصری کا واقعہ
ریفارمر اور رسول کا فرق	حضرت داؤد و آدم کی لغزش	مسلمانوں کی موت یادوری	اچھی بری صحبت کی مثال	حضرت یونس کی معراج
... کانفرنس	حضرت آدم کو ملائکہ کا سجدہ کرنا	موت کے وقت کی لوری	حضرت بایزید بسطامی کا واقعہ	ملائکہ اور شیطان
عالم برزخ کے واقعات	یوم میثاق کے دو اقرار نامے	حضرت ابراہیم کا واقعہ	...	قرآن کی قسمیں
عالم برزخ کی ایک اطلاع	حضرت یوسف علیہ السلام کا عمل	قوانین اسلام کی ہمہ گیری	توبہ کی سرعت کا تصور	حضرت لوط اور ابراہیم
حضرت عزیر کا روتی کا مطالعہ	مشرکین اور اہل کتاب کا فرق	جادو اور معجزہ کا فرق	گناہ کی صلاحیت و عدم صلاحیت	حضرت لوط اور فرشتے
الفاظ اور اشکال کا ...	حضرت عیسیٰ کی تشریف آوری	حضرت عمر بن الخطاب کا واقعہ	شیاطین اور جنات	حضرات لوط اور یوسف کا ...
کافر کی قبر میں ... سانپ	متنبئین غلام احمد قادیانی	نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم کا اعجاز	ختم نبوت کی تمثیل	... والنس کی سات قسمیں
... کا پہلا سوال	مرزا کا کچا چٹھا	سیاست اور مذہب	انبیاء سابقین کا تذکرہ	سائل اور سخی میں کشمکش
انبیاء اور حکماء کا فرق	پنجاب کا نوری فرقہ	پست اقوام پر اسلام کا احسان	حضرت علی اور ایک یہودی کی گفتگو	مومن اور منافق کی مثال وغیرہ وغیرہ

پوری کتاب ... صفحات پر مشتمل ہے اور نہایت بہتر کتابت و طباعت کے ساتھ شائع کی گئی ہے اس کے باوجود قیمت علاوہ محصول ڈاک صرف ایک روپیہ ... رکھی گئی ہے تاکہ امیر و غریب سب حضرات مساوی فائدہ اٹھا سکیں۔

منیجر الجمعیۃ گلی قاسم جان دہلی

رجسٹرڈ نمبر ایل ۱۷۹۳

یداللہ علی الجماعۃ

تار کا پتہ:- "الجمعیۃ دہلی"
ٹیلیفون نمبر ۵۷۳۶

سہ روزہ الجمعیۃ دہلی

مدیر مسئول:- ہلال احمد زبیری (بی-اے) معاون:- محمد عثمان فارقلیط

جلد ۲۱ | دہلی یوم پنجشنبہ ۲۲ ذی الحجہ ۱۳۵۳ ہجری مطابق ۲۸ مارچ ۱۹۳۵ء | نمبر ۲۲

حجاز ریلوے پر فرانس کا غاصبانہ قبضہ

جمعیۃ اقوام، وقف کی تائید کر چکی ہے

شام میں اوقاف کے تحفظ کیلئے کمیٹیاں

حج سے فرانس کی دشمنی

عرصہ ہوا کہ الجیریا اور مراکو سے اس قسم کی شکایات موصول ہوئیں کہ لوگوں کو حج کو جانے کیلئے صحت اور صفائی کی بناء پر پاسپورٹ کی تصدیق سے محروم رکھا گیا۔ فرانسیسی مسلم رعایا کو دنیائے عالم کے دیگر مسلمان بھائیوں کے ساتھ اختلاط سے باز رکھا جاتا ہے۔ مساجد اور مدارس ضبط کئے جا رہے ہیں۔ اوقاف توڑے جا رہے ہیں۔

حجاز ریلوے قدیم الایام سے مسلمانوں کی ملکیت رہی ہے اور ترکی حکومت نے اس کا نظم و نسق کبھی کسی محکمہ کو تفویض نہیں کیا، بلکہ یہ ہمیشہ مسلم وقف شمار ہوتی رہی ہے۔ یہ ریل بہت سے ممالک کے متدین مسلمانوں کے پیسے سے بنی تھی اس لئے لاجواب ہے۔

جنگ عظیم کے بعد فرمان (منڈیٹ) جاری ہوئے اور مجلس بین الاقوامی نے اس کے وقف کی حیثیت کو تسلیم ہی نہیں کیا، بلکہ زیر دفعہ ۲۲ (فرمان مذکور) …

کراچی کے واقعہ پر پشاور میں گرفتاریاں

پشاور ۲۳ مارچ گزشتہ شام پولیس نے کراچی میں گولی چلنے کے سلسلہ میں جلسہ کا اعلان کرتے ہوئے چار اشخاص کو گرفتار کر لیا، جلسہ آزاد مسلم پارٹی کے زیر اہتمام ہونے والا تھا۔

معاصرین کے افکار و آراء

دینی اصلاح کی بنیاد

"مسلمان" وہ ہے جو اسلام کی تعلیمات پر ایمان و عمل رکھتا ہے، اللہذا ہر مسلمان سے مطالبہ ہے کہ اسلام کی تعلیمات پر ایمان و عمل رکھے۔ سب سے مقدم چیز عقائد کا معاملہ ہے، میرا بھی پہلا یہی مطالبہ ہے کہ ہر مسلمان کے عقائد بھی وہی ہوں جو اسلام نے بتائے ہیں۔ اسلام کے تمام عقائد کتاب اللہ میں موجود ہیں اور اس کی تشریح و تفسیر سنت رسول صلی اللہ علیہ میں موجود ہے۔ اگر کسی مسلمان کے عقائد، کتاب و سنت کے مطابق نہیں ہیں تو وہ میری نظر میں مسلمان نہیں ہے، اگرچہ میں اس کے کافر ہونے کا فتویٰ نہیں دوں گا جب تک وہ خود صاف لفظوں میں اسلام سے نکل جانے کا اعلان نہ کر دے۔

اس وقت مسلمانوں کی سب سے بڑی بدقسمتی یہی ہے کہ ان کے عقائد …

کا یہ خیال صحیح ہے کہ یہی ہندوستان کی تمام امیدوں کا مرکز ہے۔ گزشتہ چند سال کے عرصے میں ہندوستان کی آزادی کے لئے جو کوششیں ہوئیں ان میں کامیابی حاصل نہ ہونے کی بڑی وجہ یہی تھی کہ ملک وطنی اتحاد سے محروم تھا۔ اس اتحاد کے حصول کے لئے جو قدم اٹھائے گئے اور اس راہ میں جن ناکامیوں سے ہندوستان کو دوچار ہونا پڑا، ان کی داستان کسی باخبر ہندوستانی سے پوشیدہ نہیں ہے۔ دور حاضر کے ہندوستان کی سیاسی تاریخ کا یہ باب یقیناً ایسا نہیں ہے کہ اس پر کسی طبقے کے ہندوستانی فخر کر سکیں۔ موجودہ حالات میں بہتر صورت یہی ہے کہ ہر طبقے کے اور جماعت کے ذمہ دار اور باثر اصحاب خود اپنی ہی جماعت کی فہمائش کرتے رہیں۔ اس لحاظ سے مسٹر شاستری نے واقعی ایک اہم فرض نہایت خوش اسلوبی سے انجام دیا ہے۔ اگر ملک کے اور ذمہ دار اصحاب بھی اسی طرز عمل کی تقلید کریں تو یقیناً …

قاتلانہ حملہ

صحیح مشورہ

وقف کی ملکیت سے انکار

۲۴ انجمنیں خلاف قانون قرار دیدی گئیں

… ۲۴ انجمنیں خلاف قانون قرار دیدی گئی ہیں کیونکہ حکومت کے نزدیک وہ نقص امن کا باعث ہیں، نیز حکومت کا فیصلہ ہے کہ ان انجمنوں کو بھی ناجائز قرار دیا جائے جو ان سے مل کر کام کرتی ہیں۔

زرین مشورہ

مسٹر شاستری کی رائے میں ہندوستان کی امید بس ایک یہی باقی رہ گئی ہے کہ ہندو مسلمان وطنی مفاد کے لئے متحد ہو کر کام کریں …

پادری کی لڑکی کا قبول اسلام

اسپین کے ایک جلیل القدر پادری کی لڑکی نے جب اسلامی تعلیمات کا مقابلہ کیا اور مسلمانوں کے مذہب اور ان کے اعمال کو بغور دیکھا تو اس کے دل میں اسلام کی صداقت و حقانیت جاگزیں ہو گئی اور اس نے یہ فیصلہ کر لیا کہ حقیقتاً اسلام ہی وہ مذہب ہے جو دنیا اور آخرت میں نجات کا راستہ بتاتا ہے۔ اور اس کے علاوہ جتنے مذہب ہیں وہ سب باطل اور صراط مستقیم سے بھٹکا دینے والے ہیں۔ جب عیسائیوں کو اس کی خبر ہوئی تو تمام پادریوں نے مل کر اس لڑکی پر بیشمار مظالم ڈھائے اور اس قدر جان گداز اور صبر آزما مصائب میں مبتلا کیا کہ دیکھنے والوں کے رونگٹے کھڑے ہونے لگے۔ مگر وہ لڑکی اسلام پر ثابت قدم رہی اور اس نے بالآخر تمام پادریوں کی شاندار مجلس میں اسلام و حقانیت پر ایک بصیرت افروز مناظرہ کیا۔ فضیلت اسلام اور رد عیسائیت کے جس قدر دلائل ممکن تھے وہ تابڑ توڑ اس لڑکی نے پادریوں کے مقابلہ میں انتہائی خوش اسلوبی کے ساتھ پیش کئے کہ سامعین حیرت و استعجاب کے سمندر میں غرق ہو گئے اور پادریوں سے کوئی جواب بن نہ پڑا اور وہ لڑکی ہمیشہ کے لئے اسلام ہی سے وابستہ ہو گئی۔ اس کا نام ازابلا تھا اور اس کی زندگی کے واقعات ایک کتاب میں قلمبند کئے گئے ہیں۔ اگر آپ کو گزشتہ عظمت و سطوت کا مطالعہ کرنا ہے اور عیسائیت کے مقابلہ میں اسلام کی حقانیت سے واقفیت حاصل کرنے کا شوق ہے اور آپ اس کتاب کے ذریعہ تبلیغ اسلام کا فریضہ ادا کرنا چاہتے ہیں تو فوراً طلب کیجئے۔ پہلا ایڈیشن قریب الختم ہے، اگر دیر ہوئی تو دوسرے ایڈیشن کا انتظار کرنا پڑے گا۔ قیمت فی جلد ۱۲ علاوہ محصول ڈاک۔ تبلیغی مقاصد کیلئے بیس بائیس سے زائد جلدوں کے خریدار کو پچیس فی صدی کمیشن دیا جائے گا۔

ملنے کا پتہ:- مینیجر الجمعیۃ دہلی

نورانی

قرآن مجید

نہایت صاف جلی اور نہایت صحیح قرآن شریف اگر درکار ہو تو نورانی قرآن مجید الجمعیۃ بک ایجنسی دہلی سے طلب فرمائیے۔ قیمت مجلد پارچہ …

The Al-Jamiat

Y No. L 1793.

Vol. XXI No. 21 DELHI SUNDAY 2… 35 PRICE ONE ANNA

پادری کی لڑکی

قبول اسلام

… دیکھیے جس کو پڑھ کر آپ اسلام کی حقانیت کے قائل ہو جائیں گے۔ قیمت فی جلد ۱۲ علاوہ محصول ڈاک

مینیجر الجمعیۃ دہلی

انجمن حمایت الاسلام کا پچاسواں سالانہ اجلاس

نواب صدر یار جنگ بہادر کی تشریف آوری

نواب صدر یار جنگ بہادر کی ذات گرامی تعارف کی محتاج نہیں۔ ان کی قابلیت اور ملی خدمات کا ذکر زبان زد عام ہے۔ ان کا اصلی نام مولانا حبیب الرحمن …

… نہایت کامیابی سے متمکن رہے اور ملت مرحومہ کی وہ خدمات سرانجام دیں جن سے اسلامیان ہند میں ایک نئی روح پیدا ہو گئی۔

سرسید مرحوم کی تحریک کے روح رواں آپ ہی ہیں اور آپ ہی کی جدوجہد کے باعث مسلمانان ہند خواب غفلت سے بیدار ہو رہے ہیں۔ مسلم ایجوکیشنل کانفرنس کے پودہ کو آپ ہی نے پروان چڑھایا اور چار گوشہ ہند میں اسلامی تعلیم کا چرچا آپ ہی کی ذات گرامی سے ہے۔

ملت اسلامیہ نواب صاحب ممدوح کی بے لوث خدمات کی ہمیشہ سے قدر کرتی رہی ہے اور آپ کی ذات والا صفات کو اپنی بقا کے لئے بے حد اہم تصور کرتی ہے۔

اسلامیان پنجاب کو مبارک ہو کہ انجمن حمایت اسلام کے پچاسویں سالانہ اجلاس میں جو آئندہ ایسٹر کی تعطیلات میں لاہور میں منعقد ہو رہا ہے۔ نواب صدر یار جنگ بہادر خاص طور پر شمولیت فرما رہے ہیں۔ فرزندان توحید کے لئے موقع ہے کہ اس اجلاس میں جوق در جوق تشریف لا کر اپنے مایۂ ناز رہنما کے قیمتی خیالات سے مستفیض ہوں۔

(معتمدین۔ انجمن حمایت الاسلام لاہور)

جامعہ اسلامیہ مدرسہ اشاعت العلوم بریلی

جامعہ اسلامیہ مدرسہ اشاعت العلوم دو کارو سیکنڈ میں ایک واحد مذہبی درسگاہ ہے، جو چالیس سال سے نہایت گرمجوشی و خوش اسلوبی سے خدمات ملی و ملکی انجام دے رہی ہے …

(خادم مدرسہ)

انوریہ لائبریری کا معائنہ

آج بتاریخ ۲ ذی قعدہ ۱۳۵۳ھ مطابق ۸ فروری ۱۹۳۵ء کو میں نے انوریہ لائبریری کا معائنہ کیا۔ یہ لائبریری حضرت استاذ شیخ الاسلام شیخ الحدیث مولانا مولوی سید محمد انور شاہ صاحب نور اللہ مرقدہ کی یادگار …

… خدا اس کی ترقی میں ساعی رہے تو دیوبند میں یہ اپنی نوعیت کی ایک شاندار لائبریری ہو جائے گی … آمین بحرمۃ سید المرسلین صلی اللہ علیہ وسلم۔

(ابو القاسم محمد حفظ الرحمن سیوہاروی)

… میں حضرت علامہ انور شاہ صاحب رحمۃ اللہ علیہ کی یادگار … اس کے ناظم مولانا سید حسن رضوی صاحب کی سعی و کوشش سے کافی تعداد میں کتابیں میسر آئیں …

(محمد عظمت اللہ کان اللہ لہ)

سید حسن رضوی عفا اللہ عنہ

اخبار الجمعیۃ میں اشتہار دیکر اپنی تجارت کو فروغ دیجئے

مفت! مفت! مفت!!!

گھر بیٹھے باقاعدہ تعلیم حاصل کر کے آیورویدک یونانی حکمت ہومیوپیتھک یا بائیوکیمک کی سندات حاصل کرنے کا قاعدہ (ضوابط) کارڈ ڈال کر مفت طلب کرو۔

پرنسپل ورلڈ انڈین میڈیکل کالج انبالہ شہر

خضاب چھوڑ دو

اس تیل سے بال کیکنا رس کر سیاہ بال کالا پیدا ہوئے … تین روپے اس سے زیادہ … کا تیل نکالیں۔

پتہ:- بال کالا اسٹورس پوسٹ کنسی سمری دربھنگہ

۱۹۳۵ء

تار کا پتہ:- میڈیسنز دہلی ٹیلیفون ۵۵۶۶

گُن نِی

کا کا

طاقت کی بے مثل سنہری گولیاں

خاص خاص

مسیح الملک حکیم محمد احمد خاں صاحب کا عطیہ (سفر یورپ کے بعد)

چالیس گولیاں سات روپیہ

ہندوستانی دواخانہ (جس کو حکیم اجمل خاں نے ۱۹۰۳ء میں بنایا) دہلی (پوسٹ بکس ۲۲)

تحفہ تحفہ

(جید برقی پریس دہلی میں باہتمام ہلال احمد زبیری پرنٹر و پبلشر چھپ کر دفتر الجمعیۃ دہلی سے شائع ہوا)

رجسٹرڈ نمبر ایل ۱۷۹۳

ید اللہ علی الجماعۃ

تار کا پتہ:۔ "الجمعیۃ دہلی"
ٹیلیفون نمبر ۵۶۳۶

سہ روزہ الجمعیۃ دہلی

مدیر مسئول:۔ ہلال احمد زبیری (بی۔اے) معاون:۔ محمد عثمان فارقلیط

جلد ۲۱ | دہلی یوم پنجشنبہ ۲۲ ذی الحجہ ۱۳۵۳ ہجری مطابق ۲۸ مارچ ۱۹۳۵ء | نمبر ۲۲

معاصرین کے افکار و آرا

دینی اصلاح کی بنیاد

"مسلمان" وہ ہے جو اسلام کی تعلیمات پر ایمان و عمل رکھتا ہے، لہٰذا میرا ہر مسلمان سے مطالبہ ہے کہ اسلام کی تعلیمات پر ایمان و عمل رکھے۔ سب سے مقدم چیز عقائد کا معاملہ ہے۔ میرا بھی پہلا یہی مطالبہ ہے کہ ہر مسلمان کے عقائد وہی ہوں جو اسلام نے بتائے ہیں۔ اسلام کے تمام عقائد، کتاب اللہ میں موجود ہیں اور ان کی تشریح و تفسیر سنت رسول صلی اللہ علیہ میں موجود ہے۔ اگر کسی مسلمان کے عقائد، کتاب و سنت کے مطابق نہیں ہیں تو وہ میری نظر میں مسلمان نہیں ہے، اگرچہ میں اس کے کافر ہونے کا فتویٰ نہیں دوں گا جب تک وہ خود صاف لفظوں میں اسلام سے نکل جانے کا اعلان نہ کر دے۔

اس وقت مسلمانوں کی سب سے بڑی بدقسمتی یہی ہے کہ ان کے عقائد فاسد ہو گئے ہیں، کتاب و سنت سے بالکل دور ہو چکے ہیں۔ مسلمانوں کے تنزل کا نوحہ کہا جاتا ہے، اور انہیں سنبھالنے اور اٹھانے کی کوششیں بھی کی جاتی ہیں، مگر اصلی بنیاد کی طرف سے سب غافل ہیں۔ بنیاد عقائد کی درستگی ہے۔ جب تک عقائد ٹھیک نہیں ہوں گے، مسلمان ہرگز ابھر نہیں سکیں گے۔ بے شک وہ اسلام سے خارج ہو کر ترقی کر سکتے ہیں، مگر اسلام میں رہ کر اس وقت تک ترقی کر نہیں سکتے جب تک ان کے عقائد ٹھیک اسلام کے مطابق نہ ہو جائیں۔ (ہند)

کا یہ خیال صحیح ہے کہ یہی ہندوستان کی تمام امیدوں کا مرکز ہے۔ گزشتہ چند سال کے عرصے میں ہندوستان کی آزادی کے لئے جو کوششیں ہوئیں ان میں کامیابی حاصل نہ ہونے کی بڑی وجہ یہی تھی کہ ملک وطنی اتحاد سے محروم تھا۔ اس اتحاد کے حصول کے لئے جو قدم اٹھائے گئے اور اس راہ میں جن ناکامیوں سے ہندوستان کو دوچار ہونا پڑا۔ ان کی داستان کسی باخبر ہندوستانی سے پوشیدہ نہیں ہے۔ دور حاضر کے ہندوستان کی سیاسی تاریخ کا یہ باب یقیناً ایسا نہیں ہے کہ اس پر کسی طبقے کے ہندوستانی بھی فخر کر سکیں۔ موجودہ حالات میں بہتر صورت یہی ہے کہ ہر طبقے کے اور جماعت کے ذمہ دار اور بااثر اصحاب خود اپنی ہی جماعت کی فہمائش کرتے ہیں۔ اس لحاظ سے مسٹر شاستری نے واقعی ایک اہم فرض نہایت خوش اسلوبی سے انجام دیا ہے۔ اگر ملک کے اور ذمہ دار اصحاب بھی اسی طرز عمل کی تقلید کریں تو یقیناً یہ امید کی جا سکتی ہے کہ ملک کی فضا بہتر ہو اور وہ دن جلد آئے جب ہند و مسلمانوں میں ایک دیرپا اور مضبوط اتحاد قائم ہو جائے۔ (اجمل)

قاتلانہ حملہ

سلطان ابن سعود والئے حجاز پر جمعہ کے روز حرم محترم میں جو بزدلانہ حملہ کیا گیا ہے اس کی نہ صرف عالم اسلام میں عام مذمت کی جائے گی بلکہ تمام دنیا اسکو نفرت کی نگاہ سے دیکھے گی۔ حرم محترم میں شاہی خون بہانے کی جرأت کرنا اس امر کی دلیل ہے کہ حملہ آوروں نے تمام اسلامی احکام کو بالائے طاق رکھ کر حج کے نام سے اپنے مقصد شنیعہ کو عملی جامہ پہنانے آئے تھے۔ یہ لوگ خوش قسمتی یا بدقسمتی سے فوراً اپنے کیفر کردار کو پہنچ گئے اور ان میں سے کوئی زندہ نہ بچا۔ کہ جو اپنے گروہ کی سازش کے پنہاں مقصد کا انکشاف کر سکتا۔ سلطان ابن سعود نے حجاز کی عنان حکومت اپنے ہاتھ میں لینے کے بعد جس جرأت و ہمت سے ان چیزوں کا خاتمہ کیا ہے جو اہل عقیدہ کے لحاظ سے توہم پرستی پر مبنی تھیں وہ قابل تعریف ہی نہیں بلکہ قابل رشک ہے۔ حجاز کے نظام سیاست کی عمارت بالکل منہدم ہو چکی تھی۔ قوم کی اقتصادی حالت تباہ ہو گئی تھی۔ عرب میں علم و عمل کا نشان مٹ چلا تھا۔ شریف حسین کی غداریوں نے عرب کو ایسی مصائب و آلام میں مبتلا کر دیا تھا کہ ان میں سے صحیح و سلامت نکلنا غیر ممکن تھا لیکن ابن سعود نے اپنے حسن تدبیر اور بہادری و نوجی لیاقت سے جملہ مشکلات پر عبور حاصل کر لیا اور عرب کو پھر تہذیب و تمدن کا سبق دیا۔ (وطن)

صحیح مشورہ

ایک طرف ہندوستان کے کروڑوں باشندے فقر و فاقہ کی زندگی بسر کر رہے ہیں دوسری طرف چند ہزار سرکاری ملازم عیش و آرام کی زندگی بسر کر رہے ہیں۔ عوام الناس پر آئے دن ٹیکس بڑھتا جاتا ہے اور محصول کی تعداد بڑھتا جاتا ہے اور اس طرح سے جو رقم جمع ہوتی ہے اعلیٰ حکام اور بڑے بڑے افسروں کی نذر ہو جاتی ہے۔ حالانکہ ضرورت اس کی تھی کہ ان اعلیٰ تنخواہ دار ملازمین کی تنخواہوں میں تخفیف کی جاتی اور اس سے غریبوں کو مدد دی جاتی۔ لیکن افسوس ہے کہ ایسا نہیں ہو رہا ہے۔

اس صورت حال کی جانب اسمبلی ۱۴ مارچ کو اسمبلی میں ایک ممبر نے حکومت کو توجہ دلائی۔ جب مالیات کے بجٹ پر بحث شروع ہوئی تو مسٹر ایس کے سوم نے حکومت کو اس افسوسناک طرز عمل کی طرف متوجہ کیا انہوں نے کہا کہ حکومت کو اپنے ملازموں کا پیٹ بھرنے کے بجائے عوام کی حالت کو بہتر بنانے کا زیادہ خیال رکھنا چاہئے۔ یہ مشورہ صرف اسمبلی کے ایک ممبر ہی کا نہیں ہے بلکہ سارے ملک کی یہی رائے ہے۔ کاش حکومت کو بھی اس کا احساس ہو جاتا اور وہ اعلیٰ حکام کی رعایت کے بجائے عوام کی خوشحالی اور فارغ البالی کا زیادہ خیال رکھتی۔ (خلافت)

۲۴ انجمنیں خلاف قانون قرار دیدی گئیں

دہلی ۲۲ مارچ۔ حکومت ہند کا ایک اعلان شائع ہوا ہے جس کی رو سے ۲۴ انجمنیں خلاف قانون قرار دیدی گئی ہیں کیونکہ حکومت کے نزدیک وہ نقض امن کا باعث ہیں۔ نیز حکومت کا فیصلہ ہے کہ ان انجمنوں کو بھی ناجائز قرار دیا جائے جو ان سے مل جل کر کام کرتی ہیں۔

زرین مشورہ

مسٹر شاستری کی رائے میں ہندوستان کی بہتری بس ایک یہی باقی رہ گئی ہے کہ ہندو مسلمان وطنی مفاد کے لئے متحد ہو کر کام کریں۔ بلاشبہ مسٹر شاستری

حجاز ریلوے پر فرانس کا غاصبانہ قبضہ

جمعیۃ اقوام، وقف کی تائید کر چکی ہے

شام میں اوقاف کے تحفظ کیلئے کمیٹیاں

حجاز ریلوے قدیم الایام سے مسلمانوں کی ملکیت رہی ہے اور ترکی حکومت نے اس کا نظم و نسق کبھی کسی محکمہ کو تفویض نہیں کیا، بلکہ یہ ہمیشہ مسلم وقف شمار ہوتی رہی ہے۔ یہ ریلوے بہت سے ممالک کے متدین مسلمانوں کے پیسے سے بنی تھی اس لئے لاجواب ہے۔

جنگ عظیم کے بعد فرمان (مینڈیٹ) جاری ہوئے اور مجلس بین الاقوامی نے اس کے وقف کی حیثیت کو تسلیم ہی نہیں کیا۔ بلکہ زیر دفعہ ۲۲ (فرمان مذکور) وقف کی تائید کی۔ لہٰذا یہ اثاثہ حکومت نہ رہا کہ جو فاتح آئے بطور مال غنیمت سنبھال لے۔ حکومت فرانس نے جو اپنی مسلم رعایا کے حقوق سے قطعاً لاپرواہ ہے۔ اس ریلوے پر قبضہ جما لیا ہے۔ اور اسے ایک فرانسیسی کمپنی کے ہاتھ میں دے دیا ہے۔ اس کمپنی کو حق حاصل ہو گیا ہے کہ وہ حجاز ریلوے کی تمام جائیداد اور تمام گاڑیاں جو ملک شام میں چلتی ہیں اپنے قبضے میں لے لیوے یہ معاہدہ کی صریح خلاف ورزی ہے اور ایسا فعل ہے جس سے تمام اہل اسلام کے جذبات مشتعل ہو جانے کا اندیشہ ہے جنہوں نے بطور احتجاج ایلی پو اور دوسرے مقامات پر زبردست جلسے کئے ہیں اب تک تو تمام مسلم اوقاف جو ملک شام میں تھے زیر نگرانی فرنچ ہائی کمشنر رہے ہیں جنہیں مسلمانان ایلی پو، دمشق، حام اور حامہ نے اس سرقہ کے متعلق شکایتی خطوط لکھے ہیں اور ریلوے مذکور کی واپسی کا پرزور مطالبہ کیا ہے۔

وفد کی ملاقات سے انکار

ایلی پو میں ایک کانفرنس کے بعد ایک وفد ہائی کمشنر کے پاس یہ معاملہ پیش کرنے کے لئے گیا۔ لیکن کمشنر نے اس وفد کو ملنے سے انکار کر دیا۔ یہ ریلوے خاص طور پر حجاج اور زائرین کی سہولیت کے لئے تعمیر کی گئی تھی اور ایک مقدس خدمت سرانجام دے رہی تھی۔ لہٰذا فرانس کا یہ جابرانہ طرز عمل شمالی مسلمانوں کے لئے بھی قابل غور ہے۔ پس تمام ممالک کے مسلمان لیگ آف نیشنز سے اس امر کا مطالبہ کریں کہ وہ فوراً اس معاملے کو زیر غور لائے اور بلاتوقف اس ریلوے کی بازیابی کے لئے حکومت فرانس کو مجبور کرے۔ ملک شام میں اوقاف کے تحفظ کے لئے وقف کمیٹیاں قائم ہو گئی ہیں کیونکہ علاوہ ازیں مسلمانوں کی دیگر جائدادیں بھی چھین کر غیر مسلموں کے ہاتھوں میں دیدی گئی ہیں۔ فرنچ گورنمنٹ کے خلاف مسلمانوں کی ایک اور اہم شکایت یہ ہے کہ حکومت نے حجاج کے بحری سفر کا اجارہ دار ایک فرانسیسی کمپنی کو بنا دیا ہے۔ حالات کو بہتر بنانے کے عذر لنگ کی بناء پر کرایہ جہات بجید بڑھا دئیے گئے ہیں۔ دقت یہ پیدا کر دی ہے کہ تاوقتیکہ کوئی سفر کرنے والا حاجی اس فرنچ لائن کا ٹکٹ نہ دکھائے فرانسیسی پولیس اس کے پروانہ راہداری کی تصدیق نہیں کرتی۔ فرانس نہایت ہوشیاری سے مسلمانوں کی جمعیۃ کے فنا کر دینے کے درپے ہے۔

حج سے فرانس کی دشمنی

عرصہ ہوا کہ مجھے الجیریا اور مراکو سے اس قسم کی شکایات موصول ہوئیں کہ لوگوں کو حج کو جانے کیلئے صحت اور صفائی کی بنا پر پاسپورٹ کی تصدیق سے محروم رکھا گیا۔ فرانسیسی مسلم رعایا کو دنیائے عالم کے دیگر مسلمان بھائیوں کے ساتھ اختلاط سے باز رکھا جاتا ہے۔ مسجدیں اور مدارس ضبط کئے جا رہے ہیں۔ اوقاف توڑے جا رہے ہیں۔ اور طاقت کا ہر ذرہ اسلام کو لاطینیت میں تبدیل کرنے کے لئے مستعمل ہو رہا ہے۔ شہر فیض مراکو اور دیگر قصبوں کے زندانوں سے ان بے بس مسلمان قیدیوں کی داستان پوچھو جنہیں بہائم کی طرح جھلستی ہوئی دھوپ میں صحت تباہ کر دینے والے حالات میں رکھا جاتا ہے۔ فرانس ان مظالم سے سوائے ہر سچے مسلمان کی نفرت کے اور کچھ حاصل نہیں کر سکتا۔ بلکہ اپنے علاقوں میں بے چینی اور بدامنی کا باعث ہو رہا ہے۔ اور اس ناقابل معافی جرم یعنی سرقہ ریل کا ارتکاب کر رہا ہے۔ کیا ملک میں مدبرین مفقود ہو گئے ہیں اور ان کی جگہ مذہبی عدالتوں کے نمائندوں نے لے لی ہے۔ کیا دانا فرانسیسی مسلمانوں پر مظالم کا انجام نہیں بھانپ سکتے۔

ریف کا مجاہد عبد الکریم

فرانس نے سپین کے ساتھ معاونت کر کے اس بہادر سپاہی عبد الکریم والی ریف کو تباہ کرنے کی کوشش کی اور جب راقم الحروف پیرس یہ شکایات لیکر گیا تو میں نے ہیلف کو دربار تک پہنچائی ہیں جانیں تو کسی نے پرواہ نہیں کی۔ کس قدر افسوس کا مقام ہے کہ اگر کوئی فرانسیسی پولیس کا آدمی کسی مجرم کو دوران ڈیوٹی زخمی کر دے تو اس کے لئے فوراً طبی امداد پہنچے لیکن ان ظالم بہادر جانبازوں کو جو اپنے ملک کی خاطر دو زبردست حکومتوں کے خلاف نبرد آزما ہوں مرہم کی ایک خفیف پٹی کی ایک بالشت میسر نہ ہو۔

مسلمانان عالم کو ایک متفقہ آواز فرانس کے مظالم کے خلاف بلند کرنی چاہئے اور اپنی اپنی ملکی حکومتوں کو مجبور کریں کہ حتی المقدور مناسب تدابیر اختیار کی جاویں۔

حجاز ریلوے مسلمانوں کی ملکیت ہے اور ایک فرانسیسی کمپنی کو مالا مال کرنے کے لئے ہتھیائی نہیں جا سکتی۔ (از خالد شیلڈرک)

کراچی کے واقعہ پر پشاور میں گرفتاریاں

پشاور ۲۳ مارچ گزشتہ شام پولیس نے کراچی میں گولی چلنے کے سلسلہ میں جلسہ کا اعلان کرتے ہوئے چار اشخاص کو گرفتار کر لیا، جلسہ آزاد مسلم پارٹی کے زیر اہتمام ہونے والا تھا۔

پادری کی لڑکی کا قبول اسلام

اسپین کے ایک جلیل القدر پادری کی لڑکی نے جب اسلامی تعلیمات کا مقابلہ کیا اور مسلمانوں کے مذہب اور ان کے اعمال کو بغور دیکھا تو اس کے دل میں اسلام کی صداقت و حقانیت جاگزیں ہو گئی اور اس نے یہ فیصلہ کر لیا کہ حقیقتاً اسلام ہی وہ مذہب ہے جو دنیا و آخرت میں نجات کا راستہ بتاتا ہے۔ اور اس کے علاوہ جتنے مذہب ہیں وہ سب باطل اور صراط مستقیم سے بھٹکا دینے والے ہیں۔ جب عیسائیوں کو اس کی خبر ہوئی تو تمام پادریوں نے مل کر اس لڑکی پر بیشمار مظالم ڈھائے اور اس قدر جاں گداز اور صبر آزما مصائب میں مبتلا کیا کہ دیکھنے والوں کے رونگٹے کھڑے ہونے لگے۔ مگر وہ لڑکی اسلام پر ثابت قدم رہی اور اس نے بالآخر تمام پادریوں کی شاندار مجلس میں اسلام حقانیت پر ایک بصیرت افروز مناظرہ کیا۔ فضیلت اسلام اور رد عیسائیت کے جس قدر دلائل ممکن تھے وہ تابیدا لہی سے اس لڑکی نے پادریوں کے مقابلہ میں اس عجیب اسلوب کے ساتھ پیش کئے کہ سامعین حیرت و استعجاب کے سمندر میں غرق ہو گئے اور پادریوں سے کوئی جواب بن نہ پڑا اور وہ لڑکی ہمیشہ کے لئے اسلام ہی سے وابستہ ہو گئی۔ اس کا نام ازبلا تھا اور اس کی زندگی کے واقعات ایک کتاب میں قلمبند کئے گئے ہیں۔ اگر آپ کو گزشتہ عظمت و سطوت کا مطالعہ کرنا ہے اور عیسائیت کے مقابلہ میں اسلام کی حقانیت کے بیشمار دلائل سے واقفیت حاصل کرنے کا شوق ہے اور آپ اس کتاب کے ذریعہ تبلیغ اسلام کا فریضہ ادا کرنا چاہتے ہیں تو فوراً طلب کیجئے پہلا اڈیشن قریب الختم ہے۔ اگر دیر ہوئی تو دوسرے اڈیشن کا انتظار کرنا پڑے گا۔ قیمت فی جلد ۱۲ علاوہ محصول ڈاک۔ تبلیغی مقاصد کیلئے بیس بائیس سے زائد جلدوں کے خریدار کو پچیس فی صدی کمیشن دیا جائے گا۔

ملنے کا پتہ:۔ منیجر الجمعیۃ دہلی

Regd. No L 1793.

The Al-Jamiat

Vol. XXI No. 21 DELHI SUNDAY 2[…]35 PRICE ONE ANNA

نورانی قرآن مجید

نہایت صاف جلی اور نہایت صحیح قرآن شریف اگر درکار ہو تو نورانی قرآن مجید الجمعیۃ بک ایجنسی دہلی سے طلب فرمائیے۔ قیمت مجلد پارچہ عمر

پادری کی لڑکی کا قبول اسلام

اور دنیں کے حیرت انگیز کارنامے معلوم کرنے ہوں تو ازبلا ناول دیکھئے جس کو پڑھ کر آپ اسلام کی حقانیت کے قائل ہو جائینگے قیمت فی جلد ۱۲ علاوہ محصول ڈاک

منیجر الجمعیۃ دہلی

Hasaan Sh. Rafiq
P.O. Ramadan
196

انجمن حمایت الاسلام کا پچاسواں سالانہ اجلاس

نواب صدر یار جنگ بہادر کی تشریف آوری

نواب صدر یار جنگ بہادر کی ذات گرامی تعارف کی محتاج نہیں۔ ان کی قابلیت اور ملی خدمات کا ذکر زبان زد عام ہے۔ ان کا اصلی نام مولانا حبیب الرحمٰن صاحب شروانی ہے۔ جناب موصوف ایک متبحر عالم اور اعلیٰ پایہ کے انشاپرداز ہونے کے علاوہ مجسم اتقا اور زہد بھی ہیں۔ ہندوستان کے علمی حلقوں میں آپ کا مرتبہ نہایت بلند سمجھا جاتا ہے۔ اور اعلیٰحضرت حضور نظام نے صدر الصدور امور مذہبی کے ممتاز عہدہ کے لئے آپ ہی کو منتخب کیا جس پر آپ ایک مدت تک نہایت کامیابی سے متمکن رہے اور ملت مرحومہ کی وہ خدمات سرانجام دیں جن سے اسلامیان ہند میں ایک نئی روح پیدا ہو گئی۔

سرسید مرحوم کی تحریک کے روح رواں آپ ہی ہیں۔ اور آپ ہی کی جدوجہد کے باعث مسلمانان ہند خواب غفلت سے بیدار ہو رہے ہیں۔ مسلم ایجوکیشنل کانفرنس کے پودہ کو آپ ہی نے پروان چڑھایا۔ اور چہار گوشہ ہند میں اسلامی تعلیم کا چرچا آپ ہی کی ذات گرامی سے ہے۔

ملت اسلامیہ نواب صاحب ممدوح کی بے لوث خدمات کی ہمیشہ سے قدردانی رہی ہے اور آپ کی ذات والاصفات کو اپنی بقا کے لئے بے حد اہم عنصر سمجھتی ہے۔

اسلامیان پنجاب کو مبارک ہو کہ انجمن حمایت اسلام کے پچاسویں سالانہ اجلاس میں جو آئندہ ایسٹر کی تعطیلات میں لاہور میں منعقد ہو رہا ہے۔ نواب صدر یار جنگ بہادر خاص طور پر شمولیت فرما رہے ہیں۔ فرزندان توحید کے لئے موقع ہے کہ اس اجلاس میں جوق درجوق تشریف لا کر اپنے مایۂ ناز رہنما کے قیمتی خیالات سے مستفیض ہوں۔

(معتمدین۔ انجمن حمایت الاسلام لاہور)

جامعہ اسلامیہ مدرسہ اشاعت العلوم بریلی

جامعہ اسلامیہ مدرسہ اشاعت العلوم جو کہ روہیلکھنڈ میں ایک واحد مذہبی درسگاہ ہے، مدت چالیس سال سے نہایت گرمجوشی و خوش سلوبی سے خدمات ملی و ملکی انجام دے رہی ہے جس کی اہمیت ظفر الملت والدین حضرت مولانا ظفر علی خاں صاحب کے ان الفاظ زریں سے ہوتی ہے جو آپ نے محترم نے ۲ نومبر ۱۹۳۳ء کو بعد ملاحظہ مدرسہ تحریر فرمائے تھے چونکہ بانی مدرسہ کا ہمیشہ سے منشا رہا ہے اور اب بھی ان ہی سے سابقہ ہے لہٰذا تمام مسلمانان ہند سے عموماً و قارئین کرام الجمعیۃ سے خصوصاً امید ہے کہ ہر امکانی کوشش سے دریغ نہ فرمائیں گے کیونکہ یہ موقع ذی الحج کا ہے لہٰذا پوستین یا قیمت و دیگر عطیات سے جامعہ کو فراموش نہ فرمائیں گے جامعہ کے مہتمم و مدرس اول حضرت مولانا مولوی محمد یٰسین صاحب مدظلہ ہیں لہٰذا ارسال زر بنام مہتمم صاحب یا منشی غلام سبحانی صاحب محرر مدرسہ ہونا چاہئے۔ آج بتاریخ ۱۲ نومبر ۱۹۳۴ء کو مجھے جامعہ اسلامیہ اشاعت العلوم بریلی کے معائنہ کا شرف حاصل ہوا اور بیلکھنڈ میں اس جامعہ کا وجود مسلمانوں کے لئے خیر و برکت کا بہت بڑا باعث ہے میں نے اس کی مختلف جماعتوں کے تلامذہ سے تبادلہ خیالات کیا اور مجھے یہ دیکھ کر بے انتہا مسرت حاصل ہوئی کہ ان سب کے دلوں میں اسلام کی حقیقی تڑپ موجود ہے اور جو تعلیم انہیں دی جا رہی ہے وہ انہیں آگے چل کر اسلام کے بے لوث اور جاں نثار خادم بنا دے گی۔ مدرسہ کے اساتذہ جن کے صدر مولانا محمد یٰسین صاحب ہیں اپنے فرائض منصبی باوجود اس کے کہ سرمایہ کا فقدان سنگ راہ ہے نہایت خوش اسلوبی سے انجام دے رہے ہیں مجھے امید ہے کہ مسلمانان ممالک متحدہ آگرہ و اودھ بلکہ سارے ہندوستان کے مسلمان اس مدرسہ کو اس کی مالی مشکلات سے نجات دلانے میں اپنی روایتی فراخ حوصلگی کا ثبوت دینگے... کی ہے کہ ہر خطہ اور ہر ناحیہ کے طلبہ یہاں تعلیم پا رہے ہیں۔ بنگال کا کوئی حصہ اس براعظم کا ایسا نہیں ہے جہاں کے طالبان علم یہاں موجود نہ ہوں میری دعا ہے کہ یہ مدرسہ پھلے اور پھولے۔ (دستخط ظفر علی خاں)

انوریہ لائبریری کا معائنہ

آج بتاریخ ۲۰ ذی قعدہ ۱۳۵۳ھ مطابق ۲۰ فروری ۱۹۳۵ء کو میں نے انوریہ لائبریری کا معائنہ کیا۔ یہ لائبریری حضرت استاذ شیخ الاسلام شیخ الحدیث مولانا مولوی سید محمد انور شاہ صاحب نور اللہ مرقدہ کی یادگار میں قائم کی گئی ہے اور عزیز گرامی سید حسن رضوی صاحب کی مخلصانہ انتھک کوششوں کا نتیجہ ہے۔ یہی اس کے ناظم ہیں۔ خدا کا شکر ہے کہ ان کی مخلصانہ اور پرجوش مساعی کی بدولت مشاہیر اور اہل علم حضرات نے خصوصیت سے اس لائبریری کی جانب توجہ مبذول فرما کر اس کی ترقی میں حصہ لینا شروع کر دیا ہے۔ امید ہے کہ اگر اس طرح دیگر مشاہیر ارباب تصانیف اور اصحاب خیر اس کی ترقی میں ساعی رہے تو دیوبند میں یہ اپنی نوعیت کی ایک شاندار لائبریری ہو جائے گی۔ "ہر کسی را بہر کارے ساختند" اللہ تعالیٰ ناظم صاحب کی محنت کو بار آور کرے اور دنیا کے مقدس ترین بزرگ و عالم کی نسبت سے مسلمانوں کے لئے اس لائبریری کا وجود صد ہزار حسن و خوبی کے ساتھ علمی و مذہبی ضروریات کا معاون و مددگار بنائے۔ آمین بحرمتہ سید المرسلین صلی اللہ علیہ وسلم۔

(ابو القاسم محمد حفظ الرحمٰن سیوہاروی)

آج حسن اتفاق سے مجھے انوریہ لائبریری دیکھنے کا موقعہ ملا یہ لائبریری میں حضرت علامہ انور شاہ صاحب رحمۃ اللہ علیہ کی یادگار میں قائم کی گئی ہے اس کے ناظم مولانا سید حسن رضوی صاحب کی سعی و کوشش ہے اس میں کافی تعداد میں کتابیں میسر آئیں۔ لیکن پھر بھی اتنے بڑے علامہ کی یادگار میں یہ مختصر علمی ذخیرہ کسی طرح موزوں نہیں لائبریری کے ارکان کی ہمت کو بلند اور نظر میں وسعت ضرور ہے کہ اتنے حسن قدر بلند ہمتی اور وسیع النظری کا ثبوت دیا گیا ہے وہ اس کی ایک حقیر خدمت ہے دیوبند جس طرح علمی مرکز ہونے کی حیثیت سے عالم اسلام میں بہت بلند درجہ رکھتا ہے۔ بعینہٖ حضرت علامہ رحمۃ اللہ علیہ دنیائے علم میں اعلیٰ مرتبہ کے علمی شخص تھے۔ پس ان کی یادگار جب تک اتنی بلند اور اعلیٰ شان کی نہ ہو تو وہ کسی طرح صحیح یادگار کہلانے کی مستحق نہیں ہو سکتی۔ پس اہل علم اور ارباب ذوق سے درخواست ہے کہ وہ جلد از جلد اس یادگار کی طرف متوجہ ہوں اور اس کی تمام ضروریات کو پورا کرنے میں مستعدی سے کام لیں۔

(محمد عظمت اللہ کان اللہ لہ)

سید حسن رضوی عفا اللہ عنہ

اخبار الجمعیۃ میں اشتہار دیکر اپنی تجارت کو فروغ دیجئے

مفت! مفت!! مفت!!!

گھر بیٹھے باقاعدہ تعلیم حاصل کرکے آیورویدک یونانی حکمت ہومیوپیتھک بائیوکیمک کی سندات حاصل کرنے کا قاعدہ و قواعد کارڈ ڈال کر مفت طلب کرو۔

پرنسپل ورلڈ انڈین میڈیکل کالج انبالہ شہر

خضاب چھوڑ دو

اس تیل سے بال کبھی سفید نہیں ہوتے... اگر سفید بال کالا پیدا ہو کر اگر ساٹھ برس تک کالا رہے تو وہ دام واپس... تین روپیہ اس سے زیادہ پکا ہو تو... نصف سے زیادہ بالکل پکا ہو تو لعم دو روپیہ کا تیل منگالیں۔

پتہ:۔ بال کالا اسٹورس پوسٹ کٹنی سمری دربھنگہ

۱۹۳۵ء

تار کا پتہ:۔ میڈیسنز دہلی ٹیلیفون ۵۵۶۶

گنی

طاقت کی بے مثل سنہری گولیاں

کا خاص تحفہ

مسیح الملک حکیم محمد احمد خاں صاحب کا عطیہ (سفر یورپ کے بعد)

چالیس گولیاں سات روپیہ

ہندوستانی دواخانہ (جس کو حکیم اجمل خاں نے ۱۹۰۳ء میں بنایا) دہلی (پوسٹ بکس ۲۲)

(جید برقی پریس دہلی میں باہتمام ہلال احمد زبیری پرنٹر و پبلشر چھپ کر دفتر الجمعیۃ دہلی سے شائع ہوا)

کراچی میں بے گناہ اور نہتے مجمع پر گولیوں کی بارش

زعماء سندھ کا مشترکہ اور نمائندہ بیان

بمبئی کونسل اور کونسل آف اسٹیٹ میں بحث

کراچی ۲۲ مارچ۔ مولانا محمد صادق صدر جمعیۃ علماء سندھ، حاتم علوی صدر سندھ مسلم لیگ اور شیخ عبدالمجید صاحب رکن بمبئی کونسل نے مندرجہ ذیل مشترکہ بیان برائے اشاعت اخبارات کو دیا ہے۔

۱۹ مارچ کو دوپہر کے وقت فوج نے غازی عبدالقیوم کے ماتمی جلوس پر بغیر کسی اطلاع اور انتباہ کے فائر کردئے۔ جنازہ کے جلوس میں ہزاروں اشخاص ...

روکا گیا اور ان پر گولیاں چلا دیں۔ یہ گولیاں کمر سے نیچے حصہ جسم پر نہیں چلائی گئیں بلکہ اوپر کے حصہ کو نشانہ بنایا گیا ہے۔ میں دریافت کرتا ہوں کہ اگر یہ بیگناہوں کا خون نہیں ہے تو کیا ہے؟ اگر ان افسروں کی بیوی بچوں کا بھی خیال نہ ہو تو میں کہہ سکتا ہوں کہ ان کو بھی گولی سے اڑا دیا جائے جس طرح انہوں نے بے ضرر اور نہتے ہجوم کو گولی کا نشانہ بنایا ہے۔

ہوم ممبر کا خشک جواب

ہوم ممبر نے اس کے جواب میں کہا کہ حکومت فوج کے طرز عمل کے متعلق کسی تحقیقات کے مطالبہ کو منظور نہیں کر سکتی۔ کیونکہ فوج نے جو کارروائی کی وہ مجسٹریٹ کے حکم سے کی اور اس نے اس وقت گولی چلائی جب سول حکام بالکل ...

...

بمبئی اور کراچی کی سرکاری رپورٹ آنے پر یہ بیان کرنے کا اعلان کیا اور کہا کہ حالات اس قدر خراب ہو گئے تھے کہ سوائے فیر کرنے کے اور کچھ نہیں بن پڑا۔ مجسٹریٹ نے فیر کرنے کا تحریری حکم دیا۔

گولی چلانے والے افسران کو بھی گولی سے اڑا دیا جائے!

بمبئی کونسل میں تحریک التواء۔ ہوم ممبر کا خشک جواب

بمبئی ۲۳ مارچ۔ کل بمبئی کونسل میں مسٹر ایچ۔ ایم گزدار نے تحریک التواء اجلاس پیش کی تاکہ کراچی میں پرامن مجمع پر گولیاں چلانے کے واقعہ پر غور کیا جاسکے جس میں بہت سے اشخاص مارے گئے اور دو سو سے زائد زخمی ہوئے۔ آپ نے بتایا کہ اس وقت تک مقتولین کی تعداد چالیس تک پہونچ چکی ہے۔ یہ سارا واقعہ سخت المناک ہے کیونکہ ایک پرامن اور بے ضرر ہجوم پر گولی چلائی گئی ہے اسلئے ضروری ہے کہ بلا تاخیر اس کی تحقیقات کیلئے ایک کمیٹی مقرر کی جائے۔ مسٹر گزدار نے بہت سخت الفاظ میں حکام کی نااہلیت کا ...

یورپ میں جنگ عمومی کیلئے تیاریاں

جرمنی فوج کی تعداد آٹھ لاکھ ہو جائیگی

اٹلی میں دس لاکھ فوج کے متعلق مسولینی کا اعلان

گزشتہ جمعرات کو دارالعوام میں مسٹر جارج لینسبری نے بین الاقوامی صورت حالات پر غور و خوض کے لئے التوائے اجلاس کی تحریک پیش کی۔ آپ نے تقریر کرتے ہوئے کہا۔

جرمنی نے تمام حکومتوں کو چیلنج دے دیا ہے۔ وہ معاہدہ امن کی دھجیاں ...

...

کی واپسی اور مجوزہ ہوائی معاہدہ موجودہ شک و شبہ کی فضا گفت و شنید اور ان چار مسائل کے متعلق معاہدہ کے بغیر دور نہیں ہو سکتی۔ اگر جرمنی نے اپنی ضد نہ چھوڑی تو دیگر ہمسایہ حکومتوں سے بھی امن کا معاہدہ نہیں ہو سکے گا۔

لیکن ہمیں کسی نہ کسی طرح یورپ میں امن قائم رکھنا ہے اور برطانیہ اس سلسلہ میں کوئی دقیقہ نہ چھوڑے گا اور ہم ممالک یورپ کے باہمی اعتماد اور بہتر تعلقات کے حد درجہ متمنی ہیں۔ لیکن انفرادی طور پر کسی ملک سے کوئی خاص معاہدہ بھی نہیں کرینگے۔

جرمنی میں طیاروں کی تعمیر

لندن ۲۲ مارچ۔ مسٹر ایڈن لارڈ پریوی سیل نے ماسکو کے دورہ کے متعلق حکومت زیکوسلویکیا کا دعوت نامہ منظور کر لیا ہے۔ جہاں آپ ۳ اپریل کو جائیں گے۔ پیرس کی اطلاع مظہر ہے کہ وزیر جنگ جنرل مورین نے فوجی کمیٹی چیمبر کو کل اطلاع دی کہ جرمنی میں عنقریب ہی فوج کی تعداد سات لاکھ سے ...

...

مسولینی کا اعلان

دوستی کی ہماری خواہش دس لاکھ فوجیوں پر مبنی ہے۔ اپنی تقریر کو جاری رکھتے ہوئے سائنر مسولینی نے کہا کہ اٹلی دنیا کو عظیم الشان امن پیش کرتا ہے لیکن اگر کوئی ناخوشگوار صورت حالات پیدا ہو گئی تو اٹلی اس کیلئے تیار رہیگا۔

ماہ مارچ میں امرت دھارا اور اس کے مرکبات ۱/۴ قیمت پر باقی ادویات و کتب نصف قیمت پر منگوائیں

امرت دھارا اوشدھالیہ کی کچھ خاص ادویات جنہوں نے بالکل مایوس مریضوں کو بھی آرام دیا!

جو یکم سے ۳۱ مارچ تک کسی بھی ڈاکخانہ میں خط ڈالنے سے نصف قیمت پر ملیں گی

سیحا یہ عجیب نام ایک اکسیر دوائی کا ہے۔ جو کہ بڑی سخت امراض میں اکسیر کا کام کرتی ہے۔ جسم میں ناسور ... روغن سیحا وغیرہ کے ساتھ اسکو کھانے کو دیا جاتا ہے ... قیمت فی ... نصف ...

گندھارا رس سخت سے سخت اور پرانے سے پرانے اسہال پیچش سنگرہنی وغیرہ جنید روم میں کا فوراً اثر ایک خوراک سے دست و پیچش وغیرہ کو آرام ہوتا ہے۔ ... قیمت فی تولہ ایک روپیہ۔ نصف ...

دنت سنوار یہ منجن ایک ایسی چیز ہے جو ہمیشہ رکھنے کے قابل ہے ... قیمت ایک تولہ ایک روپیہ ...

روغن سیحا

سورج مکھی

بھرتی

عرق بخار

انتی میدھ

جوہر ناشک

اشوکری

اکسیر بدن

پران آتما

امرت کی گولیاں

ساراسوت مرکب

جوارش برک

منیجر امرت دھارا اوشدھالیہ، امرت دھارا روڈ، امرت دھارا ڈاکخانہ، لاہور

اسمبلی میں کراچی کے المناک واقعہ پر زبردست بحث

مسٹر جناح، مسٹر گابا اور مسٹر ڈیسائی کی تقریریں

تحقیقاتی کمیٹی کے تقرر کا مطالبہ۔ اصل تحریک منظور

نئی دہلی ۲۱ مارچ۔ آج ۷ روز کے تعطل کے بعد اسمبلی کا اجلاس پھر شروع ہوا۔ مسٹر خالد لطیف گابا نے واقعہ ہائلہ کراچی کے سلسلہ میں التوائے اجلاس کی تحریک پیش کی تھی جس پر ۴ بجے بحث کا وقت دیا گیا تھا۔ چنانچہ ٹھیک ۴ بجے باقی کارروائی ملتوی کر دی گئی اور مسٹر گابا نے تحریک پیش کر دی۔

محرک کی تقریر

...

جو کچھ صورت حالات کے مطابق ٹھیک تھا کیا۔

جہاں تک علم الدین کے جنازہ کے جلوس کا تعلق ہے جلوس لاہور کے باہر نکالا گیا تھا۔ اس واقعہ اور کراچی والے واقعہ میں کوئی نسبت نہیں ۱۹۲۷ء میں دہلی میں عبدالرشید کے جنازہ کا جب جلوس نکلا تو ایک گھنٹے کے اندر اندر ۶۲ ہندو مجروح ہو گئے۔ دو ہلاک ہوئے اور ۵ دوکانیں لوٹی گئیں۔ مگر کراچی میں بھی جلوس نکلتا تو کشت و خون اور لوٹ مار میں کوئی شبہ نہ تھا۔ ان حالات کی بنا پر حکومت کے طرز عمل کو ہرگز ناجائز نہیں سمجھنا چاہئے۔

مسٹر جناح کی تقریر

مسٹر جناح نے کہا کہ کراچی کے سول افسروں نے سخت بدانتظامی اور نااہلیت ...

...

دلچسپ مکالمہ

سر عبداللہ ہارون نے کراچی کے نقد زعماء کے بیانات پڑھ کر سنائے۔

مسٹر لال چند نوالرائے نے کہا کہ کراچی میں ہندو اور مسلمانوں کے تعلقات دس سال تک اچھے رہے۔ لیکن موجودہ فضا بیرونی مداخلت نے بگاڑی۔

سر ہنری کریک نے فوجی دستے کی حمایت کرتے ہوئے کہا کہ ہجوم کے سامنے تین کمپنیاں موجود تھیں لیکن فائر کرنے والے صرف تیس فوجی تھے۔

مسٹر جناح: گویا اس کا مقصد یہ ہے کہ حفظ ماتقدم کی ضرورت صرف فوجیوں کو تھی اور تین کمپنیاں چپ چاپ منہ تکتی رہیں۔

سر کاؤس جی: تین کمپنیوں میں کتنے فوجی تھے؟

ٹاٹنہیم: تین چار سو۔

سر کاؤس جی: ایسے اہم وقت پر تین چار سو آدمی بالکل ناکافی تھے ...

...

سر ہنری کریک کی تقریر

سر ہنری کریک نے کہا کہ گو اس معاملہ پر فوراً بحث ہونی چاہئے۔ مگر میرا خیال ہے کہ پوری تفصیلات موصول ہونے کے بعد بحث ہو تاکہ صحیح واقعات کا اندازہ ہو سکے۔

آپ نے کہا کہ مقامی لیڈروں سے اس لئے استصواب رائے نہ کیا گیا کیونکہ نعش عبدالقیوم کے پسماندگان کے حوالے کر دی گئی اور اس کی مرضی کے خلاف جلوس نکالنے والوں نے نعش پر قبضہ کر لیا۔ شہر میں جلوس کا لیجانا محض ہندوؤں کے خلاف جذبات پھیلانے کے مترادف تھا۔ نعش کو شہر میں دفن نہیں کرنا تھا پھر شہر میں جانے کی کیا ضرورت تھی۔ ایک زبردست ہجوم نے جوش سے دیوانہ ہو رہا تھا دو سرکاری مجسٹریٹوں کو مجروح کر دیا اور ایک بلوائی نے ایک فوجی کی بندوق تک چھیننے کی کوشش کی۔ اس لئے گولی چلانی پڑی۔

...

بمقابلہ ۴۰ کے ۵۸ ووٹ سے منظور ہوئی۔

سٹر ایچ جے جاتبلار رہے۔ سٹر سنت سنگھ، مسٹر نول رائے اور بھائی پرمانند نے حکومت کے حق میں ووٹ دئے۔

شیروں اور سانپوں نے ہزاروں آدمی ہلاک کر دئے

ناگپور ۲۴ مارچ۔ ایک رپورٹ مظہر ہے کہ ۱۹۳۴ء میں سی۔ پی اور برار میں جنگلی جانوروں کی وجہ سے ۳۰۰ آدمی ہلاک ہوئے۔ شیروں نے ۷۵ آدمیوں کو موت کے گھاٹ اتارا، چیتے نے ۲۳ آدمیوں کو مارا جبکہ ۱۲۹۳ آدمی سانپ کے کاٹنے سے مرگئے۔ ریچھ، ہاتھی اور دیگر جانوروں نے بھی ۳۹ جانیں تلف کیں ...

بصائر و نظائر

مغرب کے استعماری سیلاب اور فرنگی تہذیب نے مشرقی ارض پر جو تباہی ڈالی ہے اس کا اثر نہ صرف مشرق کے جسم پر ہی پڑا ہے بلکہ اس کی روح، اس کی تہذیب اور اس کا تمدن بھی بری طرح مجروح ہوا ہے اور اس کی ایک بحر مغرب نے جسم و روح دونوں کا کام تمام کر دیا ہے۔ یہ فرنگی سیلاب اس قدر وسیع اور ہمہ گیر ہے کہ اس کی کوئی جہت متعین نہیں کی جا سکتی۔ اور نہ اس کی رفتار کیلئے کوئی حد مقرر کی جا سکتی ہے۔ زندگی کا وہ کونسا شعبہ ہے جو اس کی گرفت میں نہ آ چکا ہو اور عقیدہ و مسلک کی وہ کونسی شاخ ہے جو اس کی دستبرد سے محفوظ ہو ...

...

مقالات خالدہ ادیب خانم

محترمہ خالدہ ادیب خانم جو اہل ملک کی خوش قسمتی سے جامعہ ملیہ کی دعوت پر ہندوستان تشریف لائی ہیں، صرف ترکی کی عظیم ترین خاتون نہیں بلکہ عہد حاضر کی ممتاز شخصیتوں میں ان کا شمار ہے وہ نہ صرف صنف نازک کے لئے قابل فخر ہیں بلکہ مردوں کے لئے بھی ان کا وجود موجب صد رشک ہے۔ ان کی زندگی شاندار کارناموں سے پر ہے۔ ان کی شجاعت، عالی حوصلگی اور حب الوطنی کا اعتراف انکے مخالفین بھی کرتے ہیں ...

...

جب ہماسے نوجوانوں کی ذہنی تربیت اس طریقہ سے اور ایسے ماحول میں کی گئی اور ان کو اسلامی رنگ سے بیگانہ کر کے ان کے ہاتھوں میں ڈگریاں دیدی گئیں اور در در ٹھوکریں کھانے کے لئے ان کو آزاد چھوڑ دیا گیا۔ جب وہ باہر نکلے تو اس شان سے کہ ایک طرف اسلامی عقائد و اصول کو تمسخر کا نشانہ بنایا تو دوسری طرف اسلامی احکام و فرائض اور اسلامی اعمال کو قدامت پرستی کا لقب قرار دیدیا۔ اور ساتھ ہی شان مجتہدانہ و مصلحانہ سے اپنی اغراض و خواہشات کی قینچی سے اسلام میں قطع و برید شروع کر دی اور اپنی حدود سے تجاوز کر کے خود ہی منصب قیادت و امامت سنبھال بیٹھے!

...

کی ہیں۔ وہ ایک پختہ مشق اخبار نویس بھی ہیں، ایک کامیاب ادیب شاعر اور ناول نگار بھی ہیں۔ ایک معتقد مورخ بھی ہیں، ایک بلند پایہ مدبر بھی ہیں اور ایک نڈر جاں باز سپاہی اور جرنیل بھی ہیں۔ خدا کا ان پر یہ بڑا احسان ہے کہ ان سب صلاحیتوں سے کام لینے کی توفیق انہیں ارزانی ہوئی۔

ان کے علمی تبحر، اعلیٰ تدبر، ژرف نگاہی، تاریخی شغف، ادبی ذوق اور قرآن کی تاریخ نیز فلسفۂ تاریخ سے گہری واقفیت کا اندازہ ان کے تازہ لیکچروں سے ہوتا ہے جو انہوں نے جامعہ ملیہ اسلامیہ کے طالب علموں اور مجمع کے سامنے دئے۔ ان تقریروں کا موضوع سرزمین ترکی اور ترکی تاریخ میں مشرق و مغرب کا تصادم ہے ...

...

(مکتبہ جامعہ دہلی)

دفتر اخبار الجمعیۃ، جید برقی پریس اور ایڈیٹر الجمعیۃ کے مکان کی خانہ تلاشیاں

صوبہ سرحد کی سی آئی ڈی اور مقامی پولیس کا چھاپہ

ایک مراسلہ کی تلاش اور نوٹ کے متعلق غلط فہمی

دہلی ۷ مارچ۔ کل صبح ۹ بجے دفتر الجمعیۃ پر پولیس اور سی آئی ڈی کی ایک جمعیت نے چھاپہ مارا اور تقریباً ۴ گھنٹہ تک دفتر الجمعیۃ کی تلاشی لی۔ یہ تلاشی صوبہ سرحد کے ایک وارنٹ کی بنا پر عمل میں آئی جس کی سرانجام دہی کیلئے صوبہ سرحد کے انسپکٹر سی آئی ڈی کو پشاور سے دہلی آنا پڑا۔ آپ کے ہمراہ مقامی پولیس کے بعض آفیسر اور چند کانسٹبل بھی تھے۔ چار گھنٹہ کی متواتر کوشش اور جستجو کے بعد پولیس کے ہاتھ کوئی ایسی چیز نہیں آئی جس کی کہ اس کو تلاش تھی۔ صرف ایک نوٹ کا مسودہ پولیس نے لے لیا۔

دفتر الجمعیۃ کی تلاشی کے بعد جناب ہلال احمد صاحب زبیری بی اے ایڈیٹر الجمعیۃ کے مکان کی نصف گھنٹہ تک تلاشی لی گئی۔ لیکن وہاں سے قطعاً کوئی چیز برآمد نہیں ہوئی۔ اس کے بعد جید برقی پریس (جہاں الجمعیۃ چھپتا ہے) کی بھی پون گھنٹہ تک اسی سلسلہ میں تلاشی لی گئی لیکن وہاں سے بھی کوئی چیز نہ ملی۔

یہ خانہ تلاشیاں ایک مشترکہ کی بنا پر عمل میں آئیں جو الجمعیۃ مورخہ ۔۔ فروری میں حضرت مولانا عبدالرحیم صاحب پوپلزئی زعیم سرحد ... کے بارے میں پابندیاں عائد کرنے کے متعلق درج کیا گیا تھا۔ ...

کراچی کی شرمناک سفاکی نے بچہ بچہ کے دل میں آگ بھڑکا دی ہے

افسروں کو سزائیں دینے اور آزاد تحقیقات کا مطالبہ

کراچی کے افسوسناک واقعہ پر صدر جمعیۃ علماء ہند کا بیان

کراچی میں مسلمانوں کے ایک نہتے مجمع پر جس میں عورتیں بچے اور بوڑھے اشخاص بھی شامل تھے ۱۹ مارچ کو پولیس اور فوج نے انتہائی سفاکی اور بیدردی سے آتشبار کارکے سرکاری اور نیم سرکاری اخبارات کی اطلاع کے موافق ۳۵ اور نجی بیانوں کے مطابق ۔۔ قیمتی جانوں کو شہید کر دیا اور سینکڑوں کو زخمی کر کے لب گور تک پہونچا دیا۔ اس شرمناک سفاکی نے ہندوستان کے بچہ بچہ کے دل میں غم و غصہ کی آگ بھڑکا دی ہے۔ اور ہر شخص کا دل ان مظلوم شہیدوں اور زخمیوں اور ان کے پسماندوں کے ساتھ ہمدردی کے جذبات سے لبریز ہے۔ ہندوستان کے باشندے عموماً اور مسلمان خصوصاً اس وقت تک مطمئن نہ ہوں گے جب تک کہ کوئی آزاد کمیشن تحقیقات کر کے صحیح حالات کی رپورٹ شائع نہ کرے اور حکومت اس خونریزی کے ذمہ دار افسروں کو عبرتناک سزائیں دے اور شہیدوں کے پسماندوں کے ساتھ ان کے گزارے کے لئے انسانیت و ہمدردی کا سلوک نہ کرے۔

(حضرت علامہ) محمد کفایت اللہ کان اللہ لہ

حکومت کے بجٹ کی منظوری میں مشکلات

آرڈیننس کے اجراء کا امکان

مسٹر شیروانی سچے محب وطن تھے

گاندھی جی کا تعزیتی پیغام

گورنر سے اجودھیا کے مسلم وفد کی ملاقات

وفد کی ناکام واپسی

ملاحظہ کیجئے

وائسرائے نے اسمبلی کا فیصلہ مسترد کر دیا

تخفیف بحال کر دی گئی

عدالت میں مرزا محمود قادیانی کی پیشی

میں تمام مسلمانوں کو کافر سمجھتا ہوں

چلتی ٹرین پر مسلح ڈاکہ

جمعیۃ اقوام کی کونسل کا خاص اجلاس

دہلی میونسپلٹی میں رشوت ستانی کا زور

سکرٹری کا اعتراف

حافظ سلیمان میونسپل کمشنر کا انتقال

صدر ناظم جمعیۃ علماء ہند کے تار کا سلطانی جواب

سلطان ابن سعود کی طرف سے اظہار تشکر

گاندھی جی کا نیا اقدام

چار ہفتہ تک مون برت

دار الحکومت کے

کراچی کا حادثہ اور سلطان حجاز پر حملہ

جامع مسجد میں مسلمانان دہلی کا جلسہ

کیپٹل ایوارڈ کانفرنس کا اجلاس

بسم اللہ الرحمن الرحیم

الجمعیۃ دہلی

یوم پنجشنبہ ۲۲ ذی الحجہ ۱۳۵۳ھ ہجری

شہدائے کراچی کا خون

آزاد تحقیقات کا مطالبہ اور مظلومین کی امداد

کراچی کے قیامت خیز و لرزہ انگیز حادثہ فاجعہ کے متعلق ان کالموں میں اظہار رائے کیا جا چکا ہے اور جیسا کہ ہمارا خیال تھا تمام ہندوستان میں مختلف مقامات پر عام جلسوں کے ذریعہ یہ مطالبہ کیا جا رہا ہے کہ حکومت ایک غیر جانبدار مجمع پر گولیاں چلانے کے متعلق آزاد تحقیقات کرائے اور جو لوگ تحقیقات کے بعد مجرم ... ہوگا اور اس میں کوئی شبہ نہیں کہ ان کو یہی کرنا چاہئے۔ سب سے پہلے تو بلاشبہ حکومت ہی کا فرض تھا کہ وہ آزاد تحقیقات کرائی لیکن جب وہ اس سے تیار نہیں ہوتی تو دوسری بہترین تجویز یہی ہو سکتی ہے کہ ملک کے مقتدر و مقتدین حضرات جن پر پبلک کو اعتماد حاصل ہے اور جو حکومت کے اداروں سے بھی ...

مسٹر شیروانی کا انتقال!

ٹاٹا مین کا اعلان

حوادث و احکام

استفتاء

الجواب

فلپائن آزاد کر دیا گیا

صدر امریکہ کا اعلان آزادی

شذرات

اجودھیا کے مسلمانوں کا وفد

گورنر جنرل کی مطلق العنانی

برلن میں ہر ہٹلر اور سر سائمن کی گفت وشنید شروع ہوگئی

روس اور اٹلی سے تبادلہ خیال کے ارادے

لندن ۲۵ مارچ - برلن سے آمدہ اطلاع کی بنا پر رائٹر مظہر ہے کہ آج چانسلر کے دفتر میں سر جان سائمن مسٹر اینتھونی ایڈن ہر ایرک فپس اور ہر ہٹلر وان نیوراتھ میں گفتگو ۱۰ بجے شروع ہوئی - بعد میں وان رِبن ٹراپ بھی آگئے جس سے معلوم ہوتا ہے کہ تخفیف اسلحہ اور جبریہ بھرتی کے مسائل پر خاص طور پر تبادلہ خیال ہو رہا ہے - یہ گفت وشنید سہ پہر کے بعد تک جاری رہے گی - صرف درمیان میں لنچ کے لئے کچھ وقفہ دیا جائے گا - اس کے بعد ۶ بجے سر جان سائمن دیگر ممالک کے برلن کے نمائندوں سے ملاقات کریں گے۔

آج کے بعد یہ سلسلہ گفتگو بدھ کے روز تک جاری رہیگا جس کے بعد سر جان سائمن بذریعہ ہوائی جہاز لندن واپس چلے جائیں گے اور مسٹر ایڈن ماسکو کے لئے روانہ ہو جائیں گے وہاں سے وہ وارسا ہو کر پیراگ جائیں گے - توقع کی جاتی ہے کہ آپ ۳ اپریل تک واپس لندن پہنچ جائیں گے - ان تمام ملاقاتوں کے نتائج کی رپورٹ برطانیہ کی کابینٹ کو کردی جائے گی - خیال ہے کہ ۱۱ اپریل تک برطانوی وزرا موسیو سولینی اور ایم لاوال اور سر جان سائمن کی گفتگو بھی ہوچکے گی - بعد ازاں ان سب معاملات اور نتائج کے بیتی نظر غور کیا جائے گا اور ۱۵ اپریل کا دن کونسل کی خاص میٹنگ بلانے کے لئے مخصوص کر دیا گیا ہے۔

کراچی کے خونی حادثہ پر ایک فوجی افسر کا اظہار افسوس

۴۲ جانوں کے اتلاف کی قیمت سو روپے

بعض زخمیوں کے اعضا کاٹ دیے گئے - عورتوں اور بچوں کی حالت

کراچی کی تازہ ترین اطلاعات مظہر ہیں کہ وہاں اب بالکل امن وامان ہے - موثق اطلاعات سے معلوم ہوتا ہے کہ کراچی کے خونی حادثہ میں شہید اور زخمی ہونے والے مسلمانوں کی صحیح تعداد اس سے کہیں زیادہ ہے جو اس وقت تک سرکاری بیانات اور اخباری اطلاعات میں آچکی ہیں - ۱۸ مارچ کی شب تک جاں بحق ہونے والے اشخاص کی تعداد ۴۲ تک پہنچ چکی تھی - بہت سے زخمیوں کی حالت نازک ہے اور بہت سے مجروحین کے اعضا کاٹ دیئے گئے ہیں کیونکہ ان کے زخم لا علاج تھے زخمیوں میں عورتیں اور بچے بھی شامل ہیں اور کئی بچے گولیوں سے شہید بھی ہوچکے ہیں - ہندو اور مسلمان سربر آوردہ اشخاص کی طرف سے مجروحین ومقتولین کے پسماندگان کی امداد کے لئے ایک مشترکہ اپیل شائع ہوئی ہے - ہندو مسلمانوں کے تعلقات خوشگوار ہیں - شہدا اور مجروحین کے لئے جو ریلیف کمیٹی بنائی گئی تھی اس کو چندے موصول ہو رہے ہیں اس ضمن میں کرنل ڈنش وڈ کمانڈنگ رائل سیکس کی طرف سے ایک سو روپے کی رقم کے ہمراہ ایک نہایت دردناک خط بھی موصول ہوا ہے جس میں کمیٹی کو یقین دلایا گیا ہے کہ اس موقعہ پر رجمنٹ کو جو ناگوار فرض ادا کرنا پڑا ہے اس پر آپ بے حد متاسف ہیں اور خاص کر اس شہر میں جہاں اس نے پانچ سال نہایت پر امن طریق پر گذارے ہیں۔

مسٹر تصدق احمد خاں شیروانی کا انتقال

تمام ہندوستان میں ماتمی جلسے

زعمائے ملک وملت کا اظہار تعزیت

ملک وملت کے لئے یہ خبر کس قدر رنجدہ ہے کہ مسٹر تصدق احمد خاں شیروانی ۲۴ مارچ بروز جمعہ صبح کے وقت اس جہان فانی سے کوچ کر گئے - انا للہ وانا الیہ راجعون - مرحوم ہندوستان کے ایک مشہور محب وطن اور قومی لیڈر تھے اور اپنی عمر کا بیشتر حصہ تحریک آزادی میں گذارا تھا - آپ چند روز سے گردن توڑ بخار میں مبتلا تھے اور آخری وقت میں ڈاکٹر انصاری اور حکیم محمد احمد خاں صاحب نے اپنی مایوسی کا اظہار کر دیا تھا - ڈاکٹروں نے ملکر یہی طے کیا تھا کہ دماغ کا اپریشن کر دیا جائے مگر اس کے انتظامات بھی نہ ہونے پائے تھے کہ مرض نے جگر پر حملہ کر دیا اور اپریشن کا ارادہ ترک کرنا پڑا - مرحوم کے ...

ناظم جمعیۃ علماء ہند کا بیان

مولانا احمد سعید صاحب ناظم جمعیۃ علماء ہند نے مرحوم شیروانی کی وفات پر اظہار خیال کرتے ہوئے فرمایا کہ مرحوم کی موت تک وملت کے لئے ایک ناقابل تلافی نقصان ہے آپ ایک نہایت قابل اور مستعد بیرسٹر کے علاوہ علم دوست اور بڑے بینڈ میٹنلسٹ اور آزاد خیال مسلمان تھے وہ تحریک خلافت سے لیکر اپنی وفات تک ہندوستان کی آزادی کے حامی رہے - میری دعا ہے کہ باری تعالیٰ ان کی مغفرت فرمائے اور ان کے متعلقین کو صبر کی دولت سے مالامال کرے۔

سلطان ابن سعود پر حملہ اور حکومت یمن

تحقیقات کیلئے گورنر حدیدہ کا تقرر

ابن ۲۲ مارچ یمن کے وزیر خارجہ نے سرکاری بیان شائع کیا ہے جس میں کہا گیا ہے کہ یقین نہیں کیا جاسکتا کہ سلطان ابن سعود پر حملہ کرنے والے یمن کے زیدی تھے اس لئے سابق گورنر حدیدہ کو جو اس وقت مکہ مکرمہ میں مقیم ہیں سعودی گورنمنٹ کے پاس بھیجا گیا ہے تاکہ اس حملہ کے متعلق تحقیقات کی جائے - اس اعلان میں حملہ کی سخت مذمت کی گئی ہے اور سلطان ابن سعود سے گہرے جذبات کا اظہار کیا گیا ہے۔

حملہ کی پرزور مذمت

...

قائم رکھے اور اس کے ذریعہ مقاصد اسلامیہ کو تقویت عطا فرمائے آمین

(ناظم انجمن تہذیب الکلام دہلی)

اسی طرح جمعیۃ التذکیر مبارکپور کا ایک فوری اجلاس زیر صدارت حضرت مولانا عبید اللہ صاحب مبارکپوری ۱۹ مارچ ۱۹۳۵ء کو منعقد ہوا جس میں سلطان ابن سعود خلد اللہ ملکہ پر بد قماش ناپاک حملہ کے متعلق علمائے معاندین اسلام اور دشمنان ابن سعود کو نہایت ہی نفرت وحقارت کی نظر سے دیکھا گیا اور سلطان موصوف اور ولیعہد امیر سعود کے بال بال محفوظ رہنے پر اظہار مسرت کیا گیا۔

(نامہ نگار)

بنگال میں خوفناک آندھی

دو آدمی ہلاک

کلکتہ ۲۴ مارچ - گذشتہ جمعرات کو مضافات میں ایک زبردست آندھی ...

ہندوستان میں فرقہ وارانہ فسادات

ہولی - گائے کی قربانی اور مسجد کے سامنے باجہ

کلکتہ ۲۴ مارچ - ایک علاقہ میں ہولی کے موقعہ پر جھگڑا ہونے سے پولیس نے چند گرفتاریاں کیں - ایک ہندو نے کسی مسلمان پر رنگ پھینک دیا جس پر فساد ہوگیا اور فریقین نبرد آزما ہوگئے - لاٹھیوں، اینٹ، پتھر اور سوڈے کی بوتلوں کا استعمال کیا گیا ...

لاہور ۲۳ مارچ - موضع سرائن ضلع گوجرانوالہ کی ایک خبر ہے کہ وہاں گائے کی قربانی پر سکھوں اور مسلمانوں کے درمیان ایک خوفناک جھگڑا ہوگیا جس میں تین آدمی ہلاک اور متعدد مجروح ہوئے - جن میں سے ایک شخص شفاخانہ جاکر مر گیا۔

لندن یکم اپریل۔ مسٹر ایڈن نے جو روس کا دورہ کیا تھا اس کے متعلق ایک اعلان شائع کیا گیا ہے جس کا لب لباب یہ ہے کہ روس اور برطانیہ میں قیام امن کے لئے پورا اتفاق ہے مسٹر ایڈن اور روسی نمائندہ مسٹر لٹونوف کے درمیان بین الاقوامی صورت حالات کے متعلق تبادلہ خیالات ہوا جس میں مجوزہ مشرقی معاہدہ بھی شامل ہے اس کے علاوہ اینگلو فرنچ کمیونک پر بھی غور کیا گیا اور برطانیہ اور روس کے باہمی تعلقات کو مستحکم کرنے پر بھی تبادلہ خیال ہوا۔ اب دوسرا قدم ایک ایسے معاہدہ کا ہوگا جو فرانس، روس اور زیکوسلیویکیا کے مابین ہوگا اور جس کا مطلب یہ ہوگا کہ وہ جرمنی کے خلاف ایک دوسرے کی مدد کریں اگر پولینڈ کی مرضی ہوگی تو وہ بھی اس میں شریک ہو سکے گا جہاں تک روس کا تعلق ہے وہ برطانیہ سے کسی قسم کے وعدہ کا مطالبہ نہیں کرنا چاہتا۔ برطانیہ سے صرف اتنی خواہش کی جا رہی ہے کہ وہ اس قسم کی کوشش کے خلاف کوئی کارروائی نہ کرے جس کا مقصد مشرقی یورپ میں امن وامان کا قیام ہے یا وہ اس کی مخالفت کے لئے کسی فریق کو اکسائے۔

ماسکو یکم اپریل۔ گذشتہ شب مسٹر ایڈن پونے گیارہ بجے وارسا کے لئے روانہ ہو گئے۔ پلیٹ فارم پر سرخ کپڑا بچھایا گیا تھا اور روسی افسران کے علاوہ برطانوی سفیر بھی ان کو الوداع کہنے کے لئے اسٹیشن پر آئے۔ برطانوی اور روسی جھنڈا لہرایا گیا۔ مسٹر ایڈن نے روسی اخلاق اور مہمان نوازی کا شکریہ ادا کیا جس وقت مسٹر لٹونوف نے مسٹر ایڈن کو الوداع کیا تو یہ بھی فرمایا کہ "میں آپ کی کامیابی کا خواہشمند ہوں۔ آپ کی کامیابی اس وقت ہماری کامیابی ہے"۔

وارسا یکم اپریل۔ مسٹر ایڈن ماسکو سے یہاں پہونچ گئے۔ توقع ہے کہ پولینڈ کے افسران نئی تجاویز پیش نہیں کریں گے بلکہ مسٹر ایڈن نے برلن اور ماسکو میں جو گفتگو کی ہے اس کے پیش نظر ان کے مشوروں پر عمل کریں گے۔

جرمنی میں آئندہ جنگ کیلئے زبردست تیاریاں شروع ہوگئیں

ڈیفنس کونسل کی تشکیل۔ افواج کی تعداد ۲/۱ ۵ لاکھ تک پہونچ جائے گی

اسٹالن کا خیال ہے کہ یہ جنگ گذشتہ جنگ سے زیادہ خوفناک ہوگی

لندن یکم اپریل۔ ادھر قیام امن کے لئے برطانیہ اور روس میں مسٹر ایڈن کے سفر کے بعد تعاون کی بنیاد استوار ہوئی ہے تو دوسری طرف برلن میں جدید نوعی کی تنظیم اور جنگ کی تیاریاں شروع کر دی گئی ہیں۔ خیال کیا جاتا ہے کہ جرمنی افواج کی تعداد ۵۰۰۰۰۰ تک پہونچ جائے گی عنقریب جرمنی میں ڈیفنس کونسل کی تشکیل کیجائیگی جس کے روح رواں فنڈن ڈورف اور وان سیکٹ ہوں گے جو قیصر جرمنی کے حامیوں میں سے ہیں۔ اس طرح موجودہ جرمنی اور قیصریت پسندوں کے اختلافات کا بھی خاتمہ ہو گیا ہے۔

آج ۱۹۱۵ء کی افواج کا مظاہرہ کیا گیا جس کی تعداد ۵ لاکھ اسی ہزار ہے چند سال کے اندر اندر ۱۹۱۰ اور ۱۹۰۹ کے سپاہ کو بھی فوجی خدمات کے لئے تیار کیا جائیگا۔ چونکہ جرمنی کی جدید فوجی اور بحری تنظیم پر بہت زیادہ خرچہ بیٹھے گا اس لئے وزارت مال بجٹ کے توازن پر غور کر رہی ہے۔ حکام کو اس سلسلہ میں مزید اختیارات دئے جانے کا ایک قانون نافذ کیا گیا ہے تاکہ وہ فوجی اخراجات کے پیش نظر بجٹ کو متوازن کرنے کے لئے اپنے اختیارات کو کام میں لائیں۔

اخبار ٹائمز کا نامہ نگار ماسکو سے اطلاع دیتا ہے کہ صدر جمہوریہ روس "اسٹالن" نے مسٹر ایڈن سے دریافت کیا کہ اگر مستقبل قریب میں جنگ پھوٹ پڑی تو وہ ۱۹۱۴ء کی جنگ سے زیادہ سخت ہوگی یا اس سے کم؟ مسٹر ایڈن نے کہا کہ اس سے کم۔ لیکن اسٹالن کا نظریہ یہ ہے کہ آئندہ برپا ہونے والی جنگ گذشتہ جنگ سے زیادہ سخت اور ہولناک ہوگی۔ کیونکہ جنگ عمومی میں صرف ایک حکومت سے خطرہ تھا اور آئندہ کی جنگ میں جرمنی اور جاپان کا مقابلہ ہوگا!

برطانیہ کو جاپان کا جواب

پہلے منچوکو کی سلطنت کو تسلیم کرو

لندن۔ ۳ مارچ۔ معاصر ٹائمس کے نامہ نگار متعینہ ٹوکیو نے اطلاع دی ہے کہ منچوکیو کے تیل کی تجارت کے مسئلہ پر حکومت جاپان نے برطانیہ کو جو تازہ ترین جواب دیا ہے۔ وہ منچوکیو کی حیثیت پر بھی نظر انداز ہوتا ہے۔

جاپان نے اپنے جواب میں اس بات کا اقرار کیا ہے کہ اس نے منچوکیو میں آزاد تجارت کا وعدہ کیا تھا مگر چونکہ اس کی منچوکیو کی حیثیت کے متعلق درخواست نامنظور کر دی گئی ہے۔ اس لئے اس سے اس عہدہ پر قائم رہنے کی توقع نہیں رکھنی چاہئے۔ حکومت جاپان کہتی ہے کہ جس کو منچوکیوں نے حکومت برطانیہ کی موافقت میں اعلان کر دیا تھا اس حالت میں برطانیہ کا منچوکیو کے درجہ کو نہ پہنچانا اس کی متضاد روش کی کھلی دلیل ہے۔

صوبہ بمبئی میں شاردا ایکٹ کی خلاف ورزیاں

صرف سندھ میں ۹ ہزار کمسنوں کی شادیاں

بمبئی ۱۳ مارچ۔ سوضع ویکانیر میں گذشتہ ایک ہفتہ کے اندر ۱۹۰ شادیاں انجام پائی ہیں جن میں اکثر ایسے بچوں کی ہیں جو ابھی تک اپنی ماں کی گود میں رہتے ہیں۔ صرف چند جوڑے ایسے ہیں جو بالغ ہیں۔ اس طرح سندھ میں ۹ ہزار نابالغوں کی شادیاں ہوئیں۔ قانون کی زد سے بچنے کے لئے یہ شادیاں میر پور ریاست میں کی گئیں جن کا اطلاع ہو کر قبل کیونکہ قانون جاری تنازعہ تھا۔

کمیونزم اور اسلام

روسی نظام حکومت پر ایک طائرانہ نظر

(از ڈاکٹر سید نجم الدین احمد جعفری ...)

...

مذہب کے خلاف روس کی سرگرمیاں

اسلام ایک مکمل نظام حکومت ہے، بندگی کا ایک طریقہ ہے۔ خدا کی عظمت کا اعتراف جس کے ساتھ ایک مسلمان اپنے اعتقادات میں ...

...

اشتراکیت کا عقیدہ اور اسلام

کمیونزم کا بنیادی عقیدہ یہ ہے کہ سوسائٹی میں اقتصادی مساوات ...

نمک کے محصول میں کمی کی تحریک منظور

اسمبلی میں حکومت کو ایک اور شکست

دہلی یکم اپریل۔ آج اسمبلی نے ۵۸ آرار کے مقابلہ میں ۶۲ آراء سے پنڈت گوبند بلبھ پنت کی اس تجویز کو مسترد کر دیا کہ حکومت کو برطانیہ میں تیار شدہ نمک پر کوئی محصول نہیں لگانا چاہئے۔ لیکن مسٹر آینگر کی یہ تجویز کہ محصول نمک ۱/۲ آنہ فی من کر دیا جائے ۵۵ آرار کے مقابلہ پر ۶۲ آراء سے منظور ہو گئی۔ اور اس طرح حکومت کو ایک اور شکست اٹھانی پڑی۔

سیٹھ گوبند داس نے تجویز پیش کی تھی کہ محصول نمک منسوخ کر دیا جائے لیکن یہ تجویز ۵۰ آرار کے مقابلہ پر ۱۶ آراء سے مسترد ہو گئی۔

انڈیا بل گذشتہ وعدوں کا نقیض ہے

ایوان ہائے تجارت کے جلسہ کی کارروائی

دہلی ۳ مارچ۔ کل ہندوستانی ایوان ہائے تجارت کی فیڈریشن کا آٹھواں سالانہ جلسہ زیر صدارت مسٹر کستور بھائی لال بھائی منعقد ہوا۔ صدر نے انڈیا بل اینٹی ریلوے محکمہ اور جدید تجارتی معاہدہ کی سخت مخالفت کی اور کہا کہ انڈیا بل کی دفعات ملک کی سیاسی و اقتصادی ترقی کو کچلنے کے لئے عمداً تیار کی گئی ہیں آپ نے اعداد و شمار سے ثابت کیا کہ انڈیا بل سے ہندوستان کو کوئی خاص فائدہ نہیں پہنچا ہے۔

فیڈریشن نے آج گیارہ اہم تجاویز منظور کیں جن میں سے ایک انڈیا بل کے متعلق تھی اس بل کے تحفظات کے متعلق یہ قرار دیا گیا کہ وہ توہین آمیز ہیں جن کو خود دار قوم قبول نہیں کر سکتی۔

اسمبلی میں گرانٹ کم کرنے کی تجویز

دہلی ۳ مارچ۔ آج اسمبلی میں مسٹر سکسینہ نے براڈ کاسٹنگ کے لئے مطلوبہ رقم کم کر کے ایک روپیہ کر دینے کی ترمیم پیش کی۔ رکن مالیات نے اس مد کے لئے ۲۳ لاکھ روپیہ مانگے تھے۔ مسٹر سکسینہ نے کہا کہ ۳ مارچ سنہ ۱۹۳۴ء کو گذشتہ سال وعدہ کیا تھا کہ آئندہ سال صرف ضروری اخراجات کے لئے روپیہ مانگے گئے اس اقتصادی پستی کے زمانہ میں ۲۰ لاکھ روپیہ براڈ کاسٹنگ پر صرف کرنا کہاں کی دانشمندی ہے۔

تین سو نظر بندوں سے مراعات چھین لی گئیں

کلکتہ ۳ مارچ۔ کل بنگال کونسل میں ایک سوال کے جواب میں ہوم ممبر نے بتایا کہ بجلی کیمپ میں ۱۰۸ قیدی نظر بند ہیں۔ گذشتہ دو ماہ سے ان تمام نظر بندوں سے چٹھیاں لکھنے اور چٹھیاں وصول کرنے کے تمام اختیارات چھین لئے گئے ہیں۔ ...

موٹر کے حادثہ میں چار جانوں کا اتلاف

...

بال عمر بھر نہ اگیں

گورنمنٹ آف انڈیا سے باضابطہ رجسٹری شدہ سویو رجسٹرڈ

...

سویو فارمیسی (رجسٹرڈ) ... لاہور (پنجاب)

جامع مسجد دہلی کی عمارت

شہر دہلی سے تیس ہزار کا مطالبہ

...

کربلا کے ریتیلے میدانوں میں خون کا چھڑکاؤ

...

جناب شاہ عالم بادشاہ غازی کی مہر

... تاجران کتب دریبہ کلاں دہلی

حادثہ کراچی پر ملک میں زبردست ہیجان

تحقیقات اور دادرسی کا ہمہ گیر مطالبہ

انجمن افاغنہ بمبئی کا زبردست جلسہ زیر صدارت عالیجناب قبلہ مولانا مولوی غلام حیدر خاں صاحب صدر انجمن طلبہ بلوچستان دہلی بمقام ہال انجمن افاغنہ بوقت ۸ بجے شب اتوار منعقد ہوا۔

جلسہ میں ہر اطراف کے معززین ہستیاں موجود تھیں جلسہ کا آغاز قرآن مجید کی تلاوت سے ہوا جناب خان داد محمد خاں صدر انجمن۔ مولانا عبد الرحیم خاں۔ خان محمد خاں نائب صدر انجمن ہذا۔ حاجی عبد الکریم خاں انچارج انجمن و ملا عبد الکریم آخوند۔ نادر خاں و دیگر معززین حضرات کی تقریریں کیں۔

مندرجہ ذیل تجاویز پاس ہوئیں

(۱) تجویز۔ انجمن افاغنہ کا یہ جلسہ عام شہید کراچی کے لئے دعائے مغفرت اور ان کی پسماندگان اور مجروحین کے ساتھ دلی ہمدردی کا اظہار کرتا ہے اور قوم سے پرزور اپیل کرتا ہے کہ ان کی ہر طرح کی مالی و اخلاقی امداد کرے۔

(۲) تجویز۔ انجمن افاغنہ کا یہ جلسہ حکومت ہند سے استدعا کرتا ہے کہ وہ ایک غیر جانبدار تحقیقاتی کمیٹی مقرر کرے تاکہ واقعات کراچی کی تحقیقات غیر جانبدارانہ کرائے۔

(۳) تجویز۔ انجمن افاغنہ کا یہ جلسہ حکومت صوبہ سے مطالبہ کرتا ہے کہ مقتولین کراچی کے پسماندگان اور مجروحین کے گذارہ کا مستقل بندوبست کرے۔

(۴) تجویز۔ انجمن افاغنہ کا یہ جلسہ جناب قبلہ مولانا شوکت علی صاحب مولانا ظفر علی خاں صاحب و مسٹر محمد علی جناح صاحب۔ و سیٹھ حاجی عبد اللہ ہارون صاحب و دیگر معززین و کارکنان ... کی اسلامی اور ملکی خدمات پر مبارکباد پیش کرتا ہے۔

(۵) تجویز۔ انجمن افاغنہ کا یہ جلسہ جناب تصدق احمد خاں شیروانی کی ناگہانی موت کو ملک و ملت کے لئے نقصان عظیم تصور کرتا ہے ...

...

(الف) انجمن تہذیب الکلام دہلی کا یہ اہم اجلاس کراچی کے اس سانحہ پر جو وہاں رونما ہوا اظہار افسوس کرتا ہے اور حکومت کے اس فعل پر جو اس نے ہجوم کے منتشر کرنے کے سلسلے میں برتا ہے ...

(ب) انجمن ہذا کا یہ جلسہ شہدا، مقتولین و مجروحین کے ساتھ دلی ہمدردی کرتے ہوئے اہالیان ملک سے اپیل کرتا ہے کہ بلا تفریق مذہب و ملت ان کی امداد و اعانت میں دریغ نہ کریں۔

(ج) انجمن ہذا کا یہ اجلاس رہنمائے ملک و ملت مسٹر تصدق احمد خاں صاحب شیروانی کی حسرتناک وفات پر دلی رنج و غم کا اظہار کرتا ہوا دعائے مغفرت کرتا ہے اور پسماندگان کے ساتھ اظہار ہمدردی کرتا ہے۔ (سید احمد شاہ بخاری نیوی)

بنارس ۱۰ مارچ گذشتہ رو ... شب میں لنگڑے حافظ کی مسجد پر حادثہ کراچی کے سلسلہ میں زیر صدارت جناب ڈاکٹر عبد الکریم صاحب فاروقی مسلمانان بنارس کا ایک اہم جلسہ ہوا جس میں جناب اشفاق احمد صاحب سابق پرائیویٹ سکریٹری جناب مولانا شوکت علی صاحب و جناب مرزا اصغر حسین صاحب و جناب مولوی عبد المجید صاحب ایم اے۔ ایل۔ ایل۔ بی و مولوی ابو الخیر صاحب سابق سکریٹری بنارس میونسپلٹی نے تقریریں کیں اور ذیل کا ریزولیوشن پیش ہو کر نہایت جوش و خروش کے ساتھ منظور ہوا۔

"مسلمانان بنارس کا یہ اجتماع کراچی کے خونی واقعات کے سلسلہ میں کراچی کے مقامی عمل کے شرمناک روش کو نہایت حقارت آمیز نظر سے دیکھتے ہوئے اپنے دلی افسوس کا اظہار کرتا ہے۔ اور شہیدوں کے اعزا اور مجروحین سے پوری ہمدردی ظاہر کرتے ہوئے موجودہ نظام حکومت سے پرزور مطالبہ کرتا ہے کہ وہ ان افسوسناک واقعات کے متعلق جلد از جلد ایک تحقیقاتی کمیٹی کا تقرر کر کے معاملات کی چھان بین کرے۔ اور جن بہائم صفت حکام کے اشارہ سے یہ خون ریزی ہوئی ہے ان کو قرار واقعی سزا دے۔ کیونکہ اس قسم کے ناروا اور ڈائرشاہی کارروائیاں مسلمانان ہند کی برداشت سے باہر ہیں۔"

(سکریٹری شعبہ اشاعت)

معاملات بنارس کے متعلق

علماء و ممبران کونسل کی حکومت سے اپیل

ذیل میں اس مراسلہ کی نقل درج کی جاتی ہے جو ۱۸ مارچ کو ہز اکسلنسی گورنر صاحب صوبہ متحدہ اور کمشنر صاحب بنارس کی خدمت میں مولانا عبد الماجد صاحب قادری بدایونی سکریٹری یو۔ پی جمعیۃ علماء نے جو پوری توجہ سے کام کر رہے ہیں روانہ فرمایا۔

بخدمت جناب ہز ایکسلنسی گورنر صاحب صوبہ متحدہ بتوسط جناب پرائیویٹ سکریٹری ...

...

چاہتے ہیں چونکہ مسجد سے یہ جگہ صرف ۵ ہاتھ کے فاصلہ پر ہے اور ہندو مندر کی ملک کر زمین نہیں۔ نہ یہاں کبھی مندر تھا اس لئے مسلمانوں کی پرزور خواہش ہے کہ مندر کو مسجد کے قریب بنانے میں ہر وقت اختلافات رونما ہوں گے ہندو کی تعمیر کو فوراً روک دیا جائے کیونکہ ہندو مسجد کے بہاں کچھ پتھروں سے مذہبا بگاڑ نماز ادا ہو دہ ہیچ نماز کے وقت ضروری قرار دیا جا رہا ہے۔ مقامی حکومت اور صوبہ گورنمنٹ کا فرض ہے کہ مندر کی تعمیر کا کام فوراً روک دے ورنہ حالات قابو سے باہر ہو جانے کا اندیشہ ہے۔

شوکت علی خادم کعبہ۔ قطب الدین عبد الولی فرنگی محلی۔ عنایت اللہ فرنگی محلی ... صدر آل انڈیا جمعیۃ القریش۔ محمد علی ایم۔ ایل۔ سی۔ محمد نثار اللہ ایم۔ ایل۔ سی۔ شاہ نذر حسین ایم۔ ایل۔ سی۔ قاضی مشیر الاسلام صدر جمعیۃ علماء بدایوں۔ حکیم فضل الرحمٰن سکریٹری جمعیۃ علماء بدایوں۔ محمد یحییٰ ایم۔ اے وکیل بدایوں ... مسلم لیگ بدایوں۔

آل انڈیا مسلم لیگ کا سالانہ اجلاس

امسال آل انڈیا مسلم لیگ کا سالانہ اجلاس ایسٹر کی چھٹیوں میں بمقام لاہور منعقد ہونا قرار پایا ہے اور اس اجلاس کی صدارت مسٹر محمد علی جناح ایم۔ ایل۔ اے نے منظور فرمالی ہے۔ لاہور میں اس اجلاس کو کامیاب بنانے کے لئے ضروری تیاریاں شروع ہو گئی ہیں۔ پنجاب مسلم لیگ کونسل کے زیر اہتمام مجلس استقبالیہ قائم ہو گئی ہے جس نے تقسیم کار کے اصول پر متعدد سب کمیٹیاں بنا کر کام شروع کر دیا ہے آپ کو معلوم ہے کہ ہمارا ملک اس وقت نہایت نازک سیاسی دور سے گزر رہا ہے، آل انڈیا مسلم لیگ مسلمانوں کی سب سے پرانی سیاسی جماعت ہے اور اس کی آواز مسلمانوں کی سیاسیات میں تمام طبقوں کے نزدیک جچی تلی اور موثر رہی ہے آج کل اس امر کی اشد ضرورت ہے کہ مسلمانان ہند لیگ کے پلیٹ فارم پر ایک دفعہ پھر جمع ہو کر پیش نظر مسائل پر تبادلہ خیالات کریں اور ایک متحدہ محاذ پیش کر کے اپنی ہمسایہ اقوام اور حکومت پر مسلمانوں کے مطالبات کی قوت اور ان کی یک جہتی کو واضح کر دیں، تاکہ آئندہ آئین حکومت میں مسلمانوں ...

...

فرید آباد میں ایک اجتماع

...

سونے کی ڈلیاں کوڑیوں کے مول

طاقت وہ طاقت جس سے بوڑھے جوان اور جوان قابل فخر نوجوان بنجاتے ہیں صرف حب زرین (رجسٹرڈ) ہی کے ذریعہ حاصل ہو سکتی ہے جس کے استعمال سے قوت کا لازوال خزانہ حاصل ہو سکتا ہے۔

مکمل خوراک (تین گولیاں) صرف دو روپیہ آٹھ آنہ (عہ۲) میں

دواخانہ کنز المجربات (رجسٹرڈ) کوچہ چیلان گلی راجان دہلی سے طلب کریں

دو ترجمہ والا معجز نما قرآن مجید

...

منیجر اخبار الجمعیۃ گلی قاسم جان دہلی

بچوں والو ہوشیار

...

بال جیون گھٹی

...

عجیب جوہر عشبہ سے کے اہم فوائد

چھوٹی شیشی ڈیڑھ روپیہ

...

دواخانہ حکیم ڈاکٹر غلام نبی زبدۃ الحکماء شاہی سند یافتہ موچی دروازہ لاہور

رجسٹرڈ نمبر ایل ۱۷۹۳

یَدُ اللہِ عَلَی الْجَمَاعَۃ

تار کا پتہ: "الجمعیۃ دہلی"
ٹیلیفون نمبر ۵۷۳

سہ روزہ الجمعیۃ دہلی

مدیر مسئول: ہلال احمد زبیری (بی اے) — معاون: محمد عثمان فارقلیط

جلد ۲۱ | دہلی یوم سہ شنبہ ۴ محرم الحرام ۱۳۵۴ھ ہجری مطابق ۹ اپریل ۱۹۳۵ء | نمبر ۲۵

معاصرین کے افکار و آراء

مسلمانوں کی شادیاں

برادران وطن سے

نمک کا محصول

شیخ بحرین کی وطن فروشی

ہندوستان کی ساحلی حفاظت درحقیقت بندر سیدھے سے شروع ہوتی ہے۔

قانون نے عورت کو کہاں تک آزاد کر دیا ہے؟

تہذیب و شائستگی کے علمبرداروں میں جرائم کا ارتکاب

عورتوں نے شوہروں کو قتل کر کے کوڑے کرکٹ ...

خریداران اخبار الجمعیۃ کو چاہیئے کہ خط و کتابت کے وقت اپنے نمبر خریداری (جو کہ انکے نام سے پہلے پتہ کے شروع میں لکھا ہوتا ہے) حوالہ ضرور دیا کریں۔ ورنہ عدم تعمیل ارشاد معاف۔

(منیجر الجمعیۃ دہلی)

اخبار الجمعیۃ کی توسیع اشاعت کے لئے سعی فرما کر اپنی علم نوازی و قدردانی کا ثبوت بہم پہنچایئے۔ (منیجر)

پادری کی لڑکی کا قبول اسلام

اسپین کے ایک جلیل القدر پادری کی لڑکی نے جب اسلامی تعلیمات کا مقابلہ کیا اور مسلمانوں کے مذہب اور انکے اعمال کو بغور دیکھا تو اس کے دل میں اسلام کی صداقت و حقانیت جاگزیں ہوگئی اور اس نے یہ فیصلہ کیا کہ حقیقتاً اسلام ہی وہ مذہب ہے جو دنیا اور آخرت میں نجات کا راستہ بتاتا ہے اور اس کے علاوہ چلنے مذہب ہیں وہ سب باطل اور صراط مستقیم سے بھٹکا دینے والے ہیں۔ جب عیسائیوں کو اس کی خبر ہوئی تو تمام پادریوں نے مل کر اس لڑکی پر بے شمار مظالم ڈھانے ... مگر وہ لڑکی اسلام پر ثابت قدم رہی ... اس کا نام ازبلا تھا اور اس کی زندگی کے واقعات ایک کتاب میں قلمبند کر دئیے گئے ہیں ... قیمت فی جلد ۱۲ علاوہ محصول ڈاک۔ ...

ملنے کا پتہ: منیجر الجمعیۃ دہلی

نورانی قرآن مجید

نہایت صاف جلی اور نہایت صحیح قرآن شریف ... قرآن مجید الجمعیۃ بک ایجنسی دہلی سے طلب فرمایئے۔ قیمت مجلد ...

The Al-Jamiat

Regd No. L 1793.

Vol. XXI No. 24 DELHI FRIDAY 5th APRIL 1935. PRICE ONE ANNA

پادری کی لڑکی کا قبول اسلام

اور اس عبرت انگیز کارنامے کو معلوم کر کے ... اسلام کی حقانیت کے قائل ہو جائیں گے۔ قیمت فی جلد ... علاوہ محصول ڈاک

منیجر الجمعیۃ دہلی

معاملات اجودھیا اور حادثہ کراچی

مسلمانان میرٹھ کے جلسہ کی کارروائی

کل تاریخ ۲۹ مارچ بعد نماز جمعہ جامع مسجد میرٹھ میں زیر صدارت جناب حکیم محمد یعقوب علی صاحب جلسہ منعقد ہوا ...

والی حجاز کو مبارک باد

سلطان کی سلامتی پر اظہار خوشنودی

(بندہ محمد حنیف از میرٹھ)

گمشدہ کی تلاش

میرا لڑکا مسمی عبدالقدیر قوم پٹھان دس ماہ سے لاپتہ ہے ... میانہ قد گندمی رنگت، عمرہ اسال پیشانی میں زخم کا نشان لمبا ... آنکھیں لمبی ناک میانہ چہرہ ... خیال ہے کہ لڑکے کو کسی ملازمت یا پیشہ کرنے کا تھا۔

(دوست محمد بشیخا ولی ڈاکخانہ خود عبداللطیف خاں مدرس)

اخبار الجمعیۃ

میں اشتہار دیکر اپنی تجارت کو فروغ دیجئے

مفت! مفت!! مفت!!!

گھر بیٹھے باقاعدہ تعلیم حاصل کر کے آیورویدک یونانی حکمت ... کی سندات حاصل کرنے کا قاعدہ ... مفت طلب کرو۔

پرنسپل ورلڈ انڈین میڈیکل کالج انبالہ شہر

خضاب چھوڑ دو

... پتہ: بال کالا اسکویرس پوسٹ کنی سمری دربھنگہ

تقریر سیرت چھپ کر تیار ہو گئی

... ادارہ الجمعیۃ کی جانب سے شائع کر دی گئی ہے ...

مختصر فہرست مضامین

مسٹر شیروانی کی وفات پر تعزیتی جلسے

رسالہ

اٹھتی ہوئی جوانی بالکل مفت

نئی ایجاد — حیرت انگیز ایجاد

آزمائش شرط اگر غلط ثابت ہو دام واپس

محبوب عاشق کے قدموں پر

عربی اور ولایتی ڈاک

مشرق و مغرب کی تازہ خبریں

اعلیٰ حضرت محمد ظاہر شاہ کا فرمان

عید سعید کی تقریب پر شرعی ہدایات

معاصر "اصلاح" کابل میں اعلیٰ حضرت محمد ظاہر شاہ فرمانروائے افغانستان کا ایک فرمان شائع ہوا ہے جس میں اعلیٰ حضرت نے اپنی محبوب رعایا کو عید سعید کی تقریب پر مبارکباد دی ہے اور عید اضحیٰ اور قربانی کی حقیقت کو واضح فرما کر ذیل کے کلمات پر اپنے فرمان ذی شان کو ختم کیا ہے:-

ترکی کے اخبارات و رسائل

جرائد و مطبوعات کی ترقی

ترکی کی وزارت داخلہ نے ترکی مطبوعات و اخبارات کے اعداد و شمار شائع کئے ہیں جن سے واضح ہوتا ہے کہ اس وقت قلمرو ترکیہ میں مختلف زبانوں کے ۲۱۹ اخبارات و رسائل شائع ہوتے ہیں۔ ان میں ۳۸ اخبارات روزانہ ۷۳ ہفتہ وار اور ۱۰۸ ماہنامہ ہیں۔ ۸۷ اخبارات استانبول سے ۲۹ انگورہ سے اور باقی مختلف مقامات سے شائع ہوتے ہیں۔

ترکی حکومت نے سرحدوں پر فوجیں جمع کر دیں

قسطنطنیہ کی بندرگاہ میں یونانی جہازوں کی گرفتاری

ترکی کے جدید انتخاب پر ہدیہ تبریک

مصطفیٰ کمال پاشا کا جواب

شام و لبنان میں سگریٹ نوشی کے خلاف جہاد

مساجد میں مسلمان حلف اٹھاتے ہیں

سلطان حجاز کے حملہ آوروں کی مذمت

معاصر اصلاح کابل کا تبصرہ

سلطان حجاز سے شامی وفد کی ملاقات

عراق و حجاز کا جدید معاہدہ

یمن کے نام حکومت حجاز کی یادداشت

سلطان کے حملہ آوروں کے مددگار یمنی ہیں

بالشویک روس اور عراق میں تجارتی تعلقات

ترکی میں عید اضحیٰ کی تقریب

بغداد میں ایک دوشیزہ کا قبول اسلام

فرانس میں ترکی لسانیات کا مدرسہ

امسال حج میں اقطار عالم کے حجاج کی تعداد

عراق اور ترکی کے درمیان سڑک کی تعمیر

حکومت کی غلط بیانیوں کی پردہ دری اور واقعہ کی اصلیت

۲۰ ہزار کے مجمع میں ایک ہندو محفوظ رہا

مسلمانوں نے نہ لاٹھی چلائی نہ بندوق چھینی

ایک پولیس والا بھی زخمی نہیں ہوا

حادثہ کراچی کی تحقیقات ضروری ہے

The HOLY QURAN

TRANSLATION & COMMENTARY

BY

ALLAMA ABDULLAH YUSUF 'ALI

C.B.E., M.A., LL.M., I.C.S. (Retd.)

Fellow of the Royal Society of Literature (England)

A MARVELLOUS TRANSLATION

OF

THE MOST MARVELLOUS BOOK IN THE WORLD

WITH COPIOUS NOTES

AN EPOCH-MAKING CONTRIBUTION

TO

ISLAMIC LITERATURE

A Mirror of the Beauty of Quranic Teaching and Literature

The Commentary is rich in useful information. Not a dull Sunday Sermon, but a piece of English Literature. No Sectarian views propagated through the Commentary

ARABIC TEXT PRINTED IN BEAUTIFUL PHOTO BLOCKS

On Glazed Paper of Superior Quality. Clear Print and Get-up pleasing to the eye

BEING ISSUED IN THIRTY PARTS

Price per Part Re. 1

Postage Extra

Those who will register their orders by depositing an advance of Rs. 2/- (being price of the last two Parts) with the Publisher will get all Parts (except last) post-free, and in addition a complete Index free of charge.

WRITE FOR FIRST PART TO

Sh. MUHAMMAD ASHRAF

BOOKSELLER & PUBLISHER

Kashmiri Bazar - - - LAHORE

یورپ کی فضا پر جنگ کی مہیب اور تاریک گھٹائیں

جرمنی کی طاقت برطانیہ کے برابر ہو گئی ہے!

فرانسیسی وزیر جنگ کا تہلکہ انگیز اعلان

بم باری سے بچنے کیلئے ساحل برطانیہ پر تیاریاں

پچھلے سال کے نقصان کی تلافی

برطانیہ میں مدافعتی تدابیر

جرمنی انگلستان کے برابر ہوگیا ہے

ہٹلر کی پیشکش

پولینڈ سے گفتگو

دہلی میں خوانچہ فروشوں کو کیوں تنگ کیا جاتا ہے؟

اسمبلی میں ونگار کی اٹائم پر دلچسپ سوالات

بصائر و نظائر

بلاغ مبین

سرمہ نور

کے سیاسی نوٹس کا مجموعہ تعلیمی ہند

رسالہ اٹھتی ہوئی جوانی بالکل مفت

حضرت شاہ ولی اللہ صاحب رحمۃ اللہ علیہ کی جلیل القدر تصنیف الخیر الکثیر

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم

الجمعیۃ دہلی

یوم سہ شنبہ ۴ محرم الحرام ۱۳۵۴ھ ہجری

العام الجدید

سال نو کا آغاز

سبحانک اللھم وبحمدک لک الحمد علی حلمک بعد علمک
سبحانک اللھم وبحمدک لک الحمد علی عفوک بعد قدرتک
اللھم انت خالق السموت والارض ومن فیھن
اللھم انت نور السموت والارض ومن فیھن

قمری حساب

مسلمانوں کی مذہبی خصوصیات اور سرمدی بلندی اور عزت انتساب کی تفصیل کا یہ موقع نہیں ہے بلکہ ان خصوصیات لاتعد ولاتحصی میں سے صرف اس وقت ان کی ایک خصوصیت کی طرف اشارہ کرنا ہے جو دینی فطرت پر ایمان رکھنے والوں کا سال محرم سے شروع ہوتا ہے اور چاند کے حساب سے ذی الحجہ کی آخری تاریخ پر ختم ہو جاتا ہے محرم الحرام …

شذرات

تحقیقات سے انکار

کراچی کے حادثہ فاجعہ پر آج تمام ہندوستان مضطرب و بے چین ہے اور حکومت سے یہ مطالبہ کر رہا ہے کہ وہ اس حادثہ کی تحقیقات کرے اور ان حکام کے طرز عمل کی جانچ کرے جن پر اس خونی ڈرامہ کی ذمہ داری عائد ہوتی ہے۔ ہندوستان بھر میں اس مقصد کیلئے ہزاروں جلسے ہو چکے ہیں، اسمبلی، کونسل آف اسٹیٹ اور بمبئی کونسل میں بھی حکومت سے یہی مطالبہ کیا گیا ہے۔ اخبارات و جرائد بھی اسی کی تائید میں پرزور مقالات لکھ چکے ہیں مگر افسوس ہے کہ حکومت نے ان متفقہ اور عالمگیر مطالبات کی طرف سے آنکھیں بند کر لی ہیں۔ اب تازہ اطلاع ہے کہ مسٹر بیل ہوم ممبر حکومت بمبئی نے کراچی پہونچ کر ان افسران سے ملاقات کی جو گولی چلانے کے ذمہ دار تھے۔ ان سے گفتگو کرنے کے بعد حکومت بمبئی اس نتیجہ پر پہونچی ہے کہ کراچی میں گولی چلنے کے سلسلہ میں کسی تحقیقات کی ضرورت نہیں! گویا حکومت بمبئی نے پورے ہندوستان کے مطالبہ کو ٹھکرا کر اپنی "ذاتی" "خودداری" کو برقرار رکھا اور صرف ان لوگوں سے مل کر جو اس کے ذمہ دار تھے یہ فیصلہ کر لیا کہ جو کچھ ہوا ٹھیک ہوا۔ اور جس قدر قیمتی جانیں ضائع ہوئیں وہ برمحل اور قانونی حدود میں ہوئیں! اگر حق و انصاف کا دنیا میں کوئی وجود ہے تو حکومت سے کوئی دریافت کرے کہ آخر یہ انصاف کی کونسی قسم ہے …

لیکن یہ عجیب تماشہ ہے کہ ایک طرف تو حکومت اپنے عمال کو بے قصور ٹھہرا رہی ہے اور دوسری طرف تحقیقات کیلئے بھی آمادہ نہیں ہوتی ہم پھر ایک دفعہ حکومت کو مشورہ دیتے ہیں کہ وہ اپنے رویہ میں تبدیلی پیدا کرے اور ہندوستان کے …

اسمبلی کے فیصلوں کا حشر

متفقہ مطالبہ سے آنکھیں بند نہ کرے

اسمبلی میں حکومت کو جو پے بہ پے شکستیں اٹھانی پڑی ہیں انہوں نے آئین سازی کی تاریخ میں ایک نئے باب کا اضافہ ہو گیا ہے اور ان لوگوں کی آنکھیں کھل گئی ہیں جو برطانیہ کی روش کو اب تک معتدل سمجھتے تھے اور اس بات پر ایمان رکھتے تھے کہ حکومت رائے عامہ کی نمائندگی کا احترام کرتی ہے۔ اسمبلی نے مالیات کے بل کو مسترد کر کے یہ بات دنیا پر واضح کر دی ہے کہ ہندوستان اب ان قیود کو برداشت نہیں کر سکتا جو حکومت کی طرف سے عائد کی جاتی ہیں اور ہندوستانی باشندے اپنی ذمہ داریوں کو پورے طور پر محسوس کرنے لگے ہیں۔ اسمبلی نے حکومت کے فیصلوں کو مسترد کر کے اس کی مطلق العنانی کا پردہ پوری طرح فاش کیا ہے اور برطانیہ کے اعلیٰ تدبر کو موقعہ دیا ہے کہ وہ آرڈیننس اور مخصوص اختیارات سے ہندوستان پر حکمرانی کریں اور رائے عامہ کی نمائندگی کو نظر انداز کرتے چلے جائیں۔ یہ درست ہے کہ قانوناً گورنر جنرل کو یہ اختیار حاصل ہیں کہ وہ اسمبلی کے فیصلوں کو مسترد کر دے مگر اس قسم کے اختیارات کے بے پناہ استعمال کا موقعہ شاذ و نادر ہی پیدا ہوتا ہے، اگر مخصوص اختیارات کا استعمال اس کثرت سے کیا جانے لگے کہ نمائندہ اسمبلی مفلوج اور لاشہ بے جان بنکر رہ جائے …

برطانیہ، باشندگان ہند کی خواہشات کی ذرہ برابر پروا نہیں کرتی اور اسکو نمائندہ فیصلوں کے مقابلہ میں اپنے اقتدار کا زیادہ پاس و لحاظ ہے۔

حوادث و احکام

استفتاء

کیا فرماتے ہیں علمائے دین و مفتیان شرع متین مندرجہ ذیل مسائل کے بارے میں:

(۱) کیا ایک سیدزادی ایک امتی کے عقد میں آسکتی ہے؟

(۲) اگر نہیں آسکتی تو کیوں؟

(۳) اگر آسکتی ہے تو پھر سید کا امتی سے النسب ہونا کیسے ہو سکتا ہے؟

(۴) اگر سیدزادی امتی کے نکاح میں آسکتی ہے تو فداہ ابی و امی رسول کریم کی بیویوں (زوجہ مطہرات فداہ امی) کو امت پر کیوں حرام فرمایا اور ان کو امت کی مائیں کیوں کہا؟

(۵) جب رسول اکرم فداہ ابی و امی کی زوجہ مطہرات امتی کے نکاح میں نہیں آسکتیں تو آپ کی اولاد امتی کے نکاح کے لئے کیسے حلال ہو گئی جب کہ امتی قوم قریش میں سے بھی ہو؟

(۶) اگر امتی کے نکاح میں سیدزادی نہ آسکتی ہو۔ اور ایک امتی نے ایک سیدزادی سے نکاح کر لیا ہو تو علمائے دین متین اس امتی کے متعلق کیا ارشاد …

الجواب

(۴) آنحضرت صلے اللہ علیہ وسلم کی ازواج مطہرات کے لئے حضور کے بعد دوسرے لوگوں سے نکاح ناجائز تھا۔ اس کی وجہ قرآن مجید کا صریح حکم ہے ولا ان تنکحوا ازواجہ من بعدہ ابدا۔ ایسا حکم حضور کی اولاد کے لئے موجود نہیں نہ قرآن پاک میں نہ حدیث میں، نیز ازواج کیلئے دوسرے سے نکاح ناجائز ہونے کی وجہ یہ ہے کہ حضور کا نکاح حضور کی وفات سے ٹوٹنے والا نہ تھا تو آپ کی ازواج آپ کی وفات کے بعد آپ کے نکاح میں تھیں اس لئے دوسرا نکاح نہیں کر سکتی تھیں۔ تیسرے یہ کہ حضور کی وفات ظاہری تھی ورنہ آپ حیات ہیں کیونکہ انبیاء علیہم السلام کو بعد وفات بھی ایک زندگی حاصل ہے جو شہداء کی زندگی سے اقوی ہے اس لئے آپ کی ازواج گویا زندہ خاوند کی بیویاں تھیں جو دوسرا نکاح نہیں کر سکتی تھیں۔

امت کی مائیں احترام کے طور پر کہا گیا۔ جیسے کہ حضور امت کے باپ تھے مگر یہ وجہ عدم جواز نکاح کے لئے نہیں ورنہ تو حضور کی بیویاں بھی بیٹیاں تھیں …

استفتاء

الجواب

اسمبلی نے وائسرائے کی سفارش کو مسترد کر دیا

۲۳ ووٹوں کی کثرت سے حکومت کو شکست ہو گئی

یوروپین گروپ نے بھی حکومت کا ساتھ چھوڑ دیا

دہلی، ۸ اپریل۔ کل اسمبلی نے وائسرائے کی سفارش کو رد کرتے ہوئے محصول نمک بحال کرنے کی ترمیم مسترد کر دی۔ مسٹر ڈیسائی نے ایک پرزور تقریر میں حکومت کی پالیسی پر سخت نکتہ چینی کی …

… بلکہ کمزوری کی علامت ہے۔

کاظمین میں قبرستان کے معاملہ پر زبردست ہنگامہ

پولیس نے گولی چلا دی اور سات اشخاص ہلاک ہو گئے

ایک کانسٹیبل بھی مارا گیا۔ مجمع نے ٹھانہ کو نذر آتش کر دیا

بغداد، گذشتہ ہفتہ کاظمین میں پولیس اور عوام کا تصادم ہو گیا جس میں سات آدمی جان سے مارے گئے اور کثیر تعداد میں زخمی ہوئے۔ اس کے متعلق حکومت عراق نے مندرجہ ذیل بیان شائع کیا ہے …

… (داسکیمین)

دار الحکومت

دہلی میونسپلٹی کا ہفتہ واری اجلاس

عیدگاہ کیلئے زمین کا معاملہ اور دیگر اہم تجاویز

دہلی ۵ اپریل۔ کل دہلی میونسپلٹی کا ہفتہ واری اجلاس منعقد ہوا جس میں فیصلہ کیا گیا کہ چونکہ دہلی میں گاڑیوں کی آمد و رفت بہت بڑھ گئی ہے اس لئے دریبہ کلاں اور بلیماران کی دوکانوں کے آگے سے تختے اٹھوا دیئے جائیں …

شہدائے اسلام کی یاد

انجمن اصلاح المسلمین کے اجلاس

(۱) ۔۔۔ یوم یکشنبہ ۹ بجے شب تذکرہ شہدائے بدر۔

(۲) ۔۔۔ یوم سہ شنبہ ۹ بجے شب تذکرہ صدیق اکبر و فاروق اعظم۔

(۳) ۔۔۔ یوم چہارشنبہ ۹ بجے شب تذکرہ حضرت عثمان رضہ

(۴) ۔۔۔ یوم پنجشنبہ ۹ بجے شب تذکرہ حضرت علی رضہ

(۵) ۔۔۔ یوم دوشنبہ تذکرہ حضرت امام حسین و مظلومین شہداء

دہلی کے مشہور اکابر علماء نہایت عمدہ طریقہ سے حقائق اور واقعات کی روشنی میں مندرجہ بالا عنوانات پر تقریریں فرمائیں گے۔

دسکرٹریان انجمن اصلاح المسلمین دہلی

پارلیمنٹری بورڈ سے ڈاکٹر انصاری صاحب کا استعفیٰ

دہلی جیل میں ہنگامہ

قیدیوں کو بیڑیاں پہنا دی گئیں

پٹنہ میں بم پھٹ گیا

سپرنٹنڈنٹ پولیس پر گولیوں کے فائر

تھانیدار بھی مجروح۔ اجمیر کا واقعہ

ڈسٹرکٹ مجسٹریٹ کے لئے بم!

بم کے ساتھ ایک چٹھی بھی برآمد ہوئی

مکہ مکرمہ میں اوقاف کی واپسی کیلئے کانفرنس

کسی ہندوستانی کو ہوم ممبر کیوں مقرر نہیں کیا گیا؟

دیہاتیوں میں جنگ دو ہلاک

ایک ہفتہ کے اندر سونے کی برآمد

۳۰ ہزار فٹ کی بلندی پر غبارہ کی پرواز

روسی گورنمنٹ کا نیا ریکارڈ

ماسکو ۱۴ اپریل۔ ایک خود بخود پرواز کرنے والے غبارہ نے جس میں کوئی مسافر سوار نہیں تھا تیس ہزار فٹ کی بلندی پر پہنچ کر ایک نیا ریکارڈ قائم کر دیا ہے …

عدالت پر شہد کی مکھیوں کا حملہ

ایک گھوڑی اور دو آدمی زخمی

حادثہ کراچی پر حکومت ہند سے مشورہ

دہلی میں گورنر بمبئی کی آمد

خلاف قانون انجمنوں کا ضبط شدہ روپیہ

حکومت واپس نہیں کرے گی

دو آدمیوں پر بجلی گر پڑی

شدید بارش اور اولے

ہندوستان کامل اتحاد کے بغیر آزاد نہیں ہو سکتا

پولیٹیکل کانفرنس میں مسز نائیڈو کی تقریر

سلور جوبلی پر روشنی کرنے سے انکار

ڈسٹرکٹ بورڈ میرٹھ کا کمشنر کو جواب

اسمبلی میں تحریک التواء اجلاس

حادثہ کراچی پر کونسل آف اسٹیٹ میں سوالات

بنارس میں خانہ تلاشی

فرانس کے نام برطانیہ کا خفیہ مراسلہ

اٹلی کی دو سو دفعات پاس ہو گئیں

حادثہ کراچی پر ملک بھر میں عالمگیر احتجاج

آزادانہ تحقیقات کا مطالبہ

معاملات حجاز میں ۔ سلطان حجاز پر حملہ

انتظام کرے۔ نیز ان مسلمانوں کو جو اس سلسلہ میں گرفتار کئے گئے ہیں فوراً رہا کرے اور معاملات کی آزادانہ تحقیقات کی جائے۔

(۲) مسلمانان دیوبند کا یہ عام جلسہ کراچی کے واقعہ ہائلہ پر اپنے قلبی غم و غصہ کے اظہار پر مجبور ہے اور غریب و بے گناہ فرزندان توحید کے خونِ ناحق پر انتہائی متاسف حکومت کو چاہئے کہ جن ناعاقبت اندیش عمال سلطنت نے اس جبر کا مظاہرہ کیا ہے اُن کو کافی سے زائد سزا دیکر مسلم آبادی کو مطمئن کرے۔

(۳) مسلمانان دیوبند کا اجتماع عظیم ملک الاسلام والئی نجد و حجاز جلالۃ الملک سلطان ابن سعود کی خدمت میں دشمنوں کے حملوں سے صحیح و سالم بچے جانے پر ہدیہ تبریک پیش کرتا ہے۔

(۴) مسلمانان دیوبند کا یہ انبوہ کثیر قوم و ملت کے مایہ ناز فرزند مسٹر تصدق حسین خاں صاحب شیروانی کی وفات پر اپنے اندر الم انگیز کیفیات محسوس کرتے ہوئے ان کے پس ماندگان سے تلقین کے ساتھ اظہار ہمدردی کرتا ہے اور دعا کرتا ہے کہ اللہ تعالیٰ مرحوم کو جوار رحمت میں جگہ دے۔ آمین (نامہ نگار)

مالیگاؤں

باشندگان مالیگاؤں کا ایک جلسہ زیر صدارت مولانا مولوی محمد یوسف صاحب دانا بازار میں منعقد ہوا۔ جناب محمد یحییٰ زبیر صاحب نے جلسہ کی غرض و غایت پر روشنی ڈالتے ہوئے بیان کیا کہ کراچی کا خونین حادثہ پولیس کے جبر و تشدد کی کتنی زبردست مثال ہے۔ نہتے مسلمانوں پر اس بیدردی کے ساتھ گولیاں برسانا کسی مہذب حکومت کا کام نہیں ہو سکتا سلطنت برطانیہ باوجود دعوے امن و انصاف کے متعدد مرتبہ اس قسم کی بیرحمی کا ثبوت پیش کر چکی ہے اس کے بعد مندرجہ ذیل ریزولیوشن پیش کیا۔

باشندگان مالیگاؤں کا یہ جلسہ مولوی تصدق احمد خاں شیروانی کی وفات حسرت آیات پر انتہائی رنج و غم کا اظہار کرتا ہے۔ اور ملک کے لئے ایک ناقابل تلافی نقصان تصور کرتا ہے۔ اور ان کے اعزا و اقربا سے اظہار ہمدردی کرتا ہے۔ (محمد حسین مالیگاؤں)

ایبٹ آباد

۱۹ مارچ ۱۹۳۵ء کو ایبٹ آباد میں انجمن نوجوانان اسلام کی دعوت و اطلاع پر ہزارہا مسلمانوں کے مجمع میں زبردست جلسہ ہوا۔ صدر جلسہ مولانا غلام غوث صاحب امیر انجمن نے جلسہ کی غرض و غایت بیان کرتے ہوئے فرمایا۔ کہ نہتے مسلمانوں پر گولیاں چلا کر جلوس سے روکنا اور فریاد و احتجاج کی راہ میں رکاوٹ ڈالنا کس قدر سنگدلانہ فعل ہے۔ مسلمان ناموس محمد صلعم پر جان و مال قربان کرنے کبھی دریغ نہیں کرتے۔ آخر میں ایک تجویز پیش کی جو نعرہ تکبیر کے فلک بوس نعروں میں بالاتفاق پاس ہوئی۔

(۱) مرکزی انجمن نوجوانان اسلام ایبٹ آباد کا یہ عظیم الشان پبلک جلسہ کراچی کے دردناک واقعہ پر دلی رنج و غم کا اظہار کرتا ہے جس میں نہتے مسلمانوں پر گولیاں چلا کر شہید کر ڈالا گیا۔

(۲) یہ جلسہ حکومت سے مطالبہ کرتا ہے کہ وہ فائر کا حکم دینے والے آفیسروں کے خلاف مقدمہ چلا کر ان کو قرار واقعی سزا دے اور شہدا کے پسماندگان کو زر فدیہ ادا کر ان کو ایک گونہ تسلی دے۔ (خادم ملت۔ محمد حسین رکن انجمن)

مراد آباد

۸ مارچ بروز جمعرات انجمن جمعیۃ المسلمین مدرسہ جامعہ قاسمیہ شاہی مسجد مراد آباد کا جلسہ بصدارت جناب مولانا حشمت اللہ صاحب منعقد ہوا جس میں ...

کو توفیق رحمت فرمائے اور پسماندگان کو صبر جمیل عطا فرمائے۔ (محمد وا الحسن عربی ناظم جمعیۃ المبلغین مدرسہ شاہی مراد آباد)

سہارنپور

سہارنپور ۲۵ مارچ ۱۹۳۵ء کو بعد نماز جمعہ ایک عظیم الشان جلسہ زیر صدارت جناب مولانا قاری عبدالخالق صاحب خطیب جامع مسجد منعقد ہوا۔ تلاوت کلام پاک کے بعد۔ جناب مولانا مشتاق احمد صاحب نے ایک ولولہ انگیز تقریر فرمائی بعد ازاں مسلمانان سہارنپور کی طرف سے ایک تجویز پیش کی جس میں واقعہ ہائلہ کراچی کے مظلومین سے اظہار ہمدردی کیا گیا تھا اور پسماندگان کے لئے صبر کی توفیق کی دعا اور نیز گورنمنٹ سے غیر جانبدارانہ تحقیقات کا مطالبہ کیا گیا۔ دوسری تجویز جناب سیٹھ حاجی عبداللہ ہارون کے زیر کردگی آزاد ہندو مسلم تحقیقاتی کمیشن مقرر کئے جانے کی تجویز کی حمایت کی گئی اس کے بعد دعا پر جلسہ بخیر و خوبی ختم ہوا۔ (عبدالغفار خاں آزاد)

سلور جوبلی کے موقعہ پر کوئی خوشی منائی جائے

واقعہ کراچی سے گھروں میں صف ماتم

بلند شہر مسلمانان لائل پور کا جلسہ بصدارت مولانا مولوی محمد یونس صاحب خطیب جامع مسجد ہوا اور حسب ذیل ریزولیوشن پاس ہوئے۔

(۱) مسلمانان لائل پور کا یہ اجلاس عظیم کراچی کے ان حکام کے خلاف اپنے انتہائی رنج و غصہ کا اظہار کرتے ہوئے ملامت اور مذمت کرتا ہے جنہوں نے غازی عبدالقیوم شہید ...

...

شاندار کوٹھیوں اور بنگلوں پر جیل کی کال کوٹھری کو ترجیح۔ آپ نے ۱۹۲۱ء میں ملک کی آواز پر لبیک کہتے ہوئے پنڈت موتی لال نہرو کے ساتھ اسمبلی سے استعفا دیدیا اور سول نافرمانی جنگ میں شریک ہو کر جیل میں چلے گئے۔ اس کے بعد ... تجویز پیش کی۔

کو شدید ناقابل تلافی نقصان پہنچا یہ جلسہ مرحوم کے لئے دعائے مغفرت اور مسٹر نثار احمد صاحب کی خدمت میں خلوص دل سے تعزیت کرتا ہے۔ مولانا عبدالماجد صاحب قادری کی ولولہ انگیز تقریر پر جلسہ بخیر و خوبی ختم ہوا۔ (شرافت حسین قادری بدایونی)

دیوبند

آج بتاریخ ۲۴ ذی الحجہ ۱۳۵۳ھ بعد نماز جمعہ مجلس قاسم المعارف کے زیر اہتمام مسلمانان دیوبند کا ایک عظیم الشان اجلاس مولانا محمد جلیل صاحب قنوجی ناظم ... رکن مجلس قاسم المعارف کی زیر صدارت منعقد ہوا۔ تلاوت کلام مجید کے بعد غلام انور صاحب صابری دیوبندی نے ایک مختصر تقریر کرتے ہوئے پر جوش نظم سنائی جس سے حاضرین بہت متاثر ہوئے آپ کے بعد محمد وحید قاسمی نے حسب ذیل چار تجویزیں پیش کیں جن کی تائید میں جناب مولانا سلطان الحق صاحب ذاکر قاسمی ناظم مجلس قاسم المعارف نے ... پر مختصر تقریر فرماتے ہوئے چاروں تجویزوں پر مفصل روشنی ڈالی۔ آپ نے غلام آباد ... میں خونِ مسلم کی ارزانی کا تذکرہ کرتے ہوئے مسلمانوں کو آگاہ کیا کہ وہ اب بھی اپنی حالت بدلیں۔ آپ کی تقریر کے بعد جناب صدر نے تجویزوں کی منظوری کے لئے ووٹنگ کیا اور چاروں تجویزیں بالاتفاق مجلس منظور ہو گئیں۔

(۱) مسلمانان دیوبند کا یہ احتجاجی عمومی جلسہ ... کے ان احکامات کے خلاف جو انہوں نے ... انتہائی نفرت کا اظہار کرتا ہے اور حکومت سے درخواست کرتا ہے کہ وہ آئندہ کے لئے اس قسم کی کارروائیوں کو روکنے کا پورا پورا ...

ضرورت شوہر

ایک شریف خاندان مسلم صدیقی۔ حنفی المذہب۔ نیدرہ سالہ تندرست ناکتخدا لڑکی کے واسطے جو کلام مجید ختم کرنے کے بعد اردو لکھنے پڑھنے میں کافی استعداد اور کارو بار خانگی سے کامل واقفیت رکھتی ہے ایسے شخص کی ضرورت ہے جو شریف نیک چلن اور تعلیم یافتہ ہونے کے علاوہ برسر ملازمت سرکاری ہو۔ بالعیفہ تجارت ... مسلم حنفی المذہب ہو۔ قومیت کی قید کچھ نہیں۔ جواب پتہ ذیل پر آنا چاہئے۔

راقم الف۔ ج معرفت اخبار الجمعیۃ دہلی

سونے کی ڈلیاں کوڑیوں کے مول

طاقت وہ طاقت جس سے بوڑھے جوان اور جوان قابل فخر نوجوان بن جاتے ہیں صرف حب زرین (رجسٹرڈ) ہی کے ذریعہ حاصل ہو سکتی ہے جس کے استعمال سے قوت کا لازوال خزانہ حاصل ہو سکتا ہے۔

مکمل خوراک ۲۰ گولیاں صرف دو روپیہ آٹھ آنہ (۲/۸) میں

دواخانہ کنز المجربات (رجسٹرڈ) کوچہ چیلاں گلی راجان دہلی سے طلب کریں

بال عمر بھر نہ اگیں

بچوں والو ہوشیار ۔ بال جیون گھٹی

کوئی امساک

زبردہ جوہر عشبہ

بڑی شیشی تین روپیہ ۔ چھوٹی شیشی ڈیڑھ روپیہ

دواخانہ حکیم ڈاکٹر غلام نبی زبدۃ الحکما شاہی سندیافتہ موچی دروازہ لاہور

معجون شباب آور

نونہال

ہمدرد دواخانہ یونانی دہلی

اسمبلی کی منظور کردہ ترمیمات کو وائسرائے نے ٹھکرا دیا

"وائسرائے کو آرڈیننس کے ذریعہ حکومت کرنے دو"

مالیات کے بل کی بحالی کیلئے وائسرائے کا اسمبلی کے نام پیغام

دہلی ۴ اپریل کل اسمبلی میں گورنر جنرل کی جانب سے حسب ذیل پیغام پڑھ کر سنایا گیا۔

اسمبلی میں مالیات کا بل جس صورت میں پیش کیا گیا تھا۔ اس میں ایسی دفعات شامل تھیں جو ٹیکسوں کو ہمارے ذرائع کے اندر زیادہ سے زیادہ حد تک کم کرتی تھیں اور ساتھ ہی زراعت پیشہ لوگوں کے لئے ان کی پیداوار کی ایک جنس پر سے پابندی اٹھا کر کچھ فائدہ پہنچاتی تھیں یہ بل اس پالیسی کا دوسرا پہلو ہے جو براڈکاسٹنگ، شہری پر ہ ازاں سب سے زیادہ اس ملک کے دیہات کی اقتصادی اصلاح کے لئے غیر دائمی خرچ فراہم کرنے سے تعلق رکھتی ہے۔ جہاں تک مالیات کے بل کا تعلق ہے اسمبلی میں جو ترمیمات منظور کی گئیں اگر ان کو قبول کر لیا جائے تو بل کی سخت قطع و برید ہو جائیگی اور ان سے چار پانچ کروڑ روپیہ کے درمیان نقصان ہوگا اور اس طرح ایک زبردست خسارہ کا سامان مہیا کر دیا گیا ہے۔ لہٰذا ان ترمیمات کو قبول نہیں کیا جا سکتا۔ پورے غور و خوض کے بعد میں نے اسمبلی سے یہ سفارش کرنے کا فیصلہ کیا ہے کہ بل کو اس صورت پر بحال کیا جائے جس صورت میں اسے ابتداءً پیش کیا گیا تھا۔ میں نے یہ بھی غور کیا ہے کہ جو ترمیمات پیش کی گئی ہیں۔ ان میں سے بعض مالی اعتبار سے کم از کم قبول کیا جا سکتا ہے یا نہیں؟ لیکن ان میں ایک تو قطعی طور پر زراعت پیشہ لوگوں کے مفاد کے منافی ہے اور باقی معمولی ڈاک کی مراعات ہیں جو غریبوں کو کوئی فائدہ نہیں پہنچاتیں لیکن محکمہ تار اور ڈاک کے نقصان کو دگنے سے بھی زیادہ کر دینگی۔ باقی دیگر ترمیمات میں سے ہر ترمیم کم از کم نصف کروڑ روپے کے نقصان کی موجب ہو گی اس لئے ان کو مسترد کرنا پڑیگا۔

وائسرائے کے اس بیان سے یہ امر مترشح ہوتا ہے کہ گویا اسمبلی نے حکومت کے فیصلہ کو غریب اور کاشتکار طبقہ کے مفاد کیلئے ٹھکرایا ہے۔ مخالف پارٹی کے ممبروں نے یہ رائے ظاہر کی کہ یہ ہماری نمائندہ حیثیت کی توہین کی گئی ہے اس کے معنی تو یہ ہوئے کہ جن معاملات پر اسمبلی کے تمام غیر سرکاری ممبر متفق ہیں وہ ہی رائے عامہ کے مظہر ہیں۔ ایک ممبر نے کہا کہ ہماری ساری کوششیں خاک میں ملا دی گئی ہیں۔ ہم مالیات کے بل کو نامنظور کریں گے۔ وائسرائے کو اپنے آرڈیننسوں اور اختیارات خصوصی کے استعمال کے ذریعہ حکومت چلانے دو۔ وائسرائے کا بیان سننے کے لئے مسٹر گدگل، بابو موہن لال سکسینہ، مسٹر لے چیٹی، پروفیسر رنگا، مسٹر ستھو رنگا، اور مسٹر پی داس کھڑے نہیں ہوئے۔

خطوط اور لفافوں کی قیمت میں کمی

اسمبلی میں حکومت کو کئی شکستیں

دہلی ۲ اپریل۔ کل محصول ڈاک کے بارے میں اسمبلی نے کانگریس کی تینوں ترمیمیں منظور کر لیں۔

پہلی ترمیم پروفیسر رنگا نے پیش کی جس میں یہ تجویز کیا گیا کہ ایک تولہ وزنی چٹھیوں پر صرف ایک آنہ اور ایک تولہ سے زائد اور ½ ۲ تولہ سے کم وزنی چٹھیوں پر ۵ پیسہ محصول عائد کیا جائے۔

ترمیم ۵۹ کے مقابلہ میں ۷۰ ووٹوں سے منظور ہو گئی۔ دوسری ترمیم مسٹر پی داس نے پیش کی جس میں یہ تجویز کیا کہ معمولی پوسٹ کارڈ کی قیمت نصف آنہ اور جوابی کی قیمت ایک آنہ مقرر کی جائے۔

یہ ترمیم بھی ۵۹ کے مقابلہ میں ۶۹ ووٹوں سے منظور ہو گئی۔

تیسری ترمیم مسٹر جیمبر نے پیش کی جس میں یہ تجویز کیا گیا کہ نمونے اور کتابی شکل کے لفافوں پر حسب ذیل شرح سے محصول عائد کیا جائے۔

جو لفافے ۲½ تولہ سے زیادہ وزنی نہ ہوں ان پر دو پیسہ اور جو لفافے ۵ تولہ وزنی ہوں ان پر تین پیسہ یہ بھی ترمیم ۴۹ کے مقابلہ میں ۷۰ ووٹوں سے منظور ہو گئی۔

سر فرینک نائس اور مسٹر بیورو نے حکومت کی پوزیشن اور اس کے نقطہ نظر کی وضاحت کرتے ہوئے فرمایا کہ ہمیں یہ خیال رکھنا چاہئے کہ محکمہ ڈاک و تار کو خسارہ نہیں ہونا چاہئے اگر اسے ایک مرتبہ بھی خسارہ ہو گیا تو اس کی پوزیشن کو بہتر بنانا مشکل ہو جائیگا مذکورہ بالا ترمیمات کے باعث محکمہ ڈاک و تار کو تقریباً ۔۔ لاکھ کا نقصان ہوگا۔

مسٹر ایڈن کی وارسا سے روانگی

پولینڈ نے کوئی جواب نہیں دیا

مجرم سے زبردستی بیان حاصل کرنے کا الزام

تھانیدار کو قید سخت

حکومت یوپی کو دو شکستیں

پولیس پر کسانوں کا حملہ

چینی حکومت کے تین ہزار فوجیوں کا قتل

اجلاس کی خدمت صدارت انجام دی۔ مگر جب آپ تشریف لائے تو آخری چار اجلاس آپ ہی کی صدارت میں انجام پائے۔ جلسہ کی ایک بہت بڑی خوبی یہ ہے کہ مختلف اجلاس میں روشن خیال غیر مسلم بھی شریک ہو کر متاثر اور اسلامی تعلیمات کی حقانیت کے معترف ہوئے ناسپاسی ہوگی اگر اس ضمن میں ان حضرات کا نام نہ لیا جائے۔ جنہوں نے تن من دھن سے اس جلسہ میں حصہ لیا اور جن کی جانفشانیوں سے یہ عظیم الشان جلسہ سرانجام پایا۔ یعنی منشی عزیز الحسن صاحب وائس چیئرمین میونسپلٹی مدھوبنی و بابو عبد محمد صاحب میونسپل کمشنر جنہوں نے دو ماہ قبل سے اپنا آرام و آسائش ترک کر کے صرف جلسہ ہی کے ہو رہے تھے۔ جناب حاجی لکھمن صاحب و منشی عبدالباری صاحب و منشی ابو محمد صاحب و حافظ معین الدین صاحب لائق صد ستائش و آفرین ہیں۔ آخر میں ان جمیع حضرات کا شکریہ ادا کرتا ہوں۔ جن کے باعث یہ مستحسن مفید اور نیک کام کا انعقاد ہوا اور دعا کرتا ہوں کہ اللہ رب العزت تمام مسلمانوں کو نیک عمل کی توفیق عطا فرمائے۔

(خادم قوم احمد غفور رشیدی۔ صدر مدرسہ احمدیہ مدھوبنی ضلع دربھنگہ)

بلوہ غازی پور کی اپیل کا فیصلہ

دو مسلمانوں کی سزائے موت بحال رہی

الہ آباد ۳ اپریل گذشتہ ۱۰ مارچ ۱۹۳۵ء کو ہولی کے موقعہ پر غازی پور میں ایک فرقہ وارانہ فساد ہوا تھا جس میں مسلمانوں نے ہندوؤں کے ہولی کے جلوس پر حملہ کر دیا تھا جس کی وجہ سے کئی آدمی زخمی ہوئے اور ایک داسین اہیر نامی آدمی ہلاک ہو گیا تھا۔

غازی پور کے سیشن جج نے چار ملزموں کو پھانسی کی سزا اور پانچ آدمیوں کو حبس دوام بعبور دریائے شور کی سزا دی تھی۔

ان فیصلوں کی اپیل الہ آباد ہائی کورٹ میں کی گئی جس کا فیصلہ آج جج سر جارلس کینڈل اور مسٹر نام نے سنا دیا۔

...

حکومت بمبئی ہائی کورٹ کے فیصلہ کے خلاف اپیل کریگی

دو ہزار روپے سے کم پر انکم ٹیکس نہیں لگایا جائیگا

ریاست میں سر عام جانور ذبح کرنے کی ممانعت

کراچی کا واقعہ اور ایک ہندو خاتون

مجروحین کے کٹے ہوئے اعضاء کا ڈھیر

جلسہ اصلاح المسلمین پھلواری کی کامیابی

علما ذی شان کا بے نظیر اجتماع

مجلس احرار اسلام ہند کی اپیل

ظفر اللہ قادیانی کے تقرر پر احتجاج کی ضرورت

(جنرل سکریٹری مجلس احرار اسلام ہند)

جسٹرڈ نمبر ل ۱۶۹۳

یداللہ علی الجماعۃ

تار کا پتہ "الجمعیۃ دہلی"
ٹیلیفون نمبر ۵۷۳۸

سہ روزہ الجمعیۃ دھلی

مدیر مسئول ہلال احمد زبیری (بی اے) معاون محمد عثمان فارقلیط

جلد ۲۱ | دہلی یوم شنبہ ۸ محرم الحرام ۱۳۵۴ ہجری مطابق ۱۳ اپریل ۱۹۳۵ء | نمبر ۲۶

معاصرین کے افکار و آراء

گزشتہ سلاطین اور موجودہ حکومت

شاہی جوبلی اور مسلمان

خریداران الجمعیۃ

حکومت کی مذہبی سرپرستی

قانون نے عورت کو کہاں تک آزاد کر دیا ہے؟

تہذیب و شائستگی کے علمبرداروں میں جرائم کا ارتکاب

طلب حقوق کا سب سے پہلا مطالبہ

موجودہ تہذیب کے خطرناک مجرم

صنف نازک کا سیلاب

(باقی صفحہ ۳ پر ملاحظہ فرمایئے)

پادری کی لڑکی کا قبول اسلام

اسپین کے ایک جلیل القدر پادری کی لڑکی نے جب اسلامی تعلیمات کا مقابلہ کیا اور مسلمانوں کے مذہب اور ان کے اعمال کو بغور دیکھا تو اس کے دل میں اسلام کی صداقت و حقانیت جاگزیں ہو گئی اور اس نے یہ فیصلہ کیا کہ حقیقتاً اسلام ہی وہ مذہب ہے جو دنیا اور آخرت میں نجات کا راستہ بتاتا ہے ... قیمت فی جلد ۱۲ علاوہ محصول ڈاک ...

ملنے کا پتہ :- منیجر الجمعیۃ دہلی

Regd. No. L 1793.

The Aljamiat

Vol. XV No. 25: DELHI TUESDAY 9th MARCH 1935 — PRICE ONE ANNA

نورانی قرآن مجید
نہایت صاف جلی اور نہایت صحیح قرآن شریف اگر درکار ہو تو نورانی قرآن مجید الجمعیۃ بک ایجنسی دہلی سے طلب فرمایئے
قیمت مجلد بارہ روپیہ

پادری کا لڑکی کا قبول اسلام
اور اس کے حیرت انگیز کارنامے معلوم کرنے ہوں تو ... جسکو پڑھ کر آپ اسلام کی حقانیت کے قائل ہو جائیں گے۔ قیمت فی جلد ۱۲ علاوہ محصول ڈاک
منیجر الجمعیۃ دہلی

سکھوں کا مسلمانوں پر ظالمانہ حملہ

سر فضل حسین کے رویہ کی مذمت

مسجد کی انتظامیہ کمیٹی

صدمۂ جانکاہ

اخبار الجمعیۃ میں اشتہار دیکر اپنی تجارت کو فروغ دیجئے

اجودھیا کے مسلمانوں کے ساتھ ہمدردی

دربھنگہ کی عیدگاہ خطرہ میں

شمشیر برہنہ

خضاب چھوڑ دو

تقریر سیرت چھپ کر تیار ہو گئی

مختصر فہرست مضامین

منیجر الجمعیۃ گلی قاسم جان دہلی

کربلا کے رتیلے میدانوں میں خون کا چھڑکاؤ!

اہلبیتؑ پر یزیدی مظالم کا بادل امڈ رہا ہے۔ ابتدائی مراحل کی خونپاش مسافت ہم نبی فاطمۃؑ کے جگر پاروں کی بوچھاڑ، تشنہ لب ہونٹوں اور سوکھے ہوئے حلق کی آہ آسمان سوز خون کے فواروں میں سجدہ بروشکر کی ادائیگی اہل بیت کا زبردست ایثار، اگر آپ تیرہ سو برس پہلے کے دلشکن غمناک واقعات کی تصویر اپنی آنکھوں سے دیکھنا چاہتے ہیں، اور ہر سال ماتم امام حسنؑ و حسینؑ کے موقع پر شہادت کے ذکر پڑھ کر جذبات اسلامی زندہ کرنا چاہتے ہیں تو داستان غم کی تجدید شہدائے پاک کا عظیم الشان ضبط و استقلال اور آخر وقت تک سچائی کی پاسداری میدان کربلا کے معرکۃ الآرا کارنامے ملاحظہ فرمایئے جسے تقدس مآب حضرت مولانا مفتی اکرام الدین نبیرہ حضرت شیخ عبدالحق محدث دہلوی نے اپنی تصنیف:-

سعادت الکونین (فی) فضائل الحسنین

میں نہایت شرح و بسط کے ساتھ تحریر فرمایا ہے۔ کتاب اردو میں ہے اور نہایت سلیس سادہ اور بامحاورہ عبارت ہے یوں تو سینکڑوں کیا بلکہ ہزاروں کتابیں کہ شہادت کے متعلق شائع ہو چکی ہیں لیکن ایسی مستند صحیح اور مدلل کتاب آپ کی نظر سے نہ گذری ہوگی جس میں تمام روایتیں بڑی بڑی وثوق حدیثوں اور ملنے ہوئے بزرگوں کی معتبر کتابوں میں سے اخذ کر کے لکھی گئی ہیں۔

ہر مسلمان جس کے دل میں خدا رسولؐ اور آل رسولؐ کی محبت ہے

خواہ سنی ہو یا شیعہ اس کتاب کی ایک ایک جلد ضرور منگائیں۔ اس کے دیکھنے سے زبان کی فصاحت، بیان کی بلاغت، حسن تحریر کے واقعات کا تسلسل شہادتوں کا مجمل شروع سے آخر تک سب کچھ نظر آ جائے گا۔ اس میں حضرت امام حسن و حسین کی ولادت سے شہادت تک اور شہادت کے بعد یزید اور اس کے خاندان کا حشر سب کچھ خلاصہ اور تفصیلی واقعات بیان کئے ہیں اس کتاب کی فہرست مضامین سات صفحوں میں ہے اور کل کتاب کی ضخامت دو سو صفحوں سے زائد ہے، سند کے طور پر اس کتاب کے شروع میں۔

جناب شاہ عالم بادشاہ غازی کی مہر

ثبت ہے۔ آپ نے خود اسکو مطالعہ کیا تھا اور نہایت پسند فرمایا۔ فارسی کی ایک عبارت جو تنقید کے طور پر انہوں نے لکھی تھی وہ بھی اس کتاب میں موجود ہے، قیمت رعایتی صرف ایک روپیہ (عہ) علاوہ محصول ڈاک۔

(نوٹ) ایک جلد پر محصول ڈاک ۵ لگتے ہیں۔ جو صاحب دس جلد اکٹھی طلب فرماویں گے انکو محصول ڈاک چھوڑ دیا جائے گا۔

المشتہر

سید محمد شفیع الدین اینڈ سنز تاجران کتب دریبہ کلاں دہلی

شہادت حسینؓ میں امت اسلامیہ کیلئے زندگی کا پیغام

محرم کی شرعی حیثیت اور مسلمانوں کے فرائض

سالِ نو کی بدعتیں اور انکے انسداد کی ضرورت

یوم عاشورا

کراچی کے اکابر کا وائسرائے اور گورنر بمبئی کے نام تار

غیر مسلم ارکان کی تحقیقاتی کمیٹی ہی مقرر کرو

فائرنگ کے خلاف زبردست اور پرزور دلائل

کراچی۔ جناب مولانا محمد صادق صاحب اور جناب شیخ عبدالمجید صاحب رکن بمبئی کونسل نے ہز ایکسیلنسی وائسرائے اور گورنر بمبئی کو جو آج کل حادثہ کراچی کے سلسلہ میں مشورہ کرنے کے لئے دہلی تشریف لے گئے ہیں مندرجہ ذیل طویل تار ارسال کیا ہے جس میں بتایا ہے کہ غازی عبدالقیوم کو پھانسی دئے ...

(۱۰) یہ الزام قطعاً غلط ہے کہ فائرنگ کی جگہ پر مسلمانوں نے پولیس پر حملہ بول دیا تھا ...

(۱۱) مسلمان غیر مسلح تھے ...

(۲۱) حکام نے نہ تو جلوس کو تنبیہ کیا اور نہ منتشر ہونے کا موقعہ دیا بلکہ دفعتاً فائر کردئے گئے جس سے عورتوں، بچوں اور راستہ گزرنے والوں کو بھی نقصان پہونچا۔

(۲۲) حکام نے فائرنگ سے پیشتر ان لوگوں کو بھی اطلاع نہیں دی جو ادھر ادھر چھوٹی چھوٹی پہاڑیوں پر مقیم تھے اور جن کو جلوس سے کوئی بھی تعلق نہ تھا۔ حالانکہ انہوں نے اس مقام کو فائرنگ کے لئے منتخب کر لیا تھا۔

(۲۶) شہر میں حالات پر قابو پانے کے لئے کافی پولیس موجود تھی۔

(۲۷) جب جلوس لاٹھی چارج سے ہی منتشر ہو سکتا تھا تو گولیاں کیوں چلائی گئیں۔ حالانکہ چار مارچ کو جیل کے دروازہ پر لاٹھی چارج کامیاب ثابت ہو چکا تھا۔

(بسلسلہ صفحہ ہذا کالم ۴)

ان دلائل کے بعد فیصلہ مسلمانوں کے اختیار میں ہے۔

(فتاویٰ عزیزی)

ایک نوجوان لڑکا دریا میں ڈوب گیا

جھنگ ۔ اپریل۔ ایک نوجوان لڑکا جس نے انٹرنس کا امتحان دیا تھا دریا پر نہانے گیا ...

The HOLY QURAN

TRANSLATION & COMMENTARY

BY

ALLAMA ABDULLAH YUSUF 'ALI

C.B.E., M.A., LL.M., I.C.S. (Retd.)

Fellow of the Royal Society of Literature (England)

A MARVELLOUS TRANSLATION

OF

THE MOST MARVELLOUS BOOK IN THE WORLD

WITH COPIOUS NOTES

AN EPOCH-MAKING CONTRIBUTION

TO

ISLAMIC LITERATURE

A Mirror of the Beauty of Quranic Teaching and Literature

The Commentary is rich in useful information. Not a dull Sunday Sermon, but a piece of English Literature. No Sectarian views propagated through the Commentary

ARABIC TEXT PRINTED IN BEAUTIFUL PHOTO BLOCKS

On Glazed Paper of Superior Quality. Clear Print and Get-up pleasing to the eye

BEING ISSUED IN THIRTY PARTS

Price per Part Re. 1

Postage Extra

Those who will register their orders by depositing an advance of Rs. 2/- (being price of the last two Parts) with the Publisher will get all Parts (except 1st) post-free, and in addition a complete Index free of charge.

WRITE FOR FIRST PART TO

Sh. MUHAMMAD ASHRAF

BOOKSELLER & PUBLISHER

Kashmiri Bazar - - - - LAHORE

حادثہ فاجعہ کراچی پر حکومت بمبئی کا یکطرفہ بیان

حکام کے طرز عمل کی حمایت میں رکیک دلائل

نہتے ہجوم پر ذمہ داری ڈالنے کی کوشش

ضرورت سے زیادہ قوت استعمال نہ کرنے کا دعویٰ!

بمبئی ۹ اپریل۔ حکومت بمبئی نے کراچی میں مسلم ہجوم پر پولیس کے گولی چلانے کے بارے میں مندرجہ ذیل کمیونک شائع کیا ہے:۔

گزشتہ ۱۹ مارچ کو کراچی میں مسلمانوں کے ایک زبردست ہجوم پر پولیس نے جو گولی چلائی تھی اس سے ۴۷ افراد ہلاک ...

جلسہ پر ہجوم

(باقی صفحہ ۶ پر ملاحظہ فرمائیے)

بصائر ونظائر

اسلام کے کھلے اور چھپے دشمن اگر اسلام کو بدنام کرنے اور اس پر الزامات تراشنے کا بیڑا اٹھائے ہوئے ہیں تو کوئی افسوس کی بات نہیں کیونکہ دشمن سے سوائے ایذا رسانی اور بہتان بندی کے اور کوئی امید نہیں کی جا سکتی ...

قانون نے عورت کو کہاں تک آزاد کر دیا ہے؟

(بسلسلہ صفحہ اول)

پولیس اور ڈاکوؤں کی جنگ میں بمباری

۶ ڈاکو ہلاک کردئے گئے

گوالیار ۔ اپریل۔ ریاست گوالیار میں فوج اور ڈاکوؤں کے درمیان دو روز تک زبردست معرکہ آرائی ہوئی ہے جس میں چھ افراد ہلاک ہوگئے اور تین مجروح ہوئے ہلاک شدگان میں سے پانچ گروہ کے ممبر تھے۔ لیکن گروہ کا سرغنہ مجوبت سنگھ ...

سرمہ نور

اگر آنکھوں کی قدر ہے تو ان دو سرموں میں سے کوئی سرمہ اپنے حسب حال انتخاب کر کے استعمال کیجئے۔

(مولانا) نورالدین بہاری دہلی بیرون لاہوری دروازہ

بلاغ مبین

مصنفہ مولانا حفظ الرحمن صاحب سیوہاروی

رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے ان تمام خطوط اور فرامین کا مجموعہ جو آپ نے مختلف اوقات میں بادشاہوں اور حکمرانوں کے نام دعوت اسلام کے سلسلہ میں بھیجے ...

ملنے کا پتہ:۔ دفتر بلاغ مبین دہلی

حضرت شاہ ولی اللہ صاحب رحمۃ اللہ علیہ

کی جلیل القدر نادر تصنیف

الخیر الکثیر

ملنے کا پتہ:۔ (مولوی) محمد ادریس مالک مکتبہ برہان ... دہلی

اطلاع

بذریعہ اخبار سوت گولہ خریدنے والے صاحبان کو مطلع کیا جاتا ہے کہ ہم نے گولہ نمبری آر (R.R.) مارکہ والا تیار کیا ہے ...

المشتہر قائم کمپنی سوت گولے والے صدر بازار ... دہلی

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم

الجمعیۃ دہلی

یوم شنبہ ۸ / محرم الحرام ۱۳۵۴ھ ہجری

مسلم یونیورسٹی علیگڈھ کا مستقبل

چند مخلصانہ معروضات

مسلمانوں میں بدقسمتی سے اختلافات کی خلیج اسقدر وسیع ہوگئی ہے کہ شاید ہی اس خوش قسمت قوم کا کوئی ادارہ ایسا ہو گا جو کارکنوں کی باہمی آویزش کا جولانگاہ نہ بن چکا ہو مسلم یونیورسٹی علیگڈھ جو محض ایک تعلیمی ادارہ ہے اور جس کو سیاسیات سے کوئی تعلق نہیں ہے۔ کچھ عرصہ سے کارکنوں کے اختلاف اور گروہ سازشوں اور باہمی رقابتوں کی مصیبت میں مبتلا ہے۔ ایک تعلیمی ادارے میں اگر اختلاف بھی ہوتا تو وہ اختلاف محض طرز تعلیم اور طلبا کی اصلاح یا اخراجات کی کمی یا ...

مفوضہ ذمہ داریوں کو اپنی زندگی میں باحسن الوجوہ پورا کرتے رہے تھے جس وقت کورٹ کے ممبران اس تجویز پر غور کرنے والے تھے اُسی وقت نواب اسماعیل خاں صاحب نے اپریل تک اس معاملہ کو ملتوی کرنے کی خواہش کی تھی اور اس امر کا خیال ظاہر کیا تھا کہ اس معاملہ میں عجلت سے کام نہیں لینا چاہئے بلکہ اچھی طرح غور و فکر کے بعد کسی شخص کو وائس چانسلر منتخب کرنے کی ضرورت ہے۔ چنانچہ نواب اسماعیل خاں صاحب کے اس خیال سے سب حضرات نے اتفاق کیا اور وائس چانسلر کا انتخاب اپریل ...

گورنمنٹ کی حمایت

سیاں سرفضل حسین کی کارنامہ

وائس چانسلری کا عہدہ

عذر گناہ بدتر از گناہ

حکومت بمبئی نے حادثہ فاجعہ کراچی پر آخر اپنا وہ بیان شائع کر ہی دیا جسکو منظر عام پر لانے کا وعدہ چند روز پیشتر کیا گیا تھا۔ یہ بیان اس "تحقیقات" کا نتیجہ ہے جو گورنر بمبئی نے کراچی کے حکام سے مکمل طور پر در پردہ انجام دی تھی۔

حکومت بمبئی کے اس بیان سے وہ تمام واقعات اور زیادہ پیچیدہ ہو گئے ہیں جن کی طرف سارے ہندوستان کی نظریں لگی ہوئی ہیں اور جنھوں نے ایک پسندی رعایا پروری اور اصول حکمرانی کا چہرہ بالکل بے نقاب کر دیا ہے۔ بیان مذکور ان دلائل و شواہد سے بالکل خالی ہے جو ایک ایسے اہم اور خونی واقعہ کو حق بجانب ثابت کرنے کے لئے ضروری خیال کئے جا سکتے ہیں اس میں جن امور پر روشنی ڈالی گئی ہے وہ عامۃ الناس کو مطمئن کرنے کے بجائے اور زیادہ مضطرب اور بددل کرنے والے ہیں اور ہرگز اس قابل نہیں کہ حکام متعلقہ کے جرم کو کسی حد تک بھی ہلکا کر سکیں۔ حکومت بمبئی کی "کتاب الدلائل" میں جو کچھ ہے وہ بالفاظ مختلف وہی ہے جس کا اظہار حکومت کی طرف سے اسمبلی، کونسل آف اسٹیٹ اور بمبئی کونسل میں کیا جا چکا ہے اور جس کی رکاکت و سخافت اور غیر معقولیت بیان کی سطر سطر سے ظاہر ہے۔ چونکہ حکومت ابتدا ہی میں یہ فیصلہ کر چکی تھی کہ واقعہ کراچی کی تحقیقات کے لئے کسی کمیشن کا تقرر نہ کیا جائے اسلئے اس نے بلطائف الحیل اس ناگوار فرض کو خود ہی انجام دیکر ایک طویل بیان شائع کرنا مناسب سمجھا اور ان الزامات کو دور از کار اور قیاسی دلائل سے دھونے کی بیکار کوشش کی جو کراچی کے عاقبت نا اندیش حکام کے طرز عمل پر از روئے آئین و انصاف عائد ہوتے ہیں اور جن کی تحقیقات کیلئے طول و عرض ہندوستان میں ہمہ گیر اور متفقہ مطالبہ کیا جا رہا ہے۔

بیان کی ابتدا میں بتلایا گیا ہے کہ

کیا گیا تھا کہ تجہیز و تکفین کی تمام رسوم ساڑھے سات بجکر ۵۰ منٹ تک ادا ہو جائیں گی۔"

یعنے حکومت کی ان "خفیہ کارروائیوں" کا منشا یہ تھا کہ لوگوں کا اجتماع نہ ہو اور مخفی طریقہ سے مرحوم عبدالقیوم کو سپرد خاک کر دیا جائے۔ اور اس کام میں ہرگز تاخیر نہ کی جائے مگر اس بیان میں آگے چلکر لکھا ہے کہ

"عبدالقیوم کی قبر کے لئے جو جگہ تجویز کی گئی تھی وہ دیواروں سے گھرے ہوئے احاطہ میں تھی اس میں تجہیز و تکفین کی سہولتیں تو مہیا تھیں لیکن اس جگہ جمع ہونے والے ہجوم کو روکنا مشکل تھا اس لئے یہاں یہ ضروری تھا کہ قبر کے نزدیک پولیس کا ایک دستہ متعین کیا جائے وہاں یہ بھی فیصلہ کیا گیا تھا کہ اس دستہ کو وہاں استعمال نہ کیا جائے۔"

پھر لکھا ہے۔

"گورنر باجلاس کونسل کا خیال ہے کہ ان تمام فیصلوں کے بعد تجہیز و تکفین اس قبرستان میں کی جا سکے مقامی افسران نے نہایت دانشمندی اور انصاف سے کام لیا اور قبرستان پر آخر تک پہرہ لگانے کی کوشش نہ کی اور یہ فیصلہ کیا کہ اگر قبرستان میں کسی قسم کی مداخلت بھی ہو تو ہجوم کو منتشر کرنے کی کوشش نہ کی جائے۔"

دراصل فساد کی جڑ یہی فیصلہ تھا کہ قبرستان میں ہجوم کو جمع ہونے کا موقع دیا گیا اور اس کو منتشر کرنے کی کوئی کوشش نہ کی گئی۔ اگر مقامی حکام کا منشا یہی تھا کہ قبرستان میں نہ تو کافی پولیس کا انتظام رکھا جائے اور نہ ہجوم کو جمع ہونے سے روکا جائے تو پھر مرحوم عبدالقیوم کی لاش کو صبح سویرے قبرستان میں لیجانے اور ساڑھے سات بجے تک اس کو سپرد خاک کرنے کا منصوبہ کیوں گانٹھا گیا ...

حکومت سیام کو انتباہ

مسلم یونیورسٹی کو برباد کرنے کے منصوبے

نواب صاحب بھوپال کا چانسلری سے استعفا

تازہ ترین خبر یہ ہے کہ علی گڈھ مسلم یونیورسٹی کی چانسلری کے عہدہ سے ہز ہائی نس نواب صاحب بھوپال مستعفی ہو گئے۔

... ہز ہائی نس نواب صاحب بھوپال ... پرنس حمید اللہ خاں ... ایک تحقیقاتی کمیٹی مقرر ہوئی تھی جس کی صدارت سر ابراہیم رحمت اللہ نے کی تھی کہ وہ یونیورسٹی کی بدنظمیوں اور خرابیوں کی تحقیقات کرے اور اس کی اصلاح کی تدابیر بتائے۔ ... ایک مخصوص جماعت کی طرف سے اس بات کی کوشش کی جا رہی تھی کہ وہ ان تمام اصلاحات کو جو رحمت اللہ کمیٹی کی سفارشات کے ماتحت عمل میں آ چکی تھیں ...

اسی سلسلہ میں یہ امر بھی خصوصیت سے قابل لحاظ ہے کہ کمیٹی مذکور ہی کی سفارش کی بنا پر ڈاکٹر ضیاء الدین صاحب یونیورسٹی کے عہدہ پرو وائس چانسلری سے الگ ہوئے تھے جو اب وائس چانسلر کے عہدہ کے لئے امیدوار ہیں۔

مسلم یونیورسٹی اور مولانا شوکت علی

میاں سرفضل حسین کا جوڑ توڑ

مولانا شوکت علی صاحب اپنے ایک تازہ بیان میں وائس چانسلر اور پرو وائس چانسلر کے اس تمام قضیہ کی تفصیل کو دہرانے کے بعد کہ کس طرح یونیورسٹی کے ذمہ دار عمال میں صاحبزادہ آفتاب احمد خان صاحب سے لیکر سر راس مسعود اور رحمت اللہ کمیٹی ... لکھتے ہیں ... میاں سرفضل حسین ... مولانا فرماتے ہیں کہ ... آخر میں مولانا نے علی گڈھ کے سابق طلبا اور کورٹ کے ارکان سے اپیل کی ہے کہ وہ مسلمانوں کے اس اہم تعلیمی مرکز کو بچائیں اور اس قسم کے جھگڑوں کا اکھاڑہ نہ بنائیں۔

کونسل آف اسٹیٹ میں التوائے اجلاس کی تحریک

حادثہ کراچی کے متعلق تحقیقات کا مطالبہ

جوبلی پر بادشاہ کو مبارکباد دینے کی تجویز مسترد

فرانس، جرمنی اور روس میں معاہدہ ہو گیا

یورپ میں امن کی کنجی برطانیہ کے ہاتھ میں ہے

فرانسیسی کابینہ کا اجلاس

لندن ۱۰/ اپریل۔ آج یورپ کے مدبرین تمام دن دلچسپی کے ساتھ دارالعوام میں سرسائمن وزیر محکمہ امور خارجہ کے بیان کے منتظر رہے۔ اسی لئے فرانسیسی کابینہ کی میٹنگ شام کو ... بجے منعقد ہوئی جس میں ان معاملات پر غور کیا گیا جو کہ اسٹریسا کانفرنس اور جمعیت اقوام کی کونسل کے روبرو پیش کئے جائیں گے۔ میٹنگ تقریباً تین گھنٹے تک جاری رہی جب تک کہ سرسائمن کی تقریر کی رپورٹ موصول نہیں ہوئی۔ سرسائمن نے اپنی تقریر کے دوران میں جرمنی کے رویہ کے بارے میں جو انکشافات کئے ان کا فرانس کے اعلیٰ سرکاری افسران نے خیر مقدم کیا۔

فرانسیسی اخبارات کا بیان ہے کہ حالانکہ حکومت نے ابھی اس بارے میں سرکاری طور پر کسی قسم کی رائے ظاہر نہیں کی ہے تاہم کہا جاتا ہے کہ حکومت فرانس کو جرمنی کی تجاویز منظور نہیں ہیں ...

بہرحال یہ قریب قریب سب ہی کی رائے ہے کہ یورپ کی صورت حالات کی کنجی برطانیہ کے ہاتھ میں ہے۔

برلن ۹/ اپریل۔ آج روس اور جرمنی کے درمیان تجارتی معاہدہ ہو گیا جسکے ماتحت یہ طے پایا ہے کہ روس جرمنی سے ... ۲۰ کروڑ مارکس ... کا اور زیادہ مال منگایا کرے گا۔

پیرس ۹/ اپریل۔ فرانس اور روس کے درمیان جو معاہدہ طے پایا ہے اس کے مسودہ کو آج فرانسیسی وزیر مانشیر لاول اور روسی وزیر مانشیر پوٹمکین نے منظور کر لیا۔

اس کی تفصیلات آیندہ ہفتہ جنیوا میں طے ہوں گی اور ماسکو میں اس پر دستخط ہوں گے جب کہ مانشیر لاول وہاں تشریف لے جائیں گے۔

سندھ اور یو۔پی میں ژالہ باری

گیند کی برابر اولے پڑے

مسلم یونیورسٹی کو پچاس ہزار کا عطیہ

قانون کے محافظوں کی قانون شکنی

دسمبر میں صوبہ سندھ کی علیحدگی

سشن جج کے فیصلہ کے خلاف اپیل

پنجاب کے قانون قرضہ کی منظوری

پونچھ کی شورش میں ۲۵۶ مکانات نذر آتش

شیخ عبدالمجید سندھی بمبئی کونسل کی رکنیت سے مستعفی ہو گئے

حادثہ کراچی کی تحقیقات سے انکار پر احتجاج

پانڈیچری میں گولی چل گئی

دس آدمی زخمی ہوئے

مدراس کے انتخابی مقابلہ میں کانگریس کی فتح

اسمبلی کا بجٹ سشن ختم ہو گیا

اسمبلی کی نئی نشست کیلئے پنڈت مالویہ کھڑے ہونگے

اشتراکیوں کی لاشیں بے گور و کفن پڑی ہیں

چینی حکومت کا زبردست حملہ

لندن ۱۰/ اپریل۔ اخبار ٹائمس کا نامہ نگار متعینہ شنگھائی لکھتا ہے کہ چینی حکومت اور صوبجات کی فوجیں کیانگسی کے اشتراکیوں کو چین نہیں لینے دتیں، یہ افواج اس وقت شمالی مغربی کیو چاؤ کے ناقابل گذر پہاڑوں میں مقیم ہیں۔ سرکاری فوجوں نے ان کو چاروں طرف سے گھیر لیا ہے اور ہوائی جہاز بم اور مشین گنوں سے مسلح رہتے ہیں۔ روزانہ محاذ جنگ کے اوپر پرواز کرتے ہیں۔

مارشل چیانگ کائی شیک جو سرکاری افواج کی سپہ سالاری کر رہے ہیں یہ اعلان کرتے ہیں کہ اشتراکیوں میں بدنظمی پھیلی ہوئی ہے اور اب ان کا خاتمہ دور نہیں ہے ...

اشتراکیین اب شرقی کیو چاؤ کی سرحد پر جان توڑ کوشش کر رہے ہیں میدان جنگ میں اشتراکی سپاہیوں کی ہزاروں لاشیں بے گور و کفن پڑی ہوئی ہیں۔ اشتراکی تازہ ترین شکستوں سے بالکل بددل ہو چکے ہیں۔

"مجھے عیسائیت کو خیرباد کہے مدت ہوگئی"

جرمنی کے ایک جرنیل کا اعلان

میونخ ۱۰/ اپریل۔ جنرل لڈنڈورف نے ایک بیان کے دوران میں کہا کہ میں ایک غیر عیسائی اور کافر ہوں اور مجھے اس پر فخر ہے۔ مجھے عیسائیت کو خیرباد کہے ہوئے مدت ہو گئی ہے۔ کیونکہ اس مذہب کی خود اپنی تعلیم یہی ہے کہ افراد کو اس کی قوم قبیلہ اور نسل سے جدا کیا جائے اور اس کے صلہ میں صرف جنت ملے گی اس طرح ایک عیسائی حکومت میں کوئی مستقل اتحاد ویگانگت پیدا نہیں ہو سکتا عیسائی تعلیم صرف ایک مقصد کے لئے ہے اور وہ یہ ہے کہ یہودیوں کو ان کے غلبہ میں اعانت دی جائے۔ اگر انگریز عیسائی باقی رہنا چاہتے ہیں تو وہ رہیں۔ لیکن وہ اپنی سابقہ بلندیوں سے روز بروز نیچے گرتے جائیں گے۔ صرف وہی قوم زندہ رہ سکتی ہے جو نسلی اصول پر وفاداری کے ساتھ قائم ہے۔

جرمنی کو جنگ کرنے پر مجبور کیا جا رہا ہے؟

برلن ۱۰/ اپریل۔ جنرل لڈنڈورف نے ایک بیان کے دوران میں کہا کہ تمام بیانات کے فرانسیسی و روسی بھی امن کے خواہاں ہیں۔ لیکن انہیں وہ ذرائع اور طاقتیں جو دنیا پر قبضہ کرنے کی دیرینہ کوشش کر رہی ہیں جنگ کرنے کی ترغیب دے رہی ہیں اور انہیں اس پر مجبور کیا جا رہا ہے۔ آپ نے مزید کہا کہ تجدید اسلحہ اخلاق سوز ہے اور جبری فوجی بھرتی قیام امن کی ضمانت ہے۔

جوبلی پر سیاسی اسیر رہا نہیں کئے جائینگے

اخبار آزاد سے بھی ضمانت طلب کر لی گئی

انسان اور مویشی آگ کی نذر

فرانس کی جنگی کونسل کا نیا فیصلہ

مدراس کونسل میں کانگریس کی کامیابی

سابق صدر اسمبلی کوچین کے دیوان مقرر ہوگئے

حادثۂ فاجعہ کراچی پر حکومت بمبئی کا بیان

(سلسلہ صفحہ ۳)

نے یہ بھی فیصلہ کیا کہ اگرچہ پولیس کو یہ کہا گیا تھا کہ وہ رسومات تجہیز و تکفین انجام دینے کی اجازت دے لیکن اگر ان رسوم کی ادائیگی کے انتظامات میں کسی قسم کے رد و بدل کی شدید دھمکی دی جائے تو اُسے نظرانداز کر دیا جائے کیونکہ یہ خیال کیا گیا تھا کہ اگر رشتہ دار تجہیز و تکفین کی رسومات ادا کرنے میں قاصر رہے یا دیر ہو گئی اور اس کے لئے فوج یا پولیس کی امداد استعمال کی گئی تو ضروری بات ہے کہ ... اور قبرستان میں زبردست خرابہ سے شدید نکتہ چینی اور ناراضگی کے پھیلنے کا بڑا وسیع امکان تھا جس کا مقابلہ بعد میں گورنمنٹ کے لئے کرنا سخت مشکل ہو جاتا ہے اس لئے نزاکت حالات کو محسوس کرتے ہوئے یہ تدابیر اختیار کی گئیں قبرستان کی بھی صورت میں ایسی موزوں جگہ نہ تھی جہاں ہجوم کو اکٹھا ہونے کا موقع دیا جاتا اور اس کے بعد اسے منتشر کرنے کے لئے فوج اور طاقت کے امکانات ڈھونڈے جائیں۔

دریائے لیاری کے شمالی کنارے کا قبرستان ایک وسیع علاقہ میں پھیلا ہوا ہے اور شہر سے کافی فاصلہ پر واقع ہے۔

دریائے لیاری کا سال میں ... زیادہ حصہ خشک رہتا ہے اس لئے یہ ممکن ہے کہ مقامی لوگوں کو جو قبرستان میں کثیر تعداد میں اکٹھے ہو کر ... روکا جائے قبرستان کا تمام رقبہ مقبروں، دیوار اور باغات ...

بمبئی کے کارخانہ میں بم پھٹ گیا
بارہ آدمیوں کے ٹکڑے ہوا میں اڑ گئے

بمبئی ۱۰ اپریل۔ بمبئی سے بذریعہ ٹیلیفون اطلاع ملی ہے کہ وارلی کے آتشی اشیاء کے کارخانہ میں تیار شدہ بم پھٹ جانے سے ۱۲ آدمی ہلاک ہو گئے اور ۳ سخت زخمی ہوئے۔ گذشتہ اکتوبر میں بھی کانگریس سیشن کے زمانہ میں کارخانہ مذکور میں اسی طرح کا ایک حادثہ ہو چکا ہے جس میں ۱۱ آدمی ہلاک ہو گئے تھے اور چند زخمی۔

کارخانہ مذکور میں کسی تقریب کے سلسلہ میں گولے بنائے جا رہے تھے جن میں سے ایک دوران تیاری میں پھٹ گیا۔ ہلاک شدہ افراد میں ۵ لڑکے ۲ عورتیں ایک لڑکی اور ۴ مرد شامل ہیں۔ بم گولہ اس قدر زوردار تھا کہ اس نے لاشوں کے ٹکڑے ٹکڑے کر دئے جو پانچ پانچ سو گز کے فاصلہ پر مختلف مقامات پر گرے۔

مسٹر زیبان بمبئی میونسپلٹی کے ممبر اسی کارخانہ کے قریب رہتے ہیں۔ آپ نے مصیبت زدگان کو پوری امداد پہنچائی۔

کنبوہ کانفرنس

کنبوہ کانفرنس کا دوسرا سالانہ جلسہ امسال مارہرہ میں بصدارت ڈاکٹر ضیاء الدین احمد صاحب ۲۱ اور ۲۲ اپریل ۱۹۳۵ء کو منعقد ہوگا جن کنبوہ حضرات کے پتے اب تک دستیاب ہو سکے ان کے نام مرکزی دفتر سے دعوت نامے جاری ہو چکے ہیں لیکن ابھی ایسے کافی حضرات باقی ہیں جنہیں پتہ نہ معلوم ہونے کے باعث دعوت نامے نہیں بھیجے جا سکے۔ اسی لئے بذریعہ اخبارات اعلان کیا جا رہا ہے کہ جن کنبوہ حضرات کے پاس ہنوز دعوت نامے نہ پہنچے ہوں انہیں بھی علم ہو جائے جو صاحبان شرکت کا ارادہ رکھتے ہوں وہ قبل از وقت سکریٹری لوکل کمیٹی، کنبوہ کانفرنس، مارہرہ ضلع ایٹہ کو مطلع فرما دیں، تاکہ ان کے قیام اور آرام و آسائش کا معقول انتظام کیا جا سکے، خورد و نوش اور قیام کا صرفہ کانفرنس کے ذمہ ہوگا۔

جو حضرات کانفرنس میں کوئی تجویز پیش کرنی چاہتے ہوں ۱۵ اپریل تک جنرل سکریٹری، کنبوہ کانفرنس مارہرہ ضلع ایٹہ کے نام ارسال فرما دیں۔

خان بہادر چودھری محمد صالح پریسیڈنٹ لوکل کمیٹی

چودھری نعمت الٰہی، جنرل سکریٹری

شبیر حسین، سکریٹری، لوکل کمیٹی

کنبوہ کانفرنس، مارہرہ ضلع ایٹہ

تحریک التوائے اجلاس پیش کرنے کی اجازت نہیں دی گئی
جوبلی کیلئے دو لاکھ روپے کی منظوری

نئی دہلی ۱۰ اپریل۔ آج جب اسمبلی کا اجلاس شروع ہوا تو حاضری بہت کم تھی اکثر ممبران کی خواہش یہ معلوم ہوتی تھی کہ اجلاس آج ہی ختم کر دیا جائے سر ہنری کریک نے مسٹر شام لال کو جواب دیتے ہوئے کہا کہ حکومت کے پاس یہ باور کرنے کے لئے کوئی وجہ موجود نہیں ہے کہ حکام ضلع ملک معظم کی سلور جوبلی کے واسطے چندہ جمع کرنے کے لئے عام باشندوں پر ناجائز دباؤ ڈال رہے ہیں۔ اگر کسی مقام پر کوئی افسر ایسی حرکت کرتا ہوا پایا گیا تو اس کے خلاف مقامی حکومت مناسب کارروائی اختیار کرے گی۔

... بعد تحریک التوائے پیش کرنے کی بحث سننے کے بعد تحریک التوا پیش کرنے کی اجازت دینے سے انکار کر دیا۔

چند ممبران کی جانب سے انڈین سول سروس کے بنگال میں فرائض ادا کرنے والے ممبران کے بیان کردہ میمورنڈم کے خلاف تحریک التوا کا نوٹس دیا گیا تھا لیکن صدر نے اس تجویز کو بھی خلاف قاعدہ قرار دے دیا۔

جوبلی کے لئے اخراجات

سر جیمز گرگ نے ملک معظم کی نقرئی جوبلی کے لئے دو لاکھ روپیہ کا مطالبہ پیش کیا مسٹر بھولا بھائی ڈیسائی نے کہا کہ کانگریس پارٹی ملک معظم کی اس مبارک تقریب کے موقع پر ان کی ذات کے لئے نیک خواہشات کے علاوہ کچھ ظاہر نہیں کر سکتی۔ لیکن چونکہ ملک معظم کا دور حکومت ہندوستان کے ساتھ وابستہ رہا ہے اس لئے کانگریس اس درجہ سے بالواسطہ یا بلاواسطہ تعلق رکھنے والی کسی چیز میں حصہ نہیں لیں گے۔

بالا خر مطلوبہ رقم کسی تقسیم آراء کے بغیر منظور ہو گئی۔ اس کے بعد ... انسٹی ٹیوٹ کے ... لاکھ روپیہ کی رقم طلب کی گئی جو کسی تقسیم آراء کے بغیر منظور ہو گئی۔

سر جیمز گرگ نے ... نمک پر زائد محصول لگانے کے متعلق ایک بل پیش کیا مسٹر ستیہ مورتی نے کہا کہ بل کسی وقت کی پابندی نہیں ہونی چاہئے بلکہ اسے غیر محدود وقت تک جاری رکھنا چاہئے تاکہ ملکی دستکاری اپنی قدموں پر کھڑی ہو سکے۔

متعدد ممبران نے سرگرم تقریریں کیں جس میں انہوں نے مجوزہ خوبیوں اور برائیوں پر اچھی طرح روشنی ڈالی۔ سر جیمز گرگ نے ان کا جواب دیا۔

ہوائی جہاز پاش پاش

برلن ۱۰ اپریل۔ کل سہ پہر کے وقت حکومت فرانس کا کرایہ کا ایک ہوائی جہاز سافر لئے ہوئے پریگ سے آسٹرزم کے ہوائی راستہ میں پرواز کر رہا تھا کہ یکایک کسبل کے نزدیک ایک اتفاقیہ حادثہ پیش آنے کی وجہ سے پاش پاش ہو گیا تین جہاز کے ملازمین اور ۳ مسافر فوراً ہلاک ہو گئے بیان کیا جاتا ہے کہ جہاز زمین سے نیچے آ رہا تھا کہ زمین سے ٹکرا گیا اور ٹکڑے ٹکڑے ہو گیا۔

... اس امر سے متفق ہیں کہ کسی تحقیقات کی اب ضرورت باقی نہیں رہتی۔

ہم انگریزوں سے زیادہ بہتر حکومت کر سکتے ہیں
یوم نظربندان کے جلسہ میں مولانا شوکت علی کی تقریر

دہلی ۱۰ اپریل۔ کانگریس سوشلسٹ پارٹی کی طرف سے یوم نظربندان منانے کی غرض سے کل شام کو آزاد پارک میں ایک عام جلسہ مولانا شوکت علی صاحب ایم۔ایل۔اے منعقد ہوا۔

شروع میں مولانا نے فرمایا کہ میں کام کرنے والا مزدور ہوں، اور ... میں حاضر ہوا ہوں۔ میں نظربند رہا ہوں اور میں جیل میں بھی رہا ہوں پھانسی پانے کے قریب تھا کہ بچ گیا اگر مل جاتی تو شاید ہندوستان آج آزاد ہو گیا ہوتا میرا ایمان ہے کہ اگر صلح ہو جائے تو وہ جنگ سے بہتر ہے ... اگر انگریزوں سے سمجھوتہ ہو جائے تو ... ہندوستانی بغیر لڑائی جھگڑے کے اپنا گھر سنبھال لیں۔ مجھکو نظربندوں سے دلی ہمدردی ہے کیونکہ میں جانتا ہوں کہ نظربندی میں کیا کیا تکالیف ہوا کرتی ہیں۔ میں آج یہاں صلح کا پیام لیکر آیا ہوں۔

صاحب صدر کی اس مختصر تقریر کے بعد مسٹر فرید الحق انصاری صاحب نے نظربندان سے اظہار ہمدردی کا رزولیوشن پیش کیا جس کی تائید مسٹر اکھل چندر دت ڈپٹی پریزیڈنٹ اسمبلی نے فرمائی۔

آخر میں صاحب صدر نے فرمایا کہ اسمبلی میں ہندوستانیوں نے کام کی قابلیت کی دلیل اور تقریر کی قابلیت غرضیکہ ہر قسم کی قابلیت دکھلائی ہے ... اب وقت آگیا ہے کہ ہندوستان کے مطالبات پورے کئے جائیں۔ ہندوستان اب ایسا ہو گیا ہے کہ اگر ہر ایک انگریز مرد و عورت ... اور ہندوستان اپنے گھر کا انتظام کرنے کے قابل ہو گیا ہے ... آخر تجویز بالاتفاق منظور ہو گئی۔

امرت بازار پترکا کے ایڈیٹر کو سزا
توہین عدالت کا الزام

کلکتہ ۱۰ اپریل۔ تشار کانتی گھوش ایڈیٹر امرت بازار پترکا کو کلکتہ ہائی کورٹ نے تین ماہ قید محض کی سزا اس الزام میں دی ہے کہ انہوں نے ایک مضمون میں توہین عدالت کی ہے عدالت نے اخبار مذکور کے پرنٹر مسٹر ... کو اس الزام میں ایک ماہ قید محض کی سزا کا حکم دیا ہے۔

چار ججوں نے ملزمان کو قصوروار پایا۔ لیکن مسٹر ... نے کہا کہ اس قسم کے معاملہ میں عدالت کو سرسری طور پر سماعت کرنے کا کوئی حق حاصل نہ ہوتے کا مسئلہ بحث و استدلال کے لئے کھلا ہوا ہے۔

چیف جسٹس نے ایڈیٹر کو مخاطب کرتے ہوئے کہا کہ اس کورٹ کے جج اپنا فرض سمجھتے ہیں کہ وہ اپنا فرض کسی تحریص یا تہدید کے بغیر ادا کر رہے ہیں اور ادا کریں گے۔

ڈنزگ پارلیمنٹ کے انتخابات

ڈنزگ ۱۰ اپریل۔ ڈنزگ کے آزاد شہر کی پارلیمنٹ کا جو انتخاب کل ہوا تھا اس کے عارضی اعداد سے ظاہر ہوتا ہے کہ نازی پارٹی معمولی سی اکثریت حاصل کرنے سے قاصر رہی ہے۔ لیکن اس کے کل ووٹوں کی تعداد میں تقریباً تیس ہزار کا اضافہ ہو گیا ہے۔ کل کے انتخاب میں تقریباً ۲۲۰۰۰۰ ووٹ ڈالے گئے جن میں سے نازیوں کے حق میں ۱۳۸۰۰۰ ووٹ آئے۔ اس طرح نازیوں نے تقریباً ساٹھ فیصدی سے کچھ زیادہ ووٹ حاصل کئے۔

جنگ عظیم سے پہلے ڈنزگ جرمنی کا علاقہ تھا لیکن معاہدہ ورسیلز کی رو سے اسے ایک آزاد شہر قرار دیا گیا ...

کراچی کے واقعہ ہائلہ پر عالمگیر احتجاج کا نامتناہی سلسلہ

مسلمانوں کی حمیت قومی کا امتحان
ملک کا متفقہ مطالبہ

مولانا عبد ... صاحب ... ناظم جمعیۃ علماء ... نے ذیل کا بیان بغرض اشاعت ارسال فرمایا ہے:۔

کراچی میں آئین و قانون کا نام لیکر جس بیدردی سے مسلمانوں کا خون بہایا گیا اس کی تفصیلات بدنما ... مسلمانوں کے جذبات کو زیادہ سے زیادہ برانگیختہ کر رہی ہیں۔ حقیقت یہ ہے کہ کراچی کے ناعاقبت اندیش حکام نے حکومت کے دامن پر ایسا زبردست بدنما دھبہ لگایا ہے جسے ان کی بے جا تاویلات اور قانونی موشگافیاں ہرگز دور نہیں کر سکتیں۔

جس قدر واقعات روشنی میں آتے جا رہے ہیں حکام کی روش انصاف ...

مراد آباد

۵ مارچ ۱۹۳۵ء بعد نماز جمعہ جامع مسجد مراد آباد میں زیر صدارت مولانا محمد اسمٰعیل صاحب مسلمانان مراد آباد کا ایک جلسہ عام منعقد ہوا اور جس میں پرزور تقاریر کے بعد حسب ذیل تجاویز پاس ہوئیں:۔

(۱) مسلمانان مراد آباد کا یہ عام جلسہ کاربرداران ڈسٹرکٹ بورڈ مراد آباد کے اس طرز عمل پر اظہار نفرت کرتا ہے کہ پرائمری اسکولوں کے بچوں کو صلیبی نشان دیا گیا ہے اور حکم دیا گیا ہے کہ فرزندان توحید صلیب کا نشان اپنے سینہ پر لگائیں۔ مسلمانان مراد آباد ممبران بورڈ کو توجہ دلاتے ہیں کہ جلد از جلد یہ صلیبی نشان بچوں سے لے لیا جائے۔ اگر ایسا نہ کیا گیا تو آئندہ کسی ناگوار واقعہ کی تمام تر ذمہ داری ارکان بورڈ پر عائد ہوگی۔

(۲) مسلمانان مراد آباد کا یہ جلسہ عام ہندوستان کے مخلص قائد تصدق احمد صاحب شیروانی کی وفات حسرت آیات پر دلی افسوس کا اظہار کرتا ہے اور مرحوم کے لئے دعائے مغفرت اور ان کے پسماندگان سے ہمدردی کا اظہار کرتا ہے ...

رہتک

... مارچ ... بروز جمعہ بعد نماز جمعہ رہتک کی اکثر مساجد میں کراچی ڈے منایا گیا۔ خصوصاً مسجد ... صدر بازار میں سکرٹری مجلس احرار رہتک نے کراچی کے حالات پر روشنی ڈالتے ہوئے ایک موثر تقریر فرمائی۔ اور ذیل کا ریزولیوشن پیش ہو کر بہ اتفاق رائے پاس ہوا۔

(۱) مسلمانان رہتک کا یہ جلسہ حادثۂ کراچی پر بعد درجہ رنج و ملال کا اظہار ...

... کرتا ہے جہاں فوج نے مسلمانوں کے پرامن اور نہتے مجمع پر گولیوں کی بارش برسائی۔ اس جلسہ کے نزدیک ... خلاف آئین و انصاف ہے۔ لہٰذا یہ جلسہ شہداء و مجروحین کراچی کے لئے دعائے مغفرت کرتا ہے۔ اور پسماندگان کو اپنی گہری ہمدردی کا یقین دلاتا ہے۔ اور حکومت سے پرزور اپیل کرتا ہے کہ وہ نہایت جلد ایک آزاد تحقیقاتی کمیشن مقرر کر کے افسران ذمہ دار کو قرار واقعی سزا دے۔

(سکریٹری مجلس احرار رہتک)

بلول

آج مورخہ ۵ اپریل ۱۹۳۵ء بعد نماز جمعہ مسجد سرائے بلول میں عام مسلمانوں کے معزز و حسب ذیل تجاویز ... صاحب صدر اوقاف کمیٹی بلول پیش کی گئیں۔ جن کی تائید عام مسلمانوں نے کی۔

(۱) بلول کے مسلمانوں کا عام جلسہ کراچی کے مظلوم اور نہتے مسلمانوں پر فائرنگ کے متعلق نہایت افسوس اور کرب کا اظہار کرتا ہے۔

(۲) بلول کے مسلمانوں کا عام جلسہ گورنمنٹ سے پرزور مطالبہ کرتا ہے کہ واقعہ کراچی کی تحقیقات کے واسطے ایک آزاد کمیشن مقرر کیا جاوے۔

(۳) بلول کے مسلمانوں کا عام جلسہ مجروحین کراچی اور پسماندگان مقتولین سے اظہار ہمدردی کرتا ہے۔ اور شہدائے کراچی کے لئے دعائے مغفرت و رحمت کرتا ہے۔

(شیخ محمد صدر اوقاف کمیٹی بلول)

مدھوبنی

۵ اپریل ۱۹۳۵ء آج بعد نماز جمعہ مسلمانان مدھوبنی کا ایک عام جلسہ زیر صدارت جناب مولوی عبد الغفور صاحب وکیل منعقد ہوا جناب مولانا ... احمد صاحب ... نے تجاویز پیش کرتے ہوئے حکام کے غیر ذمہ دارانہ فعل پر موثر تقریر میں تبصرہ فرمایا اور حاضرین جلسہ کو حادثہ جانگداز کراچی کے حالات سے آگاہ کیا۔

(۱) مسلمانان مدھوبنی کا یہ جلسہ مسلمانان کراچی کی ایک کثیر جماعت کے شہید و مجروح کئے جانے پر دلی رنج و غم کا اظہار کرتا ہے اور شہدائے کراچی کے لئے دعائے مغفرت و پسماندگان سے دلی ہمدردی کا اظہار۔

(۲) یہ جلسہ جناب مسٹر تصدق احمد خاں صاحب شیروانی کی وفات حسرت آیات کو قوم و ملک کے لئے ناقابل تلافی خیال کرتا ہے اور پسماندگان سے اپنی ہمدردی کا اظہار کرتا ہے۔

(حکیم محمد زبیر مدھوبنی)

سلہٹ

۱۰ مارچ ۱۹۳۵ء بوقت ۵ بجے مسائی سلہٹ بندر کی مسجد میں ایک جلسہ بصدارت جناب مولوی مقبول احمد صاحب ایڈیٹر جوگا ... کراچی کے شہداء اور مجروحین کے لئے دعا اور اظہار ہمدردی کی غرض سے منعقد ہوا۔ نہتے پبلک پر فوج کی گولی باری کی بابت احتجاج۔ غیر جانبدار کمیشن کے ذریعہ واقعہ کی تفتیش کا مطالبہ اور عام ہندوستانیوں سے مصیبت زدگان کی امداد کی درخواست کی گئی۔ مقامی پبلک سے امداد حاصل کرنے کی غرض سے ایک کمیٹی (حقیر کی صدارت اور مولوی ... صاحب کی ...) میں بنائی گئی۔ نیز مرحوم تصدق احمد خاں شیروانی صاحب کے لئے دعائے مغفرت اور ان کے پسماندگان سے ہمدردی کا اظہار کیا گیا۔

(ابو حامد عبد الحق)

گیا

۱۴ مارچ ۱۹۳۵ء بروز جمعہ جامع مسجد گیا میں مسلمانوں کا عظیم الشان جلسہ ہوا ... صاحب نے ذیل کی تجویز ایک مفصل تقریر کے بعد پیش کی جو بالاتفاق منظور ہوئی۔

مسلمانان گیا کا یہ عظیم الشان جلسہ کراچی میں پرامن اور نہتے مسلمانوں کے مجمع پر گولی چلانے کے سلسلے میں وہاں کے حکام کی افسوسناک روش کو ...

... نہایت حقارت آمیز نفرت ... ہے اور شہیدوں اور مجروحین کے اعزہ سے پورا اظہار ہمدردی کرتے ہوئے موجودہ نظام حکومت سے پرزور مطالبہ کرتا ہے کہ وہ اس معاملہ کی پوری تحقیقات کرائے اور جن افسروں کے حکم سے یہ خونریزی عمل میں آئی ہے ان کو کافی سزا دے۔

(محمد عبد الصمد گیاوی)

بلوچستان میں اجرائے اخبار کی نوید

اس وقت کم و بیش ہندوستان کا ہر شخص جانتا ہے کہ بلوچستان کی علمی، اقتصادی، معاشرتی اور سیاسی حالت کیا ہے؟ وہاں کا انتظام حکومت کس نوعیت کا ہے؟ اور باشندوں کی شکایات و ضروریات کیا ہیں؟ میں آج ان تمام باتوں کو ایک طرف چھوڑ کر اپنے عزیز وطن سے خیر کمال مسرت اور اطمینان کے ساتھ عرض رہا ہوں کہ وہاں کی حکومت نے اور وطن کے ایک بیدار اور روشن خیال فرزند میر عطا محمد خان درخواستی کو ہفتہ وار "کلمۃ الحق" شائع کرنے کی اجازت دیدی ہے جس کے یہ معنی ہوئے کہ ایک طرح وہاں کی حکومت نے بلوچستان والوں کو پریس اور پلیٹ فارم کی آزادی دیدی۔ چاہے وہ کیسی ابتدائی حالت اور پابندیوں کے ساتھ کیوں نہ ہو۔ بہرصورت میرے لئے یہ امر اطمینان کا باعث ہے کہ بلوچستان کی حکومت کو اپنی غلط اور نامناسب حکمت عملی کا احساس ہو گیا ہے۔ ... بلوچستانیوں کے دیرینہ مطالبات بھی تسلیم کرنے کے ... آج نے زبان بلوچستان ... [redacted] ... اسکی تنہا کوشش نہیں بلکہ اس کامیابی کی مہر امیران اسمبلی، مجلس احرار، مسلم لیگ، مسلم کانفرنس، مسلم یونٹی بورڈ، کانگریس، بلوچستان ریفارم کمیٹی، آزاد، زمیندار، احسان، انقلاب، مدینہ، الوحید، الجمعیۃ اور الخلیف کے سر ہے۔ ہندوستان کی یہ جماعتیں اور یہ ادارے بصد ہزار تبریک کے مستحق ہیں ... ان کا ممنون احسان ہے مجھے امید ہے کہ آئندہ بھی ... بلوچستان کی حمایت کی جائیگی۔

(نسیم تلوی - بلوچستانی)

جنگ کی تیاریوں کیلئے ڈھائی ارب پونڈ

برلن ۱۰ اپریل۔ برلن کے انسٹی ٹیوٹ آف بزنس ریسرچ کی ایک رپورٹ مظہر ہے کہ گذشتہ سال دنیا بھر کی مختلف ممالک نے جنگ کی تیاریوں کے لئے ...۲۵۰۰۰۰۰ پونڈ خرچ کئے گویا ۱۹۱۳ء میں اسلحہ پر جتنی رقم خرچ ہوئی تھی۔ گذشتہ سال اس سے دگنی رقم خرچ کی گئی۔

جریان پر میہ احتلام کمزوری سستی نامردی کا
شرطیہ علاج
حکیم نبی ... بال جیون کی ... ادویات ... استعمال کی جائے
اور نسخے مطابق پورا پورا فائدہ نہ ہو
پرمیہا نانگی لیاں — جریان پرمیہ احتلام وقت سرعت ذیابیطس ...
طلاء اکسیر — بچپن کی غلط کاریوں و جوانی کی ... اعتدالیوں کے باعث پیدا ہوئی کمزوری سستی نامردی ...
المشتہر منیجر بال جیون کا ریالیہ علی گڑھ شہر۔ یو۔پی

رسالہ
اٹھتی ہوئی جوانی بالکل مفت
گمراہ نوجوانوں کو راہ راست پر لانے کے لئے
بچوں کی صحیح طریقہ سے پرورش کر کے نوجوان بنانے کے لئے
اٹھتی ہوئی جوانی کی حفاظت کرنے کے لئے
جوانی واپس لوٹنے کی تدبیریں بتلانے کے لئے
رسالہ اٹھتی ہوئی جوانی ... مفت طلب فرمائیں
پتہ: وید شاستری جام نگر کاٹھیاواڑ

سونے کی ڈلیاں کوڑیوں کے مول
طاقت وہ طاقت جس سے بوڑھے جوان اور جوان قابل فخر نوجوان بن جاتے ہیں صرف حب زرین (رجسٹرڈ) ہی کے ذریعہ حاصل ہو سکتی ہے جس کے استعمال سے قوت کا لازوال خزانہ حاصل ہو سکتا ہے۔
مکمل خوراک (۴۰ گولیاں) صرف دو روپیہ آٹھ آنہ (۲/۸) میں
دواخانہ کنز المجربات (رجسٹرڈ) کوچہ چیلان گلی راجان دہلی سے طلب کریں

بڑی شیشی تین روپے — چھوٹی شیشی ڈیڑھ روپیہ
بیرپی جوہر عشبہ کے اہم فوائد
فائدہ (۱) جب آتشک یا سوزاک ہو جائے ... تو یہ مرکب استعمال کرنے تمام دکھ دور ہو جاتے ہیں۔
فائدہ (۲) جس کی تصدیق ۵ مختلف ملکوں اور مختلف عمر کے لوگوں نے کی ہے۔ خرابی جگر چہرے پر بے رونقی۔ ہاتھ پاؤں کی جلن بھوک کی کمی وغیرہ میں مفید ہے۔
فائدہ (۳) چہرہ پر چھائیاں یا جسم پر دانے۔ پھوڑے اور پھنسی سے لیس دار پانی بہہ کر جہاں لگے زخم ہو جائیں ایسے حالات میں نہایت مفید ہے۔
فائدہ (۴) دانتوں کا چہرہ سیاہ ہونا پسینہ آنے سے خارش اور بدبو معلوم ہونا وغیرہ خونی اور جلدی عوارضات میں نہایت مفید ہے اس کی تصدیق بڑے بڑے حکماء، ڈاکٹر اور ذی علم لوگوں نے کی ہے۔
فائدہ (۵) سینکڑوں مریض تصدیق کرتے ہیں کہ پھلبہری، ناسور، بھگندر اور خنازیر کو اس مرکب کی تین شیشیاں دور کرتی ہیں اور مرض کا نام و نشان نہیں رہتا۔
فائدہ (۶) اب تک چار سو عورتیں تصدیق کر چکی ہیں کہ اس مرکب کے پینے سے تلوں کا درد یا بدبودار پانی جاری رہنا۔ خرابی ایام ماہواری سب دور ہو جاتے ہیں اور چہرہ سرخ ہو جاتا ہے۔
الغرض یہ مرکب سب سے بہتر اور سب سے عمدہ مصفی خون ہے جس سے تمام خونی اور جلدی بیماریاں دور ہو جاتی ہیں اب یہ مرکب ہندوستان برہما، ملایا، ایران، آسٹریلیا اور افریقہ کے مختلف حصص ملکوں میں مقبول ہے۔ ایک بار ہمیشہ کے لئے ملاحظہ فرمائیں۔
دواخانہ حکیم ڈاکٹر غلام نبی زبدۃ الحکماء شاہی سند یافتہ موچی دروازہ لاہور

مفرح مشکیں! فہرست مفت طلب فرمائیں
مشک، عنبر اور جواہرات سے تیار کیا ہوا ایک نفیس مرکب
دماغی کام کرنے والوں کیلئے عجیب چیز ہے معدہ میں پہنچتے ہی دماغ اور تمام اعصاب پر اثر کرنے لگتی ہے۔ دوران خون کو درست اور غذا کی خواہش کو تیز کر دیتی ہے تمام دن کا تھکا ہوا دماغ اس کے اثر سے از سر نو تازہ و توانا ہو جاتا ہے۔ قیمت فی شیشی (۲۰ خوراک) ایک روپیہ آٹھ آنے (۱/۸)
قرص جریان
جریان جیسے تباہ کن مرض کیلئے قرص جریان ایک نعمت ہیں۔ جریان کا سبب خواہ کچھ ہو ... اعضائے تناسل کی طبعی حرکت ... اعتدال پر لا کر صحیح حالت میں لاتے ہیں۔ ... قیمت فی شیشی جس میں ... یوم کے استعمال کی دوا ہے صرف دو روپے (۲) پرچہ ترکیب ہمراہ ہے۔
تار کا پتہ "ہمدرد دہلی" — ٹیلیفون ۵۸۸۸
ہمدرد دواخانہ یونانی دہلی

يَدُ اللّٰهِ عَلَى الْجَمَاعَة

رجسٹرڈ نمبر ل ۱۷۹۳

تار کا پتہ:- الجمعیۃ دہلی
ٹیلیفون نمبر ۵۷۳

الجمعیۃ سہ روزہ دہلی

مدیر مسئول:- بلال احمد زبیری (بی اے)
معاون:- محمد عثمان فارقلیط

جلد ۲۱ | دہلی یوم سہ شنبہ ۱۱ محرم الحرام ۱۳۵۴ ہجری مطابق ۱۶ اپریل ۱۹۳۵ء | نمبر ۲۷

معاصرین کے افکار و آراء

غیر ذمہ دار حکومت

شہداء اور مجروحین کی تعداد

اسمبلی کا گزشتہ اجلاس

تحقیقات سے انکار

گمراہ واعظین

اداشناس ہوں فطرت کا راز داں ہوں میں

سمندِ عمرِ فنا سیر پر سوار ہوں میں
غبارِ جادۂ ہستیٔ مستعار ہوں میں،

اَلم پرست اَلم دوست اَلم نگار ہوں میں
اداشناس ہوں فطرت کا راز دار ہوں میں

اک اضطرابِ مسلسل ہے زندگی میری
دل نگار ہوں میں روحِ بے قرار ہوں میں

اب اور مجھ میں باکیا ہے حسرتوں کے سوا
نگاہِ شوق ہوں آغوشِ انتظار ہوں میں

شگفتگی کسے کہتے ہیں انبساط ہے کیا
خزاں نصیب ہوں بیگانۂ بہار ہوں میں

سوائے تہمتِ ہستی نہیں وجود مرا
سرابِ دشت ہوں میں نقشِ رہگذار ہوں میں

فروغِ شعلۂ خس ہوں ضیائے شمعِ سحر
شبیہہِ درد ہوں تصویرِ اضطرار ہوں میں

بقدرِ ذوقِ تمنا کہاں ہے فرصتِ عمر
نمودِ برق ہوں میں جلوۂ شرار ہوں میں

چھپا سکا نہ حجابِ سکوت سوزِ دروں
برنگِ شعلۂ فروزاں تہِ غبار ہوں میں

ستم یہ ہے کہ شکایت بھی کر نہیں سکتا
فریب خوردۂ مہر و وفائے یار ہوں میں

سرورِ غم ہے نہ کیفِ نشاط اے کوکبؔ
گزشتہ عہد کی افسردہ یادگار ہوں میں

(از حضرت کوکب شاہجہانپوری)

پادری کی لڑکی کا قبولِ اسلام

... بغور دیکھا تو اس کے دل میں اسلام کی صداقت و حقانیت جاگزیں ہوگئی اور اس نے یہ فیصلہ کر لیا کہ حقیقتاً اسلام ہی وہ مذہب ہے جو دنیا اور آخرت میں نجات کا راستہ ... پادریوں کو اس کی خبر ہوئی تو تمام پادریوں نے مل کر اس لڑکی پر بے شمار مظالم ڈھائے اور اس قدر جاں گداز اور صبر آزما مصائب میں مبتلا کیا کہ دیکھنے والوں کے ... فضیلتِ اسلام اور ردِ عیسائیت کے جس قدر دلائل ممکن تھے وہ تائیدِ الٰہی سے اس لڑکی نے پادریوں کے مقابلہ میں ... اسلام کی حقانیت پر ایک بصیرت افروز مناظرہ کیا ... اور وہ لڑکی ہمیشہ کے لئے اسلام ہی سے وابستہ ہوگئی۔ اس کا نام ازبلا تھا اور اس کی زندگی کے واقعات ایک کتاب میں قلمبند کر دیے گئے ہیں۔ اگر آپ کو گزشتہ ... اور آپ اس کتاب کے ذریعہ تبلیغِ اسلام کا فریضہ ادا کرنا چاہتے ہیں تو فوراً طلب کیجئے۔ پہلا ایڈیشن قریب الختم ہے۔ اگر دیر ہوئی تو دوسرے ایڈیشن کا انتظار ...

ملنے کا پتہ:- منیجر "الجمعیۃ" دہلی

Regd No. L 1793.

The Jamiat

Vol. XXI No. 26 DELHI SATURDAY 13th APRIL 1935 PRICE ONE ANNA

نورانی
قرآن مجید
نہایت صاف جلی اور نہایت صحیح قرآن شریف اگر درکار ہو تو نورانی قرآن مجید الجمعیۃ بک ایجنسی دہلی سے طلب فرمائیے۔ قیمت مجلد پارچہ ...

پادری کی لڑکی کا قبولِ اسلام
... منیجر الجمعیۃ دہلی

جامعہ ملیہ اسلامیہ کی اپیل
ایگزیکٹو کمیٹی کا تقرر

ضرورتِ شوہر

راقم الف - ح معرفت اخبار الجمعیۃ دہلی

بال عمر بھر نہ اگیں

خضاب چھوڑ دو

تقریر سیتہ چھپ کر تیار ہوگئی

مختصر فہرستِ مضامین

منیجر الجمعیۃ گلی قاسم جان دہلی

"کلزانہ جسم کے تمام مخصوص اعضاء کو طاقت پہنچانے میں خاص اہمیت اور شہرت رکھتی ہے"
ایک مشہور ڈاکٹر لکھتا ہے

کلزانہ کے استعمال سے اپنے جسم کو مضبوط اور تندرست بنائیے

مجرب غذا کلزانہ یورپ کے مشہور پروفیسر ڈاکٹر ... کی تیار کردہ ہے تمام دنیا کے ہزارہا ڈاکٹروں کے روزانہ استعمال میں آتی ہے۔ بدن اور خون کی کمزوری پر قابو پاتی ہے اور ان تمام شکایات پر مثلاً ناخوشگواری - اینما - دانتوں کی کمزوری - جلدی امراض وغیرہ پر جو صحت کی خرابی کے نتیجہ سے ہوتے ہیں - فتح حاصل کرتی ہے۔
اس لئے اگر آپ کو ان تمام امراض کی شکایت ہے تو فوراً کلزانہ کا استعمال شروع کر دیجئے اس کے استعمال سے آپ ان تمام شکایات سے جلد نجات پا جائیں گے۔

ڈاکٹر ڈبلو۔ ڈی۔ چیری رنگون سے لکھتے ہیں
"میں نے مختلف بیماریوں میں کلزانہ کا استعمال کثرت سے کیا ہے اور تمام بیماریوں میں تعجب خیز نتیجہ اور نہایت مفید پایا ہے۔ میں کلزانہ کو بخصوصیت کے ساتھ تمام امراض کے لئے اکسیرِ اعظم سمجھتا ہوں"
کلزانہ کے طاقتور اجزاء کو استعمال کرکے اپنے جسم کو مضبوط بنائیے۔ کلزانہ بیماریوں سے بچا کر طاقت بخشے گی۔ یہ دل اور اعضائے رئیسہ کو قوت پہنچاتی ہے۔
آج ہی اس مشہور مجرب غذا کی ایک بوتل خریدیے۔ جسمانی قوت اور تندرستی سے آپ کی امیدوں میں اضافہ ہوگا۔

بازار میں ہر دوا فروش کے یہاں ملتی ہے

Kalzana

تندرستی کے لئے ایک مجرب غذا ہے
جو کہ ہاتھ سے نہیں چھوڑی گئی

فرات کے کنارے ایثار و فدویت کے مظاہرے

شہادت حسین کے مستند اور مؤثر واقعات

دوستوں کے مشورے اور کوفیوں کی بے وفائی

تاریخ کی روشنی میں حادثہ کربلا کی حقیقت

بصائر و نظائر

لندن میں بم اور گیس سے بچنے کا مظاہرہ

بلاغ مبین

حضرت شاہ ولی اللہ صاحب

الخیر الکثیر

سرمہ نور

اطلاع

وحدۃ عرب۔ ترقی اسلام اور شریعت آلہی کا علمبردار

والئ حجاز پر حملے کے متعلق اہم انکشافات

سیاہ بخت یمنی باطل پرستوں کی حمایت پر

امام یمن کا اظہار تاسف

وحدت کی ضرورت

الجمعیۃ کا مکتوب جرمنی

جنگ کا امکان نہیں ہے

اٹلی حبش پر کیوں قبضہ کرنا چاہتا ہے؟

طلائی کانوں کے متعلق مصری انجینیر کا بیان

اٹلی اور حبش میں جنگ

The HOLY QURAN

TRANSLATION & COMMENTARY
BY

ALLAMA ABDULLAH YUSUF 'ALI

C.B.E., M.A., LL.M., I.C.S. (Retd.)
Fellow of the Royal Society of Literature (England)

A MARVELLOUS TRANSLATION
OF
THE MOST MARVELLOUS BOOK IN THE WORLD
WITH COPIOUS NOTES

AN EPOCH-MAKING CONTRIBUTION
TO

ISLAMIC LITERATURE

A Mirror of the Beauty of Quranic Teaching and Literature

The Commentary is rich in useful information. Not a dull Sunday Sermon, but a piece of English Literature. No Sectarian views propagated through the Commentary

ARABIC TEXT PRINTED IN BEAUTIFUL PHOTO BLOCKS

On Glazed Paper of Superior Quality. Clear Print and Get-up pleasing to the eye
BEING ISSUED IN THIRTY PARTS

Price per Part Re. 1

Postage Extra

Those who will register their orders by depositing an advance of Rs. 2/- (being price of the last two Parts) with the Publisher will get all Parts (except 1st) post-free, and in addition a complete Index free of charge

WRITE FOR FIRST PART TO

Sh. MUHAMMAD ASHRAF

BOOKSELLER & PUBLISHER
Kashmiri Bazar - - - LAHORE

مسلمانوں کے زخمی قلوب پر نہایت بے باکی سے نمک پاشی کی گئی ہے

آزاد تحقیقات کے مطالبہ کو ٹھکرا کر بے چینی کی آگ بھڑکا دی گئی ہے

حکومت بمبئی کے یکطرفہ اعلان پر صدر جمعیۃ علماء ہند کا بیان

...کو ادیکر زیادہ مشتعل کرنے کا باعث ہوگا اور ان کے قلوب حادثہ کی طرف سے "کاملۃً" مایوس ہو جائیں گے۔

اس لئے ہم صاف صاف کہہ دینا چاہتے ہیں کہ مسلمانوں کا اضطراب صرف کھلی آزاد تحقیقات سے ہی رفع ہو سکتا ہے خواہ نتیجہ ان کے حق میں ہو یا خلاف حکومت اگر اپنا اور پبلک کا فائدہ چاہتی ہے تو وہ اس معقول منصفانہ مطالبہ کو منظور کرنے کا جلد از جلد اعلان کر دے۔ ورنہ اس کے لازمی قدرتی نتائج اس کے لئے خوشگوار نہ ہوں گے۔

محمد کفایت اللہ کان اللہ لہ ۱۲ محرم ۵۴ھ

قبائل کے ہاتھوں پولیٹیکل ایجنٹ مالاکنڈ قتل کر دیئے گئے

فقیر علی نگر کا لشکر منتشر ہو رہا ہے۔ کمانڈر افواج موقعہ پر

...کے اس مقام کا معائنہ کیا جو گرفتہ... آئی سی ایس پولیٹیکل ایجنٹ مالاکنڈ فقیر علی نگر کے لشکر کے ہاتھوں قتل کر دیئے گئے آپ کے ساتھ بہت سے سپاہی مجروح ہوئے آپ کو فوجی اعزاز کے ساتھ دفن کر دیا گیا۔

پنجاب میں زبردست ژالہ باری

کھیتوں اور مویشیوں کا نقصان

لاہور ۱۱ اپریل۔ کل شام کو لاہور میں زور دار سے بادل گھر آئے بجلی خوب کڑکی اور بارش اور ژالہ باری ہوئی آس پاس کے مقامات سے بھی ایسی اطلاع آئی ہے ایسے موسم... یہ تبدیلی موسم عوام... کو یکساں ناخوب ہے کیونکہ ایک طرف تو غلہ کی قیمت بڑھ جائے گی اور دوسری طرف بیماریوں میں اضافہ ہو جائے گا۔

شیخوپورہ۔ شیخوپورہ اور آس پاس کے مقامات پر ایسے زور کی بارش اور ژالہ باری ہوئی کہ پہلے کبھی نہیں ہوئی تھی بہت سے گاؤں میں غلہ تباہ ہو گیا ہے اور بہت سے بکرے وغیرہ ژالہ باری سے تباہ ہو گئیں۔ بعض اولے کئی کئی اونس کے تھے۔

جرمنی میثاق مشرق میں شریک ہوگا

سرجان سائمن کا حیرت انگیز اعلان

سٹریسا ۱۵ اپریل۔ آج سرجان سائمن برطانوی وزیر خارجہ نے ... کی کانفرنس میں یہ اعلان کر کے ایک حیرت پیدا کر دی کہ جرمنی اب میثاق مشرق ... معاہدے طے کر کے ایک جداد ستاویز پیش کریں۔

برلن جان نیوز ... اس معلوم کی اطلاع ... کو دی۔ بیان کیا جاتا ہے کہ برطانیہ نے سٹریسا کانفرنس میں یہ تحریک جس ... کی کامیابی کے اسباب میں ایک اہم سبب کا اضافہ کر دیا ہے۔ معلوم ہوا ہے کہ حکومت برطانیہ یورپ کے متعلق کسی قطعی فیصلہ پر پہنچنے سے قبل جرمنی کے ساتھ تعلقات پیدا کرے گی۔

ڈاکوؤں نے ملاحوں کو قتل کر دیا

رنگون ۱۵ اپریل۔ ہفتے کے دن بعد دوپہر ... کے قریب دریا سے دو ملاحوں کی لاشیں برآمد ہونے پر پولیس کو ایک ڈونگی کا پتہ مل گیا ہے جس کی تفتیش میں پولیس دو تین دنوں سے مصروف تھی۔ برآمد شدہ لاشیں ... سال اور ... سال ملاحوں کی ہیں۔

ہر دو مقتول ملاح ... سے رنگون کو کشتی میں جا رہے تھے۔ معلوم ہوا ہے کہ ... کی شب کو کئی ڈاکوؤں نے وہاں کی کشتی پر سوار ہو کر دونوں ملاحوں کو قتل کر کے دریا میں پھینک دیا ہے اور وہاں سے دو سو نیتے لوٹ کر لے گئے کشتی مذکورہ رنگون میں مقررہ وقت پر پہونچے پر وہاں بیٹھنے والوں نے پولیس کے ساتھ جب کشتی کی تلاشی شروع کی تو کشتی انہیں دریا میں مل گئی اور ہفتہ کے دن لاشوں کی برآمدگی سے تمام واقعات معلوم ہو گئے۔ لاشوں کو رنگون ہسپتال کے مردہ خانہ میں پہنچا دیا گیا ہے۔

وائسرائے کا تصدیق شدہ بل

کونسل آف اسٹیٹ کیلئے ذلت

نئی دہلی ۱۱ اپریل۔ کونسل آف اسٹیٹ میں وائسرائے کی جانب سے تصدیق شدہ بل مالیات پیش ہوا۔ مخالف پارٹی کے ممبران نے حکومت ہند کے رویہ پر شدید نکتہ چینی کی اور تصدیق شدہ بل کو ایوان کی توہین بتایا۔ ... ممبران نے بھی حکومت کے اس رویہ کے خلاف صدائے احتجاج بلند کی کہ اس نے ... کے تیار کردہ بجٹ کو حرف بحرف صحیح تسلیم کیا ... ترمیم قبول نہیں کی۔

سرانیس۔ ... سرکاری ... کونسل آف اسٹیٹ میں حکومت کی مدافعت کرتے ہوئے ایک طویل تقریر کی جس میں حکومت کے طرز عمل کو صحیح ثابت کرنے کی کوشش کی۔

مسافر اور مال گاڑی میں ٹکر

الہ آباد ۱۱ اپریل۔ آج شام الہ آباد اسٹیشن پر بڑی سنسنی پھیل گئی جب کہ ایک مال گاڑی چند ڈبوں سے ٹکرا گئی جو کہ ریلوے کے احاطہ میں کھڑے ہوئے تھے۔

کہا جاتا ہے کہ ٹکر اس قدر زور سے لگی کہ مال گاڑی کا گارڈ نیچے گر پڑا جس سے وہ شدید مجروح ہو گیا ... ریلوے اسٹیشن ماسٹر جائے وقوعہ پر پہونچ گیا۔ مجروحین کو ہسپتال پہونچا دیا گیا ہے۔ بعد کی خبر ہے کہ اس حادثہ میں ایک شخص ہلاک ہو گیا۔

دیہاتی اصلاح کیلئے بیس کروڑ پونڈ!

واشنگٹن ۱۱ اپریل۔ جمہوریت امریکہ کے صدر مسٹر روزویلٹ نے دیہاتی اصلاح کی سکیم کے لئے بیس کروڑ پونڈ کی منظوری دیدی ہے اور اس سکیم کو پایۂ تکمیل تک پہنچانے کا کام ایک شخص مسٹر ایکسفورڈ ٹگول کے سپرد کر دیا ہے۔

عربوں اور یہودیوں میں جنگ

۴ یہودی ہلاک ۵ مجروح

یافا ۱۲ اپریل۔ پرسوں طولکرم کے نواح میں یہودیوں نے ۶ عربوں پر گولی چلا دی جس کے جواب میں عرابوں نے ... تین یہودی مجروح ہوئے۔ پولیس نے ۶ عربوں کو گرفتار کر لیا ہے۔ معلوم ہوا ہے کہ چند یہودی مسلح ہو کر عربوں کے محلوں میں پہونچے اور انہوں نے چند عرب خواتین کو گولی کا نشانہ بنایا... اور یہودیوں میں خونریز جنگ ہوئی ۵ یہودی زخمی اور ۴ ہلاک ہو گئے۔ تین عرب خواتین کو گولی لگی مقصد یہودیوں کو گرفتار کر لیا گیا ہے۔

صوبجات میں بیک وقت اصلاحات کا نفاذ

لندن ۱۲ اپریل۔ دار العوام میں نائب وزیر ہند نے سوال کا جواب دیتے ہوئے کہا کہ ہمارا یہ کبھی بھی ارادہ نہیں ہوا کہ صوبوں کے ساتھ مختلف سلوک کیا جائے اور صوبجاتی خود مختاری مختلف تاریخوں میں نافذ کی جائے۔ جدید دستور نافذ ہونے کے بعد تمام صوبجات میں اصلاحات ایک وقت نافذ ہوں گی۔

لندن کے کلب میں سرشادی لال پر آوازے

لندن ۱۱ اپریل۔ لندن میں ایک کلب بنائی گئی ہے جس کی ممبری کے لئے ہندوستانی بولنا نہایت ضروری ہے بہت سے انگریز اس کلب کے ممبر بن گئے۔ اس کلب کی طرف سے ایک جلسہ ہوا جس میں سرشادی لال سابق چیف جسٹس پنجاب کی تقریر کرنے کے لئے دعوت دی گئی آپ تقریر کرنے کے لئے اٹھے تو آپ نے غلطی سے کہہ دیا ... اس پر خوب آوازے کسے گئے جس پر آپ کو معذرت پیش کرنی پڑی۔

ایک جہاز کو آگ لگ گئی

بندر سوڈان ۱۲ اپریل۔ رنگون سے جانے والے جہاز ... میں آگ لگ گئی۔ معلوم ہوا ہے کہ تمام جہاز پر پانی چڑھا دیا گیا ہے آگ کو پھیلنے سے روکنے کی کوشش کی جا رہی ہے۔

جاپان میں مرد اور لڑکیاں گرفتار

ٹوکیو ۱۲ اپریل۔ ... پولیس نے ... مقامات پر چھاپہ مارا اور ... گرفتاریاں کیں جن میں ... لڑکیاں ... ہیں۔

جامع مسجد میں مسلمانان دہلی کا جلسہ

حادثۂ کراچی کی تحقیقات سے انکار حکومت کی شکست ہے

دہلی ۱۳ اپریل ۱۹۳۵ء۔ نماز جمعہ کے بعد جامع مسجد میں مسلمانان دہلی کا ایک عظیم الشان جلسہ بصدارت مولانا محمد حفظ الرحمن صاحب منعقد ہوا۔ مولانا عبد المجید صاحب رائے پوری و دیگر مقررین نے کراچی کے حادثۂ فاجعہ اور فتنۂ قادیانیت کے خلاف تقریریں کیں اور متفقہ طور پر ذیل کی تجاویز پیش ہو کر منظور ہوئیں۔

(۱) مسلمانان دہلی کا یہ عظیم الشان جلسہ حکومت بمبئی کے اس بیان کو غیر تسلی بخش اور مزید اضطراب و ہیجان کا باعث سمجھتا ہے جس میں حادثۂ کراچی کی تحقیقات کرنے سے انکار کیا گیا ہے اور جس میں اس خونی حادثہ کی ذمہ داری نہتے اور پرامن مجمع پر ڈالی گئی ہے۔ یہ جلسہ حکومت بمبئی کے اس بیان کو انتہائی درجہ کی جراحت سے تعبیر کرتا ہے اور حکومت سے مطالبہ کرتا ہے کہ اگر اس کے عمال ایسے ہی معصوم تھے جیسا بیان میں ظاہر کیا گیا ہے تو وہ میدان میں نکل کر آزادانہ تحقیقات کرے ورنہ مسلمان یہ سمجھنے میں حق بجانب ہوں گے کہ حکومت کا بیان یکطرفہ غیر معقول اور ہیجان پیدا کرنے والا ہے۔

(۲) مسلمانان دہلی کا یہ عظیم الشان جلسہ حکومت کو متنبہ کرتا ہے کہ چودھری ظفر اللہ خاں قادیانی جو تمام مسلمانوں کے نزدیک ... کسی طرح مسلمانوں کا نمائندہ نہیں ہو سکتا۔ حکومت نے مسلمانوں کے پیہم اور مسلسل احتجاج کے باوجود اس کو وائسرائے کی ایگزیکٹو کونسل کا ممبر بنا کر مسلمانوں کے صحیح اور حق بجانب مطالبہ کو ٹھکرا دیا ہے ... ناقابل برداشت ہے ...

اصلاح پسند اور قدامت پرست شیعوں میں جھگڑا!

علم کے جلوس پر عورتوں کا پتھراؤ

لاہور ۱۱ اپریل۔ آج یہاں محرم کے جلوس کے موقع پر قدامت پسند اور اصلاح پسند شیعوں میں جھگڑا ہوتے ہوتے رہ گیا بنائے نزاع یہ تھا کہ ایک فریق یہ کہتا تھا کہ عورتوں کو ہیرا منڈی میں مذہبی وجوہ کی بناء پر جلوس میں شریک ہونے کی اجازت نہ دی جائے اور دوسرا فریق اس امر پر مصر تھا کہ انہیں اجازت دی جائے۔

حالات نے جلد ہی نازک صورت اختیار کر لی جب جلوس ہیرا منڈی کے قریب پہونچا تو عورتوں نے پتھراؤ شروع کر دیا جس سے صورت حالات اور بھی نازک ہو گئی اور فساد کا اندیشہ پیدا ہو گیا۔ لیکن پولیس کے بر وقت پہونچ جانے سے فساد رک گیا۔

پولیس نے جلوس کو خیریت کے ساتھ نکلوا دیا۔ اس سلسلہ میں کوئی گرفتاری نہیں ہوئی۔

چالیس آفریدی گرفتار کر لئے گئے

قبائلی علاقہ میں سڑکوں کی تعمیر

لنڈی کوتل ۱۱ اپریل۔ درہ خیبر میں آنے جانے والے لاری ڈرائیوروں کی زبانی معلوم ہوا ہے کہ بارہ ہزار آفریدیوں کا ایک لشکر چورا گنداؤ کے نواح میں جمع ہو کر قبائلی علاقہ میں سڑکوں کی تعمیر اور اپنے قبائلی پہرہ داروں پر سرکاری خاصہ داروں کے تقرر کے خلاف مظاہرہ کر رہا ہے۔

چورا گنداؤ کی طرف قبائلی پہرہ داروں اور سرکاری خاصہ داروں کے مابین جنگ ہونے کی برابر اطلاعات آ رہی ہیں۔

فوج اور فوجی مقاومت کے مقابلے میں آفریدیوں کا لشکر تا حال پرامن ہے تین فوجی دفاعی محاذ پر پہرے لگا دیئے گئے ہیں تاکہ لشکر کی نقل و حرکت پر نظر رکھیں۔

یہ افواہ بھی سنی جا رہی ہے کہ سرحدی حکام نے جمرود کے نواح میں آباد ہونے والے قبائل کے درمیان اس خیال سے اسلحہ اور گولی بارود تقسیم کر دیا ہے کہ لشکر کے حملہ آور ہونے کی صورت میں اپنی حفاظت کے لئے اس کا مقابلہ کر سکیں۔

یہ بھی سنا گیا ہے کہ جمرود کے قریب حکام نے پولیس کے ذریعے آفریدی گرفتار کر کے پشاور جیل میں داخل کر دیئے ہیں۔

شیخ عبد المجید کے بعد بمبئی کونسل سے

دوسرے مسلم ممبر محمد ہاشم صاحب بھی مستعفی ہوگئے

کراچی ۱۲ اپریل۔ گورنر بمبئی کے حادثۂ کراچی کے سلسلہ میں جو بیان شائع کیا ہے اور جس میں واقعہ کی تحقیقات سے صاف لفظوں میں انکار کر دیا گیا ہے اس کے خلاف بطور احتجاج شیخ عبد المجید سندھی بمبئی کونسل کی رکنیت سے مستعفی ہو چکے ہیں جس کی اطلاع گزشتہ اشاعت میں دی جا چکی ہے۔ اب قاضی عبد الخالق صاحب بذریعہ تار اطلاع دیتے ہیں کہ بمبئی کونسل کے دوسرے مسلمان ممبر جناب محمد ہاشم صاحب گزدار بھی بطور احتجاج بمبئی کونسل سے مستعفی ہو گئے ہیں۔ اور آپ نے اپنا استعفیٰ ایک طویل بیان کے ساتھ گورنر بمبئی کے پاس ارسال کر دیا ہے۔

کونسل آف اسٹیٹ میں حکومت کی مذمت

نئی دہلی ۱۱ اپریل۔ سفارش کردہ صورت میں فائنانس بل پر غور کرنے کے لئے آج کونسل آف اسٹیٹ کا ہنگامی فضا میں اجلاس منعقد ہوا۔

بل پر غور کرنے کے متعلق مسٹر ٹیلنٹ کی تحریک کی مخالفت کرتے ہوئے مسٹر بیسرونے حکومت کے فعل کی مذمت کی کہ اس نے گورنر جنرل کو بل کی تصدیق کرنے کا مشورہ دیا اور تمام سیاسی پارٹیوں کی رائے کو ٹھکرا دیا اور تمام ترمیمات نامنظور کر دیں اپنے اس کیا کر کے حکومت نے ان سیاسی پارٹیوں کی حوصلہ افزائی کی ہے جو مزاحمانہ طریقوں میں اعتقاد رکھتی ہیں۔

لا ممبر نے حکومت کے فعل کی حمایت کی۔ مسٹر شانتی داس نے کہا کہ بل کی تصدیق ملک کے لئے نیک فال نہیں ہے۔ مسٹر گلاس نے حکومت کے غیر مصالحانہ رویہ کی مذمت کی۔ مہاراجہ در بھنگہ نے آپ کی تائید کی۔

اندرپال کو سزائے موت کا حکم

لاہور ۱۲ اپریل۔ آج سیشن جج نے مقدمہ سازش پنجاب کے ایک ضمنی مقدمہ میں اندرپال کو سزائے موت کا حکم دیا ہے۔ اندرپال اصلی مقدمہ سازش کا ملزم تھا اب اس کے خلاف ضمنی مقدمہ اس الزام میں چلایا گیا تھا۔

جوبلی فنڈ میں چندہ دینے کی مخالفت پر گرفتاری

کوملا ۱۲ اپریل۔ مولوی اشرف الدین احمد چودھری وکیل اور چند دیگر اشخاص کو اس الزام میں گرفتار کیا گیا ہے کہ انہوں نے عوام کو سلور جوبلی فنڈ میں چندہ دینے سے منع کیا تھا۔ ایک کے سوا تمام ملزمان کو ضمانت پر رہا کر دیا گیا ہے مقدمہ کی سماعت آئندہ ہوگی۔

انڈیا بل کی چند دفعات منظور ہو گئیں

لندن ۱۲ اپریل۔ کل شب کو جب دار العوام کا اجلاس ختم ہوا تو انڈیا بل کی دفعہ ۵۰ تک منظور ہو چکی تھیں اب صرف ایک دفعہ باقی رہ گئی ہے اس کے علاوہ چند نئی دفعات ہیں جو محذوف دفعات کی جگہ شامل کی گئی ہیں۔

بنگال میں خانہ تلاشیاں اور گرفتاریاں

کلکتہ ۱۱ اپریل۔ کلکتہ پولیس کی اسپیشل برانچ نے آج صبح کلکتہ اور ہوڑہ میں بیک وقت خانہ تلاشیاں لینے کے بعد ۹ نوجوانوں کو گرفتار کر لیا۔ کہا جاتا ہے کہ گرفتار شدگان کا کوئی ذریعہ معاش نہیں تھا اور وہ ڈاکہ ڈالنے کی تیاریاں کر رہے تھے۔

کنٹیا ۱۱ اپریل۔ آج پولیس نے دو مقامی بابندروں کے مکانوں اور ترلان سنگھہ اور بسو سمتی نامی لائبریریوں پر چھاپہ مارا اور کئی کتابیں اپنے قبضہ میں لے لیں۔

پولیس دو نوجوانوں کو اپنے ہمراہ تھانے لے گئی۔ وہاں ان سے مچلکے طلب کرنے کے بعد ان کو رہا کر دیا گیا۔

ظفر اللہ قادیانی نے چارج لے لیا

دہلی ۱۳ اپریل۔ ایک سرکاری اعلان مظہر ہے کہ سر جارج بھور کو خاص فرائض پر لگائے جانے کے باعث گورنر جنرل کی ایگزیکٹو کونسل میں جو عارضی آسامی خالی ہوئی ہے اس پر وائسرائے نے چودھری ظفر اللہ قادیانی کو عارضی ممبر مقرر کیا ہے آج چودھری ظفر اللہ نے سہ پہر کو اپنے عہدہ کا چارج لے لیا ہے۔

اعلان تعطیل

چونکہ عاشورہ کے روز دفتر الجمعیۃ اور جید برقی پریس میں تعطیل رہے گی اس لئے ۱۴ اپریل کا الجمعیۃ شائع نہ ہوگا اس کے بعد ۲۰ اپریل کا الجمعیۃ ناظرین کرام کی خدمت میں پہونچے گا۔ قارئین کرام اور ایجنٹ صاحبان نوٹ کر لیں۔ (منیجر)

پٹنہ کے قریب فرقہ وارانہ فساد

متعدد اشخاص مجروح ہو گئے

پٹنہ ۱۲ اپریل۔ ہزاری باغ میں کل ہندو مسلم بلوہ ہو گیا جس میں کئی اشخاص مجروح ہوئے۔ اگرچہ ہلاک کوئی نہیں ہوا۔ چھ ہندو ہسپتال میں داخل کئے گئے جن میں سے ایک ہیش سنگھ سب انسپکٹر پولیس تھے۔ کہا جاتا ہے کہ فوج طلب کرنی پڑی۔

بلوہ کی وجہ یہ بتائی جاتی ہے کہ رام نومی کے جلوس میں مہابیر کا جھنڈا تھا۔ مسلمانوں نے اسے لائسنس دیئے جانے کی مخالفت کی کیونکہ اسی روز پیک نکلنے والا تھا اور وہ ہندوؤں کے چھونے سے ناپاک ہو جائے گا۔ حکام نے یہ حکم دیا کہ مسلمانوں کا پیک چھ بجے شام تک نہ نکلے جب تک ہندوؤں کا جلوس ختم نہ ہو جائے۔ اب بھی جھگڑے کا کافی اندیشہ ہے۔ لیکن احتیاط کافی ہے۔

پانی پت میں مدرسہ اسلامیہ کا جلسہ دستار بندی

پانی پت میں مدرسہ اسلامیہ عربیہ کے چند فارغ التحصیل طالبان علم کی دستار بندی کے لئے ۱۹، ۲۰، ۲۱ اپریل جلسہ عام کا انتظام کیا گیا ہے جس میں ہندوستان کے مشہور پیشوایان دین شرکت فرمائیں گے۔ (نامہ نگار)

بسم اللہ الرحمن الرحیم

الجمعیۃ دہلی

یوم سہ شنبہ ۱۱ محرم الحرام ۱۳۵۴ ہجری

سلور جوبلی میں مساجد اللہ کا حصہ

متولیان اوقاف کی تعدی

...

مسلمانوں کا سوال

...

پچیس سالہ نظام کی برکات

...

اوقاف فنڈ

...

عذر گناہ بدتر از گناہ

(۲)

گزشتہ اشاعت میں حادثۂ کراچی پر حکومت بمبئی کے بیان کے ایک حصہ پر تبصرہ کیا جا چکا ہے۔ آج اس کے بقیہ حصہ پر تنقید کی جاتی ہے۔ حکومت بمبئی کے بیان میں فائرنگ کا جواز ثابت کرنے کے لئے یہ بے بنیاد بہانہ تراشا گیا ہے کہ جلوس نے ایک فوجی افسر کی موٹر پر سنگ باری کی اور پولیس سارجنٹ کو زخمی کیا اور دو آنریری مجسٹریٹوں کو بھی ضربات پہونچائی گئیں۔ اگر بالفرض فوجی افسر کی موٹر پر سنگ باری اور ایک آدھ سرکاری افسر کا مجروح ہونا اس بات کا سبب بن گیا کہ کثیر مجمع پر بلا امتیاز گولیوں کی بوچھاڑ کر دی جائے اور پچاس کے قریب بے گناہوں کو موت کے گھاٹ اتار دیا جائے اور پھر تین سو سے زائد انسانوں کو زخمی کر کے ان میں سے اکثروں کو ہمیشہ کیلئے اپاہج بنا دیا جائے یہ بات کو بالکل ظاہر ہے ...

... نہیں آتا کہ وہ خوفناک حالات کیا تھے جن کی بنا پر فائرنگ ناگزیر ہو گیا تھا۔

علاوہ ازیں اگر حکام کو نفس جلوس ہی پر اعتراض تھا تو ان کا فرض تھا کہ جلوس نکلنے سے پیشتر دفعہ ۱۴۴ کا نفاذ کر دیتے اگر کہا جائے کہ حکام کو جلوس کا علم وقت کے وقت ہوا تو یہ بھی غلط ہے کیونکہ بمبئی کونسل میں ہوم ممبر نے اعتراف کیا ہے کہ مقامی حکام کے علم میں یہ بات دس بجے سے پہلے آ گئی تھی کہ عبد القیوم کے جلوس کا انتظام کیا جا رہا ہے۔ کیا مقامی حکام دو گھنٹہ کے اندر امتناعی احکام جاری نہیں کر سکتے تھے؟ اگر وہ اس طویل وقفہ میں اس کا انتظام کر دیتے تو جلوس کے نکالنے کی نوبت ہی نہ آتی اور نہ نوح کو انسانیت کے شکار کرنے کے لئے زحمت دی جاتی اس کے بعد یہ بات بھی قابل غور ہے کہ جلوس لاٹھی چارج کر کے نہایت آسانی سے منتشر کیا ...

بلوچستان سے اخبار کا اجراء

برطانوی بلوچستان کے متعلق ان ہی کالموں میں متعدد بار اس حقیقت کو واضح کیا جا چکا ہے کہ وہاں کی بے زبان آبادی حکومت کی تلون مزاجی، سرد مہری اور مفروضہ خدشات کی بنا پر اپنے واجبی اور قانونی حقوق سے قطعاً محروم کر دی گئی ہے اور اس کی جائز خواہشات کو ٹھکرا کر اور پریس اور پلیٹ فارم کی آزادی سلب کر کے ترقی کے ہر شعبہ میں مفلوج و درماندہ کر دیا گیا ہے یہ ظاہر ہے کہ کسی قوم کی تعلیمی اقتصادی سیاسی اور معاشرتی ترقی پریس اور پلیٹ فارم کی آزادی پر منحصر ہے اور یہی چیز ہے جو بلوچستان میں مفقود ہے۔ لیکن تازہ اطلاعات سے معلوم ہوتا ہے کہ حکومت نے اپنے رویہ میں قدرے تبدیلی کی ہے اور تلافی مافات کے طور پر بلوچستان کے قابل فخر اور روشن خیال فرزند میر عبد العزیز کرد کو اخبار "کلمۃ الحق" ہفتہ وار شائع کرنے کی اجازت دیدی ہے جس کا مطلب یہ ہے کہ وہاں کی حکومت نے اپنی غلطی کا احساس کر کے پریس اور پلیٹ فارم کی آزادی کو اصولاً تسلیم کر لیا ہے۔ ہم حکومت کے اس جدید اقدام پر کمال مسرت محسوس کرتے ہیں اور توقع کرتے ہیں کہ وہ بلوچستان کی پسماندہ آبادی کی مشکلات کا اندازہ کر کے اپنی اس خوشگوار تبدیلی پر کاربند رہے گی اور عام آبادی کی جائز خواہشات و مطالبات کا احترام کرتے ہوئے اس کا زیادہ سے زیادہ اعتماد حاصل کرنے کی کوشش کرے گی۔ ہم بلوچستان کے غیور و محب افراد کو بھی ان کی مسلسل مساعی پر مبارکباد دیتے ہیں کہ آخر ان کی قربانیوں کا اتنا قلیل نتیجہ برآمد ہوا اگر وہ اسی طرح پرامن طریقہ سے اپنی مساعی جاری رکھیں گے تو وہ ایک نہ ایک روز وہ درجہ ضرور حاصل کر لیں گے جو ان کی زندگی کا نصب العین ہے اس کے حصول کے لئے جہاں پیہم سرگرمیوں کی ضرورت ہے وہاں استقلال اور پرامن ذرائع پر کاربند رہنے کی بھی اشد حاجت ہے۔

مسلمانانِ پٹنہ کا جلسۂ عام

کراچی کے خونی واقعہ پر احتجاج

کراچی کے المناک واقعہ پر مظلومین کے ساتھ اظہار ہمدردی اور حکومت سے اس حادثۂ فاجعہ کی آزاد تحقیقات کے مطالبہ کے لئے ۱۶ اکابر و اعیان نے انجمن اسلامیہ ہال میں انعقاد جلسہ کے لئے ایک اعلان شائع کیا اور ۱۳ اپریل کو بعد نماز مغرب کارکنان امارت شرعیہ کے زیر انتظام حاجی مسٹر محمد یونس صاحب ایم۔ اے۔ ایل۔ ایل۔ بی بیرسٹر ایٹ لا کی صدارت میں جلسۂ عام منعقد ہوا۔ جلسہ کا اعلان تنگ وقت میں کیا گیا تھا۔ لیکن مسلمانوں کا کافی اجتماع ہوگیا تھا۔ مولانا حکیم عبدالخبیر صاحب رئیس جماعت اہل حدیث نے قرآن حکیم کی تلاوت سے جلسہ کا افتتاح فرمایا۔ اس کے بعد مولانا کی تحریک اور سید محمد عثمان غنی ناظم امارت شرعیہ صوبہ بہار کی تائید سے مسٹر محمد یونس صاحب بیرسٹر صدر منتخب ہوئے۔ ...

تعلیم نسواں

تعلیم لفظ عام ہے اور یہ مقصد کے لحاظ سے تبدیل ہوجاتی ہے۔ جب ہندوستان پر انگریزوں کی حکومت قائم ہوئی تو حکومت کو ضرورت پڑی کہ اپنے کام کے لئے اہلکار دستیاب ہوں۔ ...

مدراس میں علماء کا اجتماع

والیٔ حجاز کے حملہ آوروں کی مذمت

جلالۃ الملک حضرت الامام سلطان ابن سعود خلد اللہ ملکہ و سلطنتہٗ اور اعلیحضرت کے صاحبزادے امیر فیصل بن سعود کے باغی حملہ آوروں کے بزدلانہ حملہ سے بال بال بچنے کی خوشی میں ایک جلسۂ عام من جانب مسلمانانِ المدور ... منعقد ہوا۔ ...

(محمد عبدالغفار الخیری عفی عنہ نواب گنج دہلی)

(سید عزیز اللہ مدراسی)

رتھ یاترا کا جلوس نکالنے کی ممانعت

اچھوتوں کی ناراضگی کا اندیشہ

ناسک ۱۱ اپریل۔ ڈسٹرکٹ مجسٹریٹ ناسک نے ... کالا رام مندر سے رتھ یاترا کا جلوس نکالنے کی ممانعت کردی ہے۔ ...

تین انسان اور مویشی جل گئے

...

خضاب چھوڑ دو

سونے کی ڈلیاں کوڑیوں کے مول

طاقت و طاقت ... حب زرین

دواخانہ کنز المجربات ... دہلی

معجون شباب آور

قوت مردمی اور دل و دماغ کی کمزوری کیلئے مشہور دوا ہے

نونہال

ہمدرد دواخانہ یونانی دہلی

بچوں کو الو ہوشیار

بال جیون گھٹی

منیجر بال جیون کارآمد ... دہلی

رسالہ

اٹھتی ہوئی جوانی بالکل مفت

کوئی امساک

بمبئی میں آتشبازی کے کارخانہ کا انکشاف

کیمیائی اشیاء برآمد ہوئیں

بمبئی ۱۱ اپریل۔ بمبئی کی خفیہ پولیس نے آتشبازی کے ایک کارخانہ کا پتہ لگایا ہے جس کے متعلق یہ کہا جاتا ہے کہ اسے بغیر لائسنس پٹاخوں کے بنانے کے لئے استعمال کیا جا رہا ہے۔

گذشتہ شب پولیس نے ہینس روڈ پر واقع ایک عمارت پر چھاپہ مارا اور ایک بہت بڑی مقدار میں کیمیائی اشیاء مثلاً گندھک، پوٹاش، المونیم کا پوڈر، زہریلی گندھک، نیلا تھوتھا اور بندوق کا پوڈر برآمد کیا۔

کہا جاتا ہے کہ پولیس کو ایک رجسٹر بھی ملا ہے جس میں ان لوگوں کے نام درج ہیں جو کہ درلی میں بم پھٹنے سے ہلاک ہوئے ہیں۔ ناظرین کو یاد ہوگا کہ گذشتہ سال پولیس اسی سلسلہ میں حسین میاں فقیر محمد ایک اور شخص کو گرفتار کرچکی ہے۔ ...

آگرہ میں شیعہ سنی فساد کا اندیشہ

دفعہ ۱۴۴ نافذ کردی گئی

...

فقیر علی نگر کے لشکر اور برطانوی افواج کے درمیان خونریز جنگ

برطانوی طیاروں اور توپخانہ کی گولہ باری

۸ قبائلی اور ایک سپاہی ہلاک تین بار حملہ کی کوشش

نئی دہلی ۱۱ اپریل۔ ایک سرکاری اعلان مظہر ہے کہ مالاکنڈ کے علاقہ میں نوئی آگرہ پر قبضہ کرنے کے لئے فقیر علی نگر نے یکم مارچ سے ۲۰ اپریل تک تین بار ناکام کوشش کی ہے۔ فقیر مذکور نے تین بار لشکر جمع کرکے دریائے سوات کو پار کرنے کے بعد سرکاری قواعد سے مقابلہ کیا جس میں سرکاری افواج کو ہوائی جہاز و توپخانہ استعمال کرنا پڑا۔

آخری حملہ میں ۸ قبائلی مارے گئے۔ چار زخمی ہوئے اور ایک سپاہی ہلاک اور چھ سپاہی زخمی ہوئے۔ ...

حکام جیند کی فریب کاریاں

مولوی حبیب الرحمن نومسلم کے بچہ کا اغوا

مولوی حبیب الرحمن صاحب نومسلم کے نابالغ بچے کو اغوا کرکے جبراً چھپائے رکھنے میں موضع موڑاں علاقہ ریاست جیند کے کینہ ور سکھوں کی امن سوز شرارت، حکام ریاست کی طرف سے ملزمین کی حمایت اور جرائم انسداد اعانت اور سب سے بڑھ کر مہاراجہ جیند کی غفلت کا اخبارات میں ہفتوں سے قائم ہو رہا ہے۔ ...

(حافظ عبدالرحیم خانپوری)

مہاراجہ دربھنگہ کے منہ پر تفتیش کاری

...

انڈے کے برابر اولے!

لاکھ تصدیقات کے برابر ایک تصدیق

حکیم الامۃ حضرت قبلہ مولانا مولوی اشرف علی صاحب تھانوی اس دواخانہ کے متعلق ان الفاظ میں تصدیق فرماتے ہیں کہ "سرمدی دواخانہ" کے منتظم جہاں تک میرا علم ہے نہایت دیانتدار اور خوش معاملہ ہیں اسلئے امید ہے کہ اس دواخانہ کی ادویہ بھی پوری اور اصلی اجزا کے ساتھ بنائی جاتی ہونگی جس کی تصدیق دواؤں کے استعمال سے خود خریداروں کو بھی ہو جائے گی۔

ہزار تصدیقات کے برابر دوسری تصدیق

عالیجناب کیپٹن نواب جمشید علیخاں صاحب ایم۔ بی۔ ای۔ ایم۔ ایل۔ سی۔ نواب باغپت ان الفاظ میں تصدیق فرماتے ہیں ...

ہمکو ان تصدیقات کے شائع کرنے کی کوئی ضرورت نہ تھی

...

طلائے مرزا خانی گورنمنٹ سے رجسٹری شدہ

روغن مقوی

حب ممسک

دوائے بواسیر

تریاق سوزاک

دوائے آتشک

منیجر سرمدی دواخانہ (رجسٹرڈ) سہارنپور (یو۔پی)

ڈاکوؤں نے عورت کو گولی ماردی

الہ آباد ۱۱ اپریل۔ ... ایک گاؤں میں ڈاکہ پڑا ...

اسلامی سلاطین کی تحریک اتحاد

کابل ۱۱ اپریل۔ وزارت افغانستان اتحاد پاکستان کے متعلق ایک مسودہ ...

آرائش جمال باتصویر

کتب خانہ لطف سنگی، قاضی غلام محمد لاہور

سفید بال جڑ سے سیاہ

صاف خون

PARAMOUNT BLOOD MIXTURE

یداللہ علی الجماعۃ

رجسٹرڈ نمبر ایل ۱۷۹۳

تار کا پتہ: "الجمعیۃ دہلی"
ٹیلیفون نمبر ۵۰۳۸

سہ روزہ الجمعیۃ دہلی

مدیر مسئول۔ بلال احمد زبیری (بی اے)
معاون۔ محمد عثمان فارقلیط

جلد ۲۱ | دہلی۔ یوم چہارشنبہ ۱۹ر محرم الحرام ۱۳۵۴ہجری مطابق ۲۴ر اپریل ۱۹۳۵ء | نمبر ۲۸

معاصرین کے افکار و آراء

وزیر ہند کا اٹل فیصلہ

علی اشیار

ملک معظم کی سلور جوبلی

اسلامی تقریبات میں فسادات

انقرہ یا انگورہ

جدید ترکی کا پایۂ تخت اور اس کا محل وقوع

پادری کی لڑکی کا قبول اسلام

المشتہر منیجر الجمعیۃ دہلی

Regd No L 1793.

The Jamiat

Vol. XXI No 27. DELHI. TUESDAY. 16th APRIL. 1935 — PRICE ONE ANNA

4612
Moulvi Mehdi Hassan Sb Mufti
P.O Rander
Dt Surat

نورانی قرآن مجید

پادری کی لڑکی کا قبول اسلام
منیجر الجمعیۃ دہلی

شہر میرٹھ میں مسلم راجپوت برادری کا اجتماع عظیم

جامعہ فنڈ کی سب کمیٹی بنادی گئی

دو نابینوں کی دردناک مصیبت

مدرسہ مظاہر العلوم سہارنپور کا جلسہ تقسیم انعامات

حادثہ کراچی اور معلم بل پر تجاویز

انجمن ترقی اردو کانفرنس

تین حجوں کے فیصلہ سے عربی طلباء کی کامیابی

جمعیۃ العلماء بانسبریلی کا اہم اجلاس

تقریر صدارت چھپ کر تیار ہوگئی

مختصر فہرست مضامین

منیجر الجمعیۃ گلی قاسم جان دہلی

بال عمر بھر نہ اگیں

شمشیر برہنہ

چوہر عشبہ

بڑی شیشی تین روپیہ — چھوٹی شیشی ڈیڑھ روپیہ

کراچی ٹریجڈی لیگ کی طرف سے حکومت بمبئی کے بیان کا جواب

حکومت بمبئی کے اعلان پر پارلیمنٹ کا صاد

پبلک تحقیقات سے کوئی فائدہ نہ ہوگا

بصائر و نظائر

اتحاد اسلامی پر والی حجاز کی تقریر

غازی امان اللہ خاں کی دعا

بیت اللہ میں حادثہ کی تفصیلات

لاہور ۱۶ اپریل۔ علامہ عبداللہ یوسف علی پرنسپل اسلامیہ کالج لاہور جو اب کی حج بیت اللہ سے واپس آئے ہیں۔ سول اینڈ ملٹری گزٹ کے نامہ نگار کی ملاقات کے دوران میں بیان کیا کہ سلطان ابن سعود تدبر سے کام لیتے اور عین وقت پر پہنچے۔

علامہ نے بیان کیا کہ سلطان ابن سعود نے بعض چیدہ حاجیوں کو ایک خاص دعوت دی تھی جس میں مذہبی امور اور اتحاد مسلمین کے متعلق ایک تقریر کی تھی۔ سلطان نے اس موقع پر بیان کیا تھا کہ حجاز اور یمن کے موجودہ تعلقات نہایت اچھے ہیں۔ مسلم حکومتوں کو ایک دوسری سے ہرگز نہیں لڑنا چاہئے اور کہا کہ وہ (سلطان) ہرگز یہ نہیں چاہتے کہ امام یحییٰ کو یمن کے کسی علاقہ سے محروم کریں۔ اس دعوت میں امان اللہ خاں سابق شاہ افغانستان بھی موجود تھے جنہوں نے فارسی زبان میں ایک تقریر کی۔ امان اللہ خاں نے بعض اس قسم کے اشارے کئے جو بہت ناشائستہ تھے۔ اس لئے انہوں نے اپنی تقریر کو اسی لب و لہجہ میں دیا۔ جو اتحاد المسلمین کے لئے اسلام اور حجاز مقدس کے امن و امان کیلئے دعا کی اور اس کے بعد اپنی تقریر کو ختم کر دیا۔

مسلم یونیورسٹی علی گڑھ کی قسمت کا فیصلہ

ڈاکٹر ضیاء الدین وائس چانسلر منتخب ہوگئے

علی گڑھ ۔ ۱۵ اپریل۔ کل مسلم یونیورسٹی علی گڑھ کی قسمت کا فیصلہ ہوگیا۔ یونین کلب ہال میں کورٹ کے ارکان کا جلسہ منعقد ہوا۔ علی گڑھ کالج اور یونیورسٹی کے سابق طلباء اور بعض دیگر غیر سرکاری حضرات ۶۷ آراء کے مقابلہ میں ۱۰۱ کی اکثریت سے ڈاکٹر ضیاء الدین احمد صاحب کو وائس چانسلر منتخب کر دیا۔

فیروز آباد میں اسی اشخاص کی گرفتاری

حضرت شاہ ولی اللہ صاحب رحمۃ اللہ علیہ کی جلیل القدر نادر تصنیف

الخیر الکثیر

جو آج تک زیور طبع سے آراستہ نہیں ہوئی تھی سب سے پہلی مرتبہ مجلس علمی ڈابھیل نے اس کو بہت اہتمام کے ساتھ صحیح نسخہ بہم پہنچا کر اعلیٰ کتابت و طباعت کے ساتھ شائع کیا ہے۔ قیمت ۔

ملنے کا پتہ :- (مولوی) محمد ادریس مالک مکتبہ شرقیہ محلہ نوگراں دہلی

سرمہ نور

اگر آنکھوں کی قدر ہے تو ان دو سرموں میں سے کوئی سرمہ حسب حال انتخاب کر کے استعمال کیجئے۔

ملنے کا پتہ (مولانا) نورالدین بہاری ۔ دہلی

بلاغ مبین

مصنفہ مولانا حفظ الرحمٰن صاحب سیوہاروی

ملنے کا پتہ :- دفتر بلاغ مبین دہلی

رسالہ اٹھتی ہوئی جوانی بالکل مفت

عدالت میں مولانا سید عطاء اللہ بخاری کا معرکۃ الآراء بیان

متنبی قادیان نے علماء اور انبیاء کی توہین کی ہے

مرزا کی کتابیں نفرت انگیزی کا سرچشمہ ہیں

کھلی عدالت میں قادیانی اخلاق کی عریانی

عربی اور ولایتی ڈاک

مشرق و مغرب کی تازہ خبریں

دولت آصفیہ اور حکومت سعودیہ عربیہ

والی حجاز کی سلامتی پر اعلیٰ حضرت نظام کی مسرت

عقبہ و معان پر انگریزی دانت

حکومت حجاز کی زبردست مزاحمت

ترکی حکومت کا نیا بجٹ

افواج کے مصارف میں ایک کروڑ لیرہ کا اضافہ

ترکی کا بجٹ متعلقہ ۱۹۳۵ء شائع ہوگیا ہے جس سے معلوم ہوتا ہے کہ ترکی گورنمنٹ نے سال رواں کے مصارف کیلئے ۱۹ کروڑ ۳۰ لاکھ ۸ ہزار ۲۷ سو لیرہ (ترکی سکہ) منظور کیا ہے۔ اس میں ۸ کروڑ ۵ لاکھ فوج و جنگ کیلئے مخصوص ہے جو سال گزشتہ کے مقابلہ میں تقریباً ایک کروڑ زیادہ ہے۔

ترکی میں اتوار کی تعطیل کا سبب

حکومت ترکیہ نے فیصلہ کیا تھا کہ تمام ترکی میں جمعہ کے بجائے اتوار کو تعطیل کا دن منایا جائے چنانچہ اس قسم کا مسودہ قانون عنقریب مجلس ملیہ میں پیش کیا جائیگا۔ وزارت داخلہ نے اس تبدیلی پر ایک بیان شائع کیا ہے جس میں مذکور ہے کہ اتوار کو تعطیل منانے کا مذہب سے کوئی تعلق نہیں ہے بلکہ جمعہ کے بجائے اتوار کو اس لئے اختیار کیا گیا ہے کہ یورپ، امریکہ اور ترکی کے درمیان مالی اور تجارتی سہولت پیدا ہو سکے۔

ترکی میں سونے کی کانیں

شمالی ترکی میں سونے کی کانوں کا پتہ چلا تھا جس پر ایک تحقیقاتی کمیشن مقرر کر دیا گیا تھا۔ کمیشن کی جد و جہد سے اس امر کا یقین ہوگیا ہے کہ یہاں کثیر مقدار میں سونا موجود ہے۔ ابتدائی کارروائی کے لئے انجینیروں کی ایک جماعت کو موقعہ پر روانہ کر دیا گیا ہے۔

ملکہ دکن کا شاہانہ عطیہ

سلطان حجاز کی سلامتی پر مالی قربانی

اتحاد عرب کے علمبردار جلالۃ الملک سلطان ابن سعود پر بیت اللہ میں طواف کے وقت جو حملہ کیا گیا تھا۔ اس پر تمام عالم اسلامی کو سخت تاسف تھا۔ اس موقعہ پر حضرت ملکہ دولت آصفیہ نے حسب ذیل صدقات و انعام تقسیم فرمائے۔

(۱) برائے سلامتی جلالۃ الملک سلطان ابن سعود۔ ایک ہزار روپیہ صدقہ۔

(۲) ان سپاہیوں کو جنہوں نے حملہ کے دوران میں اپنی بیدار مغزی کا ثبوت دیا۔ ۵۰۰ روپیہ۔

(۳) برائے سلامتی امیر سعود ولی عہد۔ ۵۰۰ روپیہ صدقہ۔

The HOLY QURAN

TRANSLATION & COMMENTARY

BY

ALLAMA ABDULLAH YUSUF 'ALI

C.B.E., M.A., LL.M., I.C.S. (Retd.)

Fellow of the Royal Society of Literature (England)

A MARVELLOUS TRANSLATION OF THE MOST MARVELLOUS BOOK IN THE WORLD WITH COPIOUS NOTES

AN EPOCH-MAKING CONTRIBUTION TO

ISLAMIC LITERATURE

A Mirror of the Beauty of Quranic Teaching and Literature

The Commentary is rich in useful information. Not a dull Sunday Sermon, but a piece of English Literature. No Sectarian views propagated through the Commentary

ARABIC TEXT PRINTED IN BEAUTIFUL PHOTO BLOCKS

On Glazed Paper of Superior Quality. Clear Print and Get-up pleasing to the eye

BEING ISSUED IN THIRTY PARTS

Price per Part Re. 1

Postage Extra

Those who will register their orders by depositing an advance of Rs. 2/- (being price of the last two Parts) with the Publisher will get all Parts (except 1st) post-free, and in addition a complete Index free of charge.

WRITE FOR FIRST PART TO

Sh. MUHAMMAD ASHRAF

BOOKSELLER & PUBLISHER

Kashmiri Bazar - - - LAHORE

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم

الجمعیۃ دہلی

یوم چہارشنبہ ۱۹ محرم الحرام ۱۳۵۴ ہجری

فرقہ وارانہ فسادات کی وبا

فیروزآباد کی مسابقت

یہ خبر ملک کے ہر بہی خواہ کے لئے موجب رنج و ملال ہوگی کہ امسال بعض مقامات پر فرقہ وارانہ فسادات رونما ہوئے اگرچہ ان فسادات کی وجہ یہ ظاہر کی جاتی ہے کہ امسال رام نومی اور عشرۂ محرم کا اجتماع ہوگیا تھا اور چونکہ دونوں قوموں کے جلوس ایک ہی تاریخ میں نکلنے والے تھے اس لئے اکثر مقامات پر ہندو مسلمانوں کا تصادم ہوگیا۔ بعض مقامات پر چاند کے اختلاف کی وجہ سے یہ تاریخ ٹل گئی

مسلمانوں کا آرتی اور نماز کے سلسلے میں ہو چکا تھا۔ اُس میں حکام نے ہندوؤں سے مرعوب ہو کر لالہ کوکامل کے مکان سے دفعہ ۱۴۴ نافذ کی جس کا نتیجہ یہ ہوا تھا

ہندو مغرب کی نماز میں برابر مسلمانوں کو پریشان کرتے رہتے تھے۔ اس وقت بھی مسلمانوں کی تین چار مسجدیں مقفل ہیں اور جب مسلمان ان مساجد کو کھولنا اور اس میں نماز ادا کرنا چاہتے ہیں تو ہندو شور و غل کرتے ہیں اور مسلمانوں کو نماز ادا کرنا

فساد کی ابتدا

تعلقات کی کشیدگی

پولیس کی غفلت

وجوہات مخالفت

فسادات کہاں ہوئے

اس وقت تک فسادات کی جو اطلاعات ہیں موصول ہوئی ہیں اُن سے معلوم ہوتا ہے کہ امسال رام نومی اور عاشورہ کے جمع ہو جانے کی وجہ سے ہندوستان میں متعدد جگہ فرقہ وارانہ جھگڑے ہوئے۔ مثلاً شاہ آباد ضلع ہردوئی۔ ملابہا گلپور ضلع بانعربنگی۔ انکہا ضلع بارہ بنکی۔ سانگلی ریاست جام کھنڈی۔ بوتادعلاقہ احمدنگر۔ مرادآباد۔ رانچی۔ فیروزآباد ضلع آگرہ۔ اس کے علاوہ بریلی کے بعض قصبات اور باندہ سے بھی اس قسم کی اطلاعات موصول ہوئی ہیں۔

اتفاقی واقعات

فیروزآباد ضلع آگرہ

ایک گمراہ کن اعلان

کونسل آف اسٹیٹ اور اسمبلی کے مسلمان ممبران کی جانب سے ایک پوسٹر شائع کیا گیا ہے۔ اس پوسٹر میں مسلمانوں کو باہمی اتفاق و اتحاد تلقین کرتے ہوئے آنے والے خطرات سے ڈرایا گیا ہے۔ اور آخر میں بڑے زور سے قادیانیوں کی حمایت اور سفارش کی گئی ہے۔ اور پنجاب کے مسلمانوں پر خاص طور سے توجہ منعطف فرمائی ہے۔ یہ پوسٹر اپنے مضمون کے اعتبار سے تین حصوں میں منقسم ہے۔ چنانچہ ارشاد ہوتا ہے۔

"آج ہندوستان کے مسلمان بھی ایسی ہی محشر خیز بلیات میں مبتلا ہیں۔ ہندوستان کے طرز حکومت میں جو تبدیلیاں عنقریب رونما ہونے والی ہیں، ان میں اگرچہ گورنروں اور گورنر جنرل کو غیر محدود اختیارات دئیے گئے ہیں مبادا وجو اس کے اکثریت قوت اور اقتدار اقلیت کو کچلنے اور مٹانے کے واسطے اصلاحات جدیدہ کی زیر حمایت کافی ضرب لگا سکتی ہے۔"

کی غرض سے عطا کئے گئے ہیں تو پھر بلا وجہ اقلیت کو خوف زدہ کرنے اور آئندہ ریفارم سے ڈرانے کا مطلب سوائے اس کے کیا ہے کہ مسلمانوں کو مفروضہ خطرے سے ڈرا کر دوسری جانب متوجہ کیا جائے ہم ان دستخط کنندگان سے دریافت کرنا چاہتے ہیں کہ تمہاری سفارش اور تمہاری خواہش کی بنا پر تو گورنر جنرل اور گورنروں کو یہ اختیارات تفویض کئے گئے ہیں تاکہ وہ تم کو اکثریت کی دستبرد سے بچا سکیں اور جب آئندہ ریفارم میں گورنر جنرل اور گورنروں کی پوزیشن پہلے سے بھی مضبوط ہے اور یہ مضبوطی آپ ہی کیلئے کی گئی ہے تو آپ بلا وجہ مسلمانوں کو کیوں خائف بناتے ہیں۔ اگر کسی وقت اکثریت ہم کو نقصان پہنچانے کی سعی کرے گی تو گورنر جنرل اور گورنر بالفاظ ہم اپنے خاص اختیارات کے ذریعہ اکثریت کو کچل ڈالیں گے۔ اور ہماری سرپرستی فرمائیں گے۔

شذرات

ہندو مہاسبھا کی تجاویز

ہندو مہاسبھا کا سالانہ اجلاس جو ۱۴ اپریل کو بھکشو اوتما کی زیر صدارت کانپور میں منعقد ہوا ہے اس کی تجاویز سخت فرقہ وارانہ اور ہندوستانی قوموں میں افتراق پیدا کرنے والی ہیں۔

جاپان کے جزیرہ فارموسا میں قیامت خیز زلزلہ

۳۲۴۲ اشخاص ہلاک اور ۲۶۸۰ مجروح ہوگئے

پانچ ہزار مکانات تودۂ خاک شہروں میں آتشزدگی

ٹوکیو ۱۴ اپریل آج صبح جنوب مغربی جزیرہ فارموسا میں قیامت خیز اور برباد کن زلزلہ آیا۔ سرکاری طور پر پہلے اعلان کیا گیا کہ آج کے زلزلہ میں ۱۷۴ افراد ہلاک ہوگئے اور ۲۹۷ اشخاص شدید مجروح ہوئے ہیں مگر بعد کی سرکاری اطلاع مظہر ہے کہ جان و مال کا نقصان بہت زیادہ ہوا ہے اور اب تک ۲۳۴۲ افراد ہلاک اور ۲۶۸۰ زخمی ہو چکے ہیں۔ اندرونی اضلاع میں نقصانات کا اندازہ ابھی تک نہیں لگایا جا سکا۔ پانچ ہزار سے زائد مکانات تباہ ہو کر تودۂ خاک بن گئے۔ زلزلہ کے جھٹکے تمام جزیرہ (فارموسا) میں محسوس ہوئے۔ زلزلہ کا مرکز ... نقصان ہوا ہے بہت سے شہروں میں آگ لگ گئی ہے اور مصیبت جاری ہے۔

آسٹریا، جرمنی اور فرانس کی جنگی تیاریاں

جرمنی سرحد کے قریب فرانسیسی افواج کا اجتماع

تجربہ کار افسران کی طلبی جرمنی میں نئی بھرتی

ہندو مہاسبھا کے اجلاس کی کاروائی

فرقہ پرستی اور قساوت قلبی کا بدترین مظاہرہ

(بقیہ شذرات)

جامع مسجد میں گداگری اور اسکا انسداد

حادثہ کراچی پر مسلمانوں کا احتجاجی جلسہ

آل انڈیا مسلم لیگ کونسل کا اجلاس

حادثہ کراچی کی مذمت اور تحقیقات کا مطالبہ

یامین خاں کی غداری

درۂ دانیال کو مسلح کرنے کا فیصلہ کر لیا گیا

جمعیۃ اقوام کی کونسل میں ترکی نمایندہ کا اعلان

مسلمانوں کو سلور جوبلی سے علیحدگی کا مشورہ

حضرت مولانا قطب الدین عبدالولی صاحب کا بیان

بھوپال میں مقدمہ بغاوت کا فیصلہ

جمعیۃ اقوام کا فیصلہ اور ہر ہٹلر

کولمبو کے فساد میں دو اشخاص ہلاک

پیرس میں اسلامی شفاخانہ

بنگال میں تلاشیاں اور گرفتاریاں

لڑکیوں کی خفیہ پولیس کے دفتر میں طلبی

چھ ماہ میں ۳۱۲ قتل

ترکی حکومت نے ریلوے خرید لی

گاندھی جی نے مون برت کھول دیا

حقیقی عید کا وقت قریب آگیا

یوم النبی

عید میلاد کا دن قریب آگیا۔ تمام حامیان اسلام و مدعیان کے دل میں ملت اسلامیہ کا درد ہے ان سے اپیل کی جاتی ہے کہ یوم النبی کو گذشتہ سالوں کی طرح کامیاب بنانے کی کوشش کریں۔

اور تمام اسلامی جرائد اپنے اپنے اخبارات کے کالم عید میلاد کے لئے وقف کر دیں اور سیرت حضرت محمد مصطفےٰ صلی اللہ علیہ وسلم کی بابت مضامین شائع کر کے مسلمانوں کو اس کی طرف متوجہ کریں۔ تاکہ مسلمانوں کی روحانی دینی اور دنیاوی زندگی کی راہیں کشادہ ہو جائیں۔

خادم — کشفی نقاش

فیروزہ آباد میں مہندی کے جلوس پر خوفناک ہنگامہ

مکان میں آگ لگادی گئی پولیس نے تین بار فیر کئے

شاہ آباد۔ بارہ بنکی۔ ندیا د۔ اور رانچی میں فسادات کی تفصیلات

۱۴ ہلاک اور متعدد مجروح

ہفتہ کے دن رام نومی تھی اور وہی دن فیروز آباد میں مہندی کے جلوس کا تھا۔ مقامی عمال حکومت نے تصادم کو روکنے کی غرض سے دونوں کے لئے اوقات مقرر کردئے تھے اور یہ خیال تھا کہ کوئی جھگڑا نہ ہوگا اور شاید نہ بھی ہوتا لیکن عین اس وقت جب کہ مہندی کے جلوس گذر رہے تھے کہ بازار میں ایک مکان کی چھت سے پتھر آئے ان پتھروں کا آنا تھا کہ جلوس والے سخت مشتعل ہوگئے اور فساد شروع ہوگیا۔

جس وقت مہندی کا جلوس بازار سے گذر رہا تھا اور راجندر کے مندر کے قریب پہنچا ہے تو اس میں آرتی ہورہی تھی لیکن چونکہ موقعہ پر اور جلوس کے ساتھ مجسٹریٹ اور پولیس کے آدمی وغیرہ ساتھ تھے اس لئے کسی قسم کا خدشہ نہ تھا مگر ایک مجسٹریٹ کا بیان ہے کہ جونہی جلوس مندر کے قریب پہنچا تو قریب کے ایک مکان کی چھت سے ایک شخص دوڑتا ہوا آیا اور اس نے جلوس پر پتھر پھینکا اور پھینک کر بھاگ گیا۔ پتھر کا گرنا تھا کہ سارے بازار میں ہنگامہ ہوگیا۔ پولیس نے پتھر پھینکنے والے کو گرفتار کرنے کی ہر چند کوشش کی اور لوگوں کو اس کا یقین دلایا لیکن مجمع کسی طرح قابو میں نہ آیا اور پھر اسی کے ساتھ ساتھ قریب کی گلیوں کے مکانات سے بھی پتھراؤ ہونے لگا۔

ایک ہی سکنڈ میں بیان کیا جاتا ہے کہ مجمع کا رنگ بالکل بدل گیا اور ان ہندوؤں پر حملے شروع ہوگئے جن کے مکانات سے پتھر آئے تھے۔

مسٹر مسعود علی خاں حاکم پرگنہ نے جو جلوس کے ساتھ موجود تھے فوراً پولیس کو سارے بازار میں دوڑا دیا مگر اس کا کوئی اثر نہیں ہوا چونکہ بازار خاصا طویل ہے اور جلوس بھی بہت بڑا تھا اس لئے پولیس قابو نہ پاسکی چنانچہ مجمع گلیوں میں گھس گیا اور مار پیٹ ہونے لگی۔

ڈاکٹر کے مکان کو آگ لگادی

اسی اثناء میں یہ خبر آئی کہ قریب کی ایک گلی میں جو رادھا کرشن مندر کے قریب واقع ہے ڈاکٹر جیوا رام سابق صدر مقامی کانگریس کے مکان میں آگ لگادی ابھی تک یہ ظاہر نہ ہوسکا کہ مجمع نے ڈاکٹر موصوف ہی کے مکان کو آگ لگانے کے لئے کیوں منتخب کیا بہرحال ان کے گھر کی عورتوں اور بچوں کو مجمع نے روکدیا کہ وہ باہر نہ نکل سکیں۔ مجمع ڈاکٹر موصوف کی دوکان میں بھی گھس گیا اور دوائیں وغیرہ کو بھی بالکل برباد کردیا۔

بھی آگئے اور انہوں نے آتے ہی حفاظتی تدابیر اختیار کیں۔

سرکاری بیان

گذشتہ اتوار کی صبح کو فیروز آباد میں جو فرقہ وارانہ فساد ہوا تھا اس کے متعلق ایک سرکاری بیان مظہر ہے کہ وہ اس وقت واقع ہوا جب کہ آٹھ نو بجے کے درمیان مسلمانوں کا براق کا جلوس نکل رہا تھا۔ اس جلوس پر جنوب کی طرف سے چھتوں پر سے اینٹیں برسائی گئیں یہ واقعہ اس وقت ہوا جب جلوس راجندر جی کے مندر کے آگے گذر رہا تھا اس سے اہل جلوس میں بہت جوش پھیل گیا اور انہوں نے سڑکوں پر سے ہٹ کر گلیوں میں بلوہ شروع کردیا انہوں نے ڈاکٹر جیوا رام کے مکان میں آگ لگادی اور اسی سلسلے ہوئے رادھا کرشن کے مندر میں آگ لگادی۔ ڈاکٹر جیوا رام کے مکان والوں نے اپنے آپ کو گھر کے اندر بند کرلیا تھا وہ سب آگ کے شعلوں کی نذر ہوگئے۔

اسی عرصہ میں پولیس پارٹی موقعہ پر پہونچ گئی اس نے مجمع کو منتشر کرنے کی کوشش کی لیکن کوئی نتیجہ برآمد نہ ہوا چنانچہ گولی چلانی پڑی جس سے ایک مسلم بلوائی ہلاک اور کئی زخمی ہوئے جلتے ہوئے مکان کے باشندوں کو بھی بچانے کی کوشش کی گئی مگر وہ بے سود ثابت ہوئی اسی عرصہ میں اور کئی مقامات پر بلوہ ہوگیا وہ مقامات پر پولیس کی تنبیہ بیکار ثابت ہوئی اس لئے گولی چلانی پڑی آگرہ سے مزید پولیس بلائی گئی جس کے ہمراہ ڈسٹرکٹ مجسٹریٹ اور سپرنٹنڈنٹ پولیس بھی تھے یہ پولیس پارٹی ساڑھے گیارہ بجے موقعہ پر پہنچ گئی اور قیام امن کی تدابیر اختیار کی گئیں۔

اب حالات پر سکون ہیں کرفیو آرڈر نافذ کردیا گیا ہے۔ ہتھیار لے کر چلنے یا مجمع کی صورت میں جمع ہونے کی ممانعت ہے۔ ضلع مجسٹریٹ نے دفعہ ۱۴۴ نافذ کردی ہے۔

اب تک ایک مسلمان ہلاک اور دونوں فرقوں کے سات آدمی پولیس کی گولیوں سے زخمی ہوئے ہیں بلوہ میں ایک ہندو ہلاک اور دونوں فرقوں کے ۳۵ اشخاص زخمی ہوئے ہیں گیارہ ہندو جن میں تین بچے بھی شامل تھے ڈاکٹر جیوا رام کے مکان میں جل کر مرگئے حاکم علاقہ خان بہادر مسعود علی خاں کے بازو پر ایک پتھر لگنے سے چوٹ آئی [illegible]

کونسل آف اسٹیٹ میں ہوم سکریٹری کا بیان

نئی دہلی ۱۱ اپریل۔ آج کونسل آف اسٹیٹ نے نمک پر محصول درآمد اور کانوں [illegible]

کہ شاہ آباد کے ہندوؤں اور مسلمانوں کے تعلقات گذشتہ چار سال سے کسی قدر کشیدہ تھے ۱۰ اپریل کو مسلمان علم کا جلوس لے کر جارہے تھے کہ راستہ میں ایک مندر میں باجا بج رہا تھا مسلمانوں نے اس پر اعتراض کیا ہندوؤں نے اسے تسلیم کرلیا اور باجہ بند کردیا جس کے بعد جلوس سکون [illegible]

۸ آدمی ہلاک ہوگئے ہیں۔

اخبار الجمعیۃ میں اشتہار دیکر اپنی تجارت کو فروغ دیجئے

لاکھ تصدیقات کے برابر ایک تصدیق

حکیم الامۃ حضرت قبلہ مولانا مولوی اشرف علی صاحب تھانوی مدظلہ العالی اس دواخانہ کے متعلق ان الفاظ میں تصدیق فرماتے ہیں کہ "سرمدی دواخانہ کے منتظم جہانتک میرا علم ہے نہایت دیانتدار اور خوش معاملہ ہیں اسلئے اُمید ہے کہ اس دواخانہ کی ادویہ بھی پورے اصلی اجزا کے ساتھ بنائی جاتی ہونگی جس کی تصدیق دواؤں کے استعمال سے خود خریداروں کو بھی ہوجائے گی"

ہزار تصدیقات کے برابر دوسری تصدیق

یعنی

عالیجناب کیپٹن نواب جمشید علیخان صاحب ایم۔ بی۔ ای۔ ایم۔ ایل۔ سی نواب باغپت ان الفاظ میں تصدیق فرماتے ہیں کہ "یہ میرے علم میں ہے کہ سرمدی دواخانہ کے کارکن نہایت ایماندار اور خوش معاملہ ہیں جو حضرات صحیح اور اصلی اجزا کے ساتھ بنی ہوئی ادویہ کے متلاشی ہوں وہ پورے بھروسہ کیساتھ اس دواخانہ سے دوائیں طلب فرماسکتے ہیں۔ اللہ تعالیٰ اس کارخانہ کو خاطرخواہ کامیابی عطا فرمائے"

ہمکو ان تصدیقات کے شائع کرنے کی کوئی ضرورت نہ تھی

اگر آجکل اشتہاری دُنیا اسقدر بدنام نہ ہوگئی ہوتی کہ جسکو دیکھئے ان کا شاکی ہے اور اکثر لوگوں نے دھوکا دینا اپنا شعار بنالیا ہے بہرحال ہم سے اب جو معاملہ کرنے پر آپ کو خود ہمارے سچ اور جھوٹ کا حال معلوم ہوجائیگا اور ہم کو یقین ہے کہ انشاء اللہ عمر بھر کے لئے آپ ہمارے مستقل خریدار بنجائینگے اور بجز ہمارے اور کہیں سے بھی دوا خریدنا پسند نہ فرمادینگے۔

موجودہ زمانہ میں امراض مخصوصہ کی وبا دیکھتے ہوئے ہم بھی ان امراض کی چند بے نظیر ادویات پیش کرتے ہیں جو ہمارے دواخانہ کی مخصوص دوائیں ہیں اور بجز ہمارے اور کہیں سے بھی نہیں مل سکتیں

طلائے مرزا خانی جو گورنمنٹ سے رجسٹری شدہ ہے [illegible]

حب ممسک [illegible]

دوائے بواسیر [illegible]

تریاق سوزاک [illegible]

دوائے آتشک [illegible]

مینیجر سرمدی دواخانہ (رجسٹرڈ) سہارنپور (یوپی)

مختصرات

عاشورہ کی تعطیل کی وجہ سے جو خبریں شائع ہونے سے رہ گئی ہیں ان کا خلاصہ ذیل میں درج کیا جاتا ہے:

کلکتہ۔ سیالدہ اسٹیشن یارڈ میں آسام کی ایک خالی گاڑی کا شنٹنگ ہورہا تھا اتفاقاً اس میں آگ لگ گئی ہوا کی تیزی سے نزدیک کی گاڑیوں میں آگ پھیل گئی کل پانچ گاڑیاں جل کر خاک ہوگئیں۔

کلکتہ۔ ۵ اپریل کو صبح سات بجے نہایت سخت طوفان آیا ہوا کی رفتار ستر میل فی گھنٹہ سے کم نہ تھی بارش کی تیزی اور گرج و چمک نے سارے شہر کا دل ہلادیا۔ دو گھنٹہ کی بارش سے سارا کلکتہ سمندر بن گیا۔ تقریباً ۴ انچ پانی برسا۔ ٹیلیفون اور تار کا سلسلہ دیر تک منقطع رہا ایک جگہ بجلی کا تار ٹوٹ جانے سے ایک آدمی بھی ہلاک ہوگیا۔

دہلی۔ یہاں محرم بخیریت گذر گیا۔ تعزیوں کے ساتھ پولیس کا معقول انتظام تھا۔ پولیس کا روبی اٹھالئے گئے ہیں۔

دہلی۔ ۱۲ اپریل کی شب کو چاندنی چوک میں ٹیلیماں کے قریب ایک جوہری کی دوکان میں آگ لگ گئی جس سے چار دوکانیں جل کر خاک ہوگئیں ایک دوکان کا بیمہ پندرہ ہزار روپیہ کا بتایا جاتا ہے۔ فائر انجن نے ایک گھنٹہ کی مسلسل کوشش کے بعد آگ کو بجھایا۔ نقصان کا اندازہ پچیس ہزار روپے کے قریب کیا جاتا ہے۔

دربھنگہ۔ مظفر پور اور دربھنگہ میں پھر زلزلہ آیا مگر خدا کا شکر ہے کہ کسی قسم کا نقصان نہیں ہوا۔

پشاور۔ درہ خیبر کا راستہ کھل گیا ہے لیکن حال ہی میں نئی شخص ایک روپیہ محصول لگادیا گیا ہے یہ محصول اس سے پہلے کبھی نہیں لگایا گیا۔

نینی تال۔ یہاں دس منٹ تک سخت ژالہ باری ہوئی اور سڑکیں اور راستے اولوں سے ڈھٹ گئے۔

لاہور۔ تعور کے ایک موضع میں ایک درخت کے نیچے بم کا گولہ پھٹ گیا جس سے ایک لڑکا معمولی طور پر زخمی ہوگیا۔ پولیس کو یقین ہے کہ یہ دیسی ساخت کا بم تھا۔ ایک حکیم صاحب کو اس سلسلہ میں گرفتار کیا گیا ہے۔

دہلی۔ کونسل آف اسٹیٹ نے مسودہ مالیات بالکل اسی صورت میں منظور کرلیا جس صورت میں وائسرائے نے سفارش کی تھی بل کی موافقت میں ۳۲ ووٹ اور مخالفت میں دس ووٹ آئے۔

ماسکو۔ سندھ میں سب سے زیادہ جرائم نینن گراڈ میں ہورہے ہیں۔ بیس آدمیوں کو اس وجہ سے گولی سے اڑادیا گیا ہے کہ انہوں نے عورتوں کی عصمت دری کی تھی۔

لندن۔ میری لینڈ (امریکہ) میں ایک ریل گاڑی اسکول کے بچوں کی ایک موٹر بس سے ٹکرا گئی جس سے دس بچے ہلاک ہوگئے۔

شنگھائی۔ چین کی اینگلو کونسل کے صدر نے بیان کیا ہے کہ جب ہمارے پاس کافی فوج ہوجائے گی تو ہم جاپانیوں کو چین سے نکالدیں گے اور جو خود پیدا ہونے پر منچوریا پر ہمارا قبضہ ہوجائے گا۔

پیرس۔ فرانس نے افریقہ میں اٹلی کو خاص مراعات دینے کا فیصلہ کرلیا ہے جزیرہ مڈغاسکر کا قبضہ بھی عنقریب اٹلی کو دلایا جائیگا جس کے عوض اٹلی، فرانس کو ایک کروڑ پونڈ دیگا۔

لکھنؤ۔ یہاں چند نامعلوم اشخاص نے دو آدمیوں پر حملہ کردیا جس سے ایک شخص مرگیا۔

برلن۔ تین ماہ سے سرجرمن نازیوں کے خلاف ایک مقدمہ چل رہا تھا یہ لوگ میمل میں اپنی حکومت قائم کرنا چاہتے تھے ان میں سے ۵ سرغنوں کو موت کی سزا دیدی گئی اور باقیوں کو چودہ سال کی قید کردی گئی۔

بحرین۔ یہاں ایک ایرانی سوداگر نے خیرات تقسیم کرنے کا اعلان کیا دو ہزار فقیر اس کے مکان پر پہونچ گئے [illegible] اس کشمکش میں ۱۵ آدمی پاؤں تلے روندے گئے اور ہلاک ہوگئے۔ ہلاک شدگان میں عورتیں اور بچے زیادہ تھے۔

لندن۔ ایک سرکاری جرمن تجربہ گاہ نے ایک ایسی شعاع ایجاد کی ہے جو میلوں کے فاصلہ سے چلتے ہوئے انجنوں کو روک دیتی ہے اور ایک جگہ ساکت کردیتی ہے یہ شعاع آسمان پر پہنچتے ہوئے جہازوں کو نیچے گراسکے گی۔

لکھنؤ۔ ایک برانچ پوسٹ آفس میں دن دہاڑے ڈاک کا تھیلا لوٹنے کی کوشش [illegible]

کی ماہانہ گرانٹ منظور کردی گئی۔

امرتسر۔ یہاں کی ایک مسجد کے غسل خانہ میں ایک بم پھٹ گیا۔ پولیس نے موقعہ پر پہونچکر کیل اور شیشے کے ٹکڑے اپنے قبضہ میں کرلئے۔

الہ آباد۔ اس امر کا قطعی فیصلہ ہوگیا ہے کہ پنڈت مالویہ اسمبلی میں نہیں جائیں گے۔

جرمنی کے اقتصادی بائیکاٹ کی تیاریاں

انگلستان۔ فرانس اور اٹلی کے ارادے

جنیوا۔ جمعیۃ اقوام کی کونسل میں جرمنی کی ایک طرفہ کارروائی کی مذمت کی تجویز منظور ہوجانے کے بعد انگلستان۔ فرانس اور اٹلی اس بات پر غور کررہے ہیں کہ لیگ کونسل کی تجویز کو عملی جامہ پہنایا جائے۔ یہ تینوں بڑی طاقتیں جرمنی سے انتقام لینے کے لئے نئی حفاظتی تدابیر اختیار کررہی ہیں کہا جاتا ہے کہ جرمنی کو اقتصادی لحاظ سے تباہ کرنے کی کوشش کی جائے گی۔

ہندو سبھا دہلی کی عقل کا دیوالہ

سارے صوبہ سے پولیٹیکل ایجنٹ کے قتل کا بدلہ لیا جائے!

نئی دہلی کی ہندو سبھا کے سالانہ اجلاس میں ایک قرارداد منظور کی گئی ہے جس میں پولیٹیکل ایجنٹ [illegible]

مولوی شفیع داؤدی کے خلاف انتخابی استغاثہ

پٹنہ ۸ اپریل۔ پرسوں مولوی شفیع داؤدی کے خلاف انتخاب اسمبلی کے [illegible]

ترجمہ و تفسیر قرآن کریم کے لئے مولانا [illegible] خط و کتابت اخبار "صدق" لکھنؤ سے کی جائے۔

قبائلی علاقوں میں سڑکوں کی تعمیر ملتوی

جمرود پر قبائلی مظاہروں کا اثر

پشاور ۸ اپریل۔ سندی کوتل سے آنے والے موثق ذرائع کا بیان ہے کہ آفریدیوں کے ایک بڑے اجتماع نے چورا کنڈا کے مقام پر جمع ہوکر قبائلی علاقہ میں سڑکیں تعمیر کرنے کے خلاف دوسری دفعہ احتجاجی مظاہرہ کیا۔ آفریدی لشکر کے اس جرگہ کے بڑے بڑے لیڈروں نے جمرود اور اس کے گرد و نواح میں آباد ہونے والے لوگوں سے درخواست کی ہے کہ وہ قبائلی علاقہ میں سڑکوں کی تعمیر کے سلسلہ میں وہ سرکار کو کسی قسم کی مدد نہ دیں [illegible] جمرود نے قبائلی لشکر کا یہ مطالبہ تسلیم کرلیا اور حلف اٹھا کر مطالبہ پر حفاظت دینے کے بعد کام بند کردیا۔

مقامی حکام نے حکومت ہند کے اس اعلان کی جس میں قبائلی علاقہ میں سڑکیں تعمیر کرنے کے لئے طاقت استعمال نہیں کی جائے گی [illegible]

کراچی فائرنگ کے سلسلہ میں مسٹر گزدر کا سفر انگلستان

کراچی ۱۰ اپریل۔ یہاں کے مسلم لیڈروں میں ایک نئی تحریک شروع ہوئی ہے [illegible]

ساتھ ہزار کی چوری۔ بنیا بے ہوش ہوگیا

سفید بال جڑ سے سیاہ

صاف خون

PARAMOUNT
REGISTERED
BLOOD MIXTURE

جوہر شربت چوب چینی

خضاب چھوڑ دو

بچوں والو ہوشیار

بال جیون گھٹی

کولی امساک

مفرح مشکیں

قرص جریان

ہمدرد دواخانہ یونانی دہلی

رجسٹرڈ نمبر ایل ۱۷۹۳

یداللہ علی الجماعۃ

تار کا پتہ :- "الجمعیۃ دہلی"
ٹیلیفون نمبر ۵۷۳۸

سہ روزہ الجمعیۃ دہلی

مدیر مسئول - بلال احمد زبیری (بی اے)   معاون - محمد عثمان فارقلیط

جلد ۲۱ | دہلی یوم یکشنبہ ۲۳ محرم الحرام ۱۳۵۴ ہجری مطابق ۲۸ اپریل ۱۹۳۵ء | نمبر ۲۹

معاصرین کے افکار و آراء

صوبہ سرحدی اور ہندو سبھا

مہاسبھا کی یہی وہ ذہنیت ہے جس نے سارے ہندوستان کے مسلمانوں کو مشتعل کر رکھا اور ہندوؤں سے انہیں بدگمان بنا رکھا ہے اور بڑے غضب کی بات یہ ہے کہ مہاسبھائی اسی پر اکتفا نہیں کرتے بلکہ جب کبھی انہیں موقع ملتا ہے مسلمانوں کو برا بھلا کہنے اور ان کے اغراض و مقاصد کے خلاف کھلم کھلا جدوجہد کرنے سے بھی باز نہیں رہتے ...

مارے گئے اور ایک سو کے قریب زخمی ہوئے۔ اس قسم کا واقعہ اگر یورپ کے کسی ملک میں ہو جاتا تو یقیناً تمام ملک میں ہیجان و اضطراب پیدا ہوتا اور حکومت مجبور ہوتی کہ پبلک کے اطمینان کے لئے کھلے طور پر تحقیقات کی جائے۔ مگر ہندوستان کی حالت بالکل مختلف ہے ...

مہاسبھائی گرمیاں

مسلم کانفرنس کی خاموشی

گورنمنٹ کا غلط قدم

ہندی اسلامی تمدن کی آفرینش

ترکستان اور ایران کے تمدنی اثرات کی ہمہ گیری

سادہ زندگی، سادہ عادات و اطوار کو ترجیح دی گئی جو یا تو تیموری پٹھان طرز پر مشتمل تھے، یا خالص ہندوستانی وضع کے تھے ...

ہندوستانی تمدن پر جو نہایت اہم ایرانی اثرات بالواسطہ پڑے وہ کابل اور قندھار سے ہو کر ہندوستان آئے ...

(باقی صفحہ ۲ پر ملاحظہ فرمایئے)

پادری کی لڑکی کا قبول اسلام

اسپین کے ایک جلیل القدر پادری کی لڑکی نے جب اسلامی تعلیمات کا مقابلہ کیا اور مسلمانوں کے مذہب اور ان کے اعمال کو بغور دیکھا تو اس کے دل میں اسلام کی صداقت و حقانیت جاگزیں ہو گئی اور اس نے فیصلہ کر لیا کہ حقیقتاً اسلام ہی وہ مذہب ہے جو دنیا اور آخرت میں نجات کا راستہ بتاتا ہے ...

قیمت فی جلد ۱۲ علاوہ محصول ڈاک ...

ملنے کا پتہ :- منیجر الجمعیۃ دہلی

Regd No L 1793.

The Jamiat

Vol. XX No 28 DELHI. WEDNESDAY 24 APRIL 1935. PRICE ONE ANNA.

4612
Moulvi Mehdi
Hassan Sb Mufti
P.O Rander
Dt Surat

نورانی
قرآن مجید
نہایت صاف جلی اور نہایت صحیح قرآن شریف اگر درکار ہو تو نورانی قرآن مجید الجمعیۃ بک ایجنسی دہلی سے طلب فرمایئے۔ قیمت مجلد پارچہ عہ

پادری کی لڑکی
کا
قبول اسلام
...
منیجر الجمعیۃ دہلی

مجلس احرار اسلام رہتک کی اہم قرارداد

مسلمانان لائل پور کا جلسہ

اخبار "مسجد" کا اجراء

گمشدہ کی تلاش

ایک عیسائی خاتون کا قبول اسلام

انجمن الطلبہ پشاور کا جلسہ

رکن جمعیۃ علماء سرحد کا دورہ

اجراڑہ میں شہدائے کراچی کیلئے دعائے مغفرت

مانڈلے میں مدرسہ عربی کا افتتاح

ضلع ہوشیار پور میں علمائے کرام کا اجتماع

لیڈی ہارڈنگ ہسپتال نئی دہلی کا نیا ظلم

جب سے لیڈی ہارڈنگ ہسپتال نئی دہلی کی بنیاد پڑی تھی ...

لدھیانہ میں تبلیغی کانفرنس

۲۸ اپریل کو لدھیانہ میں ایک تبلیغی کانفرنس منعقد ہونے والی ہے جس میں فرقہ مرزائیہ کی فریب کاریوں سے عوام کو آگاہ کیا جائے گا ...

اخبار اولڈ بلیگز کا اجراء

اخبار الجمعیۃ میں اشتہار دیکر اپنی تجارت کو فروغ دیجئے

تقریر سیرت چھپ کر تیار ہو گئی

حضرت سحبان الہند مولانا الحاج حافظ احمد سعید صاحب ناظم جمعیۃ علمائے ہند کی وہ بصیرت افروز شریعت آموز تقریر ... الجمعیۃ میں ... شائع کیا گیا تھا ...

مختصر فہرست مضامین

منیجر اخبار الجمعیۃ گلی قاسم جان دہلی



آپکی بیوی تندرست اور خوبصورت ہونی چاہئے

ازدواجی زندگی کی مسرت مرد اور عورت دونوں کی تندرستی پر منحصر ہے ...

SANATOGEN

بال عمر بھر نہ اگیں

آرائش جمال باتصویر

عدالت میں مولانا سید عطاء اللہ شاہ بخاری کا معرکہ آرا بیان

متنبی قادیان نے علماء اور انبیاء کی توہین کی ہے

مرزا کی کتابیں نفرت انگیزی کا سرچشمہ ہیں

کھلی عدالت میں قادیانی اخلاق کی عریانی

(گزشتہ سے پیوستہ)

میں نے اس حوالے کو پڑھ کر بیان کیا تھا کہ قرآن عزیز کی تعلیم سے تو یہ پتہ چلتا ہے کہ انبیاء علیہم السلام مطاع ہو کر نہیں آتے ہیں، وہ تو دو اولی الامر ہوتے ہیں ...

حمایت پر کمر بستہ ہو کر مسلمانوں کے مذہبی احساسات کا امتحان لینا چاہتی ہے جس کی اخلاقی تعلیم اس درجہ پر پہنچ چکی ہے۔ اگر ایسا ہی ہے تو میں سمجھتا ہوں کہ حکومت اپنی تبراہیۃ ہاتھوں کو کمزور کر رہی ہے۔ حکومت کو معلوم نہیں ہے کہ مسلمان اپنے دل میں انبیاء اولیاء صلحاء اور اہل بیت اور علی الخصوص حضرت بی بی فاطمۃ جگر گوشۂ رسول علیہ السلام کے متعلق کیا احساسات رکھتے ہیں۔ میرا یہ فرض نہیں کہ میں حکومت کو وعظ سناؤں وہ اپنے نیک و بد کو خود سمجھے رہی تو اتنا کہتا ہوں کہ

اتر بہ ابنوں کے ساتی درمے انگند

حریفاں مانہ سرماند نہ دستار

...

نفرت انگیزی کا الزام غلط ہے

کرنل نواب سر احمد سعید خان صاحب کا خطبۂ صدارت

اسلام روحانی اور جسمانی حقوق کا مکمل ضابطہ ہے

پنجاب کے مسلمانوں کی اقتصادی زبوں حالی

کفایت شعاری ہی سودی قرضوں کا علاج ہے

انجمن حمایت اسلام لاہور کے ۵۰ ویں سالانہ جلسہ کی صدارت فرماتے ہوئے کرنل نواب حافظ سر محمد احمد سعید خان آف چھتاری و سابق گورنر یو پی نے جو عالمانہ اور مصلحانہ خطبہ ارشاد فرمایا وہ ذیل میں درج کیا جاتا ہے:-

بزرگانِ قوم و برادرانِ محترم! سال گزشتہ اور اس سال جب انجمن حمایت اسلام کی جانب سے مجھے یہاں حاضری کی دعوت دی گئی ...

من حیث القوم باقی نہ رہے گی، مثلاً مسلمان قوم ایک خاص کلچر کی حامل اور ایک خاص تہذیب اور تمدن کی مالک ہے اس کی ایک مخصوص معاشرت ہے، اگر خدانخواستہ مسلمان اپنی معاشرت، اپنی قومی روایات اور اپنے مذہبی شعار کو برباد کردیں اور اپنی تہذیب کو چھوڑ دیں تو پھر مسلمان قوم من حیث القوم دنیا میں باقی نہ رہے گی، ہر قوم کی معاشرت اور اس کا تمدن اس کے تعارف کے لئے ضروری ہیں، دنیا کی تمام قومیں اس زمانہ میں اپنی تہذیب اور تمدن کی حفاظت میں سرگرم ہیں اور اپنے کلچر کی حفاظت کو اپنی قوم کی بہت بڑی خدمت تصور کرتی ہیں۔

حضرات! میں نہایت بلند آہنگی اور زور کے ساتھ کہہ سکتا ہوں کہ بغیر فرق تنہا اسلامی تہذیب ہی کو حاصل ہے کہ وہ اپنی امتیازی خصوصیات کے قیام اور بقا کے لئے کسی دوسرے تمدن کی مرہونِ منت نہیں، اسلامی معاشرت کا نظام اتنا واضح اور مکمل ہے کہ اس کو اختیار کر لینے کے بعد ایک مسلمان تمام ...

...

نفظ بعثت میں صنف نازک کے لئے جس خوبی اور خوبصورتی کے ساتھ

(باقی صفحہ ۳ پر ملاحظہ فرمائیے)

ہندی اسلامی تمدن کی آفرینش

(بسلسلہ صفحہ اول)

لیکن اب محض زینت کے لئے بنائے جانے لگے، سو ہویں صدی میں پتھر کی محل سے لطف ہونے کیلئے بنایا جاتا تھا، اگر اب چھتوں کے سامنے محض خوبصورتی کے لئے بنایا جانے لگا۔ ...

برادران محترم! اسلامی احکام کا منشا اور غایت یہی ہے کہ انسان کے حقیقی جذبات، دلی محسوسات اور قومی اور انفرادی خصوصیات کو دبانا اور پامال کرنا نہیں ...

سلور جوبلی کے بائیکاٹ کی تجویز

ٹریڈ یونین کانگریس کا اجلاس

کلکتہ ۲۰ اپریل۔ بنگال آل انڈیا ٹریڈ یونین کانگریس کا اجلاس ... میں مسٹر ... کی زیر صدارت منعقد ہوا ...

حکام کو گولیاں چلانے میں حق بجانب ٹھہرایا جا رہا ہے

حکومت کے دو مختلف بیانوں میں شدید اختلاف

اگر حکومت حق پر ہے تو میدان میں نکلے

بے گناہوں کا خون رائیگاں نہیں جائیگا

لاہور ۱۸ اپریل۔ گزشتہ شب مسلمانان لاہور کا ایک عظیم الشان جلسہ زیر اہتمام مجلس احرار اسلام ہند چودھری افضل حق صاحب ایم ایل سی منعقد ہوا۔ جلسہ کا افتتاح تلاوت قرآن مجید سے ہوا۔ اور شیخ خالد لطیف گابا اور مولانا سید محمد احمد کاظمی ایم اے ایل ایل بی نے حادثہ کراچی کے متعلق زبردست تقریریں کیں۔ اور حکومت کے اس رویہ کے خلاف کہ اس نے حادثہ ...

تھے۔ لیکن اس چھ ماہ کے عرصے میں کراچی میں کوئی فرقہ وارانہ فساد رونما نہ ہوا۔ کوئی جھگڑا نہ ہوا۔ خود جنازہ کے ساتھ ہندو پہرے والے شامل تھے۔ ہندو اخبارات کے نمائندے موجود تھے انہیں کچھ نہیں کہا گیا۔

حکومت کے بیانات میں زمین و آسمان کا فرق ہے۔ ہوم ممبر کونسل آف اسٹیٹ کا بیان ہے کہ گولی چلانے والوں کی تعداد ۳۵ تھی، انڈر سکریٹری گورنمنٹ آف انڈیا کا بیان ہے کہ گولی چلانے والے پچیس تھے، جنہوں نے ۸۰ راؤنڈ چلائے لیکن حکومت بمبئی کا ہوم سکریٹری اس کے متعلق بالکل خاموش ہے۔

آپ نے تقریر جاری رکھتے ہوئے فرمایا کہ حکومت کے بیانات میں اس قدر فرق موجود ہے کہ جس سے پتہ چلتا ہے کہ حکومت حقائق کو چھپانے کی ناکام کوشش کر رہی ہے۔ حکومت سے تحقیقات کا مطالبہ کیا جاتا ہے، لیکن تحقیقات نہ کرنے کے متعلق حیلے بہانے تلاش کرتی ہے۔ حکومت سے کہا جاتا ہے کہ اگر ...

... بچے اور بوڑھے بھی شامل تھے، جلوس پر امن طریق سے جا رہا تھا اس کا ارادہ کسی قسم کے فساد وغیرہ کا نہ تھا، لیکن حکام کہتے ہیں کہ اگر جلوس شہر میں داخل ہو جاتا تو وہ ہندوؤں کو لوٹ لیتا، حالانکہ یہ بالکل افترا تھا۔ جو حکام کی طرف سے مسلمانوں پر باندھا گیا ہے۔ نتھورام کے قتل کو چھ ماہ گزر چکے ...

حکومت کو معلوم ہونا چاہئے کہ بے گناہوں کا خون خالی نہیں جاتا۔ آپ نے تقریر کے آخر میں کہا کہ وقت کم ہے اور یہ خون رولانے والی داستان بڑی طویل ہے۔

آئندہ حج کے چوتھائی اخراجات معاف ہو گئے

جلالۃ الملک سلطان ابن سعود کا مسلمانان عالم پر احسان

مولانا عبدالہادی صاحب کا مکتوب موصول ہوا ہے کہ جلالۃ الملک سلطان ابن سعود کی دریا دل حکومت نے آئندہ سال کے لئے حجاز کے اندر عازمان حج کے تمام اخراجات کا چوتھائی حصہ بالکل معاف فرما دیا ہے۔ مولانا کے الفاظ یہ ہیں:-

میں ۲ ذیقعدہ کو مکہ مکرمہ میں پہنچا اور وزرا حکام ممبران کونسل حجاز ...

کرنل نواب سر احمد سعید خان صاحب کا خطبۂ صدارت

(بسلسلہ صفحہ ۲)

اپیل کی گئی ہے وہ محتاج بیان نہیں، پھر باہمی رواداری حسن سلوک اور اصلاح معاشرت کی تاکید کے سلسلہ میں ہمارے قانون نے کیا ہم کو یہ نہیں بتایا؟

وعاشروھن بالمعروف — اور عورتوں کے ساتھ خوبی سے
فان کرھتموھن فعسیٰ ان — گزران کیا کرو اور اگر وہ تم کو ناپسند

...

بصائر و نظائر

علامات اور دینی پیشوا اس آسمانی اور سرمدی قانون دستور کے حامل ہیں جن کا نفاذ انسانی قلب و دماغ کی مملکت پر ہوتا ہے اور جن کے ذریعہ ضمیر کی تشکیل اور ایمان کی تعمیر کی جاتی ہے اور نوع انسانی کا رشتہ اس نادیدہ مقتدر ہستی سے جوڑا جاتا ہے جو روحانی اور جسمانی مملکت کا اکیلا شہنشاہ ہے۔ اس قانون کا نام قرآن عزیز اور اسوۂ رسول (حدیث) ہے جس کی تنفیذ و اشاعت کا ذمہ دار علمائے حقانی کو کہا گیا ہے ...

...

مسلمانوں کی بدقسمتی ہے کہ ان کی جہالت سے فائدہ اٹھانے کے لئے علماء کی ایک نئی قسم بھی پیدا ہو گئی ہے ...

...

(۲) دوسری قسم کے وہ علماء ہیں جو علم میں تو کامل ہیں مگر عمل میں ناقص ہوتے ہیں۔

...

اس تمہید کے اصل مقصد پر آئندہ اشاعت میں روشنی ڈالی جائے گی۔

امریکن بنک پر مسلح ڈاکہ

دو خزانچیوں کو گولی مار دی

یونس آئرز ۱۳ اپریل۔ ... ساؤتھ امریکن بنک پر روز روشن میں مسلح ڈاکوؤں نے حملہ کر دیا، دو خزانچیوں نے مزاحمت کی لیکن ڈاکوؤں نے انہیں فوراً گولی مار کر ٹھنڈا کر دیا اور دو لاکھ پیسو (تقریباً پانچ لاکھ تین ہزار روپیہ) نقدی کی صورت میں لے کر فرار ہو گئے۔ اس حادثہ میں جو خزانچی ہلاک ہوئے ہیں وہ سکاٹ لینڈ کے باشندے ہیں۔ بنک کا منیجر جو انگریز ہے اپنی بیوی سمیت ڈاکوؤں سے مقابلہ کرتے ہوئے زخمی ہو گیا ہے۔

بلاغ مبین

مصنفہ مولانا حفظ الرحمٰن صاحب سیوہاروی

رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے ان تمام خطوط اور فرامین کا مجموعہ جو آپ نے مختلف اوقات میں بادشاہوں اور حکمرانوں کے نام دعوت اسلام کے سلسلہ میں بھیجے (ان کے متعلق مفصل تاریخی بحث جس میں تاریخی اور حدیثی تحقیقات) بہت سے لاینحل اشکالات کے شافی جوابات رسول خدا صلی اللہ علیہ وسلم کا تیس سالہ تبلیغی اسوۂ حسنہ تبلیغ اسلام کے سادہ اور خالص اسلامی اصول قرآن و حدیث کی روشنی میں اعلیٰ کتابت و طباعت خوشنما جدید طرز کا ٹائٹیل دو اصلی نامہ مبارک کا فوٹو۔ قیمت ... مجلد ...

ملنے کا پتہ:- دفتر بلاغ مبین دہلی

حضرت شاہ ولی اللہ صاحب رحمۃ اللہ علیہ

کی جلیل القدر نادر تصنیف

الخیر الکثیر

... مجلس علمی ڈابھیل نے اس کو بہت اہتمام کے ساتھ صحیح نسخہ بہم پہنچا کر اعلیٰ کتابت و طباعت کے ساتھ شائع کیا ہے۔ قیمت ...

ملنے کا پتہ:- (مولوی) محمد ادریس مالک مکتبہ شرقیہ محلہ سوئیگران دہلی

سرمہ نور

اگر آنکھوں کی قدر ہے تو ان دو سرموں میں سے کوئی سرمہ اپنے حسب حال انتخاب کر کے استعمال کیجئے۔

سرمہ ۱:- آنکھوں کی خارش، سرخی، دھند، جالا، پھولا، ناخونہ اور پلکوں کا گرنا پرانے سے پرانے رہے کیلئے خصوصاً مفید ہے۔ اس کے استعمال سے بفضلہ تعالیٰ جملہ امراض کا ازالہ ہو جاتا ہے۔ جن لوگوں کو کسی قسم کا مرض نہیں ہے وہ بھی اس کا استعمال کر کے اپنی آنکھوں کی حفاظت کر سکتے ہیں انشاء اللہ انکی آنکھوں کو کسی قسم کا مرض لاحق نہ ہوگا۔ قیمت فی تولہ دو روپیہ آٹھ آنہ (عہ/) - ۶ ماشہ کی شیشی ایک روپیہ چار آنہ (عہ)

سرمہ ۲:- یہ سرمہ بھی اول کی طرح تمام امراض چشم سوائے رو ہا اور پلکوں کے گرنے کیلئے مفید ہے خصوصاً موتیا بند کے ابتدائی پانی کو نکال دیتا ہے۔ اگر پانی جم گیا ہو تو اسکا استعمال مفید نہ ہوگا۔ طلبا یا دوسرے حضرات جو نوشت و خواند کا کام زیادہ کرتے ہیں ان کیلئے خاص کر اس سرمہ کا استعمال بہت مفید ہے۔ عینک لگانے سے پہلے اگر اس سرمہ کا استعمال شروع کیا تو انشاء اللہ چشمے کی ضرورت نہ پڑیگی۔ قیمت فی تولہ پانچ روپیہ ۳ ماشہ کی شیشی ایک روپیہ چار آنہ محصول ڈاک و پیکنگ ذمہ خریدار۔

ملنے کا پتہ:- (مولانا) نور الدین بہاری۔ دہلی بیرون اجمیری دروازہ

بسم اللہ الرحمن الرحیم

الجمعیۃ دہلی

یوم یکشنبہ ۲۳ محرم الحرام ۱۳۵۴ھ ہجری

بھکشو اوتما کا خطبۂ صدارت
پان ہندوازم کی تلقین

ہندو مہا سبھا کے پردھان جناب بھکشو اوتما صاحب نے امسال کا تبو رین خطبۂ صدارت پڑھتے ہوئے بعض ایسے حقائق کا انکشاف کیا ہے جو شاید ہندوستان کے باشندوں کی معلومات میں ایک نئے باب کا اضافہ کردے گا۔ اس امر کے ظاہر کرنے کی ضرورت نہیں کہ ہندو مہا سبھا کے پریزیڈنٹ بودھ مذہب کے پیرو اور صوبۂ برہما کے رہنے والے ہیں۔ ان کی صدارت اصل میں اس خواب کی تعبیر

جو پہلی بات سے بھی زیادہ عجیب و غریب ہے۔ آپ ہندو مہا سبھا کا تعارف کراتے ہوئے اُس کو فرقہ پرست جماعت کہلانے کے الزام سے حسب ذیل الفاظ میں بچانا چاہتے ہیں۔ ارشاد ہوتا ہے۔

"ہندو مہا سبھا اپنے جنم کے لئے بھارت ماتا کے مشہور سپوت سوامی شردھانند کے ...

کرانے کی کوشش نہیں ہے کہ پھر اسی بدنیات ثالث کی خدمت میں حاضری دی جائے اگر اُس نے پلٹ کر یہ جواب دیدیا کہ اگر آپ مجھے خائن سمجھتے تھے تو ثالث کیوں بنایا تھا میں تو آپ سے پیشتر ہی عرض کرتا تھا کہ آپ آپس میں سمجھوتہ کر لیجئے۔ اگر ثالث نے یہ جواب دیدیا تو آپ کے پاس اس معقول جواب کا کیا جواب ہوگا اگر واقعی آپ ثالث کو کوئی معقول جواب دینا چاہتے ہیں تو اس کی صرف ایک ہی شکل ہوسکتی ہے کہ آپ اور آپ کی سبھا ہندوستان کی اقلیتوں سے ایک فیصلہ کرے۔ اور باہمی رواداری سے جو فیصلہ ہو جائے اُس کو تمام فریق لیجا کر پیش کردیں اور ثالث سے کہدیں کہ آپ کا فیصلہ ہندوستان میں تفریق و انتزاق کا بیج بونے والا تھا ہم نے اس کو مسترد کردیا اور ہم تمام لوگوں نے باہمی اتحاد اور باہمی رضامندی سے خود اپنا فیصلہ کرلیا۔ اب ہم صرف یہ چاہتے ہیں کہ آپ اپنا فیصلہ واپس کر لیجئے اور ہمارے فیصلہ کو آئندہ آئین میں داخل کر دیجئے ہم یہ ایک مخلصانہ مشورہ دے رہے ہیں لیکن ہمیں مہا سبھائیوں کی فرقہ داریت اور منافقت سے ہرگز یہ امید نہیں ہے کہ ہمارا عاجزانہ مگر مخلصانہ مشورہ قابل توجہ قرار دیا جائے گا۔

جائنٹ پارلیمنٹری کمیٹی کی رپورٹ

اس رپورٹ کے متعلق مسٹر بھکشو اوتما نے جو کچھ فرمایا ہم اُن جذبات کی قدر کرتے ہیں اور ہم سمجھتے ہیں کہ اس رپورٹ کے خلاف اس سے زیادہ برا کہا جاسکتا تھا جو کہا گیا لیکن اس بلا کو دفع کرنے کا علاج بھی وہی ہے جو ہم نے کمیونل ایوارڈ کے سلسلے میں عرض کیا ہے کہ جب تک ہندوستان کی قوموں میں باہمی اتحاد نہیں ہوتا اور باہمی رواداری موقع شناسی اور حقوق شناسی کی اسپرٹ پیدا نہیں ہوتی یہ بلا کسی کے ٹالے ٹل نہیں سکتی۔

زندگی در گردنم افتادہ بیدل چارہ نیست
شاد باید زیستن ناشاد باید زیستن

سرحد پر جنگی مظاہرے

ہندوستان کی شمالی مغربی سرحد کے متعلق کچھ دنوں سے پھر اس قسم کی خبریں پہنچ رہی ہیں کہ وہاں کی پہاڑی قومیں حملے کر رہی ہیں اور برطانیہ کی افواج اُن کو منتشر کرنے اور ہوائی جہازوں کے ذریعہ منتشر اور پسپا کرنے میں کامیاب ہو رہی ہیں سرکاری ایجنسیوں کے ان بیانات سے معلوم ہوتا ہے کہ فقیر علی نگر۔ غضنفر خاں۔ حاجی ترنگزئی اور ان کا لڑکا بادشاہ گل وغیرہ اس قسم کے لوگ ہیں کہ ان کا کام صرف لشکر ...

قبضہ کرنے کا شوق دامنگیر ہے اسی طرح اس علاقہ کے باشندوں کو اپنی آزادی اور آزادی کا بقا محبوب ہے۔ ہم اس وقت اس بحث میں نہیں الجھنا چاہتے کہ وہاں سڑکوں کی تعمیر مدارس اور پوسٹ آفس کا افتتاح۔ فوجی چھاؤنی کا قیام وہاں کے باشندوں کے لئے مفید ہوگا یا گورنمنٹ برطانیہ کے لئے فائدہ بخش ہوگا۔ کیونکہ ہمارے خیال میں آزادی ایک ایسی بیش قیمت چیز ہے کہ اس کا مقابلہ کسی شے ...

... میں مداخلت خیال کرتے ہیں۔ ہمارا خیال ہے کہ اگر گورنمنٹ ان کے علاقہ میں سڑکیں بنا ئے اور آہستہ آہستہ ان پر قبضہ کرنے کی کوشش نہ کرے تو اس قسم کے واقعات کبھی رونما نہ ہوں جن کی وجہ سے ہندوستان کا کروڑوں روپیہ برباد ہو رہا ہے۔ اور ہزاروں بے گناہ جانیں برباد ہو رہی ہیں یہ ایک قدرتی اور فطری بات ہے کہ جس طرح حکومت برطانیہ کو اپنے مخصوص مصالح کے ماتحت علاقہ غیر پر ...

... کو صرف اس لئے ضائع اور برباد کیا جارہا ہے کہ وہ ایک ایسی پالیسی میں مزاحمت کرتے ہیں جو حکومت برطانیہ کی طے شدہ پالیسی ہے۔ کیا ہم ممبران اسمبلی اور ممبران کونسل آف اسٹیٹ سے اس امر کی توقع کر سکتے ہیں کہ وہ آئندہ گورنمنٹ کی فارورڈ پالیسی کو تبدیل کرانے میں ملک کی امداد کریں گے اور ملک کو لاکھوں روپے کے نقصانات سے بچائیں گے۔

ریاست گوالیار کا ایک سچا بہی خواہ

ریاست گوالیار میں فوج اور ڈاکوؤں کے درمیان جنگ کی خبر اخبارات میں شائع ہو چکی ہے اس جنگ میں امرہ مہرہ کے ایک نیک سیرت زمیندار عبدالرحمن خاں جس بیدردی کے ساتھ ڈاکوؤں کے ہاتھوں شہید کئے گئے۔ اس کو سن کر رونگٹے کھڑے ہو جاتے ہیں۔ واقعات اس طرح ہیں کہ ایک مشہور ڈاکو بھوپت سنگھ معہ دیگر ۳۰۔۴۰ ڈاکوؤں کے ایک عرصہ سے ریاست گوالیار میں قتل و غارتگری اور لوٹ کھسوٹ کا بازار گرم کر رہا ہے اس کی گرفتاری اور فتنہ پردازیوں کے انسداد کے لئے صوبہ دار ضلع جناب محمد رفیع اللہ صاحب نے اپنی توجہ مبذول کی اور اس کے لئے ریاستی فوج کی بھی مدد طلب کی گئی۔ ۱۸ مارچ کو کوریہ مقام میں پہونچکر مرحوم عبدالرحمن زمیندار کو ڈاکو مذکور کے قلعہ میں اسلئے روانہ کیا کہ وہ اس کو کسی ترکیب سے صوبہ دار صاحب کے پاس لے آئیں اور اس طرح اس کی گرفتاری بغیر کشت و خون کے عمل میں آجائے۔ بھوپت سنگھ ڈاکو کا قلعہ کوریہ سے ۶ میل کے فاصلہ پر تھا چنانچہ عبدالرحمن مرحوم اپنی تدبیر کو بروئے کار لانے کے لئے قلعہ میں پہونچ گئے اور ڈاکو کو اس بات پر آمادہ کر لیا کہ وہ صوبہ دار صاحب کے پاس حاضر ہو کر معافی کا خواستگار ہو۔ اسی اثنا میں صوبہ دار صاحب نے کسی غلط فہمی کی بنا پر انتظار کئے بغیر قلعہ کا محاصرہ کر لیا۔ جب ڈاکو کو قلعہ محصور نظر آیا تو اس نے عبدالرحمن مرحوم پر سازش کا شبہ کیا اور پھر اس بدبخت نے مرحوم کے ہاتھوں اور پیروں میں کیلیں ٹھوک کر ان کی آنکھیں نکال لیں اور جسم کا ایک ایک عضو کاٹ کر علیحدہ کر دیا۔ اس کے بعد فوج سے ڈاکوؤں کا مقابلہ ہوا اور تمام ڈاکو تین چار کو ہلاک کر کے فرار ہوگئے۔ اور افسوس ہے کہ فوج نے قلعہ میں ڈائنامیٹ سے آگ لگا دی جس سے مرحوم کی لاش بھی جل کر خاک ہوگئی عام رعایا کو ڈاکوؤں کے ظلم سے نجات دلانے کے لئے عبدالرحمن مرحوم نے جس فداکاری اور ریاست سے ہمدردی و خیرخواہی کا ثبوت دیا ہے وہ محتاج بیان نہیں ... مرحوم نے ... پیچھے چھوڑے ہیں۔ ہم ریاست گوالیار سے درخواست کریں گے کہ وہ مرحوم کی اس بے نظیر قربانی کی قدر کرتے ہوئے ان کے بچوں اور بیوہ کیلئے کوئی مستقل وظیفہ مقرر کردے تاکہ وہ اپنے شفیق باپ کی جدائی کے بعد قدرے اطمینان و سکون سے اپنی زندگی گزار سکیں۔ اور احتیاج و مصائب کے ہاتھوں تباہ ہونے سے بچ جائیں ہم توقع ہے کہ ریاست کے عمال اور خود مہاراجہ اس طرف توجہ مبذول فرما کر مرحوم کے پسماندگان کی مالی اعانت سے دریغ نہ کریں گے اور اپنی فرض شناسی کا بہتر ثبوت دیں گے۔

کراچی کی ہولناک خونریزی
جامع مسجد دہلی میں عظیم الشان جلسہ

کراچی میں جو انسانی خون بہایا گیا اور عورتوں بچوں اور نہتوں کے مجمع پر بیدریغ آتشباری کی گئی اس سے ہندوستان کا بچہ بچہ واقف ہو چکا ہے۔ بمبئی کی حکومت نے کراچی کے حکام کے اس بے دردانہ طرز عمل کو حق بجانب ٹھہراتے ہوئے کھلی تحقیقات سے انکار کر دیا ہے جس کو ملک کی عام رائے نے قابل افسوس و موجب مذمت قرار دیا ہے۔

حکومت کی اس بے پروائی اور تغافل شعاری کے متعلق مسلمانوں کی عام رائے کے اظہار اور شہدائے کراچی کے ساتھ ہمدردی اور دعائے مغفرت کرنے کے لئے مسلمانان دہلی کا ایک عظیم الشان جلسہ بتاریخ ۲۸ اپریل بعد نماز جمعہ جامع مسجد میں زیر صدارت حضرت مولانا مفتی محمد کفایت اللہ صاحب مدظلہٗ منعقد ہوگا۔ امید ہے کہ تمام مسلمان اس جلسہ میں جوق جوق شریک ہوں گے اور اپنی مذہبی و ملی بیداری اور زندگی کا ثبوت دیں گے۔

داعیان جمعیۃ علماء ہند محمد قاسم جان دہلی

دارالحکومت

حضرت ناظم جمعیۃ علماء ہند کی مسلسل تشویش
فرزند اور اہلیہ محترمہ کی علالت

تھوڑا ہی عرصہ گذرا ہے کہ حضرت مولانا حافظ احمد سعید صاحب ناظم جمعیۃ علماء ہند شدید علالت کے باعث صاحب فراش ہوگئے تھے اور بلغم میں خون آنے کی وجہ سے آپ کی صحت کو سخت خطرہ لاحق ہوگیا تھا ...

مسٹر جناح اور صدر کانگریس کا متفقہ فارمولا
بنگالی ہندوؤں اور پنجابی سکھوں کی تنگ نظری

بمبئی ۲۲ اپریل۔ حال ہی میں مسٹر راجگوپال آچاریہ نے ایک بیان کے دوران میں فرمایا تھا کہ بابو راجندر پرشاد صدر کانگریس اور مسٹر جناح کے درمیان گفت و شنید کے نتیجہ کے طور پر جو فرقہ وارانہ فارمولا تیار ہوا تھا وہ موجودہ حالات میں بہترین فارمولا تھا اس لئے ہندوؤں کو اس کو منظور کر لینا چاہئے اور اس طریقہ سے کمیونل ایوارڈ کا خاتمہ کر دینا چاہئے۔

آل انڈیا کانگریس کمیٹی کا اجلاس
انتخابی جھگڑوں کو طے کرنے کیلئے کمیٹی کا تقرر
پارلیمنٹری بورڈ کا انتخاب

جبلپور ۲۴ اپریل۔ آج آل انڈیا کانگریس کمیٹی کا پہلا اجلاس شروع ہوا بابو راجندر پرشاد نے صدارت فرمائی۔ صدر نے افتتاحی تقریر میں فرمایا کہ اجلاس طلب کرنے کے دو اسباب ہیں یعنی پارلیمنٹری بورڈ کا انتخاب اور انتخابی جھگڑوں کو طے کرنے کیلئے کمیٹی کا تقرر۔ ...

سلور جوبلی میں سکھوں کی شرکت
مقامی سکھوں میں اختلاف رائے

دہلی ۲۴ اپریل۔ سکھوں کی دو سرکردہ جماعتیں شرومنی اکالی دل اور گوردوارہ پربندھک کمیٹی سلور جوبلی میں سکھوں کو شریک نہ ہونے کا مشورہ دے چکی ہیں۔ ...

کانگریس کی پالیسی دانشمندانہ ہے
مسٹر جناح کا تازہ بیان

بمبئی ۲۴ اپریل۔ مسٹر جناح آج انگلستان کے لئے روانہ ہوگئے ہیں۔ ...

مولانا سید عطاء اللہ شاہ بخاری کا مقدمہ

گورداسپور ۲۴ اپریل۔ مولانا سید عطاء اللہ شاہ بخاری کے مقدمہ کا فیصلہ سننے کے لئے کئی ہزار آدمی جمع ہوئے پولیس کا زبردست انتظام تھا۔ عدالت کے احاطہ کے اردگرد رسیوں کے حلقے لگا دئے گئے تاکہ لوگ عدالت میں نہ گھس جائیں۔ ... فیصلہ ۵ مئی کو سنایا جائے گا۔

علاقہ مدراس میں دو جگہ فساد
پانچ اشخاص ہلاک اور ساٹھ گرفتار

چین میں اشتراکی افواج کی شکست

دہلی میں براڈ کاسٹ اسٹیشن

دہلی ۲۴ اپریل۔ معلوم ہوا ہے کہ دارالحکومت ہند کے لئے مجوزہ براڈ کاسٹنگ اسٹیشن پرانی دہلی میں انبالہ روڈ پر نجف گڈھ کے مشرق میں قائم کیا جائے گا ...

دہلی کے ٹرانسمٹر کی ہوائی طاقت ۲۰ کلو واٹ ہوگی۔

جودھپور میں لکھپتی سیٹھ کی گرفتاری

گران چاکو میں پھر جنگ شروع ہوگئی
بولیویا اور پراگوے کی افواج میں معرکہ

پولیس کے ہاتھوں تین ڈاکو ہلاک

آگرہ ۲۳ اپریل۔ تین ڈاکو ہلاک ہوگئے اور دو مجروح ہوئے اور بہت سے ہتھیار اور کارتوس پکڑے گئے ...

اسمبلی کے مسلم ارکان مستعفی ہو جائینگے؟
حادثہ کراچی کی تحقیقات سے انکار پر احتجاج

صدر کانگریس کو ایڈریس دینے کی ممانعت

ڈاکٹر انصاری صاحب کا استعفیٰ اور صدر کانگریس

دیہاتی اسکیم کی کامیابی پر گاندھی جی کا بیان

پتنگ بازی نے موت سے ہم آغوش کر دیا

دہلی ۲۴ اپریل۔ اطلاع ملی ہے کہ آج شام کو پانچ بجے کے قریب کوچہ بنگش سے ایک ۱۶ سالہ مسلمان لڑکا پتنگ بازی کی دھن میں چھت سے بازار کے رخ سڑک پر گر پڑا اور بری طرح زخمی ہو کر ہلاک ہوگیا۔

ملک معظم کی زلزلہ زدگان سے ہمدردی

سفر میں سر سکندر حیات خاں کی علالت

بنگال میں زلزلے کے جھٹکے

یونانی افواج کے کمانڈر کو سزائے موت

لکھنؤ کے قریب ریل کو برباد کرنے کی سعی

فقیر علی نگر گرفتار کر لئے گئے؟

اسمبلی کے شملوی اجلاس کا آغاز

شملہ ۲۴ اپریل۔ معلوم ہوا ہے کہ اسمبلی کا شملوی اجلاس ۱۹ اگست سے شروع ہوگا۔

تین ہزار افراد ہلاک اور گیارہ ہزار مجروح

دس ہزار مکانات تباہ ۔ دو صوبے بالکل غارت ہوگئے

جزیرہ فارموسا میں زلزلہ کے مزید حالات

لندن ۲۳ ؍اپریل ۔ جزیرہ فارموسا میں قیامت خیز زلزلہ کے سلسلہ میں تازہ ترین اطلاع مظہر ہے کہ سرکاری طور پر اعداد و شمار سے معلوم ہوا ہے کہ اس زلزلہ میں ہلاک شدگان کی تعداد تین ہزار تک پہنچ گئی ہے اور دس ہزار مکانات گر کر تودہ خاک ہوگئے ہیں ۔ گیارہ ہزار سے زائد مجروح ہوئے ہیں ان کے علاوہ دیگر گیارہ ہزار مکانات کو بھی نقصان پہنچا ہے ۔ ریلوے حرکت میں آگئی ہے اور امداد کا کام شروع کر دیا گیا ہے ۔ نقصان کا اندازہ ایک کروڑ ین (جاپانی سکہ) لگایا جاتا ہے ۔ جس میں مکانات کا نقصان ۷۰ لاکھ ین اور ریلوے کا چالیس ہزار ین ہے کہا جاتا ہے کہ سڑکوں پر خوف زدہ لوگوں کا ہجوم ہے ۔ بچے اور عورتیں روتے ہوئے نظر آرہے ہیں ۔ ہلاک شدگان میں چینی کسانوں کی تعداد زیادہ ہے ، جاپانی کم تعداد میں ہلاک ہوئے ہیں ۔ زلزلہ زدہ مقام میں ایک جگہ تیل کے چشمہ میں آگ لگ گئی ۔

اس زلزلہ میں دو صوبے بالکل تباہ ہوگئے ہیں چین میں متعینہ برطانوی کمانڈر انچیف نے اس حادثہ کی خبر پاتے ہی مصیبت زدگان کی امداد کے لئے اپنی خدمات پیش کیں لیکن جاپانی وزیر نے شکریہ کے بعد خدمات لینے سے اس بنا پر انکار کر دیا کہ بیرونی امداد کی فی الحال ضرورت نہیں ہے ۔

ایران کے صوبہ مزندران میں بھی زلزلہ آگیا

ہزاروں انسان ہلاک ہوگئے ۔ اب تک ۴۸۳ لاشیں نکالی جا چکی ہیں

پیرس ۲۳ ؍اپریل ۔ طہران سے آمدہ اطلاع مظہر ہے کہ ایران کے صوبہ مزندان میں ۲۱ ؍اپریل سے برابر زلزلہ کے جھٹکے محسوس کئے جا رہے ہیں جن سے ہزاروں آدمی ہلاک ہوگئے ہیں ۔ ساری کے نواحی علاقہ میں تباہ شدہ عمارات و مکانات کے نیچے سے اس وقت تک ۴۸۳ انسانوں کی نعشیں برآمد ہو چکی ہیں ۔ نقصان کا اندازہ بہت زیادہ بتایا جاتا ہے ۔ رسل و رسائل کے تمام سلسلے منقطع ہوگئے ہیں ۔ زلزلہ کے جھٹکے ۵۰ میل تک محسوس کئے گئے ہیں ۔

مزندران ، ایران کا شمالی صوبہ ہے جس کی سرحد بحر کاسپین تک ممتد ہے ۔ اس کے جنوب پر کوہ البرز کا سلسلہ قائم ہے ۔ اس کا پایہ تخت ساری ہے ۔ تفصیلات کا انتظار ہے ۔

مہاسبھا کی پالیسی کے افسوسناک نتائج

بمبئی میں مسٹر جناح کی تقریر

بمبئی ۲۰ ؍اپریل ۔ مسلم طلباء کا ایک جلسہ زیر صدارت سر میاں قاسم منعقد ہوا جس میں مسٹر جناح نے روانگی انگلستان کے سلسلہ میں اپنی آخری تقریر میں مسلم طلباء کو مخاطب کرتے ہوئے ہندوستانی سیاسیات میں مسلمانوں کے رویہ اور اسمبلی میں انڈی پینڈنٹ پارٹی کے کام کے متعلق ذکر کیا ۔

مسلمانوں کی حب الوطنی کا ذکر کرتے ہوئے مسٹر جناح نے کہا کہ آج ہر مسلمان نہایت ایمانداری سے یہ کہہ رہا ہے کہ میں ہندو کے ساتھ تعاون کرنا اور اس کے ساتھ کام کرنا چاہتا ہوں اور میں اپنے دل میں آپ بات کا کبھی خیال نہیں کرتا کہ ہندوستان کی مستقبل گورنمنٹ مسلم گورنمنٹ ہونی چاہئے مسلمان ایک نہایت ہی مشکل پوزیشن میں ہیں ہندو مہاسبھا کی پالیسی یہ ہے کہ مستقبل میں تمام طاقت ہندوؤں کے ہاتھ آجائے اس لئے مسلمانوں سے یہ کبھی توقع نہیں کی جا سکتی کہ وہ ہندوؤں کے ساتھ اشتراک عمل سے کام کریں ۔ بلکہ کانگرس میں بھی ایک ایسی جماعت ہے جو مسلمانوں کی وطن پرستی سے غیر مطمئن ہے حالانکہ اسمبلی میں اہم معاملات کی رائے شماری کے موقعوں پر مسلم ممبران نے عام رائے کی حمایت کی ہمیں امید کرنی چاہئے کہ کانگرسی لیڈر اپنے وسیع تجربہ اور سیاسی ٹریننگ سے اس جماعت پر حاوی ہو سکتے ہیں اب ہندو راجیہ نہیں بلکہ ہندوستانیوں کا راجیہ آرہا ہے جس میں مسلمانوں کو بھی مساوی اور منصفانہ حقوق حاصل ہوں گے ۔

قصابوں نے فوجیوں کو پیٹ ڈالا

نوکھلی ۲۲ ؍اپریل ۔ اطلاع موصول ہوئی ہے کہ "تاپار" میں متعینہ فوجی سپاہ کا مقامی قصابوں کے ساتھ تصادم ہوگیا ۔

بیان کیا جاتا ہے کہ فوجی سپاہیوں نے کھلے بازار میں گائے کے گوشت کی فروخت کے خلاف پروٹسٹ کیا اس پر قصابوں نے انہیں نہایت بے دردی سے زدوکوب کیا ۔

حکام فوراً اسلح تودج کے ساتھ موقع پر جا پہنچے تفصیلات کا انتظار ہے

پولیس افسروں کو قتل کرنے کی سازش

آگرہ میں ایک شخص گرفتار

اجمیر ۲۲ ؍اپریل ۔ اجمیر کی ایک اطلاع مظہر ہے کہ ایک شخص مسمی میم چند ... [illegible]

کراچی کے اخبارات کو مزید انتباہ

[illegible]

ایک برمی اسٹیشن پر ڈاکہ

[illegible]

حضرت مولانا عبدالحلیم صاحب صدیقی

بہار کے کامیاب دورہ سے مع الخیر واپسی

[illegible]

درہ دانیال کی قلعہ بندی اور ترکی اخبارات

معاہدہ کی پابندی نہیں کیجائے گی

لندن ۲۰ ؍اپریل ۔ اب جب کہ ترکی کے وزیر خارجہ نے ترکوں کی خواہشات کے مطابق یہ منظور کر لیا ہے کہ وہ جنیوا کانفرنس میں درہ دانیال کی حفاظت کے متعلق ضرور سوال اٹھائیں گے ترکی اخبارات غیر معمولی صاف گوئی سے کام لے رہے ہیں ۔

معاصر ٹائمز کے نامہ نگار مقیم قسطنطنیہ کا بیان ہے کہ ترک معاہدہ درہ دانیال کی پابندیوں اور شرائط کو ناقابل عمل تصور کرتے ہیں نیز وہاں اس خیال کا بڑا مضحکہ اڑایا جا رہا ہے کہ ترکی اس معاہدہ کی پابندی کر کے اپنی زندگی کی قوت کو خطرہ میں ڈال دیگا ۔ خیال کیا جاتا ہے کہ اب وہ وقت آپہونچا ہے کہ صورت حال کا صفائی سے اقرار کر لیا جائے ۔

معاصر ٹائمز نے اپنے مقالہ افتتاحیہ میں لکھا ہے کہ بلغاریہ کی اضافہ اسلحہ کی پالیسی اس بات کے لئے معقول وجہ نہیں ہو سکتی کہ ترکی معاہدہ درہ دانیال پر دوبارہ غور کرنے کا مطالبہ کرے ۔

[illegible]

بظاہر اس وقت کوئی ایسا معقول سبب نظر نہیں آتا جس کی وجہ سے تبدیلی کی ضرورت محسوس کی جائے یا یہ کہ جو خطرہ جرمنی کے اضافہ اسلحہ سے پیدا ہو گیا ہے وہ مغربی حکومتوں کو ایسی تبدیلی کے لئے مجبور کرے جس پر کسی نہ کسی دن انہیں افسوس کرنا پڑے گا ۔

جلالۃ الملک سلطان ابن سعود کی طرف سے

ہندوستانیوں کی ہمدردی کا شکریہ

(مکہ مکرمہ سے الجمعیۃ کے نام خاص تار)

دہلی ۲۰ ؍اپریل ۔ آج صبح ۵ بجکر ۵۵ منٹ پر مکہ مکرمہ کا مندرجہ ذیل کا تار حکومت حجاز کے وزیر مالیات کے دستخط سے موصول ہوا ہے ۔

حرم شریف میں عید کے روز جو حادثہ پیش آیا تھا اس کے سلسلہ میں ہندوستان کے مسلمان بھائیوں نے اپنے جن صادقانہ جذبات اور ... [illegible]

ہوائی جہاز پاش پاش ہوگیا

[illegible]

جزائر ملدیپ میں تعلیم نسواں کا امتناع

[illegible]

جنگ کیلئے حکومت ہند بھی تیاریاں کر رہی ہے

[illegible]

ترکی اور چینی مسلمانوں کی خانہ جنگی کا نتیجہ

چینی ترکستان پر روس کے قبضہ کا امکان

کاشغر ۲۲ ؍اپریل ۔ ایک اطلاع مظہر ہے کہ سوویٹ افواج آرمچی کے قریب جمع ہوگئی ہیں ۔ تمام سنکیانگ (چینی ترکستان) میں سوویٹ ایجنٹوں کا زور نظر آرہا ہے ۔ ریڈیو ، اخبارات اور پمفلٹوں کے ذریعہ پروپگنڈا کیا جا رہا ہے اور عوام کو اس امر کی تلقین کی جا رہی ہے کہ کمیونسٹ طرز حکومت ان کی مشکلات کا بہترین حل ہے ۔ ختن کے علاوہ تمام صوبہ کی حالت غیر مستقل ہے اور نظام سلطنت درہم برہم نظر آتا ہے ۔ ترکی و تنگانی (چینی مسلمان) قبائل میں خانہ جنگیوں نے صورت حال اور بھی زیادہ خطرناک بنا دی ہے اس امر کا قوی اندیشہ ہے کہ مستقبل قریب میں سنکیانگ میں پھر انقلاب ہوگا ۔ برٹش گورنمنٹ کا سفارت خانہ صورت حال کا مطالعہ نہایت غور سے کر رہا ہے اور حکومت برطانیہ کو تمام حالات سے آگاہ کر رہا ہے ۔ سنکیانگ میں برطانوی مفاد کو روسی اثر و نفوذ سے زبردست صدمہ پہنچنے کا اندیشہ ہے جس کے سدباب کے لئے برطانوی حکومت ضروری تدابیر اختیار کر رہی ہے ۔ گلگت کی سرحد مضبوط کئے جانے کی اطلاعات نے کاشغر کے ہندوستانی تاجروں کو کچھ مطمئن کر دیا ہے ۔ لیکن پھر بھی ان کا مفاد خطرہ سے خالی نہیں ۔ باخبر حلقوں میں کہا جاتا ہے کہ سوویٹ گورنمنٹ تنگانیوں کی ... سے چینی حکومت کے رہے سہے اقتدار کا خاتمہ کر کے جلد از جلد سوویٹ حکومت قائم کرنے کا موقع تلاش کر رہی ہے اور اس سلسلہ میں روسی ایجنٹوں کو نمایاں کامیابی بھی ہوئی ہے ۔

چین روس اور کشمیر کی سرحد پر برطانوی قبضہ

مہاراجہ کشمیر سے معاہدہ ہوگیا

سرینگر ۲۲ ؍اپریل ۔ ہمالیہ کی تہلٹی میں ایک شاداب علاقہ ہے جس پر بلک منظم کی حویلی کے موقع پر برطانوی حکومت باقاعدہ قبضہ کرے گی اور وہاں برطانوی افواج داخل ہو جائیں گی ۔ یہ علاقہ اسی جگہ پر واقع ہے جہاں کشمیر ، چین اور روس کی سرحدیں ملتی ہیں ۔ حد فاصل ہونے کی وجہ سے یہ اہم فوجی پوزیشن رکھتا ہے جس طرح گلگت کا علاقہ مہاراجہ کشمیر نے ایک معاہدہ کی رو سے برطانوی حکومت کے حوالے کر دیا ہے ۔ اسی طرح اس علاقہ کے متعلق بھی وہ معاہدہ ... [illegible]

ناگپور میں زبردست طوفان باد

درخت جڑ سے اکھڑ گئے

[illegible]

ڈسٹرکٹ تبلیغی کانفرنس لدھیانہ

[illegible]

بارود کے کارخانہ میں ہولناک دھماکہ

[illegible]

رانچی کے فرقہ وارانہ فساد کی تفصیلات

رام نومی اور محرم کا تصادم

(از نامہ نگار الجمعیۃ)

رانچی چھوٹا ناگپور ڈویژن کا صدر مقام ہے نصف سال گورنر بھی یہیں گذارتے ہیں اور ضلع جج اور ڈسٹرکٹ مجسٹریٹ سب ڈویژنل آفیسر ، افسر انچارج پولیس بھی یہاں موجود ہیں تقریباً ۵۰ ہزار کی شہری آبادی ہے جس میں کم و بیش گیارہ ہزار مسلمان ہیں تمام مذہبی اور رسمی امور مشرکین و مسلمین انجام دیتے ہیں اور کسی قسم کا فساد کبھی یہاں رونما نہیں ہوا اور صوبہ بہار میں یہ شہر قومی جھگڑوں سے ہمیشہ مبرا رہا ہے ۔

امسال رام نومی کا جلوس ساتویں محرم کو جمعہ کے روز ہندوؤں نے نکالا اور تقریباً "بیس ہزار کا ریوڑ شور و غل مچاتا ہوا صدر سڑک سے گذرا اس شب مسلمانوں کا محرمی جلوس نکلنے والا تھا ۔ لیکن چونکہ مشرکین کو راستے جلوس نکالنے کے لئے ملے تھے ان کے خلاف دوسرے راستے سے جلوس گذرا اور حکام اور پولیس نے کوئی مزاحمت نہیں کی نیز مسجدوں کے سامنے سے گذرنے کا بھی حکم نہ تھا اور کفار بجے کا ریجرنگ بلی کی جے کا نعرہ لگاتے ہوئے دو مسجدوں کے دروازے سے گذرے جس سے بوقت خطبہ خلل واقع ہوا مسلمانوں نے بہت ضبط سے کام لیا پھر بھی شام کو جب کہ ہندوؤں کا جلوس واپس ہو رہا تھا کچھ تکرار ہوگئی جس کے باعث مسلمانوں نے رنجش سے ساتویں کا اکھاڑہ نہ نکالا ۔

آٹھویں محرم کو مسلمانوں نے اکھاڑہ نکالا ہندو ناک میں تھے ہی جب بازار مارواڑیوں کے محلے میں جلوس پہنچا تو ہندوؤں کے ایک کوٹھے سے ڈھیلے اور پتھر برسنے شروع ہوئے مسلمان مشتعل ہوگئے اور مارپیٹ شروع ہوگئی ۸-۱۰ آدمی طرفین کے زخمی ہوئے حکام اور پولیس نے روک تھام کی لیکن نہ کوئی گرفتاری عمل میں آئی اور نہ سنگ باری کرنے والوں کا سراغ لگایا گیا بلکہ پولیس نے مسلمانوں پر لاٹھیوں سے حملہ کر دیا اور کچھ لوگوں کو زخمی کیا ۔ اس کے بعد ۱۴۴ کا نوٹس شائع ہوا اور دو روز کے اکھاڑے بند ہوئے ہنود تو خوب بغلیں بجانے ہیں اور مسلمانوں نے مایوسی کے لیل و نہار گذارے ۔

سب سے زیادہ اس پر تاسف ہوتا ہے کہ ڈپٹی کمشنر مسلمان ، ڈپٹی مجسٹریٹ مسلمان اور پولیس انسپکٹر مسلمان پولیس جمعدار مسلمان لیکن مسلمان ... [illegible]

لاہور کے قریب ایک اور بم پھٹ گیا

ایک منظم سازش کی کارفرمائیاں

[illegible]

افغان قونصل کے دفتر کی شملہ کو تبدیلی

[illegible]

بجلی کی عینک رجسٹرڈ
جرمن ناولٹی اسٹور کراچی شہر

مجلس مرکزیہ اور مجلس عاملہ احرار اسلام ہند کا اجلاس

حادثہ کراچی اور دیگر اہم معاملات پر تجاویز کی منظوری

اسمبلی میں کانگریس پارٹی کے تعاون پر اظہار تحسین

لاہور میں اکابر ملت کا اہم اجتماع

مجلس مرکزیہ احرار اسلام ہند اور مجلس عاملہ مجلس احرار اسلام کا اجلاس دفتر مجلس مرکزیہ احرار اسلام ہند لاہور میں زیر صدارت مولانا حبیب الرحمن صاحب لودھیانوی صدر مجلس (احرار اسلام ہند) بتاریخ ۱۹ و ۲۰ ؍اپریل ۱۹۳۵ء منعقد ہوا ۔ شیخ عبدالمجید صاحب سندھی خان محمود علی خان رئیس سہارنپور سید محمد احمد صاحب کاظمی ایم ۔ ایل ۔ اے ۔ آر ۔ خان صاحب کراچی مسٹر خالد لطیف گابا ایم ایل اے ، مولانا محمد داؤد صاحب غزنوی ، سردار محمد شفیع صاحب رئیس گنجہ کلاں ... [illegible]

... برداشت سمجھتا ہے ۔ حکام ریاست کو چاہئے کہ اپنی مظلوم رعایا کی دادرسی کرے اور جابر و ظالم لوگوں کو سزا دے ۔ نیز ان بے گناہ اسیران کو فوراً رہا کر دے جن کو بلاوجہ گرفتار کیا گیا ہے ۔

مسلمانان ریاست جیند کے تمام جائز مطالبات کو منظور کر کے راعی اور رعایا میں صلح و آشتی اور امن و امان قائم کیا جائے ۔

محرک :- عبدالغنی صاحب قریشی

مؤید :- میاں تاج الدین صاحب

(۵) مجلس عاملہ احرار اسلام ہند کا یہ اجلاس چوہدری ہری سنگھ صدر مرکزیہ زمیندارہ لیگ کپورتھلہ اور ان کے رفقاء کی گرفتاری کے خلاف صدائے احتجاج بلند کرتا ہے اور دربار کپورتھلہ سے مطالبہ کرتا ہے ۔ کہ زمیندارہ لیگ کے جائز آئینی و مبنی بر انصاف مطالبات کو منظور کر کے جلد از جلد علی جامہ ... [illegible]

... جماعت امرمامعۃ المسلمین کے زبردست احتجاج کے باوجود مسلمانوں کے تمام مسلمانوں کے دینی اور دنیاوی مخالف کو ان کی گردن پر مسلط کرنے کی حکمت عملی سے مسلمان یہ نتیجہ نکالنے پر مجبور ہوں گے کہ حکومت مرزائی قادیانی کی نبوت کو مسلمانوں میں فروغ دینے کی خواہاں ہے ۔

محرک :- مولانا عبدالغفار صاحب غزنوی

مؤید :- میاں تاج الدین صاحب

(۱۰) مجلس عاملہ احرار اسلام ہند کا یہ اجلاس اجودھیا میں قربانی کی بندش کے حکم اور عید قربان کے موقع پر دفعہ ۱۴۴ کے نفاذ کو مذہب میں صریحاً مداخلت قرار دیتے ہوئے حکومت کے اس فعل کی مذمت کرتا ہے اور ان مسلمانوں کو مبارکباد دیتا ہے جنہوں نے مذہب کے احکام کی پابندی کرتے ہوئے اپنے کو قید و بند کے لئے پیش کر دیا ۔

محرک :- خان محمود علی خان صاحب

مؤید :- مولانا عبدالغفار صاحب غزنوی

(۱۱) مجلس عاملہ احرار اسلام ہند کا یہ اجلاس حکومت ہند ، حکومت پٹیالہ اور حکومت جیند کی اس غفلت شعاری پر دلی رنج اور مذمت کا اظہار کرتا ہے جو انہوں نے سردار حبیب الرحمن صاحب نو مسلم کے لڑکے عزیز الرحمن کے معاملے میں روا رکھی ہے بچے کو اغوا ہوئے قریب تین ماہ کا عرصہ گذر چکا ہے اور متعدد مرتبہ توجہ دلائے جانے کے باوجود ابھی تک بچے کا سراغ لگانے میں کسی حکومت نے خاص دلچسپی اور سرگرمی کا اظہار نہیں کیا اور نہ مجرمین کی تلاش اور گرفتاری کے لئے فوری اور مؤثر تدابیر اختیار کی ہیں ۔

نیز یہ اجلاس حکومت ہند ، حکومت پٹیالہ اور حکومت جیند سے مطالبہ کرتا ہے کہ وہ عزیز الرحمن کی تلاش اور مجرمین کی گرفتاری کے لئے فوری تدابیر اختیار کریں ۔ تاکہ بچے کی جان ضائع نہ ہو جائے ۔

محرک :- مولانا مظہر علی صاحب اظہر

مؤید :- خان محمود علی خان صاحب ۔

طبیہ کالج پٹیالہ کے امتحانات

[illegible]

بنگال میں ڈیڑھ ہزار مکانات تباہ ہوگئے

[illegible]

جرمنی میں پادریوں کی گرفتاری

[illegible]

درگا دیوی پر سینکڑوں بکروں کی قربانی

[illegible]

فرانس اور روس کے درمیان معاہدہ

جرمنی کیلئے قابل غور مسئلہ

جنیوا ۱۸ ؍اپریل ۔ معاہدہ ورسیلز کی خلاف ورزی کرنے پر جرمنی کی مذمت کرنے کے متعلق بین الاقوامی لیگ کی کونسل میں تین حکومتوں کی رزولیوشن پاس ہونے کے فوراً بعد ایک اور نہایت اہم واقعہ پیش آیا جبکہ مسٹر لاول وزیر خارجہ فرانس اور مسٹر لٹوینوف وزیر خارجہ روس کے درمیان باہمی امداد کے مجوزہ عہد نامہ کے بارے میں مکمل سمجھوتہ ہوگیا ۔

جنیوا کی ایک اور تازہ ترین اطلاع مظہر ہے کہ روسی وزیر خارجہ مسٹر لٹوینوف اور زیکو سلوویا کے وزیر خارجہ مسٹر بینیس کے درمیان باہمی امداد کا معاہدہ کے بارے میں جو کہ روس اور فرانس کے درمیان ہوا ہے ۔ گفت و شنید ہوئی ۔ زیکو سلوویا کے حلقوں میں بیان کیا جاتا ہے کہ یہ تصفیہ بات چیت خاطر خواہ طریقہ پر ہو رہی ہے ۔ غالباً مسٹر بینیس معاہدہ پر دستخط کرنے کے لئے ماسکو جائیں گے ۔

جرمنی کے ... حلقوں میں بین الاقوامی لیگ کی کونسل کے ریزولیوشن کو تشویشناک نظروں سے دیکھا جا رہا ہے اور یقین کیا جاتا ہے کہ اس سے ... کی کشیدگی بڑھ جائے گی ۔ ہر ہٹلر کے ساتھ صورت حالات پر باہمی طرح تبادلہ خیالات کرنے کو مدنظر رکھتے ہوئے برلن میں سر جان سائمن کے رویہ پر تعجب کا اظہار کیا جا رہا ہے ۔

ان حالات کو مدنظر رکھتے ہوئے جرمنی کیا کارروائی کرے گا اس کا علم آج یا کل ہوگا جبکہ ہر ہٹلر جنوبی جرمنی سے برلن واپس آجائیں گے ۔

لندن میں مہاراجہ پٹیالہ کا محل

لندن ۱۹ ؍اپریل ۔ معتبر ذرائع سے معلوم ہوا ہے کہ مہاراجہ پٹیالہ نے لندن میں ایک عالیشان محل ایک کثیر رقم میں خریدا ہے ۔

کہا جاتا ہے کہ مہاراجہ صاحب ملک معظم کی سلور جوبلی کے موقعہ پر اسی میں قیام کریں گے ۔

[illegible]

ایک مسلمان پر زیر ضابطہ فوجداری کا وار

[illegible]

تار کول نے دو اشخاص کو ہلاک کر دیا

[illegible]

خضاب چھوڑ دو
[illegible]
بال کالا اسٹور پوسٹ بکس ...

وئید حکیم بنجاو
[illegible]

رسالہ
اٹھتی ہوئی جوانی بالکل مفت
[illegible]

سفید بال جڑ سے سیاہ
[illegible]
برکس سائنٹیفک اسٹیٹ ... لاہور

اصلی مال خریدو
جوہر عشبہ چوپ چینی
[illegible]

صاف خون

[illegible]

کیل اور چھائیاں داغ
[illegible]

معجون مقوی مجددہ
[illegible]
ہمدرد دواخانہ یونانی دہلی

قرص جریان
[illegible]
ہمدرد دواخانہ یونانی دہلی

رجسٹرڈ نمبر ایل ۱۷۹۳

یَدُ اللّٰہِ عَلَی الْجَمَاعَۃ

تار کا پتہ:- "الجمعیۃ دہلی"
ٹیلیفون نمبر ۵۷۳۸

سہ روزہ الجمعیۃ دہلی

مدیر مسئول - ہلال احمد زبیری (بی اے) معاون - محمد عثمان فارقلیط

جلد ۲۱ | دہلی - یوم چہار شنبہ ۲۶ محرم الحرام ۱۳۵۴ ہجری مطابق یکم مئی ۱۹۳۵ء | نمبر ۳۰

زنداں میں اب وہ شورِ سلاسل نہیں رہا

عشق بریں بھی اس کے مقابل نہیں رہا
جس دل کو تو نے دیکھ لیا دل نہیں رہا

تیرا ہی جلوہ گرمیٔ محفل نہیں رہا
کیا میرا حسن دید بھی شامل نہیں رہا

درسِ جنونِ عشق کو کچھ ظرف چاہیے
دیوانہ کیا بنے گا، جو عاقل نہیں رہا

کل اس پہ بوئے بادہ کوثر حرام ہے
جو آج مستِ خمکدۂ دل نہیں رہا

اٹھے ہیں سرِ دشتِ جنوں کو جنابِ شیخ
کیا کوئی خار اب سرِ منزل نہیں رہا

بیداریٔ حیات کے نغمے سنائے کون
زنداں میں اب وہ شورِ سلاسل نہیں رہا

پھر موجِ زندگی میں نہیں شورشِ عمل
پھر کوئی سنگِ راہ مقابل نہیں رہا

چشمِ کرم کی شوخیٔ طرزِ ستم نہ پوچھ
غم بھی بقدرِ حوصلۂ دل نہیں رہا

گم تھی فضائے عشق میں کل کائناتِ حسن
اٹھا غبارِ قیس تو محمل نہیں رہا

صدقے ترے کرم کے مصیبت ہے زندگی
مرنا اب اہلِ ہوش کا مشکل نہیں رہا

اب غرقِ بحرِ غم کو ہے طوفان کی تلاش
دستِ طلب میں دامنِ ساحل نہیں رہا

جب سے جمالِ عشق ہے پیشِ نظر سہیل
میں آب و رنگِ حسن کا قائل نہیں رہا

(اقبال احمد سہیل ایم اے)

معاصرین کے افکار و آراء

سلور جوبلی اور مسجدیں

موجودہ حکومت کے کام

کب تک سمجھوتہ نہ ہوگا

رہنماؤں کا سب سے پہلا کام

سلور جوبلی کی تقریب اور حکومت کا فرض

تعزیوں پر فساد

(اہلحدیث) (زمیندار) (ملت)

پادری کی لڑکی کا قبول اسلام

اسپین کے ایک جلیل القدر پادری کی لڑکی نے جب اسلامی تعلیمات کا مقابلہ کیا اور مسلمانوں کے مذہب اور انکے اعمال کو بغور دیکھا تو اس کے دل میں اسلام کی صداقت و حقانیت جاگزیں ہوگئی اور اس نے یہ فیصلہ کر لیا کہ حقیقتاً اسلام ہی وہ مذہب ہے جو دنیا اور آخرت میں نجات کا راستہ بتاتا ہے اور اس کے علاوہ جتنے مذہب ہیں وہ سب باطل اور صراطِ مستقیم سے بھٹکا دینے والے ہیں۔ جب عیسائیوں کو اس کی خبر ہوئی تو تمام پادریوں نے مل کر اس لڑکی پر بے شمار مظالم ڈھائے اور اسقدر جان گداز اور صبر آزما مصائب میں مبتلا کیا کہ دیکھنے والوں کے رونگٹے کھڑے ہونے لگے۔ مگر وہ لڑکی اسلام پر ثابت قدم رہی اور اس نے بالآخر تمام پادریوں کی شاندار مجلس میں اسلام کی حقانیت پر ایک بصیرت افروز مناظرہ کیا۔ فضیلت اسلام اور رد عیسائیت کے جس قدر دلائل ممکن تھے وہ تائید الٰہی سے اس لڑکی نے پادریوں کے مقابلہ میں اس خوش اسلوبی کے ساتھ پیش کئے کہ سامعین حیرت و استعجاب کے سمندر میں غرق ہوگئے۔ اور پادریوں سے کوئی جواب بن نہ پڑا۔ اور وہ لڑکی ہمیشہ کے لئے اسلام ہی سے وابستہ ہوگئی۔ اس کا نام ازبلا تھا اور اس کی زندگی کے واقعات ایک کتاب میں قلمبند کر دئے گئے ہیں۔ اگر آپ گزشتہ عظمت و سطوت کا مطالعہ کرنا ہے اور عیسائیت کے مقابلہ میں اسلام کی حقانیت کے بے شمار دلائل سے واقفیت حاصل کرنے کا شوق ہے اور آپ اس کتاب کے ذریعہ تبلیغ اسلام کا فریضہ ادا کرنا چاہتے ہیں تو فوراً طلب کیجئے۔ پہلا اڈیشن قریب الختم ہے اگر دیر ہوئی تو دوسرے اڈیشن کا انتظار کرنا پڑے گا۔ قیمت فی جلد ۱۲ علاوہ محصول ڈاک۔ تبلیغی ڈاک مقاصد کے لئے بیس یا بیس سے زائد جلدوں کے خریدار کو پچیس فی صدی کمیشن دیا جائے گا۔

ملنے کا پتہ:- منیجر الجمعیۃ دہلی

نورانی قرآن مجید
نہایت صاف جلی اور نہایت صحیح قرآن شریف اگر درکار ہو تو نورانی قرآن مجید الجمعیۃ بک ایجنسی دہلی سے طلب فرمائیے
قیمت مجلد پارچہ عہ

The Al-Jamiat

Regd No L 1793.

پادری کی لڑکی کا قبول اسلام
منیجر الجمعیۃ دہلی

Vol. XXI No 29 DELHI, SUNDAY, 28th APRIL 1935. PRICE ONE ANNA

4612
Moulvi Mehdi Hassan Sb Mufti
P.O Rander
Dt Surat

مسلمانانِ جیند پر حکومت جیند کے ناروا مظالم

تمغہ سلور جوبلی فنڈ کہاں خرچ ہوگا؟

دار العلوم ندوۃ العلماء میں یوم الشہداء

بھٹنڈہ میں مذہبی کانفرنس

اخبار ایمان اور اسکا تمام روپیہ قوم کے حوالے کر دیا گیا

اخبار الجمعیۃ میں اشتہار دیکر اپنی تجارت کو فروغ دیجئے

کانتی ہے راجپوری
ناظم جمعیۃ الاصلاح ندوہ

تقریر سیرت چھپ کر تیار ہوگئی

حضرت سحبان الہند مولانا الحاج حافظ احمد سعید صاحب ناظم جمعیۃ علمائے ہند کی وہ بصیرت افروز شریعت آموز تقریر جو موصوف نے اٹاوہ کے جلسہ سیرت میں ارشاد فرمائی تھی اور جس کو بعد میں مزید تفصیل و تشریح کے ساتھ مرتب و مدون کر کے الجمعیۃ میں جزواً جزواً شائع کیا گیا تھا اب ناظرین الجمعیۃ کے مسلسل و پیہم اصرار پر کتابی شکل میں ادارہ الجمعیۃ کی جانب سے شائع کر دی گئی ہے اور اس کے ساتھ آخری حصہ بھی شامل کر دیا گیا ہے جو الجمعیۃ میں درج نہ کیا جا سکا تھا۔ جن حضرات کی فرمائشیں دوران طباعت میں موصول ہوگئی تھیں انہیں تقریر سیرت کے نسخے روانہ کئے جا رہے ہیں۔

حضرت مولانا کی یہ تقریر اپنی بے شمار خصوصیات کے اعتبار سے ایک عجیب و نادر مجموعہ ہے جو نہ صرف موجودہ دور میں بلکہ آئندہ نسلوں کے لئے بھی یادگار رہے گا۔ شریعت مقدسہ کے نہایت ادق مسائل و دشوار نکات اس طرح پیش کئے گئے ہیں کہ ہر عالم و عامی ان کو سمجھ سکتا ہے اور ان سے افادہ کر سکتا ہے۔ اس پر حضرت مولانا کی سلاست زبان اور روانی بیان نے وہ کام کیا ہے کہ مضامین کی وقت اور مسائل کی دشواری کے باوجود شروع سے لیکر آخر تک دلچسپی برابر قائم رہتی ہے۔ ہندوستان کے مختلف شہروں اور قصبوں میں ہزاروں لاکھوں مسلمان ایسے ہوں گے جو حضرت مولانا کے مواعظ حسنہ سے مستفید ہو چکے ہیں اور ایک مرتبہ نہیں صدہا مرتبہ حضرت مولانا کی تقریریں سننے کے باوجود ہمیشہ اس کے مشتاق رہتے ہیں کہ ایک مرتبہ پھر کہیں حضرت مولانا کی اکثر تقریر سننے کا اتفاق ہو۔ ان تمام مسلمانوں کے لئے یہ مژدہ جانفزا ہوگا کہ یہ "تقریر سیرت" جو شائع کی جا رہی ہے حضرت مولانا کی اکثر تقریروں کا لب لباب ہے اور اس میں سیرت کے متعلق بہت سے وہ مضامین ہیں جو حضرت مولانا اپنی مختلف تقریروں میں ارشاد فرمایا کرتے ہیں۔ انداز بیان اور خوبی زبان کی تمام خصوصیتوں کے ساتھ محفوظ کر دے گئے۔ "تقریر سیرت" میں جو مضامین زیر بحث آئے ہیں ان کے عنوانات مشتے از خروارے بطور نمونہ درج ذیل کئے جاتے ہیں تاکہ کتاب کی ہمہ گیری و وسعت کا کچھ اندازہ کیا جا سکے۔

مختصر فہرست مضامین

روحانی اور جسمانی تربیت	نبی کریم کے مشاہدات	جاہل پیروں سے سوال	ملت ابراہیمی کا اتباع	حیا اور ایمان کا تعلق	
عالم بالا کی خدمات	انبیاء علیہم السلام کی تاریخ	مستقبل کی تاریخ	نماز کی مثال	انبیاء میں تفاوت	
عالم سفلی کے مسخرات	مادیات و روحانیات کا فرق	قبروں سے اٹھنا	حج کی مثال	ذکر الٰہی موجب نجات ہے	
روحانی اطباء	حضرت داؤد و آدم کی مناسبت	مسلمانوں سے حضرت حق کا براہ راست خطاب	حسد و حرص کی مثال	حضرت ذوالنون مصری کا واقعہ	

بال عمر بھر نہ اگیں

سو بوچارجی ... لاہور (پنجاب)

آرائش جمال با تصویر

کتب خانہ طلعت زندگی قاضی خانہ بیچی گیٹ لاہور

بنگلور سٹی

بول کیا چاہتا ہے؟

منیجر الجمعیۃ ... قاسم جان دہلی

بصائر و نظائر

گزشتہ الجمعیۃ میں علماء کے اقسام میں سے ایک تیسری اور جدید قسم کے "علماء" کی طرف اشارات کئے گئے تھے آج انکے چند نمونے اور تازہ ترین کارنامے پیش کئے جاتے ہیں تاکہ ناظرین کو یہ رائے قائم کرنے میں آسانی ہو کہ "علماء" کی یہ تیسری قسم جو ایکٹروں، مولویوں اور مرثیہ خوانوں، تکفیر کے تیر برسانے والوں اور فسادی عناصر پر مشتمل ہے ملت اسلامیہ کیلئے کس قدر خوفناک اور اسلام کیلئے کس طرح وبال جان بنی ہوئی ہے ...

جو حضرت "غوث پاک" کے مناقب بیان فرما رہے تھے، ان مناقب میں ایک منقبت یہ بھی تھی کہ "غوث پاک" نے ایک دفعہ ...

... امراض کا قلع قمع نہ ہو گیا ہوگا؟

نامہ نگار ملانت کا خدا بھلا کرے کہ وہ ایک تبلیغی مجلس ...

مولانا شفیع داؤدی کے انتخاب کا مقدمہ شروع ہوگیا

الزامات کی طولانی فہرست

الحاج مسٹر یونس کی افتتاحی تقریر

مولانا شفیع داؤدی کے انتخاب کے متعلق جو مقدمہ دائر ہوا ہے وہ ۱۶ اپریل کو پٹنہ ہائیکورٹ میں ایک عدالت خصوصی (ٹریبونل) کے سامنے پیش ہوا۔ ٹریبونل میں اشخاص مسٹر شیر ... مسٹر پٹیل، بیرسٹر اور مولوی نجابت حسین رجسٹرار ... گرچہ آج ہائیکورٹ کی تعطیل تھی پھر بھی عدالت کا کمرہ بالکل بھرا ہوا تھا ...

فرق صرف اس قدر تھا کہ محمد شفیع داؤدی ریسپانڈنٹ کے منتخب ہونے کا اعلان کیا گیا۔ اگر ان دونوں کا مجموعی تعداد دیکھا جائے ... اعلان ہو جاتا۔

حسابات داخل کرنے کے تین دن بعد

جب محمد شفیع داؤدی ...

پانچ سال تک ...

"دشمن اسلام" "دشمن اسلام"

واقعات انتخاب

سرمہ نور

حضرت شاہ ولی اللہ صاحب

بلاغ مبین

مشرق و مغرب کی تازہ خبریں

عربی اور ولایتی ڈاک

غازی امان اللہ خان حرم محترم میں

ایک افواہ کی ذمہ دارانہ تردید

امسال غازی امان اللہ خاں سابق شاہ افغانستان فریضہ حج کی ادائیگی کے لئے حجاز مقدس تشریف لے گئے تھے جہاں آپ نے اکابرین عالم سے مختلف مسائل پر تبادلہ خیالات کیا اور سلطان ابن سعود سے خاص طور پر مشورے کئے۔ اس پر یہ خبر اڑائی گئی کہ غازی امان اللہ خان تخت افغانستان کو دوبارہ حاصل کرنے کے لئے تگ و دو کر رہے ہیں اور ان کا یہ سفر حجاز بھی اسی مقصد کی تکمیل کے لئے ہے۔

یہ بھی افواہ پھیلائی گئی کہ غازی موصوف حجاز مقدس میں مستقل قیام فرما ہونگے ...

کمال پاشا کو اطبائے ترکی کا تحفہ

تحفہ کی رقم شفاخانوں کو دیدی

ترکی کابینہ پر اظہار اعتماد

سیاسیات خارجہ کے متعلق ترکی کی پالیسی

ایک ترک کا قابل قدر کارنامہ

ترکی ٹرنٹ کو ایک لاکھ پونڈ کا عطیہ

یونان کے انقلابی ترکی میں

ترکی حکومت کیا کرے گی؟

مراکش اور الجزائر میں اضطراب

ترکی پارلیمنٹ میں ایک خاتون کا نیا عہد

یورپ میں شرح پیدائش و اموات

ایشیا میں شرح پیدائش سالانہ تین کروڑ ہے

ایشیا کے ہاتھوں یورپ کی بربادی کا خطرہ

فرنچ اکاڈیمی میں فرانسیسی آبادی میں پیدائش و اموات کے تناسب پر بحث ہوئی اور اس امر پر غور کیا گیا کہ فرانس میں اموات کی تعداد میں اضافہ کا باعث کیا ہے۔ فرانس میں شرح پیدائش فی ہزار سالانہ ۱۸۴ ہے اور اموات کی تعداد فی ہزار ۱۵۸ اگویا فی ہزار صرف ۲ بچوں کی پیدائش زیادہ ہے۔ ...

سوتے ہوئے انسان کو اعلیٰ تعلیم دی جاسکتی ہے

دانا کے ایک پروفیسر کا نیا انکشاف

ترکی میں سینما پر شدید احتساب

مخرب اخلاق سینماؤں کی ممانعت

معاہدہ وارسلیز کے مسودات کی فروخت

نپولین کے خطوط بھی نیلام کرد ئے گئے

کرنل نواب سر احمد سعید خاں صاحب کا خطبۂ صدارت

اسلام روحانی اور جسمانی حقوق کا مکمل ضابطہ ہے

پنجاب کے مسلمانوں کی اقتصادی زبوں حالی

کفایت شعاری ہی سودی قرضوں کا علاج ہے

(گزشتہ سے پیوستہ)

اس سلسلہ میں، یہ عرض کر دینا غالباً بیجا نہ ہوگا کہ اسلامی احکام یک طرفہ نہیں بلکہ خواتین کے فرائض اور ذمہ داریوں سے متعلق بھی صاف اور صریح احکام موجود ہیں:-

قال رسول اللہ صلی اللہ علیہ ... یعنی رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا ...

پھر باوجود اس کے میں آپ کے سامنے اس بحث پر کچھ عرض کرنے کی جرأت کرتا ہوں تو اس کی وجہ صرف یہ ہے کہ جہاں میں تعلیم کی مزید ترقی اور توسیع کو ضروری خیال کرتا ہوں وہاں اس کے ساتھ ہی یہ بھی معلوم کرنا چاہتا ہوں کہ کیا اب وہ وقت نہیں آگیا جب ہم اس امر پر غور کریں کہ آیا موجودہ طرز تعلیم ہمارے ملکی حالات، قومی ضروریات اور مذہبی روایات کے لحاظ سے ہمارے لئے مناسب ہے یا اس میں کسی ترمیم اور تبدیلی کی ضرورت ہے۔ ہماری درسگاہوں کے فارغ التحصیل طلبار، کیا (چند مبارک مستثنیات کے سوا) صحیح معانی میں ہماری قومی روایات کے حامل ہیں؟ کیا ان کے اندر ہمارے قومی کیرکٹر یا قدیم خصوصیات حسنہ کی کامل جھلک پائی جاتی ہے یا وہ فقط مغربیت کے غلامانہ تتبع کو شاہراہ ترقی اور معراج کمال تصور کرتے ہیں؟ مثلاً اگر کلچرل نقطہ نظر سے دیکھا جائے تو آج یہ مانا کہ شیکسپیر اور ٹینی سن کی تصانیف ان کی نوک زبان ہوں مگر میں پوچھتا ہوں کہ شمالی ہندوستان میں کتنے لڑکے فی صدی ...

... سے ان مسائل کا مطالعہ کیا ہے ان کے تخمینہ کے مطابق آپ کے صوبہ میں قرضہ کی تعداد ایک ارب چالیس کروڑ روپیہ ہے جس میں سے مسلمانوں کا قرضہ اسی کروڑ روپیہ ہے ظاہر ہے کہ یہ انتہا فکر انگیز صورت ہے، زراعت پیشہ طبقہ اور صوبوں میں بھی بہت زیادہ مقروض ہے جیسا کہ ذیل کے نقشہ سے ظاہر ہوتا ہے۔

نام صوبہ	زراعتی قرضہ ۱۹۲۹ء روپیہ (کروڑ)	تعداد کل آبادی	زراعتی پیداوار کی قیمت روپیہ کروڑ
بہار اور اڑیسہ	۱۵۵	۳۷½	۱۲۰
مدراس	۱۵۰	۴۲½	۱۶۵
پنجاب	۱۳۵	۲۳½	۹۱½
۱۹۲۹ء تا ۱۹۳۰ء			
صوبہ متحدہ	۱۲۴	۴۶½	
بنگال	۱۰۰	۵۰	۲۴۴
بمبئی	۸۱	۲۲	۱۵۲
برما	۳۵	۱۴½	-
ممالک متوسط و برار	۳۶½	۱۵½	۷۹
آسام	۲۲	۹	-
صوبہ سرحد	۱۱	۲½	۷½
صوبہ اجمیر مارواڑ	۴½	۱۲۲	۲
میزان	۸۷۴	-	-

Tariff and Exchange حضرات ٹیرف اینڈ ایکسچینج یعنی ٹیرف اور تعاون شرح مبادلہ کے جھگڑے اور ہماری اقتصادی حالت پر ان کا اثر ... "دی پنجاب پیزنٹ ان پراسپیرٹی اینڈ ڈیبٹ" The Punjab Peasant in Prosperity & Debt ...

(باقی آئندہ)

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم

الجمعیۃ دہلی

یوم چہارشنبہ ۲۶ محرم الحرام ۱۳۵۴ہجری

مجاہد ملت سید عطاء اللہ شاہ بخاری کا مقدمہ

چھ ماہ قید سخت کی سزا

حضرت مولانا سید عطاء اللہ شاہ بخاری کے خلاف تقریباً چار ماہ سے جو مقدمہ گورداسپور میں چل رہا تھا اور جس کی مفصل کارروائیاں وقتاً فوقتاً الجمعیۃ میں شائع کی جاتی رہی ہیں۔ اس کا فیصلہ عدالت ابتدائی سے سنا دیا گیا اور وہ یہ ہے کہ مسٹر کھوسلہ مجسٹریٹ درجہ اول نے شاہ صاحب کو چھ ماہ قید سخت کی سزا دی ہے اور حکومت کی دفعہ ... [illegible]

بنگلہ اور مسلم رائے عامہ کو مسلسل و پیہم ٹھکرا دینے کی حرکات پہلے سے ظاہر ہو رہی تھیں۔ مگر ان سب کی نوعیت ایک نہ ایک حد تک یہ تھی کہ ایک ایسے فرقہ کے ساتھ جو نہ صرف حکومت کا وفادار و تو شامدی ہے بلکہ اسے اولی الامر میں داخل کرتا ہے۔ اور ظل اللہ سمجھتا ہے۔ ہر قسم کی رعایت کی جائے اور دوسروں کے حقوق کاٹ کر اسے دئے جائیں مگر خالص ... [illegible]

... کی دفعہ ۱۵۳ (الف) کے ماتحت جرم سرزد ہوا ہے۔ اس دفعہ کی رو سے منافرت انگیزی کا مجرم دو سال قید با مشقت اور ہزار روپیہ جرمانہ ... [illegible]

حضرت شاہ صاحب اور سرکار کی طرف سے جو دلائل پیش کئے گئے تھے ان سے ... [illegible]

لیکن قطع نظر اس فیصلہ سے جو گورداسپور کے مجسٹریٹ درجہ اول کی عدالت سے دیا گیا ہے ... [illegible]

شذرات

سلور جوبلی

ملک معظم کی سلور جوبلی کا جشن جن حالات کے اندر منایا جا رہا ہے وہ یقیناً بہت زیادہ ناموافق ہیں۔ ہندوستان کے اندر حکومت کے گذشتہ طرز عمل سے سخت بے اطمینانی ہوئی ہے اور آئندہ دستور اساسی جو پارلیمنٹ کی منظوری کے بعد نافذ ہونے والا ہے اس کے متعلق بھی تقریباً متفقہ رائے یہ ہے کہ وہ غیر اطمینان بخش اور ناقابل قبول ہے۔ ایسی صورت میں ملک کا سیاسی مطلع لازمی طور پر گرد آلود نظر آ رہا ہے دوسری جانب فوری شکایات کے طور پر اس طرف بہت چیزیں ایسی پیدا ہو گئی ہیں جو خصوصیت کے ساتھ مسلمانوں کی انتہائی تکلیف کا موجب ہوئی ہیں۔ سب سے زیادہ اہم اور سب سے زیادہ تکلیف دہ معاملہ کراچی کا ہے جہاں کے مظلوم شہدا کا خون ابھی تک حکومت کی توجہ کو اپنی طرف جذب کرنے میں کامیاب نہیں ہوا ہے اور جہاں کے ہولناک حادثہ کی تحقیقات کے لئے بھی ہنوز کوئی فیصلہ نہیں کیا گیا ہے۔ ایسی صورت میں یہ امر بالکل واضح ہے کہ تمام ہندوستان کے عام باشندے اور مسلمانان ہند خصوصاً سلور جوبلی کے جشن میں کوئی حصہ نہیں لے سکتے۔ اگرچہ یہ صحیح ہے کہ وہ لوگ جن کا براہ راست حکومت سے تعلق ہے اور جو حکومت کے احسانات اور انعام و اکرام ہی پر اپنی زندگی بسر کرتے ہیں اور جن کے قومی و ملی جذبات اپنے مخصوص اغراض کے سامنے دب جاتے ہیں ضرور سلور جوبلی کے جشن میں کچھ نہ کچھ حصہ لیں گے اور حکومت ان لوگوں کے ذریعہ روپیہ جمع کرنے میں بھی کافی کامیابی حاصل کرے گی۔ ... [illegible]

غفلت اور ناعاقبت اندیشی کے جرم ثابت ہوئے ہیں اور ان میں ہرگز یہ اہلیت نہیں تھی کہ وہ کسی ذمہ دار پوزیشن پر رکھے جا سکیں۔ لیکن اس کے باوجود ان کو اور مسٹر ٹھوردھن منصف مجسٹریٹ آجرا اور مسٹر سیدونت سپلنکر پولیس اور جمعدار انچارج مسلح پولیس کو جوان ہی کی طرح نہ صرف بدترین قسم کی غفلت شعاری بلکہ خونریزی کے مرتکب ہوئے ہیں صرف یہ سزا دی گئی ہے کہ انہیں ان کے عہدوں سے برطرف کر دیا جائے۔ جو ہمارے نزدیک آجرا کے حادثہ کو دیکھتے ہوئے ایک ایسی سزا ہے جو کچھ بھی حقیقت نہیں رکھتی اور جسے ہرگز عبرتناک نہیں کہا جا سکتا۔ آجرا کے شہدا میں نہ صرف مرد بلکہ عورتیں اور بچے بھی شریک تھے اور جن لوگوں نے گولیاں چلانے کا حکم دیا تھا یا خود گولیاں چلائی تھیں انہوں نے انتہائی شقاوت قلبی اور بے رحمی کا ثبوت دیا تھا ایسے لوگوں کو یقیناً "سخت سزائیں ملنا چاہئے تھیں تاکہ آئندہ کیلئے حکومت کے متوالے عہدہ داروں کو عبرت ہوتی اور وہ اپنی دہشت و بربریت کے مظاہروں سے باز آ جاتے۔ مگر بہرحال موجودہ سزا کو دیکھتے ہوئے یہ بھی غنیمت ہے۔ کراچی میں تو اتنا بھی نہیں ہوا۔

گاندھی جی اور "ہندی"

حال ہی میں اندور کی ہندی کانفرنس کے صدر کی حیثیت سے گاندھی جی نے جو تقریر کی ہے اور ہندی زبان کے متعلق جو اہم تصریحات فرمائی ہیں ... [illegible]

... قومی زبان تسلیم کیا جائے۔ یہ حیثیت کبھی بھی ہندی کو حاصل نہیں ہو سکتی اردو کا نام بدل کر ہندوستانی زبان رکھا جا سکتا ہے۔ بشرطیکہ اس کی خصوصیات باقی رہیں مگر ہندی کو مشترکہ زبان نہیں بنایا جا سکتا۔ اگر موقع ملا تو ہم اس مسئلہ پر کسی قدر وضاحت کے ساتھ روشنی ڈالیں گے۔

آجرا کی تحقیقات کا نتیجہ

[illegible]

... جاگیر کے نظم و نسق کی غرض سے ... [illegible]

... کا خلاف ... مقدمہ چلا کر اسے چھ ماہ قید سخت کی سزا دلا دی جائے گی تو اسلام اور حکومت کے درمیان اس کشمکش کا خدا ہی حافظ ہے۔ ... [illegible]

یہ چند امور ہیں جن کی طرف حضرت شاہ صاحب کے تاریخی مقدمہ نے تمام ملک کی توجہ منعطف کرا دی ہے اور مسلمان جو اپنی دینی حمیت اور مذہبی احساس کے لئے اس گئے گزرے زمانہ میں بھی عالمگیر شہرت رکھتے ہیں۔ اس نئے خطرہ کو جو حکومت نے قادیانیت کی حمایت میں مسلمانوں کے خلاف قائم کیا ہے سخت اضطراب و بے چینی کی نظر سے دیکھ رہے ہیں۔ ... [illegible]

(بسلسلہ صفحہ ہذا کالم ۴)

حوادث و احکام

... پر منحصر ہے جبر و اکراہ نہ ہونا چاہئے۔

محمد کفایت اللہ کان اللہ لہ

دہلی

استفتاء

کیا فرماتے ہیں علمائے دین و مفتیان شرع متین اس مسئلہ کے بارے میں کہ جو لکھنؤ سے نکلا ہوا فرمان مصطفوی وصیت نامہ جس میں لکھا ہے کہ جو کوئی اس کو نہ مانے وہ کافر ہوگا۔ کیا یہ ٹھیک ہے؟ جو کچھ اس میں لکھا گیا سب سچا ہے؟

الجواب

یہ اشتہار جس کا عنوان "فرمان مصطفوی" ہے عرصہ دراز سے ہندوستان میں چھپتا اور شائع ہوتا ہے تقریباً پینتالیس برس سے تو میں دیکھ رہا ہوں ... [illegible] اس کا مضمون شریعت کے اصول کے خلاف ہے۔ اور اس پر یقین کرنا جہالت اور گناہ ہے۔

محمد کفایت اللہ کان اللہ لہ

دہلی

استفتاء

کیا فرماتے ہیں علمائے دین و مفتیان شرع متین اس مسئلہ کے بارے میں کہ ایک عورت مسماۃ ہندہ نے اپنی خاوند مسمی زید سے ... [illegible]

(باقی صفحہ ۵ کالم ۴ ... [illegible])

استفتاء

کیا فرماتے ہیں علمائے دین و مفتیان شرع متین در بارہ مسائل ذیل کہ

(۱) ہم مسلمانان سنت الجماعت الشافعی اپنے وطن سے قریب ایک سو میل دور شہر بنگلور میں بغرض تجارت مقیم ہیں۔ ہم نے یہاں ایک انجمن قائم کی ہے جس کا نام جماعت المسلمین الہائکل بقیمان بنگلور ہے جو ہماری مختلف ضروریات کی کفیل ہے۔ اس جماعت کی مجلس عاملہ میں ایک قانون بنا کے اس کے ذریعہ جمعہ بعد الصلوٰۃ تک دکانیں بند کرانا اور جو ممبر بند نہ کرے اس کو ایک معین رقم جرمانہ کرنے کا ارادہ ہے۔ ... [illegible]

(۲) ہمارے شہر کی قدیم مسجد کی دیوار بغرض درستی توڑ دی گئی ہے ... [illegible]

الجواب

"مسجد کی دیوار شہید کی گئی" یا "مسجد کی دیوار توڑ دی گئی" ... کا کہنا جائز ہے اس میں کوئی توہین نہیں ہے۔

جمعہ کے روز نماز جمعہ سے پہلے دکان کھولنا تجارت کرنا۔ اذان اول سے پہلے تک جائز ہے ... [illegible]

فسخ نکاح کا دعویٰ کر کے عدالت سے ہندہ مذہب کی تصدیق ہو جانے کے بعد نکاح سابق رو برو خاوند زید کے فسخ کرا دیا۔ اب یہی عورت مذہب اسلام قبول کر کے ایک اور شخص مسمی خالد کے ساتھ نکاح کرنا چاہتی ہے دریافت طلب امر یہ ہے کہ یہ عورت اس حیلہ سے خالد کے ساتھ نکاح کر سکتی ہے یا کہ نہیں۔ کیا نکاح ثانی کرنے کے واسطے زید کے طلاق کی حاجت ہے یا نہیں۔ کیا حیلہ کرنا جائز ہے یا نہیں؟

الجواب

موجودہ حالات میں وہ خالد کے ساتھ نکاح کر سکتی ہے۔ کیونکہ اس کو دوسرے نکاح سے باز رکھنا اور شوہر اول سے جبراً اس کا نکاح کرانے کی طاقت مفقود ہے۔

محمد کفایت اللہ کان اللہ لہ

دہلی

دار الحکومت

سلور جوبلی کیلئے زبردستی چندہ لیا جا رہا ہے

دہلی میں قومی جھنڈا لہرایا گیا

دہلی ۲۸ اپریل۔ آج صبح سکریٹری صوبہ کانگریس کمیٹی نے کمپنی باغ میں جھنڈا لہرانے کی رسم ادا کی آپ نے دوران تقریر میں فرمایا کہ اگرچہ سلور جوبلی کے لئے دھڑا دھڑ روپیہ جمع ہو رہا ہے لیکن دیہاتی اضلاع جیسے مزدوری کا مہنگے چندہ فراہم کرنا مشکل ہو گیا ہے۔ آپ نے کانگریس ورکنگ کمیٹی کی تجویز پیش کرتے ہوئے کہا کہ اس سے کانگریس کا منشا یہ ہے کہ لوگ سلور جوبلی کی تقریب میں شریک نہ ہوں اور قومی انقلاب مظاہرہ بھی نہ کریں۔ افسوس ہے کہ غریب دیہاتیوں سے زبردستی چندہ وصول کیا جا رہا ہے اور ان پر دباؤ ڈالا جا رہا ہے آپ سلور جوبلی کی تقریب اور جلسوں میں ہرگز شریک نہ ہوں۔

اہلیہ محترمہ حضرت ناظم جمعیۃ علماء کی صحت

دہلی ۲۹ اپریل گزشتہ اشاعت میں اہلیہ محترمہ حضرت مولانا احمد سعید صاحب کی علالت کی خبر درج ہو چکی ہے اس سلسلہ میں مزید اطلاع یہ ہے کہ خدا کے فضل و کرم سے محترمہ کو اب بہت کچھ افاقہ ہے اور صحت عود کرنے لگی ہے پہلے مرض کی نوعیت ... [illegible]

صوبہ دہلی میں ۶ مئی کو عام تعطیل

[illegible] ... تعطیل منائی جائے گی۔

سینگوں والے بچوں کی پیدائش

دہلی ۲۸ اپریل۔ قرول باغ سے اطلاع موصول ہوئی ہے کہ آج ایک نوجوان ہندو عورت مسماۃ ... کے بیک وقت دو لڑکے پیدا ہوئے ان دونوں بچوں کے سر پر سینگ تھے ... [illegible] ... دونوں بچے زندہ تھے۔

کلکتہ کے قریب دو ہوائی جہازوں کی ٹکر

ہوا باز کود گیا۔ چار اشخاص ہلاک

کلکتہ ۲۹ اپریل کل صبح ڈم ڈم میں ایک نہایت شدید اور ہولناک حادثہ پیش آیا ہوائی مستقر کے قریب دو ہوائی جہاز ... [illegible] ... اشخاص ہلاک ہو گئے۔ ... [illegible] ... دونوں جہاز ہوائی مستقر کے قریب ایک باغ میں گر گئے اور چکنا چور ہو گئے۔ ... [illegible] ... یہ حادثہ زمین سے پانچ سو فٹ کی بلندی پر پیش آیا۔

ملتان میں فساد کا شدید خطرہ

دوکانیں بند ہو گئیں۔ پولیس کا گشت

ملتان ۲۸ اپریل گذشتہ رات ... پاک کی اندرون گلی میں ایک چار سالہ ہندو لڑکے کی لاش پڑی ہوئی ملی جس سے ... خطرناک صورت حال پیدا ہو گئی۔ ہندو دوکانیں بند ہو گئیں۔ لڑکے کے قاتل کا سراغ لگانے والے کو حکومت کی طرف سے ایک ہزار روپیہ انعام دیا جائے گا۔ پولیس شہر میں گشت لگا رہی ہے ابھی تک حالات پر سکون ہیں۔ عوام کو متنبہ کر دیا گیا ہے کہ اگر جھگڑا جاری رہا تو تعزیری پولیس متعین کر دی جائے گی۔

زلزلہ سے متعدد افراد ہلاک

لندن ۲۸ اپریل پونا ڈیلی گیٹا کی ایک اطلاع مظہر ہے کہ وہاں پر زلزلہ کے شدید جھٹکے محسوس کئے گئے اور متعدد افراد ہلاک ہو گئے اور بہت سے مجروح ہوئے جھٹکوں کی شدت سے بہت سے مکانات بھی گر گئے ہیں۔

پنڈت مالویہ اسمبلی کیلئے کھڑے ہونگے

بنارس ۲۸ اپریل۔ خیال کیا جاتا ہے کہ پنڈت مالویہ اسمبلی کی نشست کیلئے ... بنارس حلقہ سے کھڑے ہونگے ... [illegible]

سکھ سلور جوبلی میں شرکت نہیں کرینگے

لاہور ۲۸ اپریل۔ شرومنی اکالی دل اور سنٹرل اکالی دل میں یہ تجویز پیش ہوئی کہ کمیونل ایوارڈ کے خلاف ناراضگی کے طور پر سلور جوبلی میں کوئی حصہ نہ لیا جائے یہ تجویز منظور ہو گئی۔

۲ ارب کا سونا ہندوستان سے باہر

بمبئی ۲۸ اپریل۔ ہفتہ مختتمہ ۲۶ اپریل کو ۳۰۲۸۶۷ کا سونا ہندوستان سے باہر گیا علاوہ ازیں ۹۲۱۸۶ روپے کی گنیاں بھی روانہ ہوئیں اب تک ہندوستان سے ۲۵۹۸۰۹ ... روپے کا سونا باہر جا چکا ہے۔

معاہدہ وارسیلیز پر جرمنی کی ایک اور ضرب

خفیہ طریقہ سے آبدوز کشتیوں کی تعمیر

باہمی فوجی امداد کے مسئلہ پر فرانس اور روس کا معاہدہ

لندن ۲۸ اپریل۔ یہاں خبر پہنچی ہے کہ جرمنی نے متعدد چھوٹی تحت البحر کشتیوں کی تعمیر شروع کر دی ہے حالانکہ معاہدہ وارسیلیز کی رو سے اس کو اس قسم کی کشتیوں کے رکھنے اور بنانے کی قطعی ممانعت تھی جرمنی کے اس جدید اقدام کے معنے یہ ہیں کہ اس نے معاہدہ وارسیلیز پر ایک اور ضرب رسید کی ہے معلوم ہوا ہے کہ تحت البحر کشتیوں کی تعداد ۱۲ ہے۔ حکومت برطانیہ اس سلسلہ میں اپنے سفیر مقیم برلن سے خط و کتابت کر رہی ہے اور اس معاملہ پر اس بحری کانفرنس میں غور کیا جائے گا جو مئی کے دوسرے ہفتہ میں منعقد ہوگی اور جس میں جرمنی بھی حصہ لیگا۔ اس وقت بحری طاقتوں کے پاس حسب ذیل آبدوز کشتیاں موجود ہیں۔ برطانیہ ۴۲ ۔ امریکہ ۵۰ ۔ فرانس ۱۲۹ ۔ اٹلی ۸۸ ۔ جاپان ۳۶ ۔

پیرس ۲۸ اپریل۔ روس اور فرانس میں باہمی فوجی امداد کا جو معاہدہ ہونے والا ہے۔ اس کے لئے عنقریب پیرس میں گفت و شنید شروع کر دی جائیگی۔ اس معاہدہ کا مقصد جنگ و جدال نہیں ہے بلکہ جنگ کے امکانات کو روکنا ہے۔ پہلے خبر آئی تھی کہ اگر جرمنی کے ہوائی جہازوں نے فرانس کے قلعوں پر پرواز کی تو ان کو نیچے گرا دیا جائے گا۔ اب ایک سرکاری بیان میں بتایا گیا ہے کہ امن کے زمانہ میں فرانس جرمنی جہازوں کے ساتھ اس قسم کا سلوک نہیں کریگا۔

ڈسٹرکٹ مجسٹریٹ اور دیگر افسران معطل

مصیبت زدگان کو معاوضہ دینے کی سفارش

آجرہ فائرنگ کی تحقیقاتی کمیٹی کی رپورٹ

[illegible] ... مسٹر کلکارنی ڈسٹرکٹ مجسٹریٹ جو باہر سے مستعار لئے گئے تھے فوراً برخاست کر دئے جائیں گے۔ اس تمام معاملہ کی پوری ذمہ داری اسٹیٹ جی فیر پر عائد ہوتی ہے رپورٹ میں جاگیر دار سے درخواست کی گئی ہے کہ وہ آئندہ ایسے ملازم بھرتی کریں جو قابل اور شریف ہوں ... [illegible] ... گولیاں چلانے اور جاگیر کو ثابت کی ہے کہ جو آدمی اس حادثہ میں کام آئے ہیں ان کے گھر والوں میں سے ہر فرد کو کم از کم ۲۰۰ روپیہ بطور معاوضہ دیا جائے ... [illegible] ... سفارشات پر پورے طور پر عمل کیا گیا یا نہیں۔

بمبئی میں قومی جھنڈا لہرانے کی رسم

رضاکاروں کی بھرتی کیلئے اپیل

بمبئی ۲۸ اپریل۔ آج صبح قومی جھنڈا لہرانے کی ماہانہ رسم ادا کی گئی ڈاکٹر چندو لال دیسائی نے ایک تقریر کے دوران میں حاضرین سے درخواست کی کہ ... [illegible] ... آپ نے فرمایا کہ بابو راجندر پرشاد تین روز کے لئے ۵ مئی میں بمبئی تشریف لا رہے ہیں اور چونکہ آپ گزشتہ اجلاس بمبئی اور موجودہ صورت حالات کا اندازہ کریں گے۔ اس لئے امید ہے۔ آپ ایک دفعہ پھر کانگریس کا وقار قائم رکھیں گے۔

متعدد جاٹ ہلاک اور ایک سو گرفتار

پولیس اور سیکر کے جاٹوں میں شدید تصادم

نئی دہلی ۲۸ اپریل۔ اجمیر کی ایک غیر مصدقہ اطلاع مظہر ہے کہ سیکر کے کئی سو جاٹوں اور ٹھکانہ پولیس کے درمیان شدید جھگڑا ہو گیا۔ کہا جاتا ہے کہ جھگڑا اس وجہ سے پیدا ہوا کہ ایک پولیس افسر نے جو لگان وصول کرنے کے لئے دیہات کا دورہ کر رہا تھا ایک جاٹ عورت پر حملہ کر دیا ... [illegible] ... ایک سو جاٹ گرفتار کئے گئے ہیں۔

بعد کی خبر ہے کہ صورت حالات بہت نازک ہو گئی ہے۔ وائسرائے اور ایجنٹ گورنر جنرل راجپوتانہ کو مداخلت کے لئے تار ارسال کئے گئے ہیں۔ جاٹ قوم میں سخت ہیجان پیدا ہو رہا ہے۔

پٹنہ میں تلاشیوں کی بھرمار

اشتراکی لٹریچر پر پولیس کا قبضہ

پٹنہ ۲۸ اپریل۔ آج صبح سی۔ آئی۔ ڈی۔ پولیس نے مقامی پولیس کی امداد سے صداقت آشرم پر چھاپہ مارا سوشلسٹ لٹریچر کے لئے پراونشل اور ... کانگریس کمیٹی کے دفتروں ودیا پیٹھ کی لائبریری اور ... کی بہت دیر تک تلاشی لیتی رہی۔ کہیں سے کوئی قابل اعتراض چیز برآمد نہیں ہوئی ... [illegible] ... ہوئی کوئی گرفتاری عمل میں نہیں آئی۔

آغا حشر کشمیری کا انتقال!

لاہور ۲۸ اپریل۔ آج ہندوستان کے مشہور شاعر اور ڈرامہ نویس آغا حشر کشمیری معمولی سی علالت کے بعد اس جہان فانی سے رحلت کر گئے انا للہ وانا الیہ راجعون مرحوم اپنے بے نظیر شاعری اور ڈرامہ نویسی کے باعث ہندوستان کے شیکسپیئر مشہور تھے۔

ایک لڑکی اور بیل جل کر خاک ہو گئے

ڈیرہ دون ۲۸ اپریل کل ... گاؤں میں آگ لگ جانے کے باعث ایک سات سالہ لڑکی اور ایک بیل جل کر مر گئے ... [illegible] ... اور بہت سے مکانات جل گئے اور بہت سے اشخاص بے گھر ہو گئے۔

مسلمانوں کے موجودہ مصائب اور سلور جوبلی

صدر مجلس احرار اسلام کا اہم بیان

مولانا حبیب الرحمٰن صاحب صدر مجلس احرار اسلام نے مندرجہ ذیل بیان برائے اشاعت ارسال کیا ہے۔

سلور جوبلی کے جشن کے سلسلہ میں میرے بعض دوستوں نے مجلس احرار اسلام کی پالیسی دریافت کی ہے۔ جہاں تک ملک معظم کی ذات کا تعلق ہے مجلس احرار اسلام کو ان سے کوئی پرخاش نہیں ہے۔ لیکن جہاں تک مجلس احرار اسلام کے سیاسی مسلک اور نظریہ کا تعلق ہے (یعنی آزادی ہند) موجودہ حکومت اس راستہ میں بری طرح حائل ہے۔ ... [illegible] ... مولانا سید عطاء اللہ شاہ بخاری پر مقدمہ چلانے اور ان کو سزا دینے کے علاوہ چوہدری ظفر اللہ خان قادیانی کو گورنر جنرل کی ایگزیکٹو کونسل کا ممبر مقرر کرنا اور قادیانیوں کی حمایت و نصرت میں حکومت کی جانبدارانہ پالیسی وغیرہ ایسے امور ہیں جن سے مسلمانوں کے مذہب میں حکومت کی غیر جانبدارانہ حکمت عملی مشکوک ہو جاتی ہے ان حالات کی موجودگی میں وہ کونسا معقول پسند انسان ہوگا جو ان مظاہروں میں شرکت کو پسند کرے گا۔ ... [illegible] ... ہر فرد واقف ہوں۔

ہندی کی ترقی کے لئے فیاضانہ عطیے

اندور ۲۸ اپریل۔ ہندی کانفرنس میں گاندھی جی کی اپیل پر ۱۲ سو روپے کا چندہ ہوا اور کانفرنس میں اعلان کیا گیا کہ کشن نرائن ترویدی نے مجوزہ ہندی یونیورسٹی کے لئے اندور کی ایک عمارت جس کی قیمت پچاس ہزار روپے ہے چندہ میں دیدی ہے۔

جنوبی ہند میں ہلاکت خیز آندھی

کوچین ۲۸ اپریل۔ کوچین اور نواحی علاقہ میں زبردست آندھی آئی جس سے جان اور مال کا شدید نقصان ہوا ایک آٹھ سالہ مسلمان لڑکا ناریل کے درخت سے گر کر ہلاک ہو گیا ... [illegible] ... آندھی کے باعث بہت سے درخت ... اکھڑ گئے ہیں۔

غیر جرمنوں کو شہری حقوق سے محروم کر دیا گیا

نئے قانون کی حمایت میں وزیر خارجہ کا بیان

برلن ۲۸ اپریل جرمنی میں شہری حقوق کے متعلق ایک نیا قانون نافذ ہونے والا ہے جس کی وجہ سے یہودیوں اور تمام غیر آریوں کو شہری حقوق سے محروم کر دیا جائے گا اس مسلسلہ قانون کا مقصد ... کی دوبارہ تنظیم ہے۔ ... [illegible] ... قانون کے مطابق تمام امیدوار جرمن نسل کے ہونے چاہئیں۔

ہر ہٹلر کی کتاب موسومہ "میں کیمف" کا ذکر کرتے ہوئے جس میں ہر ہٹلر نے جرمن رعایا اور جرمن شہریوں کے درمیان فرق کو واضح کیا ہے ... ڈاکٹر فرک نے کہا کہ ہر وہ شخص جس کے والد اور والدہ جرمن ہوں۔ جرمن رعایا ہے اور جرمن شہری ہو سکتا ہے بشرطیکہ وہ تندرست اور نیک چال چلن کا ہونا چاہئے۔

فوجی تعلیم مکمل کرنے کے بعد شہری حقوق دئے جائیں گے ڈاکٹر فرک نے مزید کہا کہ شہریت کا اعزاز عوام و حکومت کی خدمت کرنے اور اس کے اہل ثابت ہونے کے بعد دیا جائے گا۔ ... [illegible]

"عیسائیت نسل انسانی کیلئے عظیم خطرہ ہے"

جرمنی کی جدید تحریک۔ بہت سے پادری گرفتار

برلن ۲۸ اپریل۔ بہت سے پادری یہاں اس بنا پر گرفتار کئے گئے ہیں کہ انہوں نے غیر ملکی پریس سے رشتہ جوڑا تھا۔ یہ گرفتاریاں اس عظیم الشان جلسہ میں کی گئیں جو جرمنی عقیدہ کی نئی تحریک کے سلسلہ میں منعقد ... [illegible]

آبدوز کشتیوں کی تعمیر سے انکار

برلن ۲۸ اپریل ... [illegible]

فرانس کی جیل میں ہنگامہ

پیرس ۲۸ اپریل۔ کل ... کی جیل میں ایک خطرناک بغاوت ہو گئی جیل میں تقریباً ایک سو سزا یافتہ قیدی ... [illegible] ... اس سے بغاوت ہو گئی جس کی تفصیلات ابھی تک موصول نہیں ہوئیں۔

برطانیہ کی سڑکوں پر حادثے

لندن ۲۸ اپریل۔ گذشتہ ہفتہ سڑکوں پر جو حادثات ہوئے ہیں ان کے بارے میں جو رپورٹ مظہر ہے کہ ... افراد ہلاک اور ۴۴۳ مجروح ہوئے گذشتہ سال اس ہفتہ میں ۱۳۲ افراد ہلاک اور ۸۱ افراد مجروح ہوئے تھے۔

جرمنی نمائندے لندن میں

لندن ۲۸ اپریل۔ بحری مسائل کے متعلق باضابطہ گفت و شنید کرنے کے لئے حکومت جرمنی کے نمائندے مئی میں لندن آئیں گے۔

اس سلسلہ میں یہ امر قابل ذکر ہے کہ واشنگٹن اور لندن کے معاہدوں کے مطابق بحری اسلحہ پر پابندی عائد کرنے کے لئے اس سال کانفرنس ہونی چاہئے۔ اور اس کانفرنس کے سلسلہ میں برطانیہ۔ فرانس۔ اٹلی۔ جاپان۔ اور امریکہ کے نمائندوں سے انفرادی طور پر گفت و شنید ہو چکی ہے۔

یہودیوں کو جھنڈا لہرانے کی ممانعت

برلن ۲۸ اپریل۔ جرمنی کے وزیر داخلہ نے ایک اعلان کے ذریعہ یہودیوں کو جرمنی کا قومی جھنڈا لہرانے کی ممانعت کر دی ہے ... [illegible]

سلور جوبلی فنڈ میں چالیس لاکھ روپیہ

سلور جوبلی فنڈ میں اس وقت تک سارے ہندوستان میں چالیس لاکھ روپیہ سے زائد رقم جمع ہو چکا ہے اس رقم میں ریاستی چندے بھی شامل ہیں۔

کراچی کے ہولناک حادثہ پر مسلمانان دہلی کا اہتمام باشان جلسہ

نہتے مجمع پر گولیاں چلانے اور تحقیقات سے حکومت کے گریز پر شدید احتجاج

سید عطاء اللہ شاہ بخاری کو ان کی سزایابی پر مبارکباد

دہلی ۲۶ر اپریل۔ کل بعد نماز جمعہ جامع مسجد دہلی میں جمعیۃ علماء ہند کی زیر سرکردگی مسلمانان دہلی کا ایک عظیم الشان جلسہ منعقد ہوا۔ جلسہ کی صدارت کے لئے حضرت مولانا حافظ احمد سعید صاحب ناظم جمعیۃ علماء ہند نے حضرت علامہ مفتی محمد کفایت اللہ صاحب صدر جمعیۃ علماء ہند کا نام نامی پیش فرمایا جس کی تائید مولانا عبدالماجد صاحب ناظم جمعیۃ علماء صوبہ دہلی نے فرمائی اور حضرت قبلہ مفتی صاحب اللہ اکبر کے فلک بوس نعروں کے درمیان صدر منتخب ہوئے۔ جلسہ کی کارروائی کلام اللہ کی تلاوت سے شروع ہوئی اس کے بعد صدر محترم نے اپنی مفصل اور مبسوط تقریر میں مسلمانان کراچی کی ہولناک خونریزی اور فوج کی گولیوں سے سینکڑوں ارباب توحید کے مجروح اور ہلاک ہونے کی تفصیل بیان کی اور ان تمام واقعات پر روشنی ڈالی جو کراچی میں گولی چلنے تک پیش آئے۔ دوران تقریر میں ہزار مسلمانوں کا اجتماع، اللہ اکبر کے نعرے لگا رہا تھا اور حادثہ کراچی پر ہر طرف غم اور غصہ کی لہر دوڑ گئی تھی۔

بالآخر صدر محترم نے ذیل کی تجویز پیش فرمائی جو بالاتفاق فلک شگاف نعروں کے درمیان منظور ہوئی۔

(۱) مسلمانان دہلی کا یہ عظیم الشان جلسہ کراچی کے خونین حادثے پر جس میں مسلمانوں کے ایک نہتے مجمع پر بے دریغ آتشباری کر کے چالیس پچاس قیمتی جانیں تلف کی گئیں …

(۲) مسلمانان دہلی کا یہ عظیم الشان جلسہ حضرت مولانا سید عطاء اللہ شاہ بخاری کو ان کی سزایابی اور مجاہدانہ سرگرمیوں اور سرفروشانہ مساعی پر مبارکباد دیتا ہے۔ اور دعا کرتا ہے کہ خدائے تعالیٰ ان کو ثبات و استقلال عطا فرمائے اور عدالت اپیل میں حق کو غالب کرے اور ان کو کامل طور پر بری کرے۔

جلسہ تجاویز اللہ اکبر کے نعروں کے درمیان منظور کی گئیں۔ اور جلسہ دعا پر ختم ہوا۔

جرمنی نے صلح کا دروازہ بند کر دیا ہے

وزیر اعظم برطانیہ کا اہم بیان

لندن ۲۵ر اپریل۔ وزیر اعظم برطانیہ نے اپنی نیشنل لیبر پارٹی کے اخبار "نیوز لیٹر" میں ایک مضمون سپرد قلم کیا ہے۔ جس میں آپ لکھتے ہیں کہ جرمنی نے اسلحہ میں اس طریقہ پر اضافہ کرنا شروع کیا ہے کہ اس نے یورپ کے باہمی اعتماد کے جذبات کو تہ و بالا کر دیا ہے۔ جرمنی نے صلح کے راستہ کو بند کر دیا ہے اس میں خطرے پیدا کر دئے ہیں اگر تھوڑی دیر کے لئے دلیل کو بالائے طاق بھی رکھ دیا جائے تو بھی جرمنی ان اثرات کی جانب سے کس طرح آنکھیں بند کر سکتا ہے جو اس کی اسلحہ بندی سے دیگر اقوام کے تحفظ پر پڑیں گے جرمنی دیگر قوموں سے مطالبہ کرتا ہے کہ وہ اس کے پُرامن ارادہ کے زبانی وعدہ کو منظور کر لیں۔ لیکن خود اپنے پڑوسیوں سے امن کا وعدہ منظور کرنے کو تیار نہیں ہے دیگر قومیں اس قسم کے وعدوں سے مطمئن نہیں ہوں گی اور وہ اپنے انکار کا کافی جواز پیش کر سکتی ہیں۔

اہل جرمنی ان لوگوں سے جو ان کو (اہل جرمنی) اچھی طرح جانتے اور سمجھتے ہیں اور ان سے ہمدردی رکھتے ہیں ایک ایسی چیز مانگ رہے ہیں جن کا دینا ناممکن ہے جب کہ وہ (اہل جرمنی) یہ مطالبہ کرتے ہیں کہ ان کے مقاصد اور طریقوں کو بغیر کسی خطرہ اور شبہ کے منظور کر لیا جائے۔ اور کہ تحفظ کی تجاویز کو نامنظور کر کے وہ اپنے انقطاعی ارادوں کا انکشاف کر کے جرمنی نے ان وعدوں کو مشکوک کر دیا ہے۔ جو وہ یورپ کے امن کے لئے کرتا ہے۔

آخر میں وزیر اعظم دریافت کرتے ہیں۔

کہ کیا حکومت جرمنی امن کے متعلق اپنے وعدوں کو فوراً ہی یہ اعلان کر کے کہ وہ اسٹریسا کانفرنس کے ریزولیوشنوں کو منظور کرنے کے لئے تیار ہے پورا کرے گی؟

جرمنی پر وزیر اعظم کے بیان کا اثر

مصالحت کی کوشش

برلن ۲۶ر اپریل۔ مسٹر میکڈانلڈ وزیر اعظم برطانیہ نے "نیوز لیٹر" میں جرمنی کے رویہ کے متعلق جو مضمون تحریر کیا ہے کہ جرمنی نے صلح کے راستے بند کر دئے ہیں اور اسلحہ بندی کر کے دیگر اقوام کے دلوں میں شکوک پیدا کر دئے ہیں۔ اس پر جرمن اخبارات نے ابھی تک کوئی تبصرہ نہیں کیا ہے جس سے ڈپلومیٹک حلقوں میں یہ یقین کیا جاتا ہے کہ "جرمنی اپنی پالیسی کے بارے میں غور و فکر کر رہا ہے" …

جدید ۲۴ جنگی جہازوں کی تعمیر

امریکن امیر البحر کا بیان

واشنگٹن ۲۵ر اپریل۔ امریکی امیر البحر مسٹر اسٹینڈ لے نے ایک تقریر میں کہا … امریکہ کی بحری قوت اس قابل نہیں ہے کہ وہ دنیا کی کسی اور طاقت سے جارحانہ جنگ کر سکے البتہ وہ اس قابل ہے کہ ساحل امریکہ پر اگر حملہ کیا جائے تو اس کی مدافعت کر سکتی ہے لیکن اگر معاہدہ واشنگٹن کی رو سے امریکہ کی بحری قوت پوری ہو جائے تو وہ ہر قوت سے مقابلہ کر سکتا ہے۔

کمیٹی نے …۹۳۸۰۰ ڈالر نئے جہازوں کی تعمیر کے لئے طے کئے تھے لیکن چونکہ اب یہ رائے ہے کہ ۲۴ نئے جنگی جہازوں کی تعمیر بحری کانفرنس کے انعقاد تک ملتوی کر دی جائے چنانچہ فی الحال صرف جہاز سازی کو کم کر کے ایک کروڑ پچاس لاکھ کر دیا گیا ہے امیر البحر موصوف نے تقریر ختم کرتے ہوئے کہا کہ اس طرز عمل سے یہ سمجھ لینا چاہئے کہ امریکہ کو یقین ہے کہ اسلحہ محدود کرنے کا اصول قائم رہے گا اور کانفرنس سے نئے اور بہتر نتائج برآمد ہوں گے۔

ترکوں پر گولی چلا دی گئی

دو ترک ہلاک تین مجروح

استنبول ۲۵ر اپریل۔ رومانیہ اور بلغاریہ کی سرحد پر گولی چلنے کی اطلاع موصول ہوئی ہے واقعات اس طرح بیان کئے جاتے ہیں۔ سرحدی پہرہ داروں اور دیہاتی ترکوں میں تصادم ہو گیا جس نے خطرناک صورت اختیار کر لی سرحدی پہرہ داروں نے دیہاتی ترکوں پر گولی چلا دی …

سندھ میں ژالہ باری کی تباہ کاری

متعدد افراد ہلاک۔ مکانات منہدم

کراچی ۲۵ر اپریل۔ گذشتہ دنوں ژالہ باری سے جو نقصان ہوا ہے اس سلسلہ میں محکمہ زراعت کو جو تفصیلات موصول ہوئی ہیں ان سے معلوم ہوتا ہے کہ لاڑکانہ کے ضلع میں وہ فصلیں جو جنوری میں کہر اور سردی کے نقصانات سے بچ گئی تھیں اور اب اس تازہ آفت سے بالکل تباہ ہو گئی ہیں۔ خاص کر آم اور انگور کے پھل کو بہت نقصان پہنچا ہے سرکاری طور پر بیان کیا جاتا ہے کہ کھیتوں میں کام کرنے والے کسانوں کو اس ژالہ باری کے طوفان سے شدید ضربات پہنچیں اور ان میں سے کئی آدمی ہلاک ہو گئے ہیں یہ ژالہ باری بیس منٹ تک جاری رہی۔ چار مکانات منہدم ہو گئے اور دس بکریں زندہ درگور ہو گئیں۔

ہندو یونیورسٹی میں ہندی کے ذریعہ تعلیم

غیر ملکی زبان سے نفرت

ملتان میں فساد کا خطرہ

ایک ہندو قتل کر دیا گیا؟

لاہور ۲۵ر اپریل۔ ملتان سے ایک خبر موصول ہوئی ہے کہ وہاں مسلمانوں کے ایک گروہ نے بیر بھان نامی ایک دودھ بیچنے والے کو کل شام کو قتل کر دیا کہا جاتا ہے کہ کچھ دنوں پہلے اس ہندو دودھ والے سے اور کچھ مسلمانوں سے جھگڑا ہو گیا تھا جس میں بہت سخت کلامی ہوئی۔ آج شام کو بہت سے مسلمان یکایک اس دودھ والے کی دوکان پر پہنچے اور کہا جاتا ہے کہ انہوں نے اس کو قتل کر دیا ڈپٹی کمشنر معہ چند افسروں اور پولیس کے موقعہ پر پہنچ گئے اور دو مسلمانوں کو گرفتار کر لیا۔ شہر میں بڑی سنسنی پھیل گئی اور تمام ہندو دکانیں بند ہو گئیں۔ پولیس کا پہرہ ہے۔ مسلح پولیس اور ایک مجسٹریٹ پہنچ گیا ہے اس جگہ کے قریب ایک بڑا مجمع لگا ہوا ہے کہا جاتا ہے کہ جو مرگئے ہیں وہ مسلمان جو اپنی دکانوں پر بیٹھے ہوئے تھے زخمی ہوئے کیونکہ ان کی دکانوں پر برچھیاں پھینکی گئیں۔ شہر میں سب کاروبار بند تھا۔

دو سکھ ہلاک ایک مجروح

امرتسر ۲۵ر اپریل۔ سکھوں کی دو پارٹیوں میں لڑائی ہو گئی جس میں بھالے اور دیگر ہتھیار آزادانہ طور پر استعمال کئے گئے لڑائی میں دو سکھ ہلاک ہو گئے اور ایک شدید مجروح ہوا۔ بیان کیا جاتا ہے کہ مویشیوں کے چرانے پر لڑائی ہوئی۔

چلتی ٹرین میں عورت کو لوٹ لیا

زلزلہ کہاں کہاں آیا؟

ایک روز میں دو قتل

آل انڈیا کانگریس کمیٹی کا اجلاس

جنگ میں ہندوستان کی شمولیت سے انکار

جبلپور ۲۶ر اپریل۔ کل سہ پہر دو بجے آل انڈیا کانگریس کمیٹی کا اجلاس کانگریس پنڈال میں پھر شروع ہوا بابو راجندر پرشاد صدر تھے۔

پہلا ریزولیوشن صدر کی جانب سے پیش ہوا جو بلوہ فیروز آباد کے متعلق تھا۔ ریزولیوشن کی عبارت حسب ذیل ہے۔

"مجمع نے فیروز آباد میں جو وحشت ناک کارروائی کی ہے اور ڈاکٹر جیوا رام کی تمام فیملی کو جس میں بچے اور بعض شامل تھے زندہ جلانے کا جو تشدد آمیز فعل کیا ہے یہ کمیٹی اس پر اظہار افسوس کرتی ہے یہ کمیٹی امید کرتی ہے کہ تمام فرقوں کے یہ لیڈران یہ محسوس کریں گے کہ مذہبی جنون مشتعل ہونے پر کتنا غضب ڈھاتا ہے اور وہ ایسی کوئی بات کہنے یا ایسا کوئی کام کرنے سے احتراز کریں گے …

کانگریسی اداروں پر پابندی کی مذمت

صدر کانگریس کا بیان

جبلپور ۲۶ر اپریل۔ روانگی سے قبل بابو راجندر پرشاد نے آل انڈیا کانگریس کمیٹی کے اجلاس کے متعلق نمائندہ "یونائیٹڈ پریس" کو مندرجہ ذیل بیان دیا آل انڈیا کانگریس کمیٹی نے ملک کی موجودہ حالات کو مدنظر رکھا اور کانگریس کی قوت اور نظام کو مضبوط کرنے اور تعمیری پروگرام پر عمل کرنے کا فیصلہ کیا اس واقعہ کے باوجود کہ تحریک سول نافرمانی گذشتہ سال واپس لے لی گئی۔ لیکن سرحد میں کانگریسی انجمنوں اور مدناپور میں ان کی ملحقہ انجمنوں پر پابندی جاری ہے۔ ہندوستانی سیوادل اور خدائی خدمتگاروں کی ایسوسی ایشن جو کانگریس کی ملحقہ جماعتیں ہیں ابھی تک خلاف قانون ہیں۔ …

بنگال کی صورت حالات

جنگ اور کانگریس

پٹھانوں میں جنگ

طرفین سے گولیوں کی بارش

کپور تھلہ میں جتھوں کی روانگی

چوبیس افراد گرفتار

مولانا سید عطاء اللہ شاہ بخاری کے مقدمہ کا فیصلہ

چھ ماہ قید سخت کی سزا اور بی کلاس کی سفارش

شاہ صاحب ضمانت پر رہا کر دئے گئے

گورداسپور ۲۵ر اپریل۔ سردار سکھانند اسپیشل مجسٹریٹ نے آج امیر شریعت حضرت مولانا سید عطاء اللہ شاہ بخاری کے مقدمہ کا فیصلہ سنا دیا۔ مجسٹریٹ نے آپ کو چھ ماہ قید کی سزا دی اور بی کلاس کی سفارش کی۔ ڈپٹی کمشنر صاحب نے حسب ہدایت سیشن جج گورداسپور۔ آپ کی درخواست ضمانت کو پیش کئے جانے کا حکم دیا جس کی سماعت کے بعد آپ کو چھ ہزار روپیہ کی ضمانت اور مچلکہ پر تا سماعت اپیل رہا کر دیا گیا۔

فیصلہ سننے کے لئے مسلمان ابنوہ در ابنوہ کچہری کے گرد جمع تھے۔ پولیس کا انتظام …

انگریزی کا مجرم دو سال قید با مشقت اور ہزار روپیہ جرمانہ کی سزا کا مستوجب ہو سکتا ہے۔ لیکن تبلیغ کانفرنس کی اہمیت اور دیگر امور کے پیش نظر میں آپ کو صرف چھ ماہ قید با مشقت کی سزا دیتا ہوں۔ جرمانہ وغیرہ کچھ نہیں آپ کو بی کلاس میں رکھا جائے گا۔ میں اعتراف کرتا ہوں کہ مقدمہ کی سماعت کے دوران میں آپ کا رویہ شریفانہ رہا ہے۔

ضمانت پر رہائی

فیصلہ سننے کے بعد بہت سے حضرات نے عدالت کے اندر شاہ صاحب سے مصافحہ کیا۔ اور انہیں ہار پہنائے۔

فیصلہ سننے کے فوراً بعد شیخ شریف حسین صاحب مولانا مظہر علی صاحب اظہر، شیخ حسام الدین صاحب اور لالہ لیکھ راج صاحب وکلاء نے درخواست ضمانت ڈپٹی کمشنر صاحب کی عدالت میں پیش کی …

آج بھی پولیس کا انتظام وغیرہ حسب معمول …

امارت شرعیہ بہار کا تبلیغی و تنظیمی نظام

حضرت شیخ الہند ثانی کا ارشاد گرامی

اپینی نے ایک صوبہ کو آزادی دیدی

میڈرڈ ۲۵ر اپریل۔ اسپانیہ کی جمہوری حکومت نے اپنی جنوبی سالگرہ کی تقریب میں صوبہ قتلونیہ کو کامل آزادی دینے کا اعلان کیا ہے۔ اس صوبہ میں اکتوبر ۱۹۳۴ء میں غدر مچا تھا اور بغاوت کی گئی تھی جس کی پاداش میں مرکزی حکومت نے تمام مراعات واپس لے لی تھیں۔ اب سالگرہ کے موقعہ پر صوبہ قتلونیہ کو کامل آزاد قرار دیا گیا ہے صرف مسلح فوج و پولیس پر مرکزی حکومت کی نگرانی باقی رہے گی۔

حاجیوں کا جہاز اسلامی جدہ سے روانہ ہو گیا

کراچی۔ حاجیوں کا جہاز اسلامی جدہ سے ۲۰ر اپریل کو کراچی اور بمبئی کے لئے روانہ ہو گیا۔ توقع ہے کہ یہ جہاز یکم مئی کو کراچی پہنچ جائے گا۔

مصر میں برطانوی ہائی کمشنر کا اقتدار

قاہرہ ۲۵ر اپریل۔ ابراہیمی پاشا مالدار اہل شاہی تمر شاہ فواد نے استعفیٰ دیدیا ہے بیان کیا جاتا ہے۔ کہ برطانوی ہائی کمشنر اور وزیر اعظم مصر نے ابراہیمی پاشا کو مستعفی ہونے پر مجبور کیا جن سیاسی حلقوں پر برطانوی اثر پایا جاتا ہے۔ ان کا بیان ہے کہ ابراہیمی پاشا کو بادشاہ کی مرضی میں بہت زیادہ دخل حاصل تھا یہ تقاضا اس کی وجہ سے برطانوی مفاد کو خطرہ لاحق ہو گیا ہے۔

شہداء کراچی کی یاد

مسلمانان نوساری کا جلسہ عام

نوساری ۱۵ر اپریل ۱۹۳۵ء کو ایک مسلمانان نوساری کا جلسہ عام زیر صدارت جناب مولوی موسیٰ ابراہیم بابات صاحب منعقد ہوا جس میں بالاتفاق آراء مندرجہ ذیل تجویز پاس ہوئیں۔

بنگلور سٹی

بول کیا چاہتا ہے؟

پچوں والو ہوشیار

بال جیون گھی

جوہر عشبہ چوب چینی رجسٹرڈ

رسالہ اٹھتی ہوئی جوانی بالکل مفت

خضاب چھوڑ دو

SHARBAT ROOHAFZA
شربت روح افزا
دوا خانہ ہمدرد دہلی

معجون مقوی معدہ

رجسٹرڈ نمبر ایل ۱۷۹۳

یَدُ اللہِ عَلَی الْجَمَاعَۃ

تار کا پتہ: "الجمعیۃ دہلی"
ٹیلیفون نمبر ۵۰۳۸

سہ روزہ

الجمعیۃ دہلی

مدیر مسئول: ہلال احمد زبیری (بی اے) — معاون: محمد عثمان فارقلیط

جلد ۲۱ | دہلی یوم یکشنبہ یکم صفر المظفر ۱۳۵۴ ہجری مطابق ۵ مئی ۱۹۳۵ء | نمبر ۳۱

مر کر بھی شہیدانِ محبت ہوئے غازی

آسان حقیقی ہے نہ کچھ سہل مجازی
کچھ لطف و نظر لازم و ملزوم نہیں ہیں
دل خوب سمجھتا ہے ترے حرف کرم کو
قائم ہے نہ وہ حسن رخ یار کا عالم
اے عشق تری فتح بہر حال ہے ثابت
کم جلد ہمیں ختم کہیں اے غم جاناں

معلوم ہوئی راہ محبت کی درازی
اک یہ بھی تمنا کی، نہ ہو شعبدہ بازی
ہر چند وہ اردو ہے نہ ترکی ہے نہ تازی
باقی ہے نہ وہ شوق کی ہنگامہ نوازی
مر کر بھی شہیدانِ محبت ہوئے غازی
کام آئے گی کس روز تری سینہ گدازی

معلوم ہے دنیا کو یہ حسرت کی حقیقت
خلوت میں وہ میخوار ہے جلوت میں نمازی

(از مولانا حسرت موہانی)

دلچسپ حقائق و معلومات

حال میں سسکس (انگلستان) کے ساحل پر ایک نہایت قدیم کاسۂ سر پایا گیا ہے جس میں دو سوراخ ہیں ... [illegible]

میزانیں حسب ذیل ہیں:

	۱۹۳۳ء	۱۹۳۴ء
نئی کتابیں	۹۵۲۸	۹۵۴۷
ترجمے	۳۷۷	۳۹۰
رسالے	۱۱۷۷	۱۲۵۹
نئے ایڈیشن	۳۹۴۰	۴۴۳۲
	۱۵۰۲۲	۱۵۶۲۸

سب سے زیادہ اضافہ افسانوں میں تھا ... [illegible]

(باقی صفحہ ہذا کالم ۴ کے نیچے ملاحظہ فرمائیے)

معاصرین کے افکار و آراء

افسوسناک ذہنیت

[illegible]

(رہبر دکن)

اشاعت زبان ہندی

[illegible]

(سرفراز)

خداوندی امانت

[illegible]

(انجل)

علیگڈھ کا حشر

[illegible]

(بسلسلہ صفحہ ہذا کالم ۱)

[illegible]

(معارف)

مہاسبھائی چال

ہندو، پارسی، نصرانی، مسلمان اور تو اور اچھوت کا بچہ بچہ بھی اس حقیقت سے آگاہ ہے کہ قدیم آریوں نے ہندوستان میں داخل ہونے کے بعد کس طرح کے مظالم یہاں کے قدیم باشندوں پر توڑے تھے کس طرح انہیں جبراً ... [illegible]

پادری کی لڑکی کا قبول اسلام

اچھین کے ایک جلیل القدر پادری کی لڑکی نے جب اسلامی تعلیمات کا مقابلہ کیا اور مسلمانوں کے مذہب اور انکے اعمال کو بغور دیکھا تو اس کے دل میں اسلام کی صداقت و حقانیت جاگزیں ہوگئی اور اس نے یہ فیصلہ کر لیا کہ صرف اسلام ہی وہ مذہب ہے جو دنیا و آخرت میں نجات کا راستہ بتاتا ہے ... [illegible]

ملنے کا پتہ: منیجر الجمعیۃ دہلی

Regd No L 1793.

The Al-Jamiat

Vol. XXI No. 30 — DELHI WEDNESDAY 1st MAY 1935. — PRICE ONE ANNA

نورانی قرآن مجید

نہایت صاف جلی اور نہایت صحیح قرآن شریف ... الجمعیۃ بک ایجنسی دہلی سے طلب فرمائیے

قیمت مجلد ... [illegible]

پادری کی لڑکی کا قبول اسلام

... [illegible]

منیجر الجمعیۃ دہلی

ہندوستان کے طول و عرض میں یوم شہداء

حکومت کے رویہ کی شدید مذمت

حسب اعلان سابق کل روز جمعہ بوقت ۵ بجے شام ٹاؤن ہال کلکتہ میں مسلمانوں کا عظیم الشان جلسہ منعقد ہوا۔ مجمع کئی ہزار تھا اور اس میں خصوصیت یہ تھی کہ کلکتہ کے ہر طبقہ کے لوگ جمع تھے۔ تجارتی طبقہ میں فرنگی مٹیہ کو لوٹولہ کے اکثر لوگ آئے تھے، سورتی اور میمن حضرات بھی تھے۔ بنگالی مسلمان بھی تھے اور ہوڑہ اور چوبیس پرگنہ سے آئے ہوئے لوگ بھی تھے۔

جلسہ میں حسب ذیل قراردادیں منظور کی گئیں:

(۱) مسلمانان کلکتہ کا یہ جلسہ عام حکومت ہند و حکومت بمبئی کی اس کارروائی کی پرزور مذمت کرتا ہے کہ اس نے کراچی میں گولی چلنے کے حادثہ پر ایک غیر جانبدار کمیٹی مقرر کرنے سے انکار کر دیا اور حکومت ہند سے مطالبہ کرتا ہے کہ وہ فی الفور اس قسم کی کمیٹی مقرر کرے۔

(۲) یہ جلسہ اعلان کرتا ہے کہ حکومت بمبئی نے جو کمیونک شائع کیا ہے وہ اس حیثیت سے ناقابل اطمینان ہے کہ وہ بالکل ایک طرفہ ہے اور حکام کے سامنے مسلمانان کراچی کو اپنے معاملہ کے پیش کرنے کی اجازت دیئے بغیر شائع کیا گیا ہے۔

یہ جلسہ اعلان کرتا ہے کہ اس بیان میں کوئی وجہ معقول نہیں کہ ہجوم اس قدر شور پشت اور متشدد تھا کہ فوج کی مداخلت ضروری تھی۔ یہ جلسہ حکام متعلق کی اس حرکت پر مذمت کرتا ہے کہ انہوں نے اس حادثہ کو پہلے ہی سے ... [illegible]

[illegible]

(۵) یہ جلسہ حکومت سے مطالبہ کرتا ہے کہ وہ پسماندگان شہداء اور جانکاہ مجروحین کراچی کے افراد اسے وظائف مقرر کرے۔ آخر میں شہداء کیلئے دعائے مغفرت کی گئی۔

(محمد انور خان۔ سکریٹری مسلم یوتھ لیگ۔ جبل پور)

مسلمانوں سے اپیل کرتا ہے کہ وہ سلور جوبلی کا بائیکاٹ کریں۔ اگرچہ مسلمانوں کی ہمدردی شاہ جارج اور اس کے قبیلہ سے بہت زیادہ ہے، مگر چونکہ شاہ مذکور کی نوکر شاہی نے مسلمانوں کو غم و الم و ماتم میں ڈال دیا ہے بدیں وجہ ماتم کی حالت میں مسلمانوں کو زیبا نہیں کہ وہ کسی قسم کی شادمانی یا خوشی کی مجلس ... [illegible]

بنارس

[illegible]

مجموعی مسلمانان بنارس کا یہ جلسہ حکومت بمبئی کے سرکاری بیان سے اپنی انتہائی غیر اطمینانی ظاہر کرتے ہوئے اپنی برأت کی غرض سے ایک آزاد تحقیقاتی ... [illegible]

تقریر تسخیر چھپ کر تیار ہو گئی

حضرت سحبان الہند مولانا الحاج حافظ احمد سعید صاحب ناظم جمعیۃ علمائے ہند کی یہ تقریر اپنی بے شمار خصوصیات کے اعتبار سے ایک عجیب و نادر مجموعہ ہے جو حسرت موجودہ دور میں بلکہ آئندہ نسلوں کے لئے بھی یادگار رہے گا۔ شریعت مقدسہ کے نہایت اونچے مسائل و دشوار نکات اس طرح بیان کئے گئے ہیں کہ ہر عالم و عامی ان کو سمجھ سکتا ہے اور ان سے افادہ کر سکتا ہے۔ اس پر حضرت مولانا کی سلاست زبان اور رعنائی بیان نے وہ کام کیا ہے کہ مضامین کی دقت اور مسائل کی دشواری کے باوجود شروع سے لیکر آخر تک دلچسپی برابر قائم رہتی ہے۔ ہندوستان کے مختلف شہروں اور قصبوں میں ہزاروں لاکھوں مسلمان ایسے ہوں گے جو حضرت مولانا کے مواعظ حسنہ سے مستفید ہو چکے ہیں اور ایک مرتبہ نہیں صدہا مرتبہ حضرت مولانا کی تقریریں سننے کے باوجود ہمیشہ اس کے مشتاق رہتے ہیں کہ ایک مرتبہ پھر کہیں حضرت مولانا کی تقریر سننے کا اتفاق ہو۔ ان تمام مسلمانوں کے لئے یہ مژدہ جانفزا ہوگا کہ یہ تقریر تسخیر حضرت مولانا کی اکثر تقریروں کا لب لباب ہے اور اس میں تسخیر کے متعلق بہت سے وہ مضامین جو حضرت مولانا اپنی مختلف تقریروں میں ارشاد فرمایا کرتے ہیں۔ انداز بیان اور خوبی زبان کی تمام خصوصیتوں کے ساتھ جمع کر دیئے گئے ہیں۔ "تقریر تسخیر" میں جو مضامین زیر بحث آئے ہیں ان کے عنوانات مشتے از خروارے بطور نمونہ درج ذیل کئے جاتے ہیں، تاکہ کتاب کی ہمہ گیری و وسعت کا کچھ اندازہ کیا جا سکے۔

مختصر فہرست مضامین

[illegible]

منیجر اخبار الجمعیۃ گلی قاسم جان دہلی

بال عمر بھر نہ اگیں

گورنمنٹ آف انڈیا سے باضابطہ رجسٹری شدہ سویپو رجسٹرڈ

دنیا بھر میں اپنی قسم کی واحد دوائی ہے جس کے استعمال سے غیر ضروری بال ایک دفعہ دور ہو کر عمر بھر پیدا نہیں ہوتے۔ گذشتہ چار سالوں میں ہزاروں لوگ اس حیرت انگیز ایجاد سے فائدہ اٹھا چکے ہیں، آپ بھی محروم نہ رہیں۔

قیمت فی شیشی دو روپیہ، تین شیشی پانچ روپیہ (۵ روپیہ) محصول ڈاک علاوہ (ملنے کا پتہ)

سویپو فارمیسی (رجسٹرڈ) حلقہ 33 A لاہور (پنجاب)

شمشیر برہنہ

[illegible]

مشہور و معروف دو ترجمہ والا معجز نما متوسط قرآن مجید مع کامل تفسیر

حیرت انگیز رعایتی اعلان

اس قرآن پاک کی ضخامت ایک ہزار صفحات ہیں، کاغذ سفید ولایتی نادر ہے۔ ... پہلا ترجمہ حضرت مولانا شاہ رفیع الدین صاحب کا تحت اللفظ ہے، دوسرا ترجمہ حکیم الامت مولانا اشرف علی صاحب تھانوی کا بامحاورہ ہے۔ ... [illegible] ... صفحات ۹۲۸ رعایتی ہدیہ ... [illegible]

ملنے کا پتہ: منیجر اخبار الجمعیۃ گلی قاسم جان دہلی

کرنل نواب سر احمد سعید خاں صاحب کا خطبۂ صدارت

اسلام روحانی اور جسمانی حقوق کا مکمل ضابطہ ہے

پنجاب کے مسلمانوں کی اقتصادی زبوں حالی

کفایت شعاری ہی سودی قرضوں کا علاج ہے

(گزشتہ سے پیوستہ)

اگر کسی شخص کی مالی حالت خراب ہے تو اس کا مقابلہ دو طریقوں سے کیا جاسکتا ہے (۱) مصارف میں کمی کرکے اور یا (۲) اپنی آمدنی کے ذرائع میں اضافہ کے ذریعہ۔

اس کی ہے کہ عوام اور زراعت پیشہ طبقہ کی اقتصادی مشکلات کو دور کرنے کے لئے ایک طرف تو گورنمنٹ ایک مکمل پروگرام تیار کرے اور دوسری طرف آپ اپنی قوم میں اس درجہ بیداری پیدا کریں کہ وہ اس پروگرام کی تکمیل میں پورا حصہ لے سکے۔ میرے خیال میں اب وقت آگیا ہے کہ "کو آپریٹو" یعنی امداد باہمی کے اصول پر ہر گاؤں میں سوسائٹیاں قائم کی جائیں جو لوگوں کو ان کی پیداوار کی ضمانت پر روپیہ دیں تاکہ وہ گورنمنٹ اور بیوپاریوں کے مطالبہ جات کو آسانی کے ساتھ ادا کرنے کے قابل ہو سکیں اور کم نرخ پر فوراً اپنی اجناس فروخت کرنے پر مجبور نہ ہوں۔

سامی زبانیں اور اقوام قدیم کا لسانی تمدن

عربی زبان کی برتری علم اللسان کی روشنی میں

دنیا میں زبانوں کی بنا کس طرح پڑی؟

(از جناب حکیم اسمٰعیل احسن عتیق صدر جمعیۃ علماء برما)

سامی زبانوں کے ذکر سے پہلے کچھ مختصر سا بیان حامی زبان کا بھی مناسب معلوم ہوتا ہے۔

حامی زبان کی تین قسمیں ہوگئی ہیں اول بربری زبان دوسری مصری زبان تیسرے کوشی زبانیں۔

سامی

سامی قوموں کا ابتدا سام بن نوح علیہ السلام پر ہوتا ہے۔ ان کی دو بڑی قسمیں ہیں ایک شرقی اور ایک غربی۔ پھر ان دونوں کے بھی انواع و فروع ہیں۔

قسم شرقی میں اہل بابل کی زبان اور اہل اشور یا اشوری زبان ہے۔ اہل بابل کی سلطنت پہلی سلطنت ہے اور ان کی مملکت عالم میں قدیم ترین مملکت ہے۔ بابل دریائے فرات پر ایک مشہور شہر تھا۔ علمائے عرب نے اس کے متعلق عجیب عجیب بیان کئے ہیں جس کو کلاک امتیاز خاص حاصل ہے۔ وہ کہتے ہیں کہ بابل اتنے بڑے قطعے پر آباد تھا کہ اس کے سات شہر ہو گئے تھے اور ہر شہر میں ایک ایسا اعجوبہ تھا جو دوسرے میں نہ تھا۔ ایسی کہانیاں پرانی قوموں کے بیان میں اکثر پائی جاتی ہیں۔

(باقی آئندہ)

بربری زبان

انتقادات

بالِ جبریل

"مصنف:۔ ڈاکٹر سر محمد اقبال، مطابع و ناشر:۔ تاج کمپنی لمیٹڈ برانڈرتھ روڈ لاہور۔ حجم ۲۲۴ صفحات، سائز $\frac{17}{27 \times 18}$، کاغذ سفید چکنا دبیز قسم اعلیٰ کتابت بھی دیدہ زیب، طباعت موزوں، مجلد مطلا قیمت فی جلد تین روپے۔ ملنے کا پتہ:۔ تاج کمپنی لمیٹڈ، برانڈرتھ روڈ لاہور"

تاج کمپنی لمیٹڈ لاہور نے اعلیٰ قسم کی طباعت کے لئے جو شہرت حاصل کی ہے…

مصری زبان

زبان کوشی

ربنا لا تواخذنا ان نسینا او اخطانا — اے رب ہمارے مت مواخذہ کر ہم سے اگر بھول جائیں یا خطا کریں۔

کلکتہ کارپوریشن کا مسلمان میئر

مسٹر فضل الحق کا انتخاب

کلکتہ ۳۰ اپریل۔ مسٹر اے۔ کے فضل الحق ایم۔ ایل۔ اے آج کلکتہ میونسپل کارپوریشن کے باتفاق رائے میئر (میر بلدیہ) منتخب ہو گئے۔ یہ پہلا موقعہ ہے کہ کارپوریشن کا میئر ایک مسلمان لیڈر منتخب ہوا ہے۔ مسٹر فضل الحق مشہور قومی کارکن ہیں۔ اور ہندو مسلمانوں میں مساوی طور پر ہردلعزیز ہیں۔

مسٹر سنت کمار راؤ کو ڈپٹی میئر منتخب کیا گیا۔ دونوں کو بنگال کی کانگریس پارٹی نے نامزد کیا تھا۔

ضروری اعلان

خریداران الجمعیۃ کیلئے

مدت خریداری ختم ہونے سے قبل ہی جو حضرات اپنا چندہ بذریعہ منی آرڈر ارسال فرما دیتے ہیں ان کا اخبار مسلسل پہنچتا رہتا ہے مگر جو حضرات وی پی کے منتظر رہتے ہیں ان کا اخبار مدت خریداری ختم ہوتے ہی بند ہو جاتا ہے اور جبتک وی پی کا روپیہ وصول ہو اور نئی مدت خریداری قائم کی جائے انکا اخبار بند رہتا ہے۔ اسطرح سخت تکلیف ہوتی ہے۔ اسلئے جملہ خریدار صاحبان سے گزارش ہے کہ وہ اختتام مدت کی اطلاع موصول ہوتے ہی آئندہ کیلئے چندہ خریداری بذریعہ منی آرڈر ارسال فرما دیا کریں۔ اسطرح ہمیں اور انہیں دونوں کو آسانی ہوا کرے گی۔

مولانا شفیع داؤدی کے انتخاب کا مقدمہ شروع ہو گیا

الزامات کی طولانی فہرست

الحاج مسٹر یونس کی افتتاحی تقریر

(گزشتہ سے پیوستہ)

امارت شرعیہ کے خلاف غلط بیانیاں

ریسپانڈنٹ نہ صرف عبدالمجید خاں کے خلاف اس قسم کے جھوٹے الزامات کی اشاعت کرتا رہا ہے بلکہ وہ اس قدر پست و دنی ہو گیا ہے کہ اس نے اس صوبہ کے…

اور مولانا محمد علی نے بھی اس کی تائید و حمایت کی تھی، اس نے اپنے جھوٹے تحریری و زبانی بیانات میں یہ بھی کہا کہ ایک صاحب جن کا نام محمد ادریس ہے اور جو موضع دیہیا نواں خانہ بلہ کے رہنے والے ہیں، جلالۃ الملک سلطان ابن سعود کے نائب خاص ہیں اور سلطان کے بہ مدہم خاص ان کی حمایت کر رہے ہیں۔ انہوں نے بالکل خلاف واقعہ یہ بھی شائع کیا کہ مولانا محی الدین صاحب امیر شریعت، مولانا ابوالبشارت کریم صاحب اور مولانا عبدالمجید صاحب امیر جماعت اہل حدیث صوبہ بہار و اڑیسہ نے تحریری بیانات دیئے ہیں کہ وہ شفیع داؤدی کے خلاف نہیں ہیں وغیرہ وغیرہ…

خواجہ اجمیری کی طرف نسبت

بصائر و نظائر

تربیت کو ثانوی درجہ بھی نہ دیا جائے اس کی نسل اگر زمین کیلئے بار نہ ہو تو پھر کس کی ہوا اور نوجوانوں کے اس گلہ کو تختۂ مشق نہ بنایا جائے تو اس کے لئے اور کس کو تلاش کیا جائے، اگر بقائے نسل کے ساتھ بقائے انسانیت کا مقصد بھی نظر انداز نہ کیا جائے…

دنیا میں کونسا ایسا انسان ہے جو یہ نہ چاہتا ہو کہ اس کی اولاد نیک بخت، خلیق عادل، پارسا اور شجیع ہو، اور مال و دولت اور جاہ و حشمت اس کی عمر کا ہو…

نظم دیکھنے کے لئے سیکھا جا سکوں۔

اخبار الجمعیۃ کی توسیع اشاعت کے لئے سعی فرما کر اپنی علم نوازی اور مذہبیت کا ثبوت بہم پہنچائیے۔

بلاغ مبین

مصنفہ مولانا حفظ الرحمٰن صاحب سیوہاروی

رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے ان تمام خطوط و فرامین کا مجموعہ جو آپ نے مختلف اوقات میں بادشاہوں اور حکمرانوں کے نام دعوت اسلام کے سلسلہ میں بھیجے اور انکے متعلق مفصل تاریخی بحث بیش بہا تاریخی اور حدیثی تحقیقات بہت سے لاینحل اشکالات کے شافی جوابات رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کا تیس سالہ تبلیغی اسوۂ حسنہ تبلیغ اسلام کے سادہ اور خالص اسلامی اصول قرآن و حدیث کی روشنی میں اعلیٰ کتابت و طباعت، خوشنما جدید طرز کا ٹائٹیل دو اصل نامہ مبارک کا فوٹو، قیمت دو روپیہ مجلد ولایتی عہ

ملنے کا پتہ:۔ دفتر بلاغ مبین دہلی

حضرت شاہ ولی اللہ صاحب رحمۃ اللہ علیہ

کی جلیل القدر نادر تصنیف

الخیر الکثیر

جو آج تک زیور طبع سے آراستہ نہیں ہوئی تھی سب سے پہلی مرتبہ مجلس علمی ڈابھیل نے اسکو بہت اہتمام کے ساتھ صحیح نسخہ بہم پہنچا کر اعلیٰ کتابت و طباعت کے ساتھ شائع کیا ہے۔ قیمت عہ

ملنے کا پتہ:۔ (مولوی) محمد حسین ایک کتب خانہ رحیمیہ محلہ سوئی گران دہلی

سرمہ نور

بسم اللہ الرحمن الرحیم
الجمعیۃ دہلی
یوم یکشنبہ یکم صفر المظفر ۱۳۵۷ھ ہجری

یورپ کی آیندہ جنگ

جرمنی کا "نیا پروگرام" اور برطانیہ کا "پرانا وعدہ"

جنگ عظیم میں ناکامی کے بعد جرمنی کی جو حالت ہوگئی تھی اس سے وہ اب نکل چکا ہے اور جمعیۃ اقوام سے علیحدگی اختیار کرکے اس نے اپنے گزشتہ سیاسی ضعف و اضمحلال کی تلافی شروع کردی ہے۔ جرمنی کے ہوائی اور بحری بیڑے دنیا میں سرعت کے ساتھ اضافہ ہو رہا ہے۔ ہر ہٹلر کی قیادت میں فوجی قوت کے تمام شعبوں کو درست کیا ...

کر رہے ہیں کہ وہ اپنی بحری اور ہوائی قوت کو اور بھی زیادہ بڑھائے، بالخصوص بحری قوت کے متعلق برطانوی حکومت کو اس کا یہ پرانا وعدہ یاد دلایا گیا ہے کہ وہ اپنے بحری بیڑے سے کسی دوسری دولت کے بحری بیڑے کو ہرگز نہیں بڑھنے دیگی اور جب کبھی کوئی دولت اس کی سعی کرے گی کہ وہ اپنی قوت کو برطانوی ...

مقبوضات، اپنی تجارت اور اپنے اثر و رسوخ میں سے کچھ نہیں دیں گے۔ اس کا ... جنگ ہوگا۔ ۱۹۱۴ء میں جنگ کے امکانات اگر دفن تھے تو اس وقت تلو ہیں۔ آخر کب تک ... کا جوا ... گا۔ کب تک ناتوی کہا جائے گا۔ یورپ کے خونخوار درندے مادیت کی تہذیب پر پانی قربان کرنے والے عنقریب ایک دوسرے سے دست و گریباں ہوکر رہیں گے۔ اور وہ دن جب کہ یہ ایک دوسرے کے خون سے اپنا ہاتھ رنگین کر رہے ہوں گے اور اپنے تمام آلات حرب کو جمع کرکے ان کی قوت و اثر اندازی کا آخری امتحان لے رہے ہوں گے ان کی موجودہ تہذیب کی تباہی کا بھی آخری دن ہوگا۔ اور شاید اس تباہی کے بعد وہ صبح ہوگی جب امن دامان کا آفتاب افق مشرق پر طلوع ہوکر اپنے نور سے دنیا کو منور کردے گا۔

شذرات

جامع مسجد بمبئی اور جامع مسجد دہلی

بمبئی کی جامع مسجد کے متعلق یہ خبر شائع ہوئی تھی کہ وہاں کے ٹرسٹیوں نے وقف کا روپیہ سلور جوبلی پر خرچ کرنے کا فیصلہ کیا ہے اور اس روپیہ سے مٹھائیاں تقسیم کرنے اور مسجد کے در و دیوار پر چراغاں کرنے کی تجویز زیر غور ہے۔ الجمعیۃ میں اس تجویز پر ایک مقالہ بھی لکھا گیا تھا جو قارئین کرام کے ملاحظہ سے گزرا ہوگا۔ مگر اب ہمیں یہ معلوم کرکے مسرت ہوئی کہ مسلمانوں کی رائے عامہ کا لحاظ رکھتے ہوئے اور اللہ رب العزت کے خوف سے ڈرتے ہوئے جامع مسجد کے متولیوں نے اپنے اس ارادہ کو فسخ کر دیا۔ اور ایسا ہی کا اندیشہ نہیں ہے کہ وقف کا روپیہ اس طرح شرع کے خلاف نہ صرف لہو و لعب پر خرچ کیا جائے بلکہ ایک ایسے کام میں خرچ کیا جائے جو مسلمانوں کی مرضی اور ان کے قومی فیصلہ کے خلاف ہے۔ اسی جامع مسجد میں جہاں متولی اس قسم کی غلط تجاویز کو عملی جامہ پہنانے والے تھے مسلمانوں کے ...

بھی سوال ہے کہ وہ موجودہ حالات میں سلور جوبلی کے جشن سے علیحدہ رہنا چاہتے ہیں اور بالخصوص حادثہ کراچی کی تحقیقات سے حکومت کے گریز کو سخت غصہ کی نظر سے دیکھ رہے ہیں۔ اگر اس خبر میں کوئی شائبہ بھی صحت کا نہیں ہے تو ہم اراکین جامع مسجد کمیٹی سے امید کرتے ہیں کہ وہ بہت جلد اس کی تردید کر دیں گے۔

کلکتہ کارپوریشن کے یورپین اراکین

مسٹر فضل الحق کارپوریشن کلکتہ کے پہلے مسلم ممبر ہیں جنہیں میئر منتخب ہونے کا فخر حاصل ہوا ہے۔ اس سے قبل کئی مرتبہ مسٹر فضل الحق کی صدارت کا سوال اٹھایا گیا اور گزشتہ سال تو وہ ایک مرتبہ منتخب بھی ہو گئے تھے مگر حکومت نے اس انتخاب ہی کو ناجائز قرار دیدیا اور دوبارہ انتخاب کیا گیا جس میں بعض قانونی و آئینی موشگافیوں ...

حوادث و احکام

استفتاء

...

الجواب

...

دار الحکومت

"جواہرات" آٹھ آنہ سیر فروخت ہوگئے

اگرسین کی باؤلی کے قریب جواہرات کی کان

دہلی یکم مئی۔ اگرسین کی باؤلی کے نواح میں قیمتی جواہرات کی کان کے انکشافات کے سلسلہ میں جو خبر اڑائی گئی تھی اس کے متعلق مزید تحقیقات کی گئی اور بہت سے پتھر کان سے برآمد کئے گئے مگر بہت جلد ثابت ہوگیا کہ وہ بہت ہی معمولی قسم کے پتھر ہیں اس لئے ان کو دیہاتیوں کے ہاتھ آٹھ آنہ سیر کے حساب سے فروخت کردیا گیا۔ ڈسٹرکٹ بورڈ دہلی نے حکام کو معاملات کے متعلق مزید اطلاع دی جس پر کھدائی کو ممنوع قرار دیدیا گیا ہے ان پتھروں کا جب امتحان کرکے دیکھا گیا تو معلوم ہوا کہ ان کی کوئی خاص اہمیت نہیں ہے۔ ابھی حکام نے یہ فیصلہ نہیں کیا ہے کہ اس معاملہ میں کیا قدم اٹھایا جائے۔

دہلی میں بارود پیستے ہوئے ایک عورت ہلاک

دہلی یکم مئی۔ آج سہ پہر سول ہسپتال کے بالمقابل بارود کی دوکان میں آگ لگ گئی جس سے ایک سو سالہ عورت ... مجروح ہوکر مرگئی ...

دہلی میں تین جگہ آتشزدگیاں

...

فرخ آباد میں بم پھٹ گیا

ایک شخص مجروح۔ پولیس کی آمد

...

مسجد قصی میں شہدائے کراچی کی نماز جنازہ

...

نواکھلی میں ذبح گاؤ پر پابندیاں

...

لیڈر کانگریس پارٹی بھی مطلوب ہوجائینگے

...

بنگال کے مقدمہ سازش اور دہشت انگیزی کا فیصلہ سنا دیا گیا

چھ ملزموں کو کالا پانی اور ۲۵ کو ایک سے دس سال تک کی سزا

ملک معظم کے خلاف جنگ کرنے اور بم فیکٹری قائم کرنیکے الزامات

کلکتہ یکم مئی۔ بنگال کے مختلف اضلاع کے رہنے والے چالیس نوجوانوں کے خلاف بنگال پولیس نے ملک معظم کے خلاف جنگ کرنے اور آئین کے ماتحت قائم شدہ حکومت کا تختہ الٹنے کے الزام میں مقدمہ چلایا تھا۔ ملزمان کے خلاف ... میں بم فیکٹری کھولنے اور زہریلی گیس بنانے کا بھی الزام لگایا گیا تھا۔ ۱۹۳۴ء میں اس مقدمہ کی سماعت شروع ہوئی اور اکتوبر ۱۹۳۴ء میں ختم ہوئی۔ گرفتار شدہ ملزمان میں سے دو شخص وعدہ معاف گواہ بن گئے تھے۔ دوران سماعت مقدمہ میں چار ملزمان جیل سے فرار ہوگئے تھے جن میں سے تین دوبارہ گرفتار ہوئے ایک ابھی تک روپوش ہے ایک ملزم سماعت کے دوران میں فوت ہوگیا۔ چار ملزمان کو عدالت نے رہا کردیا۔ آج صبح عدالت نے اس مقدمہ کا فیصلہ سنا دیا چھ ملزمان کو حبس دوام، چھ کو دس دس سال، دس ملزمان کو سات سات سال اور دس ملزمان کو ایک سال سے پانچ سال تک کی سزائیں دی گئیں۔ اس مقدمہ کا فیصلہ تقریباً ... صفحات پر مشتمل ہے جو چار ملزم اس مقدمہ میں رہا کئے گئے تھے ان میں سے دو کو قانون ترمیم ضابطہ فوجداری کی رو سے حراست میں لے لیا گیا اور ایک ملزم کو اس الزام میں گرفتار کرلیا گیا کہ وہ جیل سے فرار ہوگیا تھا اس طرح ایک شخص عدالت سے صحیح سلامت گھر تک نہیں پہنچ سکا۔ جو ملزم ابھی تک روپوش ہے اس کی سزا تاریخ گرفتاری سے شروع ہوگی۔ ٹریبونل نے اپنے فیصلہ میں لکھا ہے کہ ملزموں پر ملک معظم کے خلاف جنگ کرنے کی سازش کا الزام ثابت ہے۔

مجسٹریٹ کی کوٹھی پر بم پھٹ گیا

ایک تانگہ والے کی پراسرار حرکت

...

لاہور کے قریب ایک اور بم پھٹا

ایک مسلمان مجروح ہوگیا

...

بہار کے متعدد مقامات پر پولیس کے چھاپے

...

ملتان میں پھر تشویش

ایک برہمن کی لاش کنوئیں سے برآمد ہوئی

...

۱۱۳ سکھ اور مسلمان گرفتار

گائے ذبح کرنے میں سکھوں کی مزاحمت

...

برما میں طوفان۔ دو لڑکیاں ہلاک

...

کراچی میں حکم امتناعی کی مزید توسیع

...

مسٹر راجگوپال آچاریہ کی گوشہ نشینی

...

امانہ اور کرشن کانت مالویہ میں مقابلہ

...

ایک گاؤں جلکر خاک ہوگیا

...

سرحد میں ایک پورے خاندان کا قتل

...

مسز بنیا سرکار کے شوہر کی خودکشی

...

زنا کے الزام سے میئر کلکتہ کی برات

...

فرانس اور برطانیہ کے جزائر پر قبضہ کرنیکے ارادے

صدر امریکہ کا حکم

واشنگٹن ۳۰ اپریل۔ پریزیڈنٹ روزویلٹ نے ملٹری کمیٹی کو حکم دیا ہے کہ محکمہ جنگ کی سکیموں کو شائع نہ کرے۔ پریزیڈنٹ نے کمیٹی کو تنبیہ کی ہے کہ دیگر قوموں کے متعلق کسی غیر دوستانہ بات کی اشاعت کو بند کرنے کے لئے وہ اگر ضروری سمجھیں گے تو کمانڈر انچیف کے اختیارات استعمال کریں گے۔ اس تنبیہ کی وجہ یہ معلوم ہوتی ہے کہ کمیٹی کے روبرو دو اہم تجاویز پیش کی گئی تھیں ایک تو یہ کہ جنگ کے وقت یا ہنگامی صورت میں ریاستہائے متحدہ امریکہ کو اپنے ساحل کے نزدیک فرانس اور برطانیہ کے جزائر پر قبضہ کرنے کے لئے تیار رہنا چاہئے۔ دوسری تجویز کینیڈا سرحد کے قریب ہوائی مستقر بنانے کی اسکیم تھی۔

اطالوی سفیر کو قتل کرنیکی سازش

ہوسٹن یکم مئی۔ کل پولیس نے اسٹیٹ ہاؤس کے باہر ایک شخص کو گرفتار کیا ہے اس پر شبہ یہ ہے کہ وہ اطالوی سفیر کو قتل کرنیکی تدبیر کر رہا تھا ملزم کے پاس سے ایک چاقو برآمد ہوا ہے۔ اطالوی سفیر کو اسٹیٹ گورنر شرف باریابی بخشنے والے تھے۔

چین کے اشتراکیوں کا جاپانی فوج سے تصادم

... جاپان کی باقاعدہ فوج کا چینی اشتراکیوں سے زبردست تصادم ہوگیا جس میں درجنوں اشخاص ہلاک و مجروح ہوئے۔ چین کی نیشنل گورنمنٹ کے طیارے متنازعہ علاقہ پر پرواز کر رہے ہیں اور علاقہ کو غیر ملکی باشندوں سے خالی کرایا جا رہا ہے۔

دو اشخاص کو گولی ماردی گئی

...

روس اور فرانس میں معاہدہ

...

جرمنی میں مزید پادریوں کی گرفتاری

...

جاٹوں کے جھگڑے میں ایک شخص ہلاک

...

چرواہا بھیڑوں سمیت ہلاک

...

مولانا شفیع داؤدی کے انتخاب کا مقدمہ

(بسلسلہ صفحہ ۶ کالم ۲)

...

برطانوی فوجی افسروں کے مشاہرے
نائب وزیر ہند کا جواب

لندن ۹ مئی آج دارالعوام کے اجلاس میں مسٹر ... نے دریافت کیا کہ خیال ہے کہ نئی جوزہ آئینی تبدیلی کے ماتحت گورنمنٹ ہند اگر ہندوستانی خزانہ سے برطانوی ریٹائرڈ فوجی افسروں کو تنخواہ دینے سے انکار کردے تو برطانوی گورنمنٹ ان ریٹائرڈ فوجی افسروں کی تنخواہوں کے متعلق انہیں گارنٹی دیدے۔

مسٹر بٹلر نے جواب دیا کہ گورنمنٹ اس قسم کے معاہدہ پر غور نہیں کرے گی کیونکہ اس نے خاص تحفظات ان کے لئے فراہم کردیئے ہیں۔ اور اگر اس کے خلاف خاص حالات پیدا ہوں تو ان کی ذمہ داری اس کی قوم پر عائد ہوتی ہے۔

مسٹر بٹلر نے اثبات میں جواب دیتے ہوئے فرمایا کہ میں ان کی دھمکیوں کو اسی قدر اہمیت دیتا ہوں جس کی وہ مستحق ہیں۔

سوداگروں کی کشتی پر ڈاکہ
ایک سوداگر کو گولی ماردی

کلکتہ ۱۴ اپریل ... ضلع ... ڈاکہ پڑنے کی ایک اطلاع موصول ہوئی ہے جس میں ایک شخص گولیوں سے مارڈالا گیا۔

مس کملا نہرو کا سفر یورپ

گوشت خوروں کو گوشت نہ کھلایا جائے

حوروں اور میدانوں کیلئے نشستیں
اڑیسہ فرنچائز کمیٹی کا اجلاس

ملتان میں ہڑتال ختم ہوگئی
فوجی گشت۔ ایک مسلمان گرفتار

کلکتہ میں قیامت کی گرمی

جرمنی میں بحری بیڑہ کے استحکام کیلئے جہازوں کی تعمیر
اٹلی اور انگلستان میں اضطراب۔ سرجان سائمن کا بیان
جرمنی حکومت کی درخواست پر بحری گفت وشنید ملتوی کردی گئی

روم ۱۰ اپریل ... اعلان ہوا کہ جرمنی نے مزید آبدوز کشتیوں کی تعمیر کا حکم دیا ہے۔ اٹلی کے ایک ذمہ دار اخبار نے خاص توجہ مبذول کی ہے۔ اخبار کا بیان ہے کہ جرمنی کی بحری طاقت ...

لندن ۱۰ اپریل کل برطانوی کابینہ نے جرمنی کی ہوائی اور بحری قوت کے اضافہ کا حیرت انگیز الفاظ میں ذکر کیا گیا۔ رکنی کی اطلاع ہے کہ جرمنی اور انگلستان کے درمیان بحری معاملات پر جو گفتگو ہونے والی تھی وہ جرمنی حکومت کی درخواست پر ملتوی کردی گئی ہے۔

کل دارالعوام میں سرجان سائمن نے اپنی تقریر میں اس خبر کی تصدیق کی کہ جرمنی ۱۲ آبدوز کشتیاں تعمیر کرا رہا ہے جس سے معاہدہ وارسا کی خلاف ورزی ہوتی ہے آپ نے جرمنی کے اس اقدام سے برطانوی حکومت کو آگاہ کیا۔

جرمنی کی جنگی تیاریاں
دارالعوام میں زبردست بحث

ڈسٹرکٹ تبلیغ کانفرنس لدھیانہ کی کامیابی
۲۵ ہزار فرزندان توحید کا اجتماع
اہم قراردادوں کی منظوری

تبلیغ کانفرنس کی صدارتی تقریر کی بنا پر گرفتار اور سزایاب ہونے پر مبارکباد دیتی ہے۔ اور انہیں یقین دلاتی ہے کہ مسلمانان ہند ان کے نقش قدم پر چلنا اپنے لئے موجب فخر سمجھتے ہیں۔ اور عالم اسلامی کو مرزائیت کے زہریلے اور اسلام کش اثرات سے بچانے کے لئے جانی اور مالی قربانی سے دریغ نہیں کریں گے۔

(۲) یہ کانفرنس حکومت سے پرزور مطالبہ کرتی ہے کہ وہ مرزائیوں کو مسلمانوں سے علیحدہ جماعت تصور کرے۔ اور ملازمتوں میں ان کا علیحدہ حصہ مقرر کرے۔ اور پولیٹیکل محکمہ میں بالخصوص اور دیگر محکمہ جات میں بالعموم مسلمانوں کے نام پر مرزائیوں کو ملازمتیں دینے کی حکمت عملی ترک کرے۔

حکومت کی مرزائیت نوازپالیسی

(۳) اگرچہ حکومت انگریزی کی طرف سے ہمیشہ یہ اعلان ہوتا رہا ہے کہ وہ مذہبی معاملات میں بالکل غیر جانبدار ہے ...

قادیان میں حکومت انگریزی کی شہ

مجلس شوریٰ کا اجلاس

جہاز اکبر جدہ سے روانہ ہوگیا

صوبہ بہار کی ایک منتظم ہستی کا انتقال

فرزئے قادیان مردھقایا عورت
ریٹ شائع کرنے پر سو روپیہ جرمانہ

سرحد میں فوجی لاری پر حملہ

جوائنٹ پارلیمنٹری کمیٹی کی رپورٹ
اردو میں

مفصل کر پارلیمنٹری کمیٹی کی رپورٹ کا اردو ترجمہ شائع ہوگیا ہے اور ہم نے الجمعیۃ بک ایجنسی کیلئے اس کے نسخے ... ہم نے جو حضرات آئندہ دستور اساسی کے متعلق برطانوی مدبرین کا نقطہ نگاہ معلوم کرنا چاہیں اور اردو زبان میں تمام آئینی مسائل پر مفصل بحث پڑھنے کے خواہشمند ہوں وہ فوراً ہم سے یہ رپورٹ کا ایک نسخہ طلب فرمائیں۔

منیجر الجمعیۃ بک ایجنسی۔ گلی قاسم جان دہلی

ملک وملت کے خادموں کی فوج
الہ آباد میں ایک مفید ادارہ کا قیام
ڈاکٹر محمود الدجنگ بیرسٹر کی ایک مفید تجویز

جدید اصلاحات کے افتتاح اور ہندوستان کی دستوری حکومت کے ارتقاء کے ساتھ پبلک زندگی کے مطالبات کو وسیع قبولیت حاصل ہوگی اور اقلیتوں کو نئی ذمہ داریوں کا بار برداشت کرنا اور جدید خطرات کا مقابلہ کرنا ہوگا ...

اغراض ومقاصد

بیورو کے اغراض قومی کارکنوں کو تربیت دینا ہے ان کو اس امر کے لئے تیار کرنا ہے کہ وہ انسانیت کی خدمت کے لئے اپنی زندگیوں کو وقف کردیں۔ ...

دستور کی بعض دفعات

لائحہ عمل

انجمن حمایت اسلام اور مجلس احرار

انجمن حمایت الاسلام کے سالانہ جلسہ کے سلسلہ میں ... مجلس احرار ... چودھری ظفر اللہ ...

ظفر اللہ کے خلاف جو انجمن کی سٹیج پر اور صدر کی اجازت سے ریزولیوشن پیش ہوا۔ اس کی تردید نہیں تو بے تعلقی کا ضرور اعلان کیا جائے۔ ...

آخر میں ان تمام معزز دوستوں کے دل سے بہ شکریہ ادا کرنا چاہتا ہوں کہ مجلس احرار نے حمایت اسلام کے جلسہ پر تبصرہ کرنے میں خاص دلچسپی نہیں لی۔ ...

(دافضل حق ایم۔ ایل۔ سی)

برما میں اسلام کی ضیا پاشیاں

حضرت جناب مولانا مولوی ابوالحسن صاحب ... خطیب جامع مسجد کے دست مبارک پر چار شخصوں نے اسلام قبول کیا۔

ڈاکوؤں اور سپاہیوں میں جنگ

سونے کی ڈلیاں کوڑیوں کے مول

طاقت وہ طاقت ہے جو بوڑھے کو جوان اور جوان قابل فخر نوجوان بن جانے ہیں صرف حب زرین (رجسٹرڈ) کے ذریعہ حاصل ہوسکتی ہے جس کے استعمال سے قوت کا اثر زوال خزانہ حاصل ہوسکتا ہے۔

دواخانہ کشتہ المجربات (رجسٹرڈ) کوچہ چیلان گلی راجان دہلی سے طلب کریں

حب سنہری مقوی

رشید اینڈ کو گلی قاسم جان دہلی

اٹھتی ہوئی جوانی بالکل مفت

شرطیہ علاج

شربت فولاد

قرص جریان

طلاء اکسیر

جنوب امساک

DELHI

آرائش جمال

یداللہ علی الجماعۃ

رجسٹرڈ نمبر ایل ۱۷۹۳

تار کا پتہ "الجمعیۃ" دہلی
ٹیلیفون نمبر ۵۷۳

سہ روزہ الجمعیۃ دہلی

مدیر مسئول۔ ہلال احمد زبیری (بی اے) معاون۔ محمد عثمان فارقلیط

جلد ۲۱ | دہلی یوم پنجشنبہ ۵ صفر المظفر ۱۳۵۴ ہجری مطابق ۹ مئی ۱۹۳۵ء | نمبر ۳۲

ارض مقدس میں اکناف عالم کے مسلمانوں کی موتمر

حجاز کے دستور و نظام کے متعلق پاسبان حرم کا اعلان

معاصر ام القریٰ کا ایک اہم مقالہ

حج کے موقعہ پر معاصر ام القریٰ نے ذیل کا مقالہ شائع کیا ہے:۔

ہم یہ سطور ایسے موقعہ پر لکھ رہے ہیں جبکہ اقطار و اکناف عالم کے مسلمان بیت اللہ الحرام میں فوج در فوج آ رہے ہیں تاکہ وہ اللہ کا نام بلند کریں ... اور ارکان اسلام میں سے ایک اہم رکن کو ادا کریں ... حج کا مقصد یہ ہے کہ مسلمان ایک دوسرے سے تعارف پیدا کریں اور آپس میں الفت کی بنیاد ڈالیں تاکہ ان کی مساعی میں وحدت کا رنگ نمایاں ہو اور ان کے قلوب دین الٰہی کے رشتہ سے مربوط ہو جائیں ...

میرا نظام دستور محمد صلی اللہ علیہ وسلم کا دین ہے ...

معاصرین کے افکار و آراء

مہاسبھا کی سفیہانہ ذہنیت

ہم ہندو مہاسبھا کے اس ریزولیوشن پر انتہائی پرزور الفاظ میں نفرت و ملامت کا اظہار کرتے ہیں ...

مخالفت سے روکنے کی سعی کرتے ہیں اور ان کے فتنہ کو محض فروعی مسائل کا اختلاف قرار دے کر مسلمانوں کو اس سے اجتناب کرنے کی دعوت دیتے ہیں ... آپ ضلوا فاضلوا (گمراہ ہوئے پھر دوسروں کو گمراہ کیا) کی وعید کا مصداق ہوں گے۔ قادیانیوں سے فروعی اختلافات نہیں ہے بلکہ اصولی اختلافات ہیں قادیانی ...

قومی زندگی کی صحیح بنیاد

عالم انوار

وہ نغمہ بلبل رنگیں نوا اک بار ہو جائے
کلی کی آنکھ کھل جائے، چمن بیدار ہو جائے

نظر وہ ہے جو اس کون و مکاں سے پار ہو جائے
مگر جب روئے تاباں پر پڑے بیدار ہو جائے

تجلی چہرۂ زیبا کی ہو، کچھ جام رنگیں کی
زمیں سے آسماں تک عالم انوار ہو جائے

سحر لائے گی کیا پیغام بیداری شبستاں میں
نقاب رخ الٹ دو، خود سحر بیدار ہو جائے

نظر اس حسن پر ٹھہرے تو آخر کس طرح ٹھہرے
کبھی جو پھول بن جائے، کبھی رخسار ہو جائے

کچھ ایسا دیکھ کر چپ ہوں بہار عالم امکاں
کوئی اک جام پی کر جس طرح سرشار ہو جائے

چلا جاتا ہوں ہنستا کھیلتا موج حوادث میں
اگر آسانیاں ہوں زندگی دشوار ہو جائے

(جناب اصغر گونڈوی)

مسلمان کون ہے؟

مسلمان وہ ہے جو اپنے بھائی مسلمان کی پشت و پناہ ہے ...

سلور جوبلی اور مسلمان

حادثۂ کراچی اور مسلم کانفرنس

قادیانی فتنہ

ضروری گزارش

(مہتمم الجمعیۃ دہلی)

Regd No. L 1793.

The Jamiat

Vol. XXI No. 31 DELHI. TUESDAY ... 1935 PRICE ONE ANNA

4612
Moulvi Mehdi Hassan S/o Mufti
P.O. Rander
Dt Surat

نورانی قرآن مجید

نہایت صاف جلی اور خوشنما صحیح قرآن شریف ... نورانی قرآن مجید الجمعیۃ بک ایجنسی دہلی سے طلب فرمائیے ... قیمت مجلد ...

پادری کی لڑکی کا قبول اسلام

ایک حیرت انگیز کارنامے معلوم کرنے ہوں ... دیکھئے جس کو پڑھ کر آپ اسلام کی حقانیت کے قائل ہو جائیں گے ... منیجر الجمعیۃ دہلی

حادثۂ کراچی پر احتجاج کا سلسلہ

آج مورخہ ۱۹ اپریل ۱۹۳۵ء مطابق ۱۵ محرم الحرام ۱۳۵۴ھ کو جمعیت تعلیم الاسلام محمدی کی درسگاہ میں زیر صدارت حضرت مولانا حافظ سید احمد شاہ صاحب مدرس اول ... جلسہ منعقد ہوا ... کلام الٰہی ... جمعیت ہذا نے حادثۂ کراچی کے متعلق تقریر کرتے ہوئے مندرجہ ذیل تجاویز پیش کیں جو باتفاق منظور ہوئیں۔

یہ اجلاس حادثۂ ناجوہ کراچی کے متعلق حکومت بمبئی کا تحقیقاتی کمیشن کے تقرر سے انکار کر دینے کو مسلمانوں کے زخمی دلوں ... کے نام پر پرزور گزارش کرتا ہے کہ اس اہم معاملہ کو اپنے ہاتھ میں لے اور حکومت بمبئی سے اس انکار پر باز پرس کرتے ہوئے اور اس مسلمانوں کے جذبات و حسیات کا صحیح اندازہ کر کے بلا رعایت منصفانہ فیصلہ کرے۔

(۲) یہ اجلاس ہندوستان کے تمام جاتا مسلم رہنمایان ملت سے پرزور استدعا کرتا ہے کہ اگر حکومت نے اس دردناک حادثہ میں مظلومین کراچی کی داد رسی نہ کی تو ابھی سے کوئی پرامن عملی پروگرام تجویز کیا جائے جو مسلمانوں کے قیمتی خون کا پورے پورا طلب ہو۔

(نور محمد۔ از محمدی۔ ضلع جھنگ۔ پنجاب)

جالندھر

(۱) انجمن اشاعت اسلام جالندھر شہر حکام کراچی کی ایسی سنگدلی کو کہ انہوں نے بیگناہ اور نہتے مسلمانوں پر بے پناہ فائر کئے نہایت نفرت کی نگاہ سے دیکھتی اور اس کی شدید ترین مذمت کرتی ہے۔ اور مطالبہ کرتی ہے کہ فرمان متعلقہ کے اس خونریز کارنامہ کی تفتیش کے لئے ایک غیر جانبدار تحقیقاتی مجلس کا تقرر بہت جلد عمل میں لائے اور مجروحین و پسماندگان شہداء کی امداد کرے۔

(۲) قرار پایا کہ ریزولیوشن کی نقول گورنمنٹ آف انڈیا، گورنمنٹ آف بمبئی اور اخبارات کو بھیجی جاویں۔

(نور الدین بٹ سکریٹری)

جمعیۃ تبلیغ الاسلام کا جدید انتخاب

جمعیت تبلیغ الاسلام شہر آگرہ کے ممبران عام کا سالانہ جلسہ مورخہ ۲ ماہ اپریل ۱۹۳۵ء کو بمقام دفتر جمعیت ہذا منعقد ہوا جس میں ممبران جماعت منتظمہ کا انتخاب کیا گیا اور مندرجہ ذیل حضرات جمعیت ہذا کے عہدیدار منتخب ہوئے۔

(۱) جناب مولانا مولوی قاری حافظ حاجی محمد طیب صاحب مہتمم دار العلوم دیوبند ضلع سہارنپور صدر جمعیت ہذا۔

(۲) جناب مولانا مولوی قاری حافظ حاجی ... صاحب ضلع سہارنپور نائب صدر جمعیت ہذا۔

(۳) جناب مولانا مولوی قاری سلطان حسن صاحب شہر آگرہ نائب صدر جمعیت ہذا۔

(۴) جناب کپتان نواب حافظ محمد جمشید علی خاں صاحب۔ او بی ای رئیس باغپت ضلع میرٹھ۔ نائب صدر جمعیت ہذا۔

(۵) راجہ سید احمد علی صاحب علوی سی بی ای ایم ایل سی سلیم پور ہاؤس قیصر گنج لکھنؤ۔ نائب صدر جمعیت ہذا۔

(۶) جناب مولوی حکیم عبد الرحمن خاں صاحب رئیس قصبہ خورجہ ضلع بلند شہر ...

(۹) جناب مولوی حکیم عبد الستار صاحب گھٹیا اعظم خاں شہر آگرہ۔ ناظم

(۱۰) جناب سید مقدس حسین صاحب بی اے ایل ایل بی وکیل گلاب خانہ شہر آگرہ۔ ناظم

(ناظم تبلیغ)

یو۔ پی احرار کانفرنس

اسلامی ضرورتوں کو ملحوظ رکھتے ہوئے یو۔ پی احرار کانفرنس بتاریخ ۱۱ اور ۱۲ مئی ۱۹۳۵ء بروز ہفتہ و اتوار کو سہارنپور میں ہونی قرار پائی ہے ... یو۔ پی کی تمام اسلامی جماعتوں سے استدعا ہے کہ وہ اپنے کم از کم دو نمائندے کانفرنس کے لئے منتخب کر کے ہمیں ۸ مئی ۱۹۳۵ء تک اطلاع دیدیں۔

(محمود علی خاں جنرل سکریٹری یو۔ پی احرار کانفرنس)

۱۸ مئی کو یوم شہید منایا جائے

بمبئی کی جمعیۃ تبلیغ نے اپنے اجلاس میں ذیل کی تجویز منظور کی ہے:۔

یہ اجلاس عام گورنر جنرل آف انڈیا اور گورنر بمبئی کے اس غلط اور مسلم آزار رویہ کو مدنظر رکھ کر کہ وہ کراچی فائرنگ کے متعلق غیر جانبدارانہ تحقیقاتی کمیشن مقرر کرنا نہیں چاہتے۔

تمام مسلمانان ہند کو توجہ دلاتا ہے کہ وہ غیرت اسلامی سے کام لیتے ہوئے شہدائے کراچی کی یادگار میں ۱۸ مئی ۱۹۳۵ء کو یوم شہداء منائیں اور ہر جگہ ...

گونڈوہ میں ہندوؤں کی شرارتیں

موضع گونڈوہ تحصیل سندیلہ ضلع ہردوئی میں عرصہ سے مکان مسلمانوں کے ہیں ... مسلمان تعزیے نہ رکھ سکے جو کہ ابھی تک رکھے ہیں ... خطرے میں ہے ضرورت ہے کہ ہمدردان قوم امداد کریں اور گورنمنٹ کو ...

انتقال پر ملال

نہایت افسوس کے ساتھ اطلاع دی جاتی ہے کہ جناب مولوی حکیم سید غلام احمد صاحب نائب چھ ماہ کی طویل علالت کے بعد ۱۲ اپریل کو اس جہان فانی سے دار البقا کی طرف رحلت کر گئے۔ انا للہ و انا الیہ راجعون۔ مرحوم حافظ قرآن و حدیث کے علاوہ عربی و فارسی زبانوں کے ماہر صوم و صلوٰۃ کے پابند ...

انتقال پر ملال

مورخہ ۱۸ اپریل ... جناب ہیڈ ماسٹر غلام محمد صاحب ... انا للہ و انا الیہ راجعون ... مرحوم نہایت خلیق ... ہیڈ ماسٹری کے فرائض انجام دیتے رہے۔ اساتذہ و طلباء مدرسہ نے مرحوم کے لئے دعائے مغفرت کی۔

بال عمر بھر نہ اُگیں

گورنمنٹ آف انڈیا سے باضابطہ رجسٹری شدہ سفوف رجسٹرڈ

دنیا بھر میں اپنی قسم کی واحد دوائی ہے جس کے استعمال سے غیر ضروری بال ایک دفعہ دور ہو کر پھر پیدا نہیں ہوتے گذشتہ چار سالوں میں ہزاروں لوگ اس حیرت انگیز ایجاد سے فائدہ اٹھا چکے ہیں آپ بھی محروم نہ رہیں۔ قیمت فی شیشی ... ملنے کا پتہ ... لاہور (پنجاب)

دھوکہ سے بچو
اصلی مال خریدو
جوہر عشبہ چوب چینی رجسٹرڈ
خون صاف کرنے کی مشہور دوا ہے
قیمت شیشی ... ملنے کا پتہ منیجر شفاخانہ حکیم ڈاکٹر غلام نبی ... لاہور

تقریر تفسیر چھپ کر تیار ہو گئی

حضرت سحبان الہند مولانا الحاج حافظ احمد سعید صاحب ناظم جمعیۃ علمائے ہند کی یہ تقریر اپنی بے شمار خصوصیات کے اعتبار سے ایک عجیب و نادر مجموعہ ہے جو نہ صرف موجودہ دور میں بلکہ آئندہ نسلوں کے لئے بھی یادگار رہے گا۔ شریعت مقدسہ کے نہایت ادق مسائل و مشکل نکات اس طرح پیش کئے گئے ہیں کہ ہر عالم و عامی ان کو سمجھ سکتا ہے اور ان سے افادہ کر سکتا ہے۔ اس پر حضرت مولانا کی سلاست زبان اور روانی بیان نے وہ کام کیا ہے کہ مضامین کی دقت اور مسائل کی دشواری کے باوجود شروع سے لیکر آخر تک دلچسپی برابر قائم رہتی ہے۔ ہندوستان کے مختلف شہروں اور قصبوں میں ہزاروں لاکھوں مسلمان ایسے ہوں گے جو حضرت مولانا کے مواعظ حسنہ سے مستفید ہو چکے ہیں اور ایک مرتبہ نہیں صدہا مرتبہ حضرت مولانا کی تقریریں سننے کے باوجود ہمیشہ اس کے مشتاق رہتے ہیں کہ ایک مرتبہ پھر کہیں حضرت مولانا کی تقریر سننے کا اتفاق ہو۔ ان تمام مسلمانوں کے لئے یہ مژدہ جانفزا ہوگا کہ یہ تقریر تفسیر حضرت مولانا کی اکثر تقریروں کا لب لباب ہے اور اس میں تفسیر کے متعلق بہت سے وہ مضامین جو حضرت مولانا اپنی مختلف تقریروں میں ارشاد فرمایا کرتے ہیں۔ انداز بیان اور خوبی زبان کی تمام خصوصیتوں کے ساتھ مجتمع کر دئے گئے۔ تقریر تفسیر میں جو مضامین زیر بحث آئے ہیں ان کے عنوانات مختصر از خروارے بطور نمونہ درج ذیل کئے جاتے ہیں، تاکہ کتاب کی ہمہ گیری و وسعت کا کچھ اندازہ کیا جا سکے۔

مختصر فہرست مضامین

روحانی اور جسمانی تربیت
عالم بالا کی خدمات
عالم سفلی کے مسخرات
روحانی اطباء
ریفارمر اور رسول کا فرق
سب سے پہلی یونیٹی کانفرنس
عالم برزخ کے واقعات
عالم برزخ کی ایک اطلاع
حضرت عمر فاروق کا مطالبہ

نبی کریم کے شاہدات
انبیاء علیہم السلام کی تاریخ
مادیات و روحانیات کا فرق
حضرت آدم کی مناسبت
حضرت آدم و آدم کی لغزش
حضرت آدم کو ملائکہ کا سجدہ کرنا
یوم میثاق کے دو اقرار نامے
حضرت یوسف علیہ السلام کا حیلہ
مشرکین اور اہل کتاب کا فرق

جاہل پیروں سے سوال
مستقبل کی تاریخ
قبروں سے اٹھنا
مسلمانوں سے حضرت حق کا پہلا خطاب
مسلمانوں کی مرتبہ یا دوری
مدت کے وقت کی لوری
حضرت ابراہیم کا واقعہ
قوانین اسلام کی ہمہ گیری
جادو اور معجزہ کا فرق

ملت ابراہیمی کا اتباع
نماز کی مثال
حج کی مثال
مساجد حرمین کی مثال
اچھی بری صحبت کی مثال
حضرت بایزید بسطامی کا واقعہ
الدنیا سجن المومن و جنۃ الکافر
توبہ کی مسرت کا تصور
گناہ کی صلاحیت و عدم صلاحیت

جبار اور انجان کا تعلق
انبیاء میں تفاوت
ذکر الٰہی موجب حجاب ہے
حضرت ذوالنون مصری کا واقعہ
حضرت یونس کی معراج
ملائکہ اور شیطان
قرآن کی قسمیں
حضرت لوط اور ابراہیم
حضرت لوط اور فرشتے

... منیجر اخبار الجمعیۃ گلی قاسم جان دہلی

بجلی کی عینک رجسٹرڈ

جرمن سائنس کی نئی ایجاد ہے نہ لیمپ کی ضرورت نہ ہی کسی لالٹین کی ضرورت۔ رات کو ضرورت کے وقت عینک لگا لیں اور آنکھوں پر لگا کر جو کام کرنا چاہتے ہیں شروع کر دیں۔ کسی قسم کا خطرہ نہیں ہے۔ عورت، مرد سب استعمال کر سکتے ہیں ... رعایتی صرف تین روپے ...

ملنے کا پتہ
جرمن ناولٹی اسٹور کراچی شہر

مفت! مفت! مفت!

بول کیا چاہتا ہے؟

بے اندازہ دولت سے مالا مال ہونا، دنیا کی سیر کرنا، محبوب کو بس میں کرنا، ملازمت یا روزگار حاصل کرنا، معزوروں کی روحوں سے ملاقات کرنا، دشمن کو زیر کرنا، افسر کو مہربان کرنا، ہمزاد تسخیر کرنا، علم توجہ یا مسمریزم سیکھنا چاہتا ہے تو آج ہی ایک خط لکھ کر ہماری عجیب و غریب کتاب "دولت کی پری" مفت طلب کریں۔

اٹھارھواں ایڈیشن ختم ہونے والا ہے

پتہ
منیجر کارخانہ دولت کی دیوی ... شجاع آباد (پنجاب)

مشہور و معروف دو ترجمہ والا معجز نما متوسط قرآن مجید مع کامل تفسیر

حیرت انگیز رعایتی اعلان

اس قرآن پاک کی ضخامت ایک ہزار صفحات میں کاغذ سفید ولایتی نادرے ... پہلا ترجمہ حضرت مولانا شاہ رفیع الدین صاحب کا تحت اللفظ ہے دوسرا ترجمہ حکیم الامت مولانا اشرف علی صاحب تھانوی کا بامحاورہ ہے حاشیہ پر کامل تفسیر ہے ...

منیجر اخبار الجمعیۃ گلی قاسم جان دہلی

سامی زبانیں اور اقوام قدیم کا لسانی تمدن

عربی زبان کی تبری علم اللسان کی روشنی میں

دنیا میں زبانوں کی بنا کس طرح پڑی؟

(از جناب حکیم سید اسمٰعیل احسن عیش صدر جمعیۃ علماء برما)

(گزشتہ سے پیوستہ)

بابل کے عروج کے بعد جب زوال شروع ہوا تو چودہ سو قبل مسیح میں اہل اشور نے اس پر غلبہ و قبضہ حاصل کر لیا جو ساتویں صدی قبل مسیح کے اواخر تک رہا۔ اشوریوں کا مقام نینویٰ موصل کے پاس دریائے دجلہ پر واقع تھا۔ کلدانیوں کو پھر طاقت حاصل ہونے لگی حتیٰ کہ انہوں نے نینویٰ کو فتح کر لیا اور برباد کر ڈالا۔ یہ ۶۰۶ ق م کا واقعہ ہے۔ بالآخر بابل میں پھر ان کی بادشاہت کا مرکز قائم ہو گیا۔ کلدانیوں کے لوگ بخت نصر بھی ہیں جس نے بیت المقدس کو فتح کر کے قوم یہود کو قیدی بنا کر بابل میں لا کر رکھا تھا۔ یہ بادشاہت کلدانیوں ہی میں رہی حتیٰ کہ اہل فارس نے ان پر غلبہ حاصل کر لیا۔

اہل بابل و اشور کا رسم خط تمام اقوام سامیہ کے خط سے نرالا اور انوکھا ہے۔ شروع شروع میں جب انہیں کوئی نام کسی چیز کا لکھنا ہوتا تو وہ اس کی صورت بنا دیتے دیکھنے والا اسے پہچان جاتا۔ اسی طرح تصویروں سے بعض معانی و مطالب اخذ کئے جاتے رہے۔ زمانہ گزرتا گیا اور دشواری و مشکل کو آسان کر لیا گیا۔ یہ تصویریں حروف ہجا کا کام بھی دینے لگیں۔

ایک علامت ایک معنی تصویری پر بھی دلالت کرتی اور معنے ہجائیہ پر بھی پڑھنے والا دونوں کا فرق میں تمیز کر لیتا۔

یہ کتابت اشوریہ کی خصوصیت تھی۔ رہی زبان تو وہ بھی دوسری سامی زبانوں سے بہت ملتی جلتی ہے مثلاً

اذن	عینو	سماو	اشوری: سما رہیں جو ہیں
اُذُن	عین	سماء	عربی کلمات سے بہت مطابقت رکھتے

علیٰ ہذا اسماء اعداد بھی عربی کے قریب قریب ہی ہیں۔

[illegible]

ان تینوں خطوط کے بعض حروف بالمقابل پیش کئے جاتے ہیں۔

۱	۵	[illegible]	[illegible]	غ	ع	فنیقی عین آنکھ کی شکل ہے اسی صورت سے اس کا نام بھی مشتق ہے۔ آرمیوں نے اسے ذرا سا کاٹ دیا
۲	W	[illegible]	تل		س	اس کا نام شن ہے جس کے معنے دانت
۳	W	٭	[illegible]		م	اسے یونانیوں اور رومیوں نے یوں بنا لیا M
۴	[illegible]	[illegible]	ل		ن	یونان و رومان نے اسے یوں کر لیا N
۵	[illegible]	[illegible]	مر		ق	اصل شکل تسہیل کتابت کیلئے بدل گئی
۶	٩	[illegible]	ل		ب	
۷	[illegible]	٦٦	٦		ر	
۸	[illegible]	[illegible]	٦		ھ	

عبرانی

سامی زبانوں کی قسم شمالی میں سے عبرانی ہے عبرانی قوم بہت پرانی قوم ہے جو نام دنیا میں مشہور رہی ہے۔ مصر سے ان کا نکلنا اور حضرت موسیٰ کی تبلیغ وغیرہ حالات سب کو معلوم ہیں اس لئے انکے اعادہ کی ضرورت نہیں ہے۔

اس قوم میں امور ملی مدت تک روساہی میں رہی جنہیں قضاۃ یا حکام کہتے تھے پھر ۱۰۳۰ قبل مسیح میں حضرت شاؤل بادشاہ بنے انکو عرب طالوت کہتے ہیں انہوں نے ۱۰۱۰ قبل مسیح میں وفات پائی۔ ان کے بعد حضرت داؤد بادشاہ ہوئے جو ۹۷۰ ق م تک رہے ان کے خلیفہ ان کے فرزند حضرت سلیمان ہوئے یہ تقریباً ۹۳۳ ق م تک رہے۔

حضرت سلیمان ؑ کی تاریخ سکندر بن فیلبس کی تاریخ کے مانند ہے یعنی دو قسم کی ہے ایک میں تو صحیح و تحقیق امور جمع کئے گئے ہیں۔ دوسری میں عجیب و خارق عادت باتیں ہیں۔ یہ سریانی کتابوں میں زیادہ ہیں اور عرب کے یہاں بھی ہیں۔

ان کے بعد ملک دو بادشاہتوں میں تقسیم ہو گیا۔ ایک مملکت شمالی بن گئی اور ایک جنوبی۔ یہ ۹۳۳ ق م کا واقعہ ہے جو حضرت سلیمان ؑ کی موت کا سال ہے۔ شمالی مملکت پر ۷۲۲ ق م میں زوال آیا۔ اشور کے بادشاہ کو ان پر [illegible]

[illegible]

ممالک خارجہ کے اہم حالات و کوائف

حجاج کی تعداد

اس سال اطراف عالم کے مسلمانوں نے بڑے اطمینان اور سکون کے ساتھ حج کیا۔ اگرچہ بیت اللہ الحرام میں بعض عاقبت نااندیش، شقی اور مفسدہ پردازوں نے والی حجاز اور ان کے فرزند پر حملہ کر کے ابتری پیدا کرنی چاہی تھی مگر خدا کے فضل سے کوئی ناگوار حادثہ پیش نہیں آیا جس سے حجاج کی عمومی حالت اور ذرائع تاثیر محفوظ رہے۔ معاصر ام القریٰ نے اطراف عالم کے حجاج کی تعداد شائع کی ہے جس سے امسالہ حجاج کی عددی کثرت کا اندازہ لگایا جا سکتا ہے۔

نام ملک	تعداد	نام ملک	تعداد
سنگال	۳۰	مصر	۵۳۶۱
کیپ ٹاؤن	۵۹	مغاربہ	۲۸۸۰
انجبار و سواحل افریقیہ	۱۳۹	سوڈان	۸۶۶
جاوا	۲۶۰۰۹	جاپان	۴
اٹلی	۶۷۹	ہنگری	۱
ترکی	۱۵۶	انگلستان	۲
عراق	۱۷۰	صومال	۲۷
فلسطین و شرق اردن	۱۴۳۲	حبش	۲۹
شام	۷۱۸	حضارم و عدن	۲۸۴
ہندوستان	۱۱۱۱۳	یمن	۴۹۱
چین	۲۲۳	ایران	۱۰۶۳
بخارا و ترکستان	۵۲۳	بوسنہ و سرویا	۴۲
تکارنہ	۸۷۹	البانیا	۱۱
افغانستان	۱۲۰۰		
خلیج فارس	۸۹	میزان کل	۳۳۸۹۸

اس تعداد میں وہ حجاج شریک نہیں ہیں جو موٹروں، اونٹوں اور دیگر ذرائع سے براستہ خشکی حجاز مقدس پہونچے ہیں۔

نواب سر مزمل اللہ خاں

ناظرین کرام نواب بہادر الحاج سر مزمل اللہ خاں آف بھیکم پور کے نام نامی سے بخوبی واقف ہوں گے۔ گزشتہ سال آپ نے اپنے خرچ سے بجلی کا ایک انجن خرید کر حرم شریف میں روشنی کیلئے حجاز روانہ کیا تھا جس کا امسالہ حج کے موقعہ پر کام میں لایا گیا۔ امسال خود نواب صاحب ممدوح کو ارض حرم میں حضوری کی سعادت نصیب ہوئی اور وہاں موصوف نے اپنی اثیار، رحمدلی اور روایتی سخاوت کا ثبوت دینے کو حصول دارین کا وہ سامان پیدا کر لیا جو بڑے بڑے رئیسوں اور نوابوں کو بھی لبا اوقات حاصل نہیں ہوا کرتا۔ چنانچہ آپ نے مندرجہ ذیل رقم مختلف مدات پر خرچ کرنے کیلئے بطور ہدیہ تقسیم کی:

والی حجاز کی سلامتی کی خوشی میں ۵۰۰ ریال۔ ہوائی بیڑہ ۲۰۰۰ روپیہ۔ نہر زبیدہ ۱۵۰۔ دارالعزہار ۲۰۰۔ سلطان کے باڈی گارڈ کیلئے ۱۰۰۔ مدرسہ فلاح ۱۲۵۔ مدرسہ صولتیہ ۱۵۰۔ مدرسہ تحریبہ ۱۰۰۔ مدرسہ دارالحدیث ۱۵۰۔ مدرسہ ترقی علمیہ ۵۰۔ خدمت حرم شریف ۱۰۰۔ میزان کل ۴۲۲۵ روپیہ۔

کلام الملوک

سلطان ابن سعود نے قصر عالی میں اطراف عالم کے ممتاز حجاج اور علماء کرام کو ضیافت دی اور حسب معمول ایک پرجوش حقیقت افروز اور تاریخی تقریر فرمائی۔ تقریر میں آپ نے کتاب اللہ اور سنت کی اتباع اور دستور اسلامی کی حامل اور اخوت و ائتلاف کا سرچشمہ تھی آپ نے تقریر کے آخر میں ذیل کے کلمات ارشاد فرمائے۔ ہر مسلمان کا فرض ہے کہ وہ ان کلمات پر غور کرے۔ جلالۃ الملک نے فرمایا:

"اکثر لوگ کہتے ہیں کہ اغیار نے مسلمانوں کو تباہ کر ڈالا ہے۔ ہمارے اندر تفرقہ پیدا [illegible]

[illegible]

احترام کے ساتھ! آخر یہ کیا بات ہے؟"

سچ ہے مسلمانوں کے زوال کی مختصر تاریخ اس کے سوا اور کیا ہو سکتی ہے۔

حکومت حجاز نے تردید کر دی

اخبار "ابلاغ" نے حجاز کے متعلق دو خبریں شائع کی تھیں جن کے متعلق اس کا دعویٰ ہے کہ وہ اسے جدہ سے حاصل ہوئی تھیں ان میں سے پہلی خبر تو یہ ہے کہ شامی مسلمانوں کے ایک وفد نے والی حجاز سے درخواست کی تھی کہ وہ ممالک عربیہ میں شہنشاہی نظام قائم کریں۔ دوسری خبر یہ تھی کہ جلالۃ الملک سلطان حجاز نے حکومت یمن کے نام ایک یادداشت ارسال کی ہے جس میں حادثہ حرم کی تحقیقات کا امام یمن سے مطالبہ کیا گیا ہے اور بتایا گیا ہے کہ اس سازش میں یمن کے بعض حکام بھی شریک ہیں۔ حکومت حجاز نے سرکاری طور پر ان دونوں خبروں کی تردید کر دی ہے اور اعلان کیا ہے کہ یہ دونوں اطلاعیں بے بنیاد اور بے اصل ہیں۔

حضرت عیسیٰ علیہ السلام کا ایک خط

لندن میں حضرت عیسیٰ علیہ السلام کے ایک خط کا انکشاف ہوا ہے جو لندن کے ایک پادری صاحب کے کتب خانہ سے دستیاب ہوا ہے۔ آج تک حضرت مسیح علیہ السلام کے کسی مکتوب کا حال لوگوں کو معلوم نہ تھا۔ یہ خط اپنی قسم کا پہلا خط ہے۔ یہ خط دراصل عرب کے ایک بادشاہ کے مکتوب کا جواب ہے جو کسی سخت بیماری میں مبتلا ہو گیا تھا۔ اس نے حضرت مسیح کے معجزانہ کارناموں کا حال سنا تھا کہ وہ بیماروں کو اچھا کر دیا کرتے ہیں اس لئے اس نے آپ کو خط لکھ کر عرب بلانا چاہا۔ حضرت مسیح نے عرب میں آنے سے مجبوری ظاہر کی اور خط لکھ کر بادشاہ عرب کو یقین دلایا کہ اس کی خواہش پوری ہو جائے گی۔ بہرحال یہ خط بہت ہی دلچسپ ہے اور خواہ وہ حضرت مسیح کا نہ ہو مگر قدامت کے لحاظ سے وہ ضرور قدر و قیمت کے لائق ہے۔

شراب نوشی اور نوجوان لڑکیاں

میل بورن کانفرنس میں اس حقیقت کو بے نقاب کیا گیا کہ آسٹریلیا میں پیدائش اور اموات کا تناسب قائم نہیں ہے۔ اموات کی تعداد میں حیرت انگیز اضافہ ہو گیا ہے اس کا سبب یہ ہے کہ نوجوان لڑکیاں کثرت سے سگرٹ اور شراب نوشی میں اور کل آبادی کی نصف لڑکیاں بالغ ہونے تک ماں بننے کے ناقابل ہو جاتی ہیں۔ ڈاکٹر ڈیلی نے اس کانفرنس میں اعداد و شمار پیش کر کے بتایا کہ آسٹریلیا اس وقت قومی خودکشی کی طرف قدم بڑھا رہا ہے۔ اگر شراب نوشی نوجوان لڑکیوں کو نہ روکا گیا تو پیدائش کم اور اموات زیادہ ہوتی رہیں گی اور نوجوان اور حسین لڑکیاں کبھی ہوتی نظر آئیں گی۔

ہمیں تو موت ہی آئی شباب سے پہلے

ہنگری کا نومسلم حاجی

اس سال کی خصوصیات میں سے ایک خصوصیت یہ ہے کہ اس دفعہ بہت سے نومسلم انگریز، ڈچ اور مغربی باشندوں نے ارض مقدس میں حضوری کی سعادت حاصل کی چنانچہ ہنگری کے نومسلم عبدالکریم جرمانوس ہنگری بوڈاپسٹ میں استاد تاریخ ہیں فریضہ حج کی ادائیگی کے لئے ارض حرم میں وارد ہوئے اور پہلی مرتبہ اخوت اسلامی کا عملی نظارہ دیکھا۔

حجاز کے قیدیوں کو معافی

جلالۃ الملک والی حجاز اور آپ کے فرزند کو ارض حرم میں جو حادثہ پیش آیا تھا اس سے مامون رہنے کی خوشی میں حجاز کے ان قیدیوں کو عام معافی کا اعلان دے دیا گیا جن کی میعاد سزا کے ختم ہونے میں تھوڑی مدت باقی رہ گئی تھی۔ اعلان میں یہ بھی تصریح ہے کہ حالات کی مناسبت سے طویل سزا پانے والے قیدیوں کو بھی رہا کیا جا سکتا ہے مگر اس شرط کے ساتھ کہ امن عامہ میں کسی قسم کا خلل [illegible]

[illegible]

الجزائر میں داروگیر

[illegible]

شربت فولاد

SHARBAT ROOHAFZA

Registered

شربت روح افزا

[illegible]

ہمدرد دواخانہ یونانی دہلی



ضروری اعلان

خریداران الجمعیۃ کیلئے

مدت خریداری ختم ہونے سے قبل ہی جو حضرات اپنا چندہ بذریعہ منی آرڈر ارسال فرمادیتے ہیں ان کا اخبار مسلسل پہنچتا رہتا ہے مگر جو حضرات وی پی کے منتظر رہتے ہیں ان کا اخبار مدت خریداری ختم ہوتے ہی بند ہو جاتا ہے اور جب تک وی پی کی کارروائی ہو کر دوبارہ نئی مدت خریداری قائم نہ ہو جائے ان کا اخبار بند رہتا ہے۔ اس طرح سخت تکلیف ہوتی ہے۔ لہٰذا جملہ خریدار صاحبان سے گزارش ہے کہ وہ اختتام مدت کی اطلاع موصول ہوتے ہی آئندہ کیلئے چندہ خریداری بذریعہ منی آرڈر ارسال فرمادیا کریں۔ اس طرح ہمیں اور انہیں دونوں کو آسانی ہوا کرے گی۔

تمام دنیا کے مسلمان قادیانیوں کو دائرۂ اسلام سے خارج سمجھتے ہیں

ہندوستان کی حکومت اُن کی سرپرستی کر رہی ہے

گورنر پنجاب کی تقریر پر سابق جسٹس لاہور کا احتجاج

انجمن حمایت الاسلام کے گزشتہ اجلاس میں گورنر پنجاب نے تقریر کرتے ہوئے مسلمانوں اور قادیانیوں کی موجودہ کشمکش کو فرق اسلامیہ کی باہمی آویزش سے تعبیر کیا تھا اور اس کے متعلق مخصوص ناصحانہ انداز میں چند نصیحتیں فرمائی تھیں۔ گورنر پنجاب کی اس تقریر نے اس دلچسپی کو بالکل واضح کر دیا تھا جو قادیانیوں اور مسلمانوں کے معاملہ میں اس وقت حکومت کی جانب سے ظاہر کی جا رہی ہے۔ اور جس کے ماتحت حال ہی میں ایک پوسٹر بھی بعض ایسے حضرات کی جانب سے شائع کیا گیا تھا جو حکومت کے پنشن کی تکمیل ہی کو اپنی پبلک زندگی کا منتہائے مقصود سمجھتے ہیں۔

اس تقریر کا حوالہ دیتے ہوئے سر ظفر علی سابق جسٹس عدالت عالیہ لاہور نے ایک مراسلہ پنجاب کے انگریزی اخبارات "ٹریبیون"، "ٹائمز" اور "سول اینڈ ملٹری گزٹ" میں چھپوایا تھا جس میں انہوں نے گورنر صاحب پنجاب کی مخصوص توجہ کو نکتہ یہ ادا کرنے کے بعد لکھا تھا: "لیکن یہ عرض کر دینا بے جا نہ ہوگا کہ مسلمانوں میں جو ناتفاقی اور رنجش خود حکومت کے بعض افعال کا براہ راست نتیجہ ہے۔ اس لئے گورنمنٹ کے لئے صحیح مشورہ یہی ہے کہ وہ اس معاملہ کے متعلق اپنی حکمت عملی کو بدل دے تاکہ موجودہ کشیدگی ایک تباہ کن صورت اختیار کرنے نہ پائے جیسا کہ انجمن کے تمام جلسوں کی کارروائی سے ظاہر ہوتا ہے۔ قادیان کے مرزائیوں یا احمدیوں کے خلاف شدید جذبات برانگیختہ ہو رہے ہیں۔ اور مجھے یقین ہے کہ حکومت اس حقیقت سے آگاہ ہے اور وہ اسے نظر انداز نہیں کر سکتی۔"

حکومت کی جانبدارانہ روش

عامۃ المسلمین کے دلوں میں اس خیال سے کہ حکومت مسلمانوں کے مقابلہ میں قادیان کی مرزائی جماعت کی حمایت کر رہی ہے۔ بہت بے چینی پیدا ہو گئی ہے اور یہ خیال حال ہی میں بہت زیادہ پھیل گیا ہے۔ مسلمان اخبارات میں اور پلیٹ فارم پر اس رائے کے اظہار میں بالکل ہم آہنگ ہیں کہ مرزائی مسلمان نہیں ہیں۔ مرزائی بھی یہ وعظ کرتے ہیں کہ جو لوگ ان کے ہم عقیدہ نہیں ہیں وہ مسلمان نہیں ہیں۔ حکومت نے یہ فرض کر لیا ہے کہ مرزائی مسلمانوں کا ایک فرقہ ہیں۔ مگر حکومت کا یہ قیاس غلط ہے۔

گورنمنٹ کو اس امر کا یقین دلانا کہ مرزائی مسلمان نہیں ہیں ضروری ہے اور اس لئے کسی مرزائی کو ذمہ داری کے ایسے عہدے پر مقرر نہیں کرنا چاہئے جس پر عام طور پر ایک مسلمان کو فائز ہونا چاہئے۔ مسلمان اس حقیقت کو مدنظر رکھتے ہوئے کہ مرزائی مسلمانوں سے برسرپیکار ہیں اپنے اس مطالبہ میں حق بجانب ہیں۔

اصولی اختلاف

دو باتیں صاف ہیں۔ اول یہ کہ عقائد کا اصولی اختلافات کی بنا پر مسلمانوں کے ساتھ شامل نہیں ہو سکتے۔ حالانکہ مسلمانوں کے تمام دیگر فرقے متحد ہو سکتے ہیں۔ کیونکہ وہ ایک ہی پیغمبر (رسول کریم صلی اللہ علیہ وسلم) کے نقش قدم پر چل رہے ہیں مرزائیوں کا اپنا پیغمبر اور تفرقہ ہی وہ اصل ہے جو بنی نوع انسان کی تاریخ میں چلی آئی ہے کہ ایک نئے پیغمبر کے متبعین کو بسا اوقات ان اشخاص کی مخالفت سے دوچار ہونا پڑتا ہے جو قدیم ادیان کے پابند ہیں۔ اس لئے یہ خیال کرنا ایک بڑی غلطی ہے کہ مرزائی مسلمانوں کا ایک فرقہ ہیں۔ یہ ایسا معاملہ ہے جس کی بڑے زور سے تردید کرتے ہیں۔ اور سب جانتے ہیں کہ مرزائی عام مسلمانوں سے علیحدگی کی جنگ کا وعظ کرتے ہیں۔

مرزائی مسلمانوں سے شادی بیاہ کا کوئی تعلق نہیں رکھتے۔ نہ وہ ان کے ساتھ نماز میں شریک ہوتے ہیں۔ نہ کسی مسلمان کے جنازہ پر دعا مانگتے ہیں۔ مسلمان بھی انہیں کافر خیال کرتے ہیں۔

مرزائیوں کی وفاداری

دوم اس امر سے انکار نہیں ہو سکتا کہ مسلمانوں میں یہ عام خیال پھیلا ہوا ہے کہ چونکہ مرزائی حکومت سے اپنی وفاداری کا اقرار کرتے ہیں اس لئے حکومت ان سے اس وفاداری کے صلہ میں ترجیحی برتاؤ کرتی ہے جس سے مسلمانوں کے مفاد کو نقصان پہنچتا ہے۔ مجھے اس معاملہ کی تفصیل بیان کرنے کی ضرورت معلوم نہیں ہوتی۔ اس لئے کہ جن واقعات سے مذکورہ بالا خیال پیدا ہو چکا ہے وہ عالم آشکارا ہو چکے ہیں۔

مذکورہ بالا واقعات کو پیش نظر رکھتے ہوئے حکومت کو اپنی حکمت عملی بدل دینی چاہئے۔ بشرطیکہ وہ مسلمانوں کے زائل شدہ اعتماد کو دوبارہ حاصل کرنا چاہتی ہو۔ مرزائیوں کو ایک جداگانہ جماعت قرار دینا چاہئے۔ ان کی خلاف قانون سرگرمیوں کو اسی طرح سختی کے ساتھ دبانا چاہئے جس طرح مسلمانوں کی کسی جماعت یا فرد کے معاملہ میں کیا جاتا ہے۔ مرزائیوں سے امتیازی سلوک کا نتیجہ لازمی طور پر بے چینی اور ناراضی کی صورت میں ظہور پذیر ہوگا۔"

سر ظفر علی کا یہ مکتوب جب شائع ہوا تو سول اینڈ ملٹری گزٹ نے حکومت کی مدافعت کرتے ہوئے اس کے موجودہ طرز عمل کو حق بجانب ٹھہرانے کی غرض سے ایک شذرہ سپرد قلم کیا اور اس میں لکھا کہ حکومت ایسی حالت میں جبکہ ہائیکورٹ کا فیصلہ قادیانیوں کے مسلمان ہونے کے متعلق موجود ہے کس طرح انہیں اسلام سے خارج قرار دے سکتی ہے اور بعض حکومت پرست حضرات کے اقوال سے بھی استدلال کیا۔ چنانچہ اس شذرہ کے جواب میں سر ظفر علی نے پھر ایک مراسلہ اخبارات کو برغرض اشاعت دیا اور اس میں لکھا کہ "یہ امر درحقیقت افسوسناک ہے کہ "سول اینڈ ملٹری گزٹ" کے فاضل مدیر کی سمجھ میں وہ نکتہ نہیں آیا جو میں نے اپنے بیان میں پیش کیا تھا۔ اور اس نے میرے بیان کے کچھ حصہ کا اور مطلب نکالا ہے۔ چنانچہ میں پھر غیر مبہم الفاظ میں اپنا نظریہ پیش کرتے ہوئے پیدا شدہ صورت حالات کو واضح کر دینا چاہتا ہوں تاکہ کسی قسم کی غلط فہمی کا امکان باقی نہ رہے۔

دو اہم تنقیحات

اس وقت اصل سوال یہ ہے کہ مسلمان مرزائیوں کو کیا تصور کرتے ہیں۔ اور کیا مرزائی مسلمان کہلانے کے حقدار ہیں؟ حکومت کا تعلق خاص سیاسی نقطۂ نظر سے ان دو سوالوں میں سے زیادہ تر پہلے سوال سے ہے۔ مرزائیت کے متعلق دنیائے اسلام کا کیا نظریہ ہے اس کا جواب بہر صورت علمائے اسلام اور مسلم زعماء کی تقریروں۔ اہم ترین اسلامی انجمنوں کی روزمرہ کی قراردادوں سے جو اخبارات میں شائع ہوتی رہتی ہیں اور صوبہ بھر کے کثیر الاشاعت موقر اسلامی اسلامی جرائد کے مقالات سے مل سکتا ہے۔ غرضیکہ اس سلسلہ میں مسلمانوں کا متفقہ فیصلہ یہ ہے کہ مرزائی طبقہ کا مسلمانوں سے کوئی تعلق نہیں۔ اور میں نے اپنے سابقہ مکتوب میں حکومت کو خالص اسی فیصلہ سے مطلع کرنا چاہا تھا۔

عدالتوں کے فیصلے اور سرکاری حضرات کے اقوال

اس کے خلاف یہ دلیل کہ بعض ہائی کورٹوں میں یہ فیصلہ کیا جا چکا ہے کہ مرزائی مسلمان ہیں۔ کوئی وقعت نہیں رکھتی۔ اس لئے کہ ایسی عدالتوں کا فیصلہ جو زیادہ تر غیر مسلم ججوں پر مشتمل تھیں، مسلمان کسی صورت میں قبول نہیں کر سکتے۔ اس کے برعکس بعض مسلم جج غیر مبہم طور پر یہ فیصلہ صادر کر چکے ہیں کہ مرزائی ہرگز مسلمان نہیں۔

جہاں تک ایسے ہندوستانیوں کے نظریہ کا تعلق ہے جو برسر اقتدار یا خطاب یافتہ ہندوستانی کہلاتے ہیں یہ سہل جواب پیش کیا جا سکتا ہے کہ وہ کسی صورت عامۃ المسلمین کے نمائندے اور اسلامی ترجمان قرار نہیں دئے جا سکتے۔ اور نہ مسلمان اُن کے اس نظریہ کو کسی قسم کی اہمیت دیتے ہیں جو مذہب اسلام یا مرزائیت کے متعلق پیش کیا جائے۔

اخیر میں اس حقیقت کو پھر واضح کر دینا چاہتا ہوں کہ کوئی مرزائی پبلک اداروں میں یا کسی سرکاری محکمہ میں مسلمانوں کی نمائندگی نہیں کر سکتا۔ یہ امر نہ صرف مشکل ہے بلکہ غیر ممکن ہے۔ میں نے یہ مکتوب محض اس لئے شائع کرایا ہے کہ حکومت کو صحیح واقعات اور حقائق سے مطلع کر دیا جائے تاکہ وہ صورت حالات کا ٹھیک طور پر اندازہ لگا سکے۔"

سر ظفر علی کے اس دوسرے مکتوب کے بعد ابھی تک حکومت کا پروپیگنڈا کرنے والے اخبارات نے کوئی جواب نہیں دیا ہے مگر خود خلیفہ قادیان نے اپنے ایک خطبہ میں بہت واویلا کیا ہے۔ اور ایک عجیب مہمل انداز میں یہ ثابت کرنے کی کوشش کی ہے کہ ہم مسلمانوں کو کافر بھی سمجھتے ہیں اور پھر بھی مسلمان ہیں۔ اس کی تفصیل ہم انشاء اللہ آئندہ اخبار میں دیں گے۔

مولانا شفیع داؤدی کے انتخاب کا مقدمہ

مدعا علیہ کا بیان

استغاثہ کی شہادتیں

الحاج مسٹر محمد یونس بیرسٹر کی افتتاحی تقریر کے بعد مقدمہ کی حسب ذیل کارروائی عمل میں آئی:

اپنے طویل بیان تحریری میں جو اکتیس پیرے گراف پر مشتمل ہے مولوی شفیع داؤدی نے اس بات سے انکار کیا ہے کہ انہوں نے خود یا اپنے کسی ایجنٹ کی وساطت سے وہ سب حرکات یا اخراجات کئے ہیں جن کا تذکرہ عرضی میں کیا گیا ہے۔ مولانا شفیع داؤدی اقرار کرتے ہیں کہ انہوں نے الکشن کے اخراجات کا صحیح حساب پیش کیا ہے۔ اور وہ کسی ناجائز حرکت کے مرتکب نہیں ہوئے ہیں۔ یہ الزام ان پر محض غلط لگایا گیا ہے۔ اس کے بعد انہوں نے اس سے بھی انکار کیا ہے کہ وہ "اتحاد" کے مالک ہیں اور ان کا بیان ہے کہ انہوں نے کوئی مضمون جس کی شکایت عرضی میں کی گئی ہے "اتحاد" یا دوسرے پمفلٹ، ہینڈبل اور اشتہارات وغیرہ میں شائع کیا، نہ شائع کرایا اور نہ اُن کی سازش سے اس قسم کا کوئی مضمون شائع ہوا تھا۔ وہ اس بات سے بھی انکار کرتے ہیں کہ اپنے حریف کے انتخاب پر خلاف اثر ڈالنے کی غرض سے انہوں نے کوئی غلط بیان شائع کرایا ہو۔

مباہلہ کا چیلنج

مولانا فرماتے ہیں کہ عرضی کے دفعہ ۱۴ میں مجھ پر جو یہ الزامات عائد کئے گئے ہیں کہ گزشتہ الکشن کے موقع پر میں نے خود یا دوسرے لوگوں کے ذریعہ اپنے علم اور سازش سے زبانی اور تحریری طور پر یہ افواہ پھیلا دی کہ مولوی عبدالحمید خاں کے معاونین اور نائب امیر شریعت پر قہر خداوندی نازل ہوگا محض غلط ہے بلکہ امارت شرعیہ نے مولوی عبدالحمید خاں کو اپنا امیدوار نامزد کر دیا غیر امیدواری اور کیریکٹر کے خلاف فتویٰ جاری کر کے مذہبی جھگڑا اور تعصب پھیلا دیا میرے ووٹروں اور حامیوں کے لئے بددعائیں کیں (جیسا کہ کاغذات ملاحظہ سے ظاہر ہوگا) اور اس طرح میرے لئے کافی دقتیں پیدا کر دیں۔ میں نے ہرگز مولانا سجاد کو (جو پٹنہ ضلع کے رہنے والے ہیں۔ اور ترہٹ ڈویژن میں ووٹر بھی نہیں ہیں) مباہلہ کا چیلنج نہیں دیا اور نہ مباہلہ کا کوئی اشتہار اس حلقے کے ووٹروں پر اثر ڈالنے کے خیال سے شائع کیا۔

تحریک سول نافرمانی اور مسلم کانفرنس

تاریخ ۱۱ اکتوبر ۱۹۳۴ء (جس کو مستغیث نے مباہلہ کا دن بتایا ہے) کا اصل واقعہ یہ ہے کہ مولانا سجاد نائب امیر شریعت صوبہ بہار واڑیسہ بعض اسباب کی بنا پر میرے زبردست مخالف ہیں منجملہ اُن اسباب کے ایک یہ ہے کہ آل انڈیا مسلم کانفرنس کے سکریٹری کی حیثیت سے میں نے ہندوستانی مسلمانوں کو ۱۹۳۰ء کی تحریک سول نافرمانی میں حصہ لینے سے منع کیا تھا۔ اور مولانا سجاد جمعیۃ العلماء ہند اور امارت شرعیہ کے ایجنٹ ہونے کے باعث چاہتے تھے کہ مسلمان اس تحریک میں حصہ لیں۔ ہندوستانی مسلمانوں نے اُن کی باتوں پر کان دھرنے سے انکار کر دیا۔ اس پر مولانا سجاد نے یہ تہیہ کر لیا کہ وہ ہندوستانی مسلمانوں کے سامنے میرے کیریکٹر کو بدترین صورت میں پیش کریں۔ اس خیال سے انہوں نے یہ پروپیگنڈا کرنا شروع کیا کہ شفیع داؤدی نے مسلمانوں کے خلاف ایک رپورٹ تیار کی ہے۔ حکومت صوبہ سرحدی کی جابرانہ پالیسی کی تائید کی ہے شفیع داؤدی حکومت برطانیہ کا چاپلوس ایجنٹ ہے۔ شفیع داؤدی نے اُن قوانین کی تائید کی ہے جن کے ذریعہ سفر حج میں بہت زیادہ دقتیں پیدا ہو گئی ہیں اور یہ بھی کہ ۱۹۲۹ء میں حج کمیٹی کا ممبر ہو کر شفیع داؤدی نے انگریزوں کیلئے عرب کی مقدس سرزمین میں داخلہ ہونے کیلئے آسانیاں پیدا کر دی ہیں یہ پوشیدہ اور علی طور پر پمفلٹ اور کتابیں شائع ہو کر تقسیم ہوئیں۔ اور میرے خلاف ایک زبردست پروپیگنڈا کیا گیا۔ میں نے ساری فضا کو اس کے اثر سے مسموم پایا۔ میرے کیریکٹر اور خود میری اسلامی شخصیت ان وجوہ سے باعث سخت خطر میں پڑ گئی۔ ایسے حال میں میرے پاس سوائے اس کے اور کوئی چارہ کار نہیں تھا کہ میں اپنی برأت اور کیریکٹر کی صفائی کیلئے مولانا سجاد کو مسلمانوں کے سامنے ہم پر جو الزامات عائد کئے گئے ہیں اُنہیں دہرانے کیلئے بلاؤں۔ میں نے اپنی آمادگی ظاہر کی اور خدا کے سامنے قسم کھائی کہ مجھ پر جو الزامات عائد کئے گئے ہیں محض غلط اور بے بنیاد ہیں۔ ووٹروں پر اثر ڈالنے کا تو کوئی سوال ہی نہیں تھا۔ اور اس مباہلہ کو گزشتہ الکشن سے قطعاً کوئی سروکار نہیں یہ مباہلہ کسی طرح بھی حق انتخاب کے آزادانہ استعمال میں مخل نہیں ہوا۔

مولانا کو اس سے بھی انکار ہے کہ انہوں نے کوئی اشتہار یا پمفلٹ اس مضمون کا شائع کیا یا کرایا کہ شفیع داؤدی کو ووٹ دینے والے پر خدا کی رحمت اور عبدالحمید خاں کو ووٹ دینے والوں پر خدا کا قہر نازل ہوگا۔ یہ سراسر غلط اور بے بنیاد اور مہمل بات ہے۔ زبانی یا تحریری طور پر یہ مشتہر کرا دیا کہ میں امارت کے ٹکٹ پر کھڑا ہوا ہوں۔ اور پھلواری کے پیر صاحب نے مجھے کھڑا ہونے کے لئے اور عبدالحمید خاں کو امیدواری سے دستبردار ہو جانے کے لئے کہا ہے اور یہ کہ عبدالحمید خاں الہیات کے حکم سے خلاف کھڑے ہوئے ہیں۔

بوگس اور مُردوں کا ووٹ

میں نے کوئی بوگس ووٹ یا مردہ شخصوں کا ووٹ یا ڈبل ووٹ پاس نہیں کیا۔

دفعہ ۳۳ میں جو مجھ پر یہ الزام لگایا گیا ہے کہ میں نے عبدالحمید خاں کے بعض پولنگ ایجنٹوں کو بہکا کر انہیں اپنے فرض سے غافل بنا دیا سراسر جھوٹ اور افترا ہے۔

میں نے کوئی ناجائز طرح پر یا غیر قانونی اور ناجائز حرکت نہیں کی ہے مستغیث کی کوئی شخصیت نہیں ہے۔ اور وہ بالکل نائب امیر شریعت کے ہاتھوں میں ایک کٹھ پتلی ہے نائب امیر شریعت یعنی مولوی سجاد صاحب یہ مقدمہ لڑ رہے ہیں۔ اور حقیقت یہ ہے کہ انہیں نے یہ حاسدانہ اور جھوٹی عرضی دعویٰ داخل کی ہے۔ اس سے ان کا مقصد مجھے نقصان پہنچانا اور پریشان کرنا ہے۔ وہ میرے دشمن ہیں اور میرے خلاف پروپیگنڈا کر رہے ہیں چونکہ ان کے نامزد کئے ہوئے امیدوار عبدالحمید خاں کو میرے مقابلہ میں شکست ہوئی اس لئے انہیں سخت ملال ہے اور اس شکست کے باعث انہیں مالی نقصان کا بھی خطرہ ہے۔ اس مقدمہ کے ذریعہ نائب امیر شریعت چاہتے ہیں کہ ترہٹ ڈویژن کے مسلمانوں پر پھر امارت شرعیہ کا تازیانہ چل جائے۔ کاغذات داخلہ عدالت جن کا سلسلہ نمبر ۵۔ ۹۔ ۱۰۔ اور ۱۵ ہے میری ایما سے طبع اور شائع ہوئے۔ کاغذات [illegible] ان کی اشاعت اور طباعت سے مجھے کوئی سروکار نہیں۔ میں نہیں کہہ سکتا کہ کس نے انہیں چھپوایا اور شائع کیا یا مستغیث کا یہ بیان کہ محمد سلیم نے مسلمان عورت ووٹروں کو طلاق دلوا دینے کی دھمکی دی محض غلط اور بالکل بے بنیاد ہے۔ واقعہ یہ ہے کہ تاجپور پولنگ اسٹیشن میں ایک مسلمان عورت ووٹر مساۃ خدیجہ نام کی ہے جو بکھ دن ہوئے بیوہ ہو گئی ہے۔ اس کے علاوہ اور کوئی شوہر والی عورت ووٹر وہاں نہیں ہے۔ جسے اس قسم کی دھمکی دی جا سکتی تھی مساۃ خدیجہ مذکور نے کسی کو ووٹ نہیں دیا۔

عبدالحمید خاں کا بیان

پٹنہ ۲۰ اپریل۔ مولوی عبدالحمید خاں وکیل گزشتہ اسمبلی الکشن کے موقع پر مولانا شفیع داؤدی کے مقابلہ میں کھڑے ہوئے تھے۔ مستغیث (شیخ منصور) کی جانب سے پہلے گواہ تھے۔ مسٹر یونس کے سوال کرنے پر جو کچھ بیان ہوا وہ مندرجہ ذیل ہے:

سنہ ۱۹۳۰ء میں لیجسلیٹو اسمبلی کے الکشن کے موقع پر ترہٹ ڈویژن مسلم حلقہ سے میں اور شفیع داؤدی امیدوار تھے۔ اُس دفعہ میں خود کھڑا ہوا تھا اور مجھے اپنے حریف کے مقابلہ میں کامیابی نہ ہو سکی۔ ۱۹۳۴ء میں گزشتہ الکشن کے موقع پر میں پھر ترہٹ ڈویژن مسلم حلقہ سے کھڑا ہوا تھا۔ اس دفعہ جناب امیر شریعت کی اجازت سے امارت شرعیہ پھلواری شریف نے ایک الکشن بورڈ قائم کیا تھا۔"

مسٹر شفیع داؤدی نے یہ بات پیش کی کہ اصل کاغذ جس پر عبدالحمید خاں (گواہ) نے دستخط کیا تھا عدالت میں پیش کیا جائے۔ مسٹر یونس نے اسی تجویز کو منظور کیا پھر مسٹر یونس کے سوالات کا جواب دیتے ہوئے گواہ (عبدالحمید خاں) نے حسب ذیل بیان دیا:

"الکشن بورڈ (قائم کردہ امارت شرعیہ) نے مجھے ترہٹ ڈویژن سے کھڑا کیا۔ میرے علم میں مولانا شفیع داؤدی اخبار اتحاد اور قومی پریس کے حقیقی مالک ہیں۔ چنانچہ جب کبھی وہ باہر جاتے ہیں تو "اتحاد" کے لئے چندہ وصول کرتے ہیں۔ پٹنہ میں مولانا شفیع داؤدی کا قیام "اتحاد" کے دفتر میں رہتا ہے "اتحاد" اور قومی پریس دونوں کا دفتر ایک ہی جگہ ہے۔ دفتر اڈیٹر اتحاد سے میں واقف ہوں۔ ولی بیرانگی کو نے مولانا شفیع داؤدی کیلئے خوب پروپیگنڈا کیا تھا۔ اور گزشتہ الکشن کے موقع پر مولانا شفیع داؤدی نے قومی پریس اور "اتحاد" سے خوب کام لیا۔ قومی پریس نے میری امیدواری اور میرے کیریکٹر کے خلاف محض غلط بیانات شائع کئے اور اسی سلسلے میں بہت سے پمفلٹ اور اشتہارات چھاپ ڈالے۔ اکثر پمفلٹ قومی پریس میں چھپے تھے۔ اور بعض پمفلٹ ایسے تھے جن کے متعلق کہہ نہیں سکتا کہ کہاں چھپے تھے۔ جہاں تک میں کہہ سکتا ہوں وہ یہ ہے کہ مولانا شفیع داؤدی مجھ سے اور میری سیاسی زندگی سے بخوبی واقف ہیں ہمارے حلقہ میں اہلحدیث ووٹروں کی کافی تعداد ہے۔ مسلمان علی العموم اور اہلحدیث بالخصوص عام (باقی صفحہ ہذا کالم ۲ کے نیچے ملاحظہ فرمایئے)

(بسلسلہ صفحہ ہذا کالم ۴)

مسلمانوں سے کہیں زیادہ سلطان ابن سعود کا احترام کرتے ہیں۔ میرے متعلق جیسا کہ پمفلٹوں میں شائع ہوا ہے کہ "مالویہ پرست"، "ننگ اسلام" ہوں محض غلط ہے۔ یہ بات بھی محض غلط ہے کہ مولانا بشارت کریم، مولانا شاہ محی الدین اور مولانا عبدالکبیر صاحبان نے اپنی تقریروں اور تحریروں میں یہ ظاہر کیا تھا کہ وہ لوگ شفیع داؤدی کے مخالف نہیں تھے۔ میں ہرگز کانگریسی نہیں ہوں اور نہ کسی کانگریسی نے ظاہرا یا مخفی طور پر میری امیدواری کی تائید کی۔ الکشن کی کارروائیوں کے دوران میں ڈاکٹر محمود صاحب جنرل سکرٹری آل انڈیا کانگریس کمیٹی کے یہاں اُن کی حمایت حاصل کرنے کی غرض سے چھپرہ گیا تھا۔ ڈاکٹر محمود صاحب نے چند شرائط پیش کی تھیں جن کو میں نے منظور نہیں کیا۔ اور اس بنا پر ان کی حمایت حاصل کرنے سے قاصر رہا۔ ایک امیدوار کی حیثیت سے میں تقریباً سب مسلمانوں کی خدمت میں حاضر ہوا تاکہ وہ میری تائید کریں۔ اپنی سیاسی زندگی کے دوران میں میں ہمیشہ مسلمانوں کا پکا خیرخواہ رہا۔ سنہ ۱۹۲۶ء میں کونسل کے سلسلے میں دربھنگہ ضلع میں ایک ہندو مسلم فساد برپا ہوا تھا۔ اس وقت میں نے مسلمانوں کی طرفداری کی۔ انجمن اسلامیہ دربھنگہ نے (جس کے صدر مسٹر شفیع بیرسٹر ہیں) متفق الرائے ہو کر مجھے دربھنگہ کی کئی مسجدوں کا متولی بنا دیا اور میں چند مساجد کے متولی کی حیثیت سے کام کرتا رہا ہوں۔ مسٹر شفیع بیرسٹر دربھنگہ ضلع میں شفیع داؤدی کے خاص کارکن تھے۔"

اتنے میں چار بج گئے اور اجلاس برخاست ہو گیا۔

(باقی آئندہ)

سرمہ نور

اگر آنکھوں کی قدر ہے تو ان دو سرموں میں سے کوئی سرمہ اپنے حسب حال انتخاب کر کے استعمال کیجئے۔

سرمہ نمبر ۱۔ آنکھوں کی خارش، سرخی، دھند، جالا، پھولا، ناخونہ اور پلکوں کا گرنا، پرانے سے پرانے زخم کیلئے خصوصاً مفید ہے۔ اس کے استعمال سے بفضلہ تعالیٰ جملہ امراض کا ازالہ ہو جاتا ہے۔ جن لوگوں کو کسی قسم کا مرض نہیں ہے وہ بھی اس کا استعمال کر کے اپنی آنکھوں کی حفاظت کر سکتے ہیں انشاء اللہ ان کی آنکھوں کو کسی قسم کا مرض لاحق نہ ہوگا۔ قیمت فی تولہ دو روپیہ آٹھ آنہ (۲/۸) ۶ ماشہ کی شیشی ایک روپیہ چار آنہ (۱/۴)

سرمہ نمبر ۲۔ یہ سرمہ بھی پہلے کی طرح تمام امراض چشم سوائے رو ہا اور پلکوں کے گرنے کیلئے مفید ہے خصوصاً موتیابند کے ابتدائی پانی کو نکال دیتا ہے اگر پانی کم گیا ہو تو اس کا استعمال مفید ہوگا۔ طلبہ یا دوسرے حضرات جو نوشت و خواند کا کام زیادہ کرتے ہیں ان کیلئے خاص کر اس سرمہ کا استعمال بہت مفید ہے۔ عینک لگانے سے پہلے اگر اس سرمہ کا استعمال شروع کر دیں تو انشاء اللہ عینک کی ضرورت نہ پڑے گی۔ قیمت فی تولہ پانچ روپیہ ۳ ماشہ کی شیشی ایک روپیہ چار آنہ۔ محصول ڈاک پیکنگ بذمہ خریدار۔

ملنے کا پتہ

(مولانا) نورالدین بہاری، پھلواری شریف، پٹنہ

رسالہ

اٹھتی ہوئی جوانی بالکل مفت

گمراہ نوجوانوں کو راہ راست پر لانے کے لئے

بچوں کی صحیح طریقہ سے پرورش کر کے نوجوان بنانے کے لئے

اٹھتی ہوئی جوانی کی حفاظت کرنے کے لئے

جوانی واپس لانے کی تدبیریں بتلانے کے لئے

رسالہ اٹھتی ہوئی جوانی تیار کیا ہے۔ صرف دس ہزار شائع ہوا ہے ایک کارڈ لکھ کر بالکل مفت طلب فرمائیں

پتہ:۔ وید شاستری رام نگر کاٹھیاوار

"نگارستان کشمیر"

(مصنفہ قاضی ظہور الحسن صاحب سیوہاروی)

کشمیر جنت نظیر کی جدید ترین تاریخ، سلاطین و مہاراجگان کشمیر کی حکومت کا صحیح مرقع، متعصب ہندو مورخین کشمیر کے ان بے بنیاد جھوٹے الزامات کے دنداں شکن جوابات جن سے اسلامی سلاطین کشمیر کے دامن کو آلودہ کیا ہے۔ اس کے برعکس ہندو تہذیب کے پوست کندہ حالات اور مظالم کی تفصیلات، مندروں کے انہدام ڈولہ کی رسم، جنیو شکنی اور جبریہ اشاعت اسلام وغیرہ منافرت پیدا کرنے والے مکروہ پروپیگنڈے کی حقیقت، حضرت عیسیٰ علیہ السلام و مریم صدیقہ کی قبروں کی تحقیق مرزائے قادیان کی ہرزہ سرائی کے محققانہ جوابات، مشاہیر کشمیر اور اسلامی آثار کی عظیم الشان تاریخ ۹ ابواب پر مشتمل ۴۱۰ صفحہ کی کتاب اعلیٰ کتابت و طباعت، خوشنما رنگین ٹائٹل قیمت دو روپے آٹھ آنہ (۲/۸) (اخبار کا حوالہ ضرور دیجئے)

ملنے کا پتہ:۔ مکتبہ شرقیہ سوئیوالان۔ دہلی

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم

الجمعیۃ دہلی

یوم پنجشنبہ ۵ ؍ صفر المظفر ۱۳۵۴ ہجری

تحقیقات آجرہ کے متعلق سرکاری گزٹ کی تفصیلات

مہاراجہ کولہاپور کے منصفانہ احکام

اس سے قبل ہم ایک مختصر شذرہ میں اس خبر پر اظہار رائے کر چکے ہیں جو حادثہ آجرا کی تحقیقات کے متعلق شائع ہوئی تھی اب تازہ ڈاک سے ہمیں ریاست کولہاپور کے غیر معمولی گزٹ کی اشاعت ۱۸ مارچ و ۲۶ اپریل ۱۹۳۵ء کا ایک پرچہ موصول ہوا ہے جس میں ہز ہائینس مہاراجہ کولہاپور کے مفصل احکام اور تحقیقاتی کمیشن کی رپورٹ ...

حادثہ سے قبل کے واقعات

ان غیر اہم اور نہایت معمولی مسائل کو جیا گیر کے حکام نے جس طرح اپنے اقتدار اور پرسٹیج کا سوال بنا لیا اس کی مذمت مہاراجہ نے نہایت سخت الفاظ میں کی ہے۔ لیکن اس کے بعد جو واقعات رونما ہوئے وہ اور بھی زیادہ قابل مذمت ...

اصل واردات

وجوہ نزاع

سفارشات اور احکام

(باقی آئندہ)

شذرات

ریاست بہاولپور کے ہندو رہنما

ریاست بہاولپور کے فرماں روا نے موجودہ دور میں اپنی غیر مسلم رعایا کے ساتھ جس قابل قدر رواداری کا ثبوت پیش کیا ہے اس کی مثال دوسری دیسی ریاستوں میں ملنا دشوار ہے۔ ایسے ایسے مواقع پر جبکہ پرسٹیج کا بھوت نہ صرف مطلق العنان حکمرانوں بلکہ آئینی حکومتوں کے ذمہ دار عہدہ داروں کو بھی اپنی بات کی پچ اور ناجائز ضد پر مجبور کر دیتا ہے۔ ریاست بہاولپور کے بیدار مغز فرماں روا نے محض امن و عافیت اور رعایا پروری کی خاطر اپنی سطے شدہ پالیسی کو بدل دیا ہے اور محض ہندو لیڈروں کے کہنے سے ایسی روش اختیار کی ہے جو رعایائے بہاولپور کے غیر مسلم طبقہ کو زیادہ سے زیادہ مطمئن کرنے والی ہو۔ اور جس کے ماتحت تمام دنیا کے سامنے یہ کہا جا سکے کہ بہاولپور کی ریاست ہر قسم کے مذہبی و فرقہ وارانہ تعصبات سے پاک ہے۔ مگر اس رواداری اور انصاف شعاری کے باوجود وہاں کے ہندو رہنماؤں کا جو رویہ ہے وہ نہایت درجہ قابل اعتراض نظر آتا ہے ...

اس جذبہ کو اچھی طرح سمجھ رہے تھے جو اس انکار اور اس اعلان کی تہ میں کام کر رہا تھا چنانچہ انہوں نے یہ بیان اخباروں میں چھپوا دیا کہ پنڈت جی خواہ اس جگہ سے کھڑے ہوں یا نہ کھڑے ہوں مگر انہیں یہ یاد رکھنا چاہئے کہ کانگریس صرف یہی ایک جگہ ان کے لئے خالی چھوڑ سکتی ہے۔ یہ نہیں ہو سکتا کہ کسی موجودہ کانگریسی رکن کو ہٹا کر انہیں جگہ دی جائے۔ ... کیوں کی جا رہی ہے اور کانگریس کا اس میں کیا فائدہ سوچا گیا ہے کہ پنڈت جی اسمبلی میں آ ہی جائیں۔

ہندو مہاسبھا کی مدافعت

مسٹر جناح نے ہندوستان سے جاتے ہوئے ایک بیان دیا تھا جس میں موجودہ سیاسی حالات بالخصوص ہندو مسلم تعلقات کے متعلق اظہار رائے کیا گیا تھا۔ اس بیان میں مسٹر جناح نے کانگریس کے موجودہ رویہ کی نہایت شاندار الفاظ میں تعریف کی تھی ...

"مہاسبھا نے ایک بار نہیں متعدد بار غیر مبہم الفاظ میں اعلان کیا ہے کہ وہ فرقہ پرستی کے بالکل خلاف ہے۔ ہندو مہاسبھا "ہندو راج" کے خواہاں نہیں ہے ..."

پنڈت مالویہ اور اسمبلی

پنڈت مالویہ کا اسمبلی میں جانا بھی ایک تماشہ بن گیا ہے جس وقت عام انتخابات ہونے والے تھے تو پنڈت مالویہ نے اسمبلی میں جانے کے لئے پوری تیاریاں کر لی تھیں ...

حوادث و احکام

کتاب النکاح ۔ حرمات

استفتاء

کیا فرماتے ہیں علمائے دین و مفتیان شرع متین اس مسئلہ میں کہ زید نے اپنی منکوحہ زینب کی حقیقی بہن ہندہ کے ساتھ زنا کیا۔ یہ بات بالتحقیق جب ثابت ہو گئی تو زینب کو زید سے الگ کر دیا گیا ... بینوا توجروا۔

الجواب

زینب کے نکاح میں بوجہ زنا کرنے اس کے شوہر زید کے اس کی حقیقی بہن ہندہ کے ساتھ کوئی نقصان نہیں آیا لہٰذا زینب کا نکاح بدستور سابق قائم ہے ... واللہ اعلم۔

حبیب المرسلین عفی عنہ نائب مفتی مدرسہ امینیہ دہلی

دار الحکومت

دہلی میں تباہ کن آتشزدگی

پچاس ہزار روپے کا نقصان

دہلی ۵ مئی۔ کل دوپہر ایک جانس خاں میں کیمیکل کمپنی کے گودام میں زبردست آگ لگ گئی۔ آگ کے شعلے بہت بلند تھے اور تمام سامان پر برسا چھا گیا تھا ... نقصان کا اندازہ پچاس ہزار روپے سے زائد لگایا جاتا ہے۔

مہرولی میں ڈیڑھ سو مکانات جل گئے

۸۰ بکریاں آگ کی نذر

دہلی ۵ مئی۔ مہرولی میں خوفناک آتشزدگی کے باعث ڈیڑھ سو گھروں کے خاک سیاہ ہو جانے کی خبر موصول ہوئی ہے ... گر ۸۰ بکریاں اور ایک بھینس آگ میں جل گئیں۔

ہنگری کے نو مسلم ڈاکٹر اسد کا ورود دہلی

دہلی ۵ مئی۔ ہنگری کے مشہور نو مسلم ابو لولو ڈاکٹر اسد ۳ مئی کو کشمیر سے دہلی وارد ہوئے۔ آپ اجمیر کی تبلیغی کانفرنس کے صدارتی فرائض انجام دینے کے لئے اجمیر شریف لے گئے ...

حضرت مولانا عبد الحلیم صاحب صدیقی کا ورود

دہلی کے ایک مشہور مخیر رئیس کا وصال

یہ خبر نہایت افسوس کے ساتھ ملک کے ہر حلقہ میں سنی جائے گی کہ مولانا عبد اللطیف صاحب اس عالم فانی سے عالم بقا جاودانی کی طرف چھ مئی کی درمیانی شب میں رات کے بارہ بجے رحلت فرما گئے۔ انا للہ وانا الیہ راجعون۔ ...

روس اور فرانس کا معاہدہ یورپ کیلئے خطرناک ہے

جرمنی کے خلاف فوجی اتحاد کی اسکیم

ہوائی جہاز پاش پاش۔ سات افراد ہلاک

برلن ۵ مئی۔ جرمنی کے اخبارات فرانس اور روس کے درمیان معاہدہ کی برزور مذمت کر رہے ہیں وہ اس کو جرمنی کے خلاف فوجی اتحاد سے تعبیر کرتے ہیں ...

مداخیل لشکر نے ایک خاندان کو بالکل ختم کر دیا

سرحدی قبائل میں رات بھر جنگ

جوبلی کیخلاف اشتہارات کی تقسیم

دہلی میں تلاشیاں اور گرفتاریاں

سندھ اور اڑیسہ کی علیحدگی

جدید انتخابات ۱۹۳۶ء میں ہوں گے

فرانس اور روس میں معاہدہ

دلچسپ شرائط اور وعدے

لندن ۵ مئی۔ فرانس اور روس کے درمیان جو معاہدہ طے پایا ہے اس کی شرائط شائع ہو گئی ہیں۔ معاہدہ پانچ سال تک نافذ رہے گا ...

دکن میں واعظوں کے داخلہ پر پابندی

اعلیٰ حضرت نظام دکن کی جوبلی

ہٹلر کے رشتہ دار گرفتار کر لئے گئے

آسٹریا میں جنگ کا خطرہ

جوبلی کے صدقہ میں قیدیوں کی ضیافت

اپنے مریدوں کے نام سر آغا خاں کا پیغام

کرشن کانت مالویہ اسمبلی کے ممبر ہو گئے

جوبلی کے موقعہ پر لندن میں گڑبڑی

دہلی میونسپلٹی کی طرف سے ملک معظم کو مبارکباد

جوبلی پر خطابات کی تقسیم نہیں ہوگی

ترکی افواج کی پیشقدمی

چینی ترکستان میں حالات کی رفتار

کاشغر ۵ مئی۔ تنگانیوں (چینی مسلمانوں) اور تاتاری نسل کے ترکی مسلمانوں کے درمیان گزشتہ دو سال سے جو خانہ جنگی جاری ہے اس کا تازہ نتیجہ یہ ظاہر ہوا ہے کہ ترکی قبائل پھر ایک بار چینی قبائل پر غالب آ گئے ہیں اور ایک بہت بڑے علاقہ پر قبضہ کر لیا ہے۔

بیان کیا جاتا ہے کہ ترکی قبائل کا ایک لشکر ختن کی طرف پیش قدمی کر رہا ہے اور اگر چینی مسلمانوں کی مزاحمت کارگر نہ ہوئی تو ختن پر بھی ترکوں کا قبضہ ہو جائے گا۔ شہر پر اکثر روسی طیارے پرواز کرتے نظر آتے رہتے ہیں۔

چین کی اشتراکی فوج کی پسپائی

برطانیہ میں جوبلی کے بائیکاٹ کی تلقین

لندن ۶ مئی۔ گذشتہ یکم مئی کو برطانیہ کے کمیونسٹوں اور آزاد مزدوروں کی جانب سے یوم مئی نہایت شان کے ساتھ منایا گیا۔ ہائیڈ پارک میں ایک جلسہ منعقد ہوا جس میں تقریر کرنے والوں نے مزدوروں سے اپیل کی کہ وہ ملک معظم کی سلور جوبلی میں حصہ نہ لیں۔

عرب اور یہودیوں میں خونریز جنگ

صلح کیلئے ہٹلر کی شرائط

حضرت مولانا نور الدین صاحب بہاری کا صدمہ

نہایت رنج و افسوس کے ساتھ یہ اطلاع دی جاتی ہے کہ حضرت مولانا مولوی نور الدین صاحب بہاری نائب ناظم جمعیۃ علماء ہند کے برادر حقیقی محمد طیب صاحب طویل اور مسلسل علالت کے بعد اورنگ آباد ضلع گیا میں ... انتقال فرما گئے۔ ... دعا ہے کہ اللہ تعالیٰ مرحوم کو جوار رحمت و مغفرت میں جگہ دے اور پسماندگان اور اعزہ کے قلب حزیں پر صبر جمیل کا القا فرمائے۔ ہم مولانا نور الدین صاحب اور دیگر اقربا سے اس حادثہ میں دلی ہمدردی کا اظہار کرتے ہیں۔

ملتان میں فرقہ وارانہ کشیدگی

ملتان ۵ مئی۔ آج ملتان میں بالکل امن و امان ہے مسلمان جو گرفتار ہوئے ہیں ... ان احکام کا جوبلی میلہ سے کوئی تعلق نہیں ہے۔

جوبلی میں شرکت کے متعلق علماء کا فتویٰ

سہارنپور ۵ مئی۔ مولانا عبد اللطیف صاحب اور دیگر سربر آوردہ علماء کے دستخط سے ایک فتویٰ شائع ہوا ہے جس میں مسلمانوں کو ہدایت کی گئی ہے کہ وہ نہ تو سلور جوبلی کی تقریب میں شریک ہوں اور نہ مسجدوں میں چراغاں کریں۔

اسپین کا کابینہ مستعفی ہو گیا

میڈرڈ ۵ مئی۔ سینور رلیورکس نے کابینہ وزارت کا استعفیٰ صدر جمہوریت کے پاس داخل کر دیا ہے کورٹیز (پارلیمنٹ) میں سیڈولیکس کی جماعت اکثریت سے تبدیل ہو کر اقلیت میں رہ گئی تھی جس کی وجہ سے گورنمنٹ کے پروگرام کو عملی جامہ پہنانا مشکل ہو گیا تھا۔

ترکی کے ایک ضلع میں قیامت خیز زلزلہ

پانچ سو اشخاص ہلاک۔ بارہ سو مجروح۔ تین ہزار مکانات تہ و بالا

استنبول ۵ مئی۔ کل صبح ضلع کوٹرچ میں ایک زبردست زلزلہ آیا جس نے شہر کی عمارتوں کو تہ و بالا کر دیا چونکہ لوگ بیدار ہو چکے تھے اس لئے زلزلے کے جھٹکے محسوس ہوتے ہی وہ کھلے میدان میں نکل گئے اور جو لوگ اپنے بستروں پر دراز تھے ان کو جان بچانے کا موقعہ نہ مل سکا آخری اطلاع کے مطابق معلوم ہوا ہے کہ اب تک اس زلزلہ میں پانچ سو اشخاص ہلاک اور ۱۲۰۰ زخمی ہو چکے ہیں اور تین ہزار کے قریب مکانات منہدم ہو گئے ہیں زلزلہ کے ساتھ طوفان باد بھی تھا جس نے قیامت برپا کر دی۔ مجروحین کو طبی امداد اور اعلیٰ حکام مصیبت زدگان کی فوری امداد کے لئے موقعہ پر پہنچ گئے ہیں۔ ہلاک شدگان کی صحیح تعداد اس وقت معلوم ہوگی جب مکانات کا ملبہ ہٹایا جائے گا اور رسل و رسائل کے مواصلات قائم ہو جائیں گے۔

فلپائن میں بغاوت پھوٹ پڑی

سڑکیں لاشوں سے پٹی پڑی ہیں

منیلا ۵ مئی۔ فلپائن کے جدید دستور اساسی کے نفاذ کے سلسلہ میں ایک خونناک بغاوت ہوگئی جس کا اثر دور تک پھیلا۔

انتہا پسند جماعت جو سکڈلسٹ کے نام سے مشہور ہے، فلپائن کے مجوزہ نظام حکومت یعنی "دولت مشترکہ" کے خلاف ہے۔ یہ شورش اسی نے پیدا کی ہے اس منصوبے کے متعلق ۱۴ مئی کو استصواب رائے ہونے والا تھا۔

اس شورش کا اثر سب سے زیادہ لاگونہ میں ہوا۔ جہاں سینکڑوں آدمی مارے گئے اور بہت سے زخمی ہوئے۔ کیبیاو میں باغیوں نے بے حد بے دردی کا مظاہرہ کیا۔ سڑکیں لاشوں سے پٹی پڑی ہیں۔

تین ہزار مسلح سکڈالسٹوں نے سنٹا روزا کی میونسپلٹی کی عمارت پر قبضہ کر لیا لیکن سرکاری فوج نے ان کو ایک مقابلہ میں وہاں سے نکال دیا بہت سے آدمی اس جگہ بھی مارے گئے۔

کانسٹیبلاروں کے مسلح گروہ مضافات میں گھوم رہے ہیں۔

بلوان کو انٹس اور ریزال کے صوبوں میں صورت حال بہت تشویشناک ہے یہاں باغیوں نے عامۃ الناس میں بہت جوش پیدا کر دیا ہے۔

منیلا کے شمالی اور جنوبی حصوں میں ٹیلیفون کے تار کاٹ دئے گئے ہیں۔ ریاستہائے متحدہ امریکہ سے جنگی کشتیاں طلب کی گئی ہیں اور بحری بیڑے جزائر فلپائن کے لئے روانہ ہو گئے ہیں۔

(فلپائن بحرالکاہل میں براعظم ایشیا کے مشرقی چینی ساحل سے متصل سب سے بڑا مجموعہ جزائر ہے جو ابتداً امریکہ کے قبضہ میں تھا۔ امریکہ نے ۱۸۹۸ء میں اس پر قبضہ کیا تھا لیکن تیس برس کے بعد ۱۹۲۸ء میں امریکہ نے اس کی آزادی تسلیم کی گذشتہ مارچ میں مسٹر روزویلٹ صدر جمہوریہ نے فلپائن کے ایک جدید دستور اساسی کی منظوری دیدی۔)

اسمبلی اور کونسل کے ارکان کو مستعفی ہونا چاہیئے

حادثہ کراچی پر احتجاج کی صورت

کراچی ۳ مئی۔ سندھ پراونشل خلافت کمیٹی نے کل ایک خاص جلسہ منعقد کر کے مندرجہ ذیل قرار دادیں منظور کیں:۔

(۱) یہ جلسہ حادثہ فاجعہ کراچی کے متعلق اپنے دلی غیظ و غضب کا اظہار کرتا ہے اور اسمبلی اور مجالس قانون ساز کے مسلمان ممبروں کے نمائندگان سے درخواست کرتا ہے کہ چونکہ حکومت نے آزاد تحقیقاتی کمیٹی کے قائم کرنے سے انکار کر دیا ہے اس لئے انہیں چاہیئے کہ احتجاج کے طور پر مستعفی ہو جائیں۔

(۲) یہ جلسہ آل انڈیا لیڈروں سے استدعا کرتا ہے کہ ایک غیر سرکاری کمیٹی قائم کریں تاکہ حادثہ فاجعہ کی تحقیقات کی جا سکے۔

(۳) اس اجلاس کا مطالبہ ہے کہ صوبہ سندھ کا آئندہ گورنر کوئی ایسا سرکاری افسر ہونا چاہیئے جسے پارلیمنٹری حکومت کا وسیع تجربہ حاصل ہو۔ یہ جلسہ اخبارات پر پابندیاں عائد کرنے کے سبب سے حکومت کی پالیسی کو مذموم قرار دیتا ہے۔

(۴) یہ جلسہ سندھ کے مسلمانوں کی مالی اور تعلیمی حالات کو سدھارنے کے لئے شیخ عبدالمجید سندھی کے پروگرام کو منظور کرتا ہے۔

سلور جوبلی کیخلاف سرخ اشتہارات کی تقسیم

دہلی اور میرٹھ میں خانہ تلاشیاں

دہلی ۸ مئی۔ صبح جب سلور جوبلی کے سلسلہ میں سکول کے بچے سارے شہر میں "یونین جیک" تقسیم کر رہے تھے اسی وقت شہر میں سلور جوبلی کے خلاف کسی گمنام نوجوان پارٹی کی جانب سے سرخ اشتہارات تقسیم کئے جا رہے تھے ان پوسٹروں پر کسی پریس کا نام نہیں تھا۔ پولیس بھی سرگرم نظر آ رہی تھی۔ چنانچہ آج علی الصبح ہی دو بجے کے قریب آریہ ویر دل کے ایک کارکن مسٹر ہرشچندر کے مکان پر سی۔ آئی۔ ڈی کی ایک پارٹی سردار کرم سنگھ کی زیر سرکردگی پہنچی اور ان کے مکان کی تلاشی لی۔ لیکن کوئی قابل اعتراض چیز برآمد نہیں ہوئی میرٹھ سے اطلاع موصول ہوئی ہے کہ وہاں بھی بیک وقت کچھ خانہ تلاشیاں ہوئیں۔ ابھی تک اس سلسلہ میں کوئی گرفتاری نہیں ہوئی

ہم امن کے خواہشمند ہیں نہ جنگ کے

ہر ہٹلر کا اعلان

برلن ۲ مئی۔ ہر ہٹلر نے یوم مئی کے سلسلہ میں مزدوروں کے ایک اجتماع میں تقریر کرتے ہوئے کہا کہ ہم جنگ نہیں چاہتے بلکہ ہم امن کے خواہاں ہیں ہمارے پاس نہ نو آبادیاں ہیں نہ خام پیداوار ہے نہ غیر ملکی نیا زر ہے ہمارے پاس صرف ٹیکس اور معمولی آمدنیں ہیں ہمارے پاس صرف ہماری قوم ہے۔ ہمیں اس قوم کے ذریعہ یقیناً آئندہ حالیہ ہم کو سرانجام دینا چاہیئے ...

ہم حریفوں کا اچھی طرح مقابلہ کر سکتے ہیں

جرمنی کے جنرل گورنگ کا اعلان

برلن ۲ مئی۔ جنرل گورنگ نے صاف الفاظ میں اعلان کیا ہے کہ جرمن ہوائی جہاز مسلح ہیں اور وہ دنیا کی کسی طاقت کے مقابلہ کی تاب لا سکتے ہیں۔ ایک غیر ملکی اخباری نامہ نگار سے گفتگو کرتے ہوئے انہوں نے کہا:۔

"ہمارے لیڈر نے مجھے جرمنی کے ہوائی تحفظ کا کام سپرد کیا ہے۔ میری یہ عادت نہیں ہے کہ میں کسی کام کو ادھورا کروں۔ میں آپ کو یقین دلاتا ہوں کہ جرمنی کا ہوائی بیڑہ تاریخ میں نہایت جارحانہ ہے مکمل کیا گیا ہے وہ ہمیشہ اپنے حریفوں کے مقابلہ میں مضبوط ثابت ہوگا۔ اب بھی وہ اتنا مضبوط ہے کہ اگر کسی نے جرمنی پر حملہ کیا تو اس سے سخت مقابلہ کرنا پڑیگا۔ دراصل ہمارے ہوائی جہاز دنیا میں جدید ترین قسم کے ہیں۔ جرمنی کا منشا ہرگز امن عامہ میں خلل ڈالنا نہیں ہے ... جرمنی کے لئے مساوات کا مطالبہ کرنا ایک کار ضرورت ہے ..." جنرل گورنگ نے ... ہوائی طاقت رکھنے ... کے بارے میں جب سوال کیا گیا ... نہیں چاہیئے۔

آئندہ اصلاحات میں کانگریس کی شرکت

صدر کانگریس کا بیان

بمبئی ۳ مئی۔ بابو راجندر پرشاد صدر کانگریس کلیان کے راستے کراچی جا رہے تھے کہ اخبارات کے نمائندوں سے دوران ملاقات ... آئندہ اصلاحات ... کانگریس کی اسکیم کا فیصلہ کرنے کے لئے کانگریس کا اسپیشل اجلاس بھی طلب کرنا پڑیگا۔

سیاسی حلقوں میں ابھی تک یہ قیاس کیا جا رہا ہے کہ نئے آئین کے ماتحت کانگریسی ارکان عہدے قبول کر لیں گے۔

مصری وزیر اعظم زیور پاشا مستعفی ہوگئے

قاہرہ ۷ مئی۔ مصر کے وزیر اعظم زیور پاشا جو نسیم پاشا کی جگہ منتخب ہوئے تھے آج شاہی ایوان اعلیٰ سے مستعفی ہوگئے۔ ایوان میں آپ کا تقرر گذشتہ ماہ نومبر میں ہوا تھا۔

بعض حلقوں کی طرف سے یہ نکتہ چینی کی جا رہی تھی کہ نسیم پاشا پردے ہی پردے میں اپنا ناجائز اثر کام میں لا رہے تھے انہیں چہ میگوئیوں کے جواب میں آپ مستعفی ہوئے ہیں۔ ...

جزائر ملایا کے ایک سلطان کا برطانیہ کو عطیہ

لندن ۷ مئی۔ ریاست جوہور کی اسٹیٹ کونسل نے سلطان کی رضامندی سے پانچ لاکھ پونڈ کی رقم حکومت برطانیہ کو دینے کیلئے اس غرض سے منظور کی ہے کہ سنگاپور کی بحری مستقر کو مستحکم کرنے کی اسکیم کو جلد از جلد مکمل کیا جائے۔ جوہور ایک غیر وفاقی ملائی ریاست ہے اور سلطان کا نام سرابراہیم ہے۔

جلال آباد میں تبلیغی جلسہ

دہلی ۸ مئی۔ معلوم ہوا ہے کہ جلال آباد ضلع پورنیہ میں ایک عظیم الشان تبلیغی جلسہ منعقد ہونے والا ہے جس میں ہندوستان کے علمائے کرام شرکت فرمائیں گے۔ یہ بھی معلوم ہوا ہے کہ حضرت شیخ الہند مولانا سید حسین احمد صاحب مدنی، مولانا حافظ محمد ابراہیم ... اور مولانا احمد سعید صاحب ناظم جمعیۃ علماء ہند اس جلسہ کی شرکت کے لئے ۱۱ مئی کو عازم جلال آباد ہوں گے۔

یو۔ پی گورنمنٹ نے شرح سود مقرر کردی

سرکاری گزٹ میں اعلان

نینی تال ۷ مئی۔ یو۔ پی گورنمنٹ کے تازہ گزٹ میں جو کل شائع ہو رہا ہے دو اعلان کئے گئے ہیں۔ یہ اعلان شرح سود کے متعلق ہیں جو آئندہ ایکٹ امداد مزارعان کے ماتحت زراعت پیشہ لوگوں سے وصول کیا جایا کریگا۔

پہلا اعلان مظہر ہے کہ ۸ مئی سے مندرجہ قانون کے ماتحت زراعت پیشہ لوگوں کے خلاف زر کی ادائیگی کی کسی ڈگری میں ۲½ فی صدی سے زیادہ سود نہیں شمار کیا جائے گا۔

دوسرے اعلان میں محفوظ اور غیر محفوظ قرضہ جات کی شرح سود کی فہرست مندرج ہے اور اس فہرست کا نفاذ ۸ مئی سے ہوگا سود کی شرح جو ان دونوں اعلانات میں تجویز کی گئی ہے اس کا انحصار اس شرح سود پر ہوگا جس پر گورنمنٹ ہند مقامی گورنمنٹوں کو رقم قرض دیتی ہے۔

مولانا سید عطاء اللہ شاہ بخاری کی اپیل

معلوم ہوا ہے کہ ۹ اپریل کو سپیشل مجسٹریٹ گورداسپور کے فیصلہ کے خلاف حضرت مولانا سید عطاء اللہ شاہ بخاری کی طرف سے سیشن جج گورداسپور کی عدالت میں اپیل دائر کر دی گئی ہے۔ مرافعہ کی سماعت کے لئے ۲۲ اور ۲۳ مئی مقرر ہوئی ہے۔

لندن کی سڑکوں پر ۲۶ انسانوں کا خون

لندن ۳ مئی۔ ہفتہ ایسٹر کے دوران میں سڑکوں پر موٹروں اور گاڑیوں سے جو حادثات رونما ہوئے ان کی مجموعی تعداد ۴۰۶ ہے یعنی صرف ایک ہفتہ میں ۱۲۶ اشخاص ہلاک اور ۱۸۰ مجروح ہوئے۔

وائنا میں پانچ کمیونسٹ گرفتار

وائنا ۳ مئی۔ پولیس نے ایک مقام پر ایک بم پھٹنے کے سلسلہ میں پانچ اشتراکیوں کو گرفتار کیا ہے۔ پولیس اسٹیشن کے باہر بم پھٹا تھا جس سے چار آدمی زخمی ہو گئے تھے۔

اخبار الجمعیۃ میں اشتہار دیکر اپنی تجارت کو فروغ دیجئے

خفیہ "باتصویر کارڈ"

اگر آپ عاشق و معشوق کی تنہائی کی ملاقات اور عاشقانہ حسن و جمال کے صاف صاف پوشیدہ انداز دیکھنا چاہتے ہیں، تو ایک تصویر کارڈ طلب کریں، یہ وہی خفیہ تصویر کارڈ ہیں۔ جن کی شوقین مزاج اصحاب کو ہر وقت تلاش رہتی ہے قیمت پورا سٹ ایک سو تصویر کارڈ صرف چھ روپیہ ۲۵ کارڈ ... محصول ڈاک معاف۔

ملنے کا پتہ:۔ امپیریل ٹریڈنگ ایجنسی کراچی شہر

"میں نے کلزانہ کا استعمال مختلف بیماریوں میں کثرت سے کیا ہے اور اسے ہمیشہ حیرت انگیز طریقہ پر مفید نتیجہ خیز پایا ہے۔ میں اسے تقریباً تمام امراض کیلئے اکسیر اعظم سمجھتا ہوں۔"

ڈاکٹر ڈبلیو۔ ڈی۔ چاری۔ رنگون

کلزانہ

تمہارے جسم کو مضبوط اور تندرست کردیگی

مشہور و معروف ڈاکٹروں کی رائے سنئے وہ آپ کو بتائیں گے کہ آپ کے اکثر امراض کی بنیادی وجہ یہ ہوتی ہے کہ آپ کے جسم میں ضروری عناصر کم ہو جاتے ہیں۔ صرف کلزانہ کے استعمال سے آپ کے جسم کو از سر نو کھوئی ہوئی طاقت اور تندرستی حاصل ہو سکتی ہے کیونکہ وہ ایک ایسی مرکب دوا ہے جس میں تقریباً تمام ضروری عناصر شامل ہیں۔

اس مجرب اور لاثانی دوا کے استعمال میں دیر نہ کیجئے۔ آج ہی سے اس کا استعمال شروع کر دیجئے۔

کلزانہ کی خوراکوں کا ایک نصاب آپکو ان تمام شکایات سے نجات دلادیگا جو تندرستی پر اثر انداز ہوتی ہیں مثلاً عام کمزوری۔ تنک مزاجی۔ انیمیا۔ دانتوں کی کمزوری اور جلدی امراض وغیرہ

ایک تندرست انسان بنو اور آج ہی سے کلزانہ کا استعمال شروع کردو

تمام دوا فروشوں اور دوکانداروں کے یہاں ملتی ہے

Kalzana

تندرستی کے لئے ایک مجرب غذا ہے جو کہ ہاتھ سے نہیں چھوئی گئی

جوائنٹ پارلیمنٹری کمیٹی کی رپورٹ

اردو میں

مشترکہ پارلیمنٹری کمیٹی کی رپورٹ کا اردو ترجمہ شائع ہوگیا ہے اور ہم نے الجمعیۃ بک ایجنسی کیلئے اس کے برائے فروخت حاصل کر لئے ہیں جو حضرات آئندہ دستور اساسی کے متعلق برطانوی مدبرین کا نقطۂ نگاہ معلوم کرنا چاہیں اور اردو زبان میں تمام آئینی مسائل پر مفصل بحث پڑھنے کے خواہشمند ہوں وہ فوراً ہم سے رپورٹ کا ایک نسخہ طلب فرمالیں۔ یہ کتاب ۲۴۴ صفحات کی ہے اور اس کی قیمت فی جلد ... ہے۔ محصول ڈاک ۳ ہوگا فرمائشیں جلد موصول ہونی چاہئیں۔

منیجر الجمعیۃ بک ایجنسی۔ گلی قاسم جان دہلی

صرف تین روپیہ میں چار گھڑیاں

ایک عدد اصلی جرمن ٹائم پیس، ایک عدد ڈمی پاکٹ واچ، دو عدد ڈمی رسٹ واچ

یہ گھڑیاں ہم نے خاص طور پر ولایت سے بڑی بھاری تعداد میں منگوائی ہیں مضبوطی اور پائیداری کے لحاظ سے یہ گھڑیاں اپنی نظیر آپ ہیں۔ اپنی فرم کی سالگرہ کی خوشی میں ہم نے صرف دس ہزار گھڑیاں اس رعایتی قیمت پر فروخت کرنے کا فیصلہ کیا ہے۔ مقررہ مقدار کے ختم ہو جانے پر یہی گھڑیاں اپنی اصلی قیمت پر فروخت کی جاویں گی اس لئے جلدی کریں ورنہ ایسے نادر موقع بار بار ہاتھ نہیں آیا کرتے۔ محصول ڈاک علاوہ ہوگا۔

ملنے کا پتہ:۔ منیجر دی جرمن ناولٹی سٹور کراچی شہر

مسلم یونیورسٹی کورٹ کے جلسہ میں

بعض ممبران کا بیان

بعض اہم حقائق کا انکشاف

مسلم یونیورسٹی کورٹ کا سالانہ جلسہ منعقدہ ۹ اپریل ۱۹۳۵ء زیر صدارت جناب آنریبل سر شاہ سلیمان صاحب چیف جسٹس الہ آباد ہائی کورٹ قواعد و روایات شکنی کے لحاظ سے نہایت افسوسناک تھا مختصر تفصیل اس اجمال کی یہ ہے کہ کورٹ کے اجلاس کے لئے جداجدا اجاری ہوا اس میں ڈاکٹر ضیاء الدین احمد صاحب سی۔ آئی۔ ای کو عہدہ وائس چانسلری پر مقرر کرنے کے لئے ممبران اور بعض دیگر عہدہ داران گورنمنٹ کی جانب سے مدلل رزولیوشن بھیجے گئے تھے جن میں ڈاکٹر صاحب موصوف کی امتیازی خصوصیات کا نہایت شاندار الفاظ میں اظہار کیا گیا تھا انتخاب افسران کے متعلق ایسی تفصیل کی ممانعت قواعد یونیورسٹی میں ہے کیونکہ اس طریقہ سے ممبران کی رائے پر ناواجب اثر پڑتا ہے۔ ان رزولیوشنوں میں چونکہ تصویر کا ایک رخ دکھایا گیا تھا اس لئے وہ جماعت جس کے پیش نظر یونیورسٹی کا مفاد تھا اس پر مجبور تھی کہ اس کے دوسرے رخ کو بھی سامنے لائے۔ چنانچہ جلسہ مذکور میں اس جماعت کی طرف سے جو صدائے احتجاج اٹھائی گئی اسے صاحب صدر نے فوراً روک دیا حتی کہ یہ استدعا کہ بیان مشتمل بر وجوہ اختلاف شامل روئداد کارروائی جلسہ کر لیا جائے۔ قبول نہیں کی گئی اور محض اس نوٹ پر اکتفا کیا گیا کہ چند ممبران نے اختلاف کیا ہے۔ چونکہ بیان مذکورہ بالا شامل روئداد کارروائی جلسہ نہیں کیا گیا اور اب ڈاکٹر ضیاء الدین احمد صاحب کے احباب نے اخبارات ... پروپیگنڈا شروع کر دیا ہے۔ اس لئے مسلم پبلک کی اطلاع کے لئے وہ بیان شائع کیا جاتا ہے جس کو جلسہ مذکور میں پیش ہونے سے صاحب صدر نے روک دیا تھا۔

بیان جو شامل روئداد نہیں کیا گیا۔

ڈاکٹر ضیاء الدین احمد صاحب قبل ازیں کافی مدت تک عہدہ پرنسپلی اور پرو وائس چانسلری پر سرفراز رہ چکے ہیں۔ ان کے دور کا خاتمہ جن حالات کے تحت میں ہوا۔ ان کے تفصیلی اظہار کی اس مختصر نوٹ میں گنجائش نہیں ہے۔ اختصار کے ساتھ اس قدر گذارش کرنے پر اکتفا کیا جاتا ہے کہ علی گڑھ کالج نے ۱۸۷۵ء سے جو نیک نامی اور حیرت انگیز شہرت حاصل کی تھی اس کو ڈاکٹر صاحب کے عہد نے نہایت بے دردی کے ساتھ نذر بدنامی کر دیا تھا اور یہ ادارہ ہر شعبۂ زندگی میں خواہ اس کا تعلق تعلیم سے تھا یا کھیلوں سے۔ فرقہ بندی، ذاتی منافشات ...

دنیا پر نظر ڈالی جاتی تھی ... یہ معلوم ہو کہ معزز ممبران کمیشن نے کیا برا انتہائی تبدیلیاں ... کی یہ ہے کہ یونیورسٹی قائم ہونے کے زمانہ سے اس وقت تک ... یا اس کے مفہوم ان دونوں میں سے کسی کی پابندی نہیں کی گئی۔ خلاف ورزیاں بجائے خود اہم ہیں لیکن یہ بہت زیادہ افسوسناک ہے کہ ان کے وقوع کی ذمہ داری فرقہ بندی اور ریشہ دوانیوں پر ہے۔ جن کا نتیجہ یہ ہوا کہ یونیورسٹی ایکٹ سے حفاظت کا کام لئے جانے کی بجائے اس کی دفعات سے پارٹی بندی کی اغراض کے لئے غفلت و لاپرواہی برتی گئی۔ یونیورسٹی کا ہر عمل اور اس کی زندگی کا ہر ایک پہلو گروہ بندی میں رنگا ہوا ہے ان امور نے اصل نصب العین کو مسخ کر دیا اور بھلائی کی جگہ برائی نے لے لی۔ مخصوص جماعت کے اغراض پورا کرنے کے لئے انتخابات پارٹی لائن پر کئے گئے۔ جدید صیغہ جات تعلیم یونیورسٹی نے حلقہ علمیت کو وسیع کرنے کے بجائے زیادہ تر اس غرض سے قائم کئے گئے کہ اکیڈیمک کونسل میں ایک جانب کی رائے دہندوں کی تعداد میں اضافہ ہو۔ اسی نیت سے لیکچراروں کو اعزازی ریڈر بنایا گیا تاکہ وہ بالآخر اکیڈیمک کونسل میں بہ حیثیت افسر صیغہ جگہ حاصل کر سکیں کمیٹی تقررات کو نظر انداز کر کے تقررات عمل میں لائے گئے۔ تاکہ مخصوص پارٹی سے تعلق رکھنے والوں کی تعداد میں اضافہ ہو۔ ممبران اسٹاف کی خلاف ورزی کی سلسلہ کی جانب سے اغماض کیا گیا۔ اور یہ محض اس لئے کہ ان کا تعلق برسر اقتدار پارٹی سے تھا۔ حتی کہ کھیلوں کے انتظام تک میں کپتان اور سکریٹری پارٹی کے تعلق کا لحاظ کر کے بنائے گئے۔ یونیورسٹی کے اسٹاف میں ایک طرف اختلافات پیدا ہو گیا دوسری طرف وہ غیر حاضر رہنے لگے سیاسی خدمات کی وجہ سے اساتذہ کے بار بار غیر حاضر رہنے ... انتخابات کونسل کے زمانہ میں طلباء کی کثیر تعداد ...

یہ مختصر خاکہ ان خرابیوں کا ہے جو ممبران کمیشن مذکور نے یونیورسٹی میں پائیں اور جن کو انہوں نے ڈاکٹر صاحب موصوف کی ذات سے وابستہ سمجھ کر ان کی علیحدگی کی سفارش کی تھی۔ اس رپورٹ کو سر شاہ سلیمان صاحب چیف جسٹس الہ آباد ہائی کورٹ نے بتائید مسٹر یامین خاں صاحب کورٹ میں پیش کر کے یہ ریزولیوشن منظور کرایا کہ یونیورسٹی کے ارباب حل و عقد جملہ سفارشات کو لفظاً اور معناً عملی جامہ پہنائیں۔ اس جگہ یہ امر بھی قابل ذکر ہے کہ سر ابراہیم رحمت اللہ کا کمیشن ہز ایکسلنسی وائسرائے و لارڈ ریکٹر مسلم یونیورسٹی کی مکمل تائید سے مقرر ہوا تھا اور اس کی تجاویز کو علی جامہ بھی ان کی ہی حمایت و تائید سے پہنایا گیا۔ اس کمیشن کی سفارش پر ایک ... اسپیشل افسر مقرر کئے گئے تھے۔ جنہوں نے متعدد رپورٹوں کے ذریعہ بتلایا کہ ان سفارشات پر کس طرح عملدرآمد کیا ...

ڈاکٹر ضیاء الدین صاحب کے رفقائے کار نے جن کی کوششیں کسی نہ کسی صورت میں صاحب ممدوح کو برسر لانے کے لئے جاری تھیں ارباب حکومت و اقتدار کے بھروسہ پر اپنے ارادہ کو کامیاب بنانے کے لئے اس وقت پر زور سعی کی ہے اور یہ چاہا ہے کہ اب ڈاکٹر صاحب کو وائس چانسلر بنایا جائے ... شخص کو بنایا جائے" ان چند نظروں میں ڈاکٹر صاحب کے عہد کی پوری تاریخ مذکور ہے جس کی دلخراش اور حوصلہ شکن تفصیل اس رپورٹ کے صفحات پر نہایت وضاحت کے ساتھ درج ہے، ان خرابیوں کی نوعیت کا صحیح اندازہ کرنے میں امداد دینے کے لئے ہم نہایت اختصار کے ساتھ بعض اہم خرابیوں کا حوالہ ...

سر نواب محمد یوسف صاحب پر سرتعمیر مدعیٰ کی گشتی چٹھیوں اور تاروں کے اثر سے ... علی گڑھ کے خلاف اکیاون ناموزونیاں بھجوائی گئیں اور سر ... رحمت اللہ کی رپورٹ میں ... چانسلری اسکیم یونیورسٹی کا انتخاب ... انتخابی ترکیبوں کے ساتھ عمل ... ٹرسٹیز ... روایات محمڈن کالج و مسلم یونیورسٹی کے خلاف وہ تمام طریقے اختیار کئے جا رہے ہیں جو ... میں برتے جاتے ہیں۔ حسن اتفاق سے اس جگہ کے پریسیڈنٹ سر شاہ محمد سلیمان صاحب ہیں جو خود رحمت اللہ کمیشن کی رپورٹ کے حامی تھے اور جن کی سفارشات پر کورٹ کی مہر تصدیق ثبت ہو چکی تھی۔ اس لئے امید ہے کہ بالخصوص جناب ممدوح اس رپورٹ کی سفارشات اور کورٹ کے ریزولیوشن کو بہ حیثیت صدر جلسہ قابل لحاظ و احترام قرار دیں گے۔

خاکساران:۔ ڈاکٹر ... مولانا شوکت علی۔ حافظ محمد ابراہیم حبیب اللہ۔ وغیرہ ممبران کورٹ مسلم یونیورسٹی علی گڑھ

شہدائے کراچی کی یاد

بدایوں میں تیسرا شاندار جلسہ

۲۶ اپریل ۱۹۳۵ء کو جامع مسجد شمسی بدایوں میں شہدائے کراچی کی یاد میں جمعیۃ علمائے صوبہ متحدہ کی طرف سے تیسرا جلسہ منعقد ہوا حضرت مولانا شاہ عبدالماجد صاحب قادری ناظم عمومی جمعیۃ علمائے صوبہ متحدہ نے حکومت کے بیان متعلق کراچی پر نہایت موثر و مدلل تبصرہ کیا اور فرمایا کہ حکام کراچی کی زیادتیوں پر پردہ ڈالنے کے لئے جو کچھ بیان میں ظاہر کیا گیا وہ دلائل سے خالی اور مسلمانوں کے متفقہ مطالبہ اور اسلامی جذبات کے لئے کھلا ہوا چیلنج ہے۔ اگر مسلمانوں میں جمعیت قومی کی ادنی رمق باقی ہے تو کراچی کے خونین حادثہ کے بعد ان کو متفقہ جدوجہد کے لئے تیار ہو کر اپنی مجموعی قوت سے آزاد تحقیقاتی کمیشن اور دوسرے معاملات کے لئے کامیاب سعی شروع کرنا چاہیئے۔ اور اپنی قومی مجالس کا سلسلہ جاری رکھا جائے تاکہ مسلمانوں کا مطالبہ پورا کیا جائے۔ اگر حکام کراچی کا دامن پاک ہے تو پھر حکومت کو کمیشن کے تقرر سے کیوں اختلاف ہے انکار کے معنی سوائے اس کے اور کیا ہو سکتے ہیں کہ ماتحت حکام کی ناجائز طور پر جنبہ داری کی جائے۔ اس سلسلہ میں آپ نے اسلامی قانون، عدل و انصاف کی تفصیلات بیان کیں اور فرمایا یہ برتری صرف اسلام ہی کو حاصل ہے کہ شہنشاہ کونین روحی الفداہ ایک مسلمان عورت کو اثبات جرم پر سزا تجویز فرماتے ہوئے ارشاد کرتے ہیں خدا کی قسم اگر یہ جرم میری لخت جگر فاطمہ زہرا سے سرزد ہوتا تو یہی سزا اس کو بھی دیجاتی۔ قاضی کی عدالت میں خلیفہ وقت اور امیر المومنین کے بارے میں گورنر مصر کے صاحبزادہ کو ثبوت جرم کے بعد سزا دی گئی عدل و انصاف کے معنی ہی یہ ہیں کہ جرم کا مرتکب بڑے سے بڑا شخص ہی کیوں نہ ہو اسے سزا دی جائے مسلمانان ہند کا تحقیقاتی کمیشن کے لئے مطالبہ کرنا ہر طرح جائز و ضروری ہے حکومت کے بیان سے مسلمانوں میں اور زیادہ اضطراب بڑھ رہا ہے۔ ان حالات میں حکومت کو مسلمانوں کی طرف سے اپنی اطاعت کی توقع نہ کرنا چاہیئے بلاشبہ اس کی روش سیاسی حقوق اور دوسرے مطالبات میں پہلے ہی مایوس کن تھی اب کراچی کے خونین ہنگامہ میں اس کا طرز عمل مسلمانوں کے عام اخلاص جذبات کو متنفر کرتا جا رہا ہے اگر مسلمانان ہند مجبور ہو کر تحریک خلافت کی طرح کھڑے ہوگئے تو وہ وقت جس قدر خطرناک ہوگا اور جو کچھ حالات پیدا ...

(۱) مسلمانان بدایوں کا یہ جلسہ عام حکومت کے اس بیان پر جس میں کراچی فائرنگ کو بہ مجبوری بتایا گیا ہے شدید نفرت ظاہر کرتا ہے اور اس بیان کو استدلال کی قوت سے خالی پاتا ہے۔ آزاد کمیشن کا مطالبہ سارے ہندوستان کا متفقہ مطالبہ ہے اسے منظور نہ کرنا مسلمانوں کے جذبات کو چیلنج دینے کا مترادف ہے اس طرز عمل پر یہ جلسہ غم و غصہ کا اظہار کرتا ہے۔ نیز یہ جلسہ مسلمانوں سے درخواست کرتا ہے کہ ہر جگہ مسلسل جلسے منعقد کرتے رہیں جن میں اپنے جذبات اسلامی کا اعادہ کریں اور اس طرح شہدائے کراچی کی یاد کو تازہ کیا جائے۔

(۲) یہ جلسہ عام مسٹر شیخ عبدالمجید سندھی سابق صدر خلافت کمیٹی اور مسٹر محمد ہاشم صاحب کی اس قربانی پر کہ انہوں نے آزاد کمیشن منظور نہ کئے جانے کی وجہ سے کونسل کی رکنیت سے استعفا دیدیا۔ مبارکباد پیش کرتا ہے اور دوسرے مسلم ممبران کونسل سے اپیل کرتا ہے کہ وہ ان کی تقلید کریں۔

(دستخط) اشرف حسین قادری بدایونی

سورت میں تیسری بار مردم شماری

احمد آباد ۳ اپریل۔ سورت میں پرسوں تیسری بار مردم شماری کی گئی ۱۹۳۱ء میں میونسپلٹی نے تحریک سول نافرمانی کے باعث اس کا بائیکاٹ کر دیا تھا جب ۱۹۳۲ء میں بورڈ دوبارہ قائم کیا گیا تو حکومت نے اس سے مردم شماری کرنے کی درخواست کی حکومت نے جو مردم شماری کی تھی وہ ایک لاکھ باشندوں سے بھی کم تھی بورڈ نے اس پر یوں اعتراض کیا کہ ایک لاکھ سے کم آبادی ہونے پر وہ ہیجی کونسل میں اپنا ایک نمائندہ بھیجنے کے حق سے محروم ہو جاتا ہے اس لئے بورڈ نے حکومت سے درخواست کی کہ مردم شماری پھر کی جائے۔

کوئی شخص سائیکل پر سوار نہیں ہو سکتا

باگرہٹ ۵ اپریل۔ باگرہٹ کے اعلیٰ پولیس افسر نے قصبہ میں ڈونڈی پٹوا کر احکام صادر کر دئے ہیں کہ کوئی شخص تھانہ کے افسر کی اجازت کے بغیر ۷ بجے رات کے بعد سائیکل پر سوار نہیں ہو سکتا۔

علاوہ بریں قصبہ میں پانچ سے زیادہ اشخاص کے اجتماع کی بھی ممانعت کر دی گئی ہے۔

روس میں مذہب پروروں کا حشر

ماسکو ۳ اپریل۔ حکومت روس نے گرجا گھروں کے دروازے اس لئے کھول دیئے تھے کہ یہ معلوم ہو جائے کہ کس قدر مذہب پرست ابھی تک روس میں موجود ہیں۔ معلوم ہوا ہے کہ لوگ کافی تعداد میں گرجا گھروں میں جا پہنچے جس کا نتیجہ یہ نکلا ہے کہ تمام گرجا گھر بند کر دئے گئے ہیں اور بہت سے آدمی گرفتار کر لئے گئے ہیں۔

دھوکے سے بچو اصلی مال خریدو

جوہر عشبہ چوب چینی (رجسٹرڈ)

خون صاف کرنے کی مشہور دوا ہے

قیمت شیشی کلاں تین روپیہ ... شیشی خورد ڈیڑھ روپیہ محصول ۱۲ آنہ

پتہ:۔ منیجر شفاخانہ حکیم ڈاکٹر غلام نبی زبدۃ الحکماء لاہور

خضاب چھوڑ دو

... بال ... کالا کرنے کیلئے ... ایک ... قیمت فی تولہ ...

پتہ:۔ بال کالا اسٹورس پوسٹ کنسی سمری دور بھنگہ

بنگلور سٹی ...

... مکمل علاج ہے ... تین شیشیاں ... قیمت فی شیشی صرف ایک روپیہ ... محصول ڈاک ... "منیجر پرائمنٹ کیمیکل ورکس لاہور" کے نام ... آرڈر بھیجکر چند شیشیاں منگوائیے اور اس کے حیرت انگیز فوائد ملاحظہ فرمائیے۔

مفت! مفت! مفت!

بول کیا چاہتا ہے؟

بے انتہا دولت سے مالا مال ہونا۔ دنیا کی سیر کرنا محبوب کو بس میں کرنا، ملازمت یا روزگار حاصل کرنا، مردوں کی روحوں سے ملاقات کرنا، دشمن کو زیر کرنا، افسر کو مہربان کرنا، ہمزاد تسخیر کرنا۔ علم تو یا سرزم سیکھنا چاہتا ہے تو آج ہی ایک خط لکھ کر ہماری عجیب و غریب کتاب "دولت کی پری" مفت طلب کریں۔

اشتہار ہذا ایڈیشن ختم ہونے والا ہے

پتہ:۔ منیجر کارخانہ دولت کی پری ... شجاع آباد (پنجاب)

سوزاک کا طبیر علاج

سوزاک بڑا موذی مرض ہے اس کا علاج فوراً کرنا چاہیئے یہ مرض وہ ہے کہ انسان کی زندگی کو ... اکسیر سوزاک کی صرف ایک شیشی استعمال کرنے سے قطعی آرام ہو جاتا ہے ... پیپ اور جلن پہلی ہی خوراک سے بند ہو جاتی ہے۔ حکماء کا دعویٰ ہے کہ مرض سوزاک کے لئے اکسیر سوزاک نہایت مفید اور زود اثر دوا ہے قیمت فی شیشی ...

ملنے کا پتہ:۔ رشید اینڈ کو گلی قاسم جان دہلی

بچوں والو ہوشیار

بچوں کی بیماریاں کھانسی، سردی، بادی، دودھ ڈالنا، دست ہونا، سوکھا، ... ہرا کیک بیماری کو دور کر کے بچوں کو موٹا تازہ ... حکیم تلسی پرشاد اگروال کی گورنمنٹ ہند سے رجسٹری کی گئی

بال جیون گھٹی (رجسٹرڈ)

سارے ہندوستان میں مشہور ہو رہی ہے۔ ... سب جگہ سوداگروں کے یہاں فروخت ہوتی ہے نقلی سے بچو حکیم تلسی پرشاد کی اصلی بال جیون گھٹی دیکھ کر لو۔ قیمت فی شیشی ... درجن ... سوداگروں اور ایجنٹوں کو نہایت ہی معقول کمیشن نئے سوداگر و ایجنٹ نمونہ مفت طلب کریں۔

پتہ:۔ منیجر بال جیون کاریالیہ علی گڑھ شہر (یو۔ پی)

بال عمر بھر نہ اگیں

گورنمنٹ آف انڈیا سے باضابطہ رجسٹری شدہ سویپور رجسٹرڈ

دنیا بھر میں اپنی قسم کی واحد دوائی ہے جس کے استعمال سے غیر ضروری بال ایک دفعہ دور ہو کر پھر پیدا نہیں ہوتے گذشتہ چار سالوں میں ہزاروں لوگ اس حیرت انگیز ایجاد سے فائدہ اٹھا چکے ہیں آپ بھی محروم نہ رہیں قیمت فی شیشی ... تین شیشی پانچ روپے ... محصول ڈاک علاوہ

ملنے کا پتہ:۔ سویپور ڈسپنسری رجسٹرڈ حلقہ 33A لاہور (پنجاب)

شمشیر برہنہ

علمی، ادبی، اخلاقی اور نتیجہ خیز پہلے کو ناول مگر زمانہ حال کا سنسنی خیز افسانہ ہے ایک ایک حروف بامعنی ایک ایک جملہ قابل عمل ایک ایک فقرہ عبرت آموز سبق ہے ۱۹۴ صفحات، ... قیمت ... کتاب ... لے بی بکسی ... کولوٹولہ اسٹریٹ کلکتہ کو بھیجکر منگائیں اور مطالعہ سے نفع اٹھائیں۔

اخبار "خاتون" کا وراثت نمبر

سوا سو صفحہ کا باتصویر قیمت ۱۲

"خاتون" کا وراثت نمبر منگوا کر اپنی سہیلیوں کو تحفتہً دیجئے۔

"وراثت نمبر" میں مسلم خاتون کے حقوق "وراثت" پر بحث ہوگی۔

"وراثت نمبر" اپنی نوعیت کا ایک کارآمد یادگار زمانہ مجموعہ ہوگا۔

"وراثت نمبر" میں شریعت حقہ کی طرف سے غفلت کر کے رواج کی پابندی کرنے والوں اور لڑکیوں کے حقے غصب کرنے والے مسلمانوں کو احکام خداوندی سے ڈرایا جائیگا۔

"وراثت نمبر" خاتون میں مشہور اہل قلم خواتین کے افسانے، نظمیں اور مضامین شائع ہو رہے ہیں۔

"وراثت نمبر" میں علمائے کرام و مشہور ادیب حضرات کے مضامین اور شعراء کی نظمیں ہونگی

مقامی ایجنٹ سے خریدیئے یا ۱۲ کے ٹکٹ بھیجکر منگوا لیجئے۔

منیجر "خاتون" سانکلی اسٹریٹ بمبئی ۸

رجسٹرڈ نمبر ل ۱۴۹۳

یداللہ علی الجماعۃ

سہ روزہ الجمعیۃ دہلی

مدیر مسئول: ہلال احمد زبیری (بی اے) معاون: محمد عثمان فارقلیط

جلد ۲۱ | دہلی یوم دوشنبہ ۹ صفر المظفر ۱۳۵۴ ہجری مطابق ۱۳ مئی ۱۹۳۵ء | نمبر ۳۳

دنیا بھر کی دولت کا اندازہ

حکومتوں کے خزانوں میں جمع شدہ سونے کی مقدار

انگلستان اور امریکہ کی سرمایہ داری

معاصرین کے افکار و آراء

احرار کی تحقیقات کا نتیجہ

دشمنوں کا گروہ

قوت ایمانی کا اثر

حاصل کونین

قومیت کی وبا

اول خویش

ضروری گزارش

Regd No L 1793.

The Aljamiat

Vol. XXI No 32 DELHI THURSDAY 9th MAY 1935 PRICE ONE ANNA

نورانی قرآن مجید

نہایت جلی اور نہایت صحیح قرآن شریف اگر درکار ہو تو نورانی قرآن مجید الجمعیۃ بک ایجنسی دہلی سے طلب فرمائیے

قیمت مجلد بارچہ ۸ عہ

پادری کی لڑکی کا قبول اسلام

منیجر الجمعیۃ دہلی

وائسرائے کی خدمت میں تار

تبلیغ احرار کانفرنس

تعلیم قرآن اور پنجابی اسکول

ایڈیٹر اخبار الفضل کی ہمدردیوں کا شکریہ

مسلم راجپوتان پنجاب کے اجتماع عظیم کی تیاریاں

انجمن فدائے سنت مراد آباد کا جلسہ

مولانا سید عطاء اللہ شاہ بخاری کی سزایابی کے خلاف احتجاج

واقعات فیروزآباد کی تحقیقات

تقریر تسیر کے متعلق معزز اخبارات و رسائل کی رائیں

رسالہ معارف کا تبصرہ

پادری کی لڑکی

تقریر تسیر

رسالہ جامعہ کی تنقید

اخبار خلافت کی رائے

معجز نما قرآن مجید

منیجر اخبار الجمعیۃ گلی قاسم جان دہلی

حمائل شریف مترجم

منیجر اخبار الجمعیۃ گلی قاسم جان دہلی

فیروزآباد کے فرقہ وارانہ فساد کا آغاز وانجام

حکام کی غفلت اور کوتاہ اندیشی کے نتائج

ہندو اخبارات کے پروپیگنڈہ کی حقیقت

اسال محرم اور رام نومی کا الحاق تعاجس کی وجہ سے قصبہ پر فکر کے بادل چھائے ہوئے تھے اہل ہنود میں موجودہ تحصیلدار صاحب کے مشورہ سے بہت قبل سے کیلیاں ہو رہی تھیں۔ جناب حاکم پرگنہ صاحب اور قصبہ کی مقامی پولیس نے بھی محرم شروع ہونے سے پہلے ہی انتظامات شروع کر دیئے۔ ۲۶ ذی الحجہ کو ڈپٹی ظہورالحسن صاحب حاکم پرگنہ آگرہ سے تشریف لائے اور چند ...

سے سنگین کا زور دکھلانے کیلئے تیار تھے۔ جب یہ دیکھا کہ اب تک کوئی حرکت مسلمان مشتعل نہیں ہوئے تو انہوں نے دوکانات اور مندر کی چھتوں سے اینٹیں برسانا شروع کر دیں تمام افسران بھی موقع پر موجود تھے۔ ڈپٹی کلکٹر صاحب کے ہاتھ اور پولیس انسپکٹر صاحب کی گردن پر ایک اینٹ لگا ...

مکان سے آگ کے شعلے

اس سے تمام ذمہ دار ہستیوں میں عجب ہیجانی کیفیت پیدا ہو گئی مسلمان بھی بے خطر زخمی ہوتے اور وہ غریب جہاں طرف سے گھرے ہوئے تھے کوئی جائے پناہ نہ تھی ...

پولیس کی گولیاں

...

جو ہندوؤں پر حملہ آور ہو اور جو ایک آدمی کو ایک گروہ نے الیکشن کے راستہ میں اسی طرح زدوکوب کیا جس کو خود ڈپٹی صاحب بہادر نے بچایا اور وہ بھی زیر علاج ہے۔

یہ ہیں فیروزآباد کے صحیح واقعات اور ہمارے برادران وطن اپنی وحشیانہ اور درندانہ اخلاق سے منفعل ڈاکٹر جیوارام کے مکان میں آتش زدگی کا محض جھوٹ اور لغو الزام تاکہ وہ گنہ مسلمانوں پر لگا کر حکام میں غلط اور ادایاں پولیس کو مغالطہ میں ڈالنا چاہتے ہیں۔

(جمیل ہمدانی فیروزآبادی)

خاص مذاق ہے۔ کچھ عرصہ ہوا کہ قصبہ کے اہل ہنود اور اس مندر کے پجاری کے درمیان عدالت دیوانی میں ایک مقدمہ چلا جو عدالت العالیہ ہائیکورٹ تک پہونچا وہاں سے یہ فیصلہ ہوا کہ مندر ہذا قوم کا مال نہیں ہے بلکہ پجاری کی ذاتی جائداد ہے اس بنا پر تمام اہل ہنود نے اس مندر کا بائیکاٹ کر دیا اور اسی وقت سے تمام رسوم اس مندر میں ادا ہونی بند ہو گئیں۔ سال گذشتہ بھی کوئی رسم اس مندر میں نہیں ہوئی امسال رام نومی اور محرم کا تصادم تھا پر کیا وجہ تھی کہ اس مندر کی مردہ عظمت کو دوبارہ زندہ نہ کیا جاتا اور اس وقت جبکہ موجودہ تحصیلدار صاحب جیسی ہستی منتظم ہو۔ صبح سات بجے ۹ محرم کو جلوس جب رادھا کشن کے مندر کے قریب پہونچنے والا تھا (جلوس کے راستہ میں پہلا مندر یہی پڑتا ہے) تو پولیس نے اطلاع دی کہ دونوں مندروں میں آرتی کا وقت آ گیا ہے۔ یہ سن کر فراخ دل مسلمان امام باڑہ کے چوراہے پر بہ خیال احتیاط ختم آرتی کے منتظر رک گئے۔ باوجود کہ اقرار نامہ جدید میں اس آرتی کا کچھ ذکر نہ تھا۔ اس حصہ بازار کو فوراً خالی کر دیا پہلے فرضی مندر میں ...

سنترات پر آبادگی

...

سرمہ نور

اگر آنکھوں کی قدر ہے تو ان مذکورہ سرموں میں سے کوئی سرمہ اپنے حسب حال انتخاب کر کے استعمال کیجئے۔

سرمہ ۱۔ آنکھوں کی خارش، سرخی، دھند، جالا، پھولا، ناخونہ اور پلکوں کا گرنا پرانے سے پرانے روہے کیلئے مخصوصاً مفید ہے اس کے استعمال سے بفضلہ تعالیٰ کل امراض کا ازالہ ہو جاتا ہے۔ جن لوگوں کو کسی قسم کا مرض نہیں ...

(مولانا) نورالدین بہاری دہلی کا مالک ...

دنیائے اسلام کیلئے قادیانیت کا فتنۂ عظیم

مرزائیت مجوسیت کے اثرات کا نتیجہ ہے

فرق باطلہ کے مقابلہ میں ملت کو محفوظ رکھنے کی ضرورت

(ڈاکٹر سر محمد اقبال صاحب کا بیان)

انجمن حمایت اسلام لاہور کے جلسہ میں گورنر پنجاب کی تقریر براڈ کاسٹ پر سر ظفر علی کے احتجاج کے بعد ڈاکٹر سر محمد اقبال نے بھی حسب ذیل بیان اخبارات کو غرض اشاعت دیا ہے:-

وقت کا زبردست مسئلہ

مسلمانوں اور قادیانیوں کے درمیان مذہبی بحث ایک ایسا مسئلہ ہے ...

جماعت سے تعلق رکھتا ہوا اپنی فراست اور بصیرت کو اس حد تک ترقی نہیں دے سکتا کہ وہ ان مسائل کو سمجھ سکے جو ایک ایسی جماعت کی ترکیب و تشکیل سے تعلق رکھتے ہوں جن کی ثقافت کے نظریئے یورپین اقوام کی ثقافت سے بالکل مختلف ہوں۔

مخصوص حالات

ہندوستان کے حالات مخصوص نوعیت کے ہیں ...

ختم نبوت کے عقیدہ کی اہمیت

...

وحدت ملی کے لئے خطرہ

...

مذہب اور رواداری

...

بیسویں صدی کی مجوسیت

...

ہندوستان کا "روشن خیال" طبقہ

...

انہیں معذور سمجھا جا سکتا ہے کیونکہ ایک حدیث الخیال یورپین جو ایک بالکل الگ ...

ہو چکی ہے۔

(باقی صفحہ ۵ پر ملاحظہ فرمائیے)

"نگارستان کشمیر"

(مصنفہ قاضی ظہورالحسن صاحب سہواڈی)

کشمیر جنت نظیر کی جدید ترین تاریخ، سلاطین و مہاراجگان کشمیر کی حکومت کا صحیح مرقعہ، متعصب ہندو مورخین کشمیر کے ان بے بنیاد جھوٹے الزامات کے دندان شکن جوابات جن سے اسلامی سلاطین کشمیر کے دامن کو آلودہ کیا ہے۔ اس کے برعکس ہندو تہذیب کے پوشیدہ حالات اور مظالم کی تفصیلات، مندروں کے انہدام گئو لنگ رسم، جنیو شکنی اور جبریہ اشاعت اسلام وغیرہ منافرت پیدا کرنے والے پروپیگنڈے کی حقیقت حضرت عیسیٰ علیہ السلام اور مریم صدیقہ کی قبور کی تحقیق مرزائے قادیان کی ہرزہ سرائی کے محققانہ جوابات، مشاہیر کشمیر اور اسلامی آثار کی عظیم الشان تاریخ ۹ ابواب پر مشتمل ۲۱۰ صفحہ کی کتاب اعلیٰ کتابت و طباعت، خوشنما رنگین ٹائیٹل قیمت دو روپے آٹھ آنہ (۲۸) ۔ (اخبار کا حوالہ ضرور دیجئے)

ملنے کا پتہ:- مکتبہ شرقیہ، سوئیوالان - دہلی

ممالک خارجہ کے اہم حالات وکوائف

ترکی نے محصول لگا دیا

ترکی پارلیمنٹ میں ایک مسودہ قانون پیش ہے جس کا مفاد یہ ہے کہ ہر قسم کے آبی یا بحری طیاروں پر ترکی سمندر میں وارد ہوتے ہی محصول عائد کر دیا جائے اور اس میں ملکی و غیر ملکی کی کوئی تخصیص نہ کی جائے۔ طیاروں کی قوت اور سلاگت پر محصول کی مقدار موقوف ہوگی اور اس محصول سے وہ طیارے مستثنیٰ قرار دیئے جائیں گے جو بغرض سیاحت یا کسی مصیبت زدہ جہاز کی امداد کیلئے وارد ہوں۔ محصول کے لائق صرف وہ فوجی اور جنگی طیارے ہوں گے جن کا مقصد جنگی یا دفاعی ہوگا۔ ترکی کے اس مسودہ قانون سے معلوم ہوتا ہے کہ آئندہ اٹلی، انگلستان اور فرانس کے جہازات بغیر محصول ادا کئے ترکی سمندر میں داخل نہ ہو سکیں گے ...

کی رو سے ان دونوں چیزوں کی مخالفت کر دی گئی ہے اگر کوئی جوڑا اس قسم کی حرکت کرتا ہوا دیکھا گیا تو اس کو گرفتار کر لیا جاتا ہے۔

مصلحین نے ان چیزوں کو اسلئے ممنوع قرار دیا ہے کہ وہ چین کی قدیم تہذیب کو برباد کرنے والی ہے اور ان کی موجودگی میں وہ محاسن فنا ہو رہے ہیں جن پر چینی اقوام کو ہمیشہ فخر رہا ہے۔

چینی لڑکیوں پر قیود

اسی تحریک کے ماتحت کانٹن، ... شنگھائی، نانکنگ اور دیگر بڑے بڑے شہروں میں ناچ کو ممنوع قرار دیا گیا ہے اور جہاں بعض شرائط کے ماتحت ...

ترکی اور عراق

...

ایران کا ازدواجی قانون

...

ایرانی حکومت اور اجنبی مدارس

...

شاہ مانچوکو کا مسلمان بھائی

...

چین میں تحریک اصلاح نسواں

...

مولانا شفیع داؤدی کے انتخاب کا مقدمہ

استغاثہ کی شہادتیں

(گذشتہ سے پیوستہ)

پٹنہ ۱۰ اپریل۔ آج پھر مسٹر عبدالحمید خاں سے مسٹر یونس نے سوالات کئے ان سوالات کے جواب میں عبدالحمید خاں نے جو کچھ بیان کیا اس کا خلاصہ حسب ذیل ہے:-

"میں یقیناً مذہب کا بہت شیدائی ہوں۔ یہ بالکل جھوٹ ہے کہ میں جادو کی پرستش کرتا ہوں ...

نمبر ۔ آگے چلکر گواہ نے بیان کیا کہ وفد کی کوئی رپورٹ تیار نہیں ہوئی تھی۔ ۔ ۔ ایک سوال کے جواب میں گواہ نے بیان کیا کہ وہ اور دوسرے لوگ مکہ میں تقریباً دس روز رہے اور اس مدت میں انہوں نے سلطان ابن سعود سے تین یا چار بار ملاقات کی۔

مسٹر فیض القادر کا بیان

اس کے بعد مسٹر فیض القادر کا حسب ذیل بیان ہوا:-

"میرے بھائی شیخ منظور کا نام بہار اسمبلی کے ووٹروں کی فہرست میں ہے ووٹ کے تین چار روز پہلے مولانا شفیع داؤدی غریب خانہ پر تشریف لائے ...

حافظ محمد ثانی کا بیان

...

شیخ عدالت حسین کا بیان

...

حجاز گئے تھے۔ پہلی بار ۱۹۲۵ء میں مولانا شفیع داؤدی اور وہ دونوں ایک ہی جہاز ایس ایس اکبری سے گئے تھے۔ سلطان ابن سعود نے شفیع داؤدی پر اظہار اعتماد نہیں کیا۔ اس لئے کہ اس کا کوئی سوال ہی نہیں آیا ہے۔ مولانا شفیع داؤدی عربی زبان بولنے اور سمجھنے سے قاصر رہتے۔ وہ (مولانا عبدالحلیم صدیقی) مکہ میں مولانا شفیع داؤدی اور سلطان ابن سعود کے درمیان ترجمان کی خدمت انجام دیتے رہے تھے۔ سلطان ابن سعود نے شفیع داؤدی کی معرفت کبھی کوئی بلاغ (پیغام) ہندوستان کو نہیں بھیجا۔ وہ پیغام جو ایک چھوٹے اشتہار کی صورت میں بلاغ کے نام سے شائع ہوا تھا۔ سلطان ابن سعود نے مولانا عبدالحلیم صدیقی وغیرہ کے پاس ہندوستانی مسلمانوں میں تقسیم کرنے کے لئے بھیجا تھا جسے انہوں نے (مولانا عبدالحلیم نے) ہندوستان میں تقسیم کر دیا تھا۔ ... گو شفیع داؤدی اس میں شریک نہیں ہوئے تھے۔ موتمر اسلامی مکہ کے سوا اور کہیں منعقد نہیں ہو سکتا۔

جرح

مسٹر خورشید حسنین کی جرح پر مولانا (عبدالحلیم صدیقی) نے بیان کیا کہ وہ شفیع داؤدی کو ۱۹۱۲ء سے جانتے ہیں۔ اس زمانے میں دونوں کے سیاسی خیالات ایک ...

مولانا عبدالحلیم صاحب صدیقی کی شہادت

...

کی بار دیکھا اور چند لوگوں کا نام بھی بتایا۔ جو موٹر اور ٹمٹم پر آئے تھے۔ ذیر کے شروع سے نوربا تقانہ کے ووٹروں کے درمیان اخبار "اتحاد" تقسیم کیا گیا تھا۔ اس بیان کے بعد اجلاس برخاست ہو گیا۔

داخلہ مصر و فلسطین کی اجازت نہیں ملی

ہندوستانی حجاج کے ساتھ انگریزی حکومت کا ظلم

کوہ طور سے مولانا مفتی محمد نعیم صاحب کا مکتوب گرامی

الحمدللہ احکام حج سے فارغ ہو کر چند روز مکہ معظمہ میں قیام کر کے جدہ آیا اور جدہ میں داخلہ مصر اور فلسطین کے لئے بہت کوشش کی لیکن اجازت نہ ملی آخر صرف مصر کی اجازت پر براستہ سویز مقام لد جو کہ فلسطین کا پہلا شہر ہے اور بیت المقدس سے قریب ترین مقام ہے کا ٹکٹ تقریباً ... لے کر ...

تک رکھا جاتا ہے۔ آج ہمارا پہلا یوم ہے انشاءاللہ سویز کو روانہ ہو جائیں گے۔ سویز پہنچ کر داخلہ مصر کی کسی طرح کوشش کریں گے۔ ... انشاءاللہ قدس پہنچکر قدس کی اجازت بہت ممکن ہے مل جائے گی ورنہ دمشق کو وہاں سے بیروت اور بیروت سے پھر واپس دمشق ہوں گا۔ انشاءاللہ ہر مقام سے روانگی کی اطلاع دیتا رہوں گا۔ ...

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم

الجمعیۃ دہلی

یوم دوشنبہ ۹ صفر المظفر ۱۳۵۴ ہجری

دہلی کی پیشانی پر کلنک کا ٹیکہ

۸ مئی ۱۹۳۵ء کے واقعات

آج شہر میں یہ کیفیت ہے کہ جس طرف بھی جایئے اور جس شخص سے بھی بات کیجئے گفتگو کا صرف ایک ہی موضوع ہوگا۔ ۸ مئی کا وہ "مینا بازار" جو سلور جوبلی کی تفریحات کے سلسلہ میں میونسپل کمیٹی دہلی کے زیر انتظام کمپنی باغ میں برپا کیا گیا تھا اور جس کے متعلق یہ اعلان عام تھا کہ وہ صرف عورتوں کے لئے ...

... سے یہ کہا گیا کہ وہ اپنے گھروں میں جا کر اپنی ماؤں اور بہنوں سے "مینا بازار" کا تذکرہ کریں، انہیں بتائیں کہ وہاں پردہ کے کیسے بہترین انتظامات ہیں اور انہیں آمادہ کریں کہ وہ مینا بازار میں چند گھنٹوں کے لئے آ کر کھلی فضا میں رہ کر واپس چلی جائیں۔ اس پروپگنڈا کے ساتھ ساتھ شہر کے بہت سے خان بہادر ...

میں جو باغ کے اندر رہی ہے مردوں کو بار بار دیکھا گیا۔

پریشانی اور بے حرمتی

عورتوں کی تعداد ہزاروں تک پہنچ گئی تھی اور ان کے ساتھ بے شمار بچے تھے مگر پانی کا کوئی انتظام نہیں تھا صرف چار گوشوں میں چار چار مٹکے پانی کے بھروا کر رکھوا دیئے تھے جو چند منٹوں ہی میں خشک ہو گئے تھے اور اس کے بعد پانی کی جو تکلیف ہوئی وہ ناقابل بیان ہے۔ بچوں کا رونا اور بلکنا اور عورتوں کا پریشان ہو کر باہر نکلنا اور باہر کسی سواری کا انتظام نہ ہونا اور ان کا گھبرا کر مدد کے لئے ادھر ادھر پھرنا اور بدمعاشوں کا موقع پا کر ان کو چھیڑنا اور دست درازیاں کرنا ایسے واقعات ہیں جنہوں نے کہ ہے کم ان عورتوں کے لئے عرصۂ حیات تنگ کر دیا تھا اور ان کی سمجھ میں نہیں آتا تھا کہ وہ کیا کریں کس طرح زمین پھٹ جائے اور وہ سما جائیں۔ سینکڑوں عورتیں جو باغ کے اندر سے بے پردگی کو دیکھ کر اس لئے باہر آئیں کہ کسی طرح اپنے گھر کو جائیں گویا بد سے بدتر حالات میں مبتلا ہو گئیں بہت سی عورتوں کو چاندنی چوک میں ٹھوکریں کھاتے ہوئے دیکھا گیا۔ کوئی میونسپل کمشنر مینا بازار کمیٹی کا کوئی ذمہ دار رکن، وہاں موجود نہیں تھا جو ان کی امداد کرتا۔ قریب کے محلوں کے شرفا نے ان کو ان کے گھروں تک پہنچانے کا بندوبست کیا، اور یہ سلسلہ شب کو بہت دیر تک جاری رہا۔ اس مصیبت میں بہت سے بچے غائب ہو گئے جن کی تلاش میں سخت دشواری ہوئی اور کہا جاتا ہے کہ ایک بچہ اب تک غائب ہے۔ عورتوں کے متعلق کچھ نہیں کہا جا سکتا کیونکہ ابھی تک تا دم تحریر ہمارے پاس کوئی قطعی اور موثق شہادت موجود نہیں ہے۔

ایک قابل غور

سوال یہ ہے کہ کیا ان تمام واقعات کو یوں ہی برباد دیا جائے اور ان کے متعلق کوئی کارروائی نہ کی جائے؟ ہماری ناچیز رائے میں یہ طریقہ صحیح نہیں ہے۔ اس سے ان لوگوں کی ہمت افزائی کا اندیشہ ہے جو اس قسم کے اعلان اور اس قسم کی غفلت کے ذمہ دار ہیں بلاشبہ ہم ان واقعات کی ذمہ داری ایک بڑی حد تک خود ان عورتوں پر جو وہاں آئیں اور ان کے مردوں پر بھی سمجھتے ہیں جس سے ہرگز انکار نہیں کیا جا سکتا مگر وہ ایک بالکل جداگانہ معاملہ ہے اور اس سے منتظمین مینا بازار کی ذمہ داری میں ذرہ برابر فرق نہیں آ سکتا یہ ایک حقیقت ہے کہ مینا بازار کے لئے جو پروپگنڈا کیا گیا وہ بعد کے واقعات سے سراسر دھوکہ ثابت ہو گیا۔ اگر منتظمین یہ نہ کہتے کہ پردہ کا معقول انتظام ہوگا اور چھ برس سے زیادہ عمر کا کوئی بچہ بھی داخل نہ ہو سکے گا اور صرف عورتیں ہی انتظام کریں گی اور صرف عورتوں ہی کو دکانوں کا لائسنس دیا جائے گا ...

قدم اٹھانا چاہیئے تھا جو "مینا بازار" کے اعلان کی صورت میں اٹھایا گیا۔ اگر ان سوالات کا صحیح جواب اثبات میں ہے تو ہمیں کوئی جھگڑا نہیں۔ ہم بالکل مطمئن ہو جائیں گے لیکن اگر نفی میں ہے تو کون یہ کہہ سکتا ہے کہ ۸ مئی کی شام کو دہلی کے ماتھے پر جو کلنک کا ٹیکہ لگا اس کی ذمہ داری منتظمین مینا بازار پر نہیں تھی۔

حوادث و احکام

گزر چکا ہے

استفتاء

کیا فرماتے ہیں علمائے دین و مفتیان شرع متین اس مسئلہ کے بارے میں کہ نور محمد جی مرحوم کی موروثی جائداد ہے، یہ اپنے سلب سے ایک لڑکی دھولی بائی و ایک لڑکا نیاز محمد چھوڑ کر انتقال کر گئے۔ پسر نیاز محمد کا بھی انتقال ہو گیا۔ اور ان کے سلب سے ایک لڑکی نور بائی ہے اور بیوہ نیاز محمد ہے۔ تشریح:۔

دختر نور محمد دھولی بائی۔ دختر نیاز محمد نور بائی بیوہ نیاز محمد نانی بائی یہ تینوں مستورات موجود ہیں ان کا شرعاً کتنا کتنا حصہ ہے؟

الجواب

جائداد موروثی شرعاً ترکہ میت کا نہیں ہو سکتا ہے۔ لہٰذا اس کو تقسیم بھی شرعاً درست نہ ہوگی۔ کیونکہ یہ جائداد اصلی و قدیمی مالک کی ملکیت ہی ہوتی ہے صرف کاشت کرنے و قابض ہونے سے شرعاً ملکیت ثابت نہیں ہوتی، فقط واللہ اعلم

حبیب المرسلین عفی عنہ

نائب مفتی مدرسہ امینیہ دہلی

آہ مولوی حاجی سید عبد اللطیف صاحب مرحوم

یوں تو اہل دولت و ثروت میں عموماً بہت کم افراد ان اوصاف حمیدہ و خصائل محمودہ کے حامل ہوتے ہیں جو قدرت نے مولوی حاجی سید عبد اللطیف صاحب مرحوم خلف مولوی محمد عبد الاحد صاحب مالک مجتبائی دہلی کی سرشت میں ودیعت فرمائی تھیں مگر خصوصاً دہلی تو آپ کے بعد ایک تجر باخدا محب علم سخی النفس کریم الطبع عاقبت اندیش ... سے خالی ہو گئی۔

مولوی حاجی سید عبد اللطیف صاحب مرحوم کی عمر تقریباً ساٹھ سال کی ہوئی ...

جوبلی کی تقریب میں عورتوں کا مینا بازار

شرفا کی عورتوں اور بچوں پر چند گھنٹوں کی قیامت

شہر میں سخت ہیجان۔ تحقیقاتی کمیٹی کا تقرر۔ جامع مسجد میں احتجاج

دہلی ۹ مئی۔ کل جوبلی کی تقریب میں باغ ملکہ میں عورتوں کے لئے مینا بازار لگایا گیا تھا کل کا دن صرف عورتوں کے لئے مخصوص تھا۔ اعلان یہ کیا گیا تھا کہ تمام انتظام عورتوں کا ہوگا مگر یہ اعلان عملاً غلط ثابت ہوا اس زنانہ تقریب کا خاص پہلو یہ تھا کہ عام پروپگنڈا کی وجہ سے ہر قوم و ملت کی مستورات بالخصوص پردہ نشین خواتین نے بکثرت شرکت کی اس موقعہ پر لوگوں نے اپنی آنکھوں سے بے حیائی اور بے غیرتی کے جو شرمناک اور تکلیف دہ مناظر دیکھے ہیں ان کو منظم قرطاس پر لاتے ہوئے بدن پر رونگٹے کھڑے ہوتے ہیں۔ کل کا منظر اس قدر عبرت انگیز تھا کہ الاماں والحفیظ! کوئی شریف اور غیرت مند انسان ان واقعات کو دیکھنے کی تاب نہیں لا سکتا تھا جو مستورات کے سلسلہ میں ظاہر ہوئے۔ باغ کے تمام دروازوں پر ہوسناک غنڈوں اور بدمعاش آوارہ لوگوں کا ہجوم تھا۔ جگہ جگہ بدمعاشوں کے ٹھٹ لگے ہوئے تھے۔ ہر طرف سے عورتوں پر آوازے کسے جا رہے تھے۔ ہاتھوں سے بھی مستورات کو چھیڑا گیا پردہ نشین عورتوں کا برقعہ خود ان پر لعنت بھیج رہا تھا معلوم ہوا ہے کہ بہت سی مسلمان عورتیں رات بھر غائب رہیں اور ہجوم کے باعث ان کے وارثوں کا پتہ نہ چل سکا۔ ...

کا اظہار کرتا ہے جو اس نے سلور جوبلی کی زنانہ تقریب کیلئے پوسٹروں کے ذریعہ اعلان کیا تھا اور یقین دلایا تھا کہ اس میں عورتوں کے نمایاں شان انتظام ہوگا مگر اس اعلان کے باوجود جس بے نظمی اور پانی کی قلت اور دوسرے مصائب کو از خود پیدا کر کے جو مشکلات ان نہتی عورتوں کیلئے پیدا کی گئیں وہ اس کی ناقابلیت اور تہذیب و شرافت سے بیگانگی کا کھلا ہوا ثبوت ہے۔ کمیٹی باغ میں مستورات سے وہ سلوک کیا گیا جس نے مشرقی تہذیب کو پامال کر دیا ہے خواتین کو چاہیئے کہ وہ آئندہ اس قسم کے پر فریب اعلانات سے دھوکہ نہ کھائیں۔

دفتر الجمعیۃ میں آکر اطلاع دیجئے!

مینا بازار میں جوبلی کے سلسلے میں عورتوں کا جو میلہ مقرر کیا گیا تھا اس کے متعلق پبلک کو اور خصوصاً مسلمانوں کو سخت شکایات ہیں جن کی تحقیقات کے لئے اگر فوری توجہ نہ کی گئی تو مستورات کی اخلاقی اور اعزازی برتری سخت خطرے میں پڑ جائے گی اس لئے عوام کو اطلاع دی جاتی ہے کہ جن اصحاب کو مینا بازار کے متعلق ذاتی علم ہو اور وہ واقفیت رکھتے ہوں وہ فوراً دفتر الجمعیۃ گلی قاسم جان میں تشریف لا کر اپنی شکایات اور صحیح حالات تحریر کرا دیں انشاء اللہ ایسے حضرات کو ہر قسم کی امداد دی جائے گی۔ اور تحقیقات کے بعد اصل واقعات کو منظر عام پر لایا جائے گا۔

تحقیقاتی کمیٹی کا تقرر

سلور جوبلی کے سلسلہ میں ۸ مئی کو کمپنی باغ میں شرفا کی عورتوں کے ساتھ جو سلوک ہوا ہے اس کی وجہ سے دہلی کے ہندو مسلمانوں میں سخت اضطراب پھیل گیا ہے اور ہر طبقہ میں غم و غصہ کی لہر دوڑ گئی ہے۔ ...

میونسپل کمشنروں کا بیان

دہلی میونسپلٹی کے کمشنران صاحبان نے بھی ایک بیان شائع کرایا ہے جس میں اس حقیقت سے انکار کیا گیا ہے کہ مینا بازار سے عورتیں اور بچے گم ہو گئے ہیں ...

جامع مسجد میں احتجاج

دہلی ۱۰ مئی۔ کل بعد نماز جمعہ جامع مسجد میں مسلمانان دہلی کا ایک احتجاجی جلسہ مولانا عظمت اللہ صاحب کی صدارت میں منعقد ہوا جس میں صاحب صدر اور مولانا عبد الماجد صاحب دہلوی نے مینا بازار کے شرمناک اور رنجدہ واقعات کو تفصیل سے بیان کیا اور ذیل کی قرارداد منظور ہوئی:۔

مسلمانان دہلی کا یہ عظیم الشان جلسہ میونسپلٹی کے اس فعل پر نفرت و حقارت ...

اگر روس نے فرانس کا ساتھ دیا

تو جاپان جرمنی کا ساتھ دیگا

برلن ۸ مئی۔ روس اور فرانس میں حال ہی میں جو معاہدہ ہوا ہے اس پر جرمنی بھر میں اظہار ناراضگی کیا جا رہا ہے۔ جرمنی کے پریذیڈنٹ نے اس معاہدہ کے متعلق اظہار خیال کرتے ہوئے کہا کہ جرمنی کے دو لاکھ جوان فرانس کی اینٹ سے اینٹ بجا دینے کے لئے کافی ہیں وہ روس کو ناکوں چنے چبا سکتے ہیں۔ اگر روس نے ہونے والی جنگ میں جرمنی کے خلاف فرانس کی مدد کی تو اس صورت میں یہ معلوم ہونا چاہیئے کہ جاپان جرمنی کی ہر طرح مدد کرے گا۔ جرمنی جنگ کو پسند نہیں کرتا۔ لیکن اسے مجبور کیا جا رہا ہے کہ وہ میدان جنگ میں کود پڑے۔

چینی بالشویک ہندوستانی سرحد پر

زبردست جنگ کا امکان

شنگھائی ۸ مئی۔ کمیونسٹ افواج جو یونانفو کی طرف بڑھی آ رہی تھیں پیچھے کی طرف ہٹ گئی ہیں دریائے یانگسی کو عبور کرنے کے بعد وہ صوبہ زیچوان میں داخل ہو گئی ہیں ...

سیاسیات سے راجگوپال اچاریہ کی علیحدگی

مدراس ۹ مئی۔ اب پختہ طور پر معلوم ہو گیا ہے کہ مسٹر راجگوپال اچاریہ کانگریس اور ملکی سیاسیات سے علیحدہ ہو رہے ہیں۔

ڈاکٹر انصاری صاحب کے بڑے بھائی کا انتقال

اگرچہ موجودہ حکومت عالیہ برطانیہ کا وقت آغاز حکمرانی سے یہ منشا رہا ہے کہ برٹش رعایا کی جملہ اقوام اپنے اپنے حقوق کے ساتھ خوش و مرفہ الحال رہیں ایک کو دوسرے سے کوئی شکوہ پیدا نہ ہو۔ چنانچہ ملکہ وکٹوریہ کا ۱۸۵۸ء کا فرمان قطعی طور پر طے ہو گیا تھا کہ کسی محکمہ یا صیغہ ملازمت میں کوئی قوم خصوصیت سے اجارہ دار نہ بن جائے لیکن کسی جگہ ایک ہی قوم کا اجتماع نہ کر دیا جائے لیکن افسوس اس کا کہ لیبی زمانہ میں بھی جب کہ ہر طرف اتحاد و اتفاق اور امن و مساوات کی تحریک زور شور سے آسمان سر پر اٹھا رکھا ہے عملی طور پر دیکھ رہے ہیں کہ اصل معاملہ اور حقیقت حال اس کے قطعی برعکس ہے ایک طرف اگر اخوت و مودت کا درس دیا جا رہا ہے تو دوسری طرف ہمارے برادران ملک اپنی قوت اور غلط پروپیگنڈے سے حق و انصاف کا خون بہا کر مسلمانوں کے جائز حقوق غصب کر رہے ہیں۔ متذکرہ بالا سرکلر پاس ہوئے ایک طویل زمانہ گذر گیا لیکن نتیجہ وہی ڈھاک کے تین پات اس پر عمل ہوتے آج تک نہ دیکھا۔ نہایت افسوس ہے کہ حکومت برطانیہ بھی اکثریت سے مرعوب ہو کر اقلیت کو ٹھکرا رہی ہے اور ان کی حفاظت و نگرانی کی طرف سے بالکل تغافل کا اظہار کیا جا رہا ہے۔ جو فی الواقع حکومت کی ذمہ داری اور اس کے نظام پر بہت مہلک اور بدنما دھبہ ہے۔

ہریونی کونسل۔ ہائی کورٹ۔ جج۔ کلکٹری۔ منصفی۔ سب ڈویژنل۔ تحصیل۔ رانی وغیرہ جملہ عدالتوں میں ادنیٰ سے اعلیٰ طبقہ افراد تک کی تعداد میں تناسب دیکھئے جملہ صیغہ جنگلات و انہار و پی۔ ڈبلیو۔ ڈی۔ ریلوے اور سررشتہ ہائے تعلیمات کو ٹٹولئے تو پتہ چلے گا کہ ہندو مسلم تناسب پر غور کیجئے آپ کو معلوم ہو جائے گا کہ ہمارے برادران وطن کس طرح سینہ زوری کے ساتھ حق و انصاف کو پس پشت ڈالکر مسلمانوں کو پسپا کر رہے ہیں۔

ان تمام حالات سے قطع نظر صحبت امروزہ میں ہم ایک مختصر خاکہ صیغہ میونسپل بورڈ ہردوار کا پیش کرتے ہیں جو نہایت دلخراش کے ساتھ کہہ سکتے ہیں کہ یہی وہ حالات و واقعات ہیں جو طول دیکر ہندو مسلم ہردو قوموں کے درمیان وجہ نزاع اور ہندو مسلم کشمکش کے زبردست ثبوت ہیں۔

مسلم آبادی اور ملازمتوں کا تناسب

یونین ہردوار میں تین قصبہ جوالا پور، کنکھل، ہردوار شامل ہیں جس میں مردم شماری اور آبادی کے لحاظ سے مسلمان بقدر ایک ثلث (تہائی) ہیں۔ میونسپلٹی کی آمدنی منفرد ٹیکس اور مختلف ذرائع ۔۔۔

علم کا پتہ کل ہندو

مائٹر دکس کے کل کارکن ہندو ہیں۔ کول میونسپل بورڈ میں ہیڈ ماسٹر سے لیکر تمام ٹیچرس ۔۔۔ ہندو ہیں یہاں تک کہ پانی پلانے والا کہار بھی صرف ہندو نقشہ نویس، ممبران میونسپل بورڈ ہندو، اسٹور کیپر ہندو، ٹھیکیداران میونسپل بورڈ برائے نام دو تین مسلمانوں کے کل ہندو ہیں۔ جن کو خصوصیت کے ساتھ خفیہ کام دئے جاتے ہیں۔ بیلداران و چپراسیان دفتر ۔۔۔ وغیرہ کل ہندو ۔۔۔

کیا ہم یہ دریافت کر سکتے ہیں کہ جب دس دس روپیہ کے ملازمین کے لئے انٹرنس اور مڈل کی قید لگائی جاتی ہے تو پھر ۵۰ روپیہ ماہوار کا کثیر رقم پانے والے ملازم کی تعلیمی پوزیشن کیا ہونی چاہئیے؟

اس کا جواب کچھ مشکل نہیں ہر شخص جانتا ہے۔ موجودہ دور کی اقتصادی بدحالی ہے کون ناآشنا ہے ۔۔۔

حضرت شیخ الہند مدنی کا ورود مسعود

جناب ایڈیٹر صاحب السلام علیکم!

۹ محرم ۱۳۵۴ھ کو جمعہ کے دن حضرت العلام مولانا مولوی سید حسین احمد صاحب شیخ الحدیث دارالعلوم دیوبند احقر کی درخواست پر مدرسہ عربیہ منبع العلوم قصبہ گلاوٹھی میں تشریف لائے اور آپ نے ہی جمعہ کی نماز پڑھائی اور بعد نماز نہایت پرمغز اور مفید وعظ بیان فرمایا تمام حاضرین نے نہایت توجہ اور شوق سے آپ کا بیان سنا حاضرین مع قصبہ کے علاوہ دیہات کے بھی بہت سے مسلمان شامل تھے۔ وعظ کا سلسلہ دو گھنٹہ سے زیادہ ہو گیا جاری رہا۔ وعظ کے بعد جناب منشی سید ممتاز الدین صاحب بی۔ اے رئیس گلاوٹھی نے چائے کی دعوت کی اور حضرت مولانا مدظلہ نے سید صاحب کی دعوت کو قبول فرما کر ان کے مکان پر تشریف لے گئے۔ وہاں بے حد اصرار کی وجہ سے مستورات کو تقریباً آدھ گھنٹہ تک وعظ و نصیحت کی۔ اگرچہ اہل قصبہ کا اصرار تھا کہ حضرت شیخ الحدیث شب کو گلاوٹھی میں قیام فرمائیں لیکن آپنے تبلیغی ضرورت کا عذر فرماتے ہوئے قیام سے انکار کیا اور شب کو بعد مغرب دیوبند کو تشریف لے گئے۔ فقط۔ (مولانا) سید حمید الدین عفی عنہ مہتمم مدرسہ عربیہ گلاوٹھی۔

جمعیۃ الانصار کانفرنس کے اجلاس کا التواء

فیروزآباد میں ہندو مسلم فسادات کی وجہ سے ۔۔۔ دفعہ ۱۴۴ نافذ ہے۔ اس لئے یو۔ پی پراونشل جمعیۃ الانصار کانفرنس کا ساتواں سالانہ اجلاس جو زیر صدارت عالیجناب مولانا عبدالمجید صاحب بی۔ اے (علیگ) ایل ایل۔ بی۔ وکیل۔ مولوی فاضل۔ رئیس بنارس بمقام فیروزآباد منعقد ہونے والا تھا ملتوی کر دیا گیا ہے اور چونکہ دفعہ ۱۴۴ کے قریب میں اٹھا جانے کا کوئی امکان نہیں ہے لہذا مجلس استقبالیہ اگر یا اٹھا وہ میں کانفرنس کرنے کے مسئلہ پر غور کر رہی ہے طے پانے پر بہت جلد بذریعہ پریس برادران انصار کو اطلاع دیجائے گی۔

داد ایچ خان جنرل سکرٹری مجلس استقبالیہ صوبہ یو۔ پی کانفرنس فیروزآباد

آسٹریا ہنگری اور اٹلی کا اتحاد

وینس ۸ مئی۔ دریائے ڈینیوب کے کنارے کی حکومتوں کی جو کانفرنس ہو رہی تھی اس کے متعلق ایک سرکاری اعلان شائع ہوا ہے جس میں لکھا ہے کہ آسٹریا اور ہنگری نے اٹلی سے عملی طور پر اتفاق کر لیا ہے اور دونوں کے ۔۔۔

تعلیمی نظام

ہندوؤں کے تعلیمی ادارات جن میں اسکول ہائی اسکول۔ گرلز اسکول پاٹھ شالہ کنیا پاٹھ شالا پرائیویٹ اسکول غرض ہر طرح کی درسگاہیں موجود ہیں اور جن کے ماہانہ اخراجات پر کئی ہزار روپیہ صرف کیا جا رہا ہے۔ اور یہ ادارات ہندو اہلکاران و افسران کی نگرانی میں اپنے فرائض کو معقولیت کے ساتھ انجام دے رہے ہیں دوسری طرف مسلمانوں کے صرف دو مکتبوں میں برائے نام ماہی کو دس دس روپیہ دئے جا رہے ہیں ۔۔۔

خضاب چھوہڑ دیمہ

اس میں سے بال ۔۔۔ کالا ۔۔۔ اگر ایک بال بچا تو تین روپیہ اس سے زیادہ ۔۔۔ کا تیل منگالیں۔
پتہ۔ بال کالا اسٹورس پوسٹ کمنی سمری دربھنگہ

شمشیر برہنہ

علمی ادبی اخلاقی اور نتیجہ خیز ۔۔۔ ایک ایک حرف بامعنی ایک ایک جملہ قابل عمل ۔۔۔ ۳۰ صفحات ۔۔۔ قیمت کتاب ۔۔۔ کلکتہ کو بھیجکر ۔۔۔

دھوکہ سے بچو
اصلی مال خریدو
جوہر عشبہ چوب چینی (رجسٹرڈ)
خون صاف کرنے کی مشہور دوا ہے
قیمت شیشی کلاں ۔۔۔ ملنے کا پتہ: منیجر شفاخانہ حکیم ڈاکٹر غلام نبی زبدۃ الحکماء لاہور

رسالہ
اٹھتی ہوئی جوانی بالکل مفت

گمراہ نوجوانوں کو راہ راست پر لانے کے لئے
بچوں کی صحیح طریقہ سے پرورش کرکے نوجوان بنانے کے لئے
اٹھتی ہوئی جوانی کی حفاظت کرنے کے لئے
جوانی واپس لانے کی تدبیریں بتلانے کے لئے
رسالہ اٹھتی ہوئی جوانی ۔۔۔ مفت طلب فرمائیے
پتہ:- وید شاستری جام نگر کاٹھیاواڑ

"نگارستان کشمیر"
(مصنفہ قاضی ظہور الحسن صاحب سیوہاروی)

کشمیر جنت نظیر کی جدید ترین تاریخ سلاطین و مہاراجگان کشمیر کی حکومت کا صحیح مرقع ۔۔۔ ملنے کا پتہ: مکتبہ شرقیہ سوئیوالان دہلی

سوزاک کا طیشر علاج

سوزاک بڑا موذی مرض ہے اسکا علاج فوراً کرانا چاہیے ۔۔۔ قیمت فی شیشی ۱۲
ملنے کا پتہ
رشید اینڈ کو گلی قاسم جان دہلی

سرمہ نور

اگر آنکھوں کی تندرستی چاہتے ہو تو دوسرے سرموں میں سے کوئی سرمہ اپنے لئے انتخاب کرکے استعمال کیجئے ۔۔۔
ملنے کا پتہ (مولانا) نور الدین بہاری دہلی بیری کا باغ

مفت! مفت! مفت!
بول کیا چاہتا ہے؟

یہ نمائش دولت ہے ملا مال ہونا کیا مجرب کہیں سے مجرب ہے ۔۔۔ "دولت کی پری" مفت طلب کریں۔
منیجر کارخانہ دولت کی دیوی شجاع آباد (پنجاب)





رجسٹرڈ نمبر ایل ۱۷۹۳
ید اللہ علی الجماعۃ
تار کا پتہ: الجمعیۃ دہلی — ٹیلیفون نمبر

الجمعیۃ سہ روزہ دہلی

مدیر مسئول: ہلال احمد زبیری (بی اے) — معاون: محمد عثمان فارقلیط

جلد ۲۱ | دہلی یوم دوشنبہ ۱۶ صفر المظفر ۱۳۵۴ ہجری مطابق ۲۰ مئی ۱۹۳۵ء | نمبر ۳۵

جنگ آزادی میں ترکوں کا حصہ

یورپ کا مرد بیمار کس طرح جوانمرد اور فاتح بنا

مسئلہ یونان اور سیاسی کانفرنسیں

قومی مجلس عالیہ کی حکومت

جماعت تاسیسی کا اجلاس ۲۳ اپریل ۱۹۲۰ء کو انگورہ میں ہوا۔ اس نے ملک کی حکومت اپنے ہاتھ میں لے لی، اور اس کا نام قومی مجلس عالیہ رکھا۔ مشرق میں یہ پہلی جمہوری حکومت تھی جو خود جمہوریہ نے قائم کی ...

معاہدہ سیورے اور اس کا خاتمہ

معاصرین کے افکار و آراء

اقدامی پالیسی

... پھر تو حکومتوں کا قائم ہو جانا اور ان پر کسی نہ کسی بڑی دول کی سرپرستی بلقان میں اگر باعث جنگ بنے تو تعجب نہ کرنا چاہئے۔

(ملت)

سرحد آزاد میں برطانوی تعمیر

(مدینہ)

حقیقت مسلم

جو بوالہوس ہیں، وہ مجکو سمجھ نہیں سکتے
شہید ناز ہوں میں کشتۂ وفا ہوں میں
زمانہ لائے گا جس کی تاب جولانی
اسی مجاہد اعظم کا نقش پا ہوں میں
محال عقل ہے عالم سے میرا مٹ جانا
کہ آفرینش عالم کا مدعا ہوں میں
میں بے نیاز ہوں قطع و برید کے غم سے
جو راست ہے قد فطرت پہ وہ قبا ہوں میں
میں ترجمان حقیقت ہوں راز استقلال
تغیرات کی حد سے نکل چکا ہوں میں
مرے مقام سے اونچا نہیں کسی کا مقام
کمال اوج ہوں رفعت کی انتہا ہوں میں
جو کہہ رہا ہوں میرے پاس اسکی حجت ہے
مآل کار کو گویا کہ دیکھتا ہوں میں
کروں گا مشرق و مغرب کو پھر میں زیر نگیں
زمانہ دیکھ ہی لے گا جو کہہ رہا ہوں میں
میرے محاذ سے کہہ دو ہوس پرستوں کو
کھڑے ہوں ہٹ کے کہ اک تیر بے خطا ہوں میں
میری گرفت سے دنیا نکل نہیں سکتی
زبان وقت بتا دے گی ہاں کہ کیا ہوں میں

افغانستان اور سکھ

بلقان، یورپ کا بارود خانہ

Regd No L 1793.

The Aljamiat

Vol XXI No 34 — DELHI THURSDAY 16th ... 1934 — PRICE ONE ANNA

نورانی قرآن مجید
نہایت صاف جلی اور نہایت صحیح قرآن شریف اگر درکار ہو تو نورانی قرآن مجید الجمعیۃ بک ایجنسی دہلی سے طلب فرمایئے قیمت مجلد بارہ روپیہ

قبول اسلام ... منیجر الجمعیۃ دہلی

1793 الجمعیۃ دہلی
5075
محمد عارف صاحب درخشی ... احمد منزل
P.O. Rander
Distt Surat

مکتبہ جامعہ دہلی کی ادبی اور مذہبی خدمات

اردو اکاڈمی کی سرپرستی قبول کیجئے

گولی مار کر ہوائی جہاز گرا لیا

عراق کے باغی قبائل کی سرگرمیاں

... سرکاری بیان سے یہ ظاہر ہوتا ہے کہ اس ہوائی جہاز کا باغیوں سے کوئی واسطہ نہ تھا۔ البتہ وہ صرف اس حلقہ پہ اثر رہا تھا۔

احرار کانفرنس کا اجلاس

یوپی احرار کانفرنس و تبلیغ احرار کانفرنس کی نہایت سرگرمی سے تیاریاں کی جا رہی ہیں یہ کانفرنس ملتوی ہو کر بجائے ۱۱-۱۲ مئی کے ۱۸ اور ۱۹ مئی کو منعقد ...

کوہاٹ میں ڈاکٹر خان صاحب اور ...

تقریر سیرت کے متعلق معزز اخبارات و رسائل کی رائیں

رسالہ معارف کا تبصرہ

پادری کی لڑکی

اسپین کے ایک جلیل القدر پادری کی لڑکی نے مذہب اسلامی تعلیمات کا مطالعہ کیا اور مسلمانوں کے مذہبی ... اسلام ہی وہ مذہب ہے جو دنیا اور آخرت میں نجات کا راستہ بتاتا ہے ...

رسالہ جامعہ کی تنقید

جناب مولانا احمد سعید صاحب ہندوستان کے خوش بیان واعظوں میں ایک خاص حیثیت رکھتے ہیں ان کے دل آویز شگفتہ اور دلچسپ انداز بیان کا وہی شخص اچھی طرح اندازہ کر سکتا ہے ...

تقریر سیرت

حضرت سحبان الہند مولانا الحاج حافظ احمد سعید صاحب ناظم جمعیۃ علمائے ہند کی یہ تقریر اپنی بے شمار خصوصیات کے اعتبار سے ایک عجیب و نادر مجموعہ ہے ...

منیجر اخبار الجمعیۃ گلی قاسم جان دہلی

اخبار خلافت کی رائے

معجز نما قرآن مجید

حمائل شریف مترجم

ملنے کا پتہ: منیجر اخبار الجمعیۃ گلی قاسم جان دہلی

منیجر اخبار الجمعیۃ دہلی

انجمن اتحاد مسلم چودھریان کے اجلاس ششم کا خطبہ صدارت

از

جناب چودھری محمد سمیع اللہ خاں صاحب رئیس سہنپور

صدر جلاس نے رسمی شکریہ ادا کرنے اور حاضرین کو قول کے بجائے عمل کی تلقین کرنے کے بعد حسب ذیل امور کے متعلق اظہار رائے فرمایا :-

مسئلہ تعلیم

حضرات! اس سلسلہ میں سب سے پہلی چیز مسئلہ تعلیم ہے۔ تعلیم کے جو فوائد ہیں اور اس کی جس قدر ضرورت ہے وہ اس درجہ روشن اور عالم آشکارا ہے کہ اس کے متعلق کچھ بحث کرنا ایسا ہی بیجا ہوگا جیسا کہ آفتاب کی روشنی کا ثابت کرنا۔

پر خاندانی عداوتیں پیدا ہونے لگتی ہیں۔ لہٰذا اگر ہمارے وہ تنازعات جن کو قانون کے مطابق ہم آپس میں طے کر سکتے ہیں۔ باہمی فیصلوں کے ذریعہ سے ختم ہو جایا کریں تو مقدمہ بازی کی وجہ سے مالی بربادی اور باہمی اخلاق کا جو نقصان ہمیں اٹھانا پڑتا ہے ہم اس سے ہر طرح محفوظ ہو جائیں۔ آپ تھوڑی دیر کے لئے اس نقصان کا اندازہ کرنے کے واسطے اپنے مقام کے واقعات پر غور کیجئے۔

اصلاح رسوم

قومی پنچایت

بصائر و نظائر

بعض گناہ اس قسم کے ہیں جو سب کے نزدیک معیوب اور قابل مذمت ہیں اس میں مسلمان، عیسائی، ہندو، مجوسی، بت پرست اور خدا پرست کی کوئی تمیز نہیں ہے۔ ہر مذہب و مشرب کا انسان اخلاقی جرائم کو گناہ اور معصیت ہی سمجھتا ہے۔ چوری اگر گناہ ہے تو سب کے نزدیک، قتل اور عصمت ریزی معصیت ہے تو سب انسانوں کی نظروں میں، اغوا، نفس پرستی، زنا، رندی اور ہوسناکی ہر ضمیر کے لئے قابل شرم اور موجب انفعال ہے اور دنیا میں ایک انسان بھی ایسا نہ نکلے گا جو انسان ہونے کے باوجود ان جرائم سے نفرت نہ کرتا ہو یہاں تک کہ جرائم پیشہ انسان بھی گناہ کو گناہ ہی سمجھتے ہیں اور ضمیر کی ملامت کی آگ ہر وقت ان کو سزا دینے کیلئے بھڑکتی رہتی ہے۔ اس کا سبب یہ ہے کہ افعال کے حسن و قبح کا احساس انسانی فطرت میں ودیعت کیا گیا ہے اور اچھائی اور برائی کا ادراک ہر بشر کو عطا کیا گیا ہے۔

ویتعلمون ما یضرھم ولا ینفعھم ولقد علموا لمن اشتراہ مالہ فی الآخرۃ من خلاق (۱ × ۱۲)

یہ لوگ وہ چیز سیکھتے ہیں جو ان کو نفع کے بجائے نقصان پہونچاتی ہے۔ حالانکہ وہ جانتے ہیں کہ اس کے خریدار کا آخرت میں کوئی حصہ نہیں ہے!

حالانکہ مسلمان تو وہ ہے جو اللہ کی رضا کیلئے اپنے نفس تک کو قربان کر دینے سے دریغ نہیں کرتا۔

ومن الناس من یشری نفسہ ابتغاء مرضات اللہ (۹ × ۲)

لوگوں میں سے وہ بھی ہیں جو اللہ کی رضا کے لئے اور اس کے عشق میں اپنی جان تک کو فروخت کر دیتے ہیں۔

اس عمومی نظر کے بعد سینما کے خاص خاص پہلوؤں پر خصوصی توجہ دی جاتی ہے جس کے لئے تھوڑا سا انتظار فرمائیے۔

چلتی ہوئی موٹروں کو روکنے والی شعاع

اٹلی کی حیرت انگیز ایجاد

لندن ۱۵ مئی۔ آج کل اہل اٹلی کی زبان پر یہی چرچا ہے کہ ... مارکونی اس شعاع کو ایجاد کرنے میں کامیاب ہو گئے ہیں۔ جس سے بجلی اور دیگر حرکت کرنے والے انجنوں کو ٹھہرایا جا سکے۔

معاصر "ڈیلی میل" کا نامہ نگار مقیم روم مطلع کرتا ہے کہ وہاں ایک سرکاری اعلان شائع ہوا ہے جو کہ مظہر ہے کہ مارکونی ... جو کہ روم کے قریب واقع ہے۔ سائینور مسولینی اور جنرل ... کی موجودگی میں کی مظاہرے کئے گئے، حالانکہ ابھی تک یہ نہیں معلوم ہو سکا ہے کہ مظاہرے کس قسم کے تھے۔ تاہم خیال کیا جاتا ہے کہ وہ فوجی نوعیت کے تھے۔ نامہ نگار موصوف مزید تقطراز ہے۔ سرکاری اعلان کے شائع ہونے سے اس وجہ سے اور بھی دلچسپی پیدا ہو گئی کہ کچھ دنوں سے روم میں اس قسم کی افواہیں گشت لگا رہی ہیں کہ گزشتہ ہفتہ ایک دن ... پر تمام موٹر کاریں چلتے چلتے اچانک رک گئیں۔ ان کو دوبارہ چلانے کی ہر چند کوشش کی گئی لیکن کامیابی نہیں ہوئی۔ بالآخر نصف گھنٹہ بعد ان کو کامیابی ہو گئی۔

اٹلی میں ۹ لاکھ مسلح فوج

مسولینی کا اعلان

لندن ۱۵ مئی۔ اسٹریزا میں ہونے والی جنرل اسٹاف کی میٹنگ نے ایک ہوائی کور قائم کرنے کا فیصلہ کیا ہے جو کہ معاہدہ ورسیلز کی خلاف ورزی کے مترادف خیال کیا جاتا ہے۔ آج کل قریب قریب یورپ کا ہر ایک ملک ہوائی طاقت کو مضبوط کرنے کی کوشش کر رہا ہے۔ پیرس میں اس وقت بڑے جوش و خروش کا مظاہرہ ہوا جبکہ پولیس اور فائر بریگیڈ کے انجنوں نے ایک ساتھ ہوائی چھاپہ کی مشق کی۔ سائینور مسولینی نے روم میں سینیٹ کی اسٹینگ ... اعلان کیا کہ اٹلی اپنی حفاظت کیلئے ۹ لاکھ مسلح سپاہی رکھنے کا ارادہ رکھتا ہے۔ انہوں نے یہ بھی اعلان کیا کہ فوجی تربیت کے لئے مزید انتظام کرنے کی کوشش کی جا رہی ہے۔

کہا جاتا ہے کہ پولینڈ بھی ... کے ساتھ جرمنی سے سمجھوتہ کرنے کے لئے تیار ہے۔

انڈیا بل کی تمام دفعات منظور ہو گئیں

ساڑھے تین کروڑ ہندوستانیوں کو حق رائے دہی

لندن ۱۰ مئی۔ انڈیا بل کی تمام دفعات اور جدولیں منظور ہو گئی ہیں۔ ... جدید حقوق رائے دہی کے ماتحت ساڑھے تین کروڑ ہندوستانیوں کو رائے دینے کا حق حاصل ہوگا۔ اس طرح بالغ آبادی کے ۲۹ فی صدی حصہ کو ... تفویض کیا جائے گا۔

سرحدی جھگڑوں کو ختم کرنے کی تجویز

ممالک خارجہ کے اہم حالات و کوائف

عراق اور حجاز

عربی اخبارات کی اطلاع ہے کہ حکومت عراق اور حکومت حجاز کے درمیان بہاکہ اتحاد کی کوشش کی جا رہی ہے تاکہ وحدۃ عرب کی تحریک کامیاب ہو اور عربی ریاستوں کے اختلافات کا خاتمہ ہو جائے اگر عراق اور حجاز میں کسی مضبوط بنیاد پر معاہدہ ہو گیا تو عرب کی چھوٹی چھوٹی امارتوں کو بڑی حکومتوں کے ساتھ متحد کرنے کی سعی کی جائے گی تاکہ وہ اجنبی قوتوں کا آلہ کار بننے کے بجائے آپس میں متحد و منسلک ہو جائیں اور بڑی حکومتیں چھوٹی امارتوں کو اپنی نگرانی اور حفاظت میں لے لیں۔

حال میں حج کے موقعہ پر حکومت عراق کا ایک وفد حجاز آیا تھا حکومت سعودیہ نے اس وفد کا شاندار استقبال کیا اور ۹ گھڑیاں حکومت نے ارکان وفد کو تحفہ میں دیں ان میں ۴ گھڑیاں تو سونے کی ہیں اور ۵ چاندی کی ان سب پر جلالۃ الملک سلطان ابن سعود کا نام کھدا ہوا ہے۔ معلوم ہوا ہے کہ اس وفد کا مقصد بھی اتحاد عرب اور عراق و حجاز میں معاہدہ کی ترتیب ہے۔

پہلے تو جاہلیت کے زیر اثر عورتوں کو حیوان سمجھا اور اب وہ اس صنف کو فرشتہ سمجھ رہا ہے۔ انسان سمجھنے والا کوئی نہیں یورپ نے صحیح حدود قائم نہیں کئے۔ مگر اسلام نے نہ تو عورتوں کو اتنا بلند کیا جہاں سے گرنے کا ہر وقت کھٹکا لگا رہے۔ اور نہ اسقدر پست کہ اس کو اٹھانے کے لئے واویلا کیا جائے!

ہمیں عورتوں کے ظلم سے بچاؤ

شکاگو میں مظلوم اور ستم رسیدہ مردوں کی ایک انجمن قائم ہوئی ہے جو متحدہ طور پر عورتوں کے مظالم کے خلاف مؤثر اور عملی احتجاج کرنا چاہتے ہیں۔ اس انجمن کے سائن بورڈ اور لیٹر فارموں پر یہ عبارت لکھی ہوئی ہے جس سے معلوم ہو جاتا ہے کہ اس کے اغراض و مقاصد کیا ہیں کہ "ہمیں عورتوں کے مظالم سے بچاؤ"۔ معلوم ہوا ہے کہ بہت سے لوگ اس انجمن کے ممبر بن گئے ہیں اور اس کی اشاعت کیلئے وسیع پروپیگنڈا کیا جا رہا ہے۔ جو شخص ممبر بننا چاہتا ہے اس کو ایک عہد نامہ پر دستخط کرنے پڑتے ہیں جس کی اہم شرائط یہ ہیں:-

(۱) ہر ممبر جو مجرد ہو ایسی عورت سے شادی کرے جو خود کھانا پکا سکے، خود اپنے کپڑے سی سکے اور خود گھر کے برتن دھو سکے۔

(۲) جو مرد کی اجازت کے بغیر کہیں نہ جائے۔ کسی سے دوستی پیدا نہ کرے اور کسی سے از خود خط و کتابت نہ کرے۔

(۳) غروب آفتاب سے دو گھنٹہ بعد گھر میں واپس آ جائے اگر اس سے زیادہ دیر لگائے تو بیوی سے باز پرس کی جائے صحیح جواب نہ ملنے پر اس کو علیحدہ کر دیا جائے۔

(۴) تحریک عریانی میں شرکت نہ کرے۔ ایکٹریسوں سے کوئی تعلق نہ رکھے سینما اپنے خاوند کے ہمراہ جائے۔ ہوٹلوں کو سرخ نہ کرے۔ پاؤڈر اور دیگر حسن افزا دواؤں کے استعمال سے حتی الامکان پرہیز کرے۔

انجمن کے جو ارکان شادی شدہ ہیں ان کی بیویوں سے بھی تھوڑے سے فرق کے ساتھ یہی شرائط تسلیم کرائی جاتی ہیں۔

امام یمن کا عزم

امام یحییٰ والی یمن نے اپنے مخصوص حلقوں میں اعلان کیا ہے کہ وہ آئندہ سال مصر، شام، فلسطین اور حجاز کا سفر کریں گے اور ممکن ہوا تو عراق سے ہوتے ہوئے ایران بھی تشریف لیجائیں گے۔ اس ارادہ اور اعلان کی سرکاری طور پر تصدیق نہیں ہوئی ہے۔ معلوم ہوا ہے کہ آپ کے بڑے صاحبزادے سیف الاسلام اس سیاحت کیلئے پروگرام مرتب کر رہے ہیں۔

آئندہ موسم خریف میں ترکوں کا ایک وفد سواحل اور مشرق اردن ہوتا ہوا یمن پہونچے گا جہاں وہ معدنی کانوں کے متعلق تحقیقات کرکے حکومت یمن کو قدرتی پیداوار سے استفادہ کا مشورہ دیگا۔ معلوم ہوا ہے کہ سرزمین یمن میں معدنیات کی کانیں موجود ہیں۔ اور اس کا علم ترکوں کو جنگ عظیم سے پہلے حاصل ہو چکا تھا۔ اب کوشش کی جا رہی ہے کہ ترک ماہرین بعض امریکن ماہرین طبقات الارض کی امداد سے معدنی کانوں کیلئے کام شروع کر دیں۔

صحرائے عرب میں ٹیلیفون

عراق کی وزارت امور عامہ نے کہا ہے کہ موسم خریف میں عراق کا ساری دنیا سے بذریعہ ٹیلیفون کا یہ سلسلہ یورپ اور امریکہ سے متصل کر دیا گیا ہے اور اسلامی ممالک سے بھی چنانچہ ایران، ترکی، شام، فلسطین، حجاز مقدس، مصر کے درمیان یہ سلسلہ قائم ہو گیا ہے اور وسط سال میں یہ سلسلہ تکمیل کو پہونچ جائے گا۔ شروع میں حجاز میں ٹیلیفون کا سلسلہ قائم ہونے پر بدوی قبائل میں سخت اختلاف ہو گیا تھا اور نادواقف نجدی اس کو شیطانی آواز سمجھتے تھے مگر جب سلطان ابن سعود نے ان لوگوں کو خود سمجھایا اور ٹیلیفون پر قرآن کریم کی آیات تلاوت کرا کر ان سے کہا کہ شیطان قرآن کریم کی تلاوت نہیں کر سکتا تب کہیں جا کر مخالفت رکی اور بدویوں نے سمجھا کہ یہ بھی ایک ترکیب ہے کہ ایک جگہ سے دوسری جگہ آواز کو پہونچایا جاتا ہے!

امیر کویت کی مساعی

... امیر موصوف نے ایک فرمان کے ذریعہ ... سال کے بچے تک کیلئے تعلیم ضروری قرار دیدی ہے۔ اس سلسلہ میں معلوم ہوا ہے کہ امیر کویت سلطان حجاز کی پیروی کرنا چاہتے ہیں۔ نجد میں تعلیم کا سلسلہ اعلیٰ پیمانہ پر قائم ہے اور ہر گاؤں میں حکومت کی طرف سے ایک معلم مقرر ہے جو دیہاتی بچوں کو اسلامی تعلیم دیتا ہے۔ ... امیر کویت بھی حالات سے مجبور ہو کر جبریہ تعلیم جاری کر رہے ہیں۔ توقع ہے کہ نتائج خوشگوار نکلیں گے۔

خلیج فارس میں بحری مستقر

حکومت برطانیہ بحرین میں اپنا بحری مستقر قائم کرنا چاہتی ہے جس کے متعلق اعلان بھی کر دیا گیا ہے اس کا مطلب یہ ہے کہ برطانیہ قلب عرب پر نگاہ رکھنے اور عقبہ اور معان کے ساحلوں پر پورے طور پر قبضہ کرنے کے لئے آمادہ ہو گیا ہے۔ برطانیہ کے اس جدید اقدام سے عربی ممالک میں سخت خطرہ پیدا ہو گیا ہے ... حکومت عراق نے برطانوی حکومت کو لکھا ہے کہ خلیج فارس میں بحری مستقر کے قیام کی تجویز پر نظر ثانی کی جائے ... ظاہر ہے کہ حکومت عراق کے اس احتجاج کا کوئی اثر نہ ہوگا اس لئے کہ عراق خود بھی اجنبی قوت سے خائف ہے۔

معلوم ہوا ہے کہ حکومت حجاز بھی برطانوی مستقر کے خلاف احتجاجی نوٹ برطانیہ کے پاس روانہ کرنے والی ہے۔

روشن خیالوں کا اعتراف

انتقادات

محمدیہ پاکٹ بک

مؤلفہ منشی محمد عبد اللہ صاحب معمار، پاکٹ سائز ضخامت ۷۳۶ صفحات کتابت و طباعت اعلیٰ، کاغذ نفیس قیمت عہ ملنے کا پتہ انجمن اہلحدیث ... لاہور۔

یہ کتاب مرزائیوں (ہر دو صنف) کے خلاف ایک زبردست ہیگزین ہے ... مرزا قادیانی علیہ ما علیہ کا ابطال کتاب و سنت اور کتب مرزائیہ سے نہایت خوبی کے ساتھ کیا گیا ہے۔ یہ کتاب چار ابواب اور ایک ضمیمہ پر مشتمل ہے ...

ضروری کہانیاں

فسادات فیروز آباد

کے متعلق

جمعیۃ علماء صوبہ متحدہ (مراد آباد) کے تحقیقاتی وفد کی رپورٹ

(گزشتہ سے پیوستہ)

مختلف حادثات

... جنرل مرچنٹ اور مرزا لال محمد کی دوکانیں جلائی گئیں۔ یہاں بھی فائرنگ ہوا۔ اور ... ہندو فوت ہوا اور ہندو مسلمان زخمی ہوئے۔ اس موقع پر بیدو کانیں لوٹی گئیں۔ اسی کے پاس دھرم شالہ ہے جس کے متعلق کہا گیا ہے کہ اس کو نقصان پہونچایا گیا لیکن معلوم ہوا ہے کہ کوئی نقصان نہیں ہوا اور نہ ایسا کرنے کی کوشش کی گئی۔

عرصہ دراز سے فیروز آباد میں نہ ہوتے۔ انہوں نے بارہ دری کی چادر کے جلوس کے موقع پر خدمات انجام دی ہیں بانوں کے جلوس کے سامنے مسجد کے سامنے گزروائے ہیں۔ اور اس موقع پر تو محرم خدام قومی کے انچارج انسپکٹر حلقہ تھے اور محمد ادریس ... کی نوعیت تو بالکل افسوسناک تھی ...

گرفتاریاں اور مقدمات

نامعقول شکایات

جنگ آزادی میں ترکوں کا حصہ

(بسلسلہ جہاد اول)

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم

الجمعیۃ دہلی

یوم دوشنبہ ۱۶ صفر المظفر ۱۳۵۴ہجری

مسٹر شفیع داؤدی کا تاریخی مقدمہ

ٹریبونل کے فیصلوں اور سفارشات میں تضاد

مسٹر شفیع داؤدی کے ذیج ... کے متعلق استغاثہ کی تحقیقات کرنے کے لئے حکومت کی جانب سے جو ٹریبونل مقرر ہوا تھا اس کے فیصلہ کو شروع سے آخر تک پڑھ لینے کے بعد ہمیں اس امر کا اعتراف کرنا پڑتا ہے کہ آج تک ہماری نظر سے کوئی قانونی فیصلہ ایسا نہیں گزرا ...

قرار دیا جائے جو امیدوار کی طرف سے بااختیار کردئے گئے تھے اور اس انتخابی ... کامیاب بنانے ... کے لئے ... کا خرچ کرنے کے مجاز تھے یہ امر لازمی تھا کہ جو رقم انہوں نے خرچ کی تھیں ان کی تفصیلات خود صاحب ہی لکھی جاتیں ...

شذرات

مسٹر آصف علی کا بیان

سلور جوبلی کی خوشی میں کمپنی باغ میں خواتین کے لئے جس مینا بازار کا انتظام کیا گیا تھا اور اس میں مشرقی روایات کے خلاف عورتوں کی بے پردگی کا جو افسوسناک مظاہرہ ہوا اس نے سارے شہر میں غم وغصہ کی ایک عام لہر دوڑادی ہے اور لوگوں کو ناقابل تردید شہادات کی بنا پر یہ یقین ہو گیا ہے کہ میونسپلٹی کے ارباب اہتمام نے اپنے پرفریب اعلانوں کے ذریعہ خواتین کو دعوت دے کر ان کے عصمت اعزاز کی سخت توہین کی ہے۔ اس عام ناراضگی کو مدنظر رکھتے ہوئے مینا بازار کے منتظمین کے خلاف الزامات کی تحقیقات کیلئے ایک تحقیقاتی کمیٹی تقرر کی گئی تھی، جس کے صدر مسٹر آصف علی بیرسٹر ممبر اسمبلی قرار دئے گئے تھے۔ واقعات اور الزامات کی تحقیقات کے بعد صدر تحقیقاتی کمیٹی نے ایک بیان شائع کیا ہے جس میں بطور نتیجہ اس امر کا اعلان کیا گیا ہے کہ "اس بدانتظامی سے شہر میں ناراضگی کی جو لہر دوڑ گئی ہے وہ بالکل حق بجانب ہے" صدر تحقیقاتی کمیٹی نے افواہی اور مشکوک الزامات سے قطع نظر کرتے ہوئے مینا بازار کے منتظمین پر حسب ذیل الزام قائم کئے ہیں۔ (۱) رائے بہادر سوہن لال کے دستخطوں سے ایک عام نوٹس کے ذریعہ خواتین کو مینا بازار میں شرکت کی دعوت دی گئی تھی جس میں خواتین کو یقین دلایا گیا تھا کہ (الف) اس بازار میں کوئی مرد داخل نہیں ہو سکے گا۔ (ب) اور پردہ کا "معقول" انتظام ہوگا۔ حالانکہ میلہ میں اعلان کے باوجود مرد داخل ہوئے جن میں سے کچھ تو دوکاندار تھے اور کچھ انتظام کرنے والوں میں سے تھے۔ یہ وہ حقیقت ...

آنکھوں میں دھول ڈالنے کی کیوں کوشش کی گئی؟ کیا مینا بازار کے منتظمین کے پاس اس صاف اور صریح الزام کا کوئی جواب ہے؟ اس کے علاوہ تحقیقاتی کمیٹی کے صدر کے بیان میں ذیل کے الزامات کی بھی تصدیق کی گئی ہے یعنی عورتوں پر نازیبا اور خطرناک حملے کئے گئے اور ان کی حفاظت کا کوئی انتظام نہیں کیا گیا۔ میلہ کے نزدیک تانگے اور موٹریں کھڑا کرنے کیلئے کوئی جگہ مقرر نہیں کی گئی۔ میلہ میں زنانہ والنیٹر کافی تعداد میں موجود نہیں تھیں۔ پانی اور دیگر ضروری چیزوں کا کوئی مناسب انتظام نہ تھا جس جگہ عورتیں تانگوں سے اتر رہی تھیں وہاں پردہ کا کوئی انتظام نہ تھا۔ پولیس بھی کافی تعداد میں متعین نہیں کی گئی۔ بہت سے بچے بہت دیر تک غائب رہے۔ ہمیں یقین ہے کہ یہ الزامات بہت کافی حد تک صحیح ہیں جن کا انکار کسی حالت میں نہیں ہو سکتا۔ اب دیکھنا یہ ہے کہ کمیٹی کے ارباب اختیار ان الزامات کو تسلیم کرکے تلافی مافات کی کونسی شکل اختیار کرتے ہیں۔

قادیانیوں کی چیرہ دستیاں

مولانا حبیب الرحمن صاحب صدر مجلس احرار اسلام کے بیان سے معلوم ہوا کہ قادیان میں مرزائیوں نے ڈاکٹر عبدالسلام صاحب کو زدوکوب کیا اور ان کے مکان کا محاصرہ کر لیا۔ ڈاکٹر صاحب کا قصور صرف اتنا بتایا جاتا ہے کہ ...

حوادث واحکام

استفتاء

الجواب

استفتاء

الجواب

دارالحکومت

جوبلی کے سلسلہ میں گرفتار شدگان کا مقدمہ

پریس ایکٹ کے ماتحت چالان

دہلی ۱۵ مئی۔ کل جو گرفتاریاں سلور جوبلی کے خلاف اشتہارات چسپاں کرنے کے سلسلہ میں ہوئی تھیں اس سلسلہ میں مزید تحقیقات کرنے سے معلوم ہوا ہے کہ گرفتار شدگان میں لالہ نرائن داس گرگ، مسٹر لکشمن تیپاٹھی کے سٹرلال چند، رجناتھ سہدانند سکریٹری انجمن اخبار فروشان شریک ہیں گرفتار شدگان کو مختلف تھانوں کی حوالات میں الگ الگ رکھا گیا ہے بیان کیا جاتا ہے کہ اس پیشتر میسرز نرائن داس گرگ لال چند لکشمن تیپاٹھی بہارے لال اور کنہیالال کو سی۔ آئی۔ ڈی کے دفتر میں بلا گیا بیان کیا جاتا ہے کہ ان سے سرخ اشتہارات کی اشاعت کے سلسلہ میں سوالات دریافت کئے گئے۔ ...

دہلی میونسپلٹی میں ربۃ کنٹرول کا مسئلہ

اصل تجویز نامنظور کردی گئی

ڈاکوؤں نے پولیس پر گولی چلادی

ایک کانسٹبل ہلاک۔ آٹھ ڈاکو گرفتار

دہلی لال قلعہ کی تلاشی!

نانگلوئی میں ریوالور برآمد ہوئے

مال گاڑی اور پارسل ٹرین کی ٹکر

پنڈت جواہرلال نہرو کی اہلیہ سے ملاقات

ہندوستان میں موٹر سازی کا کارخانہ

پندرہ ہزار مزدوروں کی ہڑتال

بنگال کے شاہی اسیروں کا یوم نظربندان

نظربندوں سے ہمدردی کرنا بھی قانون کی رو سے جرم ہے

اخبارات کو حکومت بنگال کی ہدایات

کلکتہ ۱۸ مئی۔ انڈین پریس ایمرجنسی پاورز ایکٹ بابت ۱۹۳۱ء کے ماتحت حاصل شدہ اختیارات پر عمل کرتے ہوئے گورنر بہ اجلاس کونسل نے کل شام گزٹ کے غیر معمولی اشاعت میں اعلان شائع کیا ہے کہ جس کے ذریعہ تمام اخبارات کو یوم نظربندان کے سلسلہ میں جس کے لئے صدر کانگریس نے ۱۹ مئی مقرر کی ہے کسی قسم کی خبر شائع کرنے کی ممانعت کردی ہے۔ اس کے علاوہ بنگال قانون ترمیم ضابطہ فوجداری یا قانون شاہی اسیران کے ماتحت نظربند اشخاص کی رہائی کے لئے مطالبہ کرنے کی غرض سے جو کارروائی کی جائے اس کے بارے میں بھی خبر شائع کرنے کی ممانعت کردی ہے اس کے علاوہ یوم نظربندان کے سلسلہ میں کسی جلسہ کے حالات شائع کرنے کی بھی ممانعت کردی گئی ہے۔

حکومت نے اس سلسلہ میں ایک بیان شائع کیا ہے کہ نظربندوں پر اس قسم کی پابندی لگانے کی ذمہ داری حکومت نے اپنے سر لی ہے اور وہ اپنی ذمہ داری کو انجام دے رہی ہے اس لئے حکومت اس نتیجہ پر پہونچی ہے کہ نظربندوں کے مقصد کی جو دہشت انگیزی کے سلسلہ میں نظربند کئے گئے ہیں، اشاعت سے دہشت انگیزی کی حوصلہ افزائی ہوگی اور ان کے ساتھ ہمدردی کرنے کی اشاعت اور شہرت سے ان کوششوں پر زد پڑے گی جو اس کے انسداد کے لئے بروئے کار لائی جارہی ہیں۔

مکان کی چھتیں اڑ گئیں تار کے کھمبے اکھڑ گئے

بنگال میں تباہی خیز آندھی ایک شخص ہلاک

مین سنگھ (بنگال) ۱۵ مئی۔ گذشتہ رات سرشی بارطہ سب ڈویژن میں بادو باراں کا ایک شدید طوفان آیا جس سے مقامی ہائی اسکول تھانہ پولیس اور ڈاکخانہ اور ...

وزیر خارجہ فرانس اور ڈکٹیٹر روس کی ملاقات

ماسکو ۱۶ مئی۔ آج مسٹر لاوال کے قیام روس کا نہایت اہم دن تھا جبکہ مسٹر کریملین کے محل پر انہوں نے مسٹر کالی نن ڈکٹیٹر اسٹالین اور مسٹر لٹوینوف سے بات چیت کی اور کونسل آف کمیشن کے ممبروں کے ساتھ کھانا کھایا۔ ...

بنک پر ڈاکوؤں کا مسلح حملہ

دو ملازموں کو گولی ماردی

۹۰ گھنٹے سے کرنل لارنس بیہوش پڑے ہیں

ہٹلر ہنگامہ خیز تقریر کریں گے

گلگت برطانیہ کے سپرد کیا جائیگا

سبھاش بابو کی ترقی پذیر صحت

کھدر استعمال نہ کرنے پر لڑکوں کی واپسی

کم چاندی کا روپیہ جاری کیا جائیگا

کانسٹبل زخمی ہوئے اور دو ہلاک ہوگئے

درخت اکھڑ گئے۔ مکانات کو نقصان

ملایا ئین نے دستور اساسی منظور کرلیا

چار سو مزدور غرقاب ہوگئے

ہر ہٹلر کی تقریر کا التوا

عرب میں بغاوت برپا کرنیوالا مخبر

کرنل لارنس کا سر پھٹ گیا

لندن ۱۵ مئی۔ کرنل لارنس محتاج تعارف نہیں۔ اس کے متعلق بہت سے واقعات مبہم بھی ہیں لیکن بہت سے دلچسپ واقعات بھی مشہور ہیں اس نے سب سے زیادہ شہرت اپنے اس کارنامہ سے حاصل کی جو لڑائی جنگ عمومی کے زمانہ میں عربوں اور ترکوں کو باہم لڑا دینے کا کام انجام دیا وہ ایک عرصہ تک عرب، شام، اور عراق میں مقیم رہے اور ریگستانی قبائل اور جاہل بدوؤں میں اس طرح گھل مل گئے تھے کہ انہیں وضع قطع سے بمشکل کوئی شخص انگریز پہچان سکتا تھا عربوں کو ترکوں کے خلاف بغاوت پر اکسانے میں کامیابی حاصل کرلینے کے بعد ۱۹۱۸ء کے اواخر میں وہ برطانوی دفتر نو آبادیات کے مشیر ہو گئے ان کا اصل نام ٹامس ایڈورڈ لارنس ہے۔ لیکن بعد میں وہ "کرنل شا" کے نام سے ہوائی فوج میں داخل ہوئے۔ انہی کے متعلق مشہور ہے کہ وہ ہندوستان کی شمالی مغربی سرحد کے قبائل میں بھی ایک عرصہ تک موجود رہے اور انہی نے سرحدی خواتین کو امان اللہ خاں کے خلاف اکسایا اور اس طرح افغانستان میں انقلاب کرایا غرضیکہ اسلامی حکومتوں میں تازہ انقلابات سے اس ذات کا خاصا تعلق رہا ہے اب یہ عبرت انگیز خبر لندن سے آئی ہے کہ کرنل مذکور کا موٹر سائیکل کے ایک معمولی حادثہ سے بھیجا پھٹ گیا ... شفاخانہ میں بیہوش پڑے ہے۔

ڈورسٹ میں موٹر سائیکل پر جارہے تھے ... کیمپ کے قریب ان کی موٹر سائیکل ایک بچے کی بائیسکل سے ٹکرا گئی کرنل سائیکل سے گر پڑا اور بیہوش ہوگیا اور اس کی حالت ایک حد تک نازک سمجھی جاتی ہے۔

شہدا کراچی کا معاوضہ دینے سے انکار

امداد کیلئے پانچ ہزار روپیہ

سرحد پر ۹ لاکھ حبشی سپاہ کا اجتماع

حبش اٹلی کو دندان شکن جواب دیگا

مسلمان کو قتل کرنے کے الزام سے ہندو کی رہائی

پارچہ فروش کو گولی سے اڑادیا

مجنونہ نے اپنی کو ناکام بنادیا جائے

چار افراد ہلاک۔ حمارت الہی ...

بیناباز ار کے ارباب انتظام کی ابتدائی غلطی
شہر میں عام ناراضگی حق بجانب ہے
صدر تحقیقاتی کمیٹی کا بیان

دہلی ۸ مئی۔ سلور جوبلی کے سلسلہ میں عورتوں کے بینا بازار کے منتظمین پر عائد کردہ الزامات کی تحقیقات کرنے کے لئے جس تحقیقاتی کمیٹی کا تقرر کیا گیا تھا اس کے صدر مسٹر آصف علی ممبر اسمبلی نے جلد الزامات کی تحقیقات کرنے کے بعد ذیل کا بیان شائع کیا ہے۔

مسٹر شفیع داؤدی کے انتخاب کا معاملہ
ٹریبونل کے فیصلہ پر گورنر جنرل کی خدمت میں وفد

شاہ آباد میں محرم پر فساد
مسلمانوں کی بیچارگی

قصبہ شاہ آباد ضلع ہردوئی میں محرم سے جھگڑا ہے۔

علی گڑھ یونیورسٹی کے دو پروفیسروں کو نوٹس
نئے وائس چانسلر کے جدید احکام

خیرپور میں صغرسنی کی شادیاں

سہارنپور میں احرار کانفرنس کی تیاریاں

آگ لگنے سے سکول کی عمارت تباہ ہوگئی

گریجویٹ مزدوروں کی بھرتی
بوجھ اٹھانے کی اجرت بارہ آنہ

مانچسٹر کے نواب کو سزا

فرقہ وارانہ فساد میں ایک شخص ہلاک

سونے کی ڈلیاں کوڑیوں کے مول

طاقت وہ طاقت جس سے بوڑھے جوان اور جوان قابل فخر نوجوان بنجاتے ہیں صرف حب زرین (رجسٹرڈ) ہی کے ذریعہ حاصل ہوسکتی ہے جس کے استعمال سے قوت کا لازوال خزانہ حاصل ہوسکتا ہے۔

مکمل خوراک دس گولیاں (صرف دو روپیہ آٹھ آنہ)

دواخانہ کنز المجربات (رجسٹرڈ) کوچہ چیلان گلی راجان دہلی سے طلب کریں

گولی امساک

DELHI

جوائنٹ پارلیمنٹری کمیٹی کی رپورٹ اردو میں

مشترکہ پارلیمنٹری کمیٹی کی رپورٹ کا اردو ترجمہ شائع ہوگیا ہے اور ہم نے الجمعیۃ بک ایجنسی کیلئے اس کے نسخے برائے فروخت حاصل کرلئے ہیں جو حضرات آئندہ دستور اساسی کے متعلق برطانوی مدبرین کا نقطۂ نگاہ معلوم کرنا چاہیں اور اردو زبان میں تمام آئینی مسائل پر مفصل بحث پڑھنے کے خواہشمند ہوں وہ فوراً ہم سے رپورٹ کا ایک نسخہ طلب فرمائیں یہ کتاب ۴۳۲ صفحات کی ہے اور اس کی قیمت فی جلد عہ ہے محصولڈاک ۸ر ہوگا۔ فرمائشیں جلد موصول ہونی چاہئیں۔

منیجر الجمعیۃ بک ایجنسی گلی قاسم جان دہلی

نگارستان کشمیر

(مصنفہ قاضی ظہور الحسن صاحب سیوہاروی)

ملنے کا پتہ: مکتبہ شرقیہ، سوئیوالان دہلی

دولت
کلکتہ ٹریڈ مارک کمپنی جیسٹرڈ نزد فتحپوری چاندنی چوک دہلی

قادیانیوں کے مظالم کا سلسلہ
ڈاکٹر عبدالسلام صاحب پر دست درازی

حضرت مولانا حبیب الرحمن صاحب صدر مجلس احرار مرکزیہ نے حسب ذیل بیان بغرض اشاعت اخبارات کو دیا۔

ڈاکٹر عبدالسلام صاحب کو قادیان میں مرزائیوں نے دن دہاڑے پیٹا اور اس کے مکان کا محاصرہ کرلیا۔ اور بعض نے یہاں تک کہا۔ کہ اس کو قتل کردیا جائے۔ قادیان کی پولیس تماشہ دیکھ رہی تھی، شاید مرزا محمود اس کی پارٹی نے قادیان کے مسلمانوں کو لاوارث سمجھ لیا ہے۔

قادیانیت نواز پالیسی کی مذمت

جرائد زعمائے ملت اور علمائے کرام کا شکریہ
مولانا اسمٰعیل غزنوی کے حکومت سے مطالبات

مولانا اسمٰعیل غزنوی نے ذیل کا بیان شائع کیا ہے۔

اخبارات کا مطالعہ کرنے والے حضرات کو معلوم ہے۔ کہ حکومت ہند مجھے دو سال سے سفر حج سے روکتی رہی۔

قارئین الجمعیۃ کے خیالات

دین کو خطرے سے بچاؤ
قادیانی فتنہ کا رد عمل

سرحد میں احتجاجی جلسہ

جوش جمہیر ماہوار رسالہ

جرگہ میں حضرت بادشاہ گل کی شرکت

انجمن اسلامیہ شملہ کو قابل قدر امداد

امرتسر میں علی بابا کا ظہور

ایک فقیر کا عطیہ
مایوس العلاج مریضوں کیلئے آب حیات

منیجر حاذق فارمیسی کاندھلہ ضلع مظفرنگر

رسالہ
اٹھتی ہوئی جوانی بالکل مفت

اصلی مال خریدو
جوہر عشبہ چوب چینی (رجسٹرڈ)

خضاب چھوڑ دو

شربت روح افزا (رجسٹرڈ)
موسم گرما میں ہر قسم کی شکایت کیلئے اکسیر۔ تمام ہندوستان میں اپنے خواص کی وجہ سے مشہور و مقبول ہو چکا ہے۔ بڑے بڑے راجہ، نواب اس کو مستعمل کرتے ہیں۔

ہمدرد دواخانہ یونانی دہلی



ملذذ عجیب

ہمدرد دواخانہ یونانی دہلی

رجسٹرڈ نمبر ایل ۱۶۹۳

یَدُ اللّٰہِ عَلَی الْجَمَاعَۃ

تار کا پتہ الجمعیۃ دہلی
ٹیلیفون نمبر ۵۷۲۸

سہ روزہ الجمعیۃ دہلی

مدیر مسئول۔ بلال احمد زبیری (بی اے)   معاون۔ محمد عثمان فارقلیط

جلد ۲۱ | دہلی یوم جمعہ ۲۰ صفر المظفر ۱۳۵۴ ہجری مطابق ۲۴ مئی ۱۹۳۵ء | نمبر ۳۶

ہندوستان کے قومی ادارۂ سائنس کی تاریخ

دروغ گیر آلہ کی ایجاد جرائم کا سراغ

معاصرین کے افکار و آرا

گورنر بمبئی کا علیہ

ہندی زبان

بارہ مئی کو لاہور میں "یوم ہندی" منایا گیا۔ اور ہندی زبان کے حامیوں نے جلسہ منعقد کر کے اس امر پر زور دیا کہ پنجاب میں اردو کی بجائے ہندی رائج کی جائے

فیصلہ مقدمہ بخاری صاحب

خودداری کا سوال

پہلی نظر

سجدہ گہ ساقی کا پائے ناز رہنا چاہیئے
بیخودی میں ہوش کا انداز رہنا چاہیئے

جانیں کب ہو جائیں ساز دل کے پردے نغمہ ریز
ہر نفس کو گوش بر آواز رہنا چاہیئے

ہو گئے بیدار احساس غرور حسن سے
وہ کہ جن کو محو خواب ناز رہنا چاہیئے

فتنہ گر اپہلی نظر ہی میں نہ دل ہو جائے خاک
رحم کر، آغاز کو آغاز رہنا چاہیئے

کیا خبر کب ہو نسیم کوئے جاناں کا گزر
ہر گھڑی دل کا دریچہ باز رہنا چاہیئے

عشق پر ہے احترام حسن ہر حالت میں فرض
ہوش کو وقف نگاہ ناز رہنا چاہیئے

جستجو اک وہم باطل کوشش افشا فضول
زندگی ہے راز، اس کو راز رہنا چاہیئے

ساغر اشعار میں ماہر بہ عنوان خیال
بادۂ خمخانۂ شیراز رہنا چاہیئے

(مولوی منظور حسین صاحب ماہرؔ)

Regd No. L 1793.

The Al Jamiat

نورانی قرآن مجید

پادری کی لڑکی کا قبول اسلام

Vol. XXI No. 35   DELHI MONDAY   PRICE ONE ANNA

ہندو مہاسبھا کی فتنہ انگیز تجاویز

مسلمانان کانپور کا نمائندہ جلسہ

مسلمانان بنارس کا جلسہ

جوبلی کی دعوت اور دہلی کے یتامی

بلوہ شاہ آباد کے متعلق جلسہ

شہدائے کراچی کیلئے دعائے مغفرت

مسلمانان لودیانہ کا ماتمی جلسہ

تقریر سیرت کے متعلق معزز اخبارات و رسائل کی رائیں

رسالہ معارف کا تبصرہ

رسالہ جامعہ کی تنقید

اخبار خلافت کی رائے

پادری کی لڑکی

معجز نما قرآن مجید

تقریر سیرت

حضرت سحبان الہند مولانا الحاج حافظ احمد سعید صاحب ناظم جمعیۃ علمائے ہند کی یہ تقریر بے شمار خصوصیات کے لحاظ سے ایک عجیب و نادر مجموعہ ہے

منیجر اخبار الجمعیۃ گلی قاسم جان دہلی

حمائل شریف مترجم

منیجر اخبار الجمعیۃ گلی قاسم جان دہلی

یوپی احرار کانفرنس کا شاندار اجلاس

علمائے ملت کی تقریریں

اہم تجاویز کی منظوری

سہارنپور ۲۰ مئی۔ یوپی احرار کانفرنس کے اجلاس ۱۸، ۱۹ مئی کو زیر صدارت حضرت مولانا حبیب الرحمن صاحب صدر مجلس احرار ہند منعقد ہوئے جن میں حسب ذیل حضرات نے خاص طور پر شرکت فرمائی:-

حضرت مولانا حسین احمد صاحب مدنی جانشین حضرت شیخ الہند، مسٹر محمد احمد کاظمی ایم۔ ایل۔ اے، حضرت مولانا فخرالدین صاحب مرادآبادی، حضرت مولانا محمد اسماعیل صاحب مرادآبادی، مولانا شاہ مسعود احمد صاحب بہاری سابق رکن اسمبلی، چوہدری افضل حق صاحب ایم۔ ایل۔ سی۔، مولانا ابوالوفا شاہجہانپوری، مولانا ابوالقاسم شاہجہانپوری، مولانا محمد داؤد غزنوی، مولانا عزیز گل صاحب۔ حضرت الحاج حافظ عبداللطیف صاحب مہتمم مدرسہ مظاہر علوم، مولانا قاری محمد عبدالخالق صاحب خطیب جامع مسجد، مولانا حامد الانصاری غازی مدیر مدینہ، علامہ حسین میر کاشمیری، مولانا سید طفیل احمد صاحب علیگ۔

ان مخصوص حضرات کے علاوہ کانفرنس کے مختلف اجلاسوں میں سہارنپور اور گردونواح کے مسلمانوں نے تعداد کثیر شرکت کی اور اس کانفرنس کو ہر اعتبار سے کامیاب بنایا۔

خطبات صدارت اور تجاویز

مسٹر محمد احمد کاظمی ایم۔ ایل۔ اے کا خطبۂ استقبالیہ ٹھوس اور مفید مضامین سے پر تھا۔ حضرت مولانا حبیب الرحمن صاحب صدر اجلاس کا خطبہ صدارت نہایت ولولہ انگیز اور جوش و خروش کا آئینہ دار تھا جس میں مسلمانانِ ہند کو آزادی کے لئے جدوجہد کرنے کی دعوت دی گئی ...

(۵) کبھی ... عادت سپاہی قوم کے لئے سخت مضر ہے یہ عادت بالکل ترک کر دینا چاہئے۔
(۶) کاشتکاروں کی اقتصادی حالت درست کرنے کے لئے ان کو ترقی زراعت کی ... ترغیب دلائی جاوے اور انہیں گھریلو اور دیہی صنعتوں کی ترویج کی کوشش کی جاوے۔

بے روزگاری

یہ کانفرنس حکومت ہند اور صوبجاتی حکومتوں کی اس غفلت شعاری پر سخت مذمت کا اظہار کرتی ہے کہ انہوں نے ہندوستان میں بیکاروں کی مردم شماری کا سلسلہ اس وقت تک جاری نہیں کیا ...

بصائر و نظائر

جاپان میں اشاعت اسلام

ہندی اور تاتاری مسلمانوں کی تعداد

بے بنیاد خبریں کہاں سے شائع کی جاتی ہیں؟

جاپان میں عیسائیوں کے مشن

(از پروفیسر برکت اللہ ... ٹوکیو)

جنگ عظیم سے پہلے ہندوستان میں یہ خبر مشہور ہوئی تھی کہ قیصر جرمنی مسلمان ہو گیا، بہ اس کی ایک سیاسی حکمت عملی تھی کہ اپنے بڑھتے ہوئے حوصلوں کو پورا کرنے کے لئے بنی نوع انسان کی ہمدردی حاصل کرنا چاہتا تھا، وہ ترکیب سلطنتوں کی اکثر آبادی مسلمان تھی، ان کی تالیف قلوب کے لئے اس نے مذہب اسلام کے بارے میں چند تعریفی کلمے کہے، مسلمانانِ عالم زمانہ کی ٹھوکریں کھاتے کھاتے پست ہمت ہو گئے تھے، ایک جلیل القدر بادشاہ کی زبانی اپنے مذہب کی تعریف سن کر باغ باغ ہو گئے۔ اس خبر نے خوش اعتقاد لوگوں کے دلوں میں اتنی اہمیت حاصل کر لی کہ قیصر جرمنی کو مسلمان تسلیم کرنے لگے، حالانکہ اس میں ذرا سی بھی اصلیت نہ تھی، نہ وہ خود مسلمان ہوا تھا، اور نہ جرمنی میں اسلام کی اشاعت ہی ہو رہی تھی۔

کچھ ایسی ہی خبریں تحریک ترک موالات کے زمانے میں گاندھی جی کے متعلق مشہور ہوئی تھیں، مسلمان سر سید احمد کی پالیسی پر عمل پیرا تھے، اور ایک حد تک سیاسیات سے دور رہتے تھے۔ ہندوستان کی آزادی حاصل کرنے کے لئے تمام قوموں کے اتحاد کی ضرورت تھی۔ گاندھی جی نے مسلم لیڈروں کی تالیف قلوب کی، مسلمانوں نے پھر قیصر جرمنی کی طرح گاندھی جی کو مسلمان تسلیم کر کے اپنا دل خوش کر لیا۔

...

تاتاری مسلمان پچھلے ... سال میں روس سے ہجرت کر کے جاپان میں آباد ہو گئے ہیں، ان کی بڑی تعداد ٹوکیو اور کوبے میں مجتمع ہے، کوبے میں تقریباً ڈیڑھ سو تاتاری آبادی ہیں، ٹوکیو میں کچھ زیادہ ہوں گے، کچھ دوسرے شہروں میں منتشر ہیں، جاپان میں ان کی کل آبادی چار پانچ سو کے درمیان ہے، ان کی مالی حالت زیادہ اچھی نہیں ہے، زیادہ تر درزی کا کام کرتے ہیں مگر سب عزت کی زندگی بسر کر رہے ہیں، انہوں نے چندہ جمع کر کے ٹوکیو میں ایک مدرسہ قائم کر رکھا ہے۔ پچیس تیس ہزار ین کی عمارت ہے، اس کی تعمیر میں ٹوکیو کے تاتاریوں نے بھی معاونت کی تھی، ان کے پیش امام مسٹر قربان علی ہیں، پچھلے سال سے ان میں دو پارٹیاں قائم ہو گئی ہیں ...

تین پراسرار ہستیاں

...

ممالک خارجہ کے اہم حالات و کوائف

کابل میں امریکن سفیر

جمہوریہ متحدہ امریکہ کا سفیر کابل پہونچ گیا ہے، اعلیٰ حضرت ظاہر شاہ والی افغانستان نے بعد نماز ظہر سفیر مذکور کو قصر دلکشا میں شرف باریابی بخشا، سفیر نے اپنی حکومت کی طرف سے حکومت افغانستان کا شکریہ ادا کیا اور دوام و استحکام کے لئے اپنی خواہشات کا اظہار کیا، اعلیٰ حضرت ظاہر شاہ نے بھی اپنی تقریر میں امریکہ اور افغانستان کے سیاسی روابط پر روشنی ڈالی ...

رضا شاہ پہلوی اور روسی سفیر

اعلیٰ حضرت رضا شاہ پہلوی والی ایران سے روسی سفیر نے تخلیہ میں کئی گھنٹہ تک ملاقات کی جس میں روسی اور ایرانی تعلقات پر تبادلۂ خیال ہوا۔ گو ملاقات کے متعلق تا حال کوئی تفصیل شائع نہیں کی گئی ہے مگر ایرانی اخبارات اس کو زبردست اہمیت دے رہے ہیں ...

خوشحالیوں میں اضافہ

حبشی وفد حجاز میں

ایرانی وفد ممالک عربیہ میں

ترکی میں بچوں کی صنعت کی نمائش

ترکی اور چین کے روابط

عیسائی مشنوں کا کام

انگلستان اور مصر کی تجارت

ہندوستان کے قومی اداروں سائنس کی تاریخ

دار الحکومت

چاندنی چوک کی ایک دوکان میں آتشزدگی

دوکان کا بیمہ ہو چکا تھا

دہلی ۱۷ رمئی۔ آج رات تقریباً گیارہ بجے گھنٹہ گھر کے قریب ... بوٹ ہاؤس میں آگ لگ گئی۔ تقریباً ایک گھنٹہ میں آگ پر قابو حاصل کیا جاسکا۔ فائر بریگیڈ فوراً موقعہ پر پہنچ گیا۔ آگ بجھانے والوں نے آگ کو بڑی مشکل سے قابو میں کیا۔

کہا جاتا ہے کہ جوتوں کی ایک لائن تو بالکل جل گئی اور باقی جوتوں کو نقصان پہنچا۔ کہا جاتا ہے کہ کافی نقصان ہوگیا۔ دوکان بیمہ شدہ تھی۔

دہلی میں یوم نظربندان کا جلسہ

زعماء ہند کی پر جوش تقریریں

دہلی ۱۵ رمئی۔ ضلع کانگریس کمیٹی کی طرف سے کل نظربندان بنگال سے اظہار ہمدردی کی غرض سے بابو راجندر پرشاد کی اپیل کے مطابق شام کو ... بجے آزاد پارک میں ایک عام جلسہ زیر صدارت مولانا عارف ہسوی صاحب منعقد ہوا۔ مولانا نے اپنی مختصر تقریر میں فرمایا کہ کانگریس کمیٹی جس طرح دہشت انگیزی کی مخالف ہے اسی طرح گورنمنٹ کی جانب سے جو دہشت انگیز طرز عمل اختیار ...

ساتھی کو چھرا مار کر ہلاک کردیا

دہلی میں قتل کا واقعہ

سرخ اشتہارات کے سلسلہ میں گرفتاریاں

چار نوجوانوں کی ضمانت پر رہائی

قطب صاحب قصبہ مہرولی میں عظیم الشان مشاعرہ

دہلی میونسپلٹی کو تاجروں کا نوٹس

دو ہزار روپے ہرجانہ کا مطالبہ

دہلی ... رمئی۔ ... کی دوکان ... نوٹس میں یہ بیان کیا گیا ہے کہ کھاری باؤلی میں تیلی گلی میں سبزی والی عورتوں کے بیٹھنے سے ان کی دوکانوں گوداموں، رہائشی مکانوں اور کارخانوں میں جانے میں دقت ہوتی ہے اور اس سے ان کی تجارت کو نقصان پہنچتا ہے۔ نوٹس میں مطالبہ کیا گیا ہے کہ اس گلی کو فوراً خالی کرایا جائے بصورت دیگر وہ لوگ قانونی چارہ جوئی کریں گے۔

میونسپل کمیٹی کے جونیر وکیل کی رائے میں یہ مطالبہ فضول ہے۔ ایک میٹنگ میں اس سوال پر غور ہوگا۔

بمبئی میں تباہ کن آتشزدگی

تین عورتیں اور تین بچے آگ کی نذر

مسلمانان سندھ کی تبلیغ کانفرنس

ایک ماہ کا التواء

شہر میں گائے کشی بند کردی جائے

نواب بہاولپور سے نیا مطالبہ

ٹیلیفون کے تار کاٹ دیئے گئے

چار نوجوانوں کی رہائی

سر الکم ہیلی وائسرائے نہیں بنیں گے

بالشویک حکومت نے اپنے مخالفین کو باہر نکال دیا

بوڑھی عورتوں اور آزمودہ کار مردوں کی جلا وطنی

جن لوگوں کو ملک بدر کیا گیا ہے ان میں پرانے زمانہ کی اعلیٰ جماعتوں کے افراد بھی شامل ہیں۔ ستر سال کی بوڑھی عورتوں کو حکم دیا گیا ہے کہ شہر سے تین دن کے اندر اندر باہر نکل جائیں ...

انڈیا بل میں دیسی ریاستوں کیلئے اہم ترمیم

ہر ریاست جداگانہ شرائط طے کرے گی

اونٹ اور اس کا مالک دونوں ہلاک

اسٹیشن اور مال گاڑی جل کر خاک

کملا نہرو بمبئی میں

اٹھارہ مکان جل گئے

ریلوے اسٹیشن پر مسلح ڈاکہ

تصحیح

عراق میں بغاوت

ہوائی جہازوں سے بمباری

سر سپرو اور سر آغا خاں کا اتحاد

دونوں کو لارڈ کا خطاب دیا جائیگا

عربوں کو باغی بنانے والے کا حشر

کرنل لارنس کی عبرتناک موت

جرمنی کی غیر ملکی پالیسی پر ہرہٹلر کا اعلان

پارلیمنٹ میں ہوائی حملے سے حفاظت کے سوال پر بحث

کانگریس کا کونسلوں پر قبضہ

فیڈریشن کے التواء کا امکان

مکان کی چھتیں اڑ گئیں

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم

الجمعیۃ دہلی

یوم جمعہ ۲۰ صفر المظفر ۱۳۵۴ ہجری

مسٹر شفیع داؤدی کا تاریخی مقدمہ

ٹربیونل کے فیصلوں اور سفارشات میں تضاد

(۲)

تمام دنیا کی عدالتوں کا قاعدہ یہ ہے کہ ان کے آخری فیصلے ان نتائج پر مبنی ہوتے ہیں جو مقدمہ کی شہادتوں اور آئینی ثبوت کو سامنے رکھ کر اخذ کیے جاتے ہیں لیکن مسٹر شفیع داؤدی کے انتخابی مقدمہ کا فیصلہ کرنے والے ٹربیونل کی یہ ایک عجیب غریب خصوصیت ہے کہ اس کی آخری سفارشات ان نتائج سے بالکل مختلف ہیں جو ...

گمراہ کن اشتہار

غلط پروپیگنڈا

ایک خطرناک نظیر

کرنل لارنس

شذرات

گاندھی جی انہیں سمجھاتے تھے کہ پنڈت جی اس سے کوئی فائدہ نہیں ہے جب تک ہندو مسلمان مل کر ایوارڈ کو نہ بدلوا دیں گے وہ نہیں بدل سکتا مگر پنڈت جی کی سمجھ میں کوئی بات آتی ہی نہیں تھی۔ زمانہ اسی طرح گزرتا رہا اور آخر کار آہستہ آہستہ پنڈت جی کی سمجھ میں بھی بازخود یہ آہی گیا کہ انہوں نے جو کچھ سوچا تھا وہ غلط تھا اور اس کی حیثیت ایک فعل عبث سے زائد نہیں تھی چنانچہ ایک تازہ تار سے یہ معلوم ہوا ہے کہ اب وہ اس خیال کو ترک کر چکے ہیں اور کمیونل ایوارڈ کے خلاف لندن کو جو وفد بھیجنا تھا وہ اب نہیں بھیجا جائیگا ...

انڈیا بل میں ترمیم

فیڈریشن کے سلسلہ میں ہندوستانی ریاستوں اور برطانوی حکومت کے درمیان جو اختلافات چلے آرہے تھے اور جن کی بنا پر ایک مرتبہ یہ نظر آتا تھا کہ ریاستیں فیڈریشن میں شرکت سے بالکل انکار کردیں گی اور برطانوی مدبرین کا بنا بنایا کھیل بگڑ جائے گا اس اختلاف کے متعلق اب معلوم ہوا ہے کہ تصفیہ ہوگیا اور انڈیا بل کی ... دفعہ میں جو فیڈریشن کے اندر شرکت سے تعلق رکھتی ہے خاطر خواہ ترمیم کردی ...

مالوی جی تھک گئے

حکیم غلام کبریا خاں مرحوم

حوادث و احکام

استفتاء

الجواب

قارئین الجمعیۃ کے خیالات

ہندوستانی دواخانہ کا مقدمہ

مسٹر ینگ چیف جسٹس ہائی کورٹ پنجاب لاہور ایک تاریخ انگریز جج ہیں آپ کی بیدار مغزی کا ثبوت ہے کہ آپ نے رشوت ستانی کا سدباب تمام پنجاب کی عدالتوں میں کردیا ہے علاوہ ازیں ایک آرڈر ... کو ملا ہے کہ ہر مقدمہ ایک سال کے اندر فیصل کردیا کریں ... ہائی کورٹ پنجاب لاہور ... ہندوستانی دواخانہ دہلی کا ایک ... کمپنی کا مقدمہ ... ہائی کورٹ میں چل رہا ہے ... مسٹر ینگ چیف جسٹس ... امید ہے کہ جلد ہندوستانی دواخانہ کے مقدمہ کا فیصلہ سنادیا جائیگا۔

(نامہ نگار)

احرار کانفرنس کا اجلاس

صدر منتخب کا شاندار خیر مقدم

محمد علی خاں صاحب سہارنپور سے بذریعہ برقیہ اطلاع دیتے ہیں کہ مولانا حبیب الرحمن صاحب صدر منتخب یو۔پی احرار کانفرنس آج ۶ بجے صبح بذریعہ ریل تشریف لائے۔ شہر اور گردونواح سے مسلمانوں کا ایک جم غفیر آپ کے استقبال کے لئے اسٹیشن پر موجود تھا۔ اور اسٹیشن کے باہر بھی آپ کی زیارت کے لئے بہت بڑا اجتماع تھا ... مولانا محمد احمد کاظمی ایم۔ایل۔اے اور خان محمد علی خاں ... کا استقبال کرنے کے بعد ... رضا کاروں نے سلامی کے بعد مولانا حبیب الرحمن چوہدری افضل حق، چوہدری عبدالعزیز، ماسٹر تاج الدین، خواجہ عبدالرحیم عاجز، علامہ حسین میر کاشمیری کا خیر مقدم کیا ... کانپور، علی گڑھ، میرٹھ، مظفرنگر، لکھنؤ، ڈیرہ دون، بنارس، رڑکی اور دیگر اضلاع سے ... جماعتیں یہاں پہنچیں ... آج شام کو شہر میں ایک جلوس نکالا جائے گا ... شہر کو خوب آراستہ کیا گیا ہے۔ اور باشندگان شہر استقبال کی تیاریاں کررہے ہیں۔

مزید سونا ہندوستان سے باہر

بمبئی ۱۸ مئی سیانی اور فارمز نامی جہازوں سے ہفتہ مختتمہ ۱۶ مئی ... معیار ترک کیا ہے اس وقت سے اب تک ... روپیہ کا سونا ہندوستان سے باہر جاچکا ہے۔

اخبار الجمعیۃ کیلئے ہر شہر و قصبہ میں ایجنٹوں کی ضرورت ہے

کرنے کا عہد کریں اور سچے مسلمان بن جائیں۔ اس موقعہ پر صدقات و خیرات کا صحیح مصرف یہ ہے کہ یتیم و مساکین غرباء کی یادمیں غریبوں کو کپڑا دیا جائے ... مسلموں اور غیر مسلموں میں سیرت کی کتابیں مفت تقسیم کی جائیں تاکہ وہ غلطیاں ... اسلام اور پیغمبر اسلام کے متعلق دنیا میں پھیلی ... (مولانا) محمد ابوبکر امیر شریعت بنگال (مولانا) ... جمعیت العلماء بنگال ...

انجمن ابنائے قدیم دارالعلوم دیوبند

طلبائے قدیم کی نئی زندگی اور حیات اجتماعی

دارالعلوم دیوبند ہندوستان میں ملی زندگی اور اسلامی بیداری کی ایک روشن علامت ہے دارالعلوم کی تاسیس ایسے زمانہ میں ہوئی جبکہ مسلمانوں کا دور ترقی رو بزوال ہوچکا تھا اسلامی زندگی عالم اضطراب و انتشار میں تھی اور امت کی حیات اجتماعی کا کوئی معیار و مرکز باقی نہیں رہا تھا۔ یکایک ایک حق بین و حق آگاہ مرد آزاد محمد قاسم کے مبارک نام سے میدان میں آیا ... دارالعلوم دیوبند کو قائم کرکے ایسا علمی نصب العین مسلمانوں کے سامنے رکھدیا کہ جو نصف صدی کے زیادہ عرصہ سے مسلمانوں کی زندگی کے ہر شعبہ میں صحیح رہنمائی کررہا ہے۔

اس دارالعلوم نے روشن ضمیر و فارعلی مقام علماء اور مستند مجاہدوں کی ایک زبردست جماعت پیدا کی اور آج اسی جماعت کے افراد نہ صرف ہندوستان اور ہندوستان کے تمام صوبوں میں بلکہ حجاز، افغانستان، ترکستان، چین، جاوا، جنوبی افریقہ اور دوسرے اسلامی ممالک میں پھیلے ہوئے ہیں ... اور تعمیری خدمات انجام دے رہے ہیں ...

حامد الانصاری غازی (فاضل دیوبند) ... حبیب الرحمن (فاضل دیوبند) امیر الدین احمد (فاضل دیوبند) ... محمد شفیق (فاضل دیوبند)

کانپور میں سلور جوبلی کس طرح منائی گئی؟

شہدائے کراچی کیلئے ایصال ثواب اور دعائے مغفرت

۶ مئی بمقام مسلم یتیم خانہ میں ایک جلسہ کا اعلان ہوا چونکہ واقعہ کراچی اور سلور جوبلی کی وجہ سے مسلمانوں میں خاص بے چینی تھی۔ عوام ... کثیر تعداد میں ... خان بہادر حافظ ... صاحب سکرٹری آل انڈیا مسلم لیگ تشریف نہیں لائے ... بصدارت جناب مولانا غازی ... جلسہ شروع ہوگئی ... سلور جوبلی کے متعلق ... اور بالآخر اس جلسہ کی کارروائی کا مسلمانوں پر بہت ... اثر ہوا۔

... یہ دن بہت ہی نیاز مندان سرکار برطانیہ کو دھوکہ ... کانپور کی طرف سے جناب خان بہادر صاحب سکرٹری آل انڈیا مسلم لیگ ... شہدائے کراچی کی روحوں کو ثواب پہنچانے ... جوبلی کی تقریب کانپور میں منائی گئی۔

(ایک نامہ نگار)

کو خوش آمدید کہتے ہوئے موجودہ حالت کی طرف توجہ دلائی اور اتفاق و اتحاد کی اپیل کی جس کا نہایت ہی زبردست اثر ہوا اور شام کے ۶ بجے اجلاس ختم کیا گیا۔

(۲) اگلے روز ۹ بجے ... اجلاس شروع ہوا ... شہدائے جنگ لوئی آگرہ ... دعائے مغفرت کی گئی ... نمائندگان قوم نے تقریریں کیں جن میں حسب ذیل اشخاص قابل ذکر ہیں:۔

سجادہ نشین گل صاحب فرزند ملاں بابڑ مرحوم باجوڑ۔
حضرت بادشاہ گل خلف حاجی صاحب ترنگزئی
ملک احمد جان خان والی ناوا گئی۔
ملک امین جان پسر محمد اصل خاں مرحوم۔
فضل محمود بادشاہ۔

بارہ بجے اجلاس ختم کیا گیا اور بعد از نماز ظہر پھر اجلاس شروع ہوا ... اور بالاتفاق سب نے منظور کرکے ...

(۱) مہمند آزاد و آل پارٹیز کانفرنس تمام اقوام مہمند کو اپنے وطنی مفاد کی خاطر ہر ممکن قربانیوں کے لئے تیار رہنے کا حکم دیتی ہے ...

(ب) یہ کانفرنس یہ اعلان کرتی ہے ... کہ حکومت جو سڑکیں ہمارے آزاد علاقہ میں تعمیر کرا رہی ہے ... لوئی آگرہ میں فوجی استحکامات ...

(ج) نیز یہ کانفرنس ... قبائل کے قومی معاملات میں دخل انداز ... اکتوبر ۱۹۳۳ء کے معاہدہ پر قائم رہے۔

آخر میں صاحب صدر نے تمام ہندوستانیوں کا ان کی تحریری و تقریری ہمدردی کا شکریہ ادا کرتے ہوئے اجلاس برخاست کیا۔

(عبدالستار غازی از شب قدر)

یوم النبی کی قوت کا صحیح مصرف

یوم النبی کے تبلیغی جلسوں کا وقت قریب ہے۔ سیرت کمیٹی پٹی کو مصدقہ اطلاعات پہنچی ہیں کہ عام مسلمان، دروازوں، محرابوں، جھنڈوں اور تصویروں کی انتہائی نمائش میں ہزار ہا روپیہ خرچ کرکے یوم النبی کے خالص تبلیغی اور اصلاحی تقریب کو عرس ... بنانا چاہتے ہیں ...

مہمند آزاد و آل پارٹیز کانفرنس

آزاد علاقہ میں سڑکوں کی تعمیر کے خلاف احتجاج

مورخہ ... بروز جمعہ بعد از نماز جمعہ زیر صدارت عالیجناب رئیس المجاہدین حاجی صاحب ترنگزئی مہمند آزاد و آل پارٹیز کانفرنس کا اجلاس منعقد ہوا۔ حضرت بادشاہ گل صاحب نے خطبہ استقبالیہ میں تمام ...

شمشیر برہنہ

... کتاب ... منگائیں اور مطالعہ سے نفع اٹھائیں۔

رسالہ

اٹھتی ہوئی جوانی بالکل مفت

گمراہ نوجوانوں کو راہ راست پر لانے کے لئے۔
بچوں کی صحیح طریقہ سے پرورش کرکے نوجوان بنانے کے لئے
اٹھتی ہوئی جوانی کی حفاظت کرنے کے لئے
جوانی واپس لانے کی تدبیریں بتلانے کے لئے۔
... ویدشاستری رام نگر کاٹھیاوار

ایک فقیر کا عطیہ

مایوس العلاج مریضوں کیلئے آب حیات

بواسیر جیسے موذی مرض کا علاج سینکڑوں روپیہ علاج میں برباد کرنے اور آپریشن کی تکلیف برداشت کرنے سے قبل آپ ایک روپیہ خرچ کیجئے اور اکسیر بواسیر صرف ایک ہفتہ استعمال کرکے بالکل تندرست ہوجائیے ... قیمت صرف ایک روپیہ علاوہ محصولڈاک

منیجر حاذق فارمیسی کاندھلہ ایس آر ضلع مظفرنگر (یوپی)

خضاب چھوڑ دو

اس تیل سے بال چکنا کرکے کالا پیدا ہوگا ... بال کالا ہوجائے ... قیمت ... منگالیں۔
پتہ:۔ بال کالا اسٹورس پوسٹ کنسی سمری (دربھنگہ)

سوزاک

کا طیشر علاج

سوزاک ایک موذی مرض ہے اس کا علاج فوراً کرنا چاہئے یہ مرض وہ ہے کہ انسان کی زندگی کو زیست و دنیا کو دوبھر کردیتا ہے۔ بفضل خدا ہمارے اکسیر سوزاک کی صرف ایک شیشی استعمال کرنے سے قطعی آرام ہوجاتا ہے ... قیمت فی شیشی ...

ملنے کا پتہ
رشید اینڈ کو گلی قاسم جان دہلی

سرمہ نور

اگر آنکھوں کی قدر ہے تو ان دو سرموں میں سے کوئی سرمہ اپنے حسب حال انتخاب کرکے استعمال کیجئے۔

... قیمت ...

ملنے کا پتہ
(مولانا) نور الدین بہاری دہلی بیری والا باغ

مفت! مفت! مفت!

بول کیا چاہتا ہے؟

... عجیب و غریب کتاب ... مفت طلب کریں۔
انگلش ایڈیشن ختم ہونے والا ہے
منیجر کارخانہ دولت کی دیوی شمالی آباد (پنجاب)

معجون مقوی معدہ

یہ دوا ان اشخاص کے لئے تجویز کی گئی ہے جن کا نظام ہضم جوانی کی غلط کاریوں کی وجہ سے خراب ہوچکا ہو ... نہایت قوت پہنچاتی ہے قبض کی شکایت کو رفع کرتی ہے ... قیمت فی ڈبیہ ...

ہمدرد دواخانہ یونانی دہلی

قرص جریان

... قیمت فی شیشی ...
ہمدرد دواخانہ یونانی دہلی

روس جنگ کیلئے تیار نہیں ہے

مسٹر ایڈن کے خیالات

لندن ۱۸ مئی۔ لارڈ پریوی سیل مسٹر انتھونی ایڈن نے گذشتہ شب لیمنگٹن میں ایک تقریر کے موقعہ پر کہا کہ یورپ کی مصالحت ابھی نہیں ہے جس پر مجھ کو خاص دلچسپی ہے انہوں نے بین الاقوامی سیاسی حالات پر روشنی ڈالی معاملات کا پیچیدگیوں کا انہوں نے اپنی تقریر میں اقرار کیا۔ لیکن اس کے ساتھ انہیں اس بات کا بھی اطمینان ہے کہ ان سب کا انداز ممکن ہے لیکن اس کی صورت یہی ہے کہ اگر ان کا انسداد مقصود ہے تو ہر قوم کو کچھ نہ کچھ ایثار سے کام لینا پڑے گا۔

اس سلسلہ میں برطانیہ کی روش کے متعلق انہوں نے کہا کہ خارجی معاملات میں اس کی پالیسی بالکل غیر مبہم ہونی چاہئے نیز اسے اپنے طریقوں پر سختی سے قائم رہنا چاہئے ... مجلس اقوام کی معنوی ... حمایت کرنی چاہئے اور اسی طرح عالمگیر طور پر امن قائم رہنا چاہئے۔

سوویٹ روس کے متعلق مسٹر ایڈن نے اپنی تقریر میں کہا کہ وہ آج سوائے روس کے دوسرے کسی ایسے ملک میں نہیں گئے جو ابھی کئی سال تک ... داخلی معاملات میں مشغول رہے ... اس بات کو اچھی طرح دیکھ سکتے ہیں کہ ... روس ابھی کسی ... جنگ سے ... دور ہے ... جرمنی ... مسٹر ایڈن ... حکومت ... جنگ ... خطرہ ...

برلن کے مستند اخبار ... بلاٹ ... جرمنی کے دوسرے اخبارات ... گرم ... تہذیب و تمدن کے لئے ...

دنیا کا سب سے بڑا طیارہ پاش پاش

۴۸ افراد ہلاک ہوگئے

ماسکو ۱۸ مئی۔ دنیا کا سب سے بڑا ہوائی جہاز میکسم گورکی ... ایک دوسرے طیارہ سے ... آج ... ہلاک ہوگئے ...

ہوائی جہاز کی تعمیر ۱۹۳۳ء میں شروع ہوئی تھی ... ۱۲۰ آدمی بیٹھ سکتے تھے ... حکومت کی طرف سے ہلاک شدگان کے ... معاوضہ دیا جائیگا۔

سرخ افواج نے قرانش کو تشویش میں مبتلا کردیا

مزید بغاوتوں کا امکان

پیرس ۱۸ مئی۔ ایک فرانسیسی اخبار کا نامہ نگار ... فرانسیسی ... جنرل ... سرخ افواج ...

جرمن جاسوسوں سے خوف

لندن ۱۸ مئی۔ ... جرمن جاسوس ...

ترکی میں مساوات کا اعلان

عورتیں جبریہ فوجی بھرتی سے مستثنیٰ ہونگی

مذہب ہر شخص کا ذاتی عقیدہ ہوگا

بتاریخ ۱۹ مئی حضرت مولانا مفتی محمد نعیم صاحب حج بیت اللہ و سیاحت بلاد اسلامیہ کی فراغت کے بعد پھلور پہنچے۔ لدھیانہ کے صدہا احباب نے مئی کی شدت حرارت کو برداشت کرتے ہوئے پھلور سٹیشن پر عقیدت کے پھول پیش کئے۔ وہاں سے موٹروں کے ذریعہ لدھیانہ وارد ہوئے۔ اور بعد نماز عصر شاہی مسجد سے ایک عظیم الشان جلوس مرتب ہو کر شہر کے مختلف بازاروں و محلوں سے ہوتا ہوا شیخوپورہ روڈ پر جا کر اختتام پذیر ہوا۔ چوڑے بازار میں مہاشہ گھسیٹا رام صاحب نے ہنود کی طرف سے ہدیہ تہنیت پیش کیا۔ شہر کے بازار آراستہ و پیراستہ تھے۔ اور اکثر مقامات پر رضاکاروں کے لئے شربت وغیرہ کا نہایت اعلیٰ انتظام تھا۔ جلوس کے اختتام پر مولانا نے اہالیان شہر کا شکریہ ادا کرتے ہوئے ایک مختصر تقریر فرمائی۔

بتاریخ ۲۲ مئی بعد نماز عشاء اہالیان لدھیانہ کا ایک عظیم الشان اجلاس زیر صدارت خواجہ محمد یوسف صاحب ایم۔ ایل۔ سی و صدر بلدیہ انعقاد پذیر ہوا جس میں پنڈت منی لال صاحب کالیہ سے نائب صدر بلدیہ نے حضرت مولانا مفتی محمد نعیم صاحب کو بعافیت مراجعت فرمائے ہند ہونے پر اہالیان شہر کی جانب سے ہدیہ تہنیت پیش کیا جس کے جواب میں مولانا الحاج نے حج بیت اللہ کی اہمیت و بلاد اسلامیہ کے تاثرات بیان فرماتے ہوئے ایک ایمان افروز و باطل شکن تقریر فرمائی۔ دوران تقریر میں آپ نے فرمایا کہ ہندوستان کی موجودہ خطرناک روش یعنی اپنی ضرریات اپنے اندر سے پیدا کر نا یورپ کے لئے کم قاتل ہے انہیں وجوہات کی بناء پر ہندوستان نہ صرف غلام بلکہ ان ممالک سے جہاں اندرونی آزادی حاصل ہے صف اول میں جلوہ گر ہے اگر چند سال تک اہالیان ہند نہایت شد و مد کے ساتھ اس پر عمل پیرا رہے تو وہ دن دور نہیں کہ برطانیہ بعد منت و سماجت ہندوستان چھوڑنے کے لئے تیار ہو جائے۔ اس کے بعد پنڈت منی لال صاحب کالیہ نے مولانا کے داخلہ مصر کی ممانعت و سیاحت بلاد اسلامیہ کی قیودات کے خلاف صدائے احتجاج بلند کرتے ہوئے ایک ریزولیوشن پیش کیا جو باتفاق آراء منظور ہوا۔

"اہالیان لدھیانہ کا یہ عظیم الشان اجتماع گورنمنٹ نے اس طرز عمل کی پرزور مذمت کرتا ہے کہ اس نے مولانا الحاج مفتی محمد نعیم صاحب کو مصر و فلسطین وغیرہ کا پروانہ راہداری عطا کرنے کے باوجود داخلہ مصر ممنوع قرار دیا۔ محرک پنڈت منی لال کالیہ۔ موئید۔ سردار گربخش سنگھ صاحب۔

پورنیہ میں ناظم جمعیۃ علماء ہند کا ورود

حضرت مولانا حاجی احمد سعید صاحب ناظم جمعیۃ علماء ہند کی ذات گرامی کسی تعارف کی محتاج نہیں ہے تمام ہندوستان آپ کی علمی برکات سے مستفید ہو رہا ہے لیکن پورنیہ آج تک آپ کی برکت سے محروم تھا گذشتہ دنوں یہاں مسلم کانفرنس کا اجلاس ہوا تھا اس وقت بعض حکومتی مولوی اس شہر کی بدقسمتی سے یہاں آئے تھے جو وزیر صاحب عزیز میاں کی ہر ایک بات پر آمنا و صدقنا کہہ رہے تھے عزیز میاں بھی اپنے ظریفانہ انداز میں جب قرآن کی کوئی آیت تفسیر کرتے تھے تو ان علماء سو مولوی کی طرف دیکھ کر فرماتے تھے کہ کیوں مولوی صاحب میں ٹھیک کہہ رہا ہوں۔ یہ کھڑے ہو کر جواب دیتے تھے حضور نے بالکل صحیح بیان کیا۔ اس سے بڑھ کر ان حکومت پرست مولویوں نے یہ علم فروشی کی کہ جب وزیر صاحب تقریر کر کے بیٹھے تو اس طائفہ میں سے ایک مولوی نما جاہل نے کھڑے ہو کر وزیر صاحب کی بہت تعریف کی اور دوسرے علم فروش نے کھڑے ہو کر کہا وزیر صاحب نے جو کچھ بیان فرمایا ہے میں ایک ایک بات پر بیس بیس قرآن کی آیتیں پیش کر سکتا ہوں اس جلسہ کے بعد سے مسلمان نہایت افسردہ تھے۔ لیکن خان بہادر مولوی عبد الرشید صاحب کا خدا بھلا کرے کہ وہ جلال گڑھ سے مولانا احمد سعید صاحب کو ایک تقریر کے لئے لے آئے ہر چند کہ مولانا نے عذر کیا۔ لیکن خان بہادر کے اصرار پر آپ لا محالہ تشریف لائے مولانا کی طبیعت ناساز تھی لیکن پھر بھی آپ نے تقریباً تین گھنٹے تقریر کی تقریر کا جو کچھ اثر ہوا اور تقریر جیسی تھی اس کو سننے والوں کے دل تو جانتے ہیں لیکن زبان ادا نہیں کر سکتی۔ مسلمانوں کو یہ معلوم ہو گیا کہ علم کیا ہے اور عالم کسے کہتے ہیں۔ ایک طرف وہ مسلم کانفرنس کے علم فروش مولویوں کا نقشہ بھی سامنے تھا اور دوسری طرف یہ علم کا سمندر تھا جو تین گھنٹے میں عالم قلوب کو سیراب کر کے اپنی حق گوئی اور صاف گوئی کا سکہ دلوں پر بٹھا کر چلا گیا اور مسلمانان پورنیہ یہ کہتے رہ گئے۔

حیف در چشم زدن صحبت یار آخر شد
روئے گل سیر ندیدیم و بہار آخر شد

اللہ تعالیٰ مولانا احمد سعید صاحب کو صحت عاجلہ عطا فرمائے اور ان کی عمر کو دراز کرے اور ان کے دل میں ایسی بات ڈالدے کہ وہ ایک دفعہ بھی ہم لوگوں کو اپنے وعظ سے فائدہ پہنچائیں۔ آمین یا رب العالمین۔

(نامہ نگار)

برطانیہ کی وزارت میں اہم تبدیلیاں
مسٹر میکڈانلڈ ، رجون کو چارج دیدیں گے

لندن ، ۳۰ مئی۔ ۷ جون کو جب کہ دار العوام کا اجلاس وہٹسن کی تعطیلات کے لئے ختم ہوگا برطانوی کابینہ تبدیل ہو جائے گا مسٹر میکڈانلڈ مستعفی ہو جائینگے اور مسٹر بالڈون کو بکنگھم محل میں مدعو کیا جائے گا اور وہ فوراً ہی کابینہ کا اعلان کر دیں گے۔ وزارت کی موجودہ شکل و صورت کو برقرار رکھا جائے گا۔ کابینہ کے متعلق اب تک قطعی تشریح کوئی نہیں ہوئی ہے البتہ ان میں مندرجہ ذیل تبدیلیاں معلوم ہوتی ہیں۔

مسٹر میکڈانلڈ بلا نام وزیر ہوں گے۔ سرجان سائمن مسٹر بالڈون کے جانشین ہوں گے مسٹر ایڈن سر سائمن کی جگہ وزیر خارجہ ہوں گے لارڈ سنکی ریٹائرڈ ہو جائیں گے اور لارڈ ہیلشم ان کی جگہ لیں گے [illegible] مسٹر میلکم میکڈانلڈ کابینہ میں داخل ہوں گے [illegible] لارڈ لنڈن ڈیری کی جگہ [illegible] آف ایجوکیشن کے وزیر ہوں گے اور [illegible] لارڈ ٹنبلے کے جانشین مقرر ہوں گے۔

اخبار الجمعیۃ کے لئے ہر شہر و قصبہ میں ایجنٹوں کی ضرورت ہے

سرحدی رہنماؤں کا اہم بیان

جناب مولوی فضل حق صاحب نائب ناظم جمعیۃ علمائے صوبہ سرحد نے حسب ذیل بیان بغرض اشاعت ارسال فرمایا ہے:۔

ہم گورنمنٹ کی موجودہ پالیسی کو سمجھنے سے قطعی قاصر ہیں جس کے ماتحت مسلم جذبات سے اس قدر بے اعتنائی ہو رہی ہے حادثہ کراچی جیسے اہم واقعہ کی آزادانہ تحقیقات سے انکار کر دیا گیا ہے۔ مولانا سید عطاء اللہ شاہ صاحب بخاری کو سزا دی گئی اور قاضی یوسف مرزائی سے جس کی طرف سخت ترین توہین اسلام منسوب ہے کوئی تعرض نہیں کیا جاتا اور جب مولانا عبد الودود مقدمہ چلانے کا مطالبہ کرتے ہیں۔ تو گرفتار ہو جاتے ہیں۔ ہم نہیں سمجھ سکتے کہ اس طرح کرنے سے گورنمنٹ کو کیا فائدہ حاصل ہو سکتا ہے اگر اس سے مٹھی بھر مرزائی جماعت خوش ہو گئی تو کروڑوں مسلمانوں کی ناراضگی اور بدگمانی میں اضافہ ہو جائے گا ہم اس وقت کم از کم فرنٹیئر گورنمنٹ سے یہ استفسار کرتے ہیں کہ وہ اس سلسلہ میں مسلمانوں کی شکایات کا کس حد تک ازالہ کرنے کے لئے تیار ہے تاکہ مسلمانوں کی اکثریت کو اطمینان ہو جائے کہ قانون ملک ہر جماعت کو یکساں نظروں سے دیکھتا ہے۔ حکیم مولانا محمد عبد السلام صاحب۔ مولانا شاکر اللہ صاحب صدر جمعیت العلماء صوبہ سرحد۔ مولانا غلام غوث صاحب صدر مجلس احرار صوبہ سرحد۔ لقر خان صدر آزاد پارٹی ہزارہ۔ [illegible] حسین صاحب صدر جمعیت العلماء ہند و خلیل۔

خانقاہ رحمانی میں فاتحہ

قطب زماں حضرت مولانا شاہ فضل الرحمٰن صاحب گنج مرادآبادی قدس سرہ العزیز و سرتاج بزم صوفیہ حضرت مولانا الحاج سید محمد علی صاحب مونگیری رحمۃ اللہ علیہ کا فاتحہ بتاریخ ۹ ربیع الاول ۱۳۵۴ھ مطابق ۱۲ جون ۱۹۳۵ء روز شنبہ کو ہوگا۔ تمام متوسلین و معتقدین سلسلۂ رحمانی کی واقفیت کے لئے یہ اطلاع شائع کی جا رہی ہے تاکہ وہ تاریخ مقررہ پر بمعاملہ احباب شرکت کر سکیں۔

(محمد عبد المغنی رحمانی خانقاہ رحمانی مونگیر)

[illegible] منتظم کی جانب سے سواریوں کا انتظام ہوگا اور میرٹھ کی جانب سے آنے والے حضرات کے لئے ستو خاص پر ظہر سے عصر تک اسی طرز سواریوں کا انتظام ہوگا۔ مدرسہ کے تمام مہمانوں کے لئے قیام و طعام کا انشاء اللہ انتظام مدرسہ کی طرف سے کیا جائیگا۔ اگر تشریف لانے والے حضرات اپنی تشریف آوری سے مطلع فرمائیں تو کارکنان کے لئے سہولت اور آنے والوں کے راحت کا باعث ہوگا۔ والسلام

(حافظ) محمد حسین مہتمم مدرسہ اسلامیہ عربیہ قصبہ اجراڑہ ضلع میرٹھ

علامہ سر اقبال اور قادیانی

(بسلسلہ صفحہ ۳)

قادیانیت کی مخالفت کوئی سیاسی جرم ہے؟ کیا "سیاسی حیات کی سربلندیوں" کا حصول قادیانیت ہے؟ مانتے ہیں کہ آپ کا چودھری ظفر اللہ قادیانی آپ کے "خدائی بارگاہ" کا ممتاز رکن ہے اور اس کے نبی اور مذہب کے خلاف اقدام کی اجازت ہے تو کیا آپ سمجھتے ہیں کہ آپ کی "سیاسی سربلندی" اس کے دست قدرت میں ہے؟ اگر آپ میں کچھ بھی اسلامی ہمدردی اور ایمانی جوش ہے تو علامہ اقبال کے اعلان کی تصدیق کیجئے۔ قادیانیوں کی ہرزہ سرائی اور اینگلو انڈین اخبارات کی قادیانیت نوازی کے خلاف جنگ کیجئے اور حکومت پر دباؤ ڈالئے کہ مرزائیوں کو مسلمانوں سے علیحدہ کر دے۔

آخر میں مرزائیوں سے بھی کچھ کہنا ہے۔ آپ کے بقول اگر خاتم النبیین کے بعد بھی دنیا میں نبی آ سکتے ہیں تو کیا وہ نبی مرزا قادیانی جیسا شخص ہو سکتا ہے جس کے کذب و افتراء سے قادیانیوں کی ہر کتاب بھری پڑی ہے؟

نور احمد خان سکریٹری
انجمن اسلامیہ کھیری رہاس

مدرسہ اسلامیہ عربیہ قصبہ اجراڑہ کا اکیسواں سالانہ اجلاس
علمائے کرام کا ورود مسعود

مدرسہ اسلامیہ عربیہ قصبہ اجراڑہ ضلع میرٹھ کا اکیسواں سالانہ جلسہ بتاریخ ۸ ربیع الاول ۱۳۵۴ھ مطابق ۷ جون ۱۹۳۵ء یوم جمعہ کو عمارت مدرسہ میں صبح ۸ بجے منعقد ہوگا جس میں مدرسہ کی سالانہ کیفیت۔ حساب آمد و خرچ و نتائج امتحانات وغیرہ سنانے کے بعد علمائے امت اپنے مواعظ و نصائح سے تشنگان ہدایت کو سیراب فرمائیں گے۔

اس جلسہ میں امیر الہند حضرت مولانا سید حسین احمد صاحب مدنی شیخ الحدیث دار العلوم دیوبند و حضرت مولانا الحافظ الحاج عبد اللطیف صاحب ناظم مدرسہ مظاہر علوم سہارنپور و حضرت مولانا الحاج محمد زکریا صاحب شیخ الحدیث مدرسہ مظاہر علوم و رئیس الحکماء حضرت مولانا حکیم سید محمد اسحاق صاحب [illegible]

طبیہ کالج مسلم یونیورسٹی علی گڈھ

طبیہ کالج مسلم یونیورسٹی علی گڈھ میں نئے طلباء کا داخلہ ۱۵ جولائی ۳۵ء سے یکم اگست ۳۵ء تک ہوگا۔ داخلہ کی درخواستیں پرنسپل طبیہ کالج علی گڈھ کے دفتر میں ۵ جولائی ۳۵ء تک پہنچ جانی چاہئیں اور امیدوار کو دفتر کی جانب سے مقرر کی ہوئی تاریخ پر کالج میں حاضر ہونا چاہئے۔ مقررہ تعداد پورا ہونے کے بعد کسی طالب علم کا داخلہ نہ کیا جائے گا۔

پرنسپل
طبیہ کالج مسلم یونیورسٹی علی گڈھ

جوائنٹ پارلیمنٹری کمیٹی کی رپورٹ
اردو میں

مشترکہ پارلیمنٹری کمیٹی کی رپورٹ کا اردو ترجمہ شائع ہو گیا ہے اور ہم نے الجمعیۃ بکڈپو کیلئے اس کے نسخے برائے فروخت حاصل کرلئے ہیں جو حضرات آئندہ دستور اساسی کے متعلق برطانوی مدبرین کا نقطۂ نگاہ معلوم کرنا چاہیں اور اصطلاحات میں تمام آئینی مسائل پر مفصل بحث پڑھنے کے خواہشمند ہوں وہ فوراً ہم سے رپورٹ کا ایک نسخہ طلب فرمائیں یہ کتاب ... صفحات کی ہے اور اس کی قیمت فی جلد ... ہے۔ محصول ڈاک ... ہوگا۔

فرمائشیں جلد موصول ہونی چاہئیں

منیجر الجمعیۃ بک ایجنسی گلی قاسم جان دہلی

سرمہ نور

اگر آنکھوں کی قدر ہے تو ان دو سرموں میں سے کوئی سرمہ اپنے حسب حال انتخاب کر کے استعمال کیجئے

[illegible]

رسالہ
اٹھتی ہوئی جوانی بالکل مفت

گمراہ نوجوانوں کو راہ راست پر لانے کے لئے۔
بچوں کی صحیح طریقہ سے پرورش کر کے نوجوان بنانے کے لئے
اٹھتی ہوئی جوانی کی حفاظت کرنے کے لئے۔
جوانی واپس لانے کی تدبیریں بتلانے کے لئے۔
[illegible]
پتہ:۔ ویدشاستری جام نگر کاٹھیاواڑ

کشمیر پر
[illegible]

جمعیۃ العلماء تحصیل مانسہرہ کا سالانہ اجلاس
انتخابات جدید اور اہم تجاویز کی منظوری

بقہ ۱۸ مئی کو بمقام بفہ ضلع ہزارہ (سرحد) جمعیۃ العلماء تحصیل مانسہرہ کا جلسہ زیر صدارت مولانا مولوی قاضی صفی اللہ صاحب بوقت دو بجے منعقد ہوا۔ آغاز جلسہ پر مولوی علی احمد صاحب نے تلاوت قرآن شریف فرمائی بعد ازاں عطا محمد خان صاحب نے ایک نظم پڑھ کر سنائی۔ جس کے بعد میاں عبد القیوم ناظم جمعیۃ نے سالانہ رپورٹ پڑھی اور صاحب صدر جلسہ نے اپنی افتتاحی تقریر فرمائی اور دوران تقریر میں علماء کرام کو موجودہ وقت کی نزاکت اور خدمت اسلام کی طرف متوجہ کر کے باہمی اتفاق و اتحاد پر زور دیا۔

اس کے بعد حسب ذیل حضرات کا انتخاب عمل میں آیا:۔

صدر جمعیۃ العلماء مولانا عبد الودود صاحب بفہ۔ ناظم میاں عبد القیوم صاحب۔ نائب ناظم مولانا نور شاہ علی صاحب بفہ۔ نائبین ناظم مولانا عبد الرحمٰن صاحب ساکن ڈھوڈیال و مولانا عبد الجلیل صاحب ساکن خاکی۔

اراکین مجلس عاملہ

مولوی سید علی اکبر شاہ صاحب، مولانا محمد سعید صاحب آف خاکی۔ قاضی ... صدر جلسہ آف کسل۔ مولوی عبد المنان صاحب ساکن کوٹلی۔ مولوی ... صاحب ساکن اچھڑیاں۔ مولانا مولوی سید محمود شاہ صاحب خطیب بفہ۔ مولانا محمد شریف صاحب بفہ۔ مولانا غلام غوث صاحب صدر مجلس احرار سرحد ساکن بفہ۔

چونکہ جمعیۃ العلماء کے اندر اکثر شرعی استفسارات کا کام بھی زیادہ رہتا ہے جس کے لئے متفقہ طور پر مولانا سید محمود شاہ صاحب خطیب جامع مسجد بفہ مفتی مقرر ہوئے۔

بعد ازاں مندرجہ ذیل تجاویز پیش ہوئیں جو کہ متفقہ طور پر منظور کی گئیں۔

[illegible]

محرک:۔ مولانا عبد الحکیم ڈھوڈیال۔
موئید:۔ مولانا سید محمود شاہ صاحب خطیب بفہ۔

یہ جمعیۃ العلماء تحصیل مانسہرہ کا یہ اجلاس جناب عبد المجید صاحب سندھی اور مسٹر ہاشم صاحب سابق ایم۔ ایل۔ سی کے استعفا کو جو انہوں نے بطور احتجاج دیا ہے۔ [illegible]

محرک:۔ خان صاحب لقر خان۔
موئید:۔ میاں عبد القیوم ناظم جمعیۃ العلماء۔

اس کے بعد حالات حاضرہ اور حضرات علماء کے تقرر ... پر ایک مختصر اور جامع تقریر مولانا غلام غوث صاحب صدر مجلس احرار صوبہ سرحد کی اور آخر میں ناظم جمعیۃ العلماء نے جناب لقر خان ساکن بفہ کا جس نے کہ علماء کی خاطر تواضع میں نہایت گہری دلچسپی لی کا اور تمام حاضرین کا شکریہ ادا کیا آخر میں سعد اللہ خان ... نے ایک روپیہ نقد اور مولانا عبد الحکیم صاحب خطیب ڈھوڈیال نے ... نقد چندہ دیا اور باقی علماء صاحبان نے سالانہ چندہ دینے کا برائے اخراجات جمعیت کے وعدہ فرمایا۔

(میاں عبد القیوم۔ ناظم جمعیۃ العلماء ساکن بفہ۔ سرحد)

جمعیت العلماء یوسف زئی کا اہم جلسہ

مورخہ ۱۷ مئی بوقت ۹ بجے رات موضع مانیری میں ایک جلسہ جمعیت العلماء یوسف زئی کا زیر صدارت مولانا عبد الرفیع صاحب بام خیل منعقد ہوا جس میں مضافات کے علماء کرام مولانا عبد الرؤف کاکڑی و مولوی قاضی عصمت اللہ مانیری، مولوی حکیم عبد الحکیم صاحب موضع اسماعیلیہ۔ مولوی محمد فاروق صاحب [illegible]

محرک:۔ مولوی عبد الحکیم اسماعیلیہ۔
موئید:۔ قاضی عصمت اللہ صاحب مانیری۔

یہ جلسہ مولانا سید عطاء اللہ شاہ صاحب بخاری کی سزا پر سخت رنج و افسوس کا اظہار کرتا ہے اور اسکو گورنمنٹ کی قادیانیت نوازی تصور کرتا ہے۔

محرک:۔ مولوی حکیم عبد الحکیم اسماعیلیہ۔
موئید:۔ مولانا محمد فاروق صاحب مانیری۔

[illegible]

تحصیل صوابی میں مجلس احرار کا جلسہ

تمام مسلمانان علاقہ یوسف زئی کو بذریعہ اخبارات مطلع کیا جاتا ہے کہ موضع اسماعیلیہ تحصیل صوابی میں بتاریخ ... بروز جمعہ ... تبلیغ مجلس احرار کا ایک عظیم جلسہ ہوگا۔ براہ کرم تاریخ مقررہ پر تشریف آوری فرماویں جس میں مولانا غلام غوث صاحب صدر مجلس احرار صوبہ سرحد و حکیم مولانا فضل حق صاحب و مولوی لطف اللہ صاحب ... مولانا شاکر اللہ صاحب صدر جمعیت العلماء صوبہ سرحد تشریف لائیں گے۔

(ناظم عبد الحکیم ساکن ... تحصیل صوابی)

بنارس کی مسجد میں مسلمانوں کا عظیم الشان جلسہ
ایک ڈیفنس کمیٹی کا قیام

[illegible]

اخبار الجمعیۃ میں اشتہار دیکر اپنی تجارت کو فروغ دیجئے

نگارستان کشمیر

(مصنفہ قاضی ظہور الحسن صاحب سیوہاروی)

کشمیر جنت نظیر کی جدید ترین تاریخ سلاطین و مہاراجگان کشمیر کی حکومت کا صحیح مرقع۔ [illegible]

ملنے کا پتہ:۔ کتبخانہ عزیزیہ ... دہلی

انمول جواہرات مفت

[illegible]

سیناٹوجن سے طاقت اور تندرستی محسوس کیجئے

کیا تم ایسے ہی طاقتور اور تندرست ہو جیسی کہ تمہاری خواہش ہے۔ یاد رکھو سیناٹوجن سے صحت و قوت [illegible]

SANATOGEN

گٹھیا سوزاک کا تیر بہدف علاج

[illegible]

خضاب چھوڑ دو

[illegible]

ایک فیاضانہ عطیہ

[illegible]

رجسٹرڈ نمبر ایل ۱۷۹۳

تارکا پتہ "الجمعیۃ دہلی"

یَدُ اللّٰہِ عَلَی الْجَمَاعَۃ

سہ روزہ الجمعیۃ دہلی

مدیر مسئول - بلال احمد زبیری (بی اے) معاون - محمد عثمان فارقلیط

جلد ۲۱ | دہلی یوم چہارشنبہ ۲ ربیع الاول ۱۳۵۴ ہجری مطابق ۵ جون ۱۹۳۵ء | نمبر

شاہ حبش کا اہم جنگی خطبہ

اطالوی افواج کا بلاوجہ حملہ اور اس کا تدارک

قوم کو متحد اور مسلح رہنے کی ہدایت

معاصرین کے افکار و آراء

انڈیا بل کا سراب

مالویہ جی کو نیک مشورہ

بدنصیب قوم

دیوانہ و فرزانہ

دل کو غمِ کونین سے بیگانہ بنا دے
بدمست سیہ کار کہ مخمورِ حق آگاہ
حالت ہے فقیرانہ مری، وہ شہِ خوباں
دُنیا کے لئے ہو سبقِ رُشد و کرامت

اے جلوۂ جاناں مجھے دیوانہ بنا دے
دیکھیں ہمیں کیا ساقیٔ میخانہ بنا دے
چاہے تو فقیرانہ سے شاہانہ بنا دے
گر عشق مرے حال کا افسانہ بنا دے

فرزانگیٔ ہوش سے بیزار ہے حسرتؔ
حیرت اُسے دیوانہ و فرزانہ بنا دے

(از مولانا حسرت موہانی)

لڑائی کی ترکیبیں

Regd No L 1793.

The Aljamiat

Vol. XXI No 38 DELHI SATURDAY 1st JUNE 1935. PRICE ONE ANNA

نورانی قرآن مجید
نہایت صاف جلی اور نہایت صحیح قرآن شریف اگر درکار ہو تو نورانی قرآن مجید الجمعیۃ بک ایجنسی دہلی سے طلب فرمائیے۔ قیمت مجلد پارہ ...

پادری کی لڑکی کا قبول اسلام
اور اس کے حیرت انگیز کارنامے معلوم کرنے ہوں تو ... اسلام کی حقانیت کے قائل ...
منیجر الجمعیۃ دہلی

بھوانی کی میونسپلٹی کا انتظام

بھوانی شہر کی صفائی اور حفظ صحت کے لئے میونسپل کمیٹی نے ایک وسیع سکیم منظور کی تھی جس کے ماتحت تمام شہر میں نالیوں کی تعمیر اور نل لگانے کا کام عرصہ سے جاری ہے ...

مناظرہ سے مرزائیوں کا فرار

لائل پور میں احرار تبلیغ کانفرنس کی تیاریاں

علماء و زعماء ملت کو دعوت نامے

تقریر سیرت کے متعلق معزز اخبارات و رسائل کی رائیں

رسالہ معارف کا تبصرہ

مولانا حافظ احمد سعید صاحب دہلوی کی سیرت النبی پر ایک مکمل تقریر جلد کرکے "تقریر سیرت" کے نام سے شائع کی گئی ہے ...

رسالہ جامعہ کی تنقید

جناب مولانا احمد سعید صاحب ہندوستان کے خوش بیان واعظوں میں ایک خاص حیثیت رکھتے ہیں ...

اخبار خلافت کی رائے

تقریر سیرت

حضرت سحبان الہند مولانا الحاج حافظ احمد سعید صاحب ناظم جمعیۃ علمائے ہند کی یہ تقریر اپنی بے شمار خصوصیات کے اعتبار سے ایک عجیب و نادر مجموعہ ہے ...

منیجر اخبار الجمعیۃ گلی قاسم جان دہلی

پادری کی لڑکی

معجز نما قرآن مجید

حمائل شریف مترجم

منیجر اخبار الجمعیۃ گلی قاسم جان دہلی

منیجر اخبار الجمعیۃ دہلی

تبلیغ کانفرنس سہارنپور کا ہمہ گیر و بصیرت افروز خطبۂ صدارت

از

حضرت مولانا فخر الدین صاحب صدر جمعیۃ علماء صوبہ متحدہ و صدر اجلاس

اور حق کو مبارز ... حضرت مولانا فخر الدین صاحب صدر جمعیۃ علماء صوبہ متحدہ و صدر مدرس مدرسہ شاہی مراد آباد نے جو خطبہ صدارت بحیثیت صدر اجلاس تبلیغ کانفرنس میں ارشاد فرمایا وہ درج ذیل کیا جاتا ہے:-

حاضرین کرام و ارکان کانفرنس! آپ حضرات کے خصوصی الطاف کا شکریہ ادا کرنا میرا سب سے پہلا فرض ہے من لم یشکر الناس لم یشکر اللہ۔

قد تبین الرشد من الغی (دین کے بارہ میں کوئی جبر و زبردستی نہیں، ہدایت اور گمراہی الگ الگ واضح ہو گئی) کے محکم اصول کو مضبوطی سے پابندی کرتے ہوئے قاتلوھم حتی لا تکون فتنۃ (ان سے جہاد کرو تا آنکہ فساد نہ رہے) کے ارشاد کی تعمیل بھی کی گئی۔ لیکن رشد و ہدایت کے اعلان کا جو طریقہ اختیار کیا گیا ...

سفر حج کے متعلق مشاہدات و تاثرات

(گزشتہ سے پیوستہ)

معززین میمنوں کا ایک وفد

جلالۃ الملک کی خدمت میں بمبئی کاٹھیاواڑ کے معزز و محترم میمنوں کا ایک وفد شرف باریابی حاصل کیا، اور ایک عرضداشت پیش کی جس پر ... بیگ محمد صاحب صدر آل انڈیا میمن کانفرنس کے دستخط بھی تھے ...

کا شاید یہ انتہائی مظاہرہ ہے کہ ہم حج کا فرض ادا کرتے وقت اسلامی حکومت میں پہنچ کر بھی ظل برطانیہ میں پیچھے جاتے ہیں۔

میں ان بھائیوں سے جن کو آئندہ حج پر جانے کی سعادت نصیب ہو، درخواست کرتا ہوں کہ جب آپ جدہ پہنچ جائیں ... اور خدارا اس زمرہ میں رجوع کریں ...

اسلامی جہاز

تاجدار حجاز کا ... رعایا

حجاز کی ترقی

مسلم کی تعریف

حجازی انقلاب کی برکتیں

شیخ المعلمین الہند

عہد قدیم میں تعلیم و تعلم

جہاز کی بندش

اسپیشل فنڈ

امراض

برطانوی قونصل خانہ اور ہندوستانی حجاج

اسلامی ہندوستانی حجاج سے گزارش

(بقیہ صفحہ ... کالم ...)

مسودۂ قانون متعلق حقوق ازدواج اہل اسلام

کتاب و سنت اور آئمۂ اسلام کی تشریحات

محرک کے پیش کردہ وجوہ و دلائل

مولوی خلیل الزماں صاحب صدیقی رکن مجلس وضع قوانین سرکار عالی حیدرآباد دکن نے جو مسودہ قانون متعلق حقوق ازدواج اہل اسلام محکمہ تقننہ میں ارسال کیا ہے وہ الجمعیۃ کی گزشتہ اشاعت میں شائع ہو چکا ہے۔ اس مسودہ قانون کے متعلق محرک نے جو وجوہ و دلائل پیش کئے ہیں وہ ذیل میں درج کئے جاتے ہیں۔

وجوہ و تجاویز

کے خطبہ صدارت اجلاس جمعیۃ العلماء سے ایک اقتباس سنا دینا کافی سمجھتا ہوں ... اعداد و شمار سے کام لیا جائے تو ہندوستان میں ایسی عورتوں کی تعداد ... بیگم صاحبہ ... ریاست حیدرآباد سے ... ایسا قانون بنانے کی درخواست کی ہے ... طلاق وغیرہ کے مسائل صاف ہو جائیں۔

کانفرنس مذکور کی تحریک نمبر ۱۲ حسب ذیل ہے

"یہ کانفرنس اس امر کی ضرورت محسوس کرتی ہے کہ ... شرع شریف ..."

شرعی قاضی

اختیار و حقوق شوہری

برٹش انڈیا کے فیصلہ جات

ایک شبہ

تبلیغ کانفرنس کی منظور شدہ تجاویز

وقت کے اہم اور نازک مسائل پر اظہار خیال

تبلیغ کانفرنس سہارنپور میں حسب ذیل تجاویز منظور ہوئیں:-

(۱) یوپی احرار تبلیغ کانفرنس کا یہ اجلاس گورنر پنجاب کی اس تقریر کو جس میں مسلمانوں کو سرزائیوں سے باوجود اختلاف عقائد کے تعاون و اتحاد کی تعلیم دی ہے نفرت و حقارت سے دیکھتا ہے اور اس کو حکومت کی مداخلت ... کا زندہ ثبوت سمجھتا ہے ...

(۲) یوپی احرار تبلیغ کانفرنس کا یہ اجلاس حکومت ...

مفرور کی گزارش

بسم اللہ الرحمن الرحیم
الجمعیۃ دہلی
چہارشنبہ ۲ ربیع الاول ۱۳۵۴ھ

... میں قیامت صغریٰ کا ظہور
کوئٹہ کا ہلاکت آفرین زلزلہ

ابھی صوبہ بہار کے ہولناک زلزلہ کی یاد تازہ ہی تھی اور اس کے روح فرسا مناظر نظروں کے سامنے پھر رہے تھے کہ بلوچستان کی تباہی کی دلگداز خبر نے ہندوستان کی آبادی کو ایک مرتبہ پھر وقف رنج و اندوہ کر دیا۔ اور تمام ملک میں اپنے ہزاروں بھائیوں اور بہنوں کی حسرتناک موت اور دردانگیز تباہی پر صف ماتم بچھ گئی۔

زیادہ تر وہ لوگ تھے جو ہندوستان سے جا کر مختلف پیشوں اور ملازمتوں کے سلسلہ میں کوئٹہ کی چھاؤنی کی وجہ سے آباد ہو گئے تھے وہ زیادہ تر تجارت اور فوج کو رسد پہنچانے کے متعلق کاروبار میں مشغول تھے۔ شہر کی تباہی نے اس تمام آبادی کو ہلاک کر دیا۔ شہر سے باہر جو فوجی بارکیں تھیں ان کا ایک حصہ تو بچ رہ گیا۔ مگر کوئٹہ کی ہندوستانی آبادی ساری کی ساری تباہ ہو گئی۔

ریلیف کی ضرورت

مرنے والوں کی تعداد

زلزلہ کی وسعت

(بسلسلہ صفحہ ۳ کالم ۲)

مسٹر شفیع داؤدی کا تاریخی مقدمہ
(۵)

اس سلسلہ کی سب سے آخری لیکن سب سے اہم کڑی مسٹر شفیع داؤدی کے داخل کردہ حسابات کی نوعیت و حیثیت کے متعلق ٹریبونل کی رائے ہے۔ انتخاب کو جائز یا ناجائز بنانے میں جس قدر فرد حساب (Return of expenses) کو دخل ہوتا ہے اتنا اور کسی معاملہ کو نہیں ہوتا۔ چنانچہ اس مقدمہ میں جو مسٹر شفیع داؤدی کے انتخاب کے متعلق ٹریبونل کے سامنے پیش ہوا تھا۔ اس مسئلہ کا فیصلہ کرنے کے لئے خاص تنقیح قائم کی گئی تھی جس پر کافی بحث کی گئی اور جس کے بارے میں ٹریبونل نے اپنے فیصلہ میں لکھا ہے کہ

"مستغیث کے وکیل مسٹر بولس یہ ثابت کرنے میں کامیاب ہو گئے ہیں کہ مولوی شفیع داؤدی نے جو فرد حساب داخل کی تھی وہ دو حیثیتوں سے ..."

کہ حقیقت میں والنٹیرس تھا اور یہ رقم بھی دی گئی تھی اس لئے فرد حساب کو پیش کرنے سے اصل قوانین کا جو کچھ منشا و مقصد تھا وہ مسٹر شفیع داؤدی کی حرکت سے فوت ہو گیا۔ اس لئے ٹریبونل اس نقص کو تسلیم کرنے کے بعد اس کی اہمیت کو کم کرنے میں ہرگز حق بجانب نہیں ہو سکتا۔

حسابات کی اہم غلطی

لیکن دوسرے نقص کی اہمیت کا معترف خود ٹریبونل بھی ہے جس کے فیصلہ میں حسب ذیل الفاظ موجود ہیں:۔

کمشنروں کا فیصلہ

حوادث و احکام

استفتاء

کیا فرماتے ہیں علمائے احناف رحمہم اللہ تعالیٰ اس مسئلہ میں کہ زید ایک ایسے موضع میں جمعہ پڑھتا ہے جس میں نو مسجدیں ہیں اور تعداد کثیر علاقہ یا مکان مسلمانوں پر مشتمل ہے جو بوجہ تمام لایسع اکبر مساجدہ کا مصداق ہے۔ باوجودیکہ زید پکا حنفی اور اسلامی درسگاہ سے سند یافتہ اور متفق علیہ الناس ہے۔ اس صورت میں زید مذکور عندالاحناف جمعہ کی نماز پڑھا کر سکتا ہے۔

(۲) نیز اطلاق جو بصورت نہ ہونے بادشاہ اسلام کے ایک شخص پر کیا جاتا ہے اس میں شہر کے کل افراد کی رائے و ہی ضروری ہے یا بعض کی یا اکثر کی بصورت ثانی و ثالث ایسے موضع میں نماز جمعہ جائز ہے یا نہیں جبکہ پڑھنے والوں کی طرف سے اذن عام ہو۔

(۳) نیز بوجہ نہ ہونے بادشاہ اسلام کے اور تعریف اول مصر کہ کل موضع لہ امیر و قاضی ینفذ الاحکام و یقیم الحدود۔ زید پر مبتدع ہونے کا فتویٰ دیا جا سکتا ہے۔ یا نہ بصورت اول ہندوستان کے اہل سنت والجماعت اسی روایت وقایہ الروایہ کو اعتبار دیکر ہر مصر میں نماز جمعہ کیوں پڑھا کرتے ہیں۔

(۴) نیز صاحب عمدۃ الرعایہ نے بقلاد تحت (الذی الکفر ...) میں شرط سلطان کو ضروری جاننے والے کو ضعیف و اقل سے منسوب کیا ہے اس کا مطلب ...

خلاف ہے بشرطیکہ سلطان کے لئے مولانا عبدالحئی رحمۃ اللہ نے جو آثار راسخہ ماسبقیہ میں نقل فرمائی ہے وہ کافی ہے۔ فقط

محمد کفایت اللہ کان اللہ لہ
دہلی

الجواب صحیح: حبیب المرسلین عفی عنہ
نائب مفتی مدرسہ امینیہ دہلی

استفتاء

کیا فرماتے ہیں علمائے دین و مفتیان شرع متین بیچ اس مسئلہ کے کہ صحن مسجد اور عین مسجد کے آداب یکساں ہیں۔

کیا صحن مسجد میں برائے وضو حوض اور برائے بول و براز طہارت خانہ بنا سکتے ہیں یا نہیں۔ اگر بنانے کی اجازت دی جاتی ہے تو عین مسجد میں کیوں نہیں۔

حضرات علمائے دین اسلام ان دونوں سوالات کو پیش نظر رکھ کر شرعی احکامات فرمائیں کہ ایک مسجد پاک کو منہدم کر کے صحن مسجد قرار دینا کس حد تک صحیح ہے۔ دوسری جدید مسجد تقریباً پچیس گز کے فاصلہ پر تیار کرنا اور مسجد پاک کو صحن میں شامل کرنے کے لئے قبضہ کر سکتے ہیں یا نہیں؟

الجواب

حضرت مولانا سید عطاء اللہ شاہ بخاری کا دہلی میں ورود مسعود
مسجد فتحپوری اور جامع مسجد میں مسائل حاضرہ پر حقائق آگاہ تقریریں
دفتر جمعیۃ علماء ہند میں قومی اور مذہبی معاملات پر اہم مشورے

دہلی ۲۸ جون سہ شنبہ کو چار بجے کی ٹرین سے مولانا سید عطاء اللہ شاہ بخاری امیر شریعت پنجاب تشریف لائے۔ ریلوے اسٹیشن پر مسلمانان دہلی نے آپ کا پرتپاک خیر مقدم کیا۔ رات کو دس بجے مسجد فتحپوری میں سیرۃ نبوی، اصلاح المسلمین اور قادیانی فتنہ پر شاہ صاحب کی ایک معرکۃ الآراء تقریر ہوئی جسکو دس بارہ ہزار مسلمانوں نے دلی ذوق و شوق سے سنا۔ تقریر میں مسلمانوں کی عام حالت پر پرمغز تبصرہ کیا گیا تھا اور فرقہ ضالہ قادیانیہ کی فتنہ پردازیوں اور حکومت کی قادیانیت نواز پالیسی کو بے نقاب کیا گیا تھا۔ حاضرین شاہ صاحب کی تقریر سے بہت مسرور و مستفید ہوئے۔

... شب کی گاڑی سے حضرت مولانا سید عطاء اللہ شاہ بخاری گورداسپور روانہ ہو جائیں گے۔ حضرت شاہ صاحب کے مقدمہ کی سماعت کے لئے ... جون مقرر ہے۔

کوئٹہ اور قرب و جوار کا علاقہ بالکل نیست و نابود ہو گیا ہے
بیس ہزار انسان ملبہ میں دبے پڑے ہیں۔ ۹ ہزار نکالے جا چکے ہیں
آتش فشاں پہاڑ پھٹ گیا۔ پہاڑیاں زمین میں دھنس گئیں

شملہ ۲ جون۔ شہر کوئٹہ بالکل زمین بوس ہو گیا ہے اور سوائے گورنمنٹ ہاؤس کے (جو گرنے کے قریب ہے) اور کوئی عمارت گرنے سے نہیں بچی۔ پرانے کوئٹہ کی ۵ ہزار آبادی میں سے ستر فی صدی آبادی ہلاک ہو گئی ہے۔ اندازہ لگایا گیا ہے کہ اس وقت کم از کم بیس ہزار آدمی ملبہ کے نیچے دبے پڑے ہیں جن میں سے کوئی بھی زندہ نہیں ہے اور فی الحال ان کے نکالنے کا بھی کوئی انتظام نہیں ہے۔ اس وقت تک ۹ ہزار افراد کو ملبہ سے نکالا گیا ہے۔ اور کوئٹہ کے کل دس ہزار آدمی زندہ بچے ہیں جن میں کثیر تعداد زخمیوں کی ہے۔ شاہی ہوائی بیڑہ کے ہلاک شدگان کی تعداد پہلے اندازہ سے بہت زیادہ ہے۔ ... ہوائی جہاز بالکل تباہ ہو گئے ہیں۔ کوئٹہ کے قرب و جوار میں زبردست تباہی سے تمام ہوئی ہے اور ہوائی معائنہ سے معلوم ہوا کہ کل گاؤں زمین دوز ہو گئے ہیں۔ کوئٹہ سے چالیس میل شمال مشرق کی جانب شہرگ کے قریب آتش فشاں پہاڑ ...

تفصیلات آئندہ دیجائیں گی۔ (ابتدائی خبروں کے لئے صفحہ ۸ ملاحظہ کیجئے)

مصیبت زدگان بلوچستان کی امداد کیلئے اپیل
حضرت صدر جمعیۃ علمائے ہند کا اعلان

حضرت العلامہ مفتی محمد کفایت اللہ صاحب صدر جمعیۃ علمائے ہند نے اخبارات کے لئے حسب ذیل اعلان شائع فرمایا ہے:۔

"کوئٹہ میں جو قیامت خیز زلزلہ آیا ہے اس کی تفصیلات نہایت ہوشربا اور روح فرسا ہیں اس وقت تک کی اطلاعات سے معلوم ہوتا ہے کہ تقریباً ۷۰ فی صدی آبادی تباہ و ہلاک ہو گئی ہے۔ حکومت کے علاوہ پبلک ریلیف کمیٹیوں کے کارکن بھی پہونچ گئے ہیں۔ اللہ تعالیٰ ان کی ہمتوں کو بلند فرمائے اور وہ بجنس انسانیت مخلوق الٰہی کی خدمت کر سکیں۔

جسمانی خدمت کے علاوہ اس وقت مالی قربانی کی بھی شدید ضرورت ہے اس لئے میں انسانیت کے نام پر تمام اہل ملک اور بیرون ہند کے باشندوں سے اپیل کرتا ہوں کہ وہ اس موقعہ پر جس قدر ممکن ہو ہمت اور فیاضی سے کام لیں اور مصیبت زدگان بلوچستان کی جلد از جلد امداد کریں۔ ... صوبہ سندھ کی جمعیۃ علماء کو تار دیا گیا ہے کہ وہ موجودہ صورت حال اور ریلیف کے متعلق اپنی تجاویز سے فوراً دفتر کے صدر دفتر کو مطلع کرے۔"

روسی مظالم کے خلاف زبردست احتجاج
مہاجرین بخارا و ترکستان کا جلسہ

دہلی ۲ جون۔ کل بعد نماز جمعہ جامع مسجد دہلی میں مہاجرین بخارا و ترکستان کا ایک جلسہ زیر صدارت حضرت علامہ مفتی محمد کفایت اللہ صاحب صدر جمعیۃ علماء ہند منعقد ہوا جس میں جناب صدر اور حضرت مولانا احمد سعید صاحب ناظم جمعیۃ علماء ہند نے بخارا و ترکستان کے مسلمانوں پر روسی مظالم کی داستان سنائی اور بتایا کہ روس قیام امن و مساوات کے نام سے مسلمانوں پر کس قدر مظالم توڑ رہا ہے ... بعض بخاری مہاجرین نے بھی اس سلسلہ میں تقریریں کیں اور جلسہ برخاست ہوا۔

دہلی جامع مسجد کے موذن پر لو کا حملہ
نماز میں غشی طاری ہو گئی

چین کو جاپان کا انتباہ
باز رہو ورنہ حملہ کر دیا جائیگا

ٹوکیو ۔ ۳ مئی ۔ اخبارات کی اطلاعات مظہر ہیں کہ ... جاپانی فوجی افسران نے حکومت چین کو تنبیہ کی ہے کہ اگر چین ان جاپان اور منچوکیو کے خلاف سرگرمیاں بند نہ کیں تو جاپانی افواج ... جانب سے شمالی چین میں داخل ہو جائیں گی۔

دار العلوم دیوبند کی مجلس شوریٰ کا اجلاس ختم ہو گیا
آئندہ امور متنازعہ کا فیصلہ کثرت رائے پر ہوگا
صدارت اہتمام کے عہدہ پر مولانا شبیر احمد عثمانی کا تقرر

مولانا شبیر احمد صاحب قائم مقام صدر ڈسٹرکٹ بورڈ میرٹھ اطلاع دیتے ہیں کہ:۔

دار العلوم دیوبند کی مجلس شوریٰ کا ایک اہم اجلاس آج پانچ روز کی شبانہ روز مصروفیت کے بعد ختم ہوا۔

دہلی کمپنی باغ میں جلسہ عام
کوئٹہ کے قیامت خیز زلزلہ پر تقریریں

دہلی ۳ جون۔ آج شام کو کمپنی باغ میں ایک عظیم الشان جلسہ منعقد ہوگا جس میں کوئٹہ کے قیامت خیز زلزلہ کی تباہ کاریوں پر تقریریں ہوں گی اور مصیبت زدگان سے اظہار ہمدردی کیا جائے گا۔ حضرت علامہ مفتی محمد کفایت اللہ صاحب صدر جمعیۃ علماء ہند، مولانا احمد سعید صاحب ناظم جمعیۃ علماء ہند، حضرت مولانا سید عطاء اللہ شاہ بخاری و دیگر علمائے کرام اس جلسہ میں تقریریں فرمائیں گے۔

دہلی میں خانہ تلاشیاں

بیس اشخاص ہلاک
بریلی کے قریب آتشزدگی

فیشن پرست لڑکیوں کی پکٹنگ

جامع مسجد میں احتجاجی جلسہ

انڈیا بل کے ہندوستانی حصہ پر بحث ختم
قدامت پسند ممبر کی ایک نئی تجویز

سخت گیر قوانین کا دوبارہ اجراء
صوبجاتی حکومتوں کی حمایت

نو سال کے بچہ کو قزاقوں نے اغوا کر لیا
دو لاکھ ڈالر مزید ادا کرنے کا مطالبہ

فقیر علی نگر نے ملکوں کو گرفتار کر لیا
قبائل کے دباؤ سے رہا کرنا پڑا

فرانسیسی حکومت مستعفی ہو گئی
اشتراکیوں کے ہاتھ میں عنان حکومت

جزائر انڈمان میں ہندوستانی جلاوطنوں کی حالت
دیوان بہادر نرائن سوامی چیٹی کا بیان

دیوان بہادر نرائن سوامی چیٹی ممبر کونسل آف اسٹیٹ نے جو کہ حال ہی میں پورٹ بلیئر و جزائر انڈمان تشریف لے گئے تھے واپس آ کر حسب ذیل خیالات کا اظہار فرمایا ہے۔ موصوف گذشتہ دو سال سے جیل خانہ کی اصلاح کے بڑے معاون ہیں۔ آپ نے وہاں کے حالات کا جائزہ بالکل غیر سرکاری حیثیت سے لیا ہے۔ حال ہی میں آپ نے حکومت ہند کو وہ مراسلہ تحریر کئے ہیں جن میں خاص طور سے آپ نے تحریک دہشت انگیزی کے مجرموں کی حالت بیان کی ہے۔ یہ مجرمان Cellar Jail جیل خانہ میں مقید ہیں۔ خیال کیا جاتا ہے کہ آپ کے بیانات سے بہت کچھ غلط فہمیاں جو کہ عوام میں پھیلی ہوئی ہیں دور ہو جائیں گی۔ ایک مراسلہ میں آپ لکھتے ہیں۔ Cellular Jail ...

کوئٹہ میں تباہ کن زلزلہ۔ دو تہائی آبادی ہلاک
ریلوے اسٹیشن۔ بنگلے۔ مکانات منہدم۔ انگریز اور ہندوستانی لاشوں کے انبار
چمن، جنوبی افغانستان اور قلات پر تباہی۔ زمین کا طبقہ الٹ گیا
تیس ہزار انسانی جانوں کے اتلاف کی ہوشربا اطلاع

شملہ ۱۸ مئی۔ کل رات کو بوقت تین بجے کوئٹہ (بلوچستان) میں تباہ کن زلزلہ آیا جس نے کل شہر کو برباد کر دیا اور ریلوے اور سول اسٹیشن بالکل تباہ ہو گئے ہیں۔ ... دہلی سے آج ایک امدادی ٹرین روانہ ہو گئی ہے۔ ٹیلیگراف کی ایک لائن درست کر دی گئی ہے ...

دو تہائی آدمی ہلاک
تیس ہزار افراد ہلاک
بیس ہزار آدمی ہلاک

امریکہ میں اقتصادی انقلاب کا امکان
تیس لاکھ مزدور خطرہ میں

نیویارک ۱۸ مئی۔ ریاستہائے متحدہ کے ہر گوشہ سے زمین میں کمی کی اطلاعات نے تمام ملک میں ایک زبردست تشویش اور بے چینی پیدا کر دی ہے ...

سیرت کے جلسوں کے متعلق اعلان

(مولانا) حبیب الرحمٰن صاحب صدر مجلس احرار ہند

ڈاکٹر عبدالسلام کا مقدمہ

لارڈ ولنگڈن سے لوگ تنگ آ گئے ہیں

خان عبدالغفار خاں سے گاندھی جی کی ملاقات

ایک مسلم خاتون کو مرزائیوں کی تبلیغ

(نامہ نگار)

احراری لیڈر کی شاندار کامیابی

(نامہ نگار)

آئرلینڈ خود اپنی حفاظت کرے گا

ڈبلن ۱۸ مئی۔ کل ڈیل میں ایک سوال کا جواب دیتے ہوئے مسٹر ڈی ویلرا نے کہا کہ برطانیہ پر حملہ کرنے کے لئے کوئی بھی فری اسٹیٹ کی حدود کو ذریعہ جنگ نہیں بنا سکے گا ...

حادثہ کراچی کے سلسلہ میں کوئی ملاقات نہیں ہو سکتی

لندن ۱۸ مئی۔ انڈیا ڈیفنس لیگ (انجمن حمایت تحفظ ہند) نے اپنے نمائندوں کا ایک وفد وزیر ہند کے پاس بھیجنے کا ارادہ کیا تھا۔ چنانچہ ہر ہوئیر ۔۔۔ کے لئے درخواست کی گئی۔ مسٹر بٹلر نے جواب دیا ہے کہ کراچی کے حادثہ کے متعلق وہ کسی وفد سے ملاقات بالکل نہیں کر سکتے۔

سونے کی ڈلیاں کوڑیوں کے مول

طاقت وہ طاقت جس سے بوڑھے جوان قابل فخر نوجوان بن جاتے ہیں صرف حب زرین (رجسٹرڈ) ہی کے ذریعہ حاصل ہو سکتی ہے جس کے استعمال سے قوت کا لازوال خزانہ حاصل ہو سکتا ہے۔

مکمل خوراک (بیس گولیاں) صرف دو روپیہ آٹھ آنہ (عہ/۲) ہے

دواخانہ کنز المجربات (رجسٹرڈ) کوچہ چیلان گلی راجان دہلی سے طلب کریں

جوائنٹ پارلیمنٹری کمیٹی کی رپورٹ
اردو میں

مشترکہ پارلیمنٹری کمیٹی کی رپورٹ کا اردو ترجمہ شائع ہو گیا ہے اور ہم نے الجمعیۃ بک ایجنسی کے لئے اس کے نسخے برائے فروخت حاصل کر لئے ہیں جو حضرات آئندہ دستور اساسی کے متعلق برطانوی مدبرین کا نقطہ نگاہ معلوم کرنا چاہیں اور اردو زبان میں تمام آئینی مسائل پر مفصل بحث پڑھنے کے خواہشمند ہوں وہ فوراً ہم سے رپورٹ کا ایک نسخہ طلب فرمائیں یہ کتاب ۴۰۰ صفحات کی ہے اور اس کی قیمت فی جلد ایک روپیہ (عہ/۱) ہے محصولڈاک ۔۔۔ مزید ہو گا فرمائشیں جلد موصول ہونی چاہئیں۔

منیجر الجمعیۃ بک ایجنسی گلی قاسم جان دہلی

اسلامیہ ہائی اسکول اٹاوہ
(عنقریب کالج ہونے والا ہے)

ہندوستان کے ہر حصہ کے مسلمان طلبہ کیلئے بہترین درسگاہ

ہیڈ ماسٹر اسلامیہ ہائی اسکول اٹاوہ

جوہر امساک

مولانا آزاد سبحانی کی پر مغز تقریر
بلاد مقدسہ کے مشاہدات

۱۳ مئی کل لنگڑے حافظ صاحب کی مسجد میں بعد نماز عشاء مسلمانان بنارس کا ایک عظیم اجتماع الحاج حضرت مولانا آزاد سبحانی صاحب مدظلہ کی مراجعت سفر بیت اللہ کے سلسلہ میں ہوا جس کی صدارت جناب مرزا اصغر حسین صاحب ... نے کی ...

تبلیغ کانفرنس قادیان

اشتراکی کتابوں کی ضبطی

کلکتہ ۔۔۔ مئی۔ کلکتہ گزٹ کی آج کی اشاعت میں ایک سرکاری اعلان مظہر ہے کہ مندرجہ ذیل کمیونسٹ کتابوں کو ضبط شدہ قرار دیا گیا ہے ...

اخبار الجمعیۃ میں اشتہار دیکر اپنی تجارت کو فروغ دیجئے

قارئین الجمعیۃ کے خیالات

مجالس مقننہ میں فرض شناس ممبروں کا انتخاب
نیا سیاسی دور اور مسلمانان بہار کا فرض

نیا سیاسی دور جلد شروع ہونے والا ہے۔ اس دور جدید میں ہر صوبہ اپنے انتظامات میں مرکزی حکومت کا محتاج نہیں رکھا گیا ہے۔ مقامی مجالس قانون ساز کے اختیارات بہت وسیع کر دیئے گئے ہیں ...

فہرست رائے دہندگان اور مسلمان
مجلس احرار اسلام کا طرز عمل

اٹلی کے ڈکٹیٹر کی طرف سے جرمنی کے ڈکٹیٹر کو جواب
سائنیور مسولینی کی تقریر

روم ۲۶ مئی۔ جینیو میں تقریر کرتے ہوئے سائنیور مسولینی نے فرمایا ...

لیگ کونسل میں اٹلی و حبش کا تنازعہ

خضاب چھوڑ دو

پتہ: بال کالا اسٹورس پوسٹ بکس ۔۔۔ سری دور بھنگہ

ایک فقیر کا عطیہ
مایوس العلاج مریضوں کیلئے آب حیات

رسالہ
اٹھتی ہوئی جوانی بالکل مفت

پتہ: وید شاستری جام نگر کاٹھیاواڑ

نگارستان کشمیر

ملنے کا پتہ: مکتبہ شرقیہ سوئیوالان۔ دہلی

دولت پیدا کرنے کا راز

کلکتہ ٹریڈ مارک کمپنی رجسٹرڈ نمبر ۸ فتحپوری چاندنی چوک دہلی

میلاد النبی صلعم کی خوشی میں خاص رعایتی اعلان
سوداگران و دیگر عام شائقین کٹ پیس کیلئے نادر موقع

یکم جون سے ۱۵ جون ۱۹۳۵ء تک کیلئے

THE FIT COAT CO. KARACHI

ہمدرد دواخانہ یونانی دہلی

ہمدرد دواخانہ یونانی دہلی

یداللہ علی الجماعۃ

تار کا پتہ: الجمعیۃ دہلی

رجسٹرڈ نمبر ایل ۱۷۹۳

الجمعیۃ دہلی

سہ روزہ

مدیر مسئول: ہلال احمد زبیری (بی اے) معاون: محمد عثمان فارقلیط

جلد ۲۱ | دہلی یوم یکشنبہ ۷ ربیع الاول ۱۳۵۴ ہجری مطابق ۹ جون ۱۹۳۵ء | نمبر ۴۰

تذکار ولادت نبوی صلی اللہ علیہ وسلم

رسول کمال کا ظہور قدسی اور تکمیل شریعت

داعی الی اللہ کی سیرۃ و دعوت

معاصرین کے افکار و آراء

احساس مرض

سیاسی بیداری اور کونسلیں

عیسائی اسکول اور مسلم لڑکیاں

شانِ جمال

ممکن نہیں کہ فیض جنوں رایگاں رہے
توفیق دے کہ پیش کروں غم کو اس طرح
فصل بہار غم تجھیں تصوّر کی ساعتیں
ہے تنگ دل پہ وسعت دنیا ترے بغیر
شام اُنکی اک ادا ہے سحر اُن کا ایک نور
سجدے میں مدعائے نمائش میں بار بار
بخشا ہے مجھ کو اُن کی نظر نے زہے کرم
بے واسطہ نظارہ شانِ جمال کر

یہ بھی تو اک نشاں ہے کہ ہم بے نشاں رہے
دنیا کو میرے غم پہ خوشی کا گماں رہے
وہ بھی ہمارے ساتھ رہے ہم جہاں رہے
آخر یہ نامراد محبت کہاں رہے
یعنی کہ وہ عیاں نہ ہوئے اور عیاں رہے
یا اک نشہ ہے جس کا جبیں پر نشاں رہے
وہ ہوش جس پہ بے خبری کا گماں رہے
یہ بھی ہے اک خطا کہ نظر درمیاں رہے

شوق سخن فضول ہے شاہد بغیر عشق
دل میں کوئی خلش ہو تو منہ میں زباں رہے

(جناب شاہد صدیقی اکبرآبادی)

بیناباز ار کے بعد

والیان ریاست کی دلجوئی

Regd No. L 1793.

The Aljamiat

Vol. XX No. 39. DELHI. WEDNEDAY. 5th JUNE, 1935. PRICE ONE ANNA

نورانی قرآن مجید

نہایت عمدہ جلی اور نہایت صحیح قرآن شریف اگر درکار ہو تو نورانی قرآن مجید الجمعیۃ بک ایجنسی دہلی سے طلب فرمائیے قیمت مجلد ...

پادری کی لڑکی کا قبول اسلام

قیمت فی جلد ... علاوہ محصول ڈاک

منیجر الجمعیۃ دہلی

ماتمی جلسہ

دہلی میں زنانہ درسگاہ کی بنیاد

مدرسہ مظہر العلوم کرتپور ضلع بجنور

مشرقی امتحانات میں عربی طلبا کی کامیابی

(۱) سید عبدالحکیم میسوری ۔ افضل العلماء فائنل
(۲) سی عبدالقادر مالاباری
(۳) عبدالحلیم بیارم پٹی ۔ افضل العلماء پریمنری
(۴) ابوالحسن
...

دو مرزائیوں کا قبول اسلام

مجلس احرار اسلام کو اطلاع

جامعہ حسینیہ راندیر میں جلسہ عام

تقریر سیرت کے متعلق معزز اخبارات و رسائل کی رائیں

رسالہ معارف کا تبصرہ

پادری کی لڑکی

رسالہ جامعہ کی تنقید

اخبار خلافت کی رائے

تقریر سیرت

حضرت سحبان الہند مولانا الحاج حافظ احمد سعید صاحب ناظم جمعیۃ علمائے ہند کی تقریر ...

پوری کتاب ... صفحات پر مشتمل ہے اور نہایت بہتر کتابت و طباعت کے ساتھ شائع کی گئی ہے ...

ملنے کا پتہ: منیجر اخبار الجمعیۃ گلی قاسم جان دہلی

معجز نما قرآن مجید

منیجر اخبار الجمعیۃ دہلی

حمائل شریف مترجم

ملنے کا پتہ: منیجر اخبار الجمعیۃ گلی قاسم جان دہلی

تبلیغ کانفرنس سہارنپور کا ہمہ گیر و بصیرت افروز خطبۂ صدارت

از

حضرت مولانا فخر الدین صاحب صدر جمعیۃ علماء صوبہ متحدہ و صدر اجلاس

(گزشتہ سے پیوستہ)

حیرت انگیز انقلاب

حاضرین کرام! آپکو تعجب ہوگا کہ اتنی تھوڑی مدت میں یہ انقلاب عظیم کیسے ہوگیا۔ لیکن جب آپ حدیث مبارک الفتیاں علی دین ملوکہم کے فلسفہ کو پیش نظر رکھیں گے تو یقیناً استعجاب و حیرت کی کشمکش سے نجات مل جائیگی۔

غیرت و تاسف

معزز حاضرین! اس طبقہ کی عام حالت بیان کرتے ہوئے غیرت اور تاسف کا ہیجان میرے دل اور دماغ پر غلبہ کر لیتا ہے۔

تعلیم

مرزائیت کا آغاز

تذکار ولادت نبوی صلی اللہ علیہ وسلم

(بسلسلہ صفحہ اول)

اصح الکتب بعد کتاب اللہ صحیح بخاری

سب سے پہلا انگریزی ترجمہ

الحاج مولانا محمد اسد صاحب سابق لیوپولڈ وائس (نومسلم آسٹرین) کی طرف سے مندرجہ ذیل مضمون بغرض اشاعت موصول ہوا ہے:۔

مسلمانوں کے لئے یہ فیصلہ کرنے کا وقت آگیا ہے کہ انہیں اپنی تمدنی ترقی کے لئے کونسا راہ اختیار کرنا چاہئے۔ ہر شخص جسے خدا نے دیدۂ بینا عطا کیا ہے جانتا ہے کہ اسلام جو کسی زمانہ میں ایک ہمہ گیر روحانی قوت کا نام تھا آج ان نوجوانوں کو اپنے قابو میں نہیں رکھ سکتا جنہوں نے مغربی طریقوں پر تعلیم پائی ہے۔

میں نے کسی مقام پر بیجا ذو اختصار سے کام نہیں لیا۔ اور یہ سعی کی ہے کہ ترجمہ حتی المقدور بالکل صحیح اور اصل سے پوری پوری طرح مطابقت رکھتا ہو۔ میں نے ترجمہ کے ساتھ مکمل عربی عبارت بھی دے دی ہے۔ تاکہ قارئین اصل سے ترجمہ کا مقابلہ کر سکیں۔ رسالہ کے ساتھ تشریحی حواشی بھی ہیں۔ جو لوگ آنحضرت صلعم کے تاریخی اور تمدنی حالات سے پوری طرح واقف نہیں ان کے لئے یہ حواشی مفید ثابت ہوں گے۔

سب سے پہلا ترجمہ

SRINAGAR (KASHMIR)

The ARAFAT PUBLICATIONS

مجالس ہائے میلاد

علم و عمل کا فرق

کوئٹہ کا زلزلہ اپنی ہلاکت اور تباہی کے اعتبار سے بہار کے زلزلہ سے بڑھ گیا

پارسیوں کی نو آبادی ہمیشہ کے لئے خاک میں مل گئی

دہلی میں کوئٹہ کے پناہ گزینوں کی ٹرین

دہلی اور لاہور اسٹیشنوں پر دردناک منظر

دہلی ۷ رجون۔ آج شام جب ۲۰۵ ڈاؤن این۔ ڈبلیو۔ آر ٹرین کوئٹہ کے ...

ہندوستان کے مختلف مقامات سے کوئٹہ کو امداد بھیجنے کے واسطے ہوائی جہازوں سے کام لیا جارہا ہے۔ ایک ہوائی جہاز کے ذریعہ نرسیں اور کھانے پینے کا بہت سا سامان بھیجا گیا۔

ہلاک شدگان کی صحیح تعداد کا اندازہ لگانا ابھی ناممکن ہے۔

مالک بھی اپنی چیز کو نہیں اٹھا سکتا

قلات میں ۱۳۰ اموات

تازہ زلزلہ

سربرآوردہ حضرات کی ہلاکت

وائسرائے کے نام صدر جمعیۃ علماء ہند کا تار

دہلی ۵ رجون۔ کل حضرت علامہ مفتی محمد کفایت اللہ صاحب صدر جمعیۃ علماء ہند نے ذیل کا تار وائسرائے ہند اور کمشنر بلوچستان کے نام ارسال کیا ہے:۔

"اس خبر سے ہندوستان کے مسلمانوں میں سخت ہیجان پیدا ہوگیا ہے کہ کوئٹہ میں مسلمانوں کی لاشیں جلائی جارہی ہیں براہ کرم اس کارروائی کو جو مذہب کے خلاف ہے فوراً رکوا دیجئے۔"

(علامہ مفتی) محمد کفایت اللہ صدر جمعیۃ علماء ہند دہلی

کوئٹہ میں پارسیوں کا نام و نشان تک مٹ گیا ہے۔ ان کی نوآبادی خاک میں مل گئی ہے۔

وزیر ہند کا بیان

گورنر پنجاب کا بیان

کوئٹہ اور اس کے گرد و نواح کے باشندگان پر زلزلہ سے جو مصیبت نازل ہوئی ہے اس کا پنجاب پر گہرا اثر پڑا ہے کیونکہ وہاں کے باشندگان میں بہت سے پنجابی شامل تھے۔

لہذا حکومت پنجاب نے وائسرائے کے ریلیف فنڈ میں ایک لاکھ روپے دینے کا فیصلہ کیا ہے۔ ہز ایکسیلنسی نے اس رقم کو حکومت پنجاب کو ہی دے دیا ہے۔ تاکہ پناہ گزینوں کی فوری امداد کی جائے۔

حکومت پنجاب نے میڈیکل ریلیف کا بھی انتظام کیا ہے۔

۶ ہفتوں میں ۵ زلزلے

گزشتہ چھ ہفتوں کے اندر دنیا کے مختلف حصوں میں ۵ دفعہ زلزلہ آیا ہے جن کی تفصیل حسب ذیل ہے:۔

(۱) ۲۱ اپریل کو جاپان کے جزیرہ فارموسا میں زلزلہ آیا جس میں تین ہزار آدمی ہلاک اور ۱۲ ہزار زخمی ہوئے اور بہت سے مکانات گر پڑے۔

(۲) مئی کے پہلے ہفتہ میں ترکی میں زلزلہ آیا ...

لاشوں کی کھدائی

امرت دھارا لاہور کی تیار کردہ

چند ادویات متعلقہ امراض ... ناک ۔ کان ۔ آنکھ!

دت نسوار (لاثانی بےنظیر)	ہر دل عزیز	منجن ۳		منجن ۱
اس نسوار سے درد شقیقہ ... قیمت ایک روپیہ	جن لوگوں کے منہ سے بدبو آتی ہو ... قیمت ...	... قیمت ۴ر نمونہ ار		دانتوں کی امراض ... قیمت چار آنے

کالا کیورا	کرن تیل		منجن ۲
... قیمت ...	کان کی امراض ۔ درد، پیپ، زخم کانوں کی شائیں شائیں نیز کمی سماعت کو نافع ہے قیمت ایک روپیہ نمونہ ۴ر		... قیمت آٹھ آنے

ایک تازہ رائے

نوٹ! کارخانہ کی دیگر چار سو ادویات ...

خط و کتابت تار کا پتہ: امرت دھارا لاہور

ہمارے ایجنٹ ... لال کھاری رام کھاری باؤلی اسٹریٹ دہلی

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم

الجمعیۃ دہلی

یوم پنجشنبہ ۷ ربیع الاول ۱۳۵۴ھ ہجری

مصیبت زدگان کی امداد

جیسا کہ ہم نے گزشتہ اشاعت میں اظہار خیال کیا تھا جوں جوں وقت گذرتا جاتا ہے کوئٹہ کے زلزلے کی تفصیلات اور زیادہ خوفناک و دردناک ہوتی جا رہی ہیں تازہ ترین اطلاعات کے مطابق ہلاک شدگان کی تعداد ساٹھ ہزار تک پہنچ چکی ہے اور یہ تعداد اس صورت میں بتائی جاتی ہے جبکہ ملبے کے نیچے سے دس ہزار آدمی زندہ بھی نکالے جا چکے ہیں۔ زلزلہ کا رقبہ جو پہلے چالیس میل بتایا جاتا تھا اب ساٹھ میل کہا جاتا ہے۔ جو لوگ باہر سے جانا چاہتے ہیں ان کو جانے کی اجازت نہیں ہے اور جو وہاں باقی بچے ہیں انہیں پنجاب، صوبہ سرحد، سندھ اور یوپی کے بعض اضلاع میں ان کی خواہش کے مطابق پہنچایا جا رہا ہے۔ مجروحین و مصیبت زدگان کی ایک گاڑی دہلی سے بھی گزر چکی ہے۔ اور یہ لوگ جو حالات بیان کرتے ہیں ان کو سن کر کلیجہ منہ کو آتا ہے۔ ایک دو نہیں ایسی بے شمار مثالیں ہیں کہ ہزاروں اور لاکھوں روپیہ نقد رکھنے والے رئیس و تاجر آج نان شبینہ کو محتاج ہیں۔ اور ان کا سب کچھ تباہ ہو چکا ہے۔ باہر کے بہت سے خاندان جو کوئٹہ میں اپنے کاروبار کی وجہ سے جا بسے تھے ایسے تباہ ہوئے ہیں کہ ان کا ایک فرد بھی اپنی داستان غم سنانے کے لئے باقی نہیں بچا ہے اور ان کے اعزا و اقارب سخت پریشانی کی حالت میں ان کا حال لوگوں سے دریافت کر رہے ہیں۔ ...

[illegible]

... کی ہے اور تعلقات مل جانے پر مولانا ابوالمحاسن صاحب زلزلے کے علاقہ میں سفر کر سکیں گے۔ بہرحال مولانا کا وہاں پہنچ جانا ہی بہت سی صحیح معلومات کو مہیا کرنے اور جمعیۃ کے لئے آیندہ کے متعلق مفید تجاویز پر غور کرنے کا ذریعہ بن سکے گا۔ جو مصیبت زدہ اس وقت ملتان یا کراچی میں آئے ہوئے پڑے ہیں ان کی امداد تو بہرحال کی جا رہی ہے اور اس کا تعلق اس خاص علاقہ سے نہیں ہے جہاں زلزلہ آیا ہے۔ اس لئے تمام حضرات کو جو اس وقت ضرورت کا احساس رکھتے ہیں اور جن کے قلب میں مصیبت زدگان کے ساتھ ہمدردی کے جذبات موجود ہیں فوراً امداد کرنی چاہیے۔

شذرات

اخبار وحدت کی دریدہ دہنی

جہاں تک کہ دارالعلوم دیوبند کے اندرونی معاملات کا تعلق ہے ہم الجمعیۃ کے کالموں میں کوئی مستقل بحث چھیڑنا نہیں چاہتے کیونکہ ہمیں معلوم ہے کہ اس سلسلہ میں دارالعلوم کے ارباب حل و عقد جو کچھ کر رہے ہیں وہ پوری سنجیدگی اور غور و تحقیق کے بعد کر رہے ہیں ... [illegible]

... نگارش اور دیانت و صداقت کے خلاف رکیک و مبتذل حملوں کو کسی طرح بھی گوارا نہیں کیا جا سکتا۔ حضرت مولانا حسین احمد صاحب مدنی کی ذات گرامی کو تمام ہندوستان میں جو عزت و احترام حاصل ہے اسے تمام دنیا جانتی ہے اور حضرت مولانا کی خدمات اور ان کی طبیعت سے بھی تمام متوسلین دارالعلوم اچھی طرح واقف ہیں۔ کون نہیں جانتا کہ حضرت جانشین شیخ الہند رحمۃ اللہ علیہ کی ہستی ہمیشہ پارٹی بندیوں سے بالاتر رہی ہے اور آپ کے سامنے سوائے ملت اسلامیہ کے مفاد اور دارالعلوم کی ترقی کے اور کچھ نہیں ہے ... [illegible] ... ہم وحدت کے مالک و ایڈیٹر صاحب کو یہ بتا دینا چاہتے ہیں کہ اگر وہ اپنی دنائت طبع سے باز نہیں آ سکتے اور یہ عادت ان کی طبیعت ثانیہ بن گئی ہو تو وہ اس کے لئے کوئی اور موقع و محل تلاش کریں ... [illegible]

کانگریس اور سوشلسٹ

بابو راجندر پرشاد صدر کانگریس نے اس جماعت کو متنبہ کر کے جو کانگریس کے اندر رہتے ہوئے اس کی قوت کو کمزور کر رہی ہے جو کچھ کہا وہ بالکل صحیح تھا اور ہمیں کوئی شبہ نہیں ہے کہ اگر کانگریس کے اشتراکی اسی طرح اپنا پروپیگنڈا کرتے رہے تو ان لوگوں کے لئے کام کرنا قطعاً ناممکن ہو جائے گا جو اس وقت کانگریس کی عنان قیادت کو سنبھالے ہوئے ہیں ... [illegible]

... اس لئے ہم امید کرتے ہیں کہ وہ سوشلسٹ جو کانگریسی ہونے کا دم بھی بھرتے رہیں صدر کانگریس کی اپیل کے بعد اپنے طرز عمل پر دوبارہ غور کریں گے اور اس قسم کے پروپیگنڈا سے باز آ جائیں گے جو کسی طرح بھی نتیجہ خیز نہیں ہو سکتا۔

کوئٹہ میں مسلمانوں کی لاشیں

کوئٹہ کی خبروں میں یہ خبر خصوصیت کے ساتھ بہت زیادہ تکلیف دہ تھی کہ وہاں لاشیں ہزاروں کی تعداد میں جلائی جا رہی ہیں۔ چونکہ اس شہر میں ہندو مسلمان کی کوئی تخصیص نہیں تھی اور وہاں کے حالات سے یہی سمجھا جا سکتا تھا کہ بلا امتیاز مذہب و ملت اس قسم کی کارروائی ہو رہی ہے ... [illegible]

... شبہ نہیں کہ اسلامی تعلیمات کے مطابق کسی مسلمان کی لاش کا جلایا جانا قطعاً ناجائز بلکہ حرام ہے ... [illegible] ... پیدا ہو جائے۔

ایک فحش اور دلآزار کتاب

جناب محمد یسین صاحب قادری نے اپنے ایک مراسلہ میں ہماری توجہ ایک ایسی کتاب کی طرف مبذول کرائی ہے جو نہ صرف اپنے فحش لٹریچر کی وجہ سے قابل اعتراض ہے بلکہ ان حملوں کی وجہ سے بھی سخت اشتعال انگیز ہے جو مسلمانوں کے اکابر و اسلاف اور ناموس شاہان اسلام کے خلاف کئے گئے ہیں ... [illegible] ... دلآزار کتاب کی اشاعت فوراً بند کر دی جائے گی۔

حوادث و احکام

استفتاء

کیا فرماتے ہیں علمائے دین و مفتیان شرع متین اس مسئلہ میں کہ ایک عیدگاہ ... [illegible]

الجواب

دو عیدگاہیں چھوٹی سی بستی میں بنانا اچھا نہیں سب کو ایک ہی عیدگاہ میں نماز عید ادا کرنا چاہیے ... [illegible]

محمد کفایت اللہ کان اللہ لہ، دہلی

استفتاء

[illegible]

الجواب

[illegible]

محمد کفایت اللہ کان اللہ لہ

استفتاء

کیا فرماتے ہیں علمائے دین و مفتیان شرع متین اس مسئلہ میں کہ زید ... [illegible]

الجواب

زید کی غلطی ہے اس کو امام سے معافی مانگنا اور صفائی کر لینی چاہیے ... [illegible]

محمد کفایت اللہ کان اللہ لہ، دہلی

استفتاء

کیا فرماتے ہیں علمائے دین و مفتیان شرع متین اس مسئلہ کے بارے میں کہ تاش، چوسر، شطرنج بازی کھیلنا شرع شریف کے مطابق جائز ہیں یا ناجائز ... [illegible]

الجواب

تاش، چوسر، شطرنج لہو و لعب کے طور پر کھیلنا مکروہ تحریمی ہے ... [illegible]

استفتاء

[illegible]

الجواب

[illegible]

نمائندہ جمعیۃ علماء ہند پر پابندی

کوئٹہ کی لائن پر سفر کی ممانعت

حضرت مولانا احمد سعید صاحب کا تار وائسرائے کے نام

مولوی عبدالاول صاحب دفتر جمعیۃ علمائے ہند دہلی سے مطلع فرماتے ہیں کہ:

مولانا ابوالمحاسن محمد سجاد صاحب نائب امیر شریعت صوبہ بہار جو جمعیۃ علماء ہند کی جانب سے زلزلہ زدگان کی تحقیقات کے لئے کوئٹہ تشریف لے گئے تھے روہڑی اسٹیشن پر روک دیئے گئے ہیں۔ روہڑی کی اطلاعات سے معلوم ہوتا ہے کہ مولانا ابوالمحاسن صاحب کو پولیس کی جانب سے اس قسم کا حکم دیا گیا ہے کہ تم کوئٹہ نہیں جا سکتے اگر تم نے کوئٹہ کی لائن پر سفر کیا تو تم گرفتار کر لئے جاؤ گے۔ اگر کوئٹہ جانا چاہتے ہو تو پہلے وائسرائے کی اجازت حاصل کرو۔

مولانا احمد سعید صاحب سکرٹری جمعیۃ علماء ہند نے وائسرائے کو تار دیا ہے۔ جس میں وائسرائے سے جمعیۃ علماء ہند کے نمائندگان کے لئے کوئٹہ جانے کی اجازت طلب کی ہے۔ مولانا محمد سجاد صاحب کو اطلاع دی گئی ہے کہ وہ کراچی چلے جائیں اور کراچی میں وائسرائے کے جواب کا انتظار کریں جو شملہ سے موصول ہونے کے بعد دفتر جمعیۃ علماء ہند سے کراچی بھیج دیا جائے گا۔

کوئٹہ میں چشمے پھوٹ نکلے جیل کے تمام قیدی ہلاک

لوٹ مار کرنے والے چالیس افراد کو گولی سے اڑا دیا گیا؟

لکھ پتی سیٹھ جس کے پاس نو پیسے بچے

لاہور ۸ جون۔ جو لوگ کوئٹہ سے آئے ہیں ان کی زبانی معلوم ہوا ہے کہ پرسوں رات کوئٹہ میں پہاڑی علاقہ کے ساٹھ پٹھان لوٹ مار کرنے کی غرض سے داخل ہو گئے۔ امپیریل بنک کے کھنڈروں کو کھود کر نقدی نکالنے کی کوشش کر رہے تھے۔ فوجی حکام کی جانب سے ان کو وہاں سے چلے جانے کا حکم دیا گیا مگر جب وہ نہ ہٹے تو رات کی تاریکی میں فوجی دستے کو فائر کرنے کا حکم دیا گیا جس سے تیس یا چالیس کے قریب پٹھان ہلاک ہو گئے۔

جیل کے تمام قیدی جن کی تعداد تقریباً ایک ہزار تھی ہلاک ہو گئے ہیں۔ ہوائی جہاز نے علاقہ پر پرواز کر کے دیکھا ہے کہ ضلع کے بہت سے دیہات تباہ ہو گئے ہیں۔ ہلاک شدگان کی تعداد کا اندازہ لگانا مشکل ہے۔

کہا جاتا ہے کہ کوئٹہ میں ایک اور قیامت بپا ہوئی۔ جس جگہ گڑھے پڑ گئے تھے وہاں سے چشمے پھوٹ نکلے اور شہر کے بہت سے حصے میں پانی ہی پانی ہو گیا۔ ایک اور شخص کا جو کوئٹہ سے آیا ہے بیان ہے کہ میں ایک سیٹھ تھا میری تجوری میں دو لاکھ روپیہ نقد تھا ... [illegible] ... باقی سب لقمۂ اجل ہو گئے۔

مسلم ہجوم سے پولیس کا تصادم

پچاس مجروح اور پچاس گرفتار

کلکتہ ۸ جون۔ مسلمانوں نے سیل باغان تھانہ سہرا میں ضلع ہگلی میں گو سوامی زمیندار کی زمین میں ایک مسجد کھڑی کر لی تھی۔ چنانچہ کل جب مسجد کو منہدم کیا جا رہا تھا تو مسلمانوں کا ایک ہجوم غیر مسجد کی حفاظت کے لئے جائے وقوعہ پر جمع ہو گیا اور مسلمانوں کے مجمع اور مسلح پولیس کے ایک دستہ میں لڑائی ہو گئی جس سے چالیس سے زائد مسلمان مجروح ہوئے۔ اطلاع موصول ہوتے ہی مقامی مسلمانوں کا روبہ نہایت مزاحمانہ ہوتا جا رہا ہے۔ مسٹر میکفرسن ڈسٹرکٹ مجسٹریٹ فوراً جنفسورہ سے مسلح پولیس کا ایک دستہ لے کر جائے وقوعہ پر پہنچے۔

جب مسلمانوں کے ہجوم نے جائے وقوعہ سے منتشر ہونے سے انکار کر دیا تو پہلے لاٹھی چارج کیا گیا جس سے چالیس سے زائد مسلمان مجروح ہوئے لیکن مسلمان پھر بھی یہاں سے منتشر نہ ہوئے اور ان کا رویہ تشدد آمیز ہو گیا جب کہ پولیس کو گولی چلانا پڑی جس سے ۷ آدمی مزید مجروح ہوئے۔

پچاس سے زائد اشخاص کو جن میں وہ مجروحین بھی شامل ہیں۔ خلاف قانون اجتماع میں شامل ہونے نیز بلوہ کے الزامات میں گرفتار کر لیا گیا ہے۔ صورت حالات اس وقت قابو میں ہے۔

دار الحکومت

رام پرتاپ کے مقدمہ قتل کی سماعت

پولیس کو دو ہزار روپے رشوت دینے کی کہانی

دہلی ۸ جون۔ آج پونے دس بجے صبح جناب مرزا عبدالرب ڈسٹرکٹ اینڈ سیشن جج کی عدالت میں عبدالستار، عبدالغفور اور روشن دین کے خلاف دہلی کے مشہور کمین فروش رام پرتاپ کے سنسنی خیز قتل کے مقدمہ کی سماعت شروع ہوئی تو کمرہ عدالت میں وزیٹروں کی کافی تعداد موجود تھی۔ استغاثہ کی جانب سے رائے بہادر ... نرائن اور ملزمان کی جانب سے خواجہ عبدالصمد، مسٹر شام سندر لال اور مرزا یوسف بیگ پیروکار تھے۔ ملزم عبدالستار حسب معمول اپنے انگریزی لباس میں مسکراتا آیا۔ فاضل جج نے ملزمان کو بیٹھنے کے لئے ایک بنچ دیا۔ پولیس کے وسیع انتظامات تھے اور مسلح کانسٹبل ملزمان کے گرد کھڑے تھے۔ شروع میں ملزمان کو فرد جرم پڑھ کر سنائی گئی جو ماتحت عدالت میں لگائی گئی ہے اور جس کا خلاصہ یہ ہے کہ ملزمان نے ۸ مارچ ۱۹۳۵ء کو گندے نالے کے پاس عبدالستار کی ورکشاپ میں آٹھ بجے صبح دیگر مفرور ملزمان مسمیان داؤد خان، سعید احمد مقتول گلاب چند ایڈووکیٹ کی امداد سے رام پرتاپ کو قتل کیا۔ جملہ ملزمان نے صحت جرم سے انکار کیا۔

مولانا سید عطاء اللہ شاہ بخاری کی تقریر

مصیبت زدگان زلزلہ سے اظہار ہمدردی

دہلی ۸ جون۔ کل شام کو ۸ بجے کمپنی باغ میں اہالیان دہلی کا ایک جلسہ کوئٹہ کے زلزلہ کے سلسلہ میں حضرت علامہ مفتی محمد کفایت اللہ صاحب صدر جمعیۃ علماء ہند کی صدارت میں منعقد ہوا جس میں مجاہد ملت مولانا سید عطاء اللہ شاہ بخاری، حضرت مولانا احمد سعید صاحب ناظم جمعیۃ علماء ہند نے تقریریں فرمائیں۔

مولانا عطاء اللہ شاہ بخاری نے کوئٹہ کے ہلاکت آفریں سانحہ اور قیامت خیز تباہیوں پر دلکش و دل گداز انداز میں روشنی ڈالی ... [illegible] ... مولانا احمد سعید صاحب ناظم جمعیۃ علماء ہند نے زلزلہ کے اسباب و علل پر مفصل تقریر کی۔ دوران جلسہ میں مصیبت زدگان کے لئے کچھ چندہ بھی ہوا اور اظہار ہمدردی کے بعد جلسہ برخاست ہوا۔

کوئٹہ میں عام ہلاکت

کمپنی باغ میں زبردست جلسہ

دہلی ۸ جون۔ آج شام کو ۸ بجے کمپنی باغ میں ایک عام جلسہ زیر سرپرستی جمعیۃ علماء ہند منعقد ہوگا جس میں مصیبت زدگان زلزلہ سے اظہار ہمدردی کیا جائے گا اور ان کی مالی اعانت کے لئے عام پبلک سے اپیل کی جائے گی ... [illegible]

> ## ناظم جمعیۃ علماء ہند کا تار
> ### وزیر اعظم پٹیالہ کے نام
> [illegible]

فرانس کی نئی حکومت بھی مستعفی ہو گئی

چار روز کی مختصر زندگی

پیرس ۸ جون۔ موسیو پیاکس فرانسیسی وزیر مالیات نے ہنگامی اختیارات کا جو بل فرانسیسی پارلیمنٹ میں پیش کیا تھا وہ ۲۰۲ آراء کے مقابلہ پر ۳۶۰ آراء سے مسترد ہو گیا جس کی وجہ سے موسیو بوئی سون کی حکومت جو صرف چار روز تک معرض وجود میں آئی تھی اور جس نے فرانس کی اقتصادی حالت درست کرنے اور کرنسی کو مضبوط کرنے کے لئے بلند بانگ دعوے کئے تھے۔ آج مستعفی ہو گئی ... [illegible]

مسٹر لیبرن صدر جمہوریہ اب نیا کابینہ وزارت مرتب کریں گے۔

> ### حضرت مولانا عبدالحلیم صاحب صدیقی دربھنگہ میں
> ناظرین کرام و متعلقین حضرات کو اطلاع دی جاتی ہے کہ حضرت مولانا مولوی عبدالحلیم صاحب صدیقی رکن عاملہ جمعیۃ علماء ہند آجکل دربھنگہ (بہار) میں قیام فرما ہیں ... [illegible] ... اس لئے جو حضرات موصوف سے خط و کتابت کرنا چاہیں وہ لکھنؤ کے بجائے ذیل کے پتہ پر کریں۔
> بخدمت حضرت مولانا عبدالحلیم صاحب صدیقی ... [illegible] ... محلہ قلعہ گھاٹ دربھنگہ (بہار)

ڈاکوؤں نے لڑکا واپس دیدیا

ڈیڑھ لاکھ روپے فدیہ دینا پڑا

لندن ۸ جون۔ جب فرش "بادشاہ" کے نو سالہ بیٹے جارج ویر ہاؤزر کو چند روز ہوئے قزاقوں نے سکول سے واپس آتے ہوئے گرفتار کر لیا تھا اور ایک لاکھ تیس ہزار روپیہ یعنی دو لاکھ ڈالر کی رقم بطور زرفدیہ کا مطالبہ کیا تھا ... [illegible] ... چنانچہ رقم وصول ہونے کے بعد قزاق لڑکے کو علی الصبح ایک پہاڑی سڑک پر چھوڑ گئے ... [illegible]

ایک موضع میں ہندو مسلم فساد

چالیس اشخاص مجروح ہو گئے

مدراس ۸ جون۔ ویلور کی ایک اطلاع مظہر ہے کہ گزشتہ جمعہ کی رات کو امبر کے مسلمانوں اور ہندوؤں میں زبردست فساد ہو گیا۔ بیان کیا جاتا ہے کہ فساد کشتی سے شروع ہوا ... [illegible]

کہا جاتا ہے کہ فساد میں ۴۰ افراد مجروح ہو گئے۔ پولیس اس کے متعلق تحقیقات کر رہی ہے۔ ابھی تک کوئی گرفتاری عمل میں نہیں آئی ہے۔

وزیر اعظم برطانیہ جلد سبکدوش ہو جائیں گے

مسٹر بالڈون کابینہ مرتب کریں گے

لندن ۸ جون۔ آیندہ جمعہ کو پارلیمنٹ کا اجلاس ونسٹن تائمز انگریزوں کے ایک تہوار کا نام ہے کے سلسلہ میں ملتوی ہو جائے گا اور تعطیلات شروع ہو جائیں گی ... [illegible] ... مسٹر بالڈون نئی کابینہ مرتب کریں گے ... [illegible]

ناگپور کے کارخانہ میں ہڑتال

ڈیڑھ ہزار مزدور بیکار

ناگپور ۸ جون۔ آج ایمپرس ملز سے ایک مل کے منتظمین نے ... [illegible] ... سے ۱۵۰۰ مزدور بیکار ہو گئے ہیں۔ ... [illegible]

جنوبی ہند میں خوفناک آتشزدگی

ڈیڑھ سو مکانات آگ کی نذر

[illegible]

ریاست کے ایڈیٹر کو ۹ ماہ کی سزا

بس وہی چیز تولی جاسکتی ہے جو اس ترازو کی حیثیت کے قابل ہے۔ آج بھی آپ ایسی صدہا چیزوں کو تسلیم کرتے ہیں جن کا کل تک کچھ یقین نہ تھا لیکن آج آپ اُن کا یقین کرنے پر مجبور ہیں اور بہت سی باتیں تو ایسی ہیں کہ آپ نے اُن کو دیکھا بھی نہیں۔ صرف اخبار میں پڑھا ہے لیکن آپ کو اُن باتوں پر ایسا ہی یقین ہے جیسا کہ آپ اپنی آنکھوں سے انہیں دیکھ چکے ہیں۔ اخبارات جن میں بیسیوں خبریں غلط بھی شائع ہوتی ہیں بلکہ بعض اخبارات تو غلط پروپگنڈے کی غرض سے جاری کئے جاتے ہیں اُن کی دی ہوئی خبر کا آپ کی نظر میں اتنا قائم ہے کہ اخبار کا لکھا پتھر کی لکیر ہے لیکن انبیاء علیہم الصلوٰۃ والسلام کے فرمان پر آپ کو اس قدر شکوک وشبہات ہیں کہ جن کا ازالہ ناممکن ہوگیا ہے۔

طریقہ استدلال

اس سلسلے میں اگرچہ بحث بہت طویل ہوسکتی ہے اور یہ بحث ہمیشہ سے ہوتی چلی آئی ہے۔ ایک زمانہ میں یونانی فلسفہ کا قصہ ...

عقل کی ترازو

میں تسلیم کرتا ہوں کہ عقل ایک ترازو ہے لیکن اس ترازو ... ہر قسم کے یا قوت، زمرد، ہیرے اور موتی کا وزن کیجئے وہ ہر چیز کا وزن آپ کو ٹھیک بتائے گا لیکن اگر آپ اس میں کوہ ہمالیہ کی ایک چٹان تولنے بیٹھ جائیں تو کیا آپ کامیاب ہو جائیں گے۔ صاحبو آپ عقل سے آشنائی تو کام لے سکتے ہیں جتنا وہ کام کرسکتی ہے۔ اگر آپ اُن چیزوں کو اپنی عقل سے جانچنے کی کوشش کریں گے جو آپ کی عقل سے بالاتر ہیں تو آپ کبھی کامیاب نہیں ہوسکیں گے۔

داخلہ آیورویدک یونانی طبی کالج دہلی

جو طلبہ اور طالبات یونانی اور آیورویدک کی بہترین طبی تعلیم حاصل کرنے کے خواہشمند ہوں اپنی درخواستیں ۱۵ جولائی ۱۹۳۷ء تک مسٹر پرنسپل کے پاس بھیج دینی چاہئیں اور طلباء کے لئے بورڈنگ ہاؤس میں رہنا لازمی کردیا گیا ہے۔ تعلیمی سال یکم اگست سے شروع ہوگا۔

پراسپکٹس وفارم داخلہ طلب کرنے پر بلاقیمت بھیجا جاتا ہے۔

المشتہر — حاجی محمد ظفر خاں آنریری پرنسپل

بسم اللہ الرحمن الرحیم

الجمعیۃ دہلی

مورخہ سہ شنبہ ۷ ربیع الثانی ۱۳۵۴ ہجری

"دفعہ ۲۹۹" کا مفہوم

بے معنی اضطراب اور بے نتیجہ ایجی ٹیشن

(۳)

صوبجاتی کونسلوں، فیڈرل اسمبلی اور کونسل آف اسٹیٹ کے اراکین کی تعداد و طریق انتخاب اور حق رائے دہی کے متعلق ضروری احکام ... میں تبدیلی کرنے کی تحریک کا ... حکومتوں اور مجالس کو ... دیا گیا ہے ... اس دفعہ کی رو سے ملک معظم کی حکومت پارلیمنٹ میں ہر وقت تبدیلی کے لئے تحریک کر سکے گی۔ ... دس سال بعد کی پابندی نہ ہوگی۔ ... پابندی کسی قوم سے خواہ وہ اکثریت میں ہو یا اقلیت میں ... پارلیمنٹ کی منظوری ... پارلیمنٹ ہی کا ہوگا۔

کتاب الآئین میں داخل نہیں کر سکتی۔ اس لئے تحریک ملک معظم یا مجالس کونسل کی جانب سے براہ راست ہو اور خواہ ہندوستانی ذرائع سے ... نتیجہ یہی ہے کہ اگر حکومت نہیں چاہے گی تو جداگانہ انتخاب کبھی بھی ختم نہ ہوگا۔

خیال خام

ہم ان لوگوں سے جو صرف دفعہ ۲۹۹ سے اس قدر پریشان ہیں اور باقی دستور کو اپنے حقوق کے تحفظ کا ذمہ دار سمجھتے ہیں یہ دریافت کرنا چاہتے ہیں کہ بالفرض یہ دفعہ اڑا دی جائے تو کیا اس حالت میں دستور اساسی کے اندر آئندہ کوئی تبدیلی ایسی نہ ہو سکے گی جس کا اثر فرقہ وار انتخاب یا اراکین مجالس ... پر پڑتا ہو۔ ... معلوم ہونا چاہئے کہ بعض ان کا خیال خام ہے۔ دفعہ ۲۹۹ (۳۰۲) کو اگر بالکل اڑا دیا جائے اور اس طرح کی کوئی دفعہ گورنمنٹ آف انڈیا ایکٹ میں نہ ہو تو بھی جداگانہ انتخاب اور تعداد اراکین اور نظام کمیونل ایوارڈ بدلا جا سکتا ہے ... پارلیمنٹ کی منظوری حاصل کی جا سکے گی ...

حکومت اور اقلیتوں کا تحفظ

اب قدرتی طور پر سوال پیدا ہوتا ہے کہ جن لوگوں نے دفعہ ۲۹۹ (سابق ۳۰۲) کے خلاف ایجی ٹیشن شروع کیا ہے ان کا منشا کیا ہے ...

بنیادی حقوق

پارلیمنٹ کی مرضی

شذرات

ایبٹ آباد کی تباہی

پشاور کی آتشزدگی کے بعد اب ایبٹ آباد کی آتشزدگی کے متعلق نہایت پریشان کن اور متوحش خبریں موصول ہوئی ہیں۔ معلوم ہوا ہے کہ تین چوتھائی شہر جس میں ہندوستانیوں کی آبادی تھی جل کر خاک سیاہ ہو گیا جس کے باعث تقریباً پچاس لاکھ روپیہ کی مالیت کے نقصان کا اندازہ لگایا جاتا ہے۔ مرنے والوں کی تعداد کے متعلق کوئی ایسی اطلاع نہیں آئی جس سے یہ کہا جا سکے کہ جانی نقصان بہت زیادہ ہوا ہے مگر ہزاروں باشندے کا بے خانماں ہو جانا اور ان کی آنکھوں میں اپنی جائدادوں کو تباہ ہوتے ہوئے اپنی آنکھوں سے دیکھ لینا حقیقت میں ان کی زندگیوں کو موت سے بدتر بنا دینے والا حادثہ ہے۔ زلزلہ کوئٹہ کے بعد سے مسلسل ایسے حوادث درپیش آ رہے ہیں کہ انہیں آثار قیامت کہا جائے تو ہرگز بے جا نہ ہوگا ... سوبہ بلوچستان کے مصیبت زدگان کی امداد کا مسئلہ ابھی حل نہ ہوا تھا کہ صوبہ سرحد پر زبردست مصیبت کے پہاڑ ٹوٹ پڑے۔ پہلے پشاور کی آبادی کا ایک حصہ زمین کی برابر ہو گیا اور اس کے بعد ہی ایبٹ آباد کے شہر میں یہ قیامت صغریٰ آئی ... قدرت اپنے کارخانے کو خود ہی خوب سمجھتی ہے ...

مسلمان کی یہ تعریف تسلیم نہیں کی گئی ہے کہ "جو شخص اپنے آپ کو مسلمان کہے وہ مسلمان ہے" یہ تو ایک ایسی خطرناک تعریف ہے جس کے بعد مسلمان کا کوئی مفہوم باقی ہی نہیں رہتا۔ باوجود ہزاروں اختلافات اور مخالفتوں کے مسلمانان عالم کے تمام فرقوں اور طبقوں میں بعض مسائل ہمیشہ ایسے رہے ہیں جن کو سب نے تسلیم کیا ہے اور جو اسلام کی تعریف کے لازمی اجزا قرار پائے ہیں۔ ... نہیں کیا معاصر حقیقت کو اس قدر کمزور پوزیشن پر اصرار نہ کرنا چاہئے۔

شہید گنج کی مسجد

کئی دن سے برابر شہید گنج کی مسجد اور گوردوارہ کے متعلق لاہور سے ہیجان انگیز خبریں آ رہی ہیں۔ ہر روز پنجاب کے اخباروں میں جلی عنوانات کے ساتھ خطرناک صورت حالات کا اظہار کیا جا رہا ہے ...

معاصر حقیقت اور قادیانی

دنیائے اسلام کی ایک بہترین مذہبی درسگاہ

دارالعلوم دیوبند

(۲)

ایسا باقی نہیں ہے جہاں دیوبند کے تعلیم یافتہ طلبا نے اشاعت مذہب کے لئے مستقل سرچشمے جاری نہ کئے ہوں اور جہاں کی مسلم آبادی کے زبردست طبقہ کو دارالعلوم کی حیات و بقا کے ساتھ غیر معمولی دلچسپی ہو۔ ایک ایسے تعلیمی مرکز کو اس طرح کی بے اصولی و بے قاعدگی سے نقصان پہنچانا اور ہزاروں لاکھوں وابستگان دارالعلوم کو خلفشار میں مبتلا کر دینا کونسا تدبر اور کونسی مصلحت ہے اور اس سے آئندہ کے لئے کون سے فوائد سوچے گئے ہیں۔

اس وقت اگر تمام خیرخواہان ... مطالبہ کریں ...

حوادث و احکام

استفتاء

کیا فرماتے ہیں علمائے دین و مفتیان شرع متین اس بارہ میں کہ زید دو بیٹیاں رکھتا ہے۔ بڑی بالغہ اور چھوٹی نابالغہ ہے۔ بڑی کا عقد بکر سے مقرر ہوتا ہے۔ ... احباب کے آتا ہے۔ نکاح پڑھانے کے لئے قاضی صاحب دلہن کا نام دریافت کرتے ہیں تو زید بھولے سے چھوٹی لڑکی کا نام نکاح کے رجسٹر میں لکھوا دیتا ہے۔ اور دو گواہوں کے روبرو بڑی لڑکی یعنی دلہن سے نکاح پڑھا کر دینے کی قبولی حاصل کرتا ہے۔ لڑکی قبولی دیتی ہے۔ مجلس میں لڑکی کی قبولی سنائی جاتی ہے۔ قاضی صاحب خطبہ پڑھنے کے بعد نکاح کے صیغے دلہن کے باپ ... دولہا دلہن کو رخصت کرا لے جاتا ہے۔ ... بعد میں نکاح چھوٹی لڑکی کا نام لیا جانا معلوم ہوتا ہے ... ایسی حالت میں نکاح چھوٹی سے ثابت ہوتا ہے یا بڑی سے؟ ... تحریر فرمائیں۔

الجواب

نکاح اسی لڑکی کا ہوا جس کا نام عقد کے وقت لیا گیا اور رخصت بڑی لڑکی کی ہوئی بڑی سے خلوت و دخول واقع ہو گیا تو یہ دخول بالشبہ ہوا۔ اب خاوند کو لازم ہے کہ چھوٹی لڑکی کا نام لیکر اس کو طلاق دیدے اور بڑی لڑکی سے جو موطوءہ ہے نکاح کرے۔ نکاح ایجاب و قبول دو گواہوں کے سامنے کر لینے سے ہو جائے گا۔ چھوٹی لڑکی کی طلاق قبل الخلوۃ ہوگی۔ اس لئے کوئی عدت لازم نہ ہوگی۔

محمد کفایت اللہ کان اللہ لہ، دہلی

استفتاء

کیا فرماتے ہیں علمائے دین و مفتیان شرع متین بیچ اس مسئلہ کے کہ ایک شخص نے بلا نکاح ایک عورت کو خانہ داری رکھا اس کے بطن سے لڑکا پیدا ہوا۔ اب وہ لڑکا جوان قابل شادی ہے۔ آیا اس لڑکے کو لڑکی دینا جائز ہے یا نہیں؟ یعنی ایسی صورت میں ایسے لڑکے کے ساتھ لڑکی کا نکاح کر دینا درست ہے یا کیا؟

الجواب

ولد الزنا کے ساتھ لڑکی کا نکاح کر دینا جائز ہے۔ اگر وہ لڑکا نیک صالح ہو تو اس کو لڑکی دینے میں کوئی مضائقہ نہیں۔ یعنی اس کا ولد الزنا ہونا جواز نکاح سے مانع نہیں ہے۔

محمد کفایت اللہ کان اللہ لہ، دہلی

استفتاء

کیا فرماتے ہیں علمائے دین و مفتیان شرع متین اس مسئلہ میں کہ ایک شخص کسی ضرورت کی وجہ سے مذہب اسلام ترک کرتا ہے لیکن حقیقت میں اپنے اسلام کو ترک نہیں کیا ہے۔ صرف اپنی غرض کو حاصل کرنے کے لئے اس نے ایسا کیا اور اسلام کے ہر ارکان پر عمل پیرا ہے۔ کیا آپ فرما سکتے ہیں کہ اس شخص کی شرعاً کیا حیثیت ہے؟

الجواب

ترک اسلام اور ارتداد ... بلکہ جان کا خطرہ ہو جائز ہو جاتا ہے۔ اس کے علاوہ کسی ...

ایبٹ آباد کا شہر خوفناک آتشزدگی سے تباہ ہو گیا

ہزاروں آدمی بے خانماں ہو گئے

سینکڑوں مکانات گر گئے

آتشزدگی کے نقصانات کا معائنہ کرنے کیلئے گورنر کا دورہ

نتھیا گلی ۸ جولائی۔ ایبٹ آباد سے زبردست آتشزدگی کی اطلاع موصول ہوئی ہے۔ صدر بازار معہ ایک مسجد اور مندر کے جل گیا۔ آگ صبح سے لگی ہوئی ہے اور تار دیتے وقت تک قابو میں نہیں آئی ہے۔ چونکہ آگ کو قابو میں لانے کے کافی انتظامات نہیں ہیں۔ اس لئے تشویش اور بھی زیادہ ہے۔ انسپکٹر جنرل پولیس اور گورنر سرحد ایبٹ آباد کے لئے روانہ ہو گئے ہیں۔ اب تک تقریباً ایک ہزار مکانوں اور دکانوں کی تباہی ہو چکی ہے۔

دو فرلانگ کے حلقہ میں تمام ہندوستانی بازار جل چکا ہے نتھیا گلی سے تین میل کے فاصلے سے کالا باغ کنٹونمنٹ سے دھوئیں کے بادل بلند ہوتے نظر آتے ہیں۔ فی الحال نقصان کا پورا اندازہ نہیں کیا جا سکتا ہے۔ ... مالی نقصان تو بہت ہو چکا ہے مگر نقصان جان کے متعلق اطلاعات نہیں ہیں۔ صرف ایک مسلمان کے مرنے کی اطلاع ملی ہے ...

نتھیا گلی ۸ جولائی۔ صبح پانچ بجے ایبٹ آباد میں آگ لگی جو تیزی کے ساتھ کاٹھ کے مکانوں میں اس طرح پھیل گئی ہے جیسے بارود خانہ میں آگ پھیلتی ہے۔ ڈپٹی کمشنر اور سپرنٹنڈنٹ پولیس آگ بجھانے کے کام کا معائنہ کر رہے ہیں۔ گورنر صوبہ سرحد ۱۱ بجے پہنچ گئے اس وقت تک شعلے بلند تھے۔ ہوم ممبر بھی ایبٹ آباد کے لئے روانہ ہو گئے ہیں۔

پشاور کی آتشزدگی کے متعلق سرکاری بیانات

آگ کو کس طرح قابو میں لایا گیا

شملہ ۸ جولائی۔ پشاور میں جو آتشزدگی ۱۴ اور ۱۵ جون کی درمیانی شب میں ہوئی تھی اس کے متعلق حسب ذیل سرکاری بیان شائع ہوا ہے۔

اب وقت ۹ بجکر ۴۵ منٹ پر سینیئر سپرنٹنڈنٹ پولیس کو یہ اطلاع ہوئی کہ آگ لگ گئی ہے تو فوراً امدادی فوج کو بھیجا۔ ... آگ کو آگے بڑھنے سے روکنے کے لئے ... ۲۲ جون کو شام تک کام کرتے رہے اور بہت سی دیگر عمارتیں گرا دیں۔

مزید فوج کی طلبی

اسی اثنا میں عارضی ڈسٹرکٹ کمشنر نے اس رقبہ کا دورہ کیا اور ... بیجے تمام کو ۵۹ پنجاب رجمنٹ ۵ بلوچ رجمنٹ ... کرنل جی۔ ایف جی گرول ... آتشزدہ علاقہ کو گھیر لے اور آگ کو شہر میں پھیلنے نہ دے۔

تیز ہوا

اسی اثنا میں جنوب اور شمال مغرب سے تیز ہوا چلنے لگی ... گرفتن کے ہزار آدمیوں نے تمام رات آگ بجھائی۔

ہزاری باغ کے ہندو مسلمانوں کو نوٹس

لاٹھیاں رکھنے کی اجازت کیوں دی

ہزاری باغ ۸ جولائی۔ ... ہندوؤں اور چار مسلمانوں کے نام نوٹس جاری ہوئے ہیں جن میں ان سے مطالبہ کیا گیا ہے۔ کہ کیوں نہ ان کے خلاف مقدمہ چلایا جائے کیونکہ گذشتہ رام نومی اور محرم کے موقعہ پر حکم امتناعی کے باوجود انہوں نے اہل جلوس کو لاٹھیاں رکھنے کی کیوں اجازت دی۔ ہندوؤں میں ایک وکیل بھی شامل ہے۔

ضلع شیخوپورہ میں زبردست طوفان باد

مکانوں کی چھتیں اڑ گئیں

شیخوپورہ ۸ جولائی۔ پرسوں شام چوہڑکانہ، سانگلہ اور شیخوپورہ میں شدید آندھی آئی۔ سانگلہ اور چوہڑکانہ کے درمیان بہت سے ٹیلیگراف کے کھمبے اکھڑ گئے۔ کئی مکانوں کی چھتیں اڑ گئیں۔ ... زبردست طوفان کی وجہ سے چوہڑکانہ اور بابلوکے درمیان ٹیلیفون کا سلسلہ بھی کچھ عرصہ کے لئے منقطع رہا۔

کمیونل ایوارڈ میں تبدیلی کا امکان باقی ہے

کانفرنس لیڈروں کا بیان

پٹنہ ۸ جولائی۔ علامہ سر محمد اقبال، حاجی عبداللہ ہارون صدر مسلم کانفرنس، حاجی رحیم بخش، حسین سہروردی، ... اور مولانا شفیع داؤدی نے مسلم قائدین کے نام ایک اپیل شائع کی ہے ... تمام مسلمانوں کا فرض ہے کہ وہ اپنی انفرادیت کو قائم رکھنے کے لئے جد و جہد کریں۔

قائدین نے اعلان کیا ہے کہ ان تمام احتجاجی جلسوں کی قراردادیں وائسرائے اور وزیر ہند اور سر آغا خاں کو بھیجیں ... مولانا شفیع داؤدی کے نام باقی پور میں بھی بھیجنی چاہئیں۔

دہلی میں آتشزدگی

دہلی ۸ جولائی۔ گذشتہ شب ۲ بجے دہلی میں کئی جگہ آگ لگی ... فائر بریگیڈ ... آگ لگ گئی لیکن جلد فرو کر دی گئی ... معمولی نقصان ہوا۔

ڈپٹی انسپکٹر پولیس کو سزائے قید

رنگون ۲ جولائی۔ ایک سابق ڈپٹی انسپکٹر پولیس کو ... قید سخت کی سزا دی گئی ہے ... ۱۲ آنے غبن کرنے کا الزام تھا ... بھی ملزم ۸ ماہ قید بھگت چکا ہے۔

رنگپور میں زلزلہ کا معمولی سا جھٹکا

رنگپور ۸ جولائی۔ ... ۹ بجکر ۳ منٹ پر ... زلزلہ کا معمولی سا جھٹکا محسوس ہوا۔

پشاور میں زلزلہ

پشاور ۸ جولائی۔ صبح ... کے قریب زلزلہ کا ایک ہلکا جھٹکا محسوس ہوا ... لیکن خفیف صورت میں۔

مسجد شہید گنج کے سلسلہ میں لاہور کے اخبارات کی خبریں

مسلح سکھوں کا اجتماع اور اشتعال انگیز صورت حال

لاہور ۸ جولائی۔ مقتازعہ مسجد شہید گنج کے سلسلے میں سکھوں کے جتھے بیرون لاہور سے بدستور آ رہے ہیں۔ چنانچہ آج تقریباً پانچ جتھے اکالی سکھوں کے متعدد جتھے لاہور پہنچے۔ یہ لوگ حسب معمول کرپانوں وغیرہ سے مسلح ہیں۔ چند جتھوں نے آج شہر میں بھی اپنا مظاہرہ کیا اور نعرے وغیرہ لگائے۔ لیکن مسلمانوں کی طرف سے آج مطلق کسی قسم کا مظاہرہ نہیں کیا گیا۔ بعض موقعوں پر سکھوں کے مظاہرہ سے اشتعال پیدا ہونے کا قطعی احتمال تھا لیکن گذشتہ شب کے جلسے اور لیڈروں کی ہدایت کے مطابق مسلمانوں نے نہایت سکون اور تدبر سے کام لیا۔

پولیس کا انتظام

مسجد شہید گنج کے سامنے پولیس کا کافی انتظام ہے۔ بیرونجات سے بھی ریزرو پولیس کی متعدد گارڈیں لاہور پہنچ چکی ہیں ... اور اسم چوکیوں میں بھی پولیس کا غیر معمولی انتظام ہے ...

مسلم رضاکاروں کا انتظام

دوسرے دنوں کی نسبت آج مسلمانوں کا زیادہ اجتماع ہو گیا۔ ... مسجد شہید گنج کے سامنے ... انجمن تحفظ مسجد شہید گنج کے رضاکار ...

بزرگوں کی ہڈیاں

دوسری طرف گوردوارہ شہید گنج میں اکالی سکھوں کے جتھے کو ابھارنے کے لئے ہر ممکن کوشش کی جا رہی ہے۔ چنانچہ گوردوارہ شہید گنج میں جو مسجد شہید گنج سے ملحق ہے جھنڈے کے نیچے ایک بڑے شیشے کے کنٹر میں کچھ ہڈیاں رکھی ہیں جن کے متعلق یہ ظاہر کیا جاتا ہے۔ کہ یہ ہڈیاں ان کے شہید سکھ بزرگوں کی ہیں۔ ...

سکھوں کا کیمپ

تین سکھوں پر مشتمل ایک نوجی بینڈ بھی آج گوردوارہ میں آیا ہے۔ ... آج گوردوارہ شہید گنج میں سکھوں کا دیوان منعقد ہوا۔

امرتسر کے سکھوں کے دیوان کا فیصلہ

امرتسر ۸ جولائی۔ گذشتہ شب زیر اہتمام سری دربار صاحب کمیٹی سکھوں کا ایک جلسہ گورو کے باغ میں منعقد ہوا۔ جس میں سردار جسونت سنگھ جھبال اور سردار دلیپ سنگھ ... مسجد شہید گنج لاہور کے تنازعہ کے متعلق تقریریں کرتے ہوئے گوردوارہ کی تواریخ بیان کی ... اس کے بعد حسب ذیل قرارداد پاس کی گئی۔ "کچھ دنوں سے مسلمان گوردوارہ شہید گنج پر قبضہ کرنے کی کوشش کر رہے ہیں ... ہم پاس کرتا ہے گوردوارہ شہید گنج کے متعلق ... فیصلہ کرے۔"

اسلامیان لاہور کا عظیم الشان جلسہ

قائدین کی طرف سے مسلمانوں کو پرامن رہنے کی تلقین

لاہور ۸ جولائی۔ آج شام موچی دروازہ کے باہر مولانا ظفر علی خاں کی صدارت میں مسلمانان لاہور کا ایک عظیم الشان جلسہ منعقد ہوا ... سید حبیب نے بھی صاحب صدر کی تقریر کی تائید کرتے ہوئے مسلمانوں کو پرامن رہنے کی درخواست کی اور جلسہ رات کے ... بجے بخیر و خوبی ختم ہوا۔

آسٹریا میں شاہی خاندان کو واپس لانے کی کوشش

کابینہ حکومت کا جدید قانون

ویانا ۸ جولائی۔ آسٹریا کی کابینہ نے اس قانون کو منسوخ کرنے کا فیصلہ کیا ہے جس کے ماتحت ہیپسبرگ کے شاہی خاندان کو آسٹریا سے جلا وطن کیا گیا تھا ... ہیپسبرگ کے تخت کو حاصل کرنے کی غرض سے یہ ارادہ کر رہے ہیں ... اور ہیپسبرگ کی جاگیریں جو گورنمنٹ نے ۱۹۱۹ء میں ضبط کر لی تھیں ... ہو جائے گی۔

وائسرائے کا دورہ بلوچستان

خان قلات کی جانب سے استقبال

لاہور ۸ جولائی۔ وائسرائے معہ اپنی پارٹی کے کل صبح ... اسپیشل ٹرین کے ذریعہ لاہور پہنچے جہاں سے وہ بذریعہ موٹر مستونگ تشریف لے گئے۔ وہاں خان قلات نے ان کا پر تپاک استقبال کیا۔

ہز ایکسیلنسی وائسرائے نے ہندوؤں، مسلمانوں، سکھوں اور پارسیوں کو شرف ملاقات بخشا ... کیمپ کا معائنہ کیا۔

کانپور کی کوتوالی میں بم

کانسٹبل بچ گیا

کانپور ۸ جولائی۔ ... کوتوالی میں ایک کانسٹبل ... بم پھٹا ... ملزم کا ابھی تک کوئی پتہ نہیں چلا۔ تحقیقات جاری ہے۔

روزنامہ "تیج" سے تین ہزار کی ضمانت

دہلی ۸ جولائی۔ روزنامہ تیج کی ایک ہزار کی ضمانت حکومت نے ضبط کر لی تھی ... اب تین ہزار کی ضمانت طلب کی ہے۔

مزدوروں کے ایک اخبار سے طلبی ضمانت

کلکتہ ۸ جولائی۔ ... اخبار "مزدور دنیا" کے ایڈیٹر اور پبلشر سے ... ضمانت طلب کی گئی ہے ...

اٹلی اور حبش کے متعلق دول یورپ کے مشورے

پیرس میں اجتماع

لندن ۸ جولائی۔ رائٹر کو معلوم ہوا ہے کہ حبش اور اطالیہ کے تنازعہ سے جو نازک صورت حالات پیدا ہو گئی ہے وہ سردست پیرس منتقل ہو گئی ہے۔ جہاں حکومت برطانیہ حکومت فرانس سے مشورہ کر رہی ہے کہ انہیں جمعیت اقوام کے ممبر کی حیثیت سے اس معاملہ میں کیا پالیسی اختیار کرنا چاہئے۔

بظاہر ایسا معلوم ہوتا ہے کہ حکومت برطانیہ کی پالیسی یہ ہے کہ اسے اپنے فرائض کی ادائیگی سے گریز نہیں کرنا چاہئے۔ لیکن اس سے یہ توقع نہیں کی جا سکتی کہ اگر دیگر طاقتوں نے اپنا حصہ لینے سے انکار کر دیا تو وہ تنہا کل خطرہ کو برداشت کرے گی۔ سردست یہ یقین کرنے کی کوئی وجہ موجود نہیں ہے کہ انتقامی کارروائیوں کے لئے پیش قدمی برطانیہ کی جانب سے ہوگی۔

باوثوق طور پر معلوم ہوا ہے کہ برطانیہ چونکہ کل خطرہ کو تنہا برداشت کرنے کے لئے تیار نہیں ہے اس لئے وہ جنگ کو روکنے کے لئے اپنی تمام طاقت صرف کر رہی ہے۔ بہرحال یہ صاف ظاہر ہے کہ برطانیہ مختلف نوآبادیات سے مشورہ کئے بغیر کوئی کام نہیں کرے گا۔

یہ بھی معلوم ہوا ہے کہ اس مسئلہ پر سنجیدگی کے ساتھ غور کیا جا رہا ہے کہ اطالیہ اور حبش کی جنگ کا افریقہ کے دیگر حصص پر کیا اثر پڑے گا جہاں دیگر افریقی قبائل حالات کا بغور مشاہدہ کر رہے ہیں۔

مسلمانان حبش کیلئے خطرہ

ڈاکٹر خالد شیلڈرک کا بیان

شملہ ۸ جولائی۔ ایسٹرن اسلامک ایسوسی ایشن کے صدر ڈاکٹر خالد شیلڈرک نے جو اس وقت ہندوستان کا دورہ کر رہے ہیں مندرجہ ذیل بیان شائع کیا ہے ...

انڈیا بل امرائے برطانیہ کی مجلس میں

درجہ نوآبادیات کے لفظ سے پہلو تہی

لندن ۸ جولائی۔ ... دارالامرا میں انڈیا بل ... درجہ نوآبادیات ...

کیوبا کے ایک کروڑپتی کا اغوا

ہوانا (کیوبا) ۸ جولائی۔ کیوبا کے متمول ترین اشخاص میں ... کا اغوا ... ۵۰۰۰۰ پونڈ زر فدیہ طلب کیا ہے۔

ایران میں غیر ملکی اشیا کا بائیکاٹ

طہران۔ ایران کے مختلف شہروں میں ... غیر ملکی اشیا کا بائیکاٹ کر رہے ہیں۔

ایک بنگالی لڑکی کو سزائے قید

چٹاگانگ ۸ جولائی۔ ... ایک لڑکی کے پاس سے ... ریوالور برآمد ہوا ... قید کی سزا دی گئی۔

کامریڈ شوکت عثمانی کی رہائی

آگرہ ۳ جولائی۔ میرٹھ سازش کیس کے ... کامریڈ شوکت عثمانی ... رہا ہو گئے ...

قارئین الجمعیۃ کے خیالات

اعانت مجروحین زلزلہ بلوچستان
دار العلوم دیوبند کے طلباء کا ایثار

قصبہ پوری ضلع بھاگلپور میں
قادیانیوں کی فتنہ پروری

حق پسند ہندوؤں کی گاندھی ... ایک ضروری سوال

میونسپل کمیٹی پلول

شیر مارکہ کتابت کی سیاہی

SHER LITHO INK

ASHER & Co.

نگارستان کشمیر

فرانسیسی کوک شاستر

اٹھتی ہوئی جوانی بالکل مفت

بمبئی کے چند مسلم نوجوانوں کی اولوالعزمی

پلکھوہ میں بعض شریر ہندؤں کی حرکات
ایک نو مسلم کو ورغلانے کی کوشش

پانچ سو روپیہ ماہوار (۵۰۰)

MAUNEHAL

The Best Tonic for Children

نونہال

ہمدرد دواخانہ یونانی دہلی

شربت فولاد

SHERBET-FAULAD

ولادت مسیح کے متعلق ایک علمی بحث
عقل و نقل کی روشنی میں

(مولانا قاضی انوار الحق صاحب مفتی ریاست مانگرول کے قلم سے خاص الجمعیۃ کیلئے)

(۴)

اب دونوں سورتوں کے معانی سمجھ چکنے کے بعد غور فرمانے سے مندرجہ ذیل امور واضح ہونگے۔ اور یہی امور اس مسئلہ کی مشکلات کو حل کرنے کے لئے کنجی کا کام دیں گے۔

(۱) آل عمران

خدا بغیر استحقاق رزق دیتا ہے۔

اب خیال فرمائیے کہ اس جگہ مریم کو رزق دیا جانا خارق عادت کی تفصیل سے بحث ہے جس پر مندرجہ ذیل دلائل ہیں:—

(الف) حضرت زکریا علیہ السلام کا اس رزق کی نسبت تعجباً پوچھنا

غلام جیلانی کی گرفتاری کے متعلق تفصیلات
دولت افغانستان کے تخیلات کس طرح بازش کی گئی

پولیس کی سرگرمیاں

سازش

پادری کی لڑکی کا قبول اسلام

الجمعیۃ بک ایجنسی بلیماران دہلی

تعلیم الاسلام

ساوتری

الجمعیۃ بک ایجنسی بلیماران دہلی

حضرت سحبان الہند مولانا الحاج حافظ احمد سعید صاحب ناظم جمعیۃ علمائے ہند کی
تقریر بے نظیر

معارف

ضلالت

ملنے کا پتہ: منیجر الجمعیۃ بک ایجنسی بلیماران دہلی

جنت اور دوزخ

ملنے کا پتہ: مکتبہ علمیہ گلی قاسم جان دہلی

تارکا پتہ: الجمعیۃ دہلی

Aljamiat

الجمعیۃ دہلی

ایڈیٹر: ہلال احمد زبیری (ایم۔ اے)

جلد ۲۲ | دہلی یوم شنبہ ۱۱ ربیع الثانی ۱۳۵۴ھ ہجری مطابق ۱۳ جولائی ۱۹۳۵ء | نمبر ۴

سکھوں کے ایک لیڈر نے قسم کھائی تھی کہ ۸ جولائی کو شہید گنج کی مسجد شہید کرونگا

انہدام مسجد کے اسباب اور گورنر سے گفتگو کے متعلق سرکاری بیانات

لاہور میں امن و امان قائم ہو گیا ہے

کرفیو آرڈر کی خلاف ورزی پر سولہ آدمیوں کی گرفتاریاں

"تاب رخ یار"

انجام سوز سینۂ افگار دیکھنا
خاشاک ہست و بود کو فی النار دیکھنا

سنگ گراں کو غم سے شرربار دیکھنا
جنس الم کی گرمی بازار دیکھنا

دل میں خیال یار کے آثار دیکھنا
کون و مکاں کو نور سے گلزار دیکھنا

بے پردہ جلوہ عرصۂ گلشن میں تھا اگر
آیا نہ تجھکو نرگس بیمار دیکھنا

اپنے ہی دل کے داغ سے آنکھیں جھپک گئیں
ہم چاہتے تھے تاب رخ یار دیکھنا

وارفتگی میں دیکھ چکے ہیں ہزار بار
اب چاہتے ہیں جلوہ کو ہشیار دیکھنا

افسردگی سے اور بھڑکتا ہے سوز قلب
محشر میں تاب داغ دل زار دیکھنا

ہر گام بے کراں میں اداس سوام منتظر
ہونا نہ قلب زار گرفتار دیکھنا

مانا کہ مہر و ماہ سے روشن ہے کائنات
اک روز میری آہ شرربار دیکھنا

ہے وقت نزع جا کے تڑپنے کو دیکھ لو
دیکھا جو بعد مرگ تو بیکار دیکھنا

(خاص الجمعیۃ کیلئے) (پروفیسر اشتیاق حسین صاحب قریشی ایم۔ اے)

رائے صاحب لالہ نانک چند زخمی ہو گئے

موٹر کا خطرناک حادثہ

دہلی ۱۰ جولائی۔ آج صبح کے وقت رائے صاحب لالہ نانک چند سبزی منڈی کی طرف سے موٹر میں آرہے تھے پلیوڈ روڈ اور راجپور روڈ کے مقام اتصال پر ان کی موٹر ایک دوسری موٹر سے ٹکرا گئی۔ رائے صاحب سخت زخمی ہو گئے۔ پولیس تحقیقات کر رہی ہے۔

دہلی کے قصابوں کی ہڑتال

کوئٹہ میں کھدائی کے کام کا آغاز

بعض علاقوں کو فوراً کھودا جائیگا صدر بازار آئندہ مارچ میں کھلیگا

انسانی لاشوں اور مقدس کتابوں کا احترام کیا جائیگا

دربھنگہ سے بارہ میل کے فاصلہ پر

ایک آدمی ہلاک ہو گیا خانہ تلاشی میں خلاف قانون کتابیں برآمد

جمعیۃ اقوام کا آئندہ اجلاس

ہندوستانی مندوبین کا اعلان

چاوڑی بازار میں ڈاکہ

ملزمان پر فرد جرم اور ضمانت منسوخ

مسلم یونیورسٹی علی گڑھ

بی اے آنرز اور ایم اے کا اردو نصاب

درھبنگہ میں سیرت النبی کا عظیم الشان جلسہ

جوائنٹ پارلیمنٹری کمیٹی کی رپورٹ

اردو میں

مشتہر کہ پارلیمنٹری کمیٹی کی رپورٹ کا اردو ترجمہ شائع ہو گیا ہے اور ہم نے الجمعیۃ بک ایجنسی کے لئے اس کے نسخے برائے فروخت حاصل کر لئے ہیں جو حضرات آئندہ دستور اساسی کے متعلق برطانوی مدبرین کا نقطۂ نگاہ معلوم کرنا چاہیں اور اردو زبان میں تمام آئینی مسائل پر مفصل بحث پڑھنے کے خواہشمند ہوں وہ فوراً ہم سے رپورٹ کا ایک نسخہ طلب فرمالیں یہ کتاب ۴۳۰ صفحات کی ہے اور اس کی قیمت فی جلد ۲ روپے ہے محصول ڈاک ہوگا۔

فرمائشیں جلد موصول ہونی چاہئیں

ملنے کا پتہ

الجمعیۃ بک ایجنسی بلیماران دہلی

حمائل شریف مترجم مع خلاصۃ التفاسیر

پانچ ترجمہ کا قرآن مجید

مشہور و معروف دو ترجمہ والا معجزنما متوسط قرآن مجید معہ کامل تفسیر

حیرت انگیز رعایتی اعلان

غریبوں کا قرآن مجید معرّا

ملنے کا پتہ: الجمعیۃ بک ایجنسی بلیماران دہلی

بلاغ مبین

الجمعیۃ بک ایجنسی دہلی

اختر اور رضیہ

الجمعیۃ بک ایجنسی بلیماران دہلی

حضرت مولانا الحاج حافظ احمد سعید صاحب ناظم جمعیۃ علمائے ہند کی

دوسری تقریر سیرت

ناگپور کے عظیم الشان جلسہ سیرت میں مسلمانوں اور غیر مسلموں کا کثیر اجتماع

(۴)

حضرت بہلول مجنوں

اس راہ کو دیوانوں کو آپ کیا سمجھتے ہیں۔ حضرت بہلول تو مشہور ہی دیوانے ہو گئے تھے۔ لیکن آپ کی دیوانگی کا یہ حال تھا ...

یہ جو عقل سے سمجھنا چاہتے ہو لیکن تمہاری سمجھ میں نہیں آتا۔ کس قدر ناانصافی ہے کہ یورپ کا فلسفہ سیکھنے کے لئے تو تمام عمر خرچ کر دو ...

غلط واقعات کے ساتھ بیان کرنا ان ہی لوگوں کا وظیفہ ہو سکتا ہے جن کا مبلغ علم صرف ...

ایک ضروری بات

روحانی اور جسمانی علاج

چند خوانی حکمت یونانیاں
حکمت قرآنیاں را ہم بخواں

مولانا اور ایک جگہ اہل علم اور ان دل کی صحت کا شوق دلاتے ہوئے فرماتے ہیں:

گر تو سنگ خارہ و مرمر شوی
چوں بصاحب دل رسی گوہر شوی

ہندی اور اردو

(از حضرت مولانا سید سلیمان صاحب ندوی)

اس وقت ملک کی دو زبانیں ہندی اور ہندوستانی یا اردو ملک کی عمومی زبان بننے کے لئے ایک دوسرے سے بڑھ جانے کی کوشش کر رہی ہیں۔ جہاں تک ہندی کا تعلق ہے اس میں شک نہیں کہ وہ اپنے حامیوں کی ان تھک کوششوں کی ممنون ہے ...

سب سے پہلے یہ کہ یہ مسلمانوں کی زبان ہے ...

جرمنی میں عسکری قوت کا احیاء

(بسلسلہ صفحہ ۳)

ہوابازی کے اسکول

پانچ سو (۵۰۰) روپیہ ماہوار

اگر کمانا چاہو تو ہم سے صابن بنانا سیکھو ... المشتہر ڈاکٹر شفیع احمد پی ایچ ڈی ایڈیٹر رسالہ تمتکار دہلی

فرانسیسی کوک شاستر

(بالتصویر) ...

منیجر جنرل سپلائی سٹورز لاہور

نئی حقیقت دوائے ذیابیطس

زندہ درگور

اطفال نونہ

المشتہر حکیم ... طبیب شاہ آباد ریاست پٹیالہ

لاہور کی مسجد شہید گنج شہید کردی گئی

گفتگوئے مصالحت کے دوران میں سکھوں کی افسوسناک حرکت

سرکاری بیان کی اشاعت کرفیو آرڈر کا نفاذ

انہدام مسجد کے بعد شہر کی حالت اور مفصل واقعات

لاہور ۸ جولائی۔ اس خیال سے کہ کہیں شدید فرقہ وارانہ فساد نہ ہو جائے کرفیو آرڈر کا اعلان کر دیا گیا ہے جس کی رو سے شہر میں لوگوں کو شام کے آٹھ بجے کے بعد اور صبح کو ساڑھے تین بجے ...

قتل کا ہے۔ سکھوں نے اسے قتل تصور کیا اور جوش بڑھ گیا۔ بہر حال فوری اسباب کچھ بھی کیوں نہ ہوں، واقعہ یہ ہے کہ ۷ جولائی کو علی الصباح مسجد کا انہدام شروع کیا گیا ...

سندھ دکوں کی طرف سے لاہور آنے والے جتھوں کے لئے خوراک وغیرہ مہیا کرنے کے لئے مالی امداد بھی دی گئی ہے۔ آج مختلف قسم کی افواہیں گشت لگا رہی ہیں جن کی تصدیق نہیں ہو سکی۔

مسلمانوں کو ہٹانے پر اصرار

اتوار کے دن چار بجے کے قریب گوردوارہ کے سکھوں نے انجمن تحفظ مسجد "شہید گنج" کے مسلمان رضا کاروں کو جو گوردوارہ اور مسجد شہید گنج کے قریب آنے جانے والے مسلمانوں کو دکانوں کی خرید و فروخت سے روکتے پر متعین ہیں) گوردوارہ کے قریب سے ہٹا دینے پر اصرار کیا اور دھمکی دی کہ اگر وہ وہاں سے نہ ہٹیں گے تو انہیں جبراً ہٹا دیا جائے گا۔ چنانچہ پولیس کی امداد سے مسلمان رضاکاروں ...

مسجد کے نقشے کا معائنہ

مسلم زعماء کی گرفتاری

شہر میں ہیجان

کرپانوں سے مسلح

لاٹھی چارج

ایک سکھ کا قتل

دیوار گر گئی

سرکاری بیان

اکبری دروازہ کے باغ میں سکھ کا قتل

سکھوں کی اشتعال انگیزی

گذشتہ سے پیوستہ (اتوار کو) شب کو گوردوارہ شہید گنج میں سکھوں کا ایک دیوان منعقد ہوا جس میں گوردوارہ مذکور کے متعلق نہایت پر جوش الفاظ میں تقریریں کی گئیں۔ بابا کھڑک سنگھ نے بھی جو رات کے گیارہ بجے تشریف لائے تھے ایک تقریر کی اور دوران تقریر میں خالصہ بھائیوں سے عہد لیا کہ وہ ۱۵ اس مسجد پر جو ایک عرصہ سے ان کے قبضہ میں ہے اپنا قبضہ قائم رکھیں گے ...

مسجد ... کے قریب ایک سکھ کی لاش کے پائے جانے کے واقعہ نے ...

(نامہ نگار زمیندار)

جرمنی میں عسکری قوت کا احیاء

جنگ عظیم کی ناکامیوں کے بعد نئی جدوجہد کا آغاز

(از ایچ۔ ڈبلیو۔ واٹے ول)

(۴)

وسعت افواج وکثرت مصارف

اس قسم کی مزید ترقیوں کو ظاہر کرنے کے لئے شہادتوں کی کمی نہیں ہے۔ ۳۶-۱۹۳۵ء کے بجٹ میں مدافعت کے خرچ کا تخمینہ ۶۵ کروڑ مارکس (یعنی ۴ کروڑ ۵ لاکھ پونڈ) کیا گیا تھا۔ بحری بیڑہ کو اس رقم میں سے ۲۴ کروڑ مارکس دئے گئے تھے۔ مستقل فوج کو ...

اداروں میں جو ایسے عناصر تھے انہیں مستقل فوج میں شامل کر لیا گیا۔ مستقل فوج کی تیاری اب ہٹلر کے ہاتھ میں تھی اس لئے جرمنی کی قسمت کا فیصلہ بلا شرکت غیرے اسی کے قبضہ میں تھا۔ جرمنی کے لئے اب وقت آ گیا تھا کہ اپنے مقاصد کا علی الاعلان اظہار کرے۔ عسکری طاقت کے احیاء کے متعلق اپنا آئندہ ...

مسئلہ اور حقیقہ طریقے

ہوائی فوج

برطانوی وزیرین کا اضطراب

ہوائی فوج کا مطالبہ

ہٹلر کے اعلانات

ہٹلر نے ۱۶ مارچ کو جبری فوجی ملازمت کا اعلان ... ان کے بعد تین ... کی باری آئی۔ ان کی قوت بالکل کمزور کر دی گئی۔

رسالہ اٹھتی ہوئی جوانی بالکل مفت

گمراہ نوجوانوں کو راہ راست پر لانے کے لئے
بچوں کی صحیح طریقہ سے پرورش کر کے نوجوان بنانے کے لئے
اٹھتی ہوئی جوانی کی حفاظت کرنے کے لئے
جوانی واپس لانے کی تدبیریں بتلانے کے لئے
رسالہ اٹھتی ہوئی جوانی تیار کیا ہے صرف دس ہزار شائع ہوا ہے ایک کارڈ لکھ کر بالکل مفت طلب فرمائیں۔
پتہ۔ وید شاستری جام نگر کاٹھیاواڑ

وینس کی ہر دلعزیزی

وینس ہر ایک جیب و ضرورت کے مطابق سکیم پیش کرتی ہے

دی وینس انشورنس کمپنی لمیٹڈ چاندنی چوک دہلی

تعلیم الاسلام

مسلمان بچوں کی مذہبی معلومات کے لئے حضرت مولانا مفتی محمد کفایت اللہ صاحب صدر جمعیۃ علماء ہند کی بہترین تصنیف ...

ملنے کا پتہ۔ الجمعیۃ بکڈپو دہلی

طبیہ کالج مسلم یونیورسٹی علی گڈھ

طبیہ کالج مسلم یونیورسٹی علی گڈھ میں طلبا کا داخلہ ۲۶ جولائی ۱۹۳۵ء سے یکم اگست ۱۹۳۵ء تک ہوگا۔ داخلہ کی درخواستیں پرنسپل طبیہ کالج علی گڈھ کے دفتر میں ۱۵ جولائی ۱۹۳۵ء تک پہنچ جانی چاہئیں اور امیدوار کو دفتر کی جانب سے مقرر کی ہوئی تاریخ پر کالج میں حاضر ہونا چاہئے مقررہ تعداد پوری ہونے کے بعد کسی طالب علم کا داخلہ نہ کیا جائیگا۔

پرنسپل
طبیہ کالج مسلم یونیورسٹی علی گڈھ

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم

الجمعیۃ دہلی

یوم شنبہ ۱۱ ربیع الثانی ۱۳۵۴ ہجری

مسجد شہید گنج کی شہادت

مسجد شہید گنج کو آخر کار سکھوں نے شہید کر ہی دیا۔ گزشتہ ایک ہفتہ سے مسلسل پریشان کن خبریں آ رہی تھیں۔ لاہور کا امن و امان سخت خطرے میں تھا۔ مسلمان ایک مسجد کی شہادت کے تصور سے بھی اتنے مضطرب تھے کہ ان کی بے چینی اور سراسیمگی کا اندازہ لگانا مشکل تھا۔ سکھوں کے جتھے برابر باہر سے لاہور آ رہے تھے ان کی تعداد ہزاروں تک پہنچ چکی تھی۔ ...

کے سوا اور کوئی وقعت نہیں رکھتا۔ البتہ اس بیان سے اتنا ضرور ظاہر ہوتا ہے کہ سکھوں نے جو کچھ کیا ہے اس کی انتہائی مذموم اور نفرت انگیز نوعیت کا احساس خود انہیں بھی ہے اور وہ اسی وجہ سے اپنے سیاہ کارنامہ پر پردہ ڈالنے کے لئے مسجد کے مسجد ہونے ہی سے انکار کر رہے ہیں ...

شہید گنج کی مسجد جس وقت سکھوں کے قبضہ میں آئی تھی ...

شذرات

لارڈ زیٹلینڈ کا اعلان

ہندوستان میں تو حکومت کے ایک سرکاری بیان نے مسلمان لیڈروں پر دفعہ ۲/۳ کی پوزیشن واضح کر دی تھی اب انگلستان سے دارالامراء کے مباحثہ کی جو اطلاعات موصول ہوئی ہیں ان سے معلوم ہوتا ہے کہ وہاں بھی بھرے اجلاس میں لارڈ زیٹلینڈ نے یہ اعلان کر دیا کہ کمیونل ایوارڈ میں دس سال کے اندر یا دس سال کے بعد کسی قسم کی تبدیلی کرنے کا ارادہ نہیں ہے ...

طریق کار کو زیادہ قابل عمل بنا دے گی۔ بہرحال دروازہ کھلا رکھنے کی ضرورت ہے تاکہ ہندوستان کی ملتوں میں باہمی سمجھوتے کی کوئی شکل نکل سکے۔

ایک ریاست کی جامع مسجد

ہمارے پاس ریاست "پیران دہار" سے جو خط آیا ہے ... سے یہ اطلاع موصول ہوئی ہے کہ وہاں کی جامع مسجد کے متعلق نہایت خطرناک طریقہ اختیار کیا گیا ہے ...

حوادث و احکام

استفتاء

کیا فرماتے ہیں علمائے دین و مفتیان شرع متین حسب ذیل سوالات کے متعلق احکام کیا ہیں:

(۱) عام دستور ہے کہ متوفی کے ورثاء میں بالغ و نابالغ بیوہ شامل ہیں متوفی کے مال سے فاتحہ خوانی کے رسومات پر صرف کرتے ہیں اپنے پلاؤ زردہ وغیرہ پکوا کر ملاؤں و رشتہ داروں دوستوں کی دعوت کی جاتی ہے۔ اس طرح نابالغوں کا مال بھی فاتحہ خوانی کھلاؤں پر صرف کیا جاتا ہے ...

الجواب

...

استفتاء

...

الجواب

...

دنیائے اسلام کی ایک بہترین مذہبی درسگاہ

دار العلوم دیوبند (۵)

...

اٹلی اور حبش کا تنازعہ

مصالحت کی تمام کوششیں ناکام ہوگئیں کمیشن کی رپورٹ

رگبی ۹ جولائی۔ حکومت برطانیہ اٹلی اور حبش کے تنازعہ کے تمام پہلوؤں پر غور کر رہی ہے اور حکومت فرانس سے بھی اس بارے میں گفت و شنید کر رہی ہے۔ ابھی تک کوئی فیصلہ نہیں ہوا ہے۔ خیال ہے کہ آج صبح جب جنرل سکریٹری مجلس اقوام لیگ ایم ایواینول مسٹر بیوسل ہور اور مسٹر انتھونی ایڈن کے درمیان وزارت خارجہ میں تبادلہ خیالات ہوا اس وقت اس مسئلہ پر غور کیا گیا کہ مجلس اقوام لیگ سے اس کا کیا تعلق ہے ... ثالث کے سپرد کر دیا جائے۔ چنانچہ مصالحتی کمیشن مقرر کر دیا گیا۔ ...

مسجد شہید گنج کی شہادت کے متعلق ابتدا سے آخر تک کے مفصل واقعات

سکھوں سے گفتگو میں افسر گورنر سے ملاقات

رات کے وقت زبردست انتظامات اور صبح کو انہدام کی اچانک خبر

لاہور ۸ جولائی۔ بعض دن سکھوں کی طرف سے مسجد شہید گنج گرانے کی کوشش کی گئی مسلمانوں میں ایک ہیجان پیدا ہو گیا ...

کراچی میں وائسرائے سے سندھ مسلمانوں کے وفد کی ملاقات

کوئٹہ کے متعلق وائسرائے کا جواب

کراچی ۱۰ جولائی۔ ...

مولانا عارف ہسوی کی شدید علالت

ٹرکی کا جدید قانون

ریاست حیدرآباد میں ایک مفید قانون

کیا چودھری ظفر اللہ استعفیٰ دینگے

عراق میں بغاوت کا خاتمہ

مصر اور برطانیہ کے تعلقات

اخبار تیج نے ضمانت داخل کردی

بنگالی نظربند کی جیل میں بھوک ہڑتال

۱۵ اخبارات اور مطابع سے طلبی ضمانت

کابل کے گردونواح میں ملیریا کا سلسلہ

امرتسر میں اضطراب

...

ولادت مسیح کے متعلق ایک علمی بحث

عقل و نقل کی روشنی میں

(مولانا قاضی انوار الحق صاحب مفتی ریاست مانگرول کے قلم سے خاص الجمعیۃ کیلئے)

(۵)

(۶) حضرت عیسیٰ کی بشارت

اذ قالت الملٰئکۃ یا مریم ان اللہ یبشرک بکلمۃ منہ اسمہ المسیح عیسیٰ ابن مریم وجیھا فی الدنیا والاخرۃ ومن المقربین ویکلم الناس فی المھد وکھلا ومن الصالحین - قالت رب انی یکون لی ولد ولم یمسسنی بشر - قال کذٰلک اللہ یخلق ما یشاء اذا قضی امرا فانما یقول لہ کن فیکون - (ترجمہ جبکہ فرشتوں نے کہا کہ اے مریم بیشک اللہ تعالیٰ تجھے بشارت دیتا ہے ایک کلمہ کی جو من جانب اللہ ہوگا اس کا نام عیسیٰ ابن مریم ہوگا ...

... اعلیٰ شان اعجاز رکھنے والا ہے۔

سورۂ مریم

اب لیجیے سورۂ مریم کو

۱ - جب حضرت زکریا اپنے بڑھاپے اور اپنی صاحبہ کے عقر کا ذکر کرتے ہیں تو اللہ تعالیٰ جواب میں فرماتا ہے -

قال ربک ھو علی ھین	یونہی تیرے رب کا قول ہے
وقد خلقتک من قبل و	کہ مجھ پر آسان ہے اور تجھے
لم تک شیئا -	پیدا کیا جبکہ تو کچھ نہ تھا -

اب ذرا علی ھین کی تفسیر پر غور فرمائیے ...

پادری کی لڑکی کا قبول اسلام

الجمعیۃ بک ایجنسی بلیماران دھلی

شیر مارکہ کتابت کی سیاہی

SHER LITHO INK

اے شیر اینڈ کمپنی ۲۲ جالندھر شہر (پنجاب)

A. SHER & Co, 22, Jullundur

مصفا خون کی شرطیہ گولیاں

گدڑی اینڈ کو جالندھر شہر (پنجاب)

حیرت انگیز رعایت

اگر آپ اپنے بچوں کے لئے نہایت کم قیمت میں بہترین لباس تیار کرانا چاہتے ہیں تو ...

انہار اینڈ کو دھلی

حضرت سحبان الہند مولانا الحاج حافظ احمد سعید صاحب ناظم جمعیۃ علماء ہند کی

تقریر سیرت

معارف ...

جامعہ ...

خلافت ...

ملنے کا پتہ - منیجر الجمعیۃ بک ایجنسی بلیماران - دہلی

ساوتری

... الجمعیۃ بک ایجنسی بلیماران دہلی

جنت اور دوزخ

... ملنے کا پتہ - مکتبہ علمیہ - گلی قاسم جان - دہلی

قارئین الجمعیۃ کے خیالات

مسلمانان اجمیر کا افسوسناک جمود و غفلت

رہنماؤں کی بے حسی اور اغیار کی ریشہ دوانیاں

(سید ... صاحب ... کے قلم سے)

اجمیر میں سرکاری محکمہ اور سرکاری دفتر اگرچہ کہنے کو برٹش حکومت کے زیر سایہ اقتدار ہے مگر عملاً یہاں خالص ہندو ...

ہم بڑی جیت پہنچے پہ میخانہ میں
نکلا اک جام کی نیت ہی سے ایمان نکلا

جلسہ تعزیت

ختم قرآن کریم اور دعائے مغفرت

نو آبادیات کے مزدوروں کے حقوق

ہندوستانی نقطہ نگاہ اور اس کی حمایت

اشتہار دینے ...

ڈسٹرکٹ بورڈ اور میونسپلٹی کے انتخابات

سہارنپور کی مسلم جماعتوں کا فیصلہ

جالندھر میں جھنڈے کی سلامی اور گولہ باری

حب زرین (رجسٹرڈ)

کمزوروں کو زور اور ضعیفوں کو طاقتور نوجوان بنانے والی اکسیر صرف حب زرین ہی ہیں جن کے چند دن کے استعمال سے امید سے زائد طاقت حاصل ہوجاتی ہے - پوری شیشی ... علاوہ محصولڈاک -

دواخانہ کنز المجربات کوچہ چیلان گلی راجان دہلی سے منگائیے

داخلہ آیورویدک یونانی طبی کالج دھلی

جو طلبا اور طالبات یونانی اور آیورویدک کی بہترین طبی تعلیم حاصل کرنے کی خواہشمند ہوں اپنی درخواستیں ۱۵ جولائی ... تک دفتر پرنسپل میں بھیج دینی چاہئیں اور طلبا کیلئے بورڈنگ ہوس میں رہنا لازمی کر دیا گیا ہے - تعلیمی سال یکم اگست سے شروع ہوگا -

پراسپیکٹس فارم داخلہ طلب کرنے پر بلا قیمت بھیجا جاتا ہے

المشتہر - حاجی محمد ظفر خاں آنریری پرنسپل

نہ کسی نے پایا ہوگا اور نہ پائیگا

انٹرنیشنل ٹریڈنگ کمپنی پوسٹ بکس ... کلکتہ

نگارستان کشمیر

ملنے کا پتہ - مکتبہ ... دہلی

صرف دو روپیہ بارہ آنہ میں سات گھڑیاں

ایک عدد اصلی جرمن ٹائم پیس - دو عدد ڈمی پاکٹ واچ - چار عدد ڈمی رسٹ واچ

پتہ - کارخانہ جاپان ناولٹی سٹورز مقام پٹھانکوٹ ضلع گورداسپور

جامعہ ملیہ دہلی میں داخلہ

جامعہ میں اچھی تعلیم اور بہترین تربیت کا انتظام ہے۔

داخلہ یکم اگست سے ہوگا سو داخلہ کے لئے درخواستیں معہ ... ۱۵ جولائی تک پہنچ جانی ضروری ہیں فیس داخلہ ابتدائی درجوں کیلئے پانچ روپے ہے اور اونچے درجوں کیلئے سات روپے فارم داخلہ اور دستور العمل دفتر رجسٹرار سے طلب فرمائیے۔

(حافظ) فیاض احمد مسجل (رجسٹرار) جامعہ ملیہ اسلامیہ دہلی







ہمدرد دواخانہ یونانی دہلی

Aljamiat

الجمعیۃ دھلی

تار کا پتہ:- الجمعیۃ دھلی

(ایڈیٹر:- ہلال احمد زبیری ایم اے)

جلد ۲۳ | دہلی - یوم سہ شنبہ ۱۴ / ربیع الثانی ۱۳۵۴ھ ہجری مطابق ۱۶ / جولائی ۱۹۳۵ء | نمبر ۵

لاہور میں حکومت نے مسلمانوں کو ایک مقبوضہ مسجد واگزار کر دی

مولانا ظفر علی خاں کی قیادت میں مجلس عملیہ کا قیام

کونسل کے اراکین سے حکومت پنجاب کی مشاورت

شہید گنج کی مسجد کے واقعہ سے تمام صوبہ کے متاثر ہونے کا خطرہ

لاہور ۱۳ / جولائی

ایک مسلم "کونسل آف ایکشن" (مجلس عملیہ) بنائی گئی ہے جس کا مقصد ہوگا کہ مسجدوں کے تحفظ کی غرض سے ... کو منظم کرے۔ اس تحریک کا افتتاح مولانا ظفر علی خاں صاحب کل ... بجے صبح کریں گے جبکہ دہلی ... جھنڈا لہرایا جائے گا۔

اس تحریک سے ہمدردی رکھنے والے افراد اس کے رضاکار ... پہنا کریں گے۔

گزشتہ ہفتہ میں مسلمانوں نے جس بے مثال صبر و تحمل سے کام لیا ہے اس کو ملحوظ رکھتے ہوئے حکومت پنجاب نے یہ فیصلہ کیا ...

ممبران کونسل کی کانفرنس

حبشہ میں پچیس آدمیوں کی گرفتاری

اطالویوں کو کھانا بہم پہنچانے کا جرم

صورت حال اور زیادہ خراب ہوگئی ہے

روم ۱۳ / جولائی

ایک سرکاری بیان میں ایسے متعدد واقعات کی اطلاع دی گئی ہے جن سے حبشیوں کے ... کا اظہار ہوتا ہے۔ حبش کے ایک مقام پر ایسے پچیس آدمیوں کی گرفتاری عمل میں آئی ہے جنہوں نے اطالوی قنصل کے ہاتھ خورد و نوش کی اشیاء فروخت کی تھیں ...

ایک سکھ کے مکان سے چودہ بم برآمد ہوئے

نقش وفا

رسوائے صبر و نذرِ بلا ہو گیا ہوں میں
ایک رودۂ جی حد سے سوا ہو گیا ہوں میں

پہلے تھا رہروانِ محبت کا نقشِ پا
اب نقشِ پا سے راہ نما ہو گیا ہوں میں

عالی جنابِ عشق میں میری یہ انبساط
دھندلا سا ایک نقشِ وفا ہو گیا ہوں میں

سرمایۂ سکوں ہے اضطرابِ دل
خود اپنے درد دل کی دوا ہو گیا ہوں میں

مجھکو تو ان پہ مٹنے کے دوامِ بقا ملا
کوئی کہا کرے کہ فنا ہو گیا ہوں میں

یوں مجھ پہ نظریں پڑتی ہیں گویا کہ دہر میں
بیرونِ زہد عفوِ خطا ہو گیا ہوں میں

شہرہ مری وفا کا ہوا جن کے جور سے
اب ان کی یادگارِ جفا ہو گیا ہوں میں

تیغِ ستم پہ ہو گئی گردن مری حلال
قاتل کے حق میں خونِ رواہ ہو گیا ہوں میں

وہ ہیں جہانِ حسن میں اک خاورِ جمال
دنیائے عاشقی میں ذکا ہو گیا ہوں میں

(خاص الجمعیۃ کیلئے) — از حضرت مولانا عبد العلیم صدیقی ذکا ملتان

دریائے جمنا اور گھگر میں طغیانی

دہلی ۱۳ / جولائی

حافظ محمد سلیمان صاحب مرحوم کی جگہ پر کونسلر کا جدید انتخاب

دہلی ۱۳ / جولائی

بلیماران میں ۳ ہزار روپیہ کے زیورات کی چوری

دہلی ۱۳ / جولائی

پولیس نے مجمع پر گولیاں چلادیں

دو آدمی ہلاک اور چالیس زخمی ہوگئے

لندن ۱۳ / جولائی

بلفاسٹ کی اطلاعات سے معلوم ہوا ہے کہ پروٹسٹنٹ طبقہ کی طرف سے ... پولیس کو گولی چلانی پڑی۔ ایک مرد اور ایک عورت گولیوں سے ہلاک ہوگئے اور چالیس آدمی جن میں چار پولیس والے بھی شامل ہیں زخمی ہوئے۔

صوبہ سرحد میں شریعت بل کی تائید

مسلم زمینداروں کا عظیم الشان جلسہ

روس اور امریکہ کے تعلقات

جدید تجارتی معاہدہ

واشنگٹن ۱۳ / جولائی

ہانکو میں سیلاب عظیم

ہانکو ۱۲ / جولائی

کانگریس کی سوراج پارٹی کا تازہ فیصلہ

مسٹر ایسے کسی متحدہ تحریک کا فارمولا بنائینگے

بمبئی ۱۲ / جولائی

اخبار قومی گزٹ کا ڈیکلریشن خارج ہوگیا

دہلی ۱۳ / جولائی

۲۸ لاکھ روپیہ کا سونا اور چلا گیا

بمبئی ۱۳ / جولائی

پیلا تھوتھا کھانے سے موت

ہز ایکسیلنسی وائسرائے کی تقریر

جو کوئٹہ میں فوج کو مخاطب کر کے ۵ جولائی کو کی گئی

شملہ ۵ / جولائی۔ جنرل کاریں ... افسران ... آج میں اس موقعہ کو بہت غنیمت سمجھتا ہوں کہ بحیثیت گورنر جنرل ہندوستان آپ کی اس جرأت اور فرض شناسی اور پابندی احکام کے جذبات کی تعریف کروں جو آپ نے گزشتہ چند ہفتوں کے دوران ... اس ہولناک رات کے بعد سے جب کہ کوئٹہ اور اس کے ملحقہ مقامات پر اچانک ایک ایسے زلزلہ کا حملہ ہوا جس کے اتلاف جان و مال کی نظیر غالباً ہمارے ملک کی تاریخ میں نہ ملے گی ...

معاصرین کے افکار و آراء

مسجد شہید گنج

یہ مسلمہ ایک تاریخی حقیقت ہے کہ مسجد شہید گنج شاہزادہ دارا شکوہ کے عہد میں تعمیر ہوئی ... اور شاہجہاں کا جاہ و جلال ...

ہندوستان اور غیر ممالک

کانگریس ہندوستان میں ایک نیک نام جماعت ہے ...

وائسرائے کا انکار

اگر ہمارے نامہ نگار خصوصی کی یہ اطلاع صحیح ہے کہ ہز ایکسیلنسی وائسرائے نے مسلمانوں کے اس مجوزہ وفد سے ملاقات کرنے سے انکار کر دیا ہے جو ان کی خدمت میں ...

اخبار الجمعیۃ کے ایجنٹ صاحبان

نیجر الجمعیۃ - دہلی

جوائنٹ پارلیمنٹری کمیٹی کی رپورٹ

(اردو میں)

مشترکہ پارلیمنٹری کمیٹی کی رپورٹ کا اردو ترجمہ شائع ہوگیا ہے۔ ... الجمعیۃ بک ایجنسی کے لئے اس کے نسخے ... فروخت حاصل کر لئے ہیں جو حضرات آئندہ دستور اساسی کے متعلق ... زبان میں تمام آئینی مسائل پر مفصل بحث پڑھنے کے خواہشمند ہوں وہ فوراً ہم سے رپورٹ کا ایک نسخہ طلب فرمالیں۔ یہ کتاب ۲۴۴ صفحات کی ہے ... فرمائشیں جلد موصول ہونی چاہئیں

ملنے کا پتہ

الجمعیۃ بک ایجنسی بلیماران دھلی

پانچ ترجمہ کا قرآن مجید

حمائل شریف مترجم مع خلاصۃ التفاسیر

مشہور و معروف ذو ترجمۃ الاعجاز نما متوسط قرآن مجید مع کامل تفسیر

حیرت انگیز رعایتی اعلان

غریبوں کا قرآن مجید معرا

ملنے کا پتہ:- الجمعیۃ بک ایجنسی - بلیماران - دھلی

بلاغ مبین

ملنے کا پتہ:- الجمعیۃ بک ایجنسی دہلی

اختر اور رضیہ

ان دونوں کے دلوں میں محبت کی آگ ... قیمت صرف ...

ملنے کا پتہ
الجمعیۃ بک ایجنسی بلیماران دہلی

نبی کریم علیہ الصلوٰۃ والتسلیم کی سیرت مقدسہ کے حیات افروز واقعات قرآن حکیم کی روشنی میں

انبیاء علیہم السلام کے اذعان و یقین اور فلاسفہ کے ظنون و اوہام کا مقابلہ

حضرت سحبان الہند مولانا الحاج حافظ احمد سعید صاحب کی دوسری تقریر سیرت

(۵)

انبیاء علیہم السلام اور فلاسفہ

حضرت ابراہیم علیہ السلام

جرمنی میں عسکری قوت کا احیاء

جنگ عظیم کی ناکامیوں کے بعد نئی جدوجہد کا آغاز

(از ایچ۔ ڈی۔ واٹے ول)

(۴)

جدید تحریکات

ایجادی ترقیاں

فرانسیسی کوک شاستر

منیجر جنرل سپلائی اسٹورز لاہور

ونیس کی ہر دلعزیزی

دی ونیس انشورنس کمپنی لمیٹڈ چاندنی چوک دہلی

امریکن لیڈی کی پیشین گوئی سچی ہوئی

دی ایسٹ امپورٹ اینڈ ایکسپورٹ کمپنی نواب گنج دہلی

نگارستان کشمیر

ملنے کا پتہ: مکتبہ برہان دہلی

داخلہ آیورویدک و یونانی طبی کالج دہلی

المشتہر حاجی محمد ظفر خاں آنریری پرنسپل

مسجد کی شہادت کے بعد لاہور کی عام حالت

ملبہ کی صفائی اور شہر میں امن و امان

قاتلانہ حملے اور کرفیو آرڈر کی خلاف ورزی کے متعلق مقدمات کی سماعت

تین ہندو نوجوانوں کو سزائیں

گنڈا سنگھ کے قتل کا مقدمہ

رات کو باہر نکلنے والوں کا چالان

ولادت مسیح کے متعلق ایک علمی بحث

عقل و نقل کی روشنی میں

(۶)

پنڈت ٹھاکر دت شرما وید موجد امرت دھارا کی مجرب ادویات جو کہ ہزار انسانوں کو نفع پہنچا چکی ہیں

امرت دھارا لاہور

ہمارے ایجنٹ دہلی

پانچ سو روپیہ ماہوار

نبی کریم علیہ الصلوٰۃ والتسلیم کی سیرت مقدسہ کے حیات افروز واقعات قرآن حکیم کی روشنی میں

انبیاء علیہم السلام کے اذعان و یقین اور فلاسفہ کے ظنون و اوہام کا مقابلہ

حضرت سحبان الہند مولانا الحاج حافظ احمد سعید صاحب کی دوسری تقریر

(۵)

انبیاء علیہم السلام اور فلاسفہ

اگرچہ یہ سرگزشتہ تقریر بہ سیرت ہو چکی ہوگی تو آپ کو یاد ہوگا میں نے بار بار اس امر پر توجہ دلائی ہے کہ عقل اور فلاسفہ صرف ظن اور تخمین کی اتباع کرتے ہیں ان کے پاس عقل ہے رتجربہ ہے۔

انبیاء علیہم السلام کے اذعان و یقین کا نقشہ ملاحظہ کیجئے۔

حضرت ابراہیم علیہ السلام

حضرت ابراہیم علیہ السلام کا استقلال وثبات تو مشہور ہی ہے۔ ان کا وہ اعلان جو انہوں نے قوم کے سامنے نہایت دلیری کے ساتھ کیا تھا اس کے ایک ایک لفظ سے اذعان و یقین ٹپک رہا ہے۔ انہوں نے اپنی قوم کو خطاب کرتے ہوئے فرمایا تھا۔ انی وجہت وجہی للذی فطر السموات والارض حنیفا وما انا من المشرکین۔

سب سے کٹھن منزل

جرمنی میں عسکری قوت کا احیاء

جنگ عظیم کی ناکامیوں کے بعد نئی جدوجہد کا آغاز

(از نامہ نگار ڈیلی ٹیلیگراف)

(۴)

جدید تحریکات

ہوائی تیراکی جرمنی میں ۱۹۱۱ء سے رائج ہے جب ہر لیلین تھیل نے جو ابتدا کو تجربہ کرتے ہوئے ہلاک ہوا تھا پہلے پہل تیرنے والی ہوائی کشتی کا استعمال کیا تھا۔

نو آبادیوں کے نقصان کی وجہ سے جرمنی کو اپنی بحری قوت کی ترقی کی طرف سے مایوسی ہو گئی تھی اور اب اس نے اپنے حوصلوں کے لئے میدان صرف ہوائی ترقی میں نظر آتا تھا۔

ایجادی ترقیاں

(باقی صفحہ ۷ پر ملاحظہ فرمائیے)

فرانسیسی کوک شاستر

منیجر جنرل سپلائی اسٹورز لاہور

ونیس کی ہر دلعزیزی

ونیس ہر ایک جیب و ضرورت کے مطابق اسکیم پیش کرتی ہے

دی ونیس انشورنس کمپنی لمیٹڈ چاندنی چوک دہلی

امریکن لیڈی کی پیشینگوئی سچ ہوئی

دی ایسٹ امپورٹ اینڈ ایکسپورٹ کمپنی نواب گنج دہلی

نگارستان کشمیر

ملنے کا پتہ: مکتبہ شرقیہ، معتمد الملک دہلی

داخلہ آیورویدک و یونانی طبی کالج دہلی

پراسپکٹس و فارم داخلہ طلب کرنے پر بلا قیمت بھیجا جاتا ہے

المشتہر: حاجی محمد ظفر خاں آنریری پرنسپل

مسجد کی شہادت کے بعد لاہور کی عام حالت

ملبہ کی صفائی اور شہر میں امن و امان

قاتلانہ حملے اور کرفیو آرڈر کی خلاف ورزی کے متعلق مقدمات کی سماعت

لاہور ۱۰ جولائی۔ متنازعہ مسجد شہید گنج کو سکھوں نے بالکل مسمار کر دیا ہے۔

تین ہندو نوجوانوں کو سزائیں

گنڈا سنگھ کے قتل کا مقدمہ

ڈاکٹری شہادت اور دیگر بیانات

محمد رفیق کی عمر

پہلے ملزم کا بیان

دوسرے ملزم کا بیان

رات کو باہر نکلنے والوں کا چالان

مختلف حالات اور مختلف سزائیں

کرفیو کے مصیبت زدہ کو سزائے قید

(باقی صفحہ ۷ پر ملاحظہ فرمائیے)

ولادت مسیح کے متعلق ایک علمی بحث

عقل و نقل کی روشنی میں

(مولانا قاضی انوار الحق صاحب مفتی ریاست مانگرول کے قلم سے صرف الجمعیۃ کے لئے)

(۶)

اعتراض کا جواب

پنڈت ٹھاکر دت شرما وید موجد امرت دھارا کی مجرب ادویات یا جو ہزارہا انسانوں کو نفع پہنچا چکی ہیں

گند ھک رسائن — عرق بخار — درد شکن — بلاد دور — اکسیر خاص — اکسیر عام — طاعون — سولوٹی — بال سکھا — سار سا پر یلا مرکب — سور شانتی — دوائی بواسیر — دوائی طحال — کرکول — دت و بھیجن — امرت جان — انکھ روشن — چشم موتی — دل سندری — بال اڑانے کی بے نظیر دوائی — منجن سپر — باغ پھول تیل

امرت دھارا لاہور

منیجر امرت دھارا اوشدھالیہ، امرت دھارا روڈ، امرت دھارا ڈاکخانہ لاہور

ہمارے ایجنٹ: میسرز بھارتی لال گھاسی رام کھاری باؤلی اینڈ اسٹریٹ دہلی

پانچ سو روپیہ ماہوار (۵۰۰)

ڈاکٹر شفیع احمد بی ایچ ڈی ایڈیٹر رسالہ ستکاری دہلی

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم

الجمعیۃ دہلی

یوم سہ شنبہ ۱۴ ربیع الثانی ۱۳۵۴ھ

"وفاکیش مسلم قوم کی اپیل"

کانفرنسی لیڈروں کا کشکول گدائی

شذرات

مسٹر شفیع داؤدی کی معافی

مسٹر شفیع داؤدی کے مقدمہ میں ٹریبونل نے جو فیصلہ صادر کیا تھا اس کے متعلق ان کالموں میں بہت کافی بحث کی گئی تھی اور اس فیصلہ کے مندرجات کو پوری تشریح کے ساتھ قارئین کرام کے سامنے پیش کر دیا گیا تھا اور اس کے متعلق مستغیث کی جانب سے وائسرائے کو جو توجہ دلائی گئی تھی اس کا ذکر بھی تفصیل کے ساتھ آیا تھا اس لئے ہم امید کرتے ہیں کہ قارئین کرام کے سامنے وہ تمام مباحث ہوں گے اور انہیں یاد ہوگا کہ کس طرح مسٹر شفیع داؤدی کا اپنے انتخابات میں غلط اور بے ضابطہ حسابات داخل کرنا ٹریبونل کی تحقیقات سے ثابت ہوگیا تھا اور اس نے کس طرح جدید وجوہ کی بنا پر وائسرائے سے یہ سفارش کی تھی کہ غلط حسابات داخل کرنے کی وجہ سے از روئے قانون مروجہ انتخاب میں کھڑے ہوسکنے کی صلاحیت جو سلب ہو جایا کرتی ہے اسے معاف کر دیا جائے ...

کوئٹہ میں کھدائی کا کام

کوئٹہ میں کھدائی کا کام شروع کرنے کے متعلق حکومت ہند کی جانب سے ایک سرکاری بیان شائع کیا جا چکا ہے جسے ہم آج کی اشاعت میں کسی دوسری جگہ پر نقل کر رہے ہیں۔ اس بیان میں بتایا گیا ہے کہ کرنل رسل کی رپورٹ میں کھدائی کا کام شروع کرنے کے متعلق جو سفارشات کی گئی تھیں حکومت ہند ان پر عمل پیرا ہونے کو آمادہ ہے ...

زیادہ اور کچھ نہیں کہنا چاہتے۔

حوادث و احکام

استفتاء

کیا فرماتے ہیں علمائے دین و مفتیان شرع متین مسئلہ ذیل کے بارے میں ...

الجواب

خریداران الجمعیۃ کو چاہیے کہ خط و کتابت کے وقت چٹ نمبر کا حوالہ ضرور دیا کریں ورنہ عدم تعمیل ارشاد معاف۔

(منیجر الجمعیۃ دہلی)

مسلمانوں اور سکھوں سے حکومت پنجاب کی کیا گفت و شنید ہوئی تھی

صیغہ راز کی گفتگوؤں کا ایک مفصل سرکاری بیان میں اظہار

سکھوں کی اخلاقی پستی اور مسلمانوں کا مذہبی احساس

سکھوں کے خیالات

حکومت کی تشریح

شہید گنج لاہور کی مسجد کا انہدام

مسلمانان دہلی کا جامع مسجد میں ایک عظیم الشان جلسہ

۱۲ جولائی۔ آج بعد نماز جمعہ حضرت مولانا مفتی محمد کفایت اللہ صاحب صدر جمعیۃ علماء ہند کی زیر صدارت مسلمانان دہلی کا ایک عام جلسہ ہوا ...

کمزور وعدے

مساعی امن

ایک ناقابل قبول حل

پشاور میں دفعہ ۱۴۴ نافذ کر دی گئی

لاہور کے واقعات کی صدائے بازگشت

نتھیا گلی ۱۲ جولائی۔ گوردوارہ شہید گنج کے سلسلہ میں لاہور کے واقعات نے پشاور میں عام جوش پیدا کر دیا ہے ... آج پشاور میں ... کوئی تعلق نہیں ہے۔

دارالعوام میں جمعیۃ اقوام کی پالیسی پر

لائڈ جارج اور مارگن کی تقریریں

کومیلا (بنگال) میں دو اخلاقی جماعت

مسجد کی شہادت کے بعد لاہور کی عام حالت

(سلسلہ صفحہ ۳)

دو سکھوں کی برأت

ہڑتال کا اعلان کرنیوالوں کا مقدمہ

نیک چلنی کی ضمانت داخل کرنیکا فیصلہ

نماز کیلئے کرفیو آرڈر کے اوقات میں ترمیم

حکومت سے درخواست

مسلمانوں کو حکومت کا جواب

اٹلی میں جنگ کی تیاریاں

دو ہزار باشندے ہلاک اور دس لاکھ متاثر

حبش کے ہندوستانی

صوبہ دہلی میں ہیضہ کی وبا

ایک ہفتہ میں ۲۳۳ اموات

مفتی سرحد حضرت مولانا عبدالرحیم پوپلزئی

حجاز میں

ارجن سے پانچ ہزار کی ضمانت کا مطالبہ

جاپان میں زبردست زلزلہ

ریوالور اور کارتوس برآمد ہوئے

کلکتہ میں ایک شخص گرفتار

کانگریس کمیٹی کی مجلس عاملہ کا اجلاس

بابو راجندر پرشاد کا فیصلہ

آنریری مجسٹریٹ پر قاتلانہ حملہ

تین ملزمان کو سزا

راولپنڈی ۱۱ جولائی۔ مسٹر ... صاحب ایڈیشنل ڈسٹرکٹ مجسٹریٹ نے موضع ... (راولپنڈی) کے چھ مسلمانوں کو راجہ عباس علی صاحب آنریری مجسٹریٹ پر قاتلانہ حملہ کرنے کے جرم میں مختلف سزائیں دیں۔ اس مقدمہ میں گیارہ ملزمان ماخوذ تھے۔ پانچ بری کر دئے گئے اور تین ملزمان کو دو دو سال ایک کو ڈیڑھ سال اور دو کو ایک ایک سال قید کی سزائیں دی گئی ہیں۔ ملزمان کو ہتھکڑیاں لگا کر جیل میں لے جایا گیا۔

صوبہ سرحد میں مصیبت زدگان کوہاٹ کیلئے چندہ

ضلع کوہاٹ کو ایک ریلیف وفد جس میں فخر بنگش غلام حیدر خان ... بنگو علی بادشاہ صاحب صدر انجمن اسلامیہ بنگو ... عبدالحنان سابق کپتان خدائی خدمتگاران بنگو تشریف لائے ... بعد نماز ظہر ایک غیر معمولی جلسہ ... علی بادشاہ صاحب سالار ... غلام حیدر خان صاحب سابق صدر ڈسٹرکٹ کانگریس کوہاٹ نے مصیبت زدگان زلزلہ کی دردناک داستان بیان فرمائی ... کا کام شروع کیا۔ لوگوں نے بہت دل کھول کر چندہ دیا۔ ... شام کو فراہمی چندہ کا کام ختم ہوا۔ صبح ... بجے وفد کوئٹہ روانہ ... لاری بنگو کو روانہ ہوا۔

خاکسار سید محمد قاسم شاہ المعروف دہدان شاہ سابق نائب سکرٹری کانگریس کمیٹی زریاب ضلع کوہاٹ

ایشیاٹک لیبر کانفرنس کے انعقاد کی تجویز بین الاقوامی لیبر کانفرنس نے مسترد کردیا

بین الاقوامی لیبر کانفرنس میں مسٹر راما سوامی مدلیار نے تجویز پیش کی کہ ایشیائی لیبر کے متعلق امور پر غور کرنے کے واسطے ایک ایشیاٹک لیبر کانفرنس منعقد کی جاوے۔ ... ووٹ ریزولیوشن کی حمایت میں اور ... ووٹ مخالفت میں آئے مگر کورم پورا نہ ہونے کی وجہ سے ریزولیوشن مسترد ہوگیا ...

مزدوری معلوم کرنیکی مشینری کے قیام کی ضرورت

مسٹر راما سوامی مدلیار کی تجویز

بین الاقوامی لیبر کانفرنس میں مسٹر راما سوامی مدلیار نے تجویز پیش کی کہ ہر ملک میں جہاں (اب تک موجود نہیں) ویج فکسنگ مشینری قائم کی جائے۔ ریزولیوشن ... مزدوروں کے مقابلہ میں ... ووٹوں کی حمایت سے پاس ہوا۔ دنیا کے بہت حلقوں سے ویج فکسنگ ... معیار نہ ہونے کی وجہ سے ایک طرف مزدوروں ... دوسری طرف ان کی تعداد میں روزانہ تخفیف ہوتی ...

انجمن محافظ اوقاف و تعلیم اسلام بدایوں کا قیام

عہدہ داران و اراکین کا انتخاب

بتاریخ ۶ ماہ جون ۱۹۳۵ء بوقت ۵ بجے شام کو محلہ حاجی عبدالقادر صاحب مرحوم بدایوں میں ایک جلسہ عام زیر صدارت مولوی آصف علی صاحب صاحبزادہ مولانا سید یونس علی صاحب قبلہ منعقد ہوا ... اور حسب ذیل تحریکات پیش ہو کر پاس ہوئیں ...

کوئٹہ میں کھدائی کے متعلق حکومت ہند کا سرکاری بیان

میلیتھ کمشنر کی سفارشات کے مطابق آئندہ لائحہ عمل

ا۔ ہر جون ۱۹۳۵ء کی سرکاری اطلاع میں حکومت ہند نے یہ بتایا تھا کہ ہمیں نے پبلک ہیلتھ کمشنر کی رپورٹ موصول ہو گئی ہے (جو انگ سے شائع کی جارہی ہے) جس میں منجملہ اور باتوں کے کوئٹہ میں ملبہ کی کھدائی کا کام شروع کرنے کے سوال پر بحث کی گئی ہے ... ہے اور جہاں آسانی سے رسائی ہو سکتی ہے اور جہاں اس کا کچھ امکان ہے کہ کوئی نہ کوئی لاش ملبہ میں دبی ہوئی ہوگی وہاں عام طور پر ملبہ کی کھدائی کا کام شروع کر دیا جائے۔ سڑکوں کی صفائی کا ابتدائی کام مقامی مزدوروں کے ذریعہ سے شروع کر دیا گیا ہے ...





ہمدرد دواخانہ یونانی دہلی

دفتر اخبار ستارہ لال کنواں دہلی

حضرت سحبان الہند مولانا الحاج حافظ احمد سعید صاحب ناظم جمعیۃ علماء ہند کی تقریر سیرت

یہ تقریر اپنی بے شمار خصوصیات کے اعتبار سے ایک عجیب و نادر مجموعہ ہے جو نہ صرف موجودہ دور میں بلکہ آئندہ نسلوں کے لئے بھی یادگار رہے گا ...

معارف ... جامعہ ... خلافت ...

ملنے کا پتہ: منیجر الجمعیۃ بک ایجنسی بلیماران دہلی

جوائنٹ پارلیمنٹری کمیٹی کی رپورٹ

اردو میں

مشترکہ پارلیمنٹری کمیٹی کی رپورٹ کا اردو ترجمہ شائع ہو گیا ہے ... زبان میں تمام آئینی مسائل پر مفصل بحث پڑھنے کے خواہشمند ہوں وہ فوراً ہم سے رپورٹ کا ایک نسخہ طلب فرمالیں ...

ملنے کا پتہ

الجمعیۃ بک ایجنسی بلیماران دہلی

جنت اور دوزخ

ہر مسلمان کا ایمان ہے اور ہر سعادتمند روح دوزخ سے پناہ مانگتی ہے اور جنت کی تمنا رکھتی ہے۔ نبی کریم علیہ الصلوٰۃ والتسلیم نے تفصیل کے ساتھ بیان فرما دیا ہے ...

ملنے کا پتہ: مکتبہ علمیہ۔ گلی قاسم جان دہلی

کلام پاک اور نعت خوانی کے بعد مولانا سمیع اللہ صاحب نے بعثت نبی امی صلی اللہ علیہ وسلم پر ایک مختصر تقریر کی اسی دوران میں نواب محی الدین خان صاحب حضرت مولانا احمد سعید صاحب اور مولانا محمد یسین صاحب کو لے کر جلسہ گاہ میں تشریف لائے۔ مولانا سمیع اللہ صاحب کے بعد مولانا حفظ الرحمن صاحب نے سیرت پاک کے نظری و عملی پہلوؤں پر ... روشنی ڈالی ...

انجمن ہال میں جلسہ

مجلس ... کی جانب سے ... جولائی ۱۹۳۵ء ... بجے شب کو سیرت کمیٹی کی ... انجمن ہال میں تیسرے جلسہ کا اعلان کیا گیا تھا۔ توقع یہاں بھی مسلمانان ناگپور نے اپنی دینی حمیت کا ثبوت دیا اور ہر حصہ شہر کے مسلمان جلسہ میں شریک ہوئے ... آخری جلسہ تھا ... حضرت مولانا احمد سعید صاحب اور حضرت مولانا حفظ الرحمن صاحب نے سیرت کے بقیہ اہم عنوانوں پر ...

ناگپور میں مجالس سیرۃ النبی کی مفصل کیفیت

حضرۃ العلامۃ الحاج الحافظ مولانا احمد سعید صاحب ناظم جمعیۃ علماء ہند اور حضرت مولانا حفظ الرحمن صاحب سیوہاروی کی ورود مسعود اور مختلف مقامات پر مسعود تقریریں

(نامہ نگار ناگپور کے قلم سے بذریعہ ڈاک)

امسال ۱۳ جون ۱۹۳۵ء کی تاریخ ناگپور کی اسلامی آبادی کو مشکل سے محو ہو سکے گی جب کہ حضرت مولانا احمد سعید صاحب مدظلہ اور مولانا حفظ الرحمن صاحب سیوہاروی نے پہلی مرتبہ ...

سیونی میں علمائے کرام کی تقریریں

حضرت مولانا احمد سعید صاحب کا لاجواب بیان

... بھی سیونی کی کوثر سے دھلی ہوئی زبان میں مجمع کی اثرپذیری کا یہ عالم تھا ... ٹاؤن ہال سیونی سی چھوٹی جگہ کو دیکھتے ہوئے دو ہزار کا مجمع بہت غنیمت تھا ... ہم سیونی کے جلسہ کی کامیابی پر جناب حاجی کشفت الدین خان صاحب کو مبارکباد دیئے بغیر نہیں رہ سکتے ... ۱۷ جون کو ناگپور میں مختصر راحت لینے کے بعد مولانا حفظ الرحمن صاحب اور حضرت ناظم صاحب مولانا محمد یسین صاحب کے اصرار پر ۱۸ جون ۹ بجے صبح کلکتہ میل سے رائے پور تشریف لے گئے۔

ساٹھ سالہ ہندو کا قتل

لاہور ۱۱ جولائی کیتھل کرنال کے ایک ساٹھ سالہ ہندو کے قتل کے الزام میں جھنڈو وغیرہ دو اشخاص کی اپیلوں کی سماعت ہائی کورٹ میں ہوئی ...

ایک سکھ کا قتل

امرتسر ۱۲ جولائی ایک اطلاع موصول ہوئی ہے ...

اشتہار دینے سے

کامیابی یقینی ہوتی ہے مگر شرط یہ ہے کہ جس پرچہ میں اشتہار دیا جائے وہ قابل اعتماد ہو ...

مصفا خون کی شربتیہ گولیاں

گدڑی اینڈ کو جالندھر شہر (پنجاب)

تعلیم الاسلام

منے کا پتہ: الجمعیۃ بک ایجنسی دہلی

رسالہ اٹھتی ہوئی جوانی بالکل مفت

پتہ: وید شاستری حکیم نگر کاٹھیاواڑ

شیر لیتھو کتابت کی سیاہی

SHER LITHO INK

اے شیر اینڈ کمپنی ... جالندھر شہر (پنجاب)

A. SHER & Co. 22 Jullundur

ناظرین و مشتہرین کی خاص توجہ کیلئے

کرسمس نمبر

دو سو روپیہ انعام ... نمبر اور ضمیمہ

تیج دہلی کا شہرۂ آفاق کرسمس نمبر ...

منیجر اخبار تیج دہلی

... اوقات میں ... کوئی بھی تبدیلی نہیں کی جا سکتی۔

وقت بدل دیا گیا

لاہور ۱۱ جولائی سردار ... سنگھ ڈسٹرکٹ مجسٹریٹ لاہور نے مندرجہ ذیل اعلان شائع کیا:- چونکہ ... جولائی سے ... کرفیو ... بجے سے صبح ... بجے تک ...

خواجہ فیروز الدین بیرسٹر کا بیان

... ابطال نواز ...

فی الحقیقت دوائے بیاطیسی

... شاہ آباد ...
عمل محبت کے شائقین ہمارا جنتر گوہر مراد منگالیں۔ اس کو اپنے پاس رکھ کر آپ اپنے دل میں جس کا نام لیں گے خواہ وہ کیسا ہی بے پروا مغرور اور سخت کلام کیوں نہ ہو۔ جہاں کہیں بھی ہوگا آپ سے ملنے کے لئے تڑپنے لگیگا اور جب بھی آپ اس کے سامنے جائیں گے وہ آپ سے اپنی محبت کا اظہار کرے گا۔ اور ہر وقت آپ کے ساتھ رہنے کی خواہش کرے گا۔ نیز گم شدہ کی تلاش کرنا کسی کے دل کا بھید و ریاضت کرنا کسی چور کا پتہ لگانا، مردہ روحوں سے بات چیت کرنا۔ غرضیکہ آپکے ایک سوال کا مکمل جواب آپ کو مل جائے گا اور اگر آپ کے دل میں کوئی ایسی خواہش ہے جو کہ باوجود کئی ہزار کوششوں کے بھی پوری نہیں ہوئی تو وہ بھی ہمارے جنتر کے پاس رکھنے سے گنتی کے دنوں میں پوری ہو جائے گی۔ ہدیہ جنتر ایک روپیہ علاوہ محصول ڈاک۔

(نوٹ) غلط ثابت کرنے والے کو پانچسو روپیہ نقد انعام دیا جائیگا۔

ملنے کا پتہ:۔ منیجر جرمن کمرشل ایجنسی نمبر ۲۷ پٹھان کوٹ ضلع گورداسپور (پنجاب)

بچوں کیلئے اردو کی ایک عجیب و غریب کتاب

اردو زبان بچوں کے لئے سلیس دلچسپ اور نصیحت آمیز نظموں کی ضرورت جنہیں بچے شوق سے گا کر یاد کر سکیں ایک زمانہ سے محسوس کی جا رہی تھی۔ ... بچوں کا تحفہ ...

...

جنت اور دوزخ

...

غریبوں کا قرآن مجید مترجم

...

الجمعیۃ بک ڈپو گلی قاسم جان بلی ماران دہلی

وہ کتابیں جن کو پڑھنے اور پڑھ کر محفوظ رکھنے کی ضرورت ہے

طب روحانی ... رسول کی دعائیں ... حسن الوظائف ... ضیاء الحکمت ... دستور العمل اطباء ... فتاویٰ اشرفیہ ...

الجمعیۃ بک ڈپو گلی قاسم جان دہلی

اخبار الجمعیۃ میں اشتہار دیکر اپنی تجارت کو فروغ دیجئے

مسلمانوں کیلئے مفت تحفہ

...

شیخ محمد اسمٰعیل ... گلی قاسم جان دہلی

تار کا پتہ: "الجمعیۃ دہلی"

رجسٹرڈ نمبر ایل ۱۸۹۳

Aljamiat

الجمعیۃ دہلی

سہ روزہ

(ایڈیٹر ہلال احمد زبیری ایم اے)

جلد ۲۲ | دہلی یوم یکشنبہ ۲ رجمادی الثانی ۱۳۵۴ ہجری مطابق یکم ستمبر ۱۹۳۵ء | نمبر ۱۶

مسولینی گوروں کے مفاد کیلئے کالوں کو فتح کرنے پر تلا ہوا ہے

اطالوی ارادوں کو چھپانے کی کوئی کوشش نہیں کی ہے

مسلمانانِ مصر و حبش کے جذبات اٹلی کے خلاف

لندن ۳۰ اگست

کوئٹہ میں کھدائی کا کام

چار لاکھ روپیہ کی مالیت و جائیدادیں

شملہ ۳۰ اگست

سرحد پر اب تک لڑائی ہو رہی ہے

اشتعال انگیز پمفلٹ تقسیم کئے جا رہے ہیں

بلجیم کے بادشاہ اور ملکہ کو موٹر کا حادثہ کس طرح پیش آیا

ایک اندوہناک واقعہ کی تفصیلات

انڈین پریس کے منیجر کو سزا

ایکٹ کا رخانجات کی خلاف ورزی

لندن ۳۰ اگست

شملہ میں اسمبلی کا تازہ اجلاس

حبش کی جنگ کے متعلق قرارداد پیش کرنے کی تجویز

دہلی ۳۰ اگست۔ کل رات تقریباً ایک درجن ممبران اسمبلی شملہ جاتے ہوئے دہلی سے گزرے۔ ان میں مسٹر عبدالمتین چودھری، پنڈت نیل کنٹھ داس، ڈاکٹر بنرجی، سید مرتضیٰ بہادر، مسٹر حاجی عبدالستار سیٹھ، ڈاکٹر ضیاء الدین اور مسٹر گری کے نام قابل ذکر ہیں۔ ... مسٹر آصف علی کے ہمراہ شملہ روانہ ہوئے۔ اسٹیشن پر مسٹر آصف علی اور دیگر اصحاب کو الوداع کہنے کے لئے کثیر تعداد میں کانگریس کارکن اور ان کے احباب موجود تھے۔

پنڈت نیل کنٹھ داس (کانگریس پارٹی) نے اپنی روانگی سے پیشتر نمائندہ پریس کو ایک بیان دیا جس کے دوران میں آپ نے ہندوستانی رائے عامہ کے خلاف ہندوستانی افواج کی عدیس ابابا کو روانگی کے خلاف اظہار ناراضگی کیا اور فرمایا کہ وہ اس کے خلاف بطور احتجاج اسمبلی میں التوائے اجلاس کی تحریک پیش کرنے پر غور کر رہے ہیں۔

فسادات سکندرآباد کے مجروحین و مقتولین

سرکاری اعلان

حیدرآباد دکن ۲۹ اگست۔ حکومت نظام کے محکمۂ اطلاعات کی جانب سے کل ایک اعلان شائع کیا گیا ہے جس کے ذریعہ عوام کو مطلع کیا گیا ہے کہ سکندرآباد کے فرقہ وارانہ فساد کے دوران میں ہلاک شدگان اور مجروحین کی تعداد ... بیرونی اخبارات میں دی گئی ہے وہ بہت زیادہ ہے ...

مسلمانانِ پٹنہ کا عظیم الشان جلسہ

"صوبہ بہار کا وقف بل بغیر مناسب ترمیم کے ناقابل قبول ہے"

پٹنہ ۳۰ اگست۔

جمعیۃ اقوام کی سرگرمیاں

لندن ۲۹ اگست۔ جمعیۃ اقوام کی کونسل کے جلسہ میں جو برطانوی وفد شریک ہوگا اس میں سر جیمز کل مور، مسٹر ایڈن، مسٹر برجن اور چند اور اصحاب شامل ہوں گے۔

مسولینی کے اعلان پر اظہارِ طمانیت

جرمنی میں ۳۹ پھانسیاں

برسرِ اقتدار سیاسی پارٹی کا جذبۂ انتقام

مسلمانانِ دہلی کا تعزیتی جلسہ

دہلی ۳۰ اگست

نماز جمعہ کے بعد جامع مسجد میں مسلمانانِ دہلی کا ایک عام جلسہ ہوا جس میں مولانا عظمت اللہ صاحب نائب ناظم جمعیۃ علماء صوبہ دہلی اور مولانا محمد شفیع صاحب نے مولانا عبدالحلیم صاحب ناظم بہاری بنیجر پوری ایڈیٹر محدث کی بے وقت موت پر اظہار افسوس کیا۔ ... اور ایصال ثواب کیا گیا۔

سیاہی فروش کو سزائے قید

ٹریڈ مارک نقل کرنے کا الزام

دہلی ۳۰ اگست۔ آج مسٹر اسے آسیر سٹی مجسٹریٹ نے ایک سیاہی فروش مسمی چنی لال کو زیر دفعہ ۴۸۳ تعزیرات ہند ایک دوسرے سیاہی فروش مسمی رگھو نندن لال کے چند ٹریڈ مارک نقل کرنے کے جرم میں دو سو روپے جرمانہ یا دو ماہ قید محض کی سزا دی۔ ملزم نے فوراً جرمانہ دے دیا۔

میرٹھ میونسپل بورڈ کے ممبری کی علیحدگی

میرٹھ ۲۸ اگست۔ اطلاع ملی ہے کہ ممبر بورڈ میونسپل بورڈ کے ممبر مسٹر مقصود علی سالی کو لوکل گورنمنٹ نے ممبری سے علیحدہ کر دیا ہے۔

اس سلسلہ میں یہ کہا جاتا ہے کہ انہوں نے اپنی ممبری کا بیجا استعمال کیا تھا۔

حزب اللہ بہاولپور کی مساعی اتحاد کا انجام

کوئی خاطر خواہ کامیابی حاصل نہیں ہو سکی

اراکین وفد کی جانب سے ایک بیان

"زمیندار" اور "مجلس احرار" کا افسوسناک تصادم

مسجد شہید گنج کی واگزاری کے سلسلہ میں مجلس احرار اور "زمیندار" کے درمیان جو کشمکش پیدا ہو گئی تھی، اور ایک دوسرے پر تنقید کا جو ایک ہولناک سلسلہ شروع ہو گیا تھا اس سے مدعوعہ مسلمانوں کو پریشان کر رہا تھا بلکہ مسلمان جماعتوں میں منقسم ہوتے چلے جا رہے تھے۔ ... "احرار" اور "تحفظ شہید گنج" کے جلسوں میں انتشار اور تصادم کی خبروں سے متواتر اخبارات کے کالم ...

اصولی اختلاف

مجلس احرار میں آئینی تبدیلیوں کی ضرورت

ارکانِ وفد کی زعمائے ملت سے ملاقات

گمشدہ کی تلاش

(دعبدالستار خاں)

بارہ کا اندوہناک واقعہ

(اخبار الجمعیۃ کیلئے بہترین تفسیر بہترین خریداری ضرورت ہے)

دام واپس

جڑی بوٹی میڈیکل اسٹور پوسٹ ہرالاکی ...

الجمعیۃ بک ڈپو دہلی کی مذہبی، ادبی اور درسی کتابوں کا نایاب ذخیرہ

حیرت انگیز رعایتی اعلان

مشہور و معروف دو ترجمہ والا معجز نما متوسط قرآن مجید معہ کامل تفسیر

حمائل شریف مترجم مع خلاصۃ التفاسیر

پادری کی لڑکی کا قبولِ اسلام

کفرستانِ ابوجہیا کی ایک سعادتمند روح

پانچ ترجموں والا قرآن شریف

تقریر سیرت

حضرت سحبان الہند مولانا الحاج حافظ احمد سعید صاحب کے واعظ حسنہ

تاج کمپنی کی مطبوعات

تعلیم الاسلام

اصحابِ بدر

حیاتِ حافظ خاں

بلاغ مبین

اشاعتِ اسلام

تاریخ المشاہیر

پارلیمنٹری کمیٹی کی رپورٹ

سیاسیاتِ ہند

مرقاۃ العربیہ

جنت کی کنجی

حصہ اول — قیمت فی جلد ۶
حصہ دوم — قیمت فی جلد ۸
حصہ سوم — قیمت فی جلد ۱۰

دوزخ کا کھٹکا

علم الصرف حصہ اول

الجمال والکمال

معارف الاسمیٰ

معلم الصرف اور معلم النحو

اختر اور رضیہ

ان تمام کتابوں کے ملنے کا پتہ حسب ذیل ہے

الجمعیۃ بک ڈپو۔ گلی قاسم جان۔ بلیماران دہلی

اسلام نے کسی انسان کے جسم کو بحیثیت انسان ناپاک قرار نہیں دیا۔

مولوی حلال کو حرام اور حرام کو حلال نہیں کر سکتے

حضرت سحبان الہند مولانا الحاج حافظ احمد سعید صاحب کی دوسری تقریر سیرت

(۱۶)

ان المؤمن لا ینجس

مجھے ان صاحب کے استفسار پر بے ساختہ ہنسی آگئی اور ساتھ ہی ایک حدیث بھی یاد آگئی۔ ایک دفعہ حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ حضور سے راستے میں ملاقات کی اور ...

وہ عورام سے نکاح کرنا چاہتے ہیں تو میری بیٹی کو طلاق دیدیں اور بنی ہشام کی لڑکی سے شادی کرلیں۔ فاطمہ میرے جسم کا ایک ٹکڑا ہے جس کو وہ ناپسند کرتی ہے اُس چیز کو میں بھی ناپسند کرتا ہوں اور جس چیز سے فاطمہ کو تکلیف ہوتی ہے اُس سے مجھکو بھی تکلیف ہوتی ہے ...

جسم پر موجود ہو تو وہ حصہ جسم ناپاک ہوگا خواہ وہ مسلمان کا بدن ہو یا کافر کا۔ اور اگر ظاہری نجاست لگی ہوئی نہ ہو تو وہ جسم پاک ہے۔ محض اس بنا پر کہ کسی کافر کا جسم ہے اُسکو ناپاک کہا جائے یہ صحیح نہیں ہے۔ یہ امر کہ کسی آدمی کے جسم کو ناپاک سمجھا جائے اور محض اس بنا پر ناپاک سمجھا جائے کہ اُس کے خیالات یا عقائد ہمارے خلاف ہیں یہ ایک ایسا غلط اور نامعقول خیال ہے کہ کوئی سمجھدار اس کا قائل نہیں ہوسکتا۔ چہ جائیکہ اسلام ایسی نامعقول بات کہے اگر یہ اصول تسلیم کیا جائے کہ کافر یا مشرک کا جسم ناپاک ہے تو پھر کسی کافر کے ہاتھ کی چھوئی ہوئی چیز کا کیا سوال ہے۔ بلکہ اس کا مطلب تو یہ ہوگا کہ کسی کافر کو ہاتھ لگانا یا اُس کے پاس بیٹھنا یا اُس سے ہاتھ ملانا یہ سب حرام ہو جائے گا۔ اگر یہ نامعقول بات کسی مذہب ...

حضرت علیؓ دوسرا نکاح ثانی

...

عام اس سے کہ وہ مسلمان کا جسم ہو یا کافر کا۔ اسلامی تہذیب میں انسانی شرافت کا پورا پورا لحاظ کرتے ہوئے اس امر کو صاف کر دیا گیا ہے کہ انسان کا جسم اگر اس پر کوئی ظاہری نجاست پیشاب یا پاخانہ لگا ہوا نہ ہو تو وہ پاک ہے۔ اگر کوئی ظاہری نجاست کسی انسان کے ...

جزیرہ منڈانو میں اسلام

سماٹرا کے ایک فاضل سیاح کی بیان کردہ معلومات

(خاص الجمعیۃ کے لئے)

[مندرجہ ذیل معلومات مجھکو سفر حج میں امیر حکیم عبدالمالک باشندہ جزیرہ سماٹرا سے جو دنیا کے سفر پر نکلے ہیں حاصل ہوئی ہیں۔ امیر موصوف سماٹرا کی ڈچ یونیورسٹی کے گریجویٹ ہیں۔ بر سبیل تبلیغ اسلام کے سلسلہ میں جزائر فلپائن اور سیام کا سفر کر چکے ہیں۔ چھ برس قبل سماٹرا سے دنیا کے سفر پر نکلے ہیں۔ تقریباً ایک برس ہندوستان کے مختلف شہروں کا سفر کرکے حج کے لئے جا رہے ہیں۔ وہاں سے شام، مصر، ترکی، ایران ہوتے ہوئے براہ روس یورپ کا سفر ...

حکومت

فلپائن کے تمام جزائر پر ایک گورنر جنرل حکومت کرتا ہے۔ ایک مجلس قانون ساز ہے جس میں ۲۴ منتخب ممبر اور ۲ سرکاری نامزد ہیں۔ آج سے دو برس قبل امریکی حکومت نے جزائر کو قوم آزادی عطا کی ہے۔

تعلیمی حالت

منڈانو کے مسلمان اسلام کے بڑے شیدائی ہیں۔ زمانہ قدیم سے ان میں عربی تعلیم کا رواج چلا آرہا ہے۔ جزیرہ کی ہر مسجد میں ...

جغرافیہ

مذہبی حالت

تاریخ

... کہ اسپین والوں کو غلبہ حاصل ہوگیا اور اسلامی حکومت بالکل بے دست و پا ہوکر رہ گئی۔ دسمبر ۱۸۹۸ء سے ریاستہائے متحدہ امریکہ کے ماتحت فلپائن کے تمام جزائر آگئے اور اب تک اس کی حکومت ہے۔

تبدیل کرنے کے لئے جبر و اکراہ سے کام لیا۔ جب چند صدی بعد اسپین والے آئے تو اپنے کو سرآوردہ قوم کا آدمی ظاہر کرکے بڑے بڑے حقوق اور مراعات کا دعویٰ کیا اور ...

(باقی صفحہ ۹ پر ملاحظہ فرمائیں)

اخبار الجمعیۃ کی توسیع اشاعت کے لئے سعی فرما کر اپنی علم نوازی کا ثبوت دیجئے۔

(منیجر الجمعیۃ دہلی)



ہم اور آپ قانون کی ہوا میں سانس لیتے ہیں
ہماری زندگی کا کوئی چھوٹے سے چھوٹا فعل ایسا نہیں
جس پر کوئی نہ کوئی قانون حاوی نہ ہو
پھر اگر ہم قانون کو نہ پڑھیں نہ سمجھیں
تو ہماری کتنی بدنصیبی ہے
رسالہ قانون لاہور
ہمارے لئے ایک مشعل ہدایت ہے
ہمیں چاہئے کہ قانون کو باقاعدہ پڑھا کریں
بے حد مفید اور کارآمد چیز ہے
ملنے کا پتہ: منیجر رسالہ قانون۔ انارکلی لاہور (پنجاب)

مغرب کی جدید تہذیب کے تباہ کن نتائج

نوجوان مردوں اور عورتوں کی مخبوط الحواسی

(ولایتی ڈاک کے مقتبسات)

(۷)

والدین کی مرضی کے خلاف کورٹ شپ

متعدد بار اپنی معشوقہ کو قتل کرنے کی کوشش

لورپول کی ایک عدالت میں وکیل سرکار نے ملزم مسٹی ولیم الفرڈ کیمبل جونی کا وہ حیرت خیز بیان پڑھ کر سنایا جو اُس نے پولیس میں لکھوایا تھا۔ الزام یہ تھا کہ اُس نے ایک دوشیزہ سارا اپنی محبوبہ کو ...

اس بات پر آمادہ ہوگئے کہ پل پر سے اپنے آپ کو گرا دیں۔ بس بیٹی کو تنہا رہ جانے کا اندیشہ تھا اس لئے وہ خود پیچھے گرنے پر اصرار کرتی تھی۔ میں نے سہارا دیا اور وہ "پیارے! الوداع" کہہ کر گرگئی۔ مجھے پیچھے گرنے کی ہمت نہ ہوئی اور میں نے دیکھا کہ وہ بھی نہیں مری۔ کسی کے دیکھ لینے کے ڈر سے میں بھاگا اور کوئیچ ڈرائیو کی زراعت گاہ میں چھپ گیا۔ اس وقت بارش بہت زور کی ہو رہی تھی۔

(۸)

بیوی کی زندگی میں چھ عورتوں سے شادی

روپیہ اینٹھنے کے طریقے اختیار کرتا رہا

برسٹل کے ایک شخص ارنسٹ الفرڈ بیٹس نے سالسبری کی عدالت کے فیصلے کے خلاف فوجداری عدالت عالیہ میں اپیل کی۔ اس شخص کو سالسبری کی عدالت سے بیوی کے جیتے جی دوسری شادی کرنے کے جرم میں ...

اگرچہ اس وقت بھی میرے خیالات پراگندہ ہیں۔ لیکن میرا خیال ہے کہ میں نے سوائے ذاتی تاثرات کے سب کچھ لکھ دیا ہے اور یہیں اپنا بیان کو ختم کرتا ہوں۔"

دونوں نے مقدمہ کی پیروی کا حق محفوظ رکھا۔ دونوں کا مقدمہ مانچسٹر کی عدالت کے سپرد کر دیا گیا۔ دونوں میں سے کسی نے بھی ضمانت پر رہا ہونا پسند نہیں کیا۔

... ہونے موقعہ شناکر والی بیوی کو چھوڑا تو اس کے چار بچے تھے۔ اور بالاتھ والی بیوی سے ایک ہزار پاؤنڈ اینٹھے۔ اینٹی کی ملاقات مسز کوپر سے ایک اشتہار کے ذریعہ ہوئی۔

(باقی صفحہ ۸ پر ملاحظہ ہو)

... یہ بیان کرنا چاہتا ہوں کہ دوسروں کے اعتراضات اور عرصے تک انتظار کی وجہ سے ہماری یہ حالت ہوگئی تھی۔ ہم دونوں اپنے اپنے گھر میں پریشان اور رنجیدہ رہتے تھے۔ میرے جسم پر جو زخم ہیں وہ میرے اپنے ہی ہاتھ کے ہیں۔

ختم نبوت

(از مولانا سید حمید صاحب امام خلف اکبر شمس العلماء حاجی سید احمد صاحب امام جامع مسجد دہلی)

اسلام کہتا ہے کہ نبوت کا سلسلہ حضرت آدم علیہ السلام سے شروع ہوا اور حضرت محمد صلی اللہ علیہ وسلم پر ختم ہوگیا۔ جہاں تک اس عقیدہ کے امکان کا تعلق ہے اس میں کسی شخص کو اختلاف نہیں ہے کیونکہ مذہب اسلام کائنات انسانیت کو حادث مانتا ہے اور جب نوع انسان کی ابتدا اور انتہا ہے تو نبوت کی بھی کوئی ابتدا و انتہا ہوگی یعنی کوئی پہلا نبی ہے تو آخری نبی بھی ہوگا۔ بحث اس امر کی ہے کہ آیا کسی نبی پر وحی نبوت کا ختم ہو جانا اس نبی کے نقص و شرف پر دال ہے یا اس کی شان کو گھٹا دینے والی چیز ہے۔

ظاہر ہے کہ وحی ان احکام الٰہی کو کہتے ہیں جو نبی کی معرفت بندوں پر نازل کئے جاتے ہیں۔ اب ہمیں دیکھنا یہ ہے کہ وہ حکم جس کے بعد کوئی حکم نہ آئے اپنی شان میں کس پایہ کا ہونا چاہئے۔ ظاہر ہے کہ ایک حکم کے بعد دوسرے حکم کا آنا یا ایک نبی کے بعد دوسرے نبی کا مبعوث ہونا صاف اس بات کی دلیل ہے کہ پہلا حکم یا پہلی نبوت یا تو ضعیف اور ناقابل استقلال ہے یا محدود الوقت ناقص اور کمزور ہے جس کے مجموعی چلنے پر طبعاً ایک موید کی ضرورت پڑے یا اس کی جائے کوئی ...

رہنے والا اور کفایت کرنے والا ہے ناقص قرار دیا اور آنحضرت کی قوت رشد و ہدایت کو اور ان وحی والہامات کو جو آپ پر نازل ہوئے۔ کمل اور اکمل نہ جانا۔

کہا جاتا ہے کہ نبوت اگر انعام الٰہی ہے تو آنحضرت کی نبوت نے اس انعام کو کیوں بند کر دیا۔ حالانکہ اس خیال کے علی الرغم آنحضرت کی ذات سے انعام نبوت کا منقطع ہونا بند ہوا ہے نہ کہ اس کا جاری رہنا بر خلاف دوسرے نبیوں کے کہ ان کے کام کی تکمیل کے بعد دیگرے منقطع ہوتی رہیں ایک نبی کی رسالت ختم ہوئی تو دوسرے نبی کا زمانہ آیا لیکن آنحضرت کا زمانہ اب کبھی ختم نہ ہوگا بس اس سے فیضان نبوت کا استمرار پایا جاتا ہے نہ کہ انقطاع نبوت۔

(باقی صفحہ ۲۰ پر ملاحظہ فرمائیں)

مسلسل افسانہ (خاص الجمیعۃ کیلئے)

طوفانِ حوادث

(۶)

ہیرتراش نے اس جانب دیکھتے ہوئے کچھ سوچ کر کہا "نہیں وہ اُس وقت وہی قمیص پہنے ہوئے تھے جو کل شام کو ان کے جسم پر تھی"

"اس میں بٹن لگے ہوئے تھے؟"

شاہد علی نے اپنی جیب میں سے انگوٹھی نکال کر ہیرتراش کو دیتے ہوئے کہا "اسے اچھی طرح دیکھو۔ کیا اس سے پہلے تم نے اسے کبھی دیکھا ہے؟"

ہیرتراش نے اسے اچھی طرح الٹ پلٹ کر دیکھا اور کہا "نہیں اس سے پہلے میں نے اسے نہیں دیکھا"

"تمہیں یقین ہے کہ اُس وقت ساڑھے نو بجے تھے؟"

"راجہ صاحب روزانہ شب کو ٹھیک ساڑھے نو بجے دودھ پینے کے عادی تھے اور یہی وقت مقررہ پر روزانہ دودھ کو ٹھے پر لے جاتا تھا جہاں وہ سوتے تھے لیکن پچھلی رات انہوں نے مجھے حکم دیا تھا کہ الماس کے ٹریر ہنے کے کمرے میں دودھ پہنچاؤں کیونکہ وہاں انہیں کچھ دیر کام کرنا ہے"

"اچھا، اس کے بعد تم نے انہیں نہیں دیکھا؟"

"اس کے بعد میں نے انہیں باتیں کرتے سنا تھا"

"اس سے تمہارا کیا مطلب؟"

...

"پھر اس کے بعد تم نے راجہ صاحب کو نہیں دیکھا؟"

"نہیں اس کے بعد نہیں دیکھا"

"اچھا اس عشق کی طرف دیکھ کر بتاؤ کہ کیا شب میں تم نے انہیں دیکھا تو یہی قمیص پہنے ہوئے تھے؟"

پہلے ہی انہوں نے کچھ کہا تھا لیکن وہ میں نہیں سنتا تھا

(باقی آئندہ)

آپ کا مستقبل
یقیناً تفکرات اور پریشانیوں کی زد سے بچ سکتا ہے
بشرطیکہ آپ آج ہی
مسلم انڈیا انشورنس کمپنی لمیٹڈ لاہور
میں اپنی زندگی کا بیمہ کرالیں ہندوستان میں یہی
مسلمانوں کی واحد بیمہ کمپنی
ہے جسکے ڈائرکٹروں میں باوقار اور پایہ ناز مسلمان ہستیاں شامل ہیں کمپنی کی بعض ..... نہایت عمدہ اور مفید ہیں جن میں
شرح چندہ کم اور منافع زیادہ
ہے مسلم انڈیا میں بیمہ کرانا "یک کرشمہ دو کار" کے مترادف ہے یعنی اپنے اہل و عیال کی فلاح و بہبود اور اپنی قوم کی معاونت
مزید معلومات
مینجنگ ڈائرکٹر مسلم انڈیا انشورنس کمپنی لمیٹڈ۔ لاہور
یا
منظور احمد عثمانی بی۔ اے انسپکٹر مسلم انڈیا انشورنس کمپنی لمیٹڈ (لاہور) فتحپوری، چاندنی چوک دہلی
سے حاصل کریں

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم

الجمعیۃ دہلی

یوم یکشنبہ ۲ر جمادی الثانی ۱۳۵۴ھ

مسلمانانِ ہند کیلئے تعمیری کاموں کی ضرورت

اصلاح رسوم و معاشرت

جمعیۃ علمائے صوبۂ متحدہ کے سالانہ اجلاس میں شعبۂ تبلیغ قائم کیا گیا ہے اس کے متعلق اظہار رائے کرتے ہوئے ہم نے گزشتہ اشاعت میں اس امر پر زور دیا تھا کہ اس وقت ہندوستان کے علماء دین علماء کو اپنی قوم کے تعمیری کاموں کی طرف زیادہ سے زیادہ توجہ منعطف کردینی چاہئے کیونکہ یہ وقت نہ تو کسی سیاسی ہیجان کا ہے اور نہ اس وقت ملک کے اندر عام طور پر کوئی ایسی تحریک جاری ہے جو خالص سیاسی مقاصد رکھتی ہو اور اہل ملک کی تمام تر توجہ کو اپنی طرف جذب کرلینے میں حق بجانب ہو۔ اس وقت ضرورت ایسے کاموں کی ہے جو سکون کے زمانہ میں قوم کو ہر اعتبار سے قوی اور مستحکم بنانے والے ہوں اور اس کے اندر جو اجتماعی کمزوریاں موجود ہیں ان کو دور کرکے دوسری اقوام کے دوش بدوش چلنے کی قوت پیدا کرنے کی صلاحیت رکھتے ہوں۔

اس سلسلہ میں جو چیز اس وقت سب سے زیادہ توجہ کی مستحق ہے وہ مسلمانان ہند کی عام معاشرتی زندگی سے تعلق رکھتی ہے۔ اس امر میں کوئی شبہ نہیں ہے کہ ملکی آبادی کا ایک اہم ترین حصہ ہونے کی حیثیت سے جب تک مسلمانوں کے اندر وہ خصوصیات پیدا نہیں ہوں گی ...

[illegible]

پنجاب کے زمینداروں پر ساہوکاروں کا انتہائی ظلم

قرضہ کمیٹی کا قیام اور اس کی حمایت کیلئے اپیل

(از مولوی عبداللہ صاحب قصوری)

زمیندار ہندوستان کے لئے بمنزلہ ریڑھ کی ہڈی کے ہے۔ اسی پر حقیقت میں نظام حکومت کا انحصار اور اسی پر تجارتی منڈیوں کی گرم بازاری اور کارخانوں کی رونق کا دار ہے۔ بنئے کی روز افزوں دولت اور مل اونر کی سرمایہ داری غریب مزدور کی روح فرسا مشقت اور جفاکش کسان کی شبانہ روز محنت کا نتیجہ ہے۔ لیکن افسوس ہے کہ مالی اور تعلیمی لحاظ سے انہی جماعتوں کی سب سے بری حالت ہے۔ اکثر دو وقت پیٹ بھر کر کھانا بھی نصیب نہیں ہوتا ...

کیونکر سمجھا جا سکتا ہے۔ یہ موجودہ نظام کا ایک روشن پہلو ہے کہ اسمبلی نے زمیندار و مزدور کی اس مصیبت کا علاج سوچا۔ جدید قانون قرضہ پاس کرکے ۱۹ اپریل ۱۹۳۵ء سے صوبہ میں نافذ کردیا۔ اس قانون کی رو سے قرضداروں کو خاص مراعات حاصل ہوگئیں۔ جو پہلے حاصل نہ تھیں لیکن قرضداروں کی وہ دفعات جن کا تعلق طبقہ زمیندار و مزدور سے ہے۔ ان کا سمجھنا ہر شخص کے لئے آسان نہیں۔ ضرورت ہے کہ بل کے اس خاص حصہ کو چھوٹے ...

[illegible]

حوادث و احکام

استفتاء

کیا فرماتے ہیں علمائے دین و مفتیان شرع متین اندریں مسئلہ کہ ایک مسلم عاقل بالغ نے بحالت سکر بیوی کی کسی حرکت کے سبب غایۃ غضب سے از خود رفتہ ہوکر دو عورتوں کی موجودگی میں کہا کہ "بلاؤ چار آدمی کے سامنے طلاق دیں (اور بیوی کی طرف اشارہ کرکے کہا کہ) اس حرامزادی کو طلاق دیتے ہیں۔ اس حرامزادی کو طلاق دیتے ہیں۔ اس حرامزادی کو طلاق دیتے ہیں اس حرامزادی کو طلاق دیتے ہیں۔" بعد ازاں بعد طلاق اپنے باپ کے استفسار پر انکار کرتا ہے کہ ہم نے ہرگز طلاق نہیں دیا اور نہ ہمیں طلاق یاد ...

[illegible]

الجواب

[illegible]

یتمنها لا انها تقع و اجیبتان کان غنیا و تفرغ ذمتہ و سنتہ ان کان فقیرا و التصدق بالثمن تطوع محض (فی حقهما) و لا یحصل الفقیر ثواب اقامتہ السنۃ و لا یفرغ ذمتہ الغنی من الواجب) وان فتفرغ ذمتہ بالتصدق ثانیا بعد مضی ایام النحر کان کفارۃ لما وقع منہ من التقصیر فی الاتیان بالواجب و لکن لا یحصل لہ ثواب الطاعۃ) فکانت هی افضل (فی حقهما) و کلمۃ افضل هنا لیست للتفضیل بل فی معنی الخیر فمعنی قولہ فکانت هی افضل ای فکانت التضحیۃ خیرا فی حق الغنی و الفقیر کلیهما۔

محمد کفایت اللہ کان اللہ لہ

دہلی

ضروری تصحیح

الجمعیۃ کی گزشتہ اشاعت مورخہ ۲۸ اگست میں صفحہ ... مولانا قطب الدین عبدالوالی صاحب کی جو تقریر صدارت شائع ہوئی ...

[illegible]

زوجین کے حقوق شرعیہ کا تحفظ

ریاست حیدرآباد کیلئے ایک مسودۂ قانون

ریاست حیدرآباد دکن کی مجلس علماء نے حسب ذیل مسودۂ قانون اس غرض سے مرتب کیا ہے کہ اسے ریاست کی کونسل میں پیش کرا کے منظور کرایا جائے۔ اراکین مجلس مذکور کے علاوہ ہندوستان کے دیگر علماء کی آراء معلوم کرنے کے لئے اسے شائع بھی کردیا گیا ہے تاکہ تمام آراء جمع ہوجانے کے بعد مجلس اسے آخری طور پر پیش کرسکے۔

تمہید

ہرگاہ قرین مصلحت ہے کہ بعض امور مندرجہ احکام شرعیہ متعلق حقوق زوجین کی مزید وضاحت و صراحت کردی جائے۔ لہٰذا حسب ذیل احکام شرعیہ بطور قانون سرکاری کے نفاذ کا حکم دیا جاتا ہے۔

مختصر نام و تاریخ نفاذ

دفعہ ۱۔ یہ ضابطہ بنام ضابطہ تحفظ حقوق شرعیہ زوجین موسوم ہوسکے گا اور تاریخ اشاعت جریدہ سے ممالک محروسہ سرکار عالی میں نافذ ہوگا۔

ب۔ یہ ضابطہ ہر ایک ایسے مقدمہ یا کارروائی سے متعلق ہوگا جو تاریخ نفاذ ضابطہ ہذا پر زیر تحقیقات یا زیر تجویز ہو یا نفاذ ضابطہ ہذا کے بعد دائر کیا جائے اور جس کا تعلق از دواج اہل اسلام سے ہو۔

دعاوی فسخ نکاح و تفریق

دفعہ ۲۔ جب کوئی دعویٰ فسخ نکاح یا تفریق کی غرض سے دائر کیا جائے تو حسب ذیل وجوہ شرعیہ میں سے کسی ایک وجہ کا پایا جانا کافی متصور نہ ہوگا۔

الف۔ شوہر کی مفقود الخبری۔

ب۔ شوہر کا زوجہ کو نفقہ کی ادائی کرنا یا نہ کرسکنا۔

ج۔ احد الزوجین کا عیب معروضہ دفعہ (۶) میں سے کسی عیب میں مبتلا ہونا۔

د۔ احد الزوجین کا نشوز۔

ہ۔ خیار بلوغ۔

[illegible]

ہذا وہ جلد سے جلد اپنے قیام گاہ اور صحیح پتہ سے محکمہ کو اطلاع دے اور اپنی زوجہ مسماۃ فلاں کی شکایات کے رفع کردینے کا مناسب انتظام کردے ورنہ حسب احکام مسلک امام مالک رحمۃ اللہ علیہ اس کا نکاح فسخ کردیا جائے گا۔

توضیح

مسلک امام مالک رحمۃ اللہ علیہ یہ ہے کہ اگر مفقود نے مال بقدر کفالت نان نفقہ چھوڑا ہو تو تاریخ ارجاع دعویٰ سے چار سال گزرنے کے بعد محکمہ قضا نکاح فسخ کرسکے گا اور عدم کفالت کی صورت میں فوراً فسخ کرسکے گا۔

[illegible]

شاہی مسجد کے متعلق سرکاری اعلان

ریاست دہار کی شاہی مسجد کے متعلق الجمعیۃ میں جو مضامین شائع کئے جاچکے ہیں ان سے ناظرین کرام بخوبی واقف ہوں گے ...

[illegible]

معاصر مدینہ کا جدید ابتلا

بجنور کے مشہور و معروف قوم پرور اخبار مدینہ پر حکومت کی نظر عنایت اکثر رہتی ہے اور گزشتہ دور ابتلا و آزمائش میں مدینہ کو متعدد بار اپنے ایثار و قربانی کا ثبوت دینا پڑا ہے ...

[illegible]

شمالی مغربی سرحد پر کیا ہو رہا ہے؟

لشکروں کا اجتماع اور باہمی جھگڑے

برطانیہ نے ایک زمین خریدلی

ایک عرصہ کے انکار اور بغاوت کے بعد قبیلہ توری خیل نے آخر کار حکومت کی اطاعت قبول کرلی اور پچیس ہزار روپئے لیکر زرک کے قریب ایک علاقہ انگریزوں کے ہاتھ فروخت کردیا۔ یہ وہ علاقہ ہے جس پر سالہا سال سے محسودیوں اور وزیریوں میں جنگ آزمائی ہوتی رہی ہے۔

یہ حقیقت ہے کہ قبائل نے آج تک زمین کے جھگڑے کو آپس میں طے نہیں کیا ماضی میں اس سلسلہ میں جو کچھ ہوتا رہا ہے وہ یہ ہے کہ جب قبائل کسی زمین کے جھگڑے کو باہمی رضامندی سے طے نہ کرسکتے تو فیصلہ کسی سید یا معان کے ہاتھ میں بطور ثالث کے دیدیا جاتا تھا اور پھر وہ فیصلہ کرتا تھا اسے مان لیا جاتا تھا۔

[illegible]

چینی کا قتل

[illegible]

صوبہ بہار کے حالات

(نامہ نگار خصوصی کے قلم سے)

ایکشن پارٹی کا قیام

[illegible]

ضمنی انتخاب

[illegible]

کوئٹہ کے زلزلہ سے قبل

شہر اور اسکے مضافات کی حالت

حکومت کے سرکاری ریکارڈ سے مستند معلومات حاصل کرکے ایک پمفلٹ مرتب کیا گیا ہے جس میں زلزلہ کوئٹہ کے متعلق مختلف عنوانات کے ماتحت بہت سے ضروری مباحث پر بحث کی گئی ہے۔ اگرچہ ہم اس پمفلٹ کا پورا ترجمہ ایک ہی اشاعت میں شائع نہیں کرسکتے لیکن اس کے اقتباسات وقتاً فوقتاً شائع کرتے رہیں گے۔ آج کی اشاعت میں کوئٹہ کے زلزلہ سے قبل وہاں کے حالات کے متعلق جو کچھ لکھا گیا ہے اس کا اقتباس درج کیا جاتا ہے۔

[illegible]

دار الحکومت

خان بہادر شیخ محمد جان صاحب اعزاز میں شاندار ڈنر

صدر بازار کے سر برآوردہ تاجروں کی جانب سے

سپاسنامہ اور اس کا جواب

[illegible]

پنجاب میں یوم شمشیر

[illegible]

ایک بھنگی کو ریوالور مل گیا

[illegible]

نواب صاحب چھتاری کے چچا کی وفات

اظہار افسوس کیلئے دفاتر بند رہے

[illegible]

ریاست دھار کی جانب سے سرکاری اعلان

"یہ مسجد ہے اور آئندہ بھی مسجد ہی رہے گی"

دھار دربار گزٹ مورخہ ۱۳ اگست ۱۹۳۵ء جلد ۵ نمبر ۔۔۔ میں حسب ذیل اعلان محکمہ حضور دربار دھار کی جانب سے شائع کیا گیا ہے۔

[illegible]

تاریخ ۱۳ اگست ۱۹۳۵ء

(دستخط) کے۔ نادکار (دستخط) بی۔ ایس۔ باپٹ

دیوان دربار دھار دربار اور کونسل سکریٹری دربار دھار

پریوی کونسل میں مسجد شہید گنج کا مقدمہ

مسٹر جناح کے وکیل ہونے کی توقع

[illegible]

حکومت اٹلی کی تازہ کارروائی

پندرہ ہندوستانیوں کی گرفتاری

[illegible]

اطالوی کمیونک

[illegible]

جاپانی جہازوں پر انسٹرا کیوجی تنازی

روس اور جاپان میں جنگ کا خطرہ

[illegible]

حبش کے ساتھ ہمدردیاں ختم ہو رہی ہیں

فرانس کے سرکاری حلقوں کا خیال

[illegible]

مسٹر عظمت اللہ کے خلاف درخواست مسترد

سیشن جج نے فیصلہ سنادیا

[illegible]

نامہ نگاروں کیلئے قابل لحاظ امور

جو حضرات اخبار میں کوئی مضمون یا خبر یا مراسلہ بغرض اشاعت ارسال فرماتے ہیں ان کے لئے حسب ذیل امور کا لحاظ بہت ضروری ہے۔

(۱) تمام مضمون خوشخط لکھا ہوا ہونا چاہئے خط شکست میں نہیں لکھنا چاہئے۔

(۲) بین السطور کافی ہونا چاہئے تاکہ اگر کوئی غلطی کاٹنا یا بنانا ہو یا اگر کوئی عبارت بدلنا پڑے تو ایک سطر سے دوسری سطر با آسانی لکھی جا سکے۔

(۳) مضمون صرف کاغذ کے ایک طرف لکھنا چاہئے دونوں طرف نہیں لکھنا چاہئے۔

(۴) حتی الامکان زیادہ سے زیادہ اختصار کو ملحوظ رکھنا چاہئے جو مراسلہ جتنا مختصر ہوگا اتنا ہی بہتر ہے۔

(۵) ہر مضمون یا خبر یا مراسلہ بھیجتے وقت اس کو بھی طرح سمجھ لینا چاہئے کہ اس کا چھپ جانا یقینی نہیں ہے جس مراسلہ کو ضروری سمجھا جاتا ہے اسکو کسی نہ کسی اشاعت میں اخبار کی آسانی کے مطابق شائع کیا جاتا ہے۔ باقی مراسلات مسترد کر کے تلف کر دئے جاتے ہیں اس لئے ان کے بارے میں ہر قسم کی خط و کتابت بالکل بے سود ہوتی ہے۔

(۶) کم سے کم مراسلات و مضامین کی زبان اور املا صحیح ہونا چاہئے ...

اگر ان امور کا لحاظ کئے بغیر مضامین بھیجے گئے تو وہ شائع نہیں ہونگے

ختم نبوت

(بسلسلہ صفحہ ۳)

حقیقت یہ ہے کہ نبوت کا کمال اسی جگہ متحقق ہو سکتا ہے اور ہمیشہ جاری رہنے والی صرف وہی ہو سکتی ہے جس کے بعد کوئی نبی نہ ہو ختم نبوت کا مسئلہ جمہور اہل اسلام کے نزدیک ایک ثابت شدہ حقیقت ہے لیکن مخبر صادق صلعم نے اپنی زندگی میں مسلمانوں کو خبردار کر دیا تھا کہ تیس یا تیس کے قریب جھوٹے اور فریبی ... میرے بعد ایسے ہوں گے جو خیال کریں گے کہ میں صرف نبی ہوں حالانکہ میں خاتم النبیین ہوں میرے بعد کوئی نبی نہ ہوگا ...

حضرت مولانا غلام غوث صاحب کی گرفتاری اور رہائی

مسلمانوں میں بے انتہا اضطراب

جمیعۃ علمائے سہارنپور کا عظیم الشان جلسہ

ارکین بھرتی کرنے کا فیصلہ

آج بتاریخ ۲۳ اگست ۱۹۳۵ء کو بعد نماز جمعہ جمیعۃ العلماء ضلع سہارنپور کی جانب سے ایک عظیم الشان جلسہ بصدارت مولانا منظور النبی صاحب منعقد ہوا تلاوت کلام پاک کے بعد مولانا نے اپنی صدارتی تقریر شروع کی جس میں ملک کے موجودہ حالات پر روشنی ڈالتے ہوئے جمیعۃ العلماء کے اغراض و مقاصد بیان فرمائے تقریر تقریباً ایک گھنٹہ تک جاری رہی آخر میں موصوف نے مسلمانوں سے اپیل کی کہ جمیعۃ العلماء کے مقاصد کو تقویت پہونچانے کے لئے اور اس کی آواز کو مضبوط بنانے کے لئے ... جمیعۃ العلماء کے ممبر بنیں تاکہ دنیا اور گورنمنٹ پر یہ بات روشن ہو جاوے کہ جمیعۃ العلماء کے مطالبات کی پشت پر کون طاقت ہے ...

ایک کارخانہ کی وجہ سے عوام کو تکلیف

میونسپلٹی کے ہیلتھ ڈیپارٹمنٹ کی فوری توجہ کیلئے

جزیرہ منڈانو میں اسلام

(بسلسلہ صفحہ ۲)

ملک کے قدیم باشندوں کو ... ان لوگوں نے سختی سے مقابلہ کیا اور کچھ عرصہ تک اسپینیوں کو جزیرہ چھوڑنا پڑا۔ جب پھر دوسری مرتبہ واپس آئے تو جزیرہ کے بڑے حصہ پر غاصب ہو کر ظلم و ستم کرنا شروع کیا اور جبراً عیسائی بنانے لگے تاہم جمعیت کو کامیابی نہ ہو سکی ...

میرٹھ میونسپلٹی کا آئندہ انتخاب

لیگ اور پارٹی میدان عمل میں

میرٹھ ۲۷ اگست میرٹھ میونسپل بورڈ کے آئندہ انتخاب کے لئے ابھی تک جو پارٹیاں میدان عمل میں تھیں ان میں ایک اور پارٹی کا اضافہ ہو گیا ہے۔

اس پارٹی کا نام پیپلز پارٹی بتایا جاتا ہے جس کو میونسپلٹی کے موجودہ ممبران نے ہی قائم کیا ہے ...

دام واپس

سیناٹوجن سے طاقت اور تندرستی محسوس کیجئے

SANATOGEN

خضاب چھوڑ دو

جذباتی دنیا کا شاہکار

ونس کی ہر دلعزیزی

غریبوں کا قرآن مجید معرّا

مسلمانوں کیلئے مفت تحفہ

نگارستان کشمیر

ولادت مسیح کے متعلق ایک علمی بحث

عقل و نقل کی روشنی میں

(مولانا قاضی انوار الحق صاحب مفتی ریاست مانگرول کے قلم سے خاص الجمیعۃ کیلئے)

(۱۷)

(۵) بعض اور حضرات نے حضرت مسیح کے باپ ثابت کرنے میں اس آیت کو پیش کیا ہے۔ والتی احصنت فرجہا فنفخنا فیہا من روحنا اور لکھا کہ چونکہ محصنہ خاوند والی عورت کو کہتے ہیں۔ لہٰذا احصنت کا معنی ہوگا کہ خاوند کے ذریعہ سے اپنی شرمگاہ کی حفاظت کی۔

(جواب) احصان لغت میں محض حفاظت کرنے کو کہتے ہیں اور احصان کے حقیقی معنی ہیں۔ خاوند کا مفہوم احصان کے معنوں میں زیادہ کر لیا جاتا ہے کیونکہ ظاہر ہے کہ جب ایک عورت خاوند کر لیتی ہے تو خواہشات نفسانیہ کے جائز طریق پر پورا ہونے کے باعث اپنے ستر کو بدکاری سے بچا لیتی ہے ...

(جواب) سب سے پہلے مکمل حدیث ملاحظہ فرمائیے تاکہ ڈاکٹر صاحب کا ولا تقربوا الصلوٰۃ پر عمل بلا ملاحظہ و انتم سکاریٰ ظاہر ہو جائے۔ حدیث یہ ہے۔

واخرج ابن جریر وابن ابی حاتم عن الربیع قال ان النصاریٰ اتوا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم فخاصموہ فی عیسیٰ ابن مریم وقالوا لہ من ابوہ وقالوا علی اللہ الکذب والبہتان فقال لہم النبی صلی اللہ علیہ وسلم الستم تعلمون انہ لا یکون ولد الا وہو یشبہ اباہ قالوا بلیٰ قال الستم تعلمون ان ربنا حی لا یموت وان عیسیٰ یاتی علیہ الفناء قالوا بلیٰ ...

کوئٹہ کے زلزلہ سے قبل

(بسلسلہ صفحہ ۹)

زبردست انقلاب

الفاظ جانتے ہیں یا ......

حیرت انگیز رعایت

بچوں کیلئے اردو کی ایک عجیب و غریب کتاب

بچوں کی اکسیر دوا

بال جیون گھٹی

جنت اور دوزخ

صرف دو روپیہ بارہ آنہ میں پانچ گھڑیاں

وہ کتابیں جن کو پڑھنے اور پڑھ کر محفوظ رکھنے کی ضرورت ہے

طب روحانی — دعائے مقبول — رسول کی دعائیں — احسن الوظائف — ضیاء الحکمت — فتاوی خفریہ — دستور العمل اطباء

الجمیعۃ بک ڈپو گلی قاسم جان دہلی

رجسٹرڈ نمبر ایل ۱۷۹۳

تار کا پتہ: "الجمعیۃ دہلی"

Aljamiat

الجمعیۃ دہلی

سہ روزہ

(ایڈیٹر: ہلال احمد زبیری (ایم اے))

جلد ۲۲ | دہلی یوم پنجشنبہ ۶ رجمادی الثانی ۱۳۵۴ھ ہجری مطابق ۵ ستمبر ۱۹۳۵ء | نمبر ۱۷

راولپنڈی میں مسجد شہید گنج کانفرنس کا کامیاب اجلاس

ڈکٹیٹر کا انتخاب اور دوبارہ سول نافرمانی شروع کرنے پر غور

صوبہ پنجاب اور صوبہ سرحد کے مندوبین کا کثیر اجتماع

پریس اور پولیس کو اجازت نہیں تھی

مسجد شہید گنج کی واگزاری کا مذہبی مطالبہ

(۳) نمائندہ مجلس شوریٰ کا قیام

(۴) یوم مسجد شہید گنج

سول نافرمانی

امیر شریعت اور نائب امیر شریعت کا انتخاب

ایسوسی ایٹڈ پریس کی اطلاع

میونسپلٹی کی ملازمتوں میں فرقہ وارانہ تناسب

آبادی کی بنا پر مسلمانوں کی تعداد بڑھانے کا مطالبہ

دہلی ۳ ستمبر

دہلی میونسپل کمیٹی کے گیارہ ممبران نے دہلی میونسپل کمیٹی کو ایک خط لکھا ہے جس میں یہ خواہش ظاہر کی گئی ہے کہ کمیٹی کے ماتحت ملازمتوں میں فرقہ وارانہ تناسب میں تبدیلی کی جائے۔

طرابلس الغرب میں قیامت صغریٰ

ساجد کو شہید کر کے گرجے اور چراگاہیں بنا لیا گیا

ڈاکٹر ضیاء الدین کی اصلاحات

مسلم یونیورسٹی سے ایک طالب العلم کا اخراج

علیگڑھ ۳ ستمبر

مسلمانوں پر گولیوں کی بارش

جمعیۃ علمائے صوبہ دہلی کا سالانہ اجلاس

مجلس عاملہ کا فیصلہ

دہلی ۴ ستمبر

آج دفتر جمعیۃ علماء ہند واقع گلی قاسم جان میں جمعیۃ علماء صوبہ دہلی کی مجلس عاملہ کا جلسہ زیر صدارت حضرت مفتی صاحب مدظلہ منعقد ہوا۔

اسمبلی کا اجلاس شروع ہو گیا

کانگریس پارٹی مسٹر گابا کی تحریک التوا کی تائید کرے گی

شملہ ۴ ستمبر

میرٹھ میں ایک مسجد کے قریب گوردوارہ بنانے کی کوشش

سکھ مسلم فساد ہوتے ہوتے رہ گیا

میرٹھ ۳ ستمبر

چھپرہ میں انڈیپنڈنٹ پارٹی کا قیام

چھپرہ ۳ ستمبر

زوجین کے حقوق شرعیہ کا تحفظ

(سلسلہ صفحہ ۴)

توضیح

نشوز احد الزوجین

عیوب احد الزوجین

حق فسخ بصورت وجود عیب قبل نکاح

استثناء

حق فسخ بصورت حدوث عیب بعد نکاح

عدم نفاذ نکاح صغیر

فسخ نکاح بصورت ولایت اب وجد

فسخ نکاح بصورت لعان

ارتداد

نوٹ

فقیر سید محمد بادشاہ حسینی القادری

معتمد مجلس علماء دکن

پنڈت جواہر لال نہرو

فروری سے پہلے رہا نہیں ہونگے

شملہ ۲۸ اگست

مغرب کی جدید تہذیب کے تباہ کن نتائج

(سلسلہ صفحہ ۳)

الجمعیۃ بک ڈپو دہلی کی مذہبی ادبی اور درسی کتابوں کا نایاب ذخیرہ

حیرت انگیز رعایتی اعلان

حمائل شریف مترجم مع خلاصۃ التفاسیر

پادری کی لڑکی کا قبول اسلام

کفرستان اجودھیا کی ایک سعادتمند روح

تاج کمپنی کی مطبوعات

تقریر سیرت

حضرت سحبان الہند مولانا الحاج حافظ احمد سعید صاحب کا وعظ

پانچ ترجموں والا قرآن شریف

بلاغ مبین

حیات حافظ خاں

تعلیم الاسلام

اصحاب بدر

اشاعت اسلام

تاریخ المشاہیر

سیاسیات ہند

بانیٔ کمیٹی کی رپورٹ

علامات محصول

دوزخ کا کھٹکا

جنت کی کنجی

مرقاۃ العربیہ

معلم الصرف اور معلم النحو

اختر اور رضیہ

معارف الاسلامی

اجمال والکمال

الجمعیۃ بک ڈپو گلی قاسم جان بلیماران دہلی

اسلام نے کسی انسان کے جسم کو بحیثیت انسان ناپاک قرار نہیں دیا ہے

شریعت کے احکام اور قومی غیرت کا سوال

حضرت سحبان الہند مولانا الحاج حافظ احمد سعید صاحب کی دوسری تقریر

(۷)

انما المشرکون نجس کا مطلب

غیرت و حمیت کا سوال

تصدیق نبوت اور نزول عذاب

حضرات! آپ نے دیکھا ایک طرف نبوت و قرآن کی تصدیق تھی اور دوسری طرف رسالت پناہ کی رحمت عامہ کی شہرت تھی اللہ تعالیٰ نے اس شہرت کا تحفظ کیا اور اس کی پرواہ نہیں کی کہ یہ ایسے کفر اور تکذیب میں مضبوط ہو جائیں گے کیونکہ وہ جانتے تھے کہ جن کی قسمت میں ایمان نہیں ہے وہ تو کسی طرح بھی ایمان نہ لائیں گے اگر عذاب نازل کر بھی دیا گیا تو بھی محروم القسمت لوگوں کو ایمان نصیب نہ ہوگا۔

(باقی آئندہ)

معاصرین کے افکار و آراء

تہذیب مغرب کی کشتی

ہم عرض کر چکے ہیں کہ برطانیہ کے نزدیک حبش و اطالیہ کی جنگ برطانوی مفاد و مقاصد کا سوال ہے۔ اور برطانیہ کی خواہش یہ ہے کہ برطانوی مفاد کی حفاظت جنگ کے بغیر ہی ہو جائے لیکن اطالیہ ...

خود شہنشاہ حبش اپنی ملکی فوج جدید اسلحہ سے آراستہ تو ہیں لیکن اس کے سپاہی بڑے بہادر اور جنگ آزما قبائل سے منتخب کئے گئے ہیں۔ بہر حال اطالیہ کی ایبسینیا کا اور ... سو ہوائی جہاز ادھر ادھر ہوائی جہاز بم گرائیں گے۔ اور ادھر اطالوی پیادہ فوج بزن بول دے گی۔

یہ عجیب بات ہے کہ جنگ شروع نہیں ہوئی لیکن اطالیہ کے مصارف ...

بلقان کا مستقبل

کرپان اور سکھ

حبشہ اور اطالیہ

امداد باہمی کی تین (۳) شاندار کامیاب تجویزیں

اول شادی فنڈ۔ اپنے چھوٹے بچوں کو ممبر کرا کر آپ ۵۰۰ روپے تک کی امداد بوقت شادی حاصل ہونے کا فائدہ حاصل کر سکتے ہیں چندہ ماہوار صرف ایک پیسہ فیس داخلہ معمولی ہے۔ دوئم گولڈن ایڈ سکیم۔ اس سکیم میں ممبر ہو کر آپ پانچ ہزار روپے تک انعام حاصل کرنے کے ۱۲ چانس اور سو سو روپیہ تک قرضہ بلا سود حاصل کرنیکا ذریعہ حاصل کر سکتے ہیں۔ صرف بارہ روپیہ آپکو ادا کرنے ہونگے۔ سوئم موت فنڈ۔ اس سکیم میں ممبر ہو کر آپ اپنے پس ماندگان کیلئے ۵۰۰ روپے تک کی امداد کا ذریعہ حاصل کر سکتے ہیں۔ ہماری کمپنی نے تھوڑے عرصہ میں پندرہ ہزار کے قریب اپنے ممبران کو تقسیم کیا ہے۔ صرف چند کلیمز کے نتائج تحریر ہیں اس سے آپکو پتہ چلے گا کہ کس قدر شاندار اور مفید تجاویز ہیں۔

نام و پورا پتہ متوفی کلیمن جن کے ورثا کو روپیہ دیا گیا	سرٹیفکیٹ نمبر	متوفی ممبر نے کل کتنا روپیہ دیا			تعداد روپیہ جو کمپنی نے متوفی کے وارثوں کو دیا	کمپنی نے متوفی کے چندہ سے کتنا گنا زیادہ دیا
شاہ مال بیدی صاحبہ بنت خواجہ محمد صاحب دوکاندار پکار ڈسٹرکٹ ...	۲۴۸	۵/۸	۱۰	۱۲	۱۶۷	۳۰ گنا
... حکیم نصیر الدین صاحب معرفت ... خاں صاحب مختار عدالت فوجداری ...	۴۷	۷/۸	۰	۱۳	۲۸۰	۳۷ گنا
انور خاں صاحب ولد تہاہیر خاں صاحب ... بنارسہ سرکل ... ناگپور	۲۷۱	۴/۸	۰	۰	۴۵۲	۶۰ گنا
محمد پایا صاحب معرفت محمد علی صاحب ... گنٹور (مدراس)	۴۱۸	۶/۸	۰	۰	۵۰۰	۵۵ گنا
سکینہ بی بی صاحبہ معرفت سپاہی عبد الرحیم صاحب منشی محلہ ایلور (مدراس)	۵۶۰	۹/۸	۳	۱۱	۱۰۵	۱۹ گنا
علی بخش صاحب معرفت عبد المجید صاحب ملازم ...	۱۶۱۴	۱۶		۱۲	۹۳	۴ گنا

نوٹ:۔ اسی طرح آپکی کمپنی نے قریباً پندرہ ہزار روپیہ کم از کم ... گنا اور زیادہ سے زیادہ ... گنا تک تقسیم کیا ہے۔ خیال کیجئے کہ اس سے بہتر اور کیا مفید تجویز ہو سکتی ہے۔ مفصل حالات معلوم کرنے کے لئے ایک کارڈ تحریر کر کے فارم داخلہ و قواعد جس قدر درکار ہوں مفت منگوالیں۔

ضرورت ہے!! ضرورت ہے!! ضرورت ہے!!

کمپنی کو ہر قصبہ، شہر، ضلع میں بارسوخ، محنتی، دیانتدار ایجنٹوں کی ضرورت ہے کمیشن معقول دیا جاتا ہے۔ ہمارے ایجنٹ پچاس روپے ماہوار معمولی محنت سے کما سکتے ہیں۔ مسٹر محمد ملتان آف کنٹور (مدراس) نے ایک سال میں تین ہزار روپے سے زائد کمیشن لیا ہے جلد درخواست کریں۔ اپنے اور کاموں کے ساتھ اس کام کو کر کے اپنی آمدنی بڑھا سکتے ہیں۔ ایجنسی فارم حاصل کرنے کے لئے درخواست کے ہمراہ ... کا ٹکٹ ارسال کریں۔ بغیر ٹکٹ موصول ہوئے ایجنسی فارم نہیں بھیجا جاوے گا۔

سید عباس علی شاہ "احسان" مینجنگ ڈائریکٹر

دی بغداد پراویڈنٹ انشورنس کمپنی لمیٹڈ بستی کوٹھی نمبر ۱۵ لودھیانہ (پنجاب)

سنہ ۱۹۳۴ء کا حج بیت اللہ

خطرات صحت اور دیگر امور کے متعلق اعداد و شمار

[بین الاقوامی طبی کونسل کے دفعہ ۱۵ کے زیر تحت حج کی سالانہ رپورٹ اسال مرتب ہوئی ہے جس کا خلاصہ "مسلم ورلڈ" میں شائع ہوا ہے۔ قارئین "الجمعیۃ" کے لئے اس کا ترجمہ ذیل میں درج کیا جاتا ہے۔ (ادارہ)]

آب رسانی کا نظم

حج کا موسم

حجاج کی صحت

مصری حجاج

کوائف جرمنی

(خاص الجمعیۃ کے لئے نامہ نگار خصوصی کے قلم سے)

سال میں دو دفعہ لائپزگ (Leipzig) میں نمائش ہوتی ہے۔ ایک نمائش کو موسم خزاں کی نمائش کہتے ہیں اور دوسری نمائش کو موسم بہار کی نمائش کہتے ہیں۔ ناظرین الجمعیۃ کو تمام کارروائی سے آگاہ کیا جا چکا ہے ...

موسم خزاں کی نمائش

صنعت و حرفت کے نمونے

(باقی صفحہ ۷ پر ملاحظہ فرمائیں)

جو قانون آپ کی رگ رگ پر حکومت کرتا ہے کیا آپ اس سے بے خبر رہنا چاہتے ہیں

اگر ایسا ہے تو بہت ہی الم ناک ہے

رسالہ "قانون" لاہور

اس لئے جاری کیا گیا ہے کہ آپ خود قانون سے واقف ہوں

یہ رسالہ صرف وکلاء ہی کے لئے مفید نہیں بلکہ

آپ کے لئے بھی نہایت کارآمد چیز ہے

اور ہندوستان بھر میں اس کی خوبیوں کی دھاک مچ گئی ہے۔

قیمت سالانہ ... علاوہ محصول ڈاک ... (نمونہ مفت)

ملنے کا پتہ:۔ منیجر رسالہ "قانون" انارکلی لاہور (پنجاب)

مسلسل افسانہ (خاص الجمعیۃ کیلئے)

طوفان حوادث

(۷)

"تاں یہ شبہ میں ڈالنے والی بات ضرور ہے لیکن اس کے یہ معنی یقین کے ساتھ نہیں لئے جا سکتے کہ اگر انہوں نے مارنے کی دھمکی دی تو لامحالہ انہیں نے مار بھی ڈالا ہو .... وہ راتوں کو ٹہلنے کے متعلق اکثر بی کا رہیں باہر جاتے تھے، تم بتا سکتے ہو کہ وہ کس کارخانہ کی، اور کس رنگ کی ہے؟"

کر لے۔"

اس اثنا میں سول سرجن نے اپنا مختصر جائزہ ختم کر لیا اور کہا مختصر یہ ہے کہ ان کی موت چاقو کے زخم سے واقع ہوئی ہے۔ زخم لگتے ہی فوری موت ہوئی اور غالباً پچھلی رات دس گیارہ بجے کے درمیان ایسا ہوا ہے ...

چوتھا باب

(باقی آئندہ)

ایک مشہور ڈاکٹر لکھتا ہے کہ میں اس عورت کو کلزانہ کے استعمال کا مشورہ دیتا ہوں۔ جو انیما کے مرض میں مبتلا ہو۔ اور جو ایام ماہواری کی خرابی سے پیدا ہوتا ہے اس سے عجیب و غریب نتیجہ ظاہر ہوگا۔"

کلزانہ

تمہاری بیوی کو تندرست و توانا بنا دے گی

کیا تمہاری بیوی کو بھی درد وغیرہ زنانہ امراض کی شکایت ہے جو ایام کی بے قاعدگی کے باعث پیدا ہو جاتے ہیں؟ ان تمام مشکلات پر غالب آنے کیلئے کلزانہ جو ایک مجرب غذا ہے اس کا ایک ڈبہ خرید کر بیوی کی مدد کرو۔ کلزانہ میں وہ تمام عناصر موجود ہیں جو خون کو تقویت پہنچاتے اور نبض کی طاقت کو آہستہ آہستہ بڑھاتے ہیں اور ان تمام چیزوں پر زبردست اثر رکھتے ہیں۔ ایک عورت جو کلزانہ کے استعمال سے پہلے تکالیف اٹھا چکی ہے لکھتی ہے کہ "کلزانہ کو آخر کار میں نے تمام امراض کے لئے تمام علاجوں کا سرتاج پایا ہے جو قدرت کا ایک زبردست عطیہ ہے۔ کلزانہ عورتوں کی زندگی کے لئے ریڑھ کی ہڈی ہے" بے ضرر تندرستی کے بعد آپ کی بیوی اور ماں ہونے کی حیثیت سے اپنے فرائض انجام دینے کے قابل ہو سکتی ہے۔ آج ہی سے اپنی بیوی کو کلزانہ کا استعمال شروع کرائیے۔ کلزانہ تمام شکایات کو دور کر کے عورت کو بہتر طاقت اور عمدہ صحت کا حقدار بنا دیتی ہے۔ ہر دوا کا نذ ... دوا فروش کی دوکان پر ملتی ہے۔

Kalzana

تندرستی کے لئے ایک مجرب غذا ہے

کلزانہ میں کوئی ایسا جزو نہیں ہے جو کسی مذہب کے خلاف ہو

اسمبلی کا اجلاس شملہ میں
ہنگامی قانون کو مستقل کرنے کی کوشش
دو سو سے زائد قرار دادیں

شملہ ۱۰ اگست۔ اسمبلی کے شملوی اجلاس میں دو سو سے زیادہ ریزولیوشن پیش کرنے کا نوٹس دیا گیا ہے جن میں سب سے زیادہ دلچسپ ...

دار الحکومت

سبزی منڈی میں مولانا احمد سعید صاحب کا وعظ
ایک عزائی کا قبول اسلام

اٹلی سے پُر امن سمجھوتہ نہیں ہوگا
فوجوں کا اجتماع اور جنگ کی تیاریاں

عدیس ابابا ۱۰ اگست۔ اٹلی کے ساتھ پُر امن طریقہ پر سمجھوتہ ہونے کے بارے میں یہاں کے سرکاری حلقوں میں اظہار مایوسی کیا جا رہا ہے اور ہوائی حملوں کے خلاف احتیاطی تدابیر اختیار کرنے کے بارے میں شہنشاہ حبش نے جو احکام جاری کئے ہیں۔ ان سے عوام میں خدرے تشویش پھیل گئی ہے۔

حضرت مولانا قطب الدین عبدالوالی کا مکتوب گرامی

حضرت ناظم جمعیۃ علماء ہند میرٹھ میں

صدر بازار میں آتشزدگی
پولیس کی تفتیش

ڈیڑھ ہزار کی ساڑیوں کی چوری

دہلی یکم ستمبر کل جامع مسجد کے پاس حکیم محمد عبدالغنی کے مکان سے ڈیڑھ ہزار روپے کی ساڑیاں چوری ہو گئیں اس سلسلہ میں ایک نوکرانی پر شبہ ہے۔ پولیس کو اطلاع کر دی گئی ہے۔

صوبہ متحدہ کی تین میونسپلٹیوں کا تعطل دسمبر ۱۹۳۶ء تک جاری رہے گا

لکھنؤ ۱۰ اگست۔ معلوم ہوا ہے کہ یوپی کی حکومت نے اعلان ...

شائقین الجمعیۃ کیلئے ایک نادر موقع

خدا کا شکر ہے کہ گزشتہ چند ماہ سے الجمعیۃ کی جدید ترتیب اور تازہ دلچسپیوں کے باعث ملک کے ہر طبقہ میں اس کی مقبولیت روز بروز بڑھ رہی ہے اور اس کے خریداروں میں ہر ماہ ایسے حضرات کا معتد بہا اضافہ ہو جاتا ہے جو ذی استطاعت ہیں اور پوری قیمت ادا کر کے اخبار خرید سکتے ہیں لیکن کم استطاعت مسلمان بالخصوص مدارس عربیہ کے طلبہ و مدرسین اور دیگر اہل علم و اہل ذوق حضرات باوجود الجمعیۃ کے ساتھ انتہائی دلچسپی اور تعلق خاطر کے اس توسیع اشاعت کے سلسلہ میں کوئی فائدہ ابھی تک نہیں اٹھا سکے ہیں کیونکہ ایسی بے شمار درخواستیں جو الجمعیۃ کے سالانہ چندہ میں تخفیف کی غرض سے ...

سال بھر تک نصف قیمت پر

مضمون تصدیق

سرحد پر جنگ

میرٹھ کے راستہ میں لاری کو حادثہ
سولہ آدمی شدید مجروح

ورائسرائے ہلاک ہو گیا

جیل سے ایک قیدی فرار

پارسی ہوا بازوں کا پتہ لگ گیا

جشن میں امریکہ کو مراعات دینے کی خبر
اٹلی میں ناراضگی

امریکہ کی غیر جانبداری

کوئٹہ میں ملک الموت کا کام جاری ہے

حوادث و احکام

استفتاء

کیا فرماتے ہیں علمائے دین و مفتیان شرع متین اس مسئلہ میں کہ ...

الجواب

شذرات

صوبہ بہار کی مسلم انڈیپنڈنٹ پارٹی

صوبہ بہار میں آئندہ انتخابات عامہ کے لئے مسلمانان بہار کی ایک متفقہ جماعت انڈیپنڈنٹ پارٹی کے نام سے پٹنہ میں قائم ہوگئی ہے جس کی مختلف شاخیں صوبہ بہار کے اضلاع میں جا بجا قائم کی جا رہی ہیں جن کی اطلاعات الجمعیۃ میں وقتاً فوقتاً شائع ہوتی رہتی ہیں۔ جہاں تک ہمارے علم میں ہے صوبہ بہار کے اندر مسلمانوں کی یہ پہلی واحد منظم جماعت ہے جو محض اس لئے وجود میں آئی ہے کہ انتخابات میں ... مسلمانوں کے مذہبی و سیاسی حقوق کا تحفظ کرے ...

میونسپل کمیٹی کے ملازمین میں مسلمانوں کا تناسب

ریاست دھار کے مسلمانوں کا محضر نامہ

۱۹۳۴ء کا حج بیت اللہ

(بسلسلہ صفحہ ۳)

چنانچہ وزیر اعظم اور ایک مصری کمپنی کے درمیان ایک معاہدہ طے پایا۔ مصری کمپنی نے ایک برطانی جہاز جس کا نام "لیسٹر شائر" تھا خرید کیا۔ اس جہاز کی تعمیر ۱۹۰۹ء میں ہوئی تھی اور وزن ۲۲۰ ٹن تھا۔ مصری کمپنی نے اس کا نام "زمزم" رکھا۔

برطانی جہاز تھا جس کا نام "پینڈر" تھا یہ جہاز ... ۹۸ حاجی لے کر آیا تھا۔

حج سے واپسی

ضروری گزارش

(بسلسلہ صفحہ ۷ کالم ۴)

الجمعیۃ دہلی

بسم اللہ الرحمن الرحیم

یوم پنجشنبہ ۶ رجمادی الثانی ۱۳۵۴ھ

ہندو مہاسبھا اور مسلمان
انتہائی ناپاک ذہنیت کا مظاہرہ

ہندوؤں کی فرقہ وارانہ جماعت ہندو مہاسبھا کی تشکیل و تاسیس جن حالات کے اندر اور جس جذبہ کے ماتحت وجود میں آئی ہے اس کا یہ اثر ہے کہ اس کی جو حرکت ہوتی ہے وہ مسلمانوں کے لئے دل آزار و تکلیف دہ ثابت ہوتی ہے اور گزشتہ کئی سال کے تجربوں سے یہ ثابت ہو گیا ہے کہ اس جماعت کا مقصد حیات مسلمانان ہند کو ہر ممکن طریقہ سے ستانے اور نقصان پہنچانے کے سوا اور کچھ نہیں ہے۔ شدھی اور سنگٹھن کی زہر آلود فضا میں پیدا ہو کر ہندو مہاسبھا نے اپنی گھٹی ہی میں مسلمانوں کی مخالفت و معاندت کو حاصل کیا ہے۔ اور اب یہ چیز اس کے تمام نظام میں اس طرح سرایت کر گئی ہے کہ بغیر اس کے نہ وہ کوئی چیز سوچ سکتی ہے اور نہ کوئی قدم اٹھا سکتی ہے ...

کوئٹہ میں زلزلہ کس طرح آیا

اچانک حادثہ کے بعد امدادی تدابیر

(۲)

۳۱ مئی ۱۹۳۵ء کی رات کو تین بجے کے وقت طبقات ارض کے کوہ شکن جھٹکوں نے کوئٹہ کا گلا دبوچ لیا اور ۳۰ سکنڈ تک جھٹکے دیتا رہا جس کے بعد مردہ تھا۔ اس بلائے ناگہانی نے ...میل کا سفر تلات سے براہ مستنگ طے کیا اور اپنے پیچھے شکستہ مکانات اور اجاڑ آبادیاں چھوڑ گیا۔

کوئٹہ میں ہلاکت خیز زلزلے کے جنوبی حصہ کا منظر ناقابل بیان ...

بارکوں میں پہنچے۔ جہاں تقریباً تمام عمارتیں منہدم ہو گئی تھیں کہیں کوئی زندہ روح نظر نہیں آتی تھی۔ بارکوں کے بلاک بالکل معدوم ہو گئے تھے اور ایسا معلوم ہوتا تھا کہ جیسے کوئی فرانس کے جنگی محاذ کا دیہات تین سال کی جنگ کے بعد ہوتا۔ ہندوستانی اور انگریزی عملہ کا مجموعہ تعداد ۶۵۶ میں سے ۴۸۰ تو فوت ہو گئے تھے اور ۲۰ فی صدی مجروح تھے۔ اس شہر سے دور کی آبادی نے ...

آہ بدقسمت ہندوستان

تیری بربادی کا یہ دور کہ قدر ہمیں تیرا خیر ہے

جشن سیمین حضور ظل سبحانی

پچیس سالہ حکومت اعلیٰحضرت بندگانعالی امیر عثمان علی خاں

سرکار کی شوکت بڑھے اجلال بڑھے
جاہ و حشم و دولت و اقبال بڑھے
یارب ہو یہ سلطان دکن شاہ جہاں
و ثروت و ملکت و مال بڑھے

یہ خبر تمام ہندوستان میں عموماً اور ممالک محروسہ سرکار عالی میں خصوصاً نہایت مسرت کے ساتھ سنی گئی ہے کہ حضور ظل سبحانی کا ...

(نامہ نگار)

اسپرسیپہ نچھتر کے پانی میں تیراب

اسپرسیپہ برسات کے ایک مشہور نچھتر کا نام ہے۔ اسی نچھتر کی بارش میں قدرتی خصوصیت یہ ہے کہ اس کی سیرابی سے اکثر خاص قسم کے پودے گل جاتے ہیں جس سے صاف پتہ چلتا ہے کہ تیزابیت اس کی بارش میں تیزابیت ضرور ہے۔ خود ہمارا ہی ذاتی مشاہدہ ہے کہ ہمارے پائیں باغ کے تو گل شبو پر کدلی آفت آئی اور گل خیرو کا بالکل صفایا ہو گیا یعنی تقریب ترتیب سارے پودے خوشی و خرم اور برقرار رہتے لیکن اگست کے اسی نچھتر کو کیا کسی ... سے دشمنی تھی یا یہ آسمان کا کوئی انصاف تھا جو ہمارے چند گملے بالکل غائب ہو گئے۔ غور سے جو دیکھا تو ہائے ستم ...

حافظ محمد عبداللہ صاحب شیر علی آباد

آل انڈیا اردو کانفرنس کی تیاری

مجلس ادب دہلی کا اجلاس

علاقہ سہسرام میں زبردست بارش

نادہ نگاروں کیلئے قابل لحاظ امور

مولانا حالی کی صد سالہ برسی

سر تیج بہادر سپرو صاحب پال کی صدارت میں

الفاظ جانتے ہیں یا ......

وہ کتابیں جن کو پڑھنے اور پڑھ کر محفوظ رکھنے کی ضرورت ہے

طب روحانی — دعائے سیفی — رسول کی دعائیں — حسن الوظائف — ضیاء الحکمت — دستور العمل الاعمال — فتاوی اشرفیہ

الجمعیۃ بک ڈپو گلی قاسم جان دہلی

نروبیٹو پرلکو

بالمقابل مرکنٹائل بنک — فتحپوری — دہلی

بچوں کیلئے اردو کی ایک عجیب و غریب کتاب

الجمعیۃ بک ڈپو گلی قاسم جان دہلی

دام واپس

بچوں کی اکسیر دوا

بال جیون گھٹی

جنت اور دوزخ

مکتبہ علمیہ۔ گلی قاسم جان۔ دہلی

حب زرین

دواخانہ کنز المجربات (رجسٹرڈ) کوچہ چیلان گلی راجان دہلی سے منگائیے

نگارستان کشمیر

قلم آسیم

حیرت انگیز رعایت

ونیس کی ہر دلعزیزی

معجون مقوی معدہ

ہمدرد دواخانہ یونانی دہلی

مفرح مشکین

ہمدرد دواخانہ یونانی دہلی

مسلمانوں کیلئے مفت تحفہ

خضاب چھوڑ دو

غریبوں کا قرآن مجید معرا

الجمعیۃ بک ڈپو گلی قاسم جان دہلی

تارکا پتہ "الجمعیۃ" دہلی

رجسٹرڈ نمبر ایل ۱۷۹۳

Aljamiat

الجمعیۃ دہلی

سہ روزہ

ایڈیٹر۔ ہلال احمد زبیری (ایم۔ اے)

جلد ۲۲ | دہلی یوم دوشنبہ ۱۰ جمادی الثانی ۱۳۵۴ھ ہجری مطابق ۹ ستمبر ۱۹۳۵ء | نمبر ۱۸

شہنشاہ حبش کا جمعیۃ اقوام سے معقول مطالبہ

اٹلی اور حبش کے معاہدہ پر غور کر کے آخری فیصلہ کیا جائے

حبش کا بے قصور ہونا تحقیقات سے ثابت ہو چکا ہے

عدیس ابابا، ۷ ستمبر

شہنشاہ حبش نے جو تازہ سرکاری اعلان شائع کیا ہے اس میں جمعیۃ اقوام کو اٹلی اور حبش کے تنازعہ کا تصفیہ کرنے کی ازسرنو دعوت دی گئی ہے۔ اس اعلان میں بتایا گیا ہے کہ حادثہ ولوال کی تحقیقات سے یہ ثابت ہو گیا ہے کہ اس کی ذمہ داری حبش پر عائد نہیں ہوتی اب جمعیۃ اقوام کا یہ فرض ہے کہ وہ اس فیصلہ کو عملی جامہ پہنائے جو اس کی ۴ اگست والی قرارداد میں کیا گیا تھا۔ حبش کا منشا یہ تھا کہ تمام معاملہ پر غور کیا جائے گا اور اس کے متعلق موجودہ اجلاس میں ایک آخری فیصلہ کر کے کارروائی کی جائے گی۔ حبش جمعیۃ اقوام کے ایک رکن کی حیثیت سے یہ مطالبہ کرتا ہے کہ جمعیۃ اقوام کی کونسل اٹلی اور حبش کے معاہدہ کی تشریح و تفسیر پر غور کرے اور جو اسوقت تنازعہ میں ان کے متعلق بھی فیصلہ کرے۔

اٹلی کے نمائندے نے جمعیۃ اقوام کی کونسل سے واک آؤٹ کر دیا

حبش کے فرانسیسی وکیل کی کھری کھری باتیں

پانچ اراکین کی کمیٹی کا تقرر۔ ایک اور حبشی نمائندے کی ناراضگی

جمعیۃ اقوام کی کونسل کا اجلاس شام کے وقت ساڑھے ... پر جنیوا میں شروع ہوا۔ پروفیسر جیزے نے جو ایک فرانسیسی وکیل ہے اور حبش کی ترجمانی کے لئے جمعیۃ اقوام میں بھیجا گیا ہے۔ حبش کا نقطۂ نگاہ پیش کرتے ہوئے اس کی مطابقت میں تقریر شروع کی اس نے نہایت ... اٹلی کی کھری کھری باتیں اٹلی کو سنائیں۔ جس وقت پروفیسر جیزے کی تقریر نصف ہونے کو آئی تو اٹلی کا نمائندہ کونسل کے اجلاس سے اٹھ کر باہر چلا گیا۔ پروفیسر جیزے نے اپنے الفاظ واپس لینے یا ان پر اظہار معذرت کرنے سے قطعاً انکار کر دیا۔

جمعیۃ اقوام ... کے متعلق کاروائی کرنے کی غرض سے ایک کمیٹی کے تقرر پر اتفاق رائے ہو گیا ہے۔ برطانیہ اور فرانس کے ... ڈالنے سے اٹلی کے نمائندوں نے اس پر مزید بحث نہیں کی اور اس کمیٹی کے اندر ان کا بھی نمائندہ ہونا چاہئے۔ اب اس کمیٹی کے اراکین برطانیہ، فرانس، پولینڈ، اسپین اور ٹرکی کے نمائندوں پر مشتمل ہیں۔

حبش کی حکومت اسپر رضا مند ہو گئی ہے کہ مسٹر ... جو ایک حبشی ہیں اپنا سفیر ... مقرر کرے معلوم ہوتا ہے کہ اس کے بعد اس واقعہ کا اثر زائل ہو گیا ہے جو کل اٹلی کے نمائندے کے واک آؤٹ کی صورت میں ظاہر ہوا تھا۔ کیونکہ اٹلی کو مسٹر ... کی قومیت پر اعتراض تھا۔

پہاڑ گنج میں ایک نوعمر لڑکے کا قتل

ملزم عدالت میں خاموش ہو گیا

دہلی، ۷ اگست

آج جب مسٹر ایس۔ ایم رشید مجسٹریٹ درجہ اول کی عدالت میں ایک شخص مسمی رحمۃ اللہ کو ایک سولہ سالہ لڑکے مسمی حیدرالدین کو ... میں قتل کرنے کے الزام میں زیر دفعہ ۳۰۲ تعزیرات ہند مقدمہ میں پیش کیا گیا تو ملزم کو عدالت میں چپ سادھ کر کھڑا ہو گیا اور اس نے عدالت کے سوالات کا کوئی جواب نہیں دیا۔

استغاثہ کا بیان ہے کہ ملزم مقتول سے دوستی کرنا چاہتا تھا لیکن مقتول اس پر تیار نہیں ہوا۔ ایک روز جب مقتول بازار میں جا رہا تھا ملزم نے اسے اپنے ہمراہ لے جانا چاہا مگر وہ تیار نہیں ہوا اس پر ملزم نے اسکو چاقو مارا اور وہ فوت ہو گیا۔ پولیس نے ملزم کو موقع پر گرفتار کیا۔ عدالت نے ملزم کی ... کی ...

ریاست مالیر کوٹلہ میں پھر شورش

ہندوؤں کی ہڑتال

مالیر کوٹلہ، ۷ ستمبر ... مالیر کوٹلہ کے سکریٹری مطلع کرتے ہیں کہ ... روز سے یہاں مکمل ہڑتال ہے اور مندروں میں پوجا بند کر دی گئی ہے۔ ہندوؤں اور سکھوں پر مشتمل ایک وفد ڈلہوزی گیا ہے اور بیان کیا جاتا ہے کہ ریاست کے کچھ افسر بھی ڈلہوزی روانہ ہو گئے ہیں تاکہ اس ... کے راستہ میں روڑے اٹکائیں۔

سرحدی علاقہ میں جنگ

دونوں جانب گولیاں

تھیا گلی ۳ ستمبر۔ ... کے علاقہ کے حالات کے متعلق ایک کمیونک شائع ہوا ہے کہ گزشتہ دو روز سے نوشہرہ بریگیڈ نیا گاگا روڈ سے ... اونچی زمینوں پر کیمپ لگانے میں مشغول ہے تاکہ ... علاقہ میں ... نے ... پشاور بریگیڈ کی عام ٹریننگ جاری ہے ... گولی چلائی گئی ... توپ خانہ کی فوج نے گولیاں چلائیں

زلزلہ کا امدادی فنڈ کس طرح خرچ کیا جا رہا ہے

حکومت ہند کا ایک سرکاری اعلان

حکومت ہند نے اپنے کمیونکے مورخہ ۲۵ جون ۱۹۳۵ء میں کوئٹہ ریلیف فنڈ کے بارے میں ... اس کے بعض تفصیلات کی اطلاع دی تھی ...

کارروائیوں کی تقسیم ان میں ... اشیاء مثلاً کمبل اور سامان ... کے لئے ... خرچ ...

مولانا حالی کی صد سالہ برسی

انگلستان کو شیکسپیئر اور جرمنی کو گوئٹے پر ناز ہے ...

... ۲۶ اکتوبر کو دن اس سوال کا جواب ہوگا جب کہ پانی پت میں حضرت حالی کی صد سالہ برسی منائی جائے گی۔ اور نواب صاحب بھوپال بزم حالی کے صدر نشین ہوں گے۔ "پانی پت" ایک بار اور مسلمانوں کو زندگی کا پیغام سنائے گا آیئے اور حق ... مفصل حالات سکریٹری استقبالیہ کمیٹی حالی ... پانی پت سے دریافت کیجئے۔

شہید گنج کے ایجی ٹیشن میں مجروحین و ہلاکین

تحقیقاتی کمیٹی کی رپورٹ شائع ہو گئی

لاہور، ۶ ستمبر

مسجد شہید گنج کے تنازعہ کے متعلق جو تحقیقاتی کمیٹی مقرر کی گئی تھی اس نے ایک سو چار گواہوں کی شہادتیں قلمبند کرنے کے بعد اپنی رپورٹ حکومت کو پیش کر دی کمیٹی نے لکھا ہے کہ گولی سے ... آدمی شہید ہوئے اور ۵۰ آدمی زخمی ہوئے ...

ایک نرس نے خودکشی کرنے کی کوشش کی

پٹنہ، ۶ ستمبر

مقامی میڈیکل ہسپتال میں زبردست سنسنی پھیل گئی۔ جبکہ گزشتہ رات ایک نوجوان نرس کو استرے سے گردن کاٹ کر خودکشی کرنے کی کوشش کرتے ہوئے پکڑا گیا۔ نرس اپنی کوشش میں کامیاب نہ ہو سکی۔ اس کو فوراً ہسپتال پہنچایا گیا اور طبی امداد بہم پہنچائی گئی۔

بیان کیا جاتا ہے کہ اس کو بیہرنی کا نوٹس ملا تھا۔

دو جہازوں میں ٹکر ہو گئی

کہر نے فضا کو تاریک کر دیا

لندن، ۶ ستمبر

موسم کہر آلود ہونے کی وجہ سے ساحل پرتگال سے تقریباً پچاس میل کے فاصلہ پر آج ایک فرانسیسی جہاز اور ایک ... جہاز ... کے درمیان تصادم ہو گیا۔ کوئی شخص ہلاک یا مجروح نہیں ہوا۔ دونوں جہازوں کو نقصان پہنچا اور ... جہاز کو دوسرے جہازوں میں منتقل کر دیا گیا۔

حبش کی شہزادی فوج کی کمان سنبھال لے گی

فرقہ وارانہ فساد کا مقدمہ

فریقین سے ضمانتیں

مولوی شفیع داؤدی کی جگہ پر بلا مقابلہ انتخاب

گورنر بہار کی ٹرین گرانے کی کوشش نہیں کی گئی

جاڑے بخار کی خوفناک وبا

ایک لاکھ تیس ہزار آدمی مر گئے

ولادت مسیح کے متعلق ایک علمی بحث

عقل و نقل کی روشنی میں

(مولانا قاضی انوار الحق صاحب مفتی ریاست مانگرول کے قلم سے خاص الجمعیۃ کے لئے)

(۱۸)

انت جمیل ... الکذب ... ڈاکٹر صاحب ...

اگر ایک بچہ شیر اور لومڑی سے پیدا ہو۔ تو وہ لومڑی کا ہی بچہ کہلائے گا۔ اسی طرح ایک بچہ جو کلمہ کن کی قوت خلق اور مریم کی قوت انفعالی کا نتیجہ تھا تو بجنس ارذل کے تابع ہو کر ابن مریم اور ابن آدم کہلائے گا ... ارذل کا لحاظ فرماتے ہوئے الولد یتبع ... کہہ کر ... اس تقریر کے پڑھنے سے سوالات نمبر ... کا حل بدرجہ اتم ہو جاتا ہے جس کا خلاصہ یہ ہے۔

(۱) کیا حضرت عیسیٰ ... کا باپ ... قرآن و دیگر کتب سماویہ سے ... ثابت نہیں۔ بلکہ اس کے خلاف براہین کثیرہ موجود ہیں۔

(۲) ولن تجد لسنۃ اللہ تبدیلا ...

اعلان مضامین انعامی بابت ۱۳۵۴ھ

میلاد کمیٹی کا یہ دیرینہ اہم مقصد ہے کہ ہر سالی مضمون ... صلی اللہ علیہ وسلم کے اسوۂ حسنہ و محاسن اسلام پر درج جدید و قدیم کے ... اہل قلم و طلباء کالج کو بھی بزم مضمون نگاری کرے ... حسب سابق ... ذیل مضامین تجویز کئے گئے ہیں ناصل ... کی تنقید کے بعد بہترین مضمون نگار کو مقررہ طلائی تمغہ پیش کیا جائے گا۔ سابقی مضامین واپس نہ کئے جائیں گے ... اور فیصلہ ممتحن قطعی سمجھا جائے گا۔

عنوان اول

اسلام کی خصوصیات اور دیگر مذاہب پر اسکا اثر

یہ عنوان کل ہندوستان کے اہل قلم حضرات کی طبع آزمائی کے لئے تجویز کیا گیا ہے ...

عنوان دوم

بعثت خاتم المرسلین ... کے وقت دنیا کی حالت

عنوان سوم

اسلام مصالح اور معاصر ...

... محمد عارف جشن میلاد النبی سکندر آباد دکن

پوری ہو سکیں اور نہ ہی زیادہ کام کرچکی ایک ... چلانا ... کہ خدائے کریم ... کے تمام مصیبت زدہ بھائیوں کو صبر جمیل اور اجر جزیل عطا فرمائے۔ ان خیالات کے بعد میں اپنے سفر کا مختصر حصہ بھی ... رنا مناسب سمجھتا ہوں۔ تاکہ احباب کو تسلی اور بعض ... غلط فہمیوں کا ازالہ ہو سکے ... کراچی پہنچا تو حج کمیٹی نے ... ٹکٹ روک ... اسی روز بعد از نماز عصر موٹر میں ... بعد از نماز مغرب مکہ مکرمہ پہنچ گیا ... مولانا محمد اسمعیل غزنوی ...

الجمعیۃ بکڈپو دہلی کی مذہبی ادبی اور درسی کتابوں کا نایاب ذخیرہ

حیرت انگیز رعایتی اعلان

مشہور و معروف دو ترجمہ الاعجاز ... قرآن مجید مع کامل تفسیر

حمائل شریف مترجم مع خلاصۃ التفاسیر

پادری کی لڑکی کا قبول اسلام

کفرستان اجودھیا کی ایک سعادتمند روح

تاج کمپنی کی مطبوعات

تقریر ... تفسیر

پانچ مجموعۃ القرآن شریف

تعلیم الاسلام

اصحاب بدر

حیات حافظ خاں

بلاغ مبین

اشاعت اسلام

تاریخ المشاہیر

سیاسیات ہند

پارلیمنٹری کمیٹی کی رپورٹ

جنت کی کنجی

دوزخ کا کھٹکا

علم الصرف مصادر

مرقاۃ العربیہ

معارف الاسمی

الجمال والکمال

اختر اور بضیہ

معلم الصرف اور معلم النحو

الجمعیۃ بکڈپو گلی قاسم جان۔ بلیماران دہلی

ریاست دھار کی جامع مسجد کے متعلق تفصیلی حالات

مسلمانان دھار کا محضر نامہ اور موجودہ پوزیشن کی توضیح

بھوج شالا کے لفظ پر مدلل اعتراض اور آئندہ خطرات کا اظہار

کو معلوم ہے کہ رنگون میں جب کہ مجھ کو بلایا گیا تھا تو ان کے اس اصرار پر کہ کسی تقریر میں حکومت کے خلاف کوئی نفظ نہ کہا جائے میں نے انکار کیا تھا۔ چھوٹے سے لیکر بڑے تک بخوبی جانتے ہیں اور جانتے تھے کہ میرے معتقدات اور عملیات کیا ہیں...

جلسہ سیرت نبویہ بطور ماہ ذیقعدہ ۵۲ھ ایک دن۔ جلسہ سالانہ مدرسہ قاسم العلوم شاہی مسجد مرادآباد ماہ ذیقعدہ ۵۲ھ ایک دن۔ جلسہ مدرسہ عربیہ نیاجنگ آسام و جلسہ انجمن اصلاح المسلمین... جلسہ جمعیۃ علماء خانقاہ ملتان ماہ ذی الحجہ ۵۲ھ ایک دن۔ جلسہ تحفظ ملت لکھنؤ ماہ محرم الحرام ۵۳ھ ایک دن۔ جلسہ سیرت نبویہ بجبالیہ ماہ ربیع الاول ۵۳ھ ایک دن...

ایک عجیب و غریب نایاب نسخہ

جس کے شاید آپ بھی متلاشی ہوں

فی زمانہ ہر جگہ ہاتھی کے دانت کھانے کے اور دکھانے کے اور کا منظر پیش نظر ہے گویہ فرمودہ پیشتر کو حضور صلعم کا فرمان یاد رکھنا چاہیے۔

یعنی راست بازی باعث نجات اور جھوٹ موجب ہلاکت ہے

اخبارمین حضرات سے مخفی نہیں کہ بندہ کا ایک نسخہ طلاء بعنوان ایک عجیب و غریب نایاب نسخہ ملک کثیر الاشاعت اخبارات میں وقتاً فوقتاً شائع ہوتا رہا ہے...

تیسرے اعتراض کا جواب

ابنائے قدیم دار العلوم دیوبند

حکیم حبیب الرحمن بجنوری ۔ دفتر ابنائے قدیم دار العلوم بجنور (روہیلکھنڈ)

تیسرے اعتراض کا جواب

وید حکیم بن جاؤ

مجربات علمی کا بغور مطالعہ کریں گے

مصری جدید برقعہ

آجکل بھی مصر کے شاہی خاندان میں اس برقعہ کا استعمال ہے

خاتون اسٹور بازار فتحپوری دہلی

ایجنسی مکانات

Aljamiat

الجمعیۃ دہلی

رجسٹرڈ نمبر ایل ۱۷۹۳

تار کا پتہ "الجمعیۃ دہلی"

ایڈیٹر:- ہلال احمد زبیری (ایم-اے)

جلد ۲۲ | دہلی یوم سہ شنبہ ۸ ر شعبان المعظم ۱۳۵۴ھ ہجری - مطابق ۵ ر نومبر ۱۹۳۵ء | نمبر ۳۲

اٹلی کے لئے ۱۸ ر نومبر کا دن تباہی کا پیش خیمہ ہوگا

اقتصادی تعزیرات نافذ کرنے کیلئے تاریخ کا تقرر

جبش کے ملک میں داخل ہوکر اٹلی کی فوجیں بُری طرح پھنس جائینگی

موجودہ جنگ میں برطانیہ کا طرز عمل

لندن ۷ نومبر

آج سہپہر کے وقت جمعیۃ اقوام کی مقرر کردہ کمیٹی نے متفقہ طور پر یہ فیصلہ کر دیا کہ ۱۸ ر نومبر سے اٹلی کے خلاف اقتصادی تعزیرات کا نفاذ کر دیا جائے گا۔ مسٹر جائل کے نمائندوں نے کچھ شرائط لگائیں باقی ممبر اس پر متفق ہوگئے۔

موسیو لاول نے جمعیۃ اقوام پر اعتماد کا اظہار کرتے ہوئے کہا کہ صرف وہی اس تنازعہ کا فیصلہ کر سکتی ہے۔ اور یہ کہ انہوں نے جو گفتگو اٹلی سے شروع کی تھی وہ اٹلی اور فرانس کے دوستانہ معاہدہ کے ماتحت تھی مگر وہ کوئی نتیجہ خیز صورت جمعیۃ اقوام کے حلقہ سے باہر اختیار نہیں کریں گے۔

سیموئل ہور اور نمایندہ اٹلی کی گفتگو

آج صبح سر سیموئل ہور نے بیرن الوانسی سے ۴۵ منٹ تک گفتگو کی۔

اس گفتگو کے دوران میں سر سیموئل ہور نے نہایت صفائی کے ساتھ برطانوی پوزیشن کا اظہار کیا اور دوبارہ اس پر زور دیا کہ اگرچہ برطانیہ پرامن سمجھوتہ کیلئے بے چین ہے مگر شہنشاہ حبش کی شمولیت و رضامندی کے بغیر کوئی سمجھوتہ نہیں ہو سکتا ہے اور نہ کوئی ایسا سمجھوتہ ہو سکتا ہے جو جمعیۃ اقوام کے میثاق کے خلاف ہو۔

اٹلی کی پیشقدمی کی رفتار

جنگی محاذ کی خبروں سے معلوم ہوتا ہے کہ میکالے کی طرف اٹلی کا اقدام نہایت سست رفتار کے ساتھ ہو رہا ہے اور اس امر کی احتیاط کی جا رہی ہے کہ حبشی اطالوی فوجوں کو گھیر نہ لیں۔ حبش کی سوار فوج کے متعلق معلوم ہوا ہے کہ وہ شہر میکالے شمالی مشرقی حصہ پر پڑی ہوئی ہے۔ اس لئے یہ خبر کہ اطالوی افواج نے میکالے پر قبضہ کر لیا، سراسر غلط معلوم ہوتی ہے۔ حبشی افواج کی نقل و حرکت سے صاف ظاہر ہے کہ میکالے کو بغیر جنگ کے فتح نہیں کیا جا سکتا۔

حبش کی حکمت عملی کیا ہے

اٹلی کو ملک کے اندر آنے دیا جائے

لندن ۷ نومبر۔ اخبار "ٹائمز" کا نامہ نگار مقیم عدیس ابابا رقمطراز ہے کہ جنرل درعین نے جو کچھ عرصہ ہوا شہنشاہ حبش کے مشیر جنگ تھے ایک بیان کے دوران میں فرمایا ہے کہ اطالیوں کو جلد ہی معلوم ہو جائے گا کہ ان کے روبرو کتنی زبردست مشکلات در پیش ہیں۔ آپ نے اس امر پر اظہار اطمینان کیا کہ ابھی تک انکا مقابلہ حبش کی چوکیوں سے ہوا ہے۔ حبش کی پالیسی یہی ہے کہ اٹلی کی فوج کو ملک کے اندر داخل ہونے دیا جائے لیکن جیسے جیسے وہ بڑھتے جائیں گے ان کے ذرائع و رسائل طویل ہوتے جائیں گے جن کی حفاظت کرنا ان کے لئے مشکل ہوگا۔ حبش اس وقت تک حملہ نہیں کریں گے جب تک کہ دشمن اپنے مرکز سے دور دراز نہیں پہنچ جائیگا۔

جنیوا کی کارروائیاں

تعزیری تدابیر کا نفاذ

حبش کے باغی سردار کا غصہ

بیوی اور بچوں کے قتل کی خبر کا اثر

چین کے وزیر اعظم پر حملہ کی تفتیش

نانکنگ ۷ نومبر۔ چین کے وزیر اعظم وانگ چنگ وی پر جو قاتلانہ حملہ کل ہوا تھا اس کے سلسلہ میں ۸۰ آدمی گرفتار کئے گئے ہیں۔

مسلمانان لاہور کا عظیم الشان جلسہ

حکومت پنجاب سے پرزور مطالبہ

معاصرین کے افکار و آرا

جمعیۃ علمائے ہند اور اجتماع بدایوں

ہندو مسلمانوں کے فسادات

مشرق بعید میں جنگ کے شعلے

بالشویکوں سے جاپان کی لڑائی کا خطرہ

حضرت مولانا احمد سعید صاحب کا وعظ

دہلی میں زلزلہ

دہلی میں پھلوں پر چنگی

الجمعیۃ بک ڈپو دہلی کی مذہبی ادبی اور درسی کتابوں کا نایاب ذخیرہ

قرآن مجید و حمائل شریف وغیرہ

پانچ ترجموں والا قرآن شریف

مذہبی کتابیں

صحیح بخاری

ترجمان القرآن

اکمال و الکمال

جنتی کنجی

دوزخ کا کھٹکا

پاک زندگی

فتاویٰ اشرفیہ

اسلامی عقائد و احکام

اسلامی تاریخ

الربعین

معارف الاسلام

خاموش تبلیغ

تاریخی کتابیں

اشاعت اسلام

بلاغ مبین

حالات انبیاء

تاریخ المشاہیر

اصحاب بدر

علمائے سلف

تذکرۃ الصلحاء

خواتین اندلس

حیات حافظ

تبلیغی افسانے

ازبلا

ساوتری

خاموش تبلیغ

اوراد و وظائف

الربعین

رسول کی دعائیں

احسن الوظائف

سیاسی و اقتصادی کتابیں

سیاسیات ہند

پارلیمنٹری کمیٹی کی رپورٹ

سکہ و شرح تبادلہ

بچوں کیلئے کتابیں

تعلیم الاسلام

بچوں کا تحفہ

عورتوں کیلئے کتابیں

خانہ داری

خواتین اندلس

علامہ راشد الخیری کی تصنیفات

طبی کتابیں

ضیاء الحکمت

دستور العمل اطباء

ان تمام کتابوں کے ملنے کا پتہ حسب ذیل ہے

الجمعیۃ بک ڈپو گلی قاسم جان - بازار بلیماران - دہلی

انسان کے لئے موت اللہ رب العزت کا احسان عظیم ہے

شادی اور غمی کے مراسم میں تطابق و تشابہ

حضرت سحبان الہند مولانا الحاج حافظ احمد سعید صاحب کی دوسری تقریر سیرت

(۳۲)

جنازے کی نماز میں دعا

دلہن کو جب رخصت کرتے ہیں تو دلہن کا باپ یا سرپرست دولہا سے کہتا ہے یا دولہا کے سرپرست سے ہاتھ جوڑ کر عرض کرتا ہے یہ شرکی اگر چہ ہماری بیٹی ہے لیکن ہم نے آپ کو لونڈی دی ہے ... [illegible]

یاد کرو جو آپ نے اس میت پر پڑھی تھی۔ وہ دعا یہ تھی :-

اَللّٰهُمَّ اغْفِرْ لَهٗ وَارْحَمْهُ وَعَافِهٖ وَاعْفُ عَنْهُ وَاَكْرِمْ نُزُلَهٗ وَوَسِّعْ مُدْخَلَهٗ وَاغْسِلْهُ بِالْمَاءِ وَالثَّلْجِ وَالْبَرَدِ وَنَقِّهٖ مِنَ الْخَطَايَا كَمَا نَقَّيْتَ الثَّوْبَ الْاَبْيَضَ مِنَ الدَّنَسِ وَاَبْدِلْهُ دَارًا خَيْرًا مِّنْ دَارِهٖ وَاَهْلًا خَيْرًا مِّنْ اَهْلِهٖ وَزَوْجًا خَيْرًا مِّنْ زَوْجِهٖ وَاَدْخِلْهُ الْجَنَّةَ وَاَعِذْهُ مِنْ عَذَابِ ... [illegible]

[illegible]

کے لئے تجھ پر حکم آئے تھے بھاگتے لگے یہاں تک کہ اُن کو پکڑ پکڑ کر لایا جاتا تھا اور وہ بھاگتے تھے اسی مضمون کو حضرت امیر خسرو رحمۃ اللہ علیہ نے کیا خوب فرمایا ہے۔

ہمہ آہوان صحرا سر خود نہادہ بر کف
بامید آنکہ روزے بشکار خواہی آمد

دلہا کے گھر کی پہلی رات

حضرات! دلہن کے لئے دولہا کے گھر کی پہلی رات بھی دلہن کی قسمت کا آخری فیصلہ ہوتا ہے اگر وہ دولہا نے دلہن کو پسند کیا تو تمام عمر عیش و آرام ہے اور اگر کوئی بدنصیب دلہن اپنے دولہا کو نا پسند آئی تو تمام عمر کیلئے مصیبت کا سامنا ہے یہی حالت قبر میں مردے کی ہے۔ ... [illegible]

صورت کی بجائے دل کا سوال ہے

[illegible]

صدیقیہ کے اونٹوں کا واقعہ

[illegible]

(باقی آئندہ)

حضرت کاکو شاہ کے مزار اور مسجد شہید گنج کو کس طرح منہدم کیا گیا

عدالت میں ایک سکھ گواہ کا بیان

لاہور میں فوجداری کے مقدمہ کی مفصل کاروائی

متولی کا بیان

شیخ فیروز الدین متولی مزار حضرت کاکو شاہ رحمۃ اللہ علیہ نے بیان کیا کہ میں مزار شریف کا متولی ہوں۔ اور میرے باپ دادا پردادا پشت در پشت مزار شریف کی خدمت انجام دیتے آئے ہیں۔ مزار شریف کے تعویذ پر سبز غلاف چڑھا ہوا تھا۔ ... [illegible]

ہم نے مزار شریف کا موقعہ دیکھا۔ بیری کا درخت کٹا ہوا تھا، چو کھنڈی گرائی جا چکی تھی اور چراغدان اور مزار شریف منہدم تھے۔ ... [illegible]

اس کے دس دن بعد مسجد کا تنازعہ ہوگیا۔ میں نے مسجد کے تنازعہ سے قبل شیخ عبدالعزیز مجسٹریٹ درجہ اول کی عدالت میں استغاثہ دائر کر دیا تھا۔ ... [illegible]

وکیل صفائی کی جرح

[illegible]

(عدالت کے دریافت کرنے پر گواہ نے تارا سنگھ ٹھیکیدار کو شناخت کیا)

(باقی صفحہ ۵ پر ملاحظہ ہو)

حج کے متعلق معلومات و ضروری حالات

عالمگیر مساوات و مرکزیت کا دینی مظاہرہ

(۲)

حج بیت اللہ مجاہدانہ زندگی کی تعلیم دیتا ہے

[illegible]

اسلام کی شان و شوکت

حج کے اجتماع میں مسلمان کو اپنی تعداد اور دینی قوت دکھانے کا بھی موقعہ ملتا ہے۔

سفری تجربات

بحر و بر کے سفر سے کافی تجربات حاصل ہوتے ہیں اس میں اکثر اب معلومات مالی فوائد وغیرہ سب داخل ہیں۔ ... [illegible]

آخرت کی یاد دہانی

عرفات کا اجتماع میدان حشر کا نمونہ ہے لباس احرام کفن کے مشابہ ہے ... [illegible]

(باقی آئندہ)

”دین مرزا اور اسلام“

(از حضرت مولانا ابو القاسم محمد حفظ الرحمان صاحب سیوہاروی)

(۶)

قرآن عزیز — معجزات عیسیٰ علیہ السلام

وَرَسُوْلًا اِلٰى بَنِیْٓ اِسْرَآءِیْلَ اَنِّیْ قَدْ جِئْتُكُمْ بِاٰیَةٍ مِّنْ رَّبِّكُمْ اَنِّیْٓ اَخْلُقُ لَكُمْ مِّنَ الطِّیْنِ كَهَیْــٴَـةِ الطَّیْرِ فَاَنْفُخُ فِیْهِ فَیَكُوْنُ طَیْرًۢا بِاِذْنِ اللّٰهِ وَاُبْرِئُ الْاَكْمَهَ وَالْاَبْرَصَ وَاُحْیِ الْمَوْتٰى بِاِذْنِ اللّٰهِ (آل عمران) اور کریگا اس کو رسول بنی اسرائیل کی طرف۔ بیشک میں آیا ہوں تمہارے پاس نشانیاں لے کر تمہارے رب کی طرف سے۔ ... [illegible]

قول مرزا — انکار معجزات عیسیٰ علیہ السلام

عیسائیوں نے بہت سے آپ کے معجزات لکھے ہیں مگر حق بات یہ ہے کہ آپ سے کوئی معجزہ نہیں ہوا۔

(حاشیہ ضمیمہ انجام آتھم صک)

قرآن عزیز

وَمَا قَتَلُوْهُ وَمَا صَلَبُوْهُ ... اور نہ انہوں نے (عیسیٰ علیہ السلام کو) قتل کیا اور نہ سولی پر چڑھایا۔ (نساء)

وَمَا قَتَلُوْهُ یَقِیْنًۢا بَلْ رَّفَعَهُ اللّٰهُ اِلَیْهِ۔ اور بیشک اس کو قتل نہیں کیا بلکہ اللہ نے اس (عیسیٰ) کو اپنی طرف اٹھا لیا۔ (نساء)

وَمَكَرُوْا وَمَكَرَ اللّٰهُ وَاللّٰهُ خَیْرُ الْمٰكِرِیْنَ۔ اور ان (یہود) نے داؤ کیا اور اللہ نے داؤ کیا اور اللہ کا داؤ سب سے بہتر ہے۔ (آل عمران)

قول مرزا

تب یہودیوں نے عیسیٰ مسیح کو دو چوروں کے ساتھ صلیب پر چڑھا دیا تا شام سے پہلے ہی انہیں اتاری جائیں۔

(ازالہ اوہام جلد اول صت۱۸)

الجواب :- پس واضح ہو کہ خدا تعالیٰ کی طرف اٹھائے جانے کے یہی معنی ہیں کہ فوت ہو جانا۔ (ازالہ اوہام حصہ اول صت۳۶)

[illegible]

طوفان حوادث

اردو زبان کے مشہور ادیب و افسانہ نگار مولوی شبیر حسن صاحب مارہروی کا ایک بہترین افسانہ جس میں سراغرسانی کے متعلق حیرت انگیز واقعات دکھائے گئے ہیں اور ایسے حالات میں جبکہ نہایت پر اسرار طریقہ پر ایک رئیس کا قتل ہوا ہے اور اصل مجرم کے متعلق کسی کو ذرہ برابر شبہ بھی نہیں ہو سکتا۔ ایک ماہر سراغرساں کی قابلیت و صلاحیت کا نمونہ پیش کیا ہے۔ اس افسانہ کو ایک مرتبہ شروع کر دینے کے بعد ختم کئے بغیر چھوڑنا ناممکن ہے ... [illegible]

منیجر الجمعیۃ بک ڈپو گلی قاسم جان دہلی

بسم اللہ الرحمن الرحیم

الجمعیۃ دہلی

یوم سہ شنبہ ۸ر شعبان المعظم ۱۳۵۴ھ ہجری

حبش کی تباہی یا جمعیۃ اقوام کی موت

مغربی سیاسیات کا تباہ کن دور

”جمعیۃ اقوام کی کمیٹی نے فیصلہ کر دیا کہ ۱۸ر نومبر سے اقتصادی تعزیرات کا نفاذ اٹلی کے خلاف کر دیا جائے گا“ یہ وہ آخری خبر ہے جو جینیوا کے حلقوں سے بین الاقوامی سیاسیات کے متعلق موجودہ جنگ کے سلسلہ میں موصول ہوئی ہے۔ حبش کی جنگ ۲ر اکتوبر کو شروع ہوئی تھی۔ آج ایک ہفتے کے بعد یہ خبر آ رہی ہے کہ جمعیۃ اقوام ۱۸ر نومبر کو یعنی ۴۹ دن کے بعد اٹلی کے خلاف کوئی کاروائی عمل میں لائے گی۔ اس کاروائی سے قبل ہی حبش کا خاتمہ ہو جائے گا یا وہ اس کاروائی کے تاریخ دیکھنے کے لئے زندہ رہے گا، اس کے متعلق ابھی تک کچھ نہیں کہا جا سکتا۔ کیونکہ محاذ جنگ سے مسلسل جو خبریں موصول ہو رہی ہیں ان سے تو یہی معلوم ہوتا ہے کہ اٹلی کی رفتار ترقی اگرچہ کسی قدر سست ہے مگر مختلف سمتوں سے اٹلی کی افواج برابر آگے بڑھ رہی ہیں اور انہوں نے بے شمار حبشیوں کا خون بہا دیا ہے اور جنگ کی ہولناک تباہ کاریوں سے غیر معمولی آبادی کو بھی محفوظ نہیں رکھا ہے۔ ... [illegible]

حبش کی حالت

[illegible]

مسولینی کا چیلنج

[illegible]

تعزیرات کا نفاذ

[illegible]

زبردست خطرہ

[illegible]

”امیر ملت“ کی تقریریں

الجمعیۃ میں پیر جماعت علی شاہ صاحب کی بعض تقریروں کے اقتباسات وقتاً فوقتاً شائع ہوتے رہے ہیں۔ جو پیر صاحب موصوف نے اپنے دوران سفر میں ملتان، احمد آباد، آگرہ اور دیگر مقامات پر ارشاد فرمائی ہیں۔ چونکہ ان تقریروں کے قابل اعتراض حصے نمایاں طور پر اسلامی اخلاق اور مذہبی تعلیمات کے بلند معیار سے گرے ہوئے ہیں اس لئے قدرتی طور پر ان حلقوں میں بے چینی پیدا ہوگئی ہے جو پیر صاحب کی ادعا اور عقیدت رکھتے ہیں یا محض اپنی اغراض کے لئے ان کو آڑ بنا کر اپنا کام نکال رہے ہیں اور ان حلقوں میں احمد آباد کی ایک تقریر کے متعلق یہ کہا جا رہا ہے کہ ایسی کوئی تقریر پیر صاحب نے ارشاد نہیں فرمائی اور نامہ نگار الجمعیۃ نے جو کچھ لکھا ہے وہ غلط لکھا ہے۔ دہلی کے ان اخبارات میں جو الجمعیۃ کے خلاف ہر قسم کا زہر اگلنے میں کبھی باک نہیں کرتے بار بار احمد آباد کا ذکر آیا ہے لیکن ہم حیرت میں ہیں کہ یہ لوگ محض احمد آباد کا نام لے کر پیر صاحب کو ان تقریروں کے انتہائی مذموم اور اشتعال انگیز پہلو سے کس طرح بچا سکتے ہیں جو صرف احمد آباد میں نہیں بلکہ بہت سے مقامات پر کی گئی ہیں ... [illegible]

اور موضوع بھی رہا ہے جو الجمعیۃ کے کالموں میں ظاہر کیا جاتا رہا ہے۔ اس لئے اگر ہم یہ تسلیم بھی کر لیں کہ ایک احمد آباد میں امیر ملت نے وہ نہیں کہا جو ہمارے نامہ نگار نے لکھا ہے تو اس سے امیر صاحب کی پوزیشن اور تمام شہروں کے متعلق کس طرح صاف ہو جائے گی۔ ان لوگوں کو جو ناواقفیت کے باعث اس واقعہ کی بحث میں پڑ گئے ہیں یہ سوچ لینا چاہئے کہ وہ جن بزرگ کے متعلق جھگڑ رہے ہیں حقیقت میں ان کا انداز بیان ہی یہ ہے جسے وہ ایک دن میں بدل نہیں سکتے اور ہر چند وہ بیگ است مجھے باید کے اصول کے مطابق ان کی تقریریں ان مذہبی اخلاقیات کے سوا اور کچھ ہو ہی نہیں سکتا۔

حکومت پنجاب کا فرض

تحریک مسجد شہید گنج کے سلسلہ میں حکومت پنجاب نے جن مسلمان کونسلروں، دی پی ماحبن زعماء کو بنگالی قانون کے ماتحت گرفتار کر کے مختلف مقامات پر نظربند کر دیا ہے ان کی رہائی و آزادی کا مسئلہ اب بہت زیادہ اہم ہوگیا ہے۔ اگر حکومت پنجاب میں کچھ بھی تدبر اور دوراندیشی کا عنصر موجود ہے اور وہ موجودہ صورت حالات ... [illegible]

روایات و حکم

[illegible]

انتقادات

فلسفہ تعلیم اسلام

جلد اول

[illegible]

حوادث و احکام

استفتاء

کیا فرماتے ہیں علمائے دین و مفتیان شرع متین مسائل مندرجہ ذیل کے بارے میں :-

(۱) متعلق ایصال ثواب سے تو کسی کو انکار نہیں۔ اختلاف اگر ہے اس کے طریقہ کار میں۔ چونکہ شریعت اسلام کامل ہے اس لئے بتلایا جائے کہ شرع شریف نے ایصال ثواب کا کیا طریقہ مقرر کیا ہے۔ اگر کوئی طریقہ مقرر نہیں کیا تو اس کی کیا وجہ ہے ؟

(۲) بعض لوگ ایصال ثواب کے لئے مخصوص دن اور مخصوص غذا مقرر کر لیتے ہیں۔ مثلاً شب برات کے چودھویں دن کو ایصال ثواب کے لئے مخصوص کر لیا گیا ہے اور ہر سال اسی مہینہ اور اسی دن ایصال ثواب کیا جاتا ہے۔ کیا شرع شریف میں مخصوص ایام میں ایصال ثواب کا کوئی حکم آیا ہے ؟ اور کیا شرع شریف نے شعبان کے چودھویں دن کو ایصال ثواب کے لئے مخصوص کیا ہے ؟ اگر ... [illegible]

الجواب

[illegible]

جنگ حبش کے تین دن

حبشی افواج کی شکستیں اور اٹلی کے حملے

۳۰ اکتوبر۔ اسمرہ کی اطلاع مظہر ہے ... حبشہ کی مرکزی افواج مکالے پر قبضہ کر چکی ہیں۔ ان کی تعداد معلوم نہیں لیکن یقین ہے کہ ان کے ساتھ مشین گنوں کی بھاری تعداد ہے۔ ...

یکم نومبر

۳۱ اکتوبر

اٹلی کے خلاف تعزیرات اور دول یورپ کی سیاسی چالیں

بین الاقوامی لسانیات کا نقشہ

ہندوستان میں اٹلی کے مال کی درآمد بند

نئی دہلی ۳۰ اکتوبر۔ حکومت ہند لیگ کی تعزیری تدابیر کی کمیٹی کی ہدایت کا انتظار کر رہی ہے کہ اٹلی کے خلاف تعزیری تدابیر کس تاریخ سے عملدرآمد شروع کیا جائے۔ ...

صرف جمعیۃ اقوام کے معاہدہ کی پابندی

سمجھوتہ کی امید نہیں ہے

اٹلی کے انتظامات

تعزیری کمیٹی کی رپورٹ

صلح کی امید ختم

جمعیۃ اقوام کو مسولینی کا چیلنج

امریکہ کی غیر جانبداری

سٹراؤس کی روانگی

اٹلی اور برطانیہ میں ساز باز نہیں ہے

ترکی پارلیمنٹ کا اجلاس

آگرہ میں پولیس پر گولی چل گئی

پولیس انسپکٹر زخمی ہوگیا

آگرہ ۴ نومبر گزشتہ شب خان بہادر اکرم حسین کوتوال شہر کی سرکردگی میں مقامی پولیس یعقوب نامی ایک مقامی بدمعاش کو گرفتار کرنے میں کامیاب ہوگئی۔ ...

شہید گنج کے نواحی علاقہ میں قتل

ایک مسلمان کی نعش

موضع ٹمن کے فساد کی تفصیلات

سکھوں کی چیرہ دستیاں

ایک سب انسپکٹر کا قتل

۴۶ دیہاتیوں پر مقدمہ

کلکتہ میں خانہ تلاشیوں کی بھرمار

تیس ہزار روپیہ کی چوری

لندن میں بحری کانفرنس

جاپان کی شرکت

یوپی ہندو سبھا کے صدر پر عدم اعتماد

ایک ساہوکار کے مکان میں مسلح ڈاکہ

دو آدمی شدید مجروح — پچیس ہزار روپیہ کا مال غائب

نورانی قرآن مجید معرا

اس شان کا اتنا خوشنما اتنی صحت اور اس قدر رطوبات و پکڑنگی کے ساتھ چھپا ہوا اہتمام ہندوستان کے بازاروں میں اس کے سوا دوسرا قرآن شریف آپ کو نظر نہ آئیگا اس نورانی قرآن مجید کی کتابت ایک ایسے عربی کے خوشنویس سے ... ہے جو ہندوستان کا ایک بڑا خوشنویس ... نورانی قرآن مجید کی صحت کیلئے حافظوں اور عالموں کی ایک جماعت ... نورانی قرآن مجید کی کتابت صاف اور روشن ہے۔ ... بلاک میں مسجد ... جامع مسجد شاہی دہلی کا نقشہ ہے ... قیمت ایک روپیہ ... مجلد ... محصولڈاک ...

الجمعیۃ بک ڈپو گلی قاسم جان دہلی

کانپور کی مفروضہ "جسٹرڈ" جمعیۃ العلماء کا رجعت پسند انہ فیصلہ

راولپنڈی کانفرنس کی طے شدہ حکمت عملی سے گریز

زعیم سرحد مولانا محمد عبدالسلام صاحب کا بیان

ازایبٹ آباد ۹ نومبر۔ زعیم سرحد حضرت مولانا محمد عبدالسلام صاحب نے ایبٹ آباد سے حسب ذیل بیان شائع فرمایا ہے۔ ...

مجلس اتحاد ملت امرتسر کا اجلاس عام

بدایوں کے فیصلہ سے اظہار بیزاری

میں ہندوؤں سے متنفر اور مایوس ہو گیا ہوں

سکرٹری مہاسبھا کو ڈاکٹر امبیدکر کا جواب

مسجد شہید گنج کے متعلق دیوانی دعویٰ

ہائیکورٹ میں عبدالستار کا مقدمہ

قتل کے الزام سے برأت

عبدالغفور بھی بری کر دیا گیا

ہائی کورٹ کا فیصلہ

چین میں زبردست سیلاب

پچپن لاکھ آدمی بے خانماں

دنیائے اسلام کی جدید آبادی

جمعیۃ اقوام کے اعداد و شمار

شمالی افریقہ	۳۹۲۶۰۰۰۰
ہندوستان	۸۹۱۱۸۰۰۰
چین	۲۹۸۰۰۰۰
سوویٹ روس	۱۳۵۰۰۰۰۰
جزائر ملایا	۲۳۰۰۰۰۰

دہلی میں حادثات

حضرت کاکوشاہ کے مزار اور مسجد شہید گنج کو کس طرح منہدم کیا گیا

(بسلسلہ صفحہ ۲)

گواہ پر جرح

مزار شہید کر دیا گیا

ایک سکھ گواہ کا ہنگامہ خیز بیان

افتخار جرم

(باقی آئندہ)

نینی تال میں کانگریس کی شاندار فتح

نو نشستوں میں سے سات پر قبضہ

وزیر اعظم چین پر ایک اخبار نویس کا حملہ

گولی چلانے والا ہلاک کر دیا گیا

نانکنگ یکم نومبر۔ چین کے وزیر اعظم ... پر گولی چلائی۔ ...

امریکہ میں زلزلہ

نیویارک میں دہشت کے آثار

شمس الہدیٰ کو پناہ دینے کا مقدمہ

استغاثہ کی شہادت

بمبئی میں ہنگامی قانون کی کارفرمائی

ساوتری

... منیجر الجمعیۃ بک ڈپو بلیماران دہلی

حضرت مولانا حسین احمد صاحب مدنی کی ذات گرامی پر اتہامات و بہتانات کی بارش

ناقابل انکار حقائق کا اظہار اور بے بنیاد دعوی کی موثر تردید

تلبیس و تدلیس اور کذب و دروغ کے تمام پردے چاک ہوگئے

(۴)

دفعہ ثانی اور اس کا جواب

(۱) اس دفعہ میں نامہ نگار انقلاب اور حاجی موصوف نے پہلی ہی دفعہ کے اعتراضوں کو دہرایا ہے۔ اس لئے اس پر روشنی ڈالنے کی ضرورت نہیں۔ صرف یہ جدید اعتراض ہے کہ نگ اسلاف تحریری یا زبانی اجازت سفر کرتے وقت مثل دیگر مدرسین ملازمین ضروری نہیں سمجھتا۔

(الف) خدا کرے کہ یہ بیان صحیح ہو کہ ملازمین و مدرسین بغیر اجازت تحریری یا زبانی دارالعلوم سے غائب نہیں ہوتے...

کمیٹی ۲ دن۔ وفات طالب علم ۱ دن۔ جمعیت ۲ دن۔ غیر حاضری (رخصت برائے اسفار زلزلہ بہار وغیرہ ۸ دن) حاضری (بیکار مدرسہ ۸ دن)

(نوٹ) ہمیشہ سے عادت تھی کہ مدرسہ اگرچہ ۱۰ شوال سے کھل جاتا تھا مگر طلبا جدید کا داخلہ، امتحان، ترتیب اسباق، تقسیم کتب، رفع تعارض وغیرہ میں اتنی دیر لگ جاتی تھی کہ عموماً اسباق اخیر شوال یا ابتداء ذیقعدہ میں شروع ہوتے...

مراسلات

سید غلام بھیک صاحب کا اظہار برات — مہاجرین کوٹ تیلی سے بے تعلقی

سید غلام بھیک صاحب نیرنگ ایم۔ ایل۔ اے کی جانب سے ایک مخصوص پرچہ ۲۹ اکتوبر کے احسان میں شائع کیا گیا ہے جس میں سید صاحب نے اخبارات کی اس اطلاع کے متعلق اپنی اور اپنے شریک کار صوفی احقر مظہر الدین کی جانب سے بیزاری کا اظہار کیا ہے جس کا مفاد یہ تھا کہ کوٹ تیلی کے دو ہزار مسلمانوں نے سید غلام بھیک صاحب کے اعتماد اور ان کی اعانت کے بھروسہ پر ہجرت کی ہے۔

...

حضرت کو کیوں نہ عطا کیا جائے تاکہ آئندہ تمام ہندو ریاستیں خوف زدہ ہو جائیں اور آپ دونوں بزرگوں کا انگاہ لطف دیکھ لینا ہی ہندو ریاستوں کی مسلم رعایا کے حقوق کی ضمانت سمجھا جایا کرے۔

کیا یہ واقعہ نہیں ہے؟

ہم سید صاحب سے دریافت کرنا چاہتے ہیں کہ کیا یہ واقعہ نہیں ہے کہ آپ اور احقر مظہر الدین اور محمود البدری کوٹ تیلی تشریف لے گئے تھے اور مذکورہ دونوں اصحاب نے وہاں دھواں دھار تقریریں کی تھیں کیا یہ واقعہ نہیں ہے کہ احقر مظہر الدین نے ڈیڑھ گھنٹہ تک مسلمانان کوٹ تیلی کی جانب سے بحیثیت وکیل الرائے ریاست سے گفتگو کی تھی۔ کیا یہ واقعہ نہیں ہے کہ کوٹ تیلی کے مہاجرین نے ترک وطن کے وقت آپ کو تار دیا تھا۔ اگر آپ چاہتے تو فوراً بذریعہ تار ان کو روک سکتے تھے لیکن آپ نے کوئی تار ان کو نہیں دیا اور نہ ان ستم رسیدوں کے پاس تشریف لے گئے کیا یہ واقعہ نہیں ہے...

دین مرزا اور اسلام

(بسلسلہ صفحہ ۲)

خیر الماکرین کی تدبیر کچھ کارگر نہ ہوئی اور حضرت مسیح پکڑے بھی گئے حوالات میں بھی بند رہے۔ کوڑے بھی کھائے۔ گالیاں بھی سنیں طمانچے بھی کھائے۔ ٹھٹھے بھی ہوئے اور بالآخر سولی پر بھی چڑھائے گئے۔ غرض ہر قسم کی ذلت و رسوائی سہی۔ انا للہ وانا الیہ راجعون

پس یہودیوں کے تمام منصوبے کے پورا ہونے کے بعد اگر بچا ہے تو ہڈیاں نہ توڑنے کی وجہ سے حضرت مسیح میں جان باقی رہ گئی تو کیا خدا کی یہ زبردست تدبیر تھی جس کا قرآن عزیز میں اتنے زور سے حفاظت مسیح کے سلسلہ میں دعوی کیا گیا ہے۔ نعوذ باللہ من ہذہ الخرافات (مولف)

قرآن عزیز — رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کا معجزہ شق القمر

اقتربت الساعۃ وانشق القمر۔ قریب آگئی ساعت (قیامت) اور پھٹ گیا چاند۔

عن ابن مسعود قال انشق القمر علی عہد رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم فرقتین فرقۃ فوق الجبل وفرقۃ...

آپ ضرور کامیاب ہو سکتے ہیں

تجارت کرو فائدہ اٹھاؤ

مصری جدید برقعہ
آجکل مصر کے شاہی خاندان میں اس برقعہ کا استعمال ہے
خاتون اسٹور بازار فتحپوری دہلی

ونس کی ہولناکیزی

مسٹر پاسا ئیڈ

بے تصدیق باٹ پرنک ممکن ہے

آہنگ نگرہ فارمیسی جام نگر کاٹھیاواڑ

ارکان اسلام

خضاب چھوڑ دو

بچوں کی اکسیر دوا — بال جیون گھٹی

امساک کی گولیاں

دینی بکڈپو کی نایاب کتابیں
دینی بکڈپو بیت المسیح کوچہ ناہرخاں دہلی

جوہر جیلانی — دواخانہ رشیدیہ دیوبند — مصفی

ہمدرد دواخانہ یونانی دہلی — نمک سلیمانی

احکام شب برات

حب مشتہی رجسٹرڈ — معدہ کی بیماریوں کا آب حیات
حکیم عزیز الدین نصرتی مالک نصرتی دواخانہ (رجسٹرڈ) چرتھاول مظفر نگر یو۔ پی

جناب اکمل صاحب بیرسٹر ایم اے مدیر الجمعیۃ کا ارشاد

قلم آم لیچی
در بھنگہ کے مشہور آموں اور مظفر پور کی لیچیوں کا ندرت اور مضبوط قلم میرے یہاں سستا دام پر ملیگا۔ فہرست منگا کر دیکھیں قیمۃ۔ بہار نرسری پوسٹ گیوٹہ براری ضلع در بھنگہ

قدیمی مشہور دوکان
محمد اسحق محمد یحیی بازار کھاری باؤلی دہلی

فلسفہ تعلیم اسلام

وہ معرکۃ الآرا تصنیف جس کا بچشم شوق عرصہ درازی انتظار کیا جارہا تھا شائع ہوگئی ہے اور ایسے وقت میں چھپکر شائع ہوئی ہے جب کہ دنیائے اسلام کو اسکی سخت ضرورت ہے۔ مغربی تہذیب و تمدن نے مسلمانوں کو اپنے مذہبی اعمال و عقائد سے بے خبر کردیا ہے۔ اور مغربی تعلیم ان کو دہریت و بے دینی کی طرف لے جارہی ہے۔ ہر شخص کا زاویہ نگاہ یہ ہے کہ وہ عقائد و احکام اسلامیہ کو عقل و فلسفہ کے معیار پر کسے اور علوم حاضرہ کی روشنی میں دیکھے۔ یہ کتاب اس ضرورت کو بخوبی پورا کرتی ہے۔ اس کے مطالعہ سے معلوم ہوگا کہ یہ کتاب مسلمانوں کے لئے کس قدر مفید ہے اور اس زمانہ میں جبکہ تعلیم جدید نے معتقدات میں تزلزل پیدا کردیا ہے۔ اس کتاب کی اشاعت کیسی ضروری ہے۔

اسلام کے وہ تمام معتقدات جن پر ایمان لائے بغیر کوئی عبادت و عمل مقبول نہیں ہے تنہا نہایت شرح و بسط کے ساتھ ۹ عنوانات کے تحت میں بیان کئے گئے ہیں تمام معتقدات اسلامیہ کو علوم عقلیہ فلسفہ منطق سائنس ہیئت طب تشریح اور تاریخ وغیرہ سے قرآن حدیث فقہ و تفسیر کلام و تصوف کی روشنی میں اس طرح ثابت کیا ہے کہ جس کے مطالعہ کے بعد کسی قسم کے شک و شبہ کی مطلق گنجائش باقی نہیں رہتی اور جو شخص بھی اس کتاب کو ایک سرسری نظر سے دیکھ لیتا ہے اسلام کی روشنی اسکے دل و دماغ کو چمکا دیتی ہے۔

ہر مسلمان کا فرض ہے کہ اس کتاب کو خود پڑھے اور اپنے متعلقین کو پڑھائے تاکہ اپنے مقدس مذہب کے سچے اصول سے کما حقہ واقف ہو کر دین و دنیا کی برکتیں حاصل کرے۔ لکھائی چھپائی دیدہ زیب کاغذ چکنا سفید قسم اعلی سائز ۲۰×۲۶ صفحات ۳۲۸ قیمت بلا جلد ۲، مجلد تین روپے محصولڈاک ۱۱

ملنے کا پتہ:۔ الجمعیۃ بکڈپو گلی قاسم جان دہلی

مندرجہ ذیل آپ مفت حاصل کر سکتے ہیں

رسالہ امراض مخصوصہ مردان — اس رسالہ میں مردوں کی مخصوص امراض کی وجہ تسمیہ علامات وغیرہ کا پورا نقشہ کھینچا گیا ہے اور گم شدہ طاقت بحال کرنے کے واسطے اصول نسخہ جات ہیں اخیر میں شدہ اطبا کی تیار کردہ دوائیاں ہیں۔ لیکن چاہیئے کہ شادی شدہ ہیں طالبعلم ہرگز درخواست نہ کریں۔ ایک آنہ کا ٹکٹ آنے پر بھیجا جاویگا۔

لیکچر ہندوستانیوں کی جسمانی کمزوری — یہ لیکچر کوی لی ونود و دیا بھوشن پنڈت ٹھاکر دت شرما وید نے ایس۔ پی۔ ایس کے ہال میں جادو کی لالٹین سے دیا تھا۔

رسالہ ملیریا خورد — اسمیں ملیریا موسمی بخار کی مکمل تشریح ہے۔ ہر ایک شخص کو اس رسالہ کو پڑھنا چاہیئے کیونکہ کوئی گھر اس بیماری سے خالی نہیں رہتا۔ ایک آنہ کا ٹکٹ بھیجکر مفت منگوالیں۔

رسالہ امرت — مشہور و معروف دوائی امرت دہارا جو ایک ہی دوائی کل امراض کا علاج ہے اس کی مکمل تشریح اس کے اندر ہے۔

فہرست ادویات — امرت دہارا اوشدہالیہ کی تمام ادویات کی فہرست بھی مفت بھیجی جاتی ہے

سو سالہ عجیب کیلنڈر مفت!

خط و کتابت و تار کیلئے پتہ: امرت دہارا ۱۲۰ لاہور

ہمارے ایجنٹ:۔ میسرز بہاری لال گھاسی رام کھاری باؤلی اسٹریٹ دہلی

Aljamiat

الجمعیۃ دہلی

(ایڈیٹر: ہلال احمد زبیری (ایم اے))

تار کا پتہ: الجمعیۃ دہلی

رجسٹرڈ نمبر ایل ۱۹۳

جلد ۲۲ | دہلی یوم شنبہ ۱۱؍ شعبان المعظم ۱۳۵۴ھ ہجری - مطابق ۹؍ نومبر ۱۹۳۵ء | نمبر ۲۳

حبشیوں نے اٹلی کے ایک رسالہ کو پسپا کر دیا

اطالوی ہوائی جہاز گولیوں سے گرا لئے گئے

میکالے پر حملہ کے لئے پیشقدمی کی تفصیلات

سڑکوں کی تعمیر اور موٹروں کا راستہ

ادیس ابابا ۸؍ نومبر

اطالوی فوج کا ایک رسالہ اٹیرین گریس بیچ زیگے کی قیادت میں میکالے کے اندر اوفیرا کی طرف سے داخل ہوگیا۔ گزشتہ شب حبشی سپاہیوں نے رات کے وقت اس رسالہ پر حملہ کر دیا ...

ٹلی کے دو جہازوں کو گرا دیا

ادیس ابابا ۸؍ نومبر

حبشیوں کا بیان ہے کہ ان کی افواج نے اٹلی کے دو ہوائی جہازوں کو پرواز کرتے ہوئے گولیاں مار کر نیچے گرا دیا۔ یہ واقعہ ویب شیلی کے علاقہ میں ظہور پذیر ہوا ہے۔

ریاست دھار کی جامع مسجد کے متعلق جلسہ

مسلمانان دہلی کا پرزور مطالبہ

دہلی ۸؍ نومبر

کل شام کو نماز مغرب کے بعد جامع مسجد میں مسلمانان دہلی کا ایک جلسہ منعقد ہوا جس میں جامع مسجد دھار کے متعلق تفصیلی حالات بیان کئے گئے ...

مسجدوں کیلئے بجلی کی روشنی کا انتظام

حضور نظام حیدرآباد کا فرمان

معاصرین کے افکار و آراء

پیر صاحب کی خدمت میں معروضات

راولپنڈی میں گوردوارہ سے ملحقہ زمین کا تنازعہ

نمائندہ پریس کو کمشنر راولپنڈی کا بیان

سکھ کسی صورت میں بھی سمجھوتہ کیلئے تیار نہیں

ماسٹر تارا سنگھ کا بیان

عبدالستار اور عبدالغفور کی رہائی

کمپنی باغ میں نہانے کیلئے حوض

پندرہ ہزار روپیہ کی منظوری

بعد کی اطلاع

اجمیر شریف میں مسجد شہید گنج کے متعلق جلسہ

چار مقررین پر مقدمہ چلانے کا فیصلہ

برما میں سیلاب

گاڑی کی آمد و رفت بند

دھنباد میں فساد

مسجد کے سامنے باجہ کا سوال

پانچ مسلمانوں اور ایک ہندو کی مزید گرفتاری

الجمعیۃ بک ڈپو دہلی کی مذہبی ادبی اور درسی کتابوں کا نایاب ذخیرہ

قرآن مجید و حمائل شریف وغیرہ

پانچ ترجموں والا قرآن شریف

دنیا میں یہ پہلا قرآن شریف ہے جو پانچ ترجموں کے ساتھ شائع ہوا ہے۔ حضرت مولانا شاہ عبدالقادر صاحب، حضرت مولانا شاہ ولی اللہ صاحب، حضرت شیخ سعدی، حضرت مولانا شاہ رفیع الدین صاحب اور مولانا اشرف علی صاحب تھانوی کے تراجم ...

مذہبی کتابیں

صحیح بخاری

تاریخی کتابیں

اشاعت اسلام

تبلیغی افسانے

ازبلا

سیاسی و اقتصادی کتابیں

سیاسیات ہند

پارلیمنٹری کمیٹی کی رپورٹ

ترجمان القرآن

بلال غمگین

ساوتری

حالات انبیاء

الجمال والکمال

تعلیم الاسلام

بچوں کیلئے کتابیں

تاریخ المشاہیر

خاموش تبلیغ

اصحاب بدر

اوراد و وظائف

علمائے سلف

اربعین

تذکرۂ علماء

عورتوں کیلئے کتابیں

جنت کی کنجی

دوزخ کا کھٹکا

خانہ داری

رسول کی باتیں

خواتین اندلس

دعائے مقبول

علامہ راشد الخیری کی تصنیفات

پاک زندگی

اسلامی عقائد و احکام

اسلامی تاریخ

طبی کتابیں

ضیاء الحکمت

احسن الوظائف

حیات حافظ خان

معارف الاسمٰی

دستور العمل اطباء

اختر اور رضیہ

ان دونوں کے دلوں میں محبت کی آگ بھڑک رہی تھی ... قیمت چار آنے علاوہ محصول ڈاک

خاموش تبلیغ

ایک قصہ کے پیرایہ میں موعظت و حکمت کا ایک دریا ہے۔ قیمت ۱۲ر

یازدہ سورہ ترتیب جیبی سائز۔ قیمت فی جلد ۱۰ر

دعائے گنج العرش مترجم عکسی رنگین۔ قیمت فی جلد

سورۂ یٰسین مترجم عکسی رنگین۔ قیمت فی جلد ۲ر

ان تمام کتابوں کے ملنے کا پتہ حسب ذیل ہے

الجمعیۃ بک ڈپو - گلی قاسم جان - بازار بلیماران - دہلی

آرڈر بھیجنے والوں کو اپنا تمام خط و کتابت میں خوشخط اور صاف لکھنا چاہئے اور پتہ میں خاص احتیاط کرنی چاہئے۔

اس فہرست میں تمام قیمتیں علاوہ محصول ڈاک دی گئی ہیں۔ اس لئے محصول ڈاک ان کے علاوہ لگایا جائے گا۔

(محبوب المطابع برقی پریس دہلی میں باہتمام ہلال احمد زبیری پرنٹر و پبلشر چھپ کر دفتر الجمعیۃ دہلی سے شائع ہوا)

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم
الجمعیۃ
دہلی
یوم شنبہ ۱۱ شعبان المعظم ۱۳۵۴ ہجری

مسلمانان سرحد زندہ باد
اتفاق واتحاد کی شاندار فتح

۲۴ نومبر کو پشاور سے دفتر جمعیۃ علمائے ہند میں حضرت مولانا مفتی محمد کفایت اللہ صاحب صدر جمعیۃ علمائے ہند اور حضرت مولانا احمد سعید صاحب ناظم جمعیۃ علمائے ہند کے نام برقی پیغامات موصول ہوئے تھے جن میں یہ اطلاع دی گئی تھی کہ ۲۶ نومبر کو صوبہ سرحد کی کونسل میں شریعت بل پیش ہونے والا ہے ایک سات مؤلفین کو یہ دعوت دی گئی تھی کہ اس روز پشاور میں تشریف لاکر کونسل کی کارروائی ملاحظہ فرمائیں مگر محترم صدر و ناظم جمعیۃ اسی روز دہلی سے باہر تشریف لیجا چکے تھے اور مقررہ تاریخ پر پشاور پہنچنا قطعاً ...

شب برأت کی شرعی حقیقت اور مسلمانوں کا طرز عمل
روحانی پاکیزگی کی ایک رات جس میں رب العالمین تجلی فرماتا ہے
مسلمانوں کے تن نیم جاں میں بدعات و رسوم کا زہر ہلاہل
(از جناب مولانا محمد عظمت اللہ صاحب نائب ناظم جمعیۃ علمائے صوبہ دہلی)

ڈسٹرکٹ بورڈ میرٹھ کی فہرست رائے دہندگان

ہمیں یہ معلوم کر کے حیرت ہوئی کہ مولانا بشیر احمد صاحب کو جو عالی وائس چیئرمین ڈسٹرکٹ بورڈ میرٹھ کا نام گرامی بورڈ کے آئندہ انتخابات سے قبل فہرست رائے دہندگان سے خارج کر دیا گیا اور اس کے لئے یہ عجیب و غریب طریقہ اختیار کیا گیا کہ بغیر کسی کی شکایت اور استغاثہ کے مقامی حکام نے خود اپنی تحریک اور اپنے ارادہ پر اعتراض قائم کیا اور خود ہی یہ فیصلہ کر دیا کہ مولانا سے خارج کا نام قواعد کے مطابق فہرست رائے دہندگان میں نہیں رہنا چاہئے ...

دہلی میں بجلی کا انتظام

حج کے متعلق معلومات و ضروری حالات
عالمگیر مساوات و مرکزیت کا دینی مظاہرہ
(۳)
(مکہ مکرمہ سے)

حج کی دعوت تو اللہ تعالیٰ نے خود ہی بواسطۂ قرآن مجید دیدی ہے۔

وَأَذِّنْ فِي النَّاسِ بِالْحَجِّ يَأْتُوكَ رِجَالًا وَعَلَىٰ كُلِّ ضَامِرٍ يَأْتِينَ مِنْ كُلِّ فَجٍّ عَمِيقٍ

لوگوں میں حج کا اعلان کر دو تمہارے پاس وہ ہر طرف سے پیادہ اور دبلے اونٹوں پر آویں گے۔

جلالۃ الملک ابن سعود کا عہد مبارک

(باقی صفحہ ہذا کالم ۳ کے نیچے ملاحظہ ہو)

اللہ تعالیٰ کے احسانات و انعامات احاطہ شمار سے باہر ہیں
دنیا میں ہر ذی روح کی ضروریات کا وہی کفیل ہے
حضرت سحبان الہند مولانا الحاج حافظ احمد سعید صاحب کی دوسری تقریر سیرت
(۳۴)

حضرت حق کا تردد و تامل

ایک ارشاد کا جواب

(باقی آئندہ)

ناظرین الجمعیۃ کے لئے ایک نادر تحفہ
طاقت کا لاثانی اکسیری نسخہ

دین مرزا اور اسلام
(از حضرت مولانا ابوالقاسم محمد حفظ الرحمان صاحب سیوہاروی)
(۷)

قول مرزا

کرشن کا اوتار

سبحانک ہذا بہتان عظیم

حج کے متعلق قول مرزا

(باقی آئندہ)

جنگ حبش کے تین دن

لاکھوں کی تعداد میں فوجوں کا اجتماع اور خونریز لڑائیاں

۵ نومبر

اسمرہ کی اطلاع ہے کہ میکالے کی حفاظت کیلئے حبشیوں کی ایک لاکھ سپاہیوں پر مشتمل ہے۔ جارحانہ اقدامات اختیار کر رہے ہیں۔

کردیا اور حومینین پر قبضہ کرلیا ہے۔ ہوائی جہازوں کے ذریعہ گشت کرنے پر معلوم ہوا کہ دشمن کی فوج کا ایک چھوٹا دستہ حومینین سے میکالے کی جانب جارہا تھا اور جنوب کی طرف سے ایک بڑا دستہ جو دس ہزار فوج پر مشتمل تھا اس طرف جارہا تھا جس سے دوبدو لڑائی چھڑنے کا خدشہ ہے۔

شہنشاہ حبش کو قتل کرنے کی کوشش

شاہی محل میں بم پایا گیا

روم سے اسمرہ کا ایک تار مظہر ہے کہ شہنشاہ حبش کو ہلاک کرنے کی کوشش کی گئی۔ ابھی تک اس خبر کی تصدیق نہیں ہوئی ہے لیکن بیان کیا جاتا ہے کہ عدیس ابابا میں شاہی محل کے اندر ایک بم پایا گیا ہے۔

بین الاقوامی سیاسیات کا نقشہ

جنیوا کی بساط پر دول یورپ کی شطرنجی چالیں

مالی امداد کے لئے حبش کی درخواست

یورپ پر جنیوا کی کارروائی کا اثر

لندن ۵ نومبر۔ اخبار ٹائمز کا نامہ نگار مقیم ویانا لکھتا ہے کہ لیگ کی کارروائیوں کا وسطی یورپ پر گہرا اثر پڑا ہے۔

تیل کی برآمد پر پابندی

اٹھارہ اراکین کی کمیٹی کا فیصلہ

جرمنی میں عسکری تعلیم کا عظیم الشان انتظام

برلن ۴ نومبر۔ ہٹلر نے حربی اکاڈیمی کا افتتاح عمل میں آیا۔ اس اکاڈیمی کی تعمیر کے لئے مجاہد ہزار مزدور ایک سال تک کام کرتے رہے ہیں۔ ہرہٹلر اور جرمنی کے سربرآوردہ جنرل بھی تقریب افتتاح میں موجود تھے۔ اس اکاڈیمی کا رقبہ سات سو ایکڑ ہے۔

برطانیہ پر سازش کا الزام

جاپان میں خطرات کا اظہار

ٹوکیو ۔ نومبر۔ جاپان کا خیال ہے کہ چین کی مالی تدابیر کی بنا پر سرفریڈرک راس کی سرگرمیاں ہیں۔ جاپان انہیں اپنے خلاف در پردہ برطانوی سازش سے تعبیر کرتا ہے اور کہتا ہے کہ وہ جاپانی مفاد کے منافی ہیں۔

طرابلس میں اٹلی کے زہرہ گداز مظالم

دو ہزار عربوں کی گرفتاری اور بے شمار جائدادیں تباہ

ملدریڈا میں طوفان

ہیکسو نیل ۔ نومبر۔ جنوبی ملدریڈا میں ایک سخت طوفان کی وجہ سے چار آدمی ہلاک ہوئے اور تقریباً ایک سو کے قریب زخمی ہوئے۔

نظر بندان تحریک مسجد شہید گنج اور حکومت

مولانا غلام بخش ظہر امرتسری کیساتھ افسوسناک سلوک

مشہدی صاحب کی نظر بندی

بمبئی چھوت کانفرنس کی تصدیق

کراچی کے چار ہزار اچھوتوں کا فیصلہ

کراچی ۔ نومبر کراچی کے ۴ ہزار اچھوتوں نے متفقہ طور پر ڈاکٹر امبیدکر کے اس اعلان کی تصدیق کی ہے کہ اچھوتوں کو ہندو مذہب ترک کر دینا چاہئے۔

مسلم یونیورسٹی کا پرو چانسلر

علی گڑھ کی ایک خبر مظہر ہے کہ یونیورسٹی کورٹ کا آئندہ اجلاس میں ۱۶ نومبر کو ہونے والا ہے۔ عالی جناب نواب بہادر نواب سر محمد مزمل اللہ خاں صاحب بالمقابلہ پرو چانسلر منتخب ہونگے۔

دہلی میں بجلی کے نرخ بہت گراں ہیں

میونسپل کمیٹی کو چاہئے کہ فوری تدابیر اختیار کرے

عبدالستار اور عبدالغفور

رہائی میں تاخیر

دہلی ۔ نومبر۔ ذمہ دار حلقوں میں تحقیقات کرنے پر معلوم ہوا ہے کہ ابھی تک عبدالستار اور عبدالغفور جن کو ہائی کورٹ نے بالترتیب راج پرتاب اور گلال چند کے قتل کے مقدمات میں رہا کر دیا ہے۔

کوڑے کی سزا منسوخ کردیجائے

اسمبلی میں مسٹر آصف علی کا مسودہ قانون

صوبہ کانگرس کمیٹی کا اجلاس

میرٹھ میں انڈین نیشنل کانگرس کو دعوت

مسلسل افسانہ

طوفان حوادث

اردو زبان کے مشہور ادیب و افسانہ نگار مولوی شبیر حسن صاحب ... کا ایک بہترین افسانہ جس میں سراغ رسانی کے متعلق حیرت انگیز واقعات دکھائے گئے ہیں ... قیمت ...

منیجر الجمعیۃ بک ڈپو گلی قاسم جان دہلی

پنجاب کے اخبارات کو گورنر باجلاس کونسل کا انتباہ

فرقہ وارانہ کشیدگی پیدا کرنے والی خبریں شائع نہ کی جائیں

ورنہ سخت کارروائی کی جائیگی

آج چیف سکرٹری حکومت پنجاب نے ایک پریس کمیونک شائع کیا ہے جس کا مضمون حسب ذیل ہے:۔

اس لئے گورنر باجلاس کونسل یہ مناسب سمجھتے ہیں کہ پہلے ایک انتباہ شائع کردیں کہ ان اخبارات اور چھاپہ خانوں کے خلاف انڈین پریس (ہنگامی اختیارات) ایکٹ کے ماتحت فوری اور سخت کارروائی کی جائیگی جو ایسی خبریں یا ایسا مصالحہ شائع کریں گے جن سے ملک معظم کی رعایا کے مختلف قوموں میں فرقہ وارانہ منافرت اور دشمنی کے بڑھنے کا امکان ہو۔

حضرت کالو شاہ کے مزار اور مسجد شہید گنج کو کس طرح منہدم کیا گیا

عدالت میں سکھ گواہوں کے بیانات

لاہور میں فوجداری کے مقدمہ کی مفصل کارروائی

(بسلسلہ اشاعت گزشتہ)

رنگ سنگھ گواہ استغاثہ کا بیان

مسجد کا انہدام

شناخت پریڈ

قبر کی بنیادیں نکالنے کا حکم

پنجاب میں فرقہ وارانہ کشمکش

بائیکاٹ اور پکٹنگ

لاہور ۵ نومبر۔ ابھی تک لاہور میں فرقہ وارانہ اقتصادی بائیکاٹ کیا جارہا ہے۔ چنانچہ زیر دفعہ قانون ضابطہ فوجداری ایک مسلمان کو ایک ہندو دکان پر پکٹنگ کرنے کے الزام میں گرفتار کیا گیا۔

صوبہ مدراس کا ریکارڈ

۱۵ اخبارات اور ۵۳ مطابع سے ضمانت

مسلم یونیورسٹی میں صنعتی تعلیم

۱۰ ہزار روپیہ کی منظوری

پنجاب کونسل میں مسجد شہید گنج کا معاملہ

حکومت کا بیان

لاہور ۹ نومبر۔ آج پنجاب کونسل میں ہوم ممبر نے شہید گنج مسجد کے متعلق ایک سوال کا جواب دیتے ہوئے بتایا کہ مسلمان نظر بندوں یعنی مولوی ظفر علی خاں صاحب مالک و ایڈیٹر زمیندار اور مولانا سید حبیب صاحب مالک اخبار سیاست کو ...

ایسٹ اینڈ ویسٹ کارپوریشن کے جنرل سکرٹری

نظام گورنمنٹ سے ہرجانہ کا مطالبہ

فلسفۂ تعلیم اسلام

وہ معرکۃ الآراء تصنیف جس کا تمام شوق ... اب ایسے وقت میں چھپکر شائع ہوئی ہے جب کہ دنیائے اسلام کو اسکی سخت ضرورت ہے۔ مغربی تہذیب و تمدن نے مسلمانوں کو اپنے مذہبی اعمال و معتقدات سے بے خبر کر دیا ہے۔ ... علوم حاضرہ کی روشنی میں دیکھے۔ یہ کتاب اس ضرورت کو بخوبی پورا کرتی ہے۔ ... ہر مسلمان کا فرض ہے کہ اس کتاب کو خود پڑھے اور اپنے متعلقین کو پڑھائے تاکہ اپنے مقدس مذہب کے سچے اصول سے کماحقہ واقف ہو کر دین و دنیا کی برکتیں حاصل کرے۔

ملنے کا پتہ:۔ الجمعیۃ بک ڈپو بلیماران دہلی

عطر محمدی (رجسٹرڈ)

عطروں کا سرتاج

تمام دنیا کے مسلمانوں کے سرتاج حضور سرور عالم صلی اللہ علیہ وسلم کو خوشبو سے بہت رغبت تھی ...

قیمت: فی تولہ چھ روپے۔ چار روپے۔ دو روپے

موجد ایس جمال اینڈ سنز تاجر عطر بلیماران دہلی

نورانی قرآن مجید معرّا

اس شان کا اتنا خوشنما، اتنی صحت اور اس قدر طہارت و پاکیزگی کے ساتھ چھپا ہوا تمام ہندوستان کے ہزاروں میں ... نورانی قرآن شریف کی کتابت ایک ایسے عربی کے خوشنویس سے کرائی گئی ہے ...

الجمعیۃ بک ڈپو گلی قاسم جان دہلی

حضرت مولانا حسین احمد صاحب مدنی کی ذات گرامی پر تہمات و بہتانات کی بارش
ناقابل انکار حقائق کا اظہار اور بے بنیاد دعاوی کی مؤثر تردید
تلبیس و تدلیس اور کذب و دروغ کے تمام پردے چاک ہوگئے
(۵)

بہر حال ضروری تو یہ ہے کہ ان ایام کو دار العلوم کی خدمات میں ہی شمار کیا جائے اور اگر بالفرض نہ بھی شمار کریں تب تمام سال میں ایام غیر حاضری صرف (۵) دن ہوتے ہیں جو کہ ملحوظ پانچ دن بھی نہیں پڑتے حالانکہ میری شرط ہر ماہ میں ایک ہفتہ ...

دینیہ کی ہیں اور کیا آج کسی یونیورسٹی اور کسی کالج کا بڑے سے بڑا پروفیسر یا کسی مذہبی مدرسہ کا مدرس اتنی خدمات انجام دیتا ہے یا نہیں۔ بعض غیر مستند طلبا نے نقشہ مندرجہ ذیل روزانہ منٹوں اور گھنٹوں کے لحاظ سے ہر روز لکھ کر ترتیب ...

پست اقوام کی ترقی
رب العالمین کا سچا فرمان اور فریضۂ مسلم
(از مولانا مولوی محمد میاں صاحب ناظم شعبۂ تبلیغ جمعیۃ علماء صوبہ متحدہ)

خدا کی زمین میں فرعون مصر نے سرٹھار رکھا تھا باشندگان مصر کے چند گروہ کرکے انہیں سے ایک کو بری طرح ذلیل و خوار کر رکھا تھا۔ تو خدائے قدوس نے حضرت موسیٰ علیہ وعلیٰ نبینا الصلوٰۃ والسلام کو بھیجا کیونکہ تمام انسانوں کا سچا پروردگار یہ چاہتا ہے کہ کمزوروں اور درماندوں پر احسان فرمائے ان کو سردار بنائے۔ ان کو وارث ملک کرے ان کو اقتدار بخشے (دیکھو سورہ قصص پہلا رکوع)

علماء اسلام ... تمام مذہبوں پر عمل ترہے ان تمام مقاصد کو حاوی اور ... تکمیل کو پہونچانے والی ہے جن کے لئے انبیاء علیہم السلام مامور کئے گئے تھے۔ علماء امت انبیاء علیہم السلام کے وارث ہیں ...

پہلی تجویز میں ہوئے کیا گیا کہ کانفرنس کی رائے میں موجودہ گورنمنٹ آف انڈیا ایکٹ رجعت پسندانہ اصول وطنی کے خلاف اور مایوس کن ہے اور کوئی ... سیاسی جماعت موجودہ نظام سے تعاون نہیں کرسکتی باوجود اس ایکٹ کے عیوب و نقائص کے ... ضرورت ہے کہ وطن پرست اصحاب ان کونسلوں اور اسمبلی میں موجودہ ایکٹ کے ماتحت قائم ہوں ان پر قبضہ کرکے ہندوستان کے لئے اس سے بہتر اصلاحات کے حصول کے لئے ان کونسلوں اور اسمبلی کو استعمال کریں۔ دوسری تجویز ...

اس کے قریب ستول پر ایک کیس رکھا تھا اور رندھیر سنگھ کرم سنگھ کپور سنگھ ملزمین ملبہ اٹھانے اور قبر کی بنیادیں کھودنے کا کام کررہے تھے ...

گواہ پر جرح
لالہ شام لال ایڈووکیٹ کی جرح کے جواب میں گواہ نے بیان کیا کہ ...

آل انڈیا شیعہ پولیٹیکل کانفرنس

آج شب کو صرف ایک ساڑھے نو بجے
پروفیسر شنکر راؤ کا مشہور سرکس
اس میں ۵۰ حیرت انگیز کرتب کرنے والے کھلاڑی اور ... اسد ھائے ہوئے عجیب و غریب جنگلی جانور ہیں
کاریگر گرانڈ سرکس
افریقہ کے جنگلوں کے ۲۰ خونخوار شیر
نیپال کی پہاڑی کے ۶ ہاتھی۔ ریچھ۔ گھوڑے۔ بکرے۔ کتے۔ بندر۔ طوطے اور دیگر بے شمار جانور ہیں
ہر ایک شخص کو روز کام دیکھنا ہوگا
پیپل پارک نزد پتھر والا کنواں دہلی میں
جمعہ، ہفتہ، اتوار کو ایک کھیل دن کے پانچ بجے بھی ہوتا ہے
مایوسی سے بچنے کیلئے آج ہی اپنی جگہ ریزرو کرا لیجئے

بکس مردمی
اکسیر البدن ... جریان۔ احتلام۔ سرعت انزال ...

ساوتری

تجارت کرو فائدہ اٹھاؤ

اعجاز غوثیہ

ارکان اسلام

اکھیں بکمانات

قدیمی مشہور دوکان

ونیس کی ہر دلعزیزی
ونیس ہر ایک جیب و ضرورت کے مطابق سکیمیں پیش کرتی ہے
تفصیلات ... دی ونیس انشورنس کمپنی لمیٹڈ چاندنی چوک دہلی

ایک تیر سے دو شکار

انٹرنیشنل ٹریڈنگ کمپنی پوسٹ بکس ۷۰۱ کلکتہ

حب زرین رجسٹرڈ
زرین اصولوں پر تیار کی ہوئی حب زرین ...
منیجر دواخانہ ...

جوہر جیلانی
دواخانہ رشیدیہ دیوبند
مصدق
امیر الہند حضرت مولانا حسین احمد صاحب مسیح الملک ثانی جناب حکیم محمد احمد خان صاحب دہلوی
کی حیرت انگیز ایجاد
روغن بواسیر ...
منیجر دواخانہ رشیدیہ دیوبند

نمک جالینوس
ہمدرد دواخانہ یونانی دہلی

دینی بکڈپو کی نایاب کتابیں
دینی بکڈپو اردو بازار جامع مسجد دہلی

مصری جدید برقعہ
آجکل بھی مصر کے شاہی خاندان میں اس برقعہ کا استعمال ہے
خاتون اسٹور بازار فتحپوری دہلی

خضاب چھوڑ دو

حب مبہی خاص
ہمدرد دواخانہ یونانی دہلی

قلم۔ ام۔ بی

"میں آپ کو مشورہ دیتا ہوں کہ کلزانہ ان تمام تکالیف کو دور کردے گی جن کی آپ کو شکایت ہے ہندوستان میں کلزانہ کا استعمال ضروری اور مفید ہے"

جوانی کی حفاظت کرو
Kalzana
تندرستی کے لئے ایک عجب غذا ہے

Aljamiat

الجمعیۃ دہلی

رجسٹرڈ نمبر ایل ۱۷۹۳

تار کا پتہ "الجمعیۃ دہلی"

(ایڈیٹر:- ہلال احمد زبیری (ایم - اے)

جلد ۲۲ | دہلی - یوم چہارشنبہ ۱۵ ر شعبان المعظم ۱۳۵۴ھ ہجری - مطابق ۱۳ ر نومبر ۱۹۳۵ء | نمبر ۴۷

حبش کے لئے برطانیہ کی امداد روانہ ہوگئی

اٹلی نے ایک اور اہم مقام پر قبضہ کر لیا

حبش کے جنوب میں زبردست حملہ کی توقع

اٹلی کے آئندہ منصوبوں کا انکشاف ہوگیا

اسمرہ ۱۰ ر نومبر - اطالوی افواج نے سا سا نیبر پر بھی قبضہ کر لیا جو جججگہ سے ستر میل کے فاصلہ پر واقع ہے اور حرار کی مدافعت کے سلسلہ میں ایک اہم مقام ہے -

اٹلی کی شمالی فوجیں اب میکالے کے جنوب کی طرف داخل ہوگئی ہیں۔ ...

میکالے کے جاریں طرف کامیاب کارروائیاں کے بعد دریائے تاکازے کے برابر جنوب میں سا سا نیبر ...

میکالے میں ایک بہت بڑا ہوائی اسٹیشن بنایا جا رہا ہے تاکہ ہوائی فوج ایک بہت بڑے علاقہ کی نگرانی کا کام انجام دے سکے ...

تعزیرات کے نفاذ سے قبل اٹلی کی تیاریاں

پورٹ سعید - ۱۰ ر نومبر - چونکہ تعزیرات کے نفاذ کا وقت قریب آگیا ہے اسلئے اٹلی بہت سرعت کے ساتھ مشرقی افریقہ کو سامان رسد اور اسلحہ روانہ کر رہا ہے۔ ...

اٹلی کی پریشانی کا اندازہ اس سے بھی لگایا جاسکتا ہے کہ پرانے اور عجیب و غریب وضع کے جہاز بھی استعمال کئے جا رہے ہیں کہ سامان لے کر افریقہ کو روانہ ہوں -

اٹلی کے سفیر کی مصر کو دھمکیاں

قاہرہ ۱۰ ر نومبر - اٹلی کے سفیر نے وزیر خارجہ مصر کو ایک نوٹ لکھا ہے جس میں مصر کے اس فیصلہ کے خلاف احتجاج کیا ہے کہ وہ بھی تعزیرات کا نفاذ کرے گا ...

کینیا اور اوگنڈا کے راستہ سے طبی امداد

لندن - ۱۰ ر نومبر - "برٹش ایمبولنس سروس" کا ایک رسالہ تمام سامان سے پوری طرح تیار ہو کر ۱۶ ر نومبر کو روانہ ہوگا ...

برطانیہ کے تجارتی بورڈ کا فیصلہ

لندن - ۱۰ ر نومبر - تجارتی بورڈ نے اٹلی کے خلاف تعزیرات کا نفاذ کرنے کی ۱۸ ر نومبر مقرر کی ہے - یہ نفاذ تجارتی مال کے متعلق ہوگا -

جاپان کے ایک جنگی جہاز کی چین پر چڑھائی

شنگھائی ۱۰ ر نومبر - گزشتہ شام کو ایک جاپانی بحری سپاہی کو گولی سے قتل کر دینے کے باعث صورت حال بہت زیادہ خراب ہوگئی ہے ...

بم پھٹ گیا

حیدرآباد میں تین آدمی زخمی ہوئے

کراچی - ۱۰ ر نومبر - ایک مقامی اخبار میں یہ اطلاع شائع ہوئی ہے کہ حیدرآباد ...

صوبہ سرحد میں تلوار کی اجازت دی جائے

کونسل کی غیر سرکاری قرارداد

پشاور ۱۰ ر نومبر - آج کونسل کے اجلاس میں ایک غیر سرکاری ریزولیوشن پیش کیا گیا جس میں سفارش کی گئی کہ سرحد میں تلوار رکھنے کی پابندی نہ لگائی جائے ...

نزولی میں علم و عرفان کی بارش

حضرت ناظم جمعیۃ علماء ہند کا ورود

۱۰ ر نومبر - حضرت مولانا حافظ حاجی احمد سعید صاحب ناظم جمعیۃ علماء ہند ... مراد آباد تشریف لائے ...

پیغامات

(از جناب مشتاق صاحب رامنی سورتی)

بنام حبش

اے حبش تو ہے بلال پاک باطن کا وطن — مسلموں کے واسطے گلزار تھا تیرا چمن
وہ مصیبت ان کی وہ تیری کرم فرمائیاں — آج تک بھولے نہیں ہیں ہم وہ تیرا حسن

دی مسلمانوں کو پہلے جس نے دنیا میں پناہ — بے کس و مظلوم سے کی جس نے آخر تک نباہ
راحتیں پہونچائیں جس نے ہر طرح اسلام کو — نیک دل کتنا نجاشی تھا حبش کا بادشاہ

مسلموں کی جاں حمایت میں تری قربان ہے — ساتھ مظلوموں کا دینا ان کا اک ایمان ہے
وہ تری ہر ایک خدمت کیلئے تیار ہیں — انکے مذہب میں عوض احسان کا احسان ہے

مسلموں کا دل مصیبت سے تری غمناک ہے — درد سے تیرے مسلمانوں کا سینہ چاک ہے
غم نہ کھا تو خیر جاں اسکو بنا کر چوم لے — تو امانت دار مکتوب شہ لولاک ہے

بنام حکومت اٹلی

ہے ترے ظلم و ستم سے سینۂ مسلم فگار — خون سے انکی زمیں تیری ہے اب تک لالہ زار
انکے دل میں زخم تازہ ہے تری شمشیر کا — دامن تہذیب ہے تیرا لہو سے داغدار

تو ہی اے اٹلی سر مسلم سے تھا سنگ زما — تو ہی تھا خون مسلم اسلام کا رنگ آزما
عالم اسلام تیرے ظلم کو بھولا نہیں — تو ہی اے اٹلی طرابلس میں تھا جنگ آزما

مختار اٹلی موسولینی کے نام

چاہتا ہے تو شرارت سے کہ ہو اک انقلاب — عالم انسانیت میں پھیل جائے اضطراب
موسولینی دیکھ یہ فرعونیت اچھی نہیں — دیکھتا ہے آج بھی تو روم امپائر کا خواب

تیرے ترکش میں ہیں بھرے خون سے آلودہ تیر — کس قدر بگڑا ہوا ہے تیری فطرت کا خمیر
کیوں نہیں پھر گڑ نہیں جاتا تو اپنے بوجھ سے — تجھ کو کیا مطعون بھی کرتا نہیں تیرا ضمیر

ہر قسم کے قرآن کریم و حمائل شریف معریٰ و مترجم نیز جملہ قسم کی کتابیں الجمعیۃ بکڈپو دہلی سے طلب فرمایئے

الجمعیۃ بکڈپو دہلی کی مذہبی ادبی اور درسی کتابوں کا نایاب ذخیرہ

قرآن مجید و حمائل شریف وغیرہ

پانچ ترجموں والا قرآن شریف

دو ترجمہ والا معجز نما متوسط قرآن مجید

قرآن مجید بلا ترجمہ

حمائل شریف مترجم مع خلاصۃ التفسیر

پارہ سورۃ قرآن مجید مع دعائے گنج العرش

مذہبی کتابیں

صحیح بخاری

ترجمان القرآن

الجمال والکمال

تقریر دلپذیر

جنت کی کنجی

دوزخ کا کھٹکا

پاک زندگی

فتاویٰ اشرفیہ

البعین

معارف الاسلامی

تاریخی کتابیں

اشاعت اسلام

بلاغ مبین

حالات انبیاء

تاریخ المشاہیر

اصحاب بدر

علمائے سلف

تذکرۃ الصلحاء

خواتین اندلس

اسلامی عقائد و احکام

اسلامی تاریخ

حیات حافظ خان

اختر اور ضیمہ

خاموش تبلیغ

تبلیغی افسانے

از بلا

ساوتری

خاموش تبلیغ

بچوں کا تحفہ

اوراد و وظائف

طب روحانی

اربعین

رسول کی دعائیں

دعائے مقبول

حسن الوظائف

بچوں کیلئے کتابیں

تعلیم الاسلام

عورتوں کیلئے کتابیں

خانہ داری

خواتین اندلس

علامہ راشد الخیری کی تصنیفات

طبی کتابیں

ضیاء الحکمت

دستور العمل اطباء

سیاسی و اقتصادی کتابیں

سیاسیات ہند

پارلیمنٹری کمیٹی کی رپورٹ

سکہ و شرح تبادلہ

ریاست

مالیات عامہ

ان تمام کتابوں کے ملنے کا پتہ حسب ذیل ہے

الجمعیۃ بکڈپو گلی قاسم جان - بازار بلیماران - دہلی

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم
الجمعیۃ دہلی
یوم چہار شنبہ ۱۵ شعبان المعظم ۱۳۵۴ ہجری

برطانوی پارلیمنٹ کا آئندہ انتخاب
نیشنل گورنمنٹ کے حامیوں کیساتھ پبلک کا سلوک

برطانوی پارلیمنٹ کا آئندہ انتخاب ۱۴ نومبر کو ہونے والا ہے، چنانچہ اس سلسلہ میں حسب معمول مختلف پارٹیوں کی طرف سے پورے زور شور کے ساتھ پروپیگنڈا کیا جا رہا ہے۔ وہی لیڈر جو کل تک وزارت کی کرسیوں پر بیٹھے ہوئے نہ صرف اپنی قوم بلکہ تمام دنیا کی قسمتوں کا فیصلہ کیا کرتے تھے آج ووٹ مانگنے کی غرض سے دربدر دھکے کھاتے پھر رہے ہیں۔ نتیجہ انتخاب کے متعلق شروع میں جو پیشگوئیاں ہو رہی تھیں ان سے تو یہ معلوم ہوتا تھا کہ قدامت پسندوں ہی کی اکثریت ...

... تمام حریفوں کو نقد کرنے کے ذمہ دار ہیں۔ لیکن بہرحال جب پبلک کو قوت حاصل ہو جاتی ہے اور وہ جانتی ہے کہ اس کا ووٹ ہی ایک شخص کو اعلیٰ مدارج پر پہنچا سکتا ہے تو وہ پھر انتقام بھی خوب لیتی ہے اور یہی آج کل جمہوریت کی سب سے بڑی خوبی اور قابل تعریف بات سمجھی جاتی ہے۔

معاصرین کے افکار و آراء

غلط اور مضرت رساں رہنمائی

تعمیر مسجد شہید گنج کے سلسلہ میں پیر جماعت علی شاہ نے ایک ایسا قدم بغیر سوچے سمجھے اور نتائج پر غور کئے اٹھایا ہے جس نے پنجاب کے اندر خصوصیت کے ساتھ اور اس سے ملحقہ مقامات پر نہایت تلخی اور مختلف فرقوں کے اندر باہم کشیدگی پیدا کر دی ہے۔ مسجد شہید گنج کی وجہ سے مسلمانوں کے اندر ان دنوں سخت جوش اور ہیجان پھیلا ہوا ہے اور مسلمانوں کا قومی خاصہ ہے کہ وہ جب کسی مذہبی جذبہ سے متاثر ہو کر جوش میں آ جاتے ہیں تو پھر ان کے اندر زیادہ پیچیدہ اور الجھی ہوئی چیزوں کے سمجھنے کا بہت کم رجحان ہوتا ہے۔ یہی وجہ ہے کہ ایسے اوقات میں ...

تقریر کرنے کا ارادہ پیر صاحب نے کیا حالانکہ یہاں جس وقت آپ تشریف لائے تو دہلی کے چند سربرآوردہ مسلمان تاجروں کا ایک ڈیپوٹیشن آپ کی خدمت میں حاضر ہوا اور عرض کیا کہ اس تحریک سے خود مسلمانوں ہی کو سخت نقصان پہنچیگا اور دہلی کے تجارت پیشہ طبقہ کو اس کا کافی تجربہ ہو چکا ہے اسلئے براہ کرم اس تحریک کو ختم کر دیجئے اور یہاں دہلی میں تو آپ ہرگز اس قسم کی تقریر نہ فرمائیں کیونکہ یہاں کی فضا پہلے ہی بہت خراب ہے اور ہم نہیں چاہتے کہ دہلی فرقہ وارانہ فتنہ و فساد کا مرکز بنجائے۔ مگر پیر صاحب تو اگھوڑے پر سوار تھے انہوں نے فرمایا کہ میں اپنے ارادہ سے ہرگز باز نہیں آؤں گا ...

اقتصادی بائیکاٹ کا غلط قدم

تحریک بائیکاٹ کی مضرتیں

جو مغربی افرات کے باعث سوسائٹی کی بداعمالی، سینما اور تصاویر کے ذریعہ جرائم کے جدید طریقوں کی نشر و اشاعت، اور یہاں کے رؤسا کی عیاشی و نفس پرستی سے اچھی طرح واقف ہیں۔ بمبئی ان تمام لغویات کا مرکز بنا ہوا ہے اس لئے اس قسم کے "سنسنی خیز" واقعات کی ابتدا بھی قدرتاً وہیں سے ہونی چاہئے۔

صوبہ سرحد میں ہندی کا سوال

صوبہ سرحد کی آبادی ہمیشہ اپنے اتحاد و اتفاق کے لئے مشہور رہی اور وہاں کی ہندو اور سکھ اقلیتیں اپنی زبان اپنے لباس اور اپنی کلچر وضع و قطع کے لحاظ سے صوبہ کے دیگر باشندوں کے مقابلہ میں کوئی امتیازی صورت اختیار کئے ہوئے نہیں تھی۔ اپنے آپ کو سرحدی کہنے میں ایک ہندو بھی انتہائی فخر محسوس کرتا تھا حتیٰ کہ ایک مسلمان ہندو اور مسلمانوں کی زبان میں کوئی فرق پیدا کرنا ...

لاہور کا فیصلہ

لاہور میں تقریر کرتے ہوئے مولانا شوکت علی صاحب نے مسجد شہید گنج کے سلسلہ میں یہ بات بہت صحیح ارشاد فرمائی کہ ...

اخبار انقلاب کی دریدہ دہنی کے خلاف صوبہ سرحد میں ہیجان
جمعیۃ علمائے سرحد کا اجلاس خصوصی اور متفقہ قرارداد

پشاور ۲ نومبر آج بوقت چار بجے علماء سرحد کا ایک اہم اجلاس زیر صدارت مولانا مولوی لطف اللہ صاحب مسجد قاسم علی خاں میں منعقد ہوا۔ جلسہ میں انقلاب کی اس گستاخی پر جو انہوں نے مولانا جانشین شیخ الہند حضرت مولانا حسین احمد صاحب کی شان میں کی ہے سخت اظہار ناراضگی کیا گیا اور مندرجہ ذیل تجویز منظور ہوئی۔

(۱) علماء سرحد کا یہ اجلاس خصوصی اخبار انقلاب کی اس گستاخی اور دشنام طرازی پر جو اس نے علماء ہند کے محترم اور مسلمانان ہند کے محترم رہنما و دینی مولانا حسین احمد صاحب صدر الدرسین و سرپرست دار العلوم دیوبند کی ہے سخت اظہار نفرت و حقارت کرتا ہے اور انقلاب کو متنبہ کرتا ہے کہ وہ صحابیان مذہب کو اپنی شہوانی یاوہ گوئی کا تختہ مشق نہ بنائے ورنہ اس کا نتیجہ اس کے حق میں اچھا نہ ہوگا۔ (از دفتر جمعیۃ العلماء سرحد)

شذرات

ہم حضرت حق جل مجدہٗ کی درگاہ میں دست بدعا ہیں کہ وہ حضرت مولانا کو صحت کاملہ عطا فرمائے اور اسلام و مسلمانوں کی خدمت کیلئے تادیر زندہ و سلامت رکھے۔ قارئین الجمعیۃ کی خدمت میں بھی جاری استدعا ہے کہ وہ مولانا کی صحتیابی کے لئے دعا فرمائیں۔

مولانا سید سلیمان ندوی کی علالت

ہمیں سب سے پہلے حضرت مولانا سید سلیمان صاحب ندوی کی علالت طبع کا حال مولانا سید مسعود علی صاحب ندوی کے اس مکتوب سے معلوم ہوا تھا جو کسی دوسری جگہ درج کیا جا رہا ہے اور جس سے حضرت مولانا کی صحت کے متعلق ہمیں بہت زیادہ تشویش میں مبتلا کر دیا تھا لیکن اب موصوف کے دوسرے خط سے جو ابھی موصول ہوا ہے اس تشویش میں ایک گونہ کمی ہو گئی ہے۔ مولانا تحریر ...

بمبئی کا ایک پراسرار اغواء

فریضہ حج اور مسلمانان ہند

اعلان تعطیل

اللہ رب العزت کی نعمتوں کا شکریہ اعتراف عجز کے سوا اور کچھ نہیں ہو سکتا
ایک مسلمان کیلئے دنیا کی محرومیوں پر شکوہ کرنا باعث شرم ہے
حضرت سحبان الہند مولانا الحاج حافظ احمد سعید صاحب کی دوسری تقریر سیرت
(۳۴)

حضرت موسیٰ علیہ السلام کا بقیہ قصہ

انہی احسانات کی طرف حضرت موسیٰ نے اشارہ کرتے ہوئے بارگاہ الٰہی میں عرض کیا تھا کہ الٰہی اول تو ان احسانات کا شمار میری طاقت سے خارج ہے۔ پھر یہ کہ اگر میں کسی نعمت کا شکریہ ادا بھی کروں تو یہ ایک مستقل احسان ہے کیونکہ نیک عمل کی توفیق ...

مائل ہو جاتے۔ اللہ تعالیٰ نے ہماری آبرو رکھی اور غیروں کے سامنے شرم رکھ لی اگر کافروں کو وہ سب کچھ مل جاتا جو وہ دنیا چاہتے تھے تو نہ معلوم ہمارا کیا حشر ہوتا۔ وہ تو خدا کے سامنے بھی کہ غیروں کو وہ نہ دیا جو وہ دنیا چاہتے تھے ورنہ ہم اس دنیا کے پیچھے کافر ہو جاتے۔

یہی حالت ہے اللہ تعالیٰ دنیا دیدیں تو خوش ہیں۔ اسلام بہت اچھا مذہب ہے اور اگر تنگدستی یا فقر سے واسطہ پڑ جائے تو ناراض ہیں۔ میں یہ نہیں کہتا کہ تمام مسلمان ایسے ہی ہیں۔ اگر مخلص بندے نہ ہوں تو دنیا کس طرح قائم رہ سکتی ہے۔ لیکن اس میں شک نہیں کہ بہت سے مسلمانوں کی عملی حالت خراب ہے۔ جب مسلمان روپے کے لالچ میں فسق کر سکتا ہے تو کفر کرنے میں کونسی چیز مانع ہے۔ آج صدہا مسلمان ملازمتوں کے لالچ میں قادیانی نہیں ہو رہے ہیں۔

چودھری ظفر اللہ سے اختلاف

آپ کو علم ہے ہندوستان کے مسلمانوں نے چودھری ظفر اللہ کی تقرر سے کیوں اختلاف کیا ...

عبادات سے زیادہ معاملات خراب ہیں

حج کے متعلق معلومات و ضروری حالات
عالمگیر مساوات و مرکزیت کا دینی مظاہرہ
(۴)
(مکہ مکرمہ سے)

مکانات

حکومت کو ان مکانات کا خاص طور پر خیال ہے جن میں حجاج قیام کرتے ہیں چنانچہ اس کام کے لئے ایک خاص کمیٹی مقرر ہے جو حجاج کے مکانات کی تفتیش اور صفائی اور طبی معائنہ کرتی ہے اور ہر کمرہ میں ساکنان کی تعداد کا تعین کرتی ہے اور مکانات کا کرایہ حکومت کی طرف سے نہایت کم اور موزوں مقرر ہے۔ اور حاجی کے امکان میں ہے کہ خواہ وہ پورا مکان لے یا کچھ حصہ یا ایک کمرہ حسب ضرورت لے۔

۴ - ادارہ رئیس المعلمین حجاج جاوہ مکہ
۵ - ادارہ رئیس المعلمین حجاج بقیہ اقوام مکہ
۶ - حج کمیٹی مکہ
۷ - مجلس جزورین مدینہ منورہ

ہر حاجی کے امکان میں ہے کہ وہ جب چاہے مذکورہ بالا مراکز سے مراجعت کرے۔ ہم حجاج کو نصیحت کرتے ہیں کہ جب ان کو کوئی معاملہ پیش آوے تو حکومت کے ہر محکمہ سے مراجعت کر سکتی علاوہ ازیں محکمہ پولیس و دیگر دفاتر سے بھی ہر وقت ...

معلمین حجاج

دینی ہدایات

حاجیوں کی خبرگیری متعینہ کمیٹیاں

۱ - مجلس مراقبت حجاج جدہ
۲ - ادارہ نقیب وکلاء ہند جدہ
۳ - ادارہ رئیس المعلمین حجاج ہند مکہ

(باقی آئندہ)

"دین مرزا" اور اسلام
(از حضرت مولانا ابو القاسم محمد حفظ الرحمٰن صاحب سیوہاروی)
(۸)

مخلصانہ گزارش

برادران محترم و عزیزان گرامی! یہ ہے مرزائیوں کا وہ مذہب جو خاتم الانبیاء محمد رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے دین حق کو پامال کرنے کے لئے ایجاد ہوا ...

کا قول ہے۔ ومعلوم من انواع الهدی ابتدہ مکشفۃ والہام رویا صالحۃ ومکالمات ومخاطبات وتحدیث لینکشف بہا غوامض القرآن و یزداد الیقین (حمامۃ البشریٰ) ...

احمدیہ حصہ ۵ ص ۱۲۲) ایک دل سے دو متناقض باتیں نہیں نکل سکتیں کیونکہ ایسے طریق سے انسان پاگل کہلاتا ہے یا منافق ...

کو لوٹ رہے ہیں لیکن یہ واضح رہے کہ خاتم الانبیاء صلے اللہ علیہ وسلم کا یہ دین دجالوں اور کذابوں کی ان پھونکوں سے بجھ نہیں سکتا۔ بلکہ اپنے جلال و جبروت اور صداقت ابدی کے ساتھ قیامت تک فروزاں و تاباں رہے گا۔ یریدون لیطفؤا نور اللہ بافواھھم واللہ متم نورہ ولو کرہ الکافرون۔

عطر محمدی رجسٹرڈ
عطروں کا سرتاج
حبش کے سپہ سالار نے اٹلی کے تین فوجی رسالوں کو بھگا دیا

حبشی فوجوں کا مے شہروں اور علاقوں پر دوبارہ قبضہ

جنگ کا رخ بالکل بدل گیا

جمعیۃ اقوام کے متفقہ فیصلوں سے فرانس کا انحراف

حرار ۵ نومبر

[illegible]

حبش کو سامان جنگ پہنچ رہا ہے

[illegible]

اٹلی کی فوج کھانا چھوڑ کر بھاگ گئی

[illegible]

حبشیوں کا ایک اور علاقہ پر قبضہ

[illegible]

اٹلی کے خلاف فرانس لیت و لعل کر رہا ہے

[illegible]

چین دو حصوں میں تقسیم کر دیا گیا

ایک نئی آزاد مملکت کا قیام

[illegible]

مولانا احمد سعید صاحب کا وعظ

[illegible]

پشاور میونسپلٹی کے انتخابات

چار اراکین بلا مقابلہ منتخب ہوئے

[illegible]

مولانا سید سلیمان ندوی کی علالت

[illegible]

ایک بنگالی نظر بند کو سزائے موت

بوڑھا باپ بیہوش ہو گیا

[illegible]

معاصرین کے افکار و آراء

جمعیۃ علماء ہند کا ترجمان

[illegible]

الحاد و دہریت کا سیلاب

[illegible]

ملنے کا پتہ: الجمعیۃ بک ڈپو۔ بلیماران دہلی

انجمن منصور الہند گھوسی

[illegible]

تجارت کرو فائدہ اٹھاؤ

[illegible]

بے تصدیق بات پرشک ممکن ہے

[illegible]

خضاب چھوڑ دو

[illegible]

الجمعیۃ بک ڈپو دہلی کی مذہبی ادبی اور درسی کتابوں کا نایاب ذخیرہ

مذہبی کتابیں

صحیح بخاری

ترجمان القرآن

کتاب الکمال

نظر پریت

جنت کی کنجی

دوزخ کا کھٹکا

پاک زندگی

معارف الاذکیٰ

[illegible]

تاریخی کتابیں

اشاعت اسلام

بلاغ مبین

حالات انبیا

تاریخ المشاہیر

تذکرۃ الصلحاء

خواتین اندلس

اسلامی جہاد و جنگ

اور اسلامی تاریخ

[illegible]

تبلیغی افسانے

ساقی

سیاسی و اقتصادی کتابیں

سیاسیات ہند

پارلیمنٹری کمیٹی کی رپورٹ

[illegible]

اوراد و وظائف

طب حانی

رسول کی دعائیں

دعائے مقبول

حسن الوظائف

متفرق کتابیں

طوفان حوادث

[illegible]

بچوں کیلئے کتابیں

تعلیم الاسلام حضرت العلامہ مفتی محمد کفایت اللہ صاحب

بچوں کا تحفہ

اربعین

طبی کتابیں

ضیاء الحکمت

عورتوں کیلئے کتابیں

خانہ داری

خواتین اندلس

علامہ راشد الخیری کی تصانیف

[illegible]

ان تمام کتابوں کے ملنے کا پتہ: الجمعیۃ بک ڈپو بلیماران دہلی

تار کا پتہ "الجمعیۃ دہلی"

Aljamiat

الجمعیۃ دہلی

ایڈیٹر:- ہلال احمد زبیری (ایم۔اے)

جلد ۲۲ | دہلی یوم پنجشنبہ یکم رمضان المبارک ۱۳۵۴ھ ہجری۔ مطابق ۲۸ نومبر ۱۹۳۵ء | نمبر ۳۷

حبش کے سپہ سالار نے اٹلی کے تین فوجی رسالوں کو بھگا دیا

حبشی فوجوں کا نئے شہروں اور علاقوں پر دوبارہ قبضہ

جنگ کا رخ بالکل بدل گیا

جمعیۃ اقوام کے متفقہ فیصلوں سے فرانس کا انحراف

حرارہ ۲۵ نومبر

گیبر یڈیر جسے حبشیوں نے خطرہ کی وجہ سے چھوڑ دیا تھا اب اس کی بابت یہ اہم سرکاری اطلاع موصول ہوئی ہے کہ اس پر دوبارہ قبضہ ہو گیا ہے اور حبشی فوج لاریوں میں بھر بھر کر جنوب کی جانب بھیجی جا رہی ہے۔ حبشیوں کی طبیعت اس وقت لڑنے کے لئے نہایت موزوں ہے۔ اور ان کو ہوائی گولہ باری کا کوئی اندیشہ نہیں ہے کیونکہ ان کے مقابلہ میں اس وقت بہت کم ہوائی جہاز ہیں۔ ...

حبش کو سامان جنگ پہنچ رہا ہے

اٹلی کی فوج کھانا چھوڑ کر بھاگ گئی

حبشیوں کا ایک اور علاقہ پر قبضہ

اٹلی کے خلاف فرانس لیت و لعل کر رہا ہے

جنیوا ۲۵ نومبر ...

چین دو حصوں میں تقسیم کر دیا گیا

ایک نئی آزاد مملکت کا قیام

ٹوکیو ۲۵ نومبر

صوبہ ہین سنن میں حکومت چین نے مارشل لا نافذ کر دیا ہے کیونکہ آزادی پسند پارٹی نے سویلین آفیسر پولیس ہیڈ کوارٹرز اور پیکن مکڈن ریلوے پر زبردستی قبضہ کر لیا۔ ...

مولانا احمد سعید صاحب کا وعظ

مسلمانان دہلی کی اطلاع کیلئے اعلان کیا جاتا ہے کہ حضرت مولانا الحاج حافظ احمد سعید صاحب ... چونکہ ۹ رمضان المبارک ... مواعظ حسنہ سے سامعین کو مستفیض فرمائیں گے ...

خاکسار محمد میاں مدرس مدرسہ شیخ حسین بخش مرحوم و مغفور

پشاور میونسپلٹی کے انتخابات

چار اراکین بلامقابلہ منتخب ہوئے

پشاور ۲۵ نومبر

ایک بنگالی نظر بند کو سزائے موت

بوڑھا باپ بیہوش ہو گیا

کلکتہ ۲۵ نومبر ...

مولانا سید سلیمان ندوی کی علالت

معاصرین کے افکار و آراء

جمعیۃ علماء سوء کا ترجمان

مدینہ کا مسلک

فطرت بد کا مظاہرہ

غلط تعبیر

ہمارے مقالہ کی ایک کمی

(باقی صفحہ ۲ پر ملاحظہ فرمائیے)

الحاد و دہریت کا سیلاب

اسلام کے تمام معتقدات ... یہ کتاب ...

ملنے کا پتہ:- الجمعیۃ بک ڈپو۔ بلیماران دہلی

تجارت کرو فائدہ اٹھاؤ

مرچنٹ کمرشل کمپنی ...

انجمن منصور الہند گھوسی

بے تصدیق بات پر شک ممکن ہے

آتنک نگرہ فارمیسی جام نگر کاٹھیاوار

خضاب چھوڑ دو

بال کالا اسٹورس ...

الجمعیۃ بک ڈپو دہلی کی مذہبی ادبی اور درسی کتابوں کا نایاب ذخیرہ

مذہبی کتابیں — صحیح بخاری — ترجمان القرآن

تاریخی کتابیں

تبلیغی افسانے

اوراد و وظائف

بچوں کیلئے کتابیں — تعلیم الاسلام

طبی کتابیں

سیاسی و اقتصادی کتابیں

متفرق کتابیں

عورتوں کیلئے کتابیں

ان تمام کتابوں کے ملنے کا پتہ:- الجمعیۃ بک ڈپو بلیماران دہلی

صابرین و مخلصین کی ارواح طیبہ کا ملاء اعلیٰ میں استقبال

اللہ کے مقدس بندے دنیا تو کیا جنت کی بھی خواہش نہیں کرتے

حضرت سحبان الہند مولانا الحاج حافظ احمد سعید صاحب کی دوسری تقریر سیرت

(۳۷)

مخلص مسلمانوں کا نظریہ

میرے معزز دوستو! عدم اعتماد کا اظہار تو کسی شخص پر کیا جاتا ہے جو اپنے اعتماد کو زائل کر چکا ہو اور جو جماعت اپنے اعتماد کو قائم ...

کی شکل انہیں دکھی، میں نے ان کی ہزاروں حسرتیں پامال کر دیں ان کے افلاس اور ان کی غربت نے ان کی ایک تمنا بھی پوری نہ ہونے دی اور انہوں نے کبھی مجھ سے کوئی شکایت نہیں کی ...

ہے کہ وفات کے وقت ان کے سامنے جنت اور جنت کی نعمتیں پیش کی گئیں تو انہوں نے ان کی طرف سے منہ پھیر لیا اور فرمایا۔

ان کان منزلتی فی الحب عندکم
ما قد رأیت فقد ضیعت ایامی

فرماتے ہیں اگر میری محبت کا یہی صلہ ہے جو مجھ کو دکھایا جا رہا ہے تو میری تمام زندگی بے کار ہو گئی اور میری عمر ضائع ہوئی ...

(باقی آئندہ)

مزار حضرت کاکو شاہ رحمۃ اللہ علیہ کے مقدمہ کی مزید سماعت

استغاثہ کی نہایت اہم شہادتیں

لاہور ۱۶ نومبر - آج مسٹر طیل مجسٹریٹ درجہ اول کے روبرو مزار کاکو شاہ کے انہدام کے الزام میں گوردوارہ شہید گنج کمیٹی اور گوردوارہ پر بندھک کمیٹی کے ستر ہ اکالی سکھوں کے خلاف مقدمہ زیر دفعہ ۲۹۵/۲۹۷ تعزیرات ہند کی مزید سماعت ہوئی۔ استغاثہ کی طرف سے مسٹر صدیقی اور ملزموں کی طرف سے لالہ شام لال ایڈووکیٹ پیروی کر رہے تھے۔

محمد شریف پولیس کانسٹبل کا بیان

محمد شریف پولیس کانسٹبل نے بیان کیا کہ ۸ مارچ ۱۹۳۵ء کو میں تھانہ نولکھا میں متعین تھا ...

شیخ مولا بخش اسسٹنٹ سب انسپکٹر کا بیان

شیخ حاجی قادر بخش کا بیان

حاجی پیر بخش سوداگر کی شہادت

حاجی پیر بخش سوداگر دہلی دروازہ نے بیان کیا کہ میں نے پیر کاکو شاہ کا مزار دیکھا ہے۔ وہاں ہر سال عرس ہوتا ہے ...

(باقی صفحہ ۹ پر ملاحظہ فرمائیے)

بیان مسافات

۱- جدہ سے مکہ تک بجیت (۷۵) کیلومیٹر مسافت ہے جس کو موٹر دو گھنٹہ میں طے کرتی ہے اور گدھے ایک رات میں اور اونٹ دو منزلوں میں اس مسافت کو پورا کرتے ہیں۔

...

۴- مکہ و عرفات کے درمیان ۲۲ کیلومیٹر کی مسافت ہے جس کو اونٹ چند گھنٹے میں اور موٹر بہ ۴۵ منٹ میں طے کرتی ہیں اور تمام راستہ میں متعدد قہوہ خانے اور آرام گاہیں اور طبی مراکز مع ضروری ادویہ کے موجود ہیں ان میں ٹھنڈا پانی دوا وغیرہ ہر وقت ملے گی حجاج کو ہر وقت ان سے مراجعت کرنی چاہئے۔

(باقی آئندہ)

حج کے متعلق معلومات و ضروری حالات

عالمگیر مساوات و مرکزیت کا دینی مظاہرہ

(۷)

(مکہ مکرمہ سے)

تنبیہات

۱- مندرجہ بالا اخراجات واخفامات میں وہی قرض امیری کرایہ شامل ہے ... اگر کسی حاجی نے اس کو جہاز کے کرایہ کے ساتھ جہاز راں کمپنی کو دیدیا ہو تو اس کو کمپنی سے وصول کر لیا جائے گا ...

ایضاحات

(۱) جن حاجیوں کے پاس سونا نہیں ہو گا اُن سے دوسرا سکہ اُس دن کے نرخ سے سونے کے معاوضہ میں قبول کر لیا جائیگا

...

زکام، کھانسی و دمہ خشک و تر

یہ موذی امراض جو برسوں انسان کو گھن کی طرح کھاتی رہتی ہیں اور اگرچہ دب جاویں مگر جڑ نہیں چھوڑتیں۔ ان کو بیخ و بن سے اکھاڑنے کے واسطے کوی و نود وید بھوشن پنڈت ٹھاکر دت شرما وید موجد امرت دھارا نے بہت تجربوں کے بعد مندرجہ ذیل ادویات کو تیار کیا ہے۔ جو ہزاروں کو صحت یاب کر چکی ہیں!

گولی کھانسی ... **صدفری** ... **مستعمل** ... **کف کیتورس** ... **مرسپ** ...

نوٹ:- امرت دھارا ہر مرض کو اکسیر ہے ان ادویات کے ساتھ بعد از غذا جاری رکھی جائے تو ہاضمہ کو مدد دیتی ہے اور کھانسی وغیرہ سب کو مفید ہے۔ قیمت فی شیشی ...

خط و کتابت و تار کا پتہ: امرت دھارا نمبر ۱۲ لاہور

المشتہر

منیجر امرت دھارا اوشدھالیہ امرت دھارا بھون امرت دھارا روڈ امرت دھارا ڈاک خانہ لاہور

ہمارے ایجنٹ: میسرز بہاری لال گھاسی رام کھاری باؤلی اسٹریٹ دہلی

خط و کتابت کے وقت چٹ نمبر کا حوالہ ضرور دیں

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم

الجمعیۃ دہلی

یوم پنجشنبہ یکم رمضان المبارک ۱۳۵۴ ہجری

"مولانا ظفر علی خاں"

ابھی تک کیوں آزاد نہیں کئے گئے

جب سے کہ تحریک واگزاری مسجد شہید گنج کے سلسلہ میں مسٹر ہانڈنے پنجاب کونسل میں ایک بیان دیا تھا اور یہ کہا تھا کہ حالات کے پرسکون ہو جانے کی صورت میں حکومت اس کے لئے آمادہ ہے کہ تمام نظربندوں کو رہا کر دے اور جن اخبارات سے ضمانتیں طلب کی گئی ہیں ان کی ضمانتیں واپس کر دے اس وقت سے برابر اس امر کی جد و جہد کی جا رہی تھی کہ حکومت کو بھی حالات کا احساس کرایا جائے اور اسے اپنے وعدہ کے ایفا پر مجبور کیا جائے۔ چنانچہ اسی سلسلہ میں اراکین مجلس تفنننہ کا ایک وفد حکومت پنجاب کے چیف سکرٹری سے ملا اور اس کے سامنے موجودہ حالات رکھ کر اس بات پر زور دیا کہ تحریک مسجد شہید گنج کے تمام نظربندوں کو فی الفور رہا کر دینا چاہئے ...

ایک خطرناک اصول

مسائل رمضان المبارک

رمضان المبارک کا مہینہ اسلامی برکات میں سے ایک عظیم الشان برکت کا مہینہ ہے اس مبارک مہینہ میں حق جل مجدہ کی خاص رحمتوں کا بے حد و بے پایاں نزول ہوتا ہے بہت خوش قسمت ہیں وہ مسلمان جو اس مہینہ سے فائدہ اٹھانے میں کامیاب ہوئے اور جنہوں نے اس مقدس مہمان کی میزبانی کا حق ادا کر دیا۔

روزہ کے فضائل

سرکار دو عالم صلی اللہ علیہ وسلم ارشاد فرماتے ہیں کہ رمضان کی چاند رات کو دوزخ کے دروازے بند کر دیئے جاتے ہیں اور جنت کے دروازے کھول دیئے جاتے ہیں منادی کی طرف سے اعلان کیا جاتا ہے یا باغی الخیر اقبل و یا باغی الشر اقصر اے بھلائی کے طالب آگے بڑھ ... اس مہینہ کا احترام کرو اگر تم اس مہینے میں اپنی برائیوں سے باز آؤ۔ ایک حدیث قدسی میں ارشاد ہوتا ہے کہ ہر نیکی کا ثواب دس سے ...

کا قصد کرنا اور زبان سے بصوم غد نویت کہنا مستحب ہے۔ اگر نیت روزہ کی نہ کرے اور تمام دن نہ کھائے نہ پیئے تو روزہ صحیح نہ ہو گا۔ اگر سحری کھانے کے بعد روزہ کی نیت کر لی لیکن ابھی صبح صادق نہیں ہوئی تو نیت کے بعد بھی صبح صادق سے پہلے کھانا پینا درست ہے۔ رمضان کے ہر روزہ کی نیت ہر روز کرنی چاہئے اور سحری کھانا بھی نیت کے قائم مقام ہے۔

سحری کھانا

سحری کھانے کی حدیث شریف میں بہت فضیلت آئی ہے اور اس کو انبیاء علیہم السلام کی سنت فرمایا گیا ہے۔ حضور صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ سحری کھایا کرو اس میں بہت برکت ہے ...

افطار

مستحبات

مکروہات

روزہ کا ٹوٹ جانا

قصداً کھا پی لینا، قصداً منہ بھر کر قے کرنا، کان یا ناک میں دوا ڈالنا، قصداً جماع کرنا، حلق کے راستہ یا حقنہ کے ذریعے پیٹ میں دوا پہنچانا، روزہ یاد ہونے کی حالت میں کلی کرتے ہوئے بلا قصد حلق میں پانی چلا جانا، صبح صادق کے بعد رات سمجھ کر سحری کھا لینا، دن میں یہ سمجھ کر کہ شام ہو گئی افطار کر لینا ان سب چیزوں سے روزہ ٹوٹ جاتا ہے۔

قضا اور کفارہ

مندرجہ بالا وجوہات سے روزہ ٹوٹ جانے کی صورت میں اس کی قضا واجب ہوتی ہے۔ یعنی اس روزہ کے بدلے رمضان شریف کے بعد ایک روزہ رکھنا ضروری ہے۔ اور اس صورت میں کہ اگر کوئی قصداً یاد ہونے پر قصداً کھا پی لے یا قصداً جماع کرے تو کفارہ بھی واجب ہوتا ہے۔ یعنی ایک روزہ کے بدلے متواتر ساٹھ روزہ رکھے۔

روزہ قائم رکھنا

بھولے سے کھا پی لینے یا جماع کرنے سے روزہ نہیں ٹوٹتا۔ بلا اختیار حلق میں مکھی، مچھر چلے جانے سے روزہ نہیں ٹوٹتا ...

روزہ نہ رکھنے کے عذر

نماز تراویح

... اگر جوان لوگوں کا روزہ نہیں رکھا۔ (مراقی الفلاح)

روزہ کی فرضیت

... ہر مسلمان عاقل، بالغ، مقیم، تندرست پر روزہ فرض ہے۔ بشرطیکہ کوئی شرعی عذر نہ ہو۔

روزہ کی نیت

روزہ کیلئے نیت کرنا ضروری ہے۔ نیت یعنی دل سے روزہ ...

اس سلسلہ کا اور بھی مفید لٹریچران کے ہاں سے شائع ہو سکتا ہے قارئین کرام ان کتابوں کو الجمعیۃ بکڈپو بلیماران دہلی سے طلب فرما سکتے ہیں۔

جمعیۃ علماء سُو کا ترجمان

(بسلسلہ صفحہ اول)

یہ تقاضا ہے کہ جن معاملات میں پیر صاحب کسی قسم کی واقفیت نہیں رکھتے اس کی زمام ان کو دی جائے۔ خود پیر صاحب اپنی خانقاہ کی زاہدانہ مصروفیتوں کی وجہ سے اس قسم کی ذمہ داری کو قبول کرنیکار جہان نہیں رکھتے ...

افسوس، ۲۰ ستمبر سے اس وقت تک کچھ نہیں ہوا۔ یہ صحیح ہے کہ وہ عظیم الشان مظاہرے ہوئے لیکن وہ بہرحال ظاہر ہیں ...

انتقادات

سید عزیز حسن صاحب بقائی کی تصانیف

حافظ سید عزیز حسن صاحب بقائی ایڈیٹر پیشوا کی چند تصانیف جو عورتوں کی تعلیم و تربیت سے تعلق رکھتی ہیں بغرض تنقید موصول ہوئی ہیں۔

خوبچی کی استانی - یہ کتاب نہایت دلچسپ پیرایہ میں بچوں کے لئے لکھی گئی ہے ... سائز ۲۲×۱۸ صفحات ۹۵ کاغذ سفید قیمت ...

گھر والی کی تربیت

تعلیم خانہ داری

خط و کتابت کے وقت چٹ نمبر کا حوالہ ضرور دیجئے

جنگ کا رخ بدل گیا

جنگ حبش کا رخ اب نمایاں طور پر بدلا ہوا ہے۔ اٹلی کی فوجوں کو کئی مواقع پر شکستیں ہو چکی ہیں اور انہیں نہایت ذلت کے ساتھ پسپا ہونا پڑا ہے۔ حبشیوں نے اپنے متعدد شہر اطالوی قبضہ سے نکال لئے ہیں اور اس علاقہ پر بتدریج دوبارہ اقتدار حاصل کیا جا رہا ہے ...

فرانس کی حرکت

حوادث و احکام

استفتاء

کیا فرماتے ہیں علمائے دین و مفتیانِ شرع متین اس مسئلہ میں کہ زید کہتا ہے کہ بغیر معنی اور مطلب سمجھے ہوئے قرآن پاک کی تلاوت کرنا بے سود اور بے ثواب ہے۔ آیا زید کا یہ قول درست ہے، اگر نہیں تو مدلل تحریر فرمائیے کہ بغیر مطلب سمجھے ہوئے تلاوت کرنے میں کیا فائدہ اور کتنا ثواب ہے۔

الجواب

قرآن مجید کی عبارت اور نظم کی حفاظت بھی ایک مقصود اور مہتم بالشان امر ہے۔ حضرت حق تعالے نے انا نحن نزلنا الذکر وانا لہ لحافظون میں قرآن مجید کے اپنی طرف سے نازل فرمانے کو ذکر کرنے کیساتھ اس کی حفاظت کا بھی خود ہی ذمہ لیا ہے اور عالم اسباب میں حفاظت کا ذریعہ یہ قرار دیا کہ مسلمان اپنے سینوں میں اس کی حفاظت کریں اور ظاہر ہے کہ اس حفاظت کیلئے اس کی عبارت اور نظم کو پڑھنا اور یاد کرنا لازمی تھا اسلئے شریعت مقدسہ نے نفس عبارت کی تلاوت کو بھی موجب اجر و ثواب قرار دیا ہے۔ حدیث شریف میں ہے کہ جو شخص نظم قرآنی میں سے ایک حرف کی تلاوت کرے وہ دس نیکیوں کے اجر کا مستحق ہوتا ہے اور پھر یہ بتیں کہ الٓمٓ ایک حرف قرار دیا جائے ...

محمد کفایت اللہ کان اللہ لہ، دہلی

الجواب صحیح بندہ محمد یوسف عفی عنہ مدرسہ امینیہ دہلی

استفتاء

...

الجواب

...

حبیب المرسلین عفی عنہ نائب مفتی مدرسہ امینیہ دہلی

جنگ حبش کی خبریں

لندن ۲۴ نومبر جنگ کے متعلق موصول شدہ اطلاعات سے ... کے ذرائع بہت کم ہیں۔ اس کے علاوہ زبردست سنسر بٹھا دیا گیا ہے۔ ... خبریں موصول ہونے میں بڑی مشکلات پیش آ رہی ہیں۔

۲۵۰۰۰ آدمی ... بغاوت کر گیا تو پھر اس کا لازمی نتیجہ بغاوت ہو جائے گا اور تھیل ... راستہ صاف ہو جائے گا لیکن حبشیوں کو پورا اعتماد ہے کہ راس کاسا بغاوت نہیں کرے گا بلکہ اٹلی کا سخت مقابلہ کرے گا۔

حبشیوں کا کہنا ہے کہ انہوں نے انالے پر دوبارہ قبضہ کر لیا ہے۔ بیان کیا جاتا ہے کہ حبش کی فوجیں انالے کے جنوب میں سات میل تک بڑھی چلی گئیں اور اٹلی کی فوج مقابلہ پر نہیں آئی۔ ... بہت سے لوگ دارالسلطنت کی جانب بڑھ رہے ہیں۔

شہنشاہ حبش کے دورہ کا اثر

مسٹر والٹر کالنس نے تار ارسال کیا ہے کہ شہنشاہ حبش کے دورہ سے جنوبی مورچہ پر صورت حالات بہت زیادہ امید افزا ہو گئی ہے۔ ...

لیگ کا بائیکاٹ

جنیوا ۲۳ نومبر اٹلی پر کسی تعزیری پابندی کا اتنا زبردست ...

جنگ کی تیاریاں

...

کھانے کی کمی

...

اٹلی کی فوج بھاگ گئی

...

صلح کا دروازہ بند

...

جہازوں کی فروخت بند

...

حکومت روس کا جواب

ماسکو ۲۳ نومبر حکومت روس نے اٹلی کے پروٹسٹ کا جواب دیا ہے ... ذرا بھی دلچسپی نہیں رکھتی روس نے جنیوا میں محض ... حکومت روس کا خیال ہے ...

چینی کمانڈر کی بغاوت کا اثر

ٹوکیو والوں کو امید ہے کہ اگر راس کا ساحبس کے زیر کمان ...

جرمنی میں پادریوں کی گرفتاری اور رہائی

مذہبی معاملات کے متعلق حکومت سے کشمکش

برلن ۲۳ نومبر سیکسونی کے گرجا گھروں کا جو پیرا تانا رہا ...

تیل کے تاجروں کے خلاف امریکہ کی اپیل

واشنگٹن ۲۳ نومبر حکومت امریکہ نے امریکہ کی صنعتی تیل کے ارباب حل و عقد سے التماس کی ہے کہ وہ رضاکارانہ طور پر ... کے لئے تیل کی ترسیل کو بند کر دیں۔

حکومت اٹلی کو برطانیہ کا جواب

برطانوی حکومت اپنی ذمہ داریوں سے پہلوتہی نہیں کریگی

لیگ کی حمایت میں متفقہ کارروائی جاری رکھی جائے گی

لندن ۲۳ نومبر۔ سائنیور گرانڈی جو لندن میں اٹالین سفیر ہے کل صبح دفتر وزارت خارجہ میں گئے۔ مسٹر ہور نے اٹلی کے اس نوٹ کا جواب ان کے حوالہ کر دیا جس میں لیگ میں شامل سلطنتوں کی کارروائی کے خلاف پروٹسٹ کیا گیا تھا۔ ان سلطنتوں نے اٹلی کے خلاف اس وجہ سے پابندیاں لگائی ہیں کہ اٹلی نے لیگ کے قانون کی پرواہ نہ کرتے ہوئے حبش سے جنگ چھیڑ دی ہے۔

مشکل کام کا سامنا ہوا۔ کیونکہ یہ دفعات حکم ارشادی رکھتی ہیں۔ ان کو ان امور واقعی کا سامنا ہوا جو متنازعہ قسم کے ہیں نیز اور وہ یہ کہنے کے لئے مجبور ہوگئیں کہ گورنمنٹ اٹلی نے دفعہ ۱۲ کی خلاف ورزی کر کے جنگ چھیڑی ہے۔

صلح کی گفتگو نہیں کی جائے گی

گورنمنٹ اٹلی نے جو عام باتیں ظاہر کی ہیں۔ ان کے جواب میں برٹش گورنمنٹ یہ زور دینا اپنا فرض سمجھتی ہے کہ جو کہ گورنمنٹ نے بنیاد ...

برطانیہ کا عزم بالجزم

سلطنت برطانیہ اٹلی کے ساتھ دوستی کے زبردست جذبات رکھتی ہے اس لئے برٹش گورنمنٹ نے اپنا یہ فرض سمجھا کہ وہ اس فیصلہ سے رضامندی ظاہر کر دے۔ اور ان نتائج کو قبول کرے جو لازمی طور پر نکل سکتے ہیں۔ برٹش گورنمنٹ اپنی اس تشویش کو نہیں چھپا نا ...

اٹلی نے عمداً جنگ چھیڑی ہے

اس لئے برٹش گورنمنٹ کو اس بات پر قناعت کرنی پڑتی ہے ... سوائے اٹلی کے کانونٹ کی دفعات کو عملی صورت دینے کے ...

مراد آباد کے ڈسٹرکٹ مجسٹریٹ کا فیصلہ

کانگریسی گرسیا ڈسٹرکٹ بورڈ کی امیدواری سے محروم نہیں کر سکیں

مراد آباد ۲۴ نومبر میونسپل بورڈ کے آئندہ انتخاب کی وجہ سے ... کانگریسی مراد آباد کا نگرس کمیٹی حلقہ ... کے امیدوار ... مجسٹریٹ موصوف نے درخواست نامنظور کر دی اور یہ رائے ظاہر کی کہ محض کانگریس کی سرگرمیوں میں حصہ لینے ... عدالت کے اس فیصلے سے لالہ داؤ دیال کے حق میں عمدہ فضا پیدا ہو گئی ہے اور اب انکی کامیابی یقینی معلوم ہوتی ہے۔

روس پر برطانیہ کا قرضہ

ادائیگی کی صورتیں

لندن ۲۳ نومبر زار کے عہد کے روسی بانڈوں کی قیمت میں ایک دم سو فی صدی کا اضافہ ہو گیا جس سے یہ افواہ زور پکڑ گئی کہ سوویٹ حکومت عنقریب زار روس کے عہد کے بانڈوں کی مالی ساکھ کی ذمہ داری قبول کرے گی۔ ... ہے برطانوی قرضوں سے ریلوے لائن کا سامان خریدا جائے گا۔

افغانستان میں کرنسی نوٹ جاری ہوگئے

پشاور ۲۳ نومبر حکومت افغانستان نے پانچ روپیہ اور اس سے زیادہ کی رقم کے کرنسی نوٹ جاری کر دئے۔ یہ نوٹ نہایت نفیس اور سستے کاغذ پر جرمنی میں چھاپے گئے ہیں۔ یہ بھی معلوم ہوا ہے کہ حکومت افغانستان عنقریب ایک کروڑ کابلی روپے مارکیٹ میں نوٹوں کے چلانے کے لئے بطور ضمانت کے داخل کرے گی۔

جزائر غرب الہند میں طوفان

ہانگ کانگ ۲۳ نومبر حال ہی میں جزائر غرب الہند میں ایک قیامت خیز طوفان آیا جس کے نتیجے کے طور پر سرکاری اندازہ کے مطابق ۲۲۰۰ اشخاص ہلاک ہو گئے ہیں اور دس ہزار مجروح ہوئے ہیں ... مزید معلوم ہوا ہے کہ ... ایک ہزار مکان برباد ہو گئے ہیں۔

قمار بازی کے الزام میں ۱۲۴ گرفتاریاں

لاہور ۲۵ نومبر ... پولیس نے قانون قمار بازی کے ماتحت ۱۲۴ اشخاص کو گرفتار کر لیا۔

ارکان پنجاب کونسل کی موٹر پر حملہ

ہیڈ کانسٹبل اور دو کانسٹبلوں کا چالان

لائلپور ۲۲ نومبر ۱۹ ستمبر کی رات کو پنجاب کونسل کے تین ارکان لاہور سے لائلپور کی طرف واپس جا رہے تھے کہ ان کی موٹر کار پر چند افراد نے جو پولیس کی وردی میں ملبوس تھے حملہ کیا تھا۔ اس سلسلہ میں ... ہیڈ کانسٹبل کے خلاف تحقیقات شروع کر دی ہے۔

ایرانی سفیر کو کابل میں اعلیٰ تمغہ

پشاور ۲۳ نومبر آقا کے ... ایرانی سفیر متعینہ کابل ... اعلیٰ حضرت ... شاہ افغانستان نے ...

وینس کی ہر دلعزیزی

وینس ہر ایک حسب ضرورت کے مطابق سکیم پیش کرتی ہے

(۱) الف سے یے تک کی سکیم حفاظت (۲) بچوں کی تعلیم و شادی کی سکیم (۳) منتری کمیشن ... مطالبات ادا شدہ ...

تفصیلات کیلئے ایجنسی ... کیلئے درخواست کیجئے

دی وینس انشورنس کمپنی لمیٹڈ چاندنی چوک دہلی

انگریز ہندوستانی جی حضوریوں کو کس نظر سے دیکھتے ہیں

ہندوستان کے ایک وفادار کو سابق وائسرائے کا نہایت دلچسپ خط

سابق وائسرائے صاحب لکھتے ہیں کہ ”میرا خیال ہے کہ مجھ کو کم از کم آپ کو جواب دینا چاہئے۔ اگر کسی وجہ سے نہیں تو کم سے کم اسی وجہ سے کہ معاملہ صاف ہو جائے اور آپ سمجھ جائیں کہ ہم کہاں ہیں۔ ...

وائسرائے کی پوزیشن کیا ہوتی ہے

...

آپ ایک وفادار ہندوستانی ہیں

...

مسلمانان پہاڑ گنج نئی دہلی کا جلسہ

افسران پی ڈبلیو ڈی کے خلاف صدائے احتجاج

بتاریخ ۲۲ نومبر بروز جمعہ بعد نماز جمعہ مسجد بلیغ الاثر واقع چونہ منڈی پہاڑ گنج میں مسلمانوں کا ایک عظیم الشان جلسہ زیر صدارت جناب مولانا حکیم کریم بخش صاحب منعقد ہوا۔ جناب قاضی زین العابدین صاحب پیش امام مسجد ... نے تلاوت قرآن شریف کی ...

آل انڈیا مسلم لیگ کا اجلاس

محمد علی جناح کا نقطہ نگاہ

...

یو۔ پی کانگریس بورڈ کا اجلاس

کوئی انقطاعی فیصلہ نہیں ہوا

لکھنؤ ۲۲ نومبر کانگریس کے سالانہ اجلاس لکھنؤ کے انعقاد کے سلسلہ میں یوپی کانگریس کا جو ہنگامی بورڈ مرتب ہوا ہے اس کا اجلاس گزشتہ تین روز سے یہاں ہو رہا ہے ... اجلاس آج ختم ہو گیا۔ ... لیکن معلوم ہوا ہے کہ کانگریس کے آئندہ اجلاس کے انتظامات کے متعلق بحث ہوئی ہے ...

انجمن مہاجرین بخارا و ترکستان کا سالانہ جلسہ

متعدد قراردادوں کی منظوری

...

دار الحکومت

دہلی کانگریس کمیٹی کا اعلان

بہترین مضمون نگار کو انعام

دہلی ۲۳ نومبر ضلع کانگریس کمیٹی دہلی کی ایگزیکیٹو کمیٹی نے گولڈن جوبلی کی تقریب پر مندرجہ ذیل موضوع پر بہترین مضمون لکھنے والے کو پچاس روپیہ کا ایک انعام دینا تجویز کیا ہے۔ انڈین نیشنل کانگریس نے گزشتہ پچاس سال میں ملک کے لئے کیا کیا ہے۔ ...

آزاد وارک میں محمڈن الہٰی کی رسم

مولانا عبد الماجد صاحب کی تقریر

...

مزار حضرت کاکو شاہ رحمۃ اللہ علیہ کے مقدمہ کی مزید سماعت

(بسلسلہ صفحہ ۲)

گوشتہ بیٹھنے کے الزام میں مقامی گوردوارہ شہید گنج کمیٹی اور گوردوارہ پربندھک کمیٹی کے سکھ لیڈر اور ارکان بھائی ... وغیرہ ستر ملزمان کے خلاف مقدمہ زیر دفعہ ۲۹۵ تعزیرات ہند کی سماعت ہوئی۔ ...

استغاثہ کی طرف سے مسٹر صدیقی پبلک پراسیکیوٹر ...

ایگزیکٹیو انجینئر لاہور سرکل کا بیان

...

بجواب جرح گواہ کا بیان

...

۲۶ نومبر کی کارروائی

...

نورانی قرآن مجید مُعرّیٰ

خود منگائیے اور غریبوں کو ہدیہ کیجئے

اس شان کا اتنا خوشنما اتنی صحت اور اس قدر طہارت و پاکیزگی کے ساتھ چھپا ہوا آج تمام ہندوستان کے بازاروں میں اسکے سوا دوسرا قرآن شریف آپکو مشکل سے ملیگا اس نورانی قرآن شریف کی کتابت ایک ایسے عربی کے خوشنویس سے گراں معاوضہ دیکر کرائی گئی ہے جو ہندوستان کے مایہ ناز خوشنویس ہیں۔ اس قرآن شریف کا بجنسہ ایک صفحہ بطور نمونہ آپکے ملاحظہ کیلئے پیش کیا گیا ہے۔ آپ صفحہ کا سائز اور قلم کا اندازہ لگا سکتے ہیں۔ بے ادبی کی وجہ سے قرآن مجید کی اصل عبارت نہیں دی گئی ہے۔ ... اسکی صحت حافظوں اور عالموں کی ایک بہت بڑی جماعت نے انتہائی جانفشانی کے ساتھ کی ہے۔ ... ایسے با موقع ہیں کہ ... بیرونی ... انکی قیمت ... ۳ روپیہ ...

ملنے کا پتہ: الجمعیۃ بکڈپو بلیماران دہلی

امارت شرعیہ صوبہ بہار کے وفد کا دورہ

حضرت مولانا ابوالمحاسن محمد سجاد صاحب کی بصیرت افروز تقریر

امارت شرعیہ صوبہ بہار کا وفد کول نیلا ضلع بانبھوم کے پرجوش اور مخلص مسلمانوں کی دعوت پر ۱۲ شعبان ۱۳۵۴ھ کو حسب پروگرام بمقام جھا گا پہونچا۔ اس وفد میں حضرت مولانا ابوالمحاسن محمد سجاد صاحب نائب امیر شریعت و حضرت مولانا سید شاہ محمد قمرالدین صاحب برادر حضرت امیر شریعت و حضرت مولانا سید شاہ محمد قمرالدین صاحب برادر حضرت امیر شریعت مد ظلہ و مولانا حفیظ الحسن صاحب و مولانا غلام یحییٰ صاحب و مولانا محمد طہٰ صاحب مبلغین امارت شرعیہ شریک ہیں، یہاں جناب محمد اسحٰق خاں صاحب نہایت مخلص اور امارت شرعیہ کے ہمدرد ایک معزز شخص ہیں۔ حسب تجویز مقامی کارکنان کے وفد کا قیام انہی کے دولت خانہ پر ہوا اور ۹ بجے شب جلسہ منعقد ہوا جس میں اطراف و جوانب کے مسلمان کثیر شریک ہوئے، جلسہ میں سب سے پہلے قرآن مجید کی تلاوت مولانا حافظ عبدالرحمٰن صاحب نے کی، بعدہٗ مولانا حفیظ الحسن صاحب مبلغ امارت شرعیہ نے ایک گھنٹہ تقریر فرمائی، توحید و رسالت کے حقائق اور نماز و زکوٰۃ کی اہمیت کو نہایت خوبی کے ساتھ آپ نے بیان فرمایا اس کے ساتھ اجتماعی زندگی کو سمجھاتے ہوئے نماز و زکوٰۃ کے ادا کرنے کے شرعی طریقوں کو بتایا اور یہ بھی واضح فرمایا کہ قیام امارت اور نظام بیت المال کے بغیر کسی کو یہ اختیار نہیں ہے کہ اپنی زکوٰۃ خود جہاں چاہے خرچ کردے حاضرین اس بیان سے بہت محظوظ ہوئے۔ بعدہٗ حضرت مولانا ابوالمحاسن محمد سجاد صاحب نے ایک گھنٹہ تک تقریر فرمائی جس میں آپ نے مذہب اور دین کی حقیقت کی تشریح کرتے ہوئے یہ بیان فرمایا کہ مسلمانوں کی تمام زندگی، تمام کاروبار جو قوانین الٰہیہ کے ماتحت ہوں وہ سب عین مذہب ہیں اور انہی قوانین کی عدم پابندی سے نقصان، خسران، ذلت و خواری ہے، اور اسلامی زندگی کے متعلق ایک اہم قانون یہ ہے کہ کل مسلمان ایک نظام اور ایک امیر کے ماتحت زندگی بسر کریں تمام تعلیم یافتہ حضرات خصوصیت سے بہت زیادہ متاثر ہوئے۔ یہ جلسہ شب کو ساڑھے دس بجے ختم ہوا۔ جلسہ کے نظم و انتظام میں جناب مولوی حافظ شمس الہدیٰ صاحب و منشی محمد حنیف صاحب وغیرہ نے نہایت اخلاص کے ساتھ حصہ لیا اور اس جلسہ کی کامیابی میں ان کی کوششوں کو بہت کچھ دخل ہے، اس اطراف کے مسلمان ان حضرات کے شکر گذار ہیں۔

(نیاز مند۔ سید عبدالسلام مانوی کول نیلا ضلع ... بہار)

براری بازار میں وفد امارت کا دورہ

کل بتاریخ ۱۴ شعبان ۱۳۵۴ھ امارت شرعیہ صوبہ بہار کا وفد بمقام براری بازار ضلع مانبھوم بذریعہ موٹر بمقام جھاگا بازار سے پہونچا ...

عازمان حج کیلئے ریل کرایہ میں رعایت

ایک معقول مطالبہ

کفرستان اجودھیا میں ایک سعادتمند روح

الحاد و دہریت کا سیلاب

طوفان حوادث

الجمعیۃ بک ڈپو بلیماران دہلی

خضاب چھوڑ دو

دینی بکڈپو کی نایاب کتابیں

دینی بکڈپو بوپٹ السعید کوچہ ناہر خاں دہلی

عرق سوزاک

ہمدرد دواخانہ یونانی دہلی

بھوپال کی خبریں

سکندرآباد میں تعلیمی مساعی

کام کے اوقات میں تخفیف

ملا رموزی صاحب کا مکتوب گرامی

مسلمانان مرادآباد کا جلسہ

اخبار الجمعیۃ

میں اشتہار دیکر اپنی تجارت کو فروغ دیجئے

(محمد حسین متصل مسجد خان انوارہ - بھوپال)

ماہ رمضان المبارک میں عام رعایتی اعلان

دو روپیہ کی کتابیں بالکل مفت

آج کی تاریخ سے آخر ماہ رمضان المبارک تک جو حضرات الجمعیۃ کے جدید خریدار ہونگے ان کی خدمت میں دو روپیہ کی کتابیں الجمعیۃ بکڈپو کی طرف سے بالکل مفت پیش کی جائینگی۔ خریداری کی درخواست کے ساتھ اپنی منتخب شدہ کتابوں کے نام لکھدینے چاہئیں اور اس امر کی تصریح کردینی چاہئے کہ ہم الجمعیۃ کے سالانہ خریدار ہونا چاہتے ہیں، یہ کتابیں جن کی مجموعی قیمت دو روپیہ ہے ہمیں بغیر کسی قیمت کے بھیجدی جائیں اور الجمعیۃ کا سالانہ چندہ صرف چھ روپیہ ہم سے وصول کرکے ہمیں سال بھر کیلئے خریدار بنالیا جائے۔ اس طرح جو پارسل کتابوں کا ارسال کیا جائے گا اسمیں صرف اخبار کی سالانہ قیمت لگائی جائیگی کتابیں بالکل مفت ارسال ہونگی۔

یہ بھی ہوسکتا ہے کہ اگر کوئی صاحب الجمعیۃ کے خریدار بننا چاہیں اور دو روپیہ سے زائد کی کتابیں منگانا چاہیں تو کتابوں کی مجموعی قیمت میں سے رعایت کے دو روپیہ مجرا دیدیئے جائیں۔ اور باقی کا وی پی ان کی خدمت میں ارسال کردیا جائے۔

یہ رعایتی اعلان بلا تخصیص استطاعت وحیثیت عام ہے اور اس مدت میں جو شخص الجمعیۃ کا سالانہ خریدار بننا چاہے وہ فائدہ اٹھا سکتا ہے اور سال بھر تک صرف چار روپیہ میں اپنے نام اخبار جاری کراسکتا ہے۔ ۳۰ رمضان المبارک کے بعد یہ رعایت یکقلم بند کردی جائیگی اور روپیہ کی کتابیں مفت روانہ نہیں کی جائیں گی۔

سیرۃ النبی جلد پنجم چھپ گئی

الحمدللہ سیرۃ النبی کے اہم سلسلہ کی پانچویں جلد چھپ گئی اس جلد کا موضوع تعلیمات نبوی میں سے عبادات کی تشریح و تفصیل ہے، اس میں پہلے عبادت کی حقیقت اور اسلام میں عبادت کے انواع و اقسام کا بیان ہے، پھر اسلام کے فرائض خمسہ نماز، زکوٰۃ، روزہ، حج اور جہاد میں سے ہر ایک پر علیحدہ علیحدہ سیر حاصل بحثیں ہیں، پھر توکل، صبر، اخلاص، تقویٰ اور شکر کے معانی و مطالب قرآن مجید کی تعلیمات کی روشنی میں سمجھائے گئے ہیں، امید ہے شائقین اس کی خریداری میں عجلت فرمائیں گے، تاکہ رمضان المبارک کے مقدس مہینہ میں اس کا مطالعہ فرماسکیں۔

تاجرین کتب کو چاہیے کہ جلد سے جلد مطلوبہ نسخے اپنے شہر کے شائقین کیلئے ریل کے ذریعہ سے منگوا کر تیار رکھیں، تاکہ محصول کی کفایت سے تاجر و خریدار دونوں کو فائدہ پہنچے۔

تقطیع کلاں، ضخامت ... صفحے، قیمت: قسم اعلیٰ ... قسم دوم ...

منیجر دارالمصنفین اعظم گڑھ

رعایت کا مبارک مہینہ

جو سال میں ایک ہی بار آتا ہے اس سے ضرور فائدہ اٹھایئے



تار کا پتہ "الجمعیۃ دہلی"

رجسٹرڈ نمبر ایل ۱۷۹۳

Aljamiat

الجمعیۃ دہلی

(ایڈیٹر:- ہلال احمد زبیری (ایم-اے)

جلد ۲۲ | دہلی - یوم یکشنبہ ۴ رمضان المبارک ۱۳۵۴ھ ہجری - مطابق یکم دسمبر ۱۹۳۵ء | نمبر ۳۸

یورپ میں ایک ہولناک جنگ عظیم کے آثار پیدا ہو رہے ہیں

فرانس کی سرحد پر اٹلی کی فوجوں کا اجتماع

تیل کی پابندی نے مسولینی کے غصہ کو مشتعل کر دیا

لندن ۲۹ نومبر

ڈسٹرکٹ بورڈ میرٹھ کے انتخابات میں مقامی حکام کا عجیب طرز عمل

مولانا بشیر احمد صاحب کا نام فہرست رائے دہندگان سے کس طرح خارج کیا گیا

لوکل گورنمنٹ نے باوجود تحریری درخواست اور برقی پیغامات کے کوئی جواب نہیں دیا

میرٹھ ۱۸ نومبر - ضلع میرٹھ کے مقامی حکام نے ڈسٹرکٹ بورڈ کے انتخابات کے سلسلہ میں جو طرز عمل اختیار کیا ہے اس سے یہاں کے کانگریسی طبقہ میں سخت حیرت و استعجاب کا اظہار کیا جا رہا ہے...

فرانس کی موجودہ حکومت پر اعتماد

فرانک کی قیمت میں اضافہ

پیرس ۲۹ نومبر - اطلاع موصول ہوئی ہے کہ حکومت فرانس کو ۲۹۶ ووٹوں کے مقابلہ میں ۳۵۱ ووٹوں سے اعتماد کا ووٹ حاصل ہوگیا...

حضرت مولانا عبد العلیم صاحب صدیقی کی تشریف آوری

سنہری مسجد میں تراویح

حضرت مولانا عبد العلیم صاحب صدیقی رکن مجلس عاملہ جمعیۃ علمائے ہند کل پنجشنبہ کے روز شب کو ۱۰ بجے کی گاڑی سے دہلی تشریف لے آئے ہیں اور جمعیۃ علمائے ہند کے دفتر واقع گلی قاسم جان میں قیام پذیر ہیں۔ ممدوح نے جمعہ کے روز سے سنہری مسجد میں حسب معمول سابق تراویح میں قرآن کریم سنانا شروع کر دیا ہے۔

جو حضرات مولانا سے دن میں ملاقات کرنا چاہیں وہ دفتر جمعیۃ میں ملاقات کر سکتے ہیں۔ معلوم ہوا ہے کہ مولانا نے امسال دہلی میں دو ہفتہ قیام فرمانے کا ارادہ ظاہر فرمایا ہے۔

اطالوی فوجوں کی گولہ باری

تمام شہر کو مسمار کر دیا

ادیس ابابا کی یہ اطلاع ہے کہ جنوبی سرحد کے علاقہ دگار میں اطالوی ہوائی فوجوں نے نہایت ہی زور و شور کے ساتھ گولہ باری کی ہے اور شہر کی تمام عمارات کو مسمار کر دیا ہے۔

حبش کی سرکاری اطلاع ہے کہ ایک ہزار یا پانچ سو گولے شہر پر گرائے گئے جن میں بہت سے آگ لگا دینے والے گولے تھے اور انہوں نے شہر کی عمارتوں کو جلا کر سیاہ کر دیا... اطالوی فوج کی گولہ باری کی نذر ہو گئیں۔

برلائل میں مزدوروں کی ہڑتال

کارخانہ کو مجبوراً بند کرنا پڑا

دہلی ۳۰ نومبر

آج صبح سے برلائل بالکل بند ہوگئی ہے...

ایک مجروح سکھ کا شفاخانہ میں انتقال

ارتھی کا جلوس نکالا جائے گا

لاہور ۲۹ نومبر

گذشتہ منگل کے دن ایک سکھ مسمی جیون سنگھ پر جو حملہ کیا گیا تھا...

آل انڈیا مسلم لیگ کا اجلاس

۳۰ دسمبر کو منعقد ہوگا

دہلی ۳۰ نومبر

یہ اعلان کیا گیا ہے کہ آل انڈیا مسلم لیگ کا اجلاس تیس دسمبر کو لیگ کے دفتر واقع بلیماران دہلی میں منعقد ہوگا۔ اس اجلاس میں ملک کی سیاسی حالت اور مسلمانوں کی آئندہ پالیسی پر غور کیا جائے گا۔ لیگ کے سالانہ اجلاس کی تاریخ مقرر کی جائے گی۔ دہلی پراونشل مسلم لیگ کی مالی حالت کی ترقی کی تدابیر پر بحث کی جائے گی۔

والوال پر دوبارہ قبضہ

حرار کی یہ اطلاع ہے - حبشیوں کا یہ سرکاری اعلان ہے کہ انہوں نے والوال پر دوبارہ قبضہ کر لیا ہے۔

آل انڈیا اہل حدیث کانفرنس کا چھٹا اجلاس

متعدد قرار دادوں کی منظوری

الحمد للہ کہ آل انڈیا اہل حدیث کانفرنس کا انیسواں سالانہ اجلاس ۱۵-۱۶-۱۷ نومبر ۱۹۳۵ء کو دہلی میں بصدارت جناب مولانا محمد ابراہیم صاحب میر سیالکوٹی و دیگر علماء کرام کی شمولیت میں بخیر و خوبی ختم ہوا...

(۱) جلسہ آل انڈیا اہل حدیث کانفرنس مسجد شہید گنج لاہور کے شہید ہونے پر دلی صدمہ کا اظہار کرتا ہے...

طاقت مردمی کی شرطیہ گولیاں

نامردی، کمزوری، رقت منی، سرعت انزال...

گدڑسی اینڈ کمپنی جالندھر شہر (پنجاب)

اسلامی روزناموں میں ممتاز اخبار

روزانہ **قومی اخبار** کانپور

(زیر ادارت مولانا سید محمد اسمعیل صاحب ذبیح کانپوری)

بیباک پالیسی، اعلیٰ معیار صحافت اور مسلم حقوق کی سرگرم ترجمانی کا ثبوت بہ دینا اہم ہے گا

قومی اخبار ویکلی ایڈیشن

ایجنٹوں کی ضرورت

اشتہارات کے لئے بہترین جگہ

مینیجر روزانہ قومی اخبار کانپور

خریداران الجمعیۃ کیلئے

بکس مردمی خاص رعایتی تحفہ

اکسیر البدن ...

طلاء کشور ...

پتہ:- حکیم عبد القدیر کشور رسٹری حامد منڈی دہلی

الجمعیۃ بک ڈپو دہلی کی مذہبی ادبی اور درسی کتابوں کا نایاب ذخیرہ

مذہبی کتابیں

صحیح بخاری

ترجمان القرآن

اجمال و الکمال

تقریر سیرت

جنت کی کنجی

دوزخ کا کھٹکا

پاک زندگی

معارف الاسلام

فتاویٰ اشرفیہ

تاریخی کتابیں

اشاعت اسلام

بلاغ مبین

حالات انبیاء

تاریخ انشا میر

اصحاب بدر

تذکرۃ الصلحاء

خواتین اندلس

اسلامی عقائد و احکام

اور اسلامی تاریخ

حیات حافظ الملک خان

تبلیغی افسانے

ازبلا ایکسپریس

ساوتری

خاموش تبلیغ

سیاسی و اقتصادی کتابیں

سیاسیات ہند

پارلیمنٹری کمیٹی کی رپورٹ

سکہ و شرح تبادلہ

اوراد و وظائف

طب روحانی

رسول کی دعائیں

دعائے مقبول

احسن الوظائف

طبی کتابیں

ضیاء الحکمت

دستور العمل اطباء

متفرق کتابیں

طوفان حوادث

بچوں کیلئے کتابیں

تعلیم الاسلام

بچوں کا تحفہ

اربعین

عورتوں کیلئے کتابیں

خانہ داری

خواتین اندلس

اختر اور رضیہ

علامہ راشد الخیری کی تصانیف

ان تمام کتابوں کے ملنے کا پتہ صرف یہ ہے

الجمعیۃ بک ڈپو بلیماران دہلی

بسم اللہ الرحمن الرحیم

الجمعیۃ دہلی

یوم یکشنبہ ۲۴ رمضان المبارک ۱۳۵۴ھ

یورپ میں جنگ کے شعلے

مسولینی کی بدحواسیاں

اٹلی کے ڈکٹیٹر مسولینی کا دماغ اپنے شخصی وقار اور مستبدانہ تسلط کے برقرار رکھنے کی مضطربانہ کوششوں میں اس درجہ خراب ہوگیا ہے کہ اب آستہ تدبر و دانشمندی کا کوئی اصول بھی اسے سے باز نہیں رکھ سکتا کہ وہ غلطیوں پر غلطیاں کرتا چلا جائے اور اس نے حبش کے خلاف جو خوفناک و انسانیت سوز جنگ جاری کی ہے اس کو کامیاب بنانے کے لئے ایسے طریقے اختیار کرے جو اس کے ملک کو ہمیشہ کے لئے تباہ و برباد کردینے والے ہوں۔ انجمن اقوام کے خلاف مسولینی کا غصہ جس قدر تیز و تند ہے اس کی کیفیت کبھی کبھی خیالات میں آتی رہتی ہے اور آج کی تازہ خبروں سے تو ایسا معلوم ہوتا ہے کہ وہ ان تدابیر کے خلاف جو انجمن اقوام نے اٹلی کی بے حقیقی جنگ کرنے پر ...

معاصرین کے افکار و آراء

مسلمانان کوٹ تیلی کے مصائب

لاہور کی فضاء

ملک حبش کا نقشہ

ڈسٹرکٹ بورڈ میرٹھ کے انتخابات

(سلسلہ کیلئے دیکھئے اول)

حوادث و احکام

ایک سوال کے جواب میں حضرت مفتی صاحب قبلہ کے احکام

استفتاء

حضرت مفتی صاحب قبلہ کا جواب

الجواب

شذرات

ڈسٹرکٹ بورڈ میرٹھ کا طرز عمل

عاشقان الٰہی کے لئے دنیا کی کسی چیز سے محبت کرنا شرک ہے

حضور نبی کریم کو حق تعالیٰ کی تسلی و تشفی

حضرت سحبان الہند مولانا الحاج حافظ احمد سعید صاحب کی دوسری تقریر سیرت

میں نے انگلستان کی مسلم سوسائٹی کے عہدہ نظامت سے کیوں استعفا دیا

ووکنگ مشن کی فریب کارانہ کارروائیاں

اسلام کے نام پر قادیانیت کا پروپیگنڈہ کیا جاتا ہے

نزول رحمت باری کی مبارک ساعتیں

روزہ کے فضائل احادیث نبوی کی روشنی میں

رمضان المبارک میں مسلمانوں کے فرائض

روزہ

دواخانہ رشیدیہ دیوبند

مصفیٰ

مسیح الملک حاذق الملک جناب حکیم محمد اجمل خاں صاحب مرحوم کی حیرت انگیز ایجاد

جوہر جیلانی

منیجر دواخانہ رشیدیہ دیوبند

بے تصدیق بات پر شک ممکن ہے

اتنا نگرہ فارمیسی جام نگر کاٹھیاواڑ

بسم اللہ الرحمن الرحیم

الجمعیۃ دہلی

یوم یکشنبہ ۴ رمضان المبارک ۱۳۵۴ھ

یورپ میں جنگ کے شعلے

مسولینی کی بدحواسیاں

اٹلی کے ڈکٹیٹر مسولینی کا دماغ اپنے شخصی وقار اور مستبدانہ تسلط کے برقرار رکھنے کی مضطربانہ کوششوں میں اس درجہ خراب ہو گیا ہے ...

معاصرین کے افکار

مسلمانان کوٹ تیلی کے مصائب

لاہور کی فضا

ڈسٹرکٹ بورڈ میرٹھ کا انتخاب

(بسلسلہ سابق)

ملک حبش کا نقشہ

حوادث و احکام

شذرات

ڈسٹرکٹ مجسٹریٹ میرٹھ کا طرز عمل

"میں نے انگلستان کی مسلم سوسائٹی کے عہدۂ نظامت سے کیوں استعفا دیا"

ووکنگ مشن کی فریب کارانہ کارروائیاں

اسلام کے نام پر قادیانیت کا پروپیگنڈا کیا جاتا ہے

(از مسٹر احمد ہینٹ سابق سکرٹری مسلم سوسائٹی برطانیہ عظمیٰ)

عاشقان الٰہی کے لئے دنیا کی کسی چیز سے محبت کرنا شرک ہے

حضور نبی کریم کو حق تعالیٰ کی تسلی و تشفی

حضرت سحبان الہند مولانا الحاج حافظ احمد سعید صاحب کی دوسری تقریر سیرت

نزول رحمت باری کی مبارک ساعتیں

روزہ کے فضائل احادیث نبوی کی روشنی میں

رمضان المبارک میں مسلمانوں کے فرائض

دواخانہ رشیدیہ دیوبند

مصدق

بسم اللہ الرحمن الرحیم

الجمعیۃ دہلی

یوم یکشنبہ ۴ رمضان المبارک ۱۳۵۴ھ

یورپ میں جنگ کے شعلے

مسولینی کی بدحواسیاں

اٹلی کے ڈکٹیٹر مسولینی کا دماغ اپنے شخصی وقار اور مستبدانہ تسلط کے برقرار رکھنے کی مضطربانہ کوششوں میں اس درجہ خراب ہوگیا ہے کہ اب اسے تدبر و دانشمندی کا کوئی اصول بھی اس سے باز نہیں رکھ سکتا کہ وہ غلطیوں پر غلطیاں کرتا چلا جائے اور اس نے حبش کے خلاف جو خوفناک و انسانیت سوز جنگ جاری کی ہے اس کو کامیاب بنانے کے لئے ایسے طریقے اختیار کرے جو اس کے ملک کو ہمیشہ کے لئے تباہ و برباد کر دینے والے ہوں۔ رجعتی اقوام کے خلاف مسولینی کا غصہ جس قدر تیز و تند ہے اس کی کیفیت کبھی کبھی اخبارات میں آتی رہتی ہے اور آج کی تازہ خبروں سے تو ایسا معلوم ہوتا ہے کہ وہ ان تدابیر کے خلاف جو جمعیۃ اقوام نے اختیار کی ہیں حقیقی جنگ کرنے پر تلا ہوا ہے ...

ملک حبش کا نقشہ

ملک کی عام حالت، اور باشندگان ملک کی زبان اور دیگر امور کے بارے میں اب تک کوئی واقفیت بہم نہیں پہنچ سکی ہے حتیٰ کہ حبش کے صحیح نقشے جن میں اکثر شہروں اور بڑے بڑے مقامات کے نام ہوں مفقود ہیں۔ جنگ کے بعد انگلستان کے مشہور اخبار ٹائمس آف لندن اور ڈیلی میل نے دو نقشے شائع کئے ہیں جن میں سے کسی حد تک اس ضرورت کو پورا کیا ہے مگر ان سب کے بعد خالد کمپنی دہلی کی جانب سے جو نقشہ تیار کیا گیا ہے وہ ہر اعتبار سے نہایت مکمل اور پر از معلومات ہے ...

لاہور کی فضا

لاہور کی فضا میں اب تک بدامنی کے جراثیم موجود ہیں اور ہر وقت مختلف قوموں کے متصادم ہو جانے کا اندیشہ رہتا ہے۔ یہ امر بے انتہا افسوسناک ہے کہ اشتعال انگیز مظاہروں کا سلسلہ ابھی تک بند نہیں ہوا۔ آج لاہور میں سکھوں کا جو جلوس نکلنے والا ہے اول تو پہلے ہی سے اس کے متعلق سخت خطرات تھے لیکن اس خبر نے کہ ایک سکھ ارتھی کا جلوس بھی اسی دن نکالا جائیگا اور زیادہ تشویش پیدا کر دی ہے ...

معاصرین کے افکار و آرا

مسلمانان کوٹ پتلی کے مصائب

ریاست جے پور کے ماتحت کوٹ پتلی ایک چھوٹی سی ریاست ہے جہاں سے تقریباً دو ہزار مسلمانوں نے ہندوؤں کے مظالم سے تنگ آکر ترک وطن کیا اور دہلی کی جامع مسجد کی سیڑھیوں پر ڈیرے ڈال دئے۔

ان مظلوموں اور بھولے مسلمانوں کے مصائب سنکر کلیجہ منہ کو آتا ہے جن کو نہیں معلوم کیا سبز باغ دکھلائے گئے ہیں کہ انہوں نے ترک وطن کی تکلیف برداشت کی اور سب ان خرابیوں نے کوٹ پتلی ...

بھر گئے۔ مگر ایک سرحدی مسلمان نے بھی مصائب سے گھبرا کر اپنے مقدس وطن کو خیرباد نہ کہا کیونکہ کوئی غیرت مند انسان اس کو گوارہ نہیں کر سکتا کہ اپنا بار دوسروں پر ڈالنے کی ذلت برداشت کرے ...

ڈسٹرکٹ بورڈ میرٹھ کے انتخابات

(سلسلہ صفحہ اول)

رائے دہندگان سے اس طرح نام خارج کر دینا سراسر خلاف قانون ہے اور تیسرا طرف بھی توجہ دلائی کہ لوکل گورنمنٹ قاعدہ نمبر ۲ کی رو سے اس حکم کو منسوخ کرنیکی مجاز ہے ...

سکریٹری لوکل سیلف گورنمنٹ کو مولانا نے یہ بھی بتایا کہ ڈسٹرکٹ مجسٹریٹ کا یہ حکم قانونی اعتبار سے بالکل غلط ہے کیونکہ قاعدہ ... صرف ہندوؤں کے مشترکہ خاندانوں کے واسطے مخصوص نہیں ہے ...

حوادث و احکام

ایک سعید ہمشیرہ کا خط حضرت مفتی صاحب قبلہ کے نام

میرے بزرگ میرے رہبر جناب مفتی صاحب دامت برکاتہم

السلام علیکم و رحمۃ اللہ و برکاتہ۔ دست بستہ گزارش حقیر بندہ کی یہ ہے کہ میں جبکہ قرآن شریف پڑھنے کیلئے مسجد میں جایا کرتا تھا اور رات کے وقت اپنے گھر میں مطالعہ کیا کرتا تھا ایک روز جبکہ میری طبیعت ... کی طرف بالکل رجوع نہ تھی ...

حضرت مفتی صاحب قبلہ کا جواب

شذرات

بانئ انگلستان کی مسلم سوسائٹی کے نظامت سے استعفا کیوں دیا

ووکنگ مشن کی فریب کارانہ کارروائیاں

اسلام کے نام پر قادیانیت کا پروپیگنڈا کیا جاتا ہے

(از مسٹر احمد بیٹ سابق سکریٹری مسلم سوسائٹی برطانیہ عظمیٰ)

مجھے بارہا یہ خیال آیا کہ میں عنوان بالا پر ... اختیار کروں تاکہ سوسائٹی خود اپنے اندر اصلاح کر کے اس فرض کو ادا کر سکے ...

خیالات کا زبردست حامی ہے حالانکہ میں یہ بتلا دینا چاہتا ہوں کہ قادیانی اثرات کے لئے کسی ایسی جماعت میں کوئی جگہ نہیں ہونی چاہئے جو اسلام کی تبلیغ و اشاعت کا مدعی ہو جیسا کہ ہندوستان کے مفتی اعظم اور جمعیۃ علمائے ہند کے پریزیڈنٹ حضرت مولانا ...

... میں پھنسنا نہیں چاہتا ہاں میں تمام اسلامی دنیا کو نہایت صاف طور سے بتلا دینا چاہتا ہوں کہ میں ان حرکات کی وجہ سے اس مسلم سوسائٹی کا جو کہ انگلستان میں قائم ہے ممبر نہیں رہنا چاہتا اور اس کی ممبری سے بھی مستعفی ہوتا ہوں۔

... وہ انگریزوں کے سامنے جس اسلام کو پیش کرتے ہیں وہ حقیقۃً ایک عیسائیت زدہ اسلام ہے ...

عاشقان الٰہی کے لئے دنیا کی کسی چیز سے محبت کرنا شرک ہے

حضور نبی کریم کو حق تعالیٰ کی تسلی و تشفی

حضرت سحبان الہند مولانا الحاج حافظ احمد سعید صاحب کی دوسری تقریر بر سیرت

(۳۴)

حضرات! اگر مخلوق میں کوئی خوبی ہے بھی تو وہ عارضی ہے بلکہ یوں کہو کہ عارضی بھی اور بالعرض بھی ہے اور حضرت حق کے تمام کمالات بالذات ہیں یہی وجہ ہے حضرت خلیل علیہ السلام نے فرمایا تھا انی وجہت وجہی للذی فطر السموات والارض حنیفا وما انا من المشرکین۔ دیکھیے فطر السموات والارض کہہ کر مخلوق کے اوصاف کو بالعرض ثابت کیا اور پھر اس پر بھی اکتفا نہ کیا ...

کے لئے ہے جو رب العالمین ہے اور جس کا کوئی ہمسر اور شریک نہیں ہے۔ یہ بات وہی ہے جو حضرت ابراہیم نے کہی تھی لیکن اس انداز بیان کے قربان جایئے حضرت خلیل نے جو کچھ کہا تھا اس سے بہت زائد کہا اور اس سے الفاظ میں مختصر کہا ...

... اگر بیٹے کو ایک طمانچہ مارے تو اس کی حیثیت اور ہے اور اگر بیٹا باپ کو مارے تو اس کی حیثیت اور ہے، اور اگر بیٹا باپ کو مارے تو اس کی حیثیت اور ہے اس فرق کو ذکر کرتے ہوئے میں نے عرض کیا تھا کہ نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم کو اپنی امت سے محبت اس قدر تھی کہ آپ ہر وقت اس فکر میں رہتے تھے کہ جس طرح ہو سکے میری تمام امت مسلمان ہو جائے ...

رحمۃ للعالمین کی امت پر شفقت

برادران ملت! یہ تمام مباحث درمیان میں آ گئے اور یہ مباحث ...

نزول رحمت باری کی مبارک ساعتیں

روزہ کے فضائل احادیث نبوی کی روشنی میں

رمضان المبارک میں مسلمانوں کے فرائض

(از حضرت مولانا الحاج حافظ احمد سعید صاحب ناظم جمعیۃ علمائے ہند)

رمضان المبارک کا مہینہ آ گیا، ربانی رحمتوں کے دروازے کھول دئے گئے اور روزہ داروں کے لئے رضاء الٰہی اور جنت کا مژدہ سنا دیا گیا لیکن مسلمانوں نے اس کے لئے کیا تیاری کی ہے؟ اگر یہ سال بھی یوں ہی گزر گیا اور آپ نے اپنے اعمال کی اصلاح نہ کی تو ان کی بدبختی میں کس کو شبہ ہو سکتا ہے ...

نہ ہوگی۔ (ترمذی)

لوگو جہاد کیا کرو اللہ تعالیٰ غنیمت عنایت کرے گا، روزے رکھا کرو تندرست ہو گے، سفر کیا کرو مالدار ہو جاؤ گے۔ (طبرانی)

روزہ اور قرآن دونوں قیامت میں شفاعت کریں گے ...

روزہ

... عرباض بن ساریہ کہتے ہیں کہ ... نے ... مجھ کو سحری کے کھانے کیلئے بلایا اور فرمایا مبارک غذا کی طرف آؤ۔ (ابو داؤد)

دوپہر کو تھوڑی دیر سو کر رات کے قیام پر آسانی حاصل کرو۔ اور سحر کے وقت کچھ کھا کر روزے پر قوت حاصل کرو۔ (ابن ماجہ)

سحری برکت کی چیز ہے۔ کچھ نہ ہو تو پانی کے چند گھونٹ ہی پی لیا کرو اللہ اور اس کے فرشتے سحری کرنے والوں پر درود بھیجتے ہیں۔

سحری میں اچھی غذا کھجور ہے۔ (ابو داؤد)

دواخانہ رشیدیہ دیوبند

مصفّٰی

مسیح الملک ثانی جناب حکیم محمد احمد خاں صاحب دہلوی کی حیرت انگیز ایجاد

جوہر جیلانی

امراض شکم قبض، تولید ریاح، اجابت، ہضم کی خرابی اور ہر قسم کی بواسیر کے دور کرنے میں برقی اثر رکھتا ہے۔ قیمت ۲ ... خوراک ... کو کافی ہیں۔

روغن کو اسیر بغیر کسی تکلیف کے مسوں کو خشک کر دیتا ہے بواسیر کے مریض جوہر جیلانی کے ساتھ اس کا استعمال کریں۔ قیمت ایک شیشی ... (عار)

منیجر دواخانہ رشیدیہ دیوبند

بے تصدیق بات پر شک ممکن ہے

لیکن جب لاکھوں اشخاص تصدیق کر چکے ہیں اور ڈنکے کی چوٹ پر کہہ رہے ہیں کہ مقویات سرتاج عالم آتنک نگرہ گولیاں قبض، بدہضمی، خون و منی کی خرابی، دکھی جریان، احتلام، سرعت انزال، رقت منی کی لاثانی علاج ثابت ہوئی ہیں تو اب شک کس لئے آپ بھی ایک دفعہ آزمائش کر کے دیکھ لیں۔

قیمت	فی ڈبیہ	۳۲ گولیاں	ایک روپیہ

آتنک نگرہ فارمیسی جام نگر کاٹھیاواڑ

جنگ حبش کے تین دن

۲۶ نومبر

حرار کی اطلاع ہے کہ حبشی افواج نہایت ہی مستحکم طریقے سے جنوب کی جانب بڑھتی چلی جارہی ہیں اور ان کی اب تک کوئی ترک مقام کا انتظام حکومت اٹلی کی طرف سے نہیں کیا جاسکا ہے۔ دوسری خبر یہ ہے کہ اٹلی والوں نے اپنا ایک فوجی دستہ گدبتو روانہ کردیا ہے۔ تاکہ وہ ان حبشی افواج کا مقابلہ کرسکے جو کہ اس مقام پر حملہ آور ہونے والی ہیں اور ان کو پسپا کرنے کے لئے ضروری تدابیر اختیار کرے۔

لندن۔ کی اطلاع ہے کہ اٹلی کے جنرل دہ سنٹو کی تمام تبدیلی کا اب تک کوئی مقابلہ نہیں کیا گیا ہے اور اطالوی فوج حبشی فوج کے مقابلہ کے لئے پرزور تیاریاں کررہی ہے۔

روم کی سرکاری اطلاع ہے کہ ایک حبشی سپاہی لینڈ کے حملہ میں کام آئے۔ اور اٹلی والوں نے دوبارہ گالا مبرپر گولہ باری کی۔

ادیس ابابا کی اطلاع ہے کہ انجیل کا وہ پرانا نسخہ جو کہ گورجس کے بڑے گرجا گھر میں موجود تھا۔ دیسا لی بھیجدیا گیا ہے۔ جہاں حبشی افواج کی قیام گاہ ہے۔ خیال کیا جاتا ہے کہ حبش کے ان ہزاروں سپاہیوں میں ایک نئی روح پیدا کردیگا۔ جو کہ اس مقام پر دفاعی قیام پذیر ہیں۔

۲۷ نومبر

اسمرہ کی اطلاع ہے کہ اطالویوں نے ایک نئے کمانڈر انچیف کے تحت میں اپنی افواج کو ازسرنو ترتیب دیا ہے ...

کا مقابلہ کرسکے۔

روم یعنی اٹلی کے دارالحکومت کی خبر ہے کہ کل شام سرکاری طور سے فرمان نافذ کیا گیا ہے کہ ہوائی راستہ کی پابندی میں ذیل کے چار شہروں اور کالونیوں کا مزید اضافہ کردیا جائے روم کا تمام شہر تو برکہ کی بندرگاہ جو کہ لائی بیا میں ہے۔ جزائر سیلیا ... اور طرابلس ... اطالوی گورنمنٹ کے سول ہوائی جہاز وں کو بریندیزی اسکندریہ میں اترنے کی صرف اسی حالت میں اجازت دی ہے جب کہ یہ اترنا ضروری ہو ...

اطالویوں کا بیان ہے کہ انہوں نے حبشی افواج کو پیش قدمی کرتے ہوئے دیکھا۔ ...

اٹلی کے احتجاجی مکتوب کا جواب

بلجیم کی طرف سے

برسلز ۲۰ نومبر حکومت اطالیہ کے احتجاجی نوٹ کا بلجیم کی طرف سے جواب شائع ہوگیا ہے یہ جواب بھی برطانوی اور فرانسیسی جواب سے ملتا جلتا ہے۔ جواب کے آخری حصے میں بیان کیا گیا ہے کہ مجوزہ اقدامات میں کسی قسم کے غیر دوستانہ جذبات کا کوئی دخل نہیں ہے اور حکومت بلجیم کو اب بھی امید ہے کہ مصالحت کے لئے کوئی نہ کوئی صورت ضرور نکل آئیگی۔

اٹلی کے بائیکاٹ کی رپورٹ!

مجلس اقوام کو حکومتوں کی اطلاع

لندن ۲۰ نومبر جنیوا کی اطلاعات سے معلوم ہوتا ہے کہ ۳۰ حکومتوں نے لیگ کو مطلع کیا ہے کہ انہوں نے اطالوی اشیاء کا مقاطعہ کردیا ہے اس اثنا میں چھ دیگر حکومتوں نے تحریری احکام کے انفاذ کی تیاری کررہی ہیں۔ ۳۸ حکومتوں نے اطالیہ کے لئے اسلحہ کی ترسیل کو بند کردیا ہے اور پانچ حکومتیں اس کی تیاری میں مصروف ہیں۔ ... حکومتوں نے اطالیہ کیلئے اسلحہ بند کردیا ہے۔ ...

ٹرکی سے اٹلی کیلئے غلہ کی برآمد بند

بیان کیا جاتا ہے کہ جنگ حبش کے بعد سے ٹرکی سے غلہ بہت زیادہ مقدار میں باہر جانے لگا تھا۔ ...

جاپان کی فتح

چین پر قبضہ

جزیرۃ العرب میں مظاہرے

عربوں کے مطالبات کا اعلان

برطانی پارلیمنٹ میں حکومت کی اکثریت

انتخاب کے آخری نتائج

فرانس میں انتشار انگیز سرگرمیاں

پیرس پر حملہ کا خطرہ

فرانس کو ایک نہایت ہی شدید سیاسی انقلاب خطرہ آنے والا ہے اور وہاں کی حکومت اس وقت بڑی کش مکش میں مبتلا ہے۔ اشتراکیین نے فیصلہ کرلیا ہے کہ وہ اب کی دفعہ حکومت پر حملہ کردینگے اور موسیو لاول کی وزارت کو الٹ دیں گے انہوں نے اعلان کردیا ہے کہ وہ موسیو لاول کا مقابلہ کرنے کے لئے عوام کی نمائندگی کرنے کے لئے تیار ہیں۔ ...

سیاسیات مصر کی رفتار

وزیر اعظم کے استعفیٰ کی افواہ

روبیت ہلال

دہلی میں خوفناک آتشزدگی

مصری جدید برقعہ

آجکل بھی مصر کے شاہی خاندان میں اس برقعہ کا استعمال ہے

خاتون اسٹور بازار فتحپوری دہلی

کانگریس کی گولڈن جوبلی

ایران اور ہندوستان کے تعلقات

ایرانی وزیر خارجہ سے ہندوستانی حکام کی گفت و شنید

تہران ۲۰ نومبر ایرانی وزیر خارجہ ہز ایکسیلنسی کاظمی جو دہلی سے تشریف لے گئے تھے عنقریب کلکتہ جائیں گے اور وہاں سے بمبئی ... اور تہران جائیں گے ... جار رہا ہے۔

ایرانی وزیر خارجہ کا سفر دہلی سیاسی اغراض کی بنا پر نہیں تھا ... ایرانی وزیر خارجہ کی توجہ اس طرف ... مبذول کرائی گئی ...

لاہور میں ۲۵ گرفتاریاں

ہاتھ پاؤں باندھ کر قیدیوں کا جلوس نکالا گیا

رہائی کے فوراً بعد گرفتاری

مزار حضرت کاکو شاہ کے انہدام کا مقدمہ

استغاثہ کے آخری گواہ کی شہادت

میر افضل خاں انسپکٹر تھانہ نولکھا

سکندرآباد کے ہندو مسلم فساد کا مقدمہ

قتل اور بلوہ کے جرم میں چار ہندوؤں کو سزائیں

ڈاکٹر امبیڈکار اور پیر جماعت علی شاہ صاحب

دونوں میں کیا گفتگو ہوئی تھی

گورنر پنجاب کی خدمت میں میموریل

ریزروبنک کی شرح کم ہوگئی

سائیکل پر حج بیت اللہ الحرام

نماز اور اذان کے وقت کیرتن

ڈپٹی کمشنر نے مسلم وفد سے ملاقات نہیں کی

ہندو مہا سبھا کے اجلاس کا آئندہ صدر

پنڈت مدن موہن مالوی کی منظوری

مدراس میں جامع مسجد کے قریب مندر

فساد کی بنیاد

لاہور میں ایک سکھ پر دو حملہ

مسلح پولیس تعینات کردی گئی

جعلی سکے بنانے پر چھ ماہ قید

حج کے متعلق معلومات وضروری حالات

عالمگیر مساوات ومرکزیت کا مظاہرہ (۸)

ماہ رمضان المبارک میں عام رعایتی اعلان

دو روپیہ کی کتابیں بالکل مفت

آج کی تاریخ سے آخر ماہ رمضان المبارک تک جو حضرات الجمعیۃ کے جدید خریدار ہونگے انکی خدمت میں دو روپیہ کی کتابیں الجمعیۃ بکڈپو کی طرف سے بالکل مفت پیش کی جائینگی ...

وینس کی ہر دلعزیزی

دی وینس انشورنس کمپنی لمیٹڈ جامع مسجد چوک دہلی

ادارہ

بل درگاہ حضرت خواجہ اجمیری کی اصلیت

درگاہ بل اور جناب عبدالقادر بیگ صاحب کی تائید کے متعلق ہم صحیح معلومات ہدیہ ناظرین کرتے ہیں تاکہ اسلامی دنیا کسی مغالطہ میں نہ آئے۔ اس کی بنیاد دادخانہ کی بد نظمی کی عام شہرت پر ہے۔

عہدہ تولیت کی قانونی حیثیت

صوبہ بنگال میں اسلامی تبلیغ

ریاض الدین صاحب مہتمم دارالعلوم روح الاسلام دارالعلوم آفس سید پور ای بی آر اطلاع دیتے ہیں کہ صوبہ بنگال میں اسلامی مذہبی تعلیم کی کمی کی وجہ سے اکثر لوگ گمراہی کے گڑھے میں پڑے ہوئے ہیں اور ایک فرقہ وہاں پر ایسا پیدا ہو گیا ہے جو اپنے کو فقیر کے لقب سے موسوم کرتا ہے اور اس فرقہ نے تصوف اور معرفت کی آڑ میں اسلام کو سخت نقصان پہنچایا اکثر لوگوں کے عقائد کو خراب کر دیا اور مسلمانوں کے شیرازہ کو منتشر کر دیا۔

جامعہ ملیہ اسلامیہ کا علمی مباحثہ
تقسیم انعامات

برسوں ضلع ہزاری باغ میں وفد امارت شرعیہ
شاندار استقبال اور جوش اسلامی کا مظاہرہ

برسوں ۱۰ نومبر آج نو بجکر ۵ منٹ پر وفد امارت شرعیہ مقام ہزاری ضلع ہزاری باغ کے حلقہ کے مسلمانوں نے جوش عقیدت کا اس طرح اظہار کیا کہ کثیر تعداد میں جوان بچے ہاتھوں میں جھنڈیاں لئے ہوئے وفد امارت کی آمد سے قبل ہی اسٹیشن پر موجود تھے۔

بے روزگاری اور اس کا علاج

فلسفہ ماہ رمضان المبارک

اعجاز خوشبو

تجارت کرو فائدہ اٹھاؤ

امریکن کمرشل کمپنی گورنمنٹ سے رجسٹری شدہ بمبئی

الحاد و دہریت کا سیلاب

وہ معرکۃ الآرا تصنیف جس کا بڑی شدت و عرصہ دراز سے انتظار کیا جا رہا تھا شائع ہو گئی ہے اور ایسے وقت میں چھپ کر شائع ہوئی ہے جب کہ دنیائے اسلام کو اس کی سخت ضرورت ہے۔ مغربی تہذیب و تمدن نے مسلمانوں کو اپنے مذہبی عمائد و عقائد سے بے خبر کر دیا ہے۔ اور مغربی تعلیم ان کو دہریت و بے دینی کی طرف لئے جا رہی ہے۔ ہر شخص کا زاویہ نگاہ بدل چکا ہے۔ عقائد و احکام اسلامیہ کو عقل و فلسفہ کے معیار پر کسیے اور علوم حاضرہ کی روشنی میں دیکھئے یہ کتاب اس ضرورت کو بخوبی پورا کرتی ہے اس کے مطالعہ سے معلوم ہوگا کہ یہ کتاب مسلمانوں کے لئے کس قدر مفید ہے اور اس زمانہ میں جب کہ تعلیم جدید نے معتقدات میں تزلزل پیدا کر دیا ہے۔ اس کتاب کی اشاعت کیسی ضروری ہے۔

اسلام کے وہ تمام معتقدات جن پر ایمان لائے بغیر کوئی عبادت و عمل مقبول نہیں ہوتا نہایت شرح و بسط کے ساتھ ۱۰ عنوانات کے تحت میں بیان کئے گئے ہیں۔ تمام معتقدات اسلامیہ کو علوم عقلیہ فلسفہ منطق۔ سائنس۔ ہیئت۔ طب تشریح اور تاریخ وغیرہ سے قرآن و حدیث فقہ و تفسیر کلام و تصوف کی روشنی میں اس طرح ثابت کیا ہے کہ جس کے مطالعہ کے بعد کسی ترک و شک و شبہ کی مطلق گنجائش باقی نہیں رہتی۔ اور جو شخص بھی اس کتاب کو سرسری نظر سے دیکھ لیتا ہے اسلام کی روشنی اس کے دل و دماغ کو چمکا دیتی ہے۔

ہر مسلمان کا فرض ہے کہ اس کتاب کو خود پڑھے اور اپنے متعلقین کو پڑھائے تاکہ اپنے مقدس مذہب کے سچے اصول سے کما حقہ واقف ہو کر دین و دنیا کی برکتیں حاصل کرے۔ لکھائی چھپائی دیدہ زیب کاغذ چکنا سفید

ملنے کا پتہ۔ الجمعیۃ بک ڈپو۔ بلیماران دہلی

امساک کی گولیاں

دینی بکڈپو کی نایاب کتابیں

ایک تیر سے دو شکار



انٹرنیشنل ٹریڈنگ کمپنی پوسٹ بکس ۱۰۴۳ (۱-ج) کلکتہ

نورانی قرآن مجید معرّا

اس شان کا اتنا خوشنما، اتنی صحت اور اس قدر عمارت دیدہ زیب کے ساتھ چھپا ہوا تمام ہندوستان کے بازاروں میں اس کے سوا دوسرا قرآن شریف آپ کو مشکل سے ملے گا اس نورانی قرآن شریف کی کتابت ایک ایسے عالی کے خوشنویس سے کرائی گئی ہے جو ہندوستان کے مایہ ناز خوشنویس ہیں اور اب ہندوستان میں ان سے اچھا کوئی خوشنویس نہیں ہے۔

نورانی قرآن مجید کی صحت کیلئے حافظوں اور عالموں کی ایک جماعت اکٹھی کی گئی تھی جنہوں نے درد دل اور خلوص کے ساتھ اس قرآن مجید کی صحت انتہائی جانفشانی کے ساتھ کی ہے۔

نورانی قرآن مجید کی کتابت صاف اور روشن ہے۔ اعراب زیر زبر پیش ایسے باموقع ہیں کہ عورت مرد بوڑھے بچے بغیر دقت سب آسانی کے ساتھ تلاوت کلام پاک کر سکتے ہیں۔

نورانی قرآن مجید کا ٹائٹل رنگین اور جاذب نظر ہے جس پر تین بلاک طبع کرائے گئے ہیں اوپر مکہ معظمہ اور مدینہ منورہ کے بلاک ہیں اور نیچے جامع مسجد شاہی دہلی کا نقشہ ہے جسے دیکھ کر دل کو سرور اور آنکھوں میں نور آ جاتا ہے۔

آپ بھی نورانی قرآن مجید کا ایک نسخہ جلد سے جلد منگا لیجئے ورنہ پھر دوسرے ایڈیشن کا انتظار کرنا پڑیگا۔ ہدیہ بلحاظ خوبیوں کے بہت ہی کم ہے یعنی ایک روپیہ (عہ) بلا جلد۔ مجلد پارچہ ایک روپیہ آٹھ آنہ (عہ) مجلد چرمی نقرئی

الجمعیۃ بک ڈپو گلی قاسم جان دہلی

کفرستان اجودھیا میں ایک سعادتمند روح

الجمعیۃ بک ڈپو گلی قاسم جان دہلی

عید الفطر کی خوشی میں صرف آٹھ روز لاثانی منافع کی چھٹی کمٹ پیس کی فروخت

بلا منافع ۲۲ دسمبر سے ۹ دسمبر ۱۹۳۵ء تک کمٹ پیس

امیروں، رئیسوں، غریبوں، چھوٹے بڑے دوکانداروں کیواسطے نادر موقع

ہم عید الفطر کی خوشی میں صرف آٹھ روز بغیر کسی منافع کے ... [illegible] ... فروخت کرتے ہیں ... اگر آپ ...

FIT COAT Co. Karachi

منیجر فٹ کوٹ کمپنی کراچی

قدیمی مشہور دکان

خضاب جھوٹ

تارکاپتہ "الجمعیۃ دہلی"

Aljamiat

الجمعیۃ دہلی

ایڈیٹر۔ ہلال احمد زبیری (ایم۔ اے)

جلد ۲۲ | دہلی یوم پنجشنبہ ۸ رمضان المبارک ۱۳۵۴ھ ہجری۔ مطابق ۵ دسمبر ۱۹۳۵ء | نمبر ۳۹

اٹلی کی فوجیں روز بروز کمزور ہو رہی ہیں

خبروں پر سنسر قائم کرنے کی وجہ کیا ہے

حبشیوں پر بمباری کا کوئی نتیجہ برآمد نہیں ہوا

لندن ۴ دسمبر

لاہور میں امن وامان قائم ہوگیا

فوج اور پولیس کا پہرہ بدستور جاری ہے

مسلمانوں پر سنگباری کی گئی

لاہور ۴ دسمبر

گزشتہ یکم دسمبر کے حادثات کے بعد یہ بیان کیا جاتا ہے کہ آج صبح شہر کی بہت سی دکانیں کھلی ہوئی تھیں توقع ہے کہ یہ دکانیں شام تک کھلی رہیں گی۔ پولیس اور فوج کا انتظام ابھی شہر میں اسی طرح قائم ہے۔ کل کے تصادم میں ایک شخص کے نہایت شدید چوٹیں آئی تھیں وہ آج انتقال کر گیا۔ کرفیو آرڈر اور دفعہ ۱۴۴ کے نفاذ کی وجہ سے اتوار کی رات کوئی جھگڑا نہیں ہوا۔ لیکن رات کے وقت پولیس اور فوجوں کا گشت اور مسلح سپاہیوں کا خطرناک جگہوں پر پہرہ ابھی تک جاری ہے۔

زنجبار میں ہندوستانیوں کے متعلق

مسٹر غلام علی قادر بھائی کا بیان

نئی دہلی ۳ دسمبر

اٹلی کے سوماری پاس جدید کارنامہ

جانوروں کی آواز سن کر سپاہی بھاگ گئے

معاصرین کے افکار وآراء

قابل افسوس اور شرمناک کنوینگ

طوفان حوادث

اردو زبان کے مشہور ادیب وافسانہ نگار مولوی شبیر حسین صاحب۔ مارہروی کا ایک بہترین افسانہ جس میں سراغرسانی کے متعلق حیرت انگیز واقعات دکھائے گئے ہیں اور ایسے حالات میں جب کہ نہایت پر اسرار طریقہ پر ایک رئیس کا قتل ہوتا ہے اور اصل مجرم کے متعلق کسی کو ذرہ برابر شبہ بھی نہیں ہو سکتا۔ ایک ماہر سراغ رساں کی قابلیت وصلاحیت کا نمونہ پیش کیا ہے۔ اس افسانہ کو ایک مرتبہ شروع کر دینے کے بعد ختم کئے بغیر چھوڑنا ناممکن ہے۔ جن حوادث کا طوفان اس کتاب میں برپا کیا گیا ہے وہ اس قدر دلچسپ جاذب توجہ اور ہنگامہ خیز ہیں کہ ایک حادثہ کے بعد دوسرے کا مطالعہ لازمی ولابدی ہو جاتا ہے۔ زندگی کے متعلق ہزاروں تجربات اور فطرت انسانی کی اندرونی معلومات کا ایک بہترین وبیش بہا ذخیرہ ہے۔ ادبی ذوق رکھنے والے حضرات اس افسانہ کو جو اپنی نوعیت کا ایک انتہائی تعجب خیز افسانہ ہے۔ ضرور منگا کر پڑھیں۔ قیمت صرف آٹھ آنہ علاوہ محصولڈاک: ۳۰ اکتوبر ۱۹۳۵ء سے قبل کے خریداران الجمعیۃ کو ۵ کے ٹکٹ ارسال کرنے پر کتاب بھیجی جائے گی۔

ملنے کا پتہ:۔ الجمعیۃ بک ڈپو۔ بلیماران دہلی

میسور کونسل برہمن قبضہ میں

آج جبکہ کانگریس اپنی زندگی کے پچاس سال گزارنے کے بعد گولڈن جوبلی منا رہی ہے اور تمام ملک میں ایک سرے سے دوسرے سرے تک اس موقع پر شاندار جشن کے انتظامات ہو رہے ہیں ہمارے لئے نہ صرف مناسب بلکہ ضروری ہے کہ ہم اس قومی مجلس کے گزشتہ ریکارڈ پر ایک نظر ڈالیں اور یہ دیکھیں کہ کانگریس نے اپنے سفرِ حیات کی جو پچاس منزلیں طے کی ہیں ان میں اس کی قومی و ملکی خدمات کا اندازہ کیا ہے۔ اس کا مقصدِ حیات کیا تھا، اس کی تکمیل کے لئے اس نے کیا کیا، کس حد تک اسے کامیابی ہوئی اور کس حد تک باقی ہے، نصف صدی کی مسلسل و پیہم سیاسی جدوجہد میں اسے کیا تجربات حاصل ہوئے ہیں۔ اور ان تجربات سے وہ اپنی آئندہ زندگی میں کیا فائدہ حاصل کرسکتی ہے۔ اس کے ماضی کی روشنی میں اس کے مستقبل کی کامیابی کو تلاش کرنا اس وقت ہمارا فرضِ اولین ہے جس طرح کوئی مسافر کسی ایسے راستہ پر جو بے شمار خطرات سے بھرا ہوا ہو اور جس میں قدم قدم پر خوفناک مصائب کا سامنا کرنا پڑتا ہو پچاس میل کی طویل مسافت طے کرنے کے بعد تازہ دم ہونے کے لئے کسی سنگِ راہ کے قریب سر جھکا کر بیٹھ جائے اور یہ سوچنے لگے کہ اس سفر کی جو منزلیں گزر گئیں اس میں مجھے کیا کیا حوادث پیش آئے، میں نے کہاں کہاں ٹھوکریں کھائیں، کن کن مصائب کا مقابلہ کیا اور کس طرح کیا، میری ترقی کی رفتار کیا رہی اور کیا ہونی چاہئے تھی، اور اس تمام سرگزشت پر ایک طائرانہ نظر ڈالتے ہوئے اپنے باقیماندہ سفر کے لئے گزشتہ واقعات سے ایک مشعلِ ہدایت تیار کرے، اور اس مشعل کی روشنی میں از سرِ نو اپنے سفر کو شروع کرکے منزلِ مقصود تک جلد پہنچنے کے امکانات پیدا کرلے۔ بالکل یہی کیفیت اس وقت کانگریس کی ہونی چاہئے۔ اسے اپنی پچاس سالہ زندگی کا جائزہ لینے کے بعد اپنے اصول اور اپنا پروگرام اور زیادہ بصیرت کے ساتھ تیار کرنا چاہئے تاکہ حصولِ مقصد میں جو دشواریاں پہلے پیش آتی رہی ہیں اور واقعات و حوادث نے جو صورتیں اختیار کی ہیں ان سے پورا پورا فائدہ حاصل کیا جاسکے۔

پیدائش و جود

اگرچہ کانگریس کا سب سے پہلا اجلاس بمبئی میں ۱۸۸۵ء میں منعقد ہوا تھا یہ ایک عجیب و غریب بات معلوم ہوتی ہے کہ اس مجلس کی تشکیل و تخیل ایک سال قبل خود حکومت ہی کے دماغ میں آیا تھا اور وہ ہستی جس کی طرف کانگریس کی تاسیس و تخلیق کی نسبت کی جاتی ہے ایک انگریز مسٹر ایلن آکٹیوین ہیوم کی ہستی تھی جو انڈین سول سروس سے تعلق رکھتے تھے۔ لارڈ ڈفرن کا زمانہ تھا اور مسٹر ہیوم نے کانگریس کے قیام کی سعی لارڈ ڈفرن کے مشورہ ہی سے کی تھی۔ اس لئے جس طرح تاریخِ عالم میں اور بہت سے ایسے واقعات یادگار ہیں کہ استبداد کا خاتمہ کرنے والوں نے اپنی زندگی کے ابتدائی دن آغوشِ استبداد میں پرورش پاکر ہی گزارے ہیں اسی طرح یہ واقعہ بھی ہمیشہ یادگار رہے گا کہ انڈین نیشنل کانگریس خود حکومت ہی کے ایماء سے پیدا ہوئی ایک انگریز ہی اس کی پیدائش کا سبب بنا اور اربابِ اقتدار ہی کی سرپرستی و رہنمائی میں اس نے ہوش سنبھالا۔ کانگریس اس وقت پیدا ہوئی جبکہ ۱۸۵۷ء کو اٹھائیس سال کا عرصہ گزر چکا تھا۔ ایسٹ انڈیا کمپنی کا سیاسی اقتدار تو سرسٹھ سال سے قائم تھا۔ ملکہ وکٹوریہ کے مشہور اعلان مجریہ ۱۸۵۸ء کے بعد برطانیہ کی ہندوستان میں براہِ راست حکومت قائم ہوئے بھی ستائیس سال ہوچکے تھے، گیارہ وائسرائے ہندوستان پر یکے بعد دیگرے حکمرانی کرکے انگلستان واپس جاچکے تھے، لارڈ میکالے کی تعلیمی پالیسی کو ہندوستان میں جاری ہوئے ایک عرصہ گزر گیا تھا اور اب اس کے ثمرات کافی نمایاں ہوچکے تھے۔ ہندوستان میں انگریزی پڑھے لکھے لوگوں کی ایک خاصی تعداد پیدا ہوچکی تھی اور اس تعداد میں ہر روز اضافہ ہو رہا تھا انگریزوں کو ہندوستان میں اپنا نظامِ حکومت چلانے اور عام باشندگانِ ملک کی اس وحشت کو دور کرنے کے لئے جو غیر ملکیوں سے ہوا کرتی ہے اور جس کی موجودگی میں کسی غیر ملکی قوم کے لئے دوسری قوم پر حکومت کرنا غیر ممکن ہوجاتا ہے اس امر کی ضرورت تھی کہ وہ برابر میکالے کی تعلیمی پالیسی کو آگے بڑھاتے رہیں جس کا نتیجہ یہ تھا کہ ہر سال انگریزی تعلیم ترقی کر رہی تھی اور اسی نسبت سے سرکاری نظامِ حکومت میں ہندوستانیوں کا اشتراکِ عمل بڑھ رہا تھا سرکاری محکموں میں انگریزی پڑھے لکھے ملازموں کی تعداد اب ایسی ہوگئی تھی کہ مقابلہ کا سوال پیدا ہونے لگا تھا اور ہندوستانی انگریزوں کی زبان پڑھنے اور ان ہی کے علوم و فنون میں تعلیم حاصل کرنے کے بعد ان سے ہمسری کا دعویٰ کرنے لگے تھے اور دفتری شکایات روز بروز بڑھتی جا رہی تھیں مسٹر ہیوم نے اس صورتِ حال کا مطالعہ کرنے کے بعد اس خوف سے کہ کہیں وہ بددلی جو ہر روز کی شکایات سے پیدا ہوتی ہے پھر کسی بغاوت کی شکل اختیار کرکے نظمِ حکومت کو درہم برہم نہ کردے یا کم سے کم حکومت کے لئے شدید مشکلات پیدا کردینے کی موجب نہ بن جائے ایک باقاعدہ منظم جماعت کی تشکیل کا تخیل پیش کیا اور جس طرح انگریزی تعلیم اپنی سرپرستی میں دے کر اپنے دفاتر کے لئے عمال پیدا کئے تھے اسی طرح سیاسی تحریک بھی اپنی ہی سرپرستی میں دینا شروع کی تاکہ اپنے ڈھب کے لیڈر اور اپنے مطلب کی سیاست پیدا کی جاسکے۔ مسٹر ہیوم ہی نے کلکتہ یونیورسٹی کے گریجویٹوں کے نام ایک کھلی چٹھی لکھی انہیں اصلاح و تنظیم پر آمادہ کیا اور جب کانگریس کا پہلا اجلاس بمبئی میں منعقد ہوا تو وہی اس کی روحِ رواں سمجھے گئے۔

آغاز سفر

بمبئی کے سب سے پہلے اجلاس منعقدہ ۱۸۸۵ء میں مختلف مقامات کے مندوبین کی تعداد ۷۲ تھی۔ ان میں زیادہ تر بنگال، بمبئی اور مدراس کے باشندے تھے۔ اسی اجلاس نے کانگریس کے حسبِ ذیل تین بنیادی مقاصد متعین کئے۔

(۱) ہندوستان کی آبادی جو مختلف و متضاد عناصر سے مرکب ہے ان سب کو متحد و متفق کرکے ایک قوم بنانا۔

(۲) اور اس طرح جو ہندوستانی قوم پیدا ہو اس کی دماغی، اخلاقی، اجتماعی اور سیاسی صلاحیتوں کو دوبارہ زندہ کرنا۔

(۳) ایسے حالات کی اصلاح و ترمیم کرنا جو ہندوستان کے لئے مضرت رساں اور غیر منصفانہ ہوں اور اس طریقہ سے ہندوستان اور انگلستان کے درمیان اتحاد و یگانگت کو استوار کرنا۔

ان اغراض و مقاصد کے پیشِ نظر کانگریس نے اپنے سفر کا آغاز کیا تھا جس کو آج پچاس سال گزر چکے ہیں۔ ایک عرصہ دراز تک کانگریس ان اصولوں کی پابندی میں سال بسال ایسی قراردادیں منظور کرتی رہی جن کا لہجہ خوشامدانہ اور جن کا اندازِ بیان التجا و استدعا سے ملتا جلتا ہوتا تھا۔ قومی اتحاد کے سلسلہ میں کانگریس صرف اتنا کرسکی کہ اس نے ایک مشترکہ پلیٹ فارم پیدا کردیا جس پر ہندو، مسلمان، پارسی، عیسائی جسے ہندوستان کے مفاد سے دلچسپی ہو اپنے خیالات کا اظہار کرسکتا تھا عام اصلاحی تحریک کے متعلق اس نے آپس کے تبادلۂ خیالات اور تبادلۂ رائے کے لئے سال بھر کے اندر ایک موقع بہم پہنچا دیا اور سرکاری ملازمتوں میں ہندوستانیوں کو جو تکالیف و شکایات ہوتی تھیں ان کے اظہار کی ایک صورت نکال دی۔ تقریباً بیس سال کانگریس کو اسی طرح گزر گئے۔ اور یہ دور اعتدال پسند رہنماؤں کی قیادت میں ہندوستانیوں کی سیاسی خواہشات کو مدلل و موجہ پیرایہ میں پیش کرتی رہی۔ اس عہد میں دادا بھائی نوروجی، فیروز شاہ مہتا، سر ولیم ویڈربرن، سر سریندر ناتھ بنرجی، گوکھلے کے اسمائے گرامی خاص طور پر قابلِ یادگار ہیں لیکن اس ابتدائی دور میں بھی ہمیں کم سے کم دو نام ایسے مسلمانوں کے ملتے ہیں جنہوں نے نہ صرف کانگریس میں شرکت کی بلکہ کانگریس کی رہنمائی و قیادت کا سہرا ان کے سروں پر باندھا گیا۔ اور وہ ۱۸۸۷ء اور ۱۸۹۶ء میں علی الترتیب کانگریس کے سالانہ اجلاس کے صدر منتخب کئے گئے یہ نام بدرالدین طیب جی اور محمد رحیم اللہ سیانی کے ہیں۔ اور کانگریس کا ہر مورخ ان کا شمار ہمیشہ حامیانِ کانگریس کی صفِ اول میں کرتا ہے۔

پہلا دور

کانگریس کا یہ دور جو ۱۸۸۵ء میں شروع ہوکر ۱۹۰۵ء تک جاری رہا سیاسی اعتبار سے تصادم و مناقشہ کا دور نہیں تھا کانگریس کو سرکاری و نیم سرکاری حلقوں میں ایک آئینی جماعت سمجھا جاتا تھا اور اس کی درخواستوں کو جو مختلف قراردادوں کی شکل میں پیش کی جاتی تھیں اگر منظور نہیں کیا جاتا تھا تو کم سے کم ان کے خلاف اظہارِ غیظ و غضب بھی نہیں کیا جاتا تھا اس زمانہ میں کانگریس بننے کے لئے کسی بڑی قربانی کی ضرورت نہ تھی بلکہ کانگریس کی سیاسیات بھی ایک لحاظ سے دنیا طلبی کے مترادف تھیں جس میں ہر شخص حصہ لے سکتا تھا جو تعلیم اور دولت سے بہرہ اندوز ہو۔ ہندو بھائیوں نے چونکہ انگریزی تعلیم کی طرف سب سے پہلے توجہ کی اور بالخصوص بنگال اور دوسرے پریسیڈنسی صوبوں میں ہندو نوجوانوں نے بہت جلد انگریزی علوم و فنون میں دسترس حاصل کرلی اور انگریزی تعلیم یافتہ طبقہ کی تعداد سرعت کے ساتھ بڑھنے لگی اور ۱۸۵۷ء کے انقلاب کے بعد مالی حیثیت سے انہیں نسبتاً کم نقصان پہنچا اور ان کے تجارتی مشاغل نے انہیں اقتصادی حیثیت سے کم تباہ و برباد کیا اس لئے کانگریس میں وہ لوگ زیادہ تر ہندو ہی کانگریس کو چلانے اور آگے بڑھانے کے ذمہ دار رہے مسلمان کچھ اپنی تعلیمی کمزوری اور اقتصادی پسماندگی کی وجہ سے اور کچھ اس انقلاب کے اثر سے جو ہندوستان کے اندر ان کے اقتدار کو ختم کردینے کا موجب ہوا تھا عرصہ تک عملی سیاسیات سے علیحدہ رہے۔ ان کا اس دور میں پیچھے رہ جانا بہت سی مشکلات و پیچیدگیوں کا موجب ہوا۔ اس دور کی خصوصیات میں سے جو خصوصیت نمایاں نظر آتی ہے وہ یہ تھی کہ کانگریس پر انگریزی خیالات اور انگریزی اصولوں کا بہت بڑا غلبہ تھا۔ اول تو ہندوستان کی خود اپنی سیاسی زندگی کچھ تھی ہی نہیں جب انتظاماتِ ملکی میں باشندگانِ ملک کو دخل دینے کا کوئی اختیار نہ تھا تو سیاسی زندگی کہاں سے پیدا ہوتی۔ اور اس پر مستزاد یہ کہ ہندوستانی لیڈروں نے اپنی تمام تر سیاسی تربیت اپنے حکمرانوں کے زیرِ اثر پائی تھی اور ہر قسم کے اطوار و عادات میں وہ اکثر انگریزوں ہی کی نقل کرتے تھے۔ الا ماشاء اللہ۔ ان باتوں کا براہِ راست اثر یہ تھا کہ سیاسیات میں ہندوستانی رنگ نمایاں ہوا تھا اور کانگریس کو حقیقتاً عوام الناس سے کوئی بھی تعلق نہ تھا وہ ایک خاص طبقہ کے چند افراد کی نمائندہ تھی۔ اور اس کی آواز سوائے ان چند امور کے جو خود حکومت ہی کی خواہش کے مطابق ہوں اور کسی امر میں موثر نہ ہوتی تھی۔ اگرچہ یہ بالکل صحیح ہے کہ اس کی مسلسل و پیہم آواز سے ملک کے اندر ایک بیداری اور سیاسی سرگرمی برابر بڑھ رہی تھی۔

تقسیم بنگال

اس دور کے اواخر میں جبکہ کانگریس کی پیدا کی ہوئی بیداری نے بنگال، بمبئی اور صوبہ متوسط میں تعلیم یافتہ اور پرجوش نوجوانوں کی ایک مستقل جماعت پیدا کردی تھی لارڈ کرزن کی ایک حرکت نے کانگریس کی تاریخ کا رخ بدل دیا۔

تمنائے آزادی

(از رشحات قلم شاعر انقلاب حضرت جوش ملیح آبادی)

اللہ کرے اے ہند! اس فتنۂ دوراں میں
ہو گوئے ظفرمندی تیرے خمِ چوگاں میں

کانٹوں کو بناتی ہے جو بادِ صبا گلشن
آئے وہ صبا تیرے اجڑے ہوئے بستاں میں

دل ملتے ہیں جس مے سے معبود وہ مے ٹپکا،
پیمانۂ ہندو میں مینائے مسلماں میں

راتوں کو چمکتے ہیں سینے میں جو شاعر کے
وہ عقدہ کشا غنچے مہکیں ترے داماں میں

اوراق سے اڑ جائیں اغیار کی تحریریں
اب مہر تری جھلکے ہر دفتر دیواں میں

ہاں نوح کی کشتی کی تقدیر ملے تجھ کو
اب بحرِ سیاست کے بپھرے ہوئے طوفاں میں

اے طاقِ وطن! تجھ میں اے کاش چمک اٹھے
وہ نور کہ غلطاں تھا قندیلِ سلیماں میں

اے کاش کبھی تیری ظلمت کی طرف دیکھے
وہ شمع کہ روشن ہے خلوتگہِ یزداں میں

ساقی کے تبسم سے اور جوش کے بربط سے
روشن ہوں کنول تیری محرابِ زر افشاں میں

لارڈ کرزن کی حکومت نے ۱۹۰۵ء میں صوبہ بنگال کو دو مستقل صوبوں میں منقسم کرنے کا ارادہ ظاہر کیا جس کی نہایت شدید مخالفت کی گئی لیکن باوجود اس مخالفت کے لارڈ کرزن نے ذرہ بھی جنبش نہ کی اور بنگال کے مشرقی و مغربی حصوں کو دو علیحدہ صوبوں کی شکل دیدی گئی۔ اس پر بنگالی نوجوانوں میں سخت ہیجان برپا ہوا اور اس امر پر عہد لئے گئے کہ وہ جب تک تقسیم بنگالہ کے قانون کو منسوخ نہ کرالیں گے اس وقت تک چین سے نہ بیٹھیں گے۔ اس سے پہلے کبھی اس قدر شدید سیاسی اضطراب و ہیجان برپا نہ ہوا تھا۔ یہ پہلا موقع تھا کہ عوام الناس ایک حد تک بیدار ہوئی اور ایجی ٹیشن کے نام سے واقف ہوئے۔

کانگریس جو تمام ملک کی سیاسی نمائندگی کرتی تھی اور سال بھر کے اہم واقعات کو جمع کرکے ایک مرتبہ ان کے متعلق ایک رائے ظاہر کرنے کے لئے مجتمع ہوتی تھی، اس اہم ترین واقعہ سے متاثر ہوئے بغیر نہ رہ سکی۔ کلکتہ میں ۱۹۰۶ء میں جو اجلاس ہوا اس کے اندر بنگال کے سندھ یعنی تقسیم بنگالہ کے مسئلہ پر سخت تقریریں کیں اور کانگریس کا لہجہ بالکل بدلا ہوا نظر آنے لگا۔ اور اس اعتدال پسند طبقہ کو جواب تک کانگریس کی رہنمائی کرتا رہا تھا انتہا پسند طبقہ کے مقابلہ میں شکست ہونے لگی۔ دادا بھائی نوروجی کی صدارت میں کلکتہ کانگریس نے ایک قرارداد منظور کر لی جس کا مفاد یہ تھا کہ چونکہ کانگریس اب سن بلوغ کو پہنچ گئی ہے اس لئے اس کو حق حاصل ہے کہ وہ اپنے پاؤں پر خود کھڑی ہو اور ہندوستان کے لئے آزادی حاصل کرے۔ اگرچہ بہت سے معتدلین جن کی ایک خاص سیاسی ذہنیت پیدا ہوگئی تھی اس اعلان سے غیر مطمئن تھے لیکن انتہا پسند اس کے بعد بھی مطمئن نہ ہوئے اور آئندہ سال ان دونوں جماعتوں کے درمیان سخت کشمکش کا گزرا۔

سورت کی بغاوت

انتہا پسند طبقہ کی بغاوت اس وقت ایک نہایت ذی اثر شخصیت کو حاصل تھی جو بمبئی اور صوبہ متوسط کے مرہٹہ نوجوانوں پر بے انتہا اثر رکھتی تھی۔ ہماری مراد تلک آنجہانی سے ہے جو کانگریس کے پلیٹ فارم پر عوام الناس کے سب سے پہلے لیڈر تھے۔ انہیں کانگریس کے اعتدال پسند رہنماؤں سے شدید اختلاف تھا اور وہ اس خوشامدہ درامد کی پالیسی کو جس پر ایک عرصہ سے عمل کیا جا رہا تھا صرف یہ نتیجہ بلکہ مضرت خیال کرتے تھے۔ ان کا مطمح نظر خالص ہندوانہ تھا اور وہ انگریزی وضع و تراش کے دشمن تھے۔ ہر بات میں ہندوستانی طریق کار دیکھنا چاہتے تھے۔ کلکتہ میں کانگریس کو ناگپور کی دعوت دی گئی تھی مگر اس وقت کے معتدل رہنماؤں نے انتہا پسندوں کے خوف سے تاکید میں جلاس ہیں کیا بلکہ سورت میں کانگریس کا اجلاس منعقد ہوا تلک کی پارٹی نے اس اجلاس میں بھی شرکت کی اور معتدل رہنماؤں کے خلاف سخت ایجی ٹیشن کیا۔ جب معاملہ یہاں تک پہنچ گیا کہ کانگریس کے پنڈال میں جوتا چلا۔ انتہا پسند اگرچہ اس کشمکش میں غالب نہ آئے مگر معتدلین نے مصلحت اسی میں دیکھی کہ انہیں علیحدہ کر دیا جائے جس کا نتیجہ یہ ہوا کہ کانگریس دو حصوں میں تقسیم ہوگئی۔ اس بات میں معتدلین ہی نے علیحدہ جماعت اور دستور بنایا کہ کانگریس کی بنیاد بھی انتہا پسندوں نے علیحدہ ڈالی دی اس واقعہ کے بعد

کانگریس کے اصل نظام سے تلک ایک عرصہ تک علیحدہ رہے اور جب ۱۹۱۶ء میں کانگریس کا ایک متحدہ اجلاس لکھنؤ میں منعقد نہ ہوا انہوں نے اور ان کی پارٹی نے اپنا نظام علیحدہ رکھا۔

مسلمانوں کی علیحدگی

اس موقع پر تقسیم بنگال کے سلسلہ میں ایک ایسے واقعہ کی طرف توجہ دلانا ضروری معلوم ہوتا ہے جو ہندوستان کی سیاسی تاریخ میں خاص اہمیت رکھتا ہے یعنی اس وقت جبکہ تقسیم بنگال کے خلاف زبردست ہیجان برپا تھا اور سودیشی کی تحریک اسی ایجی ٹیشن کو کامیاب بنانے کے لئے نہ صرف بنگال میں بلکہ بنگال سے نکل کر دوسرے صوبوں میں بھی پھیل رہی تھی اور کانگریس سے ہندوؤں کے عوام الناس کی دلچسپی بڑھ رہی تھی کہ ۱۹۰۶ء میں مسلم لیگ کی تاسیس ہوئی اور اس نے مسلمانوں کا ایک مستقل سیاسی نظام کانگریس سے علیحدہ قائم کر دیا۔ اگرچہ اس موقع پر لیگ کا قیام حکومت کی مخصوص حکمت عملی کا ایک نتیجہ بتایا جاتا رہا ہے اور اس میں کوئی شبہ بھی نہیں ہے کہ کانگریس کو ہندوؤں میں روز بروز مقبولیت اور قوت حاصل ہو رہی تھی اور اس کے معتدلین کے طبقہ سے نکل کر انتہا پسندوں کے ہاتھوں میں چلے جانے سے جو خطرات پیدا ہو چلے تھے ان کے پیش نظر حکومت کے لئے یہی ایک بہترین صورت ہو سکتی تھی کہ وہ کانگریس کی متحدہ قومی حیثیت کو مجروح کرنے کی تدبیر اختیار کرے اور ظاہر ہے کہ مسلم لیگ کا قیام اس سلسلہ میں بڑی حد تک حکومت کے مقصد کو پورا کرنے والا تھا لیکن اس کے ساتھ ہی بعض ایسے عناصر بھی اس وقت کی صورت حالات میں رونما تھے جن کو نظر انداز نہیں کیا جا سکتا۔ کانگریس جب تک ابتدائی رہنماؤں کے قبضہ اقتدار میں رہی اس کے اندر ہندوستانیت سے زیادہ انگریزیت موجود تھی اور ایک مسلمان کے لئے جو تعلیم و تمول میں اسی سطح پر ہو جس پر کہ ہندو تھے کے لیڈر ہوتے تھے بہ آسانی تھا کہ کانگریس کے اجلاس میں شریک ہو کر وہاں اپنے آپ کو اجنبی محسوس نہ کرے لیکن تحریک بنگال سے لے کر تلک آنجہانی کی تحریک انتہا پسندی تک ہندو عوام کو کانگریس میں جو دخل ہوا اس نے کانگریس کی نوعیت بڑی حد تک خالص ہندوانہ کر دی اور کانگریس کا نظام خواہ اصولاً نہ ہو مگر عملاً ایک ہندو نظام نظر آنے لگا تلک آنجہانی نے کانگریس کے اندر مذہبیت کو ایک خاص انداز کے ساتھ داخل کیا اور تحریک بنگال نے جو ایک خالص ہندو تحریک تھی اپنے ظاہری آثار کے اعتبار سے تمام قومی جدوجہد کو ایک مخصوص رنگ میں رنگ دینے کی کوشش کی۔ یہ تمام باتیں کانگریس کے عوام میں مقبول ہوتی رہیں اس طرح منظر پر آئیں کہ کانگریس جارحانہ طور پر ایک ہندو نظام معلوم ہونے لگی اور اس کی مشترکہ حیثیت کو اس غلبہ سے سخت نقصان پہنچا۔ اس دور میں مسلمان عوام الناس کو کانگریس کے اندر کوئی چیز ایسی نظر نہ آئی جو ان کے تخیل کو اپیل کرتی ہو برعکس اس کے کانگریس کا پلیٹ فارم تلک آنجہانی کے جیسے ہندو دھرم کے مخصوص خیالات کا مظہر بنا دیا جس کا اثر آج تک بھی کہیں نظر آ ہی جاتا ہے۔ کانگریس کی وسعت و ترقی کے زمانہ میں اس پہلو سے جس قدر شدید نقصان اسے پہنچا یا اس کا اندازہ مشکل ہے۔ اگرچہ یہ صحیح ہے کہ کانگریس

جس قوم کا غلبہ تھا وہ اسی کے خیالات و افکار کی آئینہ دار ہو سکتی تھی۔ مسلمان چونکہ من حیث القوم اس وقت اس سے الگ رہے اس لئے ان کا کوئی اثر کانگریس پر نہ پڑا لیکن اس دلیل کو کافی سمجھ لینا ہمارے نزدیک سخت غلطی ہوگی جیسا کہ ہم بھی لکھ چکے ہیں کانگریس کے ابتدائی دور میں مسلمانوں کا زیادہ کثرت کے ساتھ حصہ نہ لینا محض اس وجہ سے تھا کہ اس وقت کانگریس اعلیٰ طبقہ کے اندر محدود تھی اور مسلمانوں میں اس قدر تعلیم اور دولت نہ تھی کہ وہ اس طبقہ کے دوش بدوش چل سکیں لیکن جس وقت وہی کانگریس اعلیٰ طبقہ سے نکل کر عوام الناس میں مقبولیت حاصل کرنے لگی ہے تو اس کے محترم رہنماؤں کی یقیناً یہ غلطی تھی کہ انہوں نے کانگریس کو ایسی ظاہری شکل و صورت دیدی جس سے وہ صاف ایک ہندو نظام معلوم ہونے لگی اور اس کے متعلق یہ شبہ کرنا بھی دشوار ہو گیا کہ وہ قومیت متحدہ سے کوئی دور کا واسطہ رکھتی ہے۔ اگر اس وقت کانگریس کو خالص سیاسی نظام کی حیثیت سے عوام الناس میں بھی اسی طرح لایا جاتا جس طرح کہ معتدلین کانگریس کو خواص میں لائے تھے تو ہمیں یقین ہے کہ اگر زیادہ وسعت کے ساتھ نہیں تو ایک نہ ایک حد تک دوسری قوموں کو بھی چند سال کے بعد ہی کانگریس سے وہ دلچسپی پیدا ہو جاتی جو صرف ہندوؤں کو رہی۔ چونکہ اس زمانہ کے ہندو زعما کانگریس کے زیر سایہ ایک عرصہ دراز تک سیاسی تعلیم و تربیت حاصل کر چکے تھے اور اپنے ملک کے حالات سے کماحقہ واقف تھے اور ان کا تعلق ایک ایسی قوم سے تھا جو اکثریت میں تھی اس لئے ان کی ذمہ داری نہایت اہم تھی اگر مسلمانوں نے خود متاثر ہو کر یا حکومت کے ایماء سے ایک مشترکہ و متحدہ پلیٹ فارم کو چھوڑ کر اپنا علیحدہ نظام قائم کیا اور وہ اس کے لئے لائق ملامت ہیں تو ان حضرات کی ذمہ داری بھی کچھ کم نہیں ہے جنہوں نے کانگریس کو اپنے طرز عمل سے ایک ہندو جماعت بنانے کی کوشش کی اور دوسری قوموں بالخصوص مسلمانوں کو اپنے مخصوص انداز و طریق سے متوحش کر دیا۔

مقاصد کی نئی تشکیل

بہرحال کانگریس کی تاریخ میں یہ دور جو سورت کے سالانہ اجلاس کے بعد شروع ہوتا ہے ایک خاص اہمیت رکھتا ہے اگرچہ سورت کے بعد بھی ۱۹۱۶ء تک یعنی ۹ سال کے لئے کانگریس کا نظام معتدلین کے ہاتھوں میں رہا لیکن کانگریس کے بعد عوام الناس میں انتہا پسند طبقہ نے اس قدر زبردست اسپرٹ پیدا کر دی کہ خود وہ حضرات بھی جو اعتدال کے ساتھ کانگریس کو لے جانا چاہتے تھے اپنے لئے دشواریاں محسوس کرنے لگے اور عام خواہش کے مطابق انہیں بھی بالآخر اپنے مسلک و فاداری میں کچھ نہ کچھ ترمیم کرنی ہی پڑی۔ سورت کا جو اجلاس انتہا پسندوں اور معتدلین کی جنگ کے بعد اسی طرح ختم ہوا تھا کہ انتہا پسندوں کو کانگریس سے علیحدہ ہو جانا پڑا۔ اسی اجلاس کے اندر انتہا پسندوں کی غیر موجودگی میں اپنے مقاصد کا حسب ذیل خاکہ تیار کرنا ہی پڑا۔ انہوں نے انڈین نیشنل کانگریس کی ایک قرارداد میں صاف طور پر یہ اعلان کیا کہ

"انڈین نیشنل کانگریس کے مقاصد یہ ہیں کہ ہندوستان کے باشندے ایک ایسا طرز حکومت حاصل کریں جو سلطنت برطانیہ کے اندر دوسرے خودمختار

ممالک کو حاصل ہے اور وہ سلطنت کے حقوق اور ذمہ داریوں میں ان ممالک کے ساتھ برابر کے شریک سہیم ہوں۔"

اور اس کے بعد انتہا پسندوں کے مقابلہ میں اپنی پوزیشن کو مستحکم کرنے اور اپنے عقیدہ کی پابندی کے باعث کانگریس میں آکر غلبہ حاصل کرنے سے روکنے کے لئے حسب ذیل الفاظ بھی بڑھائے:-

"یہ مقاصد آئینی ذرائع سے اس طرح حاصل کئے جائیں گے کہ موجودہ طرز حکومت میں اصلاح کی جائے گی، قومی اتحاد کو ترقی دی جائے گی، عامۃ الناس کی خدمت کا جذبہ پیدا کیا جائے گا، اور ملک کے ذہنی، اخلاقی، اقتصادی اور صنعتی ذرائع و وسائل کو آگے بڑھایا جائے گا۔"

لیکن اس قسم کی تمام آئینی دیواریں ان پرجوش نوجوانوں کو کانگریس پر قبضہ کرنے سے باز نہ رکھ سکیں جو زمانہ کے ساتھ ساتھ چل رہے تھے اور جنہوں نے مقتضیات زمانہ کے مطابق کانگریس سے یہ مطالبہ کیا تھا کہ وہ اپنے دقیانوسی خیالات و افکار کو چھوڑ کر اور زیادہ آزادی کے ساتھ قدم اٹھائے۔ ۱۹۰۷ء سے ۱۹۱۶ء تک برابر انتہا پسند پارٹی سے معتدلین کی گفتگوئیں ہوتی رہیں حتیٰ کہ خود معتدلین نے بھی یہ محسوس کر لیا کہ جب تک کانگریس کی رگ و پے میں تازہ خون کا دورہ نہ ہوگا اور وہ نوجوان جن کا جوش و خروش قوم کے لئے بمنزلہ حیات کے ہے کانگریس کی باگ ڈور نہ سنبھالیں گے اس وقت کانگریس ایک بے روح جسم کے مانند رہے گی اور غالباً اسی وجہ سے انہوں نے ۱۹۱۶ء میں لکھنؤ کے اندر بابو امبکا پرشاد موزمدار کی صدارت میں بظاہر ایک مشترکہ و متحدہ اجلاس منعقد کیا اور دونوں جماعتیں ایک جگہ جمع ہو گئیں۔ مگر درحقیقت کانگریس باقاعدہ طور پر انتہا پسندوں کے حوالہ کر دی گئی کیونکہ ایک ایسے نظام کو چلانے کی جو ملک کی سیاسی خواہشات و حیات کا ترجمان ہو صحیح طور پر ایسی ہی جماعت میں اہلیت ہو سکتی تھی کانگریس اس وقت سے لیکر اب تک ملک کے اسی طبقہ کے ہاتھوں میں رہی ہے جسے انتہا پسند کہا جاتا ہے۔

۱۹۱۹ء کی اصلاحات

۱۹۱۶ء کی شاندار کامیابی کے بعد تلک آنجہانی زیادہ عرصہ تک زندہ نہیں رہے مگر انہوں نے کانگریس پر جس جماعت کو اقتدار دیدیا تھا وہ آج بھی اپنی اور زیادہ ترقی یافتہ شکل میں کانگریس کے تمام نظام کو چلا رہی ہے۔ ۱۹۱۶ء کے سالانہ اجلاس کو جو لکھنؤ میں منعقد ہوا تھا کئی حیثیتوں سے اہمیت حاصل ہے، کانگریس معتدلین کے ہاتھوں سے نکل کر زیادہ آزاد خیال اور باعمل طبقہ کے ہاتھ میں آگئی اور درمیان میں کانگریس کے اندر جو اختلافات ہو گئے تھے۔ اور کانگریس دو حصوں میں منقسم نظر آتی تھی وہ اختلافات ختم ہو گئے اور کانگریس پھر ایک متحدہ جماعت بن گئی، ہندوستان کو جو آئینی اصلاحات ملنے والی تھیں ان کے لئے ایجی ٹیشن ایک وسیع پیمانہ پر شروع کر دیا گیا، اور ان ہی اصلاحات کے متعلق ہندوستان کے مطالبہ کو زیادہ موثر بنانے کی غرض سے مسلم لیگ اور کانگریس کے درمیان ایک میثاق مرتب ہوا جس میں فرقہ وارانہ نیابت کے متعلق مختلف صوبوں کے بارے میں چند فیصلے

کئے گئے۔ الغرض یہ اجلاس ان اہم واقعات کی جو آئندہ ۱۹۱۹ء اور ۱۹۲۰ء میں نمودار ہونے والے تھے ایک حیرت انگیز تمہید ثابت ہوا اور ۱۹۱۶ء کے اجلاس لکھنؤ کے بعد ہی کانگریس نے اپنے ایک بالکل نئے دور میں قدم رکھا جو اگرچہ ہماری یاد میں ہر وقت تازہ ہونے کے باعث شاید کوئی اہمیت نہ رکھتا ہو مگر حقیقۃً نہ صرف کانگریس بلکہ ہندوستان کی تمام تاریخ میں نہایت اہم ہیں۔

۱۹۲۰ء کا ذہنی انقلاب

کانگریس کی تاریخ میں کوئی سال اتنا انقلاب انگیز نہیں گزرا ہے جتنا کہ ۱۹۲۰ء کا سال تھا۔ ۱۹۱۹ء میں پنجاب کے اندر جو ہنگامے ہوئے اور جلیانوالہ باغ میں گولیاں چلائی گئیں اور مارشل لا کا اعلان کرکے شہری آبادی پر بہرہ گداز مظالم توڑے گئے اس سے تمام ملک میں ایک سرے سے لے کر دوسرے سرے تک آگ لگا دی۔ کانگریس کو اس وقت آزادی پسند طبقہ کے ہاتھوں میں آئے ہوئے چار سال گزر چکے تھے اور اس دوران میں کانگریس کے جو سالانہ اجلاس منعقد ہوئے تھے ان میں اور ان کے بعد مسلسل و منظم پروپیگنڈا کے ذریعہ انتہا پسند پارٹی نے ملک کے اندر کافی جوش اور بیداری پیدا کر دی تھی اور جنگ عظیم کے بعد ناکافی اصلاحات کے نفاذ سے جو توقعات مجروح ہوئی تھیں ان کا تمام ہندوستانی آبادی پر بہت زیادہ اثر تھا اور اسی ماحول میں تلک آنجہانی کی وفات کے بعد ملک اور کانگریس کی عنان قیادت ایک ایسے لیڈر کے ہاتھوں میں آئی تھی جو آئندہ ہندوستان کی تحریک آزادی کے سلسلہ میں انتہائی شہرت حاصل کرنے والا تھا گاندھی جی نے اس موقع پر اپنے ستیہ گرہ کے اصول کی آزمائش شروع کی اور ۱۹۱۹ء کے واقعات نے ان کے ایجی ٹیشن میں ایک نئی جان ڈال دی۔ ان تمام باتوں سے زیادہ موثر اور انقلاب انگیز واقعہ جو پیش آیا وہ جنگ عظیم کے بعد ترکوں کے ساتھ دول عظمیٰ کی بے انصافی اور خلافت کو تباہ کرنے کی کوشش اور اس کا ہندوستان کے مسلمانوں پر انتہائی درجہ میں اثر انداز ہونا تھا۔ مسئلہ خلافت نے ہندوستانی مسلمانوں کو اس درجہ مضطرب کر دیا کہ ان کے اندر قومی و اجتماعی حیثیت سے ایک انقلاب عظیم برپا ہوا ان کا وہ سیاسی جمود جو انہیں ہر قسم کے سیاسی میدان سے کوسوں دور رکھتا تھا اس طرح آن کی آن میں تبدیل بحرکت ہو گیا کہ ہندوستان کے اندر ان سے زیادہ فعال و حساس قوم اور کوئی نظر ہی نہ آئی۔ کانگریس کے لئے یہ ایک عجیب و غریب نفسیاتی تجربہ تھا جس سے اس نے فی الحقیقت پورا فائدہ اٹھایا اور ہمارے نزدیک گاندھی جی کی سب سے بڑی ملکی خدمت یہی ہے کہ انہوں نے اس موقع پر کانگریس اور ملک کو صحیح مشورہ دیا۔ مسلمان جو تحریک خلافت کی وجہ سے حکومت برطانیہ کے خلاف ہر قسم کی جدوجہد کرنے کے لئے آمادہ تھے ان کے مقصد کو کانگریس نے اپنا مقصد بنا کر ایک نہایت عمدہ مثال قائم کی اور علی برادران نے انگلستان سے وفد خلافت کی ناکام واپسی کے بعد مسلمانان ہند کو یہی مشورہ دیا کہ جب تک ہندوستان آزاد نہیں ہوتا اور وہ خود اپنے ملک میں اپنی کوئی آواز پیدا نہیں کر سکتے اس وقت تک دنیا کا کوئی ملک ان کی بات سننے کے لئے آمادہ نہیں ہوگا تمام بلاد اسلامیہ کی آزادی ہندوستان کی آزادی کے ساتھ

وابستہ ہے اگر ہندوستان آزاد ہو جائے تو حجاز، عراق، فلسطین، شام، مصر سب کچھ آزاد ہو سکتا ہے۔ ہندوستان کے علاوہ کی ایک مقتدر جمعیۃ معرض وجود میں آئی اور اس نے حریت و آزادی کا وہی سبق مسلمانوں کو اجتماعی حیثیت سے دیا جو علمائے اسلام ہمیشہ انفرادی حیثیت سے دیتے آئے تھے۔ جمعیۃ علمائے ہند کی رہنمائی میں مسلمان جوق در جوق کانگریس کے اندر شریک ہو گئے اور گاندھی جی نے مسلمانوں کی طرف جو دوستی کا ہاتھ بڑھایا تھا اس کی نہایت پرتپاک خیر مقدم کیا گیا مسلمانوں کی اس اجتماعی شرکت نے کانگریس کی کایا ہی پلٹ دی اور ایسا معلوم ہوا کہ ایک کوہ آتش فشاں جو زمین کے اندر ہی اندر سلگ رہا تھا اچانک پھٹ پڑا۔ جب کانگریس کے پنڈال میں ہندو اور مسلمان دوش بدوش بیٹھے اور انہوں نے اپنے ملک کی آزادی کے لئے متحدہ قرار دادیں منظور کیں تو ہندوستان کے اندر ایک عجیب و غریب فضا پیدا ہو گئی اور کچھ عرصہ کے لئے ایسا نظر آنے لگا کہ ہندوستان کے اس متحدہ مطالبہ کو دنیا کی کوئی قوت ایک لمحہ کے لئے بھی رد نہ کر سکے گی۔ تمام ملک کی ذہنیتوں میں انقلاب عظیم برپا ہو گیا۔ حکومت کا رعب داب جو عوام الناس کو انتہائی مظالم کے مواقع پر بھی صبر و تحمل کے لئے مجبور کر دیا کرتا تھا یکلخت رخصت ہوا اور دو سال تک متواتر ایسے مناظر دیکھنے میں آئے کہ اس سے پہلے کبھی ہندوستان کی تاریخ میں نظر نہ آئے تھے۔ ایک ہی پلیٹ فارم سے ہزاروں ہندو اور مسلمان جیلخانوں میں قید و بند کے مصائب برداشت کرنے کے لئے آئے اور ایک ہی مقصد کے لئے عوام الناس نے قربانیاں پیش کیں۔ یہی وہ زمانہ تھا کہ کانگریس حقیقی معنی میں ایک نمائندہ جماعت تھی اور اس میں مسلمان بھی کثرت سے شریک ہوئے۔ اور اس پر انڈین نیشنل کانگریس کا صحیح معنی میں اطلاق ہوا۔

جمود و تعطل

لیکن جیسا کہ ہم سب کو معلوم ہے یہ صورت حال زیادہ عرصہ تک قائم نہ رہی۔ اس کا رد عمل بہت جلد شروع ہو گیا۔ ترک تعاون کی تحریک کے بجائے فرقہ وارانہ فسادات کی گرم بازاری ہونے لگی اور کانگریس ایک کافی طویل زمانہ کے لئے اپنی عظمت رفتہ پر ماتم کناں خاموش بیٹھی رہی۔ گاندھی جی صف سیاست سے علیحدگی اختیار کر لی اور کچھ عرصہ کے لئے ایسا معلوم ہونے لگا کہ گویا آزادی اور تحریک آزادی کا نام اب کوئی ہندوستان کے اندر نہ سنے گا آپس کے نفرت و اور باہمی مناقشے اسی طرح جاری رہیں گے اور وطن عزیز کی غلامی کے سلاسل روز بروز زیادہ مضبوط ہوتے چلے جائیں گے جن لوگوں نے ۱۹۱۹ء اور ۱۹۲۰ء کا دور اپنی آنکھوں سے دیکھا تھا اور پھر ۱۹۲۳ء اور ۱۹۲۴ء کے پرآشوب زمانوں سے گزر رہے تھے ان کی آنکھیں خون کے آنسو روتی تھیں اور جس طرح بہار کے بعد خزاں کا زمانہ شاداب پھولوں کو مرجھا دیتا ہے اسی طرح لوگوں کے چہرے کمہلائے ہوئے نظر آنے لگے۔ تقریباً سات سال اسی جمود و تعطل میں گزر گئے کانگریس کے اندر کئی پارٹیاں پیدا ہوئیں، کونسلوں میں جانے یا بائیکاٹ کرنے کے سوال نے گرما گرم بحثوں کو چھیڑ دیا۔ سوراجسٹ کونسلوں میں گئے۔ پھر جوابی تعاون کرنے والوں کی ایک علیحدہ شاخ پھوٹی، ایک طبقہ برابر عدم تعاون ہی پر قائم رہا۔ پھر دہلی کے اجلاس میں جو مولانا ابوالکلام

صاحب کی صدارت میں منعقد ہوا تھا ان جماعتوں کے درمیان مولانا محمد علی کی کوششوں سے اتحاد و اتفاق کی صورتیں پیدا ہوئیں۔ مگر یہ سب کچھ کانگریس کے اندر ہوتا رہا، باہر کامل جمود تھا اور ایسا معلوم ہوتا تھا کہ قوم ۱۹۲۰ء کی تحریکات سے تھک جانے کے بعد آرام لے رہی ہے یا آپس میں برسر پیکار ہے۔

سائمن کمیشن

۱۹۲۷ء میں کانگریسی حلقوں کے اندر پھر ذرا حرکت شروع ہوئی۔ کانگریس نے اپنے عقیدہ میں "آزادی" کو داخل کر لیا۔ پنڈت موتی لال نہرو کی قیادت میں اسمبلی کے اندر سوراج پارٹی نے جو کام کیا تھا اس کے نتائج بہترصورت میں ظاہر ہوئے مسلسل و متواتر مطالبات سے حکومت بجور ہوئی کہ ایک شاہی کمیشن مقرر کرنے کا اعلان کرے اور نئے دستور اساسی کی تشکیل کے مسئلہ نے ملک کے تمام سیاسی حلقوں میں ہلچل پیدا کر دی۔ اس سلسلہ میں سب سے پہلا مسئلہ جس کی طرف توجہ منعطف ہوئی ہندو مسلم اتحاد کا مسئلہ تھا۔ جاننے والے اچھی طرح جانتے تھے کہ اگر ہندو مسلم اتحاد نہ ہوا اور کوئی مشترکہ اسکیم نہ پیش کی جا سکی تو ایسی حالت میں آئندہ دستور اساسی کے متعلق بہتر توقعات قائم کرنا اپنے نفس کو خود فریب دینا ہے۔ چنانچہ ۱۹۲۷ء کے سالانہ اجلاس نے جو بمقام مدراس منعقد ہوا تھا ڈاکٹر انصاری نے اس مسئلہ کی طرف کانگریس کی توجہ نہایت شدومد کے ساتھ منعطف کرائی اور اس پر اور زور دیا کہ ہندو مسلم اتحاد کی قابل عمل تجاویز پر فوراً غور کرکے فیصلہ کرنا چاہئے۔ کانگریس نے اس مقصد کے لئے ایک کمیٹی بنا دی اور وہ اپنے کام میں مشغول ہو گئی۔ اگلے سال جب سائمن کمیشن ہندوستان میں آیا تو نہ صرف کانگریس بلکہ ملک کی تمام موثر جماعتوں نے اس کا مکمل مقاطعہ کیا اور ہندوستان کی قسمت کا فیصلہ ایک خالص غیر ملکی کمیشن کے سپرد کر دینے پر متفقہ احتجاج کیا گیا۔ کانگریس نے اس کمیشن کے تقرر کو ہندوستان کی انتہائی توہین سے تعبیر کیا۔ اور اس سے قبل پشاور میں جمعیۃ علمائے ہند کا جو سالانہ اجلاس زیر صدارت حضرت مولانا انور شاہ صاحب رحمۃ اللہ علیہ منعقد ہوا اس میں اس کمیشن کی پرزور مذمت کی گئی۔ غرض ہر طرف سے کمیشن کا مقاطعہ ہوا لیکن یہ امر انتہائی رنج و افسوس کے ساتھ یاد کرنا پڑتا ہے کہ تمام ۱۹۲۸ء کے دوران میں تمام مساعی کے باوجود فرقہ وارانہ مسائل کا کوئی اطمینان بخش حل پیدا نہ ہو سکا کانگریس کی سرگرمی میں نہرو رپورٹ تیار کی گئی اور اس میں کوئی شبہ نہیں کہ اس دستور کی ترتیب و تدوین میں کانگریس کے محترم زعماء نے بہت کافی وقت اور قابلیت صرف کی مگر افسوس ہے کہ ان مخصوص حالات کے باعث جو نہرو رپورٹ کی ترتیب کے وقت پیدا ہو گئے تھے۔ اس رپورٹ کو فرقہ وارانہ حیثیت سے کوئی مقبولیت حاصل نہ ہوئی، سکھوں کی اکثریت نے اسے مسترد کیا، مسلمانوں کی اکثریت نے اسے مسترد کیا، اور ہندو مہاسبھا بھی بہت خوش نہ رہی نتیجہ یہ ہوا کہ اس وقت کے وزیر ہند برکنہیڈ نے جو چیلنج ہندوستان کو دیا تھا اس کا موثر جواب نہ دیا جا سکا کوئی متفقہ قانونی ڈھانچہ نہ بن سکا اور سائمن کمیشن کے متحدہ مقاطعہ سے جو فوائد حاصل ہو سکتے تھے وہ ہندوستانیوں کی اس کوتاہی کے باعث بالکل رائیگاں گئے۔

درجہ نو آبادیات

اگرچہ نہرو رپورٹ سے فرقہ وارانہ مسئلہ کے اطمینان بخش حل کا فائدہ تو حاصل نہ ہوا مگر ایک نئی بحث آزادی کامل اور درجہ نوآبادیات کی کانگریسی حلقوں میں زور و شور کے ساتھ چھڑ گئی۔ کانگریس اپنے عقیدہ کے متعلق گزشتہ اجلاس میں یہ فیصلہ کر چکی تھی کہ

"انڈین نیشنل کانگریس کا منتہائے مقصود آزادی ہوگا۔"

لیکن نہرو رپورٹ میں جس دستور اساسی کا جو مسودہ پیش کیا گیا تھا اور جسے کانگریس کمیٹی کی تائید و حمایت حاصل ہو گئی تھی، درجہ نوآبادیات پر مبنی تھا، اس سے ایک بحث کانگریسی حلقوں میں اس موضوع پر جاری تھی بالآخر ۱۹۲۸ء میں کلکتہ کے اندر جو اجلاس پنڈت موتی لال نہرو کے زیر صدارت ہوا اس میں یہ فیصلہ کر دیا گیا اور اس فیصلہ پر دونوں جماعتوں کا اتفاق ہو گیا کہ اگر ۱۹۲۹ء کے آخر تک حکومت برطانیہ نے ہندوستان کے لئے درجہ نوآبادیات کی منظوری نہ دی تو پھر کانگریس آزادی کامل کا اعلان کر دے گی اور درجہ نوآبادیات سے کوئی واسطہ نہ رکھے گی۔ کانگریس کی یہ تجویز گویا حکومت کے نام ایک چیلنج تھا۔ جسے اسی اسپرٹ میں قبول بھی کیا گیا۔ ۱۹۲۹ء کے آغاز میں گاندھی جی اور پنڈت موتی لال نہرو جیسے کانگریسی زعماء سے حکومت کی گفت و شنید ہوتی رہی۔ اس کے بعد لارڈ ارون انگلستان گئے اور انہوں نے وہاں سے واپس آکر ایک ایسا گول مول اعلان کر دیا جس میں درجہ نوآبادیات کے الفاظ بھی موجود تھے اور جس سے حصول مقصد کی کوئی مدت بھی متعین نہ ہوتی تھی اس اعلان پر بہت کچھ بحثیں ہوئیں، ہندوؤں کا ایک مشترکہ بیان بھی شائع ہوا، گاندھی جی سے وائسرائے کی ملاقات بھی ہوئی مگر نتیجہ صفر کے برابر رہا اور دسمبر ۱۹۲۹ء میں لاہور کے اندر انڈین نیشنل کانگریس کا جو اجلاس منعقد ہوا اس میں پنڈت جواہر نہرو کی صدارت میں آزادی کامل کا اعلان کر دیا گیا۔

نہرو رپورٹ کا خاتمہ

لاہور کے اسی اجلاس میں بعض اور بھی نہایت اہم تجاویز منظور کی گئیں جن میں سے ایک تجویز نہرو رپورٹ کے متعلق بھی تھی۔ نہرو رپورٹ چونکہ ملک کی مختلف جماعتوں میں شدید اختلافات برپا تھے اور اقلیتیں اسے اپنے حقوق کی حفاظت کے لئے غیر اطمینان بخش قرار دیتی تھیں اس لئے کانگریس نے کمال دانشمندی سے ایک مستقل قرارداد کے ذریعہ لاہور میں نہرو رپورٹ کو دفن کر دیا، اور اس کے خاتمہ کا رزولیوشن اس تصریح کے ساتھ منظور کیا گیا کہ چونکہ ملک کی دو بڑی اقلیتیں مسلمان اور سکھ اس رپورٹ سے مطمئن نہیں ہیں اس لئے اسے ختم کیا جاتا ہے اور یہ وعدہ کیا جاتا ہے کہ کانگریس آئندہ کبھی بھی کسی ایسے نظام حکومت کو منظور نہیں کرے گی جسے تمام متعلقہ حلقوں کی تائید و حمایت حاصل نہ ہوگی، اس قرارداد نے کانگریس کے متعلق اس فضا کو بالکل صاف کر دیا جو بعض حلقوں میں ہوگئی تھی اور اب کانگریس کے خلاف وہ تمام شکایتیں جو نہرو رپورٹ کے سلسلہ میں پیدا ہوتی تھیں ختم کر دی گئیں اسی فیصلہ کے ساتھ کانگریس

سے تمام ملک سے بھی اپیل کی کہ وہ ہندوستان کی آزادی کے لئے ایک فیصلہ کن جنگ کے لئے تیار ہو جائے ... راہ میں جس قدر بھی مشکلات و مصائب کا سامنا کرنا پڑے انھیں خندہ پیشانی کے ساتھ برداشت کرے ... [illegible]

تحریک آزادی

[illegible]

گول میز کانفرنس اور کانگریس

[illegible]

واقعات کا سبق

[illegible]

دوسری سول نافرمانی

[illegible]

مقاصد کی تکمیل

[illegible]

ہندو مسلم اتحاد

[illegible]

... اور اگر اس ہندو مسلم مسئلہ کا حل تلاش کر لیا تو آزادی کی منزل کچھ بھی دور نہیں رہے گی۔

اعلان تعطیل

۲۸ دسمبر کو دفتر الجمعیۃ میں بتقریب [illegible] تعطیل رہیگی اس لئے قارئین کرام یکم جنوری [illegible] کے الجمعیۃ کا انتظار نہ فرمائیں۔

منیجر الجمعیۃ دہلی

پچاس سالہ کوششوں اور قربانیوں کی یاد

کانگریس کی گولڈن جوبلی

(از حضرت العلامہ مولانا مفتی محمد کفایت اللہ صاحب صدر جمعیۃ علمائے ہند)

بدقسمت ہندوستان غیر ملکی حکومت کا عرصے سے محکوم ہے ہندوستان کی چونتیس کروڑ آبادی کے گلوں میں غلامی کے طوق پڑے ہوئے ہیں۔ اس بدقسمتی اور غلامی کا احساس اور اس سے نجات حاصل کرنے کی کوششوں کی ابتدا پچاس سال قبل اس مجلس نے کی تھی جس کا نام انڈین نیشنل کانگریس یعنی ہندوستان کی قومی مجلس ہے۔

گزشتہ پچاس برس میں کانگریس پر مختلف دور آئے اور محبان وطن کو بڑی بڑی قربانیاں کرنی پڑیں۔

ہم یہ نہیں کہتے کہ کانگریس نے مقصد آزادی وطن کے حصول میں کوئی نمایاں کامیابی حاصل کر لی ہے لیکن اس حقیقت کا انکار بھی نہیں کیا جا سکتا کہ گزشتہ پچاس سال کے اندر ہندوستان کی موجودہ سیاسی بیداری اور راہ حریت میں قابل قدر فداکاری اسی مجلس کی ان تھک کوششوں کا نتیجہ ہے۔

اس سُنہری موقعہ پر ہندوستان کی تمام قوموں کا مشترکہ طور پر یہ وطنی فریضہ ہے کہ کانگریس کی گولڈن جوبلی کو کامیاب بنانے میں پورے جوش و خروش سے کام کریں۔ اور اپنی قومی بیداری اور وطن دوستی کا ثبوت بہم پہونچائیں۔

میں مسلمانوں سے خصوصاً مخلصانہ اپیل کرتا ہوں کہ وہ اپنے محبوب وطن ہندستان کی آزادی کے راستے میں جس طرح قربانیاں دینے میں پیچھے نہیں رہے اسی طرح وہ آزادی طلب مشترکہ مجلس کی جوبلی منانے میں بھی اپنی قومی زندگی کا پورا پورا ثبوت پیش کریں۔ مجھے امید ہے کہ وہ ایسا ہی کرینگے۔

محمد کفایت اللہ

انڈین نیشنل کانگریس کی گولڈن جوبلی

الجمعیۃ کو مُبارکباد

(از جناب ڈاکٹر مختار احمد صاحب انصاری)

میں الجمعیۃ کو انڈین نیشنل کانگریس کی گولڈن جوبلی منانے پر مبارکباد دیتا ہوں، کیونکہ صرف کانگریس ہی وہ ادارہ ہے جو تمام فرقوں کی خدمت کا جن میں مسلمان بھی شامل ہیں ایک قابل فخر ریکارڈ پیش کر سکتا ہے۔ مسلمانوں کی خدمت کے سلسلہ میں صرف مسئلہ خلافت ہی کی ایک مثال کافی ہے جس کو کانگریس نے خود اپنا مسئلہ بنا لیا تھا۔ کانگریس صحیح معنی میں ایک قومی ادارہ ہے کیونکہ یہ تمام فرقوں کی مشترکہ خواہشات وحیات کی واحد ترجمان ہے۔

کانگریس کی اس مشترکہ حیثیت کو دیکھتے ہوئے نہایت مناسب ہے کہ اس کی گولڈن جوبلی تمام قومیں یکساں جوش و خروش کے ساتھ منائیں اور الجمعیۃ کے لئے بھی اس جوبلی کو منانا بالکل موزوں ہے کیونکہ الجمعیۃ اس معزز و محترم ادارہ کا ترجمان خصوصی ہے جو جمعیۃ علمائے ہند کے نام سے موسوم کیا جاتا ہے اور جس نے حضرت مفتی محمد کفایت اللہ صاحب اور مولانا احمد سعید صاحب اور مولانا ابوالمحاسن محمد سجاد صاحب اور ان کے رفقار کار کی قیادت و رہنمائی میں حصول آزادی کے لئے ہمیشہ کانگریس کا ساتھ دیا ہے اور قوم کی آواز پر جس کا مسلمان بھی ایک حصہ ہیں ہمیشہ لبیک کہا ہے۔

میری دُعا ہے کہ جمعیۃ العلماء اپنے عظیم المرتبت زعما کی قیادت میں اور بھی زیادہ مُلک اور ملّت کی خدمات انجام دے اور مسلمانوں کے اندر آزادیٔ وطن کی خاطر جدوجہد کرنے کے جذبات اور بھی زیادہ وسعت کے ساتھ پیدا کر دے۔

ایم۔ اے۔ انصاری

کانگریس کی پنجاہ سالہ عید زریں

(از حضرت مولانا عبد الحلیم صدیقی رکن مجلس عاملہ جمعیۃ علمائے ہند)

جس نا مبارک اور غیر مسعود ساعت میں وطن عزیز پر غلامی کی لعنت مسلط ہوئی اس وقت سے غیور فرزندان وطن آزادی وطن کے نام پر پروانہ وار قربان ہوتے چلے آرہے ہیں۔ یہ ہی ایک کھلی ہوئی حقیقت ہے کہ آزمائش و ابتلار کا ابتدائی دور نہایت صبر آزما تھا جب کہ قانون و انصاف کی جگہ تخویف و انتقام کی روح کارفرما تھی اس نازک مرحلہ میں (جب کہ مسلمانوں کے سوا باقی اقوام ہند میں آزادی کا تصور کرنے والا دماغ فی لاکھ صفر تھا) مقدس قربانگاہ وطن پر فقط مسلم زعمار ملت لیڈر شپ کے اجزائے اصلیہ مقدس علمار حکمراں امرار اور باا ثر شخصیتوں کی شکل میں بھینٹ چڑھ رہے تھے۔

تقریباً ایک ربع صدی گزر جانے کے بعد جب کہ جذبہ انتقام فی الجملہ تسکین پاکر مقصد تخویف بڑی حد تک حاصل کرچکا تھا اور قانون و انصاف آہستہ آہستہ اپنی جگہ واپس آنے کی سعی میں مصروف تھے ہیئت حاکمہ کے بعض نیک طینت افراد نے ملک کے سیاسی انحطاط سے متاثر ہوکر بعض جوشیلے اور غیور فرزندان وطن کو حکومت کی مطلق العنانی پر جائز نکتہ چینی و جمہور کے مطالبات کی تشکیل کا درس دیا جو ملک میں انڈین نیشنل کانگریس کے نام سے مشہور ہوئی۔ یہ جماعت تدریجاً منازل ترقی طے کرنے میں مصروف رہی خواہ بلحاظ اثر و نفوذ کی وسعت کے خواہ باعتبار علو مقصد اور پروگرام کی عملیت کے یہ جماعت اپنے مخلص رہنماؤں کی وجہ سے استخلاص وطن کی جد و جہد میں ایسے درجہ تک پہنچنے میں کامیاب ہوئی جہاں ایک انتہا پسند قناعت کرتے ہوئے اور ایک اعتدال پسند کسی قدر جرارت سے کام لیکر جمع ہوسکتے ہیں۔

اگرچہ از واقعہ سے انکار نہیں ہوسکتا کہ جنگ عمومی اور حوادث مابعد نے دوسری قوموں کے مقابلہ میں سب سے پہلے مسلمانوں کی حریت طلب روح کو بیدار کیا۔ مسلمان ایک والہانہ اقدام اور محیر العقول جذبہ ایثار لیکر اٹھے اور انہوں نے آزادی کی جد و جہد کا علم ہاتھ میں لے کر ۱۹۲۰ء کے اجلاس کانگریس کلکتہ و ناگپور پر قبضہ کرکے اسکو اس قدر بلند سطح پر پہنچا دیا جہاں غالباً وہ اپنی طبعی رفتار سے آئندہ ربع صدی میں بھی بمشکل پہنچ سکتی۔

مقصد

بحالت موجودہ جہاں تک کہ آزادی وطن کے اعلیٰ نصب العین اور ہندوستان میں بسنے والی مختلف ملتوں اور ان کے مختلف طبقات کے بقار اور تحفظ مفاد کا تعلق ہے انڈین نیشنل کانگریس تحریک آزادی و ملکی اصلاح کی واحد سیاسی نمائندہ جماعت ہے اس کا نصب العین کامل آزادی نہایت واضح اور ہر ملک و قوم کا فطری حق ہے اس کا پروگرام بالکل سادہ اتنا وسیع ہے کہ ہر ہندوستانی اپنی بساط کے مطابق اس میں بآسانی حصہ لے سکتا ہے۔

انڈین نیشنل کانگریس مختلف ادوار حیات سے عبور کرتی ہوئی اپنی زندگی کی ۴۹ بہاریں دیکھ چکی اب اس کی پچاسویں سالگرہ ہے جس کو ملک و وطن کے خدام گولڈن جوبلی کے نام سے وسیع

ہندوستان کے طول و عرض میں شاندار طریقہ پر منانے کی تیاریاں میں مصروف ہیں۔ اس میں شک نہیں کہ جب کبھی کانگریس نے آزادی کی راہ میں موجودہ حکومت کے جابرانہ قوانین کے خلاف پُرامن جنگ کی دعوت دی تو ملک کے لاکھوں فرزندوں نے اس کی دعوت پر لبیک کہتے ہوئے خود کو ہر قسم کے مصائب و محن کے لئے پیش کردیا لیکن غالب آبادی وطن کی آزادی کے نام پر کوئی حقیر سی حقیر قربانی بھی پیش نہ کرسکی۔

ہندوستان میں بسنے والی تمام قوموں سے بلا امتیاز مذہب و ملت مادر وطن کا مطالبہ ہے کہ ہم ہندوستانی آزادی کی جد و جہد کی پچاس سالہ عید زریں پورے جوش و اخلاص کے ساتھ منا کر اغیار پر ثابت کردے کہ وطن عزیز کی آزادی کی زبردست خواہش سے ہر ایک سینہ معمور ہے۔

اپیل

پُرامن جنگ آزادی کے ایک ادنیٰ سپاہی کی حیثیت سے میرا عقیدہ ہے کہ کانگریس گولڈن جوبلی میں حصہ لینا ہر ہندوستانی کا وطنی فرض ہے۔ بس اپنے تمام ہم وطن بھائیوں سے پرزور درخواست کرتا ہوں کہ مادر وطن کا مطالبہ پورا کرنے میں سرگرمی سے آگے بڑھیں اور کانگریس کے قومی علم کے زیر سایہ جوبلی کی تقریبات میں شرکت فرمائیں خصوصاً ۲۸ دسمبر کی تقریب میں باہمی رواداری اور اتحاد کی روح کے ساتھ شریک ہوں۔

جس ملک کے باشندے فقدان احساس کی بدولت کراچی جیسے خونیں المناک حادثہ کو نظر انداز کرکے اپنے ضمیر کے خلاف دور استبداد کے جشن میں حصہ لے سکتے ہیں غالباً ان کا احساس وطنی یہ ہم خدام وطن کی یہ حقیر اپیل گراں نہ گزرے گی کہ وہ اپنے ضمیر کی آواز پر لبیک کہتے ہوئے پُرامن جنگ آزادی کے سپاہیوں کے دوش بدوش آزادی وطن کی قربانگاہ پر آغاز اور خلوص سے آج تک جو بیش بہا قربانیاں پیش کی گئی ہیں ان کی یاد تازہ کرنے میں اپنے مقدور بھر حصہ لینے میں دریغ نہ فرمائیں گے۔ اس زریں جشن مسرت کو اس طرح منائیں گے کہ رہتی دنیا تک شہیدان وفا، اسیران بلا اور رہبران وطن کی با صد عزت و احترام یاد ہمارے دلوں سے فراموش نہ ہو اپنی ملت نجیبہ اسلامیہ کی غیرت دینی و وطنی سے امید واثق ہے کہ کانگریس گولڈن جوبلی میں اپنی شایان شان حصہ لینے پر دعوت دے گی اور مسلمان اس مظاہرہ میں دوسری قوموں سے پیچھے نہ رہیں گے اور تقریب جشن جوبلی کو کامیاب بنا کر عید مبارک کی مسرت کے دوران حمد بالا کریں گے۔ اور تحریک آزادی سے اپنے قدیم ارتحیمی قومی تعلق اور علمائے قربانیوں کو فراموش نہ کریں گے۔

آل نبی و اولاد علی کی خدمت میں ایک بے بہا تحفہ

کنز الانساب اردو

تاریخ داں صاحبان کیلئے بھی بہت مفید

ہر زمانہ لوگ جس قدر اشتہاری دنیا سے بدظن ہورہے ہیں۔ وہ محتاج بیان نہیں مگر تاہم کسی عمدہ سے عمدہ چیز کو لوگوں تک پہنچانے کے لئے بجز اشتہار کے اور کوئی ذریعہ ہی نہیں ملتا۔ بنا بریں ہم خدا کے فضل و کرم سے بتا دینا چاہتے ہیں کہ ہم خلوص دل سے میدان میں آئے ہیں اور جو کچھ مشتہر کرنے لگے ہیں اس کو صداقت پر مبنی خیال کرتے ہیں۔ لہذا سادات عظام و الاکرام کو خوشخبری دیجاتی ہے کہ ہم بعد از محنت جلیل اور بصرف اخراجات کثیر کے مندرجہ بالا کتاب مرتب کرنے میں کامیاب ہوگئے ہیں۔ اس کتاب کو دیکھ کر ہر ایک سید صاحب اپنا شجرہ درست کرسکتا ہے۔ اس میں تمام سادات کے خاندانوں کا ذکر ہے کہ کون کون بزرگ ہندوستان میں کہاں کہاں سے آئے اور سلسلہ سیادت کیونکر جاری ہوا۔ نسب نامہ ابو البشر حضرت آدم سے زمانہ رسالت مآب حضرت محمد مصطفےٰ صلعم تک اور نسب نامہ سادات اولاد حضرت علیؑ سے لیکر آج تک جو مختلف اضلاع کے مختلف مقامات میں مدفون یا سکونت پذیر ہیں۔ یعنی تمام ہندوستان۔ پنجاب۔ سندھ۔ کشمیر۔ سنگاپور وغیرہ کے علیحدہ علیحدہ حالات درج کئے گئے ہیں کتاب کے ملاحظہ کرنے پر آپ پر بخوبی روشن ہوجائے گا کہ ان کے جد امجد وہ ہیں جن کے لئے خدا نے اس عالم کو پیدا کیا۔ تمام سادات کے لئے لازم ہے کہ وہ اس کتاب کو منگا کر اپنا اور اپنے آباء و اجداد کا مرتبہ دیکھیں۔ جناب رسول خدا اور آئمہ ہدا کے افعال و اقوال کو آئینہ کی طرح صاف دکھایا ہے۔ نسب تاریخ، سیر، فضائل وغیرہ کی جان ہے۔ گویا ایک چمن کھلا ہے جس کی خوشبو دماغوں کو معطر اور دلوں کو بلغ باغ کرتی ہے۔ جتنی سوانحیاں اردو میں آج تک لکھی گئی ہیں یہ ان سب کی سرتاج ہے بمطابق یہ ہے دریا کو کوزہ میں بند کردیا ہے۔ مفصل و مکمل حالات حضرت شمس تبریز علیہ الرحمۃ بھی اس میں درج ہیں پبلک کی اور کیا خوش قسمتی ہوسکتی ہے۔ اس مژدہ جانبخش کو سنکر ہمارے دینی بھائی جس قدر مسرت کریں کم ہے اور اس مبارک موقعہ کی یادگار میں اگر جان و مال قربان کردیں تو کم ہے۔ دنیا کو معلوم ہے کہ اس عظیم الشان کتاب کی سخت ضرورت محسوس ہورہی تھی۔ حقیقتاً یہ ایک عجیب و غریب اور نہایت محنت اور وقت طلب کام تھا جو ہماری ناچیز کوششوں اور ہمارے بے کم ورزہ ملائی کی جد و جہد سے حسن اختتام کو پہنچا ہے اور یہ اسی پاک پروردگار کا تفضل ہے۔ جس نے اس قابل کیا کہ اس گرانبہا تحفہ کو آپ کی خدمت میں پیش کررہے ہیں۔ اور ہم بڑے فخر سے اس بات کا اعلان کرتے ہیں آپ کتاب کو ملاحظہ کرکے خود بخود اس کی تعریف میں رطب اللسان ہوں گے ہر مذہب و ملت کے لئے یکساں مفید ہے۔

یہ کتاب ۲۸۰ صفحہ پر مشتمل ہے۔ سائز $\frac{20\times 26}{8}$ کاغذ لکھائی چھپائی دیدہ زیب قیمت بغیر جلد چار روپیہ للعہ مجلد للعہ علاوہ محصولڈاک

ملنے کا پتہ

منیجر کتب خانہ نامی۔ خانیوال ملک پنجاب

امیکو جنتری مع ڈائری سنہ ۱۹۳۶ء

اردو میں چھپ کر تیار ہوگئی

اس جنتری میں اسلامی ہندی بنگلہ اور انگریزی تاریخیں مع تعطیلات میلہ تہوار عرس وغیرہ مکمل طریقہ پر درج ہیں مفید ڈ کی ڈائری تاریخ وار ہے۔ دلچسپ اور مفید معلومات حفظان صحت کے زریں اصول اور دیگر کار آمد مضامین سے لبریز ہے صفحات ۱۳۲ سائز $\frac{1}{2}$ ۵×۷ انچ ہے طباعت و کتابت اعلیٰ ہے قیمت رعایتی مع محصول ڈاک ۲ ہے لیکن ناظرین الجمعیۃ کے لئے مفت ارسال کی جائے گی۔ بشرطیکہ فرمائش ۲۰ جنوری سنہ ۱۹۳۶ء تک آئے۔ ۲ کے ٹکٹ برائے تعمیل مع درخواست ہمراہ کر کے پتہ صاف لکھیں۔

المشتہر

این اسمٰعیل انگریزی دواخانہ نمبر ۹ کولوٹولہ اسٹریٹ کلکتہ

”میں“

(از رشحات قلم جناب ڈاکٹر سعید احمد صاحب بریلوی)

پھر دم وہ مرا انگڑائیاں لیتے ہوئے اٹھنا
کُدالوں پھاوڑوں کو گالیاں دیتے ہوئے اٹھنا
امیری یا غریبی کچھ نہ تھی سب ایک جیسے تھے
ضرورت احتیاج افلاس نامانوس کلمے تھے

مٹھا پیکر ذرا سا دیکھنا ہاتھوں کے چھالوں کو
اُٹھانا فخر سے پھر چوم کر گینتی کُدالوں کو
خدا کے سب خزانے عام تھے ہر ایک بندے پر
زمیں سے رزق ملنا منحصر تھا کام دھندے پر

لگانا قہقہہ اک زور کا اترا کے چل دینا
”بسی ہے لیلیٰ پیاری مورے من میں“ گا کے چل دینا
زمینیں اغنیا کی تھیں نہ دولت اغنیا کی تھی
ہوا کی اور پانی کی طرح ہر شئے خدا کی تھی

وہ محنت کرتے کرتے پھر نہا جانا پسینے میں
تنفس جیسے کوئی دھونکنی چلتی ہو سینے میں
جو لے کھود کر دولت اسی کی سمجھی جاتی تھی
پرائی جیب میں حصہ لگاتے شرم آتی تھی

پسینے سے بدن کے بھینی بھینی بوئے گل پیدا
ہوا کے ٹھنڈے جھونکوں سے سرور و کیف کل پیدا
بجا اک فخر تھا انسان کو بازو کی قوت پر
بھروسہ تھا فقط اللہ پر یا اپنی محنت پر

میں آیا ہوں تو کیسی دلکشی تھی بزم دنیا میں
بھری تھیں کس قدر رنگینیاں ہر کوہ و صحرا میں

جدھر دیکھو جہاں میں بس خوشی تھی مسکراہٹ تھی
لطافت تھی چمک تھی روشنی تھی جگمگاہٹ تھی
مگر اللہ! یہ کیا ہوگیا اب تیری دنیا کو؟
گلوں پر کس لئے ترجیح دی ہے خار صحرا کو؟

فلک پر چار سو چھائی ہوئی مستی و رعنائی
زمیں پر ہر طرف بکھری ہوئی خوبی و زیبائی
یہ کیسا انقلاب آیا کہ دنیا کی ہوا بدلی
چمن مرجھا گئے میرے گلستاں کی فضا بدلی

گیاہ سبز کی مخمل بچھی تھی مرغزاروں میں
نہفتہ سینکڑوں موسیقیاں تھیں آبشاروں میں
عجب اک برہمی چھائی ہوئی ہے آج محفل میں
خوشی کا اب اثر باقی نہیں شاید کسی دل میں

کہیں آتش فشانوں سے صدائے زیر و بم پیدا
کہیں بادل کے کڑکے سے ہزاروں تال سم پیدا
مٹا دی ظلم نے صد حیف اس دنیا کی رنگینی
ہے بے مقصد زندگی کا خود پرستی اور خود بینی

پہاڑوں میں کہیں جھرنوں کا بل کھاتے ہوئے چلنا
کہیں کھیتوں میں ندی کا بھجن گاتے ہوئے چلنا
الٰہی! بندہ و خواجہ کی یہ تقسیم کیسی ہے
ادا کرتی ہے فطرت جس سے تنظیم کیسی ہے

کہیں دریا میں عکس مہ سے پیدا نور کی موجیں
تلاطم سے جو بنجاتی تھیں موتی چور کی موجیں
محبت سے عداوت ہوگئی یہ کیا تماشا ہے
جہاں دیکھو وہاں نفرت ہی نفرت کار فرما ہے

بھبوکا سا شفق کا رنگ دریا کی روانی میں
گماں ہوتا تھا شاید لگ گئی ہے آگ پانی میں
ذرا سے دھات کے ٹکڑوں پہ سر کٹوائے جاتے ہیں
غضب ہے بھائیوں کو آج بھائی کھائے جاتے ہیں

محبت کے سمندر موجزن تھے قلب انساں میں
نہاں تھے دوسروں کے درد کے نشتر رگ جاں میں
فروغ ایسا ہوا بد خصلتوں کو بدشعاروں کو
کہ جینا آج مشکل ہوگیا ایمان داروں کو

عجب کچھ سادگی تھی جس پہ سو پُرکاریاں صدقے
خلوص ایسا کہ جس پر لاکھ ظاہرداریاں صدقے
طبیعت زیست سے بیزار سی معلوم ہوتی ہے
جو محنت تھی وہ اب بیگاری معلوم ہوتی ہے

اسی دنیا میں یا رب کیا مجھے تو نے بسایا تھا؟
الٰہی کیا میں جنت سے اسی دنیا میں آیا تھا؟

جمعیۃ علما اور کانگریس

(از حضرت مولانا الحاج حافظ احمد سعید صاحب ناظم جمعیۃ علمائے ہند)

وہ متحدہ جماعت ہے جس میں ملک کے تمام مسلم اور غیر مسلم شریک ہیں۔ اور کانگریس ہی ملک کی نمائندہ جماعت ہے۔ اور آئندہ ہندوستان کی صحیح معنی میں یہی جماعت پارلیمنٹ بننے والی ہے۔ اس مختصر سی تمہید کے بعد یہ بات اچھی طرح ذہن نشین ہو گئی ہوگی کہ جمعیۃ علمائے ہند اور کانگریس علیحدہ علیحدہ دو جماعتیں ہیں اور جو لوگ وحدت الوجود اور عینیت کے قائل ہیں وہ گمراہ اور گمراہی میں مبتلا ہیں۔ دو جماعتوں کا علیحدہ علیحدہ ہونا

رضا ہوئی اس کا بانی اصل میں کون تھا اور یہ خلل کیوں پہنچی ہوئی۔

ہندو مسلمانوں کی تقسیم

یہی بحث تھی جس نے ہندو اور مسلمانوں کو دو حصوں میں تقسیم کیا۔ بحث کا یہی وہ ابتدائی نقطہ ہے جسے ہندوستان کی بدقسمتی کا پہلا دن کہنا چاہیے۔ حکومت کا خوف کہیے یا اُس دور کی ذہنیت سے تعبیر کیجیے، بہرحال یہ وہ چیز

مسمریزم کا شرطیہ علاج

یعنی تادان اور ان کی صحیح دوائیاں ہو چکی ہیں

اوران کے فوائد کا اندازہ تو وہی سکتا ہے۔ ... ہزارہا جنگلوں کی جڑی بوٹیوں سے کام لیا گیا ہے۔ ہر موسم میں استعمال کیا جاتا ہے۔ ... قیمت واپس کی شرط لکھا لیں۔

سفوف جذام :- خواہ کیسا ہی کوڑھ ہو، نیا ہو یا پرانا ہو۔ ایک ہفتہ میں انتہا ... بالکل نیست و نابود ہو جاتا ہے۔ قیمت چالیس دن کی دوا کیلئے ساڑھے پانچ روپے۔ نمونہ کی شیشی ... کی دوا ہوگی۔ علاوہ محصول ڈاک معاف۔

سفوف دمہ :- کے لئے مشہور ہے کہ دم کے ساتھ جاتا ہے۔ مگر اس دوا کے چند یوم انتہا چالیس یوم کے استعمال سے مرض بالکل دور ہو جاتا ہے۔ گویا کہ نئی زندگی ہو جاتی ہے۔ قیمت چالیس روز کی دوا کے لئے ڈھائی روپے۔ نمونہ کی شیشی جس میں دس روز کی دوا ہوگی ... محصول ڈاک معاف۔

نوٹ :- ترکیب استعمال کا پرچہ ہمراہ دوا کے ہوگا۔ پتہ اپنا صاف خوشخط لکھیں۔

المشتہر

(مولانا) مولوی محمد ابراہیم صاحب ڈاکخانہ چیترا ضلع ہزاری باغ

بخشی پاکٹ ڈائری ۱۹۳۶ء ۵ رنگین تصویروں والی چھپ کر تیار ہو گئی ہے۔ ایک آنہ کا ٹکٹ بھیجکر مفت طلب فرمایئے۔ ملنے کا پتہ: منیجر بخشی پاکٹ ڈائری نمبر ۲۲ کولوٹولہ اسٹریٹ کلکتہ

بڑے بڑے بادشاہوں کی مجرب

پان فروشوں کیلئے ترقی روزگار

منیجر پاپنیلا ہوس A.D/35 بٹالہ (پنجاب)

حب زرین (رجسٹرڈ)

نیجیو و اخانہ کنز المجربات (رجسٹرڈ)

کوچہ چیلان گلی راجان دہلی سے طلب کریں

ہر معمولی پڑھا لکھا

شخص ہمارے پریس سے ۱۰۔ ۵ منٹ میں نہایت آسانی کیساتھ جس زبان میں چاہے سینکڑوں نقلیں بلا کسی مزید خرچ کے چھاپ سکتا ہے۔ قیمت صرف پچیس روپیہ معہ محصول۔ آرڈر کے ساتھ چوتھائی رقم پیشگی اور ریلوے سٹیشن کا نام آنا چاہیئے۔

پتہ :- منیجر پریس سلطان پور براستہ گھوسی ضلع اعظم گڈھ

ہندوستانی مسلمان اور حریت و آزادی

(از مسٹر آصف علی بیرسٹر ایٹ لا۔ ایم ایل اے دہلی)

حریت، اسلام کی تعلیم اور اسلامی عقائد کی بنیادی چٹان ہے۔ ورنہ شاید اسلام عرب کے صحرا سے باہر نہ پہنچ سکتا۔ سب سے بڑی غلامی خیال اور دماغ اور عقائد کی غلامی ہے اور اسلام نے اس دماغی اور عقائد کی غلامی کے خلاف سب کو پہلے علم بغاوت یا علم آزادی بلند کیا۔ ہزاروں برس کے پرانے عقائد اور مادی معبودوں کو ختم کر کے ذہنی آزادی کی بنیاد ڈالی۔ یہی وجہ تھی کہ دنیا کے ایک بڑے حصے میں اس آزادی کی ... [illegible]

یہی وہ مذہب کے لحاظ سے مسلمان ہیں مگر زبان اور رہنے سہنے کے لحاظ سے سوائے چند مخصوص خاندانوں کے اسی صوبہ کی آبادی کا نمونہ ہیں۔ یہ ضرور ہے کہ ان میں سے اکثر بیشتر سادی اردو بول اور سمجھ سکتے ہیں۔ مگر عام طور پر جس صوبہ میں آباد ہیں اسی کی زبان ان کی مادری زبان ہے۔

تاریخی پس منظر

ہندی مسلمانوں کی سیاسیات کی تاریخ اس وقت ... [illegible]

کی حکومت بجاب شمالی ہندوستان میں سب سے بڑی ریاست تھی ختم کر دی گئی اور ۱۸۵۷ء میں مغلوں کا ٹمٹماتا ہوا چراغ آخری لو دے کر گل ہو گیا۔

ان انقلابات کے دوران میں ہندوستان کے مسلمان سیاسی مدبروں نے قدرتی طور پر اسلامی اقتدار کے زوال کی ہر ہر منزل پر باوجود بے سروسامانی کے طرح طرح کی کوشش نہیں کی کہ کچھ اس لوٹ کھسوٹ کے زمانہ میں بچ جائے ... [illegible]

ان کے ذہنی قویٰ مفلوج ہو گئے۔ اب تخت تو کوئی باقی رہا نہ تھا۔ دوبارہ کسی تخت کے قائم کرنے کا خیال دماغوں میں آ سکتا تھا کیونکہ مغربی نظام اور سروسامان نے دنیا کے دوسرے ممالک میں بھی اسی قسم کے ... [illegible]

انقلاب کا اثر

ان تمام حالات کا قدرتی تقاضہ یہ تھا کہ ہندی مسلمان ایک عرصہ کے لئے قریب قریب سیاسی میدان سے نکل گئے اور ... [illegible]

... کے قابل ہو گئے۔ اور دہلی کا پایہ تخت بجائے ہندوستان کی راجدھانی ہونے کے انگلستان کی راجدھانی کی کٹھ پتلی کی طرح اوقات بسر کرنے پر مجبور ہو گیا۔ ۱۸۵۷ء میں اودھ ...

... بنگال اور سندھ کے مسلمان ہر صوبہ میں اقلیت میں ہیں اور یہ اقلیت سوائے آسام کے زیادہ سے زیادہ پندرہ فی صدی اور کم سے کم تین چار فی صدی تک ہے۔ مسلمان جس صوبہ میں ...

جرمن کا بنا ہوا خوفناک پستول
اپنے پاس آزادی سے رکھئے

گرج دار آواز بے انتہا خوفناک صورت عزمن بالکل اصلی پستول کی مانند ہے۔ صرف یہ فرق ہے کہ اصلی پستول سے آدمی یا جانور مر جاتا ہے اور اس کے فیر کرنے سے حواس باختہ ہو کر بھاگ جاتا ہے کیونکہ اس کا فیر کرنے سے بے حد دہشت ناک آواز نکلتی ہے جو سننے والے کا کلول ہلا دیتی ہے۔ اسی وجہ سے گورنمنٹ نے ہمارے پستول پر صوبہ برار بنگال اور بہار و اڑیسہ کے چار علاقوں میں لائسنس بھی لگا دیا ہے۔ کیونکہ وہاں کے باشندے اس پستول کو غلط طریقہ پر استعمال کرنے لگے اور گورنمنٹ کو مجبوراً ان چار صوبوں میں حکم جاری کر کے اس پستول پر لائسنس لگانا پڑا۔ باقی تمام ہندوستان کے لئے پوری آزادی ہے اور ہر شخص نہایت آزادی کے ساتھ اپنے پاس رکھ سکتا ہے۔ ایک وقت میں اس پستول کے اندر دس کارتوس رکھ سکتے ہیں اور پھر جب چاہیں فیر کر سکتے ہیں۔ جب دس کارتوس ختم ہو جائیں تو پھر دوبارہ دس بھر لیں بہت مضبوط ہے اور جان و مال کی حفاظت کے لئے بہترین چیز ہے۔ دیکھنے میں بھی بالکل اصلی پستول معلوم ہوتا ہے۔ اس کے ساتھ سو کارتوس مفت بھیجے جاتے ہیں ... [illegible]

سول ایجنٹ بی کے برادرس کمپنی فولاد خاں اسٹریٹ ۳ دہلی

اے ضعف باہ و دیگر امراض بیرج کے مریضو!

اگر تم مختلف علاج کر کے مایوس ہو چکے ہو۔ اگر تم شرمندہ رہتے ہو۔ اگر زندگی پر موت کو ترجیح دیتے ہو تو ایک آنہ (۱) کا ٹکٹ بھیجکر رسالہ امراض مخصوصہ مرداں مفت منگوا لو اور اس کے مطالعہ سے تم پھر سے تندرست اور جوان بن جاؤ گے۔

خط و کتابت و تار کا پتہ:- امرت دھارا ۱۰۲ لاہور

المشتہر

منیجر امرت دھارا اوشدھالیہ امرت دھارا بھون امرت دھارا روڈ امرت دھارا ڈاکخانہ لاہور

ہمارے ایجنٹ:- میسرز بہاری لال گھاسی رام کھاری باؤلی اسٹریٹ دہلی

... [illegible]

ان کان رفضا حب آل محمد
فلیشهد الثقلان انی رافضی

حضرت ابن تیمیہ رحمۃ اللہ علیہ فرماتے ہیں:-

ان کان نصبا حب صحب محمد
فلیشهد الثقلان انی ناصبی

فقیر احمد سعید کان اللہ لہ

اگر اپنے دین کو آزاد کرانے اور عالم اسلامی کی خدمت کرنے کا نام ہندو پرستی اور ہندوؤں کی غلامی ہے تو اچھا یہی سہی حضرت امام شافعی رحمۃ اللہ تعالیٰ علیہ نے خوب فرمایا ہے۔

سچا انعام
کانگریس کی پچاس سالہ گولڈن جوبلی کی خوشی میں ہزارہا روپیہ کے رسٹ واچ اور ٹائم پیس وغیرہ سندری سہاگ تیل کے خریدار کو آخر جنوری تک انعام میں دیجائیگی

دوستو - یاد رکھئے کہ ہمارے کارخانہ کے انعام میں کسی قسم کا دھوکہ نہ فریب۔ بلکہ سچا انعام ہے جو ہم اپنے خریداروں کو بطور تحفہ دیکر ان کے دلوں میں گولڈن کانگریس جوبلی کی یادگار قائم کرانا چاہتے ہیں۔ لہذا آپ اپنی فرمائش فوراً بھیجئے۔ ورنہ تاریخ مقررہ کے بعد کوئی انعام نہیں دیا جائیگا۔ اور اسکی شکایت فضول ہوگی۔ دیکھئے پھر نہ کہنا ہمیں خبر نہ ہوئی۔

یارو دوستو - ایسا سنہری موقعہ بار بار نہیں آتا ہے۔ لہذا فوراً اپنی فرمائش بھیجئے۔ ورنہ پھر آپ کو افسوس کرنا ہوگا۔

ضروری اطلاع - سندری سہاگ تیل کے خریداروں کو جو گھڑیاں انعام میں دیجاتی ہیں۔ وہ اصلی گھڑی ہے وہ نقلی نہیں ہے۔ کیونکہ آجکل بعض اشتہاری سوداگر انعام میں جو گھڑیاں پیش کرتے ہیں وہ اصلی گھڑی نہیں ہوتی ہے بلکہ وہ ٹوٹے رسٹ واچ ... [illegible]



... [illegible]

یہ بی ٹائم پیس انعام میں دیجائے گی۔ یہ گھڑی سچا ٹائم دینے والی ہے۔ گارنٹی ایک سال ہے۔ یکمشت چھ شیشی سندری سہاگ کی فرمائش بھیجنے والے کے پارسل میں یہ بی ٹائم پیس گھڑی بطور انعام بلاقیمت بھیجدی جائیگی۔ مگر فرمائش کے ہمراہ دو روپیہ پیشگی ضرور بھیجئے۔

انعامی ربڑ کا چھاپہ خانہ
گل شیر۔ ان باتوں کو اب ختم کرو اور یہ بتاؤ کہ تمہیں کیا صدمہ پہونچا ہے اور میں تمہاری کیا مدد کر سکتا ہوں۔

مشتری۔ میں کچھ نہیں کہہ سکتی مگر اتنی درخواست ضرور کرنی چاہتی ہوں کہ تم مجھ سے بے التفاتی اور بے رخی

(سلسلہ کیلئے ملاحظہ ہو صفحہ ۳۵)

الجمعیۃ بک ڈپو کی تاریخی کتابوں کا نایاب ذخیرہ

رحمۃ للعالمین علامہ قاضی محمد سلیمان صاحب سلمان منصور پوری کی بہترین تصنیف ہے خصائص النبی معجزات، اسماء الرسول خصائص الرسول، خصائص الاسلام کے عنوانات سے اس کتاب میں اسلامی معلومات اور دینی تحقیقات کے دریا بہائے ہیں کتاب پانچسو صفحات کی ہے اور اگرچہ اس سلسلہ کی یہ تیسری جلد ہے مگر اپنے مضامین کے اعتبار سے مکمل ہے قیمت بلا جلد ۲ محصول ڈاک علاوہ۔

بلاغ مبین حضرت مولانا حفظ الرحمٰن صاحب سیوہاروی نے ان تمام خطوط اور فرامین کو ایک جگہ جمع کر دیا ہے جو نبی کریم صلعم نے مختلف اوقات میں بادشاہوں اور حکمرانوں کے نام دعوت اسلام کے سلسلہ میں بھیجے تھے ان پر فاضل مصنف نے تاریخی و حدیثی روشنی بھی ڈالی ہے دو خطوط کے فوٹو بھی ہیں قیمت ۱۲ محصول ڈاک بذمہ خریدار

حالات انبیاء حضرت آدم علیہ السلام سے لیکر آنحضرت تک انبیاء علیہم السلام کے مختصر تاریخی حالات نہایت سلیس اور آسان زبان میں لکھے گئے ہیں یہ کتاب بعض انگریزی مدارس اسلامیہ کے شعبہ دینیات کے نصاب میں داخل ہو چکی ہے قیمت چار آنے علاوہ محصول ڈاک۔

اسلامی عقائد و احکام اور اسلامی تاریخ حضرت مولانا سید محمد میاں صاحب استاذ جامعہ قاسمیہ مدرسہ شاہی مراد آباد کی تصنیف ہے جس کے پہلے حصہ میں حضور نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم کی سیرت مقدسہ کے واقعات تاریخی انداز میں جمع کئے گئے ہیں اور دوسرے حصہ میں اسلامی عقائد و احکام کی عالمانہ تشریح کی گئی ہے جسے ہر چھوٹا بڑا اور ہر بچہ بوڑھا باسانی سمجھ سکتا ہے فی جلد ہر دو حصہ ۸ علاوہ محصول

عشرہ مبشرہ حضرت ابو بکر صدیق حضرت عمر فاروق حضرت عثمان غنی حضرت علی حضرت ابو عبیدہ حضرت سعد حضرت سعید حضرت عبدالرحمٰن حضرت طلحہ حضرت زبیر کی سوانح عمریاں درج ہیں یہ وہ جلیل القدر صحابہ ہیں جنہیں رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے جنتی ہونے کی بشارت دی تھی قیمت بارہ آنے محصول ڈاک علاوہ

نشر الطیب فی ذکر الحبیب حضرت مولانا اشرف علی صاحب تھانوی مدظلہ العالی کی مستند تصنیف میلاد شریف کے متعلق ہے جس کی روایتیں صحیح اور عبارت سلیس ہیں اور طرز بیان دلچسپ ہے قیمت ۱۲

خلافت صدیقی حضرت صدیق اکبر کے مقدس حالات قیمت ۵ محصول علاوہ

خلافت فاروقی حضرت عمر فاروق کے حالات زندگی قیمت پانچ آنہ

اشاعت اسلام "دنیا میں اسلام کیونکر پھیلا" اس موضوع پر فخر الہند مولانا حبیب الرحمٰن صاحب ناظم دارالعلوم دیوبند رحمۃ اللہ علیہ نے بڑی تحقیق و تدقیق کے بعد یہ کتاب تصنیف فرمائی جو پانچسو سے زائد صفحات پر مشتمل ہے اور اپنے اندر واقعات کا بہترین ذخیرہ رکھتی ہے قیمت تین روپے محصول علاوہ

محصول ڈاک علاوہ۔

تاریخ تبلیغ اسلام اسلام کی دعوت انبیاء علیہم السلام نے اپنے اپنے عہد میں کس طرح دی۔ اور حضور نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم کی بعثت کے بعد دین اسلام کس طرح مکمل ہوا اور آقائے دو جہاں کے غلاموں نے کس طریقہ پر دنیا میں اس دین کو پھیلایا اور مبلغین اسلام پر کیا کیا مظالم کئے گئے اس کی تفصیل اس کتاب میں درج ہے قیمت ۱۲

تذکرۃ الصلحا مشاہیر مشائخ ہندوستان اور بزرگان دین و صوفیائے کرام کی جدید سیر تاریخ جس سے تاریخ وفات اور مدفن کا پتہ چلتا ہے قیمت آٹھ آنہ علاوہ محصول ڈاک

خواتین اندلس مسلمانوں کے زمانہ میں سرزمین اندلس نے ایسی ایسی باکمال خواتین پیدا کی تھیں جنہوں نے علوم و فنون کے دریا بہا دیئے تھے بہت سی کتابوں سے بڑی تلاش و جستجو سے ان خواتین کے حالات اخذ کر کے نہایت دلچسپ پیرایہ میں لکھے گئے ہیں جن کے مطالعہ سے معلوم ہوتا ہے کہ اس زمانہ میں طبقہ نسواں کیسی کیسی اعلیٰ پایہ کی ادیب، مصور، بذلہ سنج، لطیفہ گو، حاضر جواب خواتین رکھتا تھا۔ تاریخ میں ادب کا لطف قیمت ۱۲ محصول ڈاک خریدار

تاریخ المشاہیر علامہ قاضی محمد سلیمان صاحب سلمان منصور پوری کی تصنیف ہے جس میں عہد اسلامی کے ائمہ و علماء و مشائخ و اصفیاء و ملوک و وزراء و قاضی القضاۃ اور شعراء و ادباء کی مختصر سوانح عمریاں جمع کی گئی ہیں حالات و واقعات تاریخی تحقیق کے ساتھ مرتب ہوئے ہیں قیمت ایک روپیہ آٹھ آنے علاوہ محصول۔

اصحاب بدر جس میں جنگ بدر کے تفصیلی حالات اور ۳۱۳ صحابہ کرام کی سوانح عمریاں درج ہیں علامہ قاضی محمد سلیمان صاحب سلمان منصور پوری کی تصنیف ہے [illegible]

حیات حافظ رحمت خاں روہیلکھنڈ کے سپہ سالار اعظم اور ایک دانشمند و بیدار مغز حکمران حافظ الملک حافظ رحمت خاں کی نہایت جامع و مانع سوانح عمری جس میں ایسے حالات کو تحقیق کیساتھ قلمبند کیا گیا ہے جو آج تک پردہ خفا میں تھے بہترین کاغذ اور کتابت و طباعت کیساتھ ۲۸۰ صفحات ہیں قیمت ۱ محصول ڈاک بذمہ خریدار

ملنے کا پتہ:- الجمعیۃ بک ڈپو، بلیماران دہلی

سات دن کی اہم خبروں کا خلاصہ

۱۸ دسمبر

سر سیموئیل ہور کا استعفا سر سیموئیل ہور کی پیش کردہ تجاویز صلح کامیاب نہ ہو سکیں۔ لہٰذا سر سیموئیل ہور کو فوراً عہدہ وزارت خارجہ سے استعفا دینا پڑا۔ برطانیہ اور دوسرے یورپ کے ممالک کی فضا میں ان تجاویز صلح کے خلاف جو پریس میں سر سیموئیل ہور نے ایم لاوال کی شرکت میں تجویز کی تھیں۔ نفرت کے سخت اثرات پائے جاتے ہیں۔

لیگ کونسل کا اجلاس جنیوا میں لیگ کونسل کا ایک مختصر اجلاس ہوا اور ایم لاوال اور مسٹر ایڈن نے تجاویز صلح کی وضاحت پر تقاریر کیں۔ اور سامعین کو یہ بتلا دیا گیا کہ اٹلی کو ان کا یہ منشا نہیں ہے کہ وہ حبش یا اٹلی کو ان کی مرضی کے خلاف ان تجاویز پر رضامند کرنے کی کوشش کریں۔

تیرہ اراکین کی کمیٹی کا فیصلہ تیرہ اراکین کی کمیٹی کا ۱۴ اجلاس دو گھنٹہ کے لئے منعقد ہوا۔ اور تجاویز صلح کی بابت فیصلہ کیا گیا جس کی حقیقت ابھی پوشیدہ رکھی گئی ہے۔ اسی اجلاس میں ایک ریزولیوشن حسب کی متفقہ رائے سے پاس کیا گیا ہے۔ جو کونسل کو پیش کیا جائے گا۔

شیعہ حضرات کے جلوس کی ممانعت لاہور میں آٹھ کے روز شیعہ حضرات حضرت علی کرم اللہ وجہہ کی یادگار میں جلوس نکالا کرتے ہیں لیکن گذشتہ فرقہ وارانہ تصادم کی وجہ سے حکومت نے اس دفعہ جلوس نکالنے کی شیعہ حضرات کو اجازت نہیں دی۔ اس امر پر شیعہ طبقہ کے حضرات نے بہت افسوس ظاہر کیا ہے۔

فلسطین میں مجلس مقننہ یہ خیال کیا جاتا ہے کہ فلسطین کا ہائی کمشنر یہودیوں اور عربوں کو لیجسلیٹو کونسل کی تشکیل کے متعلق بعض دستوری تجاویز پیش کرے گا۔

انہدام مزار کا گوشاہ کا مقدمہ لاہور میں ہندو حرار کارکن شاہ کے سلسلہ میں جو سولہ سکھ مجرم قرار دئے گئے تھے انہوں نے (۵۷) گواہان صفائی کی فہرست عدالت میں پیش کی ہے اور ساتھ ہی یہ کہا ہے کہ وہ دس گواہان صفائی اپنے ساتھ لائیں گے۔

سندھ اور اڑیسہ کی علیحدگی لندن کی خبر ہے کہ سندھ اور اڑیسہ کے علیحدہ صوبے بنانے کا مسودہ عنقریب شائع کر دیا جائے گا۔ ان دونوں صوبوں کی تقسیم کی غرض یہ بیان کی جاتی ہے۔ کہ جب صوبائی خود مختاری کا سوال پیدا ہو تو یہ دونوں علاقے بھی

اس کے لئے نمائندگی کر سکیں۔

۱۹ دسمبر

سن کی صنعت و حرفت نئی دہلی۔ کل سن کی صنعت کے متعلق مشکلات پر بحث کرنے کے لئے ایک کانفرنس منعقد ہوئی جس کا اجلاس دو گھنٹہ تک رہا۔ اور اس اجلاس میں جیوٹ ملز ایسوسی ایشن کے نمائندے بھی سر فرینک نوئس اور سر جیمز گرگ کے سامنے تشریف لائے مجلس میں طرفین کی مشکلات پر بحث ہوئی اور سر فرینک نوئس نے یہ وعدہ کیا کہ وہ جیوٹ ملز ایسوسی ایشن کے خیالات کی بنگال حکومت سے حمایت کریں گے۔

بنگال میں کاشتکاروں کا تحفظ بنگال کونسل میں کاشتکار دخیلکاروں کے تحفظ کے لئے ایک مسودہ قانون پیش کیا گیا اور اس پر بحث کی گئی۔ اس بحث سے یہ اخذ کیا جاتا ہے کہ یہ مسودہ قانون

قوت مردمی کا حیرت انگیز علاج

لکثری کورس

جوانوں کو نوجوان بنانے اور بڑھاپے کو دور کر کے جوانی کی امنگیں پیدا کرنے کیلئے یقینی کامیاب اور بے مثل علاج ہے جس کے استعمال سے تمام بے اعتدالیوں اور بڑھاپے کی عیش پسندیوں کے سبب زائل شدہ طاقت اور جوانی کی امنگیں دوبارہ لوٹ آتی ہیں [illegible] ہزاروں حکیم اور خاندانی شریفوں کے معتقد اطباء نے اس کو بہترین علاج تسلیم کیا ہے اور سب کا یہ کہنا ہے کہ نامردی کا علاج لکثری کورس سے بہتر نہیں ہے اس لئے مایوس مریض [illegible] اس سے فائدہ اٹھانا چاہئے۔ لکثری کورس کی معرفت [illegible]

لکثری کورس کی لگانے کی چار دوائیں	لکثری کورس کی کھانے کی چار دوائیں
۱۔ طلاء مقوی: اعضاء اور سست رگ پٹھوں کو پھیلاتا ہے اور ان میں حرکت پیدا کر کے قوت دیتا ہے اور مسامات میں دوا کے جذب ہونے کی قدرت پیدا کر کے نئی زندگی پیدا کرتا ہے۔ قیمت فی شیشی تین روپے برائے استعمال آٹھ یوم	۱۔ اسکن: مجموعی خواہش کو رفع کر کے پر سکون بناتی اور سچی خواہش پیدا کر کے قوت دیتی اور ساتھ ہی ساتھ خون کے سرخ ذروں کی مقدار اور قوت کو بڑھاتی ہے استعمال آٹھ یوم قیمت [illegible]
۲۔ تکمیل: طلاء مقوی کے استعمال کے بعد اس کو لگایا جاتا ہے [illegible] جان میں کافی قوت پیدا ہو جائے قیمت برائے سات یوم ایک روپیہ	۲۔ سفوف اصلاح: [illegible] مادہ منویہ کی اصلاح کرتا ہے [illegible]
۳۔ دوائے بیاد: یہ حیرت انگیز طلاء جس کے صرف ایک ہی استعمال سے ایسی زبردست بجلی کی تاثیر قوت پیدا ہوتی ہے کہ جس کا تحریر کرنا مناسب نہیں۔ لکثری کورس کے باقاعدہ استعمال کے دوران میں اس کے فائدے عجیب و غریب ظاہر ہوتے ہیں تمام عیوب دور ہو جاتے ہیں اور استعمال کرتے ہی یہ بات یقینی پیدا ہو جاتی ہے کہ یہ دوا نہیں بلکہ جادو ہے جس نے پہلے ہی روز خواہش کو پورا کر دیا۔ قیمت فی شیشی چار روپے برائے آٹھ یوم	۳۔ روح عنبر: نہایت ہی مفرح و مقوی دل و دماغ ہے [illegible] جگر کی پرورش کرتا ہے [illegible] قیمت دو روپیہ
۴۔ رنومنگ آئل: یورپ اور امریکہ کے [illegible] بے نظیر دوا ہے۔ اس کے موجد امریکن ڈاکٹر ہیں [illegible] ایک قطرہ لگاتے ہی اثر ہو جاتا ہے۔ قیمت دو روپے سات آنے (۲/۷)	۴۔ مار الحیات: مجرب مقوی دوا ہے جو دوران خون کو تیز کرتی ہے اور قوت مردمی کو حد سے زیادہ بڑھاتی ہے [illegible] قیمت آٹھ خوراک دو روپے [illegible]

[illegible] اس کورس کے مطابق جو اس کورس کے ساتھ مرسل کی جاتی ہے۔ [illegible] الگ الگ قیمت ملا کر اٹھارہ روپیہ ساڑھے سات آنہ ہوتی ہے لیکن مکمل کورس منگانے والوں کو معہ محصول ڈاک دس روپے گیارہ آنے میں دیا جاتا ہے۔ [illegible]

پتہ: ایم سعید برادرس کمپنی کلاں محل دہلی

ضرورت ہے

کم از کم [illegible] اصحاب کی جو تاریخ اشاعت سے ایک ماہ کے اندر اندر درخواستیں دیدیں۔ کسی خاص ضمانت تجربہ یا لیاقت کا ہونا ضروری نہیں۔ آمدنی معقول اور کام پر منافع ہے المشتہر

منیجر دی پراسپیرٹی سکیم کارپوریشن ۲۴ کولوٹولہ اسٹریٹ کلکتہ

Manager the prosperity
Scheme corporation 24 Colootola S.H.
CALCUTTA

درود شریف

مہربانی فرما کر مسلمانوں کے موجودہ ادبار و تنزل کے رفع کرنے کی غرض سے جو مسلمان اس اشتہار کو پڑھے وہ جس قدر ہو سکے درود شریف پڑھ کر خاکسار راقم کو اطلاع بخشے اور جو صاحب رسالہ صوفی مفت پڑھنا چاہیں وہ پچیس ہزار دفعہ درود شریف پڑھ کر ہمیں اطلاع دیں رسالہ صوفی ایک سال کے لئے مفت جاری کر دیا جاوے گا۔ ہر ایک صاحب جو بطور خود درود شریف پڑھیں یا صوفی مفت لینے کے لئے وہ اسلام کی ترقی اور فتح کے لئے اور مسلمانوں کی اصلاح کیلئے بھی دعا فرمائیں۔

منیجر صوفی پنڈی بہاءالدین ضلع گجرات

بسلسلہ صفحہ ۳۱

عنقریب پاس ہو جائے گا۔

ریلوے کانفرنس کا اجلاس

دہلی میں شیڈیول ریلوے کانفرنس کا اجلاس منعقد ہوا۔ اور حکومت سے یہ درخواست کی گئی کہ حال میں جو ریلوے لائنیں جنوبی ہندوستان اور بنگال کے درمیان کرایہ کیا اس اور ریٹوں کو ایک لنگ سے دوسری لگ ... پر ترانہ اوقات ... ہے اور ریل کم ہونے کی وجہ سے ریل کی ذریعے جاتے آنے لگا ہے۔

سنٹرل ایجوکیشنل بورڈ کا اجلاس

دہلی کے سنٹرل ایڈوائزری بورڈ آف ایجوکیشن کا ایک اجلاس ہوا اور بیکاری اور تعلیم کے متعلق بہت سے پہلوؤں پر غور کیا گیا۔

آل انڈیا موسیقی کانفرنس

دہلی میں کل آل انڈیا میوزک کانفرنس کا اجلاس ہوا اس میں بہت سے صاحب ذوق تشریف فرما تھے۔

پھولوں کی نمائش

دہلی میں سات اور آٹھ تاریخ کو امردو میسنڈ میں پھولوں کی نمائش ہوگی۔

کلکتہ کارپوریشن کا اجلاس

کلکتہ کارپوریشن کا ایک اجلاس منعقد ہوا۔ مسٹر سپلائی کمیٹی کی رپورٹ پر مختلف متضاد خیالات کا اظہار کیا گیا۔

بہار میں ہندو سرحد کا جواب

بہار اور اڑیسہ میں اس امر کی کوشش کی جا رہی ہے کہ مدرسوں کی ابتدائی جماعتوں میں ہندوؤں اور مسلمانوں دونوں کے لئے ہندی کا زبان میں تعلیم دی جائے۔

حبش میں گھمسان کی لڑائی

درہ وسیمدیگانہ کی لڑائی کے بعد حبشی شہر میں گھس گئے۔ وردونوں سرحدوں پر نہایت گھمسان کی لڑائی شروع ہوگئی۔ کہا جاتا ہے کہ زبردست مقابلے کے بعد حبشیوں کو فتح ہوئی۔

مجلس ریاضی کا اجلاس

آج سرجی۔ ایس باجپائی نے دہلی کی انڈین میتھیمیٹکل سوسائٹی (دہلی یونیورسٹی ریاضی) کے اجلاس میں افتتاحی تقریر کی۔

سینور مسولینی کی متکبرانہ تقریر

بدھ کے روز سینور مسولینی نے ایک نہایت غیر ہمدردانہ انداز میں ایک تقریر کی اور یہ بیان کیا کہ اٹلی مشرقی افریقہ میں اپنی مرضی پر عمل کرتے رہے گا۔

ایم لاول کی تقریر

ایم لاول نے فرانسیسی چیمبر میں ایک تقریر کی۔ اور تجاویز ...

... کے متعلق تمام اعتراضات کا جواب دیا۔ کہا جاتا ہے کہ سامعین نے وزیراعظم کے خیال کی تائید کی۔

عراق میں چیچک کا ٹیکہ

برطانوی قنصل متعینہ بصرہ نے ایک تار سے معلوم ہوا ہے کہ عراق کے حکام صحت نے چیچک کے ٹیکہ کی پابندی کا حکم ان لوگوں کے لئے منسوخ کر دیا ہے جو ہندوستان سے سیلون میں سفر کر کے آئیں۔

غازی امان اللہ خاں کا قصد جنیوا

غازی امان اللہ خاں نے جنیوا جانے کا ارادہ کیا ہے۔ تاکہ وہ بین الاقوامی سیاست کا مطالعہ کر سکیں۔

۲۰ دسمبر

دہلی کے تعلیمی بورڈ کا اجلاس

دہلی کے محکمہ تعلیم نے سنٹرل ایڈوائزری ...

(سلسلہ کے لئے ملاحظہ ہو صفحہ ۳۳)

عالیجناب فخر قوم آغا مصطفیٰ شاہ صاحب رضوی پشاوری خلف عالیجناب مرحوم و مغفور آغا میر سید فضل علی شاہ صاحب آنریری مجسٹریٹ میونسپل کمشنر رئیس اعظم صوبہ سرحد پشاور

آجکل سردیوں کے دن میں

بیش بہا جواہرات اور کوہل

سہ دھ مکر دھوج

قوت باہ کے لئے لاثانی دوا

کھاؤ اور شیر نر بنجاؤ یہ وہ دوا ہے جسکا اثر آپکی پشتوں تک رہیگا

استعمال کرنے کے یہی سنہری سردیوں کے دن ہیں

ٹیلیفون نمبر 2724

آیورویدک شفاخانہ لاہور

دنیا بھر کے مشاہیر اطبا کا متفقہ فیصلہ ہے کہ

عرق ماء اللحم نسخہ خاص دو آتشہ

سراج المقویات ہے

ملنے کا پتہ: ہمدرد یونانی دواخانہ بازار لال کنواں پوسٹ بکس نمبر ۴۸ دہلی

کراچی کے ایجنٹ: میسرز تولارام امین برادرس، مراد خان روڈ، کراچی

جنگ حبش کے سات دن

۱۸ دسمبر

بدھ کے روز سینور مسولینی نے نہایت غیر ہمدردانہ انداز میں ایک تقریر کی اور کہا کہ اٹلی مشرقی افریقہ میں اپنی مرضی پر عمل کرکے رہیگا۔

ایم لاول کو فرانسیسی دیوان میں سامعین کی تائید حاصل ہو گئی۔

جنیوا میں تجاویز صلح کو کسی قسم کی حمایت حاصل نہ ہو سکی گو تیل کی پابندی کے متعلق یہ مسئلہ برابر پیچیدہ رہا کہ بلی کے گلے میں گھنٹی باندھنے کی ذمہ داری کون اپنے سر لے کیونکہ سینور مسولینی تیل پر پابندی کو اعلان جنگ کے مترادف بتاتا ہے۔

روم کی اطلاع کے مطابق حبش والوں نے اطالویوں کے شمالی محاذ پر ایک زبردست حملہ کیا۔ حملہ اس وقت ہوا جب کہ چاروں طرف نہایت خوفناک اندھیرا چھایا ہوا تھا اطالویوں کو اس حملہ میں شکست فاش ہوئی۔

۱۹ دسمبر

سر سیموئیل ہور کو ان تجاویز کی پاداش میں جو انہوں نے فرانسیسی وزیر اعظم کے مشورے سے حبشی کی نسبت ... وزارت خارجہ کے عہدے سے مستعفی ہونا پڑا۔

تیرہ اراکین کی کمیٹی کا اجلاس دو گھنٹے کے لئے منعقد ہوا اور تجاویز صلح کی بابت ایک متفقہ فیصلہ کیا گیا اور یہ طے کیا گیا کہ اسے فی الحال پوشیدہ رکھا جائے اور کونسل کے اجلاس میں پیش کیا جائے۔

۲۰ دسمبر

برطانوی دارالعوام میں مسٹر بالڈون نے ایک تقریر کی اور اس میں ظاہر کیا کہ موجودہ حکومت لیگ کی وفادار ہے اور یہ کہا کہ تجاویز صلح بالکل مردہ ہو چکی ہیں اور حکومت ان کو زندہ کرنے کے لئے بالکل کوئی کوشش نہیں کرے گی۔

اطالویوں اور حبشیوں کو دو میان گھمسان کی لڑائی ہوئی جو اپنی قسم کی پہلی لڑائی تھی۔ کہا جاتا ہے اس لڑائی ...

میں اطالویوں نے حبشیوں کو پیچھے ہٹا دیا

ادیس ابابا کا تار موصول ہوا ہے کہ حبشی فوجیں میکالے میں داخل ہوگئیں ہیں جہاں اطالوی گیارہ نومبر کو داخل ہوئے تھے۔ حبشیوں کی پسماندہ فوج جو میکالے پہنچی صرف ...

حبش پر مشتمل تھی۔

درہ وسیمدیگانہ پر نہایت گھمسان کی لڑائی ہوئی۔ اس لڑائی کا آغاز حبشیوں کی طرف سے ہوا تھا اور اطالویوں کی فوج کو متواتر دو روز تک حبشیوں کا مقابلہ کرنا پڑا اور آخرکار

(باقی صفحہ ۳۴ پر ملاحظہ فرمائیے)

دماغی کام کرنیوالے شمیم استعمال کرتے ہیں

شمیم

ملنے کا پتہ: دی ینگ انڈیا فارمیسی دہلی

الجمعیۃ بک ڈپو کی عورتوں کیلئے کتابیں

خانہ داری

جمال ہمنشیں

خواتین اندلس

پیکر وفا

مراۃ العروس

عصمتی دسترخوان

عصمتی کشیدہ

ایامی

سید کا لال

گرفتار قفس

سمرنا کا چاند

اتالیق نسواں

ملنے کا پتہ: الجمعیۃ بک ڈپو بلیماران دہلی

ہسٹریا سائیڈ

دہلی کے معزز و گرامی ایڈیٹر کیا فرماتے ہیں

میڈیکل ریسرچ لیبوریٹری حوض قاضی دہلی

حسین جاسوس

(بسلسلہ صفحہ ۳۰)

کا برتاؤ کرنا چھوڑ دو۔

گل شیر۔ مشتری! تمہیں اچھی طرح معلوم ہے کہ میں نے شروع سے اپنے برتاؤ کا ایک خاص طرز رکھا ہے، اور کبھی کسی وقت میں بھی میں نے تعلقات کو اس حد سے آگے بڑھانا پسند نہ کیا۔ اب بھی مجھے یہ گوارا نہ ہوگا کہ میں اپنی حد سے تجاوز کر جاؤں۔

مشتری۔ لیکن اب چند روز سے میں یہ دیکھ رہی ہوں کہ تم میری طرف سے بالکل بے پرواہ ہوگئے ہو۔ میں اور کچھ نہیں چاہتی بس اتنا چاہتی ہوں کہ شروع سے تمہارا جو برتاؤ تھا اس میں فرق نہ آئے۔

گل شیر۔ کیوں؟ تم ایسا کیوں چاہتی ہو؟

مشتری۔ کیا اب میں صاف ہی صاف کہہ دوں کہ مجھے تم سے محبت ہوگئی ہے ... لیکن بہرحال میں بھی ایک عورت ہی ہوں، اور میرے سینہ میں بھی دل اور دل میں جذبات ہیں۔ میں جانتی ہوں کہ میں نے نسوانی شرف کو خاک میں ملا دیا ہے ...

پاس آجایا کروں۔

مشتری۔ میری تمناؤں کی حد بھی یہی ہے، لیکن میری سمجھ میں یہ نہ آیا کہ تم آخر میرے یہاں آئے ہی کیوں تھے۔

گل شیر۔ میری ایک خاص غرض تھی۔ تم اس غلط فہمی میں نہ پڑو کہ تمہاری محبت مجھے کھینچ کر لائی تھی۔

مشتری۔ مجھے تعجب ہے۔ غرض! غرض کیسی؟

گل شیر۔ میں خود ہی آج وہ غرض تمہیں بتانا چاہتا تھا۔ میں تم سے اپنے ایک کام میں تھوڑی سی مدد لینی چاہتا تھا۔ لیکن خدا گواہ ہے کہ یہ مدد میں روپیہ کے بدلے میں خریدنی چاہتا تھا۔ میرے وہم و گمان میں بھی یہ بات نہ تھی کہ صورت حالات ایسی ہو جائے گی۔

مشتری۔ کیا میں بھی تمہارے کسی کام آسکتی ہوں؟ خوش ہوکر خدا کرے تم کو کوئی ایسا کام بتاؤ کہ جس میں میری جان تمہارے کام آجائے!

گل شیر۔ اب بھی تو مشکل پیدا ہوگئی ہے۔ روپیہ کے بدلے میں تمہاری خدمات خریدنے کو میں ہر وقت تیار تھا لیکن اب میرا ...

...

ہے کہ میں ان کی گفتگو کا ایک ایک لفظ سن سکونگی۔

یہاں آنا گوارا کرلو تو سب کچھ اپنے کانوں سے سن سکتے ہو۔

مجلس علمی ڈابھیل کا گرانقدر علمی کارنامہ

حضرت شاہ ولی اللہ محدث دہلوی (قدس سرہٗ)

کی دوسری نادر تالیف طبع ہوگئی!

راس المحدثین حضرت شاہ ولی اللہ صاحب قدس سرہٗ کے متوسلین اور ان کے علوم ربانی کی قدر کرنے والے حضرات کو مژدہ ہو کہ "خیر کثیر" کے بعد "بدور بازغہ" بھی طبع ہوگئی ہے۔ یہ ضخیم کتاب بھی حجۃ اللہ، خیر کثیر اور تفہیمات الٰہیہ کی طرح حضرت شاہ صاحب کی نہایت محققانہ اور جامع تالیف ہے، جو اب تک طبع نہ ہوسکی تھی بلکہ قلمی نسخے بھی نادر و کمیاب تھے۔ مجلس علمی نے مکہ معظمہ سے صحیح نسخہ منگاکر تصحیح کے بعد طبع کرائی ہے۔ شروع کتاب میں دس صفحات کی مفصل فہرست مضامین بھی مرتب کرکے شامل کردی گئی ہے۔

آخر رمضان المبارک تک اس کی رعایتی قیمت ... کی جگہ ... مقرر کردی گئی ہے، تاجروں کو معقول کمیشن دیا جائیگا۔

فہرست مطبوعات "مجلس علمی" کی مفت طلب فرمائے۔ ملنے کا پتہ

سید احمد رضا، ناظم "مجلس علمی"۔ قاضی محلہ بجنور

بسلسلہ صفحہ ۳۳

کامیابی اطالویوں کو حاصل ہوئی۔

۲۱ دسمبر

پیرس کی یہ اطلاع موصول ہوئی کہ لیگ کونسل کا اجلاس شاید اگلے مہینے میں منعقد ہوگا جس میں اس امر پر بحث کی جائے گی کہ اگر اطالوی کسی لیگ کی طاقت پر حملہ آور ہوئے تو لیگ کی دوسری طاقتیں اس کی مدد کریں گی۔

اَقم کے قریب کے علاقہ میں حبشیوں اور اطالویوں میں شدید جنگ ہوئی۔ مجروحین کی تعداد دونوں طرف بہت زیادہ ہے۔ حبشیوں نے اٹلی کے بہت سے ٹینکوں پر قبضہ کرلیا۔

۲۲ دسمبر

اٹلی کے ایک نمائندہ نے بیان کیا کہ تجاویز صلح کے بالکل مردہ ہوجانے کی وجہ سے یہ خیال کیا جاتا ہے کہ اطالوی ...

کا مقابلہ کرنے والا اب کوئی نہیں ہے۔ ... اپنے دستور العمل پر نہایت اطمینان سے عمل کریں گے۔

حکومت رومانیہ کی اس پابندی سے اطالویوں کو بہت نقصان ہوگا ... اس کی محنت اُن سے چھنگی لے لی جائے گی۔ اطالوی اس سے بہت پریشان ہیں۔

دریائے تکازی کی لڑائی کے بعد بہت سے ایری ٹریا کے سپاہیوں نے حبشیوں کے سامنے ہتھیار ڈال دئے ہیں۔

(باقی صفحہ ۳۰ پر ملاحظہ فرمائیے)

گپت منتر
یک صد روپیہ انعام

جس کام کو آپ لاکھوں روپے خرچ کرکے نہیں کرسکتے اس منتر کو صرف سات بار جپ کرکے کرسکتے ہیں ... اس منتر کو سدھ کرکے بھیجا جاتا ہے ...

SIDH MANTAR
ASHRAM No. 29/1
KATRISARAI (GAYA)

کرٹیول

دردِ گردہ اور ریگ مثانہ کیلئے اکسیر دوا ہے جو قیمتی معدنی نمکوں سے تیار کی جاتی ہے۔ اپنے شہر کے انگریزی دوا فروشوں سے خریدئیے۔

المشتہر
کرٹیول مینوفیکچرنگ کمپنی بازار فتحپوری دہلی

قدیمی مشہور دوکان

اس بڑھاپے کی دوکان ... ہندوستانی کاروبار نے اپنا اعتبار رکھ دیا ہے ... اس کے علاوہ ہماری دوکان سے اچار مربجات ورقی وغیرہ عمدہ کفایت سے خریدار کو روانہ کئے جاتے ہیں۔

محمد اسحق محمد یحیٰ بازار کھاری باؤلی دہلی

برص اور پھلبہری کی نایاب دوا

یہ ... چند روز کے استعمال سے ہر قسم کے برص کو جڑ سے کھو دیتی ہے ...

ویدیا راج اطہل کشور رام نمبر ۲۹/۱
ڈاکخانہ کٹری سرائے (گیا)

الجمعیۃ بک ڈپو کی بچوں کیلئے کتابیں

تعلیم الاسلام مسلمان بچوں کی مذہبی معلومات کیلئے حضرت علامہ مفتی محمد کفایت اللہ صاحب کی بہترین تصنیف جو کثرت سے اسلامی مدارس کے ابتدائی نصاب میں داخل ہو چکی ہے۔ پیرایۂ بیان نہایت مختصر اور جامع ہے ... قیمت مکمل سٹ ... محصول ڈاک علیحدہ۔

بچوں کی اسٹانی اس کتاب کی زبان نہایت صحیح اور صاف اور طرزِ بیان ... قیمت ۸ محصول ڈاک علاوہ۔

طلسمی قاعدہ اس کے ذریعہ سے صرف ایک ماہ کے عرصہ میں بچے اردو لکھنے پڑھنے کے قابل ہوجاتے ہیں ... قیمت ... علاوہ محصول ڈاک۔

بچوں کا تحفہ یہ دلچسپ عجیب و غریب کتاب ہے ... قیمت ... محصول ڈاک۔

چھپائی اور کاغذ نہایت نفیس قیمت فی حصہ اعلیٰ ایڈیشن صرف چھ آنے، سکول ایڈیشن ۵ محصول ڈاک بذمہ خریدار۔

اربعین حضرت علامہ مولانا سید فخر الدین صاحب شیخ الحدیث جامعہ قاسمیہ مدرسہ شاہی مرادآباد کی تصنیفات میں سے ہے جس کے حصہ اول میں دو سو حدیثیں ہیں اور حصہ دوم میں قرآن پاک کی تعلیم دی گئی ہے۔ قیمت ... علاوہ محصول۔

بچوں کی بوستان اس میں بوستان کی کہانیوں کا اردو ترجمہ نہایت آسان اردو میں بچوں کے لئے کیا گیا ہے۔ قیمت ... محصول ڈاک علاوہ۔

بچوں کی گلستان اس میں گلستان سعدی کا اردو ترجمہ ہے جو بچوں کے لئے نہایت کارآمد اور مفید کتاب ہے۔ قیمت چھ آنے محصول ڈاک علاوہ۔

اخلاقی سبق اس کتاب میں ایسے سبق لکھے گئے ہیں جن کے مطالعہ کے بعد بچوں کی اخلاقی حالت کی خود بخود اصلاح ہوجاتی ہے۔ قیمت چھ آنے محصول ڈاک علاوہ۔

مکتبہ جامعہ مکتبہ جامعہ نے بچوں کی حسب ذیل کتابیں بہت اہتمام سے شائع کی ہیں جو الجمعیۃ بک ڈپو سے مل سکتی ہیں۔

ہمارے نبی ۳ آخری نبی ۲
ہمارے رسول ۵ بچوں کی نظمیں ۵

ملنے کا پتہ:۔ الجمعیۃ بک ڈپو بلیماران دہلی

طلائے اعظم ... قیمت فی شیشی صرف تین روپے

ایک تیر سے دو شکار



انٹرنیشنل ٹریڈنگ کمپنی پوسٹ بکس ۲۷۱۶ (ا ج) کلکتہ

سات دن کی اہم خبروں کا خلاصہ

(بسلسلہ صفحہ ۲۲)

بورڈ کا جلسہ آج ختم ہوا اور بہت سے ریزولیوشن پاس کئے گئے۔

بہادر کو بنگال لیجسلیٹو کونسل کا ممبر مقرر کیا ہے۔

صوبہ آسام کا ہائی کورٹ

آسام کی لیجسلیٹو اسمبلی میں یہ فیصلہ کیا گیا کہ صوبہ میں ہائی کورٹ قائم کیا جائے۔

برطانوی کابینہ کی جدید تشکیل

خیال کیا جاتا ہے کہ برطانوی کابینہ کی دوبارہ تشکیل کے بعد وزیر خارجہ کو عارضی طور پر مقرر کیا جائے گا۔ لندن کی پارلیمنٹ کے دارالعوام و دارالامرا ۴ فروری تک بند رہیں گے۔

مسٹر بالڈون کے خلاف نکتہ چینی

مسٹر بالڈون کے خلاف مسودہ تجاویز صلح میں حصہ لینے کے متعلق سیاسی حلقوں میں اور اخبارات میں نہایت شدید نکتہ چینی کی جا رہی ہے۔

نماز جمعۃ الوداع میں اخلت

بنارس میں جمعۃ الوداع کے روز مسجد گیانواپی میں جگہ کی گنجائش کی کمی کی وجہ سے مسلمانوں نے مسجد سے باہر نماز پڑھنے کا قصد کیا۔ یہ امر چونکہ فیصلہ کی خلاف ورزی کا باعث تھا۔ لہذا پولیس اس میں مخل ہوئی اور مسلمانوں اور پولیس کے درمیان تصادم ہو گیا۔ اس سلسلہ میں ۲۳ مسلمانوں کو سزائے قید و جرمانہ کا حکم ہوا۔

۲۱ دسمبر

پنجاب یونیورسٹی کا جلسہ تقسیم اسناد

آج پنجاب یونیورسٹی کا سالانہ جلسہ تقسیم اسناد منعقد ہوا۔ اور سر ہربرٹ ایمرسن نے تقریر کی۔

۲۲ دسمبر

مجلس بے روزگاری کا اجلاس

صوبہ متحدہ کی مجلس بے روزگاری کا آج اجلاس ہوا جس کی رپورٹ شائع ہو چکی ہے۔ عوام اس رپورٹ کو نہایت پسندیدگی کی نظر سے دیکھ رہے ہیں۔

پنجاب کا سنٹرل اڈوائزری بورڈ

پنجاب کے محکمہ تعلیم کے سنٹرل اڈوائزری بورڈ کا آج اجلاس منعقد ہوا۔ اور پنجاب میں تعلیم کے موضوع پر سر ہربرٹ ایمرسن نے خطبہ صدارت پڑھا۔

مالکان کارخانہ جات کے مطالبہ کی مخالفت

اسپیشل ٹرف ... بورڈ کے اجلاس میں بمبئی کے ایوان تجارت نے مالکان کارخانہ ...

دہلی میں پانی کا خرچ

دہلی کے جوائنٹ واٹر بورڈ کی رپورٹ آج شائع ہوئی ہے جس سے ظاہر ہوتا ہے کہ دہلی میں آج کل روزانہ دس ملین گیلن پانی صرف ہوتا ہے۔

صوبہ بنگال کا ایک مسودہ قانون

پتھروں کی بارش

... رہے اور اس امر کی کوئی ظاہرا صورت نظر نہ آئی کہ پتھر کہاں سے آتے ہیں۔ پولیس اس معاملہ کی تفتیش کر رہی ہے۔ کہا جاتا ہے کہ باوجود پتھروں کی سخت بارش ہونے کے جتنے لوگ ...

... مزید حقوق دئے جائیں۔

بنگال کونسل کا ایک نیا ممبر

بنگال کے گورنر نے رائے گرپس چندر ...

اس بارش میں پھرتے رہے۔ تعجب ہے آدمی کو بھی نہیں لگا۔

دہلی میں ہفتہ جوبلی کا آغاز

دہلی میں ہفتہ جوبلی کا آغاز ہو گیا ہے جناب ڈاکٹر انصاری صاحب نے کانگریس سودیشی نمائش کا افتتاح فرمایا اور ایک برجستہ تقریر میں حاضرین کو مخاطب کرتے ہوئے ارشاد فرمایا کہ یہ موقع ہندوستانیوں کے لئے باعث فخر ہے کہ آج کانگریس ملک کی بہبودی کے لئے پچاس سال متواتر ساعی رہ کر اپنے پچھلے ریکارڈ کو دیکھ رہی ہے اور اس ریکارڈ کو ہندوستان کی تاریخ میں مایہ ناز پاکر کانگریس کا ہفتہ جوبلی منا رہی ہے۔

سر سیموئل ہور کی صحت

سر سیموئل ہور کو ڈاکٹروں نے مشورہ دیا ہے کہ وہ تین ماہ اور آرام کریں۔

آئندہ وائسرائے کی اپیل

ہندوستان کے آئندہ وائسرائے لارڈ ...

لنلیتھگو نے ایڈنبرا کے ہیڈ ماسٹروں کی کانفرنس کے اجلاس میں ایک تحریری پیغام بھیجا ہے۔ اور یہ درخواست کی ہے کہ وہ انڈین سول سروس کے لئے نہایت موزوں طلبا بہم پہنچایا کریں۔

عراق میں غیر ملکیوں کے متعلق قانون

عراق کی اطلاعات سے معلوم ہوتا ہے کہ وہاں کی حکومت اس ایجی ٹیشن کو کوئی اہمیت نہیں دے رہی ہے جو عراق میں غیر ملکی مزدوروں کے متعلق بنایا گیا ہے۔ مگر یہ ایک حقیقت ہے کہ عراق کی لیجسلیٹو کونسل اس امر پر بہت غور کر رہی ہے۔

منگولیا میں جنگی تیاریاں

منگولیا کی ایک رپورٹ نے جنگ کی ان تیاریوں پر تقریر کی ہے جو منگولیا کے خارجی دار الحکومت روزانہ ترقی پذیر ہیں۔

الجمعیۃ بکڈپو کی مذہبی کتابوں کا نایاب ذخیرہ

تجلی القرآن

فلسفہ تعلیم اسلام

تفسیر بیان القرآن

تقریر سیرت

البیان فی علوم القرآن

ترجمہ اردو و تفسیر حسینی

تفسیر قادری

الجمال و الکمال

الجمعیۃ بکڈپو بلیماران دہلی

طوفان حوادث

اردو زبان کے مشہور ادیب و افسانہ نگار مولوی شبیر حسین صاحب مارہروی کا ایک بہترین افسانہ ہے جس میں سراغرسانی کے متعلق حیرت انگیز واقعات دکھائے گئے ہیں اور ایسے حالات میں جبکہ نہایت پر اسرار طریقہ پر ایک رئیس کا قتل ہوا ہے اور اصل مجرم کے متعلق کسی کو ذرہ برابر شبہ بھی نہیں ہو سکتا۔ ایک ماہر سراغرساں کی قابلیت و صلاحیت کا نمونہ پیش کیا ہے۔ اس افسانہ کو ایک مرتبہ شروع کر دینے کے بعد ختم کئے بغیر چھوڑنا ناممکن ہے جن حوادث کا طوفان اس کتاب میں برپا کیا گیا ہے وہ اس قدر دلچسپ جاذب توجہ اور ہنگامہ خیز ہیں کہ ایک حادثہ کے بعد دوسرے کا مطالعہ لازمی ہو جاتا ہے۔ زندگی کے متعلق ہزاروں تجربات اور فطرت انسانی کی اندرونی معلومات کا ایک بہترین ذخیرہ ہے ادبی ذوق رکھنے والے حضرات اس افسانہ کو جدا گانہ نوعیت کا ایک انتہائی تعجب خیز افسانہ پائیں گے۔ قیمت صرف آٹھ آنہ علاوہ محصول ڈاک۔ ۲۰ اکتوبر ۱۹۳۵ء سے قبل کے خریداران الجمعیۃ کو ۵ ٹکٹ ارسال کرنے پر ... بھیجا جائے گی۔

ملنے کا پتہ:۔ الجمعیۃ بکڈپو، بلیماران دہلی

دیا ہو گا ہمیں اقبال جرم کر لیا اور سزایاب ہو گئے۔ سید جمال سے اس واقعہ کے بعد شادی نہیں کی جو بہت سے لوگ انہیں ہمیشہ قبرستان جاتے اور مشتری کی قبر پر پھول چڑھاتے دیکھا کرتے ہیں۔

آزادی

یہ جان اسٹورٹ مل کی کتاب لبرٹی کا صحیح اور بامحاورہ ترجمہ ہے جو سیاسیات کے درس کا ایک اہم جز ہے۔ مل انگلستان کے ان چند ارباب فکر میں سے ہے جس نے اپنی بلند خیالی اور زور قلم سے یورپ کے اہل فکر میں انقلاب پیدا کر دیا۔ مترجمہ سعید انصاری صاحب بی اے ... معہ مقدمہ پروفیسر محمد مجیب صاحب بی اے آکسن قیمت ایک روپیہ آٹھ آنہ علاوہ محصول ڈاک۔

نہرو رپورٹ

ہندوستان کے دستور اساسی کی تشکیل کے لئے یہ رپورٹ مرتب ہوئی تھی جس میں سیاسیات ہند اور ہندوستانیوں کے مطالبات کا بڑی وضاحت سے تذکرہ ہے ...

مالیات عامہ

ہندوستان کے موجودہ اقتصادی حالات پر مالیات عامہ نے جو اثر کیا اس کا بیان اور ہمارے افلاس کے اسباب پر ایک دردناک تبصرہ ... یہ کتاب بڑی مفید ہے مصنفہ ... ایم اے بی ایس سی مترجمہ مولوی قاضی ... حسین صاحب قیمت ۱۲ محصول ڈاک علاوہ۔

الجمعیۃ بکڈپو بلیماران دہلی

یکایک برابر والے کمرے کا پردہ اٹھا اور کرم داد ماں اور دیگر معززین گالیاں دیتے ہوئے نکلے۔ سازش کھل گئی، بھانڈا پھوٹ گیا اور شیخ جی اور پنڈت جی کو اب اپنے گھروں میں سے باہر نکلنا دشوار ہو گیا، ان کی سب امیدوں پر پانی پھر جانے کے علاوہ یہ سب سے بڑی مصیبت ہو گئی کہ اب جس طرف سے نکلتے تھے لوگ انھیں گالیاں دیتے تھے ان کے منہ پر تھوکتے تھے اور کبھی کبھی ایک آدھ لات گھونسے سے بھی ان کی تواضع ہو جاتی تھی۔ کوئی ان سے بات نہ کرتا تھا اور کوئی ان کے پاس ... آتا تھا۔ خارش زدہ کتوں کی طرح وہ اپنی بوٹیاں نوچتے الگ الگ پھرا کرتے تھے۔

ان واقعات پر ابھی صرف چار ہی روز گذرے تھے کہ ایک روز صبح کو تمام قصبے میں یہ خبر مشہور ہو گئی کہ مشتری طوائف کو کسی نے قتل کر دیا اور اس کا تمام مال اسباب لوٹ لیا گیا۔ پولیس تحقیقات کے لئے پہونچی تو معلوم ہوا کہ مرنے والی نے جب اس سے پوچھا گیا کہ کون تھا تو کچھ ... ایسا لفظ کہا تھا کہ جسے پنڈت سمجھا جائے۔ پولیس نے یہ بھی دیکھا کہ مشتری کے سفید کپڑوں پر جو خون کے دھبے تھے وہ کسی کے ہاتھ کے نشانات تھے۔ سید جمال نے پولیس کو تمام واقعات بتا کر اپنا شک ظاہر کیا اور پنڈت جی اور شیخ جی گرفتار کر لئے گئے۔ کپڑوں پر انگلیوں کے جو چھاپے بن گئے تھے ان سے ... معلوم ہوا کہ نشانات انہی دونوں کی انگلیوں کے ہیں ملزموں نے یہ دیکھ کر کہ تمام شہادتیں ...

مطبوعات اردو سرکل لائل پور

پیکار ـ گالزوردی کا ایک ڈرامہ۔ سرمایہ و محنت میں تصادم۔ پیکار۔ ایک آتشیں شعلہ ہے جسے اندیشہ فرنگ نے حریر پرنیاں میں چھپا رکھا ہے۔ ترجمہ معہ مقدمہ از باری مجلد قیمت ایک روپیہ (عہ/)

دی راج ـ ایک روسی محب وطن خاتون کا شاندار کارنامہ۔ زاریت ظلم و ستم کی تصویر۔ آسکر وائلڈ کی ایک بے نظیر ڈرامہ کا ترجمہ ۹/

ہندستان ـ عہد قدیم کی داستان از محمد بشیر خان۔ اس کتاب کا مطالعہ طلبا میں جذبہ وطنیت پیدا کرنے کے ساتھ تاریخ کا شوق بھی پیدا کرتا ہے۔ زبان سلیس اور عام فہم انداز بیان دلچسپ۔ قیمت ۳/

سراج الدولہ سے بہادر شاہ تک

زیر ترتیب

ہندوستان کی صد سالہ تاریخ مغلیہ عظمت مرہٹی جرأت۔ افغانی شجاعت اور رو بہ پستی سطوت ایوان حیثیت میں۔ نوجوان ادیب باری کی شاندار تصنیف ضخامت اندازاً تین صد صفحات قیمت تقریباً تین روپیہ

میکدہ :۔ کلام بلاغت نظام علامہ نیر واسطی قیمت ۱۲/

ملنے کا پتہ:۔ منیجر اردو سرکل لائل پور (پنجاب)

بچوں کو پڑھانے کی مشین

اگر کسی اردو اور عربی قاعدے کے ذریعہ ایک زبیا فی سن ... کا صرف ڈیڑھ ماہ کے قلیل عرصہ میں اردو پڑھنے لکھنے اور قرآن مجید پڑھنے کی استعداد حاصل کر لے تو کیا ایسے قاعدہ کو بچے پڑھانے کی مشین کہنا بیجا ہو گا؟ بات صرف یہ ہے کہ آسان سے مشکل تک پہنچنے کا زرین اصول جس کامیابی کے ساتھ عربی کا نیا قاعدہ اور اردو کا نیا قاعدہ کی ترتیب میں استعمال کیا گیا ہے وہ کسی قاعدہ میں نہیں پایا جاتا اسی لئے بچے بڑی آسانی سے اردو و عربی کے حروف شناس ہو جاتے ہیں معصوم بچوں پر رحم کر کے یہی قاعدے پڑھائیے ہر ایک قاعدہ دو حصوں میں لکھا گیا ہے۔

قیمت فی قاعدہ ۲ آنے

ملنے کا پتہ:۔ مولوی عبد الستار خان ۲۳۲ بھنڈی بازار۔ بمبئی ۳

چاروں بچے (مشتری سے) جی تو چاہتا ہے کہ آپ بھی شریک ہوں ...

گل تیغ:۔ پرسوں کیا ہے؟

مشتری:۔ پرسوں یعنی مجھ کو مشورہ کرنا ہے اور اس مشورہ میں یہاں کے دونوں اخبار والے ایڈیٹر بھی شریک ہوں گے ...

ہورلاول تجاویز کا استرداد

ان تجاویز صلح کو مسترد کر دیا گیا ہے جن کو مسٹر ایم لاول اور سر سیموئل نے پیش کیا تھا۔ اب یہ اندیشہ محسوس کیا جا رہا ہے کہ مسٹر ایم لاول کہیں مستعفی نہ ہو جائیں فرانس والے نئے وزیر اعظم کے تقرر کے بارے میں نہایت متفکر ہیں۔

غلامانہ ذہنیت کا مظاہرہ

پراونشل کانگریس نے اپنے اجلاس میں یہ ریزولیوشن پاس کیا ہے کہ سرکاری افسروں کو ایڈریس دینا غلامانہ ذہنیت کا مظاہرہ ہے۔ لہذا کانگریس کے ممبروں کو یہ چاہئے کہ وہ ہندوستان میں آنے والے وائسرائے کو ایڈریس نہ پیش کیا کریں۔

۲۳ر دسمبر

کوئٹہ کی دوبارہ تعمیر

حال کے متواتر زلزلوں نے کوئٹہ کو بالکل تباہ کر دیا ہے۔ حکومت کا خیال ہے کہ پھر کوئٹہ اپنی پرانی طرز پر بنایا جائے۔

چاندی کی قیمت

دہلی کی چاندی کے بازار کی حالت درست ہوتی جا رہی ہے۔ چاندی کی قیمت میں استقلال پیدا ہو گیا ہے فی الحال چاندی کی قیمت ۵۵ روپے کے قریب ہے۔

فوجی افسروں کی پنشن میں اضافہ

حکومت ہند نے یہ فیصلہ کیا ہے کہ جو فوجی آفیسر بیرونی ممالک میں لڑائی کے لئے جائیں گے ان آفیسروں کی پنشن کی شرح مخصوص ہوگی

نیا برطانوی وزیر خارجہ

مسٹر ایڈن برطانیہ کے وزیر خارجہ مقرر ہو گئے ہیں حالانکہ اطالویوں نے ان کے تقرر کے خلاف بے انتہا کوشش کی تھی۔

جنگ حبش کے سات دن

(سلسلہ صفحہ ۳۲)

۲۳ر دسمبر

ٹوبیانی کی اطلاع ہے کہ اطالیہ کی اس جنگی فوج کو بہت نقصان پہنچا ہے جو دوا پر پڑاؤ ڈالے ہوئے ہے اس کی وجہ یہ بیان کی جاتی ہے کہ حبشیوں نے شائر پر حملہ کر دیا ہے حبشیوں کے اس حملہ نے اطالویوں کو یہ محسوس کرا دیا ہے کہ انہوں نے اپنے دو فوجی دستوں کو یہاں سے میکالے بھیج کر

فلسطین میں یہودیوں کی شیرنی

فلسطین میں جمہوری حکومت کی جو تجاویز پیش کی گئی ہیں بیان کیا جاتا ہے کہ یہودیوں نے ان کی سخت مخالفت کی ہے۔

۲۴ر دسمبر

ایک صندوق میں لاش

بمبئی میں ایک لاش صندوق میں بند پائی گئی۔ یہ لاش ایک جواہر کی تھی اس معاملہ کی تفصیلات زیر تحقیقات ہیں۔

پوسہ ایگریکلچر ریسرچ انسٹیٹیوٹ

پوسہ ضلع بہار سے ایگریکلچر ریسرچ انسٹیٹیوٹ دہلی میں منتقل کیا جا رہا ہے۔ اس امر کی تعمیل سنٹرل پی ڈبلیو ڈی کے سپرد ہے ایگریکلچرل ریسرچ انسٹیٹیوٹ کا بنیادی پتھر گزشتہ فروری میں لارڈ ولنگڈن نے رکھا تھا۔ اس کی تقریب افتتاحی لارڈ لنلتھگو کریں گے جو آئندہ ہمارے وائسرائے ہونے والے ہیں۔

جنگ کی پالیسی کے لحاظ سے بہت سخت غلطی کی ہے۔ کیونکہ ان دو فوجی دستوں کے میکالے چلے جانے سے دریائے تکازی کے مورچہ پر صرف ایک فوجی دستہ باقی رہا اور یہ فوجی دستہ اکیلا حبشیوں کے مقابلہ کے لئے نہایت کمزور ہے۔

*

روم کی اطلاع ہے کہ ادی ابی کے مقام پر حبشیوں اور اطالویوں کے درمیان سخت لڑائی ہوئی۔ حبشی شکست کھا کر بھاگ نکلے اور ایئرپلانوں نے ان کا تعاقب کیا۔ طرفین کے مجروحین کی تعداد ابھی شمار نہیں کی گئی ہے۔

۲۴ر دسمبر

اسمرہ کی اطلاع ہے کہ اطالویوں نے تامبین کے علاقہ میں حبشیوں پر دھاوا بول دیا۔ اس میں طرفین کے ۸۵۰ آدمی کام آئے۔ اطالویوں کا بیان ہے کہ انہوں نے اطالویوں کو بھگا دیا۔ اور بہت سا مال غنیمت ہاتھ آیا جس میں زیادہ حصہ اسلحہ اور رسد کا تھا۔

*

ادیس ابابا کی اطلاع ہے کہ حبش والوں نے اطالویوں پر پیشقدمی کی اور ادیگولہ کے علاقہ پر قبضہ کر لیا۔

*

لندن کی اطلاع ہے کہ فرانس اور برطانیہ کے بری بحری افسران نے آپس میں گفتگو کی جس کا موضوع یہ تھا کہ اگر اطالوی ان میں سے کسی پر حملہ آور ہوں گے تو دونوں ایک جانب سے مقابلہ کریں گے۔

الحاد و دہریت کا سیلاب

وہ معرکۃ الآرا تصنیف جس کا بچشم شوق عرصہ دراز سے انتظار کیا جا رہا تھا شائع ہو گئی ہے اور ایسے وقت میں چھپ کر شائع ہوئی ہے۔ جبکہ دنیائے اسلام کو اس کی سخت ضرورت ہے، مغربی تہذیب و تمدن نے مسلمانوں کو اپنے مذہبی اعمال و عقائد سے بے خبر کر دیا ہے، اور مغربی تعلیم ان کو دہریت و بے دینی کی طرف لے جا رہی ہے ہر شخص کا زاویہ نگاہ یہ ہے کہ وہ عقائد و احکام اسلامیہ کو عقل و فلسفہ کے معیار پر کسے اور علوم حاضرہ کی روشنی میں دیکھے یہ کتاب اس ضرورت کو بخوبی پورا کرتی ہے اس کے مطالعہ سے معلوم ہوگا کہ یہ کتاب مسلمانوں کے لئے کس قدر مفید ہے اور اس زمانہ میں جبکہ تعلیم جدید نے معتقدات میں تزلزل پیدا کر دیا ہے، اس کتاب کی اشاعت کیسی ضروری ہے۔

اسلام کے وہ تمام معتقدات جن پر ایمان لائے بغیر کوئی عبادت و عمل مقبول نہیں ہوتا نہایت شرح و بسط کے ساتھ ۱۰۹ عنوانات کے تحت میں بیان کئے گئے ہیں، تمام معتقدات اسلامیہ کو علوم عقلیہ فلسفہ، منطق، سائنس، ہیئت، طب، تشریح اور تاریخ وغیرہ سے قرآن و حدیث فقہ تفسیر کلام و تصوف کی روشنی میں اس طرح ثابت کیا ہے کہ جس کے مطالعہ کے بعد کسی قسم کے شک و شبہ کی مطلق گنجائش باقی نہیں رہتی اور جو شخص بھی اس کتاب کو سرسری نظر سے دیکھ لیتا ہے اسلام کی روشنی اس کے دل و دماغ کو جگمگا دیتی ہے، ہر مسلمان کا فرض ہے کہ اس کتاب کو خود پڑھے اور اپنے متعلقین کو پڑھائے تاکہ اپنے مقدس مذہب کے سچے اصول سے کما حقہ واقف ہو کر دین و دنیا کی برکتیں حاصل کرے لکھائی چھپائی دیدہ زیب کاغذ چکنا سفید قسم اعلیٰ سائز ۲۰×۲۶ صفحات ۴۸۳ قیمت بلا جلد عہ مجلد عہ تین روپے محصول ڈاک ۱۰ر

ملنے کا پتہ

الجمعیۃ بک ڈپو بلیماران دہلی

طبی کتابیں

ضیاء الحکمت

یہ کتاب عربی سے ترجمہ ہو کر اردو میں آئی ہے اور علم طب کے متعلق جس سے عوام و خواص یکساں فائدہ اٹھا سکتے ہیں ایک بہترین کتاب ہے عربی میں اس کا نام تخفیف الحکمت تھا اردو ترجمہ جامع کمالات روحانی بقراط ثانی طبیب نامی جناب حکیم سلامت اللہ صاحب سونی پتی نے فرمایا ہے طبی قواعد و ضوابط کی مختصر تشریح و توضیح کے بعد بے شمار مختلف امراض کے علاج نہایت خوبی کے ساتھ بتائے گئے ہیں جس کسی ڈاکٹر یا کسی کے گھر میں یہ کتاب ہوگی اسے کسی ڈاکٹر یا کسی طبیب کا محتاج ہونا نہیں پڑے گا۔ کتاب کی ضخامت ۱۸۴ صفحات ہے قیمت ۱۲ر

دستور العمل اطباء

جو حضرت علم طب کا شوق رکھتے ہیں ان کے لئے یہ کتاب اپنی آپ نظیر ہے اس کے مصنف بھی طبیب حاذق جناب حکیم خواجہ محمد سلامت اللہ صاحب ہی ہیں جنہوں نے اپنے مطب کے تجربات کا ذکر اس کتاب میں دل کھول کر کیا ہے اور اس طرح ان صدری نسخوں کو جو پشت ہا پشت سے استادوں کی معرفت سینہ بسینہ چلے آ رہے تھے طشت از بام کر دیا ہے قیمت فی جلد ۸ر محصول ڈاک بذمہ خریدار

پانچسو صدری مجرب نسخے

بن باسی سنیاسیوں جوگیوں فقیروں اور حکیموں اور تجربہ کاروں سے حاصل کئے ہوئے اور آزمائے ہوئے پانچسو عجیب و غریب نسخے اس کتاب میں جمع کئے گئے ہیں یہ ایک بے نظیر منش طبیب کی یادگار ہے قابل قدر کتاب ہے۔ قیمت ۸ر

منیجر الجمعیۃ بکڈپو بلیماران دہلی

دولت پیدا کرنیوالی کتابیں

صدائے صور

اس کتاب کی تدابیر پر عمل کرنے کوئی مسلمان بیکار نہیں رہ سکتا ہر شخص کام پر لگ سکتا ہے اور اولاد ہوش سنبھالتے ہی کھانے کمانے کے قابل ہو سکتی ہے ہر شخص اپنی آمدنی کو جس قدر چاہے ترقی دے سکتا ہے اسے پڑھ کر ہر مسلمان مالی مشکلات میں مبتلا نہیں رہیگا قیمت ۴ر محصول ڈاک بذمہ خریدار

آسان کاروبار

اس میں ڈیڑھ سو سے زیادہ آسان صنعتیں لکھی گئی ہیں جن کو ایک معمولی سمجھ کا آدمی بھی اختیار کرکے روپیہ ڈیڑھ روپیہ سالانہ کچھ مشکل نہیں اس کتاب میں ماہرین فن اور مشتاق لوگوں کی بتائی ہوئی ترکیبیں درج کی گئیں ہیں قیمت فی جلد ۸ر محصول ڈاک بذمہ خریدار

کون کپڑے نہیں پہنتا

اور کون نہیں چاہتا کہ اس کے کپڑے اچھے دھلے ہوئے ہوں آپ اس کتاب دھوبی کی مدد سے اپنے گھر میں کپڑے دھو سکتے ہیں سوتی اونی ریشمی زرین ہر قسم کے کپڑے دھونے چکنائی سیاہی وغیرہ کے دھبے دور کر کے کلپ استری کی آسان تدبیریں درج ہیں جن سے واقف ہو کر آپ واشنگ اکیڈمی قائم کر سکتے ہیں قیمت فی جلد دس آنہ

اسکول ماسٹر

اردو والوں کے لئے انگریزی سیکھنے کی عام فہم سہل ترین اور لاجواب کتاب ہے پروفیسر السنہ مشرقیہ جناب حاجی محمود حسن صاحب اسسٹنٹ ہیڈ ماسٹر ٹریننگ انسٹیٹیوٹ بمبئی کی تصنیف ہے قیمت بارہ آنے ۱۲ر

اتالیق خطوط

خط لکھنے کا بھی ایک علیحدہ فن ہے پرانا طرز بدل چکا ہے نئے طرز نے مقبولیت عام حاصل کر لی ہے جو لوگ کہ معمولی نوشت خواندہ کی قابلیت کے بعد اس کتاب کو پڑھیں گے انہیں اچھا خط لکھنا آ جائیگا اور جو پڑھے اس کو پڑھینگے وہ بھی فائدہ حاصل کر سکیں گے قیمت ۴ر محصول ڈاک بذمہ خریدار

منیجر الجمعیۃ بکڈپو بلیماران دہلی

(دہلی پرنٹنگ پریس دہلی میں باہتمام ہلال احمد زبیری پرنٹر و پبلشر چھپا کر دفتر اخبار الجمعیۃ سے شائع کیا)

الجمعیۃ بک ڈپو دہلی کی سیاسی و اقتصادی کتابوں کا نایاب ذخیرہ

سیاسیات ہند

اس کتاب میں انگلستان کے تمام بڑے بڑے سیاسین اور مدبرین کے وہ مضامین جمع کئے گئے ہیں جو ہندوستان کے سیاسی حالات موجودہ تحریکات اور گزشتہ تاریخ سے تعلق رکھتے ہیں پہلے یہ کتاب صرف انگریزی میں شائع ہوئی تھی اب اس کا ترجمہ ہمارے کتب خانہ میں موجود ہے قیمت ۴ر محصول ڈاک بذمہ خریدار

پارلیمنٹری کمیٹی کی رپورٹ

مشترکہ پارلیمنٹری کمیٹی نے جو رپورٹ ہندوستان کے آئندہ دستور اساسی کے متعلق پیش کی تھی انڈیا بل اسی رپورٹ کی بنیاد پر وضع کیا گیا ہے ہندوستانی دستور کے تمام اہم مسائل اس رپورٹ میں موجود ہیں اس کا اردو ترجمہ ہمارے پاس آ گیا ہے جو صاحب طلب کرنا چاہیں فوراً فرمائش ارسال کریں قیمت ایک روپیہ (عہ)

سکہ اور شرح تبادلہ

اس کتاب میں ہندوستان کی اقتصادی تباہ حالی اور موجودہ افلاس وغربت کے اسباب و علل پر بحث کی گئی ہے اردو زبان میں آج تک اس موضوع پر کوئی کتاب شائع نہیں ہوئی تھی محمد احمد صاحب کاظمی ممبر لیجسلیٹو اسمبلی کی تصنیف ہے اور عام فہم زبان میں لکھی گئی ہے حجم ۲۲۰ صفحات قیمت ایک روپیہ (عہ)

آزادی

یہ جان اسٹورٹ مل کی کتاب لبرٹی کا صحیح اور بامحاورہ ترجمہ ہے جو سیاسیات کے درس کا ایک اہم جزو ہے۔ مل انگلستان کے ان چند ارباب فکر میں سے ہے جس نے اپنی حق خیالی اور زور قلم سے یورپ کے اہل فکر میں ولولہ پیدا کیا۔ مترجم سید انصاری صاحب بی اے رجسٹرار معہ مقدمہ پروفیسر محمد مجیب صاحب بی اے (آکسن) قیمت ایک روپیہ آٹھ آنہ (عہ) محصول ڈاک علاوہ۔

نہرو رپورٹ

ہندوستان کے دستور اساسی کی تشکیل کیلئے یہ رپورٹ مرتب ہوئی تھی جس میں سیاسیات ہند اور ہندوستانیوں کے مطالبات کا پوری وضاحت سے تذکرہ ہے قیمت مکمل عہ محصول ڈاک بذمہ خریدار۔

مالیات عامہ

ہندوستان کے موجودہ اقتصادی حالات پر مالیات عامہ نے جو اثر کیا اس کا بیان اور ہمارے افلاس کے اسباب پر ایک دردناک تبصرہ ان مسائل سے دلچسپی رکھنے والوں کیلئے یہ کتاب بڑی مفید ہے مصنفہ بی سی الیکزنڈر ایم اے آئی سی ایس۔ مترجمہ مولوی قاضی محمد حسین صاحب، قیمت ۱۲ر محصول ڈاک علاوہ

مبادی معاشیات

علم المعیشت پر ایڈون کینن کی مشہور و معروف تصنیف ہے جس کا اردو ترجمہ ڈاکٹر ذاکر حسین خان صاحب ایم اے۔ پی ایچ ڈی نے کیا ہے فن کے مبتدیوں کے لئے یہ بہت مفید ہے، اردو میں اس فن پر بہت کم کتابیں ہیں اور جو ہیں بھی وہ عام مطالعہ کیلئے زیادہ موزوں نہیں۔ مبادی معاشیات کا انداز بیان ایسا صاف ہے کہ ہر شخص پڑھ کر فائدہ اٹھا سکتا ہے قیمت ۱۲ر محصول ڈاک علاوہ۔

انقلاب فرانس

مولوی عبدالقادر صاحب بی اے کی تصنیف ہے مکتبہ جامعہ نے دنیا کے مختلف ممالک کے انقلابات پر مختصر کتابوں کا ایک سلسلہ شروع کیا جا رہا ہے، یہ کتاب اس سلسلہ کی پہلی کڑی ہے جس میں روس، امریکہ، آئرلینڈ وغیرہ کے انقلابات کے حالات زیر ترتیب ہیں ناظرین کے لئے یہ بہت ہی عجیب اور پر از معلومات سلسلہ ہے خصوصاً یہ پہلی کتاب اردو زبان میں اس موضوع پر ایک خاص حیثیت کی حامل ہے فوراً طلب فرمائیے۔ قیمت صرف ۱۲ر

کسان

جناب محمود علی صاحب نے انگریزی سے ترجمہ کیا ہے، اس کتاب میں ہندوستانی کسان کے افلاس کے اسباب اور ان کے علاج پر مفصل بحث کی گئی ہے، اور بتایا گیا کہ قدیم زمانہ میں کسان کا کیا درجہ تھا اور دیہی نظام کی کیا صورت تھی؟ پھر کس طرح رفتہ رفتہ اس کو خوشحال سے محتاج بنا دیا گیا ہے؟ اور اب کیا صورتیں اختیار کی جائیں کہ دوبارہ اس کے دن پھر جائیں۔ کسانوں کے قریب صفحے چھپی کہے والے حضرات ضرور پڑھیں، قیمت ایک روپیہ آٹھ آنہ عہ

تلاش حق

گاندھی جی کی آپ بیتی کا اردو ترجمہ از ڈاکٹر سید عابد حسین صاحب ایم اے پی ایچ ڈی برلن خوشی کی بات ہے کہ اردو میں ایسی مفید کتاب کا ترجمہ نہایت کامیاب ہوا ہے کہ ہر شخص پورے اطمینان کا اظہار کرے گا تلاش حق کی دو جلدیں ہیں جو تقریباً ۵۰۰ صفحہ پر مشتمل ہیں مہاتما جی کی زندگی کے مختلف حصوں کے سات بلاک ہیں کتاب اس خیال سے کہ غریب سے غریب شخص کے ہاتھوں تک پہنچ سکے دو قسم کے کاغذ پر چھاپی گئی ہے۔

قسم اول عمدہ کاغذ دونوں حصے عہ

قسم دوم دونوں حصے صرف عہ

دو خدائی خدمتگار

جناب ڈاکٹر خان صاحب اور خان عبدالغفار خان کے حالات زندگی انگریزی زبان میں گاندھی جی کے ارشاد پر مہادیو ڈیسائی نے لکھے تھے یہ کتاب انہی حالات کا نہایت سلیس اور نفیس اردو ترجمہ ہے اسے پڑھ کر آپ صوبہ سرحد

کی سیاسی تحریک سے ابتدائی واقفیت حاصل کر سکتے ہیں۔ کتاب بہت خوبصورت چھپی ہے اور آٹھ تصویریں بھی ہیں قیمت صرف بارہ آنہ (۱۲ر)

ضبط نفس

گاندھی جی کی یہ کتاب کا اردو ترجمہ از ڈاکٹر سید عابد حسین صاحب ابھی شائع ہوئی ہے اور تمام نوجوانوں کو خواہ شادی شدہ ہوں یا غیر شادی شدہ اس میں بہترین مشورے دیے گئے ہیں اور ضبط نفس کے وہ طریقے تجویز کئے ہیں جو انسان کو انسان بنا سکتے ہیں۔ قیمت ۱۲ر

جمال الدین افغانی

یہ وہ کتاب نہیں جو اردو اکادمی کا مقالہ ہے بلکہ خاص طور پر طلبا کیلئے لکھی گئی ہے سید صاحب کے حالات زندگی، اور ہندوستان، ایران، ترکی، مصر اور فرانس کے کارناموں کا تفصیلی تبصرہ ہے مفتی محمد عبدہ اور سید صاحب کی تصاویر بھی ہیں۔ قیمت آٹھ آنے

خطبات صدارت

شیخ المحدثین حضرت مولانا سید محمد انور شاہ صاحب

حضرت مولانا محمد انور شاہ صاحب کی ذات گرامی کسی تعارف کی محتاج نہیں ہے آپ جمعیۃ علماء ہند کے سالانہ اجلاس منعقدہ پشاور میں جو بے نظیر خطبہ بحیثیت صدر اجلاس پڑھا تھا اس کے متعلق صرف اس قدر کہنا کافی ہے کہ ایک مکمل سرمایہ معلومات سیاسیہ اور مذہبیہ ہے اور کوئی خطبہ جمعیۃ علماء ہند کے پلیٹ فارم پر نہیں پڑھا گیا مسلمانوں کے لئے اس کا مطالعہ بیحد ضروری ہے یہ خطبہ صدارت مباحث ذیل پر مشتمل ہے۔

(۱) ضرورت ملی و تقسیم عمل (۲) ادلی الامر کی تشریح (۳) مسئلہ ختم نبوت (۴) اہل اسلام کا رابطہ دینی (۵) معاہدہ مسلمین با غیر مسلمین۔ دارالاسلام۔ دارالحرب۔ دارالامان کی بحث (۶) نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم کا یہود مدینہ کے ساتھ معاہدہ (۸) صوبہ سرحد کی سیاسی حالت (۹) دہلی کی تجویز مفاہمت (۱۰) دارالقضاء کی ضرورت (۱۱) مسلمان عورتوں کی بے کسی (۱۲) فتنہ ارتداد (۱۳) منتخب امیر یا قاضی کے اختیارات (۱۴) فریضہ تبلیغ واصول تبلیغ (۱۵) حریت مسلمین (۱۶) اچھوتوں کی میراث سے محرومی (۱۷) رکھیوں پر روپیہ لینا (۱۸) تحفظ اوقاف اس خطبہ کی بہت کم جلدیں رہ گئی ہیں اگر فرمائش بھیجنے میں تاخیر کی تو پھر اس نایاب خطبہ کا حاصل کرنا بہت مشکل ہو جائے گا۔ لکھائی چھپائی اور کاغذ نہایت عمدہ ہے ظاہری اور باطنی محاسن کے باوجود قیمت صرف ۱۲ر ہے محصولڈاک خریدار کے ذمہ ہوگا۔

خطبہ صدارت مولانا حسین احمد صاحب مدنی جو ۲ر اگست ۱۹۲۳ء کو پاٹودی ہاؤس میں پڑھا گیا قیمت صرف ار

دنیائے ادب کے ماہر مولانا سید سلیمان صاحب ندوی سے تقریباً تمام علمی طبقہ اچھی طرح واقف ہے یوں تو آپ کی یہ اردو تصنیف زبان و معلومات کا اعلیٰ معیار ہے مگر خصوصیت سے مولانا کا خطبہ صدارت جو آپ نے جمعیۃ علمائے ہند کے اجلاس منعقدہ ۱۱، ۱۲، ۱۳، ۱۴ر مارچ ۱۹۲۶ء کلکتہ میں پڑھا گیا قیمت صرف ۸ر

حضرت مولانا شاہ معین الدین صاحب اجمیری کا خطبہ صدارت جو جمعیۃ علمائے ہند کے اجلاس منعقدہ ۳، ۴، ۵ر مئی ۱۹۳۰ء کو امروہہ میں پڑھا گیا قیمت ۸ر

خطبہ صدارت حضرت مولانا ابو المحاسن محمد سجاد صاحب نائب امیر شریعت صوبہ بہار جو جمعیۃ علمائے ہند کے اجلاس خصوصی منعقدہ ۱۵، ۱۶، ۱۷ر جمادی الآخر ۱۳۴۳ھ مراد آباد میں پڑھا گیا۔ قیمت ۸ر

خطبہ صدارت حضرت مولانا شیخ الہند رحمۃ اللہ علیہ جو مسلم یونیورسٹی علی گڑھ میں ۲۹ر اکتوبر ۱۹۲۱ء کو پڑھا گیا قیمت عہ

خطبہ صدارت جانشین حضرت شیخ الہند مولانا حسین احمد صاحب جمعیۃ علمائے ہند کے اجلاس منعقدہ ۹ر دسمبر ۱۹۲۳ء بمقام کوکناڈا پڑھا گیا قیمت عہ

خطبہ صدارت لعل حریت حضرت مولانا ابوالکلام صاحب آزاد جو اجلاس خصوصی انڈین نیشنل کانگریس منعقدہ ۱۵ر دسمبر ۱۹۲۳ء کو دہلی میں پڑھا گیا قیمت عہ

مضامین مولانا ابو الکلام صاحب آزاد حصہ اول قیمت ار

مولانا ابو الکلام صاحب آزاد کا معرکۃ الآرا بیان جو آپ نے چیف پریذیڈنسی مجسٹریٹ کلکتہ کی کچہری میں دیا تھا قیمت عہ

تازہ مضامین مولانا ابو الکلام صاحب آزاد ۱۲ر

مولانا ابو الکلام صاحب آزاد کا آخری پیغام

جو آپ نے جیل جانے سے ایک روز قبل تحریر فرمایا تھا قیمت ایک آنہ (ار)

حیات محمود و سفرنامہ اسیر مالٹا۔ اسلامی دنیا کا کونسا ایسا انسان ہے جو حضرت شیخ الہند کے نام نامی سے واقف نہیں جن حضرات کو آپ کی زیارت اور فیض صحبت کا موقع ملا ہے ان کے قلوب اس کی کچھ قدر کر سکتے ہیں سیر الہند حضرت مولانا حسین احمد صاحب مدنی جانشین شیخ الہند صدر المدرسین دارالعلوم دیوبند نے حضرت کے زندگی کا کچھ صحیح واقعات مرتب کئے ہیں جس میں آپ کے حالات سفر اور اسارت مالٹا اور مظالم فرنگ کا مکمل نقشہ کھینچ کر دکھایا ہے۔ اس کتاب کے پڑھنے سے آپ کو حضرت شیخ الہند کے حالات زندگی کے علاوہ اور بہت سے علمی گوشوں پر عبور حاصل ہوگا مسلمانوں کے لئے اس کا مطالعہ از حد ضروری ہے صرف چند جلدیں رہ گئی ہیں اصلی قیمت پر رعایتی عہ علاوہ محصولڈاک

اعلان

کانگریس گولڈن جوبلی کی تقریب اور عید الفطر کی خوشی کے سلسلہ میں یہ اعلان کیا جاتا ہے کہ اس صفحہ کی تمام سیاسی، اقتصادی کتابوں میں سے جو صاحب کم سے کم پانچ روپیہ کی کتابیں طلب فرمائیں گے انہیں ایک جلد تذکرہ مصنفہ حضرت مولانا احمد سعید صاحب قیمتی ایک روپیہ مفت دی جائے گی ایک روپیہ کی کتابوں کیلئے ڈاک محصول معاف ہوگا

منیجر الجمعیۃ بکڈپو بلیماران دہلی

مدینہ والے آقا کی سیرت

مسلمانوں کے آقا و مولا حضور نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم کی حیات طیبہ کے بصیرت افروز واقعات حضرت سحبان الہند مولانا الحاج حافظ احمد سعید صاحب ناظم جمعیۃ علمائے ہند کی زبان مبارک سے دہلی کی صاف اور شستہ اردو میں سلاست بیان و لطافت ادب کے ساتھ ایسے عام فہم پیرایہ میں جسے ہر لکھا پڑھا مسلمان آسانی سمجھے اور اس سے حسب دلخواہ متمتع ہو اگر کہیں مل سکتے ہیں وہ مولانائے ممدوح کی تقریر سیرت ہی میں مل سکتے ہیں جس نے تمام ہندوستان کے اندر شہرت عام اور بقائے دوام حاصل کرلی ہے۔

اخبارات و رسائل کے بحران خصوصی نے اس تقریر پر شاندار تنقیدیں شائع کی ہیں، اہل بصیرت نے اسے دیکھتے ہی آنکھوں سے لگایا اور دل میں جگہ دی ہے پہلا ایڈیشن ہاتھوں ہاتھ فروخت ہوچکا ہے۔ صرف چند کاپیاں باقی رہ گئی ہیں۔ دوسرا ایڈیشن تیار ہے اور پہلے سے زیادہ آب و تاب کے ساتھ طلبہ طبع سے آراستہ ہوا ہے، کاغذ سفید اور چکنا ہے، کتابت نسبتاً جلی ہے، حجم دو سو صفحات سے بھی بڑھ گیا ہے، اور قیمت وہی ایک روپیہ (عہ) رکھی گئی ہے جو پہلے تھی، شائقین سیرت کو چاہیئے کہ آج ہی اس نئے ایڈیشن کے لئے آرڈر ارسال فرمائیں۔ قیمت مع محصول ڈاک ایک روپیہ سات آنے (عہ) ہے

ہندوستان کا افلاس اور اقتصادی تباہ حالی

ہندوستان باوجود اس قدر زرخیز ملک ہونے کے اتنا مفلس اور غریب کیوں ہے کہ اس کے لاکھوں کروڑوں باشندوں کو پیٹ بھر کر روٹی بھی نہیں ملتی؟ یہ ایک سوال ہے جس کے جوابات بہت سے ہو سکتے ہیں اور ہر جواب میں موجودہ افلاس کے اسباب میں سے ایک سبب پر زور دیا جا سکتا ہے۔ مگر تمام اسباب کی بنیاد حقیقتاً ایک ہی ہے اور وہ اس ملک کی انتہائی بدقسمتی ہے، جب تک ہماری اقتصادی و مالی پالیسی ہمارے ہاتھ میں نہیں ہوگی اور ہم خود اپنی دولت کے متعلق فیصلہ نہیں کرسکیں گے اس وقت تک یہ افلاس اور یہ تباہ حالی دور نہیں ہو سکتی۔

اگر اس مسئلہ پر آپ کو اردو زبان میں ایک مفید اور عام فہم کتاب پڑھنا ہے اور موجودہ افلاس کا صحیح سبب اور مالی کمزوریوں کی اصل وجہ سمجھنی ہے تو آج ہی اس موضوع کے متعلق ایک بہترین اردو کتاب منگا کر اپنی معلومات میں اضافہ کیجیے۔

قیمت فی جلد ایک روپیہ (عہ) اور مع محصول ڈاک ایک روپیہ سات آنے (عہ) ہے

ملنے کا پتہ

منیجر الجمعیۃ بک ڈپو بلیماران دہلی